www.KitaboSunnat.com

ایاک اللہ الکاملہ

اردو ترجمہ

حجۃ اللہ البالغہ

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

مولانا اسماعیل احمد بن [illegible] رحمۃ اللہ علیہ

کتب خانہ نعیمیہ اسلام



بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللَّهِ الْإِسْلَامُ

آیات اللہ الکاملۃ

اُردو ترجمہ

www.KitaboSunnat.com

حُجَّۃُ اللہِ البالِغہ

مؤلفہ

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

مترجمہ

مولانا خلیل احمد بن مولانا سراج احمد رحمہما اللہ

ناشر

کتب خانہ شانِ اسلام

راحت مارکیٹ اردو بازار، لاہور

پاکستان

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست مضامین

باب نمبر	عنوانات	صفحہ
	دیباچہ	
	مختصر حالات مصنف کتاب علیہ الرحمۃ	
	آغاز کتاب	
	مقدمہ	۵
باب ۱	خدا کی صفت ابداع خلق تدبیر کے بیان میں	۱۶
۲	عالم مثال کے ذکر میں	۱۸
۳	ملاءِ اعلیٰ کے ذکر میں	۲۱
۴	سنت اللہ کے بیان میں	۲۴
۵	رُوح کی حقیقت کے بیان میں	۲۶
۶	سرالتکلیف (مکلف ہونے کا بیان)	۲۸
۷	تکلیف کا تقدیر سے نکلنا	۳۰
۸	تکلیف کا جزاو سزا کے لئے باعث ہونا	۳۶
۹	اختلافِ پیدائش کا بیان	۳۸
۱۰	اُن ارادوں کے اسباب جو کاموں کے باعث ہوتے ہیں	۴۰
۱۱	اعمال کا نفس کے ساتھ تعلق	۴۱
۱۲	اعمال کا ملکاتِ نفسانی سے تعلق	۴۳
۱۳	جزاو سزا کے اسباب	۴۵
۱۴	دنیا میں اعمال کی سزا	۴۶
۱۵	موت کی حقیقت میں	۴۸
۱۶	لوگوں کے حالات کا عالمِ برزخ میں مختلف ہونا	۵۱
۱۷	واقعاتِ حشر کے اسرار و رموز	
۱۸	تدابیرِ نافعہ کے حصول کی کیفیت	۵۴
۱۹	تدابیرِ اُولیٰ کے بیان میں	۵۶
۲۰	آدابِ معیشت کے بیان میں	۵۸

باب نمبر	عنوانات	صفحہ
۲۱	تدبیرِ منزل کے بیان میں	۵۹
۲۲	معاملات کے فن میں	۶۲
۲۳	سیاستِ مدنی کے بیان میں	۶۴
۲۴	بادشاہوں کی سیرت میں	۶۶
۲۵	اپنے اعوان و انصار کی سیاست کے بیان میں	۶۷
۲۶	منافع چہارم کے بیان میں	۶۹
۲۷	اصولِ منافع پر سب لوگوں کے اتفاق کا بیان	۷۱
۲۸	اُن رسموں کا بیان جو لوگوں میں مشتہر ہوتی ہیں	۷۲
۲۹	سعادت کی حقیقت کے بیان میں	۷۴
۳۰	سعادتِ انسانی کے حصول میں اختلاف کا بیان	۷۶
۳۱	حصولِ سعادت میں کیفیت کا اختلاف	۷۸
۳۲	وہ اصول و قواعد جو دوسرے طریقوں کیلئے مدار اور مرجع ہیں	۷۹
۳۳	چار اوصاف حاصل کرنے کے طریقے	۸۲
۳۴	اُن حجابات کی تفصیل جو فطری امور کے ظاہر ہونے سامنے ہوا کرتے ہیں	۸۵
۳۵	اُن طریقوں کا بیان جن سے یہ حجابات دور ہو سکتے ہیں۔	۹۶
۳۶	مقدمہ	۸۸
	نیکی اور گناہ کی حقیقت میں	۸۸
۳۷	توحید کے بیان میں	۸۹
۳۸	حقیقتِ شرک کے بیان میں	۹۱
۳۹	شرک کی اقسام میں	۹۳
۴۰	خدا تعالیٰ کی صفات پر ایمان لانے کے بیان میں	۹۶
۴۱	قدر پر ایمان لانے کے بیان میں	۱۰۰
۴۲	حقوق العباد اور خدا کا بندوں پر انعام اور جزا	۱۰۲
۴۳	شعائر اللہ کی تعظیم کے بیان میں	۱۰۷

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب نمبر	عنوانات	صفحہ
۴۴	وضو اور غسل کے اسرار میں	۱۰۹
۴۵	نماز کے اسرار میں	۱۱۱
۴۶	زکوٰۃ کے اسرار میں	۱۱۳
۴۷	روزہ کے اسرار میں	۱۱۴
۴۸	حج کے اسرار میں	۱۱۶
۴۹	نیکی کے اقسام کے اسرار میں	۱۱۷
۵۰	گناہوں کے درجوں میں	۱۱۸
۵۱	گناہوں کی خرابیوں کے بیان میں	۱۲۰
۵۲	اُن گناہوں کا بیان جو نفس کی حالت سے متعلق ہیں	۱۲۲
۵۳	اُن گناہوں کا بیان جن کا تعلق لوگوں سے ہوتا ہے	۱۲۳
۵۴	اسکے بیان میں کہ مذہبی رہنماؤں اور مذہب کے قائم کرنے والوں کی ضرورت ہے۔	۱۲۶
۵۵	نبوت کی حقیقت اور اس کے خواص کے بیان میں	۱۲۸
۵۶	مذہب کی اصل ایک ہے	۱۳۳
۵۷	اس بیان میں کہ خاص خاص نزولِ شرائع کے اسباب کیا ہیں۔	۱۳۶
۵۸	شریعت کے طریقوں پر مؤاخذہ کرنے کے اسباب	۱۴۱
۵۹	حکمتوں اور علتوں کے اسرار کے بیان میں	۱۴۴
۶۰	اُن مصلحتوں کے بیان میں جن سے فرائض اور ارکان اور آداب وغیرہ معین کئے جایا کرتے ہیں	۱۴۶
۶۱	اوقات کے اسرار میں	۱۵۱
۶۲	اعداد اور مقداروں کے بیان میں	۱۵۴
۶۳	قضا اور رخصت کے اسرار میں	۱۵۸
۶۴	تدابیر کے قائم کرنے اور رسموں کی اصلاح میں	۱۶۰
۶۵	اُن احکام کے بیان میں جو بعض بعض سے پیدا ہوتے ہیں۔	۱۶۵
۶۶	مبہم کے انضباط اور مشکل کی تمیز اور کلیہ سے حکم نکالنے وغیرہ کے بیان میں	۱۶۸
۶۷	مذہبی آسانیوں کا بیان	۱۷۲
۶۸	ترغیب اور ترہیب کے اسرار میں	۱۷۴
۶۹	کمالِ مطلوب کے حاصل ہونے یا نہ ہونے کی وجہ سے امتِ محمدیہ کے طبقات اور درجات	۱۷۸
۷۰	اس بیان میں کہ ایسے مذہب کی ضرورت ہوا کرتی ہے جو اور مذہب کا ناسخ ہو۔	۱۸۲
۷۱	مذہب کو اس طرح پختہ کرنا کہ اس میں تحریف اور ردّوبدل نہ ہو سکے	۱۸۵
۷۲	ہمارے مذہب اور یہودیت و نصرانیت کے مختلف ہو جانے کے اسباب ہیں۔	۱۸۹
۷۳	اسبابِ نسخ میں	۱۹۰
۷۴	اس بیان میں کہ زمانہ جاہلیت میں لوگوں کا کیا حال تھا۔	۱۹۳
۷۵	علوم نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے اقسام میں	۱۹۸
۷۶	مصلحتوں اور شریعتوں میں کیا فرق ہے	۲۰۰
۷۷	امتِ محمدیہ نے شریعت کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کیسے اخذ کیا	۲۰۱
۷۸	کتب حدیث کے طبقوں کے بیان میں	۲۰۳
۷۹	کلام سے مقصود کیسے سمجھ میں آیا کرتا ہے	۲۰۷
۸۰	قرآن و حدیث سے احکام شرعیہ کو کیسے سمجھا کرتے ہیں	۲۰۹
۸۱	مختلف حدیثوں میں فیصلے کے بیان میں	۲۱۱
۸۲	اُن اسباب کے بیان میں کہ صحابہؓ اور تابعینؒ کے فروغ میں کیسے اختلاف کیا	۲۱۵
۸۳	فقہا کے مذہب مختلف ہونے کے کیا اسباب تھے۔	۲۲۱
۸۴	اہل حدیث اور اصحاب الرائے کے بیان میں	۲۲۶
۸۵	چوتھی صدی سے پہلے اور پیچھے لوگوں کے حال کا بیان	۲۳۴
	فصل	۲۳۷
	قسمِ دوم۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو احادیث مروی ہیں بالتفصیل انکے اسرار کے بیان میں۔ ان احادیث کا ذکر جو ایمان کے باب میں وارد ہوئی ہیں	۲۴۸

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوانات	صفحہ
فصل: قسم دوم	
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو احادیث مروی ہیں	۲۴۸
بالتفصیل ان کے اسرار کے بیان میں۔ ان احادیث کا	
ذکر جو ایمان کے باب میں وارد ہوئی ہیں۔	
اتباعِ کتاب وسنّت	۲۶۰
طہارت کا بیان	۲۶۷
وضو کی فضیلت کے بیان میں	۲۶۸
وضو کرنے کی ترکیب	۲۶۹
موجبات وضو کے بیان میں	۲۷۱
موزوں پر مسح کا بیان	۲۷۴
غسل کرنے کا بیان	۲۷۴
موجباتِ غسل کا بیان	۲۷۶
بے وضو اور جنب کو کس چیز کا کرنا جائز ہے اور	۲۷۷
کس چیز سے اس کو ممانعت ہے۔	
تیمم کا بیان	۲۷۸
پائخانہ میں جانے کے آداب کا بیان	۲۸۰
خصالِ فطرت اور اُن کے متعلق باتوں کا بیان	۲۸۱
پانیوں کے احکام کا بیان	۲۸۴
نجاستوں کے پاک کرنے کے بیان میں	۲۸۶
اُن احادیث کا ذکر جو نماز کے باب میں وارد ہوئی ہیں	۲۸۸
نماز کی فضیلت کا بیان	۲۹۰
نماز کے اوقات کا بیان	۲۹۱
اذان کا بیان	۲۹۶
مساجد کا بیان	۲۹۸
نمازی کے کپڑوں کا بیان	۳۰۲
قبلہ کا بیان ۳۰۴ سترہ کا بیان	۳۰۵

عنوانات	صفحہ
ان امور کا بیان جو نماز کے اندر ضروری ہیں	۳۰۶
نماز کے اذکار اور اس کی ہیئتِ مستحبہ کا بیان	۳۱۲
سجدہ سہو اور سجدہ تلاوت اور ان چیزوں کا بیان	۳۱۹
جن کا کرنا نماز میں ناجائز ہے۔	
نوافل کا بیان	۳۲۲
اعمال کے اندر میانہ روی کا بیان	۳۳۱
معذور لوگوں کی نماز کا بیان	۳۳۴
جماعت کا بیان	۳۳۷
جمعہ کا بیان	۳۴۱
عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر کا بیان	۳۴۵
جنازوں کا بیان	۳۴۷
اُن احادیث کا بیان جو زکوٰۃ کے باب میں آئی ہیں	۳۵۷
سخاوت کی فضیلت اور بخل کی برائی کا بیان	۳۶۰
زکوٰۃ کی مقدار کا بیان	۳۶۳
زکوٰۃ کے مصارف کا بیان	۳۶۶
اُن امور کا بیان جو زکوٰۃ کے متعلق ہیں	۳۶۹
اُن احادیث کا بیان جو روزہ کے باب میں وارد ہوئی ہیں	۳۷۱
روزہ کی فضیلت کا بیان	۳۷۴
روزے کے احکام کا بیان	۳۷۶
اُن امور کا بیان جو روزے کے متعلق ہیں۔	۳۸۱
اُن احادیث کا بیان جو حج کے باب میں وارد ہوئی ہیں	۳۸۴
مناسک کا بیان	۳۸۷
حجۃ الوداع کا ذکر	۳۹۳
وہ امور جو حج کے ساتھ متعلق ہیں۔	۳۹۹
اُن احادیث کا بیان جو احسان کے متعلق وارد ہیں	۴۰۲
اذکار اور اس کے متعلقات کا بیان	۴۰۷

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوانات	صفحہ
بقیہ مباحثِ احسان کا بیان	۴۲۴
مقامات اور احوال کا بیان ۔ مقدمۂ اُولیٰ	۴۳۵
مقدمۂ ثانیہ	۴۳۹
طلبِ رزق کے ابواب کا بیان	۴۵۹
بیع کی ممنوعہ اقسام	۴۶۴
بیع کے احکام کا بیان	۴۷۳
فرائض کا بیان	۴۸۰
تدبیرِ منزل کے ابواب کا بیان	۴۸۷
نکاح کے متعلق گفتگو اور اس کے متعلقات کا بیان	۴۸۷
ستر کا بیان	۴۹۱
نکاح کا بیان	۴۹۳
اُن عورتوں کا بیان جن سے نکاح کرنا حرام ہے	۴۹۸
آدابِ مباشرت کا بیان	۵۰۲
زوجیت کے حقوق کا بیان	۵۰۵
طلاق کا بیان	۵۰۹
خلع و اظہار، لعان اور ایلاء کا بیان	۵۱۲
عدت کا بیان	۵۱۴
اولاد اور غلام و لونڈی کی پرورش کے بیان میں	۵۱۶
عقیقہ کے بیان میں	۵۱۷
یہ باب سیاست شہروں کے اندر ہے	۵۲۳
خلافت کا بیان	۵۲۴
مظالم کا بیان	۵۲۸
حدود کا بیان	۵۳۷
قضاء کا بیان	۵۴۸
جہاد کا بیان	۵۵۳

عنوانات	صفحہ
معیشت کا بیان	۵۶۷
کھانے اور پینے کی چیزوں کا بیان	۵۶۷
کھانے کے آداب کا بیان	۵۷۵
مسکرات کا بیان	۵۷۹
لباس اور زینت اور ظروف وغیرہ کا بیان	۵۸۲
خواب کا بیان	۵۹۱
آدابِ صحبت کا بیان	۵۹۳
اس مبحث کے متعلق نذروں اور قسموں کے احکام میں	۶۰۱
مختلف ابواب	۶۰۳
رسالت مآب محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سیرت کا بیان	۶۰۴
الفتن فتنوں کے بیان میں	۶۱۴
المناقب	۶۱۹

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دیباچہ

سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ + قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ۝ اے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کہدے کہ جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اُن کے لئے تو یہ قرآن ہدایت اور شفا ہے اور جو لوگ ایمان نہیں رکھتے اُنکے کانوں میں بوجھ ہے اور وہ انکی حق بینی بینائی ہے یہ لوگ بڑی دُور سے پکارے جاتے ہیں۔ اللہ جل جلالہ اس آیت شریفہ میں قرآن مجید کو ایمان والوں کے واسطے ہدایت اور شفا فرماتے ہیں اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے اُن کے کانوں کے واسطے اس کو بوجھ اور اُنکی آنکھوں کے واسطے اُسکو نابینائی قرار دیا ہے:۔

یہ ایک غایت واضح بات ہے کہ ہر ایک انسان کی مدت زندگی ایک ایسے سفر کی مدت ہے جس کی حد آخری موت اور پہلی منزل قبر ہے اور اس سفر کے اختیار کرنیوالوں کے واسطے راستے میں طرح طرح کا سامان کھانے پینے پہننے پھرنے سونے بیٹھنے کے واسطے مہیا کیا گیا ہے اس مہیا شدہ سامان میں سے صرف اسقدر حصہ جو ہر ایک مسافر کو اپنی ذات میں دیا گیا ہے آنکھ سورج چاند پانی ہوا آگ زمین اور انکی تاثیرات اور تغیرات تبدلات کو تدبر اور تفکر والی نظر کے سوا ایک معمولی نظر کا آدمی بھی کسی قدر غور کے ساتھ دیکھیگا تو اس کو قبول کرنا پڑیگا کہ ان چیزوں کا مہیا کرنیوالا کوئی بڑا ہی اعلیٰ طاقت لامتناہی علم والا اور غیر محدود قدرت والا ہے اُسکے ساتھ مدبر اور حکیم بھی بڑا اور غالب اور زبردست بھی بڑا ہے اور یہ بھی اُس کو ضرور ماننا پڑیگا کہ ایسا عظیم الشان سامان بیکار اور بے فائدہ نہیں بلکہ بانتظام کسی شئے کے واسطے کیا گیا ہے اور وہ شئے بڑی ہی عظمت والی ہے اور نیز اس شئے کے واسطے اتنا کچھ کیا گیا ہے اتنا کچھ کرنے والے نے کوئی کام اور خدمت بھی بڑی بھاری لینی ہے +

اس سفر میں پڑنیوالے مسافروں کی ایک جماعت ایسی بھی ہے جسکی نظر کی عنایت اُسکا اپنا ذاتی مشاہدہ اور تجربہ ہے اور اس مشاہدہ اور تجربہ کی بنا پر وہ اس تمام عظیم الشان سامان کے وجود کا موجد ہی سامان ہی کو سمجھتے ہیں اور کسی کو اس کا مستقل متصرف اور حاکم نہیں مانتے اسی وجہ سے سامان کی اشیاء کے جو خواص اور انکی پیدائش کے جو طریق انکو مشاہدے میں آئے ہیں۔ انمیں سے کسی قسم کے تغیر و تبدل یا خلاف کو تسلیم نہیں کرتے بعض ایسے ہیں جو اسقدر تو مانتے ہیں کہ اس سامان کا پیدا کرنے والا کوئی ہے لیکن پیدا کرنیکے بعد ہمیں کسی قسم کی تغیر و تبدل کو نہیں مانتے اور کہتے ہیں کہ موجد اور مشاہد اشیاء کو جو خواص اور طبیعتیں اُسنے عطا کر دی ہیں اُنکو وہ نہیں بدلتا اور ساتھ ہی اُسکو قانون شئے بھی مانتے ہیں اور نیز انکو نزدیک انکی اور اس سامان کی پیدائش کی غرض اور غایت یہیں تک ہے کہ سفر کا سارا وقت اور ساری قوتیں اس سامان کو حاصل کرنے اور عیش و عشرت کرنیکے واسطے کیا کہ سفر ختم ہو نیکے بعد پھر کچھ بھی نہیں آیت مندرجہ عنوان میں خداوند انہی دو فریقوں کی نسبت فرماتے ہیں کہ جو لوگ اس سفر میں پڑکر اللہ جل جلالہ کی ہستی کا اسکی تمام صفتوں کیساتھ یقین اور اقرار کرتے ہیں وہ یعنے قرآن اُنکے واسطے ہدایت یعنے ایک عنایت ہمدرد اور شفیق رہبر ہے جو انکی اس بیراہ روی کی تصدیق اور آگے بڑھنے کیواسطے تشویق کرتا ہے اور خانہ سفر میں تقاضائے بشری کی غفلتوں اور نسیانوں کی باعث جو کبھی کبھی تھوڑے بہت چھوٹے بڑے اوہام باطلہ و خیالات فاسدہ کو اپنے اوپر عارض ہوتے رہتے ہیں انکو واسطے شفا کے ایسے خوش اقبال مسافروں کی مثال اس حکیم حاذق کی سی ہے جو بدفی امراض اور انکو زائل کرنیوالی ادویات اور مفرحات قلب اور مقویات دماغ اور اعصاب و دیگر اعضائے جسم سے بخوبی واقف ہو یا اس مخبر اور تجربہ کار سپاہی کی سی جو اپنے دشمنوں کے مکائد سے بخوبی واقف اور انکو دفعیہ کا کافی سامان موجود

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دیکھتا ہو قرآن مجید ان مبارک مسافروں کو ایک ایسے بے نظیر سامان کے ذخیرہ کا مالک اور وارث بناتا ہے جو مدت سفر کے اندر بیماری کی حالت میں عاجل الشفا دوا مصیبت کے وقت میں بروقت حامی تنہائی کی وحشت میں شفیق مونس غرض ہر ایک پیش آنیوالی حالت کے واسطے حکمی صاحب تدبیر بنانے والا اور اطمینان دینے والا ہے یا عاشق صفت معشوق اپنے طالبوں کی دلربائی اور دلبری کیواسطے اپنے اندر ایسی ایسی ادیں۔ ایسی ایسی رعنائیاں اور ایسی ایسی دلفریبیاں دلربائیاں رکھتا ہے کہ دنیا کے دوسرے معشوقوں میں اکا عشر عشیر بھی نہیں پایا جاتا جن لوگوں پر اسکے دیدار کا تجلی پڑ جاتا ہے اس کیواسطے وہ کچھ ایسے دلچسپی کے سامان تیار کرتا ہے جن سے دوسری دلچسپیوں کا خیال انکے دلوں سے معدوم ہو جاتا ہے اور دلوں میں عجیب قسم کی ایک کیفیت پیدا ہو جاتی ہے جرات اور قوت ایسی کہ نہ خونخوار درندوں سے خوف ہوتا ہے نہ سفاک جلاد آدمیوں سے استغنا اور بے پروائی ایسی کہ ڈھیروں سونا چاندی اگر سامنے لایا جائے تو اسکی طرف نظر بھی نہیں جاتی۔ ماہ سفر میں جسقدر زینت اور آرائش کے سامان ہیں وہ انکو منحص اور مکدر کرنیوالے انکی آنکھیں اور دماغ ہمیشہ بہار والے باغ کے قسم قسم کی نظر فریب اور خوشبودار پھولوں کی رنگ آمیزی اور خوشبو سے معطر انکے کان اس محبوب کی لطف اور شفقت آمیز آوازوں کے ایسے دلدادہ ہیں کہ دوسرے کسی آواز کے سننے کی انکو حاجت اور خواہش ہی نہیں +

دوسرا گروہ جس کے ادراک اور فہم کا منبع اس کا مشاہدہ ہے اور اسی واسطے وہ اس عزیز اور قدیر حکم الحاکمین کی ہستی کو بالکل یا اسکے صفات کاملہ کے ساتھ نہیں مانتا۔ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ اسکے واسطے وہ یعنی قرآن مجید اس کے کانوں کا بوجھ اور اس کی آنکھوں کیواسطے نابینائی ہے یعنی جب اس کے سامنے قرآن مجید کی آیتیں پڑھی جائیں تو جیسے کسی دلکش آواز یا خوشخبری کی بات کا اثر کانوں کے راستے دل تک پہنچتا ہے اور دل اس سے متاثر ہوتا ہے اسی طرح ان آیات کی دلفریبیاں اور دل ربائیاں ان کے دلوں تک نہیں پہنچتیں بلکہ ان آیات کے پڑھنے کی آواز ان کے کانوں کے واسطے ایک بوجھ ہو جاتی ہے جو دوسری آوازوں کی طرح جہاں اسے پہونچنا چاہیئے نہیں پہنچتی۔ اسی طرح جب قرآن شریف اپنے دلوں کو مسخر اور پابند کرنے والی دواؤں کو ظاہر کرتا ہے۔ تو وہ ان کو نہیں دکھائی دیتیں یعنی ان کی نظروں میں اس سفری سامان کا حسن اور خوبی اس درجے تک بھاگئی ہے کہ قرآن شریف کی خوبیاں اس کی بانکیں ادائیں اور ملک دل پر قابض ہو جانے والی سج دھج ان کو نظر نہیں آتی ان کی مثال قرآن کی خوبیوں کو دیکھنے کی نسبت ایسی ہے جیسے کسی شخص کو کوئی دور سے بلاتا ہو۔ اور وہ یا تو اس تک آواز ہی نہیں پہنچتی یا آواز تو پہنچتی ہے لیکن آواز دینے والا جو کچھ اسکو کہنا چاہتا ہے اسکو بالکل نہیں سنتا۔ اسی واسطے ایسے مسافر قرآن شریف کی بڑی بڑی اور خاص خاص خوبیوں کے دیکھنے اور سننے سے جو اس کے سوا موجود اور مشاہد اشیاء میں سے کسی میں بھی نہیں پائی جاتیں محروم رہتے ہیں۔ اور وہ اثر جو ان خوبیوں کے ساتھ لازم اور وابستہ ہے اس سے انکے دل متاثر نہیں ہوتے جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس عزیز قدیر عظیم الشان عالیجاہ شہنشاہ کی اس قدر عظمت۔ عزت۔ ہیبت اور جلال کا حقیقی جلوہ اور کمال پرتو ان کے دلوں پر نہیں پڑتا۔ اور جب دل اس عجیب قسم کی راحت اور ٹھنڈک والی روشنی سے بے نصیب ہوئے تو زبان ہاتھ اور دیگر اعضاء پر جو دل کے ہر وقت کمر بستہ ملازم ہیں کیا اثر کی امید ہو سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی زبان کو ان کی زندگی میں ایسا موقعہ کبھی نہیں ملتا کہ قرآن کی ان خاص خوبیوں کو معرض نطق میں لائے اور نہ ہی اس قلم کو جو اسکے بے نصیب ہاتھوں میں ہے کبھی خیال گذرا ہے کہ ایک آدھ گھنٹہ کتاب یا کتاب کا ایک آدھ صفحہ یا صفحے کی ایک آدھ سطر یا سطر میں ایک آدھ لفظ اس بارے میں لکھدے بلکہ برخلاف اسکے وہ ہلاکت میں پڑنے والے ہاتھوں کا توڑ دینے لائق قلم اور کاٹی جانے والی زبان بجائے اس کے کہ ان سے ایسے دل کے علم اور فہم کا مقصد برسرزد ہو قرآن شریف کی ان خاص خوبیوں کے سنانے پر مستعد رہتی ہے اور سنانے کے سامان بعینہ اس باطل خیال والے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شخص جیسے جو آفتاب کی روشنی اپنے منہ کی پھونکوں سے زائل کرنے کا ارادہ اور کوشش کرے یہ سب سے زیادہ اپنی ذات کے لئے بخیل اپنی ہی نامرادی پر بس نہیں کرتے بلکہ چاہتے ہیں کہ دوسرے مسافر بھی اس روشنی سے ان کی طرح بے نصیب اور محروم رہیں اور سفر کے اختتام پر انہی کے ہم بستر اور ہم خانہ ہوں اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا نَعُوْذُبِكَ مِنْ تَفَیُّضِ الشَّیْطَانِ وَنَعُوْذُبِكَ بِشَرِّ الْقَرِیْنِ۔ اس بنی ذات پر ظلم کرنے والی جماعت کے مقابل وہ دوسرے کریم النفس اپنے اور اپنے بنی نوع کی دلی خیر خواہ اور شفقت اور رحمت مجسم جماعت ہے کہ جب سے اس نے اس آب حیات اور آب زلال کا ذائقہ اٹھایا ہے۔ اسی وقت سے اپنی ہر ایک طاقت کے ذریعہ اس کوشش میں سرگرم ہے اپنے دوسرے ہمسفروں کو بھی اس کی چاشنی چکھائے ان کے مبارک اور کریم ہاتھوں کے مبارک قلموں نے اس دلارام کی خاص اور عام خوبیوں کا لکھنا اور اُن کی متبرک زبانوں نے انہی کا وظیفہ ہر دم جاری رکھنا اپنے اس سفر کا اعلیٰ مقصود سمجھ رکھا ہے ان کی سب سے عزیز خواہش یہ ہوتی ہے کہ اس محبوب کی وہ خاص خوبیاں لوگوں کے دلوں میں بٹھائیں کہ وہ اس سے بلکہ ایسے بڑے سامان اور اپنے اس سفر کے دستور العمل اور اس کی غایت سے بخوبی واقف ہو جائیں ایسے مسافروں کا وجود نہ صرف ان کے ہمعصر بلکہ ان کے بعد آنے والے مسافروں کی جماعت کے واسطے بھی خداوند تعالےٰ کی خاص رحمت اور رأفت کا باعث ہوتا ہے اس متبرک جماعت میں سے ایک بزرگ مخدوم ناکرمنا حضرت **شاہ ولی اللہ** صاحب مرحوم ہیں جنکو نہ کے طریق کی ہمعصر اور بعد میں آنیوالے مسافروں کی جماعت نے بحکم اُمت محمدیہ علیہ الصلوٰۃ والتحیۃ کا ہزاروں جانوں سے بھی بڑھ کر عزیز جانا دیا اور اس خطاب کی وجہ احسان کی روحانی بیماریوں اور اُن کے مناسب علاج کی مکمل تشریحات کا تیار کرنا ہے۔ آپ کا سفر کا خانہ آپ محبوب کی خوبیوں کے لکھنے اور بیان کرنے میں ختم ہوا ہے چنانچہ آپ کی منجملہ بہت سی تصنیفات کے ایک کتاب حجۃ اللہ البالغہ ہے جس میں اس ہدایت اور شفا یعنی قرآن مجید کے احکام کے اسرار اور مصالح کو وضاحت اور تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔ یہ کتاب آپ نے عربی میں لکھی ہے اور عربی زبان کے جاننے والے خصوصاً اس زمانے میں بہت ہی کم لوگ رہ گئے ہیں لیکن زمانے کی استدلال پسند ہونے کی وجہ سے ایسی کتاب کی اشاعت نہایت ضروریات سے تھی اس واسطے میں نے اسکا اُردو ترجمہ کراکر محنت اور کوشش سے تو کلاً علی اللہ چھاپ دیا ہے اور اس چشمہ حیات کو جو بہت سے لوگوں کی نظروں سے حجاب میں تھا عام کر دیا ہے ایسے صاحبوں سے جن کو مذہب اسلام کے ساتھ دلچسپی ہے قوی اُمید ہے کہ وہ اس کتاب کے فوائد سے محروم نہیں رہینگے۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین وعلیہ التوکل والتکلان ھو المولیٰ والنصیر نعم المولیٰ ونعم النصیر۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مختصر حالات مصنف کتاب علیہ الرحمۃ

نام و نسب و ولادت ۔ ان کا نام ولی اللہ اور ان کے والد کا شیخ ابوالفیض عبدالرحیم تھا۔ جو دہلی کے مشاہیر مشائخ سے گذرے ہیں ان کا سلسلہ نسب باپ کی طرف سے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ خلیفہ ثانی سے جاملتا ہے اور ماں کی طرف سے امام موسیٰ کاظم رضا سے اس صورت میں شاہ ولی اللہ صاحب عربی نسل اور خاندان فاروقی کے ایک معزز رکن ہوئے +

یہ معلوم نہیں کہ ان کے آباؤ اجداد کس زمانہ میں عربستان سے نکلکر پہلے ملک عجم اور پھر دہلی میں وارد ہوئے مگر ان کی چھبیسویں پشت میں ایک شخص کا نام ہمایوں ہونے سے قیاس ہوسکتا ہے کہ یہ لوگ عہد مذکور سے عربستان چھوڑ چکے تھے سلسلہ نسب اس طرح پر ہے ۔ ولی اللہ بن عبدالرحیم بن وجیہ الدین الشہید بن معظم بن منصور بن احمد بن محمود بن توام الدین عرف قاضی توافن بن قاضی قاسم بن قاضی کبیر عرف قاضی بدا بن عبدالملک بن قطب الدین بن کمال الدین بن شمس الدین المفتی بن شیر ملک بن محمد عطا ملک بن ابوالفتح ملک بن عمر الحاکم مالک بن عادل ملک بن قارون بن خیر حسین بن احمد بن محمد شہریار بن عثمان بن ہامان بن ہمایوں بن قریش بن سلیمان بن عفان بن عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن عمر خطاب ان کی والدت شوال کی چوتھی تاریخ یوم چارشنبہ ۱۱۱۴ ہجری ایک ہزار چودہ سو ہجری کو دہلی میں ہوئی۔ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی مرحوم کی بشارت سے جو ان کے والد کو خواب میں ہوئی تھی ان کا نام قطب الدین رکھا گیا مگر عجب اتفاق ہے کہ اس نام کو شہرت نہیں ہوئی عام و خاص کی زبان پر شاہ ولی اللہ مشہور ہوگیا +

تحصیل علم اور سلسلہ تدریس ۔ ان کی عمر ابھی پانچ برس کی تھی کہ والد بزرگوار نے بسم اللہ شروع کرادی ساتویں سال قرآن مجید ختم ہوا اور پھر کتب فارسی پڑھانے کے بعد عربی پر متوجہ کیا چنانچہ دسویں سال شرح ملا تک پہنچ گئے اور تھوڑے ہی دنوں میں اسقدر ترقی کی ۔ کہ پندرھویں سال تفسیر بیضاوی کا درس ان کو ملنے لگا غرض فقہ ۔ حدیث تفسیر معانی بیان اصول عقائد تصوف منطق ۔ کلام فلسفہ کی درسی کتابیں اور طب ہیئت حسب کے چند مختصر رسالے اپنے والد سے بخوبی پڑھے ۔ اور سترھویں سال ان کے انتقال کے بعد کتب منقول اور معقول کے پڑھانے میں مصروف ہوئے اور بارہ برس تک اس کام کو بخوبی سرانجام کیا ۔ ان کے تحصیل علوم کی سند اپنے والد کے ذریعہ زاہد بن اسلم بہروی کے طریق پر محقق دوانی تک پہنچتی ہے کتب حدیث کو انہوں نے دو مرتبے پڑھا پہلے مرتبہ ہندوستان میں مولانا محمد افضل معروف بہ حاجی سیالکوٹی سے اور پھر ۱۱۴۳ ہجری میں مدینہ شریف پہنچکر ابوطاہر مدنی سے جو اپنے وقت کا بڑا مشہور محدث تھا تجدید اجازت کی ۔ اللہ تعالیٰ نے طبع سلیم اور ذہن رسا اس درجہ کا عطا کیا تھا کہ ابوطاہر ان پر فخر کیا کرتے اور کہتے کہ ولی اللہ لفظ کی سند مجھ سے لیتا ہے اور میں معنی کی سند اس سے حاصل کرتا ہوں ۔ ایک برس سے کچھ زائد عرصہ حرمین میں رہ کر اور حج کعبۃ اللہ سے مشرف ہوکر شروع ۱۱۴۵ھ میں ہندوستان کو واپس ہوئے اور چودھویں رجب کو بخیر و عافیت وطن مالوف میں پہنچے +

بیعت ۔ شیخ عبدالرحیم صاحب ان کے والد بزرگوار جیسے علوم ظاہری سے باخبر تھے ویسے ہی اللہ تعالیٰ نے علوم باطنی کا شرف ان کو عطا کیا تھا شاہ ولی اللہ کی عمر جب ۱۴ برس کو پہنچ گئی اور علوم دینیہ سے بخوبی واقف ہوگئے تو والد نے پندرھویں سال انکو یہ شرف عطا کرنا چاہا چنانچہ اسی وقت انہوں نے والد سے بیعت کی اور اشغال صوفیہ خصوصاً نقشبندیہ میں اپنا بیشتر قیمتی وقت صرف کرنا شروع کیا والد کے انتقال کے بعد اس راہ میں تقویٰ طہارت سے اس کمال میں استقدر ترقی کی کہ ان کی زندگی میں دو تین برس کے اندر عرفان کے اعلیٰ مدارج طے کرلئے اور والد نے سترھویں سال

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیعت وارشاد کی اجازت انکو دیدی پھر ۱۱۷۴ھ ہجری میں جب حجاز کو گئے اور ایک سال تک حرمین شریفین کی مجاورت اور ابو طاہر مدنی کی روایت حدیث سے مشرف ہوئے تو ان کے خرقہ سے جو تمام فرقہائے صوفیہ کا حاوی تھا آرائش حاصل کی +

قرآن اور حدیث کی اشاعت

ہندوستان میں اسوقت تک فقہ تصوف اور معقولات کا بہت رواج تھا اور قرآن و حدیث کا چرچا کم۔ گیارھویں ہی ہجری میں صرف شیخ عبدالحق محدث دہلوی ایک ایسے بزرگ گذرے تھے جنہوں نے حدیث کی اشاعت درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کے ذریعہ کی اور ان کی کتابیں بھی ایسی مقبول ہوئیں کہ اب تک نہایت عزت کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں مگر ان کے بعد اس سلسلہ میں کچھ ترقی نہ ہوئی عام و خاص پیر پرستی اور مادۂ تقلید میں مقید اور صدہا قسم کے توہمات میں گرفتار تھے کہ اس اثنا میں اللہ تعالیٰ نے شرک اور بدعت کی تردید اور سنت نبوی کی ترویج کے واسطے شاہ ولی اللہ کو آمادہ کیا انہوں نے قرآن اور حدیث کی اشاعت میں خوب کوشش کی قرآن مجید کے مطالب کا سمجھنا اب تک تفاسیر پر منحصر تھا اور علماء اس کو اپنا حصہ سمجھ بیٹھے تھے اس کا ترجمہ فارسی میں کیا اور لفظوں کی رعایت سے ایسا مطلب خیز ترجمہ کیا کہ عام لوگوں کو کلام الٰہی کا سمجھنا آسان ہوگیا باوجودیکہ اس ترجمہ کی عمر ڈیڑھ سو برس سے زائد ہوگئی تھی اور اشاعت علوم و فنون خصوصاً ترجمہ کا دریا ترقی کی لہریں مار رہا ہے مگر اس ترجمہ پر کبھی کسی کو دم مارنے کی طاقت نہیں ہوئی یہ ترجمہ قرآن مجید کا بین السطور میں تحریر ہو کر مرات و کرات ہندوستان کے متعدد مطابع میں چھپ چکا ہے اور اس کاری سے لیکر کوہ ہمالیہ تک مقبول خلائق ہے علوم خمسہ قرآنیہ تاویل مقطعات اور رموز قصص انبیاء میں فوز الکبیر شرقاً غرباً فتح الخبیر اور تاویل الاحادیث ایسے عمدہ اور مختصر رسالے آنکھ کی بڑی بڑی تفاسیر کا مطالعہ سے شائقین کو مستغنی کر دیا مسائل فقہیہ مذاہب اربعہ یعنی حنفی شافعی مالکی حنبلی کی تحقیقات مذہب صحابہ تابعین اور اقوال جماعہ فقہاء مجتہدین سے کر کر فقہ حدیث کی بنیاد از سر نو قائم کی اور اسرار حدیث و مصالح احکام کو ایسی عمدگی اور خوش اسلوبی سے بیان کیا کہ ان کے پیشتر کے مصنف کو یہ بات کمتر حاصل ہوئی ہے۔ کتاب حجۃ اللہ البالغہ انکے اس کمال پر شاہد بین ہے رسالہ انصاف فی بیان سبب الاختلاف اور عقد الجید فی احکام الاجتہاد والتقلید میں اس امر کو نہایت وضاحت سے بیان کیا ہے کہ قرآن مجید اور احادیث صحیحہ کی موجودگی میں اقوال فقہاء متقدمین اور استبداد مقلدین کی کیا وقعت ہو سکتی ہے اسیطرح عقائد تصوف اور سلوک میں محققانہ تقریریں کی ہیں اور خیالات عالیہ کو طلباء کی سہولت اور مسائل کی تبیین میں عبارات مختصرہ اور اشارات لطیفہ کو ذریعہ اسطرح ادا کیا ہے کہ انکے زمانہ میں دوسرے مصنف کو کم میسر ہوا۔ ان بنظیر تصنیفات کے باعث نواب صدیق حسن خانصاحب نے لکھا ہے "اگر وجود اور صدر اول و زمانہ ماضی میسر و امام لائمہ تاج المجتہدین شمردہ میشود" ہندوستان میں شرک بدعت کی تردید اور سنت نبوی کی ترویج میں ان کے پوتے مولوی محمد اسمٰعیل صاحب شہید کا نام خصوصیت سے لیا جاتا ہے اور بلاشبہ وہ اس تعریف کے مستحق ہیں لیکن جن لوگوں نے دونوں بزرگوں کی تصانیف کو دیکھا ہے وہ سمجھ سکتے ہیں کہ ان کے تمام اصول اپنے دادا کی تحریرات سے ماخوذ ہیں فرق و غیرہ اس قدر کہ وہ اپنے زمانہ کے مناسب حال نرم گفتاری سے کام لیتے تھے اور یہ مثل شیر بیشہ کے میدان میں نکلکر اپنی چمک دکھاتے تھے +

حجۃ اللہ البالغہ ہزاری یہ کتاب تو فقہ حدیث پر مشتمل ہے کہ اسمیں فقہ حدیث اخلاق تصوف اور فلسفہ پانچوں مضمون کا مذاق پایا جاتا ہے پہلا باکمال جس نے ہر اراعلوم دین کے بیان کرنے میں اپنے جوہر قابلیت دکھائے اور مضامین خمسہ کو بنایا وہ امام غزالی ہیں احیاء العلوم اُن کی عظیم الشان یادگار جو سات سو برس سے لوگوں کے افتخار کا باعث ہو رہی ہے دوسرے بزرگوار جس نے مدت دراز کو بعد اپنے زمانہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے مناسب حال اس فن کی تہذیب کی وہ شاہ ولی اللہ ہیں اور حجۃ اللہ البالغہ ان کی بےنظیر کتاب ہمارے ہاتھوں میں ہے جس سے فقیہ مسئلہ فقہی کا اور محدث مطابقت حدیث کو اور فلسفی اس کی دلیل اور برہان کو تکالتا ہے اور اس خوض اور غور میں ساتھ کے ساتھ اخلاق اور تصوف کا ذائقہ بھی اسکو حاصل ہوتا رہتا ہے یہ کتاب اگرچہ احیاء العلوم کے مقابلہ میں مختصر ہے مگر تنقیح احادیث میں اس سے بدرجہا بڑھی ہوئی ہے۔ نواب صدیق حسن خانصاحب نے اسکی نسبت اپنی رائے اس طرح ظاہر کی ہے "این کتاب اگرچہ در علم حدیث نیست اما شرح احادیث بسیار در آں کردہ و حکم اسرار آں بیان نمودہ۔ تا آنکہ در فن خود غیر مسبوق الیہ واقع شدہ و مثل آں در بیں دو از دہ صد سال ہجرت ہیچ یکے از علماء عرب و عجم تصنیف موجود نیامدہ و منجملہ تصانیف مؤلفش مرضی بودہ است و فی الواقع بیش ازاں است کہ در حیطہ تواں نوشت"

تفصیل تصانیف

شاہ ولی اللہ صاحب نے اکثر فنون میں کتابیں تصنیف کی ہیں جو سب کی سب مفید اور منفعت بخش ہیں اور بعض ان میں سے عدیم النظیر غیر مسبوق ہیں کتب مشہورہ کی تصنیف قسم وار ہے +

(۱) **متعلق قرآن مجید**۔ فتح الرحمن فی ترجمۃ القرآن۔ فوز الکبیر فی اصول التفسیر۔ فتح الخبیر تفسیر بالماثور۔ تاویل الاحادیث +

(۲) **متعلق حدیث** مصفی شرح (فارسی) مؤطا مسوی شرح (عربی) مؤطا +

(۳) **متعلق فقہ الحدیث**۔ حجۃ اللہ البالغہ۔ انصاف فی بیان سبب الاختلاف۔ عقد الجید فی احکام الاجتہاد والتقلید +

(۴) **متعلق خلافت صحابہ**۔ ازالۃ الخفا عن خلافت الخلفا۔ قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین +

(۵) **متعلق تصوف و سلوک**۔ فیوض الحرمین۔ انسان العین۔ قول الجمیل ہمعات الطاف القدس۔ لمعات۔ سطعات۔ انفاس العارفین خیر کثیر۔ شفاء القلوب۔ بدور البازغہ۔ زہر اوین رسائل تفہیمات۔ انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ۔ ورد الثمین +

(۶) **متفرقات** عقیدۃ الحسن۔ المقدمۃ السنیہ فی انتصار الفرقۃ السنیہ۔ سرور المحزون۔ رسالہ انشمندی۔ ارشاد الے مہمات الاسناد۔ القالۃ الوضیۃ فی نصیحت والوصیۃ۔ ازالۃ الحمقا کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت مصنف کو حدیث تفسیر اور تاریخ پر کسقدر عبور اور استخراج مسائل میں کتنا بحر تھا۔ یہ کتاب بلحاظ جامعیت روایات کے عجیب و غریب ہے اور مصفی میں حدیث کی تحقیقات اس عمدگی سے کی ہے کہ درجہ اجتہاد اس سے نمایاں ہوتا ہے +

وفات و اولاد۔ شاہ ولی اللہ صاحب ۱۱۷۶ھ ہجری میں فوت ہوئے اس وقت ان کی عمر ۶۳ برس کی پہنچ چکی تھی۔ ان کی قبر اپنی دہلی میں شاہجہان آباد کی جانب جنوب ہے تاریخ وفات اس مصرع سے نکلتی ہے ع او بود امام اعظم دین ان کے بعد ان کے چار بیٹے مشہور گذرے ہیں۔ شاہ عبد العزیز۔ شاہ عبد القادر۔ شاہ رفیع الدین۔ شاہ عبد الغنی۔ یہ چاروں بزرگوار اپنے زمانہ میں علم اور عمل فہم و قوت تقریر و فصاحت تحریر و تقوی و دیانت و امانت و مراتب ولایت میں فرید و ہر اور وحید عصر تھے ان میں شاہ عبد العزیز بالخصوص زیادہ نامور مانے گئے ہیں ہندوستان میں اس وقت جس قدر محدث ہیں ان سب کا سلسلہ روایت حدیث شاہ عبد العزیز کے ذریعہ شاہ ولی اللہ پر منتہی ہوتا ہے +

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح الاصطلاحات

ناظرین باتمکین کو واضح ہو کہ جب پہلی بار یہ کتاب چھپی اور میں نے اُس کا مطالعہ کیا تو بعض اصطلاحاتِ علمی ایسی پائیں کہ جن کو سوائے خاص دعام سمجھنے کے قاصر ہیں میں نے اپنے نسخہ پر جا بجا انکی مختصر سی تشریح کر دی میرے دوست مکرم مولوی کرم بخش صاحب جنہوں نے میرے کہنے سے اس کتاب کو ترجمہ کرایا تھا اس تشریح کو بہت پسند کیا اور طبع ثانی کے وقت مجھ سے اُسکے داخل کتاب کرنیکی اجازت چاہی میں نے فائدہ خاص وعام کیلئے خوشی سے اجازت دیدی التماس ہے کہ جو صاحب اسکو پڑھ کر فائدہ اٹھائیں وہ میرے حق میں دعائے خیر فرمائیں۔ کیونکہ امیدوار بود آدمی بخیر کساں

احمد یار محمدی - ۱۳-اپریل ۱۹۰۹ء

(۱) **ملازم** - اگر ایک امر دوسرے امر سے ایسو طور پر تعلق رکھتا ہو کہ پہلے کے وجود پر دوسرے کا وجود ضرور مترتب ہو۔ یا یوں کہو کہ دوسرا پہلے سے غیر منفک ہو تو دوسرے کا ملزوم کہا کرتے ہیں۔ ملزوم اپنے لازم کے لئے علت ہوتا ہے اور لازم معلول +

(۲) **ملکات نفسانی** نفس انسانی پر جو کیفیات وارد ہوتی ہیں وہ دو قسم کی ہوتی ہیں اول تو وہ جن کا اثر فوری ہوتا ہے یعنی جو سریع الزوال ہوتی ہیں ایسی کیفیات کو اصطلاح میں حال کہتے ہیں اور جو کیفیات پائدار ہو کر نفس انسانی میں رچ ہو جاتی ہیں وہ ملکہ کہلاتی ہیں اسلئے ملکات نفسانی سے وہ کیفیات مراد ہیں جو نفس انسانی میں ہمیشہ کیلئے ثابت اور مستقل ہو جاتی ہیں اسکو کبھی یوں بھی بیان کر دیا کرتے ہیں کہ ملکہ نفس انسانی کی اس حالت کلیہ کا نام ہے جو کسی فعل کو بلا تکلف صادر ہونے کا باعث ہوتی ہے مثلاً اگر کوئی بڑا سخی ہو تو اسکی نسبت کہہ سکتے ہیں کہ اسکو ملکہ سخاوت حاصل ہے علی ہذا اور تمام کیفیات نفسانیہ کی نسبت بھی ایسا ہی خیال کر سکتے ہیں +

(۳) **عدم مطلق** - یہ میٹافزکس یعنی علم مابعد الطبیعات کی اصطلاح ہے۔ پہلے وجود کی حقیقت سمجھنا ضروری ہے عدم کی حقیقت سمجھنا کچھ مشکل نہیں وہ تو وجود والونکے ہاں تو عدم کسی حقیقت کا نام ہی نہیں بلکہ اُنکے ہاں حقیقت اصلیہ صرف وجود ہی ہے اب عدم مطلق کو یوں سمجھنا چاہئے کہ جب کسی شے کی تمام جہات وجود منتفی ہوں تو وہ معدوم مطلق ہے لیکن اس پر بھی اعتراض وارد ہوتا ہے کہ لفظ شے کے مفہوم میں پہلے اسکا وجود خفی تسلیم کیا جاتا ہے

(۴) **مجہول مطلق** ایسے امر کو بولتے ہیں جسکی نسبت ہمیں تمام ممکنہ جہات سے علم حاصل نہ ہو یعنی اس کی ذات یا وصف یا کسی اور جہت سے جو کسی چیز کے علم کا ذریعہ ہو سکتے ہیں اس کا علم نہ ہو یا یوں کہو کہ جس کا ہمیں کچھ بھی علم نہیں مثلاً کوئی خاص گاؤں جو ملک چین میں ہو اور جسکو میں اب سے پہلے نہیں جانتا اسکے جاننے کیوقت وہ میرے لئے مجہول مطلق ہے پھر جب اس کو جاؤنگا تو پہلے اسکی حقیقت وجود کا مجھے علم حاصل ہوگا۔ پھر اسکے دوسرے متعلقہ امور کا اب جس جس امر کے لحاظ سے مجھے اس کا علم حاصل ہوگا اس امر کے لحاظ سے وہ گاؤں میرے لئے اس معلوم کی حیثیت حاصل کریگا لیکن کوئی چیز معلوم مطلق نہیں ہو سکتی کیونکہ اشیاء اور حقائق کے تمام لوازم و خصائص پر ہم حاوی نہیں ہو سکتے۔ پس جب تک کوئی چیز ذات۔ وجود وصف وغیرہ تمام اعتبارات کے رو سے میرے علم سے خارج ہے تو وہ مجہول مطلق ہے پس جب جس جہت سے مجھے اسکا علم حاصل ہوگا تب اسی جہت سے وہ میرے ذہن میں معلومیت کا درجہ حاصل کریگی +

(۵) **امر بسیط** - عربی فلسفے والے بسیط کے چار معنی لیا کرتے ہیں اس جگہ امر بسیط کے معنی لکھے جاتے ہیں بسیط اصطلاح میں ایسے امر کو بولتے ہیں جو اجزاء نہ رکھتا ہو اور اس لئے وہ قابل تقسیم بھی نہ ہو +

بسیط خارجی اور بسیط ذہنی علیحدہ علیحدہ دو امر ہیں۔ مادی کائنات صرف عناصر اربع بخیال اہل یونان بسائط کہلاتے ہیں اور بسیط ذہنی ایسی کیفیات نفسانیہ سے مراد ہے جنکی تقسیم کا سلسلہ آگے نہیں چل سکتا مثلاً زائد قائم خیال مرکب ہے لیکن جوہر فرد۔ یا صرف قایم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یعنی بغیر ان دونوں کے باہمی ربط دینے کے خیال بسیط ہیں +
کبھی کبھی بسیط کو مادی چیز کے متضاد معنوں میں لیا کرتے ہیں مثلاً روح۔ خدا بسیط ہیں کیونکہ ظلمتِ مادہ سے پاک ہیں +
بسیط کے یہ معنی بھی ہیں کہ وہ چیز تعریف منطقی قبول نہیں کرتی یعنی جس طرح ہم انسان کی تعریف میں کہا کرتے ہیں کہ حیوان ناطق کا نام ہے تو ظاہر ہے کہ انسان ایک مفہوم مرکب کا نام ہے کیونکہ اسکے دو جزو ہیں حیوان اور ناطق مگر فرض کرو کہ ایسی چیز بھی ہے جس کی ہم منطقی تعریف (یعنی جنس و فصل جو ذاتیات ہوتے ہیں) تجویز نہیں کر سکتے۔ تو وہ بسیط ہے مثلاً خدا یا بعض کے نزدیک حقیقتِ وجود یا فقط وحدت وغیرہ ایسے مفہوم ہیں جو ناقابل تعریف ہیں +

(۶) **مفہوم نظری**۔ ہمارا علم دو قسم پر منقسم ہے بدیہی اور نظری اگر ہمیں کسی چیز کا علم حاصل کرنے میں قوتِ فکریہ کو عمل میں لانا نہ پڑے اور منطقی طور پر ترتیب مقدمات سے نتیجہ نکالنا نہ پڑے بلکہ دفعۃً نفس انسانی اسکو اخذ کرلے تو ایسا علم علم بدیہی کہلاتا ہے مثلاً علم اس امر کا کہ آگ جلایا کرتی ہے یا ایک اور دو ہوتے ہیں یا دو متضاد جمع نہیں ہو سکتے +
بعض کا خیال ہے کہ کوئی چیز دنیا میں بدیہی نہیں اور بعض کہتے ہیں کہ کوئی چیز نظری نہیں لیکن حق یہ ہے کہ کسی چیز کا بدیہی یا نظری ہونا امر اضافی ہے ممکن ہے کہ جو امر میری نسبت بدیہی ہو وہ کسی دوسرے کیلئے نظری ہو۔ اور نیز بالعکس پس نظری وہ چیز ہوگی۔ جس کا علم بغیر عمل اعمال فکر ہم حاصل کرتے ہیں مفہوم کسی ذہنی صورت کا نام ہے +

(۷) **اسمائے توفیقی**۔ خدا کے ان ناموں سے مراد ہے۔ جو قرآن میں مذکور نہیں ہوئے مثلاً ستار۔ غفار۔ سمیع۔ بصیر۔ رحمٰن رحیم وغیرہ اسماء آئے ہیں اس لئے ان کا استعمال و اطلاق ہمارے لئے کوئی مخدوشِ شرعی عاید نہیں کرتا بعض ایسے اسماء ہیں۔ جو قرآن مجید میں وارد نہیں ہوئے مثلاً مرید۔ گو اراد۔ یرید (اس نے ارادہ کیا۔ وہ ارادہ کرتا ہے) کے الفاظ آئے ہیں۔ مگر صیغہ اسم فاعل وارد نہیں ہوا۔ تو یہ نام توفیقی ہے۔ علماء کو ایسے ناموں کے اطلاق اور استعمال میں باہم اختلاف ہے یعنی آیا ایسے ناموں کا اطلاق ذات باری کے لئے جائز ہے یا ناجائز۔ توقیف کا لفظ وقوف سے مشتق ہے گویا ایسے اسماء کا اطلاق شارع علیہ السلام سے مروی ہونے پر موقوف رکھا جاتا ہے +

(۸) **استحالہ**۔ اس کے لغوی معنے ہیں پھر جانا۔ پلٹ جانا علم طبیعیات کی اصطلاح میں کون و فساد سے مراد لی جاتی ہے یعنی ایک عنصر کا پہلی صورت چھوڑ کر دوسری صورت میں آنا۔ جیسے پانی کا بخار کی صورت میں تبدیل ہونا یا بالعکس +

(۹) **صورت نوعیہ** اس اصطلاح سے مراد ایسا جوہر ہے کہ جب وہ جسم کو لاحق ہوتا ہے تو اس کو دوسرے انواع سے ممتاز کر دیتا ہے مثلاً انسان کی صورتِ نوعیہ سے وہ جوہر مراد ہے جو دیگر اقسام اجسام سے اسکو تمیز دیتا ہے حکماء اسی جوہر کو مبدء آثار و افعال مختلفہ قرار دیتے ہیں یعنی کسی جسم کی صورتِ نوعیہ علت ہے۔ اس چیز کے خاص مختصہ آثار و افعال کی گویا صورتِ نوعیہ اجسام کو اسی طرح علیحدہ علیحدہ کرتی ہے جسطرح فصل جنس سے بلکہ ایک نوع علیحدہ قائم کرتی ہے۔ حیوان سے اگر ناطق ملا دیں۔ تو انسان بنا جائیگا اگر ناہق یا صاہل ملا دیں تو حمار یا فرس + اسی طرح خارجی طور پر مادہ کو جو بجائے جنس کے ہے جب صورتِ نوعیہ لاحق ہوتی ہے تو کسی جسم کا مادہ دیگر اجسام کے مادہ سے بالکل متمیز ہو جاتا ہے جیسا کہ انسان کی صورتِ نوعیہ انسان کو دیگر حیوانات کی صورت سے تمیز دیتی ہے

(۱۰) **صورت ترکیبی**۔ جب مختلف اجزاء بلکہ ایک خاص ہیئت مرکبہ پیدا کرتے ہیں تو وہ صورت ترکیبی کہلاتی ہے مثلاً کسی میز کی لکڑی کو علیحدہ علیحدہ جز اجب بحالت انفصال پڑے ہوتے ہیں تو میز کی صورت ترکیبی سے جو بصورتِ ترکیب اجزاء مترتب ہوگی ہم بالکل بیخبر ہوتے ہیں اگر ان کو ملا دیا جاوے تو انکی ترکیب سے میز کی جو صورت یا ہیئت پیدا ہوگی وہ اس میز کی صورت ترکیبی کہلائیگی +

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آیات اللہ الکاملہ

ترجمہ

حجۃ اللہ البالغہ

اللہ کے واسطے تمام خوبیاں ہیں جس نے تمام لوگوں کو مذہب اسلام اور اسلام کی ہدایت پر پیدا کیا۔ اور ان کی پیدائش اُن خالص کشادہ اور سلیس روشن مذہب پر کی ہے اور جب لوگوں پر جہالت چھا گئی اور نہایت پست درجہ کے نشیب میں اس نے ان کو گرا دیا اور بدبختی نے ان کو گھیر لیا تو خدا نے اُن پر رحم کیا اور اُن کے حال پر مہربانی کی کہ انبیاء کو اُن کی طرف مبعوث کیا تاکہ اُن کے ذریعے سے لوگوں کو تاریکیوں سے روشنی کی طرف اور تنگی سے کشادہ میدان کی طرف باہر نکال لاوے۔ (خدا نے) اپنی فرمانبرداری کو اُن کی فرمانبرداری پر موقوف کیا۔ اس بزرگی اور مرتبہ کا کیا ٹھکانا ہے۔ بعد انبیاء کے اُن کی پیروی کرنے والوں میں (خدا نے) جن کو چاہا۔ اس کی توفیق دی کہ انبیاء کے علموں کو کوشش سے حاصل کریں۔ اور ان کی شریعتوں کے اسرار معلوم کریں اس لئے وہ انعام خداوندی سے اسرار انبیاء کے جامع اور ان کے انوار نبوت سے کامیاب ہوگئے۔ ایسے لوگوں پر خدا نے ایک ایک کو ہزار ہزار عابدوں پر فضیلت دی ہے اور عالم ملکوت میں اُنکا نام عظیم بڑے مرتبہ والے رکھا گیا ہے اُنکی ایسی حالت ہے کہ تمام مخلوق الٰہی حتیٰ کہ پانی کے اندر مچھلیاں بھی اُن کے لئے دعا کرتی ہیں۔ بار خدایا تو اُن پر اور ان کے دار ثوں پر جب تک آسمان اور زمین قائم ہے رحمت نازل کرتا رہ۔ اور ان کو سلامت رکھ۔ اور اُن سب میں سے سیدنا محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو جن کو کشادہ اور روشن نشانیوں سے مدد دی گئی ہے افضل ترین رحمت اور بزرگ ترین تحفہ اور پسندیدہ ترین قبولیت کے ساتھ خاصکر اور آپ کی اولاد و اصحاب پر اپنے خوشنودی کا مینہ برسا اور اُن کو عمدہ جزا عطا کر +

اس کے بعد بندہ خدائے کریم کی رحمت کا محتاج احمد شہید ولی اللہ ابن عبدالرحیم (عاملہما اللہ تعالیٰ بفضلہ العظیم وجعل الجنۃ مثواہ المقیم) کہتا ہے کہ تمام یقینی علوم سے زیادہ عمدہ و بہتر لہ بیچ کے اور مذہبی فنون کی بنیاد علم حدیث ہے جس میں اُن اقوال و افعال اور بیانات کا ذکر کیا جاتا ہے جو کہ فضل رسولین صلی اللہ علیہ وسلم سے نکلے ہیں۔ اسلئے وہ اقوال وغیرہ تاریکی میں چراغ اور ہدایت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے نشانات اور گویا چودھویں رات کے تاب ناک چاند ہیں جس نے اُن کی پیروی کی اور اُن کو محفوظ کر لیا وہ راہ راست پر ہے اُس کو بڑے درجہ کی خوبی عطا کی گئی ہے اور جس نے اُن کو نہیں مانا وہ راہ راست سے بہک گیا اور پستی میں گرا اور اپنے لئے بجز نقصان کے اور کچھ زیادہ نہیں کیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رذائل سے منع کیا اور خوبیوں کا حکم دیا ہے (دکانات سے) ڈرایا ہے اور (درجات کی) بشارت دی ہے (بات بات کی) مثلیں بیان کی ہیں اور لوگوں کو نصیحتیں کی ہیں۔ وہ نصیحتیں شمار میں قرآن کے برابر ہیں بلکہ زیادہ ✦

علم حدیث کے مختلف طبقے ہیں اسلئے باہم اہل حدیث کے درجے مختلف ہیں اور اس علم میں بعض حصے بمنزلہ پوست کے ہیں جنکے اندر مغز بھرا ہوا ہے اور بعض بمنزلہ سیپیوں کے ہیں جنکے اندر موتی ہیں ✦

اور اکثر ابواب کے متعلق علمائے محدثین کی ایسی تصانیف ہیں کہ جن سے وحشی مضامین کا شکار کیا جاتا ہے اور سخت سے سخت مطالب بھی انکے ذریعہ سے رام ہو سکتے ہیں اور فنون حدیث میں سے سب سے زیادہ ظاہری وہ فن ہے جس سے احادیث کی صحت ضعف شہرت اور غرابت کا حال معلوم ہوتا ہے۔ محدثین میں سے نقادانِ فن اور علمائے متقدمین سے حفاظ حدیث نے اس فن کا بڑا اہتمام کیا ہے۔ اسکے بعد اس فن کا درجہ ہے کہ جس میں غریب احادیث کے معانی اور مشکل احادیث کا پورا انضباط ہو۔ اس کا اہتمام فنونِ ادبیہ کے اماموں اور علمائے عربیہ کے پختہ مغز لوگوں نے کیا ہے۔ پھر اُس فن کا درجہ ہے کہ جس میں احادیث کے شرعی معنی بیان کئے جاتے ہیں۔ اور فرعی احکام اُن سے نکالے جاتے ہیں۔ اور احکام منصوص کی عبارت یا اشارہ اور مزبر اور احکام کا قیاس کیا جاتا ہے۔ منسوخ اور محکم احکام سمجھے جاویں۔ اور ضعیف اور قوی کا علم حاصل کیا جاوے۔ عام علما کے نزدیک یہی فن بمنزلہ مغز اور موتی کے ہے۔ فقہاء محققین نے اس فن کی طرف نہایت توجہ کی ہے ✦

لیکن میری دانست میں تمام علوم حدیث میں سے زیادہ دقیق فن جسکی جڑ نہایت عمیق ہے اور اُس کا منار نہایت بلند ہے اور میری نظر میں جو تمام علوم شرعیہ سے زیادہ بلند مرتبہ اور عالی قدر ہے وہ اسرارِ دین کا علم ہے۔ جس میں تمام احکام دین کی حکمت اور لم اور ایک ایک عمل کے راز اور نکات بیان کئے ہیں۔ بالله وہ تمام علموں میں سے سب سے زیادہ اسکا مستحق ہے کہ جس سے بن پڑے اپنے نفیس وقتوں کو اُس میں صرف کیا کرے۔ اور مفروضہ طاعتوں کے بعد معاد کے لئے اُس کو ذخیرہ کرے اس لئے کہ شریعت کے احکام میں اُسی کے ذریعہ سے بصیرت پیدا ہوتی ہے اور اس فن کے عالم کو اخبار شریعت سے وہی تعلق ہوا کرتا ہے جو عروض کے عالم کو اشعار کے دیوانوں سے اور منطقی کو حکما کے دلایل سے اور نحوی کو فصحاء عرب کے کلام سے۔ اور اصول فقہ کے عالم کو فقہا کی تفریعوں سے ہوتا ہے ✦ اسی علم کے ذریعہ سے ایسی حیرانی سے حفاظت رہتی ہے جو کسی شخص کو رات کے وقت لکڑیاں جمع کرنے میں پیش آتی ہے کہ خشک و تر میں وہ امتیاز نہیں کر سکتا، یا پانی کی رو میں غوطہ لگانے والے کو اور وہ اس سے امن میں رہتا ہے کہ اُس اونٹنی کی طرح پاؤں مارے جس کو اپنے سامنے کی کوئی چیز نظر نہ آتی ہو۔ یا کسی نابینا اونٹنی پر سوار ہو ✦

ایسے شخص کی حالت اُس آدمی کی سی نہیں ہو سکتی۔ جس نے کسی طبیب کو کھانے کے لئے سیب بتاتے ہوئے سنا ہو اور مشکل ہونے کی وجہ سے اندر ان (خطا کا) اس پر قیاس کر لیا ہو ✦

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس علم کی وجہ سے آدمی اپنے پروردگار کی جانب سے ایک صاف دلیل پر اُس شخص کی طرح ہو جاتا ہے۔ کہ جس کو کسی معتبر آدمی نے یہ بتا دیا ہو کہ زہر مار ڈالا کرتا ہے اور اُسنے اُس کے فرمانے کی تصدیق کی ہو اور پھر قرائن سے معلوم کیا ہو۔ کہ واقعی زہر کی حرارت اور خشکی پرلے درجہ کی ہوتی ہے اور یہ دونوں کیفیتیں انسانی مزاج کے بالکل مخالف ہیں۔ تو جس بات پر اُس نے پہلے یقین کر لیا تھا۔ اب اس پر ایک درجہ یقین کا اور زیادہ ہو گیا +

اگرچہ احادیثِ نبوی نے اسرارِ دین کے اصول و فروع کو ثابت کر دیا ہے اور آثارِ صحابہ و تابعین نے اسکی اجمال و تفصیل کو صاف صاف بیان کر دیا ہے۔ اور اُن مصلحتوں کے دریافت کرنے میں جو شریعت کے ہر ہر باب میں ملحوظ رکھی گئی ہیں مجتہدین کا غور و نظر بھی انتہا کو پہونچ گیا ہے اور اُن کی پیروی کرنے والوں نے بھی بڑے بڑے نکتے ظاہر کئے ہیں۔ اور اُن کے گروہوں میں دقیق نظر علما نے بڑے عمدہ مضامین پیدا کئے ہیں +

اس لئے یہ علم اس حالت سے نکل گیا ہے کہ اس میں کلام اجماعِ اُمت کے خلاف سمجھا جاوے یا کسی حیرت یا ابہام میں پڑنے کا باعث ہو لیکن تاہم ایسے لوگ کم گذرے ہیں کہ جنھوں نے اس میں کوئی تصنیف کی ہو۔ اس کی بنیادوں کے استحکام میں غور کیا ہو اور اُسکے اصول و فروع کو مرتب کیا ہو یا کوئی چیز سیری کے قابل بلکہ اس قدر بھی کہ خواہش کی گرسنگی کو دفع کر سکے بیان کی ہو + اس فن کے راز اُسی شخص پر ظاہر ہو سکتے ہیں جس کو تمام علومِ شریعت میں پورا ملکہ ہو وہ تمام فنونِ دین میں یگانہ ہو اس علم کا چشمہ اُسی شخص کے لئے صاف ہوتا ہے جس کا دل خدا نے علم لدنی سے کھول دیا ہو۔ اور اسرارِ دینی سے لبریز کر دیا ہو اور اُسکے ساتھ ہی نہایت روشن ضمیر بھی ہو اور اُسکی طبیعت میں انتقال بھی ہو اور تحریر و تقریر میں فرزانہ ہو ہر بات کی تصویر کھینچنے اور اس کو خوشنما پیرایہ میں ظاہر کرنے میں قوت رکھتا ہو۔ اس سے خوب واقف ہو کہ اصول کو کیسے باہم ملاتے ہیں اور فروع کو اُن پر کس طرح قائم کرتے ہیں اور یہ جانتا ہو کہ قاعدوں سے پہلے کیسے تمہید لایا کرتے ہیں اور قاعدوں کے لئے عقلی اور نقلی دلائل کیسے بیان کرتے ہیں +

خدا کا مجھ پر یہ بڑا انعام ہے کہ اسرارِ دین کے علم سے اُس نے مجھے بہرہ مند کیا اور ایک حصہ اس علم کا بھی عطا کیا۔ اس پر میں کچھ ناز نہیں کرتا ہوں بلکہ اپنے قصور کا معترف ہوں اور اپنے نفس کے تزکیہ کا کچھ دعویٰ نہیں کرتا وہ بُرائی کا ہمیشہ حکم کرتا رہتا ہے +

ایک روز میں بعد عصر کے متوجہ الی اللہ بیٹھا ہوا تھا دفعۃً آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی روح نے ظاہر فرمایا اور اُس نے مجھ کو اوپر کی جانب سے ایسا ڈھانپ لیا کہ گویا کسی نے مجھ پر کوئی کپڑا ڈال دیا ہو۔ اس حالت میں مجھ پر القا کیا گیا کہ کیسی امر دینی کے بیان کی طرف اشارہ ہے۔ اُس وقت میں نے اپنے سینہ میں ایک فوارہ پایا جس میں دفعۃً فوقتاً ہمیشہ اور کشادگی بڑھتی رہی۔ پھر چند روز کے بعد الہام ہوا کہ اس صاف اور روشن امر کے لئے میرا آمادہ ہونا تقدیرِ الٰہی میں قرار پا چکا ہے۔ اور مجھ کو یہی معلوم ہوا کہ اپنے پروردگار کے انوار سے تمام زمین منور ہو گئی۔ غروب کے وقت روشنی نے اپنا عکس زمین پر ڈالا ہے اور شریعتِ مصطفوی اس زمانہ میں بدیں وجہ کہ دلایل کے وسیع دخل لباس میں ظہور فرما ہونے کو ہے سراپا فرحناک ہو گئی۔ اور اس کے بعد میں ایک زمانہ میں مکہ معظمہ میں وارد تھا۔ وہیں میں نے جناب امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو خواب میں دیکھا کہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان دونوں نے مجھ کو ایک قلم عطا فرما کر کہا کہ یہ قلم ہمارے نانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے اور میں اکثر اس فکر میں رہتا رہا کہ کوئی کتاب ایسی مدون کروں جو مبتدی کے لئے بینائی کا باعث اور منتہی کے لئے قابلِ تذکرہ ہو اور شہری اور بدوی سب اس سے فیض حاصل کر سکیں اور مجمعوں میں اس کے تذکرے رہیں +

لیکن مجکو اس قصد میں یہ بات دامنگیر ہوتی تھی کہ میں اپنے قریب کسی ایسے انصاف پسند معتبر عالم کو نہیں پاتا تھا کہ مشتبہ مسئلوں میں اس کی طرف رجوع کیا کرتا اور نیز علوم نقلی میں جو کہ برگزیدہ عہدوں میں مدون ہوئے ہیں میری دستگاہ کافی نہ تھی اور اس نے مجھ کو اور بھی بزدل کر دیا تھا کہ میں نے ایسا زمانہ پایا کہ جس میں جہالت تعصب - خواہشوں کی پیروی اور اپنی ناقص رایوں پر ناز کرنا شائع تھا - اور متبحر ہونا بھی نفرت کی جڑ ہوا کرتا ہے اور جو تصنیف کیا کرتا ہے ملامت کا ہدف بنا کرتا ہے، میں اسی شش و پنج میں تھا کبھی ایک قدم آگے بڑھتا تھا اور پھر پیچھے ہٹ جاتا تھا اور ایک بار چکر لگا کر پھر مجبورانہ واپس آتا تھا +

اسی اثنا میں میرے بزرگ بھائی اور گرامی دوست مولانا محمد عاشق (خدا اُن کو حوادث سے محفوظ رکھے) نے اس علم کے مرتبہ اور فضیلت کو خوب طرح سمجھا اُن کو الہام ہوا کہ جب تک اس علم کے دقائق اور برتر نکتوں کی کافی تلاش نہ کی جاویگی پوری طرح پر سعادت حاصل نہ ہوگی - انہوں نے خوب طرح اندازہ کر لیا تھا - کہ جب تک شکوک اور شبہات کی تکالیف نہ برداشت کینجاویگی اور اختلاف اور مخالفتوں کی سختی نہ جھیلی جاوے گی اس علم تک پہونچنا آسان نہیں ہے - اُس میں پورا خوض وہی شخص کر سکتا ہے جو سب سے پہلے اس دروازہ کو کھولے اور اس کے پکارتے ہی وحشی اور مشکل مضامین حاضر ہو جاویں اسکے لئے وہ حتی الامکان شہر شہر پھرے اور جس شخص کو عمدہ اور نیک پایا اُس سے تفتیش کیا اور ہر ایک ادنی و اعلے ناقص و کامل کی جستجو کی لیکن کسی کو نہ پایا کہ کوئی کارآمد بات کہتا یا کوئی روشن بیان ظاہر کرتا اور یہ دیکھکر وہ مجھ سے مصر ہوئے - اور چمٹ گئے اور میرا دامن پکڑ لیا جتنی میں معذوری ظاہر کرتا تھا وہ مجھ کو یہ حدیث یاد دلاتے تھے کہ جو کوئی شخص علم کو سیکھکر چھپا دیگا قیامت کے روز آگ کی لگام اُس کے دہن میں چڑھائی جاوے گی - یہانتک کہ انہوں نے مجھ کو بالکل خاموش کر دیا سب راستے تنگ ہو گئے اور پھر کوئی عذر نہ چل سکا اور مجھ کو یقین ہو گیا - کہ یہ ایک نہایت اہم کام ہے اور پچھلے الہام کی ایک صورت ہے - تقدیر الٰہی میں ایسا ہی مقدر ہو چکا ہے - اور ہر سمت سے اس نے مجھ کو گھیر لیا ہے - لہذا میں نے خدا کی طرف متوجہ ہو کر استخارہ کیا اور ہمہ تن مشغول ہو کر ہر امر میں اسکی مدد کا خواہاں ہوا اور اپنی قوت سے بالکل جدا ہو گیا اور ایسا مجبور ہو گیا کہ جیسے بے اختیاری حرکتوں میں غسال کے ہاتھ میں مردہ ہوتا ہے تب میں نے اُن کی درخواست کو شروع کیا اور نہایت عاجزانہ طور پر خدا سے دعا کی کہ تمام لہو و لعب کی باتوں سے میرا دل پھیر دے اور ٹھیک ٹھیک ہر چیز کی حقیقت مجھ کو بتا دے اور جو وسوسہ میرے دل میں فکر پیدا کرے اس کے رد کرنے میں میرا معاون ہو میرے دل کو توانا اور زبان کو گویا کر دے - اور جس مبحث میں میں داخل ہوں - امین لغزشوں سے بچکر کو محفوظ رکھے اور ہر حالت میں راست بیانی کی توفیق دے میں نے اُن کے سامنے پیش کر دیا تھا کہ بیان کے موقع پر میں ایک خض خاموش آدمی ہوں اور گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں میں کچ اعضا ہوں میرا سرمایہ بالکل ناقص

مقدمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے اوراق کی تلاش میں نہ مجھ سے خور کیا جاتا ہے اسلئے کہ میرا اول ایک ایسے امر میں مصروف ہے کہ جس پر زیادتی ممکن نہیں اور نہ میں منقولات کے حفظ کرنے میں انتہا درجہ کی کوشش کرسکتا ہوں کہ ہر آنے اور جانے والے کے سامنے اُس کو بیان کرتا رہوں اور میں اپنی جان سے صرف تنہا ہوں اپنی ہی گرد کو جمع کرنے والا ہوں اپنے دقت کا بندہ اور اپنے بخت کا تلمیذ ہوں اور اپنے ہی خیال بندی کا مقلد ہوں اور اپنے ہی نفس متاع کو غنیمت سمجھنے والا ہوں۔ جو اس کو پسند کرکے اسی پر بس کرنا چاہے وہ بس کرے نہیں تو وہ مختار ہے جو چاہے سو کرے۔ اور چونکہ آیۃ (وللہ الحجۃ البالغۃ) میں تکلیف شرائع اور جزاء اعمال کے راز اور احکام منزل من اللہ کے اسرار کی طرف اشارہ ہے۔ اور یہ کتاب کتاب بھی انہیں کی ایک بالیدہ شاخ ہے اور اُسی کے کنارہ سے چودھویں رات کے چاند نکلے ہیں۔ اسلئے اس کا نام حجۃ اللہ البالغہ رکھا گیا حسبی اللہ ونعم الوکیل ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم +

مقدمہ

بعض لوگ خیال کیا کرتے ہیں کہ شریعت کے احکامات کوئی مصلحت نہیں ہوا کرتی اور اعمال اور اُن کی جزا بین جو منجانب اللہ مقرر ہے کوئی مناسبت نہیں ہے اور احکام شریعت سے تکلیف کرنا بعینہ ایسا ہے کہ جیسے کوئی آقا اپنے ملازم کی فرمانبرداری کی آزمائش کرنے کو کسی پتھر کے اُٹھانے یا کسی درخت کے چھونے کا حکم دے جس میں بجز آزمائش کے اور کوئی فائدہ نہیں۔ پس اگر اسکی اطاعت کرکے جزا پاوے اور سرکشی کرے تو سزا دی جاوے +

یہ گمان بالکل فاسد ہے۔ حدیث اور اُن زمانوں کے اجماع جنکی خوبی اور برکت پر خود شرع نے شہادت دی ہے اس خیال کی تکذیب کرتے ہیں۔ جو شخص امور ذیل کو نہ سمجھ سکے اسکی واقفیت اُس سوزن کی نمی سے کیا زیادہ ہوسکتی ہے جسکو دریا میں غوطہ دیا ہو۔ کہ اعمال کا اثر نیتوں پر اور اُن نفسانی حالتوں پر موقوف ہے جن سے اعمال سرزد ہوتے ہیں جیسا کہ رسول خدا نے فرمایا۔ انما الاعمال بالنیات۔ اعمال کا ثواب نیتوں پر موقوف ہے۔ اور خدا تعالیٰ نے فرمایا۔ لن ینال اللہ لحومھا ولا دماؤھا ولکن ینالہ التقوی منکم۔ خدا سے نہیں نزدیک کرتے ہیں۔ قربانیوں کے گوشت اور نہ خون لیکن تمہاری پرہیزگاری اُس سے نزدیک کردیتی ہے۔ اور نماز خدا کی یاد اور اسکے حضور میں عاجزی کرنے کے لئے مشروع کی گئی ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے "اقم الصلوۃ لذکری" میری یاد کرنے کو نماز پڑھ اور نماز سے یہ بھی مقصود ہے کہ اسکی طفیل سے آخرت میں دیدار خدا نصیب ہوجاوے +

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے "سترون ربکم کما ترون ھذا القمر لا تضامون فی رویتہ فان استطعتم ان لا تغلبوا علی صلوۃ قبل طلوع الشمس وصلوۃ قبل غروبھا فافعلوا" بیشک تم اپنے پروردگار کو ایسا ہی دیکھو گے جیسا اس چاند کو دیکھتے ہو اسکے دیدار میں کچھ شک وشبہ تم کو نہ ہوگا۔ پس اگر تم سے اس کا اہتمام ہوسکے کہ سورج نکلنے اور غروب ہونے سے پہلے کوئی چیز تم کو نماز سے باز نہ رکھے تو ایسا ہی کرو +

اور زکوٰۃ کا حکم شریعت میں اسلئے دیا گیا ہے کہ اُس سے بخل کی کمینہ عادت جاتی رہے اور حاجتمندوں کی کار برآری ہوتی رہے جیسا کہ زکوٰۃ نہ دینے والوں کے حق میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے "ولا یحسبن الذین یبخلون بما اتاھم اللہ من فضلہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خیرلہم بل ہو شرلہم سیطوقون ما بخلوا بہ یوم القیامۃ" وہ لوگ جو اُن نعمتوں میں بخل کرتے ہیں جو خدا نے اپنے فضل سے ان کو دی ہیں یہ ہرگز خیال نہ کریں کہ یہ اُن کے حق میں اچھا ہے بلکہ بُرا ہے۔ قیامت کے روز یہ چیز جس کا اُنہوں نے بخل کیا اُن کے گلے کا طوق ہوگی اور جیسا کہ فرمایا رسولِ خدا نے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے "فاخبرہم ان اللہ تعالیٰ فرض علیہم صدقۃ تؤخذ من اغنیاءہم فترد علی فقراءہم" آنحضرت نے اُن کو بتایا کہ خدا نے اُن لوگوں پر صدقہ دینا فرض کیا ہے مالداروں سے لیا جاوے اور غریبوں کو دیا جاوے +

اور **روزہ** نفس کے مطیع کرنے کے لئے مقرر کیا گیا ہے فرمایا اللہ تعالیٰ نے "لعلکم تتقون" اسلئے کہ تم پرہیزگار ہو جاؤ اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے "فان الصوم لہ وجاء" کہ روزہ نفس کی خواہش کو روک دیتا ہے +

اور **حج** اسلئے مشروع ہوا ہے کہ اُس سے کہ خدا کی نشانیوں کی عظمت ظاہر کی جاوے خدا تعالیٰ فرماتا ہے "ان اول بیت وضع للناس للذی ببکۃ الایۃ" بیشک سب سے پہلا گھر جو لوگوں کی عبادت کے لئے بنایا گیا وہ گھر ہے جو مکہ میں ہے اور فرمایا "ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ" صفا اور مروہ خدا کے نشانوں سے ہیں +

اور **قصاص** کشت وخون کو باز رکھنے کے لئے قرار دیا گیا ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے "ولکم فی القصاص حیوۃ یا اولی الالباب" اے عقلمندو تمہارے لئے قصاص میں زندگی ہے +

حدود اور **کفارے** اسلئے قرار دئے گئے ہیں کہ گناہوں پر زجر وتوبیخ ہوتی رہے "کقولہ لیذوق وبال امرہ" تاکہ اپنے کئے کا مزہ چکھے +

جہاد میں یہ مصلحت ہے کہ خدا کا کلمہ بلند ہو اور فتنہ وفساد کا استیصال ہو جاوے فرمایا اللہ تعالیٰ نے "وقاتلوہم حتی لاتکون فتنۃ ویکون الدین کلہ للہ" اور کافروں سے لڑتے رہو تاکہ کوئی فتنہ پیدا نہ ہو اور خدا کے ہی تمام مذہب ہو جاویں +

اور باہمی **معاملات** اور **نکاح** کے اصول میں یہ خوبی ہے کہ لوگوں میں باہم عدل وانصاف قائم رہے۔ علاوہ ازیں اور امور بھی ہیں جنکی تشریح احادیث سے ہوتی ہے اور ہر زمانہ کے بعض بعض علماء بھی انکو بیان کرتے رہے ہیں۔ جو شخص ان امور سے ناواقف ہو اسکو بجائے اسکے کہ اپنے قول کو شامل میں لاوے یہ بہتر ہے کہ اپنے حال زار پر افسوس کرے۔ پھر آنحضرت نے بعض بعض موقعوں پر اوقات معین کرنے کے اسرار بھی بیان فرمائے ہیں چنانچہ ظہر کی چار رکعتوں کے متعلق آپ نے فرمایا ہے کہ اس وقت آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں۔ لہذا میں چاہتا ہوں کہ کوئی نیک عمل میرا بھی آسمان کی طرف بلند ہو۔ روزۂ عاشورہ کی نسبت آپ نے فرمایا کہ یہ روزہ اس لئے مشروع ہوا تھا۔ کہ موسیٰ نے فرعون کے ہاتھ سے اُسی دن نجات پائی تھی اور ہمارے واسطے اس لئے کہ موسیٰ کے طریقے کی پیروی ہو مشروع ہوا ہے۔ اسکے علاوہ بھی اور بعض بعض احکام کے اسرار بیان کئے ہیں +

جاگنے والے کے لئے فرمایا کہ کچھ اُسکو خبر نہیں رہتی کہ کہاں اس کا ہاتھ جا پڑا ہو اور پیشاب صاف کرنے کے لئے فرمایا کہ شیطان اُسکی ناک کے نتھنے پر سوتا ہے اور خواب کی نسبت فرمایا کہ سونے سے بدن کے جوڑ ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔ رمی جمار کے لئے فرمایا کہ یہ خدا کی یاد بڑھانے کو ہے۔ اور فرمایا کہ احرام آنے کے لئے جامہ اسلئے ہے کہ ایسی نظر نہ پڑ جائے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بلی کی نسبت ارشاد ہوا کہ وہ تمہارے مکانوں میں اکثر پھرتی پھراتی رہتی ہے اسلئے اسمیں کچھ نجاست نہیں ہے اور بارہا فرمایا کہ یہ کام کسی عزلی دور کرنے کے لئے ہے شیر خوارگی کے زمانہ میں عورتوں سے احتلاط کرنے کے متعلق فرمایا کہ اس سے بچے کو ضرر پہونچتا ہے بعض امور کے متعلق فرمایا کہ اس سے کافروں کے فعل کی مخالفت مقصود ہے۔ چنانچہ فرمایا کہ آفتاب صبح کو شیطان کے دو نوسینگوں کے بیچ سے طلوع ہوتا ہے اور اس وقت کافر اس کو سجدہ کرتے ہیں کہیں تحریف سے روکنا مصلحت قرار دیا جیسا کہ حضرت عمر نے ایک شخص سے جو نفل پڑھنے والے کے پیچھے فرض پڑھتا تھا کہا کہ اگلے لوگ ایسے ہی ایسے کاموں سے ہلاک ہو گئے ہیں آنحضرت نے فرمایا کہ اے عمر تیری رائے درست ہے۔ اور کبھی کسی ہرج کی وجہ سے بھی بعض مسایل مشروع ہوتے ہیں۔ آنحضرت نے فرمایا "اوبکلکم ثوبان" کیا تم میں سے ہر ایک کے پاس دو ہی کپڑے ہوا کرتے ہیں۔ اور خدا تعالیٰ نے فرمایا "علم اللہ انکم کنتم تختانون انفسکم فتاب علیکم وعفا عنکم" خدا جانتا تھا کہ تم اپنے نفسوں کی خیانت کیا کرتے ہو اسلئے تمہاری توبہ قبول کی اور تمہارا قصور معاف کر دیا بعض موقعوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رغبت اور خوف دلانے کے اسرار بیان فرمائے ہیں اور بعض مشتبہ موقعوں پر صحابہ نے آپ سے رجوع کیا ہے۔ اور ان کے شبہ رفع کرنیکو اس امر کے متعلق اپنی اصلی بات بتادی ہے چنانچہ فرمایا کہ مکان پر یا بازار میں نماز پڑھنے سے جماعت کا ثواب ۲۵ درجہ زیادہ ہے اسلئے کہ جب کوئی تم میں سے وضو کرتا ہے اور بخوبی اسکے آداب بجالاتا ہے اور پھر مسجد میں داخل ہوتا ہے۔ تو اسکے دل میں صرف نماز ہی کا خیال ہوا کرتا ہے اور فرمایا کہ تمہاری شرمگاہ میں بھی ایک قسم کا ثواب ہے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا ہم میں سے جب کوئی اپنی نفسانی خواہش کو پورا کرتا ہے اسمیں بھی ثواب پاتا ہے۔ آپ نے فرمایا کیوں نہیں۔ کیا تم نہیں جانتے کہ اگر وہ حرام میں اس کو بیجا استعمال کرتا تو اس پر بار گناہ ہوتا یا نہیں۔ ایسا ہی جب اس نے حلال میں استعمال کیا اس کو ثواب ملیگا +

اور فرمایا کہ جب دو مسلمان باہم تلوار سے لڑیں وہ دونوں دوزخی ہیں صحابہ نے عرض کیا کہ قاتل تو خیر مقتول کیوں دوزخی ہوتا ہے؟ آپ نے فرمایا کہ مقتول بھی تو اپنے مقابل کے قتل کا از بس خواہاں تھا۔ اسکے علاوہ اور بے شمار موقع ہیں۔ حضرت عباس نے جمعہ کے روز غسل مسنون ہونیکی وجہ بیان کی۔ حضرت زید بن ثابت نے درختوں کے پھل ظاہر ہونے سے پہلے بھاؤ فروخت کرنے کی ممانعت کا سبب بیان کیا اور عبداللہ ابن عمر نے اس کی وجہ بیان کی کہ بیت اللہ کے چار رکنوں میں صرف دو ہی کو بوسہ کیوں دیا جاتا ہے +

ان کے بعد تابعین اور تابعین کے بعد ایمہ مجتہدین ہمیشہ مصلحتوں کو احکام کے علل بیان کرتے رہے۔ مصلحتوں کو اغراض بخوبی سمجھتے رہے منصوص احکام کے ایسے ایسے مناسب اسباب بیان کرتے رہے۔ جن کو کسی منفعت کے حاصل ہونے یا کسی مضرت کے دفع کرنے سے کچھ نہ کچھ تعلق تھا ان کی کتابوں اور مذاہب میں یہ سب امور بتفصیل مذکور ہیں۔ ان طبقوں کے بعد امام غزالی اور علامہ خطابی اور امام عزالدین ابن عبدالسلام وغیرہ (شکر اللہ مساعیہم) نے لطیف لطیف نکتوں اور بلند ترین تحقیقات کو ظاہر کر دیا +

اس جیسے کہ مذہب اسلام نے اس مصلحت اندیشی کو ضروری قرار دیا ہے اور اس پر گویا اجماع ہو گیا ہے ایسے ہی یہ بھی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضرور ہے کہ ان مصلحتوں سے قطع نظر کر کے خود کسی چیز کا واجب کسی چیز کا حرام قرار دینا ہے فرمانبردار کے ثواب پانے اور نافرمانی کرنے والے کے عذاب کا ذاتی سبب ہے اور محض بے اصل ہے جو خیال کیا جاتا ہے کہ اعمال کا حسن و قبح یعنی کام کرنے والے کا مستحق ثواب یا عذاب ہونا محض عقلی ہے۔ شریعت اپنی جانب سے نہ کسی چیز کو واجب کرتی ہے نہ حرام۔ اس کا کام یہ ہے کہ اعمال کی خاصیتوں کو ٹھیک ٹھیک بتلا دے جیسے کہ کوئی طبیب دواؤں کی خاصیتیں بیماریوں کے اقسام بیان کر دیتا ہے۔ یہ گمان فاسد ہے حدیث علانیہ طور پر اس کی تردید کرتی ہے +

یہ کیسے ہو سکتا ہے آنحضرت تو رمضان میں تراویح کی نسبت فرماتے ہیں مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں وہ فرض نہ ہو جاویں اور فرمایا وہ بڑا گنہگار وہ مسلمان ہے جو ایسی ایسی چیزیں دریافت کرے جو ابھی تک حرام نہ تھیں لیکن اُنکے سوال کرنے ہی سے حرام کر دی گئیں اُنکے علاوہ اور کئی حدیثیں اسی مضمون کی وارد ہوئی ہیں۔ بھلا اگر ایسا ہی ہوتا۔ تو اُس مقیم کو جو سختی سے بسر کرتا ہے روزہ کا افطار کرنا درست ہوا کرتا جیسا کہ مسافر کو سختی کی وجہ سے افطار درست ہے۔ وہی تنگی و سختی جس پر رخصتوں کا مدار ہے یہاں بھی مقیم کی حالت میں موجود ہے اور ایسا ہی خوشحال مسافر کو افطار کرنا درست نہ ہوتا۔ تمام حدود شرعی کا یہی حال ہے +

ایسے ہی علم حدیث نے یہ بھی لازم کر دیا ہے کہ جب کوئی حکم شرع بروایت صحیح ثابت ہو جاوے تو اس کی تعمیل کو مصلحت کے معلوم ہونے پر موقوف نہ رکھے۔ اکثر عقلیں عموماً مصلحتوں کو اپنے بل پر معلوم نہیں کر سکتیں ہیں۔ اور نیز ہم کو اپنی عقلوں پر اتنا اعتماد نہیں ہے جتنا کہ آنحضرت پر ہے اسی لئے اُن لوگوں پر اس علم کا اظہار نہیں کیا گیا جو اُسکے اہل نہیں تھے۔ اس علم کے بھی وہ شرائط ہیں جو کتاب الٰہی کی تفسیر کے ہیں بغیر سند حدیث کے محض اپنی رائے سے اس میں خوض کرنا حرام ہے +

مذکورہ بالا تقریر سے یہ بھی ظاہر ہو گیا کہ احکام شرعی کے مقرر کرنے کی ٹھیک مثال یہ ہے کہ کسی آقا کے غلام بیمار ہوں اور یہ آقا اُن کی دوا پلانے کو ایک خاص آدمی متعین کر دے اس صورت میں اگر یہ غلام علاج کرانے میں اُس طبیب کی فرمانبرداری کریں گے تو گویا اپنے آقا کی فرمانبرداری کریں گے اُنکا آقا خوش ہوگا اور بھلائی سے اُن کے ساتھ پیش آویگا۔ اور اُن کو بھی بیماری سے نجات بلجاویگی۔ اور اگر انہوں نے اُس طبیب کا کہنا نہ مانا تو گویا اپنے آقا ہی سے سرتابی کی۔ اُس کے غصہ میں مبتلا ہوئے اور نہایت سخت سزا انکو ملی اور مرض نے اُنکا کام تمام کر دیا۔ اسی طرف آنحضرت نے اُس حدیث میں جو فرشتوں کی طرف سے روایت کی ہے اشارہ فرمایا کہ اس کا حال ایسا ہے کہ جیسے کسی شخص نے ایک گھر تعمیر کر کے اُس میں کھانا تیار کیا اور ایک بلانے والے کو بھیجا کہ لوگوں کو بلا لاوے۔ اب جس نے بلانے والے کی بات مان لی۔ اُس نے گھر میں داخل ہو کر کھانا کھایا اور جس نے اُس کے کہنے کی پروا نہ کی وہ نہ گھر میں داخل ہوا۔ نہ اُس نے کھانا کھایا اور اور جگہ ارشاد فرمایا کہ میرا اور اُن احکام کا حال بن کے ساتھ خدا نے مجکو بھیجا ہے ایسا ہے جیسا کہ کسی آدمی نے کسی قوم کے پاس جا کر کہا کہ لوگو میں نے اپنی آنکھ سے لشکر دیکھا ہے تم کو برملا آگاہ کرتا ہوں۔ کہ اپنے بچنے کی فکر کرو۔ اپنے آپ کو بچاؤ جنہوں نے اُس کا کہنا مان لیا اور شروع رات سے سفر کا سامان کر کے چل دیئے وہ محفوظ رہے اور جس فریق نے اُس کو جھٹلا دیا اپنی جگہ ٹھیرا رہا یہاں تک کہ صبح کے وقت لشکر نے اُن کو آلیا۔ اور بیخ و بن سے برباد کر دیا اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آنحضرت نے اپنے پروردگار کیطرف سے فرمایا کہ وہ تمہارے اعمال ہیں جو تم پڑتے ہیں ۔

ہماری اس تقریر سے کہ حالت احکام کی عین بین ہے یعنی اعمال کو اور چیزوں کے واجب اور حرام مقرر کرنے کو دونوں کو ثواب اور عذاب کے مستحق ہونے میں دخل ہے۔ اُن مختلف دلیلوں میں بھی تلفیق ہوگیا کہ زمانۂ جاہلیت کے لوگوں کو اُن کے اعمال پر عذاب دیا جاوے گا یا نہیں ۔

اور بعض لوگ یہ تو کسی قدر جانتے ہیں کہ احکام کے لئے مصلحتیں علت ہیں اور اعمال پر جزا اُن نفسانی حالتوں کی ہی وجہ سے مرتب ہوتی ہے جنکے نفس عمل ہو جاتا ہے یا بگڑ جاتا ہے جیسا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ بدن میں ایک بوٹی ہے اُسکی درستی سے سارا بدن درست رہتا ہے اور اُسکے بگڑنے سے سارا بدن بگڑ جاتا ہے۔ سنو کہ وہ دل ہے لیکن یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ اس فن کا مدون کرنا یا اُسکے اصول و فروع کا مرتب کرنا عقلاً تو اسواسطے منع ہے کہ اُس کے مسایل نہایت مشکل ہیں اور شرعاً اسلئے ناممکن ہے کہ سلف نے اُسکو جمع نہیں کیا حالانکہ اُن کا زمانہ آنحضرت سے قریب تھا اور اُنکے علوم بہت وسیع تھے تو گویا اُسکے ترک پر سب کا اتفاق سا ہوگیا ہے۔ یا یوں کہ اُٹھتے ہیں کہ اس علم کے مرتب کرنے میں کوئی معتد بہ فائدہ نہیں ہے کیونکہ شریعت پر عمل کرنا کچھ احکام کی مصلحتوں سے واقف ہونے پر موقوف نہیں یہ سب گمان فاسد ہیں اسلئے اس قول کے کہ اُسکے مسایل مشکل ہیں، اگر یہ معنی ہیں کہ اس صورت میں اس علم کا جمع کرنا بالکل ہی ناممکن ہے تو مسایل کے مشکل ہونے سے یہ بات لازم نہیں آتی۔ دیکھو توحید و صفات کے مسایل کیسے کیسے مشکل ہیں اُن کا پورا دریافت کرنا کیسا دشوار ہے تاہم خدا جسکے لئے چاہتا ہے اُنکو آسان کر دیتا ہے ہر ایک علم کا یہی حال ہے ظاہر نظر میں معلوم ہوا کرتا ہے کہ اُسمیں بحث کرنا دشوار ہوگا اور اُسکا پورا پورا دریافت کرنا تقریباً ناممکن ہوگا لیکن جب اُسکے متعلقات میں کوشش کی جاتی ہے اور آہستہ آہستہ اُسکے مقدمات اور مبادی سمجھے جاتے ہیں تو اُس میں قدرت بڑھتی جاتی ہے اور اُسکی بنیادیں مستحکم ہوتی جاتی ہیں اور اُسکی فروعات اور متعلقات کا نکالنا آسان ہوتا جاتا ہے ۔

اور اگر یہ معنی ہیں کہ اُس میں کسی قدر دشواری ہے اسکو ہم بھی تسلیم کرتے ہیں لیکن دشواری ہی سے تو بعض علموں کی فضیلت بعض پر ظاہر ہوا کرتی ہے۔ جب تک کہ مشقتیں اور شدائد نہ جھیلے جاویں تمنائیں پوری نہیں ہوتیں۔ علوم میں ملکات تبھی حاصل ہوتے ہیں کہ عقلی تکالیف برداشت کیجاویں اور ہر مہمات کے سمجھنے میں نہایت خوض اور غور کیا جاوے ۔

اور یہ کہنا کہ سلف نے اُسکو مدون نہیں کیا ہے ہم کو سلف کے مدون کرنے کی کیا پرواہ ہے جب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اُسکے اصول کو قایم کر دیا ہے اور اُسکے فروع کو مرتب فرما دیا ہے حضرت عمرؓ حضرت علیؓ حضرت زیدؓ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ حضرت عایشہؓ وغیرہ جیسے فقہاء صحابہ نے اُس میں گفتگوئیں کی ہیں اور اُسکی وجوہ کو روشن بیانی سے ظاہر کر دیا ہے اور اُنکے بعد علمائے دین اور مہروان طریقہ یقین اُن ضروری امور کو جنکو خدا تعالےٰ نے اُن کے دلوں میں ذخیرہ کیا تھا ظاہر کرتے رہے ہیں۔ جب اُنکو کسی ایسے شخص سے مناظرہ کی ضرورت آپڑتی تھی جو شک اور شبہ سے فتنہ پردازی کرنا چاہتا تھا تو وہ مستعدانہ بحث کی شمشیر کو میان سے نکال لیتے تھے اپنے ارادوں کو مصمم کر کے جرأت اور دلیری سے بدعتیوں کے لشکر کو ہزیمت دیتے تھے ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں نے خوب سمجھ لیا کہ ایک ایسی کتاب کا مدوّن کرنا جس میں اس فن کے اصول و قواعد کا ایک معقول حصہ ہو نہایت کارآمد اور منفعت ہوگا۔

متقدمین کو اس فن کی اسلئے ضرورت نہ تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فیض صحبت سے انکے عقیدے بالکل صاف تھے۔ آپ کے زمانہ سے وہ قریب تھے۔ انمیں اختلافات کم تھے انکے دل مطمئن تھے۔ ان امور کی تفتیش کی انکو کچھ ضرورت نہ تھی جو آنحضرت سے ثابت ہو چکے تھے منقول کو معقول سے مطابق کرنے کا انکو کچھ خیال نہ تھا۔ ثقات سے اکثر مسئلوں کا دریافت کر لینا ممکن تھا۔

علیٰ ہذا القیاس اسیوجہ سے کہ ان کا زمانہ قرن اول کے متصل تھا رجال حدیث انکے پیش نظر تھے اپنے کانوں سے وہ انکا کلام سنتے تھے۔ ہر ایک بات کو علمائے ثقات سے دریافت کر سکتے تھے۔ اختلافات مذہبی انمیں کم تھے فنون حدیث کی کچھ ضرورت انکو نہیں تھی۔ غریب حدیثوں کے شرح اسماء رجال کے تحقیقات انکی عدالت کے وجہے بیان کرنے کی کوئی حاجت نہ تھی ایسے ہی مشکل احادیث کی تفسیر حدیث کے اصول مختلف حدیثوں کا بیان۔ احادیث کے راز ضعیف کو صحیح سے تمیز دینا موضوع کو معتبر سے جدا کرنا یہ سب غیر ضروری تھا۔

فنون بالا میں سے ہر فن کی تدوین انکے اصول و فروع کی ترتیب مدت دراز کے بعد ہوئی جب اسکی ضرورت کا وقت آیا پھر ایک زمانہ کے بعد فقہا میں اس بنا پر اختلاف ہوا کہ احکام کی کیا کیا علتیں ہیں اور ان علتوں کے متعلق ایسی بحثیں چھڑیں کہ انسے وہ مصلحتیں کیسی حاصل ہو سکتی ہیں جو شرع میں معتبر ہیں بسکثرت مذہبی مسایل میں اکثر اپنی رائے کو دخل دیا جانے لگا اور اعتقادی اور عملی مسئلوں میں شکوک اور شبہات پیدا ہونے لگے اور ایسا وقت آپہونچا کہ نقلی نصوص پر عقلی دلایل کا قائم کرنا اور منقول کو معقول سے مطابق کرنا دین کی کامل مدد کا باعث ہوا اور مسلمانوں کی پراگندگی دور کرنے میں ایسی ایسی کوششوں سے عمدہ آثار ثابت ہوئے۔ یہ عبادت سب عبادتوں سے افضل اور تمام بندگیوں کی اصل قرار پائے۔

یہ کہنا کہ اس فن یعنی اسرار دین کی تدوین بے فائدہ ہے۔ بالکل بے اصل ہے بلکہ اسمیں بڑے بڑے فایدے ہیں۔ اولاً اسکے ذریعہ سے آنحضرت کے معجزات میں سے ایک بہت بڑے معجزہ کا اظہار ہوتا ہے۔ آنحضرت نے لوگوں کے سامنے قرآن عظیم کو پیش کیا جسنے تمام بلغاء زمانہ کو تھکا مارا کسی ایک سے بھی بن نہ پڑا کہ ویسی ایک سورہ بنا سکتا۔ لیکن جب زمانہ قرن اول کا گزر گیا اور اس کی معجز نما وجہیں لوگوں پر مخفی ہو گئیں تو علماء امت نے اپنی ہمت سے ان وجوہ کو ظاہر و باہر کر دیا تاکہ جو لوگ انکے ہمرتبہ نہ ہوں وہ قرآن کے اعجاز کو بخوبی سمجھ سکیں ایسے ہی خدا کی جانب سے آپ نے ایسی شریعت کو عام نظروں کے سامنے پیش کیا جو تمام شریعتوں سے زیادہ مکمل ہے اسمیں ایسی ایسی مصلحتیں ملحوظ ہیں جن کا اندازہ طاقت بشری نہیں کر سکتی آپ کے زمانہ کے لوگوں نے احکام الہیہ کی عظمت کو خوب معلوم کر لیا تھا اپنی زبانوں سے انہوں نے اسکا اظہار کیا ہے اور اپنے خطبوں اور تقریروں میں اسکو صاف صاف بیان کیا ہے لیکن انکا زمانہ گذر جانے کے بعد یہ ضرورت پیش آئی کہ امت محمدیہ میں کوئی ایسا شخص ہو جو اس قسم کے اعجاز کی وجہوں کو لوگوں پر ظاہر کر دے ان اسباب

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی تشریح کردے جن سے عیان ہوجاوے کہ شریعتِ محمدیہ تمام شرایع سے زیادہ کامل ہے۔ آنحضرت جیسے شخص سے اس پایہ کی چیز کا ظاہر ہونا ایک پرعظمت معجزہ ہے ثانیاً۔ ایمان لانے کے بعد اس علم سے دلی اطمینان زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ جیسے کہ آنحضرت ابراہیم خلیل اللہ نے فرمایا لیکن تاکہ میرا دل مطمئن ہوجاوے۔

ثالثاً۔ جب دلایل باہم ایک دوسرے کے موید ہوتے ہیں اور کوئی شے جب مختلف طریقوں سے ثابت کیجاتی ہے تو اس سے سینہ میں ایک قسم کی راحت پیدا ہوکر اضطراب دور ہوجاتا ہے۔

رابعاً۔ خالصاً خدا کی عبادت کرنے والا جب خدا کی عبادت میں کوشش کرتا ہے اور اس پر وہ عبادتوں کے شروع ہونے کی وجہ سے واقف ہوتا ہے اور عبادت کے ارواح اور انوار کی دل سے محافظت کرتا ہے تو تھوڑی عبادت بھی اسکو بہت نفع دیتی ہے اور وہ اندھا دھند کسی کام کو نہیں کرتا اسلئے امام غزالیؒ نے سلوک کی کتابوں میں عبادت کے اسرار جابجا بیان کئے ہیں۔

خامساً۔ فقہا نے اکثر فقہ کے فروعی مسئلوں میں اسی بنا پر کہ احکام کی علتیں کونسی مناسب اور کون سی نامناسب ہیں بڑا اختلاف کیا ہے اور پورے تحقیق بدون اس کے کہ مصلحتوں کے متعلق ایک مستقل گفتگو کی جاوے ناتمام رہتی ہے۔

سادساً۔ بدعتی لوگ اکثر اس قسم کے شبہے اسلامی مسئلوں میں ظاہر کیا کرتے ہیں کہ یہ عقل کے خلاف ہیں اور جو چیز عقل کے خلاف ہو اسکو رد کردینا چاہئے یا کسی تاویل سے درست کردینا چاہئے۔ چنانچہ وہ عذاب قبر میں کہا کرتے ہیں کہ کیفیتیں بداہۃ اور عقل کے بالکل خلاف ہیں ایسے ہی حساب اعمال بالصراط۔ میزان کے متعلق تقریر کرتے ہیں اور انکیں دور از کار تاویلیں کیا کرتے ہیں اور فرقہ اسمٰعیلیہ نے یہ کہکر بڑا فتنہ برپا کیا تھا کہ یہ کیا بات ہے کہ رمضان کے پہلے دن کا روزہ تو واجب ہو اور شوال کے پہلے دن کا روزہ حرام ہو۔ اور ایسی ہی گفتگوئیں اور بھی ہوتی ہیں ایک فرقہ یہ خیال کرکے کہ رغبت اور خوف دلانے کی چیزیں صرف طبیعتوں کے ابھارنے کے لئے ہیں۔ واقعہ میں ان کی کوئی پایدار اصل نہیں۔ ترغیب اور ترہیب کے مضامین کا مذاق اڑاتے ہیں۔

ایسے ایسے مفسدوں کے دفع کرنے کی یہی صورت ہے کہ ہر ہر امر کی مصلحتیں بیان کی جاویں انکے قابلے خوب پختہ کئے جاویں۔ یہود۔ نصاریٰ۔ دہریوں کے مقابلہ میں بھی ایسا ہی کیا گیا ہے اور اس علم کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ مسلمانوں میں ایک فرقہ اسکا قایل ہے کہ جو حدیث قیاس کے بالکل مخالف ہو وہ نہیں ماننی چاہئے۔ اس سے اکثر صحیح حدیثوں میں بڑی خرابی پڑگئی۔ مثلاً حدیث مصراۃ اور حدیث قلتین۔ اسلئے اہلحدیث کو ضرور ہوا کہ ان کے الزام دفع کے لئے بتاویں کہ یہ سب حدیثیں شرعی مسئلوں کے بالکل موافق ہیں اور علاوہ مذکورہ بالا فایدوں کے اور بے شمار فایدے ہیں اور جب مجھ پر بیان کا جوش غالب ہوگا اور قاعدوں کی تمہید بیان کرنے میں مجھکو نہایت غور کرنا پڑے گا تو بمقتضائے کلام میری قلم سے وہ باتیں نکل جاوینگی کہ مناظر متکلمین سے کم تو اس کے قایل ہوئے ہونگے مثلاً اسکا قایل ہونا کہ خدا تعالےٰ آخرت کے موقعوں پر شکل و صورت میں تجلی فرمائیگا اور ایک ایسے عالم کو ثابت کرنا جس کی ترکیب عنصری نہیں ہے اعمال

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اور مخفی چیزیں ایسے ایسے قالبوں میں جو صفت میں اُن اعمال وغیرہ کے مناسب ہوتے ہیں مجسم ہوکر ظاہر ہوتی ہیں اور قبل اسکے کہ زمین پر حوادث پیدا ہوں وہ پہلے ہی سے اس بیچگون عالم میں ظاہر ہوجاتی ہیں ۔

اور اس بات کا قایل ہونا کہ اعمال کو نفس کی حالتوں سے ایک خاص تعلق ہے اور دنیا اور آخرت میں جزا پانیکا حقیقۃً وہی باعث ہوتے ہیں اور قضاوقدر کا قایل ہونا جسکا اثر لازمی ہے اور علےٰ ہذا القیاس ۔

اور یہ معلوم کرلینا چاہئے کہ میں نے ایسے ایسے اقوال پر جرأت جبھی کی ہے کہ آیتوں اور حدیثوں اور صحابہ اور تابعین کے آثار کو اُنکے موید پالیا ہے اہل سنت میں خاص درجہ کے لوگ جو علم لدنی کیوجہ سے سب سے ممتاز ہوئے ہیں اُن سبکو انکے قایل ہوچکے تھے اُنہوں نے اپنے اصول اُن اقوال کے موافق قایم کئے تھے ۔

اہل سنت حقیقۃً علم کلام کے کسی خاص فرقہ کا نام نہیں ہے بلکہ اہل قبلہ نے ضروریات دین کے ماننے کے بعد جن جن مسئلوں میں اختلاف کیا ہے اور باہمی اختلاف سے انکے جدا فرقے بن گئے ہیں وہ دو قسم کے ہیں بعض تو ایسے ہیں کہ قرآن کی آیتوں یا صحیح حدیثوں میں اُنکا بیان ہوا ہے سلف یعنی صحابہ تابعین اُنکو مانتے رہے ایک زمانہ کے بعد جب اپنی رائے کا پسند کرنا ہر صاحب رائے کا شیوہ ہوگیا اور مسلمانوں کے بہم فرقے بننے لگے تو ایسے وقت میں ایک فرقہ نے تو انہیں امور کو اختیار کیا جو صاف صاف قرآن اور حدیث سے ثابت تھے سلف کے عقیدوں پر وہ مضبوطی سے جم گئے اسکی کچھ پروا نہ کی کہ عقلی قاعدوں کے مخالف ہوں یا موافق اگر فن معقول کی کوئی بات بیان بھی کی تو مخالفین کے الزام دینے کو یا دلی اطمینان بڑھانے کو رایوں سے کوئی فایدہ حاصل کرنا انکو مقصود نہیں تھا انکا نام اہل سنت ہے ۔ اور ایک فرقہ نے اپنا شیوہ اختیار کیا کہ جہاں جہاں اپنے زعم میں اسلام کی کوئی بات انہیں عقلی اصول کے خلاف معلوم ہوئی تو اسکی تاویل کرکے ظاہری معنی سے پھیر دیا اور ہر مسئلہ میں علم معقول کے قاعدوں کے موافق کلام کیا ۔ جیسے سوال قبر ۔ وزن اعمال ۔ خدا کا دیدار ۔ اولیا کی کرامتیں ۔ یہ سب امور قرآن وحدیث سے برملا ثابت ہیں سلف نے اُن پر اتفاق کیا ہے لیکن بعض لوگوں کی نظر میں یہاں معقول کا قافیہ تنگ ہے ۔ اسیواسطے ایسے ایسے امور کا یا تو وہ صاف صاف انکار کردیتے ہیں یا پھیر پھار کے معنی کچھ کے کچھ کیا کرتے ہیں اور ایک فریق قایل ہے کہ ہمارا ان امور پر ایمان ہے اگرچہ اُن کی اصلی حقیقت ہم کو معلوم نہ ہو اُن پر معقول کی کافی شہادت ہمارے خیال کے موافق نہ ہو ۔

اور ہم کہتے ہیں کہ ہمارا سب امور پر ایمان ہے اور کیونکر جب سے صاف صاف دلایل اُسکے حقانیت کے ہمارے پاس موجود ہیں اور ہماری رائے میں عقلی شہادتوں سے انکا کافی ثبوت ہوتا ہے ۔

اور امور دینی میں سے ایک حصہ ایسا ہے کہ قرآن میں اُن کا ذکر نہیں ہے اور احادیث میں اُنکی شہرت نہیں ہوئی صحابہ نے بھی انکے متعلق کچھ بیان نہیں کیا اسلئے اس حصہ پر ایک پردہ سا پڑا رہا لیکن آیندہ دور کے علما میں اسکا چرچا ہوا اور وہ ایک دوسرے سے بالکل جدا ہوگئے علما نے اس حصہ کو دو طرح پر خوض کیا یا تو اُن مسئلوں کو محض نقلی دلایل سے ثابت کیا جیسا کہ نبیا کا فرشتوں سے افضل ہونا اور حضرت عائشہؓ کی حضرت فاطمہ پر فضیلت یا علما نے ان امور کو جزا دین قرار نہیں دیا بلکہ امور دینی کا سمجھنا اُن پر موقوف سمجھا ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چنانچہ امور عامہ کے مسئلے جو ہر وعرض کے مباحث اسلئے عالم کا حادث ہونا جب ہی ثابت ہو سکتا ہے کہ ہیولی باطل اور جزلا یتجزی ثابت کر دیا جائے اور یہ امر کہ خدا تعالےٰ نے عالم کو بلا وساطت دوسرے کے پیدا کیا ہے جب ہی پایہ ثبوت کو پہونچ سکتا ہے کہ اس مشہور قول کی تردید ہو جاوے کہ ایک چیز سے ہمیشہ ایک ہی چیز پیدا ہو سکتی ہے اور جبتک کہ اسباب اور انکے مسببات میں لزوم عقلی باطل نہ ہو جاوے معجزات کا ثبوت نہیں ہو سکتا۔ معاد جسمانی کا مسئلہ جب ہی طے ہو سکتا ہے کہ ایک معدوم چیز کا دوبارہ لوٹ آنا ممکن ہو وعلےٰ ہذا القیاس ۔

اُن باقی امور کو سمجھنا چاہئے جو بالتفصیل کتابوں میں مندرج ہیں ۔

اور ایک تیسری نحو اختلاف کی یہ ہے کہ ایک اصلی امر پر تو اتفاق ہو جو قرآن و حدیث سے ثابت ہوتا ہو لیکن اُس کی تفصیل اور تفسیر کرنے میں علما نے اختلاف کیا ہو چنانچہ اسپر سب کا اتفاق ہے۔ کہ خدا میں سمع۔ بصر کی دو صفتیں ہیں اب اس میں اختلاف ہے کہ اُسکے سمیع۔ بصیر ہونے کے کیا معنی ہیں ایک فرقہ قایل ہے کہ ان دونوں کا حاصل یہ ہے کہ خدا اُن چیزوں کو اپنے علم سے جانتا ہے جو سُننے یا دیکھنے کے لایق ہیں اور بعض نے کہا کہ وہ دونوں بالکل علیحدہ صفتیں ہیں ۔

علیٰ ہذا اس پر سب کا اتفاق ہے کہ خدا تعالےٰ حی ہے علیم ہے۔ ارادہ کرنے والا ہر چیز پر قادر ہے کلام کرتا ہے لیکن بعض کا قول ہے کہ ان صفتوں سے یہی معنی جو اُن سے مفہوم ہوتے ہیں مراد نہیں ہیں بلکہ ان صفتوں کے اثر اور کام مراد ہیں اور اسی لحاظ سے صفات مذکور اور صفت رحمت۔ غضب۔ جود میں کوئی فرق نہیں ہے اور نہ احادیث نے انمیں کچھ فرق ثابت کیا ہے ۔

اور بعض قایل ہیں کہ نہیں بلکہ خدا کی ذات واجب ہی میں یہ سب امور موجود اور قدیم ہیں اور علےٰ ہذا سب متفق ہیں کہ خدا میں استواء۔ وجہ ہونے کی ضحک کی صفت ثابت ہے۔ لیکن بعض کا قول ہے کہ ان صفات سے وہ معنی مراد ہیں جو اُن کے مناسب ہوں مثلاً عرش پر ٹھیرنے سے اُسپر غالب آنا مراد ہے وجہ سے ذات مراد ہے۔ اور ایک فریق نے ان امور کو بحال خود چھوڑ دیا ہے اور صاف کہدیا کہ ان لفظوں کی مراد کو ہم کچھ نہیں سمجھتے ۔

میری دانست میں اس حصہ کے لحاظ سے جس میں کوئی حکم شرعی صاف اور منصوص نہ ہو لحاظ سنی ہونے کے کسی فریق کو دوسرے پر کوئی فوقیت نہیں ہے ۔

اسلئے کہ اگر خالص سنیت پر نظر کیجاوے تو اوسکا مقتضا یہی ہے کہ سلف کیطرح سے کسی مذہبی مسئلہ میں چون وچرا کی جاوے اور جب ایسے ایسے امور میں زیادہ گفتگو کرنے کی ضرورت آپڑے تو ان امور میں انکا پیرو بننا کچھ ضروری نہیں ہے یہ کیا ضروری ہے کہ جو کچھ انہوں نے قرآن و حدیث سے مستنبط کیا ہو وہ سراپا راست ہو اور اُسی کا پلہ گراں ہو یا اپنی دانست میں انہوں نے کسی بات کو کسی امر پر موقوف خیال کیا ہو تو کیا ضرور ہے کہ یہ توقف تسلیم کرنے کے قابل ہی ہو۔ یا جس امر کو انہوں نے قابل رد خیال کیا ہو وہ حقیقت میں رد کے قابل ہی ہو یہ کیا ضرور ہے کہ انہوں نے ایک امر دشوار سمجھ کر خوض نہ کیا ہو تو وہ حقیقت میں ایسا ہی دشوار ہو کچھ اُنکے بیان اور تفسیر کو اُس کا کوئی ذاتی استحقاق نہیں ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ اوروں کی تفاسیر سے تعانیت کے لحاظ سے گرا مرتبہ ہوں اور اسلیئے کہ سنی ہونے کا مدار پہلے حصہ پر ہے نہ دوسرے پر تم دیکھو گے کہ دوسرے حصہ کے اکثر مسایل میں جا بجا علماے سنت نے باہم اختلاف کیا ہے۔ اشاعرہ اور ماتریدیہ کو دیکھ لو۔ انکے علاوہ ہر زمانہ کے حاذق علما کبھی ان دقایق کے اظہار میں توقف نہیں کرتے جو حدیث کے مخالف نہوں اسکی کچھ پرواہ نہیں کرتے کہ متقدمین میں سے کوئی اسکا قایل ہوا ہے یا نہیں جہاں میں علما کی فرقہ اور مذہب مختلف پاتا ہوں تو میں ایک صاف اور روشن رستہ اختیار کر لیتا ہوں کنارونکی طرف نہیں مڑتا معتدل طریقہ پسند کر کے پختگی سے اوسپر تفریعات کرتا ہوں ؛

یہ معلوم رکھنا چاہیئے کہ ہر فن کا ایک خاصہ ہوا کرتا ہے اور ہر مقام کا مقتضا جدا ہوتا ہے جسکو حدیث کی غرابت سے بحث ہے اسکو حدیث کی صحت اور ضعف سے کچھ غرض رکھنا نہ چاہیئے۔ ایسے ہی حافظ حدیث کو نقہی فروعات میں کلام کرنا اور ایک مسئلہ کو دوسرے پر ترجیح دینا زیبا نہیں ہوتا ایسے ہی ان مذکورہ بالا مباحث میں پڑنا اس شخص کا منصب نہیں جو اسرار دین کے مباحث میں مصروف ہے اسکی غایت ہمت اور مطمح نظر صرف اس راز کا ظاہر کرنا ہے جس کا کہ آنحضرت نے اپنے کلام میں قصد فرمایا ہے خواہ وہ حکم قایم رہا ہو خواہ منسوخ ہو گیا ہو یا اسکی معارض کوئی دوسری دلیل آگئی ہو اور اس معارضہ نے فقیہ کی نظر میں اس حکم کو مرجوح کر دیا ہو۔ ہاں یہ امر لابدی ہے کہ ہر فن کے خوض کرنے والے کو وہی بات اختیار کرنی چاہیئے جو اس فن کے لحاظ سے زیادہ اچھی اور موزون ہو۔ حدیثیں شہروں میں مدون ہو کر اقوال فقہا سے موید ہونے کے بعد اور یہ معلوم ہونے کے بعد کہ پیروی کے قابل کون کون سی ہیں اور حدیثوں سے ممیز ہو گئی ہیں جن میں یہ اوصاف نہیں ہیں اور ایسے ہی وہ حدیثیں جو کثرت اور قوت روایت کی وجہ سے اونچے درجہ کی حدیثوں سے خالص قرار پا چکی ہیں تاہم اگر اسی قسم کا کوئی امر متبعاند کوئی ہو تو کیا مضایقہ ہے مسایل اجتہادی میں بحث کرنا اس کی طرف میلان کرنا جو حق سے قریب ہو اہل علم سے کوئی نئی بات نہیں ہے اور ایسہ کی کسر شان میں کوئی سخن باعث نہیں ہے ؛

اور سن لو کہ میں ایسی گفتگو سے بالکل بری ہوں جو کسی آیت قرآنی یا حدیث نبوی کے مخالف ہو یا اجماع امت کے خلاف ہو جس کی خوبی اور بہتری پر شہادت ہو چکی ہے یا کسی ایسے مسئلے کے خلاف ہو جس کو جمہور مجتہدین نے اختیار کیا ہو یا مسلمانوں کی جماعت کثیر نے اس کو مقبول کر لیا ہو اگر مجھ سے کہیں اس قسم کی کوئی بات سرزد ہوئی ہو تو اس کو بالکل خطا سمجھنا چاہیئے جو شخص مجھ کو خواب غفلت سے بیدار کرے خدا کی اس پر رحمت ہو۔ ہم کو ایسے لوگوں کی ہر بات سے اتفاق کرنا کچھ ضروری نہیں ہے۔ جو متقدمین کے کلام سے مسئلے مستنبط کرتے رہتے ہیں اور جھگڑے اور مناظرے کرنا انکا منصب ہوتا ہے ہم بھی آدمی ہیں وہ بھی آدمی تھے کبھی وہ کامیاب ہوتے ہیں کبھی ہم ؛

میں نے اس کتاب کے دو حصے کئے ہیں پہلے حصہ میں وہ کلی قاعدے ہیں جن پر شرایع کی مصلحتوں اور اغراض کا مدار ہے اس قسم کے اکثر مسئلے ایسے ہیں جو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد کے موجودہ مذہبوں میں مسلم ہو چکے تھے۔ باہم ان اہل مذہب میں ان امور کے متعلق کچھ ایسا اختلاف نہ تھا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تنبیہاً تذکار فرمایا ہے جیسے کہ فروع باتوں کے بتانے کے وقت اُن اصول کو بتا دیا کرتے ہیں جن پر کہ وہ فروع مبنی ہوتی ہیں اس طرح پر کہ فروع کو اصول کی طرف پھیر دینے پر وہ قادر ہو گئے وہ پہلے ہی اُن کے نظایر دیکھ دیکھ کر جو ملت اسمٰعیلی کے پیرو عرب اور یہود و نصارے اور مجوسیوں میں پائے جاتے تھے مشاق ہو گئے تھے مجکو معلوم ہوا کہ اگر تمام شرایع کو تفصیلاً دیکھا جاوے تو اُن کی انتہا دو قاعدوں پر ہوتی ہے اول نیکی اور گناہ کے مباحث دوسرے سیاست مدنی کے مباحث۔ لیکن نیکی اور گناہ کی پوری حقیقت بدوں اس کے ناتمام رہتی ہے کہ اُس سے قبل جزائے اعمال پر کافی بحث نہ کی جاوے نفع اُٹھانے کے وسایل کا پورا بیان نہ ہو نوع انسانی کے کمالات اور سعادت کے درجے نہ بیان کئے جاویں لیکن یہ مباحث بھی اور اور مسلموں پر مبنی پائے گئے جو اس علم میں صرف تسلیم کرائے گئے ہیں اُن کی کچھ حقیقت یہاں نہیں بیان کی گئی۔ عام شہرت کی وجہ سے اُن کی یہاں تصدیق کر لینی یا اس لئے مان لینا ہے کہ اُن کی تعلیم دینے والے کے ساتھ حسن عقیدت تھی یا اُن دلایل پر اعتماد کیا گیا ہے جو ان امور کے اثبات کے لئے ایک دوسرے بلند مرتبہ علم میں دیئے جاویں۔ اور نفس کے مباحث چونکہ عام فرقوں کی کتابوں میں ملے ہو چکے اس لئے میں نے نفس کی حقیقت اُس کی بقا اور بدن مفارقت کے بعد آرام و رنج پانے کے متعلق زیادہ گفتگو نہیں کی البتہ ایسے بعض بعض مسایل کا ذکر اُن موقعوں پر کر دیا ہے کہ کتاب میں اُس کے بیان میں خاموش تھیں۔ کہیں کہیں ترتیب اور تفریع کر دی گئی ہے جس کو خدا کی توفیق سے میں نے ایجاد کیا ہے۔ مسلم مسایل میں سے صرف وہی بیان کر دیئے ہیں کہ اوایل میں سے کوئی اُن کے درپے نہ ہوا تھا نقلی دلایل بیان کرنے کا بھی میں نے کچھ اہتمام نہیں کیا ہے اس لئے میں اس حصے میں صرف وہی مسایل بیان کر دینگا جن کی بغیر دریافت نیت کے یہاں صرف تصدیق کر لینی چاہئے۔ اس کے بعد دنیا اور آخرت میں اعمال کے جزا پانے پر بحث کی جاویگی پھر منفعتوں کے وہ وہ مسایل بیان کئے جاویں گے جو عام لوگوں میں پیدایشی اور فطری ہیں اور اپنی اپنی رائے کے موافق عرب اور عجم میں کوئی اُن کو فروگذاشت نہیں کرتا۔ اسکے بعد انسان کی نوعی سعادت اور بدبختی کا بیان ہے اور اُس کا بھی ذکر ہے کہ آخرت میں ان دونوں کے نتایج کیونکر ظہور پذیر ہوں گے۔ پھر نیکی اور گناہ کے اصول ذکر کئے جاوینگے جن پر تمام اہل مذاہب کا نسلاً بعد نسل اتفاق ہوتا رہا ہے۔ پھر اس کا بیان ہے کہ جب کسی قوم پر مذہبی حکمرانی کی جاتی ہے تو حدود اور شرایع کا تقرر کیونکر ہوتا ہے۔ پھر اسکا تذکرہ ہے کہ کلام نبوی (علیہ الصلوٰۃ والسلام) سے احکام شرعی کیونکر مستنبط کئے جاتے ہیں۔ دوسرے حصے میں اُن اسرار کی تفصیل ہے جو ابواب ذیل سے علاقہ رکھتے ہیں (۱) ابواب ایمان (۲) ابواب طہارت (۳) ابواب نماز (۴) ابواب زکوٰۃ (۵) ابواب روزہ (۶) ابواب حج (۷) ابواب احسان (۸) ابواب معاملات (۹) ابواب تربیت منزل (۱۰) ابواب سیاست مدن (۱۱) ابواب معیشت (۱۲) چند ابواب مختلف۔ اب مقاصد شروع کرنیکا وقت آپہنچا الحمد للہ اولاً و آخراً۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قسم اول ان قواعد کلیہ کے بیانمیں جن سے وہ شرعی مصلحتیں نکلتی ہیں جن کا شریعت کے احکام میں لحاظ کیا گیا ہے۔ اسمیں سات مباحث شتر بابوں میں ہیں ۔

مبحث اول

تکلیف اور جزا سزا دینے کے بیانمیں

باب ۱

خدا کی صفت ابداع۔ خلق۔ تدبیر کے بیانمیں

ربیع — جاننا چاہئے کہ ایجاد عالم کے لحاظ سے خدا کی بہ ترتیب تین صفتیں ہیں اولاً ابداع۔ ابداع کہتے ہیں عدم محض سے کسی چیز کو پیدا کرنا اسطرح بغیر کسی مادہ کے کوئی چیز پردۂ عدم سے وجود میں آتی ہے۔ رسول اللہ صلعم سے اس امر کے آغاز سے سوال کیا گیا آپ نے فرمایا کہ پہلے صرف خدا ہی تھا اس سے پہلے کوئی چیز موجود نہ تھی ۔

خلق — دوسری صفت خلق کی ہے خلق کہتے ہیں کسی مادہ سے کسی چیز کو پیدا کرنا جیسے کہ خدا نے آدم کو مٹی سے پیدا کیا اور جن کو خالص بے دھوئیں کی آگ سے پیدا کیا عقل اور نقل سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا نے عالم کی نوعین اور جنسیں مختلف مختلف پیدا کی ہیں اور ہر ایک نوع اور جنس کی خاصیتیں جدا جدا کر دی ہیں مثلاً نوع انسان کی خاصیت بولنا۔ جلد کا کھلا ہوا ہونا۔ قد کا سیدھا ہونا گفتگو کا سمجھ لینا ہے گھوڑے کی نوع کی خاصیت ہے ہنہنانا۔ اسکی جلد کا بالوں سے ڈھکا ہوا ہونا۔ قد کا کج ہونا گفتگو کا نہ سمجھنا زہر کی خاصیت ہے زہر کھانے والے آدمی کو ہلاک کرنا۔ سونٹھ کی خاصیت گرم خشک ہے۔ کافور کی خاصیت سرد ہے۔ علیٰ ہذا القیاس تمام معدنی۔ نباتی حیوانی نوعوں کی یہی کیفیت ہے۔ خدا تعالےٰ کی عادت جاری ہے کہ جو خاصیت جس چیز میں پیدا کر دی ہے وہ اس سے کبھی جدا نہیں ہو سکتی ۔

ان خاصیتوں کے درجوں میں جو خاصیتیں کہ خاص افراد کی ہیں وہ سب سے خاص ہیں خاصیتوں میں جو کسی قدر عموم اور احتمال تعدد کی وجہ سے معین ہو جاتا ہے۔ ایسے ہی نوعوں کے درجہ میں جو خاصیتیں ہوتی ہیں اُنسے جنس کی خاصیتوں میں ایک خصوص پیدا ہو جاتا ہے۔ یہ خاصیتیں ترتیب وار بعض عام بعض خاص مثلاً جسم نامی حیوان انسان خاص شخص میں باہم مخلوط معلوم ہوتی ہیں لیکن عقل انکا فرق معلوم کر کے ہر ایک خاصیت کو اوسکی ہی طرف منسوب کر دیتی ہے جسکی وہ خاصیت ہے آنحضرت صلعم نے اکثر چیزوں کے خواص بیان فرمائے ہیں اور اُنکے اثروں کو اُن چیزوں کیطرف منسوب کیا ہے ۔

فرمایا کہ لبینہ (ایک قسم کا مربہ ہوتا ہے جو آٹے کا بنایا جاتا ہے کبھی کبھی اسمیں شہد بھی ڈالتے ہیں دودھ کے ہمرنگ ہوتا ہے) مریض کے شکم کو آرام دیتا ہے۔ کلونجی کو فرمایا کہ وہ موت کے سوا ہر مرض کے لئے شفا ہے ۔

اونٹوں کے پیشاب اور دودھ کی نسبت فرمایا کہ وہ انکو آرام دیتا ہے جنکو کھانا نہ ہضم ہوتا ہو اور اونکے معدہ میں غذا رکتی ہو۔ شبرم کو فرمایا کہ وہ گرمی پیدا کرتا ہے ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تدبیر

تیسری صفت خدا تعالےٰ کی عالم موالید کی تدبیر کرنا ہے۔ اس تدبیر کا حال یہ ہے کہ تمام موالید میں جو چیزیں عارض ہوتی ہیں وہ سب ایک ایسے انتظام کے موافق ہوں جو اوسکے علم و حکمت میں پسندیدہ ہے سب سے وہ مصلحت حاصل ہو جو فیض الٰہی کا مقتضا ہے۔ جیسے کہ ابر سے مینہ نازل کرتا ہے اُس سے لوگوں اور حیوانات کے لئے زمین میں سے ہر قسم کے درخت بوٹیاں پیدا کرتا ہے تاکہ مدت معلوم تک انکی زندگی کا باعث ہوں۔ اور جیسے حضرت ابراہیم آگ میں پھینکے گئے تو خدا نے انکے زندہ رکھنے کے لئے آگ کو خنک اور باعث سلامتی کر دیا۔ اور حضرت ایوب کے بدن میں بیماری کا مادہ پیدا ہو گیا تھا خدا تعالےٰ نے ایک ایسا چشمہ پیدا کر دیا جس سے انکی بیماری کو آرام ہو گیا۔ اور خدا تعالےٰ نے اہل زمین پر نظر ڈالی وہ تمام عرب اور عجم سے ناخوش ہوا اسلئے آنحضرت صلعم کو وحی بھیجی کہ انکو ڈراویں اور جہاد کریں تاکہ جسکو چاہتے تاریکیوں سے نور کیطرف نکالے۔

اسکی تفصیل یہ ہے کہ جو قوتیں موالید میں خدا تعالےٰ نے پیدا کی ہیں اور انسے کبھی جدا نہیں ہوتیں وہ جب آپس میں ایک دوسرے سے مزاحمت کرتی ہیں تو حکمت الٰہی کا یہ تقاضا ہے کہ انسے مختلف اثر پیدا ہو جاویں بعض جوہر ہوں بعض عرض اور جو اعراض ہوں وہ افعال ہوں یا ارادے و تعقل سے ہوں یا غیر متعقل سے۔

اب ان امروں میں اس لحاظ سے تو کوئی شر نہیں ہے کہ جو اسکے سبب کا تقاضا تھا وہ صادر نہ ہوا یا وہ چیز صادر ہوئی جو اسکے مقتضا سے سبب کے خلاف تھی اور قاعدہ ہے کہ اگر کسی چیز کے وجود کو اسکے سبب کے لحاظ سے دیکھیں کہ جو اسکے پیدا ہونے کا باعث ہوتا ہے اسمیں خوبی ہوا کرتی ہے جیسے کہ کانٹے کی صفت کو اس لحاظ سے دیکھیں کہ وہ کا جوہر اسکا باعث ہے اگرچہ وہ اس لحاظ سے برا ہے کہ اس سے بنیاد انسانی فوت ہو جاتی ہے ان آثار میں شر کی بات یہی ہے کہ انسے ایک ایسی چیز پیدا ہوتی ہے کہ اسکے علاوہ ایک دوسرے میں مصلحت زیادہ ہے۔ اثروں کے اعتبار سے کوئی ایسی چیز پیدا نہیں ہوتی ہے جسکے عمدہ اثر ہوں جب اس قسم کے شر کے آثار دنیا ہونے لگتے ہیں تو خدا تعالےٰ کی رحمت عام کا جو اپنے بندوں پر ہے اور اسکی قدرت شاملہ اور محیط علم کا یہ اقتضا ہوتا ہے کہ ان قوتوں میں اور قوت والی چیزوں میں مختلف طور پر تصرف کرے قبض سے یا بسط سے۔ اجمال اور الہام سے تاکہ انسے امر مطلوب حاصل ہو جاوے قبض کی مثال یہ ہے کہ دجال مسلمان بندہ کے قتل کا دوسری مرتبہ ارادہ کریگا لیکن باوجودیکہ قتل کے اسباب درست ہونگے اسکے اوزار مہیا ہونگے لیکن خدا اسکو قدرت نہ دیگا۔

بسط کی مثال یہ ہے کہ حضرت ایوب نے زمین کو رگڑا اور خدا تعالےٰ نے انکے لئے چشمہ کو جاری کر دیا حالانکہ عادۃً ایسا نہیں ہوا کرتا کہ پاؤں رگڑنے سے پانی پھوٹ جایا کرے۔

خدا اپنے بعض مخلصین کو جہاد میں ایسی طاقت عطا کرتا ہے کہ عقلاً اس قسم کے بدنوں سے بلکہ اسکے دو چند سے چند سے بھی اس قسم کی طاقت خیال میں نہیں آسکتی اور ایسا جیسے حضرت ابراہیم کی آگ کو پاکیزہ ہوا کر دیا۔

اور الہام کی صورت یہ ہے جیسے کشتی کو پھاڑ دینا اور دیوار کو درست کر دینا اور غلام کو قتل کرنا کہ ان کا بول شہ یعقوب کا نازل کرنا۔ اور الہام کبھی تو اسی شخص کو ہوتا ہے جسکے لئے اسکی ضرورت ہو اور کبھی اسکی وجہ سے دوسرے کو بھی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوجاتا ہے؛ قرآنِ عظیم نے تدبیر کے انواع کو نہایت تفصیل سے بیان کیا ہے ۔

باب ۲

عالمِ مثال کے ذکر میں

جاننا چاہیئے کہ اکثر حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک ایسا عالم موجود ہے جسکی ترکیب عناصر سے نہیں ہے جسمیں ہر ایک جسمانی چیز کی مناسب صفت اور حالت میں وہ چیزیں جو معنوی ہیں صورت پکڑتی ہیں اور قبل اسکے کہ چیزیں زمین پر ظاہر ہوں پہلے اس عالم میں موجود ہوجاتی ہیں اور موجود ہونے کے بعد ہو بہو انہیں معانی کے اندازہ کی ہوتی ہیں اور اکثر ایسی چیزیں جنکا کہ عام نظر میں کسی قسم کا جسم نہیں ہوا کرتا وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ میں منتقل ہوتی ہیں نازل ہوتی ہیں لیکن عام لوگوں کو نظر نہیں آتیں ۔

آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ خدا نے جب رحم کو پیدا کیا اور وہ درست ہوگیا تو خدا نے فرمایا کہ یہ شخص کا مقام ہے جو قطع تعلق سے تیری پناہ میں آوے اور فرمایا کہ سورہ بقر اور آل عمران قیامت کے روز دو ابر دنکی صورت میں یا صف بستہ پرندوں کی جماعتوں میں آوینگی اور اپنے پڑھنے والوں کے لئے حجتیں کرینگی اور آنحضرت نے فرمایا کہ قیامت کے روز تمام اعمال حاضر ہونے کے پہلے نماز حاضر ہوگی پھر صدقہ اسکے بعد روزہ ۔ الحدیث ۔ اور فرمایا کہ بھلا کام اور برا کام دونو مخلوق ہو کر قیامت کے روز لوگوں کے سامنے کھڑے کئے جاوینگے نیکی تو نیک لوگوں کو مژدہ دیگی اور برائی لگیگی ہنوز ہنوز لیکن وہ اس کو چمٹ ہی جاوینگے اور فرمایا کہ خدا قیامت کے روز دنوں کو اپنی اپنی صورت میں پیدا کریگا جمعہ کی صورت شگفتہ تاب تاک ہوگی اور فرمایا کہ دنیا قیامت کے روز ایک بڑھیا کی صورت میں ظاہر کیجاوگی جسکے بال کربڑے ہونگے آنکھیں نیلگوں ہونگی منہ اسکا پھیلا ہوا ہوگا اور فرمایا کہ کیا تم وہ چیزیں دیکھتے ہو جنکو میں دیکھتا ہوں میں تمہارے مکانوں کے پشتوں پر فتنوں کی بوچھاڑ دیکھتا ہوں ؛ شب معراج کی حدیث میں آپ نے فرمایا کہ مجکو چار نہریں نظر آئیں دو اندر کی جانب کو دو ظاہر ۔ میں نے کہا اے جبریل یہ دونو کیا ہیں جبریل نے کہا دو اندر کی تو جنت میں ہیں اور یہ دونوں ظاہر نیل اور فرات ہیں ۔

نماز کسوف کی حدیث میں آپ نے فرمایا کہ جنت و دوزخ نے میرے سامنے صورت پکڑی دوسری لفظ میں ہے کہ میرے اور قبلہ کی دیوار کے بیچ میں جنت و دوزخ کیصورت میں نے دیکھی اور اسمیں ہے کہ آپ نے جنت کا خوشہ توڑنے کو اپنا ہاتھ پھیلایا اور دوزخ کی آگ سے آپ پیچھے کو ہٹے اور اسکی گرمی سے پھونک ماری اور دوزخ میں آپ نے حاجیوں کے مال چرانے والے کو دیکھا اور دوزخ میں آپ نے اس عورت کو دیکھا جس نے بلی کو باندھ رکھا تھا یہانتک کہ وہ مرگئی اور آپ نے جنت میں ایک عورت زانیہ کو دیکھا جس نے کتے کو پانی پلایا تھا ۔

یا مر تو معلوم ہے کہ جنت و دوزخ کا بدن جو عام خیال میں ہے اتنی مسافت قلیل میں نہیں سما سکتا ہے اور آپ نے فرمایا کہ جنت ناگواریوں سے بھری ہوئی ہے ؛ اور دوزخ ۔ خواہشوں سے ۔ پھر حضرت جبریل کو حکم فرمایا کہ جنت و دوزخ کا معاینہ کریں ۔ اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمایا کہ بلا نازل ہوتی تو دعا اسکو دفع کرتی ہے، اور فرمایا کہ خدا نے عقل کو پیدا کرکے فرمایا کہ سامنے ہو وہ سامنے ہوئی اور فرمایا کہ پیٹھ پھیر اُسنے پیٹھ پھیری اور فرمایا کہ پروردگار عالم کیطرف سے یہ دو کتابیں ہیں الحدیث اور فرمایا کہ موت ایک بینڈے کیصورت میں لائی جاویگی اور جنت و دوزخ کے مابین اُسکو ذبح کردینگے ۔

خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ ہم نے اسکے پاس اپنی روح کو بھیجا اور وہ مریم کے سامنے ایک درست آدمی کیصورت میں ظاہر ہوا اور حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت جبرئیل آنحضرت کے سامنے ظاہر ہوا کرتے تھے آپ انکو دیکھتے اور نے اُنسے گفتگو کرتے لیکن اور لوگوں کو وہ نظر نہیں آتے تھے، اور یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ قبر ستر در ستر کر پھیلا کر ایسی چمٹ جاتی ہے کہ قبر والے کی پسلیاں الگ ہو جاتی ہیں اور فرشتے قبر والیکے پاس آکر اُس سے سوال کرتے ہیں اور قبر والے کے اعمال اُسکے سامنے صورت پکڑ کر آتے ہیں اور قریب المرگ کے پاس فرشتے آتے ہیں اور اُنکے ہاتھ پر حریر یا ریوی کا کپڑا ہوتا ہے اور فرشتے قبر والے کو ہتوڑے سے مارتے ہیں اور وہ ایسا چیختا ہے کہ اسکو وہ چیزیں سنتی ہیں جو مشرق اور مغرب کے بیچ میں ہیں، اور آنحضرت نے فرمایا کہ خدا کافر کی قبر میں تنین کے قسم کے سانپ مقرر کرتا ہے وہ انکو قیامت کے قایم ہونے تک نوچتے ہیں کاٹتے ہیں اور فرمایا کہ جب مردہ قبر میں داخل کیا جاتا ہے تو اسکے سامنے آفتاب ڈوبتی حالت میں ہوتا ہے وہ بیٹھکر اپنی آنکھیں ملنے لگتا ہے اور کہتا ہے کہ مجکو چھوڑ دو تاکہ میں نماز پڑھ لوں اور حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ عرفات میں کھڑے ہونے والے کو سامنے خدا تعالےٰ مختلف صورتوں میں تجلی فرماتا ہے۔ اور یہ کہ آنحضرت صلعم خدا کے حضور میں جاتے تھے اور خدا تعالےٰ اپنی کرسی پر ہوتا تھا اور یہ کہ خدا تعالےٰ آدمی سے دو بدو کلام کرتا ہے اور اسکے علاوہ اور بے شمار مثالیں ہیں جو لوگ اس قسم کی حدیثوں میں غور کرتے ہیں اُنکی تین حالتوں میں سے کوئی نہ کوئی حالت ہوا کرتی ہے یا وہ ان حدیثوں کے ظاہری معنی کا اقرار کرتے ہیں تو لامحالہ وہ ایک ایسے عالم کے ثابت کرنے پر مجبور ہوتے ہیں جسکا ہم نے ذکر کیا اور اسی کو الحدیث کا قاعدہ مقتضی ہے سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اسپر تنبیہ کی ہے میں بھی اسی کا قایل ہوں اور یہی میرا مذہب ہے ۔

(۲) یا اسکے قایل ہوتے ہیں کہ اگرچہ جس سے خارج میں یہ واقعات موجود نہ ہوں لیکن دیکھنے والے کی نظر کے سامنے وہ متمثل ہوتے ہیں اسی قسم کی تقریر حضرت عبداللہ ابن مسعود نے خدا تعالےٰ کے اُس قول میں کی ہے کہ جب خدا تعالےٰ ایک ظاہر اور عیاں ظاہر کرتا ہے ۔

کہ اُنکے زمانہ میں قحط پڑا تھا جب اُنمیں سے کوئی شخص آسمان کیطرف نظر اٹھاتا تھا تو اسکو گرسنگی کیوجہ سے دھوئیں کیصورت معلوم ہوتی تھی۔ اور امام ابن ابی جشوں سے نقل کیا جاتا ہے کہ قیامت میں خدا کے منتقل ہونے یا دیکھنے کے متعلق جو حدیثیں وارد ہوئی ہیں اُنکے یہ معنی ہیں کہ خدا اپنی مخلوق کی بینائیوں کو بالکل بلا دیگا تب وہ خدا کو تجلی کرتے ہوئے دیکھینگے اور خدا اُن سے گفتگو کرے گا لیکن حقیقۃً خدا کی عظمت میں کوئی تغیر نہ آئیگا۔ نہ وہ منتقل ہوگا تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جاوے کہ وہ ہر چیز پر قادر ہے ۔

(۳) یا وہ یہ کہینگے کہ ان اقوال سے کچھ اور معنی مراد ہیں اُنکے سمجھنے کے لئے یہ اور مثال کے طور پر لائے گئے ہیں لیکن جو شخص ان حدیثوں کی نسبت تیسرے ہی معنی اختیار کرتا ہے وہ میرے نزدیک اہل حق میں سے نہیں ہے امام غزالی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے عذاب قبر میں ان تینوں تعلقات کو بیان کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ اس قسم کی اخبار کے ظاہری معنی درست ہیں اور نہیں مخفی رازہیں لیکن ارباب بصیرت کے نزدیک وہ کھلی ہوئی باتیں ہیں جب تک کہ انکی حقیقتیں پوری منکشف نہ ہوجاویں انکے ظاہری معنی سے انکار کرنا مناسب نہیں ہے ادنے درجہ کا ایمان یہ ہے کہ انکو مانے اور یقین کرے ۔

اگر کوئی شبہ کرے کہ ہم مدت تک کافر کو قبر میں پڑا ہوا دیکھتے ہیں اسکا خیال رکھتے ہیں لیکن ایسے ایسے امور میں سے کوئی بات بھی نہیں دیکھتے پس جو امر مشاہدہ کے خلاف ہو اسپر کیسے یقین کیا جاوے۔ اسلئے جاننا چاہئے کہ ایسے امور کی تصدیق کرنیکی تین حالتیں ہیں۔ ایک حالت تو یہ ہے اور یہی ظاہر اور درست اور زیادہ محفوظ ہے کہ یہ سب امور موجود ہیں مردہ کو وہ کاٹتے ہیں لیکن تجھکو اسلئے نظر نہیں آتے کہ تیری آنکھ ان ناکوتی امور کے مطالعہ کے قابل نہیں ہے جو امور کہ عالم آخرت کے متعلق ہیں وہ سب عالم ملکوت سے ہیں کیا تو صحابہ کرام کے حالات کو نہیں دیکھتا اونکو حضرت جبریل کے آنیکا کیسا یقین تھا اور انہوں نے کبھی اونکو آنکھ سے نہیں دیکھا حالانکہ انکا یقین تھا آنحضرت انکو دیکھتے ہیں۔ اگر تیرا ایسا ایمان نہیں ہے تو پہلے فرشتوں اور وحی پر ایمان لانے کو درست کر تجھ کو بہت ضرور ہے اور اگر تجھ کو اس کا یقین ہے اور تجویز کرسکتا ہے کہ آنحضرت ان چیزوں کو دیکھ سکتے ہیں جنکو آنکھ اسکو نہ دیکھ سکے تو مردہ کی حالت میں اسکو کیوں تجویز نہیں کرتا اور جیسے کہ فرشتہ کو آدمیوں اور حیوانات سے کچھ مشابہت نہیں ہے ایسے ہی سانپ اور بچھو بھی جو کہ قبر میں کاٹتے ہیں ہمارے دنیا کے سانپوں کی جنس سے نہیں ہیں بلکہ اونکی اور ہی جنس ہے اور ایک دوسری قسم کی حس کرنیوالی قوت سے وہ معلوم ہوتے ہیں ۔

دوسرا رتبہ یہ ہے کہ تم کو سونیوالے کی حالت خیال کرنی چاہیے وہ خواب میں دیکھتا ہے کہ اسکو سانپ کاٹ رہے ہیں وہ اس سے تکلیف اٹھا رہا ہے حتی کہ تم کبھی کبھی دیکھو گے کہ وہ چلا اٹھتا ہے اسکی پیشانی پر پسینہ آجاتا ہے اپنی جگہ سے کبھی اچھل پڑتا ہے ان سب امور کو وہ اپنے دیکھنے سے معلوم کرتا ہے وہ اس سے بیدار آدمی کیطرح اذیت اٹھاتا ہے وہ آنکھ سے ان امور کو دیکھتا ہوتا ہے اور تم اسکو ظاہر میں بالکل چپ چاپ پاتے ہو اسکے آس پاس نہ سانپ ہوتے ہیں نہ بچھو حالانکہ اسکے حق میں بچھو موجود ہوتے ہیں اور اسکو تکلیف ہوا کرتی ہے لیکن تمہارے میں موجود نہیں ہوتے جب کاٹنے کا اثر تکلیف ہے تو برابر ہے کہ سانپ خیالی ہو یا نظر کے سامنے ۔

تیسرا درجہ یہ ہے کہ یہ تم جانتے ہو کہ خود سانپ تکلیف نہیں دیتا ہے بلکہ اسکی زہر کی تکلیف سے تمہاری یہ حالت ہوجاتی ہے اور خود زہر بھی کوئی تکلیف کی چیز نہیں ہے بلکہ تم کو اس اثر کیوجہ سے تکلیف ہوتی ہے جو زہر سے تمہاری اندر پیدا ہوتا ہے تو اگر بغیر زہر کے بھی ایسا ہی اثر پیدا ہوجاوے تو یقیناً اسکی تکلیف بہت زیادہ ہوگی اور اس کا اندازہ صرف اسی طرح ہوسکیگا کہ اسکو ایسے سبب کیطرف منسوب کریں جس سے عادۃً ایسے اثر پیدا کرتے ہیں ۔

مثلاً اگر کسی شخص میں بغیر مباشرت صورۃً جماع کے جماع کی لذت پیدا ہوجاوے تو اسکو اسی طرح بتا سکیں گے۔ کہ اس لذت کو مباشرت کیطرف منسوب کریں تاکہ اس نسبت کرنے سے تعریف یا نسبت ہوجاوے اور سبب کا ثمرہ بدون اسکے کہ صورت سبب کی موجود ہو حاصل ہوجاوے اور کوئی سبب ہو وہ خود مطلوب نہیں ہوا کرتا بلکہ اپنے ثمرہ کیوجہ سے مطلوب ہوا کرتا ہے۔ تمام مہلک صفتیں موت کے وقت نفس میں ایذا رساں اور تکلیف دہ ہوجایا کرتی ہیں اونکی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تکالیف سانپونکے کاٹنے کی سی تکالیف ہوتی ہیں حالانکہ سانپ حقیقۃً نہیں ہوا کرتے ۔

www.KitaboSunnat.com

باب ۳

ملاء اعلیٰ کے ذکر میں

فرمایا خدا تعالےٰ نے کہ عرش اور اُن چیزونکو جو اُسکے آس پاس ہیں اُٹھائے ہوئے ہیں خدا کی حمد کے ساتھ اُس کی تسبیح کرتے ہیں اُسپر یقین رکھتے ہیں مسلمانونکے لئے مغفرت چاہتے ہیں کہ اے پروردگار تیری رحمت تیرا علم ہر چیز پر پھیلا ہوا ہے پس اُن توبوں کی مغفرت کر جنہوں نے گناہ سے توبہ کی اور تیری کی اور دوزخ کے عذاب سے اُنکو نجات دے اور اے پروردگار اُنکو اور اُنکے باپ دادوں بیویوں اولادوں میں سے اُنکو جو نیک ہوں جنتوں میں داخل کر جسکا تو نے اُنسے وعدہ کیا ہے بیشک تو غالب حکمت والا ہے اور اُنکو برائیو نسے محفوظ رکھ اُس روز جسکو تو نے برائیو نسے محفوظ رکھا بیشک اُسپر تو نے بڑا رحم کیا اور یہ بڑی کامیابی ہے ۔

رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جب خدا تعالےٰ آسمان پر کسی حکم کو پورا کرنا چاہتا ہے تو فرشتے خدا کے قول کی فرمانبرداری کے سبب سے اپنے پر مارتے ہیں اور خدا کا قول ایسا ہوتا ہے جیسے کہ چکنے پتھر پر صفوان (ایسی آواز جسکا بجنا کانونکو ناگوار معلوم ہوتا ہے اور اُسکو قرار نہیں ہوتا یہانتک کہ بعد کو وہ سمجھ میں آجاتی ہے) جب اُنکے دلونپر سے خوف دور ہوجاتا ہے تو باہم وہ کہتے ہیں کہ تمہارے پروردگار نے کیا کہا وہ جواب دیتے ہیں حق بات کہی ہے وہ بڑا اور برتر ہے ۔

اور ایک روایت میں ہے جب کسی حکم کو پورا کرتا ہے تو حاملین عرش فرشتے تسبیح کرتے ہیں اونکے بعد جو فرشتے آسمانپر اُنکے قریب ہیں خدا کی تسبیح کرتے ہیں شدہ شدہ وہ تسبیح کی خبر اُن فرشتوں تک پہونچتی ہے جو دوسرے آسمانپر ہیں اُسکے بعد جو فرشتے حاملین عرش کے قریب ہوتے ہیں حاملین سے دریافت کرتے ہیں کہ تمہارے پروردگار نے کیا کہا وہ اس مقولہ کی اُنکو خبر دیتے ہیں علیٰ ہذا ایک آسمان کے فرشتے دوسرے آسمان کے فرشتونسے پوچھتے جاتے ہیں حتےٰ کہ اس اخیر آسمان کے رہنے والونکو خبر پہونچ جاتی ہے ۔

رسول اللہ صلعم فرمایا کہ مینے شب کو اٹھکر وضو کیا نماز پڑہی جتنی میرے لئے مقدر تھی نماز پڑھتے پڑھتے مجکو خواب آگئی جب خواب خوب گراں ہوگئی تو مینے ایک نہایت عمدہ صورت میں اپنے پروردگار کو پایا اُسنے فرمایا اے محمد مینے کہا لبیک میرے پروردگار۔ فرمایا کہ ملاء اعلیٰ میں کس بات پر نزاع ہوتا ہے ۔ مینے کہا مجھے معلوم نہیں ایسے ہی تین بار فرمایا اسکے بعد میں دیکھتا ہوں کہ اُسنے اپنا ہاتھ میرے شانوں کے بیچمیں رکھا حتےٰ کہ میں نے اُسکی انگلیوں کی ٹھنڈک کا اثر اپنے دو پستانوں کے بیچمیں پایا۔ اُسوقت سب چیزیں مجھ پر ظاہر ہوگئیں اور میں نے اسکا جواب بھی معلوم کرلیا۔ اُسنے فرمایا اے محمد میں نے عرض کیا لبیک میرے پروردگار۔ فرمایا کہ ملاء اعلیٰ میں کس بات پر نزاع ہوتا ہے مینے عرض کیا کفارات پر۔ فرمایا کفارات کیا ہیں ؟ مینے عرض کیا پیادہ پا نماز کی جماعتوں کے شوق میں چلنا۔ نمازوں کے بعد مسجدونمیں بیٹھا رہنا ناگوار حالتونمیں وضو کو پورا کرنا۔ پھر فرمایا اور کس چیز میں ؟ مینے عرض کیا درجات میں۔ فرمایا درجات کیا ؟ مینے عرض کیا کھانا کھلانا نرم کلامی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شب کی نماز کو اسوقت میں کہ سب لوگ سو رہے ہوں ادا کرنا۔

رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جب خدا اپنے کسی بندہ کو دوست رکھتا ہے تو جبرئیل کو بلا کر کہتا ہے کہ میں فلاں شخص کو دوست رکھتا ہوں تو بھی اسکو دوست رکھ۔ جبرئیل بھی اسکو دوست رکھنے لگتے ہیں اور آسمان پر ذکر کرتے ہیں۔ کہ خدا فلاں شخص کو دوست رکھتا ہے تم بھی اس سے محبت رکھو اسلئے آسمان والے سب اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر زمین پر بھی وہ مقبول ہو جاتا ہے اور ایسے ہی جب کسی بندہ کو وہ برا جانتا ہے تو جبرئیل کو بلا کر فرماتا ہے کہ میں فلاں شخص سے بغض رکھتا ہوں تو بھی اس سے بغض رکھ حضرت جبرئیل بھی اس سے بغض کرنے لگتے ہیں اور آسمان پر ندا کر دیتے ہیں کہ فلاں شخص سے خدا بغض کرتا ہے تم بھی اس سے بغض رکھو سب اس سے بغض کرنے لگتے ہیں اور زمین پر اس سے بغض پھیل جاتا ہے۔

اور رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جب تک تم میں سے کوئی اس جگہ رہتا ہے جہاں نماز پڑھی تھی فرشتے تم پر اسوقت تک برابر درود بھیجتے رہتے ہیں اور کہتے ہیں بارالہا اسپر رحمت کر اسکی مغفرت کر اس کی توبہ قبول کر الم یوذفیہ الم یحدث فیہ۔

رسول اللہ صلعم نے فرمایا کوئی روز ایسا نہیں ہے جس میں بندے صبح کرتے ہیں مگر یہ کہ ہمیشہ دو فرشتے آسمان سے اترتے ہیں انمیں سے ایک یہ کہتا ہے بار خدایا فیاض کو عوض جلد عطا کر اور ممسک آدمی کا اجر کھو دے۔

جاننا چاہیئے کہ شرع سے یہ ثابت ہے کہ خدا کے بندوں سے بزرگ فرشتے بھی ہیں جو بارگاہ خداوندی میں مقرب ہیں جو شخص اپنے نفس کی اصلاح کرتا ہے اور اسکو مہذب کر لیتا ہے لوگوں کی اصلاح میں کوشش کرتا رہتا ہے تو فرشتے ہمیشہ اسکے لیے دعا مانگتے ہیں جسکے اثر سے ان لوگوں پر برکتیں نازل ہوتی ہیں۔

ایسے ہی جو خدا کی نافرمانی کر کے فساد ڈالنے میں کوشش کرتا رہتا ہے اسپر فرشتے لعنت کرتے ہیں اس لعنت کے اثر سے اس مفسد کے دل میں ندامت اور افسوس پیدا ہوتا ہے اور اسی لعنت کے اثر سے ملاء سافل کے دل پر اسکا الہام ہوتا ہے کہ اس بدکار سے تعلق نہ رکھیں اور دنیا میں یا بعد مرنے کے اسکو برائی پہنچائیں اور فرشتوں کے لیے بہت سی خدمتیں مفوض ہیں انکی یہ بھی خدمت ہے کہ خدا اور بندوں کے بیچ میں الچی ہوتے ہیں لوگوں کے دل میں نیک الہام ڈالتے رہتے ہیں یعنی کسی وجہ سے نیک خطرات لوگوں کے دل میں آپ سے پیدا ہوتے رہتے ہیں اور جسطرح خدا کو متصور ہوتا ہے اور جہاں متصور ہوتا ہے خدا انکو جمع کرتا ہے اس اعتبار سے انکو رفیق اعلےٰ اور مجلس اعلےٰ اور ملاء اعلیٰ سے تعبیر کرتے ہیں۔

اور آدمیوں نے بھی بعض اپنی روحیں بہت بزرگ ہیں فرشتوں میں شامل ہو جاتے ہیں اور انہی میں ملی جاتی ہیں جیسے کہ خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ اے مطمئن روح تو اپنے پروردگار کیطرف خوشی خوشی لوٹ آ اور میرے بندوں میں داخل ہو میری جنت میں آجا۔

سرور کائنات صلعم نے فرمایا ہے کہ میں نے جعفر ابن ابی طالب کو دیکھا کہ وہ فرشتہ کی صورت میں معہ دو پروں کے فرشتوں کیساتھ جنت میں اڑتے پھرتے ہیں۔ اور وہیں ملاء اعلیٰ میں احکام الہی کا نزول بھی ہوتا ہے اور جس امر کیطرف اس آیت میں اشارہ ہے "کہ انمیں سب مضبوط کام جدا کئے جاتے ہیں" وہ وہیں قرار پاتا ہے۔ اور کسی نہ کسی وجہ سے تمام

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شریعت کا تقرر بھی وہیں ہوتا ہے ۔

اور جاننا چاہئے کہ ملاء اعلیٰ کی تین قسمیں ہیں۔ ایک قسم ایسی ہے کہ خدا نے یہ جانا کہ نیکی کا انتظام اونپر موقوف ہے ایسے نورانی اجسام پیدا کئے جو کہ حضرت موسےٰ کی آگ کی مانند ہیں پھر اُن جسموں میں بزرگ روحیں پھونک دیں ایک قسم ایسی ہے کہ کبھی کبھی عناصر سے لطیف بخارات صعود کرتے ہیں اور اُنسے ایسا مزاج پیدا ہو جاتا ہے جو اسکے قابل ہوتا ہے کہ اُنپر ایسے بلند نفوس کا فیضان کیا جاوے جنمیں بھی میل و چرک کے ترک کرنیکا بڑا ملکہ ہوتا ہے اور ایک قسم نفوس انسان میں سے ہوتی ہے جنکو ملاء اعلیٰ سے قرب ہو جاتا ہے وہ ہمیشہ نجات دہ اعمال کو عمل میں لاتے ہیں حتےٰ کہ اُنمیں ہی شامل ہو جاتے ہیں اپنے بدنوں کی چادریں اتار کر انہیں میں منسلک ہو جاتے ہیں اور منجملہ انکے شمار کئے جاتے ہیں اور ملاء اعلیٰ کی حالت یہ ہوتی ہے۔ کہ نہایت خوض و محویت سے وہ اپنے پروردگار کیطرف متوجہ رہتے ہیں کسی چیز کا میلان انکو اس توجہ سے نہیں روک سکتا ہے اور یہی معنی ہیں اس قول خداوندی کے کہ وہ اپنے پروردگار کی حمد سے خدا کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور خدا پر یقین رکھتے ہیں ۔

اُنکے دونمیں اپنے پروردگار کیطرف سے یہ ڈالا جاتا ہے کہ فلاں عمدہ انتظار پسندیدہ ہے اور اُسکے مخالف ناپسندیدہ ہے اسکی وجہ سے جو دانائی کا ظہور ہوتا ہے اور یہی مراد ہے اس خدا کے قول سے کہ وہ ایمان والوں کیلئے مغفرت کے خواستگار رہتے ہیں ۔ اور ملاء اعلیٰ میں جو نہایت مرتبہ والے ہیں اُنکے انوار کبھی کبھی جمع ہو جاتے ہیں اور ایک دوسرے میں اُس روح کی صورت میں داخل ہو جاتے جسکا کہ آنحضرت نے ذکر فرمایا ہے کہ اُسکی مونہ اور زبانیں بکثرت ہوتی ہیں اُسوقت وہ سب مل ملا کر گویا ایک شے ہو جاتے ہیں اور اُسیکا نام خطیرۃ القدس ہے ۔ اور بارہا خطیرۃ القدس میں اسپر اتفاق کیا جاتا ہے کہ معاش اور معاد کے صدمو نسے لوگونکو نجات دینے کا کوئی ذریعہ اسطرح قایم کرنا چاہئے کہ مخلوق الٰہی میں اُس شخص کو جو اُس زمانہ میں نہایت ذکی النفس ہو مضبوط کرنا چاہئے اُسکے حکم کو لوگونمیں جاری کرنا چاہئے اس اتفاق کا یہ اثر ہوتا ہے کہ منذر لوگوں کے دلمیں اسکا الہام کیا جاتا ہے کہ اُس شخص کے اتباع پر کمربستہ ہوں اور ایسے گروہ بنیں جو لوگوں کی رہبری اور نفع رسانی کے لئے باہر نکلیں ۔

اسی اتفاق کے اثر سے ایسے ایسے علوم ہوگونکے دلوں میں منقش ہوتے ہیں جنمیں اقوام کی درستی اور سراسر اُن کی ہدایت ہوتی ہے۔ یہ الہام کبھی بذریعہ وہی ہوتا ہے کبھی خواب میں کبھی ہاتف غیب کے ذریعہ سے اُسکی ذکی النفس کے سامنے وہ خطیرۃ القدس والے فرشتے کبھی کبھی سامنے ظاہر ہو کر گفتگو بھی کرتے ہیں یہ اتفاق اس شخص کے احباب کی امداد کا باعث ہوتا ہے۔ ہر ایک ناکامی سے اُنکو قریب کر دیتا ہے اور خدا کے راستہ سے روکنے والوں پر لعنت ہوتی ہے۔ ہر قسم کے رنج و تکلیف میں وہ گرفتار کئے جاتے ہیں یہی نبوت کے لئے اصل الاصول ہے ۔

جب دائمی طور پر اُنکا اتفاق ہوتا ہے تو تائید روح القدس اُسکو کہتے ہیں یہ تائید ایسی ایسی برکتوں کا ثمرہ ہوتی ہے کہ عادۃً ویسی برکتیں ظہور میں نہیں آتیں اسیکا نام معجزات ہے ۔ اور ان ملاء اعلیٰ سے کم درجہ کے نفوس اور بھی ہوتے ہیں جنکے فیضان سے لطیف بخارات میں ایک ایسا معتدل مزاج پیدا ہو جاتا ہے کہ جو سعادت میں ملاء اعلیٰ تک نہیں پہونچتا تاہم انمیں سے اتنی کمالیت ہوتی ہے کہ وہ فراغ کی حالت میں اس انتظار میں رہتے ہیں کہ اوپر سے اُنپر کیا مترشح

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوتا ہے جب ہی کہ قابل کی استعداد اور فاعل کی تاثیر کے اندازہ کے موافق کوئی بوچھار اوپر پڑتی ہے وہ اُن فوقانی امور کی طرف ایسی ہی آمادگی ظاہر کرتے ہیں جیسے کہ پرند اور چارپائے طبعی اسباب کی تحریک سے آمادگی ظاہر کرتے ہیں۔ وہ اس حالت میں اپنے تمام نفسانی امور سے علیحدہ اور فوقانی الہام میں ثابت اور قایم رہتے ہیں لوگوں اور بہایم کے دونوں انکا اثر ہوتا ہے انکے ارادے اور نفسانی باتیں انہیں امور کیطرف پھر جاتے ہیں جو مقصود کے مناسب ہوں بعض بعض اشیا میں انکا یہ اثر ہوتا ہے کہ انکی طبعی حرکات کو چند در چند کر دیتے ہیں یا انہیں تبدیلیاں پیدا کر دیتے ہیں جیسے کہ کوئی پتھر انکا یا جاوے تو اسوقت اُس پر فرشتہ اپنا اثر ڈالتا ہے اور زمین پر بالفوق العادۃ وہ لڑکتا ہے اکثر ایسا ہوتا ہے کہ صیاد نہیں دام پھینکتا ہے اور فرشتوں کی فوجیں ایک مچھلی کے دلیں الہام کرتی ہیں کہ دریا کے اندر گھس جاؤ اور دوسرے سے بھاگ جاؤ ایک کو رسی پکڑ لینے ایک کو رسی چھوڑ دینے کا مچھلی کچھ نہیں جانتی کہ میں یہ کیا کرتی ہوں لیکن صرف الہام کی تابع رہتی ہے اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ دو فریق لڑتے ہوتے ہیں اسوقت فرشتے آکر ایک فریق کے دلیں گفتگو سے حسب مقام خیالات سے شجاعت کی خوبی پیدا کر دیتے ہیں غلبہ کے ذریعوں کا الہام کرتے ہیں تیر اندازی وغیرہ میں انکی مدد کرتے ہیں اور مخالفین میں ان امور کے خلاف کو پسندیدہ بنا دیتے ہیں۔ یہ تدبیر اسلئے ہوتی ہے کہ جس امر کا ہونا مقدر ہے وہ طے ہو جاوے۔

کبھی انکے دلپر اسکا مرشح ہوتا ہے کہ کسی نفس کو آرام پہنچایا جاوے کسیکو تکلیف دیجاوے اسمیں وہ نہایت سرگرمی کرتے ہیں اور ہر ایک طریقہ سے اسکو پورا کرتے ہیں۔ اور ان امر اعلیٰ کے مقابلہ میں اور قسم کے وجود ہیں جنمیں ہلکاپن بے چینی ہوتی ہے ایسی نکلیں آنسے سرزد ہوتی ہیں جو نیکی کے بالکل خلاف ہوتی ہیں۔ وہ تاریک بخارات کے سڑجانے سے پیدا ہوتے ہیں شیاطین ہیں جنکی کوششیں ہمیشہ فرشتوں کی کوششوں کے خلاف ہوتی ہیں۔ واللہ اعلم۔

باب ۴

خدا کے اُس طریقہ کے بیان میں جسکا اس قول الٰہی میں بیان ہوا ہے۔ ولن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا

خدا کے طریقہ میں تو کوئی تبدیلی نہ پاوے گا۔

جاننا چاہئے کہ خدا تعالےٰ کے بعض افعال ان قوتوں کے ہونے پر کسی نہ کسی طریقہ سے مرتب ہوتے ہیں جو کہ اس عالم میں ودیعت رکھی گئی ہیں نقل اور عقل دونوں سے اسکی شہادت ملتی ہے۔

رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ خدا تعالےٰ نے آدم کو مشت خاک سے جسکو تمام زمین سے لیا تھا پیدا کیا۔ اسلئے آدمی اسی اندازہ زمین کیوجہ سے بعض سرخ رنگ بعض سپید رنگ بعض سیاہ رنگ اور ان رنگوں کے درمیان اور بعض نرم طبع بعض سنگدل بعض ناپاک سیرت بعض پاکیزہ نفس پیدا ہوتے ہیں۔

اور حضرت عبداللہ بن سلام نے آنحضرت سے دریافت کیا کہ بچہ کو باپ یا ماں سے مشابہ ہونیکا کیا سبب ہے۔ آپنے فرمایا کہ مرد کا پانی جب عورت کے پانی سے پہلے سبقت کرتا ہے تو وہ مرد کے شبیہ ہو جاتا ہے اور جب عورت کا پانی مرد کے پانی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے پہلے پہنچ جاتا ہے وہ عورت کے شبہ میں ہو جاتا ہے۔
میں کسیکو نہیں دیکھتا کہ ہمیں شبہ کرے کہ مرجانے کو تلوار مارنے یا زہر کھا لینے کیطرف منسوب کیا کرتے ہیں اور عدم میں بچہ کی پیدائش منی گرنے کے بعد ہوا کرتی ہے دانوں اور درختوں کی پیدائش تخم ریزی درخت لگانے آب رسانی کے بعد ہوا کرتی ہے۔
اسی استطاعت اور قدرت کیوجہ سے آدمی مکلف بنایا گیا ہے امور کیا گیا ہے اور برائیوں سے بچایا گیا ہے اپنے اعمال پر جزا سزا دیا جاتا ہے۔
یہ قوتیں جنپر خدا کے افعال جاری ہوتے ہیں مختلف قسم کی ہیں بعض انمیں سے عناصر کی خاصیتیں اور طبیعتیں ہیں اور بعض انمیں سے وہ احکام ہیں جنکو خدا تعالے نے ہر ایک صورۃ نوعیہ کی فطرت میں ودیعت رکھا ہے بعض انمیں سے علم مثال اور اس وجود کے حالات ہیں جنکا تقرر زمین میں آنے سے پہلے ہو چکتا ہے اور بعض انمیں سے ملاء اعلی کی دعائیں یا بددعائیں ہیں۔ جنکو وہ ان لوگوں کے لئے نہایت کوشش و اہتمام سے مانگتے ہیں جنہوں نے اپنے نفس کو مہذب بنایا ہے اور اپنی قوتوں کی اصلاح میں بڑی کوشش کی ہے اور انکے مخالفین پر ہوا کرتی ہیں۔
اور منجملہ انکے احکام شریعت ہیں جو لوگوں پر مقرر کیگئی ہیں بعض امور واجب کئے گئے ہیں اور بعض حرام۔ یہ احکام بھی بجا آوری کرنے والے کے لئے موجب ثواب ہیں اور نافرمانی کرنیوالے کیلئے باعث عذاب اور انمیں سے ایک یہ امر بھی ہے کہ خدا تعالے نے کسی شے کو مقرر کرتا ہے تو عادت الہی کے موافق یہ شے دوسری چیز کو لازم ہوا کرتی ہے تو اس شے کا اثر اس دوسری شے تک پہنچتا ہے اسلئے کہ اس انتظام لزوم کا درہم برہم کرنا پسندیدہ نہیں ہے۔
اسکی دلیل یہ ہے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے کہ جب خدا کسی بندہ کے لئے کسی جگہ مرنا مقدر کرتا ہے تو وہاں پہونچنے کی اسکے لئے کوئی نہ کوئی ضرورت پیدا کر دیتا ہے۔ یہ سب امور ایسے ہیں کہ اخبار سے معلوم ہوتے ہیں اور عقل کی ضرورت نے انکو ضروری قرار دیا ہے۔
اور جاننا چاہئے کہ جب ایسے اسباب مختلف طور پر جمع ہوں جنپر کہ عادۃً حکم الہی مرتب ہوا کرتا ہے اور ان اسباب کے آثار تماما جمع نہ ہوں تو اسوقت مقتضائے حکمت یہ ہے کہ ایسے امر کا لحاظ کریں جو خیر محض سے زیادہ ملتا ہوا ہو۔ اسیکا نام اس قول رسالت میں میزان رکھا گیا ہے کہ خدا کے ہاتھ میں میزان ہے وہ کبھی اس کا پلہ اٹھا دیتا ہے کبھی جھکا دیتا ہے اور خدا کے قول میں شان کے لفظ سے بھی مراد ہے کہ خدا ہر روز ایک خاص شان میں ہوتا ہے اور ترجیح کے وجوہ مختلف ہوتے ہیں کبھی اسباب کے لحاظ سے ہوا کرتی ہے کہ سب سببوں میں سے کونسا سبب زیادہ قوی ہے کبھی ان اثروں کے لحاظ سے ہوتی ہے جو ان اسباب پر مرتب ہوا کرتی ہیں کہ ان سب میں زیادہ نفع کے قابل کون ہے اور کبھی باب تدبیر پر باب خلق کے مقدم ہونے سے ہوتی ہے اور ایسے ہی ایسے وجوہ اور ہوا کرتے ہیں۔
بہرحال اگرچہ ہمارا علم یہ معلوم کرنے کے لئے کافی نہیں ہے کہ ہم سب اسباب کو احاطہ کر سکیں اور جب اسباب میں تعارض ہو تو یہ معلوم کر سکیں کہ ان میں سے زیادہ قابل استحقاق کونسا ہے لیکن تاہم یہ ہم کو قطعا معلوم ہوا ہے کہ جو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چیز موجود ہوتی ہے وہ موجود ہونے ہی کے لائق ہوتی ہے جو شخص ہمارے مذکورہ بالا تقریر کو بخوبی سے سمجھ لیگا۔ وہ اکثر اشکالات کے الجھن سے نکل جائیگا۔

باقی رہیں وہ تاثیریں جو ستاروں کی حرکتوں کے متعلق ہیں انمیں سے بعض تو ضروری ہیں جیسے گرمی و سردی کا ایک دوسرے کے پیچھے آنا دن کا گھٹنا بڑھنا آفتاب کی حرکتوں کے اختلاف سے اور جیسے چاند کی حالتوں کی تبدیلی سے دریا میں جذر و مد کا ہونا۔

حدیث میں وارد ہے کہ جب ثریا طلوع کریگا آفات برپا ہوجاوینگی یعنی بلحاظ عادت کے لیکن فقیری تو انگریزی خشک سالی۔ سرسبزی اور تمام انسانی حادثوں کا ستاروں کے حرکات سے پیدا ہونیکا ثبوت شرع سے کچھ نہیں ہے۔ آنحضرت نے ان امور میں خوض کرنے سے منع فرمایا ہے۔

اور فرمایا کہ جسنے نجوم کا کوئی حصہ سیکھا تو گویا اسنے جادو کا حصہ سیکھا اور اس عرب کے قول سے کہ ہم پر فلان ستارہ سے بارش ہوئی آپنے بہت تشدد فرمایا ہے میں کہتا ہوں کہ شریعت نے اسکی تصریح کی ہے کہ خدا نے ایسی تاثیریں اور خاصیتیں پیدا نہیں کیں ہیں جنسے اس عالم میں ہوا وغیرہ کے ذریعہ سے جو لوگوں کو گھیرے ہوئے ہے حوادث پیدا ہوں۔

تم کو خوب معلوم ہے کہ آنحضرت نے کہانت سے منع فرمایا ہے جسمیں جنوں کی جانب سے خبر دیجاتی ہے اور فرمایا ہے کہ جو کاہن کے پاس جاکر اسکو سچا جانے اس سے میں علیحدہ ہوں آپ سے کاہنوں کا حال دریافت کیا گیا تو خبر دی کہ فرشتے جو ہوا میں اتر کر ان امور کا ذکر کرتے ہیں جنکا آسمان پر فیصلہ ہوچکتا ہے تو شیاطین آپس سے کچھ دزدی کر لیتے ہیں۔ اور کاہنوں کو بتا دیتے ہیں وہ اسمیں اور سو جھوٹی باتیں ملا دیا کرتے ہیں۔

خدا فرماتا ہے اے ایمان والو کافروں کی طرح سے مت ہو جو اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں جب وہ سفر کرتے ہیں اور لڑتے ہوتے ہیں کہ اگر وہ ہمارے پاس ہوتے تو کاہے کو مرتے یا قتل کیے جاتے۔

اور آنحضرت نے فرمایا کہ تمہارا عمل کسی کو جنت میں داخل نہ کریگا اور آپنے فرمایا کہ تو رفیق ہے اور خدا طبیب ہے بہرحال منع فرمانا بہت سی مصلحتوں پر موقوف ہے۔ واللہ اعلم۔

باب ۵

روح کی حقیقت کے بیان میں

خدا تعالیٰ نے فرماتا ہے۔ ویسئلونک عن الروح قل الروح من امر ربی وما اوتیتم من العلم الا قلیلا۔

ترجمہ۔ تجھ سے روح کا حال پوچھتے ہیں (یہودی) تو کہہ روح میرے پروردگار کے عالم امر کی چیز ہے اور تم کو صرف تھوڑا علم دیا گیا ہے حضرت عبداللہ بن مسعود کی روایت سے اعمش نے وما اوتوا من العلم الا قلیلا پڑھا ہے۔

یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ اس آیت میں یہودیوں سے خطاب ہے جنھوں نے روح کا حال دریافت کیا تھا۔ اس آیت میں اسکی تصریح نہیں ہے کہ امت مرحومہ میں سے روح کا حال کوئی جانتا ہی نہیں ہے جیسا کہ لوگوں کا خیال ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور یہ بھی ضرور نہیں ہے کہ شرع نے جس چیز کا کوئی حکم بیان نہ کیا ہو وہ معلوم ہی نہ ہو سکے بلکہ شرع میں اکثر اسوجہ سے سکوت کیا جاتا ہے کہ اشکال کی وجہ سے عام لوگ اسکے برتاؤ کے قابل نہیں ہوا کرتے اگرچہ بعض بعض اسکو سمجھ سکتے ہوں +

جاننا چاہئے کہ روح کے متعلق اولاً یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ حیوان میں زندگی کا باعث ہوا کرتی ہے جب حیوان میں روح ڈالدیجاتی ہے تو وہ زندہ ہوجاتا ہے اور جب نکال لیجاتی ہے تو وہ مرجایا کرتا ہے +

اسکے بعد غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بدن میں ایک لطیف بھاپ ہے جو اخلاط کے خلاصہ سے پیدا ہوتی ہے حس کرنے کی۔ حرکت کرنے کی اس میں وہ سب قوتیں ہوتی ہیں جو تدابیر غذا کے متعلق ہیں۔ طب کے احکام کو اس بھاپ سے بڑا تعلق ہے +

تجربے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس بھاپ کے رقیق ہونے کا اور غلیظ ہونے کا صاف اور مکدر ہونے کا بدنی قوتوں اور ان افعال پر جو ان قوتوں سے پیدا ہوتے ہیں بڑا اثر پڑتا ہے اگر اس عضو پر یا اس بھاپ کے پیدا ہونے پر جسکو عضو سے تعلق ہے کوئی آفت پہنچتی ہے تو وہ بھاپ بگڑ جاتی ہے اسکے کام مختل اور پریشان ہوجاتے ہیں اس بھاپ کی موجودگی سے زندگی باقی رہتی ہے اور اسکے تحلیل ہوجانے سے موت ہوجاتی ہے +

بادی النظر میں روح ہوا کا نام ہے لیکن غور رس نظر میں یہ روح کا ادنی طبقہ ہے بدنیں اسکی ایسی مثال ہے جیسی گلاب میں پانی اور کوئلہ میں آگ +

پھر جب زیادہ غور کیا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ روح روح حقیقی کا مرکب ہے اور روح حقیقی کے بدن سے متعلق ہونے کا مادہ ہے اسلئے کہ ہم بچہ کو دیکھتے ہیں کہ وہ جوان ہوتا ہے بڈھا ہوجاتا ہے اور اسکے بدنی اخلاط میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے اور جو روح ان اخلاط سے پیدا ہوتی ہے وہ ہزار درجہ پہلے کی نسبت زیادہ ہوتی ہے کسی حالت میں وہ لڑکا صغیر سن ہوتا ہے پھر وہ بڑا ہوجاتا ہے کبھی اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے کبھی گورا ہوتا ہے کبھی وہ جاہل ہوتا ہے پھر عالم ہوجاتا ہے اور انکے علاوہ اسکے اکثر اوصاف میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے لیکن اسکے وجود میں کوئی تغیر نہیں ہوتا وہ وہی رہتا ہے جو پہلے تھا +

اور اگر ان اوصاف کے تبدل اور عدم تبدل میں مناقشہ کیا جاوے تو ہم ان تغیرات کو فرضی طور پر تسلیم کرتے ہیں تو اسوقت میں بھی لڑکا وہی رہیگا جو کہ پہلے تھا یا ہم یہ کہیں گے کہ ہم ان اوصاف کو اپنی حال پر باقی رہنے کا یقین نہیں کرتے اور لڑکے کا بعینہ باقی رہنے کا یقین کرتے ہیں اسلئے لڑکے کی ذات ان اوصاف کے خلاف ہے +

اب ہم کہتے ہیں کہ وہ چیز جسکی وجہ سے وہ لڑکا بعینہ وہی لڑکا باقی رہا یہ روح بخاری نہیں ہوسکتی اور نہ بدن اور وہ چیزیں ہوسکتی ہیں جو کہ اسکے مشخص ہونیکی باعث ہیں اور اور ظاہر نظر میں دیکھی جاتی ہیں بلکہ حقیقی روح ایک جداگانہ چیز ہے وہ ایک نورانی نقطہ ہے ان تمام متغیرات سے جنمیں سے بعضی جوہر ہیں بعض عرض اسکا ڈھنگ نرالا ہے وہ بچہ ہونے کی حالت میں بھی ویسی ہے جیسی بڑے ہونے کی حالت میں جیسکہ وہ سیہ رنگی کی حالت میں ہے ایسے ہی سپیدی کی حالت میں ہے۔ ایسے ہی وہ تمام اضداد کی حالت میں یکسان ہے اسکو ابتدا سے روح ہوا کی سے تعلق

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے اور ثانیاً بدن سے اسلئے کہ بدن روح ہوائی سے مرکب ہے وہ عالم قدس کا ایک روزن ہے جب روح ہوائی میں قابلیت اور استعداد پیدا ہو جاتی ہے تو اس روح سماوی کا اس پر نزول ہوتا ہے۔

جن امور میں کہ تغیر پیدا ہوتا ہے وہ زمین کی مختلف استعدادوں کی وجہ سے ہے جیسے کہ دھوپ کپڑے کو سفید کر دیتی ہے اور دھوئیں کو سیاہ اور ہم کو وجدان صحیح سے معلوم ہو گیا ہے کہ موت روح حیوانی کا بدن سے جدا ہونے کا نام ہے جبوقت کہ بدن میں روح ہوائی پیدا کرنے کی قوت نہیں رہتی۔ روح ہوائی سے روح قدسی کے جدا ہونے کا نام نہیں ہے جب مضعف امراض سے روح ہوائی تحلیل ہو جاتی ہے تو یہ حکمت الٰہی کا مقتضا ہے کہ روح ہوائی اسقدر باقی رہجائے کہ روح الٰہی کا اس سے تعلق رہ سکے جیسیکہ تم شیشہ سے ہوا کو چوس لیتے ہو تو حتی الامکان اس میں تخلخل پیدا ہو جاتا ہے پھر تم سکے بعد ہوا کو نکال نہیں سکتے یہانتک کہ اخیر میں شیشہ ٹوٹ جاتا ہے یہ صرف اس راز کی وجہ سے ہے جو خدا نے ہوا کی طبیعت اور سرشت میں رکھا ہے ایسے ہی روح ہوائی ایک راز اور اندازہ ہے کہ اس سے تجاوز نہیں ہو سکتا۔

مرنے کے بعد روح ہوائی کو از سر نو زندگی ہوتی ہے اور روح الٰہی کے فیضان سے ان امور میں جو حس مشترک کے ذریعہ سے اس میں باقی رہ گئے تھے ایک طاقت جدید پیدا ہوتی ہے اور عالم مثال یعنی اس قوت کے ذریعہ سے جو کہ مجرد اور محسوس کے بیچ میں ہے اور افلاک میں پھیلی ہوئی ہے کی امداد سے وہ روح ہوائی ایک نورانی یا تاریک لباس پہن لیتی ہے اور اسطرح پر عالم برزخ کے عجائبات نمودار ہو جاتے ہیں پھر جب صورتوں میں روح ڈالی جائیگی۔ ویسا ہی فیضان پھر ہوگا جیسے کہ ابتداء عالم میں ہوا تھا اور روحیں بدنوں میں ڈالی گئیں تھیں اور عالم موالید کی بنیاد قایم کیگئی تھی تو اسوقت روح الٰہی کے فیضان سے روح ایک جسمانی لباس یا ایسا لباس جو عالم مثال اور جسم کے بین بین ہوگا پھر پہن لیگی اور جو کچھ صادق مصدوق علیہ افضل الصلوات و ازکی التحیات نے خبریں بیان کیں ہیں سب کا حصول ہوگا اور جو کہ روح ہوائی ایک متوسط شے روح الٰہی اور بدن آدمی کے بیچ میں اسواسطے ضروری ہے کہ اسکا رخ اس طرف بھی ہو اور اسطرف بھی اور جو اسکا رخ عالم قدس کی جانب مائل ہے اس کا نام ملکی حالت ہے اور جو زمین کی جانب ہے اسکا نام بہیمیت ہے مناسب ہے کہ روح کی حقیقت کے متعلق انہیں مقدمات پر اکتفا کیا جاوے تاکہ اس علم میں اسکی تسلیم کے بعد تفریعات کی جائیں اور اس علم سے ایک زیادہ بلند مرتبہ علم میں اسکے چہرہ سے پردہ اٹھایا جاوے واللہ اعلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باب ۶

سر التکلیف

خدا تعالےٰ فرماتا ہے انا عرضنا الامانۃ علی السموات والارض والجبال فابین ان یحملنہا واشفقن منہا وحملہا الانسان انہ کان ظلوما جہولا لیعذب اللہ المنافقین والمنافقات والمشرکین والمشرکات ویتوب اللہ علی المؤمنین والمؤمنات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وکان اللہ غفورا رحیما۔ ترجمہ ہم نے امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا انھوں نے اسکی برداشت کرنیسے انکار کیا اور اس سے خوف زدہ ہو گئے اور آدمی نے اس امانت کو برداشت کر لیا بیشک آدمی بڑا ظالم اور نادان ہے تاکہ خدا منافقوں اور منافق عورتوں کو اور مشرکوں اور مشرکہ عورتوں کو عذاب دے اور مسلمانوں اور مسلمان عورتوں کی توبہ قبول کرے خدا بخشنے والا اور مہربان ہے۔

غزالی اور بیضاوی نے تبلیغ کی ہے کہ امانت سے مراد تکلیف ہونیکی ذمہ داری ہے اسطرح پر کہ اطاعت اور نافرمانی احکام سے ثواب یا عذاب کا استحقاق ہو سکے اور آسمانوں اور زمین پر انکے پیش کرنیکے یہ معنے ہیں کہ انکی استعداد کا اندازہ کیا گیا کہ ایسے کاموں کے کرنے یا نہ کرنے کا مادہ انمیں ہے یا نہیں ہے اور انکے انکار کرنے سے یہ غرض ہے کہ انکی طبیعت میں اس کام کی لیاقت اور استعداد نہ تھی۔ اور یہ جو فرمایا کہ آدمی نے اس امانت کو برداشت کر لیا اس سے یہ مراد ہے کہ اسمیں ان امور کی انجام کی ذاتی صلاحیت تھی۔ میں کہتا ہوں اس معنی کے لحاظ سے انہ کان ظلوما جہولا گویا حکم سابق کی علت ہے اسلئے کہ ظالم اسکو کہتے ہیں کہ جس میں انصاف و عدل کرنیکی قابلیت ہو لیکن پھر بھی انصاف نہ کرے اور جہول اسکو کہتے ہیں کہ باوجود قابلیت کے نادواقف ہو اور علاوہ آدمیکے بعض چیزیں عالم اور عادل ہیں کہ ظلم اور جہل کا ان تک گذر نہیں ہے جیسے کہ فرشتے اور بعض چیزیں ایسی ہیں کہ نہ وہ عالم اور عادل ہیں اور نہ انمیں علم اور عدل کا مادہ ہے جیسے چہارپائے۔

مکلف ہونیکے قابل وہی چیز ہو سکتی ہے جسکا کمال بالقوۃ ہو بالفعل۔

اور لیعذب میں لام معنی عاقبت ہے یعنی اسی امانت کے متحمل ہونیکا انجام عذاب کرنا اور ارام دینا ہے درحقیقت لام کا پورا انکشاف فرشتوں کی حالت اور انکے تجرد کے خیال کرنیسے ہوتا ہے انکی حالت میں نہ وہ کیفیت مزاحمت کرتی ہے جو قوۃ بہیمیہ کی تفریط سے پیدا ہوتی ہے جیسے گرسنگی۔ پیاس۔ خوف۔ رنج اور نہ وہ جو اس قوت کے افراط سے پیدا ہوتی ہے۔ جیسے مجامعت کی حرص۔ غصہ۔ تکبر۔ نہ انکو تغذیہ تنمیہ کا اہتمام کرنا پڑتا ہے ہمیشہ وہ اس انتظار میں محو رہتے ہیں کہ عالم بالا سے انپر کیا وارد ہوتا ہے جب ہی کہ انپر عالم بالا سے کوئی حکم مترشح ہوتا ہے خواہ وہ کسی انتظام مطلوب کا قایم کرنا ہو یا کسی چیز سے خوشنودی یا کسی سے ناگواری تو انکے تو اس سے لبریز ہو جاتے ہیں ہمہ تن وہ اسکی اطاعت کرتی ہیں جو اسکا مقتضا ہوتا ہے اسکے لئے وہ آمادہ ہو جاتی ہیں وہ ان امور کے اتمام میں اپنے نفسانی ارادوں سے بیخود ہوتے ہیں اور عالم بالا کی مراد پر ثابت رہتے ہیں۔

اسکے بعد بہایم کی حالت کو خیال کرو کہ وہ رزیل شہوتوں سے لوث رہتے ہیں اپنی طبعی خواہشوں پر شیفتہ ہوتے ہیں انہیں میں محو رہتے ہیں جب انمیں کوئی آمادگی ہوگی وہ ایسی ہی کوئی بہیمی آمادگی ہوگی جس کا مآل کوئی بدنی نفع ہوگا یا طبیعت کے موافق کسی چیز کا دفع کرنا۔

ان دونوں کے بعد معلوم کرنا چاہیئے کہ خدا تعالے نے اپنی روشن حکمت کی وجہ سے آدمی میں دو قوتیں عطا کی ہیں ایک ملکی روح طبعی پر جو تمام بدن میں منتشر ہے جب روح انسانی کا فیضان ہوتا ہے تو یہ قوت پیدا ہوتی ہے روح طبعی اس فیضان کو قبول کر کے مغلوب ہو جاتی ہے۔ دوسری قوت بہیمی ہے جو کہ نفس حیوانی میں پیدا ہوتی ہے جو تمام حیوانوں میں یکساں پائی جاتی ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو قوتیں کہ روح طبعی میں قائم ہیں وہ اس حیوانی میں متحقق ہوتی ہیں روح طبعی خود مستقل طاقت رکھتی ہے اور روح انسانی اسکے احکام کو قبول کر لیتی ہے۔

اسکے بعد یہ معلوم کرنا چاہئے کہ ان دونوں قوتوں میں باہم مزاحمت ہے اور ہر ایک کی کشش مختلف ہے ملکی طاقت بلندی کیطرف کشش کرتی ہے اور بہیمی پستی کی جانب۔ جب بہیمی کا ظہور ہوتا ہے اور اسکی اثر پر زور ہو جاتے ہیں تو ملکی کے جذبات مخفی ہو جاتے ہیں اور ایسے ہی اسکے خلاف میں ہوتا ہے اور پروردگار جلشانہ کو انتظام عالم کے ساتھ توجہ خاص ہے ہر چیز کی استعداد ذاتی اور کسبی جس قسم کی درخواست کرتی ہے اسیکا خداوند کریم فاضہ فرماتا ہے جب کوئی بہیمی جذبات کو کسب کرتا ہے تو ویسے ہی اسکو مدد پہنچتی ہے اور جو امور اسکے مناسب ہوتے ہیں وہی اسکے لئے آسان ہو جاتے ہیں اور اگر ملکی جذبات کو کسب کرتا ہے تب بھی اسی قسم کی امداد اسکو پہنچتی ہے اور اسی کے موافق امور اسکے لئے آسان ہو جاتے ہیں جیسے خدا تعالےٰ فرماتا ہے فاما من اعطےٰ واتقےٰ وصدق بالحسنےٰ فسنیسرہ للیسریٰ واما من بخل واستغنےٰ وکذب بالحسنےٰ فسنیسرہ للعسریٰ۔ جو کوئی کچھ دیگا اور پرہیزگار بنیگا اور نیکی کی تصدیق کریگا تو ہم سہولت کو اسکے لئے آسان کر دینگے اور جو کوئی بخیلی کریگا اور بے پرواہ ہو جاویگا اور نیکی کی تکذیب کریگا ہم دشواری کو اسکے لئے آسان کر دینگے۔

اور فرمایا کلا نمد ھٰؤلاء وھٰؤلاء من عطاء ربک محظورا اور سب کو ہم مدد دیتے ہیں اور تیرے رب کی بخشش روکی نہیں گئی ہے۔ ہر ایک قوۃ کے لئے جدا جدا تکلیف اور لذت ہے لذت اپنی مناسب کیفیت کو ادراک کرنا ہے اور تکلیف اپنی حالت کے ناموافق کیفیت کا ادراک کرنا ہے آدمی کی حالت کو اس شخص کی حالت سے عجب مشابہت ہے جسنے کسی مخدر چیز کا استعمال کیا ہو وہ اسوقت میں آگ کی سوزش کا کچھ اثر اپنے اندر نہیں پاتا ہے یہانتک کہ جب خدر کا اثر کم ہو جاتا ہے اور مقتضائے طبیعت کیطرف وہ رجوع کرتا ہے تب کس شدت کی تکلیف اسے معلوم ہوتی ہے یا اسکو گلاب کی حالت کے شابہ سمجھنا چاہئے اطبا نے بیان کیا ہے کہ گلاب میں تین قوتیں ہیں (۱) قوۃ زمینی جو کرنے یا لیپ کرنے سے ظاہر ہوتی ہے (۲) مائی قوت جو کہ نچوڑنے یا پینے کے وقت ظاہر ہوتی ہے (۳) ہوائی قوت جو کہ سونگھنے کی حالت میں ظاہر ہوتی ہے۔

اس تقریر سے معلوم ہوا کہ آدمی کو تکلیف کرنا اسکی نوع کا مقتضا ہے یقینا آدمی اپنی زبان استعداد سے اپنے پروردگار سے خواستگار رہتا ہے کہ ان امور کو جو فطرت کے مناسب ہوں اسپر واجب کر دے اور اوپر اسکو ثابت قدم رکھے اور بہیمی امور میں منہمک ہونیکو اسپر حرام کر دے اور اسپر انکے ارتکاب سے داروگیر کرے واللہ اعلم۔

باب

تکلیف کا تقدیر سے نکلنا

جاننا چاہئے کہ خدا تعالےٰ کی اپنی مخلوق میں ایسی نشانیاں ہیں کہ انمیں غور کرنیوالا یہ معلوم کر سکتا ہے کہ خدا نے جو اپنے بندوں کو شریعتوں کا مکلف کیا ہے تو اسکی خدا کے پاس زبردست دلیل ہے درختوں اور انکے پتوں اور شگوفوں اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پھلونکو دیکھو اور جو جو کیفیتیں انمیں نظر آتی ہیں یا چکھکر معلوم ہوتی ہیں وغیرہ لہذا انمیں غور کرو کہ خدا نے ہر ایک قسم کے لئے پتے ایک خاص شکل کے اور شگوفے خاص رنگ کے اور خاص خاص مزہ کے پھل پیدا کئے ہیں جنسے معلوم ہوجاتا ہے کہ یہ فلانے قسم کا ایک فرد ہے اور یہ سب امور صورت نوعیہ کے تابع ہوا کرتے ہیں اسی کے ساتھ لپٹے رہتے ہیں جیسا صورت نوعیہ کا ظہور ہوتا ہے ویسا ہی انکا ظہور ہوتا ہے ۔

خدا تعالے کا یہ فرمان کہ یہ مادہ خرما کا ہونا چاہیے اس تفصیلی فرمان کے ساتھ لپٹا ہوا ہے کہ اس کا پھل ایسا ہو اور اسکا شگوفہ ایسا ہو ۔

اور ہر ایک قسم کی خاصیتوں میں سے بعض تو ظاہر ہوتی ہیں ہر ایک عقلمند اسکو سمجھ سکتا ہے اور بعض ایسی ہوتی ہیں جنکو وہی شخص معلوم کرسکتا ہے جو زیرک اور فطین ہو ۔

جیسے کہ یاقوت کی تاثیر ہے کہ وہ یاقوت رکھنے والے کے دل میں مادہ فرحت اور شجاعت کا پیدا کرتا ہے ۔

اور نیز بعض خاصیتیں ایسی ہوتی ہیں جو کسی قسم کے ہر ہر فرد میں ہوتی ہیں اور بعض ایسی ہوتی ہیں کہ استعداد مادہ کی موافق صرف بعض افراد میں پائی جاتی ہیں اور اسی قسم کے اور افراد میں نہیں ہوتیں مثلاً ہلیلہ کہ جو شخص اسکو اپنے ہاتھ میں تھامے رہے اسکے لئے دست آور ہے ۔

اب تم کو یہ کہنے کا موقع نہیں ہے کہ خرما کا پھل اس صفت کا کیوں ہوتا ہے اسلئے کہ یہ سوال بمعنی ہے لوازم ذاتی کے ثابت ہونے کے لئے دلیل کی حاجت نہیں ہوا کرتی ۔

اسکے بعد حیوانات کے ہر ایک قسم کو دیکھو ہر ایک کی شکل و صورت جدا جدا ہے جیسے کہ تم درختوں کی صورتیں جدا جدا پاتے ہو اور حیوانات میں ان اختلافات کیساتھ مختارانہ حرکتیں اور ذاتی الہامات اور طبعی تدابیر بھی ہیں جنکی وجہ سے ہر ایک قسم دوسرے سے بالکل ممتاز ہے ۔ مثلاً چارپائے گھاس کو چرتے ہیں اور گھوڑے گدھے خچر گھاس تو چرتے ہیں مگر جگالی نہیں کرتے درندے گوشت خوار ہیں پرند ہوا میں اڑتے پھرتے ہیں مچھلیاں پانی میں تیرتی ہیں اور حیوانات میں ہر قسم کی آواز جدا جدا ہے ہر ایک کیلئے مجامعت کا طریقہ علیحدہ ہے اپنے بچوں کے پالنے کا طریقہ جو ایک کا ہے وہ دوسرے کا نہیں ہے جسکا بیان طول طویل ہے ۔

ہر ایک قسم کیلئے اسی قسم کا الہام کیا گیا ہے جو اسکی طبیعت اور مزاج کے مناسب تھا اور جنسے اس نوع کی تکمیل اور درستی ممکن تھی اور یہ الہامات سب کے سب انکے پروردگار کیجانب سے انکی صورت نوعیہ کے روزن سے تشخص ہوتے ہیں اور ان کی مثال ایسی ہی ہے جیسے کہ شگوفوں کے خطوط اور پھلونکے مزے جو صورت نوعیہ کے اثر سے متعلق ہوتے ہیں ۔

اور نوعی احکام بعض ہر ہر فرد بشر میں موجود ہوتے ہیں اور بعض مادہ کی قابلیت اور اسباب کے اتفاق سے صرف بعض افراد ہی میں ہوتے ہیں اگرچہ اصلی استعداد سب میں ہوا کرتی ہے مثلاً شہد کی مکھیوں میں یعسوب اور جیسے طوطا کہ تعلیم اور مشاقی کے بعد لوگونکی آوازونکو بخوبی نقل کرلیتا ہے ۔

ان امور کے بعد انسان کی نوع میں غور کرو جو امور کہ درختوں میں پاؤ گے انسان میں بھی پاؤ گے اور انکے علاوہ حیوانی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اقسام ہیں جو اوصاف ہیں وہ بھی اُنمیں ہیں مثلاً کھانا سنا جیازہ بڈکار۔ فضلات کا دفع کرنا آغاز پیدائش میں دودھ پستان سے چوسنا اور اُنکے علاوہ اور بہت سی ایسی خاصیتیں بھی ہیں جنکی وجہ سے وہ تمام حیوانات سے ممتاز ہے مثلاً تفکر کرنا دوسرے کی گفتگو سمجھنا بدیہی مقدمات کی ترتیب سے یا تجربہ استقرار فراست سے مکتسب علوم کو پیدا کرنا اُن امور کا اہتمام کرنا جنکو وہ اگرچہ اپنی حس اور وہم سے نہیں معلوم کرتا ہے لیکن بنظر عقل اُنکو پسندیدہ سمجھتا ہے جیسے نفس کو مہذب کرنا اور شہوتوں کو اپنے زیر حکم کرنا اور یہ امور چونکہ اُنمیں نوعی اور پیدائشی ہیں اسلئے سب فرقے حتے کہ پہاڑوں کے بلندیوں کے باشندے بھی اُن میں مشترک ہیں اسکا راز وہی ہے جو اُسکی صورت نوعیہ کا نشا ہے اور یہ راز بھی ہے کہ مزاج انسانی کا مقتضا یہی ہے کہ اُسکی عقل دل پر غالب ہو اور دل نفس پر غالب ہو۔

اسکے بعد خدا تعالے کی اُس تدبیر اور تربیت اور مہر کو دیکھنا چاہئے کہ جسکی مراعات ہر ایک قسم میں رکھی گئی ہے۔ نباتات جنمیں حس و حرکت کی قوت نہ تھی اسلئے اُسکے لئے رگوں کو پیدا کیا وہ اُس مادہ کو چوستی رہتی ہیں کہ جو پانی اور ہوا اور لطیف اجزاے ارضی سے جمع ہوتا ہے اور جمع کرکے اُسکو تمام شاخوں میں اُسی مناسب تقسیم سے پھیلا دیتی ہیں جس کا فیضان صورت نوعیہ کیجانب سے ہوتا ہے اور حیوان میں حس ہوتی ہے اپنے قصد سے وہ چلتا پھرتا ہے۔ اسلئے خدا تعالے نے اُنکے اندر ایسی رگیں زمین سے مادہ کے چوسنے والی پیدا نہیں کی ہیں بلکہ اُسکو الہام کیا کہ اپنے اپنے مواقعہ سے غلوں کو گھاس پانی کو تلاش کرے اور جتنی منفعتیں اُسکو مطلوب تھیں اُن سب کا اُسکو الہام کیا۔

اور جو قسمیں زمین سے پیدا نہیں ہوتیں خدا تعالے نے اُنکے لئے خاص تدابیر رکھی ہیں کہ اُنمیں تناسل کی قوتیں جمع کی ہیں اور اُنکے مادہ میں ایک خاص رطوبت پیدا کی ہے کہ جو بچہ کی تربیت میں خرچ کیجاتی ہے وہ خالص دودھ بنجاتی ہے اور بچہ کو الہام کیا کہ وہ پستان چوس کر دودھ کو نکلجاوے۔ اور مرغی میں ایک ایسی رطوبت پیدا کی ہے جس سے انڈے پیدا ہوتے ہیں اور بعد انڈے دینے کے اُسکے مزاج میں خشکی پیدا ہوجاتی ہے اور اُس کا پیٹ خالی ہوجاتا ہے جس سے اُسمیں ایک قسم کی دیوانگی سی پیدا ہوتی ہے جس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے بنی نوع سے میل جول ترک کردیتی ہے اور کسی چیز کی حفاظت کرنے کو خود بخود پسند کرتی ہے تاکہ اُس سے اپنے شکم کو دبائے رکھے۔ اور کبوتروں کی طبیعت میں اُسنے یہ پیدا کیا ہے کہ نر اور مادہ باہم مانوس رہیں اور مادہ کے شکم کو اول ہی خالی کیا تاکہ انڈوں کی حفاظت بخوبی اُس سے ہوسکے پھر اُسمیں زائد رطوبت اسلئے پیدا کی کہ وہ بذریعہ قے کے باہر آسکے اور اُسکی طبیعت میں بچہ پر شفقت اور رحم کرنے کا مادہ پیدا کیا۔ اسلئے اُس رطوبت زائد میں مہربانی کے جوش سے قے کی صورت نکلنے کا ذریعہ کیا اور اس ذریعہ سے دانہ اور پانی بچہ کو پہنچتا ہے اور باہم ملاپ کے سبب سے نر بھی مادہ کی تقلید کرتا ہے اور بچہ کا مرطوب مزاج پیدا کیا اُس رطوبت سے اُسکے پر نجاتے ہیں جنسے وہ اڑنے لگتا ہے۔

اور انسان میں چونکہ حس کرنے اور حرکت کرنیکی قوت پیدا کی ہے اور پیدائشی الہامات کا اُسکو قابل بنایا ہے اور بالطبع اُسمیں علوم کا مادہ رکھا ہے اسکو عقل عطا کی ہے اور اختیاری علوم کے پیدا کرنیکی قابلیت دی ہے اسلئے اُس کو کھیتی کرنے درخت لگانے تجارت کرنے اور دیگر معاملات کا الہام کیا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُن میں سے بعض لوگوں کو پیدائشی سردار بنایا ہے اور بعض کی طبیعت میں یا اتفاقی اسباب سے غلامی کی خصلت پیدا کی ہے بعض کو انمیں سے بادشاہ بنایا ہے بعض کو رعیت بعض میں مادہ حکمت کا رکھا ہے کہ حکمت الہیہ کے مطابق گفتگو کرے بعض کو علوم طبعی میں خوض کرنیکی قوت دی ہے بعض کو علوم ریاضی اور حکمت عملی کے مسائل حل کرنیکی اور ایسے ہی بعض کو غبی پیدا کیا ہے کہ وہ بغیر تقلید دوسرے کے علوم بالا کو نہیں سمجھ سکتا ہے اور اسلئے تم لوگوں کو گروہ گروہ کو باریک بینیوں اور شہر یونکے دیکھو گے کہ اُنپر یہ امور وارد ہوتے رہتے ہیں ۔

جاننا چاہیئے کہ انسان کا حال حیوانات کا سا نہیں ہے بلکہ انسان کا ادراک حیوانات کے ادراک سے نہایت گرا ہوا ہے بنابرا اُسکے علوم کے جسپر کہ بجز اُن لوگونکے جنکا مادہ نوع کے احکام کو قبول نہیں کرتا سب کا اتفاق ہے اپنے پیدا کرنے والے اور تربیت کرنیوالے کو تلاش کرنا اور مدبر عالم کو ثابت کرنا ہے جسنے اُسکو پیدا کیا ہے اُسکو رزق دیا ہے وہ اپنے پروردگار کے حضور میں اپنی ہمت اور علم کے موافق گریہ وزاری کرتا ہے جیسکہ وہ اور اُسکے انبائے جنس بزبان حال اُسکے حضور میں خشوع وخضوع کرتے ہیں اور اس قول خداوندی کے یہی معنی ہیں کہ الم تر ان اللہ یسجد لہ من فی السموات ومن فی الارض والشمس والقمر والنجوم والجبال والشجر والدواب وکثیر من الناس وکثیر حق علیہ العذاب کیا تو نے نہیں دیکھا کہ خدا کے لئے وہ چیزیں جو آسمانوں اور وہ چیزیں جو زمین میں ہیں اور سورج اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چارپائے اور بہت سے آدمی سجدہ کرتے ہیں اور بہت سوں پر عذاب ثابت ہوا ۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ درخت کی شاخوں پتوں شگوفوں کا ہر ہر جزو نفس بنانے کے سامنے جو درخت کی تدبیر ہے ہمیشہ اور ہر آن اپنا ہاتھ پھیلائے ہوئے عاجزانہ درخواست کرتا رہتا ہے اگر اُسکے ہر ایک حصہ میں عقل ہوتی تو وہ نفس نباتی کا بمنظیر شکریہ ادا کرتے اور اگر اُسکو فہم ہوتا تو بھی درخواست خالی اُسکے علم اور ارادہ میں بھی منقش ہو جاتی ۔

اور انسان کی خاصیتوں میں سے یہ بھی ہے کہ نوع انسان میں بعض ایسے لوگ بھی ہوں جنکو علوم عقلی کے چشمہ کی طرف خالص توجہ ہو وہ وحی کے ذریعہ سے یا فراست یا خواب کے ذریعہ سے ان علوم کو حاصل کریں اور باقی لوگ جو اس پایہ کے نہوں اس شخص کی رہنمائی اور برکت کے آثار مشاہدہ کر کے اتباع کریں اور اُسکے اوامر ونواہی کی پیروی کریں اور افراد انسانی میں کوئی فرد ایسا نہیں ہوتا کہ جسکو بذریعہ خواب کے جسکو وہ دیکھتا ہے اور اپنی رائے سے یا کسی ہاتف کی سننے سے یا بصیرت کی فطانت سے کچھ نہ کچھ غیب کیطرف توجہ نہ ہو لیکن سب لوگ یکسان نہیں ہوتے ہیں بلکہ بعض انمیں بالکمال ہوتے ہیں اور بعض ناقص اور ناقص کو کامل کی حاجت ہوا کرتی ہے اسکی صفات کا اندازہ بہائم کی صفات سے بالکل جدا ہوتا ہے اسمیں فروتنی پاکیزگی انصاف بہ حالت کی اوصاف ہوتے ہیں عالم جبروت وملکوت کی روشنیاں اُس سے ظاہر ہوتی رہتی ہیں اُسکی دعا مقبول ہوتی ہے تمام کرامات حالات اور مقامات کا اُس سے ظہور ہوتا ہے ۔

اگرچہ وہ امور جنکی وجہ سے آدمی حیوانات سے امتیاز حاصل ہوتا ہے بکثرت ہیں لیکن اُنکا مدار دو خصلتوں پر ہے ۔

(۱) قوت عقلی کا بڑھنا اُسکے دو شعبے ہیں ایک وہ شعبہ ہے کہ اسمیں انتظام شہر کیے متعلق مصلحتیں ملحوظ ہوتی ہیں اُنکے دقائق مستنبط کئے جاتے ہیں اور ایک شعبہ میں علوم غیبی کے حاصل کرنیکی استعداد ہوتی ہے جسکا فیضان وہبی طریقہ سے ہوتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲) قوت عملی کی فوقیت ہے۔ اسکے بھی دو شعبے ہیں۔ اول یہ کہ اعمال کو اپنے قصد اور اختیار سے کرنا۔ حیوانات کے افعال اختیاری ہوا کرتے ہیں اُنکے افعال اُنکی اصل طبیعتوں میں راسخ نہیں ہوا کرتے اُن افعال کی روح سے اُنکے نفوس رنگین نہیں ہوتے اُنکو لگاؤ صرف اُن قوتوں سے ہوتا ہے جو روح حیوانی میں قائم ہیں اس لگاؤ سے وہ بآسانی اپنے اپنے کام کرتے ہیں اور انسان جو فعل کرتا ہے تو بعد فراغ کے وہ افعال تو نابود ہو جاتے ہیں لیکن اُنکی روحیں جدا ہو کر نفس میں بیٹھ جاتی ہیں اسلئے اُنکے بعد نفس میں ایک نور یا تاریکی باقی رہجاتی ہے۔ اور افعال پر مواخذہ کرنیکے لئے جو شارع کا قول شرط ہے وہ اسی طرح پر ہے گا انکو قصد اکرے جیسیکہ زہر کی مضرت اور تریاق سے منتفع ہونیکے لئے طبیب کا قول اسطرح شرط ہے کہ اُن دونوں کو آدمی اپنے حلق سے فرو کرے اور شکم میں داخل کرے۔

اور ہمارے اس قول کی کہ نفس انسانی میں اعمال کی روح راسخ ہو جاتی ہے یہ دلیل ہے کہ تمام آدمیوں کی جماعتیں ریاضتوں اور عبادتوں پر متفق ہیں اپنے وجدان سے انہوں نے اسکے آثار معلوم کر لئے ہیں اور گناہوں اور منہیات سے سب احتراز کرتے ہیں اور اپنے وجدان سے اُنکی سنگدلی انہوں نے معلوم کر لی ہے۔

اور ایک درجہ ایسا ہے جسمیں بلند بلند حالات اور مقامات پیش آتے ہیں جیسے محبت الٰہی خدا پر توکل وغیرہ اور اس قسم کے اوصاف حیوانات میں بالکل مفقود ہیں۔

اور جاننا چاہیے کہ مزاج انسانی میں ٹھیک اعتدال جسکو صورت نوعیہ عطا کرتی ہے بغیر چند علوم کے کامل نہیں ہو سکتا جسکو کہ اکثر الناس ہی معلوم کرتا ہے اور اور لوگ اُس کا اتباع کرتے ہیں۔

اور بغیر شریعت کے جسمیں علوم الٰہی اور شریعت کی تدابیر شامل ہوں اور وہ قواعد جنمیں افعال اختیاری کی بحث اور پانچ قسموں واجب۔ مستحب۔ مباح۔ مکروہ۔ حرام کی تقسیم اور تفصیل ہو اور وہ مقامات جنمیں مرتبہ احسان کے درجات بیان کئے جائیں اسلئے حکمت و موعظت الٰہی میں ضروری ہوا کہ اپنے غیب مقدس میں قوت عقلی کے رزق کو مہیا کرے اور سب سے اول اُنکی الناس کو اُس عالم قدس سے علوم افذ کرنیکے لئے خالص اور جدا کر دے۔ جیسے کہ تم شہد کے چھتے میں لعسوب کو دیکھتے ہو کہ وہ تمام کھیوں کی بذات خود تدبیر کرتا ہے۔ اگر اسطرح پر علوم کو حاصل کرنا بواسطہ یا بلا واسطہ نہ ہوتا تو جو کمال نوع انسانی کے لئے قرار دیا گیا ہے وہ ہرگز مکمل نہ ہوتا کوئی شخص جب حیوانات میں سے کسی نوع کو دیکھتا ہے کہ بغیر گھاس کے اُسکی زندگی بسر نہیں ہوتی تو سمجھ جاتا ہے کہ خدا تعالےٰ نے اُسکے لئے چراگاہیں طیار کر دی ہونگی جسمیں بکثرت گھاس ہو گی ایسے ہی خدا کی صنعت میں غور کرنے والیکو یقین ہوتا ہے کہ نوع انسان کے درجہ میں ایسے علوم بھی ہیں جنسے عقل انسانی اپنے نقصان اور خلل کو دور کر سکتی ہے اور اُس سے عقل کا کمال نہایت کو پہنچتا ہے ان علوم میں سے ایک حصہ توحید و صفات کا علم ہے اس علم میں یہ ضروری ہے کہ اسکی تشریح ایسی صاف صاف ہو کہ بالطبع عقل انسانی اسکو حاصل کر سکے اسمیں ایسی وقت ہرگز نہ ہو کہ اسکو شاذ و نادر ہی کوئی حاصل کر سکے۔ اس علم کی تشریح اس قول میں ہے کہ سبحان اللہ و بحمدہ کہ خدا تعالےٰ نے اپنے لئے وہ صفتیں ثابت ہیں جنکو ہر شخص جانتا ہے یعنی زندہ رہنا۔ سننا۔ دیکھنا۔ قدرت۔ ارادہ۔ کلام۔ غصہ۔ رحمت۔ مالک ہونا غنا اور اُسکے ساتھ ہی یہ ثابت کیا کہ ایسی کوئی شے ان صفتوں میں کوئی اسکا ہمتا نہیں ہے اسکی زندگی ہماری سی زندگی نہیں ہے اُسکی بینائی ہماری سی بینائی نہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے اُسکی قدرت کو ہماری قدرت سے کوئی نسبت نہیں۔ اُس کا ارادہ ہمارے ارادے سے الگ ہے اُسکی کلام کرنے کی شان ہمارے کلام کی سی نہیں ہے وعلےٰ ہذا۔

پھر خدا تعالےٰ نے بمثیل ہونیکی تفسیر ایسے امور سے کی جو ہماری جنس میں بالکل مستبعد ہے مثلاً کہا جاتا ہے کہ وہ پینہ کے قطروں کی تعداد کو بیابانوں کی ریگ کی تعداد کو درختوں کے پتوں کی تعداد کو حیوانات کے سانس کی تعداد کو جانتا ہے شب تاریں چیونٹی کو چلنے کو دیکھتا ہے ان دیکھے سوئے کو سن لیتا ہے جو مقفل دروازوں کے اندر لحافوں کے نیچے پیدا ہوتے ہیں۔

اور ایک حصہ عبادات کا علم ہے اور انہیں علوم میں سے منافع کا علم ہے اور انہیں سے مخاصمت کا علم یعنی جب ادنیٰ نفوس میں شبہات پیدا ہو جاتے ہیں جنسے حق کی مخالفت ہوتی ہے تو اسوقت انکے دفع کرنیکا کیا طریقہ ہونا چاہیئے اور انہیں سے خدا کی نعمتوں اور اسکی مختلف عقوبتوں کو یاد دلانا ہے اور عالم برزخ اور قیامت کے واقعات کا بیان کرنا ہے اس لئے کہ خدا تبارک و تعالےٰ نے نوع انسان کی استعداد کو جو تمام انسانوں میں نسلاً بعد نسلٍ منتقل ہوتی ہے اور اسکی قوت ملکیہ کو اور ان تدبیروں اور علوم کو جنسے استعداد اور قابلیت کے موافق اسکی اصلاح ہوتی ہے دیکھا اور سب علوم غیب الغیب میں محدود طور پر اور محفوظانہ متمثل ہو گئی اسی تمثیل کو اشارہ کلام نفسی کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں اور یہ حالت علم ارادہ۔ قدرت سے جدا ہے۔

اور جب تمام فرشتوں کی پیدائش کا وقت آیا تو حق تعالےٰ نے معلوم کیا کہ افراد انسانی کی مصلحت جبھی کامل ہوگی کہ بزرگ نفوس پیدا کئے جاویں کہ انسے نوع انسانی کو ایسا ہی تعلق ہو جیسکہ ہمارے عقلی قوا کو نفوس سے تعلق ہوتا ہے اسوجہ سے افراد انسانی پر انسے محض عنایت فرمائی اور کلمہ کن سے انکو ایجاد کیا انکے دلوں میں ان علوم کا جو غیب الغیب میں محدود اور محفوظ ہو چکے تھے پرتو ڈالا اور وہ علوم روحانی صورتیں انکے لئے متصور ہو گئے انہیں نفوس کیطرف اس قول میں اشارہ ہے الذین یحملون عرش ربک ومن حولہ۔ جو کہ تیرے رب کا عرش اٹھاتے ہیں اور وہ کہ عرش کے آس پاس ہیں۔

اور جب ایک نے دوسرا آیا کہ آسمیں دولتوں اور مذاہب کی تبدیلی مقرر تھی تو اسنے قرار دیا کہ وہ علوم روحانی وجود میں ظاہر ہوں اسلئے اس عہد کے موافق انکی تشریح اور تفصیل کیگئی اسکی طرف اشارہ ہے خدا تعالےٰ کے قول میں انا انزلنہ فی لیلۃ مبارکۃ انا کنا منذرین فیہا یفرق کل امر حکیم ہم نے قرآن کو مبارک شب میں نازل کیا ہے ہم ہی ڈرانے والے تھے اس شب میں سب مضبوط کام جدا جدا کئے جاتے ہیں۔

پھر حکمت اللہ نے ایک ذکی شخص کے موجود ہونیکا انتظار کیا جو وحی الٰہی کے قابل ہو اسکی بلندی مرتبہ اور برتری شان کا علم دیا گیا یہانتک کہ جب وہ موجود ہو گیا تو اسکو اپنے لئے خاص کر لیا اور اپنے مقصود کے پورا ہونیکا اسکو ذریعہ بنایا نبی کتاب اسپر نازل کی اور اپنے بندوں پر اسکی اطاعت واجب کر دی سی خدا نے حضرت موسےٰ سے فرمایا واصطنعتک لنفسی میں نے تجھکو اپنے لئے بنایا۔

پس خدا تعالےٰ نے ان علوم کو غیب الغیب میں جسطرح پر معین فرمایا تو نوع انسانی پر محض اسکی عنایت و کرم تعالےٰ و تقدس سے اور اعلےٰ کے نفوس کے فیضان کی خود درخواست کی تھی اور نوعی حالات نے ہی ان قرنوں میں خاص شریعت کے طلب کا اصرار کیا تھا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اگر کہا جاوے کہ انسان پر نماز پڑھنا کھانے سے واجب ہوا رسول کی اطاعت کس طرح واجب ہوئی زنا اور چوری کھانے حرام ہوئے تو کہا جاویگا کہ یہ اور وہ اسیطرح کیا گیا کہ جیسے بہائیم پر گھاس کا کھانا واجب کیا گیا گوشت کا کھانا حرام کیا گیا درندوں پر گوشت کھانا ضروری قرار دیا گیا اور حکم دیا گیا کہ گھاس نہ کھاویں۔ شہد کی مکھیوں کو حکم دیا گیا کہ یعسوب کا اتباع کریں۔ اتنا فرق ہے کہ حیوانات میں یہ علم جبلی ہیں اور انسان کسب سے غور سے وحی یا تقلید سے انکو حاصل کرتا ہے ؛

باب ۸

تکلیف کا جزا سزا کے لئے باعث ہونا

جاننا چاہیئے کہ الناس مجزیون باعمالھم ان خیرا فخیر وان شرا فشر لوگونکو اعمال کی جزا ملیگی اگر اعمال اچھے ہیں انکے جزا بھی اچھی ہوگی اور اگر اعمال بد ہیں تو ایسے ہی انکی جزا بھی بد ہوگی ؛

اس جزا و سزا پانیکی چار صورتیں ہیں (۱) اولا یہ صورۃ نوعیہ کا مقتضا ہے جیسکہ چارپایہ جب گھاس کو چرتا ہے اور درندہ جب گوشت کھاتا رہتا ہے تو اُن کا مزاج سلیم رہتا ہے اور جب ہی چارپایہ نے بجائے گھاس کے گوشت کا استعمال کیا اور درندہ بجائے گوشت کے چارہ کا استعمال کرتا ہے تو انکا اصلی مزاج بگڑ جاتا ہے۔ یہی حال آدمی کا بھی ہے کہ جب وہ ایسے اعمال کرتا ہے کہ جنکی روح بارگاہ حقتعالےٰ میں فروتنی اور نیازمندی ہوتی ہے تمیں پاکیزگی فیاضی عدالت ہوتی ہے تب اُسکا ملکی مزاج درست رہتا ہے اور جب ایسے کام کرتا ہے کہ جنکی روح ان امور بالا کے خلاف ہوتی ہے تو اُسکی ملکی حالت بگڑ جاتی ہے جب وہ بدکی گرانی سے بسکسار ہوتا ہے اسوقت نفرت دائمی کا اثر اپنے اندر ایسے ہی پاتا ہے جیسے کہ ہم جلنے کی تکلیف معلوم کرتے ہیں ؛

(۲) دوسری صورت جزا و سزا کی ملاء اعلےٰ کیوجہ سے ہوتی ہے جیسکہ ہمارے اندر دماغی قوتیں ہیں جنکی وجہ سے ہم چنگاری اور برف کا احساس کر لیتے ہیں جیکہ ہمپر ہمارا قدم پڑتا ہے ایسے ہی خدا تعالےٰ نے محض لطف و عنایت سے صورۃ انسانی کیلئے جو ملکوت میں مصور ہے فرشتونکو خادم بنایا ہے اسلئے کہ جیسے بغیر قوائے اور اعیہ کے ہماری درستی نہیں ہو سکتی ایسے ہی انسان کی درستی بغیر فرشتونکے نہیں ہو سکتی اسکا یہ اثر ہوتا ہے کہ جب آدمی کوئی کام نجات کے قابل کرتا ہے تو فرشتونسے بہجۃ اور سرور کی شعاعیں خارج ہوتی ہیں اور اگر کوئی مہلک کام کرتا ہے تو نفرت اور تبغض کی شعاعیں اُنسے خارج ہوتی ہیں اور پھر وہی شعاعیں اس شخص کے نفس میں حلول کرتی ہیں یعنی بہجۃ یا نفرت کا مادہ آمیں پیدا کر دیتی ہیں اور کبھی یہی مادہ بہجۃ یا نفرت کا بعض فرشتوں یا لوگونکے دلونمیں پیدا ہو جاتا ہے اسوقت الہامی ذریعہ سے اس شخص سے محبت رکھکر احسان پہنچاتے ہیں یا اس سے متنفر ہو کر رنج میں ڈالتے ہیں ؛

انکو ایسے ہی خیال کرنا چاہیئے کہ جب کسی کا قدم چنگاری پر پڑتا ہے تو اُسکے تو اے اور اعیہ کو تکلیف سوزش کی معلوم ہوتی ہے پھر اس تکلیف کی شعاعیں دلپر اثر کر اُسکو غم آلودہ کر دیتی ہیں اور طبیعت پر موثر ہو کر اُسکو گداختہ کر دیتی ہیں ان فرشتوں کا ہمارے اندر اثر پہنچانا ایسا ہی ہے جیسکہ ہمارے ارکان کا بدنونمیں اثر پہنچانا جیسکہ ہم میں سے کسی شخص کو رنج یا لذت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا خوف ہوتا ہے تو پسلیاں کانپنے لگتی ہیں نبض زیادہ ہو جاتا ہے بدن ضعیف ہو جاتا ہے اکثر پیشاب ہوتا جاتی ہے پیشاب سرخ ہو جاتا ہے اور اگر خوف کی شدت سے پیشاب یا براز ظاہر بھی ہو جاتا ہے یہ سب امور اسلیے پیش آتے ہیں کہ قوائے ادراکیہ طبیعت میں اثر کرتی ہیں بذریعہ وحی کے انکا فرمان طبیعت کو پہنچایا جاتا ہے ایسے ہی ان فرشتوں کے جو آدمیوں پر موکل ہیں آدمیوں پر اور سفلی فرشتوں پر جملی الہامات مترشح ہوتے ہیں اور آدمیوں کے افراد ان فرشتوں کے ایسی ہی تابع رہتے ہیں جیسے طبعی قوتیں قوائے ادراکیہ کے تابع رہتی ہیں اور جیسیکہ وہ شعاعیں سفل کیطرف گرتی ہیں ایسے ہی فطیرۃ القدس کیطرف صعود کرکے اسمیں ایک حالت پیدا کردیتی ہیں کہ جسکو رحمت و رضا غضب و لعن سے تعبیر کرتے ہیں یہ اثر ایسے ہی متقل ہوتا ہے کہ جیسے آگ قرب کی وجہ سے پانی کو گرم کردیتی ہے اور قیاس کے مقدمات نتیجہ کو مہیا کردیتے ہیں اور دعا پر قبولیت مرتب ہوتی ہے اسی وجہ سے عالم جبروت میں ایک نئی حالت پیدا ہوتی رہتی ہے اور ہمیشہ غضب کی حالت ہوتی ہے اسکے بعد ہی توبہ کی شان ہو جاتی ہے اور رحمت کے بعد ناخوشی ظاہر ہو جاتی ہے خدا تعالےٰ فرماتا ہے ان اللہ لا یغیر ما بقوم حتےٰ یغیروا ما بانفسھم ۔

آنحضرت صلعم نے اکثر احادیث میں فرمایا ہے کہ فرشتے آدمیوں کے اعمال کو آسمان پر لیجاتے ہیں اور خدا تعالےٰ آپنے پوچھتا ہے کہ تم نے میرے بندوں کو کس حالت میں چھوڑا اور نیز فرمایا کہ دن کے اعمال شب کے اعمال سے پہلے آسمان پر جاتے ہیں اسمیں آنحضرت نے اسکی طرف تنبیہ فرمائی ہے کہ فرشتے آدمیوں اور اس نور الٰہی میں جو کہ فطیرۃ القدس میں قایم ہے ایک واسطہ پر واسطہ ہیں ۔

اور تیسری صورت جزا و سزا کی شریعت کا مقتضا ہوتا ہے جو لوگوں کے لئے قرار دیگئی ہے جسوقت ستاروں کی کوئی قطر ہوتی ہے تو ایک روحانیت کا حصول ہوتا ہے جسمیں ستاروں کی قوتیں ہی ہوتی ہیں اور فلک کے کسی حصے میں وہ مصور ہوتی ہے اور اس روحانیت کو جب چاند جو احکام فلکی کو منتقل کرنیوالا ہے زمین کیطرف منتقل کرتا ہے تو اہل زمین کے اعمال اس روحانیت کے موافق پھر جاتے ہیں ایسے ہی خدا تعالےٰ بھی جانتا ہے کہ جب ایک خاص وقت آویگا جسکو شرع میں لیلۃ مبارک کہتے ہیں اور اسمیں سب محکم امور کا فیصلہ کیا جاتا ہے تو عالم ملکوت میں ایک روحانیت کا ظہور ہوتا ہے جسمیں نوع انسانکے احکامات شامل ہوتے ہیں اور مقتضاے وقت وہاں سے سب لوگوں میں سے نہایت زکی شخص پر الہامات برستے ہیں اور اسی کے واسطے سے لوگوں کے نفوس پر جو ذکاوت میں اس سے زیادہ قریب ہوتے ہیں اسی قسم کے علوم کا القا ہوتا ہے پھر سب لوگوں پر ان الہامات کے تسلیم اور پسندیدگی کا الہام ہوتا ہے انکے معاون کی تائید کیجاتی ہے اور انکا مخالف ذلیل کیا جاتا ہے اور سفل کے فرشتوں کو الہام ہوتا ہے کہ انکے فرمانبردار پر احسان کریں اور نافرمانی کرنیوالے کو تکلیف پہنچاویں اور پھر انکا اثر ملاء اعلیٰ اور فطیرۃ القدس کیجانب صعود کرتا ہے اور وہاں خوشنودی اور ناخوشی اس سے پیدا ہوتی ہے ۔

اور چوتھی صورت جزا و سزا کی یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی آنحضرت کی بعثت سے یہ غرض تھی کہ لوگوں پر مہربانی کرے اور زمین کو قریب کرے اسواسطے لوگوں پر آپ کی اطاعت کو اس نے واجب کیا اسلئے وحی کے علوم آپ کے سامنے مشخص اور مصور ہو گئے وہ آپ کی ہمت اور دعا سے ممزوج ہو گئے خدا کا حکم ہوا کہ آپ کی امداد کی جاوے تاکہ آپ کے مقاصد میں استحکام پیدا ہو ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اب جو جزا و سزا کہ بمقتضاے صورۃ نوعیہ اور ملا اعلےٰ کیوجہ سے ظہور پذیر ہوتی ہے وہ تو فطرت الٰہی کا اثر ہے جسپر لوگوں کو پیدا کیا ہے ولن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا اور تو خدا کے طریقہ میں تبدیلی نہ پاویگا ۔

اور دین اسی فطرت کا نام ہے جسمیں زمانوں کے بدلنے سے کوئی اختلاف نہیں ہوتا اور تمام انبیا کا اسپر اتفاق ہے جیسکہ خداے تبارک و تعالےٰ نے فرمایا وان ہذہ امتکم امۃ واحدہ اور آنحضرت نے ارشاد کیا الانبیاء بنو علات الہم دینہم شتی وامہاتہم شتی انبیاء علاتی بھائی ہیں ان کا باپ ایک ہے اور مائیں مختلف ہیں یعنی اصل دین ہمیشہ ایک ہوتا ہے انبیا کے بعثت سے پہلے بھی ہوتا ہے اور بعد کو بھی اس میں دونوں برابر ہیں اور جو جزا و سزا بمقتضاے شریعت ہوتی ہے اس میں زمانہ کی تبدیلی سے تبدیلی ہوجایا کرتی ہے اور پیغمبروں کی بعثت اسی لئے ہوا کرتی ہے اور آنحضرت کے اس قول میں اسی کی طرف اشارہ ہے انما مثلی ومثل ما بعثنی اللہ بہ کمثل رجل اتی قوما فقال یا قوم انی رایت الجیش بعینی وانی انا النذیر العریان فالنجا النجا فاطاعہ طائفۃ من قومہ فادلجوا فانطلقوا علےٰ مہلہم فنجوا وکذبت طائفۃ منہم فاصبحوا مکانہم فصبحہم الجیش فاہلکہم واجتاحہم فذلک مثل من اطاعنی فاتبع ما جئت بہ ومثل من عصانی وکذب ما جئت بہ من الحق تحقیق میری اور میری رسالت کی ایسی مثال ہے کہ جیسے ایک شخص نے کسی قوم کے پاس آکر کہا کہ میں نے اپنی آنکھ سے لشکر کو دیکھا ہے اور میں صاف صاف تم کو اس سے ڈراتا ہوں خبردار ہوجاؤ اور اپنے آپکو بچاؤ اس قوم میں سے بعض لوگوں نے اسکا کہا مان لیا اور تڑکے ہی سے وہ سامان سفر کرکے چلدئے اور وہ بچگئے و بعض نے اسکے کہنے کو نہ مانا اور اپنی اپنی جگہ ٹھیرے رہے صبحکو لشکر نے انکو آلیا اور بیخ و بن سے انکا استیصال کردیا ایسے ہی ان لوگوں کا حال ہے انہوں نے میری اطاعت کرکے ان احکام کا اتباع کیا جنکو میں لایا ہوں اور ان لوگوں کا جنہوں نے نافرمانی کی ان حق باتوں کی تکذیب کی جن کو میں لایا ہوں ۔

اور جزا و سزا کا جو چوتھا طریقہ ہے وہ جب ہی ہوتا ہے کہ انبیا کی بعثت ہو لوگونکے شبہے دور ہوجائیں اور تبلیغ رسالت ٹھیک ٹھیک ہوجائے لیہلک من ہلک عن بینۃ ویحیی من حی عن بینۃ کہ جو ہلاک ہو وہ دلیل سے ہی ہلاک ہو اور جو زندہ بچے وہ بھی دلیل سے ہی زندہ بچے ۔

باب ۹

اسکے بیان میں کہ لوگ پیدائش میں مختلف ہیں یہی وجہ ہے کہ انکے اخلاق انکے اعمال انکی کمال کے درجے اور مرتبے مختلف ہوتے ہیں

اسکی دلیل یہ ہے کہ آنحضرت سے روایت ہے کہ اذا ہم بجبل زلزل عن مکانہ فصدقوہ واذا ہم برجل تغیر عن خلقہ فلا تصدقوا بہ فانہ یصیر علےٰ ما جبل علیہ اگر تم سنو کہ پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ گیا تو اسکا یقین کرلینا اور اگر کسی شخص کو سنو کہ اسکی جبلی عادت بدل گئی ہے تو اسکا یقین نہ کرنا وہ پھر پیدائشی عادت کیطرف منتقل ہوجاویگا اور آپ نے فرمایا الا ان بنی آدم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خلقوا علے طبقات شتے فمنہم من یولد مؤمنا فذکر الحدیث بطولہ لوگ مختلف درجونکے پیدا کئے گئے ہیں بعض مسلمان پیدا کئے گئے ہیں آخر حدیث تک۔ غضب اور قہر کے تقاضے میں انکے درجونکا ذکر فرمایا۔ اور فرمایا الناس معادن کمعادن الذہب والفضۃ جیسی سونے چاندی کی کانیں ہیں ایسے ہی آدمیونکی کانیں ہیں۔

اور خدا تعالے نے فرمایا کل یعمل علے شاکلتہ یعنے اسی طریقے پر ہر شخص عمل کرتا ہے جسپر وہ پیدا کیا گیا ہے۔ اور اگر تمکو معلوم کرنا منظور ہے کہ اس بات میں حکمت خدا نے کیا مخفی رکھی ہے اور ان احادیث کے معنی مجکو کیا بتائے ہیں۔

تو سمجھو کہ ملکی قوت خدا نے نوعمیں دو طرح پر پیدا کی ہے (۱) اسطرح پر کہ ملاء اعلے کی حالت سے اسکو مناسبت ہوتی ہے جنکی شان یہ ہے کہ خدا کے اسماء و صفت کے علوم سے وہ مستکمین رہتے ہیں عالم جبروت کی بلا کیفیت سے واقف ہوتے ہیں محیط طور پر انتظامی امور کو حاصل کرتے رہتے ہیں اور ان امور کو وجود میں لانے کے لئے ہمت کو جمع کرتے ہیں۔

اور دوسری اسطرح پر ہوتی ہے کہ اسکو ملاء اسفل کے فرشتونسے مناسبت ہوتی ہے جنکا یہ کام ہے کہ جس خواہش کا اوپر کیجانب سے حال معلوم ہوا فوراً اسکے لئے آمادہ ہو گئے نہ اسکا احاطہ کیا نہ وہاں ہمت جمع ہوتی ہے نہ انکو اس سے پوری واقفیت ہوتی ہے وہ سراپا نور ہوتے ہیں جیسی آلودگیونسے بالکل پاک۔

اور علے ہذا قوت بہیمی بھی انہیں دو ہی طرح سے پیدا ہوتی ہے بعض حالتونمیں بہیمیت کے اثر نہایت شدت سے جمع ہوتے ہیں جیسیکہ مست اونٹ جو نہایت قوی ہو پیدائش ہی سے اسکو بہت سی غذا ملی ہو اور مناسب تدبیر سے اسکی تربیت ہوئی ہو اسلیے بڑا تنومند اور مضبوط ہو گیا ہو بلند آواز ہو سخت گیر ہو اسکے قصد میں کسی قسم کی روک ہو اسمیں بڑی انیٹھ ہو غضہ اور کینہ اسمیں اشدۃ شہوانی قوت زیادہ ہو ہر بات میں دوسرے پر غلبہ چاہتا ہو تو اماول ہو۔

اور بعض میں بہیمیت کے اثر نہایت ضعیف ہوتے ہیں جیسا کہ کوئی حیوان خصی ناقص الخلقت جسکا نشو و نما خشکسالی میں ہوا مناسب تدبیر و نسے اسکی تربیت ہوا اسکا جسم کمزور حقیر ہو آواز باریک نرم ہو بزدل کم ہمت ہو دوسرونکے مقابلے میں غلبہ اور قحمندی کی اسکو پرواہ نہ ہو۔ اور ان دونوں قوتونکی ایک خاص جبلی حالت ہے جو کہ انمیں سے ایک خاص قوت کو ٹھیراوتی ہے اور اسکے بعد کسی اور اختیاری امر سے اسکو قوۃ اور مدد پہنچتی رہتی ہے۔

اور جب یہ دونو قوتیں کسی میں جمع ہوتی ہیں تو اسکے جمع ہونیکے بھی دو طریقے ہیں کبھی تو باہمی مزاحمت کے بعد ان دونو کا اجتماع ہو جاتا ہے اسطرح پر کہ ہر ایک قوۃ اپنی اپنی خواہشوں کی طلب میں سرگرم ہوتی ہے اپنی اپنی انتہائی اغراض میں کامیاب ہونیکے منتظر رہتی ہے اپنی اپنی ذاتی مسلک اور طریقونکے حاصل کرنیکا قصد کرتے رہتے ہیں اسلیے انمیں باہم جذب و کشش ہوتی ہے اسکا غلبہ ہوا تو دوسری میں پژمردگی آگئی اور علے ہذا۔

اور کبھی باہم دونونمیں مصالحت ہو جاتی ہے اسطرح ملکی قوۃ اپنے خالص احکام کی طالب نہیں ہوتی بلکہ ان احکام پر بس کرتی ہے جو قریب قریب ہیں جیسے دانائی نفس کی فیاضی طبیعت کی پارسائی۔ اپنے نفع ذاتی پر عام منفعت کو پسند کرنا موجودہ خواہشوں پر اکتفا نہ کرنا بلکہ آئندہ نتیجہ کا انتظار کرنا اپنے تعلق کی تمام چیزونمیں صفائی اور ستھرے پن کو محبوب سمجھنا اور ایسے ہی قوۃ بہیمی بھی اپنی خالص خواہشونکا مطالبہ نہیں کرتی بلکہ جو ہو ایک رائے کلی سے بالکل دور نہیں ہوتے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اُس سے زیادہ مخالف نہیں ہوتے اُنکو اپنا شیوہ کر لیتی ہے اُن دونو قوتوں میں باہم میل جول ہو کر ایک ایسا مزاج حاصل ہو جاتا ہے جسمیں باہمی مخالفت کے اثر نہیں ہوتے۔

ملکیت اور بہیمیت اور اُنکے باہمی میل کے دو دو کنارے ہیں اور ایک درجہ توسط کا ہے اور کچھ کنارے کے قریب ہیں اور بعض توسط کے قریب ہیں اسطرح پر بے نہایت درجے نہیں ہو گئے ہیں لیکن اصلی اقسام جنکے احکام جدا جدا ہیں اور اُنکے قسموں کے معلوم ہونے سے اور اقسام کا حال بھی معلوم ہو جاتا ہے آٹھ ہیں اسطرح پر کہ جب ان دونو قوتوں میں باہمی کشش سے میل ہو جاتا ہے تو اُنکی چار صورتیں ہوتی ہیں (۱) ملکیہ بلند و قوی بہیمیہ کیحالت قوی یا ضعیف ایسے ہی ملکیہ ضعیف اور اُسکے ساتھ بہیمیت قوی یا ضعیف۔

اور ایسے ہی چار قسمیں اُس صورت میں ہیں کہ ان دونو قوتوں میں باہمی میل و مصالحت ہو جائے ہر ایک قسم کا حکم جدا ہے جسمیں تبدیلی نہیں ہوتی خدا نے جسکو اُنکے احکام معلوم کرنیکی توفیق دی ہے اُسکو اکثر پریشانیوں سے آرام ملجاتا ہے۔

باب ۱

ان ارادوں کے اسباب میں جو کاموں کے باعث ہوتے ہیں

معلوم کرو کہ آدمی جن ارادوں کو اپنے دل میں پاتا ہے اور اُنہیں ارادوں کی موافق اُسکو کام کرنے کی آمادگی ہوتی ہے۔ ضرورت ہے کہ ان ارادوں کے کچھ نہ کچھ اسباب ہونگے۔ خدا کا طریقہ جیسکیا اور ناپیدا شدہ اشیا میں ہے ویسا ہی یہاں بھی ہوگا غور اور تجربہ سے یہ امر ظاہر ہوتا ہے کہ منجملہ ان اسباب کے سب سے بڑا سبب آدمی کی ذاتی پیدائش ہے جیسا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں ذکر فرمایا ہے جس کو ہم نے پہلے بیان کیا ہے (کل مولود یولد علی الفطرۃ الحدیث)

اُنہیں اسباب میں سے آدمی کا پیدائشی مزاج ہے جو خورد و نوش وغیرہ کی محیط تدابیر سے متغیر رہتا ہے مثلاً گرسنہ کھانے کو طلب کرتا ہے اور تشنہ پانی کو اور خواہش نفسانی والا عورتوں کی جانب مائل ہوتا ہے۔ اکثر لوگ مقوی باہ غذاؤں کا استعمال کرتے ہیں تو اُنکو عورتوں کیطرف میلان ہو جاتا ہے اُنکے دلوں میں ایسے ہی ایسے خیالات اور وسوسے گذرتے ہیں جن کو عورتوں سے تعلق ہوتا ہے ایسی حالت سے اکثر کا مونکا جوش لوگوں کے دلوں میں پیدا ہو جاتا ہے۔ اکثر لوگ سخت غذاؤں کا استعمال کرتے ہیں اُنسے وہ مشتعل ہو جاتے ہیں قتل کرنے پر آمادہ ہوتے ہیں۔ ایسے ایسے موقعوں پر غصہ ظاہر کرتے ہیں جہاں اوروں کو غصہ نہیں آتا۔ اور جب یہی لوگ روزہ نماز سے ریاضت نفس کرتے ہیں یا بڑے بوڑھے ہو جاتے ہیں یا کوئی سخت بیماری اُنکو لاحق ہوتی ہے تو اکثر پہلی حالتیں بدلجاتی ہیں دل نرم ہو جاتے ہیں نفوس پاکیزہ ہو جاتے ہیں اس لئے تم بڑھوں اور جوانوں کی حالت میں بڑا فرق دیکھتے ہو۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے روزہ کی حالت میں بوڑھے آدمی کو بوسہ کی اجازت دی ہے اور جوان کو اسکی اجازت نہیں دی۔

اور انہیں اسباب میں سے عادات اور مالوف چیزیں ہیں اسلئے کہ جس شخص کو جب کسی چیز سے تعلق ہو جاتا ہے اور اسی کی مناسب صورتیں اور شکلیں اُسکے دل میں جم جاتی ہیں تو اکثر خواہشوں اور ارادوں کی جانب اُس کا میلان ہو جاتا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور انہیں اسباب میں سے یہ بھی ہے کہ بعض اوقات نفس ناطقہ قوت بہیمیہ کی قید سے آزاد ہو جاتا ہے اور تمام امور اسکے لئے جیسا کہ اسکے لئے آسان ہو وہ ایک نورانی ہیئت کو اخذ کر لیتا ہے کبھی ہیئت انس و طمانیت کی قسم سے ہوتی ہے اور کبھی اس سے کسی کام کرنے کا عزم پیدا ہوتا ہے۔

اور انہیں اسباب میں سے یہ ہے کہ بعض دنی نفوس شیاطین سے متاثر ہو جاتے ہیں انکا بعض رنگ ان نفوس پر چڑھ جاتا ہے اور انکو شرارتے دے اور کام ایسی حالت اور ہیئت سے ہوتے ہیں۔

معلوم کرو کہ خوابوں کا حال بھی ارادوں ہی کا سا ہوتا ہے مگر یہ فرق ہے کہ تجرید نفس کی حالت میں ارادوں کی صورتیں نفس کے سامنے متمثل ہوا کرتی ہیں۔

محمد ابن سیرین نے فرمایا ہے کہ خواب تین قسم کے ہوتے ہیں (۱) نفس کی بات (۲) شیاطین کا ڈرانا (۳) خدا کی جانب سے مژدہ۔ واللہ اعلم۔

باب ۱۱

اعمال کی نفس کیساتھ چسپیدگی اور اعمال کی یادداشت نفس میں

خدا تعالیٰ فرماتا ہے وکل انسان الزمنہ طٰئرہ فی عنقہ ونخرج لہ یوم القیامۃ کتابا یلقہ منشورا اقرا کتابک کفی بنفسک الیوم علیک حسیبا۔

ہر شخص کے عمل کو ہم نے اسکی گردن میں چپکا دیا ہے قیامت کے روز ہم اسکے سامنے ایک کھلی ہوئی کتاب کو پیش کرینگے جس سے وہ ملیگا اور کہینگے اپنی کتاب کو پڑھ آج تیرا نفس ہی تیرا حساب کرنے کو کافی ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پروردگار تبارک و تعالیٰ کی نقل سے فرمایا ہے کہ بیشک یہ تمہارے اعمال ہیں انکو میں تم پر شمار کرتا ہوں ان اعمال کو تمہارے لئے پورا کرتا ہوں جو شخص بھلائی پاوے وہ خدا کا شکر کرے اور جو اسکے علاوہ کچھ اور پاوے وہ اپنے ہی نفس کو ملامت کرے۔

اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے نفس آرزو اور خواہش کرتا ہے اور شرمگاہ اسکو سچ کر دیتی ہے یا اسکی تکذیب کر دیتی ہے۔

معلوم کرو کہ آدمی جن اعمال کا اہتمام سے قصد کرتا ہے اور جو اخلاق کہ انمیں جمے ہوئے ہیں وہ سب نفس ناطقہ کی جڑ سے نکلتے ہیں پھر اسی کی طرف رجوع کرتے ہیں اور نفس کے دامن کو چمٹ کر اسکو گھیر لیتے ہیں۔

نفس سے نکلنے کی یہ وجہ ہے کہ تم کو معلوم ہو چکا ہے کہ قوۃ ملکی اور بہیمی اور ان دونوں کی مع ہونیکی مختلف قسمیں ہیں اور ہر ایک قسم کا حکم جدا ہے اور مزاج طبعی کا غالب ہو جانا اور فرشتوں اور شیاطین سے رنگین ہونا اور ایسے اور اسباب کا قلب پر ایسی انداز سے ہوتا ہے جو پیدائش انسانی کا عطیہ ہوتا ہے اور پیدائش سے اس کو مناسبت ہوتی ہے بسبب اسکے ان سب کا اصل نفس ہے بواسطہ یا بلا واسطہ۔

دیکھو مخنث کی پیدائش ابتدا ایک ایک مزاج پر ہوتی ہے پہچاننے والا اس مزاج سے معلوم کر لیتا ہے کہ اگر وہ اسی ایک مزاج پر جوان ہو گیا تو عورتوں کی سی عادات اختیار کریگا۔ انہیں کے ہم لباس ہوگا اور انہیں کے ہم مجلس ہوگا اور انہیں کے ہم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایسے ہی طبیب معلوم کرلیتا ہے کہ کوئی لڑکا اگر اپنے اسی مزاج پر جوان ہوگیا اور کوئی ناگہان بڑھنے میں نہ آیا تو توانا اور تیز ہوگا یا ناتوان اور کند ہوگا۔

اور اخلاق کا نفس کیطرف عائد ہونا اسطرح پر ہے کہ جب کوئی شخص کسی کام کو برابر کرتا رہتا ہے اور اسکو کثرت کرتا ہے تو اسکا عادی ہوجاتا ہے پھر وہ بآسانی اسکو کرسکتا ہے اور کچھ غور و فکر یا ارادہ کی محنت برداشت کرنیکی ضرورت نہیں ہوتی اسلئے یہ ضروری ہوتا ہے کہ نفس اس کام سے متاثر ہوجاتا ہے اور اسکا رنگ قبول کرلیتا ہے اور ان ایک جنس اعمال میں سے ہر ایک عمل کو اس تاثیر میں دخل ہوتا ہے اگرچہ یہ تاثیر باریک اور مخفی المکان ہو۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول میں اسطرف اشارہ ہے کہ چٹائی کیطرح مرتبہ بمرتبہ فتنے دلوں کو احاطہ کئے ہوئے ہیں جس دل میں وہ فتنے پیوست ہوجاتے ہیں اسمیں ایک سیاہ نقطہ پیدا ہوجاتا ہے اور جو دل اُنسے بیزار ہوتا ہے اسمیں ایک سفید نقطہ پیدا ہوجاتا ہے حتی کہ وہ فتنے دو دلوں پر متقل ہوتے ہیں ایک سپید صاف پتھر کیطرح جبتک کہ آسمان اور زمین ہیں کوئی فتنہ اس دل کو مضر نہیں ہوتا اور دوسرا دل سیاہ ہوتا ہے غبار آلودہ جیسکیں کوزہ نہ کسی نیک کام کو پہچانتا ہے نہ برے کام کو وہاں صرف اس خواہش کو پہچانتا ہے جو اس میں بیٹھی ہوئی ہوتی ہے۔

اور اعمال کا نفس کے دامن کو پکڑنا اسطرح پر ہوتا ہے کہ نفس اول مرتبہ ہیولانیۃ کیحالت میں پیدا کیا جاتا ہے اور ان سب رنگتوں سے خالی ہوتا ہے جو اسپر چڑھتی رہتی ہیں اسکے بعد روز بروز ہمیشہ وہ قوت سے فعلیۃ کیطرف خارج ہوتا رہتا ہے اور جو حالت بعد کو حاصل ہوتی ہے وہ پہلی حالت کیلئے معدہ ہوتی ہے اور ان سب معدات کا ایک مرتب سلسلہ ہوجاتا ہے پچھلی کو پہلی پر تقدم نہیں ہوتا اور نفس کی ہیئت میں وہ سب حالتیں مجموعی طور پر جمع ہوتی ہیں اور نفس میں بالفعل ہر ایک معد کا حکم موجود رہتا ہے اگرچہ خارجی امور کی مشغولی کیوجہ سے نفس پر انکا تفصیلی وجود مخفی ہوجائے البتہ اگر وہ شے ہی فنا ہوجائے جسمیں وہ قوت موجود تھی جس سے اعمال کی آمادگی ہوتی تھی جیسے بوڑھا مریض تو وہ حالتیں بیشک مفقود ہوجاتی ہیں یا آسمانی جانب سے کوئی نئی ہیئت ہجوم کرے جو ان حالتوں کے انتظام کو بالکل بدل دے جیسے بوڑھے اور مریض میں بدل دیتا ہے تب بھی نفس میں سے حالتوں کا زائل ہوجانا ہے جیساکہ خدا تعالےٰ فرماتا ہے ان الحسنات یذھبن السیات انکیان بیشک برائیوں کو دور کردیتی ہیں اور فرمایا لئن اشرکت لیحبطن عملک بیشک اگر تو نے شرک کیا تو تیرے کام نابود ہوجاوینگے۔

اور نفس کا اعمال کو یاد رکھنا اسکے راز کو میں نے اپنے ذوق سے اسطرح پر پایا ہے کہ عالم مثال میں ہر ایک آدمی کیلئے انتظام فوقانی کے بخشش و عطا سے ایک خاص صورت ظاہر ہوتی ہے میثاق کے قصہ میں جسکا ظہور ہوا وہ اسیکا شبہ تھا۔

جب یہ شخص موجود ہوتا ہے تو وہی صورت اسپر منطبق ہوجاتی ہے اور اسکے ساتھ متحد ہوجاتی ہے۔

یہ شخص جب کوئی کام کرتا ہے تو بے اختیار ایک قدرتی بشاشی اس صورت کو اس عمل سے ہوتی ہے اسوجہ سے عالم مثال میں ظاہر ہوتا ہے کہ نفس کے اعمال آسمانی جانب سے محفوظ رکھے گئے ہیں۔ اعمال موتکے پڑھنے کی یہی معنی ہیں اور وہیں یہ بھی اکثر ظاہر ہوتا ہے کہ اعمال نفسانی اعضا کو چمٹے ہوئے ہیں ہاتھ پاؤں کے گویا ہونیکے یہی معنے ہیں۔

اور یہ امر بھی ہے کہ ہر ایک عمل کیصورت سے اس عمل کے ثمرہ کا اظہار ہوتا ہے جو دنیا اور آخرت میں مقرر ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور فرشتے کبھی اُس عمل کیصورت قرار دینے میں توقف کرتے ہیں تو خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم لوحِ محفوظ کو دیکھو اور اُس میں اُس عمل کو جیسا کا تیسا لکھا ہوا پاؤ گے۔

امام غزالی نے فرمایا ہے کہ عالم کی ابتدا سے آفرینش کی اخیر تک جو کچھ خدا نے مقدر کیا ہے وہ سب ایک مخلوق الٰہی میں تحریر کیا گیا ہے کبھی اسکو لوح سے تعبیر کرتے ہیں کبھی کتاب سے اور کبھی امام مبین سے جیسا کہ قرآن میں اسکے نام آئے ہیں پس جو کچھ عالم میں ہو چکا ہے یا ہوتا چلا جاتا ہے وہ اُس میں نوشتہ اور منقوش ہے لیکن اُسکے نقوش اس آنکھ سے نظر نہیں آتے۔

اور یہ گمان نہ کرنا کہ یہ لوح لکڑی یا لوہے یا ہڈی کی ہے اور وہ کتاب کاغذ یا پتے کی قسم سے ہے بلکہ تم کو لفظ یہ سمجھنا چاہیئے کہ خدا کی لوح مخلوق کی لوح کے مشابہ نہیں ہے اور خدا کی کتاب مخلوق کی کتاب کے مشکل نہیں ہے۔ خدا کی ذات اور صفات کبھی تو مخلوق کی ذات اور صفات سے مشابہت نہیں رکھتی۔

اگر تم اسکی کوئی مثال چاہتے ہو جس سے یہ بخوبی سمجھ میں آجاوے تو معلوم کرو کہ لوح محفوظ میں امور کا جمنا ایسا ہی جیسا کہ حافظ قرآن کے دماغ اور دل میں قرآن کے حروف اور کلمات منقش ہوتے ہیں وہ اُسکے دل و دماغ میں سب ایسے منضبط ہوتے ہیں گویا کہ وہ پڑھتے وقت اُنکو دیکھتا ہے اور اگر اُسکے دماغ کی تلاشی لو گے تو اُس خط کا ایک حرف بھی اسکے دماغ میں نہ پاؤ گے اسی انداز پر تم کو بھی سمجھنا مناسب ہے کہ تمام مقدرات الٰہی اُس لوح میں منقش ہوتے ہیں انتہے۔ اور نفس اکثر اپنے اعمال نیک اور بد کو یاد کرتا رہتا ہے اُنکے جزا و سزا کا متوقع رہتا ہے اس سے اُسکے عمل کے نقش میں جمنے اور قرار پانے کے منجملہ اور وجوہ کے ایک اور وجہ ہو جاتی ہے واللہ اعلم۔

باب ۱۲

اعمال کا ملکاتِ نفسانی سے تعلق

معلوم کرو کہ اعمال کے ذریعہ سے نفسانی ملکات کا ظہور اور بیان ہوتا ہے یہ اعمال اُنکے لئے بمنزلہ دوام کے ہیں عرف بھی ہیں اعمال اُنکے ساتھ متحد ہوا کرتے ہیں یعنی قدرتی سبب کیوجہ سے جسکو صورتِ نوعیہ عطا کرتی ہے عام لوگوں کا اسپر تعلق ہے کہ وہ اُن ملکات کو اعمال سے تعبیر کیا کرتے ہیں یہ اسلئے ہے کہ خواہش اور ارادہ سے جب کسی کام کی آمادگی پیدا ہوتی ہے اور نفس اُسکا کما ان لیتا ہے تو اُس ارادے میں انبساط اور فرحت ہوتی ہے اور اگر نفس نے اُسکا کہا نہ مانا تو اُسمیں انقباض اور افسردگی پیدا ہوتی ہے اب جب وہ عمل سرزد ہو جاتا ہے تو اُس عمل کا چشمہ قوت ملکی یا بہیمی مضبوط اور مستقل اور اسکا مقابل کمزور ہو جاتا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسیطرف اشارہ فرمایا ہے کہ نفس آرزو اور خواہش کرتا رہتا ہے اور شرمگاہ اسکی تصدیق یا تکذیب کرتی ہے تم کسی خلق کو نہ دیکھو گے کہ جسکے لئے خاص خاص اعمال اور صورتیں نہ ہوں کہ جنسے اُس خلق کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے انہیں سے اُس خلق کو تعبیر کرتے ہیں کہیں اعمال کی صورت سے اُس خلق کا اظہار ہوتا ہے اگر کوئی شخص کسی کی شجاعت کا بیان کرے اور اُس سے اُسکی شجاعت کا دریافت کریں تو یہ اُسکی سخت سخت جفاکشیوں کو ہی بیان کریگا اور اگر سخاوت بیان کریگا تو اُن درہموں اور دیناروں کی کیفیت بیان کریگا جسکو کہ وہ فیاضی سے خرچ کرتا ہے اگر کوئی شخص ارادہ کرے کہ شجاعت اور سخاوت کی صورتیں اُسکے سامنے پیش ہوں تو ان اعمال

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیصورت تونکی ہی اسکو حاجت پڑیگی۔ ہاں اگر اسنے خدائی فطرت کو جسپر خدا نے لوگوں کو پیدا کیا ہے بدل دیا ہو گا وہ ایسا نہ کریگا اگر کسی شخص میں کوئی خلق موجود نہ ہو اور وہ چاہے کہ وہ خلق مجھ میں پیدا ہو جاوے تو اسکا طریقہ یہی ہے کہ اُس خلق کے موقعوں کا تلاشی ہو اور اُن اعمال کی محنت برداشت کرے جنکا اُس خلق سے تعلق ہو اور اُس خلق کے توانا اور پُرزور لوگوں کے واقعات کو یاد رکھے۔

اسکے بعد یہ ہے کہ اعمال منضبط امور ہوا کرتے ہیں جنکے لئے اوقات معیّن ہوتے ہیں وہ سامنے نظر آتے ہیں نقل کئے جاتے ہیں اور دل پر انکا اثر ہوتا ہے وہ قدرتاً امور اختیاریہ میں داخل ہوتے ہیں یہ ہو سکتا ہے کہ اُنکے کرنے سے نہ کرنے پر دارو گیر کی جائے۔

اعمال اور ملکات اعمال کے حفظان میں نفوس سب برابر نہیں ہوا کرتے بعض نفوس تو بڑے دانا ہوتے ہیں کہ نسبت اعمال کے ملکات زیادہ تر اُنکے سامنے متمثل رہتے ہیں اُنکا اصلی کمال صرف اخلاق ہوتے ہیں انہیں اخلاق کیوجہ سے اعمال کی صورتیں بھی اسلئے اُنکے پیش نظر رہتے ہیں کہ یہ اعمال اُن ملکات کے لئے قالب اور شکل ہوا کرتی ہیں اسلئے وہ اعمال کی بھی محافظت کرتے ہیں لیکن یہ محافظت اخلاقی محافظت کی نسبت کم ہوتی ہے یہ محافظت اسی درجہ ہوتی ہے جیسکہ خواب میں مقصود معانی کا تمثل ہونا مثلاً موتھوں اور شرمگاہوں پر مہر لگانا۔

اور بعض نفوس ضعیف ہوا کرتے ہیں چونکہ نفسانی ملکات انمیں مستحکم طور پر نہیں ہوتے اسلئے وہ اعمال کو ہی اپنا عین کمال سمجھتے ہیں اُنکے اعمال میں مفصل طور پر ملکات کی صورتیں نمایاں ہوتی ہیں اسلئے وہ اعمال سے ملکات کو جمع کرتے رہتے ہیں اس قسم کے لوگ اکثر ہوا کرتے ہیں اور انہیں کو تعیین اوقات کی سخت حاجت ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نوامیس اور شرائع الٰہیہ نے اعمال کا نہایت اہتمام کیا ہے۔

بہت سے اعمال ایسے ہیں جنکا تقرر ملاء اعلےٰ میں ہو چکتا ہے اور اُن نفسانی ملکات کے قطع نظر کر کے کہ جنسے وہ اعمال سرزد ہوتے ہیں خود ان اعمال کی خوبی اور برائی ملاء اعلےٰ کیطرف متوجہ ہوتی ہے۔ اسلئے کسی عمدہ عمل کا کرنا ایسا ہوتا ہے گویا ملاء اعلےٰ کیجانب سے اور اگر نیوالے نے الہام قبول کر لیا کہ اپنے آپکو انسے قریب کرے اُنکے مشابہ ہو جاوے اُنکے انوار کو حاصل کرے اور بُرے کام کرنیسے اُنکے مخالف اثر ہوتے ہیں۔

اعمال کا ملاء اعلےٰ میں اسطرح پر تقرر کئی طرح سے ہوتا ہے

کبھی اسطرح کہ اُنکو اپنے پروردگار کیجانب سے معلوم ہو جاتا ہے کہ انسانی نظام جب ہی منتظم ہوگا کہ خاص خاص اعمال ادا کئے جاویں اور بعض بعض اعمال سے باز رہیں اسلئے وہ اعمال اُنکے سامنے متصور ہوتے ہیں اور پھر وہیں سے شریعتوں میں اُنکا نزول ہوتا ہے۔

اور کبھی اسطرح پر ہوتا ہے کہ بزرگ نفوس جنہوں نے اعمال کی مشق کی ہوتی ہے اور اُنکو ہمیشہ استعمال کیا ہے جب وہ ملاء اعلےٰ کیطرف منتقل ہوتے ہیں اور ملاء اعلےٰ کی خوبی اور برائی اُن کیطرف متوجہ ہوتی ہے اور اسی حالت میں مدتیں گذر جاتی ہیں تو اعمال کی صورتیں ملاء اعلےٰ کے سامنے قرار پکڑ جاتی ہیں تو اب اعمال ایسا ہی اثر کرتے ہیں جیسا کہ عزیمتوں اور فرضوں کا اثر ہوتا ہے جنکی ہیئتیں لوحات سماوی سے نقل ہوتے چلے آتے ہیں واللہ اعلم۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب ۱۳

جزا و سزا کے اسباب

معلوم کرو کہ جزا و سزا کے اسباب اگرچہ بہت ہیں لیکن انکا مآل دو قاعدہ کیطرف ہے۔

اول یہ کہ نفس اپنی قوۃ ملکی کیوجہ سے کسی عمل اور خلق کو جن کا وہ اکتساب کرتا ہے یہ معلوم کرتا ہے کہ یہ قوت ملکی کے مناسب اور موافق نہیں ہے اسلئے اسمیں ندامت اور حسرت و افسوس پیدا ہوتا ہے اور اکثر اسکی وجہ سے خواب یا بیداری میں ایسے ایسے واقعات پیش آتے ہیں جن میں تکلیف۔ اہانت اور تہدید ہوا کرتی ہے اور اکثر نفوس میں اس الہام کی استعداد ہوتی ہے کہ فلاں عمل اور خلق مخالف ہے اور ملائک کے ذریعہ سے اس مخالفت کا ظہور ہو جاتا ہے نفس میں جیسکہ اور علوم کی استعداد ہوتی ہے ایسے ہی اس قسم کی بھی استعداد ہوتی ہے۔ اسی قاعدہ کیطرف اشارہ اس خدا تعالےٰ کے قول میں ہے بلے من کسب سیئۃ واحاطت بہ خطیئتہ فاولئک اصحاب النار ہم فیہا خالدون۔ ہاں جو لوگ برے کام کریں انکی خطا انکو گھیر لے تو یہ لوگ جہنمی ہیں ہمیشہ وہ اسمیں رہینگے۔

اور دوسرا سبب خبیثہ القدس کا لوگوں کی طرف متوجہ ہونا ہے اسلئے کہ وہ اسمیں اکثر صورتیں اور اعمال و اخلاق پسندیدہ اور باعث خوشنودی اور اکثر ناپسندیدہ باعث ناخوشی ہیں۔ اسیوجہ سے وہ اپنے پروردگار سے اتہام بلیغ سے درخواست کرتا ہے کہ پسندیدہ اخلاق والوں کو آرام پہنچے اور بد اعمال نکبت میں مبتلا ہوں۔ انکی دعا کو خدا قبول فرماتا ہے اور ان فرشتوں کے ارادے لوگوں کا احاطہ کر لیتے ہیں اور اور علوم کیطرح خوشنودی یا لعنت کیصورت اُنپر مترشح ہوتی ہے اسلئے ایسے ایسے واقعات مشکل ہوتے ہیں جن میں تکلیف یا مہربانی وانعام پایا جاتا ہے۔ وزن والے کا مختلف صورتوں میں ظاہر ہوتا ہے کبھی مہدد دانہ صورت میں اور کبھی سرور و بہجت پیش کرتے ہوئے۔ ملائکہ کی ناخوشی سے کبھی نفس پر برا اثر پڑتا ہے اور نفس میں غشی یا مرض کیسی حالت پیدا ہو جاتی ہے۔

بلکہ خاص حق الامر یہ ہے کہ جب سے خداوند عالم نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے تب ہی سے اسکو لوگوں کے ساتھ ایک خاص توجہ ہے وہی توجہ اسکے باعث ہے کہ لوگوں کو بے مہار اور مہمل نہ چھوڑے انکے اعمال پر انسے مواخذہ کرے لیکن اُسکے ادراک کرنے میں چونکہ دقت تھی اسلئے ہم نے ملائکہ کی دعا کو اس کا عنوان قرار دیا ہے واللہ اعلم۔ اور اسی قاعدہ کیطرف اس آیت میں اشارہ ہے۔ ان الذین کفروا وماتوا وہم کفار اولئک علیہم لعنۃ اللہ والملئکۃ والناس اجمعین خالدین فیہا لا یخفف عنہم العذاب ولا ہم ینظرون۔ جن لوگوں نے کفر کیا اور کفر کی ہی حالت میں مر گئے اُنپر خدا اور تمام فرشتوں اور آدمیوں کی لعنت ہے وہ ہمیشہ اسی لعنت میں رہینگے اُنسے عذاب کم نہ کیا جائیگا اور نہ وہ مہلت دار ہونگے۔

اور یہ دونو قاعدے باہم مل بھی جایا کرتے ہیں اور اُنکے ملنے سے استعداد نفس اور اعمال کے لحاظ سے اکثر عجیب عجیب صورتیں پیدا ہوتی ہیں۔ لیکن پہلے قاعدے کو زیادہ قوت ان اعمال اور اخلاق میں ہوتی ہے جو اصلاح یا فساد نفس کا باعث ہیں اور اسوجہ کو وہ نفس زیادہ قبول کرتے ہیں جو نہایت ذکی اور قوی ہوں اور دوسرے کو قوۃ ان اعمال و اخلاق میں ہوتی ہے

مکتبہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو صالح عامہ کے مخالف ہوں اور اس انتظامی حالت کے منافی ہوں جو بگاڑ یہ ہے کہ لوگوں کے انتظامات درست ہو جائیں اسوجہ کو وہ نفوس قبول کرتے ہیں جو کہ خود کمزور اور قبیح ہوتے ہیں۔

ان اسباب میں سے ہر ایک کے لئے خاص خاص دوافع ہوتے ہیں جو اس سبب کے اثر سے ایک خاص وقت تک روکتے ہیں پہلے سبب سے قوت ملکی کا ضعف اور قوۃ بہیمی کا غلبہ بالغ ہوتا ہے بہیمیت بڑھتے بڑھتے نفس گویا بالکل بہیمی ہو جاتا ہے قوت ملکی تکلیف سے اس کو کوئی رنجش نہیں ہوتی لیکن جب بہیمی چادر سے نفس بکبدوش ہوتا ہے (مرنیکے بعد) اور بہیمیت سے اسکو مدد نہیں پہنچتی اور قوت ملکی کی بجلیاں اسپر چمکتی ہیں تب اسکو رنج و آرام رفتہ رفتہ محسوس ہوتا ہے اور دوسرے سبب سے یہ امر مانع ہوتا ہے کہ اس سبب کے حکم کے مخالف اسباب متفق ہو جائیں یہانتک کہ جب مقدر موت کا وقت آتا ہے تو اسوقت جزا و سزا کی روانگی تیزی سے ہوتی ہے خدا تعالےٰ فرماتا ہے لکل امۃ اجل اذا جاء اجلھم لا یستاخرون ساعۃ ولا یستقدمون۔ ہر ایک قوم کا ایک وقت معین ہے جب وہ وقت آجاتا ہے تو ایک گھڑی کی دیر نہیں ہوتی اور نہ وہ اس سے اپنے آپ کو کر سکتے ہیں۔

دوسرا مبحث زندگی اور بعد موت کے جزا و سزا کی کیفیت میں

باب ۱۴

دنیا میں اعمال کی سزا

خدا تعالےٰ فرماتا ہے ما اصابکم من مصیبۃ فبما کسبت ایدیکم ویعفوا عن کثیر جو مصیبت تم کو پہنچتی ہے وہ تمہارے اعمال کیوجہ سے پہنچتی ہے اور وہ اکثر قصوروں کو معاف بھی کر دیتا ہے اور فرمایا ولو انھم اقاموا التوریۃ والانجیل وما انزل الیھم من ربھم لاکلوا من فوقھم ومن تحت ارجلھم۔ بیشک اگر یہ لوگ ٹھیک رکھتے توریت اور انجیل اور ان احکام کو جو انکے پروردگار کیجانب سے انپر نازل ہوئے تو وہ اپنے اوپر سے اور اپنے پیروں کے نیچے سے کھاتے۔ اور خدا تعالےٰ نے باغ والوں کے حق میں جب انہوں نے صدقہ توڑ دیا کیا تھا جو فرمایا ہے وہ معلوم ہے۔

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس ارشاد الٰہی کی تفسیر میں کہ ان تبدوا ما فی انفسکم او تخفوہ یحاسبکم باللہ (جو تمہارے دل میں ہے خواہ تم اسکو ظاہر کرو یا مخفی رکھو خدا اسکا حساب تم سے لیگا) اور اس ارشاد میں کہ من یعمل سوءا یجز بہ (جو برا کام کریگا اسکی سزا اسکو دیجاویگی) فرمایا ہے کہ ان آیتوں میں خدا تعالےٰ کے اس عتاب کا بیان ہے جو بندہ پر بخار اور مصیبت کے پہنچنے سے ہوا کرتا ہے حتیٰ کہ وہ کوئی سامان اپنی قمیص میں رکھتا ہے۔ اور اسکے کھو جانے سے گھبرا جاتا ہے ایسے حالت کیوجہ سے وہ بندہ گناہ سے ایسا صاف نکلجاتا ہے جیسے لوہار کی بھٹی سے سرخ لوہا۔

معلوم کرو کہ ملکی حالت کبھی بہیمیت میں پوشیدہ ہو کر پھر ظاہر ہو جاتی ہے وہ پہلی بہیمیت سے پیوند پاکر پھر علیحدہ ہو جاتی ہے یہ علیحدگی کبھی طبعی موت سے ہوتی ہے جب قوۃ بہیمی کو غذا سے مدد نہیں پہنچتی اسکے مادے تحلیل ہو جاتے ہیں اور انکو کچھ بدل نہیں پہنچتا اور مارضی حالات گرسنگی، بیماری، غصہ وغیرہ کے نفس میں کوئی پہچان پیدا نہیں کرتے تو عالم قدس

ویب سائٹ پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا اسپر تو شر لیا ہے ۔

اور کبھی اختیاری موت سے یہ صورت پیش آتی ہے ہمیشہ آدمی ریاضت سے بھی طاقت کو مغلوب کرتا رہتا ہے اور اپنی توجہ ہمیشہ عالم قدس کیطرف رکھتا ہے اسواسطے اسپر ملکی طاقت کی تجلیاں درخشان رہتی ہیں ۔

اور یہ بھی معلوم کرنا چاہیئے کہ ہر چیز کو اپنے مناسب اعمال سے انبساط ہوتا ہے اور اپنے مخالف کاموں سے کشیدگی اور ناگواری ہوا کرتی ہے اور ہر ایک رنجیدگی اور لذت کی خاص شکل ہوتی ہے اسی لیے وہ شکل ہوا کرتی ہے مثلاً حاد اور تیز خلط کی صورت ایسی ہے جیسے کوئی سوزن چبھاتا ہے اور صفرا کی حرارت سے ایذا پانے کی صورت بے چینی اور بیقراری اور خواب میں آگ اور شعلوں کا نظر آنا ہے اور بلغم سے ایذا اٹھانے کی صورت میں سردی کی تکلیف اور خواب میں پانیوں کا اور برف کا نظر آنا تو جب قوت ملکی ظاہر ہوتی ہے تو بیداری کی حالت میں یا خواب میں جسوقت کہ وہ پاکیزہ اور فرشتی منیا زندی کا کام کرتا ہے ایک اندرونی انبساط پیدا ہوتا ہے اور جب ملکیت کے خلاف اُس سے اعمال سرزد ہوتے ہیں تو اُن کیفیات کی صورت میں جو اعتدال کے خلاف ہوتی ہیں یا اُن واقعات کی صورت میں جن میں اہانت اور تہدید پائی جاتی ہے خوشحالی اور بشاشی کے مخالف امور صورت پذیر ہوتے ہیں ۔ ایک گزندہ درندہ کی صورت میں غصہ ظاہر ہوتا ہے اور مار گزندہ کی صورت میں سخل کا ظہور ہوتا ہے ۔ بیرونی جزا و سزا کا تکلیتی قاعدہ یہ ہے کہ اسباب کی صورت میں اُسکا ظہور ہوتا ہے جو شخص تمام اسباب اور اُس انتظام کو معلوم کریگا جو اسباب سے پیدا ہوتا ہے وہ خوب سمجھ لیگا کہ خدا کسی گنہگار کو بغیر دنیوی سزا کے نہیں چھوڑتا لیکن اُس انتظام کا لحاظ رکھتا ہے جب بظاہر اسباب آرام و تکلیف کے نہیں ہوتے تو اُن اعمال صالحہ اور اعمال فاجرہ ہی کیوجہ سے آرام و رنج پہنچتا ہے اور جب کوئی بندہ نیک ہوتا ہے اور اسباب تکلیف کے مہیا ہوتے ہیں اور اُسکی اصلی اصلاح کے وہ منافی نہیں ہوتے تو اُسکے خود اعمال کسی بلا کے دفع ہونے یا بلا کی تخفیف کا باعث ہوا کرتے ہیں اور کسی فاسق کے لئے جب اسباب آرام کے جمع ہوتے ہیں تو اُنسے اُس کی نعمت کا ازالہ ہوتا ہے اور اگر اعمال کے مناسب ہی اسباب جمع ہوتے ہیں تو انمیں صاف صاف زیادتی ہو جایا کرتی ہے ۔

اور اکثر نظام عالم کے اسباب اعمال کے حکم کی نسبت زیادہ اہم ہوا کرتے ہیں تو اسوقت بظاہر بدکار کو ڈھیل دے دی جایا کرتی ہے اور نیک بندہ پر تنگی کیجاتی ہے اور اُس تنگی سے اُسکی قوۃ بہیمی کے مغلوب کرنے کا کام لیا جاتا ہے اُسکو یہ امر سمجھا دیا جاتا ہے اور وہ اُسکو اسی خوشی سے مان لیتا ہے جیسے کہ کوئی شخص اپنے شوق و رغبت سے تلخ دوا کو پی لیتا ہے ۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول کے یہی معنی ہیں ۔ مثل المومن کمثل النخلۃ من الزرع تفیئھا الریاح تصرعھا مرۃ ولقد لبثت حتی یاتیہ اجلہ ومثل المنافق کمثل الارزۃ المجذیۃ التی لا یصیبھا شیء حتی یکون انجعافھا مرۃ واحدۃ ۔ مومن کا حال نرم تنہ درخت کا سا ہے اُسکو ہوائیں اِدھر سے اُدھر کو جھکاتی رہتی ہیں کبھی وہ اُسکو پٹک دیتی ہیں کبھی اُسکو سیدھا کر دیتی ہیں یہانتک کہ اُسکی موت آجاتی ہے اور منافق ایسا ہے جیسے کہ سیدھا مضبوط تنہ اُسکو کوئی صدمہ نہیں پہنچتا یہانتک کہ ایک ہی بار وہ اوکھڑ کر جا پڑتا ہے ۔

آنحضرت نے فرمایا ہے کہ ما من مسلم یصیبہ اذی من مرض فما سواہ الا حط اللہ بہ سیاتہ کما تحت الشجرۃ ورقھا ۔ کوئی مسلمان

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایسا نہیں ہے کہ مرض وغیرہ کی تکلیف اسکو پہنچے اور اسکے گناہ ایسے نہ جھڑ جائیں جیسے درخت کے پتے جھڑ جاتے ہیں۔
اکثر ملک ایسے ہوتے ہیں کہ وہاں شیطان کی بندگی کا غلبہ ہوتا ہے اور وہاں کے لوگ بہائم کے سے نفوس رکھتے ہیں لیکن خاص مدت تک جزائے عمل کو اُن سے موقوف رکھتے ہیں خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ وما ارسلنا فی قریۃ من نبی الا اخذنا اہلہا بالبأساء والضراء لعلہم یضرعون ثم بدلنا مکان السیئۃ الحسنۃ حتی اعفوا وقالوا قد مس آباءنا الضراء والسراء فاخذناہم بغتۃ وہم لا یشعرون ولو ان اہل القری آمنوا واتقوا لفتحنا علیہم برکات من السماء والارض ولکن کذبوا فاخذناہم بما کانوا یکسبون کسی گاؤں میں ہم نے نبی نہیں بھیجا کہ ہم نے خوشی اور نقصان میں اُنکی پکڑ عجز کی تاکہ وہ نیازمند ہو جائیں پھر ہم نے برائی کی جگہ بھلائی سے بدل دی یہانتک کہ وہ اور انہوں نے کہا کہ ہمارے باپ دادوں کو تکلیف پہنچی تھی تب ہم نے دفعتہ انکو پکڑ لیا بے خبر میں اور اگر گاؤں کے باشندے ایمان لے آتے اور تقوےٰ اختیار کرتے تو ہم آسمان اور زمین سے برکتیں کھول دیتے لیکن انہوں نے تکذیب کی تو اُنکے اعمال کیوجہ سے ہم نے اُنکی پکڑ عجز کی۔

اور حال یہ ہے کہ دنیا میں جزا و سزا کا حال آقا کا سا ہے جو داروگیر کے لئے خوب طرح فارغ نہ ہو اور جب قیامت کا دن آویگا تو وہ پورے فراغ کیساتھ اسکو پورا کریگا سنفرغ لکم ایہا الثقلان اے آدمیوں اور جنوں میں تمہارے لئے فارغ ہونگا اسکی طرف اشارہ ہے اور جزا و سزا کا تصور کسی بندہ کے نفس میں ہوتا ہے بطرح پر کہ انبساط اور طمانیت اسمیں پیدا ہو جاوے یا انقباض اور بیقراری اور کبھی اسکا اثر اسکے بدن میں ہوتا ہے کہ غم اور خوف کے ہجوم سے امراض اسپر طاری ہو جائیں۔
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت سے پہلے جب شرمگاہ ظاہر ہو گئی تھی اور آپ بیہوش ہو گئے تھے وہ جزائے بدنی اسی قسم کی تھی اور کبھی مال اور اہل و عیال میں اسکا ظہور ہوتا ہے اور اکثر لوگوں یا فرشتوں اور بہائم کو الہام ہوتا ہے کہ فلاں شخص کیساتھ نیکی سے پیش آئیں یا اسکو برائی پہنچائیں اور کبھی وہ شخص الہام اور تعبیرات کیوجہ سے خود بھلائی یا برائی کے قریب پہنچا دیا جاتا ہے۔

جو شخص مذکورہ بالا تقریر کو خوب سمجھ لیگا اور ہر ایک چیز کو اپنے اپنے موقعہ پر رکھیگا وہ بہت سی اشکالوں سے آرام میں ہو جائیگا۔ مثلاً ان احادیث کے اختلاف کو سمجھ جائیگا جو بعض حدیثوں میں وارد ہے کہ نیکی سے رزق بڑھتا ہے اور بدکاری رزق کی کمی کا سبب ہے اور بعض حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ بدکار کو دنیا میں فوراً سزا ملجاتی ہے اور بلا میں گرفتار ہونے والے وہیں جنکو زیادہ قرب اور فضیلت حاصل ہے اور انکے بعد درجہ بدرجہ اور ایسی ہی اور حدیثیں واللہ اعلم۔

باب ۱۵

موت کی حقیقت میں

معلوم کرو کہ ہر ایک صورت معدنی اور نباتی اور حیوانی کا ایک خاص مرکب اور سواری ہے جو دوسرے کے لئے نہیں ہے اور ہر ایک اپنے کمالات ازلی میں دوسرے سے ممتاز ہے اگر بنظر ظاہر اسکے معلوم کرنے میں کچھ اشتباہ ہو تو سمجھ لو کہ جب عناصر چھوٹے چھوٹے ہو جاتے ہیں اور کمی و بیشی کیوجہ سے مختلف طریقوں سے آپس میں آمیزش ہوتی ہے تو انکی مرکبات

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثنائی (جنمیں دو دو عناصر سے ترکیب ہو) مثلاً بھاپ۔ غبار۔ دھواں۔ نرم مٹی۔ زمین کاشت کی ہوئی۔ پلپٹ۔ شعلہ وغیرہ پیدا ہوتے ہیں اور کبھی مرکبات ثلاثی مثلاً خمیر کردہ مٹی۔ پانی کے اوپر کی سبزی اور مرکبات سابقہ مذکورہ بالا کیطرح پیدا ہوتے ہیں۔

اب ان شیاء میں سے ہر ایک کی خاصیتیں اپنی اپنی جدا جدا ہیں جو صرف انکے اجزا کی خاصیتوں سے الگ نہیں ہیں۔ ان خاصیتوں میں اور کوئی چیز اجزا کی خاصیت کے علاوہ نہیں ہوتی۔ ان شیاء کا کائنات الجو نام ہے تو معدنی صورت معدنی مزاج پر اپنا تسلط کر لیتی ہے اسکو اپنا مرکب بناتی ہے اسمیں اپنے نوعی خواص جدا ہوتے ہیں اور اس مزاج معدنی کی وہ محافظ رہتی ہے اسکے بعد صورت نباتی محفوظ المزاج جسم کو اپنا مرکب بناتی ہے وہ ایسی طاقت ہوتی ہے کہ عناصر اور کائنات الجو کو اپنے مزاج کیطرف منتقل کرتی رہتی ہے تاکہ ان اجزا کے لئے جو کمال ممکن اور متوقع ہے اسکو فعلیہ میں لادے پھر صورت حیوانی روح ہوائی کو جسمیں تغذیہ اور تنمیہ کی قوتیں ہوتی ہیں اپنا مرکب بناتی ہے وہ صورت اس روح ہوائی کے اطراف وجوانب میں حس وارادہ کے تصرفات کو نافذ کرتی ہے اپنے مطالب کی اسمیں آمادگی ہوتی ہے اور ان چیزوں سے وہ باز رہتی ہے جو گریز کرنے کے قابل ہیں۔

ان کے بعد صورت انسانی نسمہ کو جسکا بدن میں تصرف ہوتا ہے اپنا مرکب بناتی ہے اور ان اخلاق کو اپنا مقصد قرار دیتی ہے جو آمادگیوں اور نفرتوں کے لئے اصول ہیں وہ ان اخلاق کو مزین کرتی ہے عمدگی سے ان کا انتظام کرتی ہے اور آسمانی جانب سے جن امور کا اسپر افاضہ ہوتا ہے انکے لئے اخلاق کو جلوہ گاہ بناتی ہے۔

اول نظر میں اگرچہ کسی قدر اشتباہ معلوم ہوتا ہے لیکن غور نظر ان تمام امور کو اپنے چشموں سے ملحق کر دیتا ہے اور ہر ایک کو اپنے اپنے مرکب سے جدا کر دیتا ہے اور ہر ایک صورۃ کے لئے ایک مادہ کی ضرورت ہے جسمیں وہ صورت قایم رہے ہر ایک صورت کا مادہ اسکے مناسب ہوا کرتا ہے۔ صورت کا ایسا حال ہے جیسا کہ موم کے پیکر میں انسان کی صورت قایم ہوتی ہے بغیر موم کے صورت کا قیام نہیں ہو سکتا وہ شخص حق گو نہیں ہے جو قایل ہے کہ موت کیوقت نفس ناطقہ مخصوص بہ آدمی مادہ کو کلیۃً ترک کر دیتا ہے۔ البتہ آدمی کے دو ادے ہیں ایک بالذات وہ نوشمہ ہے اور دوسرا بالعرض وہ یہ زمینی بدن ہے جب آدمی مرتا ہے تو اس مادہ زمینی کے زوال سے اسکو کوئی مضرت نہیں ہوتی وہ بدستور اپنے مادہ نسمہ میں حلول کئے ہوئے رہتا ہے وہ پرجوت کاتب کیطرح رہتا ہے کہ جب اسکے دونوں ہاتھ قطع کر دئے جاویں تب بھی وہ اپنی کتابت میں محو رہتا ہے اسمیں کتابت کا ملکہ بحالہا قایم رہتا ہے یا جیسے کوئی چلنے کا شایق ہو اور اسکے دونوں پاؤں قطع کر دئے جائیں یا سمیع اور بصیر جب وہ گونگ یا نابینا ہو جاوے۔

اور یقین کرو کہ اعمال اور صورتیں بعض تو ایسی ہیں کہ آدمی انکو دلی قصد اور ارادے سے کرتا ہے اگر اسکو اپنے حال پر چھوڑ دو تو وہ اسکے کرنے کا اقدام کریگا اور انکے مخالف اعمال سے باز رہیگا اور بعض اعمال اور ہیئتیں ایسی ہیں کہ ان کو آدمی اپنے بھائی بندوں کی خاطر سے یا کسی خارجی عارض گرسنگی اور تشنگی وغیرہ کیوجہ سے کرتا ہے جب وہ عارض دور ہو جاتا ہے تو اسکی خواہش بھی فرو ہو جاتی ہے اکثر ایسا ہوتا ہے کہ کسی کو کسی آدمی کے یا شعر یا اور کسی امر کی کوشش

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عاشقانہ ہوا کرتی ہے اور لباس وضع میں اپنی قوم کی موافقت کی اُسکو ضرورت ہوا کرتی ہے لیکن جب اُسکو اُسکے حال پر چھوڑ دیں اور وہ اُس لباس کو بدل ڈالے تو اُسکو کچھ پروا نہیں ہوتی اور بہت سے آدمی خود کسی خاص لباس کو پسند کرتے ہیں جب اُنکو بحال خود چھوڑ دو تو اُس لباس کے ترک کرنے کی اُنکو جرات نہیں ہوتی ۔

اور بعض آدمی بیدار بالطبع ہوتے ہیں وہ اکثر امور میں ایک جامع چیز کو خود تجویز لیتے ہیں اور معلومات کو چھوڑ کر اُنکا دل عالیہ کو پکڑ لیتا ہے اور فعلو نے نظر قطع کر کے ملکہ پر دل جم جاتا ہے اور بعض خوابیدہ طبع اور غافل ہوا کرتے ہیں وحدت کو ترک کر کے کثرت کیطرف مائل رہتے ہیں اور ملکات سے اُنکو بحث نہیں ہوتی ۔ صرف کام اُنکو ملحوظ نظر رہتے ہیں اور اعمال کی ارواح سے اُنکی صورتوں کیطرف توجہ کرتے ہیں ۔

معلوم کرو کہ مرنے کے بعد آدمی کا یہ زمینی بدن خراب ہو جاتا ہے اور اُسکے نفس ناطقہ کا تعلق نسمہ سے باقی رہتا ہے جو چیزیں اُسمیں موجود ہوتی ہیں اُنہیں کے لئے نفس فارغ ہو جاتا ہے اور جو جو امور اُس میں دنیوی زندگی کی وجہ سے بغیر اُسکی دلی خواہش کے تھے اُنکو وہ خداحافظ کہتا ہے جن امور کو وہ اپنے اصل جوہر میں روک لیتا ہے وہ سب باقی رہتے ہیں اُسوقت ملکی طاقت کا ظہور ہوتا ہے اور بہیمی قوت مخفی اور کمزور ہو جاتی ہے اور اُسکو اُسوقت میں آسمانی جانب سے خطیرۃ القدس اور اُن امور کا یقین ہوتا ہے کہ جو وہاں اُسکے لئے جمع کئے گئے ہیں اور اسی وجہ سے قوۃ ملکی کی خوشحالی یا بدحالی ہوتی ہے ۔

معلوم کرو کہ قوت ملکی جب بہیمیت سے مل ملا کر اُس میں ڈوب جاتی ہے تو کسی قدر اُسکی مطیع ہو کر اُس کے بعض بعض اثر و لنے متاثر ہو جاتی ہے لیکن ملکی طاقت کے لئے نہایت مضر یہ ہے کہ نہایت درجہ کے قابل نفرت امور اُسمیں جم جائیں اور اُس کا سراپا نفع اُسمیں ہے کہ نہایت درجہ کی مناسب ہیئتیں اُسمیں متشکل ہوں ۔ نفرت کے قابل امور میں سے ایک تو یہ ہے کہ اُسکو مال اور اہل وعیال سے تعلق زیادہ ہو اُسکو یقین ہو کہ ان دونوں امر کے علاوہ کوئی اور مطلوب نہیں ہے ۔ نہایت دنی دنی صورتیں اُسکے اصل جوہر میں سما گئی ہوں اور وہ امور جمع ہوں جو فیاض طبیعت کے بالکل خلاف ہیں ۔

اور دوسری صورت یہ ہے کہ نجاستوں سے اُسکو آلودگی رہتی ہو خدا تعالے کو نہ پہچانکر کرتا ہو کبھی اُسکی حضوری میں نیازمندی سے پیش نہ آتا ہو اور علے ہذا ایسے ایسے امور کا مرتکب ہو جو مرتبہ احسان کے مدمقابل ہیں ۔

اور خطیرۃ القدس کی توجہ جو امداد جمعیں اُسکے حکم کی تعظیم انبیا کی بعثت کے پسندیدہ انتظام کے قایم کرنے میں ہوا کرتی ہے اُسکو یہ برہم کرتا ہوا اور اسوجہ سے اُنکی جانب سے بغض اور لعنت کا مستحق ہوتا رہے ۔

اور زیبا امور میں سے اُن اعمال کا کرنا ہے جنمیں طہارت بارگاہ خداوندی میں نیاز ۔ اُن اعمال کو کرنا جنسے ملایکہ کی یاد جاتی ہو اور ایسے مقایسہ کا حاصل کرنا ہے جس سے زندگی دنیا کا اطمینان دل سے دور ہو جاوے ۔ وہ شخص فیاض طبع اور نرم دل ہو اُسکی جانب ملاء اعلے کی دعاؤں کا رخ ہو اور اُنکی توجہات جو پسندیدہ انتظامات کے لئے ہوا کرتی ہیں اُسکی طرف مائل رہیں ۔ واللہ اعلم ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب ۱۶

لوگوں کے حالات کا عالم برزخ میں مختلف ہونا

اس عالم دنیا میں لوگوں کے بیشمار و نہایت طبقے ہیں لیکن اُن طبقات میں چار طبقے بمنزلہ اصول کے ہیں (۱) قسم اُن لوگوں کی ہے جو بالطبع بیدار دل پیدا کئے گئے ہیں اُنکو صرف اُن دنیا اور نازیبا اعمال ہی سے رنج و آرام حاصل ہوا کرتا ہے۔ اسی قسم کیطرف اشارہ ہے کہ ان تقول نفس یا حسرتی علی ما فرطت فی جنب اللہ وان کنت لمن الساخرین (یہ ہے کہ نفس کہیگا ہائے افسوس اُسپر جو میں خدا کی نسبت کوتاہی کی بیشک میں استہزا کیا کرتا تھا) میں نے اہل اللہ کے ایک گروہ کو دیکھا کہ اُنکے نفوس ایسے تھے جیسے تھمے ہوئے پانی سے لبریز حوضیں جنکو ہوائیں جنبشیں نہیں دیتی تھیں کیبارگی عین دوپہر کیوقت آفتاب کی روشنی اُنپر پڑی اور وہ نورانی قطعہ ہوگئے یہ نور جو اُن لوگوں کے دلونپر پڑا تھا پسندیدہ اعمال کا تھا یا نور یاد داشت یا نور رحمت۔

(۲) قسم اُنکے حالات کی قریب قریب ہے لیکن اُنپر طبعی نیند طاری ہوتی ہے ایسے لوگوں کو خواب ہوا کرتا ہے خواب ہونے کے معنے یہ ہیں کہ وہ علوم پیش ہوجائیں جو حس مشترک میں جمع ہیں بیداری کیحالت اُن میں استغراق رکھنے سے مانع ہوتی ہے اور اُنکے خیالی ہونے سے غفلت نہیں ہوتی لیکن سوتے ہی معلوم ہوجاتا ہے کہ یہ صورتیں بعینہا وہی چیزیں ہیں جنکی یہ صورتیں ہیں۔

صفراوی مزاج اکثر دیکھتا ہے کہ وہ گرمی کے دن ایک خشک نیستان میں ہے باد سموم چل رہی ہے اور یہ دیکھتے ہی دیکھتے ناگہان چاروں جانب سے آگ نے اُسکو گھیر لیا ہے وہ بھاگتا ہے لیکن موقع گریز کرنے کا نہیں ملتا اور آگ اُسکو پھونک دیتی ہے اِسوجہ سے اُسکو سخت رنج و تکلیف پہنچتی ہے۔ علیٰ ہذا بلغمی مزاج بھی خواب میں دیکھتا ہے کہ سراکی آب ہے سرد نہر جاری ہے باد زمہریر چل رہی ہے موجوں نے اُسکی کشتی کو لوٹ پوٹ کر ڈالا ہے وہ ہر چند بھاگنے کا قصد کرتا ہے لیکن کوئی موقعہ نہیں ملتا ہے اور وہ دریا میں غرق ہوگیا ہے۔ اس وجہ سے نہایت سخت تکلیف اُسکو ہوئی ہے۔

اگر آدمیوں کی تم تفتیش کروگے تو کسی کو ایسا نہ پاؤگے جسنے اُسکا تجربہ نہ کیا ہو کہ مجمع حوادث کی صورتیں جو اُن کے اور دیکھنے والے کے نفس کے مناسب ہوں آرام و تکلیف کی ضمن میں نظر آئی ہوں۔ جو خواب میں مبتلا ہوتا ہے اُس کی یہ حالت ہوا کرتی ہے لیکن یہ عالم برزخ کی خواب ایسی ہے کہ روز قیامت تک اُس سے بیداری نہ ہوگی۔ خواب والا اپنی حالت خواب میں یہ نہیں جانتا کہ یہ چیزیں خارج میں نہیں ہیں اور یہ آرام و تکلیف عالم خارجی میں موجود نہیں ہے اگر بیداری نہ ہوتی تو یہ راز خارجی نہ ہونے کا اُس کو معلوم نہ ہوتا۔ عالم برزخ کا نام عالم رویا کی نسبت عالم خارجی ہونا زیادہ مناسب ہے۔

قوۃ نبی جسکی غالب ہوتی ہے وہ اکثر دیکھا کرتا ہے کہ کوئی درندہ اُس کو زخمی کر رہا ہے اور بخیل دیکھتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ سانپ بچھو اسکو کاٹ رہے ہیں علوم آسمانی کا زوال کثرت وفرشتوں کی صورت میں نظر آتا ہے جو اس سے دریافت کرتے ہیں۔ من ربک من دینک وما قولک فی لبنے صلعم (تیرا رب کون ہے تیرا دین کیا ہے نبی صلعم کے متعلق تیرا کیا قول ہے)

(۳) قسم ان لوگوں کی ہے جنکی سبعی اور ملکی دونو قوتیں ضعیف ہوتی ہیں انکو زمین کے مادہ سے اتصال ہوجاتا ہے اسکے اسباب کبھی پیدائشی طور پر ہوتے ہیں اسطرح پر کہ انکی ملکی قوت بہیمیت میں نہیں ڈوبتی اسکی اطاعت نہیں کرتی اس کے اثر سے متاثر نہیں ہوتی۔

اور کبھی اسکے اسباب کسبی ہوتے ہیں یہ لوگ دلی ارادہ سے پاکیزگیوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ اپنے نفسوں میں الہامات اور ملکیت کی روشنیوں کی قوت پیدا کرلیتے ہیں جیسکی بعض لوگ مردوں کی صورت پیدا ہوتے ہیں اور انکی مزاج میں زنانہ پن اور عورتوں کی ہیئتوں کی جانب میلان ہوتا ہے لیکن بچپن میں انکی زنانہ پن کی خواہشیں مردوں کی خواہشوں سے متمیز نہیں ہوتیں اس زمانے میں بڑا اہتمام کھانے پینے اور لہو ولعب کی رغبت کا ہوتا ہے۔ اس زمانے میں آدمیوں کی سی روش کا جیسا انکو حکم دیا جاتا ہے وہ پابند رہتے ہیں اور زنانہ وضع وانداز سے منع کرنے سے وہ باز رہتے ہیں لیکن جوان ہوتے ہی اور بے باک طبیعت کی مقتضا کیطرف لوٹتے ہی مستقل طور پر وہ عورتوں کی وضع اختیار کرلیتے ہیں انہیں عادات کے عادی ہوجاتے ہیں انہیں کی رغبت انکے مزاج پر غالب ہوجاتی ہے۔ جو جو عورتوں کے کام ہیں وہی کرتے ہیں انہیں کی سی گفتگو کرتے ہیں۔ ویسا ہی عورتوں کا سا اپنا نام رکھتے ہیں اب وہ مردوں کے مرتبہ سے بالکل خارج ہوجاتے ہیں ملائے بذا۔ آدمی بھی دنیوی زندگی میں کھانے پینے شہوات وغیرہ مقتضائے اور مراسم طبیعت میں مشغول رہتا ہے لیکن ملاء سافل کیحالت سے اسکو قرب ہوا کرتا ہے انکی کشش اسمیں قوی ہوتی ہے اسلئے بعد مرنے کے تعلقات کا خاتمہ ہوجاتا ہے اور وہ اپنے اصلی مزاج کی طرف عود کر آتا ہے اور ملائکہ سے اسکو اتصال ہوجاتا ہے اور انہیں میں مندمج ہوجاتا ہے انکا ہی سا الہام اسکو بھی ہونے لگتا ہے اور انہیں کی مساعی میں سرگرم رہتا ہے حدیث میں وارد ہے کہ میں نے جعفر طیار کو فرشتہ کیصورت میں دیکھا وہ دو پروں فرشتوں کے ساتھ ساتھ پرواز کرتے تھے۔

اکثر وہ کلمۃ اللہ کے بلند کرنے میں خدا کے گروہ کی امداد میں مصروف رہتے ہیں کبھی انکو آدمیوں کے سلوک کیطرف توجہ ہوتی ہے۔

اکثر انکو بدنی صورت کا نہایت اشتیاق ہوتا ہے۔ پیدائشی اثر سے یہ اشتیاق پیدا ہوتا ہے اس سے عالم مثال میں کشایش پیدا ہوتی ہے عالم مثال کی طاقت نسمہ سے مل کر ایک نورانی جسم بن جاتا ہے بعض کو کھانے وغیرہ کی رغبت ہوتی ہے تب مرغوبات میں مدد دینے سے انکا شوق پورا کردیا جاتا ہے۔ آیت ذیل میں اسکی طرف اشارہ ہے ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا بل احیاء عند ربھم یرزقون فرحین بما اتھم اللہ من فضلہ (تم ان لوگوں کو جو خدا کی راہ میں قتل کئے گئے ہیں مردہ مت خیال کرو بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے پروردگار کے پاس سے وہ رزق پاتے ہیں جو مہربانی خدا نے انپر کی ہے اس سے وہ محظوظ رہتے ہیں)

ان کے مقابلہ میں ایک ایسا گروہ ہوتا ہے جنکو شیاطین سے زیادہ قرب ہوتا ہے یہ قرب کبھی پیدائشی طور پر ہوتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ خود اُنکا مزاج ہی فاسد ہوتا ہے اُن کی نظر میں ایسی رائیں پسندیدہ ہوتی ہیں جو حق کے مخالف۔ رائے کلی کے نامناسب پسندیدہ اخلاق سے دور کنارہ پر ہوتی ہیں اور کبھی یہ قرب شیطانی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اُن کو بوجہ خباثتوں اور فاسد خیالات سے تعلق رہا کرتا ہے شیطانی وسوسوں کی وہ بجا آوری کرتے ہیں اسلئے لعنت اُنکو لگ لیتی ہے مرنے کے بعد شیاطین میں جا ملتے ہیں اور ایک تاریک لباس پہن لیتے ہیں بعض بعض خبیث الذات انکے سامنے متصور ہوتی ہیں انہیں سے وہ کچھ کچھ اپنی کاربراری کر لیتے ہیں۔ پہلے گروہ کو ذاتی خوشی سے آرام حاصل ہوتا ہے اور دوسرے کو تنگی اور غم سے تکلیف ہوتی ہے جیسے کہ مخنث یہ خوب جانتا ہے کہ زنانہ پن آدمی کے حالات میں نہایت بدترین حالت ہے لیکن مخنث اپنی طبیعت سے اسکو قلع قمع نہیں کر سکتا (۱۴) درجہ اُن لوگوں کا ہے جنکی بہیمی قوت غالب اور قوی ہوتی ہے اور ملکی طاقت کمزور ہوتی ہے اکثر لوگوں کی حالت ایسی ہی ہوا کرتی ہے انکے اکثر امور صورت حیوانی کے تابع رہا کرتے ہیں انکی پیدائش میں یہی ہے کہ بدنی تصرفات میں محو رہے موت کے وقت ان لوگوں کے نفوس کلیتہ بدن سے جدا نہیں ہوتے تدابیر بدن سے نفس کو علحدگی ہو جاتی ہے لیکن بدن کے خیال اور وہم سے جدائی نہیں ہوتی اُن نفوس کو اس امر کا یقین کامل ہوتا ہے کہ وہ اور بدن بعینہ شے واحد ہیں حتی کہ اگر بدن کو پامال یا قطع کر دو تو اُن نفوس کو یقین ہوتا ہے کہ ہمارے ساتھ ایسا کیا گیا ہے۔ ایسے لوگوں کی علامت یہ ہے کہ گو وہ تقلید یا رسم کے بوجہ سے اپنی زبانوں سے قایل نہ ہوں لیکن وہ خاص دلی حالت سے اُسکے قائل ہوتے ہیں کہ اُن کی روحیں اور بدن ایک ہی شے ہیں یا روحیں ایک عارضی شے ہیں جو بدن پر طاری ہو جاتی ہیں ایسے لوگوں کا جب انتقال ہوتا ہے تو ایک خفیف سی روشنی اُنپر چمکتی ہے اور جیسے کہ یہاں ریاضت کرنیوالوں کو ضعیف سا خیال نظر آتا ہے ایسا ہی اُنکو بھی نظر آتا ہے کبھی خیالی صورتوں میں امور اُنکو نظر آتے ہیں اور کبھی دوسری خارجی مثالی شکلوں میں اُنکا متصور ہونا ایسا ہی ہوتا ہے جیسے ریاضت کرنیوالوں کے سامنے ۔

اگر کسی شخص نے ملکی اعمال کئے تھے تو خوشنما صورت فرشتوں کی صورتوں میں جو ہاتھوں میں حریر لئے ہوتے ہیں اُن اعمال کی عمدگی کا علم مندرج ہوتا ہے لطیف لطیف خطابات اور صورتوں میں اُنکا ظہور ہوتا ہے جنت کا دروازہ کھول دیا جاتا ہے جسمیں سے جنت کی مہک آتی ہے اور اگر ملائکہ کے قابل نفرت اور لعنت اعمال کئے ہوتے ہیں تو وہ اعمال گرمیئنظر فرشتوں کی صورت میں اور سخت سخت گفتگو اور صورتوں میں نمایاں ہوتی ہیں جیسا کہ غصہ کی حالت میں درندوں کی صورت میں اور بزدلی کی حالت میں خرگوش کی صورت میں ظہور ہوتا ہے اور عالم برزخ میں بعض نفوس ملکی ایسے ہوتے ہیں کہ اُن کی استعداد باعث ہوتی ہے کہ وہ ایسے موقعوں پر ظاہر ہو کر آرام یا تکلیف پہنچائیں اس وقت وہ گرفتار حالت اُن کو اپنی آنکھوں کے سامنے معاینہ کرتا ہے گو دنیا کے لوگ اُن کو اپنی آنکھوں سے نہ دیکھیں۔ معلوم کرو کہ عالم قبر اسی عالم دنیا کے تتمہ امور سے ہوا کرتا ہے ایک پردے کے اڑنے میں وہ سب علوم نمایاں ہوتے ہیں اور فرادی فرادی نفوس کے احکام ظاہر ہوتے ہیں عالم حشر میں ایسا نہیں ہوتا وہاں نفوس کے جزئی احکام مفقود ہو جاتے ہیں اور صورت انسان کے احکام نفوس میں باقی رہ جاتی ہیں واللہ اعلم ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مبحث تیسرا تدابیر نافعہ کے بیان میں

باب ۱۸

تدابیر نافعہ کی حصول کی کیفیت میں

معلوم کرو کہ آدمی کھانے۔ پینے۔ مجامعت۔ دھوپ اور بارش سے بچنے کے لئے سایہ میں رہنے موسم سرما میں گرمی کی تلاش میں اور انکے علاوہ اور تمام ضرورتوں میں اپنے اور ہمجنسوں کے موافق ہے خدا تعالیٰ کی آدمی کے حال پر بڑی عنایت ہے کہ اسکو طبعی الہامات کے بمقتضائے صورت نوعی تعلیم دی گئی ہے کہ حوائج رفع کرنے کی تدبیریں کیونکر دور ہو سکتی ہیں تمام اسکے ہمجنس افراد اس الہام و تعلیم میں اس کے برابر ہیں اگر کوئی ناقص الخلقت ہی ہو اور اسکا مادہ ہی عاصی ہو تو یہ احکام نہیں نہ ہونگے ورنہ سب میں عموماً وہ پائے جائینگے مثلاً خداوند عالم نے شہد کی مکھی کو الہام کیا ہے کہ یوں پھلوں کی رطوبت کو چوسے اسطرح اپنا گھر بنائے تمام مکھیاں اسمیں جمع ہوں اس طرح اپنے یعسوب کا اتباع کریں اور شہد کو جمع کریں چڑیا کو الہام سے بتایا کہ اسطرح غذائی دانوں کو تلاش کرے یوں پانی پر اترے اسطرح بلی اور شکاری سے گریز کرے پھر جوڑے سے ملکر انڈوں کی پرورش کریں بچوں کو چگائیں ایسے ہی خداوند عالم نے ہر ایک نوع کے لئے ایک شریعت قرار دی ہے جو صورت نوعی کے رو سے اس نوع کے تمام افراد کے سینوں میں پھونک دی ہے ایسے ہی آدمی کو بھی الہام کیا ہے کہ ان ضرورتوں کے متعلق کیا کیا مفید تدابیر عمل میں آسکتی ہیں لیکن انسانی تدابیر میں جنسے تدابیر کے علاوہ تین امر کا اور اضافہ ہو گیا ہے یہ تینوں امر بھی آدمی کی صورت نوعی کے اقتضا سے ہوتے ہیں جسکو تمام انواع پر فوقیت اور برتری ہے۔

(۱) یہ کہ آدمی کسی رائے کلی اور جامع تحریک سے کسی چیز کو اپنا مقصود قرار دیتا ہے اور چار پائے طبعی خواہش اور ارادہ سے کسی محسوس یا موہوم غرض کیلئے آمادہ ہو جایا کرتے ہیں مثلاً گرسنگی کی خواہش سے یا تفکہ اور مجامعت کے شوق سے اور آدمی عقلی منفعت کی وجہ سے اکثر آمادہ ہوتا ہے اسمیں کوئی طبعی تحریک نہیں ہوا کرتی وہ بسا اوقات قصد کرتا ہے کہ تمدن کے متعلق کوئی پسندیدہ اور عمدہ انتظام قایم کرے۔ یا اپنے اخلاق کو مکمل کرے اپنے نفس کو مہذب بنائے آخرت کی عذاب سے اپنے آپ کو رہائی دے اپنی وجاہت لوگوں کے دلوں میں راسخ کرے۔

(۲) آدمی اپنی تدابیر میں لطافت اور ظرافت کا اضافہ کرتا ہے چار پائے صرف اتنی ہی تگاپو پر بس کرتے ہیں جس سے انکی کاربرآری ہو جائے اور آدمی علاوہ کاربرآری کے یہ بھی چاہتا ہے کہ وہ شے ظاہر النظر میں خوشنما ہو دلی لذایذ و کیفیات اسمیں زیادہ ہوں اسواسطے وہ جمیلہ بیوی لذیذ طعام۔ فاخرہ لباس بلند بلند ایوانوں کا طالب رہتا ہے۔

(۳) آدمیوں میں بعض بعض دقیقہ شناس اور غروہ بین ایسے لوگ ہوتے ہیں جو مفید مفید تدابیر کو خود مستنبط کرتے ہیں اور بعض ایسے ہوتے ہیں کہ انکے دلونمیں بھی عقلاً کیطرح تدابیر کی الجھن پیدا ہوتی ہے لیکن خود ان میں استنباط کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوت نہیں ہوتی ہے جب وہ حکما کی تدابیر کو دیکھتے ہیں یا انکی مستنبط باتوں کو سنتے ہیں تو فوراً دل سے انکو قبول کر لیتے ہیں اور چونکہ ان امور کو وہ اپنے علم اجمالی کے موافق پاتے ہیں اسلئے خوب استحکام سے ان کو اختیار کر لیتے ہیں آدمی گرسنہ یا تشنہ ہوتا ہے اور کھانے پینے کی کوئی چیز اسکو نہیں ملتی ہے تو نہایت تکالیف کے بعد یہ چیزیں اسکو میسر تو ہو جاتی ہیں تاہم انسے متمتع ہونے کا کوئی طریقہ نہیں سوجھتا تنے ہی میں اسکو کوئی حکیم ملجاتا ہے جو اسی کی سی مصیبت میں گرفتار ہو چکا ہو اس نے خود غذائی ماجوں کو معلوم کر لیا ہو۔ اسکے لئے تخم ریزی آب رسانی اور کاٹنے کے طریقے استنباط کئے ہوں انکے کھودنے سے ہوا اور دانے اور وقت ضرورت تک انکی حفاظت کے طریقے نکالے کنوئیں کھودنے کا طریق ان موقعوں کے لئے ایجاد کیا جو چشموں اور نہروں سے دور تھے بڑی بڑی خم مشکیں بڑے بڑے پیالے بنانے اور ان امور سے فوائد حاصل کرنے کی راہیں نکالیں اسکے بعد وہ ناواقف شخص غلبہ کو بغیر اصلاح کے استعمال کرتا تھا اور وہ معدے میں غیر منہضم پہنچاتے تھے خام میووں کو کھاتا تھا اور وہ ہضم نہ ہوتے تھے اسلئے اسکے قصد و ارادی میں آتا تھا کہ کوئی چیز انکی اصلاح کے لئے ہوتی لیکن اسکو رہنمائی نہ ہوتی تھی اب اسکی واقفیت ایسے حکیم سے ہو جاتی ہے کہ جسنے پخت و پز اور بریاں کرنے کے طریقے ایجاد کئے ہوتے ہیں تو اس سے ایک دوسرا باب متمتع ہونے کا مفتح ہو جاتا ہے انہیں امور پر تمام حوائج انسانی کو قیاس کرو۔

تامل کرنیوالے کی نظر میں ایسے ایسے بہت سے مفید امور شہروں میں نئے نئے ایجاد ہوتے رہتے ہیں جنکا پہلے ذکر بھی نہ تھا اب وہ مدتوں سے رائج ہو گئے ہیں۔ لوگ ہمیشہ انکو استعمال میں لاتے ہیں حتی کہ ان الہامی علوم کا بھی کسب سے مدد پہنچتی رہتی ہے ایک مجموعہ مرتب ہو جاتا ہے لوگ پختگی سے ان اصول کے بعد رہتے ہیں انہیں پر انکی زندگی اور موت کا مدار ہوتا ہے۔ حاصل یہ ہے کہ ان ضروری الہامات کا ان تینوں اشیا کے ساتھ ملکر تنفس کا سا حال ہے حرکت نبض کیطرح فی الحقیقت سانس لینا بھی ایک ضروری امر ہے لیکن اپنے اختیار سے سانس کو چھوڑنا اور بڑا کر سکتے اور چونکہ یہ تینوں امر سب لوگوں میں ایک سے نہیں ہوتے اسوجہ سے کہ لوگوں کے مزاج اور عقول میں جن کا مقتضا یہ ہے کہ رائے کلی کی آمادگی ہو لطافت پسندی ہو امور نافع کا استنباط ہو ان کی پیروی کیجائے برا اختلاف ہے اور علی ہذا استدلال اور فکر و خوض کرنے میں سب ایک طرح فارغ دل نہیں ہوتے اور ایسے ہی اور اسباب کیوجہ سے تدابیر نافعہ کی دو حدیں قرار پا گئی ہیں۔

(۱) ایسے امور ہیں کہ ادنے درجہ کی جماعتوں میں مثلاً بیابانیوں پہاڑی چوٹیوں کے باشندوں عمدہ ولایتوں کے بعید اطراف میں رہنے والوں میں انکا وجود ضروری قرار دیا گیا ہے ان کا تدابیر ادنے نام ہے۔

(۲) وہ تدابیر ہیں جو ان شہروں معمور قصبوں اور عمدہ ولایتوں میں قرار دیجاتی ہیں جن کا مقتضا یہ ہے کہ کامل الاخلاق لوگوں اور حکما کی انمیں پیدائش ہو ان آبادیوں میں جماعتوں کی کثرت ہوتی ہے بکثرت ان کو حاجتیں پیش آتی ہیں بہت سی آزمایشوں اور تجربوں کا موقع ملتا ہے اسلئے بڑے بڑے قوانین وضع کئے جاتے ہیں اور استحکام کے ساتھ انپر عملدرآمد ہوتا ہے۔ اس حد کا نہایت ذیشان حصہ شاہانہ عملدرآمد کا ہوتا ہے جو پورے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عیش و آرام کے لوگ ہیں۔ مختلف فرقوں کے حکمراں انکے پاس آمد و رفت رہتی ہے۔ یہ سلاطین عمدہ عمدہ اصول کو اخذ کرتے رہتے ہیں۔ انکا نام تدبیر ثانی پایۂ تکمیل کو پہنچ جاتے ہیں تو تدابیر ثالث کی اسطرح انسے تولید ہوتی ہے کہ لوگوں میں معاملات باہمی کا دور رہتا ہے پھر انمیں معاملات کیوجہ سے تجمل سستی۔ انکار طبیعتوں میں پیدا ہوتا ہے اسلئے اختلافات نزاع فساد کی بنیاد لوگوں میں قایم ہوجاتی ہے اور نیز ایسے ایسے لوگ بھی پیدا ہوتے رہتے ہیں جنپر ردی نفسانی خواہشیں غالب ہوتی ہیں بعض کی پیدائش میں قتل و غارتگری کی بیباک صفت ہوتی ہے اور نیز مشترک النفع تدابیر کا قایم کرنا ایک شخص کا کام بھی نہیں ہوتا انکے حق میں ایسی تدابیر کا قایم کرنا نہ آسان ہوتا ہے اور نہ دلیری سے وہ اس کو انجام دے سکتے ہیں اسلئے مجبوراً ان کو ایک بادشاہ کے مقرر کرنے کی ضرورت پڑتی ہے جو انصاف سے انکی باہمی خصومتوں کا فیصلہ کرے۔ سرکشوں پر اپنا رعب قایم رکھے دلیروں سے مقابل ہوکر حصول تحصیل کرے اپنے اپنے حقوق پر اسکو صرف کرے اور ایسے ہی یہ تدابیر سوم تدابیر چہارم کے منتج اور باعث ہوتے ہیں اسلئے کہ جب ہر ہر ملک کا مستقل بادشاہ قرار دیا جاتا ہے اسکو مالگذاری ادا کی جاتی ہے۔ دلیر طبع لوگ اس سے آملتے ہیں تب انمیں تجمل حرص اور کینہ پیدا ہوتا رہتا ہے اور باہمی فساد بڑھتے بڑھتے جنگ و جدل کی نوبت آتی ہے اسلئے ان میں خلیفہ کے قایم کرنے یا ایسے شخص کی اطاعت کیضرورت ہوتی ہے جس کا عام تسلط خلافت کرے کا سا ہو خلیفہ سے میری مراد ایک ایسا شخص ہے جس کو اتنی شوکت اور صولت حاصل ہو کہ دوسرے شخص کا اسکے ملک کو دبالینا ناممکن سا ہو۔ اسکی ملک کا انتزاع جب ہی ہوسکے کہ بکثرت لوگوں کی جماعتیں اتفاق کرلیں کثرت سے یہ لوگ مال صرف کریں اور اس امر کا امکان مدتہائے دراز کے بعد ایک دو شخصوں کو ہوا کرتا ہے۔ خلفا کی حالت لوگوں اور عادات ملکی کیوجہ سے مختلف ہوا کرتی ہے جن لوگوں کی طبیعت نہایت سخت اور تند ہوتی ہے ان کو بہ نسبت اور کمزور لوگوں کے سلاطین اور خلفا کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے اب ہم ان تدابیر نافعہ کے اصول اور ان کے ابواب کی فہرستیں مندرج کرتے ہیں ان کی ایسی پیرستہ جماعتوں کی عقلوں نے جانچ کی ہے جن کے عمدہ اخلاق تھے باختلاف اوقات اور اعلے نے انکو ایک مسلم طریقہ میں تسلیم کرلیا ہے آئندہ بیانات میں تم کو غور کرنا چاہیے۔

باب ۱۹

تدابیر اولے کے بیان میں

انہیں تدابیر سے ایک لغت ہے جس سے دلی امور بیان کئے جاتے ہیں لغت کی یہ حقیقت ہے کہ اجسام کے افعال و ہیئتوں کو کسی یکسی آواز سے کچھ تعلق ہوا کرتا ہے یہ آوازیں ان اشیا سے ملی ہوئی ہوتی ہیں یا سبب غیرہ کا ان دونوں میں علاقہ ہوتا ہے لغت سے اس آواز کو ہو بہو نقل کردیا کرتے ہیں پھر معانی کے مقابلے میں مختلف صیغے بنا بنا کر اس میں تصرفات کیا کرتے ہیں اور جن امور کا نظروں کے سامنے اثر پڑتا ہے یا نفس کی وجدانی ہیئتوں سے وہ پیدا ہوتے ہیں وہ سب اسی قسم مذکور سے مشابہ کئے جاتے ہیں اور بتکلیف ویسی ہی آوازوں کے لئے بھی بنائے

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جاتے ہیں اور مشابہت کی وجہ سے یا کسی میل یا کسی علاقہ سے نقل کر لینے کی وجہ سے لغات میں مجازی طور پر وسعت ہو جاتی ہے لغات کے اور اصول بھی ہیں جن کو تم کہیں کہیں ہمارے کلام میں پاسکو گے۔ انہیں تدابیر میں سے زراعت درختوں کا بونا۔ کنوؤں کا کھودنا۔ پکانے اور نانخورش بنانے کی کیفیت بھی ہے اور انہیں میں سے برتنوں اور مشکوں کا بنانا ہے۔

انہیں میں سے بہایم کا مطیع کرنا انکو اپنے قابو میں رکھنا بھی ہے کہ انکی سواریوں گوشتوں پوستوں بالوں دودھوں بچوں سے امداد لیجائے۔

انہیں میں سے غار اور مکانات وغیرہ ہیں جو گرمی اور سردی سے لوگوں کو محفوظ رکھیں۔

انہیں میں سے بہایم کی پوست درختوں کے پتوں یا اپنے بنائے ہوئے کپڑوں کا لباس ہے جو کہ پرندوں کے پروں کے قایم مقام ہے۔

انہیں میں سے اپنی منکوحہ کا معین کرنا ہے کہ کوئی دوسرا اسمیں مزاحمت نہ کر سکے اس سے نفس راضی کیجائے اپنی نسل اسکے ذریعہ سے بڑھائی جائے اور اپنی خانگی ضرورتوں میں اولاد کی نگرانی اور تربیت میں اس سے مدد لیجائے آدمی کے علاوہ اور حیوانات اپنے جوڑے کو معین نہیں کر سکتے مگر محض اتفاقیہ طور پر یا اسلئے کہ وہ دونوں توام ہوں اور بلوغ تک انہیں رفاقت رہی ہو اور ایسے ہی اسباب سے۔

اور انہیں تدابیر سے صنعتوں کی رہنمائی ہے جنکے بغیر زراعت کرنا۔ درختوں کا لگانا۔ کنوؤں کا کھودنا یہ کام لینا ممکن نہیں ہے جیسے (دولاب) ڈول۔ ہل۔ رسیاں وغیرہ۔

اور انہیں میں سے باہمی مبادلوں کے بعض بعض امور میں باہمی ہمدردی کی رہنمائی ہے۔

اور انہیں میں سے یہ ہے کہ جس شخص کی رائے درست ہو اور اسکے مزاج میں سخت گیری ہو وہ اوروں کو اپنا مسخر بنا کر انپر ریاست کرے اور انسے کسی نہ کسی طرح سے چوتھا لیوے۔

اور انہیں سے یہ بھی ہے کہ انہیں مسلم قوانین ہوں جنسے مناقشوں کا فیصلہ ہو سکے اور ان سے ظالموں کی تعدی روکی جائے اس کی مدافعت کی جائے۔ جو ان سے جنگ کرنے کا ارادہ کرے۔ ہر قوم میں ایسے لوگوں کا وجود ضروری ہے وہ لوگوں کی تمام باشان امور میں تدابیر کے طریقے وضع کرتے ہیں اور اور لوگ اس کی پیروی کرتے ہیں۔ اور وہ لوگ بھی ضروری ہیں جو آرائش کی پسند ہوں۔ کسی نہ کسی وجہ سے عیش و تنعم اور تن آسانی کی خواہاں ہوں جو اپنے اوصاف شجاعت۔ فیاضی۔ خوش بیانی۔ زیرکی وغیرہ پر نازاں ہوں اور ان کی تمنا یہ ہو کہ ہماری شہرت دور دور پہنچ جائے انکا مرتبہ بلند ہو۔ خدا تعالیٰ نے کلام مجید میں بنی نوع انسان پر اس کا بڑا احسان کیا ہے کہ ان تدابیر کے الہامی شعبوں کو بخوبی بتا دیا ہے اسکو معلوم تھا کہ عموماً ہر قسم کے لوگ احکام قرآنی سے مکلف ہونگے۔ اور اسی قسم کی تدابیر ہیں جو ان سب میں پائی جاتی ہیں واللہ اعلم۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب ۲۰

آدابِ معیشت کے بیان میں

آدابِ معیشت حکمت کا ایک شعبہ ہے اسمیں اُن تدابیر کا بیان ہوتا ہے جو اُن ضرورتوں کے متعلق ہیں جنکا بیان عثمانی کے موافق پہلے گذر چکا ہے انمیں اصلی امر یہ ہے کہ تدابیر اوسکو ہر باب میں صحیح تجربہ پر پیش کریں - جو جو صورتیں ضرر سے بعید ہیں اور نفع سے قریب ہیں وہی اختیار کیجائیں اور اُن آداب کا عمدہ اخلاق سے موازنہ کیا جائے جو کامل الروح لوگوں کی پیدائش میں ہوا کرتے ہیں جو آداب ان اخلاق کے زیادہ مناسب ہوں وہی اختیار کئے جائیں اور اُن کے اسواسب ترک کر دئے جائیں اور نیز اُن آداب کا اندازہ حسنِ معاشرت اور لطف مشارکت سے کیا جائے انمیں وہ مقاصد ملحوظ رکھنے چاہئیں جو رائے کلی سے پیدا ہوں - معاش کے اہم مسائل یہ ہیں - کھانے پینے کے آداب چلنے کے نشست برخاست سونے کے سفر کرنے قضائے حاجت - ہم بستری - لباس - مکان ستھرائی - پاکیزگی آرائش - باہمی گفتگو کے طریقے - آفات کے وقت دواؤں منتروں کا استعمال - حوادث پیش آنے کے وقت پیش بینی - خوشی - ولادۃ - نکاح - عید - مسافروں کے آنے وغیرہ کی خوشی کے موقعوں میں اور ولیموں میں فرحت اور سرور کا اظہار - مصائب میں رنج و غم کا اظہار - مریضوں کی عیادت - مردوں کو دفن کرنا جو جمہور شہروں کے باشندوں میں صحیح المزاج لوگ شمار کئے جاتے ہیں اُن کا اتفاق ہے کہ ایسی چیزیں نہ کھائی جائیں جن میں پلیدی ہو مثلاً جو چیز اپنی موت سے مرگئی ہو یا متعفن ہو اور وہ جانور بھی استعمال نہ کئے جائیں جن کے مزاج میں اعتدال نہ ہو - اُنکے اخلاق منتظم نہوں یہ بھی سب کے نزدیک مسلم ہے کہ برتنوں میں اور دسترخوانوں وغیرہ پر کھانا چنا جائے - کھانے کیوقت منہ اور ہاتھ پاک کئے جائیں ایسی حالتوں سے احتراز کیا جائے جو اخلاقاً نہوں ۔

ایسے امور کی احتیاط چاہیئے جنسے اپنے شرکا کی طبیعتوں میں تکدر پیدا ہو - بدبودار پانی نہ پیا جائے بغیر ہاتھ لگائے صرف منہ سے پیا پیالے بدحواسی میں بھی پانی نہ پیا جائے - اور نیز تمام عمدہ طبیعت کے لوگ اپنے بدن اور کپڑے اور مکان کو دو قسم کی پلیدیوں سے پاک صاف رکھنا پسند کرتے ہیں - اول اُن چیزوں سے جنمیں گندگی اور بُو آتی ہو دوسری اُن میل اور چرکوں سے جو قدرتی طور پر پیدا ہوتی ہیں - گندہ دہنی کو مسواک سے غالباً دور کرتے ہیں - بغل اور زیر ناف کے بالوں کو مونڈ ڈالتے ہیں کپڑوں کا میلا ہونا اور مکان پر خس و خاشاک کا ہونا ناپسند کرتے ہیں - عموماً سب کا اتفاق ہے کہ سب لوگوں کے سامنے آدمی نہایت پاک صاف نظر آئیں - لباس درست ہو - سر اور داڑھی کے بال شانہ سے صاف رکھے جائیں - کوئی عورت جب کسی شخص کے نکاح میں ہو تو خضاب اور زیور سے آراستگی کرتی رہے سب کی نظر میں بنگلی بشیرمی کی بات ہے اور لباس رونق کی چیز ہے دونوں شرمگاہوں کا کھلا رہنا بھی بے شرمی خیال کی جاتی ہے پورا لباس وہی ہے جس سے تمام بدن چھپا ہے اور نیز مناسب ہے کہ شرمگاہ چھپانے کا لباس جدا ہو اور باقی بدن کا لباس جدا ہو اور یہ بھی اتفاقی امر ہے کہ خواب نجوم نیک فالی کہانت رمل وغیرہ سے آئندہ واقعات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی پیش بینی کیجائے جس شخص کا مزاج معتدل اور ذوق سلیم ہوا کرتا ہے وہ اپنی گفتگو میں ضرورۃ ایسے الفاظ کو استعمال کرتا ہے جن میں وحشت نہ ہو زبان پر وہ گراں معلوم نہ ہو ایسی ایسی ترکیب کو اپنی گفتگو میں وہ پسند کرتا ہے جن میں متانت اور سنجیدگی ہو ایسا طرز کلام اختیار کرتا ہے جسکو لوگ گوش دل سے متوجہ ہو کر سنیں ایسا شخص فصاحت اور خوش بیانی کی میزان ہوا کرتا ہے ۔

بہرحال ہر ایک باب میں اجمالی مسائل قرار دئے گئے ہیں جن کو تمام شہروں نے گو وہ ایک دوسرے سے دور و دراز فاصلہ پر ہوں تسلیم کر لیا ہے ۔ اسکے بعد آداب معیشت کے قواعد مرتب کرنے میں لوگ مختلف ہیں عالم طبیعت کا واقف طبی خوبیوں کو ملحوظ رکھتا ہے ۔ اور نجومی ستاروں کی خاصیتوں کا لحاظ رکھتا ہے اور الہیات کا واقف اخلاص اور احسان کی رعایت کرتا ہے یہ سب امور مذکورہ بالا تمام فرقوں کی تصانیف میں مفصل مذکور ہیں مزاج اور عادات کے اختلاف سے ہر ایک قوم کا لباس اور اداب وغیرہ جدا جدا ہوتے ہیں انہیں سے ان میں باہم امتیاز ہوا کرتا ہے واللہ اعلم ۔

باب ۲۱

تدبیر منزل میں

تدبیر منزل حکمت کا وہ حصہ ہے جسمیں اُن روابط اور تعلقات کے محفوظ رکھنے کی کیفیت بیان کیجاتی ہے جو تدابیر کے دوسری حد کے موافق ایک مکان کے رہنے والوں میں ہوا کرتے ہیں ۔ اس حکمت کے چار حصے ہیں (۱) ازدواج (۲) ولادت (۳) مالک ہونا (۴) باہمی صحبت ۔ ان تعلقات کی اصل یہ ہے کہ ہم بستری کی ضرورت نے اولاد مرد اور عورت میں ایک تعلق اور رابطہ کو پیدا کیا پھر بچہ پر شفقت والدین باعث ہوئی کہ دونوں ملکر اسکی پرورش میں ایک دوسرے کی اعانت کریں مرد اور عورت کی حالتیں مختلف ہوتی ہیں تربیت کی جانب عورت کو بہ نسبت مرد کے زیادہ رہنمونی ہوا کرتی ہے ۔ نیز عورت بہ نسبت مرد کے کم عقل ہوتی ہے محنت کے کاموں سے جان چراتی ہے عورت میں شرم کا مادہ زیادہ ہوتا ہے ۔ خانہ نشینی کی جانب زیادہ مائل رہتی ہے ۔ ادنے ادنے اور حقیر کاموں کی کوشش میں زیادہ ہوشیاری اور خدا قت صرف کیا کرتی ہے ۔ بہ نسبت مرد کے سہل مادہ اطاعت کا بھی زیادہ ہوتا ہے امر و رائے میں سنجیدگی زائد ہوتی ہے ۔ وہ ننگ و ناموس کے امور کی زیادہ روک تھام کرتا ہے مشقتوں کے تحمل ہونے میں بڑا جری اور دلیر ہوتا ہے ۔ سخت تسلط ۔ غیرت مناقشہ وغیرہ اوصاف اسمیں پورے ہوتے ہیں ۔ اس واسطے عورت کی زندگی بغیر مرد کے نہیں ہو سکتی ۔ اور مرد کے لئے عورت کی ضرورت ہوا کرتی ہے اور چونکہ عورتوں کے باب میں مردوں کی مزاحمت کا اندیشہ ہوا کرتا ہے اور عورتوں کے معاملات میں مردوں کو غیرت ہوا کرتی ہے اسواسطے اُن دونوں کی اصلاح جب ہی ہو سکتی ہے کہ سب کے سامنے علیٰ رؤس الاشہاد مرد کی بیوی مرد کے لئے خاص ہو جائے اور چونکہ اس امر کا اظہار ضروری ہے کہ مرد کو عورت کی جانب رغبت ہے اور عورت اپنے دل کی نظر میں معزز ہے ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسلئے مہر اور منگنی اور ولی کیطرف سے سربراہ کاری ضروری قرار دیگئی؛ اگر محارم میں اولیا کی رغبت تجویز کیجاتی۔ تو عورت کو اس سے بڑا ضرر پہنچ سکتا تھا ولی عورت کو اس شخص سے روک سکتا تھا جو عورت کی نظر میں مرغوب ہوتا اور نیز عورت کے لئے کوئی ایسا شخص نہ ہوتا جس سے وہ حقوقِ زوجیت کا مطالبہ کرتی حالانکہ اسکو ان حقوق کی نہایت ضرورت ہے؛ اور سوکنوں وغیرہ کے باہمی مناقشوں سے تمام کیحالت بھی خراب ہوتی اور نیز سلامتِ مزاج کا یہ بھی اقتضا ہے کہ آدمی کو اس عورت کیجانب رغبت نہ ہو جس سے وہ خود پیدا ہوا ہے یا اس سے عورت پیدا ہوئی ہے یا وہ دونوں ایسے ہیں جیسے ایک باغ کی دو شاخیں جو کہ ہم بستری کی ضرورت کے ذکر کرنے میں حیا آیا کرتی ہے اسواسطے ضروری ہے کہ عروج (عورت کو اپنی جانب مائل کرنا) کے ضمن میں اس حاجت کا ذکر مخفی رہے جو کہ دونوں کے وجود سے مقصود ہے اور شہرت دینے اور عروج دینے کو مدار منزلی قرار دینے کے لئے اسکی ضرورت ہے کہ ولیمہ کیا جاوے اور لوگوں کی اس میں دعوت کیجاوے دف بجانی اور خوشی میں اس کا اظہار کیا جاوے اور حاصل یہ ہے کہ بہت سی وجوہ سے جنمیں سے بعض کو میں نے ذکر کیا ہے اور بعض کو لوگوں کے فہم پر اعتماد کر کے حذف کر دیا نکاح کی یہ حالت کہ ذالک کہ غیر محارم سے نکاح کیا جائے لوگوں کے مجمع میں اس کی تقریب ہو اس سے پہلے مہر اور منگنی ہو کفو کا بھی لحاظ رکھا جائے اولیا کی سربراہ کاری ہو ولیمہ کیا جاوے لوگوں کا عورتوں پر قابو ہے لوگ ان کی معاش کی تکفل رہیں عورتیں خانگی خدمات میں مصروف رہیں اولاد کی تربیت کرنے میں اطاعت سے رہیں تمام لوگوں کی نظر میں لازمی طریقہ اور مسلم امر ہو گیا ہے اور امر فطری ہو گیا ہے جس پر لوگوں کو خدا نے پیدا کیا ہے عرب عجم میں کوئی اس میں اختلاف نہیں کرتا اور نیز زن و شوہر میں باہم اعانت میں کامل سعی کہ دوسرے کی نصرت کو اپنی نصرت اور دوسرے کے نفع کو اپنا ہی نفع خیال کرے جب ہی ہو سکتی ہے کہ دونوں اپنے ذہن میں عزم مصمم کریں کہ نکاح کی ہی حالت میں زندگی بسر کرینگے اور جب ان دونوں میں نہ بنے اور ایک دوسرے سے سرکشی کریں تو کوئی ایسا طریقہ بھی ضرور ہونا چاہئے جس سے ایک دوسرے کے پنجہ سے خلاصی پا سکیں اگرچہ یہ علیحدگی تمام مباح امور میں سے نہایت ہی درجہ مبغوض ہو اسلئے طلاق میں خاص خاص قیود اور عدت وغیرہ کا لحاظ ضروری قرار دیا گیا اور ایسی ہی خاوند کی وفات میں اس قسم کے لحاظات معتبر کئے گئے تاکہ دونوں میں نکاح کا ادب اور وقعت باقی رہے اور دوامی حقوق اور معاہدہ مصاحبت کی کسی قدر وفاداری ادا ہو سکی اور نسبوں میں اشتباہ بھی نہ ہونے پائے اور اولاد کو چونکہ آباء کی ضرورت ہوتی ہے اور بالطبع آباء کو اپنی اولاد کیطرف کشش ہوا کرتی ہے اسواسطے ضرورت ہے کہ وہ اپنی اولاد کو ایسے مفید امور کی مشاقی اور تربیت کرائیں جو فطرۃً انکے لئے موزوں اور مفید ہیں اور ضرور ہوا کہ اولاد پر آباء کو تقدیم ہو وہ اسلئے بزرگ تسلیم کئے گئے ہیں کہ انکے عقول اور تجربے مکمل ہوتے ہیں اور اخلاقی تندرستی کا بھی مقتضا یہی ہے کہ احسان کے مقابلے میں احسان کیا جاوے اور اولاد کی تربیت میں وہ ایسے ایسے شدائد جھیلتے ہیں جو محتاج بیان نہیں ہیں اس لئے والدین کی خدمتگذاری بھی لازمی طریقہ قرار دیا گیا ہے اور چونکہ لوگوں کی استعدادیں مختلف ہوا کرتی ہیں اسواسطے یہ بھی ضرور ہے کہ بعض لوگ بالطبع سرداری کے قابل ہوں جن میں فراست اور بالطبع بیداری ہو امور معاش میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ مستقل ہوں۔ اُن میں انتظام اور رفاہ عام کا پیدائشی مادہ ہو اور بعض لوگ قدرتی طور پر غلامی کی حالت پر پیدا ہوتے ہیں اُن میں حاقت دوسرے کی تابعداری کا ہی مادہ ہوتا ہے جسطرف اُن کو کھینچو وہ کھچے چلے جاتے ہیں لیکن ایسے دونوں شخصوں کی معاش بغیر ایک دوسرے کے مکمل نہیں ہوسکتی اور رنج و آرام میں باہمی ہمدردی آقا اور مملوک میں جب ہی ممکن ہوتی ہے کہ وہ دونوں اپنے اپنے دلوں میں ٹھان لیں کہ اس تعلق کو ہمیشہ قایم رکھینگے اور شر بعض اتفاقات ایسے واقع ہوتے ہیں کہ ایک شخص دوسرے کو قید کرلیتا ہے یہ حالت اسیری بھی لوگوں میں قابل لحاظ ہے اس سے بھی ایک قسم کا علاقہ مالکیت اور مملوکیت کا باہم مقید اور قید کرنیوالے میں منتظم ہوجایا کرتا ہے اسکے لئے بھی وضع قانون کی ضرورت ہے کہ مالک و مملوک اسکے پابند رہیں اور اسکی فروگذاشت پر قابل تعزیر سمجھے جائیں۔

اور اسیری کے بعد فی الجملہ کوئی طریقہ رہائی کا بھی بالاتفاق ہونا ضروری ہے۔ نیز لوگوں کو اکثر مصائب اور ضرورتیں پیش آیا کرتی ہیں کبھی مرض لاحق ہوجاتا ہے کبھی پاشکستگی پیش ہوتی ہے کبھی کسی کا حق اُس سے متعلق ہوتا ہے بہرحال ایسی ایسی ضرورتیں پیش آیا کرتی ہیں کہ بغیر اپنے ابنائے جنس کی دستگیری کے اپنی حالت کی اصلاح بدقت ہوتی ہے ایسے ایسے عوارض پیش آنے میں سب لوگوں کی حالت یکسان ہے اسی واسطے ضرورت پڑا کرتی ہے کہ لوگوں میں باہم الفت اور میل ہمیشہ قایم رہے اور لوگوں میں مظلوم کی دادرسی اور مصیبت زدہ کی امداد کا طریقہ مسلوک رہے کہ لوگ اسکے متقاضی ہوں اور اسکی فروگذاشت پر تعزیر کی جائے اور ضرورتوں کے دو حصے ہوا کرتے ہیں (۱) وہ حصہ کہ اسکی تکمیل جب ہی ہوتی ہے کہ ہر شخص دوسرے کے ضرر اور نفع کو اپنا ہی ضرر اور نفع سمجھے یہ امر جب ہی پورا ہوسکتا ہے کہ ہر شخص دوسرے کے خلوص و محبت میں پوری طاقت صرف کرے اسکے نفقہ کا اور وراثت کا التزام ہو اکثر امور کی وجہ سے جانبین میں سے ہر شخص کو ایسی ایسی امداد کا التزام کرنا پڑتا ہے تاکہ نقصان کے عوض میں کسی قدر متمتع ہونے کا بھی موقعہ حاصل ہوسکے اس انداز سے کے قابل رشتہ داروں کی حالت ہوا کرتی ہے ان کی باہمی محبت اور رفاقت قدرتی امر سا ہوتا ہے ضرورتوں کا ایک حصہ ایسا ہوتا ہے کہ ضرورت بالا سے کسی قدر اُن کا درجہ کم ہوتا ہے اسلئے اہل مصائب کی ہمدردی اور مواساۃ لوگوں میں مسلم قانون بن گیا ہے اور اُن سب میں صلہ رحم کا سب سے زیادہ مضبوطی سے اہتمام کیا جاتا ہے اس خانگی تدابیر کے مہتم بالشان مسائل یہ ہیں۔

(۱) اُن اسباب کا دریافت کرنا جو ازدواج یا ترکیب ازدواج کے باعث ہوتے ہیں۔

(۲) خاوند کے فرائض کہ جن سے معاشرت قایم رہے اور فواحش و ننگ و عار سے اہلیہ کا ناموس محفوظ رہے۔

(۳) اہلیہ کے فرائض بارسائی خاوند کی طاعت خانہ داری کی مصلحتوں میں پوری طاقت صرف کرنا۔

(۴) جب باہم دونوں میں نفرت ہوجائے تو مصالحت کیسی کروائی جائے۔

(۵) طلاق کا طریقہ۔

(۶) خاوند کی وفات کے بعد ماتمی حالت میں بسر کرنا۔

(۷) اولاد کی تربیت۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۸) والدین کے حقوق۔

(۹) غلاموں کا انتظام اور نیز احسانات۔

(۱۰) غلاموں کی اپنے آقاؤں کیجنب شکر گزاری۔

(۱۱) آزادی کا طریقہ۔

(۱۲) رشتہ داروں اور ہمسایوں سے صلہ رحم کرنا۔

(۱۳) شہر کے حاجتمندوں کے ساتھ ہمدردی اور جو مصائب آپڑی ہوں انکی مدافعت کی کوشش۔

(۱۴) خاندان کے نقیب کا ادب اور عزت۔

(۱۵) نقیب کا حالات خاندانی پر نظر رکھنا۔

(۱۶) ورثہ میں ترکے کی تقسیم۔

(۱۷) ایسی اور جیسی امور کی پاسداری لوگوں میں سے کسی جماعت کو نہ پاؤ گے کہ ان ابواب کے اصول پر انکو اعتقاد نہ ہو ان کے مذاہب میں اختلاف ہو ان کے وطن جدا جدا ہوں لیکن ان امور کے قایم کرنے میں سب کو سعی اور کوشش رہتی ہے واللہ اعلم۔

باب ۲۲

معاملات کے فن میں

یہ حکمت کا وہ حصہ ہے جس میں باہمی مبادلوں کا ایک دوسرے کی دستگیری اور پیشوں کا بیان کیا جاتا ہے اسمیں اصلی امر یہ ہے کہ جب ضرورتوں کی کثرت ہوئی اور سب ضرورتوں کا مہیا کرنا مطلوب ہوا اور یہ قصد کیا گیا کہ بہی شائستگی سے یہ ضرورتیں سب مہیا کی جائیں کہ جن سے آنکھوں کو تازگی ہو اور دلوں کو لذیذ معلوم ہوں تو ہر شخص سے اس طرح پر ان کا سرانجام متعذر ہوا اور بعض لوگوں کے پاس غذا حاجت سے زیادہ ہوتی ہے لیکن اس کے پاس پانی نہیں ہوا کرتا بعض کے پاس پانی حاجت سے زیادہ ہوتا ہے لیکن غذا کافی نہیں ہوتی تو ان صورتوں میں بجز مبادلہ کے اور کوئی طریقہ ان کے حصول کا نہیں ہوتا اسلئے باہمی مبادلے ضرورتوں کی دقتیں رفع کرنے کے لئے قرار دیئے گئے اور ضرورۃً یہ قرار پایا گیا کہ ہر شخص ایک ایک ضرورت کے سرانجام کی طرف متوجہ ہو اس کو خوب مستحکم کرے اسی کے تمام وسائل مہیا کرنے کی کوشش کرے اور اپنی اور ضرورتوں کو مبادلوں کی وجہ سے اسی ذریعہ سے رفع کرے سب لوگوں کی نظر میں یہ ایک مسلم قانون ہوگیا ہے اکثر لوگوں کو کسی خاص چیز کی رغبت ہوتی ہے یا کسی چیز سے بے رغبتی ہوتی ہے لیکن اس حالت میں ایسا کوئی شخص نہیں ملا کرتا جس سے معاملہ کیجیے اور جو کہ پہلے ہی سے ایسے امور کے سرانجام کی ضرورت پڑا کرتی ہے اسلئے سب لوگوں نے قرار دیا کہ معدنی جوہروں کو ان اغراض کے لئے معین کرلیں یہ جوہر زیادہ دیرپا ہیں انہی سے داد و ستد کرنا سب کی نظر میں مسلم ہوگیا ہے اور ان معدنی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جوہر زمین سے سونا اور چاندی زیادہ موزون تھے اسلئے کہ انکا حجم چھوٹا ہوتا ہے اور اُن دونوں کے اقسام بھی یکساں ہوتے ہیں اور بدن انسانی کے لئے وہ نافع بھی بہت ہیں اُن سے آرائش بھی ہوتی ہے تو گویا یہ دونوں قدرتی طور پر نقد تھے اور اور معدنی چیزیں قرار دینے سے نقد ہو جاتی ہیں

کسی کے اصول میں سے زراعت ہے اور چارپایوں کو چرانا اور بر و بحر کے مباح مالوں معدنیات نباتات حیوانات کا جمع کرنا ہے۔ یا نجاری آہنگری بوریا بافی وغیرہ کی دستکاریاں ہیں جن کے ذریعہ سے قدرتی جوہروں کو اس قابل کر لیتے ہیں کہ وہ نفع حاصل کرنے اور اغراض میں استعمال کرنے کے لائق ہو جائیں اُن کے بعد تجارت پیشہ ہو گیا پھر ملکی مصالح کا سرانجام دینا بھی پیشہ قرار دیا گیا اس کے بعد اور تمام انسانی ضرورتوں کا مہیا کرنا پیشہ ہو گیا لوگ تمدنی ترقی کرتے جاتے ہیں اور لذایذ اور عیش و آرام کو جتنا زیادہ بڑھاتے جاتے ہیں اُسی قدر مطالب کے اطراف و جوانب اور متعلقات روز بروز پھیلتے جاتے ہیں ہر شخص کا کسی خاص پیشے سے تعلق دو وجہوں سے ہوا کرتا ہے ۔

(۱) قوتوں کی مناسبت سے مثلاً شجاع و دلیر آدمی فنون جنگ کے مناسب ہوتا ہے اور نزیک قوی الحافظہ حساب کتاب کے لئے اور نہایت توانا بار برداری کے لئے اور مشقت و محنت کے کاموں کے لئے (۲) موجودہ اتفاقات کیوجہ سے مثلاً آہنگر کے بیٹے اور ہمسائے کیلئے آہنگری کا پیشہ جیسا آسان ہو سکتا ہے دوسرے کے لئے نہیں ہو سکتا اور کنارہ دریا کے باشندوں کے لئے مچھلی کا شکار جیسا آسان ہو سکتا ہے دوسرے کے لئے نہیں ہے اکثر لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ مطالب کے عمدہ طریقوں کا اختیار کرنا اُن کو دشوار ہوتا ہے اس لئے وہ ایسے پیشے اختیار کر لیا کرتے ہیں جو ملک کے لئے ضرر رسان ہوا کرتے ہیں مثلاً چوری۔ کمار بازی و مبادلہ کی بھی صورتیں مختلف ہوا کرتی ہیں مبادلہ کبھی شے کا شے سے ہوتا ہے جیسکہ خرید و فروخت اور کبھی کسی شے کو دیکر اُس کے بدلے میں منفعت حاصل کر لیا کرتے ہیں اُس کو مزدوری کہتے ہیں اور چونکہ ملک کا انتظام بغیر اسکے نہیں ہو سکتا ہے کہ لوگوں میں باہم ہمدردی اور الفت پیدا ہو اور الفت کا مقتضا ہوتا ہے کہ ضروری چیزیں بغیر معاوضہ کے فیاضانہ طور پر دی جایا کریں اس لئے ہبہ اور رعایت کی صورتیں پیدا ہو گئی ہیں اور ہمدردی کا مقتضا یہ بھی ہے کہ حاجتمند اور فقیروں کی کار براری کی جائے اس لئے صدقہ اور خیرات کا طریقہ مقرر ہوا ہے ۔

سلسلۂ اسباب کی وجہ سے سب لوگ یکسان حالت میں نہیں ہوتے بعض احمق ہوتے ہیں اور بعض کاہل بعض مفلس اور بعض تونگر بعضوں کو ادنے کاموں سے عار آتی ہے بعضوں کو کچھ عار نہیں ہوتی بعض لوگوں پر ضرورتوں کا ہجوم ہوتا ہے اور بعض فارغبال ہوتے ہیں اس لئے ہر ایک کی معاش کا پورا سامان جب ہی ہو سکتا ہے کہ دوسرے کی جانب سے اعانت ہو اور بغیر عقد اور شرائط کے اور بغیر اسکے کہ سب لوگ ایک طریقہ مقرر کریں اعانت ہو نہیں سکتی اسلئے مزارعت مضاربت۔ شرکت وکیل مقرر کرنا قرار دیا گیا ہے ضرورتوں کی وجہ سے قرض لینا پڑتا ہے ودیعت رکھنی ہوتی ہے اور ہمیں تجربے سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگ خیانت۔ انکار سستی کیا کرتے ہیں اسلئے گواہوں۔ تحریر رہن۔ کفالت۔ حوالہ کی حاجت ہوا کرتی ہے اور لوگ جتنے خوشحال اور آسودہ ہوتے ہیں اتنے ہی امانتوں کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اقسام پھیلتے جاتے ہیں لوگوں میں سے تم کوئی فرقہ ایسا نہ پاؤ گے جو ان معاملات کا برتاؤ نہ کرتے ہوں اور انصاف اور رحم میں تمیز نہ کرتے ہوں۔ واللہ اعلم۔

باب ۲۳

سیاست مدن کے بیان میں

سیاست مدن حکمت کے اس حصہ کا نام ہے جس میں ان تعلقات کے حفظان کی کیفیت بیان کی جاتی ہے جو باہم ایسے شہر کے نایس ہوا کرتے ہیں شہر سے وہ جماعتیں مراد ہیں جو قریب قریب آباد ہوں ان میں باہم معاملات ہوتے رہیں اور جدا جدا مکانوں میں بود و باش رکھتے ہوں۔ سیاست مدن میں اصلی امر یہ ہے کہ تعلقات کیوجہ سے شہر کو یا ایک شخص ہوا کرتا ہے جسکی ترکیب اجزا اور مجموعی ہیئت سے ہوتی ہے ہر مرکب چیز میں ممکن ہے کہ اسکے مادہ یا صورت میں کوئی نقصان اور خرابی پیدا ہو جائے اس کو کوئی مرض ہو جائے یعنی اسمیں ایسی حالت پیدا ہو جائے کہ نوعی احکام کیلئے کوئی دوسری حالت زیادہ مناسب ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ مرکب صحت کی حالت میں رہے یعنے وہ اپنی ذاتی روشوں اور خوبیوں کیوجہ سے کمل حالت میں ہو چونکہ شہر میں بڑی بڑی جماعتوں کا مجمع ہوا کرتا ہے اور یہ ناممکن ہے کہ سب کے سب اس پر متفق الرائے ہو جائیں کہ راہ راست کی حفاظت میں مجموعی کوشش کریں اور بغیر کسی ممتاز منصب اور رتبے کے ایک دوسری کی روک ٹوک بھی نہیں کر سکتا اس سے جنگ و جدل کا اندیشہ ہوتا ہے اسلئے شہر کا پورا انتظام جب ہی ہو سکتا ہے کہ تمام اہل حل و عقد ایک شخص کو اپنا آقا قرار دیں وہ پر شوکت ہو اعوان و انصار کی ایک جماعت اسکے ہمراہ ہو۔ جو لوگ نہایت تنگ دل تیز مزاج خونریزی اور غصہ میں بیباک ہونگے انکو سیاست کیضرورت اور دنیے زیادہ ہوگی۔ سیاست مدن میں بڑی خرابی اسوجہ سے ہوتی ہے کہ بدذات لوگوں کی ایک جماعت جن کو قوت اور شوکت حاصل ہو نفسانی خواہشوں اور راہ راست کے ترک کرنے پر متفق ہو جائے ایسا اتفاق کئی طرح پر ہوتا ہے۔

(۱) لوگوں کے مال و متاع کی طمع سے جیسے راہزن لوگ۔

(۲) لوگوں کو غصہ اور کینے کے سبب سے ضرر رسانی۔

(۳) ملک اور حکمرانی کی آرزو جسکی وجہ سے لوگوں کے جمع کرنے اور جنگ قایم کرنے کیضرورت ہوتی ہے اور ایسی خرابی کا باعث ظالم شخص کا کسی کو مارڈالنا یا زخمی کرنا یا زدوکوب کرنا ہے۔ یا کسی شخص کی اہلیہ میں مزاحمت کرنا اسکی بیٹیوں اور بہنوں کی ناحق طمع کرنا۔ یا کسی کا مال علانیہ غصب کرنا۔ یا چوری سے لے لینا یا کسی شخص کی بے آبروئی کرنا۔ اس کو کسی قابل ملامت قبیح امر سے منسوب کرنا۔ یا سختی سے گفتگو کرنا اور نیز ان کاموں سے بھی خرابی ہوا کرتی ہے جو شہر کے لئے مخفی طور پر مضر ہوتی ہیں جیسے بے خبر زہر خورانی۔ لوگوں کو فساد کرنے کی ترغیب و تعلیم دینی۔ بادشاہ کے مقابلے میں رعیت کو اور آقا کی نسبت غلام کو اور شوہر کے حق میں اہلیہ کو مکر و فریب پر آمادہ کرنا اور نیز تمدن کے خلاف وہ خراب عادات ہیں جن سے اہم ملکی منفعتیں تلف ہو جاتی ہیں۔ جیسے کہ سوداگری۔ نکاح بالید چارپایوں سے مجامعت

محکمہ داخلہ و قانون سے مزین مطبوع و منظور کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرنا۔ یہ سب امور نکاح سے باز رکھتے ہیں یا وہ عادات ہیں جو فطرت سلیم کے مقتضا کے خلاف ہوتے ہیں جیسے مرد ہو کر زنانہ پن اختیار کرنا اور عورت کو مردانہ روش اختیار کرنی۔ یا اُن عادات سے بڑے بڑے نزاع پیدا ہوتے ہیں۔ جیسے کسی عورت سے کوئی خصوصیت نہ ہو اور چند لوگ اُس سے تعلق پیدا کر کے ایک دوسرے کی مزاحمت اختیار کریں شراب کی کثرت بھی ایسی ہی مذموم عادت ہے اور بعض معاملات ایسے ہوا کرتے ہیں جنسے تمدن کو مضرت پہنچتی ہے جیسے قمار۔ دوغا دوغا سودا کھانا۔ رشوت لینا۔ پیمانہ اور وزن میں کمی کرنی کسی جنس میں عیب کو مخفی رکھنا۔ تاجر دنسے شہر کے باہر ہی باہر مال خرید لینا۔ غلہ کو بند کر رکھنا۔ خود خریداری کا قصد نہ ہو اور مال کی تعریف کر کر کے دوسرے کو دھوکہ دینے کو قیمت بڑھا دینا اور ایسے ہی باہمی معاملات ہیں جن میں ہر ایک شخص مشتبہ دلیل پیش کرتا ہو اور اُن کا صاف صاف حال معلوم نہ ہوتا ہو۔ اسوجہ سے دلایل قسموں۔ دستاویزات۔ قراین۔ واقعات۔ وغیرہ کی ضرورت پڑا کرتی ہے اور راہ راست پر اُن کو لانا پڑتا ہے۔ ترجیح حق کی وجہ ظاہر کرنی پڑتی ہے فریقین کے مکاید وغیرہ معلوم کئے جاتے ہیں۔

اور شہریت کے لئے یہ بھی مضر ہے کہ شہر کے رہنے والے بادیہ نشینی اختیار کریں یا کسی دوسرے شہر میں جا بسیں یا سب ایسے مکاسب پر جھک پڑیں جن سے تمدن کو نقصان پہنچے۔ مثلاً زراعت چھوڑ کر سب تجارت پیشہ ہو جائیں۔ یا اکثر لوگ لڑائی کا پیشہ اختیار کر لیں۔ مناسب یہی ہے کہ زراعت پیشہ لوگ بمنزلہ غذا کے قرار دیئے جائیں اور دستکار۔ تاجر۔ محافظین ایک بجائے نمک کے سمجھے جائیں جن سے گویا غذا کی اصلاح ہو جاتی ہے مضر درندوں اور موذی پرندوں کا بھی پھلنا باعث ابتری ہوتا ہے اُنکے فنا کرنے کی بھی کوشش ہونی چاہیئے اور شہر کی پوری حفاظت اُن عمارتوں کے بنانے سے ہوتی ہے جن میں سب کا مشترک نفع ہو۔ مثلاً شہر پناہیں۔ سرائیں قلعجات۔ سرحدیں۔ بازار۔ پُلیں وغیرہ اور ایسے ہی کنوؤں کا کھدوانا چشموں کا نکالنا۔ کشتیوں کا دریا کے کنارے پر فراہم کرنا ہے اور نیز سوداگروں کو مانوس و مالوف کر کے اسپر آمادہ کرنا کہ باہر سے اجناس وغیرہ لائیں شہر والوں کو سمجھا دینا کہ مسافروں سے خوش معاملگی کریں۔ اسکی وجہ سے سوداگروں کی آمد و رفت زیادہ ہوتی ہے زراعت پیشہ لوگوں کو اسپر آمادہ کرنا کہ کوئی زمین کاشت سے چھوٹی نہ رہے۔ دستکاروں پر تاکید کرنا کہ چیزوں کو عمدہ اور خوب مضبوط بنائیں شہر والوں کو فضائل کے تحصیل پر آمادہ رکھنا۔ علم خط حساب تاریخ طب اور پیش بینی کے عمدہ عمدہ طریقوں کی تکمیل کرنا۔ اور یہ بھی ضرور ہے کہ شہر کے تمام حالات کی اطلاع ملتی رہے تاکہ مفسد اور خیر اندیش کا حال معلوم ہوتا رہے اگر کسی محتاج کا حال معلوم ہو تو اعانت ہو سکے اگر کوئی عمدہ دستکار رہے تو اُس سے مدد لیجائے اور اس زمانے میں شہروں کی ویرانی کے دو بڑے باعث ہیں۔

(۱) لوگوں پر بیت المال کو تنگ کر دینا۔ غازیوں اور اُن علما کی جن کا بیت المال میں حق ہے اور اُن شعرا زہاد وغیرہ کی جنکے ساتھ سلاطین مسلوک ہوا کرتے ہیں یہ عادت ہو گئی ہے کہ اُنھوں نے اپنا طریق معاش بیت المال کو سمجھ رکھا ہے یا لوگ کوئی خدمت نہیں کرتے انکا گذارہ بیت المال سے ہوتا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسلئے یکے بعد دیگرے یہ لوگ بڑھتے جاتے ہیں اور باعث تنقص ہو کر شہر پر ایک بار سا ہو جاتے ہیں۔
(۱۷) دہ ہزار عین اور سوداگروں اور پیشہ وروں پر بڑے بڑے ٹیکس مقرر کرنا ویرانی کا بڑا باعث ہے اس کی وجہ سے فرمانبردار لوگوں کا استیصال ہو جاتا ہے اور جن لوگوں کو قوت ہوتی ہے وہ در پے بغاوت ہو جاتے ہیں۔ تمدن کی اصلاح خفیف دکان سے اور بقدر ضرورت مخافظین ملک کے قایم کرنے سے ہوتی ہے اہل زمانہ کو اس نکتہ سے واقف رہنا چاہئے واللہ اعلم۔

باب ۲۴
بادشاہوں کی سیرت میں

بادشاہ کے لئے ضروری ہے کہ پسندیدہ اخلاق سے موصوف ہو ورنہ وہ شہر برباد ہو جاویگا۔ اگر اس میں شجاعت نہ ہوگی تو وہ اپنے مخالفوں سے پورا مقابلہ نہ کر سکیگا۔ رعیت اس کو ذلت کی آنکھ سے دیکھیگی۔ اگر اسمیں علم کی صنعت نہ ہوگی تو وہ سفاہت سے ان کو برباد کر دیگا۔ اگر حکیم نہ ہوگا تو مناسب تدابیر کو مستنبط نہ کر سکیگا بادشاہ کو چاہئے کہ عقلمند بالغ آزاد مرد ہوذی عقل ہو۔ بینا شنوا اور گویا ہو لوگ اس کی اور اس کے خاندان کے اعزاز کو تسلیم کرتے ہوں۔ اس کے آباؤ اجداد کے عمدہ فضائل کو لوگ دیکھ چکے ہوں۔ اور خوب جانتے ہوں کہ بادشاہ مصالح ملکی کی پابندی میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کرتا یہ سب امور عقل کے ذریعہ سے معلوم ہوتے ہیں اور تمام فرقوں نے اس پر اتفاق کیا ہے۔ ان کے شہروں میں کیسا ہی بعد کیوں نہ ہو اور وہ کسی ہی مذہب کے کیوں نہ ہوں اسلئے کہ وہ خوب جانتے ہیں کہ بادشاہ کے مقرر کرنے سے جو مصلحت مقصود ہے وہ بغیر امور بالا کے مکمل نہیں ہو سکتی۔ اگر بادشاہ ان امور میں فروگذاشت کریگا تو لوگ اسکو خلاف مقصود جانینگے اور اس سے بیزار ہو جائینگے اور اگر خاموش بھی رہینگے تو در پردہ ان کی طبیعتوں میں غصہ بھرا رہیگا اور بادشاہ کو مناسب ہے کہ اپنی رعایا کے دلوں میں اپنے اعزاز کو پیدا کرے اور پھر اعزاز باقی رکھنے کا اہتمام کرے مناسب تدبیر سے ان امور کا ادراک کرتا ہے جو اسکی شان کے منافی ہوں اور اس سے سرزد ہوں۔ جو بادشاہ اپنے جاہ و مرتبے کو قایم رکھنا چاہے اس کو چاہئے کہ ان اعلےٰ ترین اخلاق سے اپنے آپ کو پیراستہ کرے جو اس کے مرتبہ ریاست کے شایان ہوں مثلاً شجاعت و حکمت سے فیاضی سے زیادتی کرنے کی حالت میں معافی عام منفعت کے اہتمام میں ان کرتبوں کا لحاظ رکھے جن کو کہ صیاد وحشی جانوروں کے صید کرنے میں کیا کرتا ہے۔ صیاد جب نیستان میں جاتا ہے تو آہوؤں کو دیکھکر ان صورتوں کو سوچتا ہے جو آہوؤں کی طبیعتوں اور عادتوں کے مناسب ہوا کرتے ہیں انہیں صورتوں کے لئے وہ آمادہ ہوتا ہے پھر دور سے ان کے سامنے ظاہر ہوتا ہے ان کی آنکھوں اور کانوں کیطرف سے نگاہ کو نیچا کر لیتا ہے آہوؤں کیجانب سے جب اس کو ذرا سا بھی کھٹکا معلوم ہوتا ہے تو فوراً بیم کر ایسا کھڑا ہو جاتا ہے جیسے پتھر ذرا بھی حرکت نہیں ہوتی اور جب اس کو کسی قدر غافل پاتا ہے تو نہایت نرمی اور آہستگی سے آگے کو بڑھتا ہے کبھی اس کو نغمہ سے خوش کرتا ہے کبھی اس کے سامنے ایسا چارہ ڈالتا ہے جس کو وہ بہت پسند کرتا ہو اور بادشاہ خود بھی بالطبع فیاض ہو فیاضی

محفوظ شدہ اردو کتب کا سب سے بڑا مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے اُس کی غرض لوگوں کا صید کرنا نہ ہو۔ نعمتوں سے منعم کی محبت دلوں میں پیدا ہوتی ہے اور محبت کی زنجیر آہنی زنجیر سے زیادہ سخت ہوا کرتی ہے ایسے ہی جو شخص اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہے تو اُس کو مناسب ہے کہ ایسا لباس گفتگو۔ ادب اختیار کرے جس کی جانب لوگوں کے دلوں کو کشش ہو۔ اور آہستہ آہستہ اُن سے قرب ہوتا جائے اور اخلاص و محبت کو بغیر لاف و گزاف کے اُس پر ظاہر کرے کوئی ایسا قرینہ نہ ہو جس سے وہ سمجھ جائیں کہ یہ مہربانیاں صرف اُن کے شکار کرنے کو ہیں اور خوب اُن کی دل نشین کر دے کہ اُس کا مثل اُنکے حق میں ناممکن ہے اور جب تک لوگوں کے دلوں میں اُس کی فضیلت اور فوقیت خوب بیٹھ نہ جائے برابر اسی کوشش میں اُس کو رہنا چاہیئے۔ یہاں تک کہ وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لے کہ اُن کے سینوں میں بادشاہی محبت اور تعظیم بھر گئی ہے اُن کے اعضا میں نیازمندی اور فروتنی سرایت کر گئی ہے اب بادشاہ کو ان سب امور کی نگرانی چاہیئے۔ کوئی امر ایسا پیش نہ آئے جس کیوجہ سے اُن کی حالت میں کوئی تبدیلی پیدا ہو۔ اگر بالفرض کوئی کوتاہی پیش بھی آجائے تو فوراً اُس کا تدارک کر دے اپنے لطف و احسان کرے اور ظاہر کر دے کہ جو کچھ عمل میں آیا ہے بمقتضائے حکمت عملی آیا ہے۔ یہ اُن کے فائدے کے لئے ہوا ہے نہ مضرت کے لئے اور ان سب امور کے بعد بادشاہ کو اپنی فرمانبرداری ثابت کرنے کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ سرکشوں سے انتقام لے جس شخص کا اُس کو حال معلوم ہو کہ اُس نے جنگ میں یا خراج وصول کرنے یا کسی اور تدبیر میں کوئی کارنمایاں کیا ہے تو اُسپر زیادہ داد و دہش کرے اُسکے مرتبہ کو بلند کرے اور کشادہ پیشانی کے ساتھ اُس سے پیش آئے اور جس شخص کی خیانت تخلف نافرمانی بادشاہ کو معلوم ہو اُس کے وظیفہ کو گھٹا دینا چاہیئے اُس کے مرتبے کو کم کر دینا چاہیئے اُس سے ترش روئی کرنی چاہیئے اور بادشاہ کو بہ نسبت عام لوگوں کے زیادہ تونگری کی بھی ضرورت ہے اور بادشاہ کو مناسب ہے کہ لوگوں کو زیادہ تنگ نہ کرے۔ مردہ زمینوں کو زندہ کرنے پر اُن کو مجبور نہ کرے اور دور جانب کی حمایت اور حفاظت نہ کرادے۔ اور اگر کسی سے نہایت سخت گیری کرے تو پہلے اہل حل و عقد کو ثابت کر دے۔ کہ یہ اسی کا مستحق ہے مصلحت کلی اسی کی مقتضی ہے اور بادشاہ کو چاہیئے کہ اُس میں نہایت فراست کا مادہ ہو دلوں کے راز سمجھ سکتا ہو اُس میں ایسی زیرکی ہو کہ اُس کے گمان ایسے ٹھیک ہوں جیسا کہ کسی چیز کو دیکھ رہا ہے یا سن رہا ہے اور بادشاہ کے لئے ضرور ہے کہ ضروری امر کو کل پر نہ چھوڑے اور اگر رعیت میں سے کسی کو ایسا پائے کہ اُس کے دل میں بادشاہ کی جانب سے عداوت ہو تو جب تک اُس کو برہم نہ کر دے اور اُس کی طاقت کو ضعیف نہ کر دے اُسکو تسلی نہ ہو۔ واللہ اعلم۔

باب ۲۵

اپنے اعوان و انصار کی سیاست کے بیان میں

جب بادشاہ خود ان تمدن کی مصلحتوں کا کارپرداز نہیں ہو سکتا ہے اسلئے ضرور ہے کہ ہر ایک کام کے لئے اُسکے پاس معاون ہوں۔ معاونین میں یہ شرط ہے کہ اُن میں امانت کی صفت ہو اور جو خدمت اُن کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

متعلق کیگئی ہے وہ اس کی بیجا آوری کرسکیں اور بادشاہ کے ظاہر و باطن میں فرمانبردار اور مخلص ہوں جس معاون میں یہ صفت نہ ہوگی وہ معزول کرنے کے لائق ہے اگر بادشاہ اُس کے معزول کرنے میں سستی کریگا تو گویا وہ شہر کیساتھ بددیانتی کریگا اور اپنی حالت کو خراب کردیگا اور یہ بھی مناسب ہے کہ ایسے لوگوں کو اپنا معاون نہ بنائے جن کا معزول کرنا دشوار ہو یا قرابت وغیرہ کے سبب سے وہ ملکی حقدار سمجھے جاتے ہوں اسلئے کہ ایسے لوگوں کا معزول کرنا بھی ناز یبا ہوا کرتا ہے اور بادشاہ اپنے مخلصین کی بخوبی تمیز رکھے بعض لوگ تو کسی بیم یا امید کے لئے اخلاص ظاہر کیا کرتے ہیں ایسے لوگوں کو کسی حیلہ اور ذریعے سے اپنی طرف مایل رکھنا چاہیئے اور بعض بے غرضانہ بادشاہ کے مخلص ہوا کرتے ہیں بادشاہ کا نفع اُن ہی کا نفع اور اُس کا نقصان اُن کا نقصان ہوا کرتا ہے ایسے لوگوں کی محبت صاف بے غل وغش ہوتی ہے ہر شخص کی ایک خاص پیدائشی طبیعت اور ایک خاص عادت ہوتی ہے جس کا وہ عادی ہوا کرتا ہے اور بادشاہ کو یہ بھی مناسب ہے کہ ہر شخص کی حیثیت اور حالت سے زیادہ خدمت کی توقع نہ رکھے معاونین کی خدمتیں مختلف ہوا کرتی ہیں انمیں سے ایک حصہ مخالفین کی شر سے ملک کی پاسبانی کرتا ہے اُن کی ایسی مثال ہے جیسے کہ بدن انسانی میں ہاتھ ہتھیاروں کو تھامے ہوئے اور ایک حصہ شہر کی تدابیر کا منتظم رہتا ہے جیسے بدن انسان میں مدبر قوتیں اور ایک حصہ ملکی مشیروں کا ہوتا ہے جیسے آدمی کے لئے عقل اور حواس۔ بادشاہ کا فرض ہے کہ روزانہ معاونین کیحالت کو دریافت کرکے تمام واقعات اصلاح اور خرابی کو معلوم کرتا رہے اور چونکہ بادشاہ اور تمام کارکن شہر کی مفید خدمتوں میں مصروف رہتے ہیں اسلئے شہر کو اُن کی مصارف کی کفالت کرنی چاہیئے اور ضرور ہے کہ وہ ایک اور خراج جمع کرنے میں ایسا راہ راست اختیار کیا جائے جس میں لوگوں کو ضرر نہ پہنچے اور حوائج کے لئے کافی ہوجائے اور یہ مناسب نہیں ہے کہ ہر شخص اور ہر ایک مال سے ٹیکس وصول کیا جائے اور تمام مشرقی اور مغربی قوموں کے سلاطین نے خاص لحاظ کرکے اتفاق کیا ہے کہ مالداروں اور پھلوں سے محصول وصول کیا جائے اور اُن مالوں سے جو ترقی پذیر ہیں جیسے نسل والے چوپائے اور زراعت و تجارت اگر کبھی زیادہ خراج لینے کی ضرورت ہوتی ہے تو پیشہ وروں سے وصول کیا جاتا ہے اور بادشاہ کا یہ بھی فرض ہے کہ لشکروں کی سیاست اسطرح کرے جیسے ایک ماہر شہسوار گھوڑے کی درستی کرتا ہے وہ ہر ایک قسم کی چال پویہ دوڑ قدم سے واقف ہوتا ہے گھوڑے کے تمام بُرے عادات توسنی وغیرہ کو بخوبی جانتا ہے چابک للکارنے تمیز وغیرہ سے گھوڑے کی بخوبی تنبیہ کرنے کو سمجھتا ہے اور خوب ان امور کا لحاظ رکھتا ہے جب کوئی ناپسندیدہ حرکت وہ کرتا ہے یا پسندیدہ حرکت کو ترک کرتا ہے تو اُس کو اسطرح تنبیہ کرتا ہے کہ اس کی طبیعت اُس کو قبول کرلیتی ہے اور جس سے اُس کی تندی فرو ہوجاتی ہے اس تنبیہ میں شہسوار کو یہ لحاظ رہتا ہے کہ اسکی طبیعت پریشان نہ ہوجائے اور جس وجہ سے اُس کو مارا ہے اُسکو نہ سمجھ سکے اور جس امر کو وہ گھوڑے کے سامنے پیش کرتا ہے اسکی صورت گویا اُس کے سامنے کھڑی کردیتا ہے اور خوب اُسکے دل میں بٹھادیتا ہے اور اُس کی طبیعت میں سزا کا خوف جمادیتا ہے اور جب غرض کے موافق اُس سے بخوبی کام ہونے لگتے ہیں تو وہ اُس کی شقاوتی کو جب تک ترک نہیں کرتا کہ جبتک

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ نہیں دیکھ لیتا کہ غرض مطلوبہ اُس کی طبیعت اور عادت ہوگئی ہیں اور اُسکی یہ حالت ہوگئی ہے کہ اگر روک ٹوک نہ کی جائیگی تو خلاف اغراض کیطرف میلان نہ کریگا ایسے ہی لشکروں کے منتظم پر بھی یہ ضرور ہے کہ مقصود طریقوں کو خوب پہچان سکے کہ کون کون سے امور کرنے کے قابل ہیں اور کون سے امور نہ کرنے کے لائق اور ان امور سے بھی واقفیت ہو کہ جنسے لشکریوں کو تنبیہ کرتے ہیں اور منتظم کو چاہئے کہ ان امور کو کبھی ترک نہ کرے اور معاونین کی تعداد محدود نہیں ہے شہر کی جتنی ضرورتیں ہوتی ہیں اُن ہی کے موافق معاونین کی تعداد ہوا کرتی ہے کبھی اسکی ضرورت ہوتی ہے کہ ایک کام کے لئے دو معاون ضروری ہوتے ہیں اور کبھی دو خدمتوں کے لئے ایک ہی معاون کافی ہوتا ہے لیکن اصلی معاون پانچ قسم کے ہوتے ہیں اول قاضی۔ قاضی میں یہ اوصاف ہونے چاہئیں کہ آزاد ہو مرد بالغ اور عاقل ہو پوری طرح پر اپنی خدمت کو انجام دے سکے معاملات کے طریقوں سے اچھی طرح واقف ہو اُن مکروں سے خوب واقف ہو کہ اشنائے خصومت میں مدعی مدعا علیہ کیا کرتے ہیں اُس میں صفت سختی اور حلم کی ہو اور دونو پر خوب غور کرے اور دوسرا امیر لشکر۔ امیر لشکر کو چاہئے کہ سامان جنگ اور دلیر طبع اور شجاعت پیشہ لوگوں میں باہم الفت قایم رکھے اور خوب جانتا ہو کہ ہر شخص کو کہاں تک نفع پہنچ سکتا ہے لشکروں کی ترتیب جاسوسوں کے مقرر کرنے کی کیفیت اُسکو خوب معلوم ہو اور مخالفین کی کیدوں سے بخوبی آگاہ ہو۔ اور تیسرا منتظم شہر منتظم شہر کا تجربہ کار ہونا چاہیے جو شہر کی درستی اور خرابی کے طریقوں سے خوب واقف ہو اُسمیں سختی کے ساتھ حلم بھی ہو اور ایسے خاندان کا ہو جو ناپسندیدہ امر کو دیکھکر خاموش نہ رہ سکتے ہوں اور منتظم شہر کو یہ بھی مناسب ہے کہ ہر قوم کے لئے انمیں سے ایک نقیب مقرر کرے جو اُس قوم کے حالات سے پورا واقف ہو اُس نقیب کے ذریعہ سے اُس قوم کے تمام حالات منتظم رہ سکتے ہیں اور اُس قوم کی حالت کی وارد گیر اُس نقیب کے ذریعہ سے کی جاسکتی ہے اور چوتھا عامل۔ عامل کو چاہئے کہ مالوں پر محصول لینے کی کیفیت سے واقف ہو اور یہ جانتا ہو کہ مستحق لوگوں پر اُس آمدنی کو کیسی تقسیم کر سکتے ہیں اور پانچواں وکیل جو بادشاہ کے تمام اُن امور کا متکفل ہو جو اُس کے معاش کے متعلق ہیں اسلئے کہ بادشاہ احوال ملکی کیوجہ سے اپنی اصلاح معاش کیطرف توجہ نہیں کر سکتے۔

باب ۲۶
منافع چہارم کے بیان میں

حکمت کا وہ حصہ ہے جسمیں شہروں کے حکام اور بادشاہوں کی حکمرانی کا بیان کیا جاتا ہے اور اُن تعلقات کے محفوظ رکھنے کی کیفیت بیان کی جاتی ہے جو مختلف اقالیم کے باشندوں کے مابین ہوا کرتے ہیں۔ جب ہر ایک بادشاہ اپنے اپنے شہر پر بالاستقلال حکومت کرتا ہے ہر ایک کو مالی حصہ ملتا ہے دلیر طبع لوگوں کی جماعتیں اُس سے آملتی ہیں تو مزاجوں کے اختلاف اور استعدادوں کی یکسان حالت نہ ہونے سے اُن میں جور و تعدی کا مادہ آجاتا ہے اور رہنمائی کے راستے کو ترک کر کے ایک دوسرے کے شہر چھین لینے کی طمع کرتے ہیں جزئی خیالات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کے باعث ہوتے ہیں مثلاً کسی کو مالی خواہش ہوتی ہے کسی کو ارضی کے یا صرف رشک و حسد کے سبب سے
ان میں باہمی رنجشیں پیدا ہو کر نوبت جنگ و جدال کی آیا کرتی ہے جب باہم بادشاہوں میں یہ خرخشے بڑھتے رہتے
ہیں تو ایسے ان امور کی اصلاح کے لئے خلیفہ کی ضرورت پڑتی ہے خلیفہ سے ایسا شخص مراد ہے جسکے قبضہ میں اتنی لشکر
اور سامان ہوں کہ دوسرے شخص کا اس سے ملک لینا بمنزلہ ناممکن کے ہو ایسے شخص سے ملک کو لینا جب ہی
ممکن ہوتا ہے کہ نہایت درجہ کوشش اور محنت کیجائے بہت سی جماعتیں متفق ہوں بکثرت مال صرف کیا جائے
ایسا اہتمام لوگوں سے نہیں بن پڑتا عادۃً ایسا ہونا ناممکن ہے۔ جب خلیفہ قرار پاجاتا ہے اور ملک میں اپنی عمدہ
سیرت کا وہ عملدرآمد کرتا ہے اور تمام زبردست لوگ اور شاہ اسکے فرمان پذیر ہوتے ہیں تو خدا کی نعمت کامل ہو جاتی
ہے شہروں اور لوگوں میں خاموشی پیدا ہو جاتی ہے ان مضرتوں کے دور کرنے کے لئے جو لوگوں کو درندہ طبیعتوں نے
پہنچتے ہیں کہ ان کے مالوں کو وہ تاخت تاراج کرتے ہیں ان کی اولادوں کو اسیر کر لیتے ہیں ان کے ننگ و ناموس
کی پردہ دری کرتے ہیں خلیفہ کو جنگ کرنے کی ضرورت پڑا کرتی ہے اسی ضرورت کی وجہ سے بنی اسرائیل نے اپنے
نبی سے کہا تھا۔ ابعث لنا ملکا نقاتل فی سبیل اللہ (ہمارے لئے ایک بادشاہ کو بھیجو تاکہ ہم خدا کی راہ میں لڑیں) ابتداء
جب نفسانی خواہشوں یا درندوں کی سیرت پیدا کر لینے سے لوگوں کی حالت خراب ہو جاتی ہے اور وہ ملک میں
خرابیاں پیدا کرتے ہیں تو بلاواسطہ یا انبیاء کے ذریعہ سے خدا سبحانہ الہام فرماتا ہے کہ ایسے لوگوں کا رعب داب اٹھا
دیا جائے اور ان میں جو بالکل قابل اصلاح نہ ہو وہ قتل کر دیا جائے اس قسم کے لوگ نوع انسانی میں ایسے ہوتے ہیں
جیسے کوئی عضو اکلہ (گلنے) کی بیماری سے ماؤف ہو جائے۔ لولا دفع اللہ الناس بعضھم ببعض لھدمت صوامع وبیع
(اگر خدا لوگوں کو بعض لوگوں کے ذریعہ سے دفع نہ کرے تو تمام کلیسا اور عبادت خانے منہدم کر دئے جائیں) میں
اسی ضرورت کیطرف اشارہ کیا گیا ہے اور اسی لئے خدا نے فرمایا ہے وقاتلوھم حتے لاتکون فتنۃ (ان سے جب
تک لڑو کہ کوئی فتنہ برپا نہ ہو) اور خلیفہ بغیر مالی طاقت اور لوگوں کی زبردست جماعتوں کے بادشاہوں سے مقابلہ
کر کے ان کے رعب داب کو اٹھا نہیں سکتا ہے اور ان امور کے لئے ضرور ہے کہ خلیفہ ان اسباب سے واقف ہو
جو جنگ و صلح کے مقتضی ہوا کرتے ہیں خراج اور جزیہ لگانے کے طریقوں کو جانتا ہو اس کو اس میں تامل کرنا چاہئے
کہ مقابلے سے کیا مقصود ہے کسی ظلم کا دفع کرنا ہے یا ناپاک درندوں کی سی طبایع کا تباہ کرنا جن کی اصلاح سے بالکل
مایوسی ہو یا ان لوگوں کے رعب و داب کو گھٹانا جو ناپاکی میں پہلوں کی نسبت کم درجے کی ہیں یا کسی قوم مفسد ملک کی
قوت کو اس طرح توڑنا کہ ان کے بدسر دار قتل کر دئے جائیں یا ان کے مالوں اور اراضی کی ضبطی کی جائے یا رعیت
کا رئیس ان سے پھیر دیا جائے خلیفہ کو یہ دیکھنا ہے کہ کسی غرض کے حاصل کرنے کے لئے اس سے زیادہ سخت
اور مشکل امر میں پھنس جائے مثلاً مالی فوائد کے لئے اپنے نفاق کی ایک عمدہ جماعت کو فنا کر دے خلیفہ کا فرض ہے
کہ لوگوں کے دلوں کو اپنی طرف پھیرے ہر ایک کی نفع رسانی کا اندازہ رکھے اور ہر شخص کی جو حالت ہے اس سے
زیادہ کسی پر اعتماد نہ کرے اور رؤسا اور دشمن لوگوں کی بلندی مرتبہ کا خیال رکھے اور ترغیب اور تخویف سے انکو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لڑائی پر آمادہ کرتا رہے اور ابتدائی حالت میں اس کا اہتمام رکھے کہ تحت بادشاہوں کی جماعت متفرق رہے ان کو غلبہ نہ ہونے پاوے انکے دل مخالف رہیں حتی کہ وہ سب کے سب حضوری میں دست بستہ رہیں اور اپنے لئے کچھ منصوبہ نہ کرسکیں جب ایسا بنانے میں اپنا کامیابی ہوجائے تب لڑائی سے پہلے اپنے گمانے خوب ان کا اندازہ کرے اگر اب بھی ان کو اندیشہ ہو کہ فساد سے باز نہ آئینگے تو گراں گراں خراج اپنا لگا جائے سخت جزیے سے انکو زیر بار کرتا رہے ان کے قلعوں کو مسمار کردے ان کو ایسا عاجز کردے کہ پھر ان سے ایسی حرکت نہ ہوسکے اور چونکہ خلیفہ ایک ایسے مزاج کا محافظ ہوتا ہے جو نہایت مخالف خلطوں سے حاصل ہوا کرتا ہے اسلئے بہت ضرور ہے کہ وہ خود بیدار طبع ہو اور ہر طرف جاسوسوں کو بھیجتا رہے اور ہمیشہ فراست اور دوربینی سے کام لیتا رہے جہاں کہیں دیکھے کسی لشکر کی ایک جماعت نے اتفاق کرلیا ہے تو فوراً ایک دوسری جماعت کو متعین کرے کہ ان سے نبل سکیں اور اگر کسی شخص کو دیکھے کہ خلافت کا خواہاں ہے تو اس کی جزا دینی اس کی شوکت اور عافیت کے زائل کرنے میں تامل نہ کرے اور سب لوگوں کے لئے یہ طریقہ قرار دے کہ سب اسکے حکم کو قبول کریں اور اسکے اخلاص پر متفق رہیں یہ صرف زبانی ہی قبول نہ ہو بلکہ قبول کی ظاہری علامت ایسی ہو جس سے رعایا پر داروگیر کی جائے مثلاً اسکے لئے متفق ہوکر دعا مانگنے رہیں بڑے بڑے مجمعوں میں اس کی رفعت شان کا اظہار ہو اور جس لباس اور ہیئت کا خلیفہ حکم دے اس کو دل سے اختیار کریں جیسے فی زمانتا خلیفہ کا اشرفیوں پر نام کندہ ہوتا ہے واللہ اعلم۔

باب ۲۷

اس بیان میں کہ اصول منافع پر سب لوگوں کا اتفاق ہے

اقالیم معمورہ کے شہروں میں سے کسی شہر کی معتدل المزاج عمدہ اخلاق قوموں سے کوئی قوم حضرت آدم علیہ السلام کے عہد سے لیکر روز قیامت تک ان تدابیر منافع سے خالی نہیں رہی اور نہ رہ سکتی ہے ہر زمانے میں بہ درجہ ان تدابیر کے اصول سب کے نزدیک مسلم رہتے آئے ہیں جو شخص ان تدابیر کی مخالفت کرتا ہے لوگ اس سے نہایت بیزاری ظاہر کرتے ہیں اور چونکہ وہ نہایت مشہور ہوئی ہیں اسلئے بدیہی امور کے درجہ میں سمجھی جاتی ہیں ان تدابیر کی صورتوں اور فروعات کے اختلاف سے بیان بالا کی تکذیب نہیں ہوتی اسلئے کہ مثلاً سب کا اتفاق ہے کہ مردوں کی عفونت دور کیجائے اور ان کی بدبو ظاہر نہ ہو لیکن اس کی صورت میں لوگ مختلف ہیں بعض زمین میں دفن کرنا پسند کرتے ہیں بعض آگ میں جلانے کو اچھا خیال کرتے ہیں سب اس پر متفق ہیں کہ نکاح کی شہرت دیجائے تاکہ حاضرین کے سامنے اس میں اور زنا میں تمیز ہوجائے لیکن اس کے لئے مختلف صورتیں قرار دی گئی ہیں بعض نے گواہوں اور ایجاب وقبول اور ولیمہ کو بہتر سمجھا ہے اور بعض نے دف اور رنگ ورنگ اور لباس فاخرہ کو جو کہ صرف بڑی بڑی دعوتوں میں ہی پہنا جاتا ہے سب اس پر متفق کہ زانیوں اور چوروں پر زجر اور توبیخ کی جائے بعض نے سنگ ساری اور ہاتھ کا قطع کرنا پسند کیا ہے بعض نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تکلیف دہ زدوکوب یا سخت قید یا سخت سخت جرمانوں کی سزا اختیار کی ہے اور نیز دو قسم کے گروہوں کے ان اصولوں کے مخالف ہونے سے ہمارے قول کی تردید نہیں ہوتی۔

(۱) احمق لوگوں کے مخالفت جن کی حالت چارپایوں سے ملتی جلتی ہے عام لوگ یقیناً جانتے ہیں کہ اُن کے مدارج ناقص اور اُن کی عقلیں بیہودہ ہوتی ہیں اور اِن لوگوں کی بلاہت اس ہی سے معلوم ہوتی ہے کہ وہ ان تدابیر نافع کے پابند نہیں ہوا کرتے۔

(۲) فاسق و فاجر اگر اُن کا دل ٹٹولا جائے تو صاف ظاہر ہو جائیگا کہ تدابیر نافع کے معتقد ہیں لیکن اُنپر نفسانی خواہشیں غالب ہو جاتی ہیں جو اُنسے نافرمانیاں کراتی ہیں وہ خود خوب سمجھتے ہیں کہ ہم گنہگار ہیں اور لوگوں کی بیٹیوں اور بہنوں سے زنا کرتے ہیں اور اگر کوئی اُن کی بیوی یا بہن سے ایسی حرکت کرے تو غصے سے کانپنے لگیں وہ خوب جانتے ہیں کہ لوگوں پر اُن برائیوں کا وہ ہی اثر ہوتا ہے جو اُنپر ہوتا ہے اور ایسے ایسے اثروں اور امور کا ہونا انتظام مدن کے لئے مضر ہے لیکن خواہش اُنکو اندھا کر دیتی ہے چوری اور غضب کا بھی یہی حال ہے خیال نہ کرنا چاہیئے کہ لوگوں نے بلا وجہ ان تدابیر پر اتفاق کر لیا ہے اور سب کی تدابیر کا یکساں ہونا محض اتفاقی امر ہے جیسے کہ تمام اہل مشرق اور مغرب ایک ہی غذا اختیار کریں یہ خیال محض دھوکہ ہے یہ نہیں ہے بلکہ سلیم فطرت فیصلہ کرتی ہے کہ سب لوگوں کا ان امور پر اتفاق کرنا حالانکہ اُن کے مزاج مختلف اُن کے شہر دور دراز اُنکے مذہب جدا جدا ہیں صرف قدرتی مناسبت سے ہے جو نوعی صورت سے پیدا ہوئی ہے تمام آدمیوں نے کثیر الوقوع ضرورتوں کی وجہ سے اُن کو اختیار کیا ہے اور صحت نوعی اُس کی باعث ہوئی ہے جو لوگوں کے مزاجوں میں پڑی ہوئی ہے اگر کوئی شخص بیابان میں پیدا ہو جو اطراف آبادیوں سے دور ہو اور کسی سے وہ مراسم نہ سیکھے تو ضرور ہے کہ اسکو کھانے پینے تشنگی خواہش نفسانی کی حاجتیں عارض ہونگی اور عورت کی رغبت بالطبع اُس میں پیدا ہوگی اور جب مرد عورت کا مزاج صحیح ہوگا تو اُن سے اولاد بھی پیدا ہوگی اور خاندان کی بنا پڑنے لگیگی اور پھر باہم معاملات ہونے لگینگے اور تدابیر ارادے منتظمانہ صورت میں ظاہر ہونے لگینگی اور جب اُنکی اور بھی کثرت ہوگی تو ضرور ہے کہ کامل الاخلاق لوگ بھی اُن میں ہونے لگیں گے اور ایسے واقعات پیش آنے لگینگے جن سے تمام تدابیر متحقق ہوتی جائینگی۔ واللہ اعلم۔

باب ۲۸

اُن رسموں کے بیان میں جو لوگوں میں مشتہر ہوتی ہیں

معلوم کرنا چاہیئے کہ رسمیں تدابیر کے لئے ایسی ہیں جیسے بدن انسان کے لئے دل مذاہب نے اُن کا بالذات اور سب سے پہلے قصد کیا ہے اور شرایع الٰہیہ میں اُنہیں کے مباحث اور اشارات ہوا کرتے ہیں رسموں کے پیدا ہونے کے بہت سے اسباب ہیں مثلاً حکما کا اُن کو مستنبط کرنا اُن دلوں پر خدا کا الہام جن کو انوار ملکی سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خدا نے وید کیا ہے رسموں کے مختلف اسباب ہوتے ہیں جن کے سبب سے وہ لوگوں میں پھیلتی ہیں کبھی کسی بڑے بادشاہ کا طریقہ ہوتا ہے جس کے سب لوگ مطیع ہوتے ہیں اور کبھی وہ ان امور کی تفصیل اور تشریح ہوتی ہیں جنکو لوگ اپنے دلوں میں موجود پاتے ہیں اور اپنی دلی شہادت سے اُن کو قبول کر لیتے ہیں اور کبھی رسم کے چھوڑنے سے انکو غیبی سزا ملنے کا تجربہ ہوتا ہے اسلئے وہ نہایت اہتمام سے اختیار کرتے ہیں یا اُن کے ترک کرنے سے کوئی فساد پیدا ہوتا ہے یا دانا عقلمندوں کے قائم کرنے سے وہ پیدا ہوتی ہیں ایسے لوگ اُن رسموں کے ترک کرنے پر ملامت کیا کرتے ہیں اہل بصیرت کو طریقوں کے زندہ کرنے یا انکو مردہ کرنے سے اکثر شہروں میں نظایر بالا کی تصدیق کرنے کی توفیق اکثر حاصل ہو جایا کرتی ہے۔

اور مستعمل طریقے اپنے اصلی حالت میں درست ہوتے ہیں اسلئے کہ اُن سے عمدہ تدابیر کی حفاظت ہوتی ہے اور اُن کے ذریعے سے افراد انسانی کو کمال نظری یا عملی حاصل ہوتا ہے اور اُن کے نہ ہونے سے اکثر لوگ بہایم طبع ہو جاتے ہیں اکثر آدمی نکاح و معاملات مقصود طریقے کے موافق کرتے ہیں اور جب اُن سے اُسکا سبب پوچھا جاوے کہ اُن قیدوں میں وہ کیوں پھنسے ہوئے ہیں تو وہ یہ جواب دینگے کہ ہم لوگوں کی موافقت سے ایسا کرتے ہیں اُن کی نہایت کوشش کا نتیجہ اُن امور کی پابندی کے متعلق ایک علم اجمالی ہوتا ہے کہ جس کو صاف طور پر اُن کی زبان بیان نہیں کر سکتی تو اُسکا کیا احتمال ہے کہ اُن امور کی تدابیر کی وہ تمہید بیان کر سکیں ایسے لوگ اگر ان طریقوں کی ضروری پابندی نہ کریں تو تقریباً وہ بہایم صفت ہو جاوینگے لیکن ان رسموں میں کبھی کبھی باطل چیزیں بھی شامل ہو جاتی ہیں اور لوگوں کو اُن کے عمدہ ہونے کا شبہ ہو جاتا ہے سطح پر کہ ایسے خاندان کو کبھی ریاست حاصل ہو جاتی ہے اور جن پر عزتی رائیں غالب ہوں تو وہ کلی مصلحتوں کا خیال نہ کریں اسلئے رہزنی اور غصب وغیرہ درندوں کے سے کام کرنے لگیں یا نفسانی خواہشوں کے موافق کام کریں جیسے لواطت اور مردوں کا زنانہ پن یا پر فضر پیشے اختیار کریں ربا خواری کریں اور وزن پیمانہ میں کمی کریں یا لباس اور دلیموں میں ایسے عادات اختیار کریں جن میں فضولی اور اسراف ہو اور اُن اشیا کے موجود و مہیا کرنے میں بڑے اہتمام کی ضرورت پڑے یا تفریح کے لئے اپنے شوق بڑھائیں جنکے سبب سے امور معاش و معاد معطل ہو جائیں جیسے مزامیر شطرنج شکار کبوتر بازی وغیرہ یا مسافروں پر بے مشقت محصول مقرر کریں اور رعیت سے ایسے خراج وصول کریں جس سے وہ تباہ ہو جائے یا باہم حرص و بغض زیادہ کر لیں انکو یہ عمدہ معلوم ہوتا ہو کہ لوگوں سے ایسا برتاؤ کریں اور اُس کو ناپسند کرتے ہیں کہ اور لوگ اُن سے ایسا معاملہ کریں ایسے لوگوں کے مرتبے اور شوکت کی وجہ سے کوئی شخص اُن پر حرف گیری نہ کر سکتا ہو اُن کے بعد اُسی خاندان کے فاسق اور فاجر لوگ ایسے اعمال کی پیروی کریں اُن اعمال میں مدد دیں اُن کے پھیلانے میں خوب کوشش کریں یا ایسے لوگ پیدا ہوں کہ جن کی طبیعتوں میں نہ اعمال صالحہ کا قوی میلان ہو نہ اعمال فاسدہ کا لیکن رؤساہی کی حالت دیکھ دیکھ کر اُن میں بھی اُن ہی امور کی آمادگی پیدا ہو جائے یا عمدہ راستے ہی اُن کو بآسانی نہ مل سکیں۔ اسواسطے وہ ایسے امور کو اختیار کر لیں ایسے خاندانوں کی اخیر حالت میں بھی ایسے لوگ باقی رہا کرتے ہیں جن کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فطرتیں درست ہوتی ہیں وہ اُن سے میل جول نہیں رکھتے اور غصے کی حالت میں خاموش رہتے ہیں ایسی خاموشی سے بھی ہمیشہ ہر ایسے مستکم ہوتے رہتے ہیں ایسی حالت میں کامل العقل لوگوں کا فرض ہے کہ حق کے پھیلانے و جاری کرنے میں باطل چیزوں کے نابود کرنے میں پوری کوشش کریں اکثر حق کی تائید کے لئے نزاعوں اور لڑائیوں کی نوبت بھی آتی ہے لیکن یہ نزاعیں تمام نیک کاموں میں سے افضل ہوا کرتی ہیں اور جب رہنمائی کے طریقے خوب منعقد ہو جاتے ہیں اور ہر زمانے میں لوگ اُن کو تسلیم کرتے ہیں تو اُنہی پر اُن کی موت زندگی ہوتی ہے اور دل اور خیالات اُن طریقوں سے مملو ہوتے ہیں اور وہ بجھ لیتے ہیں کہ یہ طریقے اصل تدبیروں کے لئے لازم ہیں ایسی حالت میں اُن کی نافرمانی ایسے ہی لوگ کرتے ہیں جن کی طبیعتوں میں بہت ہی بے باکی ہوتی ہے اور وہ سبک حرکات ہوتے ہیں اور اُن کی نفسانی خواہشیں کثیر غالب ہوتی ہیں اور ہوا پرستی اُن کی عادت ہو جاتی ہے وہ ایسی نافرمانیاں تو کرتے ہیں لیکن یہ خوب جانتے ہیں کہ ہم گنہگار ہیں مصلحت کلی میں اور اُن میں ایک پردہ حائل ہو جاتا ہے اور جب وہ کام بے باکانہ طور پر کرتے ہیں تو ان کی نفسانی مرض کی کیفیت صاف صاف معلوم ہوتی ہے اور اُن کے ذہن میں رخنہ پڑ جاتا ہے اور جب خوب صاف صاف یہ باتیں دل میں قرار پا جاتی ہیں تو ملاء اعلےٰ کی دعائیں اور اُن کی نیازمندیں اس طریقے کے موافقین کیلئے پابند ہوتی ہیں اور اُن کے مخالفوں پر اُن کی بددعا ہوتی ہے اور حظیرۃ القدس میں موافق کے لئے خوشنودی اور مخالف کے لئے ناخوشی ظاہر ہوتی ہے جب ان طریقوں کی یہ حالت ہوتی ہے تو وہ اس فطرت سے شمار کئے جاتے ہیں جس پر خدا نے لوگوں کو پیدا کیا ہے۔

چوتھا مبحث سعادت کے بیان میں

باب ۲۹

سعادت کی حقیقت کے بیان میں

معلوم کرنا چاہئے کہ انسانی کمالات مختلف ہیں بعض باقتضاے صورۃ نوعی ہوتے ہیں اور بعض نوعی نہیں اور وہ بھی جنس قریب یا بعید کے اقتضاے ہوتے ہیں لیکن سعادت کا وہ حصہ جن کے مفقود ہونے سے انسان کو مضرت ہوتی ہے اور درست عقل کے لوگ اُس کا نہایت اہتمام اور قصد کرتے ہیں وہ پہلا حصہ نوعی کمالات کا ہے اس لئے کہ ماوراء تعریف کے قابل کبھی ایسی صفات ہوتی ہیں کہ معدنی اجسام بھی اُس میں شریک ہیں مثلاً درازی قد اور بزرگی قد اگر سعادت اسی کو قرار دیں تو پہاڑوں میں سعادت کی صفت پوری پوری ہونی چاہئے اور بعض صفات ایسے ہیں کہ وہ نباتات میں بھی ہوتے ہیں جیسے مناسب نشوونما یا ان تروتازہ صورتیں اگر اُس کو سعادت کہینگے تو پھولوں میں کامل سعادت ہوگی اور بعض صفات ایسی ہیں جن میں حیوانات شریک ہیں جیسے زور آوری بلند آوازی حبثی کی طاقت زیادہ کھانا پینا غضب اور کینہ کا زیادہ ہونا اگر ایسی کا نام سعادت ہو تو گدھے میں سعادت زیادہ ہونی چاہئے اور بعض صفات ایسے ہیں کہ صرف انسان ہی کا وہ حصہ ہے جیسے مہذب اخلاق عمدہ تدابیر اعلےٰ قسم کی صنعتیں بلندی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نتیجہ بادی الرائے میں یہی معلوم ہوتا ہے کہ انہی امور کا نام سعادت ہے یہی وجہ ہے کہ تمام انسانی جبلتوں میں کامل العقل اور درست رائے لوگ انہیں اوصاف کو حاصل کیا کرتے ہیں اور انکے علاوہ اور اوصاف کو گو بادی قابل تعریف ہی نہیں جانتے لیکن ابھی تک پوری تنقیح نہیں ہوئی اسلئے کہ تمام افراد حیوانی میں ان اوصاف کی اصل موجود ہے مثلاً شجاعت کی بنیاد ہے غصہ انتقام لینا شدائد میں ثابت قدمی مہلکات کی طرف اقدام اور یہ سب امور زور مند بہایم میں موجود ہیں لیکن ان کا شجاعت جب ہی نام رکھا جاتا ہے کہ نفس ناطقہ کے فیضان سے ان میں تہذیب آتی ہے اور مصلحت کلیہ کی اطاعت سے ان کا صدور ہوتا ہے عقلی خواہش ان کو پیدا کرتی ہے اور ایسے ہی اور صفتوں کی اصل بھی حیوانات میں موجود ہے چڑیا اپنے آشیانے کو بناتی ہے بلکہ اکثر صنعتیں ایسی ہیں کہ حیوانات بالطبع انکو بناتے ہیں اور انسان تکلیف بھی ویسی نہیں بنا سکتا تو اس میں کچھ شک نہیں کہ یہ امور بھی اصلی سعادت نہیں ہو سکتے بلکہ ان کو بالقرض سعادت کہہ سکتے ہیں اور سعادت یہی ہے کہ بہیمی حالت نفس ناطقہ کے تابع ہو خواہش عقل کے تابع ہو غضب پر عقل کی حکومت ہو باقی سب خصوصیات نفوس میں معلوم کرو کہ حقیقی سعادت سے جن امور کو تعلق ہے وہ دو قسم کے ہیں ایک قسم ایسی ہے جس میں پیدائشی طور پر نفس ناطقہ کا فیضان امور معاش میں ہوتا ہے لیکن اس قسم سے غرض مطلوب کسی طرح پر حاصل ہونا ممکن نہیں ہے اس قسم کے مزین افعال کے لئے جزئی فکروں میں اکثر خوض کرنا پڑتا ہے دوسری حالت کمال مطلوب کے خلاف ناقص شخص کی ہوا کرتی ہے جیسے کہ کوئی شخص غصہ اور کشتی کے جوش دلانے سے شجاعت حاصل کرنا چاہے یا عرب کے اشعار اور خطبوں کی واقفیت سے فصیح بننا چاہئے اسلئے کہ رذائل امور کا ظہور اپنے ہمجنسوں کی مزاحمتوں سے ہوتا ہے اور ضرورتوں کے پیش آنے سے منافع حاصل ہوا کرتے ہیں اور آلات مادہ سے صنعتوں کی تکمیل ہوا کرتی ہے اور یہ سب امور دنیوی زندگی کے ختم ہو جانے سے معدوم ہو جایا کرتے ہیں اگر وہ ناقص اسی حالت میں مر جائیگا اور اس کو ان امور سے کچھ بیزاری بھی ہوگی تب تو وہ صرف اصلی کمال سے ہی محروم رہیگا اور اگر ان تعلقات کی صورتیں نفس کو لپٹی ہونگی تو نفع سے زیادہ اس کو مضرت ہوگی۔

اور دوسرا حصہ وہ ہے جس کی بہیمیت ملکیت کے تابع ہو کہ بہیمیت ملکیت کے اشارہ سے سب امور کی بجا آوری کرے اور اسی کے رنگ سے رنگین ہو جائے اور قوت ملکی ایسی ہو کہ بہیمیت کے ادنے نقشوں کو قبول نہ کرے اس کے کمینہ نقوش اس میں نہ جم سکیں جیسے موم میں انگشتری کے نقوش جم جاتے ہیں اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ ملکی طاقت اپنی ذاتی خواہشوں کو بہیمیت کے سامنے پیش کر کے اس سے مطالبہ کرتی رہے اور بہیمیت اس کی اطاعت کرے کسی قسم کی بغاوت اس کی جانب سے نہ ہو ان کی تعمیل سے باز نہ رہے اور ایسے ہی ملکی طاقت اپنی خواہشوں کا بہیمیت سے اقتضا کرواتی رہے حتی کہ وہ اس کی عادی ہو کر مشاق ہو جائے سب ملکی خواہشیں جو ملکیت کے لئے ذاتی ہونگی اور بہیمیت کو بمجبوری ان کی تعمیل کرنی ہوگی وہ سب اس قسم کی ہونگی کہ ان میں ملکیت کو خوشی اور کشایش ہوگی اور بہیمیت کی تنگ دلی اس سے عالم الملکوت کے ساتھ مشابہت ہوتی ہے اور جبروت کی کیفیت نظر آنے لگتی ہے یہ حالتیں قوت ملکی کا خاصہ ہیں اور قوت بہیمی کو ان حالات سے نہایت بعد ہوتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اسی قسم میں سے ہے کہ قوت بہیمی کی خواہشیں اور اس کے لذایذ اور وہ امور جن کا جوش بہیمیت میں زیادہ شوق ہوا کرتا ہے ترک کر دیجائیں اس حصے کا نام عبادات اور ریاضات ہے یا ان مقصود اخلاق کے حاصل کرنے کے لئے دم ہے جو موجود نہیں ہوتے اس لئے اس مقام کی تحقیق کا انجام یہ ہوا کہ بغیر عبادات کے اصلی اور حقیقی سعادت حاصل نہیں ہو سکتی اسی لئے صورت نوعیہ کے روشندان سے مصلحت کلی افراد انسانی کو ندا کرتی ہے اور نہایت تاکیدی حکم کرتی ہے کہ بقدر ضرورت ان صفات کی اصلاح کیجائے جو انسان کے لئے کمال ثانی ہیں اور غایت ہمت اور نہایت توجہ سے تہذیب نفس حاصل کیجائے اور نفس ایسی ایسی ہیئتوں سے آراستہ و پیراستہ کیا جاوے جن کی وجہ سے وہ ملاء اعلے کے ہمرنگ ہو جاوے اس میں ایسی استعداد پیدا ہو جاوے کہ عالم جبروت و ملکوت کے اثر اس میں پیدا ہو سکیں قوت بہیمی اسکے زیر فرمان رہے اور وہ ملکی احکام کا مظہر بنجائے افراد انسانی میں جب نوعی تندرستی ہوتی ہے اور ان کا ملہ احکام نوع کے پوری طرح پر ظاہر ہونے کے قابل ہوتا ہے تو ان میں اس سعادت کے حاصل کرنے کا شوق ہمیشہ رہتا ہے اور اس سعادت کیطرف ان کی کشش ایسی ہوتی ہے جیسے لوہے کی مقناطیس کی طرف یہ ایک جبلی فطری امر ہے جو خدا نے لوگوں کی طبیعت میں پیدا کیا ہے اور اسی واسطے لوگوں میں سے معتدل المزاج کوئی فرد ایسا نہیں ہوا جس میں ایسا عظیم الشان حصہ موجود نہ ہو جو اس کو اس خلقی کمال کے حاصل کرنے کا اہتمام نہ ہو اور اس کو اعلے ترین سعادت تسلیم نہ کرتا ہو سلاطین اور حکما اور ان سے پست درجہ کی لوگ جانتے ہیں کہ ایسے لوگوں کو ان مقاصد پر کامیابی ہوئی ہے جن کا درجہ دنیوی سعادت سے برتر ہے یہ لوگ فرشتوں میں مل گئے ہیں ان ہی کی جماعت میں منسلک ہوئے ہیں حتے کہ یہ سب لوگ ان سے برکت لیتے ہیں اور ان کے ہاتھ پاؤں پر بوسہ دیتے ہیں پس تمام عرب و عجم کا اس پر متفق ہونا حالانکہ ان کے عادات اور مذاہب مختلف ہوتے ہیں اور انکے وطن دور دراز ہوتے ہیں اور بوحدت نوعی سب کا ایک اسی حالت کا مقر ہونا پیدائشی اور فطری مناسبت کے سبب سے ہے یہ اتفاق کچھ بعید نہیں ہے اسلئے کہ معلوم ہو چکا ہے کہ قوت کی اصل فطرت انسانی میں موجود ہے اور سب لوگوں میں افضل اور اعلے درجے کے لوگ ایسے ہی ہوتے ہیں واللہ اعلم

باب ۳۰

اس بیان میں کہ لوگ اس سعادت انسانی کے حاصل کرنے میں مختلف ہوا کرتے ہیں

معلوم کرنا چاہئے کہ جیسے لوگ شجاعت اور تمام اخلاقی اوصاف میں مختلف ہوا کرتے ہیں یعنے ایسے لوگ ہوتے ہیں کہ جن میں شجاعت کا وصف موجود نہیں ہوتا اور کسی ایسی مخالف حالت کی وجہ سے جو ان کی نفس طبیعت میں ہوتی ہے شجاعت کے حاصل ہونے کی امید ہی نہیں ہوتی جیسے کہ مخنث اور نہایت کمزور اور بعض لوگوں میں اگرچہ شجاعت نہیں ہوتی لیکن شجاعت کے مناسب افعال اور اقوال اور مناسب ہیئتوں کی مشاقی کے بعد

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان کے شجاع ہونے کی امید ہو سکتی ہے جب شجاع لوگوں سے وہ ان اقوال اور افعال کو حاصل کرتے ہیں اور پیشوایان شجاعت کے تذکرے اور واقعات کو یاد کرتے ہیں تو سختیوں میں ثابت قدمی ہلاکی کے موقعوں پر ان سے اقدام ہونے لگتا ہے اور بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ اصلی خلق ان کی طبیعت میں پیدائشی ہوتا ہے ہمیشہ وہ اسکی لاف زنی کرتے ہیں اگر اس خلق سے ان کی طبیعت روکی جائے تو ان کو بہت تنگ دلی ہوتی ہے اور ناگواری سے وہ خاموش رہ سکتے ہیں اور اگر ان کی پیدائشی حالت کے مناسب کوئی حکم دیا جائے تو ان کی ایسی حالت ہو جاتی ہے جیسے گندھک شعلہ آتشین کے قریب پہنچتے ہی فوراً مشتعل ہو جاوے اور بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ ان میں نہایت کامل طور پر کسی خلق کی پیدائش ہوتی ہے وہ اس کے مناسب اس ہی کی خواہشوں کی طرف عجلت کرتے ہیں اگر ان کو بزدلی کی طرف بزور بلائیں تو وہ بالطبع اس کو قبول نہیں کرتے بغیر کسی رسم و رواج اور بغیر کسی دوسرے کی خواہش کے ان کو اس خلق کے کاموں اور ہیئتوں کا کرنا آسان ہوتا ہے ایسا آدمی اس خلق کا امام ہوا کرتا ہے اس کو کسی اور امام کی حاجت نہیں ہوا کرتی ہے اور جو لوگ اس خلق میں اس سے کم درجہ کے ہوتے ہیں ان میں ضرور رہتا ہے کہ اس کے طریقے کو غور و تامل سے اختیار کریں اور اس کی حالتوں اور واقعات کو اہتمام سے یاد کرتے رہیں تاکہ ان کو وہ اخلاقی کمال حاصل ہو سکے جس کی توقع ہو سکتی ہے ایسے ہی لوگ اس خلقی حالت پر مختلف ہوتے ہیں جس پر ان کی سعادت کا مدار ہے بعض میں وہ حالت ایسی مفقود ہوتی ہے جس کی درستی کی امید ہو ہی نہیں سکتی جس کو حضرت خضر نے مادۂ لاتعادہ بالطبع کافر تعاصم بکم عمی فہم لا یرجعون میں اس کی ہی طرف اشارہ ہے اور بعض لوگوں میں اصلاح کی امید ہوتی ہے لیکن جب وہ سخت سخت ریاضتیں کریں اور اعمال پر مداومت کریں نفس ان اعمال سے متاثر ہوتا رہے اس کے لئے انبیاء کی جوش دہندہ دعوت اور ان کے منقول شدہ طریقوں کی ضرورت ہوتی ہے اس قسم کے لوگ اکثر ہوا کرتے ہیں بہشت انبیاء کے لئے بالذات یہی لوگ مقصود ہوا کرتے ہیں اور بعض لوگوں میں اجمالی طور پر خلق کی حالت موجود ہوتی ہے اس خلق کے اثر ظاہر ہوا کرتے ہیں لیکن وہ تفصیلی امور میں اور اس خلق کے مناسب لشکر ہیئتوں کے درست کرنے میں امام کے محتاج ہوتے ہیں یکاد زیتہا یضیٔ ولو لم تمسسہ نار اقریب ہے کہ اس کا روغن روشن ہو دے اگرچہ اس کو آگ بھی نہ لگے ایں ہمہ اسی مرتبہ کی طرف اشارہ ہے ان لوگوں کو سابق کہتے ہیں اور لوگوں میں ایک طبقہ انبیاء کا ہے وہ اس خلق کے کمالات کو مرتبہ فعلیہ میں لا سکتے ہیں اس کی مناسب ہیئتوں کو اختیار کرتے ہیں اس خلق کے حصہ میں جو کمی ہو اس کے حاصل کرنے کی اور جو موجود ہو اس کے باقی رکھنے کی کیفیت کو اختیار کرتے ہیں بغیر کسی رہبر اور امام اور کسی کی دعوت کے وہ ناقص کو پورا کرتے ہیں وہ بمقتضائے فطرت جیسا جیسا کہ عمل کرتے رہتے ہیں تو ان کے اس عمل درآمد سے ایسے قانون منتظم طور پر مرتب ہو جاتے ہیں جو لوگوں میں یادگار رہتے ہیں ان کو لوگ اپنا دستور العمل کر لیتے ہیں جب آہنگری اور درودگری وغیرہ عام لوگوں کو بغیر اس کے حاصل نہیں ہوتی ہے کہ وہ اپنے بزرگوں کے منقول شدہ طریقوں کا استعمال کریں تو ان اعلیٰ مقاصد کی نسبت تم کیا خیال کر سکتے ہو جن کی رہنمائی صرف انہیں لوگوں کو ہوتی ہے جن کو خدا نے توفیق دی ہے اس بات سے معلوم ہوتا ہے کہ انبیاء

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے اور اُن کے طریقوں کی پیروی کے لئے اُن کے حالات و اختیار کی طرف متوجہ ہونے کی کیسی شدید ضرورت ہے واللہ اعلم ۔

باب ۳۱

اِس سعادت کے حاصل کرنے کی کیفیت لوگوں میں مختلف ہوتی ہے

معلوم کرو کہ یہ سعادت دو طرح پر حاصل ہوتی ہے ایک طریقہ ایسا ہے کہ گویا اُس میں یہی طبیعت سے بالکل علیحدگی اور آزادی کرنی پڑتی ہے ایسے حیلے اور ذرائع اختیار کئے جاتے ہیں جنسے طبعی حکومت میں خاموشی پیدا ہو جاتی ہے اُن کا جوش بجھ جانے اُن کے علوم اور حالات بالکل پژمردہ ہو جائیں اور عالم حیرت کی طرف جو تمام جہتوں سے علیحدہ ہے اُس کی کامل توجہ ہو جائے نفس اُن علوم کو قبول کرنے لگے جو مکان اور زمانے سے بالکل علیحدہ اور جداہیں اور ان لذتوں کی خواہش اُس میں پیدا ہو جائے جو الوف لذتوں سے بالکل علیحدہ ہیں حتےٰ کہ لوگوں سے ملنا جلنا روک کر دیا جائے اُن کی مرغوبات سے بے رغبتی ہو اُن کے خوف کرنے کی چیزوں سے بے خوفی ہو تمام لوگوں سے ایک دور کنارے پر علیحدگی ہو یہ حکمائے اشراقین کا یہی مدعا ہوتا ہے اور صوفیہ کرام میں سے مجذوبوں کی بھی یہی حالت ہوتی ہے ان میں سے بعض لوگ انتہائے غایت تک پہنچ بھی جاتے ہیں لیکن ایسے لوگ بہت کم ہوا کرتے ہیں اور باقی لوگ اُس غایت کے اشتیاق ہی میں رہتے ہیں اُس کے منتظر ہوتے ہیں کہ اُس میں بہیمیت کی اصلاح ہو جایا کرتی ہے اُس کی کجی دور کر دی جاتی ہے لیکن اُس کی اصل حالت باقی رہتی ہے یہ اسطرح پر ہوتا ہے اور یہ کوشش کی جاتی ہے کہ نفس ناطقہ کے افعال اور ہیئتیں اور اذکار وغیرہ کی قوت بہیمی ایسی ہی نقل کرتی ہے جیسے گونگا آدمی لوگوں کے اقوال کی اپنے اشاروں سے نقل کرتا ہے اور کوئی مصور نفسانی حالات خوف اور شرمندگی وغیرہ کی ایسی ایسی صورتوں سے نقل کرتا ہے جو اُن حالات کے ساتھ ساتھ نظر آیا کرتی ہیں اور جس عورت کا بچہ مر جاتا ہے وہ اُس کا غم ایسے کلموں اور دردمندی سے ظاہر کرتی ہے کہ اُس کو جو سنتا ہے اُس پر غم طاری ہو جاتا ہے اور غم کی صورت اس کے سامنے کھڑی ہو جاتی ہے اور جو کہ تدبیر الٰہی کا مقتضا یہ ہے کہ پہلے بہت قریب اور سہل حالت اختیار کرتی چاہئے اور رفتہ رفتہ جو اُس کے قریب ہو اور اُن امور کی درستی ہو جائے جو تمام افراد انسان کے لئے موزون ہو سکیں نہ صرف چند صورتوں کے لئے واردین کی مصلحتیں قائم کی جائیں ۔ اُن دونوں میں سے کسی انتظام کی برہمی نہ ہو اسی لئے لطف و رحمت الٰہی کا مقتضا ہے کہ اُس دوسرے طریقے کے قائم کرنے اور اُسکی طرف دعوت اور آمادہ کرنے کے لیے پیغمبروں کو مبعوث کیا وہ پہلے طریقے کی طرف بھی رہبری کرتے ہیں لیکن صرف ضروری اشارات اور ضمنی اظہارات سے واللہ الحجۃ البالغۃ ۔

اسکی تفصیل یہ ہے کہ پہلے حالات اُنہیں لوگوں سے بن پڑتے ہیں جن میں لاہوتی کشش زیادہ ہو اور ایسے لوگ بہت کم ہوتے ہیں اُن حالتوں کے لئے نہایت سخت ریاضتوں کی انتہایت درجہ فراغ خاطر کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضرورت ہوا کرتی ہے اُن کے انجام دینے والوں کی تعداد کم ہوتی ہے ان حالتوں کے رہبر اور امام وہی لوگ ہوتے ہیں جنہوں نے امور معاش کو بالکل ترک کر دیا ہو دنیا میں دعوت دین کا اُن کو منصب حاصل نہیں ہے اور نیز اس حصہ کی تکمیل بغیر اس کے نہیں ہوتی کہ دوسرے حصے کا معقل مجموعہ بھی پیش نظر رکھا جائے اور نیز اس حصہ سے ایک نہ ایک سعادت سے حرمان ہوگا یا دنیوی تدابیر کی اصلاح نہ ہوگی یا آخرت کے لئے نفس کی اصلاح نہ ہوگی۔ اگر سب لوگ اسی حصہ کو اختیار کر لیں تو دنیا ویران ہو جائیگی اور اگر لوگوں کو ان احکام کی تکلیف دیجائے تو گویا تکلیف بالمحال ہوگی اسلئے کہ تدابیر نافعہ ایک فطری شے ہو گئے ہیں جن کے بغیر کوئی چارہ ہی نہیں اور دوسرے طریقے کے رہنما اور امام مُعلمین اور مصلحین ہوتے ہیں دین اور دنیا کی ریاست اُن کو حاصل ہوتی ہے اُن کے دعوت دینی کو لوگ قبول کرتے ہیں اُن کے طریقے کا اتباع کیا جاتا ہے سابقین اور اصحاب الیمین کی کمالات اسی تعلیم میں منحصر ہوتے ہیں اور اس قسم کے لوگ بھی کثرت سے موجود ہوا کرتے ہیں زکی اور غبی اور مشغول اور بے کار بغیر حرج کے ان امور کو عمل میں لا سکتے ہیں اور نفس کی درستی اُس کی کجی رفع کرنے کے لئے اُن تکالیف سے بچنے کے لئے جن کا معاد میں اندیشہ ہے اسی قدر بندہ کے لئے کافی بھی ہے اس لئے کہ ہر نفس کے لئے ملکی افعال مقرر ہیں جن کے ہونے سے اُس کو آخرت میں آرام ملتا ہے اور اُن کے نہ ہونے سے اسکو تکلیف ہوتی ہے اور تجرد کی حالت میں جب عالم قبر اور حشر پیش آئیگا تو اُن کے احکام اچھی طرح ظاہر ہونگے جن کا علم اسکو جبلی طور پر نہ ہوگا اگرچہ وہ ایک زمانہ کے بعد ہونگے شعر

ستبدی لک الایام ما کنت جاھلاً ویاتیک بالاخبار من لم تزود

(تجھ پر زمانہ وہ حالات ظاہر کر دیگا جن کی تجھکو خبر بھی نہ تھی اور تیرے پاس خبروں کو وہ شخص لائیگا جن کے لئے تو نے توشہ تیار نہ کیا تھا) یعنی وہ قاصد جس کو تو نے قاصدی کے لئے روانہ نہ کیا تھا۔ اور حاصل یہ ہے کہ غیر و سعادت کے لئے تمام طریقوں کو پوری طرح پر احاطہ کرنا قریب محال کے ہے اور جبل بسیط اُس سے معذور نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔

باب ۳۲

اُن اصول و قواعد کے بیان میں جو دوسرے طریقہ کے لئے مدار اور مرجع ہیں

معلوم کرنا چاہئے کہ دوسرے طریقے کے موافق سعادت کا حاصل کرنا بہت سی صورتوں سے ہوتا ہے لیکن خدا نے اپنے فضل سے مجکو سمجھایا ہے کہ اُن کی انتہا چار خصلتوں پر ہوتی ہے کہ جب نفس ناطقہ کا قوت بہیمی پر غلبہ ہوتا ہے اور نفس ناطقہ اُس کو اپنی مناسب حالتوں پر مجبور کرتا ہے تو اُس میں یہ اوصاف پیدا ہو جاتے ہیں انسان کے تمام حالات میں سے اُن اوصاف کو ملاء اعلےٰ سے زیادہ ہمرنگی ہے انہیں اوصاف کی وجہ سے انسان اُس برتر جماعت سے لحق ہو جاتا ہے اور انہیں میں منسلک ہو جاتا ہے خدا نے مجکو سمجھایا ہے کہ انبیاء کی بعثت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انہیں اوصاف کے لئے ہوئی ہے انہیں پر وہ لوگوں کو مستعد کرتے ہیں تمام شرعی اور انہیں کے تفصیل ہیں سب کی انتہا انہیں کی طرف ہوتی ہے اُن میں سے ایک وصف طہارت اور پاکیزہ زندگی کا ہے اسکی حقیقت یہ ہے کہ جب آدمی کی فطرت سلیم ہوتی ہے اُس کا مزاج صحیح ہوتا ہے اُس کا دل تمام طفلی مشاغل سے جو تدبیر کے مانع ہوتے ہیں خالی ہوتا ہے ویسی حالت میں جب اُس کو پلید چیزوں سے آلودگی ہوجاتی ہے اور اُس کو بول و براز کی مثلاً ضرورت ہوتی ہے اور اُن سے فراغ نہیں ہوتا یا وہ مجامعت اور اُس کی دواعی سے قریب ہی فارغ ہوتا ہے تو اُس کا دل ایک انقباض کی حالت میں ہوتا ہے اُس پر تنگی اور غم ساطاری ہوتا ہے اور اپنے آپ کو وہ نہایت گھٹن میں پاتا ہے اور جب دونو قسم کی نجاستیں دور ہوجاتی ہیں اور اپنے بدن کو ملتا ہے اور غسل کرتا ہے اور اچھے کپڑے بدلکر خوشبو لگاتا ہے تب اُس کا انقباض دور ہوجاتا ہے اور بجائے اُس کے بہجت و خوشی معلوم ہوتی ہے وہ یہ لوگوں کی نمایش کے لئے یا اُن کی رسموں کی پابندی کی وجہ سے نہیں ہوتا بلکہ صرف نفس ناطقہ کے اثر سے ہوتا ہے پہلی حالت کو حدث کہتے ہیں دوسری کو طہارت اور جو لوگ ذکی ہیں اور احکام نوعی میں اُن سے سلامتی ظاہر ہوتی ہے اور ان کا مادہ صورت نوعیہ کے احکام کو تادرانہ طور پر عمل میں لاسکتا ہے اُن کی نظر میں ہر ایک حالت دوسرے سے بخوبی متمیز ہوتی ہے وہ ایک کو بالطبع پسند کرتے ہیں اور دوسرے سے ناخوش رہتے ہیں۔ غنی لوگوں کا بھی یہ حال ہے کہ جب کسی قدر قوت بہیمی اُن کی کم ہوجاتی ہے اور پاکیزگی اور علیحدگی کا اثر اُنپر پڑتا ہے اور ان دونوں کیفیتوں کے پہچاننے کی کسی قدر ان کو فرصت مل جاتی ہے تو وہ بھی اُن دونوں کو پہچان سکتے ہیں اور ایک کو دوسرے سے تمیز کرلیتے ہیں۔ اور سب روحانی صورتوں میں سے ملاء اعلےٰ کی حالت سے مشابہت اِس طہارت اور پاکیزگی کی صفت کو ہے ان کو بھی تمام بہیمی آلودگیوں سے علیحدگی رہتی ہے اور ہمیشہ اپنی نورانی کیفیت سے اُن میں بہجت رہتی ہے اسی طہارت کے سبب سے نفس میں قوت عملی کے کمالات کی استعداد پیدا ہوتی ہے اور جب حدث کی کیفیت انسان میں جم جاتی ہے اور چاروں طرف سے احاطہ کرلیتی ہے تو آدمی میں شیطانی وسوسوں کے قبول کرنے کا مادہ حاصل ہوجاتا ہے وہ شیاطین کو جس مشترک کے سامنے دیکھتا ہے اُس کو پریشان خوابیں نظر آتی ہیں اور نفس ناطقہ کے قرب میں تاریکی سے ظاہر ہوتی اور ملعون اور ملکیہ حیوانات کی صورتیں نظر پڑتی ہیں اور جب آدمی کو پاکیزگی کی پوری قدرت ہوتی ہے اور یہ کیفیت اُس کو احاطہ کرلیتی ہے اُس کے لئے وہ متنبہ رہتا ہے اور اُس ہی کا میلان طبیعت میں ہوتا ہے تو اُس میں فرشتوں کے الہامات قبول کرنے کی اور ان کے دیکھنے کی استعداد پیدا ہوجاتی ہے وہ عمدہ عمدہ خوابیں دیکھتا ہے انوار اُس کے سامنے ظاہر ہوتے ہیں اور نہایت پاکیزہ اور پُر برکت اور بزرگ چیزیں اُس کو نظر آتی ہیں۔ اور دوسری صفت خدا کے حضور میں اپنی عاجزی اور نیاز ظاہر کرنا ہے اُس کی حقیقت یہ ہے کہ آدمی کو اپنی سلامتی اور فراغ حال کے زمانے میں جب خدا یاد آجائے کی نشانیں اور صفتیں یاد دلائی جاویں اور وہ خوب طرح سے اُن میں غور کرے تو نفس ناطقہ کو بیداری حاصل ہوتی ہے اور تمام حواس و بدن اُن کے سامنے عاجزی کو اظہار کرتے ہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور وہ حیرت زدہ سا ہو جاتا ہے اور عالم قدس کی جانب اپنا میلان پاتا ہے اور ایسی حالت ہو جاتی ہے کہ جیسے بادشاہوں کے مقابلے میں اپنی عاجزی دیکھکر اور اُن کا استقلال بخشش اور منع کرنے میں معلوم کرکے رعیت کی حالت ہوتی ہے، یہ حالت بھی تمام روحانی حالتوں کی نسبت اول سے نزدیکتر اور زیادہ مشابہ ہے وہ بھی اپنے خالق کیطرف متوجہ رہتے ہیں اور اُس کی جلال اور تقدس میں سراپا حیرت اور مستغرق ہوتے ہیں اسی وجہ سے یہ حالت نفس کو آمادہ کرتی ہے کہ اُس کے کمالات علمی ظاہر ہوں یعنے ذہن میں خدا کی معرفت منقش ہو جاوے اور خاص طرح سے اُس بارگاہ کیساتھ اُس کا اتصال ہو جاوے اگرچہ عبادت سے اس اتصال کا پورا بیان نہیں ہو سکتا، اور تیسری صفت سماحت ہے اور اُس کی حقیقت یہ ہے کہ نفس اس درجہ کو پہنچ جائے کہ قوت بہیمی کی خواہشوں کی اطاعت نہ کرے اُس کے نقش اُس میں نہ جم سکیں اور اُس قوت کا چرک اُس سے نہ مل سکے، یہ کیفیت جب پیدا ہوتی ہے کہ جب نفس امور معاش میں مصروف ہوتا ہے عورتوں کی اُس میں خواہش پیدا ہوتی ہے اور لذات کا عادی ہوتا ہے یا کسی غذا کا اُس کو شوق ہوتا ہے تو ان اغراض کے حاصل کرنے میں اتنی کوشش کرتا ہے کہ اپنی حاجت کو پورا کر لے اور ایسے ہی جب وہ غضب ہوتا ہے یا کسی چیز کی حرص کرتا ہے تو وہ اُس کیفیت میں کسی قدر مستغرق ہو جاتا ہے دوسری چیز کی طرف نظر اٹھا کر نہیں دیکھتا پھر یہ حالت دور ہو جانے کے بعد اگر اُس میں سماحت کی قوت ہوتی ہے تو وہ ان تینوں سے ایسا نکل جاتا ہے کہ گویا اُس میں کبھی نہ تھیں اور اگر اُس میں قوت سماحت کی نہیں ہوتی تو وہ کیفیتیں اُس میں اپنا جال پھیلا دیتی ہیں اور جیسے موم میں انگشتری کے نقوش جم جاتے ہیں ایسے ہی وہ کیفیتیں بھی اُس میں جم جاتی ہیں اور وہ کشادہ دل اور صاحب سماحت جب اپنے بدن سے جدا ہوتا ہے اور تمام تاریک اور مجتمع تعلقات سے اس کو سبکدوشی ہوتی ہے اور اپنی موجودہ حالت کی طرف رجوع کرتا ہے تو کوئی چیز ملکی قوت کی مخالف جو کہ دنیا میں تھیں نہیں پاتا، اسواسطے اُس کو ایک حالت اُنس و اطمینان کے حاصل ہو جاتی ہے اور نہایت فراخ عیش ہوتا ہے، اور حریص طمع شخص میں ان تعلقات کے نقوش ایسے ہی جمے رہتے ہیں اُس کی مثال ایسی سمجھ لو جیسے کسی کا کوئی نفیس اور عمدہ مال چوری ہو جاوے اگر وہ شخص سخی ہوتا ہے تو اُس کو کچھ اُس چوری کی پرواہ نہیں ہوتی اور اگر وہ تنگدل ہوتا ہے تو دیوانہ سا ہو جاتا ہے اور اُس مال کی صورت اُس کے سامنے کھڑی رہتی ہے، اور سماحت اور حرص کی ان چیزوں کے لحاظ سے کہ جن میں وہ ہوا کرتی ہیں بہت سے لقب ہیں اگر وہ مال میں ہوں تو سخاوت اور حرص ان کا نام ہے اور اگر شرمگاہ اور شکم کی خواہشوں میں ہوں تو پارسائی اور شرہ اُس کا نام ہے اور اگر آرام کے اور مشقتوں کے دور رہنے میں ہوں تو اُس کو صبر اور بیقراری کہتے ہیں اور جو گناہوں اور ممنوعات شرعی میں ہوں تو ان کا نام تقوی اور پرہیزگاری ہے جب انسان میں سماحت کی صفت جم جاتی ہے تو نفس تمام دنیوی خواہشوں سے خالی ہو جاتا ہے اور بلند ترین اور مجردات کی لذتوں کے لئے مستعد ہوتا ہے اور سماحت ایسی صفت ہے جو انسان کو سباب سے روکتی ہے کہ کمال مطلوب علمی اور عملی کے خلاف کوئی چیز اُس میں جم سکے، اور چوتھی صفت عدالت ہے عدالت اُس نفسانی ملکہ کا نام ہے جسکی وجہ سے نفس سے ایسے اعمال کئے جاتے ہیں جنسے ملکی اور قومی انتظامات بہ آسانی منظم اور قیام پذیر ہوتی ہیں اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نفس اس قسم کے افعال پر گویا مجبور ہو جاتا ہے اس کا لازمہ ہے کہ ملائکہ اور نفوس مجردہ میں وہ مقاصد منقش ہو کرتے ہیں جن کو اس نظام کی اصلاحات کے متعلق آفرینش عالم میں خدا رہنما کرتا ہے اس نظام کے مناسب تدابیر کی طرف ان کی مرضیات کا میلان رہتا ہے روح مجرد کے لئے یہ بھی امر ہے جب نفوس اپنے بدنوں سے علیحدہ ہوتے ہیں اور انہیں عدالت کی صفت ہوتی ہے تو ان کو نہایت فرحت اور ہیجت حاصل ہوتی ہے اور موقع ملتا ہے کہ اس لذت سے مسرور ہوں جو تمام دنیوی لذتوں سے جدا ہوتی ہے اور اگر بدنوں سے مفارقت کرنے کے بعد نفوس میں یہ صفت عدالت نہیں ہوا کرتی تو ان کا حال نہایت تنگ ہوتا ہے وہ متوحش اور ملول ہوتے ہیں جب خداوند تعالیٰ پیغمبر بھیجتا ہے تاکہ دین قائم کرے اور تاریکیوں میں سے لوگوں کو نورانیت کی طرف نکال لائے اور تمام لوگ متصف بہ عدالت ہو جائیں تو ایسے وقت میں جو شخص اس نور کے پھیلانے میں کوشش کرتا ہے لوگوں میں اس کی تمہید کرتا ہے وہ قابل رحمت ہو جاتا ہے اور جو اس کے رد کرنے میں اس کے معدوم کرنے میں کوشش کرتا ہے قابل لعنت و شکستگی ہوتا ہے جب عدالت کی صفت آدمی میں خوب جم جاتی ہے تو اس میں اور حاملین عرش اور نزدیکان بارگاہ فرشتوں میں شرکت ہو جاتی ہے جو وحی الٰہی اور برکات نازل ہونے کے ذریعہ ہیں اور اس میں اور ان ملائکہ میں فیضان کا دروازہ مفتوح ہو جاتا ہے ان کے اثر اس پر نازل ہوتے ہیں ان کے الہامات سے وہ مستفیض ہوتا ہے اور انہیں الہامات کے موافق اس کو آمادگی ہوتی ہے اگر ان چاروں اوصاف اور خصائل کی تو حقیقت معلوم کریگا اور اس کیفیت کو سمجھ لیگا جس سے کمالات علمی اور عملی حاصل ہوتے ہیں اور یہ اوصاف کیونکر آدمی کو فرشتوں میں منسلک کر دیتے ہیں اور یہ بھی بخوبی سمجھ لیگا کہ ان اوصاف سے ہر زمانے میں نوامیس الٰہی کا کیونکر استخراج ہوتا ہے تو اسوقت تجھکو نفع عظیم حاصل ہوگا دین کا تو رازدان ہو جائیگا ان لوگوں سے تیرا شمار ہوگا جن کی بہتری خدا کو منظور ہوتی ہے۔ ان اوصاف کے مجموعہ سے جو حالت مرکب ہوتی ہے اس کو فطرت کہتے ہیں اور فطرت کے بہت سے اسباب انہیں اوصاف سے حاصل ہوتے ہیں بعض علمی ہیں اور بعض عملی اور بعض اسباب ایسے ہوتے ہیں کہ انسان کو مقاصد فطری سے روکتے ہیں اور بعض ایسے ہیں کہ فطرت کے حجابات کو زائل کر دیتے ہیں ہمارا قصد ہے کہ ان تمام امور پر لوگوں کو متنبہ کریں اسلئے آئندہ بیانات پر کان لگا کر بتوفیق الٰہی غور کرو واللہ اعلم۔

باب ۳۳

ان چاروں اوصاف کے حاصل ہونے کے طریقے ہیں اور اس بیان میں کہ ناقص اوصاف کی تکمیل اور فوت شدہ کی واپسی کیسی ہو سکتی ہے

۱۔ ان اوصاف کے حاصل ہونے کی دو تدبیریں ہیں (۱) تدابیر علمی (۲) عملی تدبیر علمی کی اس واسطے ضرورت ہے کہ طبیعت علمی قوتوں کے تابع اور مطیع ہوا کرتی ہے نفس میں جب حیا یا خوف کی کیفیت گذرتی ہے تو خواہش نفسانی اور مجامعت کی رغبت جاتی رہتی ہے ایسے ہی جب نفس میں وہ تمام علمی امور مملو ہوں جو فطرت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے مناسب ہیں تب فطرت نفس میں راسخ ہو جائیگی اس لئے اعتقاد کرنا چاہیئے کہ ہمارا ایک پروردگار تمام بشری نقائص سے منزہ اور پاک ہے زمین اور آسمان میں ذرہ برابر بھی کوئی چیز اس سے مخفی نہیں ہے اگر تین شخص مل کر کسی امر میں سرگوشی کریں تو وہ خداوند عالم انہیں چوتھا ہوتا ہے اور اگر پانچ ملکر کریں تو وہ چھٹا ہوتا ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے اور جو چاہتا ہے حکم کرتا ہے اس کے حکم کا کوئی شخص ٹوٹ پھیر کرنے والا نہیں ہے ہر چیز کو اپنے انعام سے موجود کرنے والا اور ان کو جسمانی اور نفسانی نعمتیں عطا کرنے والا ہے اعمال کی وہ جزا دیتا ہے اگر اچھے ہوں اور سزا دیتا ہے اگر وہ برے ہوں ایسا ہی خدا کا ارشاد ہے کہ میرے بندے نے گناہ کر کے یقین کیا کہ میرا ایک پروردگار ہے جو گناہ کی مغفرت کرتا ہے اور اس پر مواخذہ کرتا ہے میں نے اپنے بندہ کی مغفرت کی اور حاصل یہ ہے کہ خدا تعالےٰ کا نہایت مضبوط اور کامل اعتقاد کرنا چاہیئے جس سے کمال خوف اور غایت اس کی تعظیم نفس میں راسخ ہو جائے اور بقدر پرستش کے بھی دوسرے کی عاجزی اور خوف کی گنجائش نہ رہے اور خوب اعتقاد کرے کہ انسان کا اعلیٰ کمال یہ ہے کہ اپنے پروردگار کی طرف متوجہ ہو کر اس کی عبادت کرے اور آدمی کی سب سے عمدہ حالت یہ ہے کہ فرشتوں کے مشابہ ہو جائے اور ان کی حالت سے اس کو قرب ہو یہی امور ہیں جن سے قرب ربانی حاصل ہوتا ہے خدا نے ان ہی امور کو لوگوں سے پسند کیا ہے یہ خدا کا بندوں پر حق ہے اس کے لئے اس کو وقت مقرر کرنا ضرور ہے اور حاصل یہ ہے کہ انسان کو خوب یقینی طور پر جس میں خلاف و تناقض کا احتمال نہ ہو جاننا چاہیئے کہ انسانی سعادت ان ہی امور کے حاصل کرنے میں ہے اور ان کے ترک کرنے میں اس کی بدبختی اور شقاوت ہے اور ضرور ہے کہ طاقت بھی کے تنبیہ کرنے کو ایک تازیانہ ہو جو اس کو بالکل برہم کر دے۔ انبیا کے طریقے اس علمی اور اعتقادی حالت کے پختہ کرنے کے لئے مختلف ہیں سب سے عمدہ وہ طریقہ ہے جس کو خداوند کریم نے حضرت ابراہیم پر نازل کیا کہ خدا کی روشن نشانیوں کی یاد آوری ہو اس کی برتر صفات اور تمام آفاقی اور نفسانی نعمتوں کو یاد رکھیں تاکہ بخوبی یہ امر محقق ہو جائے کہ خدا کی شان ہی لائق ہے کہ تمام لذائذ کو اس کے لئے صرف کر دیں اس کے ذکر کو تمام ماسوائے اللہ پر مقدم رکھیں نہایت درجہ کی اس سے محبت رکھیں اور انتہائی کوشش سے اس کی عبادت میں مصروف ہوں۔ ان امور کے ساتھ حضرت موسےٰ کی تعلیمات میں خدا تعالےٰ نے تذکیر بایام اللہ کی مطالب کا اضافہ کر دیا۔ یعنی ان جزاؤں اور سزاؤں کو بیان کرنا جو خدا تعالےٰ نے اپنے فرمان پذیر اور نافرمان بندوں کو دی ہیں اس نے اپنی نعمتوں اور تکالیف کو کس طرح اول بدل رکھا ہے تاکہ لوگوں کے دلوں میں خوف اور خدا کی اطاعت کی کامل رغبت ذہن نشین ہو جائے اور ان علوم بالا کے ساتھ ہمارے پیغمبر محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی تعلیم میں حوادث قبر اور ما بعد قبر کے خوف اور بشارت کا اضافہ کر دیا ان کے ذریعہ سے نیکی اور گناہ کے خواص بیان فرما دیئے گئے۔ ان امور کا صرف معلوم کر لینا ہی کافی نہیں ہوتا بلکہ ہمیشہ ان کے تکرار کا دور رہنا چاہیئے ہمیشہ ان کو ملاحظہ رکھنا چاہیئے تاکہ ملکی طاقتیں ان کے اثروں سے لبریز ہو جائیں اور تمام اعضا ان اثروں کی بجا آوری کریں۔ یہ تینوں علوم اور علم احکام جن میں واجب حرام وغیرہ کی تفصیل ہوتی ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور کفار کی مخاصمت کا علم یہ پانچوں علوم قرآن عظیم کی علوم میں سے چیدہ اور عمدہ ہیں۔

دوسری تدبیر سعادت انسانی کی تکمیل کے لئے عملی ہے اسلئے ایسی ہیئتیں اور افعال اور امور اختیار کرنے چاہئیں جن کی وجہ سے نفس میں مطلوب عادات و اوصاف کی یاد پیدا ہو نفس کو وہ تنبیہ کرتے رہیں اس کو جوش دلا کر ذہنیں اوصاف کی آمادگی پیدا کرتے رہیں ان اعمال میں اور ان اوصاف میں یا تو عادۃً تلازم ہوتا ہے یا مناسبت فطری کیونکہ سے ان اوصاف کے ہونے کا گمان غالب ہوتا ہے دیکھو جب کوئی شخص اپنے آپ کو غصہ پر آمادہ کرتا ہے اور اپنے سامنے اس کی صورت پیش کرتا ہے تو اس شخص کی دشنام دہی کا خیال کرتا ہے جس پر غصہ کرنا منظور ہوتا ہے اور دشنام سے جو شرم و عار پیدا ہوتی ہے اس کو سوچتا ہے ایسے ہی کوئی رونے والی عورت جب اظہار غم اور بے قراری کرنی چاہے تو مردے کی خوبیوں کو ہی یاد کرتی جاتی ہے جو شخص ہم بستری کا ارادہ کرتا ہے تو اس کی دواعی کو خیال میں لاتا ہے ایسے ہی اس بات کی نظیریں بکثرت ہیں جو شخص اس میں زیادہ بسط دیکر تقریر کرے تو اس کو تمام متعلقات کلام کا ذکر کرنا آسان ہے ان اوصاف مذکورہ میں ہر ایک وصف کے اسباب مقرر ہیں جن کے ذریعہ سے وہ اوصاف حاصل کئے جا سکتے ہیں ان امور کی بخوبی معرفت کے لئے ان لوگوں کے ذوق پر اعتماد کیا جا سکتا ہے جن کے ذوق سلیم میں شاذ حدث کے اسباب یہ ہیں دل میں بہیمی خواہشوں کا مملو ہونا عورتوں سے نفسانی رغبت کو پیدا کرنا حقائق امور کی مخالفت دل میں پوشیدہ ہونا اولاد اعلے کی لعنت کا دل کو گھیر لینا بول و براز کی ضرورت کا پیش آنا نیز بول و براز اور ریح سے ابھی فارغ ہونا یہ تینوں معدے کے فضلے ہیں ایسے ہی بدن پر میل و چرک کا ہونا گندہ و بدبو میں آب بینی کا جمع ہونا زیر ناف یا بغل میں بالوں کا بڑھ جانا ناپاکیوں سے کپڑے یا بدن کا آلودہ ہونا حواس میں ایسی صورتوں کا مملو ہونا جن سے بہیمی حالتیں پیش نظر رہیں مثلاً قاذورات شرمگاہ کو دیکھنا حیوانوں کی جفتی اور مجامعت کو زیادہ غور سے دیکھتے رہنا فرشتوں اور نیک لوگوں کی شان میں لعن و تشنیع لوگوں کے ایذا دینے میں کوشش کرنا اور پاکیزگی کے اسباب یہ ہیں کہ یہ تمام نجس اسباب دور کر دئے جائیں ان کے مخالف اسباب حاصل کئے جائیں ان عادات کا برتاؤ کرنا جن کا بہ کمال پاکیزہ ہونا قرار پا چکا ہے جیسے غسل وضو عمدہ لباس کا پہننا خوشبو لگانا یہ امور نفس کو طہارت کے لئے تنبیہ کرتے ہیں اور خاکساری اور نیازمندی کے اسباب میں سے ہے کہ تعظیمی حالتوں میں سے اعلے قسم کی حالتوں کا اختیار کرنا سرنگوں ہو کر کھڑے رہنا سجدہ کرنا ایسے لفظوں کو ادا کرنا جن سے مناجات اپنی ذلت اپنی حاجت کا خدا کے حضور میں اظہار ہو ان امور سے نفس کو عاجزی اور فروتنی کی کمال تنبیہ ہوتی ہے اور سماحت کے اسباب سخاوت داد و دہش ظالم کے قصور معاف کرنا ناگوار حالتوں میں صبر اختیار کرنا ہے اور عدالت کے اسباب میں تفصیلی طور پر تمام رہنمائی کے طریقوں کی محافظت ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب ۳۴

حجابات کی تفصیل میں جو فطری امور کے ظاہر ہونے سے مانع ہوا کرتے ہیں

معلوم کرو کہ بڑے بڑے حجاب مانع فطرت تین ہیں (۱) البصیرت کا حجاب، (۲) برسم کا حجاب، (۳) نافہمی کا حجاب۔ ان کا سبب یہ ہے کہ آدمی میں کھانے پینے کی خواہشیں پیدا کی گئی ہیں اس کا دل طبعی حالات کے لئے سواری ہے کبھی وہ غمگین ہوتا ہے کبھی خوش ہوتا ہے کبھی غصہ کرتا ہے اور خوف کرتا ہے وغیرہ۔ ان حالتوں میں وہ مصروف رہتا ہے ہر حالت کے طاری ہونے سے پہلے نفس اس کے سبب کی طرف متوجہ ہوتا ہے اس کے مناسب امور کے لئے قوتیں مطیع ہوتی ہیں اسطرح پر نفس اس میں مستغرق رہ کر اس کے علاوہ اور اہتماموں سے بالکل غفلت ہی ہے ہر حالت کے بعد اس کی کیفیت اور رنگ باقی رہتی جاتی ہے شب و روز گذرتے جاتے ہیں اور وہ شخص اسی محویت میں رہتا ہے اس کو اور کمالات کے حاصل کرنے کا کوئی موقع نہیں ملتا اور بعض لوگوں کے قدم اس گھاٹے میں ایسے پھنس جاتے ہیں کہ تمام عمر ان کو رستگاری نہیں ہوتی اور اکثر لوگوں پر طبیعت کے احکام اسطرح غالب آجاتے ہیں کہ وہ تمام رسمی اور عقلی امور کو خیرباد کہدیتے ہیں اور ملامت کا بھی ان پر کچھ اثر نہیں ہوتا اسی حجاب کو حجاب نفس کہتے ہیں لیکن بعض لوگوں کی عقل کامل ہوتی ہے ان میں بیداری کا مادہ ہوتا ہے وہ اپنے اوقات میں فرصت اور موقع تلاش کرتے ہیں اور طبعی حالت میں خاموشی پیدا کر سکتے ہیں ان کے نفس میں ان حالات کے علاوہ بھی اور امور کی گنجایش ہوتی ہے اور طبعی مناسبات کے علاوہ اور علوم کے فیضان کی بھی وہ قابل ہوتے ہیں ان میں قوت علمی اور عملی کے لحاظ سے کمال نوعی کی طرف بھی گرویدگی ہوتی ہے جب وہ اپنی تمام جمعیت کو کھو بیٹھتے ہیں تو خود اور اپنی قوم کی تدابیر لباس اور فخر و مباہات کا مطالعہ کرتے ہیں فصاحت مختلف صنائع کی خوبیاں ان میں دیکھتے ہیں ان کے دل پر ان امور کا بڑا اثر پڑتا ہے اور یہ عزم کامل اور قوی ہمت سے وہ انکی طرف رخ پھیرتے ہیں اس کا نام حجاب رسم ہے اور اس کا نام دنیا ہے بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ وہ ان ہی امور میں محو اور مستغرق ہو جاتے ہیں یہانتک کہ موت ان کو دبا لیتی ہے اور ان فضائل اور خوبیوں کا کمال چونکہ بدن کی بقا اور ثبات پر موقوف ہوتا ہے اس لئے مرنے کے بعد وہ سب کے سب زائل اور منقطع ہو جاتے ہیں نفس اب بالکل فضائل سے عاری ہو جاتا ہے کوئی خوبی اس میں نہیں رہتی اس کا حال باغ والے کا سا ہوتا ہے جس کو آندھی نے ایسا ویرانہ کر دیا ہو جیسے گرد کو تیز ہوا اندھیلے دن میں اڑا لے جاتی ہے اور اگر اس شخص میں ہوشیاری اور بیداری کی چوکی ہوتی ہے تو وہ کسی دلیل یقینی یا خطابی یا شریعت کی پیروی سے یقین کرتا ہے کہ اس کا کوئی پروردگار ہے تمام بندوں پر غالب ہے حق کے تمام ساز و سامان کا مدبر تمام نعمتوں کی بخشش کرنے والا اس کے بعد اس کے دل میں خدا کی جانب میلان اور محبت پیدا ہوتی ہے اس کے قرب کا وہ خواستگار ہوتا ہے اپنی عبادتوں کا اس سے طالب ہوتا ہے کہ قبلہ مقاصد سمجھتا ہے بعض ان میں سے ٹھیک راستے پر ہوتے ہیں اور بعض کو خطا ہو جاتی ہے خطا کے دو بڑے سبب ہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۲) یا مخلوق میں مخلوق کے اوصاف کا اعتقاد کرلے یا مخلوق میں صفاتِ الٰہی کو ثابت کرنے لگے پہلی حالت کا نام تشبیہ ہے اسکا منشا ہوتا ہے غائب کی حالت کو کسی حاضر پر قیاس کر لینا اور دوسری خطا خدا کی شان میں شرک کرنا ہے جب کوئی شخص مخلوقین میں خلافِ عادت امروں کو دیکھتا ہے تو اس کو گمان ہوتا ہے کہ ان کا تعلق انہیں کی ذات سے ہے بیان کے سورۃ اعراف میں تمام امورِ انسانی کا تجسس کر دیا ہے ایسے حالات بتائے گئے ہیں سبب بالا فادت سے پار گئے ہر ایک انسان کے لئے دو کسی قسم میں ہو ضرور ایسے اوقات ہوا کرتے ہیں جن میں وہ تھوڑے بہت قلبی حجاب میں ہو جاتا ہے اگرچہ وہ رسم کی عملی طور پر پابندی بھی کرتا ہو اور ایسے اوقات بھی ہوتے ہیں کہ وہ ان میں رسم کے پردے میں مستغرق رہتا ہے اور اہتمام کرتا ہے کہ قلاسے قوم کی گفتگو لباس اخلاق معاشرت میں مشابہت کرے۔

باب ۳۵

ان طریقوں کے بیان میں جس سے یہ حجاب دور ہو سکتے ہیں

حجاب طبع دور کرنے کے دو طریقہ ہیں (۱) اس حجاب کے دور کرنے کا اس پر علم کریں اس کو غیبت دلوں میں اس آلائش پیدا کی جائے کہ طبعی امور کو ترک کرے (۲) ان امور پر زور کوب کریں اور برضا یا بکراہ اس پر مداومت کی جائے پہلا طریقہ ریاضتوں سے حاصل ہوتا ہے جنسے بہیمی قوت کمزور ہو جاتی ہے۔ روزہ رکھا جائے بیداری اختیار کی جائے بعض لوگ ریاضتوں کو اتنا بڑھاتے ہیں کہ ان سے قدرتی امور کی تبدیلی ہو جاتی ہے مثلاً آلات تناسل کو قطع کر دیتے ہیں اور عمدہ اعضا شاد دست و پا کو خشک کر دیتے ہیں ایسے لوگ جاہل ہوتے ہیں توسط کی حالت بہت عمدہ ہوا کرتی ہے روزہ اور بیداری بھی ایک حد تک مباح ہے اس کو بھی بقدر ضرورت کرنا چاہیے۔

اور دوسرے طریقے کے لئے اس شخص کو ملامت کرنا چاہیے جس نے طبیعت کا اتباع کر کے صحیح راستہ کو ترک کر دیا ہو اس کو یہ طریقہ بتانا چاہئے جس کی وجہ سے وہ غلبہ طبیعت کے پنجہ سے چھوٹ سکے۔ لیکن لوگوں کو نہایت تنگ نہ کرنا چاہیے اور سب حالتوں میں صرف زبانی انکار پر بھی اکتفا نہ کرنا چاہیے بلکہ بعض حالتوں میں سخت بدنی یا مالی سزا بھی دینی چاہئے اور جن زیادتیوں میں کہ متعدی ضرر ہوتا ہے مثلاً زنا قتل ایسے سزا دینا اور بھی زیادہ مناسب ہے اور حجاب رسم سے بچنے کے دو طریقے ہیں اولاً ہر تدبیر نافع کے ساتھ ذکر الٰہی کو مقرون کرنا چاہیے ان لفظوں کو منتخب کرنا چاہیے جو ذکر الٰہی کے لئے قرار دیئے گئے ہیں ان کی محافظت نہایت اہتمام اور تحقیق سے کرنا چاہیے جو جاہ و منزلت کے لئے مرغوب ہوں ان دونوں تدبیروں سے سعی کرنے میں رفع ہو جاتی ہے اس عبادت میں سے نور کی تائید ہوتی ہے اور تعالیٰ امور کی طرف ان کا رخ ہو جاتا ہے اور دونوں قسم کے وسوسوں سے پیدا ہوتی ہے چونکہ پروردگار تمام بشری صفتوں سے بالکل منزہ ہے محسوسات اور مجسمات میں سے نہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کوئی شر اور زیان نہیں ہے اس واسطے بخوبی معرفت الٰہی اور شناخت خداوندی لوگوں کو نہیں ہو سکتی اس کی تدبیر یہی ہے کہ لوگوں کو خدا کی حقیقت اس عنوان سے سمجھانی چاہئے جو ان کے ذہن میں آسکے اصل حقیقت یہ ہے کہ کوئی شے ہو خواہ موجود یا معدوم انسان اس کو دو طرح پر معلوم کیا کرتا ہے، یا اس کی صورت کو اپنے سامنے پیش کرتا ہے یا کسی دیکھی مشابہت اور قیاس سے اس کو جان لیتا ہے جیسے کہ عدم[1] مطلق اور مجہول[2] مطلق کو بھی اس طرح سمجھتا ہے کہ پہلے وجود کے معنے جانتا ہے خیال کرتا ہے کہ عدم وجود سے موصوف نہیں ہوا کرتا اور اول جہل سے صیغہ مشتق مفعول کے معنے سمجھتا ہے پھر مطلق کا مفہوم کرتا ہے پھر ان امور کو باہم ایک دوسرے سے ملا کر ایسی صورت[3] ترکیبی درست کر لیتا ہے جس سے امر بسیط[4] کی حقیقت ظاہر ہو جاتی ہے جس کا خیال میں لانا مقصود ہوا کرتا ہے اور وہ نہ خارج میں ہوا کرتی ہے نہ ذہن میں ایسی ہے جب کسی مفہوم[5] نظری کا معلوم کرنا چاہتا ہے تو پہلے ایک ایسے معنے کو سوچتا ہے جس کے جنس ہونے کا خیال ہو سکتا ہے اور پھر ایسی مفہوم کو سوچتا ہے جس کو فصل خیال کرتا ہے ان دونوں کو ملا کر ان سے صورت ترکیبی پیدا کر لیتا ہے جس سے وہ چیز معلوم ہو جاتی ہے جس کا تصور کرنا مقصود ہے اس طرح پر لوگوں کو بتانا چاہئے کہ خدا موجود ہے زندہ ہے لیکن اس کا وجود اور زندہ ہونا ہمارا سا وجود اور ہمارا سا زندہ ہونا نہیں ہے بہر حال خدا کی ذات میں ایسی صفتوں کا لحاظ کرنا چاہئے جو موجود اور محسوس اشیا میں باعث خوبی اور تعریف سمجھی جاتی ہیں تین مفہوموں کا لحاظ رکھنا چاہئے جو ہماری نظر میں ہیں بعض چیزیں ہم ایسی دیکھتے ہیں کہ ان میں صفات مدح موجود ہیں اور ان میں ان صفات کے آثار بھی پیدا ہوتے ہیں اور بعض چیزوں میں نہ وہ صفات ہیں اور نہ ان کی شان سے ہیں کہ ان میں صفات پیدا ہوں اور بعض چیزوں میں صفات موجود تو نہیں ہیں لیکن وہ قابل صفات ہیں مثلاً زندہ اور مردہ اور جماد، تو اس قسم کی صفات خدا کو ثابت کرنا چاہئیں اثروں کے لحاظ سے پھر تشبیہ کا تدارک یوں کر دیا جائے کہ خدا میں اور ان میں کوئی مشابہت نہیں ہے دوسری وجہ نافہمی اور سوء معرفت کی یہ ہے کہ نہایت مزین اور حسی صورتیں پیش نظر ہوتی ہیں نہایت خوش لذیذ چیزیں سامنے ہوتی ہیں یہ حسی صورتیں علم اور خیال میں بھری رہتی ہیں اس لئے خدا کی جانب خالص توجہ نہیں ہوتی اس کی تدبیر یہ ہے کہ ریاضتیں کی جائیں ایسے اعمال کی پابندی کرنی چاہئے جن سے آدمی میں تجلیات عالیہ کی استعداد پیدا ہو جائے اگرچہ اس کا ظہور علم معاد میں ہی ہو، خلوتیں اور اعتکاف اختیار کرنا چاہئے بقدر امکان ان شغلوں کو دور کرنا چاہئے جیسے کہ آنحضرت صلعم نے پردہ نگارین کو پارہ کر دیا تھا اور ریشمی کپڑے کو دور کر دیا تھا جس میں بیل بوٹے تھے۔

---

[1] عدم مطلق ایک شے کا معنی نابود ہونا [2] ایسی چیز جس کا ہمیں کچھ بھی علم نہیں [3] وہ شے جو جزء نہ کلی اور نہ تقسیم بھی نہ ہو سکتی ہو [4] ایسی بات جس کو سننا یا فکر کرنے اور سوچنے کے نہ ہو سکے۔ (دیکھو صفحہ)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بحث پانچواں نیکی اور گناہ کی حقیقت میں

مقدمہ

نیکی اور گناہ کی حقیقت میں

پہلے ہم جزا اور سزا کے دلائل بیان کر چکے ہیں اس کے بعد فطری تدابیر نافع کا بیان کیا گیا کہ وہ لوگوں میں ہمیشہ بلا زوال قائم رہتی ہیں پھر سعادت اور اس کے حاصل کرنے کے طریقے بیان کئے گئے اب ہم نیکی اور گناہ کی تحقیق میں مشغول ہوتے ہیں وہ نیکی وہ عمل ہے جس کو آدمی اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے یا الہام الٰہی کے قبول کرنے میں ہمہ تن محو ہو جانے سے یا امر الٰہی میں فانی ہو جانے سے کرتا ہے یا ایسا عمل ہو جس کی جزا دنیا یا آخرت میں ملے یا ایسا عمل ہو جس سے تدابیر نافع کی اصلاح ہو جاوے جن پر نظام انسانی کی بنا ہے یا ایسا عمل ہو جس سے فرمان پذیری کا اظہار ہو اور حجابات دور کرنے کا ذریعہ ہو اور گناہ وہ عمل ہے جو شیطانی تحریک اور نافرمانی سے کیا جاوے یا جس کی سزا دنیا یا آخرت میں حاصل ہو یا اس سے تدابیر نافعہ میں خرابی اور ابتری پیدا ہو یا تمرد انہ ہو اور حجابات فطرت اس سے مستحکم ہو جائیں جیسے کہ نافع تدابیر کو آگاہ دل لوگوں نے مستنبط کیا ہے اور تمام لوگوں نے دلی شہادت سے ان کی پیروی کی ہے اور تمام روئے زمین کے رہنے والوں نے ان پر اتفاق کر لیا ہے ایسے ہی نیکی کے یہی طریقے ہیں جن کا الہام ان کے دلوں پر ہوا ہے جو ملکی روشنی سے موید کئے گئے ہیں ان پر حالت فطری غالب ہوتی ہے یہ الہامات ایسے ہی ہیں جیسے شہد کی مکھی کو ان امور کا الہام ہوا ہے جو اصلاح کے لئے مفید ہیں اسی واسطے ان لوگوں نے ایسے الہامی امور اختیار کر کے اور لوگوں کو ان کی رہنمائی کی اور ان کی طبیعتوں میں آمادگی پیدا کی لوگوں نے ان کی پیروی کی اور تمام مذاہب کے لوگوں نے ان پر اتفاق کیا حالانکہ ان کے وطنوں میں بعد تھا ان کے مذاہب مختلف تھے یہ اتفاق بمناسب فطری اور نوعی اقتضا سے ہوا ہے اور جب ان امور کے اصول سب کے نزدیک مسلم ہیں تو ان طریقوں کی صورتوں میں اختلاف کچھ مضر نہیں ہے اور نہ کچھ اس سے مضرت ہوتی ہے کہ لوگوں کا ناقص طبقہ اس کی تعمیل سے باز رہے اصحاب بصیرت اگر ان لوگوں کی حالت پر غور کریں گے۔ تو ان کو کبھی شک نہ ہوگا کہ خود ان کا مادہ ہی احکام صورت نوعیہ کی بجا آوری سے خالی ہوا کرتا ہے وہ لوگوں میں ایسی ہی ہوتے ہیں جیسے انسانی بدن میں عضو زائد جس کا علیحدہ ہو جانا اس کے بہتر ہونے سے زیادہ زیبا ہوتا ہے ان سنن اور قوانین الٰہیہ کے شایع ہونے کے بڑے بڑے اسباب اور پختہ تدابیر ہوتے ہیں ان کو وہ لوگ مستحکم کرتے ہیں جو بہ وحی الٰہی مؤید ہوتے ہیں صلوات اللہ علیہم انہوں نے لوگوں کی گردنوں پر جو بڑا احسان ثابت کیا ہے ہمارا قصد ہے کہ ان طریقوں کے اصول پر تنبیہ کریں جن پر عمدہ قوانین کے بانیوں اور بڑی بڑی جماعتوں نے اتفاق کیا ہے ان جماعتوں میں سے ہر ایک حصہ حکما ہے یونان اور رحماء طین اور روشن رائے حکما ہے عرب اور عجم یہود و مجوس و ہنود کا شامل ہے ہم یہی بیان

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرینگے کہ یہی طاقت جب ملکی قوت کے ملحق ہوجاتی ہے تو یہ اصول کیونکر اُس سے پیدا ہوتے ہیں اور یہی چند فوائد ذکر کرینگے جن کا ہم کو چند مرتبہ ذاتی تجربہ ہوا ہے اور عقل سلیم نے بھی اُن کا فیصلہ کیا ہے واللہ اعلم۔

باب ۳۷

توحید کے بیان میں

نیکی اور اقسام نیکی میں اصل الاصول اور نہایت عمدہ حصہ توحید ہے پروردگار عالم کے حضور میں نیاز و انکسار کا حاصل ہونا اُس کی توحید پر منحصر ہے اور یہ نیاز ہی سعادت جاذب اخلاق میں ایک بڑی چیز ہے یہ تدبیر علمی کی بنیاد ہے جو ان دونوں تدابیر مذکور میں زیادہ مفید ہے اسی کی وجہ سے آدمی کو غیب کی جانب کامل توجہ ہوتی ہے طہارت مقدس طریقے سے نفس میں غیب کے اتصال کی اسی کی وجہ سے استعداد حاصل ہوتی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کی عظمت پر تنبیہ کی ہے اور اُس کو تمام اقسام نیکی میں بمنزلہ دل کے قرار دیا ہے اگر وہ درست ہے تو سب نیکیاں درست ہیں اگر وہ فاسد ہے تو سب نیکیاں فاسد ہیں اور آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو شخص مرے اور خدا کے ساتھ کسی کو کسی امر میں شریک نہ کرتا ہو وہ بے شک جنت میں داخل ہوگا یا فرمایا ہے کہ اُس پر دوزخ کی آگ حرام یا وہ جنت سے سد کا جائیگا اور ایسے ہی ایسی عبادتیں وارد ہوئی ہیں اور خدا کی جانب سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص مجھ سے ملے اور روئے زمین کے برابر اُس کی خطائیں ہوں لیکن کسی امر میں خدا کا شریک کسی کو نہ کرتا ہو تو میں اتنی ہی اُسکی مغفرت کرونگا۔

معلوم کرنا چاہئے کہ توحید کے چار مرتبے ہیں (۱) صرف خدا تعالےٰ میں ہے صفت وجوب وجود کی ثابت کرنا کوئی دوسرا بجز اُس کے واجب نہ ہو (۲) صرف اُسی کی ذات کو عرش و کرسی آسمان و زمین اور تمام جوہروں کا خالق جاننا کتب الٰہیہ نے ان دونو مرتبوں سے کچھ بحث نہیں کی ہے مشرکین عرب اور یہود و نصاریٰ نے بھی اس توحید کی مخالفت نہیں کی قرآن عظیم میں صاف مذکور ہے کہ یہ دونوں مقدمات اُن سب کو مسلم تھے (۳) اسی سے آسمان و زمین اور تمام اُن چیزوں کا جو دونوں کے درمیان میں ہیں مدبر صرف ذات خداوند کو سمجھنا (۴) بجز خدا کے کوئی اور عبادت کا مستحق نہیں ہے، ان دونوں حصوں میں قدرتی تعلق اور ربط ہے اس لئے ایک دوسرے کو لازم ہے اور انہیں میں فرقوں نے اختلاف بھی کیا ہے مخالفین میں تین فرقے بڑے ہیں (۱) نجومی اُن کا مذہب ہے کہ ستارے پرستش کے مستحق ہیں اُن کی پرستش سے دنیاوی منفعت حاصل ہوتی ہے اپنی حاجتوں کو اُن کے سامنے پیش کرنا چاہیے وہ قائل ہیں کہ ہم کو خوب ثابت ہوگیا ہے کہ روزانہ حوادث میں ستاروں کا بڑا اثر ہے ان کو آدمی کی خوش نصیبی اور سخت بختی اور مرض میں بڑا دخل ہے ستاروں کے نفوس مجردہ اور ملائکہ ہیں وہی انکو ان حرکتوں پر آمادہ کرتے ہیں وہ اپنے پوجاریوں سے بے خبر نہیں ہیں اس لئے نجومیوں نے ستاروں کے نام پر مورتیں بنالی ہیں انہیں کو وہ پوجتے ہیں، اور مشرکوں کا وہ فرقہ مسلمانوں کے ساتھ اس امر میں موافق ہے کہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بڑے بڑے امور کی تدبیر اور قطعی حکم کرنے کا منصب تو خدا ہی کو ہے اُس نے کسی کو اختیار نہیں دیا ہے لیکن وہ
باقی امور میں مسلمانوں کے موافق نہیں ہیں اُن کا مذہب ہے کہ پہلے صلحا نے جو خدا کی خوب عبادت کی ہے اس
سے وہ بارگاہِ الٰہی میں مقرب ہو گئے ہیں خدا نے الوہیت کا مرتبہ اُن کو عطا کر دیا ہے اس واسطے وہ بہ نسبت اور
مخلوقات کے پرستش کے مستحق ہو گئے ہیں جیسے کہ کوئی شخص کسی شہنشاہ کی نہایت مذمت کرتا ہے تب شہنشاہ
اس کو ملکی خلعت عطا کر کے کسی شہر کی حکومت اور انتظام اُس کے متعلق کر دیتا ہے اس لئے وہ مستحق ہو جاتا ہے کہ اُس
شہر کے لوگ اُس کی خدمت اور اطاعت کریں۔ مشرکین کا قول ہے کہ بغیر اُس کی پرستش شامل کئے عبادت
مقبول نہیں ہوتی بلکہ خدا کا رتبہ نہایت بلند ہے اُس کی عبادت سے تقرب الٰہی حاصل نہیں ہوتا البتہ اُن لوگوں
کی پرستش ضرور ہے تاکہ یہ قرب الٰہی کے لئے ذریعہ بن جائیں۔ مشرکین یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ لوگ سنتے ہیں دیکھتے
ہیں اپنے پوجاریوں کی شفاعت کرتے ہیں اُن کے امور کا سازوسامان کرتے ہیں اُن کے معاون رہتے ہیں اسی
لئے مشرکین نے اُن کے نام کی پتھر تراش لئے ہیں جب وہ ان لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے ہیں تو اُن پتھروں کو اپنی
توجہ کا قبلہ کرتے ہیں۔ ان مشرکین کے بعد اور لوگ پیدا ہوئے انہوں نے ان پتھروں میں اور اُن لوگوں میں جن کے
لئے پتھر تراش کئے گئے کوئی فرق نہیں کیا اور خود انہیں پتھروں کو اصلی معبود قرار دے لیا اسی وجہ سے خدا تعالےٰ
نے مشرکین کے رد میں تنبیہ فرمائی کہ حکومت اور قدرت صرف خدا ہی کا خاصہ ہے اور کبھی بیان فرمایا کہ یہ
محض جمادات ہیں الھم ارجل یمشون بہا ام لھم ایدٍ یبطشون بہا ام لھم اعین یبصرون بہا ام لھم آذان یسمعون بہا (کیا اُنکے
پاؤں ہیں جن کے بل پر وہ چلتے ہیں یا ہاتھ ہیں جن سے وہ کچھ پکڑ سکتے ہیں یا اُن کی آنکھیں ہیں جنسے دیکھ سکیں
یا کان ہیں جن سے کچھ سن سکیں) اور فرقہ نصاریٰ کا مذہب ہے کہ حضرت عیسےٰ کو خداوند سے نہایت قرب ہے
اور تمام مخلوق سے اُن کا رتبہ زیادہ ہے اسلئے مناسب نہیں ہے کہ ہم اُن کو بندہ کہیں یہ اُن کی شان میں
سوءِ ادبی ہے اور اس قرب کا لحاظ ترک کر دینا ہے جو اُن کو خدا سے حاصل ہے اسلئے بعض نصاریٰ نے اس خصوصیت
کے اظہار کے لئے اُن کا نام ابن اللہ رکھتے ہیں چونکہ باپ بیٹے پر مہربانی کرتا ہے اور اپنی نظر کے سامنے اسکی تربیت
کیا کرتا ہے اُس کا درجہ غلام سے زیادہ ہوا کرتا ہے اسواسطے یہ نام مناسب ہے۔ اور بعض نصاریٰ نے
حضرت عیسےٰ کا نام خدا ہی رکھ دیا ہے اس خیال سے کہ خدا نے اُن میں حلول کیا ہے اسی لئے اُن سے ایسے
ایسے آثار صادر ہوئے کہ آدمیوں سے وہ صادر نہیں ہوا کرتے مُردوں کو انہوں نے زندہ کیا پرندوں کو پیدا کیا
اسلئے حضرت کا کلام بعینہٖ کلام الٰہی ہے اور اُن کی عبادت بالکل خدا کی عبادت ہے اور نصاریٰ جب بعد کو پیدا
ہوئے تو اس نام رکھنے کی وجہ کو انہوں نے کچھ نہ سمجھا اور وہ بیٹے کے لفظ سے حقیقی ہی معنے کے بیٹے سمجھے یا
یا ان کو من جمیع الوجوہ واجب خیال کیا اسواسطے خدا تعالےٰ نے کبھی اُن کے اقوال کو اسطرح رد کیا کہ خدا کے پاس
بیوی نہیں اور کبھی اسطرح تردید فرمائی کہ انہ بدیع السموات والارض انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون (خدا
آسمانوں اور زمین کا از سرِ نو پیدا کرنے والا ہے اُس کی شان ہے کہ جب وہ کسی شے کے پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تو کید بتا ہے ہو جاوہ فوراً ہو جاتی ہے، ان تینوں فرقوں کے بڑے لمبے چوڑے دعوے ہیں ان میں کثرت فرعونت اور بیہودہ پن بھرا ہوا ہے مناقشی پر وہ مخفی نہیں ہیں قرآن عظیم نے ان دونوں مرتبوں کو خوب بیان کیا ہے اور کافروں کے شبہات کا بالاستیعاب رد کیا ہے۔

باب ۳۸

حقیقت شرک کے بیان میں

معلوم کرنا چاہئے کہ عبادت کے معنے ہیں نہایت درجہ کی عاجزی جب کسی سے ایسے نہایت درجہ کی ذلت اور عاجزی ظاہر ہوگی تو اس کی دو صورتیں ہیں یا صوری مثلاً ایک شخص کا کھڑا ہونا ایک کا سجدہ کرنا یا قصد اور نیت سے ہوتی ہے مثلاً سجدہ سے بندوں کی اپنے مولے کے لئے تعظیم کرنا اور قیام سے رعیت کی بادشاہوں کے لئے یا شاگردوں کی استاد کے لئے تعظیم کرنا اور کوئی تیسری صورت تعظیم کی نہیں ہے اور جب ثابت ہو چکا ہے کہ سجدہ سے فرشتوں نے حضرت آدمؑ کے اور حضرت یوسفؑ کے بھائیوں نے حضرت یوسفؑ کی تعظیم کی تھی حالانکہ سجدہ سے زیادہ اور کوئی تعظیم نہیں ہے تو ضرور ہوا کہ نیت سے ہی فرق کیا جائے لیکن ابھی تک پوری تنقیح نہیں ہوئی اسلئے کہ مولا کے لفظ کے کئی معنے مستعمل ہوتے ہیں اور یہاں اس سے مراد معبود کی ذات ہے تو وہ گویا عبادت کے تعریف میں ماخوذ ہے پس اس کے متعلق یوں تنقیح کی جائیگی کہ ذلت و خواری کا تقاضے ذلیل ہیں ناتوانی اور ضعف کا لحاظ کرنا اور دوسری میں قوت اور غلبہ کا خیال کرنا ذلیل کی حالت میں ذلت اور پستی اور دوسری میں شرف اور رفعت کو ملحوظ رکھنا اور آدمی جب تخلی بالطبع ہو جائے تو اسکو معلوم ہوگا کہ وہ قوت شرف مسخر کرنے وغیرہ امور کے لئے دو قسم پر اندازہ کرتا ہے ایک اپنی ذات کے لئے اور اس کے لئے جو ذاتی امور ہیں اس سے تعلق ہو اور ایک اور ذات کے لئے جو حدوث و امکان کے داغ سے بالکل پاک ہے دوسرے ان لوگوں کے لئے جن میں ایسی پلید ترین ذات کی بعض خصوصیتیں منتقل ہوتی ہیں مثلاً وہ امور غیبیہ کے معلوم کرنے کے لئے دو وجہ قرار دیتا ہے ایک وہ درجہ جو غور و فکر یا مقدمات کے ترتیب دینے یا بقوت حدث یا خواب یا ان چیزوں سے الہام کو اخذ کرنا جن کے مخالف اپنے آپ کو بالکلیہ نہیں پاتا ہے دوسرے ذاتی علم جو علم کی ذات کا ہے مقتضا ہو دوسرے سے وہ اس کو حاصل نہ کرے اور تحصیل کی محنت کا بار نہ برداشت کرے ایسے ہی تاثیر تدبیر تغییر کے لئے کوئی سامان ہو دو درجے سمجھتا ہے ایک تو اعضا اور قوا کا استعمال کرنا مزاجی کیفیات حرارت برودت وغیرہ سے اعانت لینا یا اور امور جن کی استعداد قریب یا بعید اس میں موجود ہے دوسری تاثیر کا درجہ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ بغیر کسی کیفیت بنانے اور بغیر کسی امر کے استعمال کئے کسی شے کو پیدا کر دینا جس کو خدا فرماتا ہے انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون جب وہ کسی شے کا ارادہ کرتا ہے تو کہدیتا ہے ہو جاوہ ہو جاتی ہے اور ایسے ہی دو عزت اور شرف کے دو درجے قرار دیتا ہے ایک ایسی عظمت جیسے کہ بادشاہ کی رعیت کے مقابلے میں ہوتی ہے جس کی انتہا معاونین کی کثرت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انعامات واد و دہش کا زیادہ ہونا ہے یا جیسے کسی بڑے توانا اور استاد کی عظمت دوسرے ضعیف القوی اور شاگرد کے مقابلے میں ہوتی ہے اور دوسرا درجہ عظمت کا وہ ہے کہ وہ صرف اس میں ہو جس کی رفعت و شان نہایت اعلیٰ درجے کی ہو اس راز کو مستعدی سے تلاش کرنا چاہئے تاکہ تجھکو یقین ہو جائے کہ جو شخص اس کا معترف ہے کہ یہ تمام امکانی سلسلہ ذات واجبی پر ختم ہو جاتا ہے دوسرے کی پھر کچھ حاجت نہیں رہتی اس کو ان صفات قابل مدح کے دو درجہ قرار دینے پڑینگے ایک وہ درجہ ذات خداوندی کے لایق ہو دوسرے جو اپنی حالت اور شان کے مناسب ہے ۔

اور چونکہ الفاظ جو دونوں میں استعمال کئے جاتے ہیں باہم معنے کے لحاظ سے بہت قریب قریب ہوا کرتے ہیں اس لئے لوگ شرایع الہیہ کے لئے موقع معنے لگا لیا کرتے ہیں اور اکثر بعض آدمیوں یا مرشتوں وغیرہ کے لیے ایسے ایسے افعال آدمی کو معلوم ہوتے ہیں جن کا صادر ہونا ان کی بنائے جنس سے مستبعد ہوا کرتا ہے اسلئے ان کی نظر میں حالت مشتبہ ہو جایا کرتی ہے اور ان کے لئے وہ قدسی مرتبہ اور الٰہی تاثیر ثابت کرتا ہے لوگ درجہ بلند کی شناخت میں برابر نہیں ہوتی بعض لوگ ان انوار کی قوتوں کا احاطہ کر لیا کرتے ہیں جن کے اثر تمام موالید پر غالب اور محیط ہوتے ہیں لیکن یہ شخص ان طاقتوں کو اپنی طاقت جیسے سمجھتے ہیں اور بعضوں کو ایسے احاطہ کرنے کی طاقت نہیں ہوا کرتی ہر انسان کو اسقدر تکلیف دی گئی ہے جتنی اس سے ممکن ہے اس حکایت کے یہی معنے ہیں جس کو کہ سراپا صداقت حضرت صلعم نے بیان فرمایا کہ خدا نے اس شخص کو نجات دی تھی جس نے اپنے اہل کو حکم دیا تھا کہ مجھکو جلا دینا اور میرے خاکستر کو ہوا میں اڑا دینا اس کو خوف تھا کہ مبادا خدا مجھکو پھر زندہ کرے اور مجھ پر قابو پائے اس شخص کو یہ یقین تھا کہ خدا میں کامل درجے کی قدرت ہے لیکن اس کو قدرت ان ہی چیزوں میں ہے جو کہ ممکن ہیں ممتنع چیزوں پر اس کو قدرت نہیں ہے وہ جانتا تھا کہ اس خاکستر کا جمع کرنا ناممکن ہے جو پراگندہ ہو کر اس کا نصف حصہ خشکی میں ہو اور نصف دریا میں اس سے خدا کی ذات میں نقص پیدا نہیں ہوا جتنا اس کا علم تھا اتنا ہی وہ اخذ ہو گا لیکن کافروں میں اس کا شمار نہ ہو گا تو تشبیہ اور ستاروں اور نیک بندوں کے ساتھ شرک کرنا جن سے خلاف عادت امور سا نند مکاشفہ اور قبولیت دعا کی ظاہر ہوتی رہتے ہیں لوگوں میں مروجی ہو گیا ہے اور جو نبی اپنی قوم میں بھیجا جاتا ہے اس کو فرض ہے کہ لوگوں کو شرک کی حقیقت خوب سمجھا دیوے اور دونوں درجوں کی حقیقت ممیز کر کے مقدس درجہ کو صرف واجب تعالےٰ ہی میں مانے اگرچہ دونو درجوں کے الفاظ قریب المعنے ہوں جیسے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک طبیب سے فرمایا کہ تو صرف رفیق ہے اور طبیب حقیقت میں خدا ہی ہے اور جیسے کہ آپ نے فرمایا کہ سردار صرف خدا ہی ہے ان حدیثوں میں طبیب اور سردار کے خاص معنے لئے ہیں اس کے بعد جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے حواری اور صحابہ اور ان کے حاملین دین کا زمانہ ختم ہو گیا ان کے بعد ایسے ناشدنے لوگ پیدا ہوئے جنہوں نے نماز ذکوٰۃ ضائع کر دیا اور خواہشوں کی پیروی کی اور مشتبہ الفاظ کے بیجا معنے بنا لئے جیسے کہ محبوبیت اور شفاعت کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خدا نے تمام شریعتوں میں بندگان خاص کے لئے ثابت کیا ہے لیکن لوگ اُس کے بجائے مفید مراد نہیں لیتے اور ایسے ہی خلاف عادت اور مکاشفات سے وہ لوگ یہ مراد لیتے ہیں کہ علم الٰہی اور غلبۂ الٰہی کی حالت اُس شخص میں منتقل ہو آئی ہے جو ایسے ایسے کام کرتا ہے حالانکہ یہ امور ناسوتی یا روحانی طاقتوں سے تعلق رکھتے ہیں جن میں ایک خاص وجہ سے تدبیر الٰہی کے نازل ہونے کی استعداد آجاتی ہے اُن امور کو ایجاد الٰہی اور اُن امور سے کوئی لگاؤ نہیں ہوتا جو واجب تعالےٰ کے لئے خاص ہیں اس مرض میں لوگ کئی طرح سے گرفتار ہوتے ہیں بعضے خدا کی بزرگی کو بالکل بھول جاتے ہیں اور صرف شرکاء کی ہی عبادت کرتے ہیں اپنی حاجتوں کو انہیں سے مانگتے ہیں خدا کی طرف بالکل متوجہ نہیں ہوتے اگرچہ یقینی دلیل سے یقین کرتے ہیں کہ سلسلہ وجود خدا پر ہی ختم ہوتا ہے اور بعض لوگوں کا اعتقاد ہوتا ہے کہ سردار اور مدبر تو خدا ہی ہے لیکن وہ کبھی کبھی اپنے بعض بندوں کو بزرگی اور محبوبیت کا خلعت پہنا دیتا ہے اور بعض خاص کاموں کا اُن کو اختیار ملجاتا ہے وہ اُن کی سفارش کو قبول کرتا ہے جیسے کوئی شہنشاہ کسی حصہ ملکی پر کسی بادشاہ کو بھیجتا ہے اور وہ بجز بڑے بڑے کاموں کے اُس ملک کی پوری تدبیر اُس کے سپرد کر دیتا ہے اس وجہ سے ایسے شخص کے حق میں ان لوگوں کو بندگان خدا کہنے کی جرأت نہیں ہوا کرتی کہیں وہ اوروں کے برابر نہ ہو جائیں وہ بجائے اس نام کے اُن کو ابن اللہ اور محبوب الٰہی کہتے ہیں اور اپنے آپ کو ان کا غلام سمجھتے ہیں وہ اپنا نام عبدالمسیح یا عبدالعزیٰ رکھتے ہیں عام یہود اور نصاریٰ اور مشرکین کو یہ مرض ہوتا ہے اور فی زمانہ اسلام میں بھی بعض ایسے غالی منافق موجود ہیں اور چونکہ شریعت کی بنا اس پر ہوا کرتی ہے کہ شبہ کی چیز کو بجائے اصل کے قرار دیں اس لئے وہ محسوس امور جن میں شرک کا گمان تھا کفر شمار کئے گئے جیسے بتوں کا سجدہ کرنا اُن کے لئے قربانی کرنا اُن کے نام پر حلف کرنا اور ایسے ہی اور امور اول اول مجھ پر یہ علم اس طرح منکشف ہوا کہ میرے سامنے ایسی ایک قوم پیش کی گئی جو ایک چھوٹی سی زہریلی مکس کے لئے سجدہ کرتی تھی جو ہمیشہ اپنی دم اور اگلے پاؤں ہلاتی رہتی تھی تو میرے دل میں القا ہوا کہ کیا تو ان میں بھی شرک کی تاریکی پاتا ہے اور جیسی خطا اور بُرہ کاری نے بت پرستوں کو گھیر لیا ہے ایسے ہی ان مکس پرستوں کو بھی گھیر لیا ہے میں نے کہا کہ ان لوگوں نے مکسی کو اپنا قبلہ قرار دیا ہے لیکن قلت کے درجہ کو عزت کے درجہ سے نہیں ملایا ہے اسواسطے میں ان لوگوں میں شرک کی تاریکی نہیں پاتا مجھ سے کہا گیا کہ تجھے اصلی راز کی رہبری ہو گئی ہے اُس روز سے میرا اول علم توحید سے لبریز ہو گیا اور اسمیں مجھ کو بصیرت حاصل ہو گئی اور توحید و شرک اور اُن چیزوں کی حقیقت جن کو شرع نے توحید و شرک کا موقع قرار دیا ہے بخوبی مجھ کو معلوم ہو گئی ہے اور تدبیر کے ساتھ عبادت کے تعلق کو میں خوب سمجھ گیا واللہ اعلم۔

باب ۳۹
شرک کے اقسام میں

شرک کی حقیقت یہ ہے کہ ایک بڑے بزرگ شخص کی نسبت کسی کا یہ اعتقاد ہو کہ عجیب عجیب اثر اُس سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صادر ہوتے ہیں وہ اسی لئے صادر ہوتے ہیں کہ اُن میں ایسی کمالی صفت حاصل ہوگئی ہے جو اُس کے ابناء جنس میں معمولی طور پر نہیں ہوسکتی بلکہ صرف واجب تعالےٰ ہی میں پائی جاسکتی ہے دوسرے کسی شخص میں اسکا جب ہی امکان ہے کہ خدا تعالےٰ الوہیت کا خلعت اُس کو پہنا دے اور اُس کو خدا اپنی ذات میں ملالے یا ایسا ہی بیہودہ گمان کوئی اور ہو جس کا مشرکین اعتقاد کیا کرتے ہیں حدیث میں آیا ہے کہ مشرکین تلبیہ (لبیک کہنا) اس طرح پر کیا کرتے تھے لاشریک لک الا شریکا ہو لک تملکہ وما ملک (ہم حاضر ہیں ہم حضور میں ہیں تیرا کوئی شریک نہیں ہے ہاں وہ شریک جس کا تو مالک ہے اور جس کی تمام ملکیت کا تو مالک ہے) اسی لئے اُس شخص معبود کی نسبت کمال ذلت اور عاجزی کا اظہار کیا جاتا ہے اور اُس سے ویسا ہی معاملہ کیا جاتا ہے جیسا کہ کوئی بندہ اپنے خدا کے ساتھ شرک کے قصد سے کرتا ہے اور اس قسم کے معاملات کی مختلف صورتیں اور تقالب ہوا کرتے ہیں شریعت کو صرف انہیں صورتوں سے بحث ہوتی ہے جن کو لوگ عمل میں لاتے ہیں اور ان امور میں شرک کا احتمال ہوتا ہے اور عادت وہ شرک کو لازم ہوا کرتی ہیں ایسے ہی شرع کی عادت اور روش یہ ہے کہ بجائے مصالح اور مفاسد کے وہ ان کے اسباب و علل کو قرار دیتی ہے ہم ان امور پر متنبہ کرتے ہیں جن کو شریعت محمدیہ نے (علےٰ صاحبہا الصلوات والتسلیمات) شرک کے مواقع بتا کر ان امور کو منع کیا ہے ان میں سے یہ ہے کہ مشرکین بتوں اور ستاروں کو سجدہ کیا کرتے تھے اسی لئے غیر خدا کے سجدہ کو منع فرمایا خدا تعالےٰ فرماتا ہے لا تسجدوا للشمس ولا للقمر واسجدوا للہ الذی خلقھن (آفتاب اور چاند کو سجدہ نہ کرو بلکہ ان کے خالق کو سجدہ کرو) اور سجدہ کرنے میں شرک کرنے کو ضرور اور لازم ہے کہ تدبیر میں بھی شرک ہوگا اس کی طرف ہم اشارہ کر چکے ہیں اور ایسا نہیں ہے جیسے متکلمین کا گمان ہے کہ توحید عبادت احکام الٰہیہ میں سے ایک حکم ہے اور یہ حکم مذہبوں کے اختلاف سے مختلف ہوا کرتا ہے اس کے لئے دلیل یقینی کی ضرورت نہیں ہے یہ تقریر درست نہیں اگر یہی ہوتا تو خدا مشرکین کو الزام کیوں دیتا کہ وہ پیدا کرنے اور تدبیر کرنے میں یگانہ ہے خدا فرماتا ہے قل الحمد للہ وسلام علےٰ عبادہ الذین اصطفےٰ آللہ خیر اما یشرکون (کہہ الحمد للہ اور مقبول لوگوں پر سلام ہے کیا خدا بہتر ہے) اخیر پانچ آیتوں تک بلکہ یہی حق ہے کہ مشرکین مقر تھے کہ بڑے بڑے امور کی تدبیر اور خلق خدا ہی کی صفت ہے اور یہ تسلیم کرتے تھے کہ عبادت ان دونوں صفتوں کو لازم ہے توحید کے معنے میں ہم اس کی طرف اشارہ کر چکے ہیں اسی واسطے خدا تعالےٰ نے ان کو الزام دیا و لہذا الحجۃ البالغۃ اور انہیں امور شرکیہ میں سے یہ تھا کہ مشرکین اپنے اغراض کے لئے غیر خدا سے امداد طلب کیا کرتے تھے بیمار کی شفا اور فقیروں کی تونگری کو ان سے طلب کرتے تھے ان کے لئے نذریں مانتے تھے ان نذروں سے ان کو حل مطالب کی امید ہوا کرتی تھی تبرکاً ان کے نام چپا کرتے تھے اسی واسطے خدا تعالےٰ نے لوگوں پر واجب کیا کہ نمازوں میں ایاک نعبد وایاک نستعین (ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے یاوری کے خواہاں ہیں) پڑھا کریں اور خدا نے فرمایا ولا تدعوا مع اللہ احدا (خدا کے ساتھ دوسرے کو مت پکارا کرو) اور دعا کے معنے عبادت کے نہیں ہیں جیسے بعض مفسرین کا قول ہے بلکہ استغاثہ کے ہیں خدا دوسری جگہ فرماتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بل ایاہ تدعون فیکشف ما تدعون (خدا ہی سے مدد طلب کرو تاکہ وہ حاجت پوری ہو جائے جس میں تم مدد کے خواہاں ہو) انہیں امور سے یہ مشرکین بعض شرکا سے الٰہی کا نام نبات اللہ یا انباء اللہ رکھتے تھے نہایت سخت درجہ کے تشدد سے وہ اپنے افعال سے روکے گئے پہلے ہم اس کا زبیان کر چکے ہیں اور نیز امور شرکیہ میں سے یہ بھی تھا کہ انہوں نے اپنے علما اور زاہدوں کو بجز خدا کے اپنا حاکم اور پروردگار بنا رکھا تھا ان کا اعتقاد تھا کہ جس چیز کو یہ لوگ حلال کر دیتے ہیں وہ حلال ہو جاتی ہے نفس الامر میں اس میں کوئی مضایقہ نہیں ہوتا اور جس چیز کو وہ حرام کر دیتے ہیں وہ واقع میں مواخذے کے قابل ہوا کرتی ہے اور جب آیہ (اتخذوا احبارہم ورہبانہم ارباباً من دون اللہ) کافروں نے علما اور زاہدوں کو دوسرا خدا بنا رکھا ہے) نازل ہوئے تو عدی بن حاتم رضی نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے اس کے معنے دریافت کئے آپ نے فرمایا کہ جن چیزوں کو وہ حلال کر دیا کرتے تھے ان کو لوگ حلال سمجھنے لگتے تھے اور جن چیزوں کو حرام بناتے تھے ان کو لوگ حرام ہی سمجھتے تھے اس کا یہ راز ہے کہ تحلیل اور تحریم کا موجود کرنا ملکوت میں جاری ہوا کرتا ہے کہ فلاں شے مواخذہ کے قابل ہے اور فلاں قابل مواخذہ نہیں ہے اس طرح پر موجود کرنا موخذہ اور ترک مواخذہ کا سبب ہوا کرتا ہے اور یہ بجز خدا کے کسی دوسرے کی صفت نہیں ہو سکتی تحلیل اور تحریم کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اس واسطے کیا کرتے ہیں کہ آپ کا فرمانا قطعی قرینہ ہوتا ہے کہ یہ خدا ہی نے حرام یا حلال کیا اور امت محمدیہ کے مجتہدین کی طرف ان کی اس واسطے نسبت کرتے ہیں کہ انہوں نے نص شارع سے اس کو نقل کر دیا ہے یا شارع کے کلام سے اس کو مستنبط کیا ہے۔ معلوم کرنا چاہیے کہ جب خدا تعالیٰ کسی پیغمبر کو مبعوث کرتا ہے اور اس کی رسالت معجزات سے ثابت ہو جاتی ہے اور اس کی زبان سے بعض امور کا حلال و حرام ہونا معلوم ہو جاتا ہے تاہم بعض لوگوں کو اس خیال سے کہ اس کے مذہب میں کوئی چیز حرام تھی اس کے کرنے میں کشیدگی سی رہا کرتی ہے یہ توقف دو طرح پر ہوتا ہے اگر اس کو اس شریعت کے ثبوت ہی میں کلام ہے تب تو وہ کافر ہے اور اگر اس کا یہ اعتقاد ہے کہ پہلی تحریم منسوخیت کے قابل ہی نہ تھی خدا نے اپنے بندے کو الوہیت کا خلعت پہنا دیا تھا وہ فانی فی اللہ اور باقی باللہ تھا کسی امر سے اس کا منع کرنا یا کسی امر کو اس کا مکروہ خیال کرنا مالی یا جانی نقصان کا باعث ہے ایسا شخص مشرک ہے وہ گویا خدا کے لئے غصہ اور ناخوشی تحلیل اور تحریم الٰہی کا ثابت کرتا ہے اور غیر محدود حدیثوں میں وارد ہوا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اکثر صحابہ کے نام بدل دئے تھے جن کا نام عبد العزیٰ اور عبد الشمس تھا ان کا نام عبد اللہ اور عبد الرحمن وغیرہ رکھ دیا تھا یہ سب مذکورہ بالا امور شرک کے قالب تھے اسواسطے شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان سب سے لوگوں کو روک دیا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب ۴۰
خدا تعالےٰ کے صفات پر ایمان لانے کے بیان میں

نیکی کے تمام قسموں سے سب سے زیادہ پر عظمت قسم خدا تعالےٰ کی صفات پر ایمان لانا اُن کے ساتھ خدا کے متصف ہونے کا اعتقاد کرنا ہے اس کی وجہ سے بندے اور خدا تعالےٰ کی ذات میں تعلق کا دروازہ مفتوح ہوجاتا ہے اور خدا تعالےٰ کی بزرگی اور کبریائی کے منکشف ہونے کا ذریعہ نکل آتا ہے معلوم کرنا چاہئے کہ خدا کا مرتبہ اس سے بلند ہے کہ کسی عقلی یا حسی چیز پر اُس کو قیاس کرسکیں یا اُس میں صفات ایسے حلول کریں جیسے اپنے اپنے محل میں اعراض حلول کرتے ہیں یا عام عقلیں اُن کا اندازہ کرسکیں یا معمولی لفظ اُن کو ادا کرسکیں لیکن ہم کو اُن صفات کی رہبری بھی ضرور ہے تاکہ حتے الامکان وہ اپنے کمال کو پورا کرسکیں اس لئے ضرور ہے کہ صفات کا جب استعمال کیا جائے تو اُن سے نتیجے اور غایتیں مراد لیجائیں نہ اُن کی ابتدائی حالتیں مثلاً رحمت کے معنے سے نعمتوں کے ذریعہ سے فیض پہنچانا مراد ہو نہ دل کا میلان اور نرمی اور ایسے لفظ اوصاف کے بیان کرنے کے لئے مستعار لئے جائیں جن سے خدا کا مالک اور قابض ہونا معلوم ہو جیسے کہ بادشاہ اپنے شہر پر قابض ہوتا ہے اس لئے کہ تمام موجودات خدا تعالےٰ کے قبضے میں ہیں اس غرض کے لئے کوئی اور عبارت زیادہ خوش اور انہیں ہے اور تشبیہات کا اس طرح استعمال ہو کہ اُن کے اصلی معنے مراد نہ ہوں بلکہ ایسے معنے مقصود ہوں جو عرفاً اصلی معنے کے مناسب ہوں مثلاً ہاتھ کی کشایش سے جود و فیاضی مراد ہو اور تشبیہ کے بیان میں یہ لحاظ رہے کہ مخاطبین کو یہی آلودگیوں کا خدا کی ذات میں ہونے کا صریح شبہ معلوم ہو اس میں مخاطبین کی حالت مختلف ہوجاتی ہے اس لئے یوں کہنا چاہئے کہ خدا سنتا ہے دیکھتا ہے یہ نہیں کہنا چاہئے کہ وہ چکھتا ہے یا چھوتا ہے اور چند معانی کا جب ایک ہی اثر ہو تو اُن کی فیض رسانی کو ایک ہی نام سے تعبیر کریں جیسے کہیں رزاق یا مصور اور اُن اوصاف کی خدا سے نفی کی جائے جو اُس کی شان کے شایان نہ ہوں خصوصاً وہ اوصاف جن کو کافر بیان کیا کرتے ہیں مثلاً خدا کے کوئی فرزند نہیں اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا ہے تمام آسمانی مذاہب نے اتفاق کیا ہے کہ خدا کی صفات اس طرح بیان کی جائیں ان عبارتوں کا استعمال ہو رہا ہے اور استعمال سے زیادہ اُن کی بحث و تفتیش نہ کی جائے جن زمانوں کی خوبی اور بہتری کی شہادت دی گئی ہے وہ اسی حالت پر گذر گئے لیکن اُن کے بعد مسلمانوں کے ایک فرقے نے اُن مباحث اور تحقیق معانی میں زیادہ خوض کیا لیکن اُس کے متعلق نہ کوئی نص تھی نہ دلیل قطعی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مخلوق میں غور کرو اور خالق میں مت غور کرو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے آیت وان الےٰ ربک المنتہےٰ میں فرمایا کہ پروردگار کی ذات میں غور کرنا بجا نہیں ہے اور صفات چونکہ مخلوق اور ناپیدا نہیں ہیں تو اُن میں غور کرنے کے معنے یہی ہیں کہ خدا میں صفتیں کیونکر حاصل ہوگئیں تو گویا اُن میں غور کرنا خالق ہی میں غور کرنا ہوگیا ترمذی نے حدیث ید اللہ ملائی (خدا کا ہاتھ بھرا ہوا ہے) کے متعلق

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیان کیا ہے کہ اصحاب حدیث نے اس حدیث کی نسبت بیان کیا ہے کہ جس طرح یہ حدیث وارد ہے ویسے ہی ہم اس پر ایمان لاتے ہیں نہ اس کی ہم کچھ تفسیر کرتے ہیں نہ اس میں کسی اور امر کا خیال کرتے ہیں اکثر ائمہ کا قول یہی ہے ان میں حضرت سفیان ثوری۔ مالک بن انس۔ ابن عیینہ اور عبداللہ ابن مبارک بھی ہیں یہ سب کہتے ہیں کہ یہ اور روایت سے ثابت ہیں ہمارا ان پر ایمان ہے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ایسا کیونکر ہے اور دوسرے موقع پر ترمذی ہی نے کہا ہے کہ ان صفات کو جیسا کا تیسا رکھنا تشبیہ نہیں ہے تشبیہ جب ہی کہا جائے کہ خدا کی صفت شنوائی اور بینائی ایسی ہو جیسی ہماری شنوائی اور بینائی حافظ ابن حجر نے بیان کیا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم یا کسی صحابی سے صحیح طریقہ سے کوئی ایسا امر منقول نہیں ہے کہ جس سے اس کی صاف توضیح ہو سکے کہ متشابہات میں تاویل کرنا ضروری ہے یا تاویل بیان کرنا بالکل منع ہے یہ امر محال ہے کہ خدا تعالےٰ ان چیزوں کی تبلیغ کا حکم دے جو خدا کی جانب سے لوگوں پر نازل ہوئیں اور اکمالت لکم دینکم بھی ان پر نازل ہوا پھر بھی متشابہات کا کچھ ذکر نہ کیا جائے اور اس کی کچھ تمیز نہ ہو کہ خدا کی جانب کسی امر کو منسوب کر سکتے ہیں اور کس کو منسوب نہیں کر سکتے حالانکہ آنحضرت ہمیشہ لوگوں کو آمادہ کیا کرتے تھے کہ احادیث کو نقل کرتے ہیں اور فرماتے رہے کہ حاضر شخص غایب کو سب حالات کی خبر دے دے تھے کہ لوگوں نے آپ کے اقوال و افعال اور حالات کو اور ان امور کو جو آپ کے سامنے پیش آئے بہ خوبی نقل کر دیا پس معلوم ہوا کہ سب مسلمانوں کا اتفاق رہا کہ جو خدا کی ان متشابہات سے مراد ہے اسی پر ایمان رکھنا چاہئے مخلوقات کے شباہت سے خدا تعالےٰ نے اس طرح تنزیہ ذکر کر دی ہے کہ لیس کمثلہ شیئ (اسکی مثل کوئی نہیں ہے) جس شخص نے ان کے بعد اس قول کی مخالفت کی تو گویا اسلامی طریقے کے مخالف کی انتہے میں کہتا ہوں کہ شنوائی، بینائی، قدرت، ضحک، کلام، استواء میں کوئی فرق نہیں اہل زبان کی نظر میں ان تمام اوصاف سے وہی معنی مفہوم ہوتے ہیں جو خدا کی بارگاہ قدس کے لائق نہیں ہیں ضحک میں اگر کوئی استحالہ ہے تو یہی ہے کہ اس کے لئے منہ چاہئے ایسے ہی صفت کلام کا حال ہے اور گرفت و نزول میں بھی یہی استحالہ ہے کہ بغیر ہاتھ پیروں کے نہیں ہو سکتے ایسے ہی یہ شنوائی اور بینائی کی صفت بھی گوش اور آنکھ کی خواہاں ہے واللہ اعلم ان خوض کرنے والوں نے اہل حدیث پر بڑی زبان درازی کی ہے اور ان کا نام مجسمہ اور مشبہ رکھا ہے، کہتے ہیں کہ یہ لوگ (مجسیم) کو چھپاتے تھے مجکو خوب صاف ظاہر ہو گیا ہے کہ ان کی زبان درازی محض بے معنی ہے اپنے قول میں انہوں نے اور ورائیہ خطا کی ہے، ائمہ ہدایت کی نسبت ان کا طعن بیجا ہے، اس کی تفصیل یہ ہے کہ متشابہات میں دو مقام ہیں (۱) یہ کہ خدا تعالےٰ کو صفات کس طرح ثابت ہوئے ہیں آیا یہ صفات ذات خداوندی پر زائد ہیں یا اس کی عین ذات ہیں اور شنوائی بینائی اور کلام وغیرہ کی حقیقت کیا ہے، بادی الرائے میں جو ان الفاظ سے مفہوم سمجھے جاتے ہیں وہ خدا کی شان کے مناسب نہیں ہیں اس مرتبہ کے متعلق آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کچھ ارشاد نہیں فرمایا ہے بلکہ اس میں بحث و گفتگو کرنے سے اپنی امت کو روک دیا ہے اس لئے کسی کی تاب نہیں ہے کہ جس چیز کو آپ نے منع فرما دیا ہے اسکا اقدام کرے اور دوسرا مقام یہ ہے کہ ایسی صفات کون سی ہیں جن کو ہم شرع کی اجازت سے خدا کے لئے ثابت کر سکیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور ایسی کون سی ہیں جن کا اطلاق خدا کے لئے درست نہیں ہے اس کے متعلق حق یہ ہے کہ خدا کی صفات اور اسما توقیفی ہیں یعنی اگرچہ ہم کو وہ قواعد معلوم ہیں جن کو شرع نے صفات الٰہی کے بیان کرنے کے لئے معیار قرار دیا ہے اس کو ہم کتاب کے شروع میں تحریر کر چکے ہیں لیکن اکثر لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ اگر صفات میں خوض کرنے کی انکو اجازت دے دیجاوے تو وہ خود بھی گمراہ ہو جائیں اوروں کو بھی گمراہ کر دیں اور بہت سی صفات بھی ایسی ہیں کہ ان کے ساتھ خدا تعالےٰ کو موصوف کرنا اصل میں جائز ہے لیکن کفار کے بعض فرقوں نے ان کا بے جا استعمال کیا ہے یہ استعمال ان میں شائع تھا اس لئے اس فساد کے دور کرنے کو شرع نے ان صفات کے استعمال سے منع کر دیا ہے اور بعض صفات ایسے ہیں کہ اگر ان کو ظاہری معنے میں استعمال کریں تو خلاف مقصود کا وہم ہوا کرتا ہے اس واسطے ان صفات کے استعمال سے بھی احتراز چاہیئے اسی حکمت سے شرع نے اوصاف کو توقیفی قرار دیا ہے اور اپنی رائے سے ان میں خوض کرنے کو جائز نہیں رکھا ہے اور حاصل یہ ہے کہ ضحک فرحت بشاشی کا استعمال کرنا خدا کی شان میں جائز ہے اور گریہ، خوف، وغیرہ کا استعمال درست نہیں ہے اگرچہ ان دونوں قسموں کا ماخذ قریب قریب ہے اور یہ مسئلہ جیسا کہ ہم نے اس کی تحقیق کر دی عقل اور نقل سے مویدہ ہے اس کے آس پاس باطل کو گذر نہیں ہے لوگوں کے اقوال اور مذہب کے باطل کرنے کا یہ موقع بھی نہیں ہے بلکہ اور موقع میں ان کا ابطال کیا جاتا ہے اور ہم ان الفاظ متشابہ کی تفسیر اور دوسرے معنے سے بھی کر سکتے ہیں جو بہ نسبت ان علما کے معنے کے زیادہ قریب الفہم اور مناسب ہوں جو معنے انہوں نے ذکر کئے ہیں وہ بھی تک بالکل متعین نہیں ہوئے ہیں دلیل نقلی ان پر ہم کو مجبور نہیں کرتی اور دوسرے معنے کے لحاظ سے کچھ ان کو ترجیح اور فضیلت بھی نہیں ہے نہ ان میں یہ حکم کیا جاتا ہے کہ یہی اقوال مراد الٰہی کے موافق ہیں شان کے اعتقاد پر اجماع اور اتفاق ہو گیا ہے یہ بات بھی بہت دور ہے اسلئے ہم کہتے ہیں مثلاً تمہارے سامنے تین قسم کی چیزیں ہیں زندہ۔ جماد۔ مردہ اور زندہ چونکہ دانا مخلوق میں موثر ہوتا ہے اس واسطے زندہ کی حالت کو حضور خداوندی سے زیادہ مشابہ ہوتی ہے اس لئے ضرور ہے کہ ہم خدا کا نام حی رکھیں اور ہمارے حق میں معلم اشیا کی ظاہر اور منکشف ہونے کا نام ہے اور خدا پر بھی تمام اشیا منکشف ہیں پہلے وہ سب اس کی ذات میں مندرج تھیں اس کے بعد ان کا وجود تفصیلی ہوا اس لئے ضرور ہم اس کو علیم کہہ سکتے ہیں اور بینائی اور شنوائی سے نظر آنے والی اور سنی گئی چیزوں کا پورا انکشاف ہوا کرتا ہے اور خدا کو یہ انکشاف نہایت کامل درجہ کا ہے اسلئے ہم اس کو سمیع اور علیم ضرور کہینگے اور جب ہم کہا کرتے ہیں کہ فلاں شخص نے یہ ارادہ کیا تو اس کے بھی معنے ہوتے ہیں کہ کسی کام کے کرنے یا ترک کرنے کی خواہش اس میں ہوئی اور جب کسی کام کی شرائط منظور ہو جاتی ہے یا عالم میں کوئی استعداد پیدا ہو جاتی ہے تو خدا تعالےٰ بھی اکثر کاموں کو فعلیت میں لاتا ہے جو چیزیں پہلے ضرور نہ تھیں شرط اور استعداد ان کو ضروری ہے کر دیا کرتی ہے اور بہت دور کے حصوں میں خدا کے حکم سے بکثرت اجتماع ہو جاتا ہے حالانکہ پہلے سے وہ اتفاق نہیں ہوا کرتا اس وجہ سے خدا کو مرید کہا جاتا ہے اور نیز جب ارادہ الٰہی جو خدا کی ذاتی صفت ہے اور خواہش اس کے معنے بیان کئے گئے ہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک مرتبہ تمام عالم سے وہ متعلق ہو چکا اور بعد کو وقتاً فوقتاً نئی چیزیں پیدا ہوتی رہتی ہیں اسلئے یہی مناسب ہے کہ ایسی ہر چیز کی طرف اسکو منسوب کر کے کہیں کہ خدا نے ایسا ارادہ کیا اور ویسا ارادہ کیا۔

اور جب ہم کہا کرتے ہیں کہ فلاں شخص کو قدرت ہے تو اسکے یہی معنے ہوا کرتے ہیں کہ وہ کوئی کام کر سکتا ہے اور کوئی خارجی سبب اُس کو نہیں روک سکتا۔ اور وہ مقدور چیزوں میں سے اگر قادر ایک ہی کو اختیار کرے تو اُس سے نفی قدرت نہیں ہو سکتی اور خدا تعالےٰ ہر چیز پر قادر ہے وہ محض اپنی عنایت اور خواہش ذاتی سے بعض افعال کو پسند کرتا ہے اور اُن افعال کے مخالف امروں کو ترک کر دیتا ہے اسی وجہ سے اُس کا نام قادر ہے اور جب کلام کیا فلاں نے فلاں سے کہا جاتا ہے تو اسکے یہی معنے ہوا کرتے ہیں کہ اُسنے اپنے مقصود معانی کو اُن لفظوں سے ادا کر دیا جن سے وہ معانی معلوم ہوتے تھے اور خدا بھی اکثر اپنے بندے علی فیض پہنچایا کرتا ہے اور اُن کے ساتھ ہی الفاظ کا بھی افاضہ کرتا ہے جن کی صورت اُس بندے کے خیال میں منعقد ہو جاتی ہے وہی الفاظ اُن معنے پر دلالت کیا کرتے ہیں اسکی وجہ سے تعلیم خوب صاف اور صریح ہوتی ہے اسوجہ سے خدا کو متکلم کہتے ہیں۔ خدا تعالےٰ فرماتا ہے وما کان لبشر ان یکلمہ اللہ الا وحیا او من وراء حجاب او یرسل رسولا فیوحی باذنہ ما یشاء انہ علے حکیم (آدمی کا مرتبہ نہیں ہے کہ خدا اُس سے ہم کلام ہو مگر وحی سے یا پردے کی آڑ میں وہ کلام کرتا ہے یا کسی پیغمبر کو بھیج دیتا ہے وہ خدا کی اجازت سے جو چاہتا ہے وحی کرتا ہے بیشک خدا بڑا اور حکمت والا ہے وحی نام ہے دل میں کسی چیز کا خواب کے ذریعے سے ڈال دینا یا جب غیب کی طرف توجہ ہو تو بدیہی طور پر علم پیدا کر دینا اور پردے کی آڑ کے معنے یہ ہیں کہ ایک متنفس گفتگو کو سنا دے سامع کسی گفتگو کرنے والے کو نہ دیکھتا ہو لیکن واقع میں اُسکی آواز سن رہا ہو یا خدا کبھی پیغمبر کو بھیج دیتا ہے اور وہ اُس کے سامنے صورت پکڑ کر ظاہر ہوتا ہے اور کبھی پیغمبر عالم غیب کی جانب متوجہ ہوتا ہے اُس کے تمام حواس مغلوب ہوتے ہیں کہ دفعتہ وہ گھنٹہ کی سی جھنکار کو سنتا ہے نیلگ سُرخ اور سیاہ رنگوں کے دیکھنے سے غشی سی طاری ہو جایا کرتی ہے چونکہ خطیرۃ القدس میں یہ مطلوب ہے کہ لوگوں میں نظام قایم کیا جائے اگر اُن کے طبائع اُس نظام کے موافق ہوتی ہیں تو وہ ملاء اعلےٰ میں شامل ہو کر تاریکیوں سے نور الٰہی میں آجاتے ہیں اُن کو نفسانی بشاشت حاصل ہوتی ہے فرشتوں اور لوگوں پر الہام ہوتا ہے کہ اُن کے ساتھ نیکی سے پیش آئیں اور اگر اُن کی طبائع اُس نظام کے مخالف ہوتی ہیں تو ملاء اعلےٰ سے اُنکی علحدگی ہو جاتی ہے اور ملاء اعلےٰ کی بیزاری سے اُن پر مصیبت ہوتی ہے اور جیسا پہلے ذکر ہوا ہے اُن کو تکلیف و عذاب ہوتا ہے اس لحاظ سے کہتے ہیں کہ خدا خوشنود ہے شکر کی جزا دیتا ہے یا خدا ناخوش ہوا اُس کی لعنت ہوئی یہ امور اسی لئے ہوتے ہیں کہ بمقتضا مصلحت عالم کے احکام جاری رہیں اور منجملہ نظام عالم کے اُس امر کا پیدا کرنا بھی ہے جسکے لئے دعا مانگی گئی ہو اس لحاظ سے کہا جاتا ہے کہ خدا نے دعا قبول کر لی اور ہمارے استعمال میں ہدیۃ کے معنے یہ ہیں کہ نظر آنے والی چیز پوری طرح پر ظاہر ہو جائے اور لوگوں کو جب آخر وقت دیدے حاصل ہو جائے تو انکو تجلی حاصل ہوگی جس کا قیام عالم مثال کے وسط میں ہے تمام لوگ اُسوقت خدا کو برائے العین دیکھینگے بواسطے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضرور ہے کہ کیا چاہئے انکم سترونہ کما ترون القمر لیلۃ البدر (بیشک تم خدا کو ایسا ہی دیکھو گے جیسا کہ شب بدر میں ماہ کو دیکھتے ہیں) واللہ اعلم۔

باب ۴۱

قدر پر ایمان لاتے ہیں

قضا و قدر پر ایمان لانا بڑے اعلےٰ درجہ کی نیکی ہے اسی سے آدمی کو وہ یکسان تدبیر نظر آسکتی ہے جو تمام عالم کو سمیٹے ہوئے ہے جس شخص کو اس تدبیر کا ٹھیک ٹھیک اعتقاد ہوگا وہ ان چیزوں پر نظر رکھیگا جو خدا تعالےٰ کے قبضے میں ہیں دنیا اور مافیہا ان کا عکس اُسے معلوم ہوگا لوگوں کے اختیارات کو قضاے الٰہی کے مقابلے میں ایسا سمجھے گا جیسے آئینہ میں صورت کا عکس ہوتا ہے اس سے اُس شخص میں تدبیر یگانہ کا انکشاف ہوگا اگرچہ کامل انکشاف عالم معاد ہی میں ہوگا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے نیکی کے تمام قسموں میں اُس کا بلند رتبہ ہونا بتایا ہے کہ جس شخص کا قدر کی نیکی اور برائی پر ایمان نہ ہو تو میں اُس سے جدا ہوں اور نیز آپ نے فرمایا ہے کہ کسی بندہ کا ایمان درست نہیں ہو سکتا جب تک کہ قدر کی نیکی اور برائی پر ایمان نہ رکھے اور خوب یقین کرے کہ جو کوئی عمل درست ہو گیا اُسمیں خطا کا دخل نہ تھا اور جو اُس نے خطا کی اُسمیں درستی کا احتمال نہ تھا۔

معلوم کرنا چاہئے کہ خدا کا علم ازلی اور ذاتی تمام اُن چیزوں کو محیط ہی جو موجود ہو چکیں یا آئندہ موجود ہونگیں یہ محال ہے کہ خدا کے علم سے کوئی ایسی چیز موجود ہو جو اُس کے علم میں نہ تھی اگر ایسا ہو تو وہ علم نہ ہوگا بلکہ جہل ہوگا یہ مسئلہ تو شمول علم کا ہے قدر کا مسئلہ یہ نہیں ہے اس میں کسی اسلامی فرقہ نے مخالفت نہیں کی ہے جس قدر کا حال مشہور حدیثوں سے معلوم ہوا ہے اور سلف صالح کا وہی عقیدہ رہا اور محققین ہی کو اُس کے سمجھنے کی توفیق ہوئی اُس پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ یہ تکلیف کو دور کرتی ہے اور جب یہ حالت ہے تو عمل کرنے کے کیا معنے ہیں وہ قدر وہی ہے جو قبل موجود ہونے کے حادث اشیا کے وجود کو ضروری قرار دیتی ہے اُس کے لازم کرنے سے وہ شے موجود ہوتی ہے نہ گریز کرنا اُس کو دفع کر سکتا ہے نہ کوئی اور ذریعہ مفید ہے اس قدر کے واقع ہونے کے پانچ مرتبہ اور درجہ ہیں پہلا مرتبہ یہ ہے کہ خدا تعالےٰ نے ازل میں قرار دیا کہ عالم کو ایک عمدہ صورت میں پیدا کرے حتی الامکان اُس میں سب خوبیاں ہوں تمام مصلحتوں کا لحاظ ہو اُس کے موجود ہونے کے وقت تمام اضافی خوبیوں کے آثار ہوں خدا کے علم کی نہایت اُس پر ہوئی کہ اُن کی تمام صورتوں میں سے خاص خاص صورتیں متعین کر دیگئیں اس طرح پر تمام حادث اشیا کا ایک مرتب سلسلہ قائم ہو گیا جن سے سب کے وجود یکجا ہو گئے اُن کے مصداق میں کثرت ہے تبھی خداوند عالم کا جس پر کوئی امر پوشیدہ نہیں ہو سکتا یہ ارادہ کرنا کہ عالم کو موجود کرے یہی معنی رکھتا ہے کہ اُس نے وجود عالم کی صورت کو نہایت الامر خاص کر دیا دوسرا مرتبہ یہ کہ اس نے ہر چیز کے مقدار اور اندازہ کو مقدر کیا روایت کی جاتی ہے کہ خدا تعالےٰ نے تمام

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مخلوقات کے مقداروں کو پچاس ہزار برس پہلے آسمانوں اور زمین کی پیدائش سے پہلے لکھ لیا تھا یہ اس طرح ہوا کہ عرش کے وجود میں خدا نے تمام مخلوقات کو پیدا کیا اور ہر ایک کی صورت مقرر کر دی شریعت میں اسے مرتبہ کو ذکر سے تعبیر کرتے ہیں شلاً اس نے دل محمد الرسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی صورت موجود کی اور مقرر کر دیا کہ وہ فلاں وقت میں لوگوں کی طرف مبعوث ہونگے لوگوں کو احکام الٰہیہ پر مطلع کرینگے اور جب اُن کا انکار کرینگے تو دنیا میں خطا اور گناہ اُسکے دل کو احاطہ کریگا اور آخرت میں آتش دوزخ سے اُسپر مرتب ہوگا اسی صورت کیوجہ سے تمام حادث چیزوں کا ظہور اسی روش و طریقے سے ہوتا ہے کہ جیسے وہاں انکا اندازہ ہو چکا تھا۔

تیسرا مرتبہ یہ ہے کہ خدا نے جب آدم علیہ السلام کو اس لئے پیدا کیا کہ وہ تمام آدمیوں کے باپ ہر نوع انسانی کے مبدا ہوں تب اس نے اُن کی اولاد کی صورتیں عالم مثال میں پیدا کر دیں اور نور و تاریکی سے اُن کی سعادت اور شقاوت کی صورت مقرر کر دی اُن کی ایسی حالت بنا دی کہ احکام الٰہیہ سے مکلف ہونے کے قابل ہوں اُن میں اپنی شناخت اور نیازمندی کا مادہ پیدا کیا عہد قدیم کی جو لوگوں کی فطرت میں مخفی رکھا گیا ہے یہی اصل ہے اسی کی وجہ سے موخذہ کیا جاتا ہے اگرچہ وہ واقعہ انکو یاد نہ رہا ہو جو لوگ زمین پر پیدا کئے گئے ہیں اور انہیں صورتوں کا عکس ہیں جو وہاں موجود ہو چکے ہیں اُن میں وہ ہی امور مضمر ہیں جو وہاں پیدا ہو چکے تھے۔

چوتھا درجہ اسوقت تقدیر اور اندازہ کا ہوتا ہے کہ جب جنین میں روح ڈالی جاتی ہے جب تخم خرما خاص وقت میں کسی زمین میں بویا جاتا ہے اور سب اُس کی خاص خاص تدبیریں تربیت کے متعلق عمل میں آتی ہیں تو جس شخص کو اُس درخت اور زمین و ہوا کی خاصیتیں معلوم ہوتی ہیں وہ جان جاتا ہے کہ یہ درخت اچھی طرح اُگے گا اُس کی شان دیکھکر بعض بعض امور کا پتہ لگا لیتا ہے ایسے ہی اُس زمانے میں مدبر فرشتوں کو اُس کی عمر اور رزق کی کیفیت ظاہر ہو جاتی ہے وہ معلوم کر لیتے ہیں کہ یہ شخص ان لوگوں کے سے عمل کریگا جن کی ملکی قوت بہیمی پر غالب ہوتی ہے یا اُن لوگوں کے سے جن کی ملکی قوت بہیمی سے مغلوب ہوتی ہے اُس کی سعادت اور شقاوت کے سے ڈھنگ اُن کو معلوم ہو جاتے ہیں کسی واقعہ کے پیدا ہونے سے پہلے ہر چیز کا اندازہ کیا جاتا ہے خطیرۃ القدس سے زمین پر ہر ایک کا نزول ہوتا ہے ایک صورت پہلے مثالی زمین کیطرف منتقل ہوتی ہے پھر اُس کے احکام یہاں پھیل جاتے ہیں اُس کو میں نے اکثر مرتبہ مشاہدہ کیا ہے ایک بار لوگ باہم مناقشہ کر رہے تھے اُن کا رنج بڑھتا جاتا تھا میں نے خدا سے التجا کی کہ یہ مناقشہ ان میں سے دور ہو جاوے اسی وقت ایک مثالی نورانی نقطہ خطیرۃ القدس سے زمین پر نازل ہوا وہ آہستہ آہستہ پھیلتا گیا جتنا وہ پھیلتا تھا اتنا ہی رنج اُن کے دلوں سے دور ہوتا جاتا تھا ابھی ہم اپنے مجلس سے علٰحدہ نہ ہوئے تھے کہ ان سب میں باہم ایسے ہی میل و محبت پیدا ہو گئے جیسے پہلے تھے یہ میرے نزدیک خدا تعالیٰ کی عجیب نشانیوں میں سے ایک نشانی تھی ایسے ہی میرا ایک لڑکا بیمار پڑا تھا میرا دل اُس طرف لگا ہوا تھا تنے میں نماز ظہر پڑھ رہا تھا کہ اُس کی موت کو میں نے نازل ہوتے ہوئے دیکھا تو اُس کا اُسی روز میں انتقال ہو گیا۔ حدیث میں صاف صاف بیان کیا گیا ہے کہ زمین پر پیدا ہونے سے پہلے سب حوادث پیدا ہو جاتے ہیں اُسکے بعد اس عالم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں اسی طرح پیدا ہو کر ظاہر ہوتے ہیں کہ جیسے پہلے مرتبہ پیدا ہو چکے تھے یہ خدا کا قانون اور طریقہ ہے کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ جو چیزیں وہاں موجود ہو چکی تھیں وہ محو ہو جاتی ہیں خدا تعالیٰ فرماتا ہے یمحو اللہ ما یشاء ویثبت وعندہ ام الکتاب (خدا جس چیز کو چاہتا ہے محو کر دیتا ہے جسے چاہتا ہے ثابت رکھتا ہے اور اس کے پاس ام الکتاب ہے) مثلاً کبھی کسی بلا کی کچھ نہ کچھ پیدائش ہو جایا کرتی ہے وہ مصیبت زدہ پر نازل ہونے کو ہوتی ہے کہ دعا اس کو روک لیتی ہے اور کبھی موت کی پیدائش ہونے کو ہوتی ہے کہ کوئی نیکی اس کو روک لیتی ہے شے بھی معمولی اسباب میں سے ایک ایسا ہی سبب ہے جیسے بقائے زندگی کے لئے کھانا اور پینا اور موت کے لئے زہر کھا لینا یا تلوار مارنا۔ اکثر احادیث سے معلوم ہو گیا ہے کہ ایک عالم ایسا ہے جس میں تمام قائم بالغیر چیزیں مجسم ہوتی اور معانی اس میں منتقل ہوتے ہیں قبل اس کے کہ کوئی شے زمین میں پیدا ہو جایا کرتی ہے جیسے عرش کا فرش میں معلق ہونا اور فتنے ایسے نازل ہوتے ہیں جیسے قطروں کی بوچھاڑ ہوتی ہے اور نیل و فرات پہلی سدرۃ المنتہیٰ کی جڑ میں پیدا کئے گئے تھے پھر زمین پر ان کو اتار دیا ہے ایسے ہی سورہ حدید اور انعام کا نازل کرنا مجموعہ قرآن کا دفعۃً آسمان پر آنا سنا۔ اور آنحضرت اور دیوار مسجد کے بیچ میں جنت اور دوزخ کا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس طرح ہو جانا کہ خوشہ انگور کو توڑ سکیں اور دوزخ کی حرارت کو محسوس کر سکیں۔ اور دعا اور بلا کے باہم کشتی۔ ذریت آدم کو پیدا کرنا عقل کا پیدا کرنا۔ وہ سامنے ہوئے اور اس نے پیٹھ پھیر لی۔ سورہ بقر آل عمران کا پرندوں کی دو صفوں کی صورت میں ظاہر ہونا اعمال کا وزن جنت کا ناگوار چیزوں سے اور دوزخ کا خواہشوں سے بھرا ہونا۔ ایسے ہی اور امور بھی ہیں جس کو حدیث کا اور ملے علم بھی ہو گا وہ ان امور کو خوب سمجھ سکتا ہے اور اپنے مسببات کے لئے اسباب کے سبب ہونے کی تقدیر کچھ مزاحم نہیں ہے۔ اس کا تعلق اس سلسلے سے ہے جو مجموعی طور پر ایک ہی مرتبہ مرتب ہو گیا ہے جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ منتر اور دوا اور پرہیز تقدیر الٰہی سے بچا سکتے ہیں آپ نے فرمایا یہ بھی تقدیر الٰہی سے ہیں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سرغ (نام مقام کے قصہ) میں فرمایا کیا یہ امر نہیں ہے کہ اگر تم ناقہ کو سبزہ زار میں چراتے تو تقدیر سے ہی چراتے اور بندوں کو اپنے افعال کا اختیار ہے لیکن اس اختیار میں ان کا کچھ اختیار نہیں ہے اس لئے کہ اس اختیار کے لئے ضرور ہے کہ مقصود کیصورت اسکا نفع اور خواہش اور عزم پیدا ہو جائے اور ان سب امور کا علم بھی نہیں ہوا کرتا پھر انہیں خود مختاری کیسی آنحضرت فرماتے ہیں۔ ان القلوب بین اصبعین من اصابع اللہ یقلبہا کیف یشاء (دل خدا کی دو انگشتوں میں ہیں جس طرح چاہتا ہے انکو پھیر دیتا ہے) واللہ اعلم۔

باب ۴۲

اس پر ایمان لانا چاہئے کہ عبادت کرنا بندوں پر خدا تعالیٰ کا حق ہے خدا بندوں پر انعام کرنیوالا ہے اور بالقصد انکو جزا دینیوالا ہے

معلوم کرو کہ نیکیوں کے تمام اقسام میں سب سے بڑی نیکی یہ ہے کہ آدمی خالص دل سے اس طرح یقینی اعتقاد

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرے کہ دوسرے کسی خلاف اعتقاد کا اس میں احتمال بھی نہ ہو کہ عبادت کرنا بندہ پر خدا تعالےٰ کا حق ہے کہ خدا کی جانب سے عبادت کا بندوں سے ایسا ہی مطالبہ کیا جاتا ہے جیسے کہ اور حقدار اپنے حقوق کا مطالبہ کیا کرتے ہیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ سے ارشاد فرمایا ہے کہ اے معاذ تم جانتے ہو کہ خدا کا بندہ پر اور بندوں کا خدا پر کیا حق ہے حضرت معاذ نے عرض کیا خدا اور اس کے رسول ہی کو یہ خوب معلوم ہے آپ نے فرمایا خدا کا بندوں پر یہ حق ہے کہ اس کی خالص عبادت کریں کسی کو خدا کا شریک نہ بنائیں۔ اور بندوں کا حق خدا پر یہ ہے کہ جو بندہ مشرک نہ ہو خدا اس کو عذاب نہ دے۔ اس لئے کہ جس شخص کا اس امر پر کہ عبادت خدا کا حق ہے یقینی اعتقاد نہ ہوگا اور اس کی نظر میں یہ احتمال ہوگا کہ آدمی بالکل مہمل اور بے مہار ہے اس سے عبادت کا مطالبہ نہیں ہے۔ اور پروردگار مرید مختار کی طرف سے عبادت کا کچھ مواخذہ نہ ہوگا تو ایسا شخص دہریہ ہوگا اگر اعضاء ظاہری سے اس نے عبادت کی بھی لیکن دلی حالت پر وہ کچھ موثر نہ ہوگی۔ خدا کے اور اس کے درمیان کوئی دروازہ مفتوح نہ ہوگا۔ جیسے مادہ وہ اور کام کرتا ہے ایسے ہی وہ عبادت بھی کریگا۔ اسمیں اصل امر یہ ہے کہ علم حیوت کے موجبین ایک ایسا موقعہ ہے جہاں قصد وارادہ قرار پاتا ہے یعنی کسی کام کے کرنیکا فیصلہ ہو جاتا ہے اور اس موقع کے لحاظ سے اس کام کو کرنا یا اسکو ترک کر دینا دونوں امر درست ہوا کرتے ہیں اگرچہ مصلحت فوقانی کے لحاظ سے کوئی امر مترددفیہ اور مشکوک نہیں رہا کرتا دل کی کوئی حالت منتظر نہیں ہوا کرتی یا کسی امر کا ہونا ضروری قرار پایا جاتا ہے یا اس کا نہ ہونا ان لوگوں کا کچھ اعتبار نہیں ہے جو اپنا نام حکما کہتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ ارادہ میں کسی شے کے ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ ہوا کرتا ہے ایسے لوگوں نے بعض چیزیں محفوظ رکھیں اور بہت سی چیزیں ان کی نظر سے غائب رہیں۔ وہ حیوت کے اس موقع کے مشاہدہ کرنے سے محجوب ہیں۔ اور آفاقی وانفسی دلائل ان پر قائم ہو سکتی ہیں۔ ان کے محجوب ہونے کی وجہ تو یہ ہے کہ ان کو اس مقام کی رہبری نہیں ہوئی جو تجلئے اعظم اور ملاءاعلےٰ کے بین بین ہے۔ جیسے شعاع کے جوہر میں قائم ہوتی ہے ایسے ہی اس مقام کی حالت ہے وللہ المثل الاعلےٰ اس مقام میں کسی امر کے ہونے کی صورت قرار پایا کرتی ہے ملاءاعلےٰ کے علوم اور ان کے حالات اس تقرر کے باعث ہوا کرتے ہیں لیکن اس شے کا کرنا نہ کرنا ابھی تک اختیاری ہوا کرتا ہے اور ان حکما کے مقابلے میں دلیل اسطرح پر قائم ہو سکتی ہے کہ ہر شخص اس کو بداہۃ جانتا ہے کہ شلا ہاتھ بڑھا کر قلم لے لیا جایا کرتا ہے لیکن ابھی یہ شخص محض ایک شے کا قصد کرنیوالا ہی ہوا کرتا ہے۔ اس قصد کے اعتبار سے اس شے کا کرنا نہ کرنا یکسان ہوتا ہے اس قوت کے لحاظ سے جو اس شخص کے نفس میں ہے فعل یا ترک فعل میں کوئی ترجیح نہیں ہوا کرتی اگرچہ فوقانی مصلحت نے اس امر کا واجب الفعل یا واجب الترک ہونا طے کر دیا ہو یہی حالت ان سب امور کی سمجھ لینی چاہئے کہ خاص خاص استعدادیں ان کے باعث ہوا کرتی ہیں اور مادے جیسی جیسی صورتوں کے لئے قابل اور مستعد ہوا کرتے ہیں ویسے ہی صورتیں خالق صور کی جانب سے اس پر نازل ہو جایا کرتی ہیں جیسے دعا کی جاتی ہے تو اسکے بعد قبولیت مرتب ہوتی ہے تو کہہ سکتے ہیں کہ ایک جدید شے کے پیدا ہونے میں دعا کو ایک قسم کا دخل ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اس تقریر میں اگر یہ شبہ ہو کہ اس حالت میں مصلحت فوقانی سے ناواقفیت معلوم ہوتی ہے کہ اس مصلحت نے کس چیز کو واجب کیا ہے تو یہ مقام حقانی اور نفس الامری کیونکر ہوا۔ میں کہتا ہوں کہ حاشا للہ ایسا نہیں ہے۔ بلکہ یہ علم ہے اور اس مقام کا حق پورا کرنا ہے۔ جہل جب ہوتا کہ یوں کہا جاتا کہ یہ شے واجب نہیں ہے۔ تمام شرائع الہیہ نے اس جہل کی نفی کی ہے اس لئے کہ انہوں نے ایمان بالقدر کو ثابت کیا ہے۔ اصابک لم یکن لیخطئک واخطاک لم یکن لیصیبک (جو چیز تم کو پہنچی ہے اس میں چوک ہونے والی نہ تھی اور جس چیز میں چوک ہو گئی وہ تجھکو پہنچنے والی نہ تھی) جب یہ کہا جاویگا کہ اس موقع کے لحاظ سے اس شے کا کرنا یا نہ کرنا درست ہوتا ہے تو بھی علم حق ہے۔ یقیناً جب تم شتر زکو زنا کرتے ہوئے اور اونٹنی کو مادینہ کام کرتے ہوئے دیکھو گے تو اس وقت اگر یہ حکم کرو گے کہ یہ کام مجبوری سے ایسے ہی ہوتے ہیں جیسے پتھر دوسرے کے لڑکانے سے لڑکتا ہے تو تم خلاف واقعہ حکم کرو گے اور اگر یہ کہو گے کہ یہ سبب یہ کام صادر ہوتے ہیں نہ اونٹ کا مزاج ان کا باعث ہے نہ اونٹنی کا تب بھی تمہارا حکم خلاف واقعہ ہوگا اور اگر یہ کہو گے کہ انکا ارادہ جو ان کی ذات اور طبیعت میں منقش ہے صرف فوقانی ضرورت کا ناقل ہے اسپر اس کا سہارا ہے خود ان میں کوئی ذاتی اور مستقل جوش اور ہیجان کسی امر کا نہیں ہوا کرتا اس فوقانی حالت کے علاوہ کوئی اور آماجگاہ نہیں ہے تب بھی یہ حکم خلاف واقعہ ہوگا بلکہ امر حق اور یقینی بین بین حالت ہے یعنی اختیار ایک امر معلول ہے جو اس کی علل و اسباب ہیں ان سے اس کو تخلف نہیں ہوا کرتا جو کام مقصود ہوا کرتا ہے اسی کے اسباب اسی کے باعث ہوا کرتے ہیں ان کے لحاظ سے یہ ممکن نہیں ہے کہ وہ کام نہ ہو لیکن اس اختیار کی شان اور اس کی اپنی حالت کیوجہ سے اس میں محبت اور سرور حاصل ہوا کرتا ہے کسی فوقانی امر کا اس میں لحاظ نہیں ہوتا اب اگر تو اس مقام کا حق ادا کر کے کہیگا کہ میں اپنی ذات میں معلوم کرتا ہوں کہ کسی امر کا کرنا نہ کرنا میرے نزدیک برابر تھا اور میں نے اس کا کرنا اختیار کر لیا ہے اور یہ میرا اختیار ہی اس کام کی علت اور سبب ہے تو البتہ تو اپنے قول میں سچا ہو سکے گا شرائع الہیہ نے اسی ارادے کی خبر دی ہے جو اس مقام میں منقش ہوا کرتا ہے بہرحال یہ ثابت ہو گیا کہ ایک ایسے ارادے کا ثبوت ہے جو وقتاً فوقتاً متعلق ہوتا رہتا ہے اور اس کے لحاظ سے دنیا اور آخرت میں جزا ثابت اور مرتب ہوتی رہتی ہے۔ اور یہ بھی ثابت ہے کہ مدبر عالم نے احکام شریعت کے واجب کرنے سے عالم میں تدابیر کو قایم کیا ہے کہ لوگ اس شریعت پر عمل کریں اور اس سے منفعت حاصل کریں تو گویا شریعت سے لوگوں کو امور کرنا ایسا ہے جیسے کوئی آقا اپنے غلاموں سے کوئی خدمت لینا چاہتا ہے وہ اپنے ان غلاموں سے خوش ہوتا ہے جو اس کی خدمت کریں اور ان سے وہ ناخوش ہوتا ہے جو خدمت کرنے سے انکار کریں۔ اسی طرز و انداز پر شریعتوں کا نزول ہوا ہے۔ ہم نے اوپر ذکر کیا ہے کہ صفات الہیہ وغیرہ کا بیان شریعتوں میں ایسے طرز و عنوان سے ہوا کرتا ہے کہ ان کے بیان کے لئے کوئی اور عبارت زیادہ خوش ادا اور حق کو زیادہ واضح طور پر بیان نہیں کر سکتی۔ شریعت کی تعبیر کبھی حقیقۃ لغوی کے طور پر ہوتی ہے اور کبھی متعارف مجاز کی صورت میں۔ شریعت نے اس امر کے دریافت کرنے پر کہ عبادت خداوند عالم کا حق ہے لوگوں کو

محکمہ داخلی وبرائیں سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تین مقدمات کی وجہ سے قدرت دی ہے یہ تینوں اصول سب کے نزدیک مسلم ہیں۔ اور بمنزلہ امور مشہور اور بدیہی کے اُن کی نظر میں ہو گئے ہیں۔

(۱) خداوند عالم منعم ہے اور منعم کا شکریہ واجب ہوا کرتا ہے اور عبادت کرنا واجبی انعامات کا شکریہ ہے۔

(۲) خداوند تعالےٰ بارگاہ احدیت سے اعراض کرنیوالوں اور دنیا میں عبادت کے ترک کرنیوالوں کو سخت سزا دیتا ہے۔

(۳) خدا تعالےٰ آخر میں اطاعت اور نافرمانی کی جزا دیگا۔ ان مقدمات سے تین قسم کے اور علوم کا اضافہ ہوتا ہے۔

(۱) انعامات الٰہی کا یاد دلانا۔

(۲) انتقامات خداوندی کا یاد دلانا۔

(۳) معاد کے حالات کا یاد دلانا۔ قرآن بزرگ میں انہیں علوم کی تشریح ہے۔ ان علوم کی تشریح کی جانب زیادہ توجہ اسی وجہ سے ہوئی ہے کہ انسان کی اصل فطرت میں خدا جل مجدہ کی جانب ذاتی میلان پیدا کیا گیا ہے یہ میلان ایک امر دقیق ہے اُس کی صورت آدمی کی خلقت میں ہی منقش ہے۔ انسانی خلقت میں یہ مندرج ہے کہ خدا تمام لوگوں کا منعم ہے۔ اُن کے اعمال کی جزا دیتا ہے۔ اس واسطے اس پر ایمان ہونا چاہئے کہ عبادت اُسی کا حق ہے۔ وجدانِ صحیح سے یہ امر ثابت ہے پس جو شخص اس ارادے کا انکار کرے یا اُس کو اس میں کلام ہو کہ بندہ پر خدا کا کوئی حق نہیں ہے یا جزا سزا پر اُس کو یقین نہ ہو تو وہ شخص دہریہ ہے اُس کی فطرت سلیم نہیں اُس نے میلان کو کھو دیا جو فطرۃً اُسکی طبیعت میں ودیعت رکھا گیا تھا ایسا ہی شخص دہریہ کا نائب اور خلیفہ اور اُسکے قائم مقام مانا جاتا ہے۔

اور اگر اس میلان کی حقیقت معلوم کرنی چاہتے ہو تو سمجھو کہ روح انسانی میں ایک لطیفہ نورانی ہے جس کو بالطبع خداوند عالم کی جانب ایسی ہی کشش ہے جیسے لوہے کو مقناطیس کیطرف ہوتی ہے۔ وجدان سے یہ امر معلوم ہے۔ جو شخص اپنے لطائف نفسانی کے آثار معلوم کرنے کا نہایت خوض سے متلاشی ہوگا اور ہر لطیفہ کی کیفیت کو وہ معلوم کریگا تب وہ اس لطیفہ نورانی کی کیفیت بھی معلوم کر سکیگا اور یقیناً معلوم کریگا کہ اُس کو خداوند تعالےٰ کی جانب بالطبع میلان اور کشش ہے اہل وجدان کے نزدیک اس میلان کا نام محبت ذاتی ہے جبکہ اور وجدانی امور کے لیے دلائل کی حاجت نہیں ہے ایسے ہی اُس کے لئے بھی نہیں ہے وہ ایسا ہے جیسے گرسنہ کی بھوک اور تشنہ کی تشنگی جب آدمی لطائف عقلی کے احکام کی وجہ سے پردہ اور تاریکی کی حالت میں ہوتا ہے تو اُسکی مثال ایسی ہوتی ہے جیسے اُس نے اپنے بدن میں کسی مخدر چیز کا استعمال کیا ہو اور اسکی بالکل حس جاتی رہی ہو۔ اُس پر گرمی اور سردی کا کچھ اثر نہیں ہوتا جب اُس کے لطائف عقلی میں مزاحمت سے خاموشی اور سکون پیدا ہوتا ہے یہ خواہ اضطراری موت سے ہو جس سے نسمہ کے بہت سے اجزا منتشر ہو جاتے ہیں اور نسمہ کی اکثر قابلیتیں گھٹ جایا کرتی ہیں۔ یا اختیاری موت سے ہو کہ نفسانی اور بدنی ریاضتوں کے ذرائع عجیب عجیب اُس نے استعمال کئے ہوں تب وہ بمنزلہ اُس شخص کے ہوتا ہے کہ مخدر چیز کا اثر اُس میں سے دور ہو گیا ہو اُس وقت میں وہ اپنی ذاتی اثروں کو معلوم کر سکتا ہے جن کی پہلے اُس کو خبر بھی نہ تھی۔ پس جب آدمی کی وفات ہوتی ہے اور بارگاہِ ازلی کی طرف اُس کو توجہ نہیں ہوا کرتی اس حالت میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اگر اُس کا اعراض محض جہل بسیط اور سادہ لاعلمی سے ہوا کرتا ہے تو ایسا شخص کمالِ نوعی کے لحاظ سے شقی ہوا کرتا ہے بعد مرنے کے اسکو برزخ کے بعض حالات کا انکشاف تو ہوگا لیکن ذاتی استعداد کے نہ ہونے سے کامل انکشاف نہ ہوگا اس لئے وہ حیران ہکا بکا رہ جائیگا اور اگر اُس اعراض کے ساتھ اُس کی علمی اور عملی قوتوں میں کوئی مخالف صورت توجہ الی اللہ کے قایم تھی تو وہاں باہم کشمکش ہوگی اور اُس کا نفس ناطقہ جبروت کی طرف اور نسمہ مخالف صورت حاصل کرنے کی وجہ سے عالم سفل کی طرف منجذب ہو جاویگا اُس میں وحشت اور سرگردانی ہوگی جو نفس ناطقہ کے جوہر سے صعود کریگی اور اُس نسمہ کے جوہر پر پھیل جائیگی۔ اکثر توہمات کے ہمرنگ اُسکو واقعات بھی پیش آئینگے جیسے صفراوی مزاج والے کو خواب میں آگ کے شعلے نظر آیا کرتے ہیں۔ یہ کلیہ معرفت کی حکمت سے پیدا اور معلوم ہوتا ہے اور نیز ملاء اعلےٰ کی جانب سے ایسے شخص پر غضب ناک تند نظری بھی ہوتی ہے جس کی وجہ سے ملائکہ وغیرہ ذوی اختیار نفوس کے دلوں پر الہامات ہوتے رہتے ہیں کہ ایسے لوگوں کو ایذا اور تکلیف پہنچائیں یہ قاعدہ ان ارادوں اور خواہشوں کے اسباب معلوم کرنے سے دریافت ہوتا ہے جو لوگوں کے دلوں میں پیدا ہوتے ہیں۔

بہرحال جبروت کی طرف میلان اور عمل کو واجب قرار دینا جس سے اُس قید سے رہا ہو سکے جو لطائف سفلی کی مزاحمت سے پیدا ہوتی ہے اور اُس واجب کردہ عمل کے ترک سے مواخذہ کرنا یہ صورت نوعیہ کے احکام اور اُسکی قوتوں اور اثروں میں سے ہے جس کا خالق صور اور وجود کا فیضان عطا کرنے والے کی جانب سے افراد نوعی کے ہر فرد پر مصلحت کل کا لحاظ کر کے فیضان کیا گیا ہے۔ لوگوں کے ذاتی التزام یا رسم و رواج کی پابندی سے نہیں ہے اور یہ تمام اعمال حقیقتہً اس لطیفہ نورانی کا ہی فرض اور حق ہے جس کو خدا کی جانب ذاتی کشش ہے ان اعمال سے اُسے لطیفہ کی خواہش کا پورا کرنا اور اُسکی ہی کمی کا درست کرنا ہے اور چونکہ یہ مضمون نہایت دقیق تھا اُسکو بخوبی سمجھنے والے لوگ شاذ و نادر ہی ہوا کرتے ہیں اسواسطے اس حق کی نسبت اس لطیفے کی جانب نہیں کی جاتی ہے بلکہ اُس کو ذات خداوندی کی طرف منسوب کرتے ہیں جس کی طرف اُس کا میلان اور وہی اُسکا قبلہ مقصود ہے اور اُس میں نفسانی قوتوں میں سے خاص ایک قوت کو معین کر لیتا ہے جسکی وجہ سے میلان ہوا کرتا ہے تو گویا وہ مضمون ہمارے اُس قول کا اختیار ہے کہ عبادت لطیفہ کا حق ہے اسوجہ سے کہ اُسکو خدا کی جانب میلان ہوا کرتا ہے شارع السلام نے اس راز کو نہایت صاف عبارت سے ظاہر کر دیا ہے جس کو لوگ اپنی ذاتی اور فطری علوم سے سمجھ سکیں۔ خدا کا یہی طریقہ کہ وہ دقیق معانی کو اُن مثالی صورتوں کے لباس میں نازل کیا کرتا ہے جو وجود مثالی کے مناسب ہوا کرتی ہیں جیسے کہ ہم کو خواب کے ضمن میں بھی معانی کسی شے کی ایسی صورت میں نظر آیا کرتے ہیں جو اُن معانی کو عادۃً لازم یا اُس کے ہمرنگ اور مشابہ ہوا کرتی ہے اسواسطے کہا جاتا ہے کہ عبادت بندوں پر خدا تعالےٰ کا حق ہے۔ اس طرح پر قرآن مجید کا حق اور پیغمبر کا۔ آقا کا۔ والدین کا۔ رشتہ داروں کا حق قیاس کر لینا چاہئے حقیقت میں یہ سب نفس کے حقوق خود اپنے ہی ذمہ پر ہیں۔ انہیں سے نفس کو اپنے کمال کی تکمیل ہوا کرتی ہے۔ اُن کی وجہ سے وہ جور و تعدی سے آزاد ہو جاتا ہے لیکن اُن حقوق کی نسبت نفس کی طرف نہیں کیا کرتے بلکہ اُن اشیا کی طرف کیا کرتے ہیں کہ جن سے حقوق کا مطالبہ کیا جاتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور ان سے ہی معاملہ پڑتا ہے۔ اس لئے تم کو ظاہری امور پر تیز نا نہیں چاہئے بلکہ واقعی امور کا تحقیق سے سراغ لگانا چاہئے۔

باب ۴۳

خدا کے نشانات اور شعائر کی تعظیم کے بیان میں

خدا تعالےٰ فرماتا ہے ومن یعظم شعائر اللہ فانہا من تقوی القلوب (دلی تقوی میں سے خدا کے نشانات کی تعظیم بھی ہے) معلوم کرو کہ شریعتوں کی بنا شعائر الٰہی کی تعظیم اور انکے ذریعہ سے خدا کی حضور میں تقرب حاصل کرنے پر ہے اس کی وجہ وہ ہے جس کی طرف ہم اشارہ کر چکے ہیں کہ جس طریقے کو خدا نے مقرر کیا ہے وہ یہی ہے کہ جو امور فضائے تجرد میں ہیں ان کی نقل اس طرح کی جائے کہ قوت بہیمی انسانی سے ان کا استعمال کر سکے اور شعائر سے وہ ظاہری اور محسوس امور مراد ہیں جو اس لئے قرار دئے ہیں کہ عبادت الٰہی کا وہ ذریعہ ہوں۔ خدا کے ساتھ ان کو خصوصیت ہو لوگوں کے ذہن میں ان کی تعظیم گویا خدا کی تعظیم سمجھی جاتی ہو۔ اور ان میں کوتاہی بارگاہ خداوندی میں کوتاہی ہو یہ تعظیم لوگوں کے دلوں میں ایسی راسخ ہو گئی ہو۔ کہ اگر ان کے دلوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر دئے جائیں تو بھی یہ تعظیم ان کے دلوں سے نہ نکل سکے۔ اور شعایر کا وجود قدرتی طور پر ہو جایا کرتا ہے۔ جب اطمینان دلی سے لوگ کوئی عبادت اختیار کرتے ہیں اور وہ عبادت ان میں مشہور اور شایع ہو کر بمنزلہ بدیہی امور کے ہو جاتی ہے کوئی شک و شبہ اس میں باقی نہیں رہتا۔ تو انہیں امور کے ذریعہ سے جن کو ان کی طبیعتیں اور مشہور علوم ضروری قرار دیتے ہیں رحمت الٰہی کا ظہور ہوتا ہے۔ وہ سب اس رحمت کو قبول کرتے ہیں اور ان کی حقیقت پر سے پردہ اٹھ جاتا ہے۔ برابر قریب و بعید اسکی طرف بلائے جاتے ہیں۔ اسوقت میں ان امور کی تعظیم لوگوں پر واجب قرار دی جاتی ہے۔ اور ایسی ہی حالت ہو جاتی ہے جیسے خدا کے نام کی قسم کھانیوالا اپنی قسم توڑنے سے خدا کے حق میں گویا کمی اور کوتاہی دل میں رکھتا ہے۔ اس وجہ سے اسی اندرونی کمی پر ان سے مواخذہ کیا جاتا ہے۔ ایسے ہی لوگوں میں بہت سے ایسے امور کی شہرت ہوتی ہے۔ لوگوں کے خیالات اور علوم میں ان کی عظمت ہوتی ہے انکے خیالات کا مطیع ہونا اس کا باعث ہوتا ہے۔ خدا کی رحمت کا ظہور انہیں امور میں ہوتا ہے جن کو وہ تسلیم کر رہے ہیں تدبیر کی بنا اس پر ہے کہ پہلے سب سے زیادہ آسان امر کیا جائے اس کے بعد اور آسان۔ اور یہ بھی ضرور ہے کہ جو ان کی نظر میں نہایت درجہ تعظیم کی چیز ہے۔ اسی سے لوگوں کی دار و گیر ہو لوگوں کا یہ بھی کمال ہے کہ اہتمام سے ان امور کی تعظیم کریں سستی اور اہمال اس میں نہ کریں خدا تعالےٰ نے بندوں کے لئے کوئی ایسی چیز قرار نہیں دی ہے جس کا فائدہ خدا کو ملتا ہے۔ خدا کی شان اس سے برتر ہے۔ بلکہ جو کیا ہے انہیں کے فائدوں کے لئے کیا ہے اور چونکہ ان کا ذاتی کمال یہ تھا کہ نہایت درجہ تعظیم ہو۔ اس واسطے جو امور ان کے نزدیک تعظیمی ہوں۔ انہیں کا مواخذہ کیا جائے اور ان کو حکم دیا جائے کہ خدا کی شان میں کوتاہی نہ کریں اور شریعت کے امور میں زیادہ لحاظ تمام لوگوں کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جماعت کا ہوا کرتا ہے نہ ایک دو شخصوں کا واللہ الحجۃ البالغہ۔

خدا کے بڑے شعائر چار ہیں (۱) قرآن (۲) کعبہ (۳) نبی صلی اللہ علیہ وسلم (۴) نماز۔ قرآن کا نشان الٰہی ہونا اس طرح پر ہے کہ لوگوں میں سلاطین کی طرف سے فرامین کا رعایا کی طرف بھیجنا رائج ہے۔ سلاطین کی تعظیم کے تابع فرامین شاہی کی بھی تعظیم ہوتی ہے اور انبیا کے صحیفے اور اور لوگوں کی تصانیف بھی شائع اور رائج ہوگئی تھیں۔ لوگوں کا اُنکے مذہب کی پیروی کرنے کے ساتھ ہی اُن کتابوں کا تعظیم کرنا۔ اُن کا پڑھنا پڑھانا بھی تھا۔ اُن کے علوم کو ہمیشہ کے لئے قبول اور حاصل کرنا بغیر ایسی کتاب کے بادی الرائے میں محال بھی تھا جس کو وہ پڑھیں یا اُس کی روایت کریں بسواسطے لوگوں کا منشاء ہوا کہ ایک کتاب کی صورت میں رحمت الٰہی کا ظہور ہو جو رب العالمین کی طرف سے نازل ہووے اور اُس کی تعظیم واجب ہو۔ تعظیم کی یہ صورت ہو کہ جب وہ کتاب پڑھی جاوے تو سب لوگ خاموش ہو کر اُسکو غور سے سنیں۔ اُس کے فرمایش کی فوراً تعمیل کریں۔ سجدۂ تلاوت کریں۔ جہاں تسبیح کرنے کا حکم دیا گیا ہے وہاں تسبیح کریں۔ بغیر وضو کے قرآن کو ہاتھ نہ لگائیں اور کعبہ کا شعائر میں سے ہونا اس لئے قرار پایا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ میں لوگوں نے آفتاب اور ستاروں کے نام پر بکثرت عبادت خانے اور کنیسے بنائے تھے۔ اُن کی نظر میں کسی ذات مجرد غیر محسوس کی طرف متوجہ ہونا بغیر اُس کے محال تھا کہ اُس کے نام کی ہیکل بنائی جاوے۔ اُس میں جانا اور رہنا باعث تقرب کا ہو۔ بادی الرائے میں اُن کی عقلوں میں اور کوئی بات نہیں آتی تھی اس واسطے اُس زمانہ کے لوگوں کے لئے ضرور ہوا کہ خدا کی رحمت کا ظہور ایک گھر کے ذریعہ سے ہو۔ لوگ اُس کا طواف کریں اُسکے ذریعہ سے خدا سے تقرب حاصل کریں۔ اس لئے خدا نے اُن کو خانہ کعبہ کیطرف بلایا۔ اُس کی تعظیم کا حکم دیا۔ اُس کے بعد ایک زمانہ بعد زمانہ کے آتا رہا۔ ہر زمانہ میں یہ حکم پیدا ہوتا رہا کہ خانہ کعبہ کی تعظیم خدا کی تعظیم ہے۔ اُس میں کمی خدا کی شان میں کمی ہے اس لئے خانہ کعبہ کا حج فرض ہوگیا۔ اور اُس کی تعظیم کا اس طرح حکم دیا گیا کہ بغیر صفائی اور طہارت کے اُسکا طواف نہ کیا جائے۔ نمازیں اُس کے سامنے کھڑے ہوں۔ ضرورت بشری کے وقت اس کے سامنے نہ ہو۔ نہ اُس کی طرف پشت کریں اور پیغمبر صاحب کا شعائر الٰہیہ میں سے ہونا اس واسطے ہے کہ اُن کا نام مرسل اسی واسطے کہا گیا ہے کہ اُن کو بادشاہوں کے ایلچیوں سے مشابہت دی گئی ہے جو رعایا کی طرف بھیجے جاتے ہیں۔ سلاطین کی نہی و نہی کی اُن کو اطلاع کرتے ہیں۔ ایلچیوں کی تعظیم اسواسطے قرار دی گئی ہے کہ اُس سے بھیجنے والے کی تعظیم کا اظہار ہو۔ پیغمبر کی تعظیم یہ ہے کہ اُنکے احکام کی بجا آوری کی جاوے۔ اُس پر درود بھیجا جاوے۔ گفتگو کرتے وقت آواز بلند نہ کیجاوے اور نماز کا شعائر سے ہونا اسواسطے ہے کہ اس سے مقصود بندگان شاہی سے مشابہت کا اظہار ہے۔ جب وہ حضور شاہی میں دست بستہ کھڑے ہوتے ہیں اور عاجزانہ درخواست وہاں کیجاتی ہے اس لئے دعا کرنیسے پہلے تعریف کیجاتی ہے اور آدمی کو ایسی ایسی ہیئتیں اختیار کرنی پڑتی ہیں جو مناجات کیوقت سلاطین کے سامنے اختیار کیجاتی ہیں۔ تمام ہاتھ پاؤں سمیٹ لئے جاتے ہیں کسی قسم کی بے توجہی نہیں کیجاتی۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو کوئی شخص نماز پڑھتا ہے تو خداوند کریم اُسکے منہ کے سامنے ہوتا ہے۔ واللہ اعلم۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب ۴۴

وضو اور غسل کے اسرار میں

کبھی کبھی آدمی طبعی تاریکیوں سے جدا ہو کر خطیرۃ القدس کی روشنیوں کو اخذ کر لیتا ہے یہ انوار اُس پر غالب ہو جاتے ہیں وہ تھوڑے عرصہ کیلئے طبیعت کی حکومت سے علیحدہ ہو کر انہیں میں منسلک ہو جایا کرتا ہے اور تجرید نفس کی طرف متوجہ ہونے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا انہیں میں سے ہے اسکے بعد پھر اسکی وہی اصلی حالت ہو جاتی ہے اس وقت میں اُسے پہلی حالت کے مناسب امور کا وہ مشتاق ہوتا ہے۔ اگرچہ وہ حالت نہیں ہوتی لیکن وہ انہیں امور کو غنیمت جانتا ہے یہ چاہتا ہے کہ اُس فوت شدہ حالت کو ان امور سے اپنے دام میں لے آوے اس صفت کیوجہ سے وہ اُسی حالت کا سا لطف اور سرور و انبساط پاتا ہے۔ یہ کیفیت اسکی بیہودگی کے ترک کرنے اور پاکیزگیوں اور ستھرائیوں کے استعمال سے حاصل ہوتی ہے اسلئے وہ اُن امور کا پختگی سے پابند ہوتا ہے اور اس کے بعد اُس شخص کا مرتبہ ہے کہ اُس نے مخبر صادق کو تعلیم دیتے ہوئے سنا کہ یہ حالت آدمی کیلئے موجب کمال ہے پروردگار ایسی حالت کو آدمی سے پسند کرتا ہے۔ اور اُس میں بے نہایت فائدے ہیں یہ سنکر اُس نے دلی شہادت سے اُسکو سچ جانا اور جیسا اُسکو حکم دیا تھا ویسے ہی اُسنے تعمیل کی جتنا وہ اُس پر کاربند ہوتا گیا اُتنا ہی اُسکی تمام خبروں کو حق پاتا گیا اور اُس پر رحمت کے دروازے کھلتے گئے۔ اور فرشتوں کی سی حالت اُس کی ہوتی گئی۔ اس کے بعد اُس شخص کا مرتبہ ہے جو کہ خود اُس حالت کو کچھ نہیں سمجھ سکتا تھا لیکن انبیاء نے اُسکو ایسی نیتوں کیطرف زبردستی کھینچا اور مجبور کیا جو عادتیں آدمی کو فرشتوں کیساتھ ملحق کر دیتی ہیں یہی لوگ وہ ہیں جو جنت کیطرف زنجیروں کے ذریعہ سے کھینچے جاتے ہیں۔ وہ ناپاک امور جن کا اثر ظاہر النفس پر ہوا کرتا ہے پلیدی کا خیال اُن میں زیادہ ہوا کرتا ہے اس لئے وہ عام لوگوں کے سمجھانے کے قابل ہوتے ہیں۔ اور انہیں کا وقوع بھی زیادہ ہوتا ہے اگر وہ نہ بتائے جائیں تو لوگوں کو بڑا ضرر پہنچ سکتا ہے۔ تلوث سے دو قسموں میں منحصر ہیں (۱) فضول حکم میں طبیعت کا مصروف رہنا فضول معدی تین چیزیں ہیں (۱) ریاح (۲) بول (۳) براز۔ کوئی شخص ایسا نہ ہوگا جو اپنی اس نفسانی کیفیت کو نہ جانتا ہو۔ کہ جب شکم ریاح سے پُر ہوتا ہے۔ اور اسکو بول و براز کی ضرورت ہوتی ہے تو اُس کا دل کیسا بگڑا ہوا محبوس سا ہوتا ہے۔ وہ متحیر اور منقبض سا ہو جاتا ہے اور اُسکے اور پاشاشی کے بیچ میں پردہ سا حائل معلوم ہوتا ہے۔ جب ریاح خارج ہو جاتے ہیں بول و براز سے فارغ ہونے کے بعد طبیعت ہلکی ہو جاتی ہے اور غسل و وضو وغیرہ کا استعمال کرتا ہے جس سے نفس کی پاکیزگی پر تنبیہ ہوتی ہے تو اسوقت وہ اپنے دل میں ایک شگفتگی اور فرحت پاتا ہے ایسا خوش ہوتا ہے کہ گویا کوئی گم شدہ شے ملی (۲) نفس کا خواہش مجامعت میں مشغول اور فروفرستہ ہونا اس کی وجہ سے نفس کا رخ ہمتن بہیمی طبیعت کی جانب پھر جاتا ہے۔ جب بہائم سے مقصود اداب کی مشق بڑھائی جاتی ہے یا شکاری جانور بھوک اور جاگنے کے لئے مطیع کئے جاتے ہیں اُن کو بتایا جاتا ہے کہ اپنے مالک کے پاس شکار پکڑ لائیں اور پرندوں کو آدمیوں کی بولیاں سکھائی جاتی ہیں بہرحال کوئی جانور ہو جب اُس کی تقاضائے خواہش اور طبیعت کے کھو دینے کی بخوبی کوشش کی جاتی ہے۔ پھر یہ جانور اپنے دانتوں سے نکر اپنی خواہش نفسی پوری کرتا ہے اور چند روز نہیں اندیشیں بار بار رہتا ہے تو سب سیکھے سکھائے امور بھول جاتا ہے تاریکی و گمراہی انہیں پیدا ہو جاتی ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان امور میں غور کرنے سے ضرور معلوم ہوتا ہے کہ نفس کی آلودگی میں جو اثر اس خواہش کے پورا کرنے سے ہوتا ہے کثرت کھانے وغیرہ اور ان تمام امور سے نہیں ہوتا جن سے نفس کو طبیعت بہیمی کی جانب کشش ہوتی ہے آدمی کو اسکا تجربہ اپنی انسانی حالت سے ہی کر لینا چاہئے۔ اور ان تدابیر کو یاد کرنا چاہئے جن کا ذکر اطبا نے مارکب دنیا۔ راہبوں کی اصلاح اور نفس بہیمی کی طرف انکی طبیعتوں کو پھیرنے کیلئے کی ہیں۔ اور طہارتیں جن کا اثر ظاہر محسوس ہوتا ہے۔ عام لوگوں کو وہ سمجھائی جا سکتی ہیں۔ اور آبادیوں میں ان طہارتوں کا ذریعہ پانی وغیرہ بکثرت موجود ہے لوگوں کے دلوں میں سب طہارتوں سے زیادہ اسکا وقوع ہوتا ہے۔ اور علاوہ قدرتی طریقہ کے تمام لوگوں میں وہ مسلم اور مشہور بھی ہو گئی ہیں۔ تلاش سے ان کی دو قسمیں پائی جاتی ہیں

(۱) طہارت صغرا (۲) طہارت کبرا

طہارت کبرا سے یہ مراد ہے کہ تمام بدن دھویا جاوے اس لئے کہ پانی خود ایک پاک چیز ہے سب نجاستوں کو دور کر دیتا ہے تمام طبیعتوں نے اسکے اثر کو تسلیم کر لیا ہے نہایت عمدہ ذریعہ ہے اسکی وجہ سے صفت طہارت پر نفس متنبہ کیا جائے بکثرت لوگ شراب کا استعمال کرتے ہیں نشہ میں چور ہو جاتے ہیں۔ اسی مدہوشی میں وہ ناحق خون کر ڈالتے ہیں یا نہایت نفیس مال کو ضائع کر دیتے ہیں پھر بعد افاقہ وہ متنبہ ہو جاتے ہیں۔ اپنی ہوش میں آکر نشہ کا اثر ان سے دور ہو جایا کرتا ہے اور اکثر ناتوان لوگوں کو نشست برخاست کی طاقت نہیں ہوتی کوئی کام نہیں کر سکتے۔ دفعۃً کوئی کام پیش آتا ہے اور ان کی طبیعت میں کوئی بڑی تنبیہ پیدا ہوتی ہے جس سے غلبہ یا حمیت یا دوسرے سے بڑھ جانے کا جوش پیدا ہوتا ہے۔ اسوقت بڑے کام سے بڑا کام وہ کر سکتے ہیں یا کوئی بڑی خونریزی کر بیٹھتے ہیں بہرحال نفس کیحالت بعض امور سے دفعۃً بدل جایا کرتی ہے۔ اور ایک عادت سے دوسری عادت کے لئے بیداری اس میں آجایا کرتی ہے۔ نفسانی علاجوں کیلئے اس قسم کی تدبیریں مفید اور عمدہ ہیں اس قسم کی بیداری اس چیز سے پیدا ہوتی ہے جس کا کامل طہارت ہونا طبیعتوں اور دلوں میں راسخ ہو گیا ہے۔ اور ایسی چیز صرف پانی ہی ہے۔ اور طہارت صغرا صرف ہاتھ۔ پاؤں۔ منہ کے دھونے سے حاصل ہوتی ہے تمام آبادیوں میں یہ معمول جاری ہے کہ یہ اعضا قدرتی طور پر کھلے ہوتے رہتے ہیں۔ لباس بدنی سے وہ جدا رہتے ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسطرح پر بدن پر کپڑا پہننے سے کہ کوئی عضو بھی کھلا ہوا نہ رہے منع فرما کر اسکی طرف اشارہ کیا ہے تو ان اعضاء کے کھلے رہنے سے ان کے دھونے میں کوئی دقت نہیں ہو سکتی۔ اور اعضاء میں البتہ حرج ہو سکتا ہے تمام شہر والوں کا معمول ہے کہ روزانہ اپنے ان اعضاء کو دھوتے رہتے ہیں جب سلاطین و امرا کی حضور میں جائیں یا عمدہ اور پاکیزہ کام کرنے کا قصد کرینگے تو ان اعضاء کو ضرور دھو لینگے۔ اسکی وجہ ظاہر ہے کہ ان اعضاء پر اکثر گرد و غبار چرک وغیرہ کا اثر جلد ہوتا رہتا ہے اور باہم ملاقات کے وقت بھی یہی اعضاء نظر پڑتے ہیں۔ اور تیسرے تجربہ سے شہادت ملتی ہے کہ ہاتھ پاؤں کے دھونے سے منہ اور سر پر پانی چھڑکنے سے نفس پر بڑا اثر ہوتا ہے خواب یا نہایت بیہوشی اس سے دور ہو جاتی ہے اس تجربہ اور علم کی تصدیق اطبا کی تجویز سے بھی ہوتی ہے۔ وہ اس شخص کے لئے جس کو غشی ہو یا اس کو زیادہ استعمال آتے ہوں یا کسی کی قصد زیادہ لی گئی ہو یہی پانی چھڑکنا تجویز کرتے ہیں۔ تدابیر ثانیہ کے ابواب سے جن پر انسانی کمال کا مدار ہے اور لوگوں کے لئے وہ بمنزلہ فطرت کے ہو گئے ہیں۔ طہارت بھی ایک باب ہے اس کی وجہ سے فرشتوں کے ساتھ قرب و اتصال ہو جاتا ہے۔ شیاطین سے بعد ہوتا ہے۔ اور عذاب قبر بھی اس سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دور ہوجاتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ پیشاب سے اپنے آپ کو پاک۔ صاف رکھو۔ عام مذاب قبر اُس سے ہوتا ہے۔ اور طہارت کو اُس میں بڑا دخل ہے۔ کہ اُس کے ذریعہ سے نفس احسان کا درجہ حاصل کرسکتا ہے خدا فرماتا ہے واللہ یحب المتطہرین پاکیزہ رہنے والوں کو خدا دوست رکھتا ہے۔ جب طہارت کی کیفیت نفس میں خوب راسخ ہوجاتی ہے۔ تو ہمیشہ کے لئے نور ملکی کا ایک شعبہ اُس میں نمیر جاتا ہے۔ اور بہیمیت کی تاریکی کا حصہ مغلوب ہوجاتا ہے نیکیوں کے لکھے جانے اور اور خطاؤں کے دور ہونے کے یہی معنی ہیں۔ اور اگر رسمی طور پر بھی وہ عمل میں لائی جائے تاہم رسمی بلاؤں میں مفید ثابت ہوتی ہے اور جب کوئی ستھرا اور پاک آدمی ان نسبتوں کی پابندی کرتا ہے جن کا لوگ سلاطین کی حضور میں لحاظ رکھا کرتے ہیں۔ اُن کے ساتھ ساتھ کچھ اذکار و دعائی بھی ہوں۔ تو سوء معرفت میں وہ مفید ہوا کرتے ہیں جب آدمی خوب سمجھ جاتا ہے کہ طہارت اُس کا کمال ہے تو وہ بغیر کسی خواہش جنتی کے وعقلی طور پر آداب طہارت سے نفس کو موٴدب کرتا ہے تو اُس سے مشاقی ہوتی ہے کہ طبیعت میں عمل کے اتباع کا مادہ برتہار ہتا ہے۔ واللہ اعلم۔

باب ۴۵
نماز کے اسرار میں

معلوم کرنا چاہئے کہ کبھی آدمی خطیرۃ القدس کی سی حالت کو اخذ کرلیتا ہے۔ بارگاہ خداوندی سے اُس کو کمال اتصال و قرب ہوجایا کرتا ہے۔ وہاں سے اُس پر مقدس تجلیات کا نزول ہوتا ہے۔ وہاں وہ ایسی حالت کو مشاہدہ کرتا ہے جس کو زبان نہیں بیان کرسکتی ہے پھر جہاں تھا وہاں کا وہیں آجاتا ہے۔ اُس وقت میں وہ بے قرار ہوکر کوشش کرتا ہے کہ نفسی حالتوں میں سے جو حالت اُس سے قریب ہے اپنے اندر پیدا کرے۔ اس لئے اپنے پروردگار کی معرفت میں مستغرق ہوجاتا ہے اور یہ جانتا ہے کہ جو حالت فوت ہوئی ہے وہ پھر واپس آجائے۔ یہ حالت خدا کی عظمت اور اپنی خاکساری کے اظہار سے اُن افعال اور اقوال کے ذریعہ سے خدا کی حضور میں مناجات کرنے سے جو مناجات کرنے کے لئے مقرر ہیں ہوا کرتی ہے۔ اس کے بعد اُس شخص کا درجہ ہوتا ہے جس نے کسی احکام کے پیچھے حالات بیان کرنے والے کو سنا کہ وہ ایسی حالت کی طرف لوگوں کو بلاتا اور رغبت دلاتا ہے پھر دلی شہادت سے اس سامع نے اُس کی تصدیق کی اُس کے احکام کی تعمیل کی۔ اور اُس کے تمام وعدوں کو اُس نے سچا پایا۔ اور اپنی آرزوؤں میں کامیاب ہوگیا۔ اُس کے بعد اُس کا رتبہ ہے کہ انبیاء نے نماز و پنجر اُس کو مجبور کیا۔ لیکن اُسکو کوئی ذاتی علم اُن کی خوبیوں کا نہ تھا اُس کی مجبوری ایسی ہی تھی جیسے باپ اپنے بیٹے کو مفید صنعتوں کی تعلیم دے اور وہ اُسکو پسند نہ کرتا ہو کبھی آدمی اپنے پروردگار سے مصیبت کے دفع ہونے یا کسی نعمت کے ملنے کی درخواست کرتا ہے۔ اُس وقت زیادہ مناسب یہی ہوتا ہے۔ کہ وہ تعظیمی افعال اور اقوال میں مستغرق ہوجائے تاکہ اُسکی ہمت کا جو درخواست کی رو ہے کچھ اثر بڑھ سکے۔ نماز استسقاء اسی وجہ سے مسنون ہوئی ہے۔ نماز میں اصلی امور تین ہیں (۱) خدا تعالیٰ کی بزرگی اور جلال دیکھکر دلی عاجزی (۲) خدا کی عظمت اور اپنی خاکساری کو خوش بیانی سے ظاہر کرنا (۳) اُس خاکساری کی حالت کے موافق اعضا میں آداب کا استعمال۔ فاضل بیان کرتا ہے۔ شعر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

افادکم النصاً معنی ثلثۃ یدی ولسانی والضمیر المبہما

تمہاری نعمتوں کا فائدہ تین چیزوں کو پہنچا۔ میرے ہاتھ اور زبان اور پوشیدہ دل کو۔

افعال تعظیمی میں سے یہ بھی ہے کہ خدا کی حضور میں کھڑا ہو کر مناجات کرے اور کھڑے ہونے سے بھی زیادہ تعظیم اس میں ہے کہ اپنی خاکساری اور پروردگار کی عزت و برتری کا خیال کر کے سرنگوں ہو جائے۔ تمام لوگوں اور سبھا میں یہ فطری امر ہے کہ گردن کشی غرور اور تکبر کی علامت ہے۔ اور سرنگوں ہونا نیازمندی اور فروتنی کی علامت ہے خدا تعالیٰ فرماتا ہے فظلت اعناقہم لہا خضعین (اُن کی گردنیں اُس کے سامنے جھک گئیں) اور اُس سے بھی زیادہ تعظیم کی بات یہ ہے کہ اُسکی حضور میں اپنے سر کو زمین پر رگڑ دے۔ جو تمام اعضا میں سے زیادہ بزرگ اور حواس انسانی کے جمع ہونے کی جگہ ہے یہی تینوں قسم کی تعظیمیں تمام لوگوں میں رائج ہیں۔ وہ ہمیشہ اپنی نمازوں میں اپنے سلاطین اور امرا کی حضوری میں انہیں کو استعمال کرتے ہیں۔ اور سب صورتوں میں نماز کی وہ صورت عمدہ ہے جسمیں یہ تینوں امر جمع ہوں۔ اور اس کے ساتھ ہی ادنیٰ تعظیمی حالت سے اعلیٰ کیطرف ترقی ہو تاکہ دم بدم نیازمندی اور خاکساری کیحالت زیادہ ہوتی ہوئی معلوم ہو جو فائدہ اس ترقی کی حالت میں ہو سکتا ہے وہ تنہا اعلیٰ درجہ کی تعظیم میں یا اعلیٰ حالت سے ادنیٰ کیطرف منتقل ہونے میں معلوم نہیں ہو سکتا اور نماز میں یہ تقرب کے اعمال اصلی قرار دئے گئے ہیں عظمت الٰہی میں صرف غور کر لینا یا ہمیشہ خدا کا ذکر کرنا اسمیں اصلی نہیں قرار دیا گیا اس لئے کہ خدا کی عظمت کا صحیح خیال صرف وہی لوگ کر سکتے ہیں جن کی طبیعتیں اعلیٰ درجہ کی ہوں اور ایسے لوگوں کے وجود کم ہوا کرتے ہیں ایسے لوگوں کے علاوہ اگر اور عام لوگ خدا کی عظمت میں خوض کریں تو انکا غور کام نہیں دیتا اور فائدہ کے تو کیا معنی وہ تو اپنے راس المال کو بھی کھو بیٹھتے ہیں۔ اور محض ذکر ہی ذکر جس کی تشریح اور مدد کسی دوسری عملی تعظیم سے جو اعضا کے ذریعہ سے ہر ایک عضو کے آداب کا لحاظ کر کے کیجاتی ہے نہ ہو تو وہ اکثر لوگوں کے حق میں بالکل بے فائدہ ہوا کرتا ہے۔ البتہ نماز ایک مرکب معجون ہے جسمیں فکر بھی ہے اسکے ذریعہ سے خدا کی جانب توجہ ہوتی ہے ہر شخص کو اسکا موقع ملتا ہے اور جسکو گرداب شہود میں غوطہ کرنیکی استعداد حاصل ہوا اسکو بھی کوئی مانع نہیں ہے وہ بخوبی اسمیں غوطہ کر سکتا ہے بلکہ نماز کیوجہ سے نفس کو اس قسم کی کامل توجہ کا بخوبی موقع مل سکتا ہے اور نیز نماز میں مختلف دعائیں بھی شامل ہوا کرتی ہیں جنمیں صاف صاف اظہار کیا جاتا ہے کہ اسکا مکمل خالص خدا ہی کیلئے ہے اسکا رخ اسی کی جانب ہے ہر قسم کی اعانت کی خواستگاری صرف اسی سے ہے۔ اور ان کے علاوہ نماز میں بہت سے تعظیمی افعال بھی ہیں۔ سجدہ۔ رکوع ہر ایک دوسرے کا معاون اور مکمل اور اُس پر متنبہ کرنے والا ہے۔ اسیوجہ سے نماز کی منفعت عام اور خاص سب لوگوں کیلئے یکساں ہے ہر ایک شخص اپنے اپنے درجہ اور استعداد کے موافق اُس سے نفع اٹھا سکتا ہے۔ نماز ایمان والے کیلئے مبارک ہے وہ اُس کو اُخروی تجلیات کیلئے تیار کرتی ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ تم اپنے رب کو بیشک دیکھو گے۔ اگر تم کو شاغل نہ روک سکیں تو طلوع و غروب آفتاب سے پہلے وقتوں کی نماز کا اہتمام رکھو۔ اور خدا کی محبت اور رحمت کا نماز بڑا سبب ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ سجدوں کی کثرت سے اپنے نفس کو مدد کرو خدا تعالیٰ نے دوزخیوں کے احوال میں نقل کیا ہے۔ ولم نک من المصلین (ہم نماز نہ پڑھا کرتے تھے) اور جب نماز کا شوق دل میں جم جاتا ہے تو نورانی میں نماز گذار محو ہو جاتا ہے۔ اور اُس کی خطائیں دور ہو جاتی ہیں۔ ان الحسنات یذہبن السیات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نیکیاں برائیوں کو دور کر دیتی ہیں معرفت الٰہی کے لئے کوئی چیز زیادہ مفید نماز سے نہیں ہے خاصہ جب نماز کے تمام افعال و اقوال حضور دل اور پاک نیت سے عمل میں لائے جائیں اور جب نماز کے طور پر بھی ادا کیجاتی ہے۔ تو بھی اکثر بھی برائیوں میں اس کا بین نفع ہے۔ وہ مسلمانوں کا شعار ہو گیا ہے۔ نماز سے ہی مسلمان اور کافر میں فرق کیا جاسکتا ہے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کافروں کے اور ہمارے درمیان نماز کا ذمہ ہے جو نماز کو ترک کرے گا وہ کافر ہے اور نماز سے زیادہ کوئی چیز ایسی نہیں ہے کہ جس سے طبیعت کو عقلی تدابیر کے تبع رہنے کی مشق کرائی جائے۔ واللہ اعلم۔

باب ۴۶

زکوٰۃ کے اسرار کے بیان میں

معلوم کرو کہ جب کسی مسکین کو کوئی حاجت پیش آتی ہے۔ اور وہ زبان قول یا حال سے اس کے لئے خدا کی حضور میں گریہ وزاری کرتا ہے۔ تو اسکا یہ عاجزی کرنا خدا کی بخشش کے دروازہ کو کھول دیتا ہے۔ اور اسوقت مقتضائے مصلحت اکثر یہ ہوتا ہے۔ کہ کسی زکی شخص کو الہام ہوتا ہے۔ کہ اسکی حاجت رفع ہو جائے۔ تب الہام اس پر چھا جاتا ہے اسی کے موافق خدا کی خوشنودی پیدا ہوتی ہے اور اوپر سے نیچے سے دائیں بائیں سے برکتیں اس پر نازل ہوتی ہیں اور وہ قابل رحمت ہو جاتا ہے۔ ایک روز مجھ سے ایک مسکین نے اپنی حاجت ظاہر کی۔ وہ اس کی وجہ سے مضطر ہو رہا تھا تب میں نے اپنے دل میں الہام کی آہٹ پائی گویا وہ مجھکو حکم دیتا ہے۔ کہ میں اس کو کچھ دوں۔ وہ الہام مجھ کو بشارت دیتا تھا کہ دنیا و آخرت میں اس کا بڑا اجر ملیگا میں نے اس مسکین کی حاجت براری کرائی اور میں نے اپنے پروردگار کے وعدہ کو سچا دیکھ لیا۔ اس غریب کا جو الٰہی کے دروازہ کو کھٹکھٹانا۔ اور الہام کا پیدا ہو کر میرے دل کا اس کو اس کے رد اختیار کر لینا۔ اور اس کے بعد اجر کا ظاہر ہونا یہ سب امور آنکھ کے سامنے محسوس ہوئے۔ اکثر کسی موقع پر خرچ کرنا رحمت الٰہی کے نازل ہونے کا باعث ہوا کرتا ہے۔ جب ملاء اعلےٰ کی خواہش کسی مذہب کے مشہور اور معزز کرنے کے لئے طے ہو جاتی ہے تو جو شخص اس کے کام چلانے کے درپے ہوتا ہے۔ اس پر رحمت ہوتی ہے۔ یہ اس طرح پر ہوتا ہے کہ تنگ حالی میں لڑائی کی ضرورت پڑے یا قحط سالی کا زمانہ ہو۔ اور کسی نہایت مفلس گروہ کا خدا کو زندہ رکھنا مقصود ہو تب سچی خبر دینے والا پیغمبر ان موقعوں سے ایک قاعدہ کلیہ اخذ کر کے کہتا ہے کہ جو شخص ایسے ایسے تنگ حال پر یا فلاں فلاں حالت میں خیرات کریگا۔ تو اس کا عمل مقبول ہو جائیگا۔ اور ان امور کو کوئی شخص سنتا ہے اور اپنی دلی شہادت سے اس کے حکم کو مان لیتا ہے اور ان سب وعدوں کو سچا پاتا ہے۔ اور اکثر بعض لوگ یہ سمجھ جاتے ہیں کہ مال کی محبت بخیلی کرنے سے اسکے حق میں مضر ہوگی اس کو وہ مقصود راست سے باز رکھیگی۔ اس لئے اس کو اس خیال سے نہایت تکلیف ہوتی ہے اس تکلیف کو وہ اس طرح دفع کرتا ہے کہ اپنی کسی نہایت محبوب چیزوں کے صرف کرنے کی مشق کرتا ہے اسوقت میں خرچ کرنا ہی اس کے حق میں بہت مفید ہوتا ہے اگر وہ صرف نہ کرتا تو محبت اور بخیلی ویسی کی ویسی ہی اسمیں باقی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہجاتی۔ اور عالم معاد میں وہ محبت گنجے سانپ کی صورت میں ہوتی یا وہ اموال مضر صورتوں میں اُسکے سامنے متمثل ہوتے حدیث میں ہے بطریق انتفاع قرار اور خدا تعالےٰ فرماتا ہے والذین یکنزون الذہب والفضۃ ولا ینفقونہا فی سبیل اللہ فبشرہم بعذاب الیم یوم یحمی علیہا فی نار جہنم فتکوی بہا جباہہم وجنوبہم الخ جو لوگ سونا چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور نہیں خرچ کرتے اُسے راہ خدا میں انکو عذاب سخت کی خبر دے۔ قیامت کے روز انکی پیشانیاں اور پہلو اُسی سونے اور چاندی سے جہنم کی آگ میں تپا کر داغ دیئے جائینگے۔ کنجوسی شخص کے مرجانے کا حکم عالم مثال میں قرار پاجاتا ہے اتنے میں وہ بہت سا مال صرف کرتا ہے۔ اور وہ شخص اور قابل رحمت لوگ خدا کی حضور میں گریہ وزاری کرتے ہیں تو مال کے صرف سے اُس کی خود ہلاکی محو ہوجاتی ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لا یرد القضاء الا الدعاء ولا یزید فی العمر الا البر (قضاء کو دعا ہی ہٹا دیتی ہے اور نیکی سے عمر بڑھتی ہے) اور آدمی اکثر طبیعت کے غلبہ سے کوئی بُرا کام کر لیتا ہے۔ پھر اُسکی برائی معلوم کر کے نہایت شرمندہ ہوتا ہے لیکن طبیعت پھر غالب آجاتی ہے اور اُسی کام کو پھر کرتا ہے ایسے نقص کا علاج یہی ہے کہ اپنے فعل کے تاوان کے لئے بہت سا مال صرف کرے تاکہ یہ نقصان اُس کے پیش نظر رہے اور پھر آیندہ ایسے قصد سے اُسکو باز رکھے۔ اور نیز اکثر خوش خلقی اور انتظام خاندانی کا حفظان اسی طرح سے ہوتا ہے کہ خوب کھانا کھلایا جاوے۔ سلام میں تقدیم کیجاوے۔ اور طرح طرح ہمدردی کیجاوے۔ ان امور کا حکم دیا جاتا ہے اور یہ امور صدقہ کئے جاتے ہیں۔ اُس سے برکت زیادہ ہوتی ہے۔ اُس سے غضب الٰہی کی آگ بجھ جاتی ہے اور فیضان رحمت کو حاصل کر کے عذاب آخرت اُس سے دور ہوجایا کرتا ہے۔ اور اسلئے کی دعا اُس کی طرف مصروف ہوتی ہے جو زمین میں مصلح اور مدبر ہیں۔

باب ۴۷

روزہ کے اسرار میں

معلوم کرو کہ اکثر آدمی خدا کے الہام سے سمجھتا ہے کہ طبیعت بہیمی کا جوش اُس کو کمال ذاتی سے باز رکھتا ہے وہی جوش بہیمیت کو ملکی قوت کے تابع ہونے نہیں دیتا۔ اسلئے بہیمی قوت سے اُس میں نفرت اور بغض پیدا ہوجاتا ہے۔ وہ کوشش کرتا ہے کہ اُسکے جوش کو مار دے کوئی چیز اُس کو اُس کے تدارک کے لئے بجز اسکے نہیں ملتی کہ گرسنہ اور تشنہ رہے مجامعت ترک کر دے اپنی زبان۔ دل اور اعضا کو روکے رہے۔ انہیں امور سے وہ اپنی مرض جسمانی کا علاج کرتا ہے۔ اسکے بعد اُس شخص کی حالت ہے جس نے سچی خبر دینے والے سے ان تدابیر کو دلی شہادت سے اخذ کیا ہو اُس کے بعد اُس شخص کا حال ہے کہ شفقت اور مہربانی سے انبیاء کشاں کشاں اُس میں یہ حالت پیدا کریں اُسکو ان خوبیوں کا ذاتی علم نہ ہو لیکن مجاہدہ میں اُس کا فائدہ اُس کو حاصل ہو جب یہ جوش اُس میں دب جائے۔ اکثر آدمی کو یقین ہوجاتا ہے کہ اُس کا یہی کمال ہے کہ طبیعت عقل کے تابع رہے۔ لیکن طبیعت بغاوت کرتی ہے کبھی آزاد نہ رہنے کی کوشش کرتی۔ اور کبھی احکام عقلی کے تابع بھی ہوجاتی ہے۔ اسواسطے اُس شخص کو مشاقی کے لئے سخت کے کام روزہ جیسے اختیار کرنے پڑتے ہیں۔ وہ اپنی طبیعت کو ایسے کاموں پر مجبور کرتا ہے۔ اور طبیعت سے چاہتا ہے کہ اطاعت کے عہد کو پورا کرتی رہے۔ وہ اسطرح نہیں امور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے اہتمام میں رہتا ہے حتیٰ کہ اُس کا مقصود حاصل ہو جاتا ہے کبھی کبھی کسی شخص سے گناہ سرزد ہو جاتا ہے تو وہ مدتوں تک روزے رکھے چلا جاتا ہے جن میں کہ بسبب گناہ کے زیادہ محنت اور جہد ہوتا ہے تاکہ دوبارہ ایسا کام اُس سے نہ ہو اور نیز کبھی دل میں عورتوں کی رغبت پیدا ہوتی ہے لیکن اُس کو مہر دینے کا مقدور نہیں ہوتا زنا کا خوف ہوتا ہے۔ اسلئے وہ اپنی رغبت سے روزہ کو مار دیتا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ فان الصوم لہ وجاء (جس شخص کو شادی کرنے کی طاقت نہ ہو تو روزہ اُس کے لئے بمنزلہ خصی ہونے کے ہے) روزہ اعلےٰ درجہ کی نیکی ہے۔ اُس سے ملکی قوت بڑھتی ہے۔ اور بہیمی طاقت کمزور ہو جاتی ہے روح کے چہرہ روشن کرنے کیلئے کوئی تعلیم اُس سے زیادہ نہیں ہے اور طبیعت کے مغلوب کرنے کی کوئی دوا اُس سے زیادہ مفید نہیں ہے اسی واسطے خدا نے فرمایا ہے الصوم لی وانا اجزی بہ اور روزہ خاص میرے لئے ہے اور میں ہی اُس کی جزا دونگا۔ روزہ سے قوت بہیمی قبضی مضمحل اور کمزور ہوتی ہے دنی ہی خطائیں دور ہوتی ہیں اور فرشتوں کی حالت سے مشابہت بڑھتی جاتی ہے اُن کو روزہ دار سے انس و محبت ہو جاتی ہے۔ یہ محبت کا تعلق بہیمیت کے ضعیف ہونے کا اثر ہوتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ روزہ دار کے منہ کی بو خدا کے نزدیک مشک کی خوشبو سے زیادہ پسندیدہ ہے اگر روزہ رسمی طور پر ہو تو ہم رسمی امور کے لحاظ سے مفید ہے جب کوئی امت اُسکی پابندی کرتی ہے تو اُن کے شیاطین کے پاؤں میں زنجیر پڑ جاتی ہے اُن کے لئے جنت کے دروازے کھلے جاتے ہیں دوزخ کے دروازے بند ہو جاتے ہیں۔

اور جب کوئی آدمی نفس کے مغلوب کرنے کا اہتمام کرتا ہے اُس کے رذائل کو دور کرنا چاہتا ہے تو عالم مثال میں اُسکے عمل کی ایک مقدس صورت پیدا ہو جاتی ہے اور عارفین باللہ میں زکی القلب لوگ اُس صورت کی طرف متوجہ ہوتے ہیں وہ عالم غیب سے اُنکی علمی مدد کرتے ہیں۔ اور تنزیہ و تقدیس کے ذریعہ سے ذات واجبی سے اُس شخص کو قرب حاصل ہو جاتا ہے الصوم لی وانا اجزی بہ کے یہی معنی ہیں۔

کبھی آدمی اُس خرابی کو معلوم کرتا ہے جو اُسکی بہیمیت میں امور معاش کی مصروفیت اور بیرونی اشغال کی خواہش میں بھر جانے سے پیدا ہوتی ہے اُس کے لئے تنہا ہو کر کسی مسجد میں عبادت کرنا جو نماز کے لئے بنائی گئی ہو مفید ہوا کرتا ہے اور ہمیشہ کے لئے تو علیحدگی ممکن نہیں ہوتی مالا یدرک کلہ لا یترک کلہ وہ شخص اپنے اوقات میں کسی قدر فرصت کو جدا کر کے جتنا میسر ہوتا ہے اعتکاف میں تنہائی سے اوقات بسر کرتا ہے۔ اُس کے بعد اُس کی حالت ہے جس کو ذلی شہادت سے مخبر صادق کے ذریعہ سے اعتکاف کی خوبی کو قبول کیا ہو۔ پھر اُس شخص کی حالت ہے کہ زبردستی اُس کو اعتکاف کی تعلیم دی گئی ہو۔ اکثر روزہ میں زبان کو پاک صاف رکھنے کے لئے اعتکاف کی ضرورت پڑا کرتی ہے کبھی لیلۃ القدر کی اور اسمیں فرشتوں کے اتصال کی اُس کو خواہش ہوتی ہے یہ بھی بغیر اعتکاف کے میسر نہیں ہو سکتا۔ لیلۃ القدر کے معنی آئندہ آویں گے واللہ اعلم۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب ۴۸
حج کے اسرار میں

معلوم کرو کہ حج کی حقیقت یہ ہے کہ صلحا کی ایک جماعت کثیر ایک وقت خاص میں جمع ہوں۔ انبیاء اور صدیقین و شہداء اور صالحین کے حالات کو جن پر خدا نے اپنا انعام کیا ہے۔ وہ یاد کریں اور سب ایسے موقعہ پر جمع ہوں جہاں خدا کی ظاہر نشانیاں موجود ہوں۔ آئمہ دین کی جو عبادتیں وہاں کا قصد کرتی رہی ہوں وہاں وہ نہایت خاکساری اور رغبت سے خدا کے شعائر کی تعظیم کرتی رہی ہوں خدا سے نیکی کی امید اور خطائیں معاف ہونے کی دعائیں اور التجائیں کرتی رہی ہوں۔ جب اس کیفیت سے یہ تینوں لوگوں کی جمع ہوتی ہیں تو لازمی طور پر خدا کی رحمت اور مغفرت وہاں نازل ہوتی ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان جیسا کہ عرفہ کے روز نہایت ذلیل و طرد و حقیر و غصہ ناک نظر آتا ہے ایسا کسی روز نظر نہیں آتا۔ ہر ایک امت میں حج کی اصل موجود ہے۔ ہر ایک کے لئے ایک خاص جگہ برکت لینے کی معین ہے اس میں انہوں نے خدا کی نشانیوں اور اپنے بزرگوں کی عبادات اور آثار کو ظاہر ہوتے دیکھا ہے۔ اس سے مقرب لوگوں اور ان کے حالات کی یاد آتی ہے اسلئے وہ پابندی سے وہاں کا قصد کرتے ہیں۔ لیکن بیت اللہ سب جگہوں سے زیادہ حج کے قابل ہے اس میں بڑا نشانیاں موجود ہیں حضرت ابراہیم صلوت اللہ علیہ وسلم نے جن کی نیکی اور خوبی کی شہادت اکثر دوں امتوں کی زبان سے ظاہر ہے خدا کے حکم اور وحی سے اس کی بنیاد قایم کی ہے پہلے اسکے زمین سخت چٹیل میدان تھی وہاں تک پہنچنا بھی مشکل تھا اور بیت اللہ کے علاوہ اور مقامات میں یا تو کچھ نہ کچھ شرک ہے یا بے اصل اسکی کثرت کر لیگئی ہے۔ طہارت نفسانی کے حضور میں سے یہ بھی ہے کہ ایسی جگہ رہنا اور ٹھیرنا اختیار کیا جائے جس کے صلحا ہمیشہ تعظیم کرتے رہے ہوں۔ ذکر الٰہی سے اسکو معمور رکھا ہو۔

اس سے ملائکہ سفلی کی توجہ پیدا ہوتی ہے۔ اور نیک لوگوں کے لئے ملاء اعلےٰ دعا کرتے ہیں۔ ایسی جگہ رہنے سے انہیں کے منور اثر نفس میں پیدا ہو جاتے ہیں میں نے بچشم ظاہر اسکو مشاہدہ کیا ہے اور ذکر الٰہی کے متعلق خدا کے نشانات کو ملاحظہ کر کے ان کی تعظیم کرنا بھی داخل ہے جب ان پر نظر پڑتی ہے تو خدا یاد آتا ہے۔ جیسے ملزوم کے دیکھنے سے کوئی لازم چیز یاد آتی ہے خاصیتہ جب تعظیمی حالتوں اور ان حدود کی پابندی کیجائے جن سے نفس کو کمال درجہ تنبیہ حاصل ہوتی ہے اکثر آدمی اپنے پروردگار کے شوق میں تڑپتا ہے۔ اس وقت اسکو ضرورت ہوتی ہے کہ کسی طرح یہ اپنا شوق پورا کر دوں تو سواج کے اور کوئی ایسی چیز اسکو نہیں ملتی۔ اور جیسے کہ دولت اور سلطنت کو ہمیشہ ایک آزمائش اور امتحان کی ضرورت پڑتی ہے جس سے مخلص اور منافق میں تمیز ہو جائے۔ دولت کی شہرت ہو۔ اس کا کلمہ بلند ہو۔ اور سب لوگوں میں باہم جان پہچان ہو جائے ایسے ہی مذہب کو حج کی ضرورت ہے تاکہ منافق کی بخوبی تمیز ہو جائے اور دین الٰہی میں مختلف گروہوں کا داخل ہونا عیاں ہو جائے۔ ایک دوسرے سے ملیں جلیں۔ اور ہر ایک دوسرے سے ان فوائد کو حاصل کر سکیں جو اس کو حاصل نہیں ہیں۔ اس لئے کہ تقاصد باہمی مصاحبت اور ایک دوسرے کے ملنے ہی سے حاصل ہوا کرتے۔ اور رسمی حج بھی بہت سے رسمی فوائد کو اضافہ کرتا ہے۔ یقیناً آئمہ دین کی حالت یاد کرنے اور ان کے اختیار

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرنے کی آمادگی کیلئے کوئی چیز حج سے زیادہ مفید نہیں ہے اور چونکہ حج میں دور دراز سفر کرنا پڑتا ہے۔ وہ نہایت دشوار عمل ہے بڑی مشقت سے پورا ہوتا ہے اس لئے اس کی تکالیف کا برداشت کرنا خدا کی خالص عبادت ہے جس سے خطائیں معاف ہوتی ہیں وہ پچھلے گناہوں کو ایسا دور کرتا ہے جیسا کہ ایمان۔

باب ۴۵

نیکی کی اقسام کے اسرار میں

نیکی کی اقسام میں سے ذکر الٰہی ہے۔ ذکر الٰہی اور خدا کے بیچ میں آڑ اور پردہ نہیں ہے سو معرفت کی اصلاح کیلئے کوئی چیز ذکر سے زیادہ مفید نہیں ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا قول ہے کیا تم کو سب اعمال میں افضل عمل نہ بتاؤں الا انبئکم بافضل اعمالکم۔ نیز خدا کی حضوری حاصل کرنے اور دل کی قساوت دور کرنے میں ذکر کا بڑا اثر ہوتا ہے خصوصاً اس شخص کے لئے جس کی قوت بہیمی فطری طور پر یا عملاً ضعیف ہوتی ہے۔ اور اس شخص کے لئے بھی جو فطرتاً اپنے خیال میں محسوس چیزوں کے احکام مجردیں خلط ملط کر دیتا ہے۔ اور انہیں اقسام میں سے دعا بھی ہے اس سے حضوری کا بڑا دروازہ کشادہ ہو جاتا ہے پروردگار عالم کے حضور میں نہایت درجہ اطاعت اور احتیاج کو وہ پیش نظر کر دیتی ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الدعا مخ العبادۃ کہ دعا عبادت کا مغز ہے۔ وہ مبدء کی جانب نفس کے متوجہ ہونے کی ظاہری صورت ہے جو درخواست کی صورت ظاہر ہوتی ہے اسکے حاصل ہونے کی جسکے لئے دعا مانگی گئی ہے روح ہے اور نیز بڑی نیکی تلاوت قرآن اور اسکی نصائح کو گوش دل سے سننا ہے جو توجہ سے انکو سنتا ہے اور دل میں وہ جگہ کر لیتی ہیں۔ بیم و امید کی حالتیں خدا کی عظمت میں حیرانی اسکے احسانات میں مستغرق ہو جاتا ہے طبیعت کا جوش بجھانے کیلئے نہایت ہی مفید ہے نفس کو قرآن کی تلاوت اسلئے طیار کرتی ہے کہ آسمانی اثر پیدا ہونے لگیں اور عالم معاد میں وہ نہایت نافع ہے فرشتہ قبر والے سے کیگا لا دریت ولا تلیت (تو نے نہ حق کو جانا نہ قرآن کی تلاوت کی) قرآن سے دل تمام ظلمی کیفیتوں سے پاک صاف ہو جاتا ہے۔ حدیث میں آیا ہے ہر چیز کے لئے ایک خاص صیقل ہوتی ہے اور دل کی صیقل قرآن کا تلاوت کرنا ہے اور نیز نیکیوں میں سے قرابت والوں اور ہمسایوں کے حقوق ادا کرنے ہیں اپنے قرابتیوں اور ہم مذہبوں کیساتھ حسن معاشرت کرنا چاہئے غلاموں کو آزادی دینا چاہئے۔ ان امور سے رحمت اور اطمینان نازل ہوتا ہے تدابیر دوم اور سوم کی انتظامات ان سے مکمل ہوتے ہیں۔ ملائکہ کی دعا کے یہ امور باعث ہوتے ہیں۔ نیز نیکیوں میں سے جہاد ہے خدا تعالیٰ جب کسی فاسق پر لعنت کرتا ہے جس سے عام لوگوں کو مضرت پہنچتی ہے۔ اس کا نابود کرنا یا مصلحت کلی کے لحاظ سے زیادہ مناسب ہوا کرتا ہے اسلئے خدا کسی نرگی الغلب کے دل پر اس کے قتل کرنے کا الہام کرتا ہے اسکی طبیعت سے خود بخود بغیر کسی سبب جلبی کے غصہ شامل ہوتا ہے وہ اپنے تمام ذاتی امور سے اس کام کیلئے علیحدہ ہو کر خدا کی مراد سے زندگی حاصل کر کے اس توجہ ہو کر خدا کی رحمت اور نور میں غرق ہو جاتا ہے۔ اس سے تمام آدمیوں اور شیطانوں کا کام نبجاتا ہے اسی کے قریب یہ بات بھی ہے کہ خدا ان لوگوں کی دولت اور حکومت کو تباہ کرنے کا حکم دیتا ہے جو خدا کی شان میں کفر کرتے ہیں انکے چال چلن بگڑ جاتے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں اس لئے کسی نبی کو جہاد کرنیکا حکم دیا جاتا ہے اُسکی قوم کے دل میں جہاد کی خواہش پیدا کیجاتی ہے۔ تاکہ ایسی قوم ہوں جو لوگوں کی تکمیل کیلئے پیدا کیگئی ہوں۔ اور کبھی یہ بھی ہوتا ہے کہ بڑے کل سے کسی قوم کو معلوم ہوتا ہے کہ مظلوم و نسبتہ خصلت لوگوں کی تقدی کو روکنا عمدہ ہے۔ نافرمانوں پر تعزیرات قائم کرنی چاہئیں۔ اور برائی سے ان کو روکنا چاہئے۔ ان کوششوں سے لوگوں میں امن اور اطمینان پیدا ہوجاتا ہے اور خدا ان قوموں کے مجاہدوں کو عمدہ جزا دیتا ہے اور کبھی مصائب امراض کے بالقصد پیش آجاتے ہیں۔ ان میں بھی کسی وجہ سے نیکی کا سامان ہوجاتا ہے کبھی اسطرح پر خدا کی توجہ ہوتی ہے کہ کسی بندہ کے اعمال درست ہوجائیں اور اسباب عالم کا مقتضا ہوتا ہے کہ اُسکی حالت تنگ ہوجائے تو وہی اسباب اُسکی تکمیل نفس کی باعث ہوکر اُسکے خطاؤں کو دور کردیتے ہیں۔ اور اُسکے لئے بجائے انکے نیکیاں لکھی جاتی ہیں جیسے کہ جب پالی کا منفذ بند ہوجاتا ہے تو پانی اوپر اور نیچے سے پھوٹ نکلتا ہے۔ یہ بہاؤ اسمیں تنگی کی طرف منسوب ہوکر آتا ہے۔ اس سے خیر فضانی کی حفاظت رہتی ہے اور کبھی اس طرح پر اُن میں نیکی ہوجاتی ہے کہ مسلمان پر جب مصائب ٹوٹ پڑتے ہیں اور زمین اُسپر تنگ ہوجاتی ہے۔ تو اُس وقت میں طبیعت اور رسم کا حجاب اُٹھ جاتا ہے اور سب امور کو ترک کرکے خدا ہی کی طرف وہ متوجہ ہوجاتا ہے۔ اور کافر اس حالت میں اُس گم شدہ چیز کی ہی یاد میں رہتا ہے اور اُسی زندگی میں ذوبا رہتا ہے۔ حتی کہ زمانہ مصیبت کا پہلی حالت سے بھی زیادہ خبیث ہوجاتا ہے اور کبھی وہ سختیاں نیکی کا باعث اسلئے ہوتی ہیں کہ تمام روکنے والی برائیاں غلیظ اور کثیف قوت طبعی میں جمع ہوا کرتی ہیں۔ تو مریض اور ضعیف ہوجانے سے جتنا کہ بدن کو پہنچتا ہے اُس سے زیادہ مادہ قلیل ہوجاتا ہے۔ تو وہ خود ظلمت بھی جو برائیوں کی حامل تھی تحلیل ہوجاتی ہے جیسے ہم دیکھتے ہیں کہ مریض کی خواہش نفسانی غصہ وغیرہ سب دور ہوجاتے ہیں۔ اُس کے اخلاق بدل جاتے ہیں اور وہ پچھلے امور کو ایسا بھول جاتا ہے کہ گویا اس میں وہ موجود ہی نہ تھے اور ایک صورت یہ ہے کہ جب مسلمان کی قوت بہیمی اسکی قوت ملکی سے آزاد ہوتی ہے تو دنیا ہی میں اکثر اُنکے گناہوں پر مواخذہ ہوتا ہے۔ حدیث میں ہے کہ دنیا کی محنت مسلمان کے لئے عذاب ہے۔ واللہ اعلم۔

باب ۵۰

گناہوں کے درجوں میں

معلوم کرو جبکہ بہت سے عمل اور طریقے ایسے ہیں جن سے معلوم ہوجاتا ہے کہ قوت بہیمی ملکی کے تابع ہے ایسے ہی ایسے بھی اعمال ہیں جن سے صاف نافرمانی معلوم ہوا کرتی ہے۔ اُنسے قوائے بہیمی کی سرکشی پیدا ہوتی ہے انہیں امور کو گناہ کہتے ہیں اور گناہوں کے مختلف مرتبے ہیں (۱) وہ گناہ ہیں جو انسانی کمال اور ترقی کا راستہ بالکل مسدود کردیں ایسے بڑے گناہ دو قسم کے ہیں۔ اوّل وہ جن کا تعلق مبدا کی ذات سے ہے آدمی کو اپنے پروردگار سے ہی واعلمی ہو۔ یا اُس کا علم وہ رکھتا ہو لیکن مخلوقین کے اوصاف اُس میں ثابت کرتا ہو یا خدا کی صفات مخلوقین میں ثابت کرتا ہو۔ دوسری صورت تشبہ کی ہے اور تیسری شرک کی۔ نفس میں کبھی تقدیس نہیں پیدا ہوسکتی جب تک کہ علوی تجرد اور تدبیر عام کا جو تمام عالم کو محیط ہو رہی ہے بصیرت کی آنکھ سے مطالعہ نہ کرتا ہے۔ جب اس قسم کا غور نہیں ہوا کرتا تو نفس اپنی ہی حالتیں مشغول ہوا کرتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کبھی بیباکی کا پردہ دور نہیں ہوتا اور بقدر سرِ سوزن بھی یہ یقین منکشف نہیں ہوتا یہ نہایت سخت بلا ہے اور دوسری قسم بڑے گناہ کی اس امر کا اعتقاد کرنا ہے کہ بجز اس بدنی زندگی کے اور کوئی زندگی نہیں ہے اور بدن کے لئے اور کوئی کمال دوسرا نہیں ہے جس کا طلب کرنا اسکو ضروری ہو جب نفس میں یہ خیال جم جاتا ہے تو پھر اسکی نظر کبھی کمال کی طرف نہیں اٹھتی اور جو کہ علاوہ کمال بدن کے دوسرے کمال کا ثبوت عام لوگوں سے جب ہی ممکن ہے کہ موجودہ حالت کی بہمہ وجوہ مخالف حالت کا وہ تصور کر سکیں اگر یہ دونو کمالات جدا جدا اس کے خیال میں نہ آئیں تو کمال عقلی اور کمال حسی دونو ایک دوسرے کے مخالف ہوں اور وہ شخص کمال عقلی کو چھوڑ کر کمال حسی کی طرف مائل ہو جائے۔ اسلئے تعالیٰ اور روزِ آخرت پر ایمان لانا اس کا معیار قرار دیا گیا ہے خدا تعالیٰ فرماتا ہے

والذین لا یؤمنون بالاخرۃ قلوبھم منکرۃ وھم مستکبرون (جو لوگ آخرت کا یقین نہیں ان کے دل منکر ہیں اور وہ متکبر ہیں) حال ہے کہ جب آدمی اس درجہ کے گناہ میں رہکر مر جاتا ہے اور اس کی قوت بہیمی مضمحل ہو جاتی ہے تو نہایت درجہ کی نفرت آسمانی جانب سے اسکو پہنچتی ہے وہ کبھی اپنے آپ کو اس سے رستگار نہیں کر سکتا اور دوسرا مرتبہ گناہ کا یہ ہے کہ قوت بہیمی کے غرور سے آدمی ان فضائل سے تکبر کرتا ہے جو خدا تعالیٰ نے لوگوں کے لئے اپنے کمالات تک پہنچنے کے لئے قرار دیئے ہیں۔ اور اعلےٰ نہایت اہتمام سے پیغمبروں اور شریعتوں کے ذریعہ سے ان کے شائع کرنے اور ان کی شان بلند کرنے کا قصد کرتے ہیں لیکن ایسا شخص ان امور کا انکار کر کے ان سے عداوت کرتا ہے اور جب یہ مرجاتا ہے تو وہ اعلےٰ کی تمام ہستیں اس سے نفرت کرتی ہیں اور اسکو ایذا پہنچانے کی طرف مائل ہوتی ہیں اور خطا ہر جانب سے ایسا احاطہ کر لیتے ہے کہ پھر اس سے نکلنے کا اسکو موقع نہیں ملتا۔ اور چونکہ وہ اپنے کمال کو نہیں پہنچتا اور اگر پہنچا بھی ہے تو وہ پہنچا قابل اعتبار اور لحاظ نہیں ہوتا۔ اسواسطے یہ حالت اس سے کبھی جدا نہیں ہوتی۔ یہ مرتبہ آدمی کو مذاہب میں اپنے پیغمبر کے طریقہ سے باہر کر دیتا ہے اور تیسرا مرتبہ گناہ کا یہ ہے کہ آدمی نجات دہندہ افعال کو ترک کر دے اور ایسے ایسے کام کرے کہ جنکے کرنیوالے پر عالم ذکر میں لعنت مقرر ہے یا تو ان کاموں کی وجہ سے زمین میں کسی بڑے فساد کا گمان غالب ہوتا ہے یا اس کی صورت تہذیب نفس کے بالکل خلاف ہوتی ہے۔ اس کی چند صورتیں ہیں یا وہ شریعت کے احکام کی تعمیل کرے جن سے بجا آوری کا مادہ پیدا ہوتا ہے۔ یا بجا آوری کی کچھ نہ کچھ اس میں آمادگی پیدا ہو جاتی ہے۔ تبلیغ کی تعمیل نفوس کے مختلف ہونے سے مختلف طرح پر ہوتی ہے۔ جو لوگ بہیمیت میں ڈوبے ہوئے ہوں اور یہ قوت ان میں کمزور ہو۔ ان کو تو احکام شرعیہ کی کثرت کی ضرورت ہوتی ہے اور جن میں یہ قوت شدید اور غلیظ ہوتی ہے۔ ان کو اعمال شاقہ کی کثرت کی ضرورت ہوا کرتی ہے اور انہیں اعمال میں سے بعض اعمال درندوں کے سے ہوتے ہیں جو بڑی لعنت کے مستحق ہوتے ہیں مثلاً قتل اور بعض اعمال شہوانی ہوا کرتے ہیں بعض پیشے ضرر رساں ہوتے ہیں جیسے قمار۔ ربوا۔ ان تمام مذکور امور سے نفس میں بڑا رخنہ پیدا ہوتا ہے اس لئے کہ ان امور سے ان امور پر اقدام ہوتا ہے جو لازمی طریقوں کے مخالف ہیں اور ان کو اعلےٰ کی جانب سے لعنت احاطہ کرتی ہے۔ اسلئے ان دونو کے ملنے سے عذاب حاصل ہوتا ہے۔ یہ گناہ کبیرہ کا مرتبہ سب کبائر سے زیادہ ہے خطیر القدس میں ان امور کا حرام ہونا ایسے گنہگاروں کا ملعون ہونا قرار پا چکا ہے۔ انبیاء جیسا ان امور کو بیان فرماتے رہے ہیں جو وہاں قرار پا چکے ہیں ان میں سے اکثر تمام شرائع میں متفق علیہ ہیں۔ چوتھا مرتبہ ان شرائع اور طریقوں کی نافرمانی کرنی ہے جو کہ ہر ایک امت اور زمانہ کے لحاظ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے ہوتی رہتی ہیں۔ اس لئے جب خدا تعالےٰ پیغمبر کو کسی قوم کیطرف مبعوث کرتا ہے تاکہ ان کو تاریکیوں سے روشنی کیطرف پہنچائے انکی کجی کی صلاح کرے۔ عمدگی سے ان کی سیاست کرے۔ تو اس کے مبعوث ہونے میں یہ بات داخل ہوتی ہے کہ نہایت اہم امور جن کے بغیر ان کی صلاح اور سیاست نہیں ہو سکتی واجب قرار پاتے ہیں اسلئے ہر ایک مقصد کی ایک معیار دہی یا اکثری ضرور ہوتی ہے۔ اس کے لحاظ سے ان سے مواخذہ اور خطاب کیا جاتا ہے ہر ایک امر کیلئے اوقات معین کرنے کے لئے ضروری قاعدے ہوا کرتے ہیں اکثر امور سے کوئی فساد یا مصلحت پیدا ہوتی ہے تو جیسے اس امر کی حالت ہوتی ہے ویسا ہی حکم اس کا مقرر کیا جاتا ہے۔ اس لئے بعض امور تو ایسے ہوتے ہیں کہ ان کا امر و نہی ضروری ہوتا ہے اور بعض کا امر اور نہی عنہ ہونا بغیر اہتمام کے ہوتا ہے ایسے اکثر امور نہی کے اجتہاد سے بھی ثابت ہوا کرتے ہیں پانچواں رتبہ یہ ہے کہ شارع نے اسکی کچھ تصریح نہیں کی نہ اعلےٰ میں کوئی حکم اسکے متعلق ہونیکا منقح ہوا لیکن کوئی خدا کا بندہ پوری بحث سے خدا کیطرف متوجہ ہوا اور اس نے قیاس سے یا تجربہ وغیرہ سے ایک شے کا امر یا ممنوع ہونا معلوم کیا جیسے عام لوگوں کو اپنے ناقص تجربہ سے یا حکیم حاذق کو علت کے پائے جانے سے کسی دوا کی تاثیر معلوم ہو جاتی ہے عامی کو تاثیر کی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی اور طبیب نے اس کی کوئی تصریح نہیں کی ہوتی پس ایسا شخص جب تک خود اپنی احتیاط اس امر میں نہ کریگا۔ وہ عمدہ برا نہیں ہو سکتا ورنہ ان کے گمان کی وجہ سے آسمیں اور خدا میں ایک پردہ سا ہو جائیگا اور وہ اسکی وجہ سے مواخذ ہوگا۔ اس مرتبہ میں اصل خوشنودی کے قابل یہ ہے کہ اس مرتبہ کے حالات کو ترک کر کے انکی طرف توجہ نہ کرے لیکن ایسے لوگ بھی موجود ہیں جو اس مرتبہ کے لائق ہیں جسکے وہ قابل ہیں خدا سے جواد ان پر اسی کی کثرت کرتا ہے۔ اسی کو خدا فرماتا ہے انا عند ظن عبدی بی (بندہ کا جیسا میرے ساتھ گمان ہوتا ہے ویسے ہی میں اسکے ساتھ ہوتا ہوں) اور فرماتا ہے (رہبانیۃ ابتدعوھا ما کتبناھا علیھم الا ابتغاء رضوان اللہ) رہبانیت جسکو انہوں نے خود ایجاد کر لیا ہے ہم نے انپر اسکو اسلئے واجب کیا تھا کہ خدا کی رضامندی کی تلاش میں رہیں) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے اوپر سختی نہ کرو ورنہ خدا تم پر سختی کریگا۔ اور فرمایا گناہ وہی ہے جو تیرے دل میں برا اثر پیدا کرے یہی حال اس حکم کی نافرمانی کا ہے جو کسی مجتہد کے اجتہاد سے ثابت ہوا ہو اور اسی مجتہد کا جس نے یہ حکم دیا ہے نافرمانی کرنے والا پیرو اور مقلد ہو واللہ اعلم۔

باب ۵۱

گناہوں کی خرابیوں کے بیان میں

معلوم کرو کہ گناہ صغیرہ اور کبیرہ کا اطلاق دو لحاظ سے کیا جاتا ہے (۱) نیکی اور گناہ کی حکمت کے لحاظ سے (۲) شریعتوں اور طریقوں کے لحاظ سے۔ جو ہر ایک زمانہ سے مخصوص ہوتے ہیں نیکی اور گناہ کی حکمت کی نظر سے گناہ کبیرہ کے معنی یہ ہیں کہ وہ ایسا گناہ ہے جس کے سبب سے قبر یا قیامت میں عذاب ضرور دیا جائے۔ اسکی وجہ سے مذابیر نافع میں کوئی بڑی خرابی برپا ہو۔ فطرت کے کاموں سے وہ بالکل علیحدہ ہو اور گناہ صغیرہ وہ ہے جس سے امور بالا میں سے کسی امر کے ہونے کا شبہ ہو یا اکثر مرتبہ اس سے کوئی امر پہلے امور میں سے پیدا ہوتا ہو یا ایک وجہ سے ہمیں اس قسم کی کوئی خرابی پیدا ہوتی ہو۔ اور دوسری

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وجہ سے وہ خرابی نہ پیدا ہوتی ہو مثلاً کوئی شخص خدا کی راہ میں خرچ کرے اور اُسکے بال بچے بھوکے مرتے ہوں تو اُس نے بخل کی رذیل عادت دفع کی لیکن خانہ داری کی تدبیر کو کھودیا۔ اور خاص خاص شریعتوں کے لحاظ سے کبیرہ گناہ ہے جس کے حرام ہونے کی شارع نے تصریح کردی ہو۔ یا اُس کے مرتکب کے لئے دوزخی ہونے کی وعید کی گئی ہو۔ یا اُسپر کوئی حد مقرر کی ہو۔ یا اُس فعل کی برائی ظاہر کرنے کے متعلق شدت بیان کرنے کو اُسکے مرتکب کو کافر دائرہ اسلام سے خارج کیا ہو کبھی بعض امور نیکی اور گناہ کے لحاظ سے صغیرہ ہوتے ہیں لیکن شریعت کے لحاظ سے وہی کبیرہ قرار پاتے ہیں اُس کی صورت یہ ہے کہ زمانہ جاہلیت میں لوگ کوئی قبیح کام اختیار کر لیتے ہیں۔ وہ رسم ہو کر اُن میں پھیلجاتا ہے۔ اُن کے دلوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیں۔ جب بھی وہ اُنکے دل سے نہیں نکلتا ہے۔ اُس کے بعد شریعت کو اُس سے روکنا چاہتی ہے لیکن وہ لوگ اُس کام پر اڑ جاتے ہیں اُسکے کرنے پر اصرار کرتے ہیں شرع سے اُنکے اصرار پر تہدید اور سختی ہوتی ہے گویا اب اُس کا کرنا شریعت کی سخت مدادت سمجھی جاتی ہے ایسی حالت میں اُسکو وہی شخص کرتا ہے جو مردود اور سرکش ہو خدا اور لوگوں سے اُسکو کسی قسم کی حیا نہ ہو۔ بہرحال ہم اُن گناہوں کی تفصیل جو شریعت کے لحاظ سے کبیرہ قرار دیئے گئے ہیں اس کتاب کی دوسری قسم میں بیان کرینگے۔ وہیں اُن کے بیان کا موقع ہے لیکن ان گناہوں کی خرابیاں جو وہ ہم کی حکمت سے کبیرہ قرار دیگئی ہیں ہم یہیں بیان کرتے ہیں۔

www.KitaboSunnat.com

نیکی کے انواع میں بھی ہم نے ایسا ہی کیا ہے۔ لوگوں نے اسمیں اختلاف کیا ہے کہ جب کوئی شخص گناہ کبیرہ کی حالت میں مرجائے اُسکو توبہ نصیب نہ ہو تو یہ جائز ہے یا نہیں کہ خدا اس گناہ کو معاف کردے ہر ایک فرقہ نے قرآن و حدیث سے اپنے اپنے دلائل بیان کئے ہیں۔ لیکن میرے نزدیک اس اختلاف کو یوں حل کر سکتے ہیں کہ خدا کے افعال دو قسم کے ہوتے ہیں (۱) وہ افعال جو عادت استمراری ہوتے رہتے ہیں (۲) جو خلاف عادت ظہور پذیر ہوتے ہیں اور جو سائل لوگوں کے سامنے ذکر کئے جاتے ہیں وہ بھی دو قسم کے ہوتے ہیں (۱) موافق عادت (۲) بلا قید اور دونوں میں مخالف ہونے کی شرط یہ ہے کہ اُن کی وجہ ایک ہی ہو۔ جیسے منطقیوں نے قضایا سے موجہ (جن میں ثبوت محمول کی کیفیت مذکور ہو) میں ذکر کیا ہے کبھی جب وجہ کو ذکر نہیں کرتے ہیں تو قرآن سے اُس کا پتہ لگانا ضرور ہوتا ہے۔ مثلاً ہم کہیں کہ جو شخص زہر کھائیگا وہ مرجائیگا اس کے معنی یہی ہیں کہ عادت اور معمول کے موافق زہر کا یہ اثر ضرور ہوگا۔ اور جب کہا جائے کہ یہ امر نہیں ہے کہ زہر کھاکر مرہی جایا کریں اس کے معنی یہ ہیں۔ کہ اگر ایسا ہوگا تو خلاف عادت ہوگا۔ اس لئے دونوں باتیں درست ہیں۔ اُن میں کچھ مخالفت نہیں ہے اور جیسے خدا تعالےٰ کی دنیا میں بعض افعال خلاف عادت ہوتے ہیں اور بعض معمول کے موافق ایسے ہی آخرت میں بھی افعال الٰہی دو ہی قسم ہیں معمولی یا غیر معمولی تو خدا کی استمراری عادت تو یہ ہے کہ بغیر توبہ کے مرنے کے بعد وہ گنہگار کو زمانہ دراز تک عذاب دیتا ہے اور کبھی خلاف عادت بھی ایسے کام کرتا ہے۔ ایسے ہی حقوق عباد کا یہی حال ہے۔ اور صاحب کبیرہ کا ہمیشہ دوزخ میں رہنا صحیح نہیں ہے حکمت الٰہی کا مقتضا یہ نہیں ہے کہ جو معاملہ کافر سے کرے ویسا ہی صاحب کبیرہ سے بھی کرے۔ واللہ اعلم۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب ۵۲

اُن گناہوں کے بیان میں جو نفس کی حالت سے متعلق ہیں

معلوم کرو کہ آدمی کی قوتِ ملکی کو ہر جانب سے قوتِ بہیمی احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اسکا حال ایسا ہے جیسے قفس میں کسی پرند کا ہوتا ہے اس پرند کی خوش نصیبی اور سعادت اسی میں ہے کہ اس قفس سے نکل کر اپنے اصلی وطن تر و تازہ باغوں میں پہنچ جائے وہاں غذائی دانوں اور لذیذ میوہ جات کھائے۔ اور اپنے ہمجنس پرندوں کے جھنڈ میں مل کر ہنسی خوشی زندگی بسر کرے۔ اسی طرح آدمی کیلئے نہایت درجہ بدنصیبی اور شقاوت اس میں ہے کہ وہ دہریہ ہو۔ دہریہ کی حقیقت یہی ہے کہ وہ اُن علوم کے مخالف ہو جو اسکی طبیعت اور فطرت میں خدا نے پیدا کئے ہیں پہلے ہم نے بیان کیا ہے کہ آدمی کی اصل فطرت میں مبدا اعلیٰ کی جانب ذاتی میلان ہے اور نہایت درجہ اسکی تعظیم کرنے کی خواہش ہے۔ خدا کے قول واذ اخذ ربک من بنی آدم من ظھورھم ذریتھم واشھدھم علیٰ انفسھم (اور اسوقت کو یاد کر کہ تیرے رب نے بنی آدم کی پشتوں سے اُن کی اولاد کو نکالا اور اُن کو گواہ کیا اپنی جانوں پر) اور کل مولود یولد علیٰ فطرۃ الاسلام (سب کی پیدائش فطرت اسلام پر ہوتی ہے) میں اسکی طرف اشارہ ہے۔ اور خدا تعالےٰ کی بے انتہا تعظیم دلمیں جب ہی راسخ ہوتی ہے کہ خدا کی نسبت اعتقاد کیا جائے کہ وہ اپنے قصد و اختیار سے ہر قسم کا تصرف کرتا ہے۔ اعمال کی جزا دیتا ہے۔ انکو مذہب سے مکلف کرتا ہے۔ جو شخص اُس کا منکر ہو کہ اُس کا کوئی پروردگار ہے جس پر تمام ہستی کا سلسلہ ختم ہوتا ہے۔ یا وہ معتقد ہو کہ پروردگار عالم معطل ہے۔ اس عالم میں وہ کوئی متصرف نہیں کرتا۔ یا تصرف کرتا ہے۔ تو وہ قصداً اور مجبوراً نہ کرتا ہے یا وہ اپنے بندوں کے اچھے برے افعال کی جزا نہیں دیتا۔ یا وہ اپنے پروردگار کو اور مخلوق جیسا اعتقاد کرتا ہے یا اسکے صفات اور لوگوں میں بھی اعتقاد کرتا ہے یا یہ جانتا ہے کہ خدا اپنے بندوں کو پیغمبر کے ذریعہ سے احکام شریعت کا پابند نہیں کرتا پس ایسا ہی شخص دہریہ ہے اسکے دلمیں پروردگار کی عظمت نہیں جمع ہو سکتی اور فطیرۃ القدس کیطرف اُسکے علم کو رسائی نہیں ہو سکتی۔ وہ بمنزلہ ایک پرند کے ہے جو اپنے قفس میں بند ہے۔ اُس میں سوزن کے برابر بھی کوئی سوراخ نہیں۔ مرنے کے بعد اُس پر سب چیزیں ظاہر ہو جائینگی۔ اور کسی قدر قوتِ ملکی ظاہر ہوگی اور اُس کے فطری میلان میں جنبش پیدا ہوگی لیکن پروردگار کے علم اور فطیرۃ القدس کی رسائی سے عوائق مانع ہونگے۔ اور اُس سے اسکے نفس میں نہایت وحشت کا جوش ہوگا اور اُس ناپاک حالت پر باری تعالےٰ اور ملاء اعلےٰ کی نظر پڑیگی تو ناخوشی اور حقارت کی نگاہ تند سے وہ دیکھے جائینگے اور ملائکہ کو اس ناخوشی اور عذاب کا الہام ہوتا ہے۔ اور عالم مثال اور عالم خارجی میں اُن پر عذاب کیا جاتا ہے اور جیسکہ دہریہ ہونا آدمی کیلئے نہایت درجہ شقاوت کا باعث ہے۔ ایسے ہی آدمی کے کافر ہونے میں بھی اسکی ذلت اور شقاوت ہے کافر اُس شان سے تکبر کرتا ہے جسکا اندازہ خدا تعالےٰ نے اسکے نفس کیلئے کیا ہے۔

شان سے مراد یہ ہے کہ حکمت آلہیہ کی مقتضا سے عالم کے لئے خاص دور اور طریقے معین ہوتے ہیں جب کوئی دور شروع ہوتا ہے تو تمام آسمانوں میں اسکی وحی کیجاتی ہے اور ملاء اعلےٰ اُس کی تکمیل کی مناسب تدبیر عمل میں لاتے ہیں اور لوگوں کے لئے اس دور میں شریعت کا ایک قرار داد ہوتا ہے اور خدا ملاء اعلےٰ کو الہام کرتا ہے کہ عالم میں اس دور کے چلانے پر متفق ہوں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان کے اتفاق سے لوگوں کے دلوں پر الہام ہوتا ہے یہ مرتبہ شان کا اسی قدیم مرتبہ کے بعد ہوتا ہے جس میں حدوث کا نشان نہیں ہوتا اس پہلے مرتبہ کی طرح اس مرتبہ میں بھی بعض کمالات واجب تعالیٰ کا اظہار ہوتا ہے جو شخص اس شان کیحالت کے خلاف ہوتا ہے اس سے بیزاری ظاہر کرتا ہے تو ملاء اعلیٰ کی جانب سے نہایت سخت لعنت کا مستحق ہوتا ہے وہ لعنت اسکے نفس کو محیط ہو کر اعمال پر چھا جاتی ہے اور اسکا دل سخت ہو جاتا ہے اور مفید اعمال نیکی کو وہ حاصل نہیں کر سکتا اسکی طرف خدا کے قول میں اشارہ ہے ان الذین یکتمون ما انزلنا من البینت والھدیٰ من بعد ما بینہ للناس فی الکتاب اولئک یلعنھم اللہ ویلعنھم اللاعنون (جو لوگ ہماری کھلی نشانیوں اور ہدایت کو اسکے بعد بھی چھپاتے ہیں کہ ہم نے لوگوں کے لئے کتاب میں صاف صاف بیان کر دیا ہے ان پر خدا اور لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں اور خدا تعالیٰ فرماتا ہے ختم اللہ علیٰ قلوبھم وعلیٰ سمعھم (خدا نے ان کے دلوں اور کانوں پر مہر لگا دی ہے)۔

یہ شخص اس پرندہ کی مانند ہوتا ہے جو ایسے قفس میں بند ہو جسکی روزن تو دین لیکن اس پر کوئی غلاف پڑا ہوا ہو کفر کی ادنیٰ حالت یہ ہے کہ کسی شخص کو توحید اور تعظیم الٰہی کا تو ٹھیک اعتقاد ہو لیکن وہ ان احکام کی تعمیل نہ کرتا ہو جو حکمت بر دوائم قرار دیئے گئے ہیں۔ وہ ایسا ہے جیسے کسی شخص نے شجاعت کی حقیقت اور فائدہ معلوم کر لیا لیکن وہ صفت اسمیں پیدا نہیں ہو سکتی اسلئے کہ نفس شجاعت کا حامل ہوتا ہے اور سورۂ شجاعت کا حاصل ہوتا ہے لیکن اس شخص کیحالت اس سے کسی قدر بہتر ہے جو شجاعت کے معنی بھی نہیں سمجھتا۔ وہ ایسا ہے جیسے کوئی پرندا ایسے قفس میں ہے جسمیں سوراخ ہیں وہ سبزہ زار اور میوہ جات کو دیکھتا ہے۔ رتوں وہاں رہ چکا تھا لیکن اب اپھنسا اسی کے شوق میں مبتلا ہو کر اپنے پر مارا کرتا ہے اور اپنی چونچ روزنوں میں ڈالتا ہے لیکن باہر نکلنے کو راستہ اس کو نہیں ملتا حکمت بر دوائم کے لحاظ سے کبائر یہی ہیں اور اس شخص سے بھی کمتر درجہ اس شخص کا ہے کہ وہ ان تمام احکام کی بجا آوری کرتا ہے لیکن ان شرائط کیساتھ نہیں کرتا جو ان کیلئے ضروری ہیں وہ ایسا ہے جیسے کوئی پرندا قفس میں بند ہے تنگی سے اس سے باہر نکلتا ہے لیکن مبتلا جلد میں خراش نہ ہو اور پر نچ نہ جائیں نکلنا وہاں سے متصور نہیں اس کا قفس نے نکلنا ممکن ہے لیکن بہت محنت دسعی سے۔ چونکہ نکلنے کے بعد اسکی جلد میں خراش ہوگا اور پر نچے نچے ہونگے اسواسطے وہ اپنے ہمجنسوں میں بخوبی محفوظ نہ رہیگا اور جیسا چاہیئے ان باغوں کے میوہ جات سے بھی بہرہ مند نہ ہوگا یہ لوگ وہی ہیں جنہوں نے اعمال صالحہ کیساتھ برے اعمال بھی کئے ہیں۔ انکے لئے عائق اور مانع وہ گناہ ہوتے ہیں جو حکمت بر دوائم کے لحاظ سے صغیرہ گناہ ہیں۔ پصراط کی حدیث میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسی کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ بعض لوگ آگ میں گرینگے اور بعض کو آگ میں گر کر نجات ہو جائیگی اور بعض کو آگ کی لپٹ کے بعد نجات ملجائیگی واللہ اعلم۔

باب ۵۳

ان گناہوں کا بیان جن کا تعلق لوگوں سے ہوتا ہے

معلوم کرو کہ حیوانات کی قسمیں مختلف ہیں بعض کی پیدائش ایسی ہوتی ہے جیسے زمین کے کرم نحاحق یہ ہے کہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پروردگارِ صور کی جانب سے یہی الہام اُن پر ہوتا ہے کہ وہ کیسے اپنی غذا حاصل کریں اُن کو مکانات کی تدابیر کا الہام نہیں ہوتا اور بعض حیوانات ایسے ہیں کہ انہیں توالد و تناسل ہوتا ہے بچوں کی پرورش میں نر و ماده ملکر باہم ایکدوسرے کے معاون ہوتے ہیں حکمت الٰہی میں اُن کا یہ حق ہے کہ مکانوں کی تدابیر کا انکو الہام ہوتا ہے۔ پرند کو غذا حاصل کرنے اور پرواز کا طریقہ الہام ہوتا ہے اور یہ کہ وہ کیسے جفتی کریں کیسے اپنا آشیانہ بنائیں۔ اپنے بچوں کو کیسے پرورش کریں اور حیوانات میں سے آدمی مدنی الطبع ہے اُسکے زندہ رہنے کیلئے ضرور ہے کہ اور اُسکی بنی نوع دستگیری کریں وہ اگی ہوئی گھاس سے خود اپنی غذا طیار نہیں کر سکتا نام میوہ جات نہیں کھا سکتا پشم سے اپنے اندر گرمی نہیں پیدا کر سکتا۔ اس کے متعلق ہم نے پہلے تشریح کی ہے۔ آدمی کا حق ہے کہ غلہ داری کی تدابیر اور آداب معاش کیساتھ سیاست مدن کا بھی اُسکو الہام ہوتا ہے۔ انسان اور حیوانات میں فرق یہ ہے کہ اور حیوانات کو ضرورت کیوقت طبعی الہام ہوتا ہے اور انسان پر علوم معیشت کے ایک مختصر حصہ کا الہام ہوتا ہے۔ مثلاً یہ الہام ہوتا ہے کہ دودھ پینے کیوقت پستان کو کیسے چوستے ہیں آواز کی نکلی کیوقت کیسے کھانستے ہیں۔ دیکھنے کے لئے پلکوں کو کیسے کھولتے ہیں مشیت کے اور حصوں کے الہام کی ضرورت اسکو اسواسطے نہیں ہے کہ اُسکا خیال خود ہر ایک چیز کو بناتا اور اہتمام کرتا ہے وہ تدبیر منزل اور سیاست مدن کے علوم کو رسم و رواج سے اور ان لوگوں کی پیروی سے حاصل کرتا ہے جن کی ملکی روشنی سے خدا تائید کرتا ہے یہ روشنی اُن لوگوں میں ظاہر ہوتی ہے جو وحی کے ذریعہ سے انکو معلوم ہوتے ہیں نیز تجربہ اور تدابیر غیبی سے وہ ان علوم کو حاصل کرتا ہے۔ نیز وہ خود غور کر کے علوم میں مستغرق ہو کر قیاس اور برہان سے انکو معلوم کرتا ہے۔ ان علوم کی مثال جو لوگوں میں عام اور شائع ہو گئی ہیں حالانکہ استعدادوں کے مختلف ہونے سے انکی حالت مختلف ہوتی ہے۔ ایسی ہی شان ہے جیسے کہ خواب میں واقعات پیش ہوتے ہیں یہ واقعات اپنی آسمانی خمیر سے حاصل ہوتے ہیں اور مناسب صورتوں میں جلوہ گر ہوتے ہیں وہ انکی صورتیں مفیض کیوجہ سے نہیں بلکہ لوگوں کیوجہ سے مختلف ہوتی ہیں ان علوم میں سے جو تمام افراد انسانی کو عطا ہوتے ہیں خواہ وہ عرب ہوں یا عجم شہری ہوں یا بدوی گو اُن کے حاصل ہونے کا طریقہ مختلف ہو۔ چند خصائل کا حرام ہونا ہے انکی وجہ سے انتظام مدن میں خرابی اور بربادی ہوتی ہے ایسے خصائل تین قسم کے ہیں (۱) شہوانی اعمال (۲) سبعی اعمال (۳) وہ اعمال جو بد معاملگیوں سے پیدا ہوتے ہیں۔ انکے حرام ہونے کی دلیل یہ ہے کہ تمام لوگ خواہش نفسانی۔ غیرت حرص کے اوصاف میں مشترک ہیں اور جیسے قوی بہائم کو مادہ کا میلان ہوتا ہے وہ دوسرے کی مداخلت کو اپنے جوڑے میں گوارا نہیں کرتے ایسی ہی طبیعت قوی لوگوں کی ہوتی ہے اتنا فرق ہے کہ بہائم باہم لڑنے لگتے ہیں جو زیادہ مضبوط ہوتا ہے وہ کمزور پر غالب ہو جاتا ہے دوسرا اُسکے سامنے سے بھاگ جاتا ہے اور چونکہ جفتی کرتے ہوئے نہیں دیکھتے اسلئے کچھ مزاحمت کا بھی انکو خیال نہیں ہوتا۔ اور آدمی نہایت زیرک پیدا کیا گیا ہے۔ اٹکل سے چیزوں کو ایسا معلوم کر لیتا ہے کہ گویا انکو دیکھ رہا ہے یا سن رہا ہے اور الہام سے اسکو یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ایسے امور میں زیادہ لڑنے جھگڑنے سے شہر ویران ہو جائینگے شہروں میں بسنا بغیر باہمی ہمدردی کے ممکن نہیں اور یہ بھی اسکو معلوم ہے کہ تمدن میں بہ نسبت عورتوں کے زیادہ دخل قوی مردوں کو ہوتا ہے اسواسطے بالہام الٰہی اُن میں یہ خیال پیدا ہو گیا ہے کہ ہر شخص کی بیوی دوسرے سے علیحدہ ہو انہیں دوسرا شخص کسی قسم کی مزاحمت نہ کرے۔ حرمت زنا کی اصل یہی ہے اور بیویوں کے خاص کر لینے کی رسمیں اور طریقے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جدا جدا ہیں اور نیز جیسے کہ قوی بہائم کو ہمیشہ مادنیوں کی رغبت ہوتی ہے وہ نروں سے کبھی مانوس نہیں ہوتے ایسے ہی آدمیوں کا بھی حال ہے کہ سلامتی فطرۃ کی حالت میں انکو بجز عورتوں کے کبھی مردوں کی جانب التفات نہیں ہوتا۔ البتہ جن لوگوں پر ناپاک خواہش نفسانی غالب ہوتی ہے اُن کا مزاج ایسا فاسد ہوجاتا ہے جیسے کسی کو مٹی یا کوئلہ کھانے میں مزہ معلوم ہوتا ہے فطرۃ کی سلامتی اُن میں سے بالکل دور ہوجاتی ہے۔ ایسے لوگ اپنی خواہش نفسانی مردوں سے پوری کرلیا کرتے ہیں یا ان میں علت آبہ پیدا ہوجاتی ہے جن چیزوں میں سلیم الطبع لوگوں کو لذت حاصل نہیں ہوتی وہ انکو ایسی لذتیں حاصل ہوسکتی ہیں ان عادات کیوجہ سے انکا مزاج بدلجاتا ہے۔ اُنکے دل روگی ہوجاتے ہیں اور نیز ان عادات سے نسل انسانی کی بیخ کنی ہوتی ہے خدا تعالےٰ نے یہ خواہش اسواسطے پیدا کی تھی کہ اس سے نسل آدمیوں کی آگے کو بڑھتی رہے اور اس نے اس نظام الٰہی کو بگاڑ کر اسکے مخالف طریقہ سے قضائے حاجت کی اسیوجہ سے ان افعال کا مذموم ہونا لوگوں کی طبیعتوں میں جم گیا ہے۔ فاسق فاجر ایسے افعال کرتے ہیں لیکن انکا اقرار نہیں کرتے اگر انکی طرف ایسے افعال کی نسبت کیجئے تو شرم و حیا سے مرجانا کو لڑ کرتے ہیں۔ ہاں منبع فطری سے جب وہ بالکل جدا ہوگئے ہوں تو اُن کو کسی قسم کی حیا باقی نہیں رہتی اور برملا وہ ایسے افعال عمل میں لاتے ہیں جب یہاں تک نوبت پہنچ جائے تو فوراً اُن کو عذاب دینا چاہئے۔ سیدنا حضرت لوط علی نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ میں بھی یہی حالت پیدا ہوگئی تھی۔ لواطت حرام ہونے کی یہی دلیل ہے۔ اور چونکہ لوگوں کی معاش فلاکی تدابیر اور سیاست مدن بغیر عقل و تمیز کے مکمل نہیں ہوسکتیں اور شراب خوری کی عادت سے تمام انسانی انتظامات میں خلل پڑجاتی ہے اس سے جنگ و جدل اور ذاتی رنجشیں پیدا ہوتی ہیں لیکن طبائع انسانی میں بیہودہ خواہشیں عقلوں کو مغلوب کرلیتی ہیں۔ تو ان میں ایسے ایسے رذائل کا میلان پیدا ہوجاتا ہے اور تمام تدابیر کو وہ تلف کردیتی ہیں اگر ایسی ایسی حرکات کی روک ٹوک نہ کیجائے تو لوگ ہلاک ہوجائیں یہ شراب خوری کے حرام ہونے کی دلیل ہے اور اس کے کم زیادہ حرام ہونے کو ہم شرائع کی بحث میں بیان کرینگے اور ایسے ہی قوی بہائم میں اس چیز پر غصہ کرنے کا مادہ ہوتا ہے جو انکو اپنے مقصود سے باز رکھے یا کوئی نقصانی یا بدنی تکلیف ان کو پہنچائے ایسے ہی لوگوں میں بھی اس قسم کی صفت ہوا کرتی ہے۔ فرق یہ ہے کہ بہائم کو محسوس یا موہوم مقصود کیطرف توجہ ہوتی ہے اور آدمی وہمی اور عقلی مطالب کو طلب کرتا ہے اور بہ نسبت بہایم کے آدمی میں حرص کا مادہ زیادہ ہے اور بہایم باہم لڑتے ہیں جب ان میں سے کوئی بھاگ جاتا ہے تو اس کی طبیعت میں کینہ وغیرہ باقی نہیں رہتا۔ بعض بہائم بھی ایسے ہیں جن میں کینہ کا اثر لمبد کو بھی رہتا ہے جیسے اونٹ بیل گھوڑا لیکن آدمی اپنی عداوت کو نہیں بھولتا پھر اگر باہمی لڑائیاں برابر جاری رہیں تو شہر خراب ہوجائیں اور تمام امور معاش مختل ہوجائیں۔ اس واسطے قتل اور زدوکوب کے حرام ہونے کا اُن کو الہام ہوا ہے۔ قتل وغیرہ اگر تجویز کیا جائیگا تو کسی بڑے قصاص وغیرہ کی مصلحت کی وجہ سے تجویز کیا جائیگا اور کبھی لوگوں کے دلوں میں کینہ کا جوش پیدا ہوتا ہے اور قصاص کا اُن کو اندیشہ ہوتا ہے اسواسطے کھانے میں زہر ملا دیتے ہیں یا جادو سے قتل کرڈالتے ہیں اس کا حال بھی قتل کا سا ہے بلکہ اُس سے بھی زیادہ ہے۔ قتل تو برملا ہوتا ہے اُس سے نجات بھی ممکن ہے لیکن اس سے بچنا مشکل اور کبھی متہم کرکے کسی صاحب حکومت کو قتل کروادینے کی غرض سے سخن چینی کی جاتی ہے اور معاش کے طریقے اللہ تعالےٰ نے

محفوظ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے بندوں کیلئے یہی قرار دیئے ہیں کہ مباح زمین سے کوئی چیز حاصل کریں۔ اُسمیں نوشی چرائیں کھیتی کریں یا زراعت و تجارت وغیرہ سے معاش پیدا کریں۔ شہر یا مذہب کا انتظام کریں۔ جو پیشے اِنکے علاوہ ہیں وہ تمدن کیحالات کے مناسب ہیں لیکن بعض لوگ مضر پیشے اختیار کر لیتے ہیں مثلاً چوری یا غصب اِن سے شہر تباہ ہو جاتے ہیں۔ اسواسطے خدا نے لوگوں کو الہام سے اِن سب مضر پیشوں کو حرام ہونا تلقین کیا ہے عام لوگوں کا ان کی حرمت پر اتفاق ہو گیا ہے۔ گو سرکش لوگ طغیانی نفس سے ان کے مرتکب ہوتے ہیں لیکن انصاف پسند سلاطین کی یہی کوشش ہوتی ہے کہ ان کو دور کر دیں بعض بیوقوف سلاطین کو اِن کے استیصال کا اہتمام ہوتا ہے جھوٹے دعاوی جھوٹی قسمیں جھوٹے گواہوں کا پیشہ کر لیتے ہیں۔ ناپ تول میں کمی کرتے ہیں۔ قمار بازی کرتے ہیں۔ دو چند سہ چند سود کھاتے ہیں۔ ان سب امور کا حکم بھی اُنہیں مضر پیشوں کا سا ہے اور خراج کی زیادہ ستانی بھی بمنزلہ رہزنی کے ہے بلکہ اُس سے بھی بدتر ہے۔ بہرحال انہیں اسباب سے لوگوں کے دلوں میں ایسے امور کی حرمت آگئی ہے۔ جو لوگ زیادہ ہوشمند سلیم الرائے مصالح عامہ کے زیادہ واقف ہوتے ہیں وہ درجہ بدرجہ ہمیشہ لوگوں کو ان امور سے منع کرتے رہتے ہیں حتےٰ کہ یہ عام رواج ہو کر اور مشہور امور کی طرف بمنزلہ بدیہیات کے ہو جاتے ہیں۔ اور جب لوگوں میں الہامی طور پر اُن کا بیان ہوتا ہے۔ اسی کا اثر ملاء اعلےٰ میں ہوتا ہے کہ یہ امور حرام اور نہایت پُر مضرت ہیں اس لئے جو شخص ایسے افعال کا مرتکب ہوتا ہے تو اُنکو سخت اذیت ہوتی ہے۔ جیسے ہمارا پاؤں جب چنگاری پر پڑتا ہے تو فوراً اسی لمحہ میں قوائے ادراکیہ میں اُس کا اثر منتقل ہو جاتا ہے اور اُس اذیت کے خطوط شعاعی اُس عاصی کو احاطہ کر لیتے ہیں اور فرشتوں وغیرہ میں سے اصحاب استعداد کے دلوں میں پڑتا ہے کہ اُس شخص کو جب ممکن ہو ایذا پہنچائیں جب وہ شخص مر جاتا ہے اور اس مصلحت میں خاموشی ہو جاتی ہے تو خدا تعالےٰ اُس کو پوری طرح پر جزا دیتا ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے سنفرغ لکم ایتہا الثقلان (اے اِس دو جن میں تمہارے لئے قریب فارغ ہونیوالا ہوں واللہ اعلم۔

چھٹا مبحث مذہبی سیاستوں کے بیان میں

باب ۵۴

اسکے بیان میں کہ مذہبی رہنماؤں اور مذہب کے قایم کرنیوالوں کی ضرورت ہے

خدا تعالےٰ فرماتا ہے اِنما انت منذر و لکل قوم ہاد (بیشک تو ڈرانے والا ہے اور ہر ایک قوم کے لئے کوئی نہ کوئی رہبر ہوا کرتا ہے) معلوم کر دکہ گو وہ اصول و قوانین جن سے ہیئت کو قوت ملکی کے تابع بناتے ہیں اور وہ گناہ جو قوت ملکی کے بالکل مخالف ہیں عقل سلیم سے بھی معلوم ہو سکتے ہیں وہ ان اصول کے فوائد اور اُن گناہوں کی مضرتوں کو معلوم کر سکتے ہیں لیکن لوگ اُن سے غفلت میں رہا کرتے ہیں اُن کی سمجھ پر چونکہ پردے پڑے ہوئے ہیں اسلئے اُنکی وجدانی قوت صفراوی آدمی کی طرح بگڑ جاتی ہے۔ مقصود حالتیں اور اُن کی منفعتیں اور اندیشناک حالتیں اور اُنکے ضرر اُن کے خیال میں نہیں آتے اسلئے تمام لوگوں کو ایک ایسے واقف کی ضرورت ہے جو رہنمائی کے قوانین کو خوب جانتا ہو لوگوں کا ان قوانین سے انتظام کرے۔ اُن لوگوں کو ہدایت کر کے آمادہ کرے۔ اُن قوانین کی مخالفت سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رکھے۔ بعض لوگوں کی رائے ایسی فاسد ہوتی ہے۔ اُنکے مقصود بالذات وہ طریقے ہوتے ہیں جو مطلوب اصول کے مخالف ہوتے ہیں اسلئے وہ خود بھی گمراہی میں رہتے ہیں اور اوروں کو بھی گمراہ کرتے ہیں۔ لوگوں کی حالت جب ہی درست ہوتی ہے کہ ایسے خیالات بالکل نابود کر دیئے جائیں۔ اور بعض لوگوں کی رائے میں کسی قدر ہیرا پھیری ہوتی ہے لیکن ہدایت کے صرف مختصر حصہ کو وہ معلوم کر سکتے ہیں اسلئے چند امور اُن کی یاد میں رہتے ہیں اور بہت سے امور میں اُن کی نظر چوکتی ہے یا اُن کو خیال ہوتا ہے کہ وہ فی نفسہ بڑے کامل ہیں اُنکو کسی مکمل کی حاجت نہیں ہے اسواسطے اُن کی اصلاح کے لئے ایسے شخص کی ضرورت پڑتی ہے جو اُنکو جہل پر مطلع کر دے بہرحال لوگوں کو ایک ایسے واقف کی ضرورت ہے جس کو پوری واقفیت ہو لغزشوں سے وہ بالکل محفوظ ہو۔ اور جب عقل معاش اکثر لوگوں میں موجود ہے۔ تمدن کی اصلاحات اور انتظامات کو مستقل طور پر معلوم کر سکتی ہے تاہم شہر کو ایسے شخص کی ضرورت رہا کرتی ہے۔ جو بخوبی تمدن کی مصلحتوں سے واقف ہو اُن کی سیاست شائستگی سے کر سکے تو پھر جب ایسا فرقہ ہو جن کی استعدادیں نہایت درجہ مختلف ہوں۔ اور ایسا طریقہ ہو کہ اُس کو دلی شہادت ہے وہ ہی لوگ قبول کر سکیں جو نہایت نزدیک ہوں اُنکی فطرت علائق سے صاف ہو کامل تجربہ اُن کو حاصل ہو اُس طریقہ کی رہبری صرف اُنہیں کو ہو سکتی ہے جو انسانی طبقہ میں اعلےٰ درجہ کے ہوتے ہیں اور ایسے لوگوں کا وجود شاذ و نادر ہوا کرتا ہے تو ایسی حالت میں کیونکر کامل کی حاجت نہ ہوگی۔ اور جب آہنگری و رودگری وغیرہ پیشے عام لوگوں سے بغیر اُن اصول کے جو اُن کے بزرگوں سے اور رہنما استادوں سے برابر نقل ہوتے چلے آتے ہیں وہ اُن سے لوگوں کو آماد کرتے رہتے ہیں پایہ تکمیل کو نہیں پہنچتے تو ان عمدہ مطالب کی رہنمائی جن کے سمجھنے کی خاص لوگوں کو ہی توفیق ہوتی ہے اور خالص طبیعت کے لوگوں ہی کو وہ مرغوب ہوتے ہیں کیسے ہو سکتی ہے۔ ایسے عالم کو ضرور ہے کہ لوگوں کو برملا علی رؤس الاشہاد ثابت کر دے کہ وہ رہنما طریقہ کا عالم ہے۔ اپنے اقوال میں خطا اور گمراہی سے معصوم اور محفوظ ہے اور یہ بھی ضرور ہے کہ وہ اصلاح کے ایک حصہ کو اختیار کرے اور دوسرے ضروری حصہ کو ترک کر دے اُسکی دو صورتیں ہوتی ہیں (۱) یہ کہ کسی ایسے پہلے بزرگ کے کلام کو نقل کر دے۔ جس پر سلسلۂ کلام ختم ہوتا ہے۔ اور لوگ اُسکے کمال اور معصومیت کے باتفاق معتقد ہوتے ہیں۔ اُن لوگوں میں اسکی روایتیں محفوظ ہوتی ہیں وہ اُنہیں کے اعتقادات کے موافق لوگوں سے مواخذہ کرتا ہے اور اُنہیں کی دلیل پیش کر کے اُنکو ساکت کر دیتا ہے اُسکی وجہ یہ ہوتی ہے۔ کہ گفتگو کا خاتمہ اُس شخص پر ہوتا ہے جس پر سب لوگوں کا اتفاق ہوا کرتا ہے۔ بہرحال لوگوں کو ایسے شخص کی بڑی ضرورت ہے جو معصوم ہو اور اُسکی عصمت پر سب کا اجماع ہو۔ ایسا آدمی خواہ اُن میں موجود ہو یا اُس کے اقوال اُن کے ذہنوں میں محفوظ ہوں ایسے معصوم کا لوگوں کے مطیع ہونے کی حالت اُن قوانین کو جو اس حالت سے پیدا ہوتے ہیں اُس کے منافع کو معلوم کرنا گناہوں اور گناہوں کے مضر اثروں پر اطلاع کسی دلیل کے ذریعہ سے یا عقل سے یا بذریعہ حس کے نہیں ہو سکتی بلکہ اُن کا انکشاف صرف وجدان سے ہوا کرتا ہے۔ جیسے گرسنگی اور تشنگی اور درد و اخمار یا بارد کی تاثیر صرف وجدان سے ہی معلوم ہوتی ہے ایسے ہی روح کے مناسب اور مخالف امور کی شناخت صرف ذوق سلیم سے ہوتی ہے۔ خدا تعالےٰ بدیہی طور پر اُس کی ذات میں علم پیدا کرتا ہے کہ وہ خطا سے محفوظ رہے۔ اور تمام وہ چیزیں جن کا اُس نے ادراک کیا ہے بالکل حق اور واقع کے مطابق ہیں جیسے کہ دیکھنے والے کو دیکھتے ہی معلوم ہو جایا کرتا ہے اس کو کچھ اختمال

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں ہوتا کہ میری بینائی میں کچھ فرق ہے یا خلاف واقع میں اُن چیزوں کو دیکھ رہا ہوں اور جیسے زبان کے موضوع الفاظ کا علم ہوتا ہے مثلاً عربی دان کو اسمیں شک نہیں ہوتا کہ ماء (پانی) اس عنصر کیلئے موضوع ہے۔ اور ارض (زمین) کا لفظ اس عنصر کیلئے موضوع ہے حالانکہ اس علم کی نہ کوئی عقلی دلیل ہے نہ اُس لفظ اور معنی میں کوئی لزوم عقلی ہے تاہم خدا ان امور کا بدیہی علم طبیعتوں میں پیدا کرتا ہے۔ اکثر لوگوں کو ان وجدانی علوم کی صداقت اپنے فطری وجدان سے ہوجاتی ہے۔ وہ ہمیشہ تحیک قوانین کو اپنے علم وجدانی سے معلوم کر لیتے ہیں۔ پیاپے یہ وجدانی علم اُن کو حاصل ہوتا رہتا ہے اور اپنے وجدان کی صداقت کا اُن کو ہمیشہ تجربہ ہوتا رہتا ہے اور ایسے لوگوں کے علاوہ اوروں کو یقینی یا مشہور دلائل سے خوب ثابت ہوجاتا ہے کہ یہ شخص جن امور کیطرف ہم کو بلاتا ہے وہ سب حق ہیں۔ اس شخص کے چال چلن ایسے عمدہ ہوتے ہیں کہ کذب کا احتمال نہیں ہوسکتا۔ اور نیز لوگ اُس کی ذات میں تقرب کے آثار دیکھتے ہیں۔ معجزات اُس سے صادر ہوتے ہیں اُسکی دعائیں مقبول ہوتی ہیں۔ حتے کہ یقین ہوجاتا ہے کہ سماوی تدابیر میں اُس کا درجہ بلند ہے۔ اُس کا نفس مقدس ہے۔ اُسکو ملائکہ سے اتصال ہے ایسا شخص اسی قابل ہے کہ خدا کی طرف جھوٹی بات کو منسوب نہ کرے اور گناہ کو عمل میں نہ لاوے۔ اُسکے بعد اُس شخص سے ایسے ایسے امور ظاہر ہوتے رہتے ہیں جن سے لوگوں کے دل میں نہایت ہی الفت پیدا ہوتی ہے ان کی وجہ سے وہ لوگوں کو مال اور اولاد سے زیادہ عزیز ہوجاتا ہے تشنہ آدمی کو آب زلال کی ایسی رغبت نہیں ہوتی جیسی لوگوں کو اُس سے رغبت ہوتی ہے بغیر ایسے شخص کے کسی فرقہ اور قوم میں حالت مقصودہ کا رنگ نہیں چڑھ سکتا ہے۔ اسی وجہ سے لوگ اس قسم کی عبادت میں مصروف رہا کرتے ہیں اور اپنے تمام امور کی ایسے شخص کیطرف نسبت کرتے ہیں جس میں ایسے امور کے ہونے کا اعتقاد ہوا کرتا ہے خواہ وہ اعتقاد اُن کے صحیح ہوں یا غلط واللہ اعلم۔

باب ۵۵

حقیقۃ النبوۃ وخواصہا

نبوت کی حقیقت اور اُسکے خواص کے بیان میں

معلوم کرو کہ انسانی طبقوں میں سب سے اعلےٰ درجہ کے لوگ مفہمین ہیں یہ لوگ اہل اصطلاح ہوتے ہیں۔ اُنکی ملکی قوت نہایت بلند ہوتی ہے ان لوگوں سے یہ ہوسکتا ہے کہ تمدنی خواہش سے کوئی انتظام مقصود قائم کریں۔ اور اعلےٰ کی جانب سے اُن پر علوم اور الٰہی حالات وارد ہوتے ہیں مفہمین کی سیرت میں یہ امور داخل ہوتے ہیں۔ اُن کے مزاج اور خلقت اور خلق میں اعتدال اور تناسب ہوتا ہے اُن میں جزئی رایوں کی وجہ سے بیتابی نہیں ہوتی۔ اور نہ ایسے پرلے درجہ کی ذکاوت ہوتی ہے۔ کہ کلی سے جزئی کو اور روح سے صورت کو معلوم نہ کرسکیں۔ نہ ایسی عبادت ہوتی ہے کہ جزئی سے کلی کی طرف اور صورت سے روح کی جانب منتقل نہ ہوسکیں سب لوگوں سے زیادہ وہ جادۂ راست کا پابند ہوتا ہے۔ عبادت میں اُس کی نہایت پسندیدہ شان ہوتی ہے۔ لوگوں کے معاملات میں انصاف پسند ہوتا ہے۔ تدابیر کلی کو ہمیشہ پسند کرتا ہے منفعت عام کا ہمیشہ راغب رہتا ہے کسی کو بالطبع ایذا نہیں دیتا ہاں اگر تکلیف اور ایذا پر عام نفع موقوف

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہو یا نفع عام کو اید الازم ہو تو البتہ اُس سے ایذا پہنچتی ہے عالم غیب کیجانب ہمیشہ اُسکا میلان رہتا ہے اثر اُسکی گفتگو میں اُسکے چہرہ میں اور اُس کی تمام حالتوں میں محسوس ہوتے رہتے ہیں اُس کے ہر ایک پہلو سے علوم ہوتا ہے کہ عالم غیب سے اُسکو تائید پہنچتی ہے اور نہ ریاضت سے اُسکو ایسا قرب اور تسکین حاصل ہوتی ہے جو اور کسی کو حاصل نہیں ہوتی علمین کی قسمیں اور استعدادیں مختلف ہوا کرتی ہیں جسکی اکثر یہ حالت ہو کہ خدا کی جانب سے اُن علوم کو اخذ کرتا رہے جن سے عبادتوں کے ذریعہ سے نفس میں تہذیب پیدا ہوتی ہے اسکو کامل کہتے ہیں اور جو اکثر اخلاق کامل اور تدبیر منزل کے علوم کو اخذ کرے اسکو حکیم کہتے ہیں اور اکثر انتظامات کلی کو حاصل کر کے لوگوں میں عدل اور انصاف قائم کرے اور ان سے اوروں کی جور و تعدی کو دفع کرے اُس کا نام خلیفہ ہے اور جس کو ملاء اعلے کی حضوری ہو یہ فرشتے اسکو تعلیم دیں۔ اُس سے خطاب کریں اُسکو وہ آنکھوں سے نظر آئیں اور مختلف قسم کی کرامتیں اُس سے ظاہر ہوں اُس کا نام مویدبروح القدس ہے اور جس کی زبان اور دل پر نور ہوں لوگوں کو وہ اپنی حکمت اور مواعظ سے نفع پہنچائے اور پیر وہی تسلی اور نور اسکے خاص صحابہ اور حواریین میں منتقل ہو۔ وہ اُس کی برکت سے کمالی درجات تک پہنچ جائیں۔ اُسکو انکی ہدایت اور رہبری کی نہایت ہی حرص ہو اُسکو ہادی مزکی کہتے ہیں۔ اور جس کا بڑا حصہ علمی مذہب کے قواعد اور مصالح ہوں۔ وہ اُسکا زیادہ مشتاق ہو کہ اُن علوم کو قائم کرے جو محو ہو گئے ہیں اُس کو امام کہتے ہیں اور جس کے دل میں القا کیا گیا ہو کہ لوگوں کو اُن مصائب اور صدقات کا حال بتا دے جو دنیا میں اُنکے لئے مقدر ہوں یا کسی قوم کے ملعون اور مردود ہونے کو معلوم کر کے انکو اسکی اطلاع دے یا بعض اوقات تجرید نفس کی حالت میں اُن واقعات کو اُسنے معلوم کیا جو قبر اور حشر میں لوگوں کو پیش آنے والے ہیں اور یہ اس قسم کے حالات انکو بتائے اُسکو منذر کہتے ہیں۔ جب حکمت الٰہی کا اقتضا ہوتا ہے کہ کسی قوم لوگوں کی طرف بھیجے تو خدا تعالےٰ اُس شخص کے باعث سے لوگوں کو ظلمتوں سے نور کی طرف نکالتا ہے۔ بندوں پر خدا کا فرض ہوتا ہے کہ اپنی زبانوں اور دلوں سے اُسکے آگے سر تسلیم جھکا دیں ملاء اعلے کو اس کی تاکید ہوتی ہے کہ اُسکے فرمان پذیروں سے خوشنود ہو کر اُنکے شریک رہیں اور مخالفوں سے ناخوش ہو کر اُن سے علیحدگی کریں خدا لوگوں کو اسکی اطاعت کرتا ہے۔ اُن پر اُسکی اطاعت واجب کرتا ہے۔ ایسا شخص نبی ہوتا ہے اور تمام انبیاء سے جسکے زیادہ عزوشان والا وہی ہے جس میں ایک اور ہی قسم کی بعثت ہوتی ہے اسکی نسبت مراد الٰہی یہ ہوتی ہے کہ لوگ زندگی کی تیرگیوں سے نکلکر نورانیت اپنے اندر پیدا کریں۔ اور اسکی قوم عام لوگوں کے لئے رہبر بنے اس طرح پر گویا اُس نبی کی بعثت میں ایک دوسرے قسم کی بعثت ہوا کرتی ہے پہلی حالت کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے۔ ہوالذی بعث فی الامیین رسولا منہم الخ دوسری حالت کیطرف خدا کے قول کنتم خیر امۃ اخرجت للناس میں اشارہ ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فانا بقیتم میسرین ولم تبعثوا معسرین تم لوگوں میں آسانیاں بڑھانے کو پیدا ہوئے ہو نہ دشواریاں بڑھانے کو ہمارے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم میں مفہمین کے تمام کمالات بالاستیعاب جمع تھے اور دونو نعمتوں میں سے کامل حصہ آپکو حاصل تھا۔ اور جو انبیاء علیہم السلام کو آپ سے پیشتر گذرے ہیں اُنکو نبوت میں صرف ایک یا دو فن حاصل تھے اور معلوم کرنا چاہئے کہ حکمت الٰہیہ انبیا کے بعثت کی اسلئے مقتضی ہوا کرتی ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بہتریوں کی اصلی اور قابل اعتبار بہتری مدابیر بعثت میں ہی منحصر ہوا کرتی ہے۔ اور اس بہتری کی اصلی حقیقت کا علم گو صرف علام الغیوب کو ہی ہوتا ہے لیکن اتنا ہم بھی یقیناً جانتے ہیں کہ ضرور انبیا کے مبعوث کرنے کیلئے ایسے ایسے اسباب ہوا کرتے ہیں۔ جو بعثت سے تخلف نہیں کیا کرتے۔ انبیاء کی پیروی لوگوں پر اسی لئے فرض کیجاتی ہے کہ خدا تعالےٰ کو علم ہوتا ہے کہ کسی قوم کی درستی اور خوبی اس میں ہی ہے کہ وہ خدا کی اطاعت کریں اور اسکی عبادت کریں لیکن ان لوگوں کی نفوس اس قابل نہیں ہوا کرتے کہ وہ خود علوم الٰہی کو اخذ کریں۔ اُن کے حال کی درستی اُس میں ہوتی ہے کہ وہ نبی کا اتباع کریں اس لئے خدا خطیرۃ القدس میں مقرر فرماتا ہے کہ نبی کا اتباع واجب ہے۔ وہاں اس امر کا فیصلہ ہو جاتا ہے۔ اُس کے مختلف طریقے ہیں کبھی تو بعثت کا وقت خاص دولت اور قوت کے غلبہ کا اور دیگر طاقتوں کے سرنگوں کرنے کا زمانہ ہوتا ہے اس لئے خدا تعالےٰ ایسے شخص کی بعثت کرتا ہے جو اس دولت اور طاقت والوں کے دین کو درست کر دے جیسے سیدنا محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت۔ یا خدا تعالےٰ مقدر کرتا ہے کہ کسی قوم کو باقی رکھے اور لوگوں پر اُن کو برگزیدہ کرے۔ اس لئے ایسے شخص کو مبعوث کرتا ہے جو اُن کی کجی کو رفع کر دے اور اُن کو کتاب الٰہی کی تعلیم دے۔ جیسے سیدنا حضرت موسےٰ علی نبیا وعلیہ السلام کی بعثت۔ یا اُن امور کا نظم و نسق ہوتا ہے جو کسی قوم کیواسطے مقدر ہوتے ہیں کہ اُنکی دولت یا مذہب جسکی کسی مجدد کے ذریعہ سے اصلاح کی ضرورت ہوتی ہے باقی رکھی جائیں حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علی نبیا وعلیہم السلام اور ہر نبیا بنی اسرائیل علیہم السلام کی ایک جماعت کی یہی حالت تھی۔ خدا تعالےٰ نے ان تمام انبیا علیہم السلام کے لئے دشمنوں پر فتحمندی کو مقدر کیا تھا جیسے کہ خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ ولقد سبقت کلمتنا لعبادنا المرسلین انھم لھم المنصورون وان جندنا لھم الغلبون (اپنے پیغمبر بندوں کے لئے ہمارا قول پہلے ہی طے ہو چکا تھا کہ وہ ہمیشہ فتحمند رہینگے اور ہمارا لشکر ہی غالب ہو کر رہیگا) ان انبیا کے علاوہ ایسے لوگ بھی ہوا کرتے ہیں۔ جو اتمام حجت کے لئے پیدا کئے جاتے ہیں واللہ اعلم۔ اور جب کوئی نبی مبعوث ہو تو ان لوگوں پر جنکی جانب وہ مبعوث ہوا ہے فرض ہے کہ گو وہ راہِ راست پر ہی کیوں نہ ہوں لیکن اُس نبی کا سب اتباع کریں۔ اسلئے کہ ایسے بلند رتبہ شخص سے سرتابی سے اعلےٰ کی لعنت اور ذلت و رسوائی پیدا ہوا کرتی ہے نبی کے آنے کے بعد لوگوں کو خدا کی حضور میں تقرب خود حاصل نہیں ہو سکتا۔ ایسی سرکشی کی حالت میں اُنکی تمام کوششیں رائیگاں ہو جایا کرتی ہیں۔ انکے مرنے کے بعد چاروں طرف سے اُنکے دلوں کو لعنت گھیر لیتی ہے علےٰ ان ہذا صورۃ مفروضۃ غیر واقعۃ تم کو یہود کی حالت سے عبرت حاصل کرنی چاہئے انہوں نے دین میں کیسی کیسی زیادتیاں اور کتاب الٰہی میں کیسی تحریف کی تھی اسلئے سب لوگوں سے زیادہ اُنکے لئے پیغمبر بعثت کی ضرورت تھی اور پیغمبروں کے بھیجنے سے خدا کی محبت لوگوں کے مقابلے اس لئے ثابت ہوتی ہے کہ اکثر لوگوں کی پیدائش اس قابل نہیں ہوا کرتی کہ وہ بلا واسطہ مفید اور مضر امور کو حاصل کر سکیں بلکہ اُن کی استعداد ضعیف ہوتی ہے۔ انبیا کے بتانے اور خبر دینے سے اُسکو قوت پہنچتی ہے۔ اور نیز ایسے ایسے خراب اور فاسد امور جمع ہو جاتے ہیں کہ بغیر حیرا اور دلیل کے دفع نہیں ہو سکتے لوگ اس قابل ہو جاتے ہیں کہ دنیا اور آخرت میں اُن کے اعمال کی باز پرس کیجائے۔ تب بعض اسباب علوی اور سفلی کے جمع ہونے کے بعد لطف خداوندی کا اقتضا ہوتا ہے کہ کسی قوم میں سے نہایت نرکی شخص پر وحی کرے کہ لوگوں کو حق کیجانب رہنمائی کرے اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

راہِ راست کی جانب انکو بلائے۔ اس لئے نبی کا حال رہبری کے بارہ میں ایسا ہوتا ہے جیسے کسی ملک کے غلام بیمار ہو جائیں اور وہ مالک اپنے خواص میں سے کسی کو حکم دے کہ انکو دوا پلاؤ خواہ وہ خوشی سے پئیں یا ناگواری اور ناخوشی سے۔ اسوقت میں اگر یہ شخص انکو دوا پینے پر مجبور بھی کریگا۔ تاہم حق پر ہوگا لیکن پوری مہربانی اسکی مقتضی ہے کہ اول ان کو بتادے کہ تم بیمار ہو اور یہ دوا تم کو نفع دیگی۔ اور اُنکے سامنے خلافِ عادت و معمول ایسے افعال بھی ظاہر کرے جن سے اُنکے دلوں میں بخوبی بیٹھ جائے کہ وہ اپنے اقوال میں بالکل سچا ہے اور نیز اسکو مناسب ہے کہ اس دوا میں کوئی شیریں چیز بھی ملادے۔ ان امور کے بعد وہ اُس کے احکام کی بجا آوری اپنی بصیرت اور رغبت سے کرینگے۔ اسی وجہ سے معجزات اور قبولیتِ دعا وغیرہ اصل نبوت سے محض خارج اور علیحدہ ہیں۔ ہاں اکثر حالتوں میں لازم ضرور ہوا کرتے ہیں اور بڑے بڑے معجزات کا ظہور اکثر تین اسباب سے ہوا کرتا ہے (۱) کوئی نبی مفہمین کے رتبہ کا ہوتا ہے اسوجہ سے بعض بعض حوادث اسکو ظاہر ہو جایا کرتے ہیں اور یہ ظہورِ دعاؤں کی قبولیت اور ان امور میں موجب برکات ہو جاتا ہے۔ جس کے لئے برکت کی دعا کی جاتی ہے اور جس کے لئے برکت کی دعا کی جاتی ہے اور برکت کے ہونے کی بھی مختلف صورتیں ہوتی ہیں کبھی کسی شے کا نفع زیادہ ہو جاتا ہے مثلاً اعدا کے خیال میں لشکر کی کثرت متمثل ہوتی ہے اسلئے وہ بزدل ہو جاتے ہیں یا طبیعت غذا کو خلط صالح بنا دیتی ہے اس سے ایسا اثر ہوتا ہے گویا اُس غذا سے دو چند زیادہ تناول کی ہے اور کبھی خود اصل شے ہی بڑھ جاتی ہے اسطرح پر کہ کسی صورت کے مادہ ہوائی میں کوئی قوت مثالی حلول کرتی ہے اور اُس کو بدلدیتی ہے ان اسباب کے علاوہ اور بھی اسباب ظہورِ برکات کے ہوتے ہیں جن کا شمار کرنا دشوار ہے اور (۲) سبب ظہورِ معجزات کا یہ ہوتا ہے کہ علاوہ علمی متعلق ہو کر نبی کو احکام جاری کرنا چاہتے ہیں اسوجہ سے الہامات اور انتقالات اور تقریبات پیش آتے ہیں جو پہلی حالت کی نسبت محض غیر معمولی ہوتے ہیں۔ اس لئے نبی کے احباب ظفر مند اور اعدا خوار و خراب ہوتے ہیں اور حکم الٰہی کا ظہور ہوتا ہے۔ ولو کرہ الکافرون (۳) تیسرا سبب معجزات کا یہ ہوتا ہے کہ اسباب خارجی کیوجہ سے بہت سے حوادث نئے نئے پیدا ہوتے ہیں۔ نافرمانوں کو سزا دیجاتی ہے اور عالمِ وجود میں بڑے بڑے امور کا احداث ہوتا ہے یہی امور کسی نہ کسی وجہ سے معجزات ہو جاتے ہیں۔ نبی یا پہلے سے ان پر لوگوں کو مطلع کر دیتا ہے۔ یا اُس کی نافرمانی پر لوگوں کی سزا مرتب ہوا کرتی ہے یا جو طریقہ سزا کا نبی نے بتادیا تھا وہ حوادث اُسی کے موافق ہوتے ہیں۔ یا ایسے ہی اور امور ہوا کرتے ہیں۔ انبیا کے معصوم ہونے کے بھی تین اسباب ہوا کرتے ہیں (۱) یہ کہ تمام رذیل خواہشوں اور خبیث فعلوں سے کسی انسان کی فطرت نہایت خالص اور صاف پیدا کی جاتی ہے خاصتہ ان امور کی نسبت جو مدلول شرعی کی حفاظت اور پاسبانی سے متعلق ہوا کرتے ہیں۔ (۲) یہ کہ اُس کو اچھے کام کی خوبی اور برے کام کی برائی اور دونوں کا انجام وحی الٰہی سے معلوم ہو جایا کرتا ہے (۳) یہ کہ اس شخص کے اور اُن رذیل خواہشوں کے بین خدا حائل ہو جاتا ہے۔

معلوم کرو کہ انبیاء علیہم السلام کی سیرت میں سے یہ ہوتا ہے کہ خدا کی ذات اور صفات میں غور اور فکر کرنے کا حکم کریں عام لوگ ایسے ایسے خوضوں کی طاقت نہیں رکھا کرتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تفکروا فی خلق اللہ ولا تفکروا فی اللہ اللہ کی ذات میں غور مت کرو بلکہ اسکی مخلوق میں غور کرو) اور ان الی ربک المنتہیٰ تیرے رب کیطرف

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہایت ہے اسی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پروردگار کی ذات میں غور کا موقع نہیں ہے۔ انبیاء ہمیشہ یہی ارشاد فرماتے ہیں کہ خدا تعالےٰ کے انعامات اور اسکی بزرگ قدرت میں لوگ غور کیا کریں۔ نیز انبیاء علیہم السلام کی سیرت میں یہ امر ہوتا ہے کہ لوگوں سے ایسی ہی گفتگو کیا کرتے ہیں جو اُنکے عقلی اندازہ کے مناسب اور اُن کے علوم کے موافق ہو جو اُن کے اندر پیدائشی طور پر پائے جاتے ہیں اس لئے کہ نوع انسانی کا کہیں وجود ہو۔ اسکو جبلی طور پر ایک خاص ادراک عطا کیا گیا ہے جس کا مرتبہ تمام حیوانی ادراک سے زیادہ ہے ہاں اس کا اصلی مادہ ہے اگر عاصی ہو اور اس قسم کے انسانی ادراک کے قابل نہ ہو تو اور بات ہے۔ ورنہ انسانی ادراک میں سب افراد نوعی شریک ہوتے ہیں۔ اور اس ادراک کے علاوہ انسان کے لئے اور زاید علوم سے حصہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس میں معمولی عادت کے خلاف حاصل ہوتے ہیں۔ جیسا کہ انبیاء اور اولیاء کے قدسی نفوس کیحالت ہوا کرتی ہے اور کبھی انسان کو نہایت پر مشقت ریاضتوں کے استعمال سے بعض ایسے علوم حاصل ہوتے ہیں جو اسکو ایسے بلند اور اکات کے لئے طیار کرتے ہیں جن کا اندازہ اس کے وہم و خیال میں بھی نہیں ہوتا اور کبھی مدت دراز تک علوم حکمیہ کی اور علم کلام اور اصول فقہ وغیرہ کی مشق اور محنت سے علوم کا اضافہ ہو جایا کرتا ہے۔ لیکن انبیاء کی گفتگو صرف اسی سادہ ادراک کے طریقہ کے موافق ہوا کرتی ہے۔ جو بلحاظ اس کی پیدائش کے انکی طبائع میں موجود ہوا کرتا ہے۔ ان علوم کیطرف جن کا وجود شاذ و نادر اسباب سے ہوا کرتا ہے اور محض اتفاقی ہوتا ہے۔ انکو کچھ التفات نظر نہیں ہوتا۔ اسیواسطے انبیاء لوگوں کو اس پر مجبور نہیں کرتے کہ وہ خدا کو تجلیات اور مشاہدات کے ذریعہ سے یا دلائل اور قیاسات سے معلوم کریں یا وہ خدا کو تمام جہتوں سے منزہ خیال کریں۔ اس لئے کہ اس طرح پر معلوم کرنا ان لوگوں کے لئے گویا محال ہے کہ جن کو ریاضتوں کے اشغال نصیب نہیں ہوتے۔ انہوں نے مدت دراز تک معقولیوں سے میل جول نہیں رکھا ہے استنباط اور استدلال اور استحسانات کے طریقوں کی جانب انکو رہبری نہیں کی گئی ہے ان مقدمات کے ذریعہ سے جن کے اخذ پر وقت میں باہم مشابہ چیزوں سے ان کو فرق کرنے کی تعلیم دیگئی ہو۔ ان کو وہ علمی دقتیں نہ آتی ہوں جن کی وجہ سے اصحاب الرائے اہل حدیث پر ناز کیا کرتے ہیں۔ اور نیز انبیاء کی سیرت میں یہ امر بھی داخل ہے کہ وہ ان امور کیجانب توجہ نہیں کیا کرتے۔ جو تہذیب نفس سیاست امت سے تعلق نہ رکھتے ہوں۔ وہ ان اسباب کو بیان نہیں کرتے جو عالم تحویں پیدا ہوا کرتے ہیں۔ مثلاً مینہ اور کسوف اور ہالہ کی کیفیت عالم نبات اور حیوان کی عجائبات یا آفتاب و چاند کی رفتار کا اندازہ۔ روزمرہ حوادث کے اسباب۔ انبیاء سلاطین یا شہروں وغیرہ کے حالات اور قصے۔ البتہ کبھی کبھی خدا کے انعامات اور انتقامات بیان کرنے کے لئے چند نقطوں میں امور بالا کا ذکر بھی بطور تبعیت آجایا کرتا ہے۔ وہ بھی محض اجمالی صورت میں کسی استعارات اور مجازات کے پردہ میں آجایا کرتا ہے جس سے لوگوں کو انست ہوتی ہے ان کی عقلیں اس کو قبول کر سکتی ہیں۔ اسی بنا پر جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے چاند کے گھٹنے اور بڑھنے کا سبب دریافت کیا تھا تو خدا تعالےٰ نے اس سے اعراض فرما کر صرف مہینوں کے فائدے بیان کر دیئے۔ اور فرمایا۔ یسئلونک عن الاہلۃ قل ہی مواقیت للناس والحج (تجھ سے لوگ ہلالوں کا حال دریافت کرتے ہیں کہدے ان سے لوگوں کا اور حج کا وقت معلوم ہوتا ہے) اکثر لوگوں کو تم دیکھو گے کہ ان فنون رسمی کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفت سے یا اور وجوہ سے اُن کے ذوق خراب ہو گئے ہوں۔ اس لئے وہ پیغمبر کی کلام کے بے موقعہ معنی لگا لیتے ہیں واللہ اعلم۔

باب ۵۶

اسکے بیان میں کہ مذہب کی اصل ایک ہی ہے اسکے طریقے اور راستے مختلف ہوا کرتے ہیں

خدا تعالےٰ نے فرمایا ہے شرع لکم من الدین ما وصّٰی بہ نوحًا والذی اوحینا الیک وما وصّینا بہ ابراہیم وموسٰی وعیسٰی ان اقیموا الدین ولا تتفرقوا فیہ (خدا نے دین کا تم کو وہی راستہ بتایا ہے جس کی نوح کو وصیت کی تھی اور جو وحی ہم نے تجھ پر نازل کی۔ ابراہیم اور موسےٰ اور عیسےٰ کو بھی اسی کی وصیت کی تھی وہ یہی بات تھی کہ دین حق کو ٹھیک رکھیو اور اس میں تفرقہ نہ ڈالیو) مجاہد کا قول ہے کہ اے محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہم نے تجھ کو اور نوح کو ایک ہی دین کی وصیت کی تھی۔ اور خدا تعالےٰ فرماتا ہے وان ہذہ امتکم امۃ واحدۃ وانا ربکم فاتقون فتقطعوا امرہم بینہم زبرا کل حزب بما لدیہم فرحون (تم سب کی امت ایک ہی ہے میں ہی تمہارا رب ہوں اس سے ڈرتے رہو پھر پھوٹ کر اپنے کام کو انہوں نے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا اپنی اپنی باتوں پر ہر ایک فریق خوش ہوا کرتا ہے یعنی تمہارا دین اسلام ہے۔ اسلئے مشرکین اور یہود نصاریٰ سے الگ رہو۔ اور خدا تعالےٰ فرماتا ہے لکل جعلنا منکم شرعۃ ومنہاجا (ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لئے ایک ایک طریق اور راستہ مقرر کر دیا) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اسکے معنی یہی کئے ہیں یعنی راستہ اور طریقہ اور نیز خدا تعالیٰ فرماتا ہے لکل امۃ جعلنا منسکا ہم ناسکوہ یعنی ہر ایک امت کے لئے ایک شریعت بنا دی ہے جسپر انکا عمل ہے معلوم کرو کہ دین کی اصل ایک ہی شی ہے تمام انبیاء اسپر متفق ہیں اگر اختلاف ہے تو اسکی طریقوں میں ہے اسکی تفصیل یہ ہے کہ نبیوں کا اسپر اتفاق ہے کہ عبادت اور استعانت صرف خدا تعالیٰ ہی کی ہے جو اسکے سوا ہے جو اسکی بارگاہ قدس کے مناسب نہیں ہیں اس سے خدا کو منزہ سمجھیں انکو نہ میں الحاد کجروی سمجھیں اور بندوں کو خدا سے یہ تعلق ہے کہ اسکی نہایت درجہ تعظیم کریں کسی قسم کی کوتاہی نہ ہو اپنی ذاتوں اور دلوں کو خدا کے حوالہ کر دیں۔ خدا کے شعائر کے ذریعہ سے قرب خداوندی حاصل کریں۔ اور یہ بھی جاننا چاہئے کہ حوادث کے پیدا ہونے سے پہلے ہی خدا نے حوادث کو مقدر کر دیا تھا۔ اور فرشتے خدا کے بندے ہیں وہ خدا کے حکم کی نافرمانی نہیں کرتے جو انکو حکم فرماتا ہے اسی کی تعمیل کرتے ہیں اور خدا اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنی کتاب نازل فرماتا ہے اپنی اطاعت کو بندوں پر فرض کر دیتا ہے اور قیامت کا ہونا حق ہے۔ بعد مرنے کے جی اٹھنا حق ہے جنت دوزخ حق ہیں علےٰ ہذا۔ تمام انبیاء کے تمام اقسام طہارۃ۔ نماز۔ روزہ زکوٰۃ۔ حج۔ نوافل۔ طاعت۔ دعا۔ ذکر۔ کتاب الٰہی کی تلاوت کے ذریعہ سے خدا کی حضور میں تقرب حاصل کرنے پر سب متفق ہیں۔ نکاح اور زنا کی حرمت پر سب کا اتفاق ہے۔ سب کے نزدیک لوگوں میں انصاف قائم کرنا چاہئے اور ظلم کی صورتوں کو سب حرام بتاتے ہیں نافرمانوں پر حدود سب مقرر کرتے ہیں۔ دشمنان الٰہی سے جہاد اور احکام الٰہی اور دین خدا کی اشاعت میں نہایت درجہ کوشش کرتے ہیں یہ امور دین کی بنیاد ہیں قرآن پاک میں ان امور کے قرار پانے کی وجہ نہیں بیان کی ہے الا ماشاء اللہ اس لئے کہ ان لوگوں کے نزدیک جن کی زبان میں قرآن نازل ہوا ہے یہ سب امور مسلم تھے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اختلاف کرے تو ان امور کی صورتوں اور شکلوں میں ہے اسلئے کہ حضرت موسےٰ علیہ السلام کی شریعت میں نماز کے وقت بیت المقدس کیجانب رخ کرنا پڑتا تھا اور ہمارے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کی شریعت میں قبلہ رخ کھڑا ہونا چاہیئے۔ حضرت موسےٰ علیہ السلام کی شریعت میں زانی کے لئے رجم (سنگساری) سزا تھی۔ اور ہماری شریعت میں محصن رجم ہے۔ اور دوسرے کے لئے تازیانہ مارنا۔ حضرت موسےٰ علیہ السلام کی شریعت میں صرف قصاص کا ہی حکم تھا اور ہماری شریعت میں قصاص کیساتھ دیت بھی ہے اور ایسے ہی طاعتوں کے اوقات اور ان کے آداب اور ارکان میں بھی اختلاف کا حال سمجھ لو۔ بہرحال نیکی اور تدابیر نافع کی جو جو خاص خاص صورتیں مقرر کی گئی ہیں ان کا نام شریعت اور منہاج۔ اور یہ بھی معلوم کرلینا چاہیئے کہ خدا تعالےٰ نے جن عبادتوں کا عام مذاہب میں حکم فرمایا ہے وہ انہیں اعمال کا نام ہیں جو نفس کی حالتوں اور ہیئتوں سے پیدا ہوتے ہیں معاد میں انہیں اعمال کا نفسوں پر اچھا یا برا اثر پڑتا ہے انہیں اعمال کی وجہ سے نفسوں میں انشراح پیدا ہوا کرتا ہے یہ اعمال نفسانی حالتوں کی پیکر اور ان کے عکس کی صورتیں ہوا کرتی ہیں۔ یہی نفسانی ہیئتیں اعمال کے لئے میزان اور بالکل مدار علیہ ہوتی ہیں۔ جو اس امر کو معلوم نہ کریگا اس کو اعمال کے کرنے میں کچھ بصیرت حاصل نہ ہوگی اور اکثر ان اعمال پر اکتفا کریگا۔ جو محض ناکافی ہونگے بغیر قراۃ اور دعا کے ہی نماز پڑھ لیا کریگا۔ اس لئے نماز کچھ مفید نہ ہوگی۔ اس لئے دین میں ایک ایسے کامل شناسا کی سیاست کی ضرورت ہے۔ جو خفی اور مشتبہ امور کو صاف صاف کثرت سے اور نشانات سے منضبط کردے انکو بمنزلہ امر محسوس کے قرار دے جسکو تمام ادنےٰ اور اعلےٰ قسم کے لوگ تمیز کرسکیں لوگوں پر اعمال سمجھنے میں کسی قسم کا اشتباہ نہ رہے وہ اس بدیہی اور محسوس امر کا لوگوں سے مطالبہ کرسکیں اور خدا کی دلیل قائم کرکے اپنی قدرت سے اس کام پر واردگیر کرسکیں۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ بعض امور میں گناہ ہوتا ہے لیکن وہ ان چیزوں کے ہمرنگ معلوم ہوتے ہیں جن میں کوئی گناہ کی بات نہیں ہے جیسے مشرکین نے کہا تھا انما البیع مثل الربوٰ (بیع اور ربوٰ کیسان ہے) ایسا اشتباہ یا علم کی کوتاہی سے ہوتا ہے یا دنیوی غرض سے جو آدمی کی بصیرت کو فاسد کردیتی ہے۔ اسی لئے ضرورت پڑتی ہے کہ ایسے نشانات قرار دیئے جائیں جن کی وجہ سے گناہ غیر گناہ سے ممیز ہوسکے۔ اور اگر عبادت کے لئے اوقات معین نہ کئے جائیں تو بعض لوگ تھوڑے ہی سے نماز۔ روزہ کو زیادہ خیال کریں جو کہ بالکل رائگاں اور غیر مفید ہے اور اگر کوئی شخص ان کی پابندی سے آزاد رہنا چاہے اور اسکی ترک کے حیلے کرے تو اسکی گوشمالی ممکن نہ ہو۔ اور اگر لوگوں کے لئے عبادتوں کے ارکان اور شروط معین نہ ہوں تو وہ بے بصیرتی سے ہاتھ پاؤں مارتے رہیں۔ اور اگر حدود مقرر نہ ہوں تو سرکش لوگ کسی طرح پر باز نہیں آسکتے۔ بہرحال تمام لوگوں کے حق میں احکام الٰہیہ کی تکمیل جب ہی مکمل ہوتی ہے کہ ان کے لئے اوقات۔ ارکان۔ شروط۔ سزائیں۔ احکام کلیہ وغیرہ قرار دیئے جائیں۔ اگر تجھ کو منظور ہے کہ شریعت قرار دینے کی میزان معلوم کرے تو تجھ کو ایک طبیب حاذق کی حالت میں غور کرنا چاہیئے جب وہ بیماروں کی درستی میں نہایت درجہ کوشش کرتا ہے ان کو ایسے امور پر مجبور کرتا ہے جن سے وہ واقف نہیں ہوا کرتے وہ طبیب ان کو ایسے امور کے کرنے کا ارشاد کرتا ہے جن کی باریکیاں ان کے علم و فہم سے برتر ہوا کرتی ہیں وہ محسوس سوقھو کو منھی امور کے قائم مقام قرار دیتا ہے چہرہ کی سرخی مسوڑوں سے خون جاری ہونے کو غلبہ خون کی علامت قرار دیتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرض کی قوت۔ مریض کی عمر اور شہر اور موسم کی حالت میں غور کرتا ہے۔ دوا کی قوت اور علاج کے تمام متعلقات میں غور کرتا ہے دوا کی مقدار خاص کا اندازہ کرتا ہے اور مریض کی حالت کے مناسب اس کو سمجھ کر مریض کو اس کے استعمال کا حکم دیتا ہے کبھی علامت بجائے سبب مرض کے قرار دیکر اور دوا کی خاص مقدار کو جس کو اپنی فطانت سے وہ مرض کے ازالہ یا اس مادہ کی ہیئت فاسدہ کے بدلدینے کے قائم مقام جان کر قواعد کلیہ مرتب کر لیا کرتا ہے۔ مثلاً وہ کہتا ہے کہ جس شخص کا چہرہ سرخ ہو اس کے مسوڑوں سے خون نکلتا ہو۔ اس کو طبی احکام کے لحاظ سے نہار منہ شربت عناب یا ماء العسل پینا چاہئے جو ایسا نہ کریگا وہ اپنے آپ کو ہلاکی کے قریب کریگا یا وہ کہتا ہے کہ جو شخص فلانی معجون اسقدر تناول کریگا اس سے فلاں مرض زائل ہو جائیگا۔ یا فلاں مرض سے وہ محفوظ رہیگا۔ اس قسم کے کلیات طب سے اخذ کئے جاتے ہیں ان پر عملدرآمد کیا جاتا ہے اسطرح پر خدا تعالےٰ بڑے بڑے نفع پیدا کرتا رہتا ہے یا اسکے سمجھنے کو حکیم بادشاہ کیحالت میں غور کرنا چاہئے۔ جو اصلاحات ملکی اور انتظامات لشکر کا نگران رہتا ہے وہ زمینوں کی حالت۔ ان کی سرسبزی۔ کاشتکاروں کی کیفیت۔ ان کی محنت و جانفشانی کا محافظین اور ان کے کافی ہونے کی حالت کا بخوبی اندازہ کر کے وہ یک اور دگان مقرر کرتا ہے؛ وہ بدیہی صورتوں اور قرائن کو کیسے ان اخلاق اور ملکات کے قایم مقام قرار دیتا ہے جن کا ہونا معاونین ملک میں ضروری ہوا کرتا ہے اسی قانون سے وہ ان سے بازپرس کیا کرتا ہے۔ وہ بادشاہ تمام ملکی ضرورتوں پر نظر ڈالتا ہے جو ملک کے لئے کافی ہو سکیں معاونین کی تعداد کا لحاظ کر کے اس طرح پر ان کو ملک میں تقسیم کرتا ہے جن سے کاربراری ہو جائے اور لوگوں پر تنگی اور ادبار کا باعث نہ ہو۔ علیٰ ہذا تم کو لڑکوں کے معلم کی حالت دیکھنی چاہئے وہ لڑکوں کی حالت کا کیسا تعلیمی منتظم ہوتا ہے۔ اور غلاموں کی نسبت آقا پر نظر کرنی چاہئے۔ استاد کی غرض بچوں کی تعلیم ہوتی ہے اور آقا کی غرض یہ ہوتی ہے کہ جو اغراض غلاموں سے متعلق ہیں وہ کس طرح پورے ہو سکتے ہیں بچے اور غلام کچھ نہیں سمجھا کرتے کہ مصلحت کی کیا حقیقت ہے مصلحت قایم کرنے کی انکو کچھ بھی پروا نہیں ہوا کرتی۔ وہ تو اس سے جان چراتے ہیں۔ غدر اور حیلہ کرتے رہا کرتے ہیں لیکن معلم اور آقا خوب آگاہ ہوتے ہیں کہ اس امر سے یہ رخنہ پیدا ہوگا۔ رخنہ پیدا ہونے سے پہلے ہی ان کو یہ معلوم رہتا ہے وہ پہلے ہی سے خلل کو روکتے ہیں۔ وہ اپنے ہاتھوں سے خطاب اسطرح کرتے ہیں کہ جس کے انبساط میں انقباض اور انقباض میں انبساط ہوا کرتا ہے کسی حیلہ سے وہ اپنی رستگاری نہیں کر سکتے۔ اسی طرح انکو کامیابی ہوتی ہے۔ ہاتھوں کو اسکی واقفیت ہو یا نہ ہو بہرحال جو شخص ایک بہت بڑے گروہ کی انتظامی حالت کا ذمہ دار ہوا کرتا ہے جبکی استعدادیں بالکل مختلف ہوں اپنے ذاتی امور میں ان کو بصیرت نہ ہو ان کی تعمیل کی خواہش ان میں نہ ہو تو وہ مجبور ہوا کرتا ہے کہ ہر ایک چیز کا ٹھیک اندازہ کرے ہر ایک چیز کا وقت معین کرے اس کے طریقوں اور صورتوں کو مقرر کرے لوگوں سے مطالبہ اور مواخذہ کے لئے اسی میں عمدگی ہوا کرتی ہے۔

معلوم کرنا چاہئے کہ جب خدا تعالےٰ نے ارادہ کیا کہ پیغمبروں کی بعثت سے لوگوں کو تاریکیوں سے روشنی کیجانب نکالے تو ان پر وحی بھیجی کہ تم اس کام کے لئے مقرر کئے گئے۔ اپنا نور ان کے دلوں میں ڈالا۔ اور اصلاح عالم کی رغبت ان میں پیدا کی اس زمانہ میں ان لوگوں کے راہ راست پر آنے کیلئے خاص خاص امور اور مقدمات کی ضرورت تھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس لئے بحکمتِ الٰہی ضرور ہوا کہ تمام اُن مصلح امور کو انبیاء کے ارادہ بعثت میں شامل کر دے اور گویا انبیاء کی اطاعت کی مفروضیت میں اُن تعدادِ اصلاح کی مفروضیت بھی شامل ہو اس لئے کہ عقلاً اور عادتاً کسی شے کا متمم بھی اُس شے میں ہی داخل ہوا کرتا ہے خدا تعالےٰ پر کوئی امر مخفی نہیں ہوتا اور دینِ الٰہی میں کوئی امر ہرزہ اور گزاف نہیں ہوا کرتا کوئی شے جب قرار دیجاتی ہے اور اُسکے نظائر کا وہ حکم نہیں ہوا کرتا تو اُس کی خاص علتیں اور اسباب ہوا کرتے ہیں راسخین فی العلم ان اسباب کو جانتے ہیں ہمارا قصد ہے کہ اُن حکمتوں اور اسباب کے ایک عمدہ مجموعہ پر لوگوں کو متنبہ کریں۔ واللہ اعلم۔

باب ۵۷

اسکے بیان میں کہ خاص خاص نزولِ شرائع کے اسباب کیا ہیں ایک شریعت کسی زمانہ میں کچھ نازل ہوتی ہے اور کسی زمانہ میں کچھ نازل ہوتی ہے ایک قوم کی شریعت کچھ ہوتی ہے دوسری کی کچھ ہوتی ہے

اس کی دلیل خدا تعالےٰ کا قول ہے کل الطعام کان حلا لبنی اسرائیل الا ما حرم اسرائیل علےٰ نفسہ من قبل ان تنزل التورات قل فاتوا بالتورٰۃ فاتلوھا ان کنتم صادقین (بنی اسرائیل کے لئے سب کھانے حلال تھے البتہ توریت کے نازل ہونے سے پہلے جو یعقوب نے اپنے اوپر حرام کر لئے تھے وہ حلال نہ رہے تھے اگر تم سچے ہو تو توریت لاکر پڑھو) اس آیت کی تفسیر یہ ہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام ایک بار سخت بیمار ہوئے تب انہوں نے نذر مقرر کی کہ اگر خدا مجھ کو اچھا کر دیگا تو میں اپنے اوپر سب چیزوں سے زیادہ مرغوب کھانے اور پینے کی چیز حرام کرونگا۔ چنانچہ اچھے ہونے کے بعد اونٹوں۔ اونٹنیوں کا گوشت اور دودھ اپنے اوپر انہوں نے حرام کر لیا اور انہیں کی پیروی سے اُن کی اولاد نے بھی اُن چیزوں کو حرام ہی سمجھا۔ ایک مدت تک ان امور کی حرمت ہی چلی آئی یہانتک کہ اُن کی طبیعت میں یہ بات جم گئی کہ اگر کسی نے ان چیزوں کو کھا کر انبیاء کی مخالفت کی۔ تو اُن کے ادب اور حق میں کوتاہی کی۔ تب توریت میں ان چیزوں کی حرمت نازل ہوئی۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جب بیان فرمایا اُن کا مذہب ابراہیمی ہے تو یہود کہنے لگے کہ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مذہب پر کیسے ہو سکتے ہیں۔ وہ تو اونٹوں کا گوشت کھاتے پیتے ہیں۔ اس واسطے خدا تعالےٰ نے اُن کے قول کو رد کیا کہ اصل میں سب کھانے حلال تھے۔ اونٹ صرف ایک عارضی وجہ سے جو یہودیوں کو لاحق ہوئی حرام ہو گئے تھے۔ اس وقت میں جب نبوت کا اولاد اسمٰعیل میں ظہور ہوا۔ اور اس عارضی امر سے اُن کو کچھ لگاؤ نہ تھا۔ تو اس حرمت کی رعایت کچھ ضروری نہ رہی۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز تراویح کے متعلق فرمایا ہے میں تمہارا یہ فعل (تراویح پڑھنا) ہمیشہ دیکھتا ہوں۔ مجھ کو اندیشہ ہے کہ یہ نماز تم پر کہیں مقرر نہ ہو جائے۔ اگر مقرر ہو گئی تم سے نبھ نہ سکیگی۔ اس لئے اے لوگو تم اپنے اپنے مکانوں میں ہی اسکو پڑھتے رہو۔ پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو اس سے روکا کہ کہیں نماز تراویح اُن میں پھیل نہ جائے پھیل جانے سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ خیال تھا کہ لوگ اسکو شعائر دین سے سمجھنے لگتے اور اُسکے ترک کرنے کو خدا کی شان میں تفریط کا اعتقاد کرنے لگتے اور یہی مفسدت کا باعث ہو جاتا اور نیز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمانوں میں سب سے زیادہ قصوروار وہ شخص ہے جس نے کسی ایسی بات کو دریافت کیا اور صرف اسکی پوچھ گچھ ہی سے وہ شے حرام ہو گئی۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم قرار دیا تھا اُس کے لئے اُنھوں نے دعا کی تھی۔ اور جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم قرار دیا تھا میں مدینہ کو بھی حرم قرار دیتا ہوں اور اُسکی مُدّ (ایک پیمانہ ہے) اور صاع (پیمانہ) میں برکت کی ایسی ہی دعا کرتا ہوں جیسی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کے لئے کی تھی اور ایک شخص نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے حج کے متعلق سوال کیا کہ کیا حج ہر سال ہونا چاہیئے۔ آپ نے فرمایا کہ اگر میں ہاں کہدوں تو ہر سال ہی حج کرنا فرض ہو جائے تو تم سے نبھ نہ سکے اور جب نبھ نہ سکے تو تم پر عذاب آجاوے۔ معلوم کرنا چاہیئے کہ انبیا کی شریعتوں میں اختلاف اسباب اور مصلحتوں کی وجہ سے ہو گیا ہے۔ اس لئے شعائر خداوندی کا شعار قرار پانا معدات کی وجہ سے ہے اور احکام کی مقداریں مقرر کرنے میں مکلفین کی حالت اور عادات کا لحاظ کیا گیا ہے۔ چونکہ حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے مزاج نہایت سخت اور قوی تھے حق تعالےٰ نے بھی اس پر تنبیہ فرمائی ہے اس لئے وہ اسی قابل تھے کہ ہمیشہ روزہ رکھنے کا اُن کو حکم دیا جاتا تاکہ انکی قوت بہیمی میں روزہ سے کسی قدر کمزوری اور خاموشی پیدا ہوتی ہے اور اس اُمت محمدیہ کے مزاج ضعیف تھے اسلئے ہمیشہ روزہ رکھنے سے منع کر دیئے گئے اور ایسے ہی مال غنیمت کو خدا نے اگلے لوگوں کیلئے حلال نہیں کیا تھا لیکن ہمارا ضعف دیکھکر اسکو حلال کر دیا۔ انبیاء کا بڑا قصد یہ ہوا کرتا ہے کہ اُن تدابیر کی اصلاح ہو جائے جو لوگوں میں ضائر و سائر رہا کرتی ہیں لوگوں کے کسی مخالف طبع امر سے کبھی تجاوز نہیں کیا جاتا ہے الا ماشاء اللہ۔ اور مصلحتوں کے موقعی زمانوں اور عادتوں کے مختلف ہونے سے بدلتے رہا کرتے ہیں اور اسی بنا پر نسخ کا ہونا صحیح ہے نسخ کی مثال بالکل ایسی ہے کہ جیسے کوئی طبیب اس امر کا قصد کرے کہ سب حالتوں میں مزاج حالت اعتدال پر محفوظ رہے اسی واسطے شخصوں اور زمانہ کے ہم رنگ نہ ہونے سے اس طبیب کے احکام ایک ڈھنگ کے نہیں ہو سکتے وہ جوان کو ایسی باتیں بتاویگا کہ اُن سے بوڑھے کو منع کر دیگا۔ وہ یہ دیکھکر کہ موسم گرما میں احتمال اعتدال باہر ہوا میں ہوتا ہے یہ حکم دیگا کہ اس موسم میں باہر سونا چاہیئے اور موسم سرما میں سردی کا لحاظ کرکے یہ بتاویگا کہ اس موسم میں مکان کے اندر سونا چاہیئے پس جو شخص اصلیت دین کو معلوم کریگا اور اُن اسباب کو سمجھ لیگا جنکی وجہ سے مذہبی طریقے مختلف ہوا کرتے ہیں تو اسکی نظر میں کسی قسم کی تبدیلی نہ ہوگی۔ اسی بنا پر شریعت ہونے کا تعلق اُن قوموں سے ہے۔ جن میں وہ شریعت قائم کی گئی۔ اور چونکہ اس قسم کی استعدادی حالت نے اُس شریعت کے قابل اُن کو بنایا تھا۔ اور اُنھوں نے بزبان حال نہایت اصرار سے گویا اُسکی درخواست کی تھی اس لئے وہ ہی ہدف ملامت ہوا کرتے ہیں خدا فرماتا ہے فتقطعوا امرہم بینہم زبراً۔ اور اسی واسطے ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت کی فضیلت ظاہر ہوتی ہے کہ جمعہ کا روز اُن کے حق میں معین کیا گیا۔ اس لئے کہ وہ آگاہ نہ تھے اور تمام علوم کسبی سے علیحدہ تھے اور یہود کے لئے ہفتہ کا دن قرار دیا گیا۔ اس لئے کہ یہودیوں کے اعتقاد میں تھا کہ ہفتہ ہی کے روز خدا دنیا کے پیدا کرنے کے کام سے فارغ ہوا تھا اور اسے عبادت کے لئے یہی دن بہت اچھا ہے حالانکہ سب چیزیں خدا کے حکم اور وحی سے ہوا کرتی ہیں اور شریعتوں کی مثال ایسی ہے جیسے کسی امر امور یہ کی حالت ہوتی ہے

محکمہ دائمی وبرائی سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُن امور کا حکم دیا جاتا ہے لیکن اُس کے بعد مندرجہ ہی پیش آجایا کرتے ہیں۔ اسلئے اُن لوگوں کی ذاتی حالت کے لحاظ سے اجازتیں اور رخصتیں مشروع ہوجایا کرتی ہیں۔ تو اسوجہ سے کہ اُنہوں نے اپنی ذاتی حالت کیوجہ سے اُس امر کے قابل اپنے آپ کو بنالیا تھا۔ وہ ہی لوگ قابل مواخذہ ہوا کرتے ہیں خدا تعالےٰ فرماتا ہے اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِھِمْ (جب تک لوگ اپنی ذاتی حالت کو نہ بدلیں خدا کسی قوم کو نہیں بدلا کرتا) اور اسی ذاتی اور استعدادی اختلاف کیوجہ سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میں نے عقل و دین میں ناقص رہنے والوں سے ہوشمند آدمی کے لئے زیادہ ہوش ربا تم سے (عورتوں میں) زیادہ نہیں دیکھا اور پھر عورتوں کے نقصان کیوجہ یہ بتائی کہ حیض کی حالت میں عورت نہ نماز پڑھ سکتی ہے نہ روزہ رکھ سکتی ہے معلوم کرو کہ ایک صورت خاص میں شریعتوں کے نازل ہونے کے اسباب بکثرت ہیں لیکن اسباب کی انتہا دو قسموں پر ہوتی ہے اول سبب بمنزلہ ایک قدرتی امر کے ہے جسکی وجہ سے لوگوں کو احکام کی تکلیف دیجاتی ہے پس جیکہ تمام افراد انسانی کے لئے ایک خاص طبیعت اور حالات معین ہیں جو نوع ہونے کی وجہ سے وراثۃً سب کو پہنچا کرتے ہیں۔ اور وہی باعث ہوا کرتے ہیں کہ لوگ احکام کے لئے مکلف کئے جائیں اور جیسکہ ماورزاد کو کے خزانہ خیال میں رنگتیں اور صورتیں نہیں ہوا کرتیں اُسکے خیال میں صرف الفاظ اور وہ چیزیں ہوتی ہیں جو چھوئی جاسکتی ہیں اور اسی قسم کی اور چیزیں ہوتی ہیں۔ اسلئے جب کبھی عالم غیب سے کوئی علم یا واقع اُسکو خواب وغیرہ میں حاصل ہوگا تو اُس امر کا اُسکو علم اُسی صورت میں حاصل ہوگا جو اُسکے خزانہ خیال میں موجود ہے بجز اسکے کوئی اور صورت علم حاصل ہونے کی نہ ہوگی۔ اور جیسے کسی عربی شخص کو جو زبان عربی کے سوائے اور زبان کو نہیں جانتا ہے۔ الفاظ کی دنیا میں جب کسی امر کا علم ہوگا تو اُس کی صورت صرف عربی ہی پیرایہ میں حاصل ہوگی اور مثلاً جن شہروں میں کہ ہاتھی وغیرہ حیوانات کریہہ منظر ہوتے ہیں تو اُن شہروں کے باشندوں کی نظر میں جنوں کا سامنے آجانا یا بھوتوں اور شیاطین کا ڈرانا انہیں حیوانات کی صورت میں ہوگا۔ اور شہروں میں یہ صورتیں پیش نہ آئینگی اور جن شہروں میں بعض اشیاء پر عظمت خیال کی جاتی ہیں اور کھانے اور لباس میں جو عمدہ اور پاکیزہ چیزیں وہاں پائی جاتی ہیں تو وہاں کے باشندوں کو نعمت اور خوشی ملائکہ کی صرف اُسی قسم کی صورتوں میں نظر آویگی اور شہروں میں یہ امر نہ ہوگا۔ اور جیسے کوئی عربی شخص جب کسی کام کرنے کا قصد کریگا یا کسی سفر کا ارادہ کریگا جب وہ رشید یا نجیح (کامیاب) کے لفظ کو سنیگا تو آئندہ حالت کی عمدگی اور کامیابی کی دلیل اُس کو قرار دیگا جو عربی نہیں ہے اُس پر ان الفاظ کا کوئی اثر نہ ہوگا۔ حدیث میں بعض اس قسم کے واقعات آئے بھی ہیں۔ تو جیسے کہ امور بالا کے اثر اپنا پر تو حالات پر ڈالتے ہیں ایسے ہی شرائع میں اُن علوم کا جو کسی قوم میں مخزون اور جمع ہوتے ہیں اور اُن اعتقادات کا جو اُن میں مخفی ہوتے ہیں اور اُن کی عادات کا جو کلب (کتے) کے کاٹنے سے جو دیوانگی سی ہوجاتی ہے) بیماری کی طرح اُن میں ساری اور جاری ہوا کرتی ہیں۔ لحاظ اور اعتبار ہوا کرتا ہے اسی واسطے اونٹوں کا گوشت اور دودھ بنی اسرائیل کے لئے حرام تھا نہ بنی اسمٰعیل کے لئے۔ اور اسیوجہ سے کھانے کی چیز کو نکالا پاکیزہ اور ناپاک ہونا عرب کی عادات پر مفوض کیا گیا اور ہمشیرہ زادیاں ہمارے لئے حرام کیگئیں یہودیوں میں وہ حرام نہ تھیں اس لئے کہ یہودی ہمشیرہ زادیوں کو اُن کے باپ کی قوم سے شمار کیا کرتے تھے۔ اُن سے کسی قسم کا میل جول ربط و صحبت نہیں رکھا کرتے تھے۔ اُن سے بالکل بیگانگی کی حالت میں رہا کرتے تھے عرب میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ ہم پہلے اور ایسے ہی گوسالہ کو اُس کی ماں کے دودھ میں پکانا یہودیوں میں حرام تھا۔ ہمارے یہاں حرام نہیں ہے۔ اسلئے کہ یہودیوں کو معلوم تھا کہ اس سے غذا کی پیدائش اور تدبیر الٰہی کی محافظت ہوتی ہے جو چیز خدا تعالےٰ نے گوسالہ کی پیدائش اور نشوونما کے لئے پیدا کی ہے۔ اُس سے ہی اس صورت میں گویا اس کی بنیاد باطل کرنا اور اُس کے جوڑ بند کی تحلیل کرنی ہوگی۔ اور عرب کے لوگ اس قسم کے علم و فہم سے نہایت درجہ دور تھے۔ اگر اُن کو اس قسم کے راز سمجھائے جاتے تاہم اُنکی سمجھ میں نہ آتے وہ اس امر کو کبھی معلوم نہ کر سکتے۔ جو حکم دینے کا مناسب مدار علیہ تھا۔ اور یہ بھی معلوم کر لینا چاہیئے کہ شرائع کے قرار دینے میں صرف انہیں علوم اور حالات اور ان اعتقادات کا ہی اعتبار نہیں کیا جاتا ہے جو لوگوں کے سینہ میں متمثل ہوا کرتے ہیں۔ بلکہ بڑا لحاظ اور اعتبار اُن پیدائشی امور کا ہوا کرتا ہے جن کی طرف اُن کی عقلیں منتقل ہوتی رہتی ہیں۔ خواہ اُن امور کا اُن کو علم ہو یا نہ ہو تم اس نکتہ کو اُن تعلقات میں دیکھ سکو گے کہ جب ایک شے کسی دوسری شکل اور پیرایہ میں ظاہر ہوا کرتی ہے۔ دیکھو مونہوں پر مہر لگانے کی صورت میں لوگوں کو سحر سے منع کرنا ظاہر ہوا تھا اس لئے کہ لوگوں کی نظر میں مُہر لگانا ایک شے کے بند کرنے اور روکنے کی صورت ہوا کرتی ہے خواہ یہ امر لوگوں کے پیش نظر ہو یا نہ ہو اور خدا تعالےٰ کا بندوں پر یہ اصلی حق اور فرض ہے کہ غایت درجہ اُس کی تعظیم کریں کسی طرح اُسکے حکم کی مخالفت پر اقدام نہ کریں اور لوگوں کا باہم یہ فرض ہے کہ ہمدردی اور باہمی الفت کی مصلحت کو ہمیشہ قائم رکھیں کوئی کسی کا دل آزار نہ ہو ہاں اگر رائے کلی وغیرہ ایذا رسانی کے باعث ہو تو مضائقہ نہیں ہے۔ اسی وجہ سے جو شخص کسی عورت کو اجنبی خیال کر کے اُس سے ہم بستر ہو جائے تو خدا کے اور اُسکے درمیان پردہ حائل ہو جائیگا خدا کے مقابلہ میں یہ کام اُس کی دلیری کا خیال کیا جاویگا۔ اگرچہ وہ عورت واقعہ میں اُس کی بیوی ہی کیوں نہ ہو۔ اس لئے کہ اس شخص نے خدا کے فرمان کی مخالفت پر اقدام کیا۔ اور جس شخص نے اجنبی عورت سے اپنی بیوی سمجھ کر ہم بستری کر لی تو خدا کے نزدیک وہ معذور ہی رہیگا اور جو شخص روزہ کی نیت کر لیگا وہ اپنی نذر کی وجہ سے ماخوذ ہو جاویگا اور جس نے نذر نہ کی ہوگی وہ ماخوذ نہ ہوگا۔ اور جو شخص دین میں سختی اختیار کریگا وہ قابل تشدد ہوگا۔ اور یتیم کے لئے پانچ تازیانہ بہتر ہوگا اور تکلیف دینے کے لئے قباحت اور برائی ہوگی۔ خطاکار اور بھول چوک سے کام کرنے والا اکثر احکام میں قابل معافی ہوا کرتا ہے یہ کلیہ قاعدہ قومی علوم اور قوم کی ظاہر اور مخفی عادات میں ہمیشہ پڑا ہوتا ہے اور اُنکے حق میں اسی قاعدہ کے موافق شرعیتوں کی تعیین ہوا کرتی ہے اور نیز معلوم کرنا چاہیئے کہ اکثر عادات اور مخفی علوم ایسے ہوتے ہیں کہ اُن پر تمام عرب و عجم اور تمام معتدل اقالیم کے باشندوں اور ایسے لوگوں کا جن کے مزاج عمدہ اور بہترین اخلاق کے قابل ہوا کرتے ہیں۔ اتفاق ہوا کرتا ہے جیسے اپنے مردہ پر غم کرنا اُسکے حق میں نرم دلی کو پسند کرنا۔ حسب و نسب پر ناز کرنا۔ چوتھائی یا تہائی شب کے گذرنے پر خواب کرنا۔ صبح تڑکے سے اٹھ بیٹھنا اُن کے علاوہ اور اکثر امور ہیں جن کی طرف اشارہ تدابیر کی بحث میں کیا گیا ہے تو اس قسم کے جتنے عادات اور علوم ہوتے ہیں۔ ان کا سب چیزوں سے زیادہ اندازہ اور لحاظ کیا جایا کرتا ہے۔ اُنکے بعد اکثر عادات اور عقائد ایسے بھی ہوتے ہیں۔ جو صرف انہیں لوگوں میں خاص ہوا کرتے ہیں جن میں نبی مبعوث کیا جاتا ہے اس لئے اِن عادات کا لحاظ بھی ضروری ہوتا ہے واللہ جل اللہ لکل شئی قدرا۔ اور معلوم کرنا چاہیئے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ نبوت اکثر ملت اور مذہب کے ماتحت ہوا کرتی ہے خدا تعالےٰ فرماتا ہے ملۃ ابیکم ابراہیم۔ اور فرمایا وان من شیعتہ لابراہیم۔ اس کا راز یہ ہے کہ مدت دراز تک لوگ جب کسی دین کے پابند رہا کرتے ہیں اس دین کے شعائر کی عزت اور ادب ان میں راسخ ہوتا ہے اس مذہب کے احکام نہایت مشہور اور شائع بمنزلہ بدیہیات اولےٰ کے ہوا کرتے ہیں کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ اسکے بعد ایک دوسری نبوت کا زمانہ آتا ہے تاکہ پہلے مذہب کی کجی بالکل دور ہو جائے۔ اسکی بگڑی ہوئی باتیں درست ہو جائیں اس مذہب کے بانی کی منقولہ روایتوں میں چونکہ خلط ملط ہو جایا کرتا ہے۔ اس لئے بہت سی خرابیاں اس مذہب میں لجایا کرتی ہیں۔ اب یہ دوسری نبوت لوگوں میں مشہور اور معتبر احکام کی تفتیش کرتی ہے جو جو صحیح سیاست مذہبی کے قاعدوں سے منطبق پائے جاتے ہیں۔ ان میں کوئی تبدیلی نہیں کیجاتی بلکہ لوگ ان پر اور زیادہ آمادہ کئے جاتے ہیں۔ اور جو احکام خراب معلوم ہوتے ہیں اور تحریف کا دخل ان میں پایا جاتا ہے ان میں بقدر ضرورت تبدیلی کر دیجاتی ہے اور جو قابل اضافہ ہوتے ہیں ان پر اضافہ بھی کر دیا جاتا ہے اور یہ نبی اخیر ان امور سے جو پہلی شریعت کے باقی رہ جاتے ہیں اکثر اپنے مطالب اور دعاوی پر استدلال بھی کیا کرتا ہے اسوجہ سے یوں کہا کرتے ہیں کہ یہ نبی اس فلاں نبی کے مذہب میں یا اسکے گروہ میں سے ہے اور ان مذہبوں کے اختلاف سے جن میں نبوت کا نزول ہوا کرتا ہے۔ اکثر نبوتوں میں اختلاف ہو جایا کرتا ہے اور دوسری قسم خاص پیرایہ میں شریعت کے نازل ہونے کی یہ ہے لیکن یہ قسم بمنزلہ ایک امر عارض طاری کے ہے کہ خداوند کارعالم اگرچہ زمانہ سے بلند و برتر ہے لیکن بکسی وجہ سے زمانہ اور زمانہ کی چیزوں سے ربط و تعلق ہوا کرتا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ ہر ایک صدی کے بعد خدا کسی بڑے حادثہ کو پیدا کیا کرتا ہے اور حضرت آدم علیہ السلام اور انبیائے بنی اسرائیل نے بھی حدیث شفاعت میں اسی باب کے متعلق ارشاد کیا ہے کہ ہر ایک نبی قیامت کے روز کہیگا کہ میرے پروردگار تبارک و تعالےٰ نے ایسا غصہ کیا کہ کبھی پہلے ایسا غصہ کیا تھا اور نہ کبھی اسکے بعد ایسا غصہ کریگا پس جب عالم آمادہ اور طیار ہوتا ہے کہ شریعتوں کا اس پر فیضان کیا جائے امور دینی کے صدور معین کئے جائیں اور خدا تعالےٰ تجلے فرما کر دین کو لوگوں پر نازل کرتا ہے۔ اور اسی کے موافق ملاء اعلےٰ بلند ہمتی سے لبریز ہو جاتے ہیں۔ تو ایسے وقت میں عارضی اسباب میں سے ایک ادنےٰ سبب بھی جو دنیا کے دروازہ کھٹکھٹانے کے لئے کافی ہوا کرتا ہے۔ ومن وق باب الکریم فتح۔ دیکھو موسم بہار پر نظر ڈالو۔ اسمیں بونے اور تخم ریزی کا ادنےٰ اہتمام بھی ایسا موثر ہوا کرتا ہے کہ اور موسم میں اس سے زیادہ کتنا ہی اہتمام کرو کچھ بھی اس کا اثر نہیں ہوا کرتا۔ نبی کی توجہ کسی شے کے لئے اس کا انتظار کرنا۔ اس شے کے لئے اس کا دعا کرنا اسکی شتاقانہ درخواست کرنی احکام کے نازل ہونے کا سبب قوی ہوا کرتی ہے۔ اور جب نبی کی دعا روشن طریقہ کو زندہ کرتی ہے۔ بڑی بڑی جماعتوں پر اس سے غلبہ حاصل ہو جایا کرتا ہے۔ اس سے نظر کے سامنے کھانے پینے کی زیادتی ہو جایا کرتی ہے تو اسکی وجہ سے کسی حکم کا نازل ہونا کیا بعید ہے۔ اس کی لطیف روح ہوتی ہے۔ اور صورت مثالی میں اس کا تعین ہوتا ہے۔ اور اسی بناء پر سمجھ لینا چاہئے کہ جب کوئی جدید بڑا حادثہ پیدا ہوتا ہے اور نبی کی اس کی وجہ سے بیقراری ہوتی ہے۔ جیسے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر بہتان بندی کا قصہ۔ یا جب کوئی سائل ایک امر دریافت کرتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے اس میں بار بار پوچھ گچھ کرتا ہے جیسے ظہار کا قصہ۔ تو یہ امور نزول احکام کے سبب پڑا کرتے ہیں۔ اور اصل حال کا اس سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انکشاف ہو جایا کرتا ہے اور نیز لوگوں کا فرمان پذیری میں کاہلی کرنا۔ سرکشی پر جمے رہنا۔ اور ایسے ہی لوگوں کے دل میں کسی شے کی رغبت کا ہونا۔ اور نہایت اہتمام اور قصد سے اسکی پابندی کرنا۔ اور اس شے کے ترک کرنے میں یہ اعتقاد کرنا کہ ہم نے خدا کے حق میں کوتاہی کی ہے نیز احکام کے نازل ہونے کا سبب ہوا کرتا ہے اسی کیوجہ سے نہایت موکد طور پر کسی چیز کے واجب کر دینے سے لوگوں پر سختی کی جایا کرتی ہے یا بہت سختی سے کوئی شے حرام کر دیجایا کرتی ہے باران جود کی تراوش چاہنے کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص صالح قوی الہمت روحانیت کے منتشر ہونے اور سعادت کی کمالیت کے وقت قصد کر کے خدا کی بارگاہ میں نہایت اہتمام کے ساتھ درخواست کرتا ہے۔ اور ایسے وقت میں درخواست اسکی مقبول ہو جایا کرتی ہے۔ ان ہی معانی کیطرف خدا کے اس قول میں ارشاد کیا گیا ہے یا ایہا الذین امنوا لاتسئلوا عن اشیاء ان تبد لکم تسؤکم وان تسئلوا عنہا حین ینزل القرآن تبد لکم (مسلمانوں بہت سی چیزوں کا سوال مت کرو۔ اگر وہ تمہارے لئے کھلجاوینگی تب تم کو ناگوار معلوم ہونگی۔ قرآن نازل ہوتے وقت جو ان اشیاء کا حال دریافت کیا جاویگا تو سب ظاہر ہو جائینگی الخ) اور خداوند کریم کی اصل مرضی یہی ہے کہ نزول شرائع کیوقت اس قسم کے سوالات کم ہوا کریں۔ اس سے وہ امور نازل ہو جایا کرتے ہیں۔ جن میں مصلحت خاص کا حکم اور اثر غالب ہوا کرتا ہے۔ اور اکثر اسمیں آئندہ نسلوں کے لئے تنگی اور بزدلی پیش آیا کرتی ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم زیادہ مسائل دریافت کرنے کو برا خیال فرماتے تھے کہ مجھ کو اپنے حال پر چھوڑ دو۔ میں نے کوئی چیز تمہارے لئے باقی نہیں چھوڑی ہے۔ تم سے اگلے لوگ زیادہ سوالات کرنے اور انبیاء پر اختلافات کیوجہ سے ہلاک ہو گئے ہیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مسلمانوں میں سب سے زیادہ قصوروار وہ شخص ہے کہ صرف اسی کے دریافت کرنے سے لوگوں پر کوئی چیز حرام ہو جائے اور حدیث میں وارد ہوا ہے کہ بنی اسرائیل جس گائے کو چاہتے ذبح کر لیتے وہی کافی ہو جاتی لیکن انہوں نے سختی کی۔ اس لئے ان سے سخت گیری کی گئی۔ واللہ اعلم۔

باب ۵۸

شریعت کے طریقوں پر مواخذہ کرنیکے اسباب میں

ہم اس امر کو بیان کرتے ہیں کہ خدا تعالےٰ نے جو شرائع اپنے بندوں کیلئے مقرر فرمائی ہیں۔ ان پر عذاب و ثواب ایسے ہی ہوتا ہے۔ جیسے کہ نیکی اور گناہ کے اصول پر مرتب ہوا کرتا ہے یا صرف انہیں امور پر مرتب ہوتا ہے جو نیکی اور گناہ کے مواقع اور قالب قرار دیئے گئے ہیں۔

مثلاً کسی شخص نے ایک وقت کی نماز ترک کر دی لیکن اس کے دل میں خدا کی حضوری میں اطمینانی طور پر عجز و نیاز موجود ہے تو نماز ترک کرنے پر اس شخص کو عذاب ہو گا یا نہ ہو گا اور ایک شخص نے نماز تو ادا کی۔ نماز کے تمام ارکان و شرائط اسی طرح پورے کئے کہ وہ بری الذمہ ہو گیا لیکن اس میں نیازمندی کا کچھ اثر نہ تھا۔ اس کے دل میں خشوع خضوع جما ہوا نہ تھا تو اس نماز پر اس کو ثواب ملیگا یا نہ ملیگا۔ اس میں کلام نہیں ہے کہ شریعت کے طریقوں کی نافرمانی کرنے سے فساد عظیم پیدا ہوا کرتا ہے۔ اس سے شریعت راشدہ میں روک پیدا ہوتی ہے معصیت کا دروازہ کھلجاتا ہے اور مسلمانوں کی جماعت میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نکلدتا ہے۔ اس سے قوم اور شہر اور ولایت کو ضرر پہنچتا ہے۔ جیسے شہر کی مصلحت کیوجہ سے کسی سیلاب کی وجہ سے بند باندھ دیا گیا تھا ایک شخص نے نقب دیکر اس بند کو توڑ دیا۔ وہ شخص خود تو بچ گیا لیکن شہر والوں کو اس نے ہلاک کر دیا تفکر اس میں ہے کہ آدمی کی ذاتی اور نفسانی حالت پر اس نافرمانی کا کیا اثر پڑتا ہے وہ گناہ کی تاریکی میں گھر جاتا ہے یا اس میں نیکی کا مادہ بھی باقی رہتا ہے۔ تمام المذاہب کا اس میں اتفاق ہے کہ شرائع خود ہی ثواب عذاب کا باعث ہوا کرتی ہیں لیکن المذاہب جو کہ ارباب تحقیق علم میں نسخ انبیاء علیہم السلام کے صحابہ میں حواریوں کے رتبہ کے ہیں وہ شرائع کو ثواب عذاب کا باعث سمجھتے ہیں اور انکی اصول و ارواح اور انکی اعمال کی صورتوں اور قالبوں میں جو ربط و مناسبت ہے اسکو بھی خوب جانتے ہیں اور عالمین دین عاملین شرائع میں سے تمام لوگ صرف صورتوں اور قالبوں پر ہی اکتفا کیا کرتے ہیں اور فلاسفہ اسلام کا مذہب یہ ہے کہ عذاب و ثواب کا مدار صرف نفسانی صفات اور وہ اخلاق ہیں جو روح کے دامن کو لپٹے ہوئے ہیں۔ ان صفات کے قالبوں اور صورتوں کا ذکر شرائع میں محض سمجھانے کیلئے اور دقیق معانی کو لوگوں کے ذہنوں سے قریب کر دینے کے لئے ہوا کرتا ہے۔ مذاق قوم کے موافق اس مقام کے متعلق یہ تحریر کیا گیا لیکن میں کہتا ہوں کہ مذہبی محققین کا مذہب حق ہے۔ اس کا بیان اس طرح ہے کہ شرعی امور کے لئے سامان اور اسباب ہوا کرتے ہیں۔ جن سے بعض شرعی امور کو بعض پر ترجیح ہو جایا کرتی ہے خدا خوب جانتا ہے کہ بغیر ان امور شرعی کے لوگوں سے دین پر عمل نہ ہو سکیگا۔ اس کو علم ہوتا ہے کہ یہی شرعی طریقے اور روشیں لوگوں پر واجب کر دینے کے قابل ہیں۔ یہ امر خدا کی توجہ میں مندرج ہوا کرتا ہے جو ازل سے لوگوں کے حال پر ثابت ہوتی ہے اور جب یہ عالم اس امر کے لئے مستعد اور طیار ہوتا ہے کہ اس پر شرعی صورتوں کا فیضان کیا جاوے اور اسکے پیکر پیدا کئے جائیں تو جان لو اس وقت خدا نے ان شرعی امور کو پیدا کر کے اپنا فیضان پورا کیا۔ اور ازل سے اس کا تعین ہو گیا۔ اس لئے یہی امور بمنزلہ اصل کے ہو گئے۔ اس کے بعد جب خدا تعالےٰ نے ملاء اعلےٰ پر اس علم کو منکشف کیا۔ ان کو الہام سے بتا دیا کہ یہی موقع شرعی اصول کے قائم مقام ہیں انہیں کے اصول کی یہ صورتیں اور مثالیں ہیں۔ بدون ان کے لوگ مکلف نہیں ہو سکتے۔ تب خطیرۃ القدس میں ایک قسم کا اجماع اور اتفاق ہو گیا کہ یہ صورتیں ایسی ہی ہیں جیسے حقیقت موضوع لہ کے لئے لفظ ہوتے ہیں یا حقیقت خارجی کی نسبت صورت ذہنی ہوا کرتی ہے۔ جو اسی صورت خارجی منتزع اور حاصل کیجاتی ہے یا تصویر کی صورت اصل شے کے لئے منظر ہوا کرتی ہے اور الفاظ موضوعہ کے لئے یہ صورت خطی ہوتی ہے ان سب امور میں دال اور مدلول میں باہم جیسا قوی تعلق اور ان میں باہمی لزوم اور گرفت ہو گئی ہے۔ اس لئے اپنے موقع پر یہ طے ہو گیا ہے کہ وہ دونوں شے واحد ہی ہیں اس کے بعد تمام بنی آدم عرب اور عجم کے علوم پر اسی علم کا پرتو پڑا۔ اور سب نے اتفاق کر لیا کہ وہ شرائع اور اصول ایک ہی شے میں۔ ایسا کوئی شخص نہ دیکھو گے جس کے دل میں اس علم کا ایک حصہ نہ ہو اگرچہ ہم نے اس کا نام وجود شبہی للمدلول رکھا ہے۔ مگر اس وجود کے عجیب عجیب اثر ہوا کرتے ہیں۔ تتبع کرنے والے پر وہ مخفی نہیں ہیں شرائع میں اسکے بعض بعض آثار پر لحاظ کیا گیا ہے اسی وجہ سے صدقہ کو صدقہ لینے والوں کی چرکوں سے ایک چرک قرار دیا ہے اور اسی لئے کسی کام کی برائی مزدوری میں بھی سرایت کر جایا کرتی ہے۔ اس کے بعد جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی روح القدس سے وہ مؤید کئے گئے۔ قومی اصلاح کا ان کے دل میں القا کیا گیا اور شرائع کے نازل ہونے اور صور مثالیہ کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ظاہر ہونے کے متعلق آپ کی جوہر روح کے سامنے بڑی راہ قوی ہمت کیجانب منفتوح ہوگئی۔ تب آپ نے نہایت درجہ کی اولوالعزمی سے اس اصلاح کا اہتمام فرمایا۔ اُس کے ساتھ موافقت دینے والوں کے لئے نہایت تصدق ہمت سے دعائیں کیں اور اُس کے مخالفوں پر لعنت کی اور انبیاء کی ہمتیں معمولی نہیں ہوا کرتیں۔ بلکہ وہ ساتوں آسمانوں کے طبقوں کو پھاڑ کر پار ہو جاتی ہیں۔ وہ مینہ کی درخواست کیا کرتے ہیں آسمان پر ابر کا ایک ٹکڑا بھی نہیں ہوا کرتا۔ لیکن فوراً پہاڑوں کی مانند بادلوں کے دل جمع ہو جایا کرتے ہیں۔ وہ دعا کرتے ہیں اور اُن کی دعا سے مُردوں میں زندگی پیدا ہو جاتی ہے اس لئے کہ خطیرۃ القدس میں اُنکی وجہ سے خوشی اور ناخوشی پختگی سے منعقد ہوا کرتی ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اے پروردگار تیرے نبی اور بندہ ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کے لئے دعا کی تھی اور مدینہ کے لئے میں دعا کرتا ہوں اب جس شخص کو معلوم ہوا کہ خدا نے ایسا ایسا حکم کیا ہے۔ اور وہ یہ جانتا ہے کہ ملاء اعلےٰ تمام اوامر و نواہی میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی تائید کیا کرتے ہیں اور خوب جانتا ہے کہ مامور بہ کو ترک کرنا اور منہی عنہ کام کا اقدام کرنا خدا کے مقابلہ میں دلیری اور خدا کی شان میں کوتاہی کا باعث ہے اور پھر جان بوجھکر اور دیکھ بھال کر عمداً وہ کسی کام کو کر بیٹھتا ہے۔ تو اسکی وجہ بجز اس کے کچھ نہیں ہو سکتی کہ حجابات کی گہری تاریکی میں وہ مبتلا ہے ملکی قوت اُس کی ضعیف اور منکسر ہوگئی ہے اسکی وجہ سے اُس کے دل میں خطاکاری کا اثر جما ہوا ہے اور جب کوئی پُر مشقت کام سرزد ہوتا ہے۔ جس سے اسکی طبیعت مزاحم ہوتی ہے اس کو گو وہ کسی کی نمائش کے لئے نہیں کرتا بلکہ صرف تقرباً للہ اور مرضیات خداوندی کی حفاظت اور لحاظ سے کرتا ہے تو اُس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ مرتبہ احسان کی فضیلت میں وہ پٹا ہوا ہے اُس کی بہیمی طبیعت کمزور اور مغلوب ہوگئی ہے اس سے نیکی کا مادہ نفس میں جم جاتا ہے۔ اب جو شخص کہ کسی وقت کی نماز ترک کر دیتا ہے تو اُس میں اس امر کی تفتیش ضروری ہے کہ اُس نے نماز کو کیوں ترک کیا۔ اور اور کس امر نے اُسکو اس پر آمادہ کیا۔ اگر وہ نماز کو بھول گیا تھا یا سو گیا تھا یا اُس کی فرضیت سے ناواقف تھا یا کسی نہایت ضروری کام نے اُس کو روک لیا تھا۔ تو بیہقی تصریح اور نص کا یہ تقاضا ہے کہ ایسا شخص گنہگار نہیں ہے۔ اور اگر جان بوجھ کر اور یاد رکھکر اختیاری حالت میں اُس نے نماز نہیں پڑھی تو اُس کی یقیناً یہی وجہ ہو سکتی ہے کہ اُس کے مذہب ہی میں رخنہ ہے۔ اور کوئی شیطانی یا نفسانی تاریکی اُسکی بصیرت پر چھا گئی ہے۔ اور اُس کا اثر اُس کے نفس پر ہی پڑتا ہے۔ اور جس شخص نے نماز پڑھلی اور وہ اُس سے فارغ الذمہ ہو گیا تو اُس میں بھی تفتیش کرنی چاہئے۔ اگر اُس نے نمائش کے لئے یا لوگوں کی تعریف سُننے کیلئے یا قومی عادت کی پابندی کیوجہ سے یا لہو کے طور پر نماز پڑھی ہے تو مذہبی نفس کے لحاظ سے ایسے شخص میں اطاعت کا مادہ نہیں ہے اور یہ نماز کچھ اعتبار کے قابل نہیں ہے اور اگر اُس نے تقرب الی اللہ کی وجہ سے اور ایمانی لحاظ خدا تعالےٰ کے حدود کی تصدیق سے نماز پڑھی بحضور نیت اور خدا کے دین میں اخلاص کے سبب سے یہ کام کیا ہے تو خدا اور بندے میں کسیقدر حجاب اس عمل سے اُٹھ ہی جایا کرتا ہے اگرچہ سر سوزن کے برابر ہو اور یہ جو کیا گیا تھا کہ اُس شخص نے بند میں نقب لگانے سے شہر کو ہلاک کر دیا اور خود اپنے آپ کو بچا لیا اُس کو ہم تسلیم نہیں کرتے کہ اُس نے خود اپنے آپ کو بچا لیا۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے خدا کے ایسے فرشتے مقرر ہیں جن کی کامل ہمت اس طرف متوجہ رہتی ہے۔ کہ جو شخص عالم کی اصلاح میں یا خراب

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرنے میں کوشش کرے اُس پر دعا یا بد دعا کرتے ہیں۔ ان کی دعا کے اثر سے وجود آلہی کا دروازہ مفتوح ہوتا ہے اور کسی نہ کسی طرح پر اُس سے جزا نازل ہوتی ہے اور لوگوں کی طرف خدا تعالےٰ کی ہمیشہ توجہ جزا کے باعث ہوا کرتی ہے۔ اس کا سمجھنا چونکہ کسیقدر اشکال سے خالی نہ تھا۔ اس لئے فرشتوں کی دعا کو ہم نے اسکا عنوان قرار دیا ہے واللہ اعلم ۔

باب ۵۹

حکمتوں اور علتوں کے اسرار کے بیان میں

معلوم کر و کہ بندوں کے بعض افعال ایسے ہوتے ہیں۔ جنسے پروردگار عالم لوگوں سے خوش ہوتا ہے اور بعض افعال کیوجہ سے وہ اُن سے ناخوش ہوتا ہے اور بعض افعال ایسے ہوتے ہیں جنسے نہ وہ خوش ہوتا ہے نہ ناخوش اسیواسطے حکمت بالغہ اور رحمت کاملہ آلہی کا اقتضا ہوا کہ انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کو مبعوث کر کے لوگوں کو اُن کے افعال پر آگاہ کر دے جنسے اُسکی رضامندی اور ناراضی کا تعلق ہوا کرتا ہے۔ اس ذریعہ سے خداوند کریم پسندیدہ امور کا مطالبہ کرے اور امور ناپسند کو منع کر دے اور باقی امور میں اُن کو مختار رہنے دے تاکہ جو کہ ہلاک ہونے والے ہیں وہ دلیل کے بعد ہلاک ہوں۔ اور جو زندگی حاصل کرنے والے ہیں وہ بھی بعد دلیل ہی کے زندہ ہوں پس کسی فعل سے خدا تعالےٰ کی رضا اور عدم رضا کا متعلق ہونا یا دونو حالتوں سے افعال کا بے تعلق ہونا اسی کا نام حکم ہے یا یوں کہو کہ حکم کسی شے کا ایسی حالت پر ہونا ہے کہ لوگوں سے اُس کا مطالبہ کیا جاے یا وہ اُس سے روکے جائیں یا اُس میں مختار چھوڑے جائیں۔ جو چاہو سو کہو۔ اور بعض اشیاء کا مطالبہ تاکیدی ہوا کرتا ہے۔ کہ اُنکے کرنے پر رضاے آلہی اور ثواب حاصل ہوتا ہے اور اُن کے نہ کرنے پر خدا کی ناخوشی اور عذاب آلہی ہوا کرتا ہے اور بعض کا ایسا تاکیدی نہیں ہوا کرتا۔ اُس امر مطلوب کے کرنے پر رضا۔ ثواب حاصل ہوتا ہے لیکن اُس کے نہ کرنے پر کچھ ناخوشی اور عذاب کا استحقاق نہیں ہوتا جیسے کہ مطالبہ کے دو حصے ہیں۔ ایسے ہی منع کرنے کی بھی دو ہی صورتیں ہیں تاکیدی جس سے رُکنے اور بچنے پر رضا اور ثواب کا استحقاق ہو۔ بشرطیکہ منع کرنے کیوجہ سے باز رہا ہو۔ اور اُس فعل کے کرنے سے ناخوشی اور عذاب میں گرفتاری ہو تم اس کا اندازہ اپنے اور لوگوں کے محاورات کے الفاظ طلب اور منع میں کر سکتے ہو۔ کہ جو بات اولاً کہی جایا کرتی ہے۔ اُسکے خلاف میں رضامندی یا ناراضی کے اثر سے ایک قسم کی دو قسمیں ہو جایا کرتی ہیں یہ ایک لازمی اور قدرتی ہو گیا ہے۔ اس وجہ سے احکام کی پانچ قسمیں ہو گئی ہیں (۱) ایجاب (۲) استحباب (۳) اباحت (۴) کراہیت (۵) تحریم لوگوں کے سامنے افعال مکلفین میں سے ہر ہر فعل کی علیحدہ علیحدہ حالت پیش نہیں کیجا سکتی ہے۔ یہ افعال علاوہ اس کے حصر میں نہیں آسکتے لوگ پوری طرح پر اُنکو معلوم بھی نہیں کر سکتے۔ اسواسطے یہ ضروری ہوا کہ لوگوں کو وہ قواعد کلی کی صورت میں بتائے جائیں مجموعی صورت وحدت سے بیان کیجائے اور اکثر اُس میں لپٹتی ہوئی ہو۔ اس طرح پر لوگ ان افعال کو معلوم کر سکینگے اور اپنے افعال کی حالت پہچان سکینگے علوم کلیہ کو دیکھو خاص خاص امور کے لئے اُن میں کیسے قوانین قرار دیئے گئے ہیں۔ نحوی کہتا ہے الفاعل مرفوع تو سامع اُس کا یہ قول محفوظ کر کے قام زید میں زید کا حال اور قعد عمرو میں عمرو کا حال معلوم کر لیتا ہے وعلےٰ ہذا۔ یہی وحدت جس میں کثرت منسلک ہوا کرتی ہے حکم کی علت اور اُسکی مدار علیہ ہوا کرتی ہے۔ اس علت کی دو قسمیں ہیں۔ اول وہ جس میں اسی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حالت کا اعتبار کیا جاتا ہے جو تکلیف میں موجود ہوا کرتی ہے لیکن یہ ممکن نہیں کہ صرف مکلفین کی کوئی دائمی اور ذاتی حالت کا اعتبار کیا جائے جس کا اثر یہ ہو کہ ان کو ہمیشہ کے لئے کسی حکم کی تکلیف دی جائے۔ یہ امر مکلفین کے قابو سے باہر ہے ایسی تکلیف صرف بیان میں ہی ہو سکتی ہے اور احکام میں اس وجہ سے ضرور ہے کہ ایک ایسی حالت کا اعتبار کیا جائے کہ تکلیف دادہ شخص کی لازمی صفت بھی اس میں شامل ہو۔ اسی صفت کی وجہ سے وہ شخص قابل خطاب شارع ہو سکے اور اس کے ساتھ ہی کسی عارضی حالت میں وقت ہوتا ہے کبھی آسانی سے اس کام کا ہو سکنا (استطاعۃ میسرہ) کبھی سبب کا اتصال یا کبھی کسی شے کا قصد کرنا۔ ونحو ذلک مثلاً شارع کا قول ہے کہ جس شخص عاقل اور بالغ کو نماز کا وقت مل جائے۔ تو اس پر نماز فرض ہو جائے گی اور جو عقل اور بلوغ کی حالت میں ماہ رمضان پائیگا۔ اور اس کو روزہ رکھنے کی طاقت بھی ہو تو اس پر روزہ رکھنا فرض ہے جو نصاب کا مالک ہو اور اس پر ایک سال بھی گذر جائے تو ایسے شخص کو زکوٰۃ دینا واجب ہوگا۔ اور شارع کا ارشاد ہے کہ مسافر کو نماز میں قصر اور روزہ افطار کرنا جائز ہے اور بے وضو شخص جب نماز پڑھنے کا قصد کرے تو اس کو پہلے وضو کر لینا ضرور ہے اس قسم میں اکثر ان صفات کا لحاظ نہیں کیا جاتا جو اکثر اوامر میں معتبر ہوا کرتی ہیں بلکہ صرف وہی صفت خاص لیجایا کرتی ہے۔ جس سے ایک حکم کا دوسرے سے امتیاز ہوا کرتا ہے۔ اسلئے مسامحۃً اس کو علت کہدیا کرتے ہیں۔ مثلاً کہا جاتا ہے کہ نماز کی علت وقت کا ملجانا ہے۔ اور روزہ کی علت ماہ رمضان کا آجانا ہے اور شارع علیہ السلام نے ان اوصاف میں سے ایک وصف کا کوئی اثر قرار دیا ہے۔ دوسری وصف کا نہیں قرار دیا۔ مثلاً مالک نصاب کے لئے تجویز کیا ہے کہ ایک سال یا دو سال پیشتر زکوٰۃ ادا کردے اور غیر مالک نصاب کے لئے اس کو تجویز نہیں کیا۔ اسی وجہ سے فقیہ ہر ایک امر کا ٹھیک اندازہ کرتا ہے کسی صفت کو سبب قرار دیتا ہے اور کسی کو شرط اور دوسری قسم علت کی وہ ہے جس میں اس شے کی کیفیات ملحوظ ہوتی ہے جس پر کسی کام کا اثر مرتب ہوتا ہے یا کام کا اس شے کی کچھ نہ کچھ تعلق ہوا کرتا ہے حالت یا اس شے کی صفت ملحوظ ہوتی ہے جیسا کہ شارع کا قول ہے کہ شراب پینا حرام ہے اور خنزیر کھانا حرام ہے اور درندوں اور پرندوں میں سے پنجہ دار جانوروں کا کھانا حرام ہے۔ ماؤں سے نکاح کرنا حرام ہے۔ یا کوئی عارضی صفت اس شے کی بجائے ہوتی ہے۔ جیسے خدا کا قول ہے۔ السارق والسارقۃ فاقطعوا ایدیہما چور اور چورنی دالی کے ہاتھ کاٹو اور جیسے کلام الٰہی الزانیۃ والزانی فاجلدوا کل واحد منہما مائۃ جلدۃ زنا کرنے والے اور زنا کرنے والی کے سو درہ لگاؤ کبھی اس شے کی جس پر فعل واقع ہوتا ہے دو دو یا زیادہ صفتیں بیان کیا کرتے ہیں۔ جیسے شارع کا قول ہے پاکدامن زانی کو سنگسار کرنا چاہئے اور غیر پاکدامن زانی کے درہ لگانے چاہئیں۔ اور کبھی مکلف کی حالت ..... کے ساتھ اس شے کی حالت بھی ملا دیجاتی ہے جس پر فعل واقع ہوا ہے۔ جیسے شارع کا قول ہے کہ اس امت کے مردوں پر سونا اور حریر حرام ہے لیکن عورتوں پر حرام نہیں ہے۔ دین الٰہی میں کسی قسم کا گزاف نہیں ہے ان افعال سے جو رضا یا عدم رضا کا تعلق ہوا کرتا ہے تو اس کی کوئی نہ کوئی وجہ ضرور ہوتی ہے۔ ان افعال کے متعلق ایسے امور متعین ہوتے ہیں کہ انہیں وجہ سے حقیقت رضا سے الٰہی اور اس کی ناخوشی کا تعلق ہوا کرتا ہے۔ یہ امور دو قسم کے ہیں۔ اول نیکی اور گناہ تدابیر نافع۔ اور ان تدابیر کی بربادی۔ اور انہیں کی مثل اور امور۔ دوسرے ایسے امور ہیں جن کا تعلق احکام شرعی سے ہوتا ہے کہ تحریف کا دروازہ بند کر دیا جائے۔ لوگ مکر و حیلہ اور سستی سے احتراز

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رکھیں۔ ان معین امور کے لئے اور مواقع اور لوازم ایسے بھی ہوتے ہیں کہ رضا اور عدم رضا کا بالعرض اُن سے تعلق لیکن اُن کو انہیں لوازم سے مجازاً منسوب کر دیا کرتے ہیں۔ اُس کی ایسی مثال ہے جیسے کہا جاتا ہے کہ دوا کا پینا آرام پانے کی علت ہے اور حقیقت میں اخلاط کا پختہ ہو کر نکلنا جو آرام کی علت ہے لیکن عادۃً یہ دوا پینے کے بعد ہی ہوا کرتے ہیں اور بعینہٖ دونوں ایک شے نہیں ہوتے اور جیسے کہا کرتے ہیں کہ تمازتِ آفتاب میں بیٹھنا یا محنت کا کام کرنا یا کسی گرم غذا کا کھانا بیماری کی علت ہے اور بیماری کی اصلی علت اخلاط کا گرم ہو جانا ہے اور یہ سب امور اخلاط کی گرمی کے ذریعے ہوا کرتے ہیں اور صرف کسی شے کے اصول پر ہی اکتفا کرنا اور اُن کے متفرق وسائل اور ذرائع کو ترک کر دینا اُن لوگوں کا مذاق ہے جنکی نگاہ علوم نظری میں عمیق ہوا کرتی ہے اور شرع صرف عام لوگوں کی زبان کے موافق تنزل ہوتی ہے اور یہ بھی ضرور ہے کہ حکم کی علت ایسی صفت ہونی چاہئے جس کو عام لوگ بھی سمجھ سکیں۔ اُن پر اس علت کی حقیقت اور اُس کا ہونا اُس کے نہ ہونے سے مخفی نہ رہے اور ان قاعدوں میں سے کسی نہ کسی قاعدہ سے ملتی جلتی ہو جن سے رضا یا عدم رضا متعلق ہوا کرتی ہے۔ اس قاعدہ پر اُس علت کا خاتمہ ہو یا اُس کے قریب قریب ہو وعلیٰ ہذا مثلاً شراب خواری اس میں بہت سی خرابیاں کا اندیشہ ہے جن سے خدا تعالےٰ کی ناخوشی ہوتی ہے۔ شراب کی وجہ سے خدا کی جانب خالص توجہ نہیں ہو سکتی تمدن اور خانہ داری کے انتظامات سب برہم ہو جاتے ہیں یہ اکثر شراب خواری کو لازم ہوا کرتے ہیں۔ اسی واسطے شراب کی ہر قسم کو روک دینا پڑا اور جب ایک شے کے چند لوازم اور وسائل ہوں تو اُن میں سے خاص وہی امر علت قرار دیا جاویگا جس کا علت ہونا بہ نسبت اوروں کے زیادہ ظاہر ہوگا یا اُسکی حالت زیادہ منضبط ہوگی یا اصل سے اُس کو زیادہ تعلق اور لزوم ہوگا وعلےٰ ہذا۔ مثلاً نماز قصر اور افطار روزہ کا مدار سفر اور مرض قرار دیا گیا ہے حالانکہ ہر ایک کے اور بھی احتمالات تھے لیکن اُن کو علت قرار نہیں دیا پر مشقت پیشوں مثلاً کاشتکاری اور آہنگری وغیرہ میں ضروری ہر ج ہوا کرتا ہے ان سے قصر اور افطار کی اجازت نہیں دی گئی۔ اس لئے کہ پیشہ ور انہیں ہمیشہ مصروف رہتے ہیں اُن کی معاش انہیں پیشوں پر موقوف ہوا کرتی ہے۔ ان سے اگر اجازت دیجاتی تو اطاعتِ الٰہی کے انتظامات سب ابتر ہو جاتے۔ اور گرمی سردی کا اندازہ ٹھیک نہیں ہو سکتا۔ قرائن اور علامات سے اُنکی بخوبی تعیین نہیں ہوتی اسلئے وہ احتمالات معتبر کئے جاتے ہیں جو قرن اوّل میں اکثر اور مشہور تھے اور سفر و مرض کا سمجھنا کسی طرح پر مشتبہ نہیں ہو سکتا اگرچہ اب کسیقدر انہیں اشتباہ اسوجہ سے پیدا ہو گیا کہ عرب اول کا زمانہ ختم ہو گیا ہے اور لوگوں نے احتمالات میں زیادہ پہچان بین کرنی شروع کی اُنکے ذوق سلیم جو خالص عرب کا ہوا کرتا ہے بگڑ گیا واللہ اعلم۔

باب ۶۰

ان مصلحتوں کے بیان میں جن سے فرائض اور ارکان اور آداب وغیرہ معین کئے جایا کرتے ہیں

معلوم کرو کہ جب اُمت کی درستی اور سیاست کیجانے تو ضرور ہے کہ ہر ایک قسم کی طاعت کی دو حدیں قرار دیجائیں (۱) اعلےٰ (۲) ادنےٰ۔ اعلےٰ سے یہ غرض ہے کہ اُس سے پوری طرح پر مقصود حاصل ہو جائے۔ اور ادنےٰ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے یہ معنی ہیں کہ اُس سے کسی قدر مقصود کا حصول ہو کہ اُس کے بعد کا درجہ لحاظ کے قابل بھی نہ ہو۔ یہ دو قسمیں اسواسطے قرار پائی ہیں کہ یہ تو نہیں ہو سکتا کہ لوگوں سے کوئی شے طلب کیجائے۔ اور اُن کے لئے اُس شے کے بجز اسکی صورت اس شے مطلوب کی مقدار نہ بیان کی جائے۔ ایسا ابہام تو موضوع شریع کے خلاف ہے اور یہ بھی نہیں ہو سکتا کہ تمام لوگ اُس پر مکلف کئے جائیں کہ ہر شے کے آداب اور متمم اشیا کی وہ تکمیل کریں۔ اُن لوگوں کو ایسی تکلیف بمنزلہ تکلیف بالمحال کے ہے جو کاروبار میں مصروف رہتے ہیں یا تنگ حال رہتے ہیں۔ بخوبی اُن کو فراغ خاطر حاصل نہیں ہوتا کہ امت کی سیاست اور انتظام کی بنیاد اعتدال پر ہے نہ نہایت درجہ پر ہر شے کی حالت کو پہنچانا۔ اور یہ بھی نہیں ہو سکتا کہ اعلےٰ حالت کو چھوڑ کر ادنےٰ حالت پر ہی اکتفا کریں۔ اعلےٰ حالت سابقین امت کا مسلک اور مشرب اور خدا کے مخلصین بندوں کا مذاق اور حصہ ہے۔ ایسے درجہ کو بالکل ترک کرنا لطف الٰہی کے مناسب نہیں ہے اسلئے یہی ضروری ہوا کہ ادنےٰ کی حالت کی بخوبی توضیح کر کے اُس کے ساتھ لوگ مکلف قرار دیئے جائیں اور اُس سے زائد اور اعلےٰ امور کی طرف بھی لوگ مائل کئے جائیں۔ لیکن ہر شخص پر اُن کو ضروری نہیں قرار دینا چاہئے۔ جن امور سے لوگ مکلف کئے جاتے ہیں اُن کے حصے مختلف ہوا کرتے ہیں۔ ایک حصہ تو اُس میں کسی طاعت کی مقدار ہوا کرتی ہے۔ مثلاً پنج وقت نماز و رمضان کے روزے اور بعض امور اُس طاعت کے اجزا ہوا کرتے ہیں۔ جن کے بغیر وہ طاعت لحاظ و اعتبار کے قابل نہیں ہوا ہوا کرتی مثلاً تکبیر۔ اور سورہ فاتحہ کا پڑھنا نماز کے لئے۔ ایسے اجزا کا نام ارکان ہے اور بعض امور اُس طاعت سے خارج ہوتے ہیں لیکن بدوں اُن امور کے طاعت غیر معتبر ہوا کرتی ہے۔ ان امور کا نام شروط ہے جیسے نماز کے لئے وضو معلوم ہونا چاہئے کہ کبھی تو کوئی شے دکن کسی سبب ذاتی اور امر طبعی کے طور پر قرار دیجاتی ہے۔ اور کبھی کسی امر عارض کی وجہ سے پہلی صورت میں بغیر اس رکن کے طاعت کا قوام اور قاعدہ کچھ نہیں ہوا کرتا جیسے نماز میں رکوع اور سجدہ۔ اور روزہ میں کھانے پینے اور مجامعت سے باز رہنا۔ یا ایسے رکن کیوجہ سے کوئی امر مخفی اور مبہم جو اہم اور ضروری ہوا کرتا ہے۔ صاف اور منضبط ہو جایا کرتا ہے جیسے تکبیر سے نیت کا انضباط اور استحضار ہو جایا کرتا ہے اور سورہ فاتحہ سے دعا کا انضباط ہو جایا کرتا ہے۔ اور سلام کے ذریعہ سے نماز سے باہر آنے کی صورت ایسے عمدہ کام سے منضبط ہو جایا کرتی ہے جو وقار اور تعظیمی حالت کے منافی نہیں ہے اور جو امر عارضی کی وجہ سے رکن قرار دیئے جاتے ہیں اُن کا وجوب کسی نہ کسی سبب سے ہوا کرتا ہے وہ نماز کے لئے اس لئے رکن قرار دیئے جاتے ہیں کہ اُن سے نماز کی تکمیل ہوتی ہے پوری طرح سے نماز کی غرض اُن سے حاصل ہوتی ہے۔ اُن کے تعین میں خوبی اور عمدگی ہوا کرتی ہے۔ جیسے کہ اُس شخص کے مسلک کے موافق جو کسی سورۃ قرآنی کے پڑھنے کو رکن قرار دیتے ہیں۔ تو اُس کا رکن ہونا اسلئے ہے کہ قرآن خدا کے شعائر میں سے ہے۔ اُس سے بے پروائی نہیں کرنی چاہئے۔ ایسے شخص کے لئے یہ مناسب ہے کہ اُس کی تلاوت کا اُس عبادت میں حکم دیا جائے۔ جو سب عبادتوں میں زیادہ ضروری اور موکد اور سب سے زیادہ اُس کے پائے جانے کے موقعہ ہوں زیادہ قسم کے لوگ اُس سے مکلف ہوں۔ اور کبھی کوئی شے رکن اس واسطے قرار دیجاتی ہے کہ اُس کی وجہ سے دو مشتبہ چیزوں میں تمیز ہو جائے یا اُس سے مستقل شے اور اُس کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقدمہ میں فرق ظاہر ہو جائے ایسی شے کو بھی رکن کر لیتے ہیں اور ان کی بجا آوری کا حکم دیتے ہیں جیسے رکوع سجود میں قومہ اسکی وجہ سے سر جھکانے میں جو سجدہ کا مقدمہ ہے اور رکوع میں جو مستقل تعظیم ہے فرق ہو جایا کرتا ہے۔ اور جیسے نکاح میں ایجاب و قبول۔ گواہ۔ ولی کا موجود ہونا۔ عورت کی رضا بغیر ان امور کے نکاح اور زنا میں فرق ظاہر نہیں ہو سکتا۔ یہی احتمال ہے کہ تعیین ارکان میں دونوں وجہیں ذاتی اور عرضی جمع ہو جائیں اور شرط کا حال بھی رکن پر ہی قیاس کر لینا چاہیئے۔ اکثر کوئی شے کسی وجہ سے واجب ہوا کرتی ہے اس لئے اس کو کسی شعار دینی کے لئے شرط کر دیا کرتے ہیں اس شرط سے اسکی شان بڑھ جایا کرتی ہے یہ صورت جب ہی ہوتی ہے کہ اس شرط کے بجا لانے ہی سے اس طاعت کی کمالیت متوقع ہو۔ مثلاً استقبال قبلہ۔ جیسے کہ خانہ کعبہ شعائر الٰہی میں سے ہے۔ اس لئے واجب التعظیم ہے اور بڑی تعظیم کی صورت یہ ہے کہ لوگ اپنی سب سے زیادہ عمدہ حالت میں اسکی جانب اپنا رخ کریں ایک خاص سمت کیجانب خدا کی بعضی نشانیاں اور شعائر ہوں رخ کرنے سے مصلی کو خدا کی حضوری میں فروتنی اور نیازمندی پر آگاہی ہوا کرتی ہے اور اس کو وہ حالت یاد آتی ہے جو بادشاہوں کے سامنے غلاموں کے کھڑا رہنے سے ہوا کرتی ہے اس واسطے نماز میں استقبال قبلہ کو شرط ٹھیرایا ہے۔ بہت سے امور ایسے ہوتے ہیں کہ بغیر کسی خاص صورت کے ان میں فائدہ نہیں ہوا کرتا ہے اس واسطے اس ہیئت کو اسکی شرط کر دیا کرتے ہیں مثلاً نیت کا اعمال پر اثر جب ہی ہوا کرتا ہے کہ وہ نفسانی حالت کی تصویر ہوں اور نماز نیاز کی تصویر ہوا کرتی ہے اور بغیر نیت کے نیاز کوئی شے نہیں ہے اور ایک دوسری صورت کے لحاظ سے استقبال قبلہ بھی ایسا ہی ہے دل کا بخضوع اور متوجہ ہونا ایک مخفی امر تھا اس لئے بیت اللہ کے سامنے کھڑا ہونا جو کہ خدا کے شعائر میں سے ہے بجائے حضور دل کے قرار دیا گیا۔ اور مثلاً وضو۔ ستر۔ دعا۔ لغو بیہودگی کو ترک کرنا اس لئے کہ دلی تعظیم ایک مخفی امر تھا اس کے لئے وہ علامتیں اس دلی تعظیم کے قائم مقام کی گئیں۔ جن کا سلاطین اور ان کے پایہ کے لوگوں کی حضوری میں لوگ لحاظ کیا کرتے ہیں۔ اور ان کو آداب تعظیمی سے شمار کرتے ہیں۔ یہ امور ان کے دلنشین ہو گئے ہیں۔ عرب اور عجم کے باشندوں نے ان پر اتفاق کر لیا ہے:

جب بعض طاعات منجملہ فرائض کے معین کی جائیں تو چند اصول پر لحاظ کرنا ضرور ہے۔ اول یہ کہ لوگوں کو صرف آسان امر کی تکلیف دینی چاہیئے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اگر میں اپنی امت پر گراں نہ سمجھتا تو ہر نماز کے وقت ان کو مسواک کرنے کا حکم کرتا۔ اس حدیث کی ایک دوسری حدیث سے تفسیر ہوتی ہے۔ آپ نے ارشاد کیا ہے کہ اگر میں اپنی امت پر گراں نہ سمجھتا تو جیسے میں نے ہر نماز کے وقت وضو کو فرض کیا ہے۔ ایسے ہی مسواک کو فرض کر دیتا اور ایک قاعدہ یہ ہے کہ جب کسی مقدار کے متعلق لوگوں کا یہ اعتقاد ہو جائے کہ اس کو فروگذاشت کرنا خدا کی شان میں کوتاہی کرنا ہے۔ تعدیہ امر ان کے دلوں میں اس لئے خوب جم جائے کہ وہ شے انبیاء علیہم السلام سے منقول ہوتی چلی آتی ہو سلف کا برابر اس پر اتفاق رہا ہو۔ یا ایسے ہی امور اور بھی ہوں تو ایسی حالت میں کہ مقتضائے حکمت یہی ہے کہ جیسے لوگوں نے اس کو اپنے ذمہ واجب ٹھیرا لیا ہے۔ ان پر وہ شے واجب ہی کر دی جائے۔ جیسے اونٹوں کا گوشت اور دودھ بنی اسرائیل پر حرام کر دیا گیا تھا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے رمضان میں قیام کی نسبت فرمایا کہ مجھ کو اندیشہ ہو گیا کہ کہیں یہ قیام

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تم پر فرض نہ کر دیا جائے۔ اور ایک قاعدہ یہ بھی ہے کہ جب تک کوئی شے خوب صاف صاف اور ظاہر اور منضبط نہ ہو لوگ اس کے ساتھ امور نہ کئے جائیں۔ یہی وجہ ہے کہ حیا اور تمام اخلاق حالانکہ اسلامی شعبے ہیں اسلام کے ارکان میں نہیں قرار دیئے گئے۔ اور ادنیٰ طاعت کیحالت آرام اور آسائش اور سختی کیوجہ سے مختلف ہو جایا کرتی ہے طاقت رکھنے والے کیلئے قیام کو رکن نماز مقرر کیا ہے لیکن ناتوان کے لئے بیٹھنے کو قیام کا جانشین ٹھیرایا ہے۔ اور ایسے ہی طاعت حد اعلیٰ میں کمیت اور کیفیت کے لحاظ سے زیادتی ہو جایا کرتی ہے۔ بعض نوافل فرائض کے ہم جنس سمجھے جاتے ہیں۔ جیسے سنن آداب و رواتب میں (مغرب کی سنتیں، نماز تہجد۔ ہر اوابین تین تین رفعے۔ اور مستحب صلوٰۃ وغیرہ اور کیفیت کی زیادتی اس طرح ہوتی ہے کہ خاص خاص سنتیں اور ذکر اور اطاعت کے نامناسب امور سے باز رہنا۔ اور تکمیل کے لئے طاعت میں ضروری قرار دیئے جاتے ہیں۔ ان کی بجا آوری سے مکمل صورت میں طاعت ادا کیجاتی ہے جیسے جوڑ بند کا چرک وغیرہ سے پاک صاف رکھنے کا وضو میں حکم دیا جاتا ہے تاکہ نظافت بخوبی حاصل ہو جائے اور دائیں جانب سے ابتدا کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اس کی وجہ سے نفس میں بیداری پیدا ہوتی ہے اور طاعت کا خیال اس میں پیدا ہوتا ہے نفس جب طاعت کی اس طرح بجا آوری کرتا ہے جیسے مہتم بالشان امور کی کرتا ہے اس سے اس کی توجہ پر بڑا اثر پڑتا ہے۔ اور معلوم کرنا چاہئے کہ جب کوئی شخص کسی خلق کو اپنے اندر پیدا کرتا ہے وہ قصد کرتا ہے کہ یہ خلق اس کی رگ و پے میں سرایت کر جائے تو اس کے حصول کا ذریعہ یہی ہے کہ اس کے مناسب جو جو افعال اور مناسب امور ہوں ان سب کا انجام کرے اگرچہ وہ تمام لوگوں کی نظر میں ادنیٰ اور ناقابل اعتبار ہی کیوں نہ ہوں جس کو شجاعت کی مشق اور ورزش کا اہتمام ہوتا ہے وہ نہ دلدلوں میں چلنے سے جھجکتا ہے نہ آفتاب کی گرمی اور نہ شب تاریں چلنے سے باک کرتا ہے ایسے ہی جس کو حضور خداوندی میں عجز و نیاز کی مشق منظور ہوتی ہے وہ تمام تعظیمی حالتوں کی مودبانہ حفاظت کرتا ہے۔ رفع ضرورت کیوقت نہایت شرمگین اور سرنگون طور پر بیٹھتا ہے خدا کے ذکر کے وقت اپنے تمام پاؤں کو وہ سمیٹ لیتا ہے۔ اور جس کو اعتدال اور مرتبہ عدالت کی درزش مقصود ہوتی ہے وہ ہر چیز کو اسی کا حق ادا کرتا ہے۔ کھانے اور پاکیزہ چیزوں کیلئے داہنے ہاتھ کو۔ اور نجاست دور کرنے کے لئے بائیں کو خاص کرتا ہے اور یہی راز تھا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا گیا تھا کہ بڑے کو مسواک دو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خواب میں میں نے دیکھا کہ مسواک کر رہا ہوں۔ اتنے میں دو شخص آئے ان میں سے ایک بڑا تھا میں نے مسواک چھوٹے کو دیدی۔ اس وقت مجھ سے کہا گیا کبر کبر یعنی بڑے کو دو۔ ایسے ہی خویصہ اور محیصہ (مسعود کے دو بیٹوں کا نام ہے) کے قصہ میں آپ نے فرمایا بڑے کو پہلے گفتگو کرنے دو (جنگ خیبر میں جب ابن سہیل قتل ہو گئے اور کوئی ان کا قاتل معلوم نہ ہوا۔ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عبدالرحمٰن مقتول کے بھائی اور مسعود کے دو نو بیٹے آئے عبدالرحمٰن نے گفتگو شروع کر دی لیکن وہ عمر میں چھوٹے تھے اس لئے آپ نے ارشاد فرمایا کبر الکبر (بڑے کو پہلے گفتگو کرنے دو) حدیث میں وارد ہوا ہے ان الشیطان یاکل بشمالہ (شیطان بائیں ہاتھ سے کھایا کرتا ہے) اور ایسے ہی اور جگہ بھی شیاطین کی طرف بعض افعال کی نسبت کی گئی ہے۔ اسکے معنی خدا تعالیٰ نے مجھ کو یہ سمجھائے ہیں کہ شیاطین کو خدا تعالیٰ نے قدرت دی ہے کہ خواب میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یا بیداری کی حالت میں لوگوں کی نظر کے سامنے ایسی شکلوں میں ظاہر ہوتے ہیں جو اُن کی مزاجوں کے موافق ہوتی ہیں وہ شکلیں اُن حالات کا بھی مقتضا ہوا کرتی ہیں جو شکل بننے کے وقت شیاطین پر طاری ہوتی ہیں جن لوگوں کا وجدان سلیم ہوتا ہے وہ بخوبی جانتے ہیں کہ شیاطین کی مزاجی حالت کیونکر سے بدکاریاں اور ایسے ایسے کام سرزد ہوتے ہیں جن میں سستی اور تنگدلی پائی جایا کرتی ہے ناپاکیوں سے وہ حالت قریب کر دیتی ہے۔ ذکر الٰہی میں اُن کی وجہ سے تنگدلی ہوا کرتی ہے جتنے انتظامات پذیر اور گزیدہ ہیں اُن میں اُس حالت کی وجہ سے ابتری ہوا کرتی ہے۔ بدکاریوں سے ہماری مراد ایسے افعال ہیں جن سے لوگوں کے دل نہایت بیزار ہوں۔ اُن کے رونگٹے کھڑے ہو جائیں وہ زبان سے اُن افعال پر لعن طعن کریں۔ یہ لوگوں کا قدرتی طریقہ ہے جو صورت نوعیہ کے فیضان سے اُن میں پیدا ہوا ہے۔ تمام فرقے اس میں برابر ہیں۔ ایسے آثار کسی قومی رسم و رواج کی پابندی یا کسی خاص مذہبی اثر سے نہیں ہوا کرتے۔ مثلاً اپنی شرمگاہ کو ہاتھ سے گرفت کرنا۔ کودنا۔ ناچنا۔ اپنی دبر میں انگلی داخل کرنا۔ اپنی ڈاڑھی کو تھوک سے آلودہ کرنا۔ ناک کان کٹا ہونا یا سیاہ رو ہونا۔ لباس کو اُلٹا پہننا قمیص کا اوپر والا حصہ نیچے کر لینا یا کسی چوپایہ پر سوار ہو کر اُن کی دم کی طرف اپنا منہ کر لینا۔ یا ایک پاؤں میں موزہ پہنکر دوسرا برہنہ چھوڑ دینا ایسے ہی اور افعال ہیں۔ جنکو دیکھتے ہی ہر شخص لعنت و ملامت کرتا ہے۔ بعض واقعات میں میں نے خود شیاطین کو ایسی ایسی حرکتیں کرتے ہوئے دیکھا ہے اور سبک کاموں سے میری غرض یہ ہے مثلاً اپنے کپڑے یا کنکر یونکو بیہودہ طور پر ٹوٹ ٹوٹ کرنا۔ بدنما طور پر ہاتھ پاؤں کو ہلانا۔ بہرحال خداوند کریم نے اپنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر ان افعال کو منکشف کیا کہ یہ شیطانی مزاجوں کے میلان اور اقتضا سے ہوا کرتے ہیں۔ جب کسی کو خواب یا بیداری میں شیطان کی صورت منظر آتی ہے تو ایسے حرکات اُس میں ہوا کرتے ہیں۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا کہ جہاں تک ممکن ہو مسلمانوں کو شیاطین اور شیطانی حالتوں سے گریز کرنا چاہیئے تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن افعال اور صورتوں اور اُن کی زشتی کو بیان فرمایا۔ اور اُن سے محترز رہنے کا حکم دیا اسی بات سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ قضائے حاجت کے موقعوں پر شیاطین آموجود ہوتے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ شیطان لوگوں کی مقعدوں سے بازی کیا کرتا ہے اور جب انسان اہ اہ کرتا ہے تو شیطان خوب ہنستا ہے اور ملائکہ کی حالتوں کی جو رغبت لوگوں کو دلائی گئی ہے۔ اُس کو بھی اسی پر قیاس کر لو۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جیسی ملائکہ صفیں باندھتے ہیں ویسی ہی تم کیوں نہیں باندھتے ابواب آداب کے متعلق یہ ایک دوسرا قاعدہ ہے۔ معلوم کرو کہ جب کوئی شے فرض کفایہ مقرر کیجاتی ہے تو اُس کا سبب یہی ہوتا ہے کہ اگر سب لوگ اُس کو تشفقانہ طور پر کرنے لگیں تو تو انتظام معاش برہم ہو جائے۔ اُن کی تدابیر نافع معطل ہو جائیں۔ اور یہ بھی نہیں ہو سکتا ہے کہ بعض لوگ ایک کام کے لئے خاص کر دیئے جائیں اور اوروں سے کوئی دوسرا کام لیا جائے مثلاً اگر عام لوگ زراعت اور تجارت کے تمام کاروبار چھوڑ کر جہاد پر ہی اتفاق کر لیں تو معاش برہم ہو جائیگی اور یہ بھی نہیں ہو سکتا کہ بعض کو جہاد کا کام سپرد کر دیا جائے اور کسی کو زراعت کا۔ بعض کو تجارت کا۔ کوئی تعلیم علوم کی خدمت کرے۔ اس لئے کہ کسی شخص کو کسی امر میں آسانی ہوتی ہے۔ کسی کو کسی میں۔ اور نام محض اور تسمیں نہیں بتا سکتیں کہ وہ کس چیز کے قابل ہے تاکہ حکم کا وہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مدار علیہ ہو سکے۔ فرض کفایہ کے اصول میں سے یہ بھی ہے کہ اس سے انتظامی حالت درست رہے اسکی فروگذاشت سے کوئی نفسانی ابتری اور بہیمیت کا غلبہ نہ ہو۔ مثلاً قاضی ہونا۔ علوم دین کی تعلیم۔ خلافت کا انتظام یہ سب امور انتظاماً مقرر ہوئے ہیں۔ ایک شخص اس کے تکفل کے لئے بس کرتا ہے۔ اور جیسے بیماروں کی عیادت نماز جنازہ اس واسطے شروع ہوئے ہیں کہ ان سے بیماروں اور مردوں کی تضیع نہ ہو بعض لوگ اگر اس کو پورا کر دینگے۔ تو مقصود حاصل ہو جاویگا۔ واللہ اعلم۔

باب ۶۱
اوقات کے اسرار میں

امت کی سیاست بغیر اسکے پوری نہیں ہوا کرتی۔ کہ ان کے لئے طاعتوں کے اوقات معین کر دیئے جائیں تعیین اوقات میں اصلی امر فراست اور حدس ہے جس سے مکلفین کی حالت کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ اس سے وہ چیز اختیار کر لیجاتی ہے جو لوگوں پر گراں نہ ہو اور اس سے مقصود حاصل ہو جائے۔ اور اسکے علاوہ تعیین اوقات میں اور بھی حکمتیں اور مصلحتیں ہوا کرتی ہیں۔ جن کو راسخین فی العلم ہی جانتے ہیں۔ لیکن تین قاعدوں پر اس کا استنباط ہوا کرتا ہے اولاً یہ کہ اگرچہ خداوند کریم زمانے سے برتر ہے لیکن آیات اور احادیث باہم ایک دوسرے کی اس امر میں موید ہیں کہ خدا تعالےٰ بعض اوقات میں اپنے بندوں سے قریب ہوا کرتا ہے۔ اور بعض اوقات میں لوگوں کے اعمال خدا تعالےٰ پر پیش ہوا کرتے ہیں بعض اوقات میں وہ بعض حوادث کو دنیا میں مقرر اور مقدر کیا کرتا ہے۔ وعلےٰ ہذا اور جدید حالات کو بھی سمجھ لو۔ اگرچہ ان سب امور کی اصلی حقیقت خدا تعالےٰ ہی کو معلوم ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہر شب کو تہائی رات رہی ہمارا پروردگار آسمان دنیا پر نزول فرماتا ہے۔ اور نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ پیر شنبہ اور جمعرات کو لوگوں کے اعمال خدا کی حضور میں پیش ہوتے ہیں۔ اور خدا تعالےٰ نصف شعبان کی شب میں طلوع کیا کرتا ہے اور ایک روایت میں آیا ہے کہ اس شب میں خدا تعالےٰ دورے آسمان پر نزول کرتا ہے۔ اس بات میں اکثر حدیثیں وارد ہیں۔ جو کہ معلوم ہیں۔ حاصل یہ ہے کہ یہ امر ضروریات دین سے ہے کہ بعض خاص خاص اوقات میں زمین پر روحانیت پھیلایا کرتی ہے اور اس میں ایک شمالی قوت کا ظہور ہوتا ہے قبول طاعات اور قبولیت دعا کے لئے ان اوقات سے عمدہ اور مناسب وقت کوئی نہیں ہوا کرتا ہے ان اوقات میں ایک ادنےٰ سعی کرنے سے نہایت وسعت کے ساتھ قوت بہیمی نکلی طاقت کے مطیع ہو جایا کرتی ہے اور ملاء اعلےٰ اس روحانیت اور شمالی قوت کے پھیلنے کا اندازہ آسمانی دوروں سے نہیں کیا کرتے۔ بلکہ اپنے ذوق و وجدان سے اسکو معلوم کر لیا کرتے ہیں۔ انکے دلوں میں اولاً کوئی شے منطبع ہوتی ہے۔ اس سے وہ سمجھ جاتے ہیں کہ کوئی روحانیت پھیلنے والی ہے اور کسی حکم آلٰہی کا نزول ہونے کو ہے۔

حدیث شریف میں اس کا بیان آیا ہے کہ فرشتوں کے پروں کی آواز ایسی معلوم ہوا کرتی ہے جیسے کوئی آہنی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زنجیر پکے پتھر پر مارتا ہے۔ بمنزلہ سلسلۃ علی صفوان۔

بنیاد علیہم السلام کے دلوں پر بھی یہی علوم ملاء اعلیٰ کی جانب سے منقش ہوتے ہیں اور وہ ان کو وجدانی قوت سے معلوم کر لیا کرتے ہیں آسمانی دوروں کا انکو حساب لگانا نہیں پڑتا۔ اس کے بعد انبیاء اس موقع کے قرار دینے میں کوشش کرتے ہیں۔ جہاں اس ساعت کے ہونے کا احتمال ہوا کرتا ہے اس کے تعین کے بعد لوگوں کو حکم کرتے ہیں کہ اس ساعت کا لحاظ رکھیں اور اسکی حفاظت کریں بعض ساعتوں کا دورہ سال کے دورہ کے ساتھ ہوا کرتا ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔

انا انزلنہ فی لیلۃ مبارکۃ انا کنا منذرین فیھا یفرق کل امر حکیم۔ امرا من عندنا انا کنا مرسلین (ہم نے قرآن کو مبارک شب میں نازل کیا ہے۔ ہم برائیوں سے لوگوں کو ڈرانے والے تھے۔ ہمارے حکم سے اس میں مضبوط کام جدا جدا کئے جاتے ہیں ہم ہی پیغمبروں کو بھیجا کرتے ہیں) اور اس ساعت میں دلے آسمان میں قرآن کی روحانیت معین ہوگئی تھی۔ اسپر اتفاق ہے کہ اور رمضان میں یہ تعین ہوا تھا۔

اور بعض اوقات کا دورہ ہفتہ کے ساتھ ساتھ ہوتا ہے۔ یہ تھوڑا سا وقت ہے۔ اس میں دعا اور طاعتوں کی قبولیت کی امید کی جاسکتی ہے۔ اور جب لوگ عالم معاد کی طرف رجوع کرینگے تو اسی وقت خدا تعالیٰ ان پر تجلی کرتا ہے۔ اسی ساعت میں لوگوں کو خدا سے قرب ہوتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ یہ وقت جمعہ کے روز واقع ہوتا ہے۔ اس پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے استدلال فرمایا ہے کہ دنیا میں بڑے بڑے واقعات جمعہ کو ہی ہوئے ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش بھی اسی روز ہوئی تھی اور نیز بہائم کو ملائکہ سفلی کے ذریعہ سے اس ساعت کی عظمت معلوم ہوتی ہے اس وقت وہ خوف زدہ اور ایسے مرعوب رہتے ہیں۔ جیسے کوئی سخت آواز سے خوف زدہ رہتا ہے۔ جمعہ کے روز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو مشاہدہ کیا تھا۔ اور بعض اوقات کا دورہ روزانہ دور کے ساتھ ہوا کرتا ہے۔ اور روحانیت کی نسبت اس وقت کی روحانیت کسی قدر ضعیف ہوا کرتی ہے۔ اور ارباب ذوق جو ملاء اعلیٰ سے حاصل کیا کرتے ہیں۔ انکا اتفاق ہے کہ روزانہ ایسے اوقات چار ہیں (۱) کسی قدر آفتاب سے پیشتر (۲) ٹھیک آفتاب کے ٹھیرنے کے بعد (۳) غرب آفتاب کے بعد (۴) نصف شب سے صبح تک۔ خاص ان اوقات میں اور کسی قدر ان سے آگے پیچھے روحانیت پھیلتی ہے۔ اور برکات ظاہر ہوتے ہیں۔ روئے زمین میں کوئی اہل مذہب ایسے نہیں ہیں جو واقف نہ ہوں کہ ان وقتوں میں عبادت زیادہ قبول ہوتی ہے۔ لیکن مجوس نے دین کی تحریف کر لی تھی۔ اور خدا کو چھوڑ کر آفتاب کی ان وقتوں میں پرستش کرنے لگے تھے۔ اسواسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے تحریف کو رکھ کر ان اوقات کو ایسے وقتوں سے بدلدیا جو ان اوقات سے کچھ دور بھی نہ تھے۔ اور اصلی غرض بھی اس تبدیلی سے فوت نہ ہوتی تھی۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے بروایت صحیح ثابت ہے آپ نے فرمایا کہ شب میں ایک ایسی ساعت ہے کہ اگر وہ بندہ مسلمان کو ملجائے اور دنیا و آخرت میں کسی بھلائی کی وہ دعا کرے تو خدا قبول فرماتا ہے ہر شب کو یہ ساعت ہوتی ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ نصف شب کی نماز سب نمازوں سے افضل ہے لیکن اسکے پڑھنے والے لوگ کم ہیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا گیا کہ کونسے وقت دعا زیادہ مقبول ہوتی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ نصف شب میں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے زوال

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی ساعت کی نسبت فرمایا ہے کہ آسمان کے دروازے مفتوح ہوتے ہیں۔ اس لیے میں پسند کرتا ہوں کہ اس وقت میرا کوئی عمل آسمان کی طرف صعود کرے۔ اور آپ نے فرمایا کہ فرشتوں سے پہلے دن کے فرشتے آسمان کیطرف صعود کرتے ہیں اور دن کے فرشتوں سے پہلے رات کے فرشتے صعود کرتے ہیں۔ ان مضامین کی طرف خدا تعالےٰ بھی اپنی محکم کتاب میں اشارہ فرماتا ہے فسبحان اللہ حین تمسون وحین تصبحون ولہ الحمد فی السموات والارض وعشیا وحین تظہرون (خدا کی پاکی ہے جس وقت کہ تم شام کرتے ہو اور جس وقت کہ تم صبح کرتے ہو اور آسمانوں اور زمین میں خدا کی تعریف ہے شام کیوقت اور جبکہ تمہارا وقت ظہر آتا ہے) اس بات کے متعلق نصوص بکثرت ہیں۔ وہ امور معلوم ہیں میں نے اسکے متعلق برے بڑے مشاہدہ کئے ہیں۔ دوسرا قاعدہ یہ ہے کہ خدا تعالےٰ کی طرف متوجہ ہونے کا ٹھیک وقت وہ ہے کہ تمام طبعی تشویشات سے آدمی فارغ ہو۔ زیادہ گرسنگی۔ زیادہ تشنگی۔ زیادہ سیری۔ نیند کا زیادہ غلبہ نہ ہو۔ سستی نہ ہو بول وبراز کی حاجت نہ ہو۔ ایسی حیالی پریشانیوں سے بھی آدمی کو آزادی ہو۔ لغو اور بیہودہ گفتگوؤں سے کان۔ اور مختلف صورتوں اور پریشان کرنیوالی رنگتوں سے آنکھ بھری ہوئی نہ ہو۔ اور اسی قسم کی تشویشوں کے اقسام سے تنہائی ہو یہ فراغ اور آزادی عادات کے اختلاف سے مختلف ہوا کرتی ہے۔ لیکن جو عرب اور عجم اور نیز ترکی اور مغربی لوگوں کے بمنزلہ طبعی طریقہ کے ہوگیا ہے وہ اس قابل ہے کہ نوائبس کی میں اس کو دستور العمل قرار دیں۔ اور اس سے مخالف شاذ ونادر ہی ہوا کرتا ہے۔ وہ صبح اور شام کا وقت ہے اور جب آدمی سونے کا قصد کرتا ہے تو سوقت ضرورت ہوتی ہے کہ شغلوں سے جو حرکت طبیعت میں جم جاتا ہے۔ وہ حرکت سے دور کر دیا جائے اس لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمادیا کہ عشا کے بعد لوگ قصہ اور شعر نہ پڑھا کریں۔ سیاست امت کی تکمیل کے لئے یہ بھی ضرور ہے کہ اس کا حکم دیا جائے کہ کچھ نہ کچھ زمانے کے بعد نفس میں نماز کی آمادگی اور طیاری پیدا ہوتی رہے تاکہ نماز کا انتظام اور اس کی طیاری نماز پڑھنے سے پہلے اور نماز کا بقیہ نور اور رنگ نماز پڑھنے کے بعد نماز کے حکم میں سمجھا جائے۔ اور اسی طرح پر کہ تمام اوقات کا استیعاب نہ ہو سکے تو اکثر اوقات کا استیعاب ہو جائے بارہا تجربہ کیا ہے کہ جو شخص نماز شب کے قصد سے سوتا ہے وہ بیہوش ہو کر ایسا مستغرق نہیں ہوتا اور جس شخص کا دل کسی عمدہ تدبیر دینوی یا کسی نماز کیوقت میں کسی وظیفہ میں مشغول ہو جاتا ہے کہ متعلق ہتھیار کو بھی حالت کو بھی حالت نہیں ہوا کرتی رسول اللہ صلے حدیث میں وارد ہے کہ شخص خراب جاگے اور پڑھے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شئ قدیر وسبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ۔ اس کے بعد کہے رب اغفر لی خدا اس کی دعا قبول کرتا ہے اور اگر شخص وضو کر کے نماز پڑھ لیگا۔ تو اس کی نماز بھی مقبول ہوگی۔ خدا تعالےٰ فرماتا ہے رجال لا تلہیہم تجارۃ ولا بیع عن ذکر اللہ (وہ ایسے لوگ ہیں جن کو نہ تجارت نہ خرید وفروخت خدا کی یاد سے غافل کرتی ہے) اور یہ مناسب ہے کہ دو وقتوں کے درمیان چوتھائی روز کا فاصلہ دیا جائے اتنے عرصہ میں تین گھنٹہ کی مہلت ہو جائیگی اور عرب اور عجم کے ہاں جو تقسیم شب وروز کی ہے اس تقسیم کا یہ تین گھنٹہ مقدار مستعمل کی۔ اقل حد کثرت ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ سب سے پہلے شب وروز کے حضرت نوح علیہ السلام نے حصے کئے تھے۔ ان کے بعد ان کی اولاد برابر یہی حصے کرتی آئی ہے تیسرا قاعدہ اوقات میں یہ ہے کہ عبادت ادا کرنیکا وقت ایسا ہونا چاہیے کہ جس سے خدا کی نعمتوں میں سے کسی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نعمت کی یاد آجائے مثلاً روز عاشورہ میں خدا تعالےٰ نے حضرت موسےٰ علیہ السلام کو فرعون پر فتح عنایت کیا تھا انہوں نے اس کے شکریہ میں خود بھی روزہ رکھا تھا اور اوروں کو بھی روزہ رکھنے کا حکم دیا تھا اور جیسے ماہ رمضان میں قرآن مجید نازل ہوا اور ملت اسلام کے ظہور کی ابتدا اس سے ہوئی یا اس عبادت سے انبیاء علیہم السلام کی طاعت اور عبادت پروردگار کی اور خدا نے جو اس بندگی کو ان سے قبول کر لیا تھا یاد آتی ہو مثلاً بقر عید کی نماز سے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے ذبح ہونے کا قصہ اور بھیڑی ذبح کرنے سے ان کے فدا کرنے کا حال یاد آجاتا ہے یا اس وقت کی عبادت سے دین کے بعض نشانات کی شان اور مرتبہ معلوم ہوتا ہے جیسے عید الفطر کو نماز پڑھتے ہیں خیرات کرتے ہیں اس سے رمضان کی ایک شان معلوم ہوتی ہے اور خدا نے اپنے بندوں کو جو عبادت کی توفیق دی تھی اس کے ادائے شکر کی بھی ایک شان معلوم ہوتی ہے اور نیز جیسے بقر عید کے روز حجاج کی حالت سے ایک قسم کی مشابہت ہو جایا کرتی ہے اور جو تمتع خدا تعالےٰ نے حجاج کے لیے مقرر کی ہیں ان کو اپنے سامنے پیش کرنا ہوتا ہے یا ان صلحا کا جن کی نیکی پر تمام امتوں کی زبان پر شہادت دی گئی ہوتی ہے یہ طریقہ چلا آتا ہے کہ ان اوقات میں اطاعت خداوندی اور عبادت الٰہی کیا کرتے تھے۔ جیسے نماز پنجگانہ کے اوقات حضرت جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا یہ تمہارا وقت ہے اور انبیاء سابقین کا وقت بھی یہی تھا اور جیسے رمضان شریف کی نسبت ارشاد الٰہی ہے۔ کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم (تم پر روزے ایسے ہی فرض ہوئے جیسے اگلے لوگوں پر فرض ہوئے تھے) تفسیر میں سے ایک وجہ یہ بھی ہے اور ہمارے متعلق روز عاشورہ کا بھی یہی حال ہے یہ تیسرا قاعدہ اکثر اوقات میں ملحوظ ہے۔ لیکن وہ دونوں پہلے قاعدے اوقات کے اصل الاصول ہیں واللہ اعلم۔

باب ۶۲

اعداد اور مقداروں کے بیان میں

جاننا چاہیے کہ شرع میں جو ایک چیز کی مقدار معین کر دی ہے اور اسکی دوسری نظیر کی وہ مقدار معین نہیں کی ہے تو اسکی حکمتیں اور مصلحتیں خاص ہیں۔ اگرچہ ہر شے کے معین کرنے میں پورا اعتماد قوت حدس پر ہے جس سے مکلفین کی حالت اور وہ امور معلوم ہوتے ہیں جو لوگوں کی سیاست کے مناسب اور لائق ہیں لیکن معلمتوں کی انتہا تین قاعدوں پر ہے

(۱) یہ کہ طاق کا عدد مبارک ہے جبتک یہ کافی ہو سکیگا دوسرے عدد کی طرف تجاوز نہ کرینگے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بیشک خدا طاق ہے اور طاق ہی کو پسند کرتا ہے پس اے قرآن پڑھنے والو۔ وتر نماز پڑھا کرو۔ اسمیں راز یہ ہے کہ ہر کثرت کی ہدایت وحدت سے ہوا کرتی ہے اور طاق عدد تمام کثرت کے درجوں میں وحدت سے زیادہ قریب ہوا کرتا ہے اسواسطے کہ جو مرتبہ عدد کا فرض کیا جائے۔ اس میں ایک غیر حقیقی وحدت شامل ہوا کرتی ہے جس سے وہ مرتبہ مرتبہ قرار پاتا ہے۔ مثلاً اس کا مرتبہ چند وحدتوں کا مجموعہ ہے جو ملکر ایک عدد بنگیا۔ پانچ اوپر پانچ کا نام دس نہیں ہے اسی پر اور عددوں کو بھی قیاس کر لو۔ ان مراتب عددی میں بھی غیر حقیقی وحدۃ وحدۃ حقیقی کا نمونہ اور اس کے جانشین ہے اور طاق عدد میں یہ غیر حقیقی وحدۃ بھی ہوا کرتی ہے اور اس کے ساتھ اسی قسم کی ایک اور وحدت بھی ہوتی ہے یعنی دو عدد

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صحیح سادی کی طرف منقسم نہ ہوا۔ اس لئے بہ نسبت عدد جفت کے عدد طاق وحدت سے زیادہ قریب ہے چونکہ خدا تمام مبدوں کا مبدا ہے۔ اس لئے موجودات اپنے مبدا سے زیادہ قریب ہوگی۔ وہ گویا تعالیٰ سے زیادہ قریب ہوگی۔ اسلئے جسمیں وحدت کمال درجہ ہوگی۔ اس میں خلق الٰہی کا ایک نمونہ ہوگا۔ جاننا چاہئے کہ عدد طاق کے مختلف مرتبے ہیں۔ بعضے عدد طاق جفت کے مشابہ ہوا کرتے ہیں مثلاً نو اور پانچ کا عدد ان دونوں سے صرف ایک ہندسہ زیادہ کرتے ہی دو جفت عددوں میں انقسام ہوتا ہے اور نو کا ہندسہ اگرچہ دو برابر حصوں میں منقسم نہیں ہوتا ہے لیکن اسکے برابر برابر تین حصے ہو سکتے ہیں ایسے ہی بعض جفت ہندسہ طاق کے مشابہ ہوا کرتے ہیں مثلاً بارہ تین بار چار عدد لینے سے حاصل ہوتا ہے اور چھ کا ہندسہ دو کو تین بار لینے سے بنتا ہے اور تمام طاق اعداد میں امام اور جفت کی مشابہت سے نہایت دور ایک کا عدد ہے اور اس ایک کے بعد اسکے وارث اور جانشین تین اور سات کے اعداد ہیں اور جو اعداد ان کے علاوہ اور ہیں دو ایک عدد کے خاندان اور امت میں سے ہیں۔ اسی وجہ سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اکثر ایک اور تین اور عدد کے عدد کو پسند فرمایا ہے اور جب بمقتضائے حکمت ان اعداد سے زیادہ کسی اور عدد کا حکم دیا گیا ہے تو وہ اختیار کیا گیا جو ان کی ترقی دینے سے حاصل ہوتا ہے مثلاً ایک کی ترقی سے دس اور سو اور ہزار نیز گیارہ حاصل ہوتا ہے اور تین کی ترقی سے تیس اور تینتیس اور تین سو حاصل ہوتے ہیں اور سات کی ترقی سے ستر اور ساتھ سو حاصل ہوتے ہیں جو عدد ترقی کے بعد حاصل ہوتا ہے۔ وہ گویا بعینہٖ وہی عدد ہوتا ہے۔ جس کو بڑھایا ہے۔ اسی واسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ہر نماز کے بعد سو کلموں کا پڑھنا مسنون فرمایا ہے۔ پھر تین تین مرتبہ تینتیس تینتیس پر اس کو تقسیم کر دیا ہے اور تاکہ پوری حالت طاق کی ہو جاوے اور انتہا طاق عددوں کی امام یا جانشین کی طرف ہو ایک کو زاید کر دیا ہے اور اعداد کی طرح ہر ایک تعوذ جو ہر اور عرض کے لئے بھی ایک امام اور جانشین ہوا کرتا ہے۔ مثلاً نقطہ بمنزلہ امام کے ہے اور دائرہ اور کرہ اس کے جانشین ہیں اور امام سے بہ نسبت اور شکلوں کے زیادہ قریب ہیں یہ میرے والد قدس سرہٗ نے مجھ سے بیان فرمایا کہ انہوں نے ایک بڑے واقع کا معائنہ کیا۔ اس واقع میں حیوۃ۔ علم۔ ارادہ اور تمام صفات الٰہیہ یا انہوں نے فرمایا کہ الٰہی العلم۔ المرید اور تمام اسمائے الٰہیہ۔ ان دونوں میں مجھ کو ٹھیک معلوم نہیں کہ کیا فرمایا۔ بہرحال یہ صفات یا اسماء سب نہایت نورانی دائروں کی شکل میں سامنے آئے پھر انہوں نے مجھ کو آگاہ کیا کہ بسیط اشیاء کا اشکال کی صورت میں پیش ہونا انہیں اشکال میں ہوا کرتا ہے۔ جو نقطہ سے زیادہ قریب ہوں اور ایسی شکل سطح میں دائرہ اور جسم میں کرہ ہوا کرتے ہیں انتہی کلامہ۔ جاننا چاہئے کہ وحدت کا عالم کثرت میں نازل ہونا عالم مثال کے خاص تعلقات اور ارتباطوں کی وجہ سے ہوا کرتا ہے اور انہیں تعلقات کی وجہ سے تمام واقعات صورت پکڑا کرتے ہیں اور جہاں تک ممکن ہوتا ہے زبان قدم کا ترجمان انہیں ارتباطات کا لحاظ رکھا کرتا ہے۔

دوسرا قاعدہ ان اعداد کے راز ظاہر کرنے میں جن کا بیان ترغیب یا ترتیب کے موقع میں آیا ہے۔ جاننا چاہئے کہ پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے نیکی اور برائی کے عادات پیش کئے جاتے ہیں۔ نیکی کے فضائل اور برائی کے عیوب آپ پر منکشف ہوتے ہیں۔ خدا تعالیٰ جس طرح آپ کو بتاتا ہے ویسے ہی آپ بیان کر دیتے ہیں۔ انکشاف کیوقت جس

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چیز کا جو حال آپ کو معلوم ہوتا ہے۔ اُس کا مدد آپ بتاتے ہیں۔ اس عدد میں اُس امر کا منحصر ہونا مقصود نہیں ہوا کرتا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری اُمت کے سب اچھے اور بُرے اعمال میرے سامنے پیش کئے گئے۔ تو اُنکے عمدہ اور نیک اعمال میں سے میں نے راستہ میں سے کسی اذیت کو دور کرنا بھی پایا۔ اور اُن کے بُرے اعمال میں سے مسجد میں بلغم دہن کو پایا جو مسجد میں بغیر دبائے ویسے ہی چھوڑ دیا جائے اور نیز آپ نے فرمایا کہ میری اُمت کے اجر میرے سامنے پیش ہوئے حتے کہ وہ خاشاک بھی جس کو آدمی مسجد میں سے باہر نکال دیتے ہیں پیش کیا گیا۔ اور میری اُمت کے گناہ بھی مجھ پر پیش ہوئے اُن میں میں نے اس سے زیادہ کوئی گناہ نہیں پایا کہ کسی شخص کو قرآن کی کوئی سورت یا آیت یاد ہو اور اُس کو وہ بھلا دے۔ اسی قاعدہ پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول کو قیاس کرنا چاہئے کہ تین شخصوں کو دو دو اجر ملینگے اول اہل کتاب جو اپنے پیغمبر پر بھی ایمان لایا اور محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر بھی ایمان لایا۔ دوسرے کسی کا غلام خدا کا حق بھی ادا کرے اور اپنے مالک کا حق بھی تیسرے وہ شخص جس کے پاس کوئی کنیز ک ہو وہ اُس سے ہمبستر ہوتا تھا پھر اُس کو ادب سکھایا اور اچھی طرح اُسکو تعلیم دی اور اُسکو آزاد کر کے نکاح کر لیا اُسکو بھی دو اجر ملینگے اور اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تین شخصوں سے خدا تعالےٰ کلام نہ کریگا۔ نہ اُس کو تسہر اکریگا۔ ایک بوڑھا آدمی زانی۔ دوسرے جھوٹا بادشاہ تیسرے متکبر حاکم۔

اسی طرح آپ کا ارشاد ہے کہ چالیس خصلتیں ہیں اُن سب میں سب سے زیادہ دودھ کی بکری کسی کو دیدینا ہے۔ تاکہ وہ شخص اُسکے دودھ اور اون سے فائدہ اٹھائے اور پھر وہ شخص اسکو واپس لے لے۔ ان چالیس میں سے جو شخص ایک خصلت کو بھی باامید ثواب اور اُسکے وعدہ کی تصدیق کرنے کیلئے کریگا۔ خدا اُسکو جنت میں داخل کریگا اور کبھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو کسی عمل کے فضائل یا کسی شے کے اجمالی حصے ظاہر ہوتے ہیں تب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فضائل کے منضبط کرنے کی وجہ قائم کرنے میں اجتہاد کرتے ہیں۔ اور اُسکے لئے ایسا عدد مقرر کرتے ہیں جو کثیر الوقوع یا عظیم الشان وغیرہ ہوا کرتا ہے اسی پر قیاس کر لینا چاہئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے قول کو کہ تنہا نماز پڑھنے پر جماعت کی نماز کو ستائیس درجہ فضیلت ہے صلوٰۃ الجماعۃ تفضل صلوٰۃ الفذ بسبع وعشرین درجۃ اس لئے کہ ستائیس کے عدد کو تین میں ضرب دینے سے پھر مضروب فیہ کو تین میں ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نظر میں جماعت کے فائدے تین قسم کے تھے ایک وہ جس کا اثر خود نمازی کے جسم پر ہوتا ہے۔ اس میں تہذیب آجاتی ہے۔ قوت ملکی کا ظہور ہوتا ہے اور بہیمی طاقت دب جاتی ہے اور ایک حصہ کا اثر لوگوں کی جماعت پر ہوتا ہے کہ ایک مبارک روش اُن میں پھیلتی ہے۔ لوگ اُس میں ایک دوسرے سے زیادہ شوق ظاہر کرتے ہیں۔ اس سے اُن میں تہذیب آتی ہے اور سب ملکر متقانہ برتاؤ کرتے ہیں اور ایک حصہ کا اثر ملت مصطفوی پر پڑتا ہے کہ اُسمیں اصلی شادابی اور تروتازگی رہتی ہے تحریف یا سستی اُس میں نہیں ملکتی۔ اور نیز پہلے حصہ میں تین منفعتیں ہیں۔ بارگاہ خداوندی اور ملاءِ اعلےٰ سے نزدیکی اُنکے لئے نیکیاں مندرج کیجاتی ہیں۔ اور اُن سے برائیاں دور کی جاتی ہیں۔ ایسے ہی دوسرے حصہ میں بھی تین منافع ہیں۔ لوگوں کے خاندان اور شہر کا منظم رہنا دنیا میں اُن پر برکتوں کا نازل ہونا۔ آخرت میں ایک دوسرے کے لئے شفاعت کرنا۔ اور تیسرے حصہ میں بھی تین امر ہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

منفعت ہیں۔ لاعلمی کی اتفاقی کوشش کا جاری ہونا۔ خدا کی درازرسی کہ لوگوں کا پکڑنا بعض لوگوں کے انوار کا بعض پر پڑنا۔ اور اُن نو امور میں سے ہر ایک میں بھی تین تین خوبیاں ہیں۔ خدا تعالےٰ کی لوگوں سے خوشنودی۔ فرشتوں کا اُن پر رحمت بھیجنا۔ شیاطین کو لوگوں سے روپوشی۔ اور ایک روایت میں بجائے تائیس کے پچیس کا عدد آیا ہے۔ اس کی وجہ بھی یہ ہے کہ جماعت میں پچیس خوبیاں ہیں۔ اوّل لوگوں کا استقلال۔ دوسرے لوگوں کی جماعت میں باہمی الفت۔ تیسرے اُن کی مذہب کی پائیداری۔ چوتھے فرشتوں کا محفوظ ہونا۔ پانچویں لوگوں سے شیاطین کا روپوش ہونا اور ان پانچ میں سے ہر ایک صورت میں پانچ پانچ خوبیاں ہیں (۱) خداوند عالم کی خوشنودی (۲) دنیا میں لوگوں کا بابرکت ہونا (۳) اُن کیلئے نیکیوں کا لکھا جانا (۴) خطاؤں کی معافی (۵) آنحضرت اور فرشتوں کی اُن کے لئے شفاعت کرنا۔ وجوہ ضبط کیلئے ان روائتوں میں اختلاف ہوگیا ہے کبھی کسی شے کی عظمت اور بڑائی ظاہر کرنے کو کوئی عدد دیا کرتے۔ ایسے موقعہ پر عدد کا اظہار صرف مثالی طور پر ہوا کرتا ہے اس کی تظیر یہ ہے کہ لوگ کہا کرتے ہیں فلاں شخص کی محبت میرے دل میں پہاڑ کی برابر ہے یا فلاں شخص کا مرتبہ آسمان تک پہنچتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے یہی معنی ہیں کہ جب مسلمان قبر میں منکر نکیر کو ٹھیک جواب دیتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم پہلے ہی سے جانتے تھے کہ تو یہی جواب دیگا اور اُسوقت اُس مسلمان کی قبر بصرہ یا شرگز تک پھیلجاتی ہے۔ یا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میرے حوض کی وسعت اتنی ہے جتنی مکہ اور بیت المقدس میں وسعت ہے۔ یا آپ کا قول ہے کہ میرے حوض کی وسعت اس سے زیادہ ہے۔ جتنی شہر ایلہ سے عدن تک ہے۔ ایسی صورتوں میں کبھی کوئی مقدار بیان کیجاتی ہے کبھی کوئی مقدار لیکن اصلی غرض کے لحاظ سے انمیں کوئی اختلاف نہیں ہوا کرتا۔

تیسرا قاعدہ مقادیر کے اندازہ میں یہ ہے کہ کسی شے کی مقدار ایسی ظاہری معین کیجاوے جس کو مخاطبین اس حکم کے نظائر میں استعمال کیا کرتے ہیں۔ یہی مناسب ہے کہ اُس کو حکم کے مدار علیہا اور حکم کی حکمت سے مناسبت ہو۔ اسلئے درہموں کو اوقیوں (ایک اوقیہ کے چالیس درہم ہوتے ہیں) اور خراج کا اندازہ وسقوں (ساٹھ صاع) سے کرنا مناسب ہے ایسا حصہ بھی ذکر کرنا چاہئے۔ جن کو محاسب غور و خوض سے نکالیں جیسے سترھواں اٹھیسواں حصہ اسی واسطے خدا تعالےٰ نے فرائض اور سہام میں ایسی کسریں ذکر کی ہیں۔ جن کا نصف اور دوچند کرنا اور اُن کا مخرج نکالنا نہایت آسان ہے ان سہام کے خدا تعالےٰ نے دو حصے قرار دیئے ہیں (۱) چھٹا۔ تہائی۔ دو تہائیاں (۲) اٹھواں۔ چوتھائی۔ نصف۔ اسمیں بھی راز ہے۔ کہ ان میں قابل زیادہ کی فضیلت اور قابل کمی کا نقصان ظاہر نظر میں معلوم ہو جایا کرتا ہے۔ اور اوّلے والے پر مسائل کا نکالنا آسان ہوا کرتا ہے۔ ان مقادیر مذکورہ کے علاوہ اگر کسی اور مقدار مقرر کرنے کی ضرورت پڑے تو یہی مناسب ہے کہ ایک اور نصف کے درمیان دو تہائیوں سے اور چہارم اور نصف کے بیچ میں ایک تہائی سے زیادہ تجاوز نہ کریں اس لئے کہ اور حصہ ان دونو حصوں کی نسبت زیادہ مخفی ہیں اور اگر کسی شے کثیر کا اندازہ کرنا مقصود ہو تو یہی مناسب ہے کہ تین سے اندازہ کریں اور اگر اس سے بھی زیادہ اُس کی کثرت بیان کرنی ہو تو دس کے عدد سے اُسکا اظہار کریں اور جب کوئی شے کم بھی ہو اور زیادہ بھی تو چھوٹا اور بڑا مرتبہ لیکر اُسکو نصف کریں۔ زکوٰۃ کے باب میں پانچوان اور دسواں اور بیسواں اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چالیسواں حصہ معتبر کیا گیا ہے۔ اس لئے کہ صدقہ زیادہ کرنے کا مدار آبادی کی وسعت اور منعت کی کمی پر ہے اور تمام اہل ولایت کے پیشے اور مطالب صرف چار مرتبوں ہی سے منتظم ہوا کرتے ہیں۔ ان میں یہی مناسب تھا کہ دو دو مرتبوں میں فرق صاف طور پر بیان ہو جائے یعنی ایک مرتبہ کا دوسرے مرتبہ سے دوچند ہونا معلوم ہو جائے آئندہ اسکی تفصیل بیان کیجائیگی۔ جب دولتمند کا اندازہ کیا جائے تو ان امور کا لحاظ کرنا چاہئے جنکو فراوانی دولت میں دخل ہے۔ یا دولتمندی کے احکام و آثار کو دیکھنا چاہئے اور شہر نا شہر یا عرب و عجم کے مکلفین کے حالات سے ان امور کو اخذ کرنا چاہئے۔ اور مانع نہ ہونے کی صورت میں جو قدرتی طریقہ کے موافق انکی کیفیت ہوا کرتی ہے۔ اسکو خیال میں رکھنا چاہئے۔ اگر لوگوں کی عام حالت اور عادت پر اسکو مبنی نہ کرینگے تو انکے حالات میں پریشانی ہو جائیگی۔ اس واسطے سابقین عرب کا ہی حال قابل اعتبار سمجھا گیا ہے جنکی زبان میں قرآن نازل ہوا ہے اور انکی ہی عادت کے موافق شریعتوں کی قرار داد ہوئی ہے۔ اسی لحاظ سے شرع نے پانچ اوقیوں سے کمتر کا اندازہ کیا ہے۔ اکثر آبادی کے حصوں میں ایک چھوٹے سے خاندان کو ایک سال تک کیلئے یہ مقدار کافی ہوا کرتی ہے ہاں اگر قحط سالی ہو یا شہر ہی بہت بڑے بڑے ہوں یا ایسے شہروں کے پڑوسات ہوں تو مقدر رقم صرف کیلئے ذخیرہ کرینگی اور بکریوں کے چھوٹے ریوڑ کا اندازہ چالیس سے اور بڑے کا ایک سو بیس سے کیا گیا ہے اور زیادہ گنتی کا اندازہ پانچ دستوں سے کیا گیا ہے ایک دستہ ساٹھ صاع کا ہوا کرتا ہے۔ اس لئے کہ کسی چھوٹے سے خاندان میں ایک خادم ہوگا اور ایک اسکی بیوی اور تیسرا شخص خادم ہوگا یا انکا کوئی لڑکا اور روزانہ خوراک ایک آدمی کی ایک مد یا ایک رطل ہوگی۔ اور اس کے ساتھ سالن وغیرہ کی بھی ضرورت ہوگی اور ایک سال کے لئے اتنی مقدار سے کاروباری ہو سکتی ہے اور اب کثیر کا اندازہ قلتیں سے کیا گیا ہے اس قدر پانی کافی ہوا کرتا ہے اور معمولی ظروف میں اتنا پانی نہیں آسکتا۔ انہیں اندازوں پر اوروں کو بھی قیاس کر لو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

باب ۶۳
قضاء اور رخصت کے اسرار میں

جاننا چاہئے کہ سیاست کا مقتضا یہ ہے کہ جب کسی شے کا حکم کیا جائے یا کسی شے سے لوگ روکے جائیں اور مخاطبین کو اس حکم کے ٹھیک طور پر غرض معلوم نہ ہو تو ضرور ہے اسی واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اکثر اوامر و نواہی کے صراحۃً بیان کرنے سے اکثر جگہ سکوت فرمایا ہے البتہ راسخین فی العلم کیلئے کسی قدر ان اسرار کو ذہن نشین کر دیا ہے۔ یہ ہی وجہ ہے کہ عالمین دین یعنی خلفاء راشدین اور آئمہ دین کی توجہ مذہبی امور کے قائم کرنے کی طرف بہ نسبت انکی ارواح قائم کرنے کے زیادہ تھی تھے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نماز کی حالت میں بحرین کے خزینہ کا شمار کرتا ہوں اور نماز کی حالت میں ہی لشکر کا سامان کرتا ہوں۔ اسی لئے پہلے سے اور بعد میں فقیہوں کا یہی طریقہ چلا آیا ہے کہ فتوے دیتے وقت وہ مسئلہ کی دلیل کے بیان کرنے کی طرف توجہ نہیں کرتے تھے اور یہ بھی ضرور ہے کہ حکم امور کے اختیار کرنیکا نہایت اہتمام کیا چاہئے۔ اس کی ترک پر لوگوں کو نہایت ملامت کریں۔ لوگوں کے دل تعمیل احکام کی جانب مائل اور مالوف کئے جائیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اکو شوق دلایا جائے تاکہ حق باتوں کی خواہش اُن کے ظاہر باطن کو ہر طرف کو احاطہ کرلے اس حالت کے بعد اگر احکام کی تعمیل سے کوئی ضروری مانع پیدا نہ رکھے۔ تو ضرور ہے کہ کوئی ان کا بدل اور قائم مقام قرار دیا جائے اسلئے کہ ایسی ضرورتوں میں مکلف کی دو حالتیں ہو سکتی ہیں یا ہر شخص سے ایسے احکام کی تعمیل مشقت اور دقت سے کرائی جائے یہ موضوع شرع کے خلاف ہے خدا تعالےٰ فرماتا ہے یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر خدا تمہارے لئے آسانی کا قصد کرتا ہے۔ دقت اور دشواری وہ تمہارے لئے نہیں چاہتا یا اُن احکام کی تعمیل بالکل ترک کر دیجائے اسوقت میں نفس انکی ترک کا عادی ہو جائیگا اور مہمل چھوڑ دیا جائیگا نفس کی مثال ایسی ہی گردانی جاتی ہے جیسے کسی تندرست پایہ کو مشق کرواتی ہیں اسی طرح طلوب کی رغبت اور الفت غنیمت سمجھی جایا کرتی ہے جو لوگ اپنے نفس کی ریاضت کرتی ہیں یا نہ کو تعلیم دیتی ہیں بیمار یا نہ کو مشق کرواتی ہیں وہ خوب سمجھتی ہیں کہ ہمیشگی سے الفت کیسی پیدا ہوتی ہے اور کام کرنے میں کیسی آسانی حاصل ہوتی ہے۔ اور کام کے چھوڑ دینے سے الفت کیسی جاتی رہتی ہے اور نفس پر پھر اس کا کرنا کیسا گراں معلوم ہوا کرتا ہے اور جب قصد ہوتا ہے کہ دوبارہ انہیں کام کرنے کی تحریک پیدا ہو۔ تو از سر نو ان میں الفت اور میلان پیدا کرنا پڑتا ہے۔ اسواسطے ضرور ہے کہ جب کسی کام کرنے کا وقت ہاتھ سے نکلجائے تو اسکے لئے قضا مشروع ہو۔ اور افعال کے لئے رخصتیں بھی مقرر کیجائیں تاکہ بآسانی اُس امر کی تعمیل ہو جائے۔ قضا اور رخصتوں کے قرار دینے میں عمدہ شے مدس کی قوت ہے۔ جس سے تکلیفین کی حالت کی شناخت ہوتی ہے اُس عمل کی غایۃ عمل اجزا جن کا ہونا اُس غایۃ کے حاصل کرنے میں ضروری ہے۔ بخوبی معلوم ہو سکتی ہے علاوہ مدس کے اس قضا۔ اور رخصتوں کے خاص خاص اصول بھی ہیں جن کو راسخین فی العلم خوب جانتے ہیں۔ (۱) قضا اور رخصت میں دو امر رکن اور شرط ہیں (۱) جو اصلی امر کسی شے کی حقیقت میں داخل ہو۔ یا اُس شے کو کوئی امر لازم ہو کہ اُس سے اصل کی غرض پر لحاظ کرنے سے بدوں اس لازم کے وہ شے غیر معتد بہ ہو مثلاً دعا یا تجمکنا جس سے تعظیم معلوم ہوتی ہے اور خصائل طہارۃ اور خشوع پر نفس کو متنبہ کرنا۔ جو امور اس قسم کے ہونگے۔ وہ اس قابل نہیں ہیں کہ ناگواری یا بیحجت کی حالت میں فروگذاشت کئے جائیں۔ اس لئے کہ ایسے امور کی ترک کرنے سے عمل بالکل بے اثر ہو جایا کرتا ہے (۲) وہ امور جو اوروں کی تکمیل کیلئے ہوا کرتے ہیں وہ اور معافی کے لئے واجب قرار دیئے جایا کرتے ہیں۔ ان کی وجہ سے اصلی غرض کمل صورت میں حاصل ہوا کرتی ہے یہ قسم اس قابل ہے کہ ضرورتوں اور ناگواریوں کی حالت میں اُس میں رخصت دیجا سکتی ہے۔ اسی قاعدہ کے موافق تاریکی وغیرہ کی حالت میں استقبال قبلہ کی جگہ صرف تحری پر کفایت کی جا سکتی ہے اور جس کو کپڑا میسر نہ ہو۔ وہ ستر عورت کو ترک کر سکتا ہے اور جس کو پانی نہ ملے وہ وضو کو ترک کر کے تیمم کر سکتا ہے۔ اور جس کو سورۃ فاتحہ پڑھنے کی قدرت نہ ہو وہ کسی ذکر پر اکتفا کر سکتا ہے جس کو قیام پر قدرت نہ ہو وہ بیٹھے بیٹھے یا لیٹے لیٹے نماز پڑھ سکتا ہے جو رکوع یا سجدہ نہ کر سکتا ہو۔ اُس کی نماز صرف سر جھکانے سے ہو سکتی ہے (۳) قاعدہ یہ ہے کہ بدل میں کوئی ایسی شے باقی رکھنی چاہئے جس سے اصل یاد آجائے اور معلوم ہو جائے کہ یہ اُس کا نائب اور بدل ہے اس سے رخصتوں کی تجویز کرنے سے جو غرض مطلوب ہے کہ پہلے عمل سے بھی الفت باقی رہے۔ وہ بھی حاصل ہوا کرتی ہے اس صورت میں نفس کو پہلے عمل کا انتظار سا رہتا ہے یہی وجہ ہے کہ مسح موزوں میں موزہ پہننے کیوقت طہارۃ مشروط ہے اور اس کی ایک مدت قرار دیگئی ہے جس سے مسح کا اختتام ہو جایا کرتا ہے اور قبلہ میں تحری شرط ہے (۴) قاعدہ یہ ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ ہر ایک ہیج کی صورت میں رخصت تجویز نہ کرنی چاہیے اس لئے کہ ہیج کے طریقے بکثرت ہیں۔ اور اگر سب میں رخصت تجویز کی جائے تو طاعت بالکل متروک ہو جاوے اور زیادہ تر اہتمام رخصتوں سے محنت اور سختی کی برداشت کرنا بالکل مٹا جاوے اور ایسی محنت برداشت کرنے سے معلوم ہوا کرتا ہے کہ شریعت کی پیروی کیجاتی ہے اور نفس میں استقامت ہے۔ اسواسطے مقتضائے حکمت یہ ہے کہ صرف انہیں وجوہ سے رخصتیں متعلق کیجائیں جو کثیر الوقوع ہیں اور ان میں گرفتاری اکثر ہوا کرتی ہے خاص وہ ان لوگوں میں زیادہ پیش آیا کرتے ہیں جن کی زبان میں قرآن نازل ہوا ہے اور ان کی عادات کے موافق شریعت میں کا تقرر ہوا ہے۔ اور اس امر کا لحاظ ضرور ہونا چاہیے کہ طاعت کا اثر بالخاصیت ہو۔ جہاں تک ممکن ہو اسی واسطے سفر میں قصر مشروع ہے پر مشقت پیشوں اور کاشتکاروں یا اور کاریگروں کے لئے قصر تجویز نہیں کیا گیا ہے اور خوشحال اور غیر آسودہ مسافر کی حالت ایک سی ہی کی گئی ہے بعض قضایا بمثل معقول ہوا کرتی ہے۔ اور بعض بمثل غیر معقول اور چونکہ طاعت اس کا نام ہے کہ خداوندی حکم کی دل سے اطاعت کیجاوے اور نفس میں خداوندی تعظیم جاگزین ہو۔ تو جس شخص کا عمل بالقصد اور بدون عزیمت ہو یا وہ شخص ایسا ہو کہ اس کا قصد کامل نہیں ہوا کرتا اور کما ینبغی تعظیم اسمیں نہیں رچ ہوا کرتی۔ تو ایسے شخص کو معذور رکھنا چاہیے اور اس کو زیادہ تنگی میں نہ ڈالنا چاہیے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کے یہی معنی ہیں کہ سونے والے اور لڑکے اور مجنون سے قلم اٹھا لیا گیا ہے یعنی اس سے مواخذہ نہیں کیا جاتا ہے رفع القلم عن ثلثۃ عن النائم والصبی والمعتوہ واللہ اعلم۔

باب ۶۴

باب اقامۃ الارتفاقات واصلاح الرسومہ

تدابیر کے قائم کرنے اور رسموں کی اصلاح میں

ہم نے پہلے تصریحاً یا اشارتاً ذکر کیا ہے کہ تدابیر دوم و سوم حصہ کے اصول پر آدمی مجبور کیا گیا ہے انہیں اصول کی وجہ سے وہ اور باقی حیوانات سے ممتاز کیا گیا ہے یہ بالکل محال ہے کہ لوگ ان تدابیر کو ترک کر دیں لوگ ان تدابیر کے اکثر حصہ کے پورا کرنے میں ایسے حکیم کے محتاج ہوا کرتے ہیں جو انسانی ضرورتوں سے واقف ہو۔ ان تدابیر سے متمتع ہونے کا ڈھنگ اس کو آتا ہو مصالح کلیہ کا وہ لحاظ رکھتا ہو وہ حکیم غور و فکر سے ان اصول کو مستنبط کرتا ہو یا اسکے نفس میں پیدائشی طور پر قوت لگی موجود ہو جسکی وجہ سے اسکا نفس ملاء اعلےٰ کے علوم نازل ہونے کیلئے ہمیشہ طیار رہتا ہو۔ یہ طریقہ انکشاف کا ان دونوں طریقوں سے زیادہ کامل اور قابل اعتماد ہوا کرتا ہے۔

رسوم باب تدابیر میں اسی درجہ کی ہوتی ہیں۔ جیسے کہ دل بدن کے لئے لیکن رسموں میں ایسے لوگوں کی ریاست کی وجہ سے خرابیاں پیدا ہو جایا کرتی ہیں جن کو عقل کلی سے کچھ مس نہیں ہوا کرتا۔ اس لئے وہ بھی یا شہوانی یا شیطانی اعمال کے خوگر ہو کر اور لوگوں میں ان کو رواج دیتے ہیں اور اکثر لوگ ان کے پیرو ہو جایا کرتے ہیں اور اس کے علاوہ اور وجوہ سے بھی رسوم میں ابتری بڑھ جایا کرتی ہے۔ ان رخنوں کے روکنے کے لئے ایک زبردست آدمی کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضرورت پڑا کرتی ہے۔ جو غیب سے مؤید ہو۔ علمت کلی کو وہ دل سے مانتا ہو۔ ایسا شخص لوگوں کی رسومات کو ایسی باتی تدابیر حق کی جانب مائل کر دیا کرتا ہے جن کی طرف رہبری صرف انہیں لوگوں کو ہوا کرتی ہے جو روح القدس سے مؤید ہوا کرتے ہیں جب اسقدر معلوم ہو چکا تو اب سمجھنا چاہیے کہ انبیا کی بعثت اگرچہ اولاً اور بالذات عبادت کے طریقوں کی تعلیم دینے کے لئے ہوا کرتی ہے لیکن اب انہیں کے ساتھ ساتھ یہ ارادہ بھی شامل ہوا کرتا ہے کہ خراب رسومات کی بیخ کنی ہو جائے اور تدابیر کے طریقوں پر لوگوں میں آمادگی پیدا ہو۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بعثت لاتمم مکارم الاخلاق (میں بزرگ عادات کے لوگوں کے معدوم کرنے کیلئے پیدا ہوا ہوں) اور ارشاد فرمایا ہے بعثت لاتمم مکارم الاخلاق (میں بزرگ عادات کے کامل کرنے کیلئے پیدا ہوا ہوں) معلوم کرنا چاہیئے کہ خدا کی مرضی اس میں نہیں ہے کہ تدابیر دوم و سوم متروک کر دی جائیں انبیا میں سے کسی نے بھی ایسا حکم نہیں دیا ہے۔ ان لوگوں کا گمان بالکل بیہودہ ہے جو پہاڑوں کی طرف بھاگ جاتے ہیں اور برائی بھلائی میں لوگوں سے بالکل میل جول ترک کر دیتے ہیں وحشیانہ زندگی بسر کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کا رد کیا ہے۔ جو دنیا سے کنارہ کشی کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا ہے لا بعثت بالرہبانیۃ وانما بعثت بالملۃ الحنیفۃ السمحۃ (میں رہبانیت سکھانے کیلئے مبعوث نہیں ہوا ہوں بلکہ ایک مذہب سراپا راستی اور آسان کے ساتھ مبعوث ہوا ہوں) ہاں انبیا کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ تدابیر و منافع میں اعتدال پیدا کر دیں اور عیش و آرام میں زیادہ خوض کرنے والوں کی حالت سلاطین عجم کی سی نہ ہو جائے اور نہ یہ کہ لوگوں کی زندگی کو ہستانی چوپایوں کے باشندوں کیسی ہو جائے جو وحشیوں سے ملی جلتی ہے اس موقعہ پر دو مخالف قیاس جمع ہو گئے ہیں (۱) یہ کہ آسودگی اور آرام سے بسر کرنا عمدہ بات ہے اس سے مزاج درست ہو جاتا ہے۔ اخلاق میں سہتبازی پیدا ہوتی ہے اور وہ اوصاف لوگوں میں ظاہر ہوتے ہیں جنکی وجہ سے وہ اپنے تمام انبائے جنس سے ممتاز ہیں۔ اور سوء تدبیر سے عبادت اور عاجزی وغیرہ اوصاف پیدا ہوا کرتے ہیں (۲) یہ کہ آسودگی بڑی چیز ہے اس سے باہمی نزاع پیدا ہوتی ہیں محنتیں سختی پڑتی ہیں جانب غیب سے اس کی وجہ سے اعراض ہو جایا کرتا ہے آخروی تدابیر کو خوشحالی کی وجہ سے لوگ چھوڑ دیا کرتے ہیں۔ اسی واسطے پسندیدہ امر یہ ہے کہ تدابیر کو باقی رکھیں اور ان کے ساتھ اذکار و آداب کو پیوند کر دیں اور عالم جبروت کی جانب متوجہ ہونے کے لئے فرصت کی تلاشی رہیں اس باب میں تمام انبیا علیہم السلام نے جو خدا کی جانب سے لوگوں کے سامنے پیش کیا ہے وہ یہی ہے کہ ان امور میں جو لوگوں کے استعمال میں ہیں بخوبی توجہ کیجائے دیکھا جائے کھانے پینے لباس کے آداب تعمیر آرائش کے اسباب لوگوں میں کیا کیا ہیں۔ ان میں نکاح کا طریقہ اور زن و شوہر کی سیرت کیا ہے وہ باہمی خرید و فروخت کن وجوہ سے کرتے ہیں جرائم سے باز رکھنے کے لئے کیا کیا تعزیرات ان میں مستعمل ہیں مقدمات کا فیصلہ وہ کس طرح کرتے ہیں وغیرہ ابتدا اور امور کا بھی اندازہ کرنا چاہیئے اگر یہ امور رائے کلی کے مناسب اور اس پر منطبق ہوں تو ان میں کسی قسم کی تبدیلی کرنا بے معنی ہے بلکہ لوگوں کو ایسے امور پر اور زیادہ آمادہ کرنا چاہیئے اور ان میں ان کی درستی رائے ظاہر کر دینی چاہیئے۔ اور جو جو مصلحتیں ان میں مضمر ہیں وہ بتا دینی چاہئیں اور اگر وہ امور رائے کلی کے موافق نہ ہوں اور ان امور میں سوجہ سے تبدیلی کی ضرورت پیش آئے کہ ان کے سبب سے ایک شخص دوسرے کا ایذا رساں ہو سکتا ہو یا دنیوی نقصانات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان کی وجہ سے زیادہ انہماک ہو یا مرتبہ احسان سے اُن کی وجہ سے اعراض ہوتا ہو یا اُن سے بے غمی ایسی پیدا ہوتی ہو جن سے دنیوی یا اخروی وغیرہ مصلحتیں فوت ہوتی ہوں تو اُن امور کی تبدیلی ایسی صورت میں کرنی چاہیئے جو لوگوں کے الوفات کے بالکل مخالف نہ ہو۔ بلکہ ایسے نظائر میں انکو بدلنا چاہیئے جو لوگوں میں شائع ہوں یا اُن نظائر کی جانب انکو بدلیں جو ایسی صالحین کی روایت سے مشہور ہوں جنکی بھلائی پر لوگوں کی زبان پر شہادت ہوتی چلی آئی ہو۔ یہ تبدیل شدہ امور ایسے ہوں کہ اگر انکے سامنے وہ پیش کئے جائیں تو انکی عقلیں اُن امور کو دفع نہ کریں بلکہ اطمینان سے معلوم کرسکیں کہ یہ تبدیلی حق اور صحیح ہے۔

وہ لوگ جن کا علم راسخ ہے اس امر سے بخوبی واقف ہیں کہ شرع نے ابواب نکاح طلاق۔ معاملات۔ زینت۔ لباس۔ حکومت۔ حدود۔ تقسیم میراث میں وہ امور قرار نہیں دیئے ہیں جن سے لوگ محض ناواقف ہوں۔ انکے مکلف کرنے سے وہ تردد میں پڑ جائیں۔ بلکہ شرع نے اُن امور کی بھی کو درست کر دیا ہے۔ اور کمزور حالت کو قوی کر دیا ہے اُس زمانہ کے لوگوں میں ریوہ خواری کی کثرت ہوگئی تھی۔ اُس سے وہ روک دیئے گئے۔ بہار آنے سے پیشتر پھلوں کو فروخت کر دیا کرتے تھے اور جب پھلوں کو صدمہ پہنچتا تھا تو جھگڑے کیا کرتے تھے اسواسطے اس بیع سے بھی روکے گئے۔ عبدالمطلب کے زمانہ میں دیت کے لئے دس اونٹ معین تھے جب اُنہوں نے دیکھا کہ لوگ قتل سے باز ہی نہیں آتے۔ تب بجائے دس کے سو کر دیئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بھی یہی سو باقی رکھے۔ قسامہ (قاتل کا حال معلوم نہ ہو تو قسم سے فیصلہ کیا جائے) کی دادا قرار دادا بوطالب کے حکم سے ہوئی تھی۔ سردار قوم کے لئے مال غنیمت میں چہارم حصہ مقرر تھا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُسکی جگہ ہر ایک غنیمت میں سے خمس مقرر فرمایا کیقباد اور کیقباد کے بیٹے نوشیرواں نے لوگوں پر خراج اور وظیفہ مقرر کی تھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بھی اُسی کے قریب قریب قرار دیا۔ بنی اسرائیل زانیوں کو سنگسار کیا کرتے تھے۔ چوروں کے ہاتھ قلع کیا کرتے تھے۔ جان کے بدلہ میں جان لیا کرتے تھے۔ یہی احکام قرآن مجید میں بھی نازل ہوئے ہیں۔ اس قسم کے احکام کثرت ہیں۔ تمدنی پر مخفی نہیں رہ سکتے۔ بلکہ اگر کوئی مفہوم ہو اور احکام کے اطراف و جوانب پر اُس کی نظر محیط ہو اس کو معلوم ہو سکتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام نے عبادات میں بھی وہی طریقے مقرر کئے ہیں جو اُس زمانہ کے لوگوں میں پائے جاتے تھے انبیاء کے احکام بالعینہ وہی ہوتے ہیں جو لوگوں میں تھے یا اُن کے قریب قریب ہوتے ہیں۔ البتہ انبیاء زمانہ جاہلیت کی تحریفات کو نکالا کرتے ہیں۔ اور مبہم احکام کو اوقات اور ارکان سے منضبط کر دیا کرتے ہیں اور جو احکام گم شدہ ہوتے ہیں انکو شائع کر دیا کرتے ہیں۔

معلوم کرنا چاہیئے کہ جب عجم اور روم کے لوگ مدتہائے دراز سے سلطنت کے وارث ہوتے چلے آئے اور دار آخرت کو بھولکر دنیوی لذت میں فروفتہ ہوگئے۔ اور شیطان اُن پر غالب آگیا۔ تو اُنہوں نے معیشت کے منافع میں بہت خوض کیا۔ انہیں امور کو پایۂ ناز قرار دیا۔ اطراف عالم سے حکماء کی اُن کے پاس آمد و رفت رہی۔ یہ لوگ معاش کے منافع کو اُن کے لئے مستنبط کرتے رہے اور وہ ہمیشہ اِن امور پر عملدرآمد کرتے رہے۔ ہر ایک شخص دوسرے پر اِن امور میں سبقت کرنے اور فخر کرنے کا ساعی رہا۔ شدہ شدہ یہانتک نوبت پہنچگئی کہ اگر اُن میں سے کسی رئیس کی پنسی یا تاج کی قیمت ایک لاکھ درہم سے کم ہوتی تھی تو اُس پر طعن تشنیع کرتے تھے اُنکی نظر میں بڑا عیب تھا کہ کسی رئیس کے پاس نہایت بلند ایوان۔ اور آبزن۔ حمام۔ باغات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہوں آرام کیلئے چارپائے نہ ہوں یا خوبصورت غلام کمانوں میں زیادہ وسعت لباسوں میں تجمل نہ ہو بہت سے ایسے ہی امور تھے جن کے ذکر میں طول ہے اور اپنے شہروں کے سلاطین کے حالات جو تم خود دیکھ رہے ہو اُنکے ہوتے ہوئے اُن گزشتہ حالات کی کیا ضرورت ہے بہرحال یہ سب امور اُنکے اصول زندگی میں داخل ہو گئے تھے اگر اُن کے دلوں کے ریزہ ریزہ کر دیئے جاتے یہ باتیں اُن سے نکلنے والی نہ تھیں یہی بے اعتدالیوں سے اعضائے شہر میں ایک نہایت سخت بیماری سرایت کر گئی تھی اور بڑی آفت برپا ہو گئی تھی رعایا میں سے دہقانیوں میں سے امیر و غریب سے کوئی ایسا شخص باقی نہ تھا جس پر عیش و آرام اُن کے دست برگریبان نہ ہو گئے ہوں۔ اُن کو تھکا تھکا کر بے انتہا مصائب اور رنجشوں میں پھنسا دیا ہو یہ عیش و آرام زیادہ تکالیف کے باعث اسلئے ہو گئے تھے کہ جب تک بہت سا مال صرف نہ کیا جائے یہ لطف حاصل نہیں ہو سکتے اور مال کی اتنی مقدار پیدا کرنے کے لئے ضرور ہے کہ کاشتکاروں تاجروں اور اور پیشہ وروں پر ٹیکس زیادہ کئے جائیں۔ وہ خوب کئے جائیں۔ اگر یہ لوگ ٹیکسوں کے ادا کرنے سے دست کشی کریں۔ تو حکام کو اُن سے لڑنا پڑیگا طرح طرح کی اُنکو تکالیف دینا ہوگی۔ اور اگر وہ لوگ اُن کے احکام کی تعمیل کرتے رہینگے تو حکام گرچہ اوپر سے اُن کا درجہ کر دینگے جوابدہی۔ جوتے اور رنج کی کمائی میں استعمال کئے جاتے ہیں صرف اپنی مطلب براری کے لئے یہ چارپائے ذخیرہ کئے جاتے ہیں۔ ایک گھنٹہ محنت سے اُن کو فرصت نہیں ملا کرتی۔ امرا ایسی ہی گرفتار بلا ہو کر سعادت اخروی کی طرف سر اُٹھا کر نہیں دیکھتے اور اس مرتبہ کے قابل بھی نہیں رہتے۔ اور نیز اکثر بڑے بڑے ملک ایسے ہوا کرتے ہیں جنمیں ایک شخص بھی ایسا نہیں ہوا کرتا جسکو دین کا اہتمام اور خیال ہو۔ اور نیز یہ سب عیش کے سامان ایسے ہی لوگوں کے ذریعہ سے حاصل ہوا کرتے ہیں جن کا پیشہ یہی ہوتا ہے کہ کھانے کی چیزیں۔ لباس۔ عمارات وغیرہ کو درستی سے کرتے رہیں۔ ایسے لوگ پیشوں کے اُن اصول سے پہلوتہی کرتے ہیں جن پر نظام عالم کا مدار ہے اِن کے علاوہ اور عام لوگ جو بڑے لوگوں کی حضور میں رہتے ہیں۔ ان سب امور میں اُنہی کی نقل کرتے ہیں۔ ورنہ اُن کو اُن امر اکیخدمت میں باریابی نہ ہو۔ اُن کے دلوں میں اُن کی کچھ وقعت نہ رہے۔ اور نیز اکثر عام لوگ حکام پر بار ہو جاتے ہیں۔ ان پر وہ مختلف طریقوں سے تقاضی رہا کرتے ہیں بعض دعوے کرتے ہیں کہ ہم غازی اور شہر کے منتظم ہیں ایسے لوگوں کی وہ روشیں تو اختیار کر لیتے ہیں لیکن اپنے فرائض ادا کرنے کا کچھ بھی قصد نہیں کرتے۔ صرف اپنے بزرگوں کے حالات ہی کے پیرو رہا کرتے ہیں۔ اور بعض مدعی ہوتے ہیں کہ ہم شعرا ہیں۔ جن پر انعام اکرام کرنے کے سلاطین عادی ہوا کرتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ ہم درویش اور پارسا ہیں۔ بادشاہوں کو زیبا نہیں ہے کہ اُن کے حالات سے پرسان نہ ہوں۔ اس واسطے یہ فرقے ایک دوسرے کی تنگدلی کے باعث ہوتے ہیں اور اُن کے ذرائع معاش اس پر موقوف ہوتی ہیں۔ کہ وہ سلاطین کی خدمت میں رہیں۔ اُن سے نیازمندانہ پیش آئیں شائستگی سے اُن کے ساتھ گفتگو کریں اُنکی خوشامد کرتے رہیں اِن فتنوں میں اُن کی فکریں ڈوبی رہتی ہیں اسکی وجہ سے اُن کے اوقات غارت ہوتے رہتے ہیں جب اس قسم کے شغلے زیادہ بڑھ جاتے ہیں تو اُنکے دلوں میں پوچ اور ہرزہ باتیں جاگزین ہو جاتی ہیں اور عمدہ اخلاق سے وہ اعراض کرتے رہتے ہیں۔

اگر تم کو اس مرض کی واقعی حقیقت معلوم کرنی ہو تو اُن لوگوں کی حالت میں غور کرو جنکو امور سلطنت سے آزادی ہوتی ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور لذیذ کھانوں عمدہ لباسوں میں زیادہ انہماک انکو ہوا کرتا ہے۔ ہر شخص انمیں سے خود مختارانہ زندگی بسر کرتا ہے مگر ان نکیسوں کا بار ان پر نہیں ہوا کرتا۔ ایسے لوگوں کو مذہبی امور کے ادا کرنے کی مہلت کہاں سے ہے پھر انہیں لوگوں کی اس حالت کو خیال کر کے انکے ماتحت زمام خلافت آجانے سے رعایا کو وہ اپنا مطیع بنا کر ان پر اپنا قبضہ کر لیں۔

جب ایسی مصیبت زیادہ بڑھ گئی تھی اور اس قسم کی بیماری بہت سخت ہو گئی تو اسوقت خدا تعالےٰ اور ملائکہ مقربین نے اپنے غصہ ظاہر فرمایا۔ خدا کی مرضی ہوئی کہ اس مادۂ فساد کو بالکل قطع کر دی۔ اسواسطے اس نے اس غرض کے پورا کرنے کیلئے ایک نبی اُمّی صلے اللہ علیہ وسلم کو مرسل کیا جس کا عجم اور روم سے کسی قسم کا میل جول نہ ہوا تھا اور انکے رسوم کو اسنے بالکل اختیار نہ کیا تھا۔ اس پیغمبر کو خدا تعالےٰ نے یہ من قرار دیا جسکو ان طریقوں کی پوری شناخت تھی جو خدا کے نزدیک پسندیدہ اور ناپسندیدہ تھے۔ اس نے مجمیوں کی رسموں کی مذمت بیان کی۔ اور دنیوی زندگی میں مطمئن مستغرق ہو جانے کی قباحتیں ظاہر کیں۔ اس پیغمبر کے دل میں خدا تعالےٰ نے القا فرمایا کہ لوگوں پر وہ امور واضح کر دیئے جس کے عجمی لوگ خوگر ہو گئے تھے۔ وہ امور ان میں ایسے زندگی ہو گئے تھے مثلاً ریشم کا استعمال (اسی) ارغوانی لباس سنہری۔ اور دو پہلی برتن سنہری زیور ایسے کپڑے جن میں تصویریں بنی ہوئی ہوں مکانوں پر نقش و نگار کرنا وغیرہ خدا تعالےٰ نے مقدر کیا کہ انکی دولت سے انکی دولتوں کا استیصال کر دے اور اس کی ریاست سے ان کی ریاستوں کو نیست و نابود کر دے۔ انکے وجود سے کسری ہلاک ہو گیا۔ اب اس کے بعد کوئی کسری نہ ہوگا اور نیز انکے ذریعہ سے قیصر بھی ہلاک ہو گیا اب کوئی قیصر نہ ہوگا۔

جاننا چاہئے کہ زمانہ جاہلیت میں ایسے ایسے مناقشے پیدا ہو گئے تھے جن سے لوگ تنگ آ گئے تھے انکا رفع ہونا جب ہی ممکن تھا کہ وہ بالکل اصل سے ہی اڑا دیئے جائیں۔ جیسے مقتولوں کے بدلہ میں خون لینا کہ کوئی شخص کسی کو مار ڈالتا تھا تو مقتول کا ولی قاتل کے بھائی یا بیٹے کو قتل کرتا تھا۔ پھر اس مقتول کا ولی بھی قاتل کے بھائی یا بیٹے کو قتل کرتا تھا۔ اور یہی حالت عود کرتی رہتی تھی انکے رفع کرنے کیلئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کل دم موضوع تحت قدمی ہذا و اول دم اضعہ دم ربیعہ (تمام خون میرے اس پاؤں کے نیچے باطل کر دیئے گئے۔ اور سب سے پہلا خون جسکو میں باطل کرتا ہوں بیعہ کا ہے) اور جیسے میراثیں زمان قوم وارثوں کے متعلق مختلف احکام سے فیصلہ کیا کرتے تھے اور اس زمانہ کے لوگ غصب سود خوری وغیرہ سے باز نہیں آتے تھے اس لئے ایک مدت گذرنے کے بعد سب اپنی اپنی دلیلیں پیش کیا کرتے تھے۔ اسلئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کل شئی ادرکہ الاسلام تقسم علی حکم القرآن (زمانہ اسلام میں ہر چیز کی تقسیم قرآن کے موافق ہوگی) و کل قسم فی الجاہلیۃ اوحازہ انسان فی الجاہلیۃ بوجہ من الوجوہ فہو علی ما کان لا ینقض (اور جو شے زمانہ جاہلیت میں تقسیم ہو چکی یا وہ کسی نہ کسی طرح کسی شخص کے قبضہ میں آ گئی تو وہ بدستور اپنے حال پر باقی رہیگی) اور مثلاً سود اس زمانہ میں کوئی شخص قرض دیتا تھا اور کسی قدر اس پر پیشی کی شرط کر لیا کرتا تھا۔ اس کے بعد دیوں کو تنگ کر کر کے اصل اور شرط کو اصل سرمایہ قرار دیتا تھا اور اس پیشی کی شرط کر لیا کرتا تھا۔ اسی طرح بڑھتے بڑھتے منوں تک مال پہنچ جایا کرتا تھا۔ اسواسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے سود کو باطل کر کے اصلی سرمایہ ادا کرنے کا حکم فرمایا کہ لوگ نہ اوروں پر ظلم کریں اور دوں کے مظلوم بنیں انکے علاوہ اور بہت سی خرابیاں تھیں۔ کہ اگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا وجود باجود نہ ہوتا۔ تو لوگ انکو ترک کرنیوالے نہ تھے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جاننا چاہئے کہ بعض بیماریاں اسواسطے شروع ہوا کرتی ہیں کہ لوگوں کی دلی خواہشیں دور ہو جائیں۔ جیسے زمین کو پانی دینے میں ابتدا میں جانب سے شروع کیجئی ہے اسلئے کہ اکثر لوگوں میں اس کے متعلق مناقشے ہوتے رہتے ہیں کہ پہلے کون پانی زمین کو دے اور شروع کرنے کیلئے کوئی وجہ ترجیح اور اولویت کی قابل تسلیم نہیں ہوا کرتی۔ تو رفع خصومت کیلئے اسی قسم کا کوئی طریقہ ہو سکتا ہے اور جیسے امامت (جنازہ میں) اولیٰ مکان کو ترجیح دیجاتی ہے اور جب ایک گھوڑے پر دو شخص سوار ہونے کا قصد کریں تو دوسرے رفیق پر ملک گھوڑے کو ترجیح ہے۔ واللہ اعلم۔

باب ۶۵

اُن احکام کے بیان میں جو بعض بعض سے پیدا ہوتے ہیں

خدا تعالیٰ فرماتا ہے وما ارسلنا من قبلک الا رجالا نوحی الیہم فاسئلوا اہل الذکر ان کنتم لا تعلمون (ہم نے تجھ سے پہلے نہیں لوگوں کو پیغمبر کیا ہے۔ جن پر وحی بھیجی ہے اب اگر نہ جانتے ہو تو ذکر والوں سے دریافت کر لو) ہم نے تجھ پر قرآن اسواسطے نازل کیا ہے کہ تو لوگوں سے نازل شدہ باتیں بیان کر دے اور امید ہے کہ لوگ غور کریں۔

جاننا چاہئے کہ خدا تعالیٰ نے اپنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اسواسطے مبعوث کیا ہے کہ لوگوں کو وہ عبادات کے طریقے بتلاویں جو بذریعہ وحی آپ کو معلوم ہوئے ہیں تاکہ لوگ اُن کا عملدرآمد کریں اور نیز اسواسطے مبعوث کیا ہے کہ گناہوں کی انواع کی انکو اطلاع کریں۔ لوگ اُن گناہوں سے احتراز کریں۔ اور نیز پسندیدہ منافع کو بتائیں۔ اور لوگ اُن کا اتباع کریں۔ اسی بیان میں یہ بھی مندرج ہے کہ وہ امور بھی بتائے جائیں جو وحی کے اقتضا یا ایما سے ثابت ہوں۔ یہی اصول ہیں جن سے احادیث کا بہت بڑا حصہ کا لیا گیا ہے ہم یہاں انہیں سے اہم امور کو بیان کرتے ہیں۔

(۱) یہ کہ جب خدا کے طریقہ کی ایک خاص روش مقرر ہوتی ہے مثلاً خدا تعالیٰ اسباب کو مرتب کر کے مسببات کو اُن سے پیدا کرتا ہے تاکہ وہ مصلحت حاصل ہو جائے جو خدا تعالیٰ کی حکمت کاملہ اور رحمت شاملہ سے مقصود ہے تو اس انتظامی حالت کا مقتضا یہ ہے کہ خلقت آلہی کو بلا دیناشرکی بات ہوگی اور خرابی برپا کرنے کی کوشش ہوگی اور ملاء اعلےٰ کو اس قسم کے امور سے نفرت پیدا ہوگی مثلاً خدا تعالیٰ نے آدمی کی پیدائش ایسی کی ہے کہ اکثر اوقات وہ زمین میں کیڑوں کی طرح پیدا نہیں ہوتا۔ تو حکمت الٰہی کا مقتضا یہی ہے کہ نوع انسانی باقی رہے۔ بلکہ بکثرت آدمی دنیا میں پھیلیں۔ اس لئے اس نے تناسل اور توالد کے قوے آدمی میں پیدا کئے۔ اور نسل کی رغبتیں اس میں پیدا کر دیں اور خواہش نفسانی کو اس پر غالب کر دیا۔ مگر اس کی وجہ سے کام پورا ہو جائے جسکو اسکی کامل حکمت نے ضروری قرار دیا ہے۔ جب خدا تعالیٰ نے اپنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اس راہ پر مطلع کر دیا۔ اور اصلی حالت آپ پر بالکل منکشف ہو گئی۔ اس واسطے مناسب ہوا کہ آپ اُن امور کو منع کر دیں جن سے قطع نسل ہوتی ہو یا اُن سے وہ قوتیں معطل ہو جاتی ہوں جو نسل کی باعث ہوتی ہیں یا وہ قوتیں بے موقع امور کی جانب مائل ہوتی ہوں یہی وجہ ہے کہ خصی کرنے سے سواطلت سے نہایت سختی کے ساتھ منع کر دیا۔ اور عزل (یعنی انزال کے وقت عورت سے علیحدہ ہو جانا تاکہ حمل نہ قرار پائے) کو مکروہ قرار دیا۔ جاننا چاہئے کہ لوگوں کا یہی جب سلیم ہوا کرتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اُن کے ماوہ میں احکام نوعی کے ظہور کی قوت ہوا کرتی ہے تو اُنکی ایک تعین شکل اور صورت ہوا کرتی ہے قدیدھا ہوا کرتا ہے بلد کھلی ہوئی ہوتی ہے اور ایسے ہی سب امور ہوا کرتے ہیں پیسا مور لوگوں میں احکام نوعی کا مقتضا اور امر ہیں۔ اور خیر مالی کی بھی خواہش ہے کہ نوع اور اُس کی صورتیں زمین پر باقی رہیں۔ اسی واسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دانتوں کے اکھیڑ ڈالنے کا حکم کیا تھا لیکن بعد میں اُسکو منسوخ فرما دیا اور ارشاد کیا۔ انما امرتہ من الالم (کتا بھی گروہوں میں سے ایک گروہ ہے) یعنی خداوند عالم کو نوع کا وجود مطلوب ہے زمین سے اُس کی صورتوں کا دور کرنا خدا تعالےٰ کو پسند نہیں ہے۔ اس قسم کی خواہش کا یہ اثر ہے کہ نوعی احکام تمام افراد نوع میں ہموزن پذیر ہوں۔ اس واسطے اس خواہش کے خلاف کرنا اور اس مرضی کو رد کرنا نہایت قبیح اور مصلحت کلی کے بالکل خلاف ہے اسی قاعدہ سے اُن بدنی تصرفات کا حکم نکلتا ہے جو احکام نوعی کے اندازہ کے خلاف ہیں جیسے خصی کرنا۔ اگلے دانتوں کے بیچ میں تکلیف کشادگی پیدا کرنا۔ عورتوں کے چہرہ سے بالوں کو چننا وغیرہ ذالک۔ باقی رہا آنکھوں میں سرمہ لگانا یا بالوں میں شانہ کرنا تو ایسے امور سے تو احکام نوعی کے ظہور کو اور مدد ملتی ہے۔ یہ سب امور اُن احکام کے موافق ہیں۔

جب خداوند تعالےٰ نے تمام لوگوں کے لئے ایک شریعت قرار دی۔ جس سے اُن کے تمام حالات منتظم ہوں۔ اُنکے احوال درست ہوں۔ اور عالم ملکوت میں اس شریعت کے رواج اور ظہور کا قصد اور شوق ہوا اسلئے شریعت کی حالت بھی نوعی احکام کی سی ہو گئی جیسے زمین پر نوع کی صورتیں پھیلنے کا شوق ہوا کرتا ہے۔ ایسے ہی اُس شریعت کا ہونا چاہیے یہی وجہ ہے کہ شریعت کے فروگذاشت کرنے میں سستی کرنا خدا تعالےٰ کی ناخوشی کا باعث ہے اور بالکل اُنکی مقتضا کے خلاف ہے اُن کی سطح ہمت سے بعید ہے۔ ایسے ہی وہ منافع اور تدابیر بھی بمنزلہ امر طبیعی کے ہو گئے ہیں جن پر لوگوں کے عام فرقوں نے عرب ہوں یا عجم۔ قریب ہوں یا دور اتفاق کر لیا ہے۔ اسیوجہ سے جب خدا تعالےٰ نے قسموں اور سندوں وغیرہ کو مشروع فرمایا جن سے اصلی حالات اور واقعات کا انکشاف ہوا کرتا ہے۔ تو اس سے یہ لازم ہو گیا کہ جھوٹی گواہی اور جھوٹی قسم خدا کے نزدیک اصل فرشتوں کی تقریر میں ناخوشی کا باعث ہے۔

اور انہیں امور بالا میں سے یہ بھی ہے کہ جب خدا تعالےٰ بذریعہ وحی کے اپنے پیغمبر کو کسی حکم شرعی کی اطلاع کرتا ہے اور اُسکی حکمت اور سبب بھی بتا دیا کرتا ہے۔ تو نبی کو اختیار ہوتا ہے کہ اُس مصلحت کو اخذ کر کے اُسکی کوئی علت قرار دے اور اُس حکم کا مدار علیہ اس علت کو ٹھیرائے یہ نبی کا قیاس ہے اور اُمت کے قیاس کے معنی یہ ہیں۔ کہ وہ کسی حکم منصوص علیہ کی معلوم کر کے جہاں علت پائی جائے۔ وہاں اُس حکم کو بھی پہنچا دیتے ہیں۔ اُس کی مثال یہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے صبح۔ شام سوتے وقت خاص خاص ذکر تعین فرما دیئے ہیں جب خدا تعالےٰ نے آپکو نماز کے شروع ہونے کی حکمت پر اطلاع کی تو اُس سے آپ نے یہ استنباط کیا۔

انہیں امور میں سے یہ بھی ہے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کسی آیت سے سیاق کلام کی وجہ دریافت فرما لیتے تھے اگرچہ اور لوگ اُس کلام کے وقت یا چند احتمالات کے ہونے سے وجہ معلوم نہیں کر سکتے تھے تو اپنے فہم کے موافق حکم قرار دیتے تھے جیسے کہ خدا تعالےٰ کا قول ہے۔ ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ (کوہ صفا اور مروہ خدا کی نشانیوں میں سے ہے)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس آیت سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوا کہ صفا کا مروہ سے پہلے ذکر کرنا اسی بیان کے لئے ہے اسی طرح سعی کرنا شروع ہے کہ پہلے صفا کی سعی کی جائے۔ پھر مروہ کی۔ اس قسم کی تقدیم کبھی سوال وغیرہ کی موافقت کے لئے ہوا کرتی ہے کبھی بیان شروعیت کیلئے خدا تعالےٰ فرماتا ہے ابدا۔ وابما بدا اللہ بہ (جس چیز سے خدا نے شروع کیا ہے اسی سے تم بھی شروع کرو) اور ایسے ہی اجتہاد کی مثال یہ بھی ہے۔ خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ لاتسجدوا للشمس ولا للقمر واسجدوا للہ الذی خلقھن (آفتاب اور چاند کو سجدہ مت کرو۔ بلکہ اُن کے خالق کو سجدہ کرو) اور نیز خدا کا قول ہے فلما افل قال لا احب الافلین (جب چاند ڈوب گیا تو ابراہیم نے کہا میں ڈوبنے والوں کو پسند نہیں کرتا) ان دونوں آیتوں کے مضمون سے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوا کہ کسوف اور خسوف کی حالت میں عبادت الٰہی کرنا مستحب ہے۔ اور آپ کو خدا کے اس قول وللہ المشرق والمغرب (خدا کیلئے ہے مشرق اور مغرب) سے معلوم ہوا کہ استقبال قبلہ کی فرضیت عذر کی حالت میں ساقط ہو سکتی ہے۔ اسی سے اس شخص کا حکم مستنبط ہوا جس نے شب تاریک میں تحری سے نماز پڑھی اور سمت قبلہ اسکو ٹھیک معلوم نہ ہوئی اور قبلہ سے دوسری سمت کیطرف کھڑے ہو کر اس نے نماز پڑھی اور اسی سے سواری کی حالت میں شہر کے باہر نماز نفل پڑھنے کا حکم معلوم ہو گیا۔

اور انہیں امور سے ایک یہ بھی ہے کہ جب خدا کسی شخص کو لوگوں سے معاملہ کرنے کیلئے مقرر کرے تو مناسب ہے کہ لوگوں کو اسکے احکام کی بجاآوری کا حکم دیا جائے جب قاضیوں کو حدود قائم کرنے کا حکم دیا گیا۔ تو سرکشوں کو حکم دیا گیا کہ انکی احکام کی تعمیل کیا کریں اور جب مصدق کو زکوٰۃ لینے کا حکم دیا گیا۔ تو لوگوں کو یہ حکم کیا گیا کہ مصدق جب انکے پاس سے واپس آوے۔ تو ناخوش واپس نہ آوے اور جب عورتوں کو حکم دیا۔ تو لوگوں کو امور کیا کہ اپنی نگاہیں ان سے نیچی رکھیں۔

اور انہیں امور میں سے یہ ہے کہ جب کوئی شے منع کیجائے تو مناسب ہے کہ اسکے خلاف کا وجوباً یا استحباباً حکم کیا جاوے جیسا موقعہ کے مناسب ہو اور جب کسی شے کے کرنے کا حکم کیا جاوے تو اسکی ضد منع کر دیجائے۔ جب نماز جمعہ کے پڑھنے اور اسکی طرف سعی کرنے کا حکم دیا گیا تو ضرور ہے کہ اسوقت خرید و فروخت اور دیگر مشاغل کی ممنوعیت بیان کیجاوے۔

اور انہیں میں سے یہ بھی ہے کہ جب کسی شے کے ہونے کا وجوباً حکم کیا جاوے تو مناسب ہے کہ اسکے مقدمات اور دواعی وغیرہ کی تحریم دیجاوے اور جب کسی شے کو ضروری طور پر منع کریں تو ضرور ہے کہ اسکے ذرائع کی بندش کر دیجائے اور اسکے اسباب نابود کر دیئے جائیں اسی واسطے چونکہ بت پرستی گناہ تھی اور تصویروں اور بتوں سے میل اور بت پرستی کا سبب ہو سکتا تھا جیسا کہ اگلی امتوں میں اس کی آزمائش ہو چکی تھی اس واسطے مناسب ہوا کہ مصوروں کی دارو گیر کیجاوے۔ اور شراب پینا گناہ تھا اس واسطے ضرور ہوا کہ شراب بنانیوالوں سے مواخذہ کیا جائے اور جس دسترخوان پر شراب ہو اس میں حاضر ہونا منع کر دیا جائے اور چونکہ قتال کی حالت میں جنگ و جدال گناہ ہے اس واسطے ایسے وقت میں ہتھیار پہننے کی سخت ممانعت کر دی گئی اور سیاست مدن میں اس بات کی نظیر یہ ہے کہ جب اس امر کی خبریں معلوم ہوتی ہیں کہ لوگ کھانے اور پانی میں زہر ملا دیا کرتے ہیں۔ اس بنا پر دوافروشوں سے عہد لیا جاتا ہے کہ زہر کی اتنی مقدار کسی کے ہاتھ فروخت نہ کریں جس سے پینے والا ہلاک ہو سکے۔ اور جب کسی قوم کی بدعہدی اور خیانت کا حال معلوم ہوتا ہے تو اُن سے شروع کر دیجاتی ہے کہ گھوڑوں پر سوار نہ ہوں اور ہتھیار نہ باندھیں اور ایسے ہی عبادات میں بھی ہے۔ جب نماز تمام نیکی کے ذرائع میں بلند رتبہ تھی۔ اسواسطے ضرور ہوا کہ عبادت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لوگوں کو شوق دلایا ہے تاکہ نماز کی پابندی میں اس سے مدد ملے اور یہی ضرور ہوا کہ ان کی غربت لوگوں میں پیدا کی جائے تاکہ سب لوگ ایک ہی وقت میں ایک ہی جگہ جمع ہو سکیں اور ایسے ہی لوگوں کو مساجد کی تعمیر اور مساجد کے پاکیزہ اور ستھرا رکھنے پر آمادہ کرنا ضرور ہے اور جو کہ رمضان کی پہلی تاریخ کا معلوم ہونا اور شعبان کے دنوں کے شمار کرنے پر موقوف تھا۔ اس لئے مستحب قرار دیا کہ ہلال شعبان کو لوگ یاد رکھیں اور اسکی نظیر سیاست مدن میں یہ ہے کہ جب دیکھا گیا کہ تیراندازی میں بڑی مشقت ہے۔ اسواسطے بہت سی کمانیں بنانے اور تیر کے پیکان تیار کرنیکا اور ان چیزوں کی تجارت کرنے کا لوگوں کو حکم دیا جاتا ہے۔

اور انہیں اصول بالا میں سے یہ بھی کہ جب کسی کام کے کرنیکا حکم دیا جائے یا کسی شے کی ممانعت کیجائے تو مناسب ہے کہ فرمان پذیری کی عزت و شان ظاہر کیجائے اور نافرمانی کی حقارت بتا دیجائے۔ چونکہ مطلوب تھا کہ تلاوت قرآن کی شیوع ہو اسکو لوگ بالالتزام پڑھا کریں، اسواسطے مسنون قرار دیا گیا کہ لوگوں کی امامت کے لئے وہی شخص زیادہ مناسب ہے جو سب سے عمدہ قرآن پڑھتا ہو۔ اور حکم دیا گیا کہ مجالس میں قرآن پڑھنے والوں کی عزت و توقیر کیجائے۔ اور چونکہ زنا کی تہمت اور بہتان بندی گناہ تھی اس واسطے تہمت لگانے والے کی گواہی مقبول عدالت نہیں ہے۔ یہیں سے اس حالت کا حکم نکلتا ہے کہ بعض اوقات سے سلام اور سلام کی ابتدا نہ کیجائے۔ سیاست مدن میں اسکی نظیر یہ ہے کہ تیراندازوں کو انعام زیادہ دیا جاتا ہے اور تقرر وغیرہ میں انکو اوروں پر تقدیم ہوا کرتی ہے۔

اور انہیں اصول میں سے یہ ہے کہ جب کسی شے کا حکم یا ممانعت کیجائے تو لوگوں کو حکم دیدیا جائے کہ دلی قصد سے اسپر اقدام کریں اور بہمت قلبی سے منہی عنہ سے باز رہیں اور کام کے موافق انکی خواہش کو دل میں پوشیدہ رکھیں اسیواسطے نہایت سخت سرزنش وارد ہوئی ہے کہ لوگ فرض اور حکم کے ادا نہ کرنے کا اپنے دلوں میں قصد کرلیں۔ اور انہیں اصول میں سے یہ بھی ہے کہ جب کسی شے میں کسی خرابی کا احتمال ہو۔ تو اس کو مکروہ قرار دینا چاہئے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ فلا یغمس یدہ فی الاناء حتی یغسلھا ثلاثا فانہ لا یدری این باتت یدہ (جو شخص سوتے سے اٹھے وہ اپنے ہاتھ کو ہرگز برتن میں نہ ڈالے اسکو کیا معلوم کہ شب کو اس کا ہاتھ کہاں پڑا رہا) حاصل یہ ہے کہ خدا تعالےٰ نے اپنے پیغمبر کو احکام عبادات اور منافع کی تعلیم دی اسیطرح آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے انکو بیان فرمادیا۔ اور ہر ایک باب کے متعلق بڑے بڑے احکام کو آپ نے مستنبط کیا۔ اس باب کے متعلق اور اس دوسرے باب کے متعلق جو اس باب کے بعد آتا ہے جو جو امور بیان کئے گئے ہیں ان سب کو امت محمدیہ کے راز دان لوگوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے علوم میں مندرج پایا ہے اور غور و تدبیر سے انکے دلوں نے اپنے اندر انکو جمع کیا ہے جو اس قسم کے علوم انکی تصانیف اور کتابوں میں موجود ہیں وہ انہیں علوم نبوی کا شعبہ ہے۔ واللہ اعلم۔

باب ۶۶

مبہم کے انضباط اور مشکل کی تمیز اور کلیہ سے حکم نکالنے وغیرہ کے بیان میں

جاننا چاہیئے کہ مثال اور تقسیم سے تو ایسی اکثر چیزیں معلوم ہیں جن کا نام لیکر کوئی انکا حکم بتایا گیا ہے۔ لیکن کسی تعریف جامع مانع سے ان کا حال معلوم نہیں ہوتا کہ جس سے ان اشیا کے ہر ہر فرد کا حال معلوم ہو کہ یہ فرد اس شے کا ہے یا نہیں جیسے سرقہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سرقہ کی نسبت نہ فرماتا ہے۔ السارق والسارقۃ فاقطعوا ایدیھما۔ چرانے والے اور چرانے والی کے ہاتھ کاٹ ڈالو۔ اس آیت میں حد کو چور پر جاری کیا ہے اور یہ بھی معلوم ہے کہ نبی ابیرق اور طعمہ اور مخزومی عورت کے قصہ میں چوری ہی واقع ہوئی تھی۔ اور یہ بھی معلوم ہے کہ دوسرے کے مال لینے کی کئی صورتیں ہوا کرتی ہیں منجملان کے (۱) چوری (۲) رہزنی (۳) اچک لینا (۴) بددیانتی (۵) زمین سے پڑی ہوئی چیز کا اٹھا لینا (۶) غصب (۷) بے پروائی۔ ایسی صورتوں میں ضرورت پڑتی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے ہر ایک صورت دریافت کیجائے کہ یہ چوری میں داخل ہے یا نہیں۔ ایسا سوال خواہ زبانی ہو یا حالی۔ اس لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ضرور تا چوری کی ایسی حقیقت بتلانی ہوگی۔ جو اور شریک چیزوں سے اسکو تمیز کردے اور ہر ایک فرد کا حال اس سے بخوبی معلوم ہو جائے۔ اس تمیز کا طریقہ یہی ہے کہ ان چیزوں کے ذاتی امور دیکھے جائیں جو چوری میں پائے جاتے ہوں اور انکی وجہ سے چوری اور غیر چوری میں امتیاز ہو جائے ایسے ہی چوری کی ذاتیات دیکھے جائیں جنکو چوری کے لفظ سے اہل عرف سمجھ جاتے ہیں۔ اسکے بعد امور معلومہ سے چوری کی منضبط تعریف کیجائے جنکی وجہ سے چوری ممیز ہو جائے۔ مثلاً یہ معلوم کیا جائے کہ رہزنی اور جنگ اور اور ایسے ہی لفظوں سے معلوم ہوتا ہے کہ مظلومین کے مقابلہ میں ایک قوۃ ہوا کرتی ہے اور مخالفوں کے مقابلہ میں ایک قوت ہوا کرتی ہے اور مخالفوں کے لئے ایک جگہ اور وقت ہوا کرتا ہے۔ جہاں لوگوں کی جماعت زیادہ رسی کے لئے نہیں پہنچ سکتی اور لفظ اختلاس سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں کی نظروں کے سامنے سے کوئی شے اچک لیجانے۔ اور خیانت سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے کسی قسم کی شرکت یا بے تکلفی یا حفاظت اسکی کیگئی تھی۔ اور التقاط سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی غیر محفوظ سے لی لیگئی۔ اور غصب سے معلوم ہوتا ہے کہ مظلوم کی نسبت غاصب میں علانیہ قوت زیادہ تھی۔ اسکو لڑائی میں غالب آنے پر اعتماد تھا یا یہ خیال تھا کہ حاکموں تک یہ قصہ نہ پہنچیگا۔ یا ان کو پوری کیفیت معلوم نہ ہوسکیگی۔ یا رشوت دیکر سچا فیصلہ نہ ہوگا اور بے پروائی سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک ناچیز سی شے تھی جسکو عرفاً خرچ کرتے رہتے ہیں اور اس سے ہمدردی کا اظہار کیا جاسکتا ہے۔ جیسے پانی اور ہیزم اور چوری سے معلوم ہوا کرتا ہے کہ کوئی چیز مخفی طور پر لیلی گئی ہو۔ اس واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چوری کا اندازہ چوتھائی دینار یا تین درہموں سے فرمایا تاکہ حقیر اور ناچیز سے تمیز ہو جائے اور فرمایا کہ خیانت کرنیوالے اور لوٹنے والے اور چھیننے والے کا ہاتھ قطع کیا جاوے اور فرمایا کہ اس مثل میں بھی ہاتھ نہ کاٹنا چاہئے جو درخت پر لٹکتا ہو اور ایسی چیز میں جو پہاڑ میں محفوظ ہے انہیں اشارہ ہے کہ سرقہ میں حفاظت شرط ہے۔

اور مثلاً عیش پسندی نہایت درجہ کی ایسی حالت بھی نہایت خراب امر ہے لیکن وہ ٹھیک باقاعدہ نہیں ہے کہ اسکے موقع ظاہری نشانات سے متمیز ہوں جنکی وجہ سے ہر ایک ادنیٰ و اعلیٰ اسکی بازپرس کرسکیں اور اس میں کسی کو شبہ نہ رہے کہ انہیں امور میں عیش پسندی پائی جاتی ہے اور یہ امر معلوم ہے کہ عیبوں کی عادات عمدہ سواریوں بلند بلند ایوانوں۔ فاخرہ لباس قیمتی زیورات وغیرہ میں نہایت درجہ کی عیش پسندی تک پہنچ گئیں تھیں اور یہ بھی معلوم ہے کہ لوگوں کی حالت مختلف ہونے سے عیش پسندی کی بھی حالت یکساں نہیں ہوا کرتی بعض لوگوں کے سامان عیش اوروں کی نظر میں تنگئے عیش ہوا کرتی ہے اور بعض لوگوں کی نظر میں جو شے جیدہ ہوتی ہے اوروں کی نظر میں وہی جید ناقص ہوا کرتی ہے اور یہ بھی معلوم ہے کہ مناط کا حصول جید شے ہی سے بھی ہوتا ہے اور ردی سے بھی لیکن ردی شے کا استعمال کرنا عیش پسندی نہیں ہے اور بلا قصد بوجود کسی جید شے سے منتفع ہونا اکثر حالات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں کسی شخص کا جید اشیاء کا پابند ہونا عیش پسندی نہیں ہو سکتا۔ اسی وجہ سے شرع نے ہر صورت میں عیش پسندی کی خرابیاں بیان کیں اور تن آسانی کا خصوصیت کیساتھ ذکر کر دیا کہ جن سے لوگ صرف عیش و آرام ہی کیلئے منتفع ہوا کرتے ہیں۔ اور انسے عیش حاصل کرنے کی لوگوں میں عادت شائع ہو گئی ہے اور شرع نے عجم اور روم کو گویا ان اشیاء پر تسلط پایا تھا۔ اسواسطے شرع نے کمال عیش و آرام کے مواقع ان امور کو قرار دیکر انکو حرام کر دیا۔ اور بطریق تو ت جن اشیاء سے نفع اٹھایا جاتا ہے یا اطراف ممالک میں انکی عادت ہے۔ ان پر شارع نے کچھ التفات نہیں کیا۔ اسی لئے حریر اور سونے چاندی کے برتن انہیں محرم الواب سے شمار کئے گئے ہیں اس کے بعد نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے عیش و آرام کی سیئت اسکو پایا کہ ہر ایک امور نافع سے جید شے پسند کیجائے اور ردی سے اعراض کیا جائے اور کامل عیش کا موقع اس کو پایا کہ ایک جنس کی اشیاء میں سے صرف جید ہی کو اختیار کریں۔ اور ردی کو بالکل ترک کر دیں اور معاملات میں اس قسم کے معاملات کو بھی موجب عیش قرار دیا جنمیں ایک جنس کی اشیاء میں سے صرف جید ہی اختیار کی جائیں اور ردی بالکل ترک کر دیجائیں۔ البتہ بعض بعض بلدوں میں اسکا لحاظ نہ بھی کیا جاتا ہو لیکن قوانین شرع میں ایسے بلدوں کا کچھ اعتبار و لحاظ نہیں ہے۔ اسواسطے شرع نے ایسے معاملات کو بھی حرام قرار دیا ایسے معاملات بھی عیش پسندی کی صورت اور مثال تھے انکی تحریم بھی بمقتضائے طبع سے بمقتضائے طبیعت کے لحاظ سے عیش پسندی کردہ امر ہے۔ اور جب اسی مقتضائے طبیعت کیوجہ سے اشیاء کے معاملے حرام ہیں تو ان مواقع کی صورتیں اور مثالیں بھی بطریق اولیٰ حرام ہونگے۔ نقد کو نقد کے بدلہ میں اور کھانے کی چیز کو اسی کی جنس کے بدلہ میں بڑھا کر فروخت کرنا اسی قاعدہ سے مستنبط ہو کر حرام کیا گیا ہے لیکن کسی جید شے کا زیادہ قیمت سے فروخت کرنا حرام نہیں ہے اسلئے کہ جب جنس ایک نہیں ہے تو زیادتی کے بدلہ میں اصل مبیع ہوگی نہ مبیع کا وصف۔ ایسے ہی ایک چھوکری کا دو چھوکریوں کے بدلہ میں اور ایک کپڑے کا دو کپڑوں کے بدلہ میں بھی خریدنا حرام نہ ہوگا۔ اسلئے کہ یہ اشیاء ذوات القیم میں سے ہیں۔ اسواسطے قیمت کی زیادتی اس شے خاص کی خواص کے بدلہ میں قرار دیجائیگی اور یہ جودۃ بھی انہیں خواص میں مندرج ہو جائیگی۔ اس لئے بادی الرائے میں جودت کا کچھ اعتبار نہ رہیگا ہماری ان تمہیدات سے اس بات کے متعلق بہت سے نکتے منکشف ہو سکتے ہیں مثلاً حیوان کے بدلہ حیوان کو خریدنا کیوں مکروہ ہے وغیرہ ذالک۔

کبھی دو چیزیں باہم ہمرنگ معلوم ہوتی ہیں ان دونوں میں مخفی امور کیوجہ سے تمیز ہوا کرتی ہے جنکو صرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور انکی امت میں راسخ العلم لوگ ہی سمجھ سکتے ہیں اسواسطے ضرورت پیش آتی ہے کہ ان میں سے ہر ایک کی ظاہری علامت معلوم کیجائے اور نیکی اور گناہ کے لحاظ سے ان علامتوں کا کوئی حکم قرار دیا جائے اور ان میں باہم مخلوط کے احکام بتائے جائیں مثلاً نکاح اور زنا۔ نکاح اس لئے قرار دیا گیا ہے کہ اس کے ذریعہ سے وہ مصلحت تحصیل ہو جائے جس پر انتظام عالم کا مدار ہے کہ زن و شوہر میں باہم ہمدردی ہو نسل کی امید کی جائے شرمگاہ محفوظ رہے اور یہ تمام امور پسندیدہ اور منجملہ مقاصد کے ہیں اور زنا کی حقیقت یہ ہے کہ نفسانی شورش فرو کر دیجائے خواہش نفسانی کا اتباع کیا جائے۔ حیا کی پردہ دری کی جائے اس سے نفس کو آزادی ہو اور مصلحت کلی۔ اور نظم عالم سے گری ہو اور یہ امور ناخوشی کے باعث اور ممنوعات سے ہیں لیکن نکاح اور زنا اکثر امور میں یکساں معلوم ہوتے ہیں مثلاً خواہش نفسی دور ہوتی ہے طبیعت کی سوزش جاتی رہتی ہے دونوں عورتوں کی جانب میلان ہوا کرتا ہے اس واسطے ضرورت ہوئی کہ ظاہری علامات سے ایک کو دوسری سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بالکل تمیز ہو جائے اور طلب و منع کا اس پر مدار ہو۔ اسواسطے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نکاح کی تعیین چند امور سے قرار دی۔ (۱) یہ کہ نکاح عورتوں سے کیا جائے نہ مردوں سے۔ نسل کی امید صرف عورتوں سے ہو سکتی ہے (۲) یہ کہ اپنے قصد اور مشورہ اور اعلان سے ہو۔ اسی لئے گواہوں اور ولی کی موجودگی اور عورت کی رضامندی اسمیں شرط کی گئی ہے (۳) اور دونوں یہ قرار دیں کہ ایکدوسرے کے معاون رہینگے۔ اور یہ صورت اکثر اوقات جب ہی ہو سکتی ہے کہ عقد دائمی اور لازمی طور پر ہو اسکی کوئی میعاد معین نہ ہو اسواسطے نکاح پوشیدگی میں اور متعہ اور مواطات حرام قرار پائے۔

اور اکثر کوئی نیک کام کسی دوسرے نیک کام کے مشابہ ہوا کرتا ہے جو دوسرے کام کے مقدمات میں سے ہوا کرتا ہے اسواسطے ان دونوں میں فرق کی ضرورت ہوا کرتی ہے۔ جیسے قومہ اسلئے مشروع ہوا ہے کہ رکوع اور سجدوں کے مقدمات میں سے ہے فرق ظاہر ہو جائے۔

کبھی کوئی رکن یا شرط حقیقت میں مخفی امر اور افعال قلبی میں سے کوئی کام ہوا کرتا ہے۔ اسواسطے افعال بدنی میں سے کوئی فعل یا کوئی قول اس امر مخفی کے انتباط کیلئے علامت قرار دیا جاتا ہے جیسے کہ نیت اور خدا کی حضور میں اخلاص کیساتھ کوئی کام کرنا امر مخفی ہے اسلئے استقبال قبلہ اور نیت انکی علامت مقرر کر کے نماز میں اصلی شے کر دیئے گئے۔

جب نص میں کوئی لفظ مذکور ہو یا کوئی مستقیم حکم کیلئے مدار علیہ قرار دیا جائے اور پھر اسکے بعض مادوں میں کوئی شبہ پیدا ہو جائے تو یہی مناسب ہے کہ اس لفظ کے حق معدوم کرنے یا کسی قسم کی تعریف جاری اور ان کے معلوم کرنے میں اہل عرب کی عرفی حالت کیطرف رجوع کرنا چاہئے جیسے روزہ کے متعلق نص میں مادہ زمان وارد ہوا ہے لیکن ابر کیوقت اسکی تعداد میں شبہ ہو جاتا ہے اس لئے اس کا حکم وہی ہوگا جو عرب کے عرف میں تھا کہ شعبان کے تیس روز پورے کر لینے چاہئے مہینہ کبھی تیس روز کا ہوتا ہے کبھی انتیس کا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا قول ہے۔ انا امۃ امیۃ لا نکتب ولا نحسب الشہر کذا وکذا (ہم امی ہیں اسطرح پر مہینہ کو نہیں لکھتے اور نہ اسکا ایسا حساب کرتے ہیں)۔

ایسے ہی قصر میں قصر کا لفظ نص میں وارد ہوا ہے اور بعض مادوں میں سفر کے معنی معلوم کرنے میں اشتباہ پیدا ہوتا ہے اس لئے صحابہ نے حکم کیا کہ سفر جب ہوتا ہے کہ مکان سے ایسی جگہ جائیں کہ جہاں پورے ایک روز اس شب کی شروع حصہ میں پہنچ نہ سکیں اسکی مسافت ایک روز اور دوسرے روز کا کچھ حصہ ہو۔ اسطرح پر سفر کا اندازہ چار بردوں کے ساتھ کیا گیا ہے۔

جاننا چاہئے کہ جو حکم خاص آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات کے لئے ہے اور لوگوں کے لئے وہ حکم نہیں ہے اسوقت میں اس حکم کا مدار اس شے کی حقیقت کو قرار دینا نہیں چاہئے بلکہ مرغنون کو قرار دینا چاہئے۔ اسی اساس کا عصر کے بعد دو رکعتوں میں یہی قول ہے کہ انکی ممانعت اسلئے کی گئی ہے لیا تیخذ سلما۔ اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم بھی حقیقت سے واقف تھے انکی شان میں امر مظنون کا اعتبار نہیں کرنا چاہئے دریافت حقیقت کے بعد گمان کا کیا احتمال ہے مثلاً چار بیبیوں سے زیادہ سے شادی کرنے میں احتمال تھا کہ بیبیوں کی معاشرت میں کوئی قباحت پیدا ہو جائے اور انکے حقوق میں کسی قسم کی فروگذاشت ہو اور لوگوں کو اس کا شبہ ہو سکتا ہے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو خوب معلوم تھا کہ انکی معاشرت میں کون سے امور پسندیدگی کے قابل ہیں اسلئے گمان کے موافق اسکے متعلق کوئی حکم نہیں دیتے یا آنحضرت کا بعض امور کو اپنے لئے خاص کر تہذیب نفس کے علاوہ کسی رسم کی تحقیق اور باقی رکھنا مقصود ہوا کرتا ہے جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے بیع کے ساتھ کسی شرط کے لگانے سے منع فرمایا ہے۔ پھر آپ نے ایک اونٹ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اس شرط پر خرید فرمایا کہ مدینہ تک وہ ان کی سواری میں رہے۔ یا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کیلئے کسی امر کی تخصیص اسلئے ہوا کرتی ہے کہ اس کام کے قابل دوسرا شخص نہیں ہوا کرتا جس میں اوہ عصمت کا نہیں ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا روزہ دار کے بوسہ کے متعلق قول ہے ایکم یملک اربہ کما کان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یملک اربہ (آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کیطرح کون شخص خواہش نفس پر غالب ہے) یا وجہ تخصیص یہ ہوتی ہے کہ آپ کا نفس قدسی کسی خاص نیک امر کا مقتضی ہوا کرتا ہے۔ اسواسطے آپ پر اس کا کرنا واجب کر دیا جاتا ہے جیسے کہ کسی قوی آدمی کو زیادہ غذا کی رغبت ہوتی ہے۔ ایسے ہی نفوس عالیہ کو خدا کیجانب زیادہ توجہ کی ضرورت ہوا کرتی ہے مثلاً نماز تہجد۔ نماز چاشت کی واللہ اعلم۔

باب ۶۷

مذہبی آسانیوں کا بیان

خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ فبما رحمۃ من اللہ لنت لہم ولو کنت فظا غلیظ القلب لانفضوا من حولک (خدا کی رحمت کیساتھ لوگوں سے نرمی کرو۔ اگر تم سخت دلی سے پیش آؤ گے تو لوگ تمہارے پاس سے متفرق ہو جائینگے) اور خدا تعالےٰ فرماتا ہے یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر (خدا تمہارے حق میں آسانی کا ارادہ کرتا ہے نہ دشواری کا) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت ابو موسےٰ اشعری اور حضرت معاذ بن جبل کو یمن کیجانب روانہ کیا۔ تو ان سے فرمایا۔ یسرا ولا تعسرا وبشرا ولا تنفرا وتطاوعا ولا تختلفا (آسانیاں پیدا کرنا نہ دشواریاں لوگوں کو خوش کرنا متنفر نہ کرنا اور باہم ہمیشہ موافق رہنا۔ اختلاف نہ کرنا)۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فانما بعثتم میسرین ولم تبعثوا معسرین (تم آسانیاں بڑھانے کو پیدا ہوئے ہو نہ دشواریاں پیدا کرنے کو)۔

معلوم کرنا چاہئے کہ تیسیر کی چند صورتیں ہیں (۱) یہ کہ طاعت کیلئے کوئی ایسی چیز رکن یا شرط قرار نہ دیجائے جسکا ادا کرنا لوگوں پر دشوار ہو۔ اسکی دلیل آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ لولا ان اشق علےٰ امتی لامرتہم بالسواک عند کل صلوٰۃ (اگر میں امت کے لوگوں پر دشوار نہ سمجھتا تو میں ہر ایک نماز کیلئے مسواک کرنیکا حکم کرتا)

(۲) یہ کہ بعض امور طاعت کو منجملہ رسوم کے قرار دینا چاہئے جن پر فخر و مباہات کی جایا کرتی ہے۔ ان امور کو ان امور میں داخل کرنا چاہئے جن کو لوگ اپنی نفسانی رغبتوں سے عمل میں لایا کرتے ہیں مثلاً عیدیں۔ جمعہ۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تاکہ یہودی جان لیں کہ ہمارے مذہب میں کیسی وسعت ہے۔ بڑے بڑے مجموں میں اپنے آپکو مزین کرنا اور عزو مباہات کے کاموں میں ایکدوسرے سے سبقت کا طالب ہونا اور مناقشہ کرنا لوگوں کا خاص طریقہ ہے۔

(۳) یہ کہ طاعات میں وہ امور مسنون کرنے چاہئیں۔ جو لوگوں کو بالطبع مرغوب ہوں تاکہ جس امر کی عقل خواہاں ہے طبیعت بھی اسکی خواہاں رہے اور دونوں رغبتیں جمع ہو کر ایکدوسرے کی معاون رہیں۔ اسیوجہ سے مسجدوں کا پاکیزہ اور ستھرا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کنارہ روز جمعہ کو غسل کرنا اس روز خوشبو لگانا مسنون ہے اور قرآن کو خوش الحانی سے پڑھنا اور اوں کا خوش آوازی سے پڑھنا مستحب قرار دیا گیا ہے۔

(۴) یہ کہ لوگوں کی طبیعتوں پر سے گرانی دور کیجائے جس سے وہ بالطبع متنفر ہوں۔ وہ ناپسند سمجھی جائے۔ اسی لئے غلام عربی اور مجہول النسب کی امامت مکروہ خیال کیگئی ہے لوگ اس قسم کے لوگوں کی امامت سے دل گرفتہ ہوا کرتے ہیں۔

(۵) بعض وہ امور بحال خود باقی رکھے جائیں۔ جو اکثر لوگوں کی طبیعت کے موافق ہوں۔ یا ان امور کے ترک کرنے سے انکو دل تنگی معلوم ہوتی ہو۔ جیسے سب سے زیادہ مستحق امامت کے لئے سلطان اور مالک خانہ قرار دیا گیا ہے اور جو شخص نئی عورت سے شادی کرے تو اسکے لئے اول سات روز یا تین روز خاص کرکے پھر اور بیبیوں میں اپنی نوبت کو تقسیم کردے۔

(۶) یہ کہ لوگوں میں یہ معمول قرار دیا جائے کہ انکو علم و نصائح کی ہمیشہ تعلیم دیتا رہے نیکی کا حکم کرتا رہے اور منہیات سے روکتا رہے تاکہ لوگوں کے دلوں میں یہ امور بھر جائیں اور بلا دقت وہ نوامیس کے مطیع رہیں۔ رسول صلے اللہ علیہ وسلم لوگوں کو ہمیشہ نصیحت فرماتے رہا کرتے تھے کہ کہیں ان میں ناگواری اور سستی نہ پیدا ہو جائے۔

(۷) یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم بعض ان امور کو عمل میں لاتے رہیں جن کا لوگوں کو حکم کرتے ہوں تاکہ عمل کرنے میں لوگوں کو مجاز کرتے ہوں تاکہ آپ کی فعل پر لوگوں کا لحاظ رہے۔

(۸) ہمیشہ خدا تعالےٰ سے التجا کرتے رہیں کہ لوگوں میں تہذیب آجائے وہ کامل بنجائیں۔

(۹) یہ کہ پیغمبر کے ذریعہ سے خدا کیجانب سے اطمینان اور تسکین نازل ہوتی ہے اور لوگ بلی کی حضوری میں ایسے ہو جائیں گویا انکے سر پر پرندیں (مردے)

(۱۰) جو شخص حق سے سرتابی کرے اسکو ذلیل اور محروم کر دینا چاہئے۔ جیسے قاتل کو ورثہ نہیں ملتا۔ اور اکراہ کی صورت میں طلاق نافذ نہیں ہوتی۔ ایسی حالتوں میں جب زبردستی کرنیوالوں کی غرض حاصل نہ ہوگی۔ تو وہ جبر اور اکراہ کرنے سے باز رہینگے۔

(۱۱) جن امور میں محنت اور مشقت ہو انکو آہستہ آہستہ شروع کرنا چاہئے حضرت عائشہ رضہ کا اسی کے متعلق قول ہے کہ قرآن میں اول وہ مفصل سورتیں نازل ہوئیں جن میں صرف جنت دوزخ کا ذکر تھا۔ اور جب اسلام پر لوگ ٹوٹنے لگے تو حلال اور حرام کے احکام نازل ہوئے اگر شروع ہی سے لاتشربوا الخمر (شراب مت پیو) نازل ہوتا تو لوگ کہہ بیٹھتے کہ ہم شراب کو کبھی ترک کرینگے۔ اور لاتزنوا (زنا مت کرو) نازل ہوتا تو لوگ کہتے کہ ہم زنا کو ترک نہ کرینگے۔

(۱۲) یہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو وہ فعل ترک کر دینا چاہئے۔ جس سے لوگوں کے دلوں میں تشویش پیدا ہو فتنہ کے لحاظ سے بعض مستحب امور ترک کر دینے چاہئیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضہ سے فرمایا لولا حدثان قومک بالکفر لنقضت الکعبۃ و بنیتہا علے اساس ابراہیم علیہ السلام (اگر تیری قوم سے زمانہ کفر کا قریب نہ ہوتا تو میں کعبہ کو منہدم کرکے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بنیاد پر تعمیر کرتا۔

(۱۳) شارع نے مختلف نیکیوں وضو غسل۔ نماز۔ زکوٰۃ۔ روزہ۔ حج وغیرہ کا حکم دیا۔ ان امور کو لوگوں کی رائے پر موقوف نہیں رکھا سب کے لئے ارکان شرائط و آداب کو پوری طرح سے منضبط نہیں کیا بلکہ ان کی تکمیل کو لوگوں کی عقلوں پر چھوڑ دیا تاکہ وہ اپنی

ہمکدہ دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فصل سو ان لفظوں کے معانی اپنی عادات کے موافق خود سمجھ لیں یہ تو شفقۃ بیان کر دیا لا صلوٰۃ الا بفاتحۃ الکتاب الخ سورہ فاتحہ کے نماز نہیں ہوتی لیکن حرفوں کے مخارج کی تفصیل نہیں کی جن پر سورہ فاتحہ کا ٹھیک طور پر پڑھنا موقوف ہے۔ اس سورت کی تشدیدیں حرکات سکنات نہیں بیان کئے اور نیز شارع نے یہ بیان کر دیا کہ استقبال قبلہ نماز میں شرط ہے لیکن کوئی ایسا قاعدہ نہیں بتایا جس سے استقبال قبلہ معلوم ہو سکے اور یہ بیان کر دیا کہ زکوٰۃ کا نصاب دو سو درہم ہیں لیکن اس کا کچھ ذکر نہیں فرمایا کہ دو درہم کا کیا وزن ہوتا ہے اور جب اس قسم کی کوئی بات آپ سے دریافت کی گئی تو انہیں امور سے جواب دیدیا۔ جو ان کے خیال میں تھے۔ اور رمضان کے ہلال کی نسبت فرمایا کہ اگر ابر ہو تو اہ شعبان کے تیس روز پورے کر لو اور اس پانی کی نسبت جو بیابان میں ہو درندے چارپائے وہاں آتے جاتے ہوں فرمایا۔ اذا بلغ الماء قلتین لم یحمل خبثا رجب پانی بقدر قلتین کے ہو تو ناپاک نہیں ہوتا۔ عرب میں ان امور کی اصل موجود تھی۔ پہلے ہم نے اس کو بیان کر دیا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ جب سب اشیاء کی حقیقتیں بیان کی جائینگی تو ان میں ظہور و خفا اور عدم انضباط و سیاہی ہوگا تو پھر ان کے بیان کی ضرورت پڑیگی اور ایسے ہی ضرورت پڑتی جائیگی اور اس سے بڑا حرج ہوگا۔ اور چونکہ ہر ایک امر کی تعیین میں کسی قدر وقت ہی ہوا کرتی ہے جب بہت سے تعینات ہو جائینگے تو وقتیں بہت زیادہ ہو جائینگی۔ اور نیز شرع کے امور ادنیٰ و اعلیٰ سب ہی ہوا کرتے ہیں۔ تو ان تفاصیل میں سب حدود و تعریفات کے محفوظ رکھنے میں زیادہ وقت ہوگی۔

اور نیز اگر لوگ ان امور کا زیادہ اہتمام کریں جن سے نیکیاں محدود کیجاتی ہیں تو وہ ان نیکیوں کے فوائد معلوم نہ کر سکینگے اور نیکیوں کے ارواح کیجانب انکی توجہ نہ ہوا کریگی۔ اکثر قرآن کو دیکھ لو۔ انکی دلی توجہ زیادہ لفظوں کی طرف ہوا کرتی ہے انکو معانی قرآن کے غور کرنیکی طرف کچھ توجہ نہیں ہوا کرتی۔ اسلئے مصلحت یہی ہے کہ انضباط کے بعد اور امور کو ان کی ہی رائے پر چھوڑ دیں اور نیز شارع نے لوگوں کو انہیں امور سے خطاب کیا ہے۔ جو فن حکمت اور علم کلام اور علم اصول کے دقائق میں غور کرنے سے پیشتر ہی سے ان کی عقلوں میں فطری طور پر ودیعت رکھے گئے تھے۔ اسواسطے خدا تعالیٰ نے اپنی نسبت جہت کو ثابت کیا فرمایا الرحمن علی العرش استوی (خدا عرش پر ٹھیرا ہوا ہے) اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک کالے رنگ کی عورت سے فرمایا این اللہ اخذا کہاں ہے) اس عورت نے آسمان کیطرف اشارہ کیا۔ تب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ عورت ایماندار ہے شارع نے استقبال قبلہ۔ اور نماز اور عیدین کے اوقات معلوم کرنے کیلئے لوگوں کو علم ہیئت یا ہندسہ کے مسائل حفظ کرنے کی تکلیف نہیں دی۔ اور اپنے قول القبلۃ ما بین المشرق والمغرب اذا استقبل الکعبۃ (قبلہ وہی ہے جو مشرق اور مغرب کے درمیان کعبہ سامنے ہو جاوے) میں سوال کی وجہ کیطرف اشارہ فرما دیا اور کہا الحج یوم تحجون والفطر یوم تفطرون (حج روز تم حج کرتے ہو وہی حج کا دن ہے اور جس روز افطار کرتے ہو وہی یوم الفطر ہے) واللہ اعلم۔

باب ۶۸

ترغیب اور ترہیب کے اسرار میں

خدا تعالیٰ و تبارک کی اپنے بندوں پر یہ بڑی نعمت ہے کہ اس نے وحی کے ذریعہ سے انبیاء علیہم السلام کو ثواب اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عذاب بتادیا جو اعمال پر مرتب ہوتے ہیں تاکہ انبیا لوگوں کو اس سے آگاہ کردیں اور ان کے دل بیم و رجا سے معمور ہوجائیں اور اپنے ذاتی قصد اور ارادہ سے لوگ ان شارع کی پیروی کریں۔ جیسے کہ اور باقی امور کی بیم و امید کیا کرتے ہیں جن سے کوئی ضرر دور ہوجاتا ہے یا ان سے کوئی نفع حاصل ہوتا ہے۔

اسی کی نسبت خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ وانہا لکبیرۃ الا علے الخشعین الذین یظنون انہم ملقوا ربہم وانہم الیہ راجعون ابیشک نماز ایک بڑی بھاری چیز ہے لیکن نہ ان خوف کرنے والوں پر جنکو خیال رہتا ہے کہ ہم اپنے پروردگار سے ملینگے۔ اور اسی کیطرف پھر جائینگے ترغیب اور ترہیب کے متعلق قواعد کلی ہیں تمام جزئی امور ترغیب اور ترہیب کے انہیں پر ختم ہوتے ہیں۔ فقہاے صحابہ نے اگرچہ ان قواعد کو تفصیلاً منضبط نہیں کیا تھا لیکن اجمالاً وہ خوب ان سے واقف تھے اسکی دلیل یہ ہے کہ حدیث میں آیا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنی بیوی سے مباشرت کرنے میں بھی تمہارے لئے اجر ہے صحابہ نے عرض کیا کہ کیا کوئی خواہش پوری کرے جب بھی ثواب ملتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ نے فرمایا کیوں۔ اگر حرام میں خواہش کا استعمال کرتے تو اس پر گناہ ہوتا یا نہیں اسلئے صحابہ کا اسی مسئلہ میں توقف کرنا اور اسکی وجہ کا مشتبہ ہونا اسی وجہ سے تھا کہ وہ اعمال اور اعمال جزاؤں کی مناسبت سے خوب واقف تھے اسکو خوب جانتے تھے کہ اعمال کے نتیجوں کی بامعنی عقلی دلیل ہوا کرتی ہے اگر ایسا نہ ہوتا تو ان کے سوال کرنے اور جواب میں ایک دلیل صاف کے لحاظ رکھنے کی کوئی وجہ نہ ہوتی اور اس قول کی نظیر یہ بھی ہے کہ فقہائے حدیث لو کان علے ابیک دین اکنت قاضیہ قال نعم فدین اللہ احق ان یقضی اگر تیرے باپ پر قرضہ ہوتا تو تو اسکو ادا کرتا یا نہیں۔ اس نے کہا ہاں ادا کرتا آپ نے فرمایا پس خدا کا قرضہ زیادہ ادا کرنے کے قابل ہے) میں کہا ہے کہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ احکام کو قواعد کلیہ سے تعلق ہوا کرتا ہے۔ صحابہ کے سوال کا حاصل یہ ہے کہ نیکیوں میں تہذیب نفس ہوا کرتی ہے مثلاً تسبیح تہلیل تکبیر یا شہر کے انتظام میں ان سے کوئی مصلحت قائم ہوا کرتی ہے اور برائیوں میں ان دونوں کے خلاف امور ہوا کرتے ہیں۔ اور خواہش نفس میں طبیعت کی خواہش کی پیروی ہوتی ہے۔ اس میں علامات سے زیادہ کوئی اور مصلحت نہیں ہوتی صحابہ کا منشا سوال اسی کو سمجھنا چاہیے یا ایسا ہی کوئی اور امر خیال کر لینا چاہیے جسمیں کسی امر کلی کا معلوم کرنا پڑے اور اسکی طرف سوال کے پھیرنے میں غرابت نہ ہو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ اپنی بیوی سے مباشرت کرنے میں خاوند اور بیوی کی شرمگاہ محفوظ رہتی ہے۔ اور اسمیں اس سے نجات ملجاتی ہے کہ بے موقع خواہش نفس پوری کی جائے۔

ترغیب اور ترہیب کے طریقے مختلف ہوا کرتے ہیں۔ اور ہر ایک طریقہ کا راز جدا ہوتا ہے۔ ان میں بڑے بڑے طریقوں سے آگاہی کیجاتی ہے۔

ان طریقوں میں سے ایک یہ ہے کہ تہذیب نفس میں کسی کام کا جو اثر ہوتا ہے وہ بیان کر دیا جائے نفس کی نیک و بد قوتوں میں سے ایک قوت غالب ہوجاتی ہے یا مغلوب اسی کو زبان شرع میں نیکیوں کا لکھا جانا اور برائیوں کا محو ہوجانا کہتے ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علے کل شیٔ قدیر ایسا ورد سو بار پڑھ لیا کرے تو جس بروز آج کرے گا اس روز تک جو نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور سو برائیاں اس سے محو کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جاتی ہیں۔ اور اُس روز شام تک وہ محفوظ رہتا ہے۔ ایسے شخص سے زیادہ کسی کا عمل عمدہ نہیں ہوتا مگر اُس شخص کا جو اس سے زیادہ عمل کرے۔ اس حدیث کا راز ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔

اور انہیں طریقوں میں سے یہ ہے کہ اُس عمل کا وہ انداز بیان کیا جاوے جسکی وجہ سے شیطان وغیرہ سے حفاظت ہوتی ہے جیسے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ شام تک شیطان سے حفاظت رہتی ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بدکار لوگ اسکو نہیں کر سکتے یا اُس عمل سے رزق میں زیادتی اور برکت کا ظہور ہوا کرتا ہے اُس کا سبب یہ ہے کہ کوئی شخص خدا سے ملاقی کو طلب کرتا ہے اور یہ اسکی درخواست قبولیت دعا کا سبب پڑتی ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خدا کی جانب سے فرمایا ہے ولئن استعاذنی لاعیذنہ ولئن سالنی لاعطینہ (اگر بندہ مجھ سے کسی امر سے پناہ چاہیگا میں اسکو پناہ دونگا۔ اور اگر کسی امر کی مجھ سے درخواست کریگا میں اسکو پورا کرونگا) اور بعض اور حدیثوں میں وارد ہے کہ ذکر آلہی میں فرد ہو جانے اور عالم جبروت کیطرف متوجہ ہونے اور حکومت سے مدد طلب کرنے سے طالب اور مطلوب میں قطعی مناسبت ہو جایا کرتی ہے۔ اور مناسبت پر تاثیر کا مدار ہوا کرتا ہے اور بعض احادیث میں وارد ہے کہ جسکی ایسی حالت ہوا کرتی ہے۔ تو ملائکہ اُس کے لئے دعا کرتے رہتے ہیں اسکی وجہ سے منافع حاصل ہونے اور مضرت کے دفع ہونے کے اکثر ذرائع پیدا ہوتے رہتے ہیں۔

موجبات ترغیب اور ترہیب یہ ہے کہ علم معاد میں اعمال کا اثر بتایا جائے۔ دو مقدموں سے اس کا اصلی راز معلوم ہوتا ہے (۱) یہ کہ معاد میں کسی شے کو ثواب اور عذاب کا سبب قرار نہیں دیسکتے۔ جبتک کہ جزا کے دو سببوں میں سے کسی سبب کے ساتھ کچھ نہ کچھ مناسبت نہ ہو۔ اُس کو یا اُن چار دل اخلاق میں سے کسی میں داخل ہو۔ جن کے ہونے نہ ہونے پر سعادت اور تہذیب نفس کا مدار ہے وہ اخلاق یہ ہیں۔ نظافت رب العالمین کی حضور میں نیازمندی۔ نفس کی سماحت فیاضی اسکی کوشش کرنا کہ لوگوں میں عدل قائم ہو یا انکو ان امور کے اجرا میں دخل ہو جس پر اعلے کا اتفاق ہوا کرتا ہے کہ شرائع کا حکم ہو۔ اور انبیاء علیہم السلام کی مدار ہوا اور عمل اور سبب جزا میں مناسبت کے معنی یہ ہیں کہ اُس عمل سے وہ سبب خود حاصل ہوتا ہو یا اسکو ملازم ہو۔ اُس کے لئے ذریعہ ہو۔ مثلاً دو رکعتوں کو اس طرح ادا کریں کہ کوئی نفسانی وسوسہ پیش نہ آئے تو اس سے ثبوت ہوتا ہے کہ اُس کے دل میں خدا کی جلال کی یاد اور عاجزی کا اثر ہے اور بہیمیت کی پستی سے ایک قسم کی ترقی کا اُسمیں ظہور ہے اور ایسے ہی پورا پورا وضو کرنا پاکیزگی کا باعث ہے جس کا اثر نفس پر پڑتا ہے اور مال کثیر کا صرف کرنا جس میں مولیٰ علیہ کی پسندیدگی کا موقع ہو سکیگا۔ یہ شریعت عادات عرب کے ہی موافق معین کی گئی ہے اس پسندیدگی سے شریعت مصطفوی کی عزت اور شان حاصل ہوتی ہے اور اظہار میں بڑا برعکس اختیار کرتے رہنا اور مذاہب کے تخلط اور تحریف کنارہ کشی کی دلیل ہے لوگوں کے اکثر فرقے مثلاً حکما۔ ارباب صناعت۔ اطبا۔ وغیرہ اشیاء کے مواقع کو مدار علیہ احکام قرار دیتے رہتے ہیں۔ اور ضبطوں محاورات میں عرب کی بھی یہی روش رہی ہے۔ بعض بعض ایسی صورتیں ہم ذکر بھی کر چکے ہیں۔

محکمہ فائنل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یا دوئل معاق یا گم شدہ یا طبیعت کے مخالف ہو اس پر وہی شخص اقدام کر سکے جس میں کامل خلوص ہو اسلئے ایسا عمل اخلاص دل کا شامل ہوا کرتا ہے۔ مثلاً آب زمزم سے سیرابی حاصل کرنا اور حضرت علی رضہ سے محبت رکھنا اسلئے حضرت علی رضہ خدا کے احکام کی تعمیل میں نہایت سخت تھے اور انصار سے محبت رکھنا خاندان سعد اوسین کی قومیں باہم ایک دوسرے سے متنفر تھیں۔ اسلام نے ان میں الفت پیدا کر دی تھی۔ اسلئے انسے محبت کرنا دلیل ہے کہ ہمیں اسلام کی بشاشت نصیب ہو گئی ہے اور جیسے پہاڑ پر چڑھ کر دیکھنا۔ اور اسلامی لشکروں کی نگرانی کرنا بتاتا ہے کہ کلمۃ اللہ کو اعلان اور دین الٰہی میں کی توجہ کامل ہے۔

دوسرا مقدمہ یہ ہے کہ جب کسی کی وفات ہو جاتی ہے اور اسکو وہ نفسانی حالتیں پیش آتی ہیں جو نفس میں ملکہ تھیں خواہ وہ نفس کے موافق تھیں یا مخالف۔ تو اس پر عنقریب ہی تکلیف و آرام کی صورتیں ظاہر ہونگی۔ ان نفسانی حالات اور تکلیف و آرام میں گو کوئی عقلی مشابہت نہ ہو۔ لیکن یہ تلازمہ کی ایک دوسری قسم ہے جس سے نفس کے بعض امور کی بعض کیطرف کشش ہوتی ہے اور اسی طرح پر خواب میں بھی معانی خاص خاص صورتوں میں ظاہر ہوا کرتے ہیں۔ جیسے شرمگاہوں اور منہ میں پرزوں کا ظہور لگانا دلیل تھا۔ کہ وہ لوگ کو مباشرت عورات اور کھانے وغیرہ سے باز رکھنا چاہتا ہے۔ عالم مثال میں خاص خاص مناسبتیں ہوا کرتی ہیں جن پر احکام کا دوران ہوا کرتا ہے۔ حضرت جبرئیل جو دحیہ کلبی ہی کی صورت میں آیا کرتے تھے وہ ایک خاص معنی کیوجہ سے تھا۔ اور خاص وجہ ہی کے سبب سے حضرت موسے علیہ السلام کے سامنے اگ کا ظہور ہوا تھا۔ جو شخص اس مناسبت کو بخوبی سمجھتا ہے وہ جان سکتا ہے کہ جزائے اعمال کی کیا صورت ہوگی۔

بہرحال نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اسی طریقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شخص علم کو مخفی رکھتا ہے اور تعلیم سے اپنے آپکو روکتا ہے حالانکہ تعلیم کی ضرورت ہوا کرتی ہے تو خدا تعالے اگ کی لگام سے اس کو عذاب دیگا۔ یہ تشبیہ اسلئے دیگئی ہے کہ اسے بخل سے نفس کو تکلیف ہوتی ہے اور بخل کا اب اور صورت لگام کے شابہ ہے۔ اور جو شخص مال سے زیادہ محبت کرتا ہے ہمیشہ اس کا دل مال ہی سے متعلق رہتا ہے اسکی گردن میں گنجے سانپ کا طوق ڈالا جائیگا۔ اور جو شخص درہم و دنانیر چاندی سونے کی خاطر میں سخت تکلیف برداشت کرتا ہے اور خدا کی راہ میں انکے خرچ میں بہت احتیاط کرتا ہے اس کو انہیں اشیاء کے ذریعہ سے عذاب دیا جائیگا۔ جیسے تکلیف دینے کا طریقہ اور اسلے کی تعظیم مقرر ہے اور جو شخص لوہے کی چیز یا زیور وغیرہ سے اپنے آپکو تکلیف دیتا ہے اور اس وجہ سے وہ خدا کے حکم کی مخالفت کرتا ہے تو انہیں صورتوں سے اسکو عذاب دیا جائیگا۔ اور جو شخص محتاج کو کپڑے پہنائیگا قیامت کے روز جنت کے سندس سے اسکے کپڑے بنائے جائینگے۔ اور جو شخص مسلمان کو آزاد کرے اور غلامی کی مصیبت سے جو اسکو چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہے آزاد کر دیگا تو اس غلام کے ہر ایک عضو کے بدلہ میں اس ملک کا ہر ایک عضو دوزخ سے آزاد کیا جائیگا۔

اور ایک صورت یہ بھی ہے کہ عمل کو اس چیز سے مشابہت دیں جسکی خوبی یا برائی ذہنوں میں شرع یا عادت کی وجہ سے راسخ ہو جاتی ہے اور اسوقت میں ضرور ہے کہ ان دونوں امروں میں کوئی جامع امر چاہئے جو کسی نہ کسی وجہ سے دونوں میں بالاشتراک پایا جاوے۔ جیسے اس شخص کو جو نماز صبح سے طلوع آفتاب تک انتظار کیحالت میں مشکنانہ بیٹھا ہے۔ صاحب حج اور عمرہ کیساتھ مشابہت دیگئی ہے۔ اور اس شخص کی جو ہبہ کر کے کسی چیز کو واپس کر لے اس سگ کے ساتھ مشابہت دیگئی ہے جو قے

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرنے والے کا بھلا چاہنا ہو جائے۔ یا اس عمل کو معیوب لوگوں یا قابل نفرت لوگوں سے مشابہت دیکھی ہو۔ یا اس عمل کے کرنیوالے کے حق میں بد یا بد دعا وارد ہوئی ہو۔ اس تشبیہ سے اگر اس عمل کے عمد و یا قبیح ہونے کی وجہ کا لحاظ بھی نہ کیا جائے تاہم اس سے اس عمل کی اجمالی حالت معلوم ہو جایا کرتی ہے۔ جیسے شارع کا قول ہے۔ تلک صلوۃ المنافق (یہ منافق کی نماز ہے) اور جیسے ارشاد ہوا لیس منا من فعل کذا (جو شخص ایسا کام کریگا وہ ہم سے نہیں ہے) یا فرمایا وہذا العمل عمل الشیاطین او عمل الملائکۃ ویرحم اللہ امرا فعل کذا (کہ ایسا کام شیاطین یا فرشتوں کا سا ہے اور جو شخص ایسا کام کریگا خدا اس پر رحم کرے) اور اسی قسم کی اور عبارتوں کو قیاس کر لینا چاہئے۔

اور ایک صورت یہ ہے کہ عمل کی حالت ہی ایسی ہو جس سے خدا تعالےٰ کی خوشی یا ناخوشی کا تعلق ہوا کرتا ہے اسکی وجہ سے کہ اسکی دعا یا بد دعا کا اس سے تعلق ہوتا ہے جیسے شارع کا قول ہے ان اللہ یحب کذا و کذا و یبغض کذا و کذا (خدا ایسے ایسے امور کو پسند کرتا ہے اور فلاں فلاں کو برا جانتا ہے) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان اللہ وملائکتہ یصلون علی میامن الصفوف (دائیں جانب کی صفوں پر خدا اور فرشتے رحمت بھیجتے ہیں) اسکا ذکر ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔

باب ۶۹

کمال مطلوب کے حاصل ہونے یا نہ ہونے کی وجہ سے امت محمدیہ کے طبقات اور درجات

اس باب کے متعلق اصلی حالت سورہ واقعہ میں مذکور ہے وکنتم ازواجا ثلثۃ فاصحب المیمنۃ ما اصحب المیمنۃ واصحب المشئمۃ ما اصحب المشئمۃ والسابقون السابقون اولئک المقربون۔ آخر سورۃ تک (تم تین قسم کے جوڑے ہو اصحاب المیمنہ اور اصحاب المیمنہ کیا ہیں اور اصحاب المشئمہ اور اصحاب المشئمہ کیا ہیں اور جو لوگ سب سے بڑھ کر لیجانے والے ہیں وہی مقرب ہیں) اور خدا تعالےٰ فرماتا ہے ثم اورثنا الذین اصطفینا من عبادنا فمنہم ظالم لنفسہ ومنہم مقتصد ومنہم سابق بالخیرات باذن اللہ (پھر ہم نے ان لوگوں کو وارث بنایا جن کو ہم نے اپنے بندوں میں سے برگزیدہ کیا تھا پس بعض لوگ اپنے نفس پر ظلم کرنیوالے ہیں بعض میانہ رو بعض نیکیوں میں سب سے آگے بڑھنے والے۔ خدا کے حکم سے) تم نے معلوم کیا ہے کہ سب سے اعلےٰ درجہ کے نفوس مفہمین کے ہیں ہم نے ان کا پہلے ذکر کیا ہے اور مفہمین کے بعد ان لوگوں کا درجہ ہے جن کا سابقین نام ہے سابقین کی دو قسمیں ہیں (۱) قسم اصحاب اصطلاح اور بلندی ہیں۔ ان کی استعداد بھی کمالات کے حاصل کرنے میں مفہمین کی سی ہی ہوا کرتی ہے لیکن انکی کمالیت اور سعادت مفہمین کے درجہ تک نہیں پہنچا کرتی۔ ان کی استعداد حنیفہ آدمی کی مانند ہوتی ہے۔ ایک بیدار کرنیوالے کی انکو ضرورت ہوا کرتی ہے جب پیغمبروں کی خبریں انکو بیدار کر دیتی ہیں تو وہ ان علوم کی جانب متوجہ ہوتے ہیں۔ جو مخفی مناسبت کی وجہ سے جو ان کے باطن نفوس میں موجود ہوتی ہے انکی استعداد کے مناسب ہوا کرتی ہیں اسلئے وہ لوگ مجتہدین مذہب کے مرتبہ کے ہوتے ہیں۔ ان کے الہامات کی یہ حالت ہوتی ہے کہ وہ اجمالی اور کلی الہام کو اخذ کر لیتے ہیں خظیرۃ القدس میں انکو ایک قسم کی استعداد شامل ہوا کرتی ہے۔ اکثر سابقین میں یہ امر مشترک ہوا کرتی ہے۔ پیغمبروں نے اسکو بیان کیا ہے (۲) قسم اصحاب تجاذب اور علو کی ہے۔ توفیق الٰہی سے وہ ایسی ریاضتیں اور توجہات میں مشغول رہتے ہیں۔ جو ان کی طاقت سے بھی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو مغلوب کر دیتی ہیں۔ کمال علمی اور کمال عملی کے ذریعہ سے حقانی امور انکو حاصل ہوتے رہتے ہیں اپنے امور میں انکو پوری بصیرت ہوا کرتی ہے۔ اسواسطے انکو خداوندی واقعات۔ راہنمائی اور اطلاع حاصل ہوتی رہتی ہے صوفیہ کرام کے طریقوں میں اکابر صوفیہ ایسے ہی ہوتے ہیں۔ تمام سابقین میں دو امر ضرور جمع ہوا کرتے ہیں (۱) وہ خدا کی جانب متوجہ ہونے اور بارگاہ خداوندی میں قربت پیدا کرنے میں نہایت درجہ اپنی طاقت صرف کرتے ہیں (۲) اُن کی فطرۃ نہایت قوی ہوا کرتی ہے۔ خود ملکات مقصودہ ہو بہو اُن کے سامنے متمثل ہوا کرتے ہیں وہ اُن ملکات کے قالب اور تصویروں کو نہیں دیکھا کرتے۔ انکو اُن قالبوں کی ضرورت صرف اُن ملکات کی تشریح کیلئے ہوا کرتی ہے۔ وہ قوالب اُن ملکات کیلئے ذرائع ہوتے ہیں سابقین میں سے ایک قسم مفوضین کی ہے۔ یہ لوگ ہمیشہ عالم غیب کیطرف متوجہ رہتے ہیں ذکر الٰہی اُن کی تمام گرانیوں اور دقتوں کو دور کر دیا کرتا ہے دوسری قسم صدیقین کی ہے یہ امور حقہ کا بقدر اتباع کرتے ہیں کہ تمام لوگوں سے انکو امتیاز ہوا کرتا ہے تیسرے شہداء یہ لوگ آدمیوں کی راہبری کیلئے معین ہوتے ہیں ملاء اعلےٰ کیطرح کافروں پر لعنت کرتے ہیں اور ایمان والوں سے خوش ہوتے ہیں نیک امور کی ہدایت کرتے ہیں اور برے کاموں سے روکتے رہتے ہیں اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے احکام کو غالب کرتے رہتے ہیں جب روز قیامت ہوگا۔ تو یہی کافروں سے خصومت کرنیکو مستعد ہونگے اور انکے کفر کی شہادت دینگے یہ لوگ پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کی امت میں بمنزلہ اعضا کے ہوا کرتے ہیں تاکہ جو بہبودی سے مقصود ہے وہ اُن کے ذریعہ سے تکمیل کو پہنچ جائے۔ اسی وجہ سے انکو اوروں سے افضل جانا۔ انکی عزت و توقیر کرنا ضرور ہے۔ اور ایک قسم راسخین فی العلم کی ہے ان میں دقائق اور ژرف بینی کامل ہوتی ہے جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سراپا علم حکمت کی باتیں سنتے ہیں تو سنتے ہی ایک استعداد پیدا ہو جاتی ہے اور کتاب الٰہی کے ٹھیک ٹھیک معانی سمجھتے ہیں وہ استعداد انکے باطن کی مدد کرتی رہتی ہے اسی کی طرف حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ اور فہم اعطیہ رجل مسلم (یا استنباط قرآنی کی طاقت جو مسلمان آدمی کو دیجاتی ہے) اور ایک قسم عباد کی ہے۔ یہ لوگ عبادت کے فوائد کو برابر دیکھتے ہیں انکے نفوس عبادت کے انوار سے منور ہو جاتے ہیں انکے دلوں میں ایسا فہم حاصل ہو جاتا ہے جس سے وہ عبادت الٰہی نہایت بصیرت اور روشن ضمیری سے کیا کرتے ہیں اور ایک وجہ سابقین میں سے زہاد کا ہے انکو عالم معاد اور وہاں کے لذائذ کا کامل یقین ہوا کرتا ہے ان لذائذ کے مقابلہ میں انکو دنیوی لذت نہایت حقیر معلوم ہوتی ہے۔ لوگ انکی نظر میں ایسے معلوم ہوتے ہیں جیسے اونٹ کی چگنیاں۔ اور انہیں سابقین میں سے بعض لوگ انبیاء کی جانشینی کے قابل ہوا کرتے ہیں وہ وصف رسالت کیساتھ موصوف ہو کر ہمیشہ خدا تعالےٰ کی عبادت کرتے ہیں اور اس وصف رسالت کو احکام الٰہیہ میں صرف کرتے رہتے ہیں اور بعض لوگوں میں حسن خلق کی صفت ہوا کرتی ہے۔ نبی فیاضی تواضع حلم کریمانہ کے اوصاف ہوتے ہیں اور ایک فرقہ سابقین میں سے ہے ان لوگوں کی جنمیں فرشتوں کے سے اوصاف ہوتے ہیں انکو فرشتوں سے اختلاط رہتا ہے جیسے حدیث میں ہے کہ بعض بعض صحابہ پر فرشتے سلام کیا کرتے تھے۔ ان سابقین کے فرقوں میں سے ہر ایک فرقہ میں ایک تو جبلی اور فطری استعداد ہوتی ہے جو اپنے کمال کی خود تلاشی رہتی ہے اور انبیاء کی تعلیموں سے انمیں بیداری پیدا ہوتی رہتی ہے اور ایک استعداد کسبی ہوتی ہے جو اپنا کمال حاصل کرنے کو شرائع کو قبول کرتی رہتی ہے۔ متقین کا وہ لوگ ہدایت کے لیے مبعوث نہیں ہوا کرتے۔ وہ بھی شرائع میں سابقین میں سے شمار کئے جاتے ہیں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سابقین کے بعد اس عبادت کا درجہ ہے جسکا اصحاب الیمین نام ہے اصحاب الیمین کی بھی چند قسمیں ہیں۔ ایک قسم ان لوگوں کی ہے جو کہ اصحاب سابقین کے درجہ سے بہت قریب ہیں انکو دنیاوی امور کی تکمیل کرنیکا موقع نہیں ملتا اس لیئے وہ اعمال کی ارواح پر زور کر صرف اعمال کی صورتوں پر ہی اکتفا کرتے ہیں لیکن ان ارواح سے انکو بالکل بیگانگی نہیں ہوتی اور ایک قسم اصحاب جنب کی ہے۔ انکے نفوس میں ہمت کی خسیس ہوا کرتی ہے۔ اور یہی قوت غالب اور قوی ہوتی ہے اسلیئے سخت سخت بیماریوں کی انکو توفیق ہوتی ہے اس سے وہ علوم انکو حاصل ہو جاتے ہیں۔ جو علاوہ سائل کیلئے ہو سکتی ہیں کبھی ان لوگوں کی یہی قوت بھی خسیس ہوا کرتی ہے۔ اسوقت ان میں بیماری ایک دولہ پیدا کرتا ہے اور ان پر جزئی جزئی الہامات اور جزئی عبادت اور طہارت کا ترشح ہوتا ہے اور ایک قسم اصحاب یاس کی ہے۔ ان کی کل قوت نہایت ہی خسیس ہوا کرتی ہے۔ ان لوگوں کی یہی طاقت اگر قوی ہوتی ہے تو سخت سخت بیماریوں کا وہ تحمل کرتے ہیں اگر قوت یہی خسیس ہوتی ہے تو ہمیشہ وظائف کے پابند رہتے ہیں۔ ان تمام محنتوں سے انکو کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ اور کسی قسم کا انکشاف انکو نہیں ہوا کرتا۔ البتہ اعمال اور وہ صورتیں جو عمدہ ملکات کے لیئے اساس اور تصویر ہوتی ہیں ان کے نفوس میں راسخ ہو جاتی ہیں۔ اکثر لوگوں کے اعمال میں کامل اخلاص اور طبیعت و عادت کے میلانوں سے بالکل آزادی اور علیحدگی ہوا کرتی ہے۔ وہ نیک کام کرتے ہیں لیکن طبیعت کی رغبت اور ثواب کی امید انکی نیت میں شامل ہوا کرتی ہے وہ نماز اس لیئے پڑھتے ہیں کہ ان کے خاندان میں نماز کا طریقہ جاری ہوا کرتا ہے اور ثواب کی امید بھی انکو ہوتی ہے زنا اور چوری اور بیماری میں کسی قدر خدا کا خوف ہوتا ہے۔ اور کچھ لوگوں کا اسلیئے وہ ان سے اجتناب کرتے ہیں یا لوگ اپنی رغبت کے حاصل کرنیکے قابل نہیں ہوتے۔ اور فضول لغو باتوں میں کل صرف نہیں کر سکتے۔ تو ایسے لوگوں سے اس قسم کے اعمال اسی صورت میں قابل قبول ہوتے ہیں کہ خالص اخلاص کی صفت کی وجہ سے انکے دل کو تاب نہ ہو۔ اور نفس اعمال انکے نفوس سے مفقود ہوتے ہیں۔ نیز وہ صرف کام کر لیتے ہیں جن میں ملکات کی کسی قدر ترشیح ہوا کرتی ہے پختہ زنا کی حکمت میں مندرج شدہ بعض صورت میں بیمانک ہے اور بعض صورت میں بیماجزی اور ضعف سے ہوا کرتی ہے لیکن آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ الیما غیر کلہ (یہ سب صورتوں میں عمدہ ہی چیز ہے) اس حدیث میں ہماری مذکورہ بالا تقریر پر تنبیہ کی گئی ہے۔

اکثر لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ ان پر بعض بعض وقتوں میں قوت نفس کی بجلی چمک جاتی ہے خود ان کا حکم راسخ نہیں ہوا کرتا لیکن وہ ایسے عملے سے بالکل واقف بھی نہیں ہوتے ایسے لوگ وہ ہوتے ہیں جو خدا سے توبہ استغفار کرتے رہتے ہیں برائیوں پر اپنے نفسوں کو ملامت کرتے ہیں یا تنہائی میں خدا کی عبادت کرتے ہیں۔ اور انکی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں یا ضعف فطری کے سبب سے ان کے دلوں میں ہر ایک ہم نہیں سکتی ان کا دل پرندوں کا سا ہوتا ہے یا انکے مزاج میں کوئی شے قوت کی مخل عارض ہو جاتی ہے جیسے کسی کو شکستگی بیماری ہو یا مصیبتوں میں گرفتار ہو ایسے لوگوں کی خطاؤں کو ان کی مصیبتیں دور کر دیا کرتی ہیں۔ اور حاصل یہ ہے کہ اصحاب یمین کو سابقین کے فضائل میں سے ایک تو حاصل ہوتی ہے لیکن ایک دوسری حاصل نہیں ہوتی۔

اصحاب یمین کے بعد ان لوگوں کا درجہ ہے جن کا نام اصحاب الاعراف ہے۔ ان کی بھی دو قسمیں ہیں ایک قسم کو وہ لوگ ہوتے ہیں جنکی نیکی اور بدی برابر ہوتی ہے لیکن ان کو دخول جنت کی کچھ خبر نہیں ہوا کرتی۔ اور اگر کسی قدر ہوتی بھی ہے تو اتنی کہ وہ جنت کے قریب ہو جاتے ہیں اس سے انکے دل کا شبہ دور ہو سکے۔ اسی لیئے ان لوگوں کو دنیا کی ملکات اور دنیا کے اعمال

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں نفاق نہیں ہوا کرتا۔ اور نہ بارگاہ خداوندی کی جانب سے کسی قسم کی توجہ انکو ہوتی ہے انکی اکثری حالت یہ ہوتی ہے کہ تدابیر دنیوی میں مشغول رہتے ہیں۔ مرنے کے بعد ایک کو را نہ حالت کیطرف وہ رجوع کرتے ہیں جنتک کہ انکی یہی حالت بالکل یزہ یزہ نہیں ہوجاتی۔ وہ نہ تو عذاب کی حالت میں ہوتے ہیں نہ عذاب کی۔ البتہ بہیمیت کے آثار محو ہونے کے بعد ملکی طاقت کی درخشاں تجلیہ نہیں سے بعض بعض ان پر چمکتی ہیں اور دوسری قسم ایسے لوگوں کی وہ ہے کہ انمیں عقلی مادہ کم ہو۔ جیسے اکثر لڑکے۔ دیوانے۔ کاشتکار۔ غلام۔ وغیرہ۔ وغیرہ۔

بعض لوگ محض بے معنی ہوتے ہیں اگر رسوم کی پابندی ان میں نہ ہو تو وہ خود محض بے عقل رہجاتے ہیں ایسے لوگوں کے حق میں مسلمان ہونے کیلئے اتنا ہی کافی ہے جتنا کہ رسول اللہ علیہ وسلم نے کالی لونڈی کے لئے کافی سمجھا تھا اس سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا۔ خدا کہاں ہے (این اللہ) اس نے آسمان کی جانب اشارہ کیا۔ ایسے لوگوں سے صرف یہی مقصود ہوتا ہے کہ کلمہ کی تفریق نہ ہو اور سب مسلمانوں کے ہمشکل رہیں۔

جو لوگ رذیل عادات میں منہمک رہتے ہیں اور بارگاہ خداوندی کی جانب مناسب طریقہ سے انمیں میلان ہوتا ہے تو یہ لوگ اصحاب جاہلیت ہوتے ہیں اور مختلف صورتوں سے انکو عذاب دیا جاتا ہے۔

اصحاب اعراف کے بعد منافقین کا درجہ ہے۔ ان کا نفاق عملی ہوتا ہے۔ ان منافقین کو کامل سعادت حاصل نہیں ہوا کرتی جس سے کمال مطلوب ٹھیک طور پر حاصل ہو۔ اسکی وجہ یہ ہوتی ہے کہ طبیعت کا پردہ ان پر پڑا ہوتا ہے رذیل ملکہ میں وہ از خود رفتہ ہوتے ہیں۔ کھانے۔ عورتوں۔ کینہ وغیرہ میں وہ محو ہوتے ہیں انکے ان رذائل پر عبادت کا کچھ اثر نہیں ہوتا یا ان کو کچھ نہیں ہوتا کا پردہ غالب ہوتا ہے اسوجہ سے رسوم جاہلیت یا بھائی بندوں یا وطنوں کے ترک کرنے کی جرأت نہیں ہوتی یا ان پر سوء معرفت اور کفر بھی کا پردہ پڑا ہوتا ہے۔ جیسے خدا کے ساتھ اوروں کو تشبیہ دینے والے یا امامت اور استعانت میں خدا کے ساتھ اور کو شریک کرنے والے خدا کی حضور میں شرک خفی کرنے والے جو قائل ہیں کہ اس قسم کا شرک بغوض نہیں ہے یہ شرک ان صورتوں میں ہوتا ہے جنکے مذہب میں پوری تصریح نہیں ہوتی اور بخوبی پردہ ان پر سے اٹھایا نہیں جاتا۔ اور بعض لوگ ضعیف المزاج اور نحیف ہوا کرتے ہیں۔ انکو خدا اور رسول سے محبت بھی ہوتا ہم وہ معاصی سے باز نہیں آتے اس شخص کا قصہ ایسا ہی ہے جو شرابخور تھا اور خدا رسول سے اسکو محبت بھی تھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکی شہادت دی ہے۔

اور ایک جماعت فاسقین کی ہے۔ ان لوگوں میں رذیل ملکات کی نسبت زیادہ اعمال کا غلبہ ہوا کرتا ہے فاسقین میں سے بعض لوگوں میں بہیمی قوت زیادہ ہوتی ہے درندوں اور بہائم کی خواہشوں میں وہ منہمک رہا کرتے ہیں اور بعضوں کے مزاج فاسد اور رائیں انکی بیہودہ ہوتی ہیں وہ بمنزلہ اس مریض کے ہوتے ہیں جس کو سڑی اور جلی ہوئی روٹی کھانے کی عادت ہوجاتی ہے۔ ان سے شیطانی امور سرزد ہوتے رہتے ہیں۔

فاسقین کے بعد درجہ کفار کا ہے یہ لوگ سرکش اور متمرد ہوتے ہیں انکی عقلیں کامل ہوتی ہیں اور احکام الٰہی کی تبلیغ بھی انکو کیجاتی ہے تاہم وہ لوگ لا الہ الا اللہ کہنے سے انکار کرتے ہیں۔ یا ان مقاصد کی مخالفت کرتے ہیں جو انبیاء کے احکام پھیلانے میں خدا تعالیٰ کو منظور ہیں اسلئے وہ خداوندی راستہ سے باز رہتے ہیں اور دنیوی زندگی پر قناعت کرتے ہیں دنیا کے مابعد

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زندگی کی کچھ پرواہ نہیں کرتے ایسے لوگ ابدی لعنت کے قابل ہیں وہ ہمیشہ قید رہینگے۔ انہیں ہی سے اہل جاہلیت ہیں اور منافق بھی انہیں ہی شامل ہے جو صرف زبان سے ایمان کا اظہار کرتا ہے اور اسکے دل میں کفر خاص باقی رہتا ہے واللہ اعلم۔

باب ۷

اس بیان میں کہ ایک ایسے مذہب کی ضرورت ہوا کرتی ہے جو اور مذہب کا ناسخ ہو۔

جتنے مذاہب روئے زمین پر موجود ہیں سب کی چھان بین کرو۔ ابواب سابق میں ہم نے جو کچھ بیان کیا ہے اسکے خلاف نہ ہوگا۔ کوئی مذہب ایسا نہ ہوگا جس میں بانی مذہب کی صداقت کا اعتقاد اور اسکی تعظیم دل میں نہ ہو اس کی نسبت سب کا یہی اعتقاد ہوتا ہے کہ وہ بڑا کامل اور بے نظیر ہوتا ہے۔ اس اعتقاد کی وجہ یہی ہوتی ہے کہ عبادات میں لوگ اسکے استقبال کو دیکھتے ہیں خلاف معمول امور اس سے ظاہر ہوتے ہیں اسکی دوائیں مقبول ہوتی ہیں اور ایسے ہی مذہب میں ایک حصہ حدود اور شرائع اور تعزیرات کا ہوتا ہے جنکے بدون مذہب کا انتظام نہیں ہو سکتا۔ انکے بعد مذکورہ بالا امور میں آسانیاں بھی ہوتی ہیں۔

ہر ایک قوم کا ایک طریقہ اور خاص شریعت ہوتی ہے جسمیں وہ اپنے بزرگوں کے عادات کا اتباع کرتے ہیں۔ اپنے آئمہ دین اور عالمین مذہب کی روش کو پسند کرتے ہیں۔ اسلئے اس مذہب کی بنیادیں نہایت مستحکم ہو جاتی ہیں حتے کہ اس مذہب کے پیرو اسکی لئے پشت و پناہ ہو جاتے ہیں اسکی حمایت میں جنگ آزمائیاں کرتے ہیں اپنی جانوں اور مالوں کو نثار قربان..... کرتے ہیں یہ جانبازیاں نہایت مضبوط تدابیر اور پختہ مصلحتوں کیوجہ سے ہوا کرتے ہیں عوام لوگ انکے نتائج کو نہیں سمجھ سکتے۔

اور جب ہر ایک فرقہ کا مذہب علحدہ قرار پا جاتا ہے انکے طریقے معین ہو جاتے ہیں اور زبان سے نشان سے وہ انکے حامی بنتے ہیں اور ہمیں اسوجہ سے ایک ناراستی اور بے اعتدالی پیدا ہو جاتی ہے کہ جو شخص مذہب قائم کرنے کی قابل نہیں ہوتا۔ وہ اس کا سربراہ کار ہو جاتا ہے۔ یا نئے نئے طریقے انمیں خلط ملط ہو جاتے ہیں یا عالمین دین اشاعت مذہب میں سست ہو جاتے ہیں تو ان اسباب سے وہ لوگ مذہب کے اکثر معتبر اور مناسب حصہ کو چھوڑ بیٹھتے ہیں فلو تبق الا ومنہ لم یکن من امر الدنی (صرف نشانات ہی نشانات ہیں جو امر ادنی کا کچھ حال نہیں بتاتے) اسوقت میں ہر ایک مذہب والا اپنے مخالف مذہب کو برا بھلا کہتا ہے اس کا انکار کرتے ہیں اس سے قتل و قتال کرتے ہیں تب ایک ایسے کامل رہنما اور امام کی ضرورت ہوتی ہے جو تمام مذاہب سے ایسا ہی معاملہ کرے جیسا کہ رو بادشاہوں سے خلیفہ معاملہ کرتا ہے۔ اسکے متعلق تم مذاہب کے خلط ملط ہونے کا قصہ دیکھو جسکو کتاب کلیلہ دمنہ کے مترجم نے ذکر کیا ہے مترجم نے قصہ کیا تھا کہ ٹھیک بات کا اندازہ کرے لیکن کچھ تھوڑا سا وہ اندازہ کر سکا ایسا ہی مورخین نے زمانہ جاہلیت کے حالات اور انکے مذاہب کی ابتری بیان کی ہے۔

اس امام کو جو تمام فرقوں کو ایک مذہب پر جمع کرنا چاہتا ہے علاوہ اصول امت مذکورہ کے اور اصول کی بھی ضرورت پڑتی ہے (۱) یہ کہ وہ ایک حصہ کو پسندیدہ طریقہ کیطرف دعوت کرے۔ انکے نفوس کا تزکیہ کرے انکی حالت کو درست بنائے پھر انکو اپنے اعضا بنائے انکو اپنے ساتھ لیکر تمام لوگوں سے جنگ کرے اور انکی طاقتوں کو آفاق عالم میں متفرق کر دے خدا تعالے فرماتا ہے "تم بہترین امت ہو۔ جو لوگوں کی تکمیل کے لئے پیدا کئے گئے کنتم خیر امۃ اخرجت للناس۔ اس لئے کہ وہ خود تنہا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بے تعداد فرقوں سے بھاد نہیں کرسکتا ہے۔ اسواسطے ضرورت ہے کہ اسکی شریعت کا مادہ وہی ہو۔ جو تمام معتدل اقالیم کے باشندوں کیلئے بمنزلہ قدرتی طریقہ کے ہے پھر ہم کو اُن علوم و تدابیر پر نظر کرنی چاہیئے جو اسکی قوم میں رائج ہوں۔ اور ان کی نسبت اپنی قوم کی مزاجی حالات زیادہ کرنی چاہیئے جب اس قوم کی شریعت مقرر ہوجائے تو تمام لوگوں کو اسکی پیروی پر آمادہ کرے اس کا موقع نہیں ہوا کرتا۔ کہ ہر ایک قوم کی حالت اسی کو مفوض کردیجائے یا ہر ایک زمانہ کے اماموں پر اسکو چھوڑ دیں۔ اس سے شریعت مقررہ بے سود ہوجاتی ہے اور یہ بھی ممکن نہیں ہے کہ امام ہر ایک قوم کے علوم کا اندازہ کرکے ہر ایک کے لئے جدا شریعت قرار دے۔ ہر ایک کے عادات اور انکے تمام ذاتی امور کا احاطہ کرنا۔ حالانکہ انکے شہر اور مذاہب مختلف ہوتے ہیں۔ ناممکن کے درجہ میں ہے اور جب شریعت کے نقل کرنے میں تمام ناقلین کو عاجزی پیش آتی ہے تو مختلف شرائع کی نسبت تم کیا خیال کرسکتے ہو۔ اور نیز اکثر یہ بھی ہوا کرتا ہے کہ مدت دراز کے بعد اور فرقے مطیع ہوا کرتے ہیں۔ جسکے لئے نبی کی عمر وفا نہیں کیا کرتی موجودہ شرائع میں ہی دیکھ لو۔ یہود و نصاریٰ اور مسلمانوں میں سے اولاً معدودے چند ہی ایمان لائے تھے۔ پھر انکو غلبہ حاصل ہوگیا تھا۔ تو اس سے زیادہ عمدہ اور آسان طریقہ نہیں ہے کہ شعائر حدود اور تدابیر میں اپنی ہی قوم کا لحاظ کرے جن کی طرف وہ مبعوث ہوا ہے۔ اور آئندہ فرقوں کے لئے بھی یہ امور باعث تنگی نہ ہوں۔ انپر اسکو نظر ترحم چاہیئے اگلے لوگ تو اپنی دلی شہادت اور اپنے عادات کی رہنمائی سے اس شریعت کو اختیار کرتے ہیں۔ اور پچھلے لوگ اس مذہب کے آئمہ اور علماء کی سیرتوں کو مرغوب جانکر اتباع کیا کرتے ہیں۔ ہر زمانہ میں قدیماً و حدیثاً ہر ایک قوم کا یہی شیوہ ہوگیا ہے۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں اکثر عمدہ ملک جن میں معتدل مزاج کی تولید ہوتی ہے دو بڑے شہنشاہوں کے تحت میں تھے۔ ایک سے ملک عراق یمن خراسان اور ان کے متصل ملک اسکے زیر حکومت تھے۔ اور ماوراء النہر اور ہند کے بادشاہ بھی اسکے محکوم اور باجگذار تھے ہر سال وہ کسرے کو خراج بھیجتے تھے۔ دوسرا قیصر شام و روم انکے اطراف شام ان مصر اور مغرب افریقہ سب اسکے زیر فرمان اور باجگذار تھے۔ اسی وجہ سے ان دونو شہنشاہوں کی طاقت کو متزلزل کردینا اور انکے ممالک پر قبضہ کرلینا گویا تمام روئے زمین پر قبضہ کرلینا تھا۔ ان سلاطین کے عادات کا اثر جو آرام و آسائش کے متعلق تھیں تمام انکے ماتحت شہروں میں پھیل گیا تھا۔ اس لئے ان عادات کو تبدیل کرنا انکو ایسے حرکات سے باز رکھنا گویا تمام ملک کے لئے تبلیہ تھی۔ حضرت عمرؓ نے جب عجم کی لڑائیوں میں ہرمزان سے مشورہ لیا تھا تو کسی قدر اس حالت کا اس نے ذکر کیا تھا۔

ان کے علاوہ اطراف دنیا جو اعتدال مزاجی سے دور تھے مصلحت کلی میں قابل لحاظ اور اعتبار نہ تھے۔ اسیوجہ سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب تک ترک و حبش نے تم کو اپنے حال پر چھوڑ رکھا ہے تم بھی انکو اپنے حال پر رکھو۔ اترک الترک ما ترکوکم ودعوا الحبشۃ ما ودعوکم۔

حاصل یہ ہے کہ جب خداوند عالم نے ارادہ کیا کہ مذہب کی کجی کو دور کردے اور لوگوں کی اصلاح کیلئے ایک ایسا فرقہ پیدا کرے جو لوگوں کو نیکیوں پر امور کریں اور برائیوں سے روکیں اور لوگوں کی خراب رسموں کو بدلڈالیں تو ایسا انتظام اس پر موقوف تھا کہ ان دونو دولتوں کا زوال ہوجائے اسکی آسانی کے لئے ضرور تھا کہ ان سلطنتوں کی حالت سے تعرض کیا جائے ان ہی کی حالتیں تمام عمدہ ملکوں میں سرایت کرگئیں تھیں یا سرایت کرنے کے قریب تھیں۔ اسواسطے حضرت خداوندی نے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقدر کیا کہ یہ دونوں طاقتیں تباہ ہو جائیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسریٰ ہلاک ہو گیا۔ اب کوئی کسریٰ اسکے بعد نہ ہوگا۔ اور قیصر ہلاک ہو گیا۔ اب کوئی قیصر اُس کے بعد نہ ہوگا۔ بلکہ کسریٰ فلاں کسریٰ بعد دیگرے قیصر فلاں قیصر بعد دیگرے۔ اور خدا تعالےٰ نے مقدر کیا کہ تمام دنیا کی بیہودگی کو بذریعہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کے عرب کی بیہودگی دور کرنے سے دور کر دے اور بذریعہ عرب کے اِن دونو سلطنتوں کی بیہودگی کو رفع کرے اور پھر انکے ذریعہ سے تمام عالم کو دروغ اور ناراستی سے صاف و پاک کر دے۔

ایسے امام کا قاعدہ یہ بھی ہے کہ مذہبی تعلیم کے ساتھ ساتھ خلافت عامہ کا بھی اہتمام اور انتظام کرتا ہے خلفاء انہیں لوگوں کو مقرر کرے جو اُس کے ہوملن اور خاندان کے ہوں جن کا نشو و نما انہیں عادات اور طریقوں پر ہوا ہے۔ اصل اور نقل میں بڑا فرق ہوا کرتا ہے۔ بس التکمل فی الیقینیین کا للحل۔ ایسے لوگوں میں خاندانی حمیت اور غیرت کیساتھ مذہبی حمیت بھی ہوا کرتی ہے انکی شان اور رتبہ کی بلندی صاحب مذہب کی بلندی درجہ کا باعث ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے امام خاندان قریش سے ہونے چاہئیں۔ الائمۃ من قریش۔ امام ہمیشہ خلفا مکودین کے قائم کرنے اور شائع کرنے کی ہدایت کرتا ہے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ تم دین پر جب تک باقی رہو گے کہ تمہارے امام تمہارے ساتھ ساتھ ٹھیک رہینگے۔ لقاء کم علیہ ما استقامت بکم ائمتکم۔

امام کا یہ فرض بھی ہونا چاہئے کہ اس اپنے مذہب کو سب مذاہب پر غالب کرے کسی شخص کو ایسا نہ چھوڑے جسپر دین غالب نہ ہو جائے خواہ اسمیں کسی کی عزت ہو یا ذلت اسوقت میں تین درجہ کے لوگ ہو جائینگے (۱) وہ فرقہ جو ظاہر اور باطناً مذہب کا مطیع ہوگا (۲) جو مجبوراً ظاہر میں اسکی اطاعت کریگا۔ اُس سے مخالفت نہ کر سکیگا (۳) کافر خوار و ذلیل اس سے۔ وہ امام ذلیل و ذلیل کام لیگا اور جیسے چارپائے کھیتی اور بوجھ لادنے کے کام میں آتے ہیں۔ ایسے ہی کھیت کاٹنے اناج کاٹنے اور اور دستکاریوں کے اُس سے کام لئے جائینگے۔ اور ذلیل سمجھ کر اُس سے جزیہ وصول کیا جائیگا۔

اور مذاہب پر غلبہ دین کے چند اسباب ہوا کرتے ہیں (۱) تمام مذہب کے شعاروں پر اپنے مذہب کے شعار کا اعلان اور اشاعت کرے مذہبی شعار ایک امر ظاہر ہوا کرتا ہے اسی کی وجہ سے یہ مذہب والا اور مذاہب سے ممتاز ہوا کرتا ہے۔ مثلاً ختنہ مسجدوں کی تعظیم اذان جمعہ۔ جماعات (۲) یہ کہ لوگوں کو ممانعت کرے اور مذاہب کے شعاروں کو ظاہر نہ کریں برملا اُن کا استعمال نہ کریں۔ (۳) قصاص میں۔ دیتوں میں نکاحوں میں۔ ریاستوں کے انتظام میں کافروں کو مسلمانوں کے ہمسر نہیں کرنا چاہئے تاکہ یہ امور انکو ایمان پر مجبور کریں (۴) یہ کہ لوگوں کو نیکی اور بدی کے اعمال ظاہری کی تکلیف دے سخت پابندی انکی کرادے۔ اعمال کے راز اور ارواح کی زیادہ تصریح انکے سامنے نہ کیا کرے اور شریعت کی کسی بات میں انکو خود مختار نہ کرے شرائع کے اسرار جو تفصیلی احکام کے اندر ہیں عام لوگوں سے مخفی رکھے جو راسخ العلم ہوں وہی اُن کا پتہ لگا سکیں اسواسطے اکثر تکلیفیں کی حالت یہ ہوا کرتی ہے کہ وہ مصالح کو جب ہی معلوم کر سکتے ہیں کہ ان مصالح کے قواعد منضبط کر دیئے جائیں اور وہ بمنزلہ محسوسات کے ہو جائیں کہ ہر شخص انکو بتا دیں لاسکے اگر کسی امر کے چھوڑنے کی انکو اجازت دیدی جائے یا یہ بتایا جائے کہ مقصود اصلی ان ظاہری اعمال کے سوا کوئی اور امر ہے تو انکو خوض کرنے کے زیادہ موقع ملینگے۔ اور انکے اختلافات زیادہ ہو جائینگے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور خدا تعالےٰ کی مراد تمام رہیگی واللہ اعلم۔

اور چونکہ صرف تلوار سے غلبہ لوگوں کے شبہات اور حجابات کو بخوبی دور نہیں کر سکتا اسکے بعد احتمال رہتا ہے کہ چند روز کے بعد پھر وہ لوگ کفر کی حالت پر عود کر جائیں۔ اسواسطے امام کا یہ بھی فرض ہے کہ عام لوگوں کے ذہن میں برہانی اور یقینی دلائل سے امور ثابت کر دے کہ اور مذاہب اتباع کے قابل نہیں ہیں وہ کسی معصوم شخص سے منقول نہیں ہیں یا وہ مذہبی قواعد پر منطبق نہیں ہیں یا انمیں تحریف اور تبدیلی واقع ہوگئی ہے۔ اور یہ موقع امور اُن میں قرار دیئے گئے ہیں۔ علی رؤس الاشہاد۔ ان سب امور کی تشریح اور تصحیح کر دے اور دین محکم کے مرجحات کو صاف صاف بیان کر دے کہ یہ دین آسان اور صاف ہے اسکے حدود واضح ہیں جنکی خوبیاں عقل خوب معلوم کر سکتی ہے جو امور اس میں مشتبہ ہے وہ بالکل صاف ہے۔ ان لیلھا کنھارھا۔ اسکے طریقے عام لوگوں کو زیادہ نافع ہیں اور انبیاء سابقین کی سیرت سے جو امور باقی ہیں اُن سے یہ زیادہ شاہد ہے بہرحال ایسے ہی ایسے تفاصیل ہونے چاہئیں۔ واللہ اعلم۔

باب ۱۷

مذہب کو اس طرح پختہ کرنا کہ اس میں تحریف اور رد و بدل نہ ہو سکے

اُس شخص کو جسکے ہاتھ میں نہایت بڑا انتظام ہو۔ اور وہ خدا کی جانب سے ایک ایسا مذہب لایا ہو۔ جو تمام مذاہب کا ناسخ ہو۔ نہایت ضرور ہے کہ وہ اپنے مذہب کو اسطرح پختہ کرے کہ کسی قسم کی تحریف کا وہاں تک گذر نہ ہو سکے۔ ایسے مذہب میں متفرق جماعتیں شامل ہوتی ہیں انکی استعدادیں اور اغراض مختلف ہوا کرتے ہیں۔ اسلئے وہ لوگ جانے نفس یا اس مذہب کی الفت ہی جسمیں وہ پہلے رہ چکے ہیں یا اپنے فہم کی کوتاہی سے کسی شے کو وہ سمجھ لیتے ہیں اور اسکی اکثر مصلحتیں انکو معلوم نہیں ہوتیں مذہب کے منصوص مسائل میں دخل و تصرف کرتے ہیں یا جو چیزیں اُس مذہب میں شامل نہیں ہوتیں انکو مندرج کر دیا کرتے ہیں اس لئے اُس مذہب میں خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں گذشتہ مذاہب کا یہی حال ہوا۔ چونکہ خرابیوں کے طریقے تمام و کمال معلوم نہیں ہو سکتے اور حصر میں نہیں آ سکتے اور انکی تعیین نہیں ہو سکتی وما لا یدرک کلہ لا یترک کلہ۔ یہ ضرور ہے کہ اجمالی طور پر تحریف کے اسباب کو خوب متنبہ کر دے۔ ان مسائل کو متعین کر دے جن میں تحریفیں سے ایسی ابتری کے باعث ہوتے ہیں یا اُن میں سستی اور تحریف کرنا لوگوں میں ایک مستمر ی بیماری ہوا کرتی ہے ایسے ایسے راستوں کو نہایت اہتمام سے بند کر دینا چاہیئے۔

منجملہ اسباب تحریف کے ایک سستی ہے۔ اور اس سستی کی حقیقت یہ ہے۔ کہ حواریوں کے بعد ایسے اخلف پیدا ہو جایا کرتے ہیں جو نماز کو تباہ کرتے ہیں۔ اور اپنی خواہشوں کا اتباع کرتے ہیں انکو درس تدریس باعمل کے ذریعہ سے مذہب کے پھیلانے کی کچھ پروا نہیں ہوتی۔ نہ وہ لوگوں کو نیکی کی تعلیم کرتے ہیں۔ نہ برائی سے اُن کو روکتے ہیں۔ اسوجہ سے بہت جلد مذہب کے بالکل خلاف رسمیں قائم ہو جاتی ہیں اور مبلغ کا رخ اُن امور کیطرف ہو جاتا ہے جو شریعتوں کے خلاف ہوا کرتے ہیں۔ انکے بعد اور نا خلف ایسے ہی پیدا ہوتے ہیں یہ اور بھی زیادہ کاہل ہوتے ہیں یہاں تک کہ علم مذہب کا بڑا حصہ نسیاً منسیاً ہو جاتا ہے اور لوگوں کے حق میں نہایت ضرر رساں اور باعث فساد بزرگان قوم و مذہب کی سستی ہوتی ہے یہی وجہ ہوئی کہ حضرت نوح اور حضرت ابراہیم علیہما السلام کا مذہب بالکل نیست و نابود ہو گیا۔ اب کوئی ایسا شخص نہیں جو ٹھیک ٹھیک اُن مذاہب کا واقف ہو۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سستی کے باعث چند امور ہوا کرتے ہیں (۱) یہ کہ صاحب مذہب سے مذہبی امور کے نقل کرنے میں اور اپنے عمل کرنے میں سستی کیجاے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ ہوشیار ہو جاؤ۔ اس کا احتمال ہے کہ بعض آدمی اپنی مسند پر سیر اور بے فکر ہونگے اور لوگوں سے کہینگے۔ اس قرآن کو مضبوطی سے لو۔ پس جو چیزیں تم قرآن میں حلال پاؤ۔ انکو حلال سمجھنا اور جو حرام پاؤ انکو حرام سمجھنا اور جس چیز کو پیغمبر خدا نے حرام کیا ہے وہ ایسی ہی حرام ہیں جیسی خدا نے حرام کیں ہیں الا یوشک رجل شبعان علی اریکتہ یقول علیکم بہذا القرآن فما وجدتم فیہ من حلال فاحلوہ وما وجدتم فیہ من حرام فحرموہ وان ما حرم رسول اللہ کما حرم اللہ۔ اور نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ خدا تعالے لوگوں سے علم کو اس طرح دور کریگا کہ لوگوں میں وہ نہ رہے بلکہ علماء کے نہ ہونے سے ہمیں کمی ہو جائیگی جب خدا کوئی عالم ہی باقی نہ رکھیگا۔ تب لوگ جاہلوں کو اپنا پیشوا بنا لینگے۔ اُن سے مسائل دریافت کئے جائینگے بے علمی سے وہ انکا جواب دینگے۔ اس لئے خود بھی گمراہ ہونگے اور اور لوگوں کو بھی گمراہ کرینگے۔

(۲) سبب تہاؤن اور سستی کے بیہودہ اغراض ہوتے ہیں۔ جن سے لوگ جھوٹی تاویلیں کیا کرتے ہیں لوگ بادشاہوں کی خوشامد سے انکی خواہشیں پورا کرنے کے لئے ایسا کیا کرتے ہیں۔ خدا تعالے فرماتا ہے جو لوگ کتاب اللہ کے احکام کو جو منزل من اللہ ہیں۔ چھپاتے ہیں اور انکے عوض میں کچھ قیمت لیلیتے ہیں وہ اپنے شکموں میں آگ کو کھاتے ہیں۔ ان الذین یکتمون ما انزل اللہ من الکتب و یشترون بہ ثمنا قلیلا۔ اولئک ما یاکلون فی بطونہم الا النار۔

(۳) سبب یہ ہے کہ لوگوں میں برائیاں پھیلجاتی ہیں اور علماء انسے لوگوں کو باز نہیں رکھتے۔

فلولا کان من القرون من قبلکم اولو بقیۃ ینہون عن الفساد فی الارض الا قلیلا ممن انجینا منہم واتبع الذین ظلموا اترفوا فیہ وکانوا مجرمین۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب بنی اسرائیل گناہوں میں مبتلا ہونگے تو علماء نے انکو پہلے روکا لیکن وہ باز نہ آئے تب علماء بھی خود انکی مجلسوں میں شریک ہونے لگے اور انکے ہم پیالا اور ہم نوالہ ہو گئے تب وہ غلط ملط ہو گئے حضرت داؤد اور حضرت عیسے علیہ السلام کی زبان سے خدا نے انپر لعنت ظاہر کی انکی سرکشی کرنے سے ایسا ہوا۔ وہ حد سے بڑھ گئے تھے۔

اور تحریف کے اسباب میں سے ایک تعمق ہے۔ اسکی حقیقت یہ ہے کہ شارع کسی شے کا حکم کرتا ہے اور کسی چیز سے ممانعت کرتا ہے اور اسکی امت کا کوئی شخص اسکو سنکر اپنے ذہن کے موافق اسکو سمجھتا ہے اور اسی حکم کو وہ ان امور میں بھی تجویز کرتا ہے جو کسی نہ کسی وجہ سے اس اصلی حکم کے مشابہ ہوا کرتے ہیں۔ یا اس میں اس حکم شرعی کی علت کے بعض اجزا پائے جایا کرتے ہیں۔ یا جو حکم شارع نے قرار دیا تھا شخص اسی حکم کو اس شے کے اجزا میں یا اسکے محل مواقع یا اس کے اسباب میں بھی تجویز کرتا ہے۔ روایتوں کے تعارض سے جب اس کو کسی امر میں شبہ ہو جاتا ہے تو وہ نہایت اشد کام کا پابند ہوتا ہے۔ اسی کو واجب قرار دیتا ہے اور نیز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے تمام افعال کو عبادت پر محمول کرتا ہے حالانکہ حق بات یہ ہے کہ آپ نے بہت سے امور کو عادۃً کیا تھا۔ اسواسطے ان امور عادیہ میں بھی اس کا یہی خیال ہوتا ہے کہ امر دینی ان میں جاری ہے اور وہ صاف صاف کہتا ہے کہ خدا نے اس کا حکم دیا ہے اس چیز سے منع کیا ہے مثلاً شارع نے روزہ کو نفس کے مغلوب کرنے کیلئے مقرر کیا ہے اور عورتوں کی ہمبستری کو ہمیں منع کر دیا اس سے بعض لوگوں کو گمان ہوا کہ سحر کا کھانا خلاف مشروع اور ناجایز ہے اسلئے کہ وہ نفس کی مغلوبیت کے خلاف ہے اور یہ بھی بعض لوگوں نے گمان کیا کہ اپنی بیوی کا بوسہ لینا بھی روزہ میں حرام ہے بوسہ لینا ہمبستری کے اسباب میں سے ہے جیسے ہمبستری سے نفس کی رغبت پوری ہوتی ہے ایسے ہی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کی بھی پوری ہوتی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قول کی حرابی بیان فرمادی کہ یہ دین میں تحریف ہے۔

اور اسباب تحریف سے تشدد ہے یعنی جن شاق امور کا شارع نے حکم نہیں دیا ہے انکی پابندی کی جائے ہمیشہ روزہ رکھنا ہر وقت نماز پڑھنا دنیا سے آزادی اور شادی نہ کرنا۔ یہ سب امور ایسے ہی ہیں۔ واجبات دین کی مانند مستحب اور سنن کی پابندی کرنا۔ حضرت عبداللہ ابن عمرؓ اور حضرت عثمان بن مظعون نے جب نہایت سخت سخت عبادات کی پابندی کا قصد کیا۔ تو آنحضرتؐ نے انکو منع فرمایا کہ جس نے مذہبی امور میں زیادہ تعمق کیا ہے۔ دین اس پر غالب آگیا ہے۔ لن یشاد الدین احد الا غلبہ جب ایسا سخت پابند آدمی کسی فرقہ کا رہبر اور پیشوا ہوتا ہے تو لوگ یہی سمجھتے ہیں کہ یہ شرع کا حکم اور شارع کی مرضی سے ہے۔ یہود و نصاریٰ کے راہبوں میں یہی بیماری تھی۔

اسباب تحریف سے احسان بھی ہے یعنی جب کوئی شخص دیکھتا ہے کہ شارع ہر ایک حکم کیلئے موقع اور محل تجویز کرتا ہے اور امور تشریعی کو منضبط کرتا ہے تب امور شرعی کے بعض بعض اسرار معلوم کر کے لوگوں کے لئے اپنے فہم کے موافق مصلحتیں قرار دیتا ہے مثلاً جب یہودیوں نے دیکھا کہ شارع نے حدود کو اسواسطے مقرر کیا ہے کہ لوگوں کی اصلاح ہو جائے اور وہ معاصی سے اجتناب کریں۔ اور پھر انہوں نے خیال کیا کہ رجم سے اختلاف اور جنگ و جدال پیدا ہوتا ہے اور اس سے فساد کا اور زیادہ اندیشہ ہے اسلئے انہوں نے رجم میں منہ سیاہ کرنا اور تازیانے مارنا اختیار کر لیا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اضافتاً بیان فرمادیا کہ یہ مذہب میں تحریف ہے اور توریت کے حکم منصوص کے بالکل مخالف ہے۔ حضرت ابن سیرین سے منقول ہے کہ سب سے پہلے ابلیس نے قیاس کیا ہے اور آفتاب و ماہ کی پیمائش قیاسوں سے ہی ہوئی ہے۔ اور حضرت حسنؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے یہ آیت پڑھی خلقتنی من نار وخلقتہ من طین (مجھ کو تو نے آگ سے پیدا کیا اور آدم کو مٹی سے) یہ آیت پڑھکر انہوں نے کہا۔ ابلیس نے یہ قیاس کیا تھا اور سب سے پہلے قیاس ابلیس ہی نے کیا تھا اور امام شعبی سے منقول ہے کہ اگر تم قیاسوں پر عملدرآمد کرو گے تو حلال کو حرام اور حرام چیزوں کو حلال کر لو گے۔

اور حضرت معاذ ابن جبل سے منقول ہے کہ قرآن لوگوں کے سامنے کھولا جائیگا۔ اسکو عورت بچہ آدمی سب پڑھینگے تب وہ آدمی کہیگا کہ میں نے قرآن پڑھا۔ لیکن کسی نے میری پیروی نہیں کی۔ واللہ میں لوگوں میں کھڑے ہو کر قرآن کو پڑھونگا وہ لوگوں میں رہکر اور کھڑے ہو کر بھی قرآن کو پڑھیگا۔ تب بھی کوئی اسکی پیروی نہ کریگا اور وہ بھی کہیگا کہ آدمیوں میں بھی قرآن کو پڑھا۔ اب بھی کسی نے پیروی نہ کی۔ اب میں مسجد میں ایک حجرہ بناؤنگا شاید کوئی میری پیروی کرے وہ ایسا ہی کریگا اور یہی کہیگا کہ میں نے خود بھی قرآن پڑھا۔ لوگوں میں قیام کر کے بھی پڑھا مسجد میں حجرہ بنا کر بھی پڑھا لیکن کوئی پیرو نہ ہوا۔ اب کوئی ایسی بات لوگوں سے کہوں جو کلام الٰہی میں ان کو نہ ملے اور نہ پیغمبر خدا سے انہوں نے اس کو سنا ہو۔ اس سے شاید کوئی میرا اتباع کرے پس اے لوگو تم ایسی باتوں سے بچو جن کو شخص بیان کرے۔ یہ چیزیں جن کو وہ بیان کریگا سراسر گمراہی ہونگی۔ حضرت عمر سے روایت ہے اسلام کو عالم کی غلطی منافق کا کتاب الٰہی کے ساتھ جھگڑنا گمراہ اماموں کا حکم کو زائل کر دینا ہے۔ ان سب امور سے وہی مراد ہیں۔ جو کتاب الٰہی اور حدیث رسالت پناہی سے متبط نہ ہوں۔

اور اسباب تحریف سے اجماع کی پیروی ہے یعنی عالمین دین کا ایک فرقہ انکی نسبت عام لوگوں کا یہ گمان ہے کہ انکی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رائے اکثر یا ہمیشہ درست ہوا کرتی ہے کسی امر پر اتفاق کرے اور اس اتفاق سے یہ خیال کیا جائے کہ ثبوت حکم کے لئے یہ اتفاق قطعی دلیل ہے۔ اس خیال کی قرآن و حدیث میں کچھ اصل نہیں ہے یہ اجماع اس اجماع کے علاوہ ہے جس پر امت کا اتفاق ہے لوگ سب اس اجماع پر متفق ہیں جس کی سند قرآن و حدیث میں ہو یا ان دونوں میں سے کسی نہ کسی سے مستنبط ہو۔ لیکن لوگوں نے اس اجماع کو تسلیم نہیں کیا ہے جس کی سند قرآن و حدیث میں نہ ہو خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب کفار سے کہا جاتا ہے کہ ان چیزوں پر ایمان لے آؤ جو خدا تعالیٰ نے نازل کیں ہیں۔ تو وہ یہی جواب دیتے ہیں۔ کہ ہم تو انہیں باتوں کی پیروی کریں گے۔ جن پر ہم نے اپنے باپ دادوں کو پایا ہے۔ الی آخرہ۔ واذا قیل لہم امنوا بما انزل اللہ قالوا بل نتبع ما الفینا علیہ آبا ءنا۔

یہودی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے انکار میں بھی دلیل پیش کرتے ہیں کہ ہمارے بزرگوں نے انکے حالات کی چھان بین کی لیکن انبیاء کے شرائط ان میں نہیں پائے عیسائیوں کے بہت سے شرائع توریت و انجیل کے بالکل مخالف ہیں ان کے بزرگوں کا صرف اتفاق ہی ان کی دلیل ہے۔

اور اسباب تحریف سے غیر معصوم کی تقلید ہے یعنی نبی کے علاوہ جسکی عصمت ثابت نہیں ہوتی ہے کسی اور کا اتباع کرنا۔ اس تقلید کی حقیقت یہ ہے کہ کسی مسئلہ میں علماء امت میں سے کوئی عالم اجتہاد کرے اور اس عالم کے پیرو یہ خیال کریں کہ یہ اجتہاد بالکل صحیح ہے اور اسکے مقابلہ میں حدیث صحیح کو بھی رد کر دیں۔ اس قسم کی تقلید اس تقلید کے مخالف ہے جس پر امت مرحومہ نے اتفاق کیا ہے۔ اس لئے کہ سب کا اتفاق ہے کہ مجتہدین کی تقلید جائز ہے لیکن اسکے ساتھ یہ بھی سمجھنا چاہئے کہ مجتہد سے خطا بھی ہوتی ہے اور صواب بھی۔ اور ہر مسئلہ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے منصوص حکم پر نظر رکھنی چاہئے۔ اسکا پورا عزم چاہئے۔ کہ جب امر تقلیدی کے خلاف کوئی حدیث صحیح ظاہر ہو۔ تو تقلید کو ترک کر کے حدیث کا اتباع کرنا چاہئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کے متعلق کہ اتخذوا احبارہم ورہبانہم ارباباً من دون اللہ (یہود نے اپنے عالموں اور راہبوں کو بجز خدا کے اور لوگوں کو اپنا رب قرار دیا) فرمایا ہے کہ یہودی ان علماء اور راہبوں کی پرستش نہیں کرتے بلکہ انکے نبی جس چیز کو جائز کر دیتے تھے وہ اسی کو جائز سمجھتے تھے اور جس چیز کو حرام بتاتے تھے وہ اسی کو حرام کر لیتے تھے۔

اسباب تحریف میں سے ایک مذہب کو دوسرے میں ایسا غلط ملط کر دینا بھی ہے کہ ایک کی دوسرے سے کچھ تمیز نہ رہے۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ جب کوئی شخص کسی مذہب کا پابند ہوا کرتا ہے تو اسکا دلی تعلق اس مذہب کے علوم سے رہا کرتا ہے جب یہ شخص مذہب اسلام میں داخل ہو جاتا ہے تب بھی اسکا میلان دلی انہیں امور کی جانب باقی رہتا ہے۔ جنکے ساتھ وہ پہلے سے مالوف تھا۔ اسواسطے وہ تلاشی رہتا ہے کہ اس مذہب میں اسکی کوئی وجہ ملجائے اگرچہ ضعیف یا موضوع ہی وہ وجہ کیوں نہ ہو اکثر وہ حدیث کی وضع کو یا روایت وضعی کو اسی لئے تجویز کرتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بنی اسرائیل میں ہمیشہ عدل ہوا کیا یہانتک کہ ان میں مخلوط النسل لوگ اور قید یونکی اولاد پیدا ہوئی تب انہوں نے اپنی رائے کو مذہب میں دخل دیا وہ خود بھی گمراہ ہوئے اور اوروں کو بھی گمراہ کیا ایسے ہی ہمارے مذہب اسلام میں بھی بنی اسرائیل کی علوم خطبہ کے جاہلیت کے مذکرے۔ یونانیوں کا فلسفہ۔ بابلیوں کی عوات۔ پارسیوں کی تاریخ اور علم نجوم و رمل اور علم کلام مخلوط ہو گیا ہے۔ یہی سبب ہے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی حضور میں توریت کا ایک نسخہ پڑھا گیا تو آپ غصہ ہوئے۔ اور جو شخص حضرت دانیال کی کتابیں تلاش کرتا تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسکو مارا۔ واللہ اعلم۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب ۷۲

ہمارے مذہب اور یہودیت و نصرانیت کے مختلف ہوجانے کے اسباب میں

جاننا چاہئے کہ جب خدا تعالےٰ پیغمبر کو کسی قوم میں مبعوث کرتا ہے۔ تو پیغمبر اپنی زبان میں اُن لوگوں کیلئے مذہب قائم کرتا ہے جسمیں کسی قسم کی کجی اور غوایت باقی نہیں رکھتا اسکے بعد اُس مذہب کی روایتیں منتقل ہوکر اُس پیغمبر کے حواریوں کو پہنچتی ہیں اور یہ حواری ایک مدت تک مناسب حالت میں اُن علوم نبوت کے حامل ہوتے ہیں لیکن ان حواریوں کے بعد ایسے ناخلف لوگ پیدا ہوتے ہیں۔ جو اُن امور میں تغیر و تبدل کر ڈالتے ہیں۔ اور اُن میں سستی اور بے پروائی کرتے ہیں اس لئے وہ مذہب محض حق نہیں رہتا۔ بلکہ اُسمیں جھوٹ اور سچ ملا ہوتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کوئی نبی جسکو خدا نے اُسکی اُمت میں بھیجا ہو۔ ایسا نہیں ہوا کہ اُسکے حواری اور اصحاب ہوں پیغمبر کے طریقے اختیار کرنے والے اور اُسکے احکام کی تعمیل کرنیوالے۔ لیکن ان حواریوں کے بعد ایسے ناخلف جانشین ہوتے ہیں جو کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ہیں حکم کے خلاف اُنکے اعمال ہوتے ہیں +

ان باطل امور میں جو مذہب میں مخلوط ہوجاتے ہیں۔ ایک حصہ تو شرک جلی اور صریح تحریف کا ہوا کرتا ہے۔ ایسا حصہ ہر حالت میں مواخذہ کے قابل کرتا ہے۔ اور ایک حصہ شرک خفی اور مخفی تحریف کا ہوتا ہے۔ اس پر مواخذہ جب ہی کیا جاتا ہے کہ پیغمبر کی اُس پر حجت ہو۔ پیغمبر ہر ایک شے کی دلیل قوی اُن کے سامنے پیش کرتا ہے اور ہر قسم کا شبہ رفع کر دیتا ہے۔ لیھلک من ھلک عن بینۃ و یحیا من حی عن بینۃ وہ ہلاک ہو جو ہلاک ہو بینہ جب پیغمبر لوگوں میں مبعوث ہوتا ہے۔ تو ہر شے کو اپنی اصلی حالت پر پھیر لاتا ہے۔ پہلے مذہب کے شرائع میں خوض کرتا ہے۔ اُن میں جو امور شعائر الٰہیہ کے متعلق ہوتے ہیں۔ اُن میں شرک کی کسی قسم کی آمیزش نہیں ہوا کرتی۔ یا جو طریقے عبادات اور تدابیر دنیوی کے متعلق اور مذہبی قوانین کے موافق ہوتے ہیں اُن سب کو وہ باقی رکھتا ہے اور جو نابود ہوجاتے انکا تم بالشان ہونا بتا دیا جاتا ہے اور ہر شے کے ارکان اور اسباب مقرر کر دیئے جاتے ہیں اور جن جن امور میں تحریف اور سستی ہوا کرتی ہے۔ وہ دور کر دیجاتی ہیں۔ اور بیان کر دیا جاتا ہے کہ یہ باتیں مذہب کی نہیں ہیں اور جو احکام اُس زمانہ کی مصلحتوں پر مبنی تھے اور اب عادات کے اختلاف سے اُن مصلحتوں کا احتمال نہیں رہتا ہے۔ اسواسطے پیغمبر اُن احکام کو بدل دیا کرتا ہے۔ شرع میں مقصود اصلی مصلحتیں ہی ہیں جیسے موقع ہوتے ہیں ویسی ہی مصلحتیں ہوتی ہیں۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ایک وقت میں کسی مصلحت کا احتمال ہوا کرتا ہے لیکن دوسرے وقت میں اُس مصلحت کا موقع نہیں ہوا کرتا۔ مثلاً اصل میں بخار کا سبب غلبوں کا ہیجان ہوا کرتا ہے طبیب کو اسی کا گمان ہوا کرتا ہے اور اسی کی طرف وہ بخار کو منسوب کرتا ہے کہ آفتاب میں چلنے یا سخت حرکت کرنے یا فلاں غذا کھانے سے بخار آیا ہے اور ممکن ہے کہ ان اشیاء سے بخار نہ آیا ہو۔ اسوقت میں سب احکام بدل سکتے ہیں اور لوگوں کے اعمال اور عادات کے متعلق اور اُنکی علمی اور نفسانی حالت کے متعلق ملاء اعلےٰ کا جس پر اتفاق اور اجماع ہوگیا ہو وہ امور نبی اور زیادہ کر دیا کرتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے جو پیغمبر پہلے گذرے ہیں۔ وہ چند باتیں اضافہ کر دیا کرتے تھے کچھ کم نہیں کیا کرتے تھے اور بہت ہی کم تبدیلی کرتے تھے۔ حضرت نوح علیہ السلام کے مذہب پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے چند عبادتیں اور اعمال فطری اور ختنہ کو بڑھا دیا تھا۔ ان کے بعد حضرت موسےٰ علیہ السلام نے ملت ابراہیمی پر چند امور اور زیادہ کر دیئے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اونٹوں کے گوشت کو حرام کر دیا۔ اور سبت کے دن کو ضروری قرار دیا۔ اور زانی کے لئے سنگساری زیادہ کر دی۔ ایسے ہی بعض اور امور تھے۔ دقائق شریعت میں خوض کرنیوالا جب اس زیادتی نقصان اور تبدیلی کی چھان بین کریگا۔ تو انکو وہ کئی وجہوں میں پائیگا (۱) یہودی مذہب احبار اور رہبانوں کے ہاتھ میں رہا۔ اور انہوں نے مذکورہ بالا طریقوں سے بالکل اسکو رد و بدل کر دیا تھا جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے۔ تو آپ نے ہر چیز کو اصلی حالت کے موافق کر دیا۔ اسواسطے شریعت محمدیہ اس یہودیت کی مخالف ہوگئی جو یہودیوں کے ہاتھ میں تھی۔ اور یہودی اس سے کہنے لگے کہ اس شریعت میں کمی زیادتی اور تبدیلی ہے۔ حالانکہ حقیقت میں کوئی تبدیلی نہ تھی۔ (۲) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت میں ایک دوسری بعثت شامل تھی ایک تو آپ بنی اسمٰعیل کیطرف مبعوث ہوئے۔ خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ خدا ہی نے امیوں کیلئے ان میں ہی سے ایک شخص کو پیدا کیا۔ ہوالذی بعث فی الامیین رسولا منھم اور فرماتا ہے تاکہ تو ان لوگوں کو ڈرائے۔ جن کے اباؤ اجداد نہیں ڈرائے گئے تھے۔ اسی لئے وہ غفلت میں ہیں لتنذر قوما ما انذر اٰباؤھم فھم غٰفلون۔ اسی بعثت مقتضا یہی تھا کہ شریعت محمدیہ کا مادہ وہی شعائر اور عبادات کے طریقے اور تدابیر دینوی کے اصول ہوں جو بنی اسمٰعیل کے پاس موجود تھے۔ اسلئے کہ شرع میں صرف ان امور کی درستی ہوجایا کرتی ہے جو لوگوں کے پاس ہوا کرتے ہیں انکو ان امور کی تکلیف نہیں دیجاتی۔ جن سے وہ محض ناواقف ہوں۔ خدا تعالےٰ فرماتا ہے ہم نے قرآن عربی زبان میں نازل کیا ہے۔ شاید تم اسکو سمجھو فرمایا عربیا لعلکم تعقلون۔ اور خدا فرماتا ہے اگر ہم قرآن کو عجمی زبان میں نازل کرتے تو لوگ کہتے اس کی آیتیں جدا جدا مفصل نہ کی گئیں کیا یہ عجمی بھی ہے اور عربی بھی۔ لو جعلنٰہ قرانا اعجمیا لقالوا لولا فصلت اٰیٰتہ اعجمی و عربی۔ اور خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ ہم نے جو نبی بھیجا ہے اسی کی قوم کی زبان والا بھیجا ہے وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومہ۔ دوسری بعثت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی تمام عالم کیطرف تھی۔ اسمیں عموماً وہ علوم و تدابیر بھی مندرج تھے جو تمدن سے متعلق ہیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں خدا نے تمام قوموں پر لعنت کی اور ان کی دولت عجم اور روم کے استیصال کو اس نے مقدر کیا اور حکم کیا کہ تمدن کے اصلاحات منتظم ہوں۔ اسواسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے درجہ اور غلبہ کو مقصود الامر کے حاصل کرنے کا ذریعہ قرار دیا اور ان سلاطین کے خزانوں کی کنجیاں آپ کو عطا کیں۔ اس کمالیت اور تمامیت کیوجہ سے علاوہ احکام توریت کے اور احکام بھی آپ کو حاصل ہوئے۔ خراج۔ جزیہ۔ مجاہدات اسباب تحریف سے احتیاط وغیرہ اور انکے اسی قسم کے احکام ہیں۔

(۳) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت زمانہ فترت میں ہوئی۔ اسوقت تمام مذاہب حقہ محو ہوگئے تھے۔ انمیں تحریف و تبدیل ہوگئی تھی لوگوں کو تعصب اور اصرار نے دبالیا تھا۔ جب تک ان عادات کی سخت مخالفت نہ کی جاتی وہ کسی طرح اپنے طریقہ باطل اور عادات جاہلیت کو ترک نہیں کر سکتے تھے۔ ان وقتوں سے بھی اختلافات اور شورشیں زیادہ ہوگئیں تھیں۔ واللہ اعلم۔

باب ۷۳

اسباب نسخ میں

نسخ کے باب میں یہ آیت ہے "ہم کوئی آیت منسوخ نہیں کرتے نہ اسکو بھلاتے ہیں مگر اسکے بدلہ میں اس سے بھی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بہتر یا ویسی ہی لاتے ہیں۔ ناسخ من آیۃ او منسیہا ت۔ یہ معنا اوشلمعا جانا چاہئے کہ نسخ کی دو قسمیں ہیں (۱) یہ کہ پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم احکام شرائع اور عبادات کے طریقوں میں غور کرکے شریعت کے قوانین کے ذہن کے پرتو کو کردیتے ہیں ایسا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اجتہاد سے ہوا کرتا ہے لیکن خدا تعالےٰ اس حکم و اجتہاد کو باقی نہیں رکھتا بلکہ اس حکم کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر ظاہر کردیتا ہے جو خدا نے اس مسئلہ کے متعلق قرار دیا ہے۔ اس حکم کا اظہار یا یوں ہوتا ہے کہ قرآن میں وہ وارد کیا جائے۔ یا اس طرح پر کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اجتہاد ہی میں تبدیلی ہوجائے اور دوسرا اجتہاد آپ کے ذہن میں قرار پاجائے۔ پہلی صورت کی مثال یہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز میں بیت المقدس کی طرف منہ کرنے کا حکم دیا تھا۔ پھر قرآن میں اس حکم کی منسوخیت نازل ہوئی اور دوسری صورت کی مثال یہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے پیمانہ کے ہر برتن میں نبیذ بنانے سے ممانعت کردی تھی پھر ہر ایک برتن میں نبیذ بنانا لوگوں کے لئے جائز کردیا۔ اور فرمایا اللہ کی کوئی چیز مت پیو لا تشربوا مسکرا اسکی وجہ یہ تھی کہ آپ نے دیکھا کہ نشہ پیدا ہونا ایک مخفی امر ہے اسلئے اسکی علامت ظاہری بتادی کہ ان برتنوں میں نبیذ نہ بنائی جائے جن میں علامات نہیں ہوتے جیسے مٹی یا لکڑی کے برتن یا چمڑہ سے بنائے جاتے ہیں۔ ان برتنوں میں وہ چیز مدت بعد مسکر ہوجاتی ہے جس کی نبیذ بنائی جائے اور چھاگل میں نبیذ بنانے کو آپ نے خیال فرمایا کہ تین روز تک اس سے نشہ نہیں آتا ہے پھر آپ کے اجتہاد میں تبدیلی ہوگئی اور نشہ آور ہونے کو آپ نے حرمت کا مدار ٹھیرایا۔ نشہ آور ہونا کسی چیز کا جوش کرنے جھاگ لانے سے معلوم ہوسکتا ہے۔ اور اس چیز کو جو لوازم مسکر سے ہو یا اس میں شے مسکر کے صفات پائے جائیں موقع اور مظنہ اسکار کا قرار دینا کسی امر تعبدی کے موقع اسکار کا قرار دینے سے بہتر ہے اور ایک اور توجیہ اس اجتہاد کی تبدیلی کی یہ بھی ہوسکتی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جب دیکھا کہ لوگ نشہ آور چیزوں کے نہایت ہی شائق ہیں اگر صرف مسکر سے ہی ممانعت کردیجائے تو اسکا احتمال ہے کہ کوئی شخص نشہ آور چیز کو پی لے اور یہ عذر کرنے لگے کہ میں نے خیال کیا تھا کہ وہ مسکر نہیں ہے یا مجھے اسکار کی ٹھیک ٹھیک علامتیں معلوم نہ تھیں اور نیز اس زمانہ میں لوگوں کے برتن نشہ کی چیزوں سے آلودہ ہورہے تھے ایسے برتنوں میں جو نبیذ طیار کی جاتی ہے۔ اسمیں فوراً نشہ آجاتا ہے لیکن جب اسلام قوی ہوگیا۔ اور اطمینان سے لوگوں نے نشہ کی چیزوں کو ترک کردیا۔ اور نہ وہ آلودہ برتن باقی رہے تب نشہ آور ہونے کو مدار علیہ حرمت آپ نے قرار دیا۔ اس توجیہ کے لحاظ سے ثابت ہوتا ہے کہ موقعوں کے بدلنے سے حکم بدل جایا کرتا ہے اسی قسم کے متعلق آپ نے فرمایا ہے کہ میرا کلام کلام الٰہی کو نسخ نہیں کرسکتا۔ اور کلام الٰہی میرے کلام کو منسوخ کرتا ہے۔ اور کلام الٰہی بعض اسکا بعض کو نسخ کرتا ہے۔ کلامی لا ینسخ کلام اللہ وکلام اللہ ینسخ کلامی وکلام اللہ ینسخ بعضہ بعضا۔

قسم نسخ کی یہ ہے کہ کسی شے میں ایک وقت میں کوئی مصلحت یا خرابی ہوا کرتی ہے۔ اسی کے موافق اس کا حکم متعین ہوجایا کرتا ہے اسکے بعد ایک زمانہ آتا ہے۔ اسمیں وہ حالت اس شے کی نہیں رہا کرتی۔ اسواسطے وہ حکم بھی اسکا نہیں رہا کرتا اس کی مثال یہ ہے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کی جانب ہجرت فرمائی۔ اور مسلمانوں اور انکے قرابتیوں میں کوئی طریقہ ایسی موافقت اور امداد کا نہ رہا۔ اسوقت میں مصلحت ضروری کیوجہ سے صرف اخوت ہی ذریعہ ہمدردی کا تھی اسواسطے آیات میں نازل ہوا کہ وراثت کے حقوق اخوت سے متعلق کردیئے جائیں۔ اور اس کا فائدہ بھی ذکر کردیا گیا۔ کہ اگر ایسا نہ کروگے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تو زمین میں شورش اور بڑا فساد ہوگا۔ الا تفعلوہ تکن فتنۃ فی الارض وفساد کبیر۔ اور جب اسلام کو قوت ہوگئی اور مہاجرین سے انکے رشتہ دار آملے تو وہی طریقہ نسبی وراثت کا متعین ہوگیا۔

کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ بعض اشیاء میں ایسی حالت میں کہ نبوت کیساتھ خلافت کا مرتبہ شامل نہیں ہوا کرتا۔ کوئی مصلحت اور خوبی نہیں ہوا کرتی۔ جیسے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پیشتر آپ ہی کے عہد میں زمانہ ہجرت سے پیشتر اور اب کہ نبوت کیساتھ خلافت منضم ہوجاتی ہے۔ تو ان اشیاء میں مصلحت پیدا ہوجایا کرتی ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ خدا تعالے نے قتل غنیمت ہو کافروں کیلئے جائز نہیں کیا تھا لیکن ہمارے لئے جائز کر دیا۔

حدیث میں اس حلت کی دو وجہیں بیان کی گئیں ہیں (۱) یہ کہ خدا تعالے نے ہماری ناتوانی اور عاجزی دیکھکر مال غنیمت کو ہمارے لئے حلال کر دیا (۲) وجہ یہ ہے۔ کہ اس حلت سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی فضیلت اور انبیاء علیہم السلام پر امت محمدیہ کی فضیلت اور عظمت پر ظاہر کرنی مقصود ہے ان دونو وجہوں کی تحقیق یہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے پہلے اور انبیاء کی بعثت صرف اپنی قوم کے لئے ہوا کرتی تھی۔ جنکی تعداد محصور تھی کبھی کبھی سال دو سال میں نوبت جہاد کی آیا کرتی تھی اور نیز انکی امتیں قوی اور زور مند نہیں وہ جہاد بھی کر سکتے تھے اور کشتکاری یا تجارت وغیرہ سے سامان معیشت بھی کر سکتے تھے انکو غنیمتوں کی کچھ ضرورت اور پروانہ تھی۔ اسواسطے خدا تعالے نے ارادہ کیا کہ ان کے عمل میں کوئی غرض دنیوی نہ ملے اور اس اخلاص عمل کیوجہ سے انکو ثواب پورا پورا ملے اور ہمارے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت عموماً تمام لوگوں کیجانب ہوئی جنکا شمار حصر و اندازہ سے زیادہ تھا۔ اور زمانہ جہاد بھی انکے لئے معین نہ تھا۔ یہ ممکن نہ تھا کہ وہ جہاد بھی کر سکیں اور سامان معیشت بھی کر سکیں اور کشتکاری یا تجارت کر سکیں۔ اسواسطے انکو مال غنیمت کے جائز ہونے کی بڑی ضرورت تھی اور نیز چونکہ دعوت اسلام عام تھی اسلئے انمیں ایسے لوگ بھی شامل ہوتے ہیں جنکی نیتیں کمزور اور اعتقاد سست ہوا کرتے ہیں۔ انہی کے حق میں وارد ہوا ہے کہ خدا اس دین کی تائید بدکار آدمی سے کریگا۔ ان اللہ یوید ہذا الدین بالرجل الفاجر۔ اور اس قسم کے ضعیف الاعتقاد لوگ فائدہ دنیوی ہی کی وجہ سے جہاد پر مستعد ہوا کرتے ہیں۔ ان مجاہدات میں خدا تعالے کی نظر رحمت و انعام سب کو عموماً شامل تھی۔ جیسے کہ اعدائے اسلام پر نگاہ غضب عموماً تھی۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا تعالے نے تمام لوگوں کو دیکھا اور عرب عجم سب سے وہ ناخوش ہوا۔ ان اللہ نظر الی اہل الارض فمقت عربہم وعجمہم۔ اسی بیزاری اور ناخوشی کیوجہ سے ضروری قرار دیا گیا۔ کہ ان کے مالوں اور جانوں کی حفاظت بالکل منقطع ہوجائے اور ان کے مالوں میں تصرف کر کے خوب انکے دل جلائے جائیں۔ جیسے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ابوجہل کا اونٹ خانہ کعبہ کو ہدیۃً اس ہیئت سے بھیجا تھا کہ اسکے ناک میں چاندی کی کیل پڑی تھی۔ اس سے کافروں کا جلانا ہی منظور تھا۔ ایسے ہی آپ نے کافروں کے نخلستان کے کاٹ ڈالنے اور جلا دینے کا حکم دیا تھا تاکہ انکو پیچ و تاب ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس امت کیلئے قرآن میں غنائم کی حلت کا حکم نازل ہوا۔

ایک دوسری مثال اسی قسم کی یہ ہے کہ بدایت اسلام میں اس امت کیلئے کفار سے لڑائی کی اجازت نہ تھی۔ اسوقت نہ لشکر تھا نہ خلافت۔ لیکن جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ہجرت فرمائی۔ اور مسلمان واپس آگئے۔ خلافت کا ظہور ہوا اور دشمنان خدا سے مقابلہ کی قوت ہوگئی۔ تو خدا تعالے نے نازل کیا۔ اب ان لوگونکو اجازت ہے (لڑنے کی) جنکے ساتھ لڑائی کیجاتی ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس طرح پر کہ وہ مظلوم ہیں اور بیشک خدا انکی مدد دینے پر قادر ہے۔ "اذن للذین یقتلون بانھم ظلموا وان اللہ علی نصرھم لقدیر۔ اسی قسم کے متعلق خدا کا قول ہے۔ ہم جو آیت منسوخ کرتے ہیں۔ ہم کوئی آیت بھلاتے ہیں تو اس سے بہتر یا ویسی ہی اور نازل کرتے ہیں۔ "ما ننسخ من ایۃ اور ننسھا نات بخیر منھا او مثلھا" "بخیر منھا" سے وہ صورت مراد ہے کہ ثبوت سے خلافت شامل ہوگئی تھی اور "مثلھا" وہ صورتیں مراد ہیں جن میں وقتوں کے مختلف ہونے سے حکم بدلا دیا جایا کرتا ہے واللہ اعلم۔

باب ۴

اسکے بیان میں کہ زمانہ جاہلیت میں لوگوں کا کیا حال تھا جسکی اصلاح آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمائی

اکثر شریعت محمدیہ علے صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیم کے حقائق میں غور کرنا مقصود ہو۔ تو اولاً ان امتیوں کی حالت کا اندازہ کرنا چاہئے جن میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی۔ انہیں کے حالات آپ کی شریعت کے لئے بمنزلہ مادہ کے ہیں اسکے بعد اس حالت کی اصلاح کی کیفیت سمجھنا چاہئے۔ اس اصلاح میں ان تقاصد کا کیسا لحاظ کیا گیا۔ جو اب تشریع اور تدابیر احکام امت میں مذکور ہیں۔

معلوم کرنا چاہئے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اسواسطے مبعوث ہوئے تھے کہ ملت حنیفیہ ابراہیمیہ کی کجی کو دور کردیں اسکے تغیر و تبدل کی اصلاح فرمادیں۔ اسکی روشنی کو پھیلادیں۔ اسی کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کا مذہب اختیار کرو۔ ملۃ ابیکم ابراہیم اور جب ایسی حالت ہے تو ضرور ہے کہ ملت ابراہیم علیہ السلام کے اصول قابل تسلیم اور اس کے حالات ثبت اور مقرر ہوں اسواسطے کہ جب نبی ایسی قوم میں مبعوث ہو جن میں عمدہ مذہب اور سنت راشدہ کے آثار باقی ہوں۔ تو ان طریقوں میں تغیر و تبدل بے معنی ہے انکو اپنی اصلی حالت پر رکھنا چاہئے لوگ انہیں کو زیادہ مانینگے اور دلیل پیش کرنے کے بھی اصول خوب پایہ ثبوت کو پہنچ سکینگے۔ بنی اسمٰعیل کی نسلوں میں ان کے جد اکبر حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا طریقہ برابر نسلا بعد نسل چلا آتا تھا۔ تمام بنی اسمٰعیل اسی شریعت پر ثابت قدم تھے۔ یہاں تک کہ عمرو بن لحی پیدا ہوا۔ اس شخص نے ملت اسمٰعیلی میں اپنی بیہودہ رائے سے بہت سی چیزیں داخل کردیں۔ فضل و اضل۔ اسی نے بت پرستی اور اشراع کی۔ سانڈ چھوڑے۔ اور بحیرہ مقرر کئے۔ جب سے مذہب بالکل خراب ہوگیا۔ اور صحیح باتوں میں غلط شامل ہوگئیں اور لوگوں پر جہالت اور شرک و کفر کی تاریکی چھاگئی تب خداوند عالم نے سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا۔ تاکہ آپ کیوجہ سے انکی کجی دور ہوجانے اور انکی خرابیوں کی اصلاح ہوجائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی اسمٰعیل کی شریعت میں غور کیا۔ اسمیں جو جو طریقے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی مسلک کے موافق منجملہ شعائر الحج کے تھے انکو باقی رکھا۔ اور جن میں تحریف ہوگئی تھی اور خرابیاں آگئیں تھیں اور جو امور علامات شرک و کفر سے تھے۔ انکو نیست و نابود کردیا۔ ان کا بطلان خوب مستحکم اور مسجل کردیا اور جو امور عادات وغیرہ کے متعلق تھے ان کی خوبیاں اور برائیاں اسطرح بیان کردیں جن سے لوگ رسمی لوثوں اور غوائل سے احتراز کرسکیں۔ خراب رسموں کی آپ نے ممانعت فرمادی اور عمدہ کی جانب رہبری کی اور جو مسائل اصلی یا عملی فطرت میں متروک ہوگئے تھے۔ ان کو شاداب اور تروتازہ ویسا ہی کردیا جیسے کہ وہ تھے۔ اس طرح پر خدا کا انعام مکمل اور خدا کا دین

محکمہ داؤد وبرایں سے ہزاروں مطبوع ومنظرہ کتب پر مشتمل مفت ان لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مستقیم ہوگیا۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں اہل جاہلیت بعثت انبیاء کو تسلیم کرتے تھے اعمال کی سزا جزا کے قائل تھے اور نیکی کے تمام اصول پر انکا اعتقاد تھا جو امور منافع قوم اور تمدن کے متعلق تھے۔ وہ اُن کے استعمال میں تھے۔ ان اہل جاہلیت میں دو فرقے البتہ پیدا ہو گئے تھے اور یہ ہی زیادہ پھیل گئے تھے لیکن ایسے لوگوں کے ہونے سے ہماری تقریر سے مخالفت نہیں ہو سکتی۔ ان میں ایک فرقہ فاسقین اور زنادقہ کا تھا۔ فاسق لوگ چارپایوں اور دیگر درندوں کے سے کام کرتے تھے جو ملت اسمٰعیل کے مخالف تھے۔ نفسانی حالتیں اُن پر غالب تھیں۔ مذہبی امور کا انکو پاس کم تھا۔ یہ لوگ ملت کے دائرہ سے خارج تھے فسق کی شہادت اُنکے نفوس سے حاصل تھی۔ اور زنادقہ میں پیدائشی طور پر نقص فہم ہوا کرتا ہے۔ وہ پوری طرح پر ٹھیک اُس امر کی تحقیق نہیں کر سکتے جو صاحب مذہب کا مقصود ہوا کرتا ہے۔ وہ صاحب امر کی خبروں کو تسلیم نہیں کیا کرتے اور اُنکی پیروی نہیں کرتے۔ وہ اپنے شبہ میں متردد رہتے ہیں لیکن اپنے مجموں سے انکو اندیشہ رہتا ہے لوگ انکو برا جانتے ہیں انکو مذہب سے خارج سمجھتے ہیں اور جانتے ہیں کہ مذہب کی پابندی سے انہوں نے اپنے آپکو آزاد کر دیا ہے جب انکی حالت لوگوں کو ایسی ناگوار ہوتی ہے۔ اور اس میں ایسی ناپسندیدگی ہے۔ تو اُن کا مذہب سے خارج ہونا کچھ مضر نہیں ہوتا۔

دوسرا فرقہ جاہل اور غافل لوگوں کا تھا جنہوں نے مذہبی امور کی جانب بالکل توجہ نہیں کی تھی۔ قریش میں اور اُن کے قریب کے لوگ ایسے ہی اکثر تھے انبیاء کے عہد سے انکو بعد تھا اس لئے ان کی ایسی حالت ہوگئی تھی۔ خدا تبارک وتعالےٰ فرماتا ہے تاکہ تو ایسے لوگوں کو منادی کرے۔ جنکے پاس کوئی منادی دینے والا نہیں آیا ہے۔ لتنذر قوما ما اتھم من نذیر۔ لیکن وہ راہ سے اتنا دور نہیں ہٹ گئے تھے کہ انکے سامنے دلیل بھی پیش نہ ہو سکے اُن کو الزام نہ دیا جا سکے اور انہیں ناخوشی پیدا نہ کی جا سکے۔

جو اصول اہل جاہلیت میں مسلم تھے۔ اُن میں سے ایک یہ تھا کہ آسمان و زمین اور جو جو ہر آسمان و زمین کے درمیان ہیں اُن سب کا خالق خدا ہے کوئی اُس کا شریک نہیں ہے خدا تعالےٰ فرماتا ہے بیشک اگر تو ان لوگوں سے دریافت کرے کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے۔ تو وہ سب کہدینگے خدا نے پیدا کیا ہے۔ ولئن سالتھم من خلق السموات والارض لیقولن اللہ۔ اور خدا تعالےٰ فرماتا ہے بلکہ تم صرف خدا ہی کو پکارتے رہو۔ بل ایاہ تدعون۔ اور خدا تعالےٰ فرماتا ہے وہ گمراہ ہیں جن کو تم بجز خدا کے پکارتے ہو۔ ضل من تدعون الا ایاہ۔ لیکن اُن کے زندیق ہونے کی ایک بات یہ تھی کہ وہ کہتے تھے کہ بعض فرشتے اور ارواح ایسے ہیں جو علاوہ بڑے بڑے انتظامات کے امور اہل زمین کے مدبر ہوا کرتے ہیں۔ اور اپنے پرستش کرنے والی کی حالت درست کرتے رہتے ہیں جس کا تعلق خاص اس کی ذات یا اولاد اور مال سے ہوتا ہے۔ یہ مشرکین ان فرشتوں اور ارواح کا ایسا ہی حال سمجھتے تھے۔ جیسا بادشاہوں کے بادشاہ کے مقابلہ میں ہوتا ہے یا جو حالت خفیہ نویسوں اور ندیموں کی ایسے بادشاہ کے حضور میں ہوتی ہے جو اپنی حکومت سے تصرف کیا کرتا ہے۔ اس کا منشا یہ ہوا کہ شرکتوں میں یہ وارد ہوا تھا کہ بہت سے امور فرشتوں کے تفویض کئے جاتے ہیں اور مقربان بارگاہ الٰہی کی دعائیں مقبول ہو جاتی ہیں۔ اس سے انہوں نے خیال کیا کہ یہ تصرفات ذاتی انکے ایسے ہی ہیں۔ جیسے سلاطین کے ہوا کرتے ہیں۔ حاضر پر غائب کو انہوں نے قیاس کیا۔ اسی سے یہ ابتری ہوئی۔

اہل جاہلیت کا یہ اعتقاد بھی تھا کہ خدا کی ذات اس سے منزہ ہے جو اسکی بارگاہ کے مناسب نہیں ہے اور اسکے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ناموں میں الحاد کرنا حرام ہے لیکن اسمیں انہوں نے یہ بات زندقہ کی زیادہ کردی تھی کہ فرشتے خدا کی لڑکیاں ہیں اور فرشتوں کو خدا نے اس امر کا ذریعہ قرار دیا ہے کہ جو امر اسکو معلوم نہ ہو وہ ان کے ذریعہ سے معلوم کرے۔ جیسے بادشاہ جاسوسوں کے ذریعہ سے حالات معلوم کیا کرتے ہیں۔

اُن کے اعتقادات میں سے یہ بھی تھا کہ پیدا ہونے سے پیشتر خدا تعالےٰ نے تمام حوادث کو مقدر کردیا ہے۔ امام حسن بصری رح کا قول ہے۔ کہ اہل جاہلیت اپنے خطبوں اور اشعار میں بہت قدر کا ذکر کیا کرتے تھے۔ شرع نے اور اُس کو موکد کردیا ہے۔

اُن کا یہ بھی اعتقاد تھا کہ عالم بالا میں ایک مقام معین ہے۔ وہاں بتدریج حوادث محقق ہوتے رہتے ہیں۔ اور مقرب فرشتوں اور بزرگ آدمیوں کی کسی کسی طرح سے وہاں دعائیں اپنا اثر کرتی رہتی ہیں لیکن اسکی صورت اُنکے ذہنوں میں ایسی تھی جیسے شاہی دیوں کی شفاعت کا اثر سلاطین پر پڑتا ہے۔

اُنکا یہ بھی اعتقاد تھا کہ خدا تعالےٰ اپنے بندوں کو احکام کا پابند اور مکلف کرتا ہے۔ بعض چیزوں کو حلال کرتا ہے بعض کو حرام کرتا ہے۔ اعمال کی جزا دیتا ہے۔ اچھے ہوں تو جزا بھی اچھی ہوتی ہے۔ اور اگر اعمال بُرے ہوں تو جزا بھی بُری ہوتی ہے۔

ان خیر افخیر وان شر افشر۔ خدا تعالےٰ کے پاک فرشتے ہیں۔ جو اسکی بارگاہ میں مقرب ہیں وہ اسکی بادشاہت میں بڑے درجہ والے ہیں خدا کے حکم سے وہ اس عالم کی تدابیر میں مصروف رہتے ہیں۔ احکام الٰہیہ کی تعمیل سے سرتابی نہیں کرتے جو حکم انکو ملتا ہے اُسی کی تعمیل کرتے ہیں لایعصون اللہ ما امرہم ویفعلون مایومرون۔ وہ نہ کھاتے ہیں نہ پیتے ہیں نہ بڑا کرتے ہیں۔ نہ شادی کرتے ہیں کبھی کبھی وہ بزرگ کے سامنے ہوجاتے ہیں۔ اُنکو بشارت اور خوف دلاتے ہیں۔

اُن کا یہ بھی اعتقاد تھا کہ کبھی کبھی خدا اپنی مہربانی اور فضل سے کسی آدمی کو لوگوں کی طرف مبعوث کیا کرتا ہے۔ اسپر خدا وحی نازل کرتا ہے۔ فرشتوں کو اُس کے پاس بھیجتا ہے۔ اُسکی اطاعت لوگوں پر فرض کرتا ہے۔ بغیر اُس کی تعمیل اور فرمان پذیری کے کوئی چارہ نہیں ہوا کرتا۔

ملاء اعلےٰ اور حاملین عرش کا ذکر اشعار جاہلیت میں کثرت سے ہے۔ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے امیہ بن ابی الصلت کی دو بیتوں میں تصدیق کی ہے۔ اُسکا قول ہے:۔

رجل وثور تحت رجل یمینہ والنسر للاخری ولیث مرصد

(آدمی بیل۔ کرگس۔ اور شیر غراں سب خدا کے قبضۂ قدرت میں ہیں) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ شعر سنکر فرمایا امیہ نے سچ کہا ہے۔ اسکے بعد امیہ کا یہ شعر پڑھا:۔

والشمس تطلع کل اخر لیلۃ حمراء یصبح لونہا یتورد

تابی فما تطلع لنا فی رسلہا الا معذبۃ والا تجلد

یعنی آفتاب رات کے ختم ہونے کے بعد سرخ اور گلابی رنگ کا نکلتا ہے۔ اور اسکا طلوع نرمی کے ساتھ نہیں ہوتا بلکہ وہ عذاب دیا جاتا ہے اور تازیانہ لگایا جاتا ہے (یعنی اپنے پروردگار کی قدرت سے مغلوب رہتا ہے) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس شعر کو سن کر فرمایا۔ کہ سچ کہا اور اسکی تحقیق یہ ہے کہ اہل جاہلیت کا قول تھا کہ عرش کے اٹھانے والے فرشتے چار ہیں ایک کی صورت آدمی کی سی ہے۔ اور یہ فرشتہ خدا کی حضور میں آدمیوں کا شفیع ہے۔ اور دوسرے کی صورت بیل کی ہے اور یہ چارپایوں کا شفیع ہے۔ اور تیسرا گرگس کے ہمشکل ہے یہ پرندوں کی شفاعت کرتا ہے اور چوتھا شیر کے ہمشکل ہے۔ درندوں کی شفاعت اس کے متعلق ہے۔ اسکے قریب ہی قریب شرع میں بھی آیا ہے شرع نے ان فرشتوں کا نام بزکہی رکھا ہے (دعول) عالم مثال میں ان فرشتوں کی صورتیں ایسی ہی ظاہر ہوتی ہیں یہ سب باتیں اہل جاہلیت کو معلوم تھیں۔ لیکن وہ نائب کا حاضر سے اندازہ کرتے تھے۔ اور امور علمی اور یقینی کو اپنے مالوف خیالات سے خلط ملط کر دیتے تھے اگر مذکورہ بالا تقریریں شبہ ہو تو ان مضامین میں غور کرنا چاہیے۔ جو قرآن عظیم میں مذکور ہیں۔ خدا تعالیٰ نے علم کے اسی حصہ میں جو ان میں باقی رہگیا تھا۔ انکو کیسے کیسے الزام دیئے ہیں اور وہ شکوک کیسے رفع کئے ہیں۔ جو انہوں نے اپنے معلومات میں داخل کر لئے تھے جب اہل جاہلیت نے قرآن شریف کے نازل ہونے سے انکار کیا تو خدا تعالیٰ نے فرمایا۔ بتاؤ وہ کتاب کس نے نازل کی تھی جسے حضرت موسیٰ لائے تھے۔ قل من انزل الکتاب الذی جاء بہ موسیٰ۔ اور جب ان لوگوں نے کہا کہ اس پیغمبر کا حال کیا ہے کہ کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے۔ مالھذا الرسول یاکل الطعام ویمشی فی الاسواق۔ تو خدا تعالیٰ نے فرمایا یہ باتیں پیغمبروں سے کچھ قابل تعجب نہیں ہیں۔ ما کنت بدعا من الرسل۔ ایسی ہی اور بہت سی مثالیں ہیں۔ اس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ اہل جاہلیت اگرچہ راہ راست سے دور ہٹ گئے تھے لیکن جو علمی حصہ ان میں باقی رہگیا تھا۔ اس کے ذریعہ سے انکو الزام دیا جانا ممکن تھا۔ زمانہ جاہلیت میں جو لوگ حکیم ہوئے ہیں انکے خطبوں کو دیکھو مثلاً قس ابن ساعدہ اور زید بن عمرو بن نفیل اور جو بزرگ لوگ عمرو بن لحی کے عہد سے پیشتر تھے۔ ان میں جو حکما اور کامل تھے وہ سب عالم معاد اور فرشتوں وغیرہ کے قائل تھے وہ توحید کو ٹھیک طور پر مانتے تھے۔ زید بن عمرو بن نفیل نے اپنے شعر میں کہا ہے۔ شعر

وانت رب ملیک الناس طرا بکفیک المنایا والحتوم

تو پروردگار سب لوگوں کا بادشاہ ہے۔ موتیں تیرے ہی اختیار میں ہیں۔ اور نیز اس کا قول ہے۔ شعر

اربا واحدا ام الف رب ادین اذا تقسمت الامور

ترکت اللات والعزی جمیعاً کذلک یفعل الرجل البصیر

میں ایک پروردگار کو مانوں یا ہزار کو جب کاموں کی تقسیم ہو۔ میں نے لات و عزیٰ سب کو چھوڑ دیا۔ ہوشمند آدمی ایسا ہی کیا کرتا ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے امیہ بن الصلت کے حق میں فرمایا ہے اسکے شعر میں ایمان ہے لیکن اسکے دل میں ایمان نہیں ہے۔

یہ سب امور وہ تھے جو حضرت کے عہد سے وراثۃً ان میں چلے آتے تھے۔ اور بعض امور اہل کتاب سے لیکر بھی انہوں نے داخل کر لئے تھے۔ ان کو بخوبی معلوم تھا کہ انسان کا اصلی کمال یہی ہے کہ اپنے پروردگار کی حضور میں سرنگون ہو اور نہایت زیادہ کوشش اور کوشش سے خدا کی پرستش کی جائے۔ عبادت کے ابواب میں سے ان کے ہاں ایک طہارت بھی تھی اور غسل جنابت تو ایک معمولی طریقہ تھا۔ ختنہ اور تمام اوصاف و خصال فطرت کا بھی بخوبی وہ اہتمام کرتے تھے توریت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں ہے کہ خدا تعالےٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی اولاد کیلئے ایک نشان قرار کر دیا تھا۔ ان اللہ جعل الحنفان ملتہ علے ابراہیم وذریتہ۔ اور مجوسی و یہودی وغیرہ سب وضو کے پابند ہیں مکہ کے عرب بھی وضو کیا کرتے تھے۔ اہل جاہلیت میں نماز بھی تھی۔ حضرت ابوذر غفاری رضے اللہ عنہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے سے پیشتر دو سال سے نماز پڑھا کرتے تھے۔ اور قس ابن ساعدہ ایادی برابر نماز پڑھا کرتے تھے یہود مجوسی اور بقیہ عرب میں نماز کے مذہبی افعال کی پابندی تھی خاصہ سجدہ بہت ضروری تھا۔ اور دعا و ذکر الٰہی کے متعلق بعض مقولے بھی تھے۔ ایسے ہی زمانہ جاہلیت میں زکوٰۃ بھی تھی اسی زکوٰۃ میں مہمانوازی۔ مسافر نوازی۔ اہل و عیال کا نفقہ۔ مساکین پر خیرات کرنی صلہ رحم۔ ان حوادث میں ہمدردی اور امداد کرنا جو حق ہوں۔ یہ سب زکوٰۃ میں داخل تھے یہ اور انکے ہاں بڑے قابل تعریف تھے وہ خوب جانتے تھے کہ انہی امور سے انسان کامل ہوا کرتا ہے۔ حضرت خدیجہؓ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا۔ واللہ کہ خدا آپ کو پسماندہ نہ کریگا۔ آپ صلہ رحم اور مہمان نوازی کرتے ہیں اہل و عیال کے متکفل ہیں۔ حقانی حوادث پر لوگوں سے ہمدردی کرتے ہیں۔ فواللہ لا یخزیک اللہ ان تفعل الرحم وتقوی الضعیف وتحمل الکل وتعین علے نوائب الحق۔ ایسا ہی ابن دغنہ نے بھی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے کہا تھا۔ اور فجر سے غروب آفتاب تک ان میں روزہ بھی معمول بہ تھا۔ زمانہ جاہلیت میں قریش عاشورا کا روزہ رکھا کرتے تھے مسجد میں وہ اعتکاف بھی کیا کرتے تھے۔ زمانہ جاہلیت میں حضرت عمرؓ نے ایک شب کی اعتکاف کی نذر کی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے اسمیں استفتا کیا تھا۔ عاص ابن وائل نے وصیت کی تھی کہ میری طرف سے اتنے غلام آزاد کئے جاویں۔ بہرحال اہل جاہلیت مختلف وجوہ سے خدا کی عبادت کیا کرتے تھے۔ اور بیت اللہ کا حج کرنا شعائر الٰہیہ اور بزرگ مہینوں کی تعظیم کرنی یہ امور تو ایسے ظاہر ہیں کہ ان میں کوئی شبہ ہو ہی نہیں سکتا۔ انکے پاس کئی قسم کے منتر اور تعویذ بھی تھے لیکن ان میں شرک کی باتیں داخل کر دی تھیں۔ حلق کا ذبح کرنا اور گردن میں برچھا مارنا ان کا طریقہ تھا۔ وہ ذبیحہ کا گلا نہیں گھونٹتے تھے۔ اور چھری سے پیٹ چاک نہیں کرتے تھے۔ ستاروں اور عام طبیعت کے دقائق ترک کرنے میں وہ ملت ابراہیم علیہ السلام کے پیرو تھے البتہ ان میں سے جو بداہتہً معلوم ہوتے تھے انکو مانتے تھے۔ پیش بینی کے لئے انکے ہاں خواب اور گذشتہ انبیاء کے بشارات تھے۔ مدت کے بعد کہانت اور قمار کے تیروں سے آئندہ حالات کا اندازہ کرنا۔ اور فال ان میں پھیل گئے تھے ان کو معلوم تھا کہ یہ سب امور اصل ملت ابراہیم علیہ السلام میں مفقود تھے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسمٰعیل علیہما السلام کی تصویریں دیکھیں جن کے ہاتھوں میں قمار کے تیر تھے تو فرمایا یہ لوگ خوب جانتے ہیں کہ انھوں نے قمار کے تیروں سے کبھی اندازہ نہیں۔ لقد علموا انھما لم یستقسما قط۔ بنی اسمٰعیل برابر اپنی جد حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ہی کی روش پر ثابت رہے جبتک کہ ان میں عمرو بن لحی پیدا ہوا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے تقریباً تین سو برس قبل یہ عمرو پیدا ہوا تھا۔

ایسے ہی زمانہ جاہلیت میں کھانے پینے لباس دعوتوں میں میلوں۔ مردوں کے دفن کرنے۔ نکاح طلاق عدت ماتم خرید و فروخت اور تمام معاملات کے نہایت مستحکم طریقے معین تھے۔ جو ان کی پابندی نہیں کرتا تھا۔ وہ قابل ملامت سمجھا جاتا تھا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محارم مثلاً بیٹیاں۔ مائیں۔ بہنیں وغیرہ سب اُنکے ہاں حرام تھیں۔ ظلم و تعدی کیلئے اُنکے ہاں تعزیرات معین تھیں۔ قصاص۔ دیت۔ قسامہ[۱] سے وہ سزا دیتے تھے۔ ایسے ہی زنا اور چوری کی بھی سزائیں مقرر تھیں۔ ایرانی اور رومی سلطنتوں کے ذریعہ سے بہت سے منزلی اور تمدن کے علوم و تدابیر بھی اُن میں اضافہ ہو گئے تھے۔ لیکن اُن میں فسق و فجور کی کثرت ہو گئی تھی۔ خانہ جنگی لوٹ مار سے ظلم بہت کرتے تھے۔ زنا اور فاسد نکاح اور ربوٰ بہت پھیل گیا تھا نماز اور ذکر الٰہی کو بالکل ترک کر دیا تھا۔ ان امور کی طرف کچھ توجہ نہ تھی۔ ایسی پراشوب حالت میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی اُن میں بعثت ہوئی تب آپ نے تمام اُن علمی اور عملی امور میں خوض کیا۔ جو اُن میں موجود تھیں۔ اِن میں سے جو حصہ ٹھیک ملت ابراہیمی کا تھا۔ اسکو آپ نے بحال رکھا۔ اُس کے اختیار کرنے کا حکم فرمایا اور عبادات کے طریقے معین فرما دیئے۔ اسباب اوقات۔ شروط و ارکان مستحبات و مفسدات۔ رخصت۔ عزیمت ادا و قضاء کے طریقے تعلیم کر دیئے گناہوں کو منضبط فرما کر اُن کے ارکان و شروط معین کر دیئے۔ گناہوں کی سزائیں اور کفارات مشروع کر دیئے۔ ترغیب اور ترہیب کی تقریر سے دین کو اُنکے لئے آسان کر دیا گناہ کے تمام ذرایع مسدود کر دیئے۔ اور اُن امور کی استعدادی پیدا کر دی۔ جن سے نیکی پایۂ تکمیل کو پہنچتی ہے ایسے ہی اس مجموعہ کو مرتب کر دیا۔ جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہے۔ ملت حنیفی کی اشاعت اور تمام مذاہب پر اُسکے غالب کرنے کی نہایت کوشش کی۔ اُنکی تمام تحریفات اور تغییرات مذہبی کو نسیاً منسیاً کر دیا اور امور زائغ کی ہدایت فرمائی۔ اُن کی تمام رسوم فاسدہ کی روک کر دی اور خلافت کبرائے کو اُن میں قائم کیا اور اپنے ہمراہیوں کو لیکر غیر قوموں سے جہاد کیا۔ حتیٰ تم امر اللہ وہم کارہون۔

بعض حدیثوں میں وارد ہوا ہے۔ کہ میں آسان حنیفی روشن مذہب لایا ہوں۔ بعثت بالملۃ السمحۃ الحنیفۃ البیضاء۔ سمجھ سے یہ مراد ہے کہ اُس میں عبادات کی ایسی سختیاں نہیں ہیں جیسی راہبوں نے گھڑ لیں تھیں بلکہ اُس میں ہر ایک عذر کیلئے رخصت ہے۔ قوی اور عاجز۔ اور کاربند اور بیکار سب اُس پر عملدرآمد کر سکتے ہیں اور حنیفیہ سے مراد ملت ابراہیمی ہے جسمیں شعائر اللہ قائم کئے جاتے ہیں اور شرک کے شعار پست کئے جاتے ہیں۔ تحریف اور فاسد رسمیں بالکل باطل کیجاتی ہیں اور بیضاء سے یہ مراد ہے کہ اُس کی علتیں اور حکمتیں اور وہ مقاصد جن پر اس مذہب کی بنیاد قائم ہے نہایت صاف ہیں جو شخص اُن میں تامل کریگا اُسکو کچھ شبہ باقی نہ رہیگا۔ اور کوئی سلیم العقل ہٹ دھرمی نہ کریگا۔

مبحث ساتواں

حدیث نبوی صلے اللہ علیہ وسلم سے احکام شرعی کے تنبط ہونے کی کیفیت

باب ۵

علوم نبوی صلے اللہ علیہ وسلم کے اقسام میں

جاننا چاہئے کہ جو کچھ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے اور کتب حدیث میں مدوّن[۲] کیا گیا ہے اُسکی دو قسمیں ہیں

(۱) وہ امور جو تبلیغ رسالت سے علاقہ رکھتے ہیں۔ خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ پیغمبر جو تم کو بتائے۔ اُس کی تعمیل کرو اور جس سے منع کرے اُس سے باز آؤ۔ ما اٰتٰکم الرسول فخذوہ وما نھٰکم عنہ فانتھوا۔ ایسے امور میں سے ایک حصہ علوم معاد اور عالم ملکوت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے عجیب عجیب اثبات کا ہے۔ یہ سب امور بواسطہ وحی ہی کے ہوا کرتے ہیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اجتہاد کو اُن میں کچھ دخل نہیں ہے۔ اور انہیں امور میں سے ایک حصہ احکام شرعی اور عبادات اور منافع کا وجوہ مذکورہ بالا میں سے کسی نہ کسی وجہ سے ضبط کرنے کا ہے۔ ان علوم میں سے بعض وحی کے ذریعہ سے معلوم ہوتے ہیں۔ اور بعض آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اجتہاد سے لیکن آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا اجتہاد بھی وحی کے درجہ میں ہے۔ خدا تعالےٰ نے آپکو اس سے محفوظ رکھا تھا کہ آپ کی رائے خطا پر جم سکے۔ اور ایسا بھی نہیں ہے کہ آپ کسی امر منصوص سے حکم مستنبط کر کے اجتہاد کرتے ہوں۔ جیسا لوگ گمان کرتے ہیں۔ بلکہ اکثر یہ حالت تھی کہ خدا تعالےٰ نے آپکو شرع کے مقاصد اور وہ قانون تعلیم کیا تھا جس سے حکم شرعی آسمانی کا طریقہ یا کسی امر کو متحکم اُس سے کر سکتے تھے۔ اسی قانون سے آپ اُن مقاصد کی توضیح فرمایا کرتے تھے۔ جو بذریعہ وحی آپکو حاصل ہوتے رہتے تھے۔

انہیں امور تبلیغ رسالت سے ایک حصہ اُن حکمتوں اور مصلحتوں کا ہے جو بالقید رکھی گئی ہیں۔ اُن کا کوئی وقت معین نہیں کیا گیا ہے نہ اسکی حدیں بیان کی گئی ہیں۔ جیسے عمدہ اور ناقص اخلاق کا بیان۔ یہ حصہ غالباً اجتہادی ہے اس طرح پر کہ خدا تعالےٰ نے آپکو تدابیر کے قوانین تعلیم کئے انہیں سے آپ نے کسی حکمت کو اخذ کر کے اُس سے کوئی حکمیہ بنا لیا۔ اور انہیں امور میں سے ایک حصہ اعمال کی خوبیوں اور ان اعمال کے کاربند ہونے والوں کے مناقب اور اوصاف کا ہے میری رائے میں اس میں سے بعض امور بوحی آلی معلوم ہوتے ہیں اور بعض اجتہادی ہیں۔ اس قسم کے قوانین پہلے معلوم ہو چکے ہیں اور اسی حصہ کی تشریح اور اُن کے مقاصد کا بیان کرنا ہم کو مقصود ہے۔

(۲) قسم اُن امور کی وہ ہے جن کو تبلیغ رسالت سے کوئی تعلق نہیں ہے اسی کی نسبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ میں ایک انسان ہوں جب میں تم سے کوئی مذہبی امر بیان کروں تو اسکو اختیار کرو۔ اور جو بات میں اپنی رائے سے کہوں پس میں ایک انسان ہوں انما انا بشر اذا امرتکم شیٔ من دینکم فخذوا بہ واذا امرتکم شیٔ من رائی فانما انا بشر۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے درخت خرمے کا بھاگنے میں فرمایا تھا کہ میں نے صرف گمان کیا تھا۔ اور تخمینی بات کا مجھ سے مواخذہ نہ کرو لیکن میں خدا کی جانب سے کوئی بات بیان کروں تو اسکو اختیار کرو اس لئے کہ میں نے خدا پر جھوٹ نہیں بولا ہے انما ظننت ظنا ولا تؤاخذونی بالظن ولکن اذا حدثتکم عن اللہ شیأ فخذوا بہ فانی لم اکذب علے اللہ۔ اسی حصہ میں سے علاج وطب کا حصہ ہے اور اسی کے متعلق آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا قول ہے کہ گھوڑا نہایت سیاہ جس کی پیشانی پر ہلکی سی سپیدی ہو اپنے پاس رکھا کرو علیکم بالادہم الاقرح۔ اور اس میں سے وہ امور بھی ہیں جن کو آپ محض عادۃً کیا کرتے تھے یا اتفاقیہ بلا قصد کرتے تھے۔ تعبدی طور پر اُنکو عمل میں نہیں لاتے تھے۔ اور اسی میں سے وہ امور بھی ہیں جنکو بسبیل تذکرہ بیان کیا کرتے تھے ایسا ہوتا تھا کہ لوگ کچھ بات چیت کر رہے ہیں آپ بھی فرمانے لگے۔ حدیث ام زرع اور حدیث خرافہ اسی قسم کی حدیثیں ہیں۔ اسکو ہی حضرت زید ابن ثابت نے فرمایا ہے۔ چند لوگ اُنکے پاس آئے اور کہنے لگے کہ کچھ حدیثیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہم سے بیان کیجئے۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے کہا۔ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ہمسایہ میں تھا جب وحی نازل ہوتی تھی تو مجھ کو آپ بلا بھیجتے تھے میں اُسکو لکھ لیا کرتا تھا۔ آپ کی یہ حالت تھی کہ جب ہم دنیا کا ذکر کرتے تو ہمارے ساتھ آپ بھی دنیا کا ذکر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرتے۔ اور جب ہم آخرت کا ذکر کرتے تو آپ بھی آخرت کا ذکر کرتے اور جب ہم کھانے کا ذکر کرتے تو آپ بھی ہمارے ساتھ کھانے کا ذکر فرماتے۔ پس کیا میں ان سب قسم کی حدیثوں کو تمہارے سامنے ذکر کروں اور ایسے ہی بعض امور رہ ہوتے ہیں جنمیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں ایک جزئی مصلحت تھی لیکن وہ تمام امت کیلئے لازمی اور حتمی نہ تھے انکی مثال ایسی سمجھنی چاہئے۔ جیسے کوئی بادشاہ لشکروں کی ترتیب کرتا ہے اور کوئی فوجی علامت قرار دیتا ہے۔ اسی لئے حضرت عمرؓ نے فرمایا ہے کہ ہم کو رمل (طواف میں سینہ کا تننا) سے کیا علاقہ۔ ہم اُن کی یہ حالت دکھایا کرتے تھے جنکو خدا نے اب ہلاک کر دیا ہے مالنا والرمل کنا نتراءیٰ بہ قوما قد اہلکہم اللہ۔ اسکے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اندیشہ ہوا کہ کہیں رمل کا کوئی اور سبب نہ ہو۔ اکثر احکام اسی مصلحت جزئی پر حمل کئے گئے ہیں۔ چنانچہ حضرتؐ کا ارشاد ہے جو شخص کسی کو قتل کرے تو اُس قتیل کا سامان مارنے والے ہی کو ملنا چاہئے۔ من قتل قتیلا فلہ سلبہ۔

اسی حصہ میں سے آپ کے احکام اور فیصلے ہیں۔ دلائل اور قسموں سے جیسا کہ ثابت ہوا کرتا ہے۔ ویسا ہی آپ حکم فرمایا کرتے تھے حضرت علیؓ سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا جن چیز کو غائب شخص نہیں دیکھ سکتا۔ اُسکو وہ شخص دیکھتا ہے جو واقع پر موجود ہو۔ الشاھد یری مالا یراہ الغائب۔

باب ۷۶

مصلحتوں اور شریعتوں میں کیا فرق ہے

جاننا چاہئے کہ شارع نے ہم کو دو قسم کے علمی فائدے پہنچائے ہیں ان دونوں قسموں کے احکام اور درجے مختلف اور جدا جدا ہیں۔

(۱) مصالح اور مفاسد کا علم یعنی وہ امور جو تہذیب نفس کے متعلق ہیں کہ جو اخلاق دنیا و آخرت میں مفید ہیں وہ مکتسب کئے جائیں اور اُن کے مخالف اخلاق دور کئے جائیں یا وہ امور جو تدبیر خانہ داری اور آداب معاش اور سیاست مدن سے علاقہ رکھتے ہیں۔ شارع نے ان امور کیلئے کوئی مقدار معین نہیں کی ہے۔ اُن میں جو امر مبہم تھے۔ اُنکو منضبط نہیں کیا اور جو قابل اشکال تھے اُنکو معلوم نشانوں سے ممتاز نہیں کیا ہے۔ جو چیزیں پسندیدہ تھیں۔ اُنکی جانب لوگوں کو مائل کر دیا ہے اور رذائل سے کنارہ کش رہنے کی ہدایت فرما دی۔ اپنے کلام کو اس حالت میں چھوڑ دیا ہے کہ زبان دان اپنی سمجھ کے موافق اُس سے مطلب سمجھ لیں اُس نے صرف مصالح کو مدار علیہ طلب یا باز رہنے کا قرار دیا ہے اُسکے لئے مواقع اور نشانات نہیں بتائے جن سے اُنکی رہبری ہو سکے مثلاً شارع نے زیرکی اور شجاعت کی تعریف کی ہے اور لوگوں کے ساتھ نرم دلی اور خلوص سے پیش آنے کا حکم دیا ہے اور بتایا ہے کہ امور معاش میں اعتدال چاہئے۔ اور زیرکی کا کوئی ایسا اندازہ نہیں بتایا کہ اسی حد تک اُسکو طلب کرنا چاہئے اور اگر اُس حد سے تجاوز ہو تو لوگوں سے مواخذہ کرنا چاہئے۔

جس مصلحت پر ہم شارع نے مستعد کیا ہے اور جس خرابی سے باز رکھا ہے۔ اسکی انتہا تین اصولوں میں سے ایک پر ہوتی ہے (۱) اُس سے اُن چار اوصاف میں سے جو معاد میں مفید ہیں یا اُن تمام خصلتوں میں سے جو دنیا میں سود مند ہیں کوئی نہ کوئی وصف نفس میں پیدا کرنا اور اُنکو شائستہ اور مہذب بنانا ہے (۲) کلمہ الٰہی اور سچے مذہب کو غالب کرنا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شیاں کو خوب مستحکم کرنا۔ انکی اشاعت میں کوشش کرنا ہوتا ہے (۳) عامہ خلائق کی حالت کو منتظم کرنا انکے امور نافع اور تدابیر مفیدہ کی درستی کرنا۔ ان کی رسموں کو مہذب صورت میں ڈھالنا۔ اور مصلحت و خرابی کی انتہا ان اصول پر ہونے کے یہ معنی ہیں کہ ان امور میں اسکو کچھ نہ کچھ دخل ہوا کرتا ہے خواہ یہ اصول اس سے حاصل ہوتے ہیں یا منفی ہوتے ہیں یہ امور ان اصول کی شاخ ہوں یا ان کے مخالف اصول کی۔ یا ان اصول کے ہونے نہ ہونے کا ان میں احتمال ہو یا انکو یہ امور لازم ہوں یا ان کے مخالف کو لازم ہوں۔ یا ان اصول کے حصول اور اغراض کا ذریعہ ہوں۔

اصل رضا الٰہی کے باعث یہی مصالح ہوا کرتے ہیں۔ اور انہیں مفاسد سے عتاب خداوندی پیدا ہوتا ہے پیغمبروں کی بعثت سے پہلے اور بعد کا زمانہ اس خوشی اور ناخوشی میں کیسان ہے اگر ان دونوں حصوں سے خدا کی خوشی اور ناخوشی کا تعلق نہ ہوتا۔ تو پیغمبروں کی بعثت بھی نہ ہوتی۔ اس لئے کہ یہ تمام شرائع اور حدود تو انبیاء کے پیدا ہونے کے بعد متعین ہوا کرتے ہیں تو اگر پہلے ہی سے ان کو تکلیف دیجائے اور کہنہ جگہ کیجائے تو خدا کی مہربانی اور لطف ہی کیا ہوا مصالح اور مفاسد کا۔ جو کہ تہذیب اور نفس کی پاکی پر اثر ہوا کرتا ہے۔ لوگوں کی انتظامی اور ابتری حالت پر انبیاء کی پیدائش سے بیشتر ہی اس سے پرتو پڑا کرتا ہے۔ بواسطے لطف الٰہی مقتضی ہوتا ہے کہ امور مہتم کی لوگوں کو اطلاع دیجائے اہم اور ضروری امر کی انکو تکلیف دیجائے اور اس لطف الٰہی کی تکمیل جب ہی ہوتی ہے کہ ہر چیز کی تفاویر اور احکام نوعی مقرر ہوں۔

باب

اُمت محمدیہ نے شریعت کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کیسے اخذ کیا

معلوم کرو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے شریعت دو طریقے سے اخذ کیگئی ہے۔ ناظر قول سے اسکو حاصل کیا اسمیں ضرور ہے کہ اقوال نبوی نقل کئے جائیں۔ خواہ بتواتر یا بلا تواتر متواتر کی نقل کبھی لفظا ہوا کرتی ہے جیسے قرآن مجید اور چند احادیث مثلاً انکم سترون ربکم کما ترون القمر تم اپنے رب کو دیکھو گے جیسے چاند کو دیکھتے ہو اور کبھی تواتر معنوی ہوتا ہے مثلاً طہارت نماز زکوٰۃ۔ روزہ حج بیع۔ نکاح۔ غزوات کے کثیر احکام جن میں اسلامی فرقوں میں سے کسی نے اختلاف نہیں کیا اور غیر متواتر میں سے سب سے بلند درجہ مستفیض کا ہے مستفیض اس حدیث کو کہتے ہیں جسکی تین صحابہ یا زیادہ نے روایت کی ہو اور پانچویں طبقہ تک برابر اسکے راوی بڑھتے رہے ہوں اس قسم کی حدیثیں اکثر ہیں اور مسائل فقہ کی انہیں پر بنیاد ہے مستفیض کے بعد اس حدیث کا درجہ ہے جس کی صحت اور حسن کا فیصلہ حفاظ اور اکابر محدثین کے بیان سے ہو گیا ہو ایسی حدیثوں کے بعد ان احادیث کا مرتبہ ہے جن میں محدثین نے اختلاف کیا ہو کسی نے انکو قبول کیا لیکن اوروں نے انکو قبول نہیں کیا ایسی حدیثوں میں جو حدیثیں شواہد یا اکثر اہل علم کے اقوال سے یا عقل خالص سے موید ہوں ان کا اتباع ضروری ہے (۱) طریقہ ہے احادیث کی دلالت اور رہنمائی سے احکام شریعت اخذ کئے جائیں۔ اس کی صورت یہ ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو کوئی امر فرماتے ہوئے یا کرتے ہوئے دیکھا اور اس سے کوئی حکم کسی شے واجب وغیرہ ہونے کا مستنبط کر لیا۔ اور اس حکم کی لوگوں کو خبر کر دی اور کہدیا کہ فلاں شے واجب ہے فلاں جائز ہے پھر تابعین نے ان احکام کو اسی طرح حاصل

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیا اور تیسرے طبقہ کے لوگوں نے اپنے فتووں اور فیصلوں کو اسی کے موافق مدون کرکے خوب استحکام کر دیا۔ اس قسم کے طریقہ میں حضرت علیؓ حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بڑے پایہ کے ہیں لیکن حضرت عمرؓ صحابہ سے ہر مسائل میں مشورہ و مناظرہ کیا کرتے تھے یہاں تک کہ اس امر کا بالکل انکشاف ہو جایا کرتا تھا اور یقینی امر معلوم ہو جاتا تھا یہی وجہ ہے کہ حضرت عمرؓ کے فیصلوں کا تمام مشارق و مغارب میں اتباع کیا گیا۔ ابراہیم کا قول ہے کہ حضرت عمرؓ کی وفات سے علم کے دس حصوں میں سے نو حصے مفقود ہو گئے اور حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کا قول ہے کہ حضرت عمرؓ جب کسی راستہ پر چلتے تھے تو ہم اسکو آسان پاتے تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اکثر اوقات کسی سے مشورہ نہیں کرتے تھے اور انکے فیصلے صرف کوفہ میں محدود تھے اور صرف چند لوگوں نے ان سے احکام کو اخذ کیا اور حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کا قیام کوفہ میں تھا اسی لئے صرف انہیں اطراف میں لوگوں نے ان سے علم اخذ کیا اور حضرت عبداللہ ابن عباسؓ نے پہلے لوگوں کے زمانہ کے بعد خود اجتہاد کیا اور اکثر احکام میں اگلوں کی مخالفت کی اور ان کے اصحاب نے جو مکہ میں تھے انکی پیروی کی حضرت عبداللہ ابن عباسؓ نے جمہور اسلام کے مسلک کو اختیار نہیں کیا۔ ان چاروں صحابہ کے علاوہ اور لوگ احادیث کی دلالت اور راہبری سے واقف تھے لیکن رکن و شرط اور مستحب و مسنون میں انکو امتیاز نہ تھا۔ اور ایسے بہت کم تھے کہ مختلف احادیث اور دلائل کی حالت میں ان کا کوئی خاص قول ہوتا۔ عبداللہ ابن عمرؓ اور حضرت عائشہؓ اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہم اس درجہ کے قابل تھے کہ تابعین کے اکابر میں اسی روش کے لوگ مدینہ میں فقہاء سبعہ تھے خاصہ عبداللہ ابن سیب اور مکہ میں عطاء بن رباح اور کوفہ میں ابراہیم نخعی اور امام شعبی اور بصرہ میں امام حسن بصری رحمہم اللہ اور ان دونوں طریقوں میں سے ہر ایک میں ایک شگاف ہے بغیر دوسرے کے وہ نہیں بھرتا ہے اور ایک طریقہ کو دوسرے کی حاجت ہے پہلے طریقہ یعنی نقل ظاہر میں یہ نقصان ہے کہ کبھی روایت بالمعنی ہوا کرتی ہے اور اس سے تغیر و تبدل ہو جاتا ہے اور معنی کے بدل جانے کا خوف ہوا کرتا ہے۔ دوسرا نقصان یہ ہے کہ کسی خاص واقعہ میں کوئی حکم دیا جاتا ہے اور راوی اسکو حکم کلی سمجھتا ہے۔ اور تیسرا نقصان یہ ہے کہ بعض احکام تاکید بیان کے لئے جاتے ہیں تاکہ لوگ ان کا بخوبی اہتمام کریں اور راوی اس سے اسکا واجب ہونا یا حرام ہونا سمجھتا ہے اور واقع میں ایسا نہیں ہوا کرتا۔ اس لئے جو خود فقیہ اور فہیم ہو اور خود اس موقع پر موجود ہو وہ قرائن سے واقعی حالت کو مستنبط کر لیگا جیسے کہ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے مزارعہ کے متعلق اور پھل آنے سے پیشتر پھلوں کی خرید و فروخت کی نسبت کہا ہے کہ یہ نہی بطور مشورہ تھی اور دوسرے طریقہ یعنی اجتہادی حالت میں یہ نقصان ہے کہ اس طریقہ میں صحابہ اور تابعین کے قیاسوں کا مجموعہ شامل ہوا کرتا ہے اسمیں یہ امور مندرج ہوتے ہیں جو انہوں نے کتاب و سنت سے مستنبط کئے ہوتے ہیں اور اجتہاد ہر حالت میں یہ ضرور نہیں ہے کہ درست ہی ہوا کرے اکثر ایسا ہوتا ہے کہ قیاس کرنے والے کو حدیث نہیں ملا کرتی یا اس طرح ملتی ہے کہ اس قسم کی حدیث حجت کے قابل نہیں ہوتی اسلئے اس پر عمل نہیں کیا جاتا۔ لیکن اس کے بعد کسی دوسرے صحابی سے پوری حالت منجلی ہو جاتی ہے۔ جیسے تمیم داری کے متعلق حضرت عمرؓ اور عبداللہ ابن مسعود کا قول ہے اور اکثر ممتاز صحابہ رضؓ نے صرف مقتلی راہبری سے کسی مصلحت پر اتفاق کر لیا اسی کی نسبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین حالانکہ یہ اتفاق اصول شریعت سے نہیں ہوا کرتا۔ اسی وجہ سے لغزشوں سے نجات پانے میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُسی شخص کو آسانی اور کامیابی ہوگی جو اخبار اور الفاظ حدیث میں تبحر اور کمال رکھتا ہو۔ جب ایسی حالت ہے تو فقہ میں خوض کرنے والے کو ضرور ہے کہ دونو مشربوں میں تبحر اور کمال پیدا کرے اور ملت اسلام میں تمام راستوں میں وہی عمدہ اور پسندیدہ ہے کہ جمہور رواۃ اور علما نے اُس پر اتفاق کر لیا ہو اور دونو طریقے اُسمیں جمع ہو گئے ہوں۔

باب ۷۸

کتب حدیث کے طبقوں کے بیان میں

معلوم کرنا چاہئے کہ ہمارے پاس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی احادیث کے سوا کوئی ذریعہ شریعت اور احکام شریعت کے معلوم کرنے کا نہیں ہے مصلحتوں کو تو تبحر اور غور کامل اور حدس وغیرہ سے بھی معلوم کر سکتے ہیں اور احادیث کا علم جب ہی حاصل ہو سکتا ہے کہ وہ روایتیں ہم پہنچیں جنکی سند آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے خواہ وہ حدیثیں آپکے بیان سے حاصل ہوں یا موقوف احادیث ہوں کہ صحابہ اور تابعین کی ایک جماعت نے اُنکی روایت کی ہو۔ اُن سے یہ امر مستعد ہے کہ بغیر نص اور اشارہ شارع کے اُن احادیث کے قطعی ہونے پر اقدام کریں اس قسم کی روایت بھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے ضمناً اخود ہوا کرتی ہے۔ اور ہمارے زمانہ میں اس قسم کی روایتوں کے حاصل ہونے کا کوئی ذریعہ بجز اسکے نہیں ہے کہ جو کتابیں علم حدیث میں مدون کی گئی ہیں تلاش کی جائیں اسلئے کہ فی زمانہ ایسی غیر مدون روایتیں نہیں پائی جاتیں کہ اعتماد کے قابل ہوں۔

کتب حدیث کے طبقے درجے مختلف ہیں۔ اُن طبقوں کا معلوم کرنا اور لحاظ رکھنا ضروری ہے صحت و شہرت کے لحاظ سے کتب حدیث کے چار طبقے ہیں۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ حدیث کی قسمیں تین ہیں اول وہ حدیثیں جن کا تواتر سے ثبوت ہے امت محمدیہ نے بالاتفاق اُنکو قبول کر لیا ہے اور اُن پر عمل کیا ہے اسکے بعد دوسری قسم کی وہ ہیں جو چند طریقوں سے ثابت ہوئیں اور کوئی مستند یہ شبہ اُنکے ثبوت میں نہ رہا ہو اور مختلف بلاد کے جمہور فقہا نے اُن پر عمل کیا ہو خصوصاً علمائے حرمین نے اُن میں اختلاف نہ کیا ہو۔ قرون اولےٰ میں خلفائے راشدین نے حرمین میں قیام کیا تھا اور درجہ بدرجہ علمائے وہاں کا سفر کرتے رہے ہیں اسلئے یہ بعید معلوم ہوتا ہے کہ علمائے حرمین ظاہری خطا کو تسلیم کر سکیں اور تنقیح کی ہی قسم یہ بھی ہے کہ کوئی قول مشہور ہو گیا ہو بلاد اسلام کے تیسرے حصہ میں اُس پر عمل کیا گیا ہو اور صحابہ تابعین کی بڑی جماعت نے اُس کی روایت کی ہو اور تیسری قسم وہ ہے جو صحیح ہوں اُنکی اسناد حسن ہو۔ علمائے حدیث نے اُنکی شہادت دی ہو اور ایسے متروک القول نہ ہوں کہ امت محمدیہ سے کسی نے اُسکو اختیار نہ کیا ہو۔ لیکن جو حدیثیں کہ ضعیف یا موضوع یا منقطع یا مقلوب الاسناد یا مقلوب المتن یا مجہول لوگوں نے اُسکی روایت کی ہو یا اُس قول کے مخالف ہوں جو بالاتفاق سلف کے ہر ایک میں ثابت ہو گیا ہے۔ پس ایسی حدیثوں کا قائل ہونا ممکن نہیں۔ کتب حدیث کے صحیح ہونے کے معنی یہ ہیں کہ مؤلف کتاب نے اپنے اوپر اس بات کا انتظام کر لیا ہو کہ وہی حدیثیں درج کرے گا جو صحیح یا حسن ہونگی کسی طرح اُن میں تغیر و تبدل نہ ہوا ہو اور نہ وہ قبیلہ شاذ سے ہوں اور ضعیف کا اسطرح پر ذکر کرنا کہ اُس کا ضعیف بیان کر دیا جائے تو کتاب میں موجب اعتراض نہیں ہے اور کتب حدیث کی شہرت کے یہ معنی ہیں کہ جو حدیثیں اُن میں مندرج ہیں وہ کتابوں کے مدون ہونے سے پہلے اور بعد محدثین کی زبان پر دائر و سائر ہوں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مؤلف سے پہلے ہی آئمہ حدیث نے مختلف طرق سے اُنکی روایت کی ہو اور اپنے مسندوں و مجموعوں میں اُنکو بیان کیا ہو۔ مؤلف کے بعد اُسکی روایت کرنے اور محفوظ رکھنے کی طرف توجہ کی ہو اُسکا اشکال دور کر دیا ہو یا حدیث غریب کی شرح کر دی ہو اُس کا اعراب بیان کیا ہو اُسکے طرق بیان کئے ہوں مسئلہ فقہی اُس سے مستنبط کیا ہو۔ ہر درجہ و مرتبہ میں ہمارے زمانہ تک اُسکے راویوں کے حالات کا سُراغ لگا لیا گیا ہو یہاں تک کہ کوئی چیز جو حدیث سے تعلق رکھتی ہے ایسی باقی نہ رہے جس میں پُورا غور کر لیا ہو۔ الا ماشاء اللہ۔ نقادان حدیث مصنف سے پیشتر اور اُسکے بعد اُسکے اقوال سے موافقت کرتے رہے ہوں۔ اُن کی صحت کو ثابت کرتے رہے ہوں مصنف کی رائے کی تصدیق کریں اور اُسکی کتاب کی ثنا خوانی کی ہو آئمہ فقہ نے اُن اقوال سے مسائل کو مستنبط کیا ہو۔ اُن پر اعتماد کیا ہو۔ عام لوگوں کو اُن اقوال سے عقیدت ہو اُن کے دل میں اُنکی عظمت ہو۔

حاصل یہ ہے کہ جب کسی کتاب میں یہ دونوں اوصاف جمع ہوں وہ طبقہ اولےٰ کی سمجھی جائیگی۔ ان اوصاف میں جتنا امتیاز ہوگا اُتنی ہی فوقیت ہوگی اور اگر دونوں اوصاف بالکل مفقود ہونگے اُتنی ہی پایہ اعتبار سے ساقط ہوگی۔ جو کتاب طبقہ اولےٰ میں اعلےٰ درجہ کی ہوگی وہ تواتر کی حد تک پہنچ جاتی ہے اور اس سے ادنےٰ درجہ کی مستفیض کے مرتبہ تک پہنچتی ہے اور اس کے بعد وہ ہے جو قطعی صحت کے قریب ہو اور قطعی ہونے سے مقصود وہ حد ہے جو علم حدیث میں معتبر ہے کہ مفید عمل ہو جائے اور جو احادیث دوسرے طبقہ کی ہوتی ہیں اُن میں سب سے بلند مستفیض کے قریب ہے اور اُسکے بعد جو قطعی صحت کے قریب ہو اور اُسکے بعد جو مفید ظن ہو۔ وھکذا ینزل الامر۔

استقراء اور تلاش سے طبقہ اولےٰ کی صرف تین کتابیں ہیں (۱) موطا (۲) صحیح بخاری (۳) صحیح مسلم امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بعد کلام اللہ کے سب کتابوں میں زیادہ صحیح امام مالک کی موطا ہے۔ اہل حدیث کا اتفاق ہے کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور اُنکے موافقین کی رائے کے موافق موطا کی تمام حدیثیں صحیح ہیں اور دیگر محدثین کی رائے میں اُسمیں کوئی حدیث مرسل اور منقطع ایسی نہیں ہے کہ دیگر طرق سے اُسکی سند متصل نہ ہوئی ہو۔ اس وجہ سے اُسکی تمام حدیثیں صحیح ہی ہیں۔ امام مالکؒ کے زمانہ میں اکثر موطائیں تصنیف کی گئیں۔ جن میں موطا سے مالک کی تخریج کی گئی اور اُسکی منقطع احادیث کا متصل ہونا ثابت کیا گیا۔ مثلاً۔ ابن ابی ذئب۔ ابن عیینہ۔ ثوری۔ معمر وغیرہم کی کتابیں۔ جن کے اساتذہ اور امام مالکؒ کے اساتذہ مشترک تھے امام مالکؒ سے بلا واسطہ ایک ہزار لوگوں سے زیادہ نے موطا کی روایت کی ہے دور دراز ملکوں سے سفر کر کر لوگوں نے موطا کو امام مالک سے اخذ کیا۔ جیسے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس کا ذکر کیا تھا امام مالک کے شاگردوں میں سے بعض ایسے لوگ تھے جنکی فقاہت مشہور و اعلےٰ درجہ کی تھی جیسے امام شافعی اور محمد بن حسن اور ابن وہب اور ابن قاسم اور بعض بڑے متجر و محدثین تھے۔ جیسے یحیٰی بن سعید قطان اور عبد الرحمن بن مہدی اور عبد الرزاق اور بعض اُن کے شاگرد امراء و سلاطین تھے۔ جیسے رشید اور اُن کے دو بیٹے موطا کی شہرت امام مالک ہی کے زمانہ میں تمام اسلامی ممالک میں منتشر ہو گئی تھی اُسکے بعد جتنا زمانہ گذرتا گیا اُسی قدر اُس کی شہرت بڑھتی گئی اور اُس کی طرف توجہ زیادہ ہوتی گئی شہروں کے فقہاء نے اپنے مذاہب کی بنیاد اُسی پر قائم کی بعض مسائل میں اہل عراق نے بھی اُسی کو مبنیٰ قرار دیا اور علماء نے اُس کی حدیثوں کی تخریج کرتے رہے اور اُس کے شواہد و توابع کو بیان کرتے رہے۔ اُس میں سے غریب حدیث کی شرح اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشکل کا انضباط کرتے تھے اُسکے مسائل میں مباحثہ کرتے تھے اور اسکے راویوں کی تحقیق اور اُن امور میں لوگوں نے بہاں تک غور کیا کہ اُسکے بعد کوئی مرتبہ غور کا باقی نہیں رہا اگر تجھ کو صاف حق کرنا منظور ہے تو کتاب موطا کا اہم محمد کی کتاب الآثار اور امام ابو یوسف کی کتاب آمالی سے موازنہ کر لو موطا میں اور ان دونو کتابوں میں بعد المشرقین نظر آویگا تم نے کسی محدث یا فقہی کو سنا ہے کہ ان دونوں کی طرف توجہ کی ہو۔

صحیحین پر تمام محدثین نے اتفاق کیا ہے کہ صحیحین میں جتنی حدیثیں متصل مرفوع ہیں وہ سب یقیناً صحیح ہیں۔ ان دونو کتابوں کا ثبوت مصنفین تک بالتواتر ہے اور جو ان کی حالت کو نگاہ عظمت سے نہ دیکھے وہ مبتدع ہے اور مسلمانوں کے راستہ سے خلاف پیروی کرنے والا ہے اگر تم صحیحین کا ابن ابی شیبہ اور طحاوی کی کتابوں اور خوارزمی وغیرہ کے مسندوں سے مقابلہ کرو گے تو ان میں بعد المشرقین پاؤ گے۔ اور حاکم نے صحیحین کی احادیث پر اُن دونو کی شرط کے موافق دیگر حدیثوں کا اضافہ کیا ہے جن کو شیخین نے ذکر نہیں کیا تھا۔ میں نے اُن کو متتبع کیا ہے ایک وجہ سے وہ درست ہیں حاکم نے ایسی حدیثیں دریافت کیں جو شیخین کے اساتذہ سے مروی تھیں اور صحیحین کی شروط یعنی حدیث کا صحیح اور متصل ہونا اُن میں پایا جاتا تھا اس لئے حاکم کا اس قسم کا اضافہ مقبول ہے لیکن شیخین صرف وہی حدیث بیان کرتے ہیں جن میں اُن کے اساتذہ نے خوب غور کر لیا تھا اور اُس کے بیان کرنے اور صحت پر اُن کا اتفاق ہو گیا تھا جیسے مسلم نے اشارہ کیا ہے کہ میں یہاں صرف وہی حدیثیں بیان کرونگا۔ جن پر سب اساتذہ کا اتفاق ہے اور مستدرک حاکم میں جو احادیث صحیحین سے جیسا بیان کی گئی ہیں وسب مستور الحال ہیں صحیحین کے اساتذہ کے زمانہ میں وہ مخفی حالت میں تھیں اگرچہ اُن کے زمانہ کے بعد ان حدیثوں کی شہرت ہو گئی تھی۔ اور جو حدیثیں ایسی ہیں کہ محدثین نے انکے راویوں میں اختلاف کیا ہے اُن میں شیخین اپنے اساتذہ کی طریقہ پر حدیثوں کے موصول اور منقطع ہونے میں اتنا غور کیا کرتے تھے کہ اصلی حالت کا بالکل انکشاف ہو جایا کرتا تھا۔ اور حاکم نے اکثر موقعوں میں انہیں قواعد پر اعتماد کیا ہے جو شیخین کے اصول سے مستنبط کئے گئے ہیں۔ جیسے کہ حاکم کا قول ہے ثقہ راویوں کا زیادہ ہونا باعث قبولیت ہے اور جب حدیث کے موصول و مرسل ہونے یا موقوف اور مرفوع ہونے وغیرہ میں علماء کا اختلاف ہو تو جو شخص زیادہ حافظ ہوگا اُسکے مقابلہ میں جو حافظ نہیں ہے اُس کا زیادہ غلبہ ہوگا حالانکہ حق یہ ہے کہ حفاظ سے موقوف اور منقطع کے موصول کرنے میں خرابی ہو جایا کرتی ہے۔ خاصکر جب حفاظ کو متصل مرفوع کی طرف زیادہ میلان و اہتمام ہوا کرتا ہے اسی لئے شیخین اکثر اُن احادیث کے قائل نہیں ہیں جن کے حاکم قائل ہیں۔ ان تینوں کتابوں کی طرف قاضی عیاض نے کتاب مشارق میں زیادہ توجہ کی ہے اُن کی مشکلات کا زیادہ انضباط کیا ہے اُنکی رد و بدل کو دور کر دیا ہے۔

دوسرے طبقہ کی کتابیں موطا اور صحیحین کے درجہ تک نہیں پہنچی ہیں لیکن اُن کے قریب قریب ہیں اُنکی مصنف ثقاہت و عدالت و حفظ میں مشہور و معروف تھے۔ فنون حدیث میں متبحر تھے انہوں نے اپنی اس درجہ کی کتابوں میں اُن امور میں کوتاہی کرنے کو پسند نہیں کیا جن کو اپنے ذمہ لازم کر لیا تھا اس لئے جو لوگ اُنکے بعد ہوئے ہیں انہوں نے اُن کو بنظر قبول دیکھا محدثین فقہاء نے اُنکی طرف درجہ بدرجہ توجہ کی لوگوں میں کتابیں مشہور ہو گئیں لوگوں نے اُنکے غریب امور کی شرح کی اُن کے راویوں کی تفتیش کی فقہی مسائل کو مستنبط کیا عام علوم کی بنا اِنہی احادیث پر ہے۔ اِس طبقہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں سنن ابو داؤد اور جامع ترمذی اور نسائی ہیں اور رزین نے تجرید صحاح اور ابن اثیر نے جامع الاصول میں ان احادیث کا خاص اہتمام کیا ہے۔ غالباً مسند احمد بھی اسی درجہ کی ہے۔ امام احمد نے اسکو گویا ایک معیار قرار دیا ہے اس سے صحیح و سقیم کی شناخت بھی ہو سکتی ہے اور فرمایا ہے جو حدیث اسمیں نہیں ہے اسکو قبول مت کرو۔

تیسرے طبقہ میں وہ مسندیں اور جوامع اور تصنیفات داخل ہیں جو بخاری و مسلم سے پہلے یا اُن کے زمانہ میں یا اُنکے بعد تصنیف کی گئی ہیں اور اُن میں صحیح اور حسن اور ضعیف و معروف اور غریب و شاذ اور منکر و خطا اور صواب اور ثابت وغیرہ ہر قسم کی حدیثیں شامل ہیں اور اگرچہ انمیں جہالت محض نہیں ہے تاہم اُن کے علما کی چنداں شہرت بھی نہیں ہوئی۔ ان احادیث کا جو اُن کتابوں میں منفرد ہیں فقہا نے کچھ زیادہ استعمال نہیں کیا اور محدثین نے اُنکی صحت و سقم سے زیادہ بحث نہیں کی اور اسمیں بعض کتابیں ایسی ہیں کہ کسی اہل لغت نے اُنکی غرابت کو نہیں دور کیا اور کسی فقیہ نے سلف کے مذاہب پر انکو منطبق نہیں کیا اور کسی محدث نے اُنکا اشکال دور نہیں کیا۔ اور کسی مؤرخ نے اسماء الرجال کو بیان نہیں کیا۔ میرا کلام اُن آئمہ حدیث میں ہے جو زمانہ سلف میں تھے وہ متاخرین مراد نہیں ہیں جن کی نظر میں زیادہ تعمق ہے۔ انہیں وجوہ سے یہ کتابیں خفاء اور گمنامی کی حالت میں باقی رہیں۔ اس طبقہ میں مسند ابو یعلی اور مصنف عبد الرزاق اور مصنف ابو بکر بن ابی شیبہ اور مسند عبد بن حمید اور طیالسی اور بیہقی اور طحاوی اور طبرانی کی کتابیں ہیں ان لوگوں کا یہ قصد تھا کہ جو باویں جمع کر دیں۔ یہ غرض نہ تھی کہ خلاصہ کر کے مہذب صورت میں بیان کر کے عمل کرنے کے قابل بنا دیں۔

چوتھے طبقہ میں وہ کتابیں ہیں کہ صدیوں کے اُنکے مصنفین نے قصد کیا کہ جو احادیث طبقہ اولے اور طبقہ دوم کی کتابوں میں جمع نہیں ہیں اور وہ ایسے مجموعوں اور مسندوں میں جمع تھیں جن کی شہرت نہ ہوئی تھی۔ ان مصنفین نے ان احادیث کی دقت کی وہ ایسے لوگوں کے زبان زد تھیں کہ محدثین نے اپنی کتابوں میں انکو جمع نہ کیا تھا جیسے اکثر واعظ مبالغہ آمیز باتیں کیا کرتے ہیں یا وہ حدیثیں کہ اہل ہوا اور ضعیف راویوں سے مروی تھیں یا صحابہ و تابعین کے وہ آثار تھے یا اسرائیلیات کے قبیلہ سے تھیں یا حکما اور واعظوں کے مقولے تھے جنکو راویوں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث سے سہواً یا عمداً خلط ملط کر دیا تھا یا قرآن و حدیث کے احتمالات تھے جنکو نیک لوگوں نے کہ جو روایت کے خواص سے واقف نہیں ہوتے بالمعنی روایت کیا تھا۔ اور ان معانی کو احادیث مرفوعہ کر دیا تھا یا بعض معانی کتاب و سنت کے اشارات سے مفہوم ہوتے تھے۔ ایسے معانی کو مستقل حدیث سمجھ لیا تھا یا چند احادیث میں چند مختلف جملے وارد ہوئے تھے ان کو ترتیب دیکر ایک حدیث بنا لیا۔ ایسی حدیث کا ظن غالب یہ کتابیں ہیں۔ ابن حبان اور کامل ابن کی کتاب الضعفاء اور ابو نعیم اور جوزقانی اور ابن عساکر اور ابن نجار اور دیلمی کی اور مسند خوارزمی بھی اسی پایہ کی معلوم ہوتی ہے۔ اس چوتھے طبقہ میں زیادہ درست وہ کتابیں ہیں جن میں ضعیف و محتمل حدیثیں ہیں اور سب سے بدتر وہ ہیں جن میں موضوع حدیثیں ہیں یا جہالت و نکارت اُن میں زیادہ ہے ابن جوزی کی کتاب الموضوعات اس طبقہ کا ذخیرہ ہے۔

پانچویں طبقہ میں وہ کتابیں ہیں کہ فقہاء اور صوفیہ اور مورخین وغیرہ کی زبانوں پر اُنکی شہرت ہے اور اُن چار طبقوں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں اُن کی کچھ اصل نہیں معلوم ہوتی۔ تو انہیں سے بعض ایسی بھی ہیں کہ جن لوگوں نے مصنوع کر لیا ہے جو بین تھے لیکن زبان عربی میں خوب ماہر تھے انہوں نے ان احادیث کی اسناد بلیغ لفظوں میں بیان کی اس لئے ان میں جمع نہیں ہو سکتی تھی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے انکا دور ہونا مستبعد نہیں معلوم ہوتا تھا۔ ان لوگوں نے اسلام میں ایک سخت مصیبت کو پھیلا دیا لیکن کبرے حدیث ایسی حدیثوں کو شواہد حدیث پر پیش کرتے ہیں اسوقت انکی پردہ دری ہوتی ہے اور عیب ظاہر ہوتا ہے اور محدثین کا اعتبار طبقہ اولے اور طبقہ دوم کی حدیثوں پر ہے انہیں سے ہمیشہ انکی وابستگی رہی ہے اور تیسرے طبقہ کی حدیثوں پر عمل کرنا اور انکا قائل ہونا انہیں متبحر محققین کا کام ہے جو اسماء الرجال کو محفوظ رکھتے ہیں اور حدیث کی علتوں سے خوب واقف ہیں اس طبقہ کی حدیثوں سے اکثر شواہد وغیرہ ماخوذ ہوا کرتے ہیں فقد جعل اللہ لکل شئی قدرا اور چوتھے طبقہ کی حدیثوں کو توجہ سے جمع کرنا اور اُن سے احکام کا منبط کرنا علماء متاخرین کیطرف سے ایک قسم کا تعمق ہوا کرتا ہے۔ اور مبتدعین کے گروہ رافضی اور معتزلہ وغیرہ ادنے توجہ سے ان حدیثوں سے اپنے شواہد مذہب کو ملخص کر سکتے ہیں لیکن علماء حدیث کے معرکوں میں اُنکے ذریعہ سے فتح نہیں پا سکتے۔ واللہ اعلم۔

باب ۷۹

اس بیان میں کہ کلام سے مقصود کیسے سمجھ میں آیا کرتا ہے

معلوم کرو کہ دلی مقصود کو جب متکلم بیان کرتا ہے اور سامع اُس سے مطلب سمجھتا ہے تو اُسکے بالحاظ وضوح اور خفا کے کئی درجے ہوا کرتے ہیں۔ سب سے اعلے درجہ وضوح کا یہ ہے کہ موضوع لہٗ معین کے لئے صریح طور پر حکم ثابت کیا گیا ہو اور اسی کے بتانے اور سمجھانے کو وہ کلام بولا گیا ہو۔ اور کسی دوسرے معنی کا اُس میں احتمال نہ ہو سکے اور اُس کے قریب اُس کا درجہ ہے کہ جس میں ان تین قیدوں میں سے کوئی قید نہ پائی جائے بلکہ اُس میں حکم کا ثبوت کسی عام عنوان کے لئے ہو جو چند مسمیات اور معانی کو شمولا یا بدلا شامل ہو جیسے الناس اور مسلمون اور قوم و رجال اور اسماء اشارہ جب اُن کا صلہ عام کو یا کوئی موصوف جس کی صفت عام یا وہ لفظ جو لائے جنس سے نفی کیا گیا ہو۔ اس قسم کا ثبوت کامل اسواسطے نہیں ہوا کرتا کہ اکثر عام معنی میں خصوصیت بھی پیدا ہو جایا کرتی ہے یا خاص اس فائدہ پہنچانے کیلئے وہ کلام نہ لایا گیا ہو۔ بلکہ اُس موقع سے وہ فائدہ لازمی طور پر معلوم ہو گیا ہو۔ جیسے جاءنی زید الفاضل سے زید کا فضل اور یا زید الفقیر سے زید کا فقر ضمناً اور لزوماً معلوم ہو جایا کرتا ہے یا اُس لفظ میں کسی دوسرے معنی کا بھی احتمال ہو مثلاً لفظ مشترک یا وہ لفظ جسکے حقیقی معنی بھی احتمال میں آتے ہوں اور اُسکے مجازی معنی بھی متعارف ہوں یا وہ الفاظ جن کا علم مثال اور تقسیم کے لحاظ سے ہوا کرتا ہے لیکن وہ کسی تعریف جامع اور مانع سے معلوم نہیں ہوا کرتے مثلاً سفر انکی مثالوں میں سے ایک یہ ہے کہ مدینہ سے نکلکر کوئی شخص مکہ کا قصد کرے اور یہ معلوم ہے کہ بعض حرکتیں سیر کیواسطے بھی ہوا کرتی ہیں اور کبھی ضرورت کیلئے حرکت ہوا کرتی ہے کہ اسی روز اپنے مکان کو واپس آجایا کرتے ہیں اور کبھی حرکت چلنے کی غرض سے ہوتی ہے اور دوسرے معنی کا احتمال اس طرح پر ہوا کرتا ہے کہ ایک لفظ میں دو چیزوں کا احتمال ہو جیسے اسم اشارہ یا ضمیر جب مختلف قرائن سے مرجع کیوجہ سے اُسمیں تعارض ہو گیا ہو۔ یا کسی صلہ کا مصداق دو چیزیں ہو سکتی ہوں اور اس کے قریب

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُس مفہوم کا درجہ ہے کہ بغیر ذریعہ کلام و لفظ کے کسی عبارت سے وہ امر مفہوم ہو سکتا ہو ایسے طریقے بہت سے تین ہیں (۱) فحوائے کلام یعنی کلام سے ایک وہ امر معلوم ہو جائے جس کا عبارت میں کچھ ذکر نہ کیا گیا ہو۔ اور اُس امر کا ثبوت اِن معنی سے ہو جائے جنکی وجہ سے وہ حکم ذکر کیا گیا ہے جیسے لاتقل لھما اُفٍّ سے والدین کے مارنے کی حرمت بطریق اولےٰ ثابت ہوتی ہے۔ اور جیسے کہا جائے کہ جو شخص رمضان کو کچھ دن میں کھالے۔ تو اُس پر قضا واجب ہو جائیگی۔ اس سے مفہوم ہوتا ہے کہ قائل کی غرض یہ ہے کہ جو شخص روزہ توڑ دے اُس پر قضا واجب ہے اور صرف کھانے کی صورت اسواسطے ذکر کیگئی کہ یہ صورت ذہن میں جلد آجایا کرتی ہے (۲) اقتضاء اس سے معنی اسطرح سمجھ میں آیا کرتے ہیں کہ ماذا یا عقلاً یا شرعاً اُس لفظ کو وہ معنی لازم ہوا کرتے ہیں جنکے لئے وہ لفظ استعمال کیا گیا ہے مثلاً عتقت اور بعت کا مقتضا یہ ہے کہ پہلے اُس شے کا وہ مالک ہو چکا ہو اور منشی کا مقتضا بھی ہے کہ پاؤں سالم ہوں اور صلےٰ کا مقتضا یہ ہے کہ اُسکو طہارت حاصل ہو (۳) ایما مقصود کو ایسی عبارت میں ادا کیا کرتے ہیں جو مناسب اعتبارات کی وجہ سے مذکور ہوا کرتی ہے اُس سے بلنا۔ کا قصد ہوا کرتا ہے کہ عبارت اس اعتبار مناسب کے مطابق لائی جائے۔ جو اصل مقصود پر زاید ہو اسواسطے اُس کلام سے جو اعتبار اُسکے مناسب ہوگا وہ مفہوم ہوگا مثلاً جب کسی شے کو وصف یا کسی شرط سے مقید کریں تو اُس سے معلوم ہوگا کہ اگر یہ وصف اور شرط نہ پائے جائینگے تو حکم بھی نہ ہوگا لیکن یہ بھی ضرور ہے کہ وہ موقع ایسا ہو کہ سوال کے مشکل کلام کو ذکر کرنا یا اُس صورت کا ذکر کرنا مبادر الی الذہن ہو۔ مقصود نہ ہو۔ اور نہ اُس سے غرض ہو کہ حکم کا فائدہ بیان کیا جاوے۔ اور ایسے ہی استثناء اور بیان غایۃ اور بیان عدد کا حال ہے اور ایما کے اعتبار کرنے میں یہ شرط ہے کہ اہل زبان کے عرف میں اُس ایما کی وجہ سے کلام میں تناقض ہو جایا کرتا ہو مثلاً جب کہا جائیگا علّے عشرۃ الا ثنی اثنا علےٰ واحد اور جو امور ایسے ہیں کہ اُن سے وہی لوگ واقف ہو سکتے ہیں جو علم معانی میں بخوبی خوض کر سکتے ہیں اُنکا کچھ لحاظ نہیں ہے اسکے بعد اُن مطالب کا درجہ ہے جنکی راہبری مضمون کلام سے ہوا کرتی ہے اس کے بھی تین بڑے حصے ہیں (۱) عام میں کسی شے کو مندرج کرنا جیسے بھیڑ یا ذی ناب ہوا کرتا ہے اور تمام ذی ناب چیزیں حرام ہوا کرتی ہیں۔ اُسکا بیان قیاس اقترانی سے ہوتا ہے۔ اسکے متعلق آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ثواب کے باب میں مجھ پر صرف ایک ہی آیت جامع نازل کی گئی ہے۔ اب جو شخص ذرہ برابر بھی نیکی کریگا وہ اُس کی جزا دیکھیگا۔ اور جو ذرہ برابر بھی برائی کریگا وہ اُسکی جزا دیکھیگا اور اسی بنا پر حضرت عبداللہ ابن عباسؓ نے استدلال کیا تھا خذ اکے قول فبھدیھم اقتدہ اور اس قول ندا فندی سے وطن دادو انما فتنۃ فاستغفر ربہ وخر راکعا و اناب عبداللہ ابن عباسؓ نے فرمایا تھا کہ تمہارے پیغمبر تھے کہ اُنکی پیروی کریں۔ اور ایک استدلال لازمت یا منافات کی وجہ سے ہوا کرتا ہے جیسے کہ اگر وتر واجب نہ ہوتے تو سواری پر اسکو ادا نہ کر سکتے لیکن انکو سواری پر تو ادا کر سکتے ہیں اس استدلال کی صورت قیاس شرطی کی سی ہوا کرتی ہے۔ آیت لو کان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا میں بھی ایسا ہی استدلال ہے اور ایک صورت قیاس کی ہے یعنی کسی علت جامع اور مشترک میں ایک صورت کی دوسری صورت سے مشابہت اور مثال قائم کرنی۔ جیسے گیہوں کی طرح چنا بھی ربوی ہے یعنی اُسمیں بھی ربو ہوا کرتا ہے ایسا ہی قیاس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول میں ہے کہ اگر تیرے باپ پر قرض ہوتا تو اُسکو ادا کرتا یا نہیں اور اگر کرتا تو اس کی جانب سے ادا ہوتا یا نہیں اُس شخص نے کہا ہاں ادا ہو جاتا تب آپ نے فرمایا کہ پھر باپ کیطرف سے حج کرو۔ واللہ اعلم۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب ۸۰

اس بیان میں کہ قرآن و حدیث سے احکام شرعیہ کو کیسے سمجھا کرتے ہیں

جن لفظوں سے رضائے الٰہی اور اسکی ناخوشی کا ثبوت ہوا کرتا ہے۔ وہ لفظ حب اور بغض۔ رحمت و لعنت۔ قرب و بعد ہیں اور ایسے ہی رضا اور عدم رضا۔ اس سے بھی مفہوم ہوتا ہے کہ کسی فعل کی نسبت اُن لوگوں کی جانب کیجائے جو مورد رضا اور عدم رضا ہیں۔ جیسے مومنین اور منافقین اور ملائکہ اور شیاطین اور اہل جنت اور اصحاب الجحیم اور اس سے بھی مفہوم ہوا کرتا ہے کہ کسی امر کو طلب کریں یا کسی امر کو منع کریں یا اُس جزا کو بیان کریں جو کسی کام پر مرتب ہوا کرتی ہے۔ یا کسی امر کو اُس چیز سے تشبیہ دیجائے جو عرف میں محمود یا مذموم خیال کیجاتی ہے اور نیز اس سے بھی معلوم ہوتی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اُس امر کے کرنے کا اہتمام فرمائیں یا باوجود ہونے دواعی کے اُس سے اجتناب کریں۔

رضائے الٰہی اور نارضامندی خداوندی کے درجات کو ممیز کرنا اور وجوب اور استحباب اور حرمت و کراہت کا اندازہ کرنا تو اُس کے لئے بہت صاف صورت یہ ہوا کرتی ہے کہ اُسکے مخالف کا حال بیان کیا جائے جیسے جو شخص اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہ کریگا قیامت کے روز گنجے سانپ کی شکل اُس کی ہوگی اور جیسے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دمن لا فلا حج اور ان درجات کا اندازہ ایسے الفاظ سے بھی ہوتا ہے کہ کہا جائے فلاں چیز واجب ہے یا فلاں ناجائز ہے یا کوئی شے اسلام یا کفر کیلئے رکن قرار دیجائے یا اُس کی بجاآوری یا ترک پر نہایت شدت کی جائے یا اسکی نسبت کہا جائے یہ امر مروت سے نہیں ہے یا مناسب نہیں ہے یا صحابہ اور تابعین اُس کا کوئی حکم معین کریں۔ جیسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے سجدۂ تلاوت کا واجب نہیں ہے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ وتر واجب نہیں ہیں یا مقصود کی حالت دیکھی جائے کہ اُس سے کس طاعت کی تکمیل ہوتی ہے یا کوئی گناہ کا ذریعہ اُس سے رک جاتا ہو یا اُس عمل میں وقار اور حسن ادب کی شان معلوم ہوتی ہے۔

کسی فعل کی علت یا رکن یا شرط معلوم کرنا ہو۔ تو ان امور کیلئے بہت صاف طریقہ یہ ہے کہ نص میں وہ وارد ہوا ہو جیسے ہر نشہ والی چیز حرام ہے کل مسکر حرام یا جیسے کوئی شخص سورہ فاتحہ نہ پڑھے اُسکی نماز نہ ہوگی لا صلوٰۃ لمن لم یقرء بام الکتاب۔ اور بغیر وضو کے تم میں سے کسی کی نماز مقبول نہ ہوگی۔ لا تقبل صلوٰۃ احدکم حتی یتوضا یا بذریعہ اشارہ اور ایما کے اسکا اندازہ کیا جائے جیسے ایک شخص نے کہا تھا کہ رمضان میں میں اپنی بیوی سے ہمبستر ہو گیا۔ آپ نے فرمایا ایک بردہ آزاد کر اور نماز کا نام قیام یا رکوع یا سجدہ رکھنا۔ اس سے مفہوم ہوتا ہے کہ یہ امور نماز کے ارکان ہیں اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فانی اوظفھما طاہرتین اس سے معلوم ہوتا ہے کہ موزہ پہننے کیوقت طہارت کا ہونا شرط ہے۔

اکثر یہ ہوتا ہے کہ ایک شے کے ہونے سے کسی شے کے ہونیکا یا نہ ہونے سے کسی شے کا نہ ہونا ثابت کیا جاتا ہے اس سے ذہن میں صاف سمجھ جاتا ہے کہ فلاں شے علت ہے یا رکن ہے یا شرط ہے جیسے کہ زبان عربی کی مشق کرتے کرتے اور قرائن کے موافق الفاظ عربی کا استعمال کرتے کرتے ایک فارسی نژاد شخص کے ذہن میں زبان عربی کے معانی موضوعہ لکن

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہو جایا کرتے ہیں۔

وانما میزانہ نفس تلک المعرفۃ۔ جب ہم شارع کو دیکھتے ہیں کہ وہ ہمیشہ نمازیں رکوع کرتے ہیں سجدہ کرتے ہیں اور اپنے بدن سے ناپاکی کو دور کرتے ہیں اور ہر دفعہ ایسا ہی کرتے ہیں تو اصلی مقصود کا ہم کو یقین ہو جاتا ہے اگر ہم کو حق معلوم کرنے کی خواہش ہے تو ہر جگہ ذاتی صفات معلوم کرنے کا مدار علیہ یہی ہے جب ہم دیکھتے ہیں کہ لوگ لکڑیاں جمع کر کے ان سے ایسی چیز بنانا چاہتے ہیں جو شست کے قابل ہو اور اس کا نام تخت رکھتے ہیں تو اس سے ہم کو تخت کے اوصاف ذاتی کا انتزاع آسان ہوتا ہے۔ اسکے بعد کسی مناسبت کے اعتماد پر علت حکم اور مدار علت حکم کا خارج کرتا ہے۔

ان مقاصد کا معلوم کرنا جن پر احکام کی بنا ہوا کرتی ہے نہایت دقیق علم ہے اس علم میں وہی شخص خوض کیا کرتا ہے جس کا ذہن نہایت لطیف اور اس کا فہم نہایت درست ہو فقہائے صحابہ نے طاعتوں اور گناہوں کے اصول کو ان مشہور امور سے اخذ کر لیا تھا جن پر اس زمانہ کے لوگوں کا اتفاق ہو گیا تھا مشرکین عرب۔ یہود۔ نصاریٰ سب ان پر متفق تھے اس لئے صحابہ کو ان امور کی وجوہ اور انکے متعلق مباحث اور چھیڑ چھاڑ کی زیادہ ضرورت نہ تھی اور شریعت کے قوانین اور آسانی کے اصول اور احکام دین کے طریقوں کو انہوں نے امر دینی کے موقع دیکھ دیکھ کر حاصل کر لیا تھا جیسے طبیب کے ممتحنین مدت کی میل جول اور مشاقی سے ان دواؤں کے فوائد معلوم کر لیتے ہیں جنکے استعمال کا وہ طبیب حکم کیا کرتا ہے صحابہ کو ان امور کے متعلق اعلے درجہ کی واقفیت تھی یہی واقفیت تھی جس کی وجہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس شخص کی نسبت فرمایا تھا۔ جو نماز کو فرض سے ملا کر پڑھتا تھا کہ اسی سے وہ لوگ ہلاک ہوئے تھے۔ جو تم سے پہلے تھے اس پر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابن خطاب تیری رائے کو خدا نے درست کر دیا ہے ایسے ہی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے اسکی وجہ بیان کی کہ جمعہ کے روز غسل کرنیکا حکم کیوں دیا گیا۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تین امر میں مجھ کو خدا کے ساتھ موافقت ہوئی ہے اور منی عنہ وغیرہ کی نسبت حضرت زید ابن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پہلوں میں مختلف بیماریاں پیدا ہو جایا کرتی تھیں۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول ہے کہ اگر ان امور کو جو اب عورتوں نے نئے نئے ایجاد کر لئے ہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم معلوم کرتے تو جیسے بنی اسرائیل کی عورتیں روک دی گئیں تھیں ایسے ہی یہ عورتیں مسجدوں سے روک دیجاتیں۔ معانی شرعیہ کے معلوم کرنے کا صاف طریقہ یہ ہے۔ جو قرآن و حدیث میں صریح طور پر مذکور ہو جیسے فرمایا اللہ نے۔ فصاص میں اے عقلمند تمہاری زندگی ہے اور فرمایا خدا نے معلوم کیا کہ تم اپنے نفسوں سے خیانت کرتے ہو اسلئے توبہ تمہاری قبول کر کے تم کو معاف کر دیا۔ اور فرمایا اب خدا نے تم کو آسانی کر دی اور جان لیا کہ تمہارے اندر ضعف ہے۔ اور فرمایا کہ اگر اس کو کرو گے تو زمین میں بڑا فتنہ اور فساد ہو گا اور خدا نے فرمایا کہ اگر ان میں سے کوئی راستہ سے بہک جائے تو ایک دوسرے کو یاد دلا دے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو معلوم نہیں ہے کہ اس کا ہاتھ کہاں سو رہا ہے اور فرمایا شیطان اس کی ناک پر شب کو رہا ان کے بعد ان معانی کا درجہ ہے جو ایما اور اشارہ سے معلوم ہوئے ہوں جیسے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لعنت کرنے والوں سے بچو۔ ان کے بعد ان کا درجہ ہے جن کو فقیہ صحابی بیان کرے۔ اس کے بعد علت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حکم کے خارج کرنیکا درجہ ہے تخصیص اس طرح ہو کہ اسکی انتہا ایسے امر مقصود پر ہوتی ہو جس کا ملحوظ ہونا یا اسکے نظیر کا ملحوظ ہونا ظاہر ہو۔ اور چونکہ مذہبی امور میں کوئی امر ایسا نہیں ہے جس میں گزاف ہو تو اسواسطے ضرور ہے۔ کہ مقادیر سے بحث کیجاے کہ انکی نظائر کیوں معین نہیں کی گئیں خاص خاص ہی مقادیر کیوں معین ہوئیں اور اس سے بحث ہو کہ حکم عام سے یہ کیوں خاص کئے گئے کیا اصلی مقصود اس عموم کا مقصود تھا یا کوئی مانع وجود تھا کہ تعارض کیوقت اسکو ترجیح دیدیگئی ۔

باب ۸۱

مختلف حدیثوں میں فیصلے کے بیان میں

کلیہ یہ ہے کہ ہر ایک حدیث پر عمل کرنا چاہیے۔ البتہ اگر تناقص کیوجہ سے سب حدیثوں پر عمل نہ کر سکتے ہوں تو بعض کو ترک کرنا چاہیے۔ اور واقع میں کوئی اختلاف نہیں ہوا کرتا۔ ہماری نظر میں اختلاف معلوم ہوا کرتا ہے۔

جب دو حدیثیں مختلف ظاہر ہوں تو وہاں دیکھنا چاہیے اگر وہ اس قسم کی ہیں کہ انمیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا کوئی فعل نقل کیا گیا ہے۔ اگر ایک صحابی نے یہ نقل کیا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک کام کیا تھا اور دوسرے صحابی نے نقل کیا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی دوسرا کام کیا تھا تو اس صورت میں ان حدیثوں میں تعارض نہیں ہوا اگر ایسی حدیثیں ان امور کے متعلق ہیں جو بطریق عادت کئے جاتے ہیں۔ تو وہ دونو مباح ہونگی اور ایک میں عبادت کے آثار ہونگے اور دوسری میں کوئی امر عبادت کا نہ ہوگا تو پہلی کو مستحب سمجھنا چاہیے اور دوسری کو جائز۔ اور اگر دونو حدیثوں کو عبادت سے تعلق ہوگا تو وہ دونو امر مستحب یا واجب ہونگے اور ہر ایک کافی ہو جائیگا۔ حفاظ صحابہ نے اکثر سنن میں ایسی ہی تصریح کی ہے مثلاً وتر میں گیارہ رکعتیں بھی وارد ہیں اور نو اور سات بھی۔ اور تہجد میں جہر بھی آیا ہے اور خافتہ بھی۔ اسی کے موافق رفع یدین میں بھی فیصلہ کرنا چاہیے کہ کانوں تک اٹھائے جائیں یا شانوں تک۔ اور ایسے ہی حضرت عمر اور عبداللہ ابن مسعود اور عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کے تشہد میں بھی فیصلہ کرنا چاہیے اور ایسے ہی وتر میں انکی ایک رکعت مستقل ہے یا تین رکعتیں ہیں اور صبح و شام اور تمام اسباب اور وقتوں میں یہی کیفیت ہے ۔

اور اگر ایسی حدیثوں سے پیشتر کے امر کا وجوب معلوم ہو چکا ہو تو انکی وجہ سے جرح اور تنگی رفع کرنی مفوض ہوا کرتی ہے مثلاً وہ حدیث جسکا کفارہ سے تعلق ہے یا لڑنے والے کے معاونہ کا فیصلہ ایک قول کے موافق۔ یا ان احادیث میں کوئی مخفی علت ہوا کرتی ہے جس سے ایک وقت میں کسی کام کا وجوب معلوم ہوتا ہے اور دوسرے وقت میں انکا تحسن ہونا سمجھا جاتا ہے۔ یا ایک وقت میں کسی شے کا وجوب ثابت ہوتا ہے اور دوسرے وقت میں اسمیں رخصت معلوم ہوتی ہے اس لئے اسکا تفتیش کرنا ضرور ہوا کرتا ہے اور اگر ایک شے میں اباحت کا اثر معلوم ہوتا ہو اور دوسری میں جرح کا لحاظ کیا گیا ہو تو ایک کو عزیمت قرار دینگے اور دوسری کو رخصت۔ اور اگر کوئی دلیل نسخ ظاہر ہو جاوے تو نسخ کے قابل ہونگی۔ اور اگر ایک حدیث میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا کوئی فعل بیان کیا گیا ہو اور دوسری حدیث سے کسی حدیث قولی کا رفع ثابت ہوتا ہو تو اگر اس قول سے تحریم باوجوب کسی امر کا قطعی طور پر معلوم نہ ہوتا ہو یا رفع ہی قطعی نہ ہو تو دونوں کا احتمال ہوگا یعنی حکم اول کا بھی اور حکم دوم کا بھی اور اگر قول میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تحریم وجوب کی تعطیت ہوگی تو اُسوقت میں کہا جائیگا کہ وہ فعل صرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کیلئے خاص تھا یا دونو فعل اور قول کی حالت تفتیش کرنے کے بعد نسخ کے قائل ہو جائینگی۔ اور اگر دونو حدیثیں قولی دیکھینگے کہ ان حدیثوں کی کیا حالت ہے اگر ایک حدیث سے کوئی معنی ظاہر معلوم ہوتے ہوں اور تاویل کرنے سے دوسرے معنی اُسکے ہو سکتے ہوں اور تاویل بعید بھی ہو تو یہ قرار دینگے کہ ایک معنی دوسرے معنی کیلئے بیان ہیں اور اگر تاویل بعید ہوگی تو یہ معنی تاویلی جب ہی لئے جائینگے کہ کوئی قرینہ نہایت قوی ہو یا کسی فقیہ صحابی سے یہ تاویل منقول ہو۔ مثلاً اس ساعت کے متعلق جس میں قبولیت دعا کی اُمید ہوا کرتی ہے عبداللہ بن سلام سے مروی ہے کہ وہ ساعت قبیل مغرب ہوا کرتی ہے۔ اس پر حضرت ابوہریرہ نے اعتراض کیا کہ یہ نماز کا وقت ہی نہیں ہے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ایسے وقت میں کوئی مسلمان کھڑے ہو کر نماز نہ پڑھے۔ تب حضرت عبداللہ ابن سلام نے فرمایا کہ نماز کا انتظار کرنیوالا ایسا ہی ہے جیسے نماز پڑھنے والا۔ یہ تاویل بعید ہے۔ اگر ایک فقیہ صحابی نے اسکو قبول نہ کیا ہوتا۔ تو ایسی تاویلیں قابل تسلیم نہ ہوتیں۔

لیکن یہ قوال ذیل کہ تم پر مردار حرام کیا گیا۔ حرمت علیکم المیتۃ۔ یعنی مردار کا کھانا حرام کیا گیا۔ اور تم پر تمہاری مائیں حرام کی گئیں یعنی اُن سے نکاح کرنا حرام کیا گیا۔ اور جیسے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نظر کا لگنا حق ہے یعنی نظر کا اثر ہوا کرتا ہے۔ اور رسول حق ہے یعنی رسول کی بعثت خدا کی جانب سے یقینی ہوا کرتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری اُمت سے خطا اور نسیان دور کر دی گئی۔ یعنی جو کام خطا و نسیان سے کیا جائے اُسکا گناہ نہیں ہوا کرتا۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ بغیر طہارت کے نماز نہیں ہوتی اور بغیر ولی کے نکاح نہیں ہوا کرتا۔ اور اعمال صرف نیتوں ہی سے ثابت ہوا کرتے ہیں ان حدیثوں سے یہ مراد ہے کہ ان امور پر اُن کے وہ اثر مرتب نہیں ہوا کرتے جو شارع نے قرار دیئے ہیں اور خدا فرماتا ہے کہ جب نماز کو کھڑے ہوا کرو۔ تو منہ وغیرہ دھویا کرو۔ اذا قمتم الی الصلوٰۃ فاغسلوا یعنی اسی صورت میں کہ قم کو وضو نہ ہوا کرے تو اس قسم کے سب اقوال ظاہر ہیں۔ ان میں کوئی امر تاویلی نہیں ہے اسلئے کہ اہل عرب ہر ایک لفظ کو اپنے اپنے مواقع کے جو امر مناسب ہوتا تھا اس سے وہی مراد لیا کرتے تھے۔ یہ اُنکی زبان کا مقتضا تھا۔ اس میں کوئی امر ایسا نہ تھا جس سے وہ سمجھتے ہوں کہ ظاہری معنی سے عدول کیا گیا ہے۔

اور اگر دو حدیثوں میں دو قسم کے فعل مذکور ہوں اور وہ کسی مسئلہ کا جواب یا کسی واقع کے فیصلے کے متعلق ہوں تو اگر اُن دونوں میں کوئی علت دونو کو جدا کرنے والی موجود ہو۔ تو اُسی کے موافق فیصلہ کرینگے۔ مثلاً ایک شخص جوان نے روزہ دار کے بوسہ کا حکم دیا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا آپ نے اُسکو منع کر دیا اور ایک بوڑھے شخص نے دریافت کیا تو آپ نے اُسکو جائز قرار دیا۔ اور اگر سیاق حدیث سے ضرورت کا ہونا۔ یا سائل کا اصرار یا تکمیل امر کیطرف توجہ کا نہ ہونا یا کسی ایسے شخص کی حالت کا رد کرنا مقصود ہو جس نے اپنی ذات پر نہایت سختی کی ہو اور دوسری حدیث میں یہ امور سیاق سے ثابت نہ ہوں تو یہ کہینگے کہ ایک میں عزیمت ہے اور دوسری میں رخصت اور اگر ان احادیث سے حالت تبلائیں کچھ فلاں کسی کی معلوم ہوتی ہو یا اُن میں کسی جنایت کرنیوالے کی توبتیں مذکور ہوں یا نہیں قسم توڑنے والے کے کفارہ کا ذکر ہو۔ تو وہاں احتمال ہوگا کہ دونو وجہیں صحیح قرار دیجائیں اور نسخ کا بھی احتمال ہوگا۔ اسی قاعدہ کے موافق استحاضہ والی عورت کا فتویٰ ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ کبھی اسکو ہر ایک دو نمازوں کیلئے غسل کا حکم دیا گیا۔ اور کبھی ایام معتاد کے موافق حیض کی حالت میں رہنے کا یا ان ایام میں کہ خون کی زیادتی ظاہر ہو۔ یہ تقریر اس قول کے موافق ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دونوں امر کا ایسی عورت کو اختیار دیا ہے اور عادۃ اور خون کا رنگ دونوں اس کے قابل ہیں کہ حیض کا احتمال پیدا کر سکیں۔ اور یہی حکم ایک قول کے موافق روزہ اور اس شخص کی طرف سے کھانا کھلانے میں ہے جو مر گیا ہو اور اس کے ذمہ روزہ باقی ہو اور ایسے ہی ایک قول کے موافق ہے جس شخص کو نماز میں شک واقع ہوا ہو تو اس کا شک کس طرح رفع کیا جائے وہ بھیک رکعتوں کی جانچ کرے یا یقینی رکعتوں کو اختیار کرے اور یہی حکم نسب کے ثابت کرنے کا ہے اور قیافہ اور قرعہ میں بھی یہی حکم ہے۔ ایک قول کے موافق۔

اور اگر احادیث میں نسخ ظاہر ہو تو نسخ کا قابل ہونا چاہئے۔ اور نسخ کا علم کبھی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی تصریح فرمانے سے ہوا کرتا ہے جیسے آپ نے فرمایا ہے کہ میں نے تم کو زیارت قبور سے منع کر دیا تھا لیکن اب ہوشیار ہو کہ قبروں کی زیارت کیا کرو اور کبھی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دونوں حدیثوں کا حکم جمع نہ ہو سکتا ہو اور ایک حدیث دوسری حدیث کے بعد وارد ہوئی ہو اور جب شارع نے کوئی حکم شروع کیا ہو اور اسکی جگہ دوسرا کوئی اور مشروع کر دیا ہو اور پہلے حکم سے سکوت کیا ہو تو فقہائے صحابہ اس سے سمجھتے ہیں کہ پہلا حکم منسوخ ہو گیا اور جب مختلف احادیث میں کسی صحابی نے فیصلہ کیا ہو کہ ایک حدیث دوسری کی ناسخ ہے تو اس سے بھی نسخ ظاہر ہو گئی لیکن ایسا ثبوت قطعی نہ ہو گا اور فقہا کا ان احادیث کو منسوخ کہدینا جو ان کے عمل مشائخ کی خلاف ہوں قابل قناعت نہیں ہے اور امور منسوخہ میں علماء یہ ظاہر کرتے ہیں کہ اصلی حکم میں تبدیلی ہو جایا کرتی ہے حقیقت میں یہ تبدیلی نہیں ہوتی بلکہ علت حکم کے ختم ہونے سے وہ حکم بھی ختم ہو جایا کرتا ہے یا اس علت میں مقصود اصلی کا احتمال باقی نہیں رہا کرتا یا علت کے ظاہر ہونے سے کوئی امر مانع پیش آجایا کرتا ہے یا رسول خدا کے وحی میں یا اپنے اجتہاد سے کسی دوسرے حکم کی ترجیح ظاہر ہو جایا کرتی ہے اس قسم کی ترجیح جب ہی ہوتی ہے کہ پہلا حکم اجتہادی ہو۔ حدیث معراج میں ضا ارشاد فرماتا ہے میرے ہاں قول میں تبدیلی نہیں ہوا کرتی۔ ما یبدل القول لدی اور جب دو حدیثوں کا حکم ایک ہو سکتا ہو اور تاویل کا بھی موقع نہ ہو۔ ورنہ حیثیت حکم بھی معلوم نہ ہو تو ان احادیث میں تعارض ہو گا۔ اس صورت میں اگر ایک حدیث کی ترجیح ثابت ہو گی تو راجح کو اختیار کرینگے۔ ورنہ دونوں حدیثیں ساقط ہو جائینگی لیکن یہ اخیر صورت محض فرضی ہی ہے ایسی حدیثیں قریب قریب معدوم کے ہیں اور ترجیح کے وجوہ متعدد طور پر ہیں۔

کبھی حدیث کی سند میں رجحان کی قوت ہوا کرتی ہے۔ اس طرح کہ اس حدیث کے راوی زیادہ ہوں یا اس کے راوی میں فقاہت ہو یا اس حدیث میں اتصال کی قوت ہو۔ یا اس میں بصراحت مرفوع ہونا بیان کیا گیا ہو یا راوی سے خود اس حدیث کا تعلق ہو کہ اس نے خود فتوے دریافت کیا ہو یا اس سے خطاب کیا گیا ہو یا اس فعل کو جو اسمیں مذکور ہو وہ اپنے عمل میں لایا ہو۔ اور اسطرح بھی رجحان ہوتا ہے کہ حدیث کے متن میں کوئی وصف ہو کہ کسی امر کو تاکید اسمیں بیان کیا ہو یا مصرح طور پر ذکر کیا ہو یا حکم اور علت کی وجہ سے حدیث میں قوت آجایا کرتی ہے کہ وہ حکم احکام شرعی کے لحاظ سے زیادہ مناسب ہوا کرتا ہے۔ اور اس علت کو ان احکام سے زیادہ تعلق ہوتا ہے۔ اور خارجی لحاظ سے بھی حدیث میں رونق بڑھ جاتا ہے کہ اکثر اہل علم نے اسکو متمسک بہ قرار دیا ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کسی صحابی کا یہ کہنا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا تھا۔ اور اسطرح منع کیا تھا۔ اور آپنے یوں فیصلہ کیا تھا اور اسطرح رخصت دی تھی۔ اور اسکے بعد اسکا یہ قول کہ ہم کو یہ حکم دیا گیا تھا اور فلاں امر سے ہم کو منع کیا گیا تھا۔ یا صحابی کا یہ کہنا کہ فلاں امر مسنون ہے اور جس نے ایسا کیا اس نے ابوالقاسم آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کی اور اسکے بعد اس صحابی کا یہ کہنا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا حکم ہے تو اس سے بظاہر اس حکم کا مرفوع ہونا معلوم ہوتا ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ اس نے عامۃ مدار علیہ حکم کے خیال کرنے میں اپنے اجتہاد کو دخل دیا ہو یا اس کا حکم خود متعین کیا ہو۔ کہ یہ امر واجب ہے یا مستحب عام ہے یا خاص۔ اور صحابی کا یہ کہنا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ایسا کیا کرتے تھے۔ ظاہر اس سے کسی کام کا چند بار کرنا معلوم ہوتا ہے اور اگر اس فعل کے متعلق کسی دوسرے شخص نے بیان کیا کہ نہیں دوسرا فعل کیا کرتے تھے تو یہ اس اول کے کچھ منافی نہ ہوگا۔ اور صحابی کا یہ کہنا کہ میں کہ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا اور میں نے آپ کو منع کرتے ہوئے نہیں دیکھا یا یہ کہنا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں ایسا کیا کرتے تھے۔ تو اس سے اس حکم کا ثبوت ظاہر طور پر ہے بطریق نفی کے۔

کبھی روائتوں اور طرق کے اختلاف سے احادیث کے الفاظ اور عبارات میں اختلاف ہوا کرتا ہے۔ پس اگر کوئی حدیث وارد ہو۔ اور ثقات راویوں نے اسکے الفاظ میں کچھ اختلاف نہ کیا ہو تو یہ الفاظ بظاہر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ہی سمجھے جائینگے اور ان الفاظ کی تقدیم و تاخیر راوی کے لحاظ سے استدلال کرنا ناممکن ہوگا۔ اور ایسے ہی اصل مقصود پر جن امور کا اضافہ ہوگا۔ ان کا لحاظ رکھا جائیگا۔

اور اگر راویوں نے اختلاف کیا ہو۔ اور تمام راوی فقاہت۔ حفظ۔ کثرت میں ہم مرتبہ ہوں تو پھر یہ امر ظاہر نہ ہوسکیگا کہ یہ الفاظ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ہیں اور ایسے ہی احادیث میں صرف اسی معنی سے استدلال کرسکینگے جس کو بالاتفاق سب نے بیان کیا ہوگا۔ عام راویوں کا یہ قاعدہ تھا کہ وہ صرف اصل معنی کا لحاظ کیا کرتے تھے۔ زوائد اور حواشی کا کچھ خیال نہیں کرتے تھے اور اگر ایسی حالت میں راویوں کے درجات مختلف ہونگے تو جو ان میں ثقہ ہوگا اور اس قصہ اور واقع سے خوب واقف ہوگا اسی کو اختیار کرینگے اور اگر راوی ثقہ کے قول میں ضبط الفاظ کا اہتمام بھی زیادہ ہوگا۔ جیسے وہ کہے کہ وثب کا لفظ وارد ہوا ہے۔ قام کا اور اغاض علے جلاء الما رآیا ہے۔ نہ اغتسل تو اسکو بھی اختیار کرینگے۔ اور اگر روایت حدیث میں راویوں نے بہت زیادہ اختلاف کیا ہوگا۔ اور وہ سب رتبہ میں مساوی ہونگے اور کوئی مرجح نہ ہوگا تو تمام خصوصیتیں مختلف فیہا لغو ہونگی۔

اور حدیث مرسل قابل سند اور رجحت جب ہوا کرتی ہے کہ کوئی اور قرینہ اسمیں شامل ہوگیا ہو مثلاً کسی صحابی کی حدیث موقوف ہے اسمیں قوت آگئی ہو یا صحابی کی مسند ضعیف نے یکسی دوسرے راوی کی مرسل حدیث سے وہ قوی ہوگئی ہو۔ اور روات دونوں کے مختلف ہوں یا اکثر اہل علم کے اقوال یا قیاس صحیح یا نص کے ایما سے اسکی تائید ہوگئی ہو یا یہ معلوم ہوا ہو کہ یہ راوی عادل سے ہی حدیث کو بطریق ارسال بیان کرتا ہے اگر مرسل کی یہ حالت ہے تو قابل حجت ہے اگر مستند سے اس کا درجہ کم ہے ورنہ قابل حجت نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور جس حدیث کو کوئی قاصر الضبط راوی یا مجہول الحال نقل کرے لیکن وہ متہم نہ ہو تو اگر اسکے ساتھ کوئی قرینہ بھی ہے مثلاً قیاس کے موافق ہو یا اکثر اہل علم کا اسپر عمل ہو تو وہ قابل قبول ہوگی۔ ورنہ اسکو قبول نہ کرینگے۔

اور اگر کوئی ثقہ راوی ایسا امر حدیث میں زائد کردے کہ اور راوی اسپر سکوت کرسکتے ہوں مثلاً حدیث مرسل کی اسناد بیان کردے یا اسناد میں کسی راوی کو زیادہ کردے۔ یا حدیث کا شان نزول بیان کرے یا روایت اور اطناب کلام کا سبب بیان کرے یا کوئی مستقل جملہ ذکر کرے جس سے کلام کے معنی میں کوئی تبدیلی نہ ہوتی ہو تو ایسی زیادتی مقبول ہے اور اگر اور راوی اسکی زیادتی پر سکوت نہ کرسکتے ہوں مثلاً کوئی ایسی شے زیادہ کردے جس سے معنی بدلجائیں یا کوئی ایسی نادر شے زیادہ کردے جسکو عادت ذکر کیا ہی کرتے ہیں تو وہ زیادتی مقبول نہ ہوگی۔

اور جب کوئی صحابی حدیث کو کسی محمل پر حمل کرے تو اسمیں اگر اجتہاد کو دخل ہو تو جب تک کوئی دلیل اسکے مخالف قائم ہو وہی عمل ظاہر خیال کیا جائیگا ورنہ قوی ہوگا۔ جیسے کہ اسکا تعلق ان قرائن حالیہ یا مقالیہ سے ہو جس کو لغت کا واقف معلوم کرسکتا ہے۔

اور آثار صحابہ و تابعین میں اگر اختلاف واقع ہو تو مذکورہ بالا وجوہ سے اگر اتفاق پیدا ہوسکے تو بہتر ہے ورنہ اس مسئلہ کے وجوب یا ندب خیال کئے جائینگے اسکے بعد دیکھنا چاہیئے کہ کونسا زیادہ بہتر ہے اور مذاہب صحابہ کا ماخذ معلوم کرنا ایک مخفی علم ہے اسکے معلوم کرنے میں خوب کوشش کرنی چاہیئے بڑا فائدہ حاصل ہوگا۔ واللہ اعلم۔

باب ۸۲

ان اسباب کے بیان میں کہ صحابہ و تابعین کی فروع میں کیسے اختلاف کیا

معلوم کرنا چاہیئے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں احکام فقہ کے جمع نہیں ہوئے تھے۔ اور جیسے فی زمانا فقہا کرتے ہیں ایسے مباحث بھی نہ تھے۔ فقہا نہایت کوشش سے ارکان و شرط۔ ہر شے کے آداب دوسرے سے جدا جدا دلائل کے بیان کرتے ہیں۔ نئی نئی صورتیں فرض کرتے ہیں۔ اور ان صور مفروضہ میں گفتگو کیا کرتے ہیں۔ جو چیزیں قابل تعریف ہیں انکی تعریفیں کرتے ہیں جو قابل حصر ہیں انکو حصر کرتے ہیں اور ایسے ہی انکے اور کام ہیں۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں صحابہ آپکو وضو کرتے ہوئے دیکھتے تھے اور اسکا طریقہ سیکھ لیتے تھے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اسکی تشریح نہیں فرماتے تھے کہ یہ امر رکن ہے اور وہ مستحب ہے ایسے ہی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے اور صحابہ آپکو جیسے نماز پڑھتے ہوئے دیکھتے تھے ویسے ہی خود بھی نماز پڑھتے تھے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حج کیا اور لوگوں نے بھی ویسے ہی آپ کے موافق اعمال حج ادا کئے اکثر یہ حالت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی تھی۔

اس کی تفصیل اور تشریح کچھ نہ تھی۔ کہ وضو کے فرائض چھ ہیں یا چار ہیں اور یہ فرض نہیں کیا گیا تھا کہ یہ بھی احتمال ہے کہ کوئی شخص بغیر موالات کے وضو کرے اور اسوقت وضو کے رہنے یا نہ رہنے کا حکم کیا جائے الا ماشاء اللہ صحابہ اس قسم کے امور کو بہت کم دریافت کیا کرتے تھے حضرت عبداللہ ابن عباس سے روایت ہے کہ میں نے صحابہ سے سوال خدا صلے اللہ علیہ وسلم

محکمہ داخلہ و ایران سے مرتبہ مطبوعہ و مطبوعہ محفوظ ہے ہر مخالف مقدمہ آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے کسی قوم کو بہتر نہیں پایا۔ انہوں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات تک صرف تیرہ مسئلے دریافت کئے جو کہ قرآن میں مذکور ہیں ان مسائل میں سے یہ ہے کہ لوگ تجھ سے ماہ حرام میں لڑنے کا حکم دریافت کرتے ہیں کہدے اس مہینہ میں لڑنا بڑا امر ہے۔ ویسئلونک عن الشھر الحرام قتال فیہ قل قتال فیہ کبیر اور تجھ سے حیض کا حال دریافت کرتے ہیں ویسئلونک عن المحیض۔ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ صحابہ وہی امور دریافت کیا کرتے تھے جو مفید ہوں حضرت عبداللہ ابن عمرؓ کا قول ہے کہ وہ امور مت دریافت کرو۔ جو ابھی تک وقوع میں نہ آئے ہوں قاسم کا قول ہے تم ایسے امور دریافت کرتے ہو جنکو ہم نہ دریافت کیا کرتے تھے اور ایسے امور کی تفتیش کرتے ہو جنکی ہم تفتیش نہ کیا کرتے تھے تم وہ امور دریافت کرتے ہو جنکو ہم نہیں جانتے کہ وہ کیا ہیں اور اگر ہم ان کو جانتے تو ان کا چھپانا ہم کو جائز نہ تھا۔ عمرو بن اسحاق سے روایت ہے۔ کہ میں صحابہ رسول خدا میں جن سے ملا ہوں۔ انکی تعداد ان سے زیادہ تھی جو مجھ سے پہلے گذر چکے تھے۔ میں نے کسی قوم کو نہیں پایا جنکی روش میں آسانی زیادہ اور سختی کم ہو۔ عبادہ بن لبسر کندی سے روایت ہے۔ ان سے اس عورت کا حال دریافت کیا گیا جو ایک قوم کے ساتھ مر گئی تھی۔ اور اس کا کوئی ولی نہ تھا۔ انہوں نے کہا میں ایسے لوگوں سے ملا ہوں جو تمہاری طرح سختی نہیں کرتے تھے۔ تمہارے مسائل کو وہ دریافت نہیں کیا کرتے تھے۔ (ان تمام آثار کو دارمی نے روایت کیا ہے)۔

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے واقعات کے متعلق لوگ دریافت کیا کرتے تھے آپ اسکا جواب دیا کرتے تھے وہ لوگوں کو کوئی اچھا کام کرتے ہوئے دیکھتے تھے انکی تعریف کرتے تھے اور اگر برا کام کرتے ہوئے انکو دیکھتے تھے تو اسکی برائی بیان فرمایا کرتے تھے۔ اور اکثر موقع فتوے اور فیصلہ کرنے کا یا کام کرنیوالے کی برائی بیان کرنیکا مجلسوں میں ہی ہوا کرتا تھا اور یہی حالت شیخین حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی تھی۔ جو مسئلہ ان کو معلوم نہ ہوتا۔ اور لوگوں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث دریافت کر لیا کرتے تھے۔ ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے جدہ کے حصہ کے متعلق کوئی حکم نہیں سنا ہے لوگوں سے انہوں نے اسکو دریافت کیا۔ نماز ظہر کے بعد انہوں نے فرمایا تم میں سے کوئی ایسا شخص ہے جس نے جدہ کے حصہ کے متعلق پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کچھ سنا ہو۔ مغیرہ ابن شعبہؓ نے کہا میں نے سنا ہے۔ انہوں نے فرمایا کیا سنا ہے انہوں نے کہا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جدہ کو چھٹا حصہ دلوایا تھا آپ نے فرمایا تمہارے سوا کوئی اور شخص بھی اسکو جانتا ہے۔ محمد بن سلمہؓ نے کہا یہ سچ کہتے ہیں تب ابوبکر صدیقؓ نے جدہ کو چھٹا حصہ دلوایا۔ ایسے ہی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے غرہ کی کیفیت لوگوں سے دریافت کی اور مغیرہؓ کی خبر پر آپ نے عمل کیا لوگوں سے وبا کے متعلق انہوں نے دریافت کیا اور عبدالرحمن بن عوف کی خبر کیجانب انہوں نے رجوع کیا۔ ایسے ہی مجوس کے قصہ میں حضرت عبدالرحمن بن عوف کی خبر پر عمل کیا تھا اور جب عبداللہ بن مسعود کی رائے سے مقتل بن سیار کی خبر مطابق ہو گئی تھی تو ابن مسعود نہایت خوش ہوئے تھے۔ اور ابو موسے حضرت عمرؓ کے دروازہ سے واپس چلے گئے تھے اور حضرت عمرؓ نے ان سے حدیث دریافت کی تھی اور ابو سعید نے اسکی تصدیق کی تھی ایسے واقعات بکثرت ہیں اور صحیحین اور سنن میں انکی روایت کیگئی ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاصل یہ ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی یہی عادت شریف تھی۔ ہر ایک صحابی نے توفیق کے موافق آپکی عبادت اور فتاوے اور احکام کو دیکھا انکو خوب محفوظ کر لیا اور سمجھ لیا اور قرائن کی وجہ سے ہر ایک کی وجہ بھی معلوم کر لی اور ان حالات و قرائن کے سبب سے جو اسکو معلوم تھے بعض امور کی نسبت اندازہ کیا کہ جائز ہیں اور بعض کا اندازہ کیا کہ منسوخ ہیں۔ انکو استدلال کے طریقوں کی جانب زیادہ توجہ نہ تھی بلکہ انکی نظر میں زیادہ پسندیدہ امر یہ تھا کہ اطمینان اور یقین حاصل ہو جائے انکی یہی حالت تھی جیسے تم اعراب کی دیکھتے ہو وہ بھی آپس میں تصریح یا اشارہ سے مقصود کلام کو سمجھ جایا کرتے ہیں اسی سے انکو تسکین ہو جاتی ہے اور انکو معلوم بھی نہیں ہوتا کہ کیسے انکو اطمینان ہو گیا صحابہ اسی حالت پر تھے کہ عہد بزرگ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا ختم ہو گیا اور صحابہ آپکے بعد اطراف ملک میں پھیلگئے۔ اور ہر شخص ایک ایک حصہ ملک کا مقتدا اور رہبر ہو گیا۔ واقعات زیادہ پیش آتے گئے اور اکثر مسائل دریافت کرنے کی ضرورت پڑتی رہی ہر شخص نے اپنے محفوظات اور استنباط کی قوت سے ان کا جواب دیا۔ اور اگر اپنے محفوظات یا استنباط میں کوئی امر جواب کے قابل نہ پایا تو اپنی رائے سے اجتہاد کیا۔ اور اس علت کو جو علوم کیا جسکو اپنے صریح احکام کے لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مدار علیہ قرار دیا تھا اس لئے انہوں نے جہاں اس علت کو پایا وہیں اس کا حکم متعین کر دیا اور اس امر میں نہایت کوشش کی کہ یہ حکم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی غرض کے مطابق ہو جائے۔ اس وجہ سے اختلاف کے چند پہلو ہو گئے۔ اور اسطرح کہ ایک صحابی نے کسی واقع کے متعلق کوئی حکم نبوی سنا تھا اور دوسرے نے اسکو نہیں سنا تھا اسلئے اس دوسرے کو اپنی رائے سے اجتہاد کی ضرورت پڑی اس اجتہاد کے بھی کئی طریقے ہو گئے۔ اولاً ایسا ہوا کہ اس کا اجتہاد اس حدیث کے موافق ہو گیا۔ جیسے نسائی وغیرہ نے روایت کی ہے کہ عبداللہ ابن مسعود سے مسئلہ دریافت کیا گیا کہ ایک عورت کا خاوند مر گیا ہے اور اس نے اس عورت کا کوئی حصہ مہر مقرر نہیں کیا ہے نہ اسنے اس عورت کو کچھ ملنا چاہئے انہوں نے کہا اسکے متعلق میں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو کوئی فتوے دیتے ہوئے نہیں دیکھا ہے۔ لیکن لوگ ایک اہ تک انکے پاس آتے جاتے رہے اور اصرار کرتے رہے کہ اسکا حکم بتائے انہوں نے اپنی رائے سے اجتہاد کر کے جواب دیا کہ اس کو بالکل وہ کچھ اسکے خاندان کی عورتوں کا مہر دینا چاہئے اس پر عدت ضروری ہے اور اسکو ورثہ ملیگا۔ اسکو سن کر معقل بن یسار نے کھڑے ہو کر شہادت دی کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بھی ایک عورت کے مقدمہ میں ایسا ہی فیصلہ کیا تھا۔ اس سے عبداللہ ابن مسعود ایسے خوش ہوئے کہ اسلام کے بعد وہ کبھی ایسے خوش نہیں ہوئے تھے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ دو صحابیوں میں بحث و مناظرہ کے بعد ایسی حدیث ظاہر ہو جائے جسکے ہوتے ہوئے گمان غالب ہو اور اس حدیث مسموع کی جانب وہ صحابی رجوع کرے جیسے آئمہ حدیث نے روایت کی ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا مذہب تھا کہ اس شخص پر روزہ نہیں ہے۔ جس نے جنابت کی حالت میں صبح کی ہو۔ یہاں تک کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد ازواج نے ان کے مذہب کے خلاف حدیث بیان کی تب حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنے مذہب سے رجوع کیا۔

تیسری صورت یہ ہے کہ صحابی کو حدیث پہنچے لیکن اس سے گمان غالب نہ ہو اسلئے وہ صحابی اپنے اجتہاد کو ترک کرے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بلکہ حدیث میں طعن کرے جیسے علمائے اصول نے ذکر کیا ہے فاطمہ بنت قیس نے حضرت عمرؓ کے پاس حاضر ہو کر بیان کیا کہ اسکو تین طلاقیں خاوند نے دی تھیں۔ اسلئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکے لئے نفقہ اور مکان قرار نہیں دیا لیکن حضرت عمرؓ نے اسکی شہادت کو تسلیم نہیں کیا اور فرمایا کہ میں ایک عورت کے قول سے کتاب الٰہی کو نہیں چھوڑ سکتا ہوں۔ ہم کو کیا معلوم ہے کہ یہ عورت سچی ہے یا جھوٹی ایسی عورت کو نفقہ اور مکان ملیگا۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فاطمہؓ سے فرمایا کہ تو خدا سے خوف نہیں کرتی (یعنی اپنے قول میں)۔

اس کی دوسری مثال یہ ہے کہ حضرت عمرؓ کا مذہب تھا۔ کہ جس جنب کو پانی نہ ملے اسکے لئے تیمم کافی نہیں۔ جب حضرت عمارؓ نے اُن سے روایت کی کہ ایک بار سفر میں میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا مجھ کو غسل کی ضرورت ہوئی اور پانی نہ ملا اور میں خاک پر لوٹنے لگا۔ رسول خدا سے میں نے اس کو بیان کیا۔ آپ نے فرمایا کہ تم کو ایسا کرنا کافی تھا اور یہ فرماتے ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے زمین پر دونوں ہاتھ مار کر اپنے منہ اور ہاتھوں پر مسح کر لیا لیکن حضرت عمرؓ نے اس حدیث کو تسلیم نہیں کیا اور ایک مخفی اعتراض کیوجہ سے جو حدیث میں انکو معلوم ہوا۔ اس حدیث کو قابل حجت نہیں قرار دیا۔ لیکن دوسرے طبقہ میں (تابعین کے) بہت سے طریقوں سے اس حدیث کی شہرت ہو گئی اور معترض کا وہم ضعیف ہو گیا اس لئے سب نے اسکو قبول کر لیا۔

چوتھی صورت یہ ہے کہ صحابی کو حدیث پہنچی ہی نہیں۔ جیسے مسلم نے روایت کی ہے کہ عبداللہ بن عمر غسل کیوقت عورتوں کو حکم کیا کرتے تھے کہ سر کے بالوں کو کھول لیا کریں۔ حضرت عائشہؓ نے یہ سنکر فرمایا ابن عمرؓ سے تعجب ہے عورتوں کو وہ سر کے بال کھولنے کا حکم دیتے ہیں انکو سر منڈوانے کا کیوں حکم نہیں دیتے۔ یقیناً میں اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ایک برتن سے نہایا کرتے تھے اور میں اس سے زیادہ کچھ نہیں کرتی تھی کہ سر پر تین بار پانی بہا دیا کرتی تھی۔

اس کی دوسری مثال یہ ہے جسکو امام زہری نے روایت کیا ہے کہ ہند کو یہ مسئلہ معلوم نہ تھا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مستحاضہ کو نماز کی رخصت دی ہے۔ اسلئے کہ وہ نماز نہ پڑھنے کی وجہ سے رویا کرتی تھیں۔

اور ایک نوع اختلاف کی یہ بھی ہے کہ صحابہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو کوئی فعل کرتے ہوئے دیکھتے تھے تو بعض اندازہ کرتے تھے کہ ثواب کیلئے اسکو کیا ہے اور بعض خیال کرتے تھے کہ اسکو مباح طور پر کیا ہے۔ جیسے علمائے اصول نے حج کرنے کے بعد مقام ابطح میں قیام کرنے کے متعلق روایت کی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے وہاں قیام فرمایا تھا۔ اس سے حضرت ابوہریرہؓ اور عبداللہ ابن عمر کا مذہب یہ ہے کہ ثواب کے طور پر آپ نے قیام کیا تھا اسلئے ابطح میں ٹھیرنا انکے نزدیک حج کی سنتوں میں سے ہے اور حضرت عائشہؓ اور عبداللہ ابن عباس کا مذہب ہے کہ یہ محض اتفاقی امر تھا حج کی سنن میں یہاں ٹھیرنا داخل نہیں ہے اور جمہور کا مذہب ہے کہ طواف میں رمل کرنا سنت ہے اور حضرت ابن عباسؓ کا قول ہے کہ اسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک امر عارضی کیوجہ سے کہ مشرکین نے کہا تھا کہ مسلمانوں کو مدینہ کے بخار نے کمزور کر دیا ہے محض اتفاقی طور پر کیا تھا یہ سنت نہیں ہے۔

اور کبھی وہم کے اختلاف سے صحابہ میں اختلاف ہو گیا ہے مثلاً رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حج کیا۔ اور بعض صحابہ نے

محکمہ داؤد وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انکو دیکھ خیال کیا۔ کہ آپ نے نیت تمتع کی کی تھی۔ اور بعض نے خیال کیا کہ قرآن کی اور بعض نے خیال کیا کہ حج افراد کی نیت کی تھی۔

اس کی دوسری مثال یہ ہے۔ ابوداؤد نے حدیث نقل کی ہے کہ سعید بن جبیر کہتے ہیں میں نے عبداللہ ابن عباس سے کہا اے ابوالعباس مجھ کو تعجب ہے کہ صحابہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اسوقت کیسے اختلاف کیا ہے۔ جب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے احرام کے افعال ادا کئے انہوں نے فرمایا میں سب لوگوں سے اسکی حقیقت زیادہ جانتا ہوں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک حج کیا تھا۔ اسمیں لوگوں میں اختلاف ہوگیا تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم حج کیلئے باہر نکلے آپنے مسجد ذوالحلیفہ میں نماز پڑھی دو رکعت سے فارغ ہونے کے بعد آپنے اسی مجلس میں حج کیلئے باواز بلند لبیک کہا لوگوں نے اسکو سنا اور میں نے اسکو محفوظ رکھا پھر آپ سوار ہوئے اور جب آپ کی ناقہ نے اٹھایا تب بھی آپنے لبیک کہا۔ اور اسکو بھی لوگوں نے سنا لوگ متفرق طور پر آتے تھے سب شامل نہ تھے۔ کوئی ایک امر سے واقف تھا اور دوسرے سے ناواقف تھا۔ ان پچھلے لوگوں نے اس حالت میں لبیک کہتے ہوئے سنکر کہا کہ حضرت نے لبیک اسوقت کہا تھا جب ناقہ پر سوار ہوگئے تھے آگے بڑھ کر جب بیابان کی بلندی پر آپ پہنچے تب بھی لبیک کہا اور اسکو سنکر لوگوں نے کہا کہ جب آپ بیابان کی بلندی پر پہنچے تھے تب بھی لبیک کہا تھا اور قسم ہے اللہ کی کہ آنحضرت صلعم نے لبیک کو اپنی نماز کی جگہ کہا تھا۔ اور جب ناقہ پر آپ سوار ہو رہے تھے اسوقت بھی کہا تھا اور جب بیابان کی بلندی پر چڑھے تھے اسوقت بھی کہا تھا۔

اور سہو و نسیان سے بھی صحابہ میں اختلاف ہوگیا ہے۔ مثلاً روایت کی گئی ہے کہ عبداللہ ابن عمر کہا کرتے تھے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے رجب میں عمرہ کیا تھا۔ یہ سنکر حضرت عائشہ رضہ نے گواہوں سے فیصلہ کر دیا۔

اور کبھی خوب انضباط کے نہ ہونے سے اختلاف ہوا کرتا ہے۔ جیسے عبداللہ ابن عمرؓ نے یا حضرت عمرؓ نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ جب میت کے اہل اس پر روتے ہیں تو میت کو عذاب ہوتا ہے تو حضرت عائشہ رضہ نے فیصلہ کیا کہ ٹھیک طور پر انکو حدیث معلوم نہیں ہے اصلی امر یہ ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا ایک یہودیہ عورت پر گذر ہوا اس عورت کے اہل اسپر رو رہے تھے آپنے فرمایا کہ یہ لوگ اس عورت پر رو رہے ہیں اور اسپر قبر میں عذاب ہو رہا ہے اسطرح عبداللہ ابن عمر نے خیال کیا کہ رونا عذاب کی علت ہے اور اس سے گمان کر لیا کہ ہر ایک میت کا یہی حکم ہے۔

کبھی حکم کی علت میں اختلاف ہو جاتا ہے۔ جیسے جنازہ دیکھکر کھڑا ہونا بعض قائل ہیں کہ یہ قیام ملائکہ کی تعظیم کیلئے ہوتا ہے اسلئے مومن اور کافر دونوں کے جنازہ کو دیکھکر اٹھنا چاہئے اور بعض قائل ہیں کہ موت کے خوف سے کھڑے ہوتے ہیں تب بھی دونو صورتوں میں کھڑا ہونا چاہئے اور حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک بار یہودی کا جنازہ آپ کے سامنے سے گذرا آپ اس کو دیکھکر کھڑے ہوگئے آپ کو یہ مکروہ معلوم ہوا اور کہیں آپکے سر کے اوپر سے وہ نہ گذرے۔ اس صورت میں قیام جیسی ہی کرنا چاہئے کہ کافر کا جنازہ ہو۔

دو مختلف امور کے جمع کرنے میں بھی صحابہ نے اختلاف کیا ہے مثلاً رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سال خیبر میں متعہ کی اجازت دیدی تھی اسکے بعد سال اوطاس میں اسکی اجازت دی اور سال اوطاس کے بعد منع فرمادیا اسواسطے عبداللہ ابن عباسؓ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے کہا کہ اجازت ضرورت کیوجہ سے تھی اور ضرورت جب باقی نہ رہی تو منع کر دیا۔ اور اب تک وہی اصلی حکم ممنوع ہونے کا باقی ہے اور جمہور علماء کا قول یہ ہے کہ رخصت اباحت تھی اور منع کرنے نے اسی اباحت کو منسوخ کر دیا۔ اسکی دوسری مثال یہ ہے۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے استنجا میں استقبال قبلہ سے منع فرمایا تھا۔ اسلئے ایک جماعت کا مذہب یہ ہے کہ یہ حکم عام ہے اور وہ منسوخ نہیں ہوا۔ اور حضرت جابرؓ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات سے ایکسال پیشتر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تھا کہ آپ نے قبلہ کی جانب پیشاب کیا تھا۔ اسواسطے انکا مذہب یہ ہے کہ اس سے وہ پہلے ہی منسوخ ہو گئے۔ اور عبداللہ ابن عمرؓ نے آپکو دیکھا تھا کہ قبلہ کی جانب پشت دیکر اور شام کی جانب ہوکر قضائے حاجت فرمائی تھی۔ اس سے انہوں نے جماعت کے قول کو رد کیا اور ایک جماعت نے ان دونو قولوں کو جمع کیا ہے امام شعبی وغیرہ کا مذہب ہے کہ بیابانمیں استقبال قبلہ استنجا میں منع ہے اور اگر پائخانوں میں استنجا کیا جائے تو اس صورت میں استقبال اور استدبار قبلہ کی طرف استنجا میں جائز ہے اور ایک جماعت کا قول یہ ہے کہ وہ قول منع فرمانے کا عام اور محکم ہے اور آپ کا فعل صرف آپکی ذات کیلئے ہے۔ اسواسطے نہ ناسخ ہوسکتا ہے نہ مخصص ہوسکتا ہے۔

بہرحال ان طریقوں سے صحابہ کے مذاہب میں اختلاف ہوگیا تھا اور ان کے بعد تابعین نے توفیق کی موافق ان مذاہب کے اختیار کیا ہر شخص نے بقدر استطاعت احادیث رسول خدا اور مذاہب صحابہ کو سنا اور انکو خوب سمجھ کر مختلف امور کو بقدر وسعت جمع کیا اور بعض اقوال کو بعض پر ترجیح دی اور انکی نظر میں بعض بعض اقوال ضعیف معلوم ہوے اگرچہ وہ بھی صحابہ سے ماثور اور مروی تھے۔ جیسے عمر بن مسعودؓ کا مذہب جنب کے تیمم کرنے میں منقول ہوتا چلا آتا تھا جب عمار، عمران بن حصین وغیرہ کی احادیث مشتہر ہوئیں تو انکی نظر میں وہ مسلک ضعیف معلوم ہوا۔ اس طرح تابعین میں سے ہر ایک عالم نے اپنے خیال کے موافق ایک خاص مذہب ہوگیا اور ہر شہر میں ایک امام قائم ہوگیا۔ مثلاً مدینہ میں سعید ابن مسیب اور سالم بن عبداللہ بن عمر ہوئے اور ان کے بعد یہیں مدینہ میں قاضی یحیی بن سعید اور ربیعہ بن عبدالرحمن وغیرہ ہوگئے۔ مکہ میں عطا بن رباح امامت کے درجے کو پہنچے اور کوفہ میں ابراہیم نخعی اور امام شعبی اور بصرہ میں امام حسن بصری اور یمن میں طاوس بن کیسان اور شام میں امام مکحول پیدا ہوئے لوگوں نے نہایت شوق اور سرگرمی سے ان کی جانب رغبت کی اور اس سے علم حدیث صحابہ کے مذاہب اور اقوال کو اور خود ان علماء کے ذاتی مذاہب اور تحقیقات کو اخذ کیا۔ مسائل میں لوگ ان سے فتوے پوچھتے رہے اور خوب مسائل کا ان میں تذکرہ رہا۔ اور تمام معاملات کے وہ مرجع رہے سعید بن مسیب اور ابراہیم اور انکے ہم رتبہ لوگوں نے تمام ابواب فقہ کی ترتیب دیدی تھی۔ اور ہر باب کے متعلق ان کے پاس اصول اور قواعد مرتب تھے۔ جن کو انہوں نے اپنے اسلاف سے حاصل کیا تھا سعید بن مسیب اور انکے شاگردوں کا یہ مذہب تھا کہ حرمین کے علماء کو فقہ میں نہایت پختگی ہے اور ان کے مذہب کی بنیاد عبداللہ ابن عمرؓ اور حضرت عائشہؓ اور عبداللہ ابن عباسؓ کے فتوے اور مدینہ کے قاضیوں کے فیصلے ہیں۔ ان سب علوم کو انہوں نے بقدر استطاعت جمع کیا۔ اور ان میں تفتیش اور نگاہ کی غور سے دیکھا جو مسائل انہوں نے علماے مدینہ کے اجماعی پائے انکو نہایت پختگی سے اختیار کیا۔ اور اختلافی مسائل میں وہ اختیار کئے جو قوی اور مرجح پائے انہیں ترجیح یا اسلئے تھی کہ اکثر علماء نے اس طرف میلان کیا تھا یا وہ کسی مصرح قیاس کے موافق تھے یا کتاب وحدیث سے مصرح طور پر مستنبط ہوئے تھے۔ وعلی ہذا اور اگر انہوں نے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے محفوظات میں جواب مسئلہ کا نہ پایا تو اسمیں خود گفتگو نہ کی بلکہ کتاب سنت کے ایماء اور اقتضاء کا تتبع کیا۔ اسکی وجہ سے ہر ایک باب میں کثرت مسائل انکو حاصل ہو گئے۔ ابراہیم اور اُن کے شاگردوں کی رائے یہ تھی کہ حضرت عبداللہ ابن مسعود اور انکے شاگردوں کا قول فقہ میں زیادہ قابل اعتماد ہے اسلئے علقمہ نے مسروق سے کہا تھا کہ کوئی فقیہ عبداللہ بن مسعود سے زیادہ قابل وثوق نہیں ہے اور ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے امام اوزاعی سے کہا تھا کہ ابراہیم سالم سے زیادہ فقیہ ہیں اور اگر صحابی ہونے کی فضیلت عبداللہ ابن عمر میں نہ ہوتی تو میں کہدیتا کہ انکی نسبت علقمہ میں فقاہت زیادہ ہے لیکن عبداللہ تو عبداللہ ہی ہیں۔ اور امام ابوحنیفہ کے مذہب کا ماخذ عبداللہ ابن مسعود کے فتوے اور حضرت علیؓ کے فیصلے اور قاضی شریح اور دیگر قضاۃ کوفہ کے فتاوے ہیں انہیں میں سے امام ابوحنیفہؒ نے بقدر امکان مسائل فقہ کو مدون کیا اور جیسے اہل مدینہ کے آثار سے مدینہ کے علمائے نے تخریجات کیں تھیں ایسے ہی اہل کوفہ کے آثار سے انہوں نے تخریج مسائل کی۔ اس طرح ہر باب کے متعلق مسائل فقہ مرتب اور ملخص ہو گئے اسوقت میں حضرت سعید بن مسیب فقہائے مدینہ کی زبان تھی اور انکو حضرت عمرؓ کے فیصلے سب سے زیادہ محفوظ تھے۔ اور حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث سب سے زیادہ انکو یاد تھیں اور ابراہیم فقہائے کوفہ کی زبان تھی جو سعید بن مسیب اور ابراہیم کوئی بات بیان کریں اور کسی کی جانب اسکو منسوب نہ کریں تو وہ انکا کلام غالباً سلف میں سے کسی نہ کسی کی طرف منسوب ہی ہوگا صریحاً یا اشارتاً اور نحو ذلک فقہائے مدینہ اور کوفہ نے اُن دونوں پر اتفاق کیا اُن سے علوم کو حاصل کیا اور خوب سوچ سمجھ کر اُن سے اور مسائل خارج کئے واللہ اعلم۔

باب ۸۳
فقہاء کے مذاہب مختلف ہونے کے اسباب کیا تھے

معلوم کرنا چاہیئے کہ خدا تعالےٰ نے تابعین کے زمانہ کے بعد عالمین علم کی جماعت کو پیدا کیا انکے پیدا کرنے سے وہ پیشینگوئی پوری ہو گئی جو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمائی تھی کہ یحمل ھذا العلم من کل خلف عدولہ پچھلی نسلوں میں سے عادل لوگ اس علم دین کو حاصل کرینگے۔ انہوں نے تابعین سے۔ وضو۔ غسل۔ نماز۔ حج۔ نکاح۔ بیوع اور تمام کثیر الوقوع احکام کو اخذ کیا احادیث نبوی کی روایت کی مختلف شہروں کے مفتی اور قاضیوں کے فیصلے سنے مسائل دریافت کرتے رہے ان تمام امور میں انہوں نے نہایت ہی کوشش کی۔ آخر کو وہ مسلمانوں کے مقتدا اور تمام امور مذہبی کے مرجع ہو گئے۔ ایماء اور اقتضاء کلام کے معلوم کرنے میں نہایت درجہ انہوں نے اہتمام کیا ہمیشہ مسئلوں کے جواب دیتے رہے فیصلے کرتے رہے علم کو نقل کیا اور لوگوں کو اسکی تعلیم دی۔

اس طبقہ کے علما کا کام ہمرنگ اور یکساں تھا۔ سب کا طرز عمل یہ تھا کہ احادیث سے تمسک کرتے تھے خواہ مسند ہوں یا مرسل اقوال صحابہ اور تابعین سے استدلال کرتے تھے۔ وہ جانتے تھے کہ ان صحابہ اور تابعین کی احادیث رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں انہوں نے کم درجہ سمجھ کر احادیث موقوفہ قرار دیا ہے۔

ابراہیم نے ایک بار اس حدیث کو نقل کیا جسمیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بیع محاقلہ کرنے سے پہلے کھیت کو فروخت کرنیا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور بیع مزابنہ (ترچھواروں کو جو درختوں پر ہوں خشک چھواروں سے فروخت کردینا) منع فرمایا ہے تب لوگوں نے اُن سے کہا کہ اس حدیث کے علاوہ تم کو کوئی اور حدیث بھی یاد ہے۔ انہوں نے جواب دیا یاد ہے لیکن مجھ کو یہ پسندیدہ معلوم ہوتا ہے کہ یوں کہو کہ عبداللہ نے ایسا کہا ہے اور علقمہ نے ایسا کہا ہے۔ اور امام شعبی سے ایک حدیث دریافت کیگئی اور لوگوں نے کہا کہ اسکی سند آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے تو انہوں نے کہا کہ مجھ کو اسناد میں وہی لوگ پسند ہیں جو آپ کے درجہ سے پست ہیں اگر حدیث میں کوئی زیادتی یا کمی ہو تو اسکا نقصان انہیں لوگوں کے ذمہ رہے جو آپ سے پست درجہ میں ہیں۔ یا اس طبقہ کے لوگ حکم منصوص سے استنباط کرتے تھے یا اپنی رائے سے اجتہاد کرتے تھے ان تمام امور میں آئندہ پیدا ہونے والے لوگوں نے بہت خوبی سے کام کرنے تھے انکی رائے میں درستی زیادہ تھی۔ انکا زمانہ بہت پہلے تھا۔ انکے علمی محفوظات زیادہ تھے اسواسطے انکے اقوال پر عمل کرنا متعین ہوگیا۔ البتہ اگر ان میں باہم اختلاف ہو اور حدیث ظاہر طور پر انکے اقوال کے مخالف ہو۔

یہ بھی اس طبقہ کا مابہ التمسک تھا کہ جب کسی مسئلہ میں احادیث مختلف وارد تھیں تو وہ صحابہ کے اقوال کیجانب رجوع کیا کرتے تھے اگر صحابہ قائل تھے کہ بعض احادیث منسوخ ہیں یا مصروف عن الظواہر ہیں یا اس نسخ وغیرہ کی تو صحابہ نے کچھ تصریح کی نہ تھی لیکن اس حدیث پر انہوں نے عمل نہ کیا تھا اور اسکے مضمون کے وہ قائل نہ ہوئے تھے۔ اس عمل نہ کرنے سے بھی یہی مفہوم ہوتا ہے کہ اس حدیث میں کوئی نہ کوئی علت تھی۔ یا منسوخ یا ناقابل تھی۔ ان سب صورتوں میں اس طبقہ کے لوگ صحابہ کے اقوال کا اتباع کیا کرتے تھے امام مالکؒ نے اس حدیث کے متعلق جو کتے کے پانی پینے کے متعلق ہے کہا تھا کہ یہ حدیث وارد تو ہوئی ہے لیکن مجھ کو اسکی حقیقت معلوم نہیں ہے۔ ابن حاجب نے مختصر الاصول میں اس حدیث کو نقل کرکے کہا ہے کہ میں فقہاء کو اس حدیث پر عمل کرتے ہوئے نہیں دیکھتا ہوں۔

جب صحابہ اور تابعین کے اقوال مختلف ہوا کرتے ہیں تو اسوقت میں ہر ایک عالم کی نظر میں اپنے شہر کے علماء اور اپنے ہی اساتذہ کا قول پسندیدہ اور مختار ہوا کرتا ہے اس لئے کہ شخص انہیں علماء کے اقوال میں صحیح اور سقیم اقوال سے بخوبی واقف ہوا کرتا ہے ان اقوال کے مناسب اصول خوب طرح سے اسکے ذہن نشین ہوا کرتے ہیں انکے فضل اور تبحر کیجانب اسکا میلان قلب زیادہ ہوا کرتا ہے اسلئے حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ۔ عبداللہ ابن عمرؓ حضرت عائشہ۔ عبداللہ ابن عباس۔ زید ابن ثابت اور انکے اصحاب مثل سعید ابن مسیب جنکو حضرت عمر اور حضرت ابوہریرہ کے فیصلے سب سے زیادہ محفوظ تھے۔ اور عروہ۔ سالم۔ عطاء ابن یسار۔ قاسم۔ عبیداللہ بن عبداللہ۔ زہری۔ یحییٰ بن سعید۔ زید ابن اسلم۔ ربیعہ۔ یہ سب علماء مدینہ کی نظر میں سب سے زیادہ اس کے مستحق تھے کہ انکے ہی علوم اخذ کئے جائیں۔ مدینہ کے فضائل رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بیان کرچکے تھے ہر زمانہ میں وہ علماء اور فقہاء کام کرتے رہا تھا اسواسطے امام مالکؒ بھی اہل مدینہ کے مسلک کو نہیں چھوڑتے تھے اور عبداللہ بن مسعود اور انکے شاگرد اور حضرت علیؓ شریح شعبی اور ابراہیم کے فتوے علماء کوفہ کی نظر میں اوروں کی نسبت زیادہ اسکے قابل ہیں کہ مختار اور پسندیدہ سمجھے جائیں اسی واسطے تشریک میں جب مسروق نے زید ابن ثابت کے قول کی طرف میلان کیا تو علقمہ نے ان سے کہا کہ تمہاری جماعت میں عبداللہ ابن مسعود سے زیادہ کوئی شخص وثوق کے قابل ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ بیشک ان سے زیادہ کوئی قابل وثوق نہیں ہے لیکن میں نے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زید ابن ثابت اور علمائے مدینہ کو تشریک کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ جب کسی شہر کے علماء کسی مسئلہ پر اتفاق کریں تو ہدایت پختگی سے اسکو اختیار کر لیتے ہیں۔ اسی کے متعلق امام مالک نے کہا ہے کہ متفق علیہ احادیث ہمارے پاس اتنی ہیں اور اگر کسی مسئلہ میں علمائے شہر کا اختلاف ہو جاتا ہے تو اس قول کا اتباع کیا جاتا ہے جو سب میں زیادہ قوی اور مرجح ہو اسکے قائل زیادہ ہوں یا کسی قوی قیاس کے وہ موافق ہو یا کتاب وسنت سے اسکی تخریج کیگئی ہو اسی کے متعلق امام مالکؒ کا قول ہے ہذا احسن ما سمعت جو اقوال ہم نے سنے ہیں ان سب میں یہ زیادہ پسندیدہ ہے۔ جو اقوال یہ علماء اپنے اساتذہ سے سنتے تھے اور انہیں مسئلہ کا جواب معلوم نہ ہوتا تھا تو ایما اور اقتضا سے انہیں کے کلام میں سے جواب مسئلہ کا نکال لیا کرتے تھے۔

اس طبقہ میں علماء کو تصنیف اور تدوین کا الہام ہوا۔ امام مالکؒ اور محمد بن عبد الرحمن بن ابی ذیب نے مدینہ میں تصنیف کرنا شروع کیا۔ اور ابن جریج اور ابن عیینہ نے مکہ میں اور ثوری نے کوفہ میں اور ربیع بن صبیح نے بصرہ میں اور ان سب نے تصنیف میں وہ شیوہ اختیار کیا جس کا ہم نے ابھی ذکر کیا۔ جب منصور عباسی نے حج کیا تو امام مالک سے کہا میرا قصد ہے کہ تمہاری مصنفہ کتابیں لکھوا کر سب اسلامی شہروں میں انکا ایک ایک نسخہ بھیجدوں اور لوگوں کو حکم کر دوں کہ انہیں کے مسائل عمل کریں انکے علاوہ اور کسی جانب رخ نہ کریں انہوں نے فرمایا اے امیر المومنین ایسا نہ کرو لوگوں میں پہلے ہی سے اقوال مشتہر ہو گئی ہیں وہ احادیث کو سن چکے ہیں روایات کو نقل کر چکے ہیں جو مسائل معلوم ہو گئے ان پر انہوں نے عمل درآمد کر لیا ہے لوگوں میں اختلافات ہو گئے ہیں اسواسطے لوگوں کو انکے حال پر چھوڑ دو جو انہوں نے اپنے لئے پسند کر لیا ہے اسی پر رہنے دو اور یہ قصہ بعض نے ہارون رشید کی طرف منسوب کیا ہے اسنے امام مالک سے مشورہ کیا تھا کہ میں موطا کو کعبہ میں لٹکا دینا چاہتا ہوں تمام لوگوں کو اسی پر عمل کرنے کی ترغیب دوں تو امام مالک نے کہا ایسا نہ کرو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے فرع مسائل میں اختلاف کیا ہے۔ بلاد اسلامی میں وہ متفرق ہو گئے احادیث مشتہر ہو گئیں۔ ہارون رشید نے کہا واللہ تو کچھ اللہ یا ابا عبد اللہ (سیوطی نے اس حکایت کو نقل کیا ہے) علمائے مدینہ کو جو حدیثیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے پہنچیں تھیں ان سب علماء میں امام مالکؒ سب سے زیادہ قابل اعتماد تھے انکی حدیث سب سے زیادہ معتبر ہے۔ حضرت عمر کے فیصلے اور عبد اللہ بن عمر اور حضرت عائشہؓ اور انکے اصحاب فقہائے سبعہ وغیرہ کے اقوال پر امام مالکؒ کو سب سے زیادہ اطلاع تھی ایسے ہی علماء میں روایت اور فتوے کا علم قائم ہوا ہے۔ جب امام مالکؒ مرجع اور مقتدا ہوئے تو انہوں نے حدیث اور فنون کو پھیلایا لوگوں نے مکمل فائدے پہنچے اور انہیں پر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی پیشینگوئی منطبق ہوئی۔ یوشک ان یضرب الناس اکباد الابل یطلبون العلم فلا یجدون احدا اعلم من عالم المدینۃ۔ قریب ہے کہ تحصیل علم کیلئے لوگ سفر کرینگے لیکن مدینہ کے عالم سے کسی کو زیادہ واقف نہ پائینگے ابن عیینہ اور عبد الرزاق نے اس حدیث کا مصداق امام مالک ہی کو قرار دیا ہے ایسے دو شخصوں کی شہادت کافی ہے امام مالکؒ کے شاگردوں نے انکی روایتوں اور پسندیدہ اقوال کو جمع اور ملخص کیا۔ مہذب طور پر انکو تحریر کر کے ان پر شرح لکھے اور ان سے مسائل کا اخراج کیا ان اقوال کے اصول اور دلائل میں گفتگو کی اور انکے شاگرد ممالک مغرب اور روئے زمین پر پھیل گئے اور اس ذریعہ سے خدا نے اپنی مخلوق کو بہت فائدہ پہنچایا۔ اور امام مالک کے اصول مذہبی معلوم کرنے ہوں تو کتاب موطا میں غور کرو ہمارے قول کی تصدیق ہو جائیگی اور امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کو ابراہیم اور ان کے ہمعصر علماء کی روش کی زیادہ پابندی تھی ابراہیم کے مذہب سے وہ بہت کم علیحدگی کرتے تھے۔ الا ماشاء اللہ اور انکی مسلک کے موافق مسائل خارج

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرنے میں انکی عظمتِ شان کا اندازہ ہوتا ہے تخریج مسائل کے وجوہ دریافت کرنے میں نہایت دقت نظر سے وہ کام لیتے تھے فروعات کی جانب انکی نہایت توجہ تھی ہمارے اس قول کی اگر صداقت منظور ہے تو امام محمد کی کتاب الآثار اور جامع عبدالرزاق اور ابوبکر شیبہ کی تصنیف سے ابراہیم اور انکے معاصرین کی اقوال کو ملخص کر کے امام ابوحنیفہ کے مذہب سے انکا اندازہ کر لینا چاہیے وہ کہیں انکی روش سے تجاوز نہیں کرتے مگر نہایت معدود سے چند موقعوں پر اور ان مواقع میں بھی فقہائے کوفہ کے مذاہب کو پیش نظر رکھتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ کے شاگردوں میں سب سے زیادہ شہرت امام ابویوسف کی ہوئی ہارون رشید کے عہد میں قاضی القضات کا منصب انکو حاصل ہوا۔ اس کیوجہ سے امام ابوحنیفہ کا مذہب پھیل گیا۔ اور تمام اطراف عراق، خراسان، ماوراءالنہر تک اس کا قبضہ ہوگیا اور تمام شاگردوں میں تصنیف کی شائستگی اور اہتمام درس میں امام محمد بن حسن کو فوقیت ہے انکی حالت یہ ہوئی کہ اولاً امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف سے انہوں نے فقہ کی تکمیل کی۔ اس کے بعد مدینے پہنچکر امام مالک سے موطا کو پڑھا پھر خود توجہ کر کے اپنے اصحاب کے مذہب کو موطا کے ایک ایک مسئلہ پر منطبق کیا اگر موافقت پائی تو اس کو محکم کر دیا۔ ورنہ اسمیں خوض کیا کہ صحابہ یا تابعین میں سے کسی جماعت کا یہ مسلک ہوا ہے یا نہیں اگر کوئی مسلک ملا تو اس سے الحق کر دیا۔ اور اگر کسی ضعیف قیاس یا ضعیف تخریج پر فقہاء نے عمل کر لیا تھا اور اسکے مخالف کوئی صحیح حدیث پائی جاتی تھی اور اکثر علما کا عمل بھی اسکے موافق تھا تو اسوقت جس مذہب کو مذاہب سلف سے مرجح پایا اسکو متمسک بہ قرار دیا لیکن امام محمد اور امام ابویوسف بھی ابراہیم اور معاصرین ابراہیم کے طریقہ سے کنارہ کش نہیں ہوتے امام ابوحنیفہ کے وہ قدم بقدم ہیں ان تینوں ایمہ میں باہم اختلاف دو طرح پر ہوا۔ اولاً یہ کہ ابراہیم کے مذہب کے موافق امام ابوحنیفہ نے کسی مسئلہ کو خارج کیا اور اس تخریج میں صاحبین نے اسکی مخالفت کی۔ ثانیاً یہ کہ ابراہیم اور انکے ہمرتبہ علما کے کسی مسئلہ میں مختلف جوابات تھے تو امام ابوحنیفہ نے انمیں سے کسی قول کو ترجیح دی اور ان صاحبین نے کسی دوسرے قول کو ترجیح دی اس لئے امام محمد نے اپنی تصنیفات میں ایسے مسئلہ کی رایوں کو جمع کر دیا۔ اور اکثر لوگوں کو نفع پہنچایا۔ اصحاب ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے ان تصنیفات کی طرف کافی توجہ کی۔ انکی خلاصے کئے ان کے دلائل بیان کئے شروح مرتب کیں۔ ان سے مسائل خارج کئے ان کے مبانی اور دلائل میں تفتیش کی۔ اور ممالک خراسان، ماوراءالنہر وغیرہ میں متفرق ہوگئے اور حنفی مذہب اس کا نام ہوگیا جب مذہب مالکی اور حنفی شائع ہو چکا اسکے اصول و فروع مرتب ہو چکے تو امام شافعیؒ کا نشو و نما ہوا انہوں نے مقدمین کی روشوں میں جب خوض کیا تو بہت سے امور ایسے پائے جنکی وجہ سے وہ مقدمین کے طریقوں کا اتباع نہ کر سکے۔ امام شافعیؒ نے ان طریقوں کو کتاب الام کے اوائل میں ذکر کیا ہے منجملہ انکے یہ امر تھا کہ مقدمین حدیث مرسل اور منقطع پر بھی عمل کرتے تھے۔ اس قسم کی احادیث خرابی سے خالی نہ تھیں جب حدیث کے طرق تمام مہاجم کے بچائے جاتے تھے۔ تو یہ بات ظاہر ہو جاتی تھی کہ اکثر مرسل حدیثیں محض بے اصل ہیں اور اکثر مرسل احادیث مسند احادیث کے مخالف تھیں۔ اس وجہ سے امام شافعیؒ نے یہ قرار دیا کہ مرسل احادیث پر عمل جب ہی کیا جائے کہ انکے شروط بھی موجود ہوں۔ کتب اصول میں یہ تمام شروط مذکور ہیں دوسرا امر یہ تھا کہ مختلف احادیث کے متعلق مقدمین کے زمانہ میں ایسے قول منضبط نہ تھے۔ جن سے ان احادیث میں توفیق اور جمع ہو سکے اس لئے ان کے اجتہادی مسائل میں اکثر خرابیاں رہا کرتی تھیں۔ اس ضرورت کے رفع کرنے کو امام شافعیؒ نے اس قوم کی حدیثوں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے متعلق اصول کی بنا ڈالی۔ اور اُن سب کو ایک کتاب میں جمع کر دیا۔ اصول فقہ میں سب سے پہلی تصنیف یہی کتاب ہے اس کی مثال یہ ہے کہ امام شافعی امام محمد صاحب کے پاس گئے۔ اُسوقت وہ علماے مدینہ پر اعتراض کر رہے تھے کہ وہ ایک گواہ کے ساتھ جب قسم ہو تو فیصلہ کر دیتے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اس سے قرآن پر زیادتی ہوتی جاتی ہے تب امام شافعی نے کہا کہ کیا تمہارے نزدیک یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ خبر واحد سے کتاب الٰہی پر زیادتی جائز نہیں ہے امام محمدؒ نے کہا ہاں جائز نہیں ہے۔ امام شافعی نے کہا پھر تم کیسے قایل ہو کہ وارث کے لئے وصیت جائز نہیں ہے اور اس کی وجہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا قول کہتے ہو کہ الا لا وصیۃ لوارث۔ ہوشیار ہو کہ وارث کے لئے وصیت درست نہیں ہے۔ حالانکہ خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ کتب علیکم اذا حضر احدکم الموت ان ترک خیرا الوصیۃ للوالدین والاقربین (تم پر مقرر کیا گیا کہ موت آنے کے وقت اگر مال چھوڑا ہو تو والدین اور رشتہ داروں کیلئے اسمیں وصیت کرنا چاہیئے) اسی قسم کے اور چند اعتراضات امام شافعی نے اُن پر کئے اور امام محمدؒ انکا کچھ جواب نہ دے سکے۔

اور ایک امر یہ تھا کہ بعض صحیح صحیح احادیث اُن علمائے تابعین کو نہ پہنچیں تھیں جن پر فتوے کا مدار تھا۔ اس لئے انکو اپنی رائے سے اجتہاد کرنا پڑا۔ عام الفاظ کا اُنہوں نے لحاظ کیا۔ اور گذشتہ صحابہ کی اُنہوں نے پیروی کی۔ اُسی کے موافق اُنہوں نے فتوے دیا لیکن تیسرے طبقہ میں اُن احادیث کی شہرت ہو گئی اور اُنہوں نے یہ گمان کر کے یہ احادیث انکے علماے شہر کے عمل اور متفق علیہ طریقوں کے مخالف ہیں۔ اُن احادیث پر عمل نہ کیا۔ اس کیوجہ سے یہ احادیث مورد طعن ہو گئیں اور اس کیوجہ سے وہ قابل اسقوط ہو گئیں۔ یا تیسرے طبقہ میں اُن احادیث کی شہرت نہ ہوئی تھی لیکن محدثین نے احادیث کے تمام طرق روایت کو خوب غور سے دیکھا اور اطراف ملک میں سفر کر کے علماے حدیث سے اُنکی تفتیش کی گئی تو اکثر احادیث ایسی ظاہر ہوئیں کہ صحابہ میں سے صرف ایک یا دو شخصوں نے اُنکی روایت کی تھی اور ان صحابہ سے بھی صرف ایک دو راویوں نے اُنکی روایت کی تھی و علم جزا اس لئے اکثر فقہائے کی نظر سے مخفی رہیں اور ان حفاظ حدیث کیوقت انکی شہرت ہوئی جنہوں نے تمام طرق حدیث کو جمع کیا تھا بہت سی احادیث مثلاً ایسی تھیں کہ بصرہ کے علما اُنکی روایت کرتے تھے اور باقی حصوں میں اُنکی جانب سے غفلت تھی۔ اُسوقت میں امام شافعی نے اس کی توضیح کر دی کہ علمائے صحابہ اور تابعین ہر مسئلہ میں احادیث کے متلاشی رہے۔ جب کوئی حدیث اُنکو نہ ملی۔ تو اُنہوں نے کوئی اور استدلال اختیار کیا لیکن اس استدلال کے بعد جب ہی کہ کوئی حدیث ظاہر ہوئی تو اُنہوں نے اپنے اجتہاد کو ترک کر دیا اور حدیث پر عمل کیا۔ جب اُن کی ایسی حالت تھی تو حدیث پر عمل نہ کرنا حدیث کے لئے موجب قدح نہیں ہو سکتا۔ حدیث میں قدح جب ہی ہو سکتا ہے کہ کوئی علت قادحہ بیان کی جاوے۔ مثلاً حدیث قلیتیں صحیح حدیث ہی مختلف سلاسل روایت سے اُس کا ثبوت ہے۔ اُن سب میں بڑا سلسلہ اُس کا یہ ہے جس کی سند ابوالولید ابن کثیر پر منتہی ہوتی ہے۔ اُنہوں نے اُس کو محمد بن جعفر بن زبیر سے روایت کیا ہے اور ابن جعفر نے عبداللہ یا محمد بن عباد بن جعفر سے بروایت عبیداللہ بن عبداللہ اور اُن دونوں نے حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت کی ہے اور اسکے بعد طرق روایت متعدد ہو گئے اور یہ دونوں راوی اگرچہ ثقہ ہیں لیکن وہ مایل

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں مرجع اور معتمد علیہ نہ تھے اسلئے یہ حدیث سعید بن مسیب کے عہد میں اور نہ امام زہری کے زمانہ میں مشتہر ہوئی۔ اسی واسطے مالکیہ اور حنیفہ نے اس پر عمل نہیں کیا لیکن امام شافعی نے اس پر عمل کیا۔ اور ایسے ہی خیار مجالس کی حدیث صحیح ہے۔ اور اس کے طرق بکثرت ہیں۔ اور ابن عمر اور ابوہریرہ نے صحابہ میں سے اس پر عمل کیا تھا لیکن فقہائے سبعہ اور ان کے معاصرین میں انکی شہرت نہیں ہوئی تھی۔ اس طبقہ کے محدثین اس حدیث کے قایل نہ تھے اسوجہ سے امام مالک اور امام ابوحنیفہ نے اس حدیث میں قدح کی اور امام شافعی نے اس پر عمل کیا اور ایک امر یہ تھا کہ صحابہ کے سب اقوال امام شافعی کے عہد میں جمع کئے گئے۔ ان اقوال کی کثرت معلوم ہوئی ہے اور ان میں اختلافات پائے گئے اور امام شافعی نے دیکھا کہ اسوجہ سے کہ صحابہ کو حدیث معلوم نہ ہوئی تھی وہ اکثر اقوال صحیح حدیثوں کے خلاف ہیں اور امام شافعی نے سلف کو دیکھا تھا کہ ایسے وقت میں حدیث کیجانب رجوع کیا کرتے ہیں اسواسطے امام شافعی نے اس پر عمل نہیں کیا جو انکے متفق علیہ نہ تھے اور کہا۔ ہم رجال و نحن رجال۔ صحابہ بھی آدمی تھے اور ہم بھی آدمی ہیں۔

اور ایک امر یہ تھا کہ امام شافعی نے فقہاء کی ایک جماعت کو دیکھا کہ وہ اس قیاس میں جن کو شرع نے تجویز کیا ہے ایسی رائیں ملحوظ کر دیتی ہیں جن کو شرع کی نظر میں وقعت نہیں ہو سکتی وہ فقہاء اس قیاس اور رائے میں کچھ فرق نہیں کرتے اور اس اپنی رائے کو وہ استحسان نام رکھتے ہیں رائے سے مراد یہ ہے کہ کس موقع پر رجوع یا مصلحت کو حکم کی علت قرار دیں اور قیاس کے معنی یہ ہیں کہ حکم منصوص سے کوئی علت نکالی جاوے اور حکم کا مدار علیہ قرار دیجائے۔ اس رائے کو امام شافعی نے نہایت اہتمام سے باطل کیا۔ اور کہا جو استحسان کا مجوز ہے وہ شارع بننا چاہتا ہے۔ ابن حاجب نے مختصر الاصول میں اسکو نقل کیا ہے۔ اسکی مثال یہ ہے کہ یتیم کا زمانہ رشد تک پہنچنا ایک مخفی امر ہے۔ اس لئے فقہاء نے اپنی رائے سے پچیس سال زمانہ رشد کے لئے قرار دئے اور کہا کہ جب یتیم پچیس سال کا ہو جاوے تو اسکو اسکا مال دیدینا چاہئے اور انہوں نے کہا کہ یہ استحسان ہے حالانکہ مقتضائے قیاس یہ ہے کہ اس عمر میں اسکو مال دینا نہ چاہئے۔

حاصل یہ ہے کہ جب امام شافعی نے مقلدین کی ایسی حالت دیکھی تو از سر نو فقہ کو مرتب کیا اسکے اصول و فروع کی ترتیب دی۔ نہایت رزانت سے کتابیں تصنیف کیں۔ تمام فقہاء انکی خدمت میں جمع ہوئے۔ ان کتابوں کا اختصار کیا ان پر شروح لکھیں۔ انکے دلائل بیان کئے۔ ان سے مسائل کو خارج کیا اور پھر تمام شہروں میں یہ لوگ پھیل گئے اور مذہب شافعی اس طریقہ کا نام ہو گیا۔ واللہ اعلم۔

باب ۸۴

اہل حدیث اور اصحاب الرائے کے بیان میں

معلوم کرنا چاہئے کہ سعید بن مسیب اور ابراہیم اور زہری کے عہد میں اور امام مالک اور سفیان ثوری کے زمانہ میں اور انکے بعد بھی ایسے علماء تھے کہ وہ مسائل دین میں رائے سے خوض کرنے کو برا جانتے تھے اور فتوے دین اور مسئلہ کے استنباط کرنے میں بہت خائف رہتے تھے۔ جب نہایت ہی ضرورت پیش آتی تھی۔ اور کوئی چارہ نہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوتا تھا جب ہی استنباط کیا کرتے تھے انکو بڑا اہتمام اسکا یہ تھا کہ حدیث کی روایت کردیں۔ ایک بار عبداللہ بن مسعود سے ایک مسئلہ دریافت کیا گیا۔ تو انہوں نے فرمایا کہ میں ناپسند کرتا ہوں کہ تیرے لئے اس شے کو جائز کردوں جس کو خدا نے حرام کیا ہو۔ یا وہ چیز حرام کردوں جس کو اس نے حلال کیا ہو۔ معاذ بن جبل نے کہا ہے۔ اے لوگو۔ بلا کے نازل ہونے سے پہلے اسکی تفتیش کرنے میں جلدی مت کرو۔ مسلمانوں میں ہمیشہ ایسے لوگ ہی ہوتے رہیں گے کہ جب ان سے کوئی امر دریافت کرو تو اسکو مسلسل بیان کرتے چلے جاویں ایسے ہی ان امور میں خاموش رہنے کے لئے جو ابھی تک فعلیت میں نہیں آئے ہیں۔ اس کے قریب قریب ہی حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ اور عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن مسعود سے بھی مروی ہے اور جابر بن زید سے حضرت عبداللہ بن عمر نے کہا تھا کہ بصرہ کے فقہاء میں سے ہو اس لئے ہمیشہ فتوے قرآن و حدیث کے ہی موافق دینا۔ اگر ایسا نہ کروگے تو خود بھی ہلاک ہوگے۔ ابو نضر کہتے کہ جب ابو سلمہ بصرہ میں آئے تو میں اور حسن بصری انکی ملاقات کو گئے انہوں نے حسن بصری سے فرمایا حسن بصری تم ہی ہو بصرہ میں تمہارے ملاقات سے زیادہ کسی سے ملنے کا مجھکو شوق نہ تھا۔ مشتیاق اسواسطے زیادہ تھا کہ مجھ کو معلوم ہوا تھا کہ تم اپنی رائے سے مسئلہ کا جواب دیتے ہو۔ آیندہ بجز قرآن و حدیث کے اپنی رائے سے فتوے نہ دینا۔ ابن المنکدر کا قول ہے کہ عالم خدا اور بندگان الٰہی میں واسطہ ہوا کرتا ہے اسکو چاہئے کہ اپنے لئے کوئی طریقہ نجات کا پیدا کرے۔ امام شعبی سے دریافت کیا گیا کہ جب تم سے مسائل دریافت کئے جایا کرتے تھے تو تم کیا کرتے تھے انہوں نے فرمایا تم نے اسکے واقف سے یہ بات دریافت کی۔ جب کسی شخص سے کوئی مسئلہ دریافت کیا جایا کرتا تھا تو وہ اپنے ہر تبہ عالم سے کہتا تھا اس مسئلہ کا جواب دو ایسے ہی یہ شخص دوسرے سے ایسا ہی کہتا تھا رفتہ رفتہ پہلے ہی عالم کی جانب انتہا ہو جایا کرتی تھی۔ امام شعبی کا قول ہے یہ علماء جو حدیث رسول خدا کی تم سے بیان کریں اس پر عمل کرو اور جو کچھ اپنی رائے سے کہیں اسکو پائخانہ میں پھینک دو۔ دارمی نے ان تمام آثار کو نقل کیا ہے۔ اسی اہتمام حدیث کی وجہ سے حدیث کا مدون کرنا اطراف میں شایع ہو گیا بلاد اسلام میں جا بجا کتابیں اور نسخے حدیث میں مرتب ہونے لگے۔ اہل روایت میں سے ایسے علماء کم تھے۔ جن کی کوئی تصنیف نہ ہو۔ اس وقت کی ضرورت نے ایسی حالت پیدا کر دی تھی۔ اس زمانہ کے بلند پایہ علماء نے تمام ممالک حجاز۔ شام۔ عراق۔ مصر۔ یمن۔ خراسان میں سفر کیا۔ اور کتابوں اور نسخوں کو متفرق موقعوں سے فراہم کیا غریب حدیث اور آثار نادرہ کی تلاش میں بہت خوض کیا ان کے اہتمام سے وہ احادیث اور آثار مجتمع ہوئیں جو پیشتر جمع نہ ہو سکی تھیں۔ ان کے لئے وہ سامان مہیا ہو گیا جو پہلے کسی کے لئے مہیا نہ ہوا تھا۔ اور بکثرت ایک ایک حدیث کے طرق خاصتہً ان کو معلوم ہو گئے۔ حتے کہ ان کے پاس ایسی حدیثیں بکثرت تھیں جو سو سو طریقوں سے مروی تھیں بلکہ اس سے بھی زیادہ بعض طریقوں سے ان امور کا انکشاف ہو گیا۔ جو اور طرق میں نامعلوم تھے۔ ان علماء نے ہر ایک حدیث کا درجہ معلوم کر لیا۔ کہ کون سی غریب ہے اور کونسی مستفیض ہے اور حدیث کے متابعات اور اس کے شواہد میں غور کرنیکا۔ انکو خوب موقع ملا۔ اور بکثرت صحیح حدیثوں کا ان کو پتہ مل گیا۔ جو اگلے مصنفوں کے وقت میں ظاہر نہ ہوئیں تھیں۔ امام شافعیؒ نے امام احمدؒ سے کہا کہ صحیح احادیث کا علم تم کو ہم سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زیادہ ہے جو حدیث صحیح ہوا کرے۔ وہ ہم کو بتلا دیا کرو تاکہ میں اسی کو اپنا مذہب قرار دوں خواہ وہ حدیث کوفی ہو۔ یا شامی یا بصری (ابن ہمام نے اسکو نقل کیا ہے) امام شافعیؒ نے امام احمدؒ سے بواسطے کہا کہ بہت سی احادیث ایسی ہی تھیں جن کو صرف ایک ایک شہر کے راوی نقل کیا کرتے تھے مثلاً وہ احادیث جنکی صرف شام یا عراق کے ہی محدثین روایت کیا کرتے تھے بعض ایسی حدیثیں بھی تھیں کہ صرف ایک ہی خاندان کے لوگ ان کی روایت کرتے تھے جیسے برید کا نسخہ ابو بردہ کی روایت سے ابو بردہ نے اسکو ابو موسےٰ سے روایت کیا ہے اور عمرو بن شعیب کا نسخہ اپنے باپ کی روایت سے اور ان کے باپ نے اپنے باپ سے روایت کی ہے اور بعض صورتیں ایسی تھیں کہ بعض صحابہ قلیل الروایت اور گمنامی کی حالت میں تھے ان سے بہت کم لوگوں نے حدیثوں کو اخذ کیا۔ اس لئے ایسی حدیثوں سے عام مفتی علما نے خبر دی ہے ان کے پاس احادیث کا وہی مجموعہ تھا جو ہر شخص کے فقیہ صحابہ اور تابعین سے منقول تھا مقلدین کی حالت ہی یہ تھی کہ صرف اپنے شہر اور اپنے درجہ کے لوگوں کی حدیثوں کو جمع کر سکتے تھے۔ اور نیز اگلے علما اسماء الرجال اور راویوں کے درجہ عدالت کا اندازہ ان امور سے کر لیا کرتے تھے جو ان کو حالت کے مشاہدہ اور قرائن کے تتبع سے معلوم ہو جایا کرتے تھے لیکن اب اس طبقہ کے علماء نے اس فن میں نہایت غور کیا۔ اور اس کو مدون کر کے اور بحث و تفتیش کر کے ایک مستقل فن کر دیا اور احادیث کے صحیح اور غیر صحیح قرار دینے میں باہم مناظرہ کئے گئے اس طرح اس تدوین اور مباحث کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان حدیثوں کا فیصلہ ہو گیا۔ جن کا متصل یا منقطع ہونا پہلے مخفی تھا۔ پہلے یہ حالت تھی کہ امام سفیان اور وکیع وغیرہم نہایت اہتمام اور اجتہاد کرتے تھے لیکن صحیح احادیث ایک ہزار سے کم ہی ان کو بہم پہنچتی تھیں (ابو داؤد سجستانی نے اس کو اپنے اس رسالہ میں لکھا ہے۔ جس کو انہوں نے اہل مکہ کو بھیجا تھا) اور اب اس طبقہ میں محدثین تقریباً چالیس ہزار تک احادیث کی روایت کرتے تھے امام بخاری کی نسبت یہ امر صحیح ہے کہ انہوں نے چھ ہزار احادیث سے صحیح بخاری کو مختصر کیا ہے اور ابو داؤد کی نسبت بھی یہ ثابت ہوا ہے کہ پانچ ہزار احادیث سے انہوں نے اپنے سنن کو منتخب کیا ہے اور امام احمد نے اپنی مسند کو احادیث نبوی کے معلوم کرنے کے لئے ایک میزان قرار دیا ہے۔ جو حدیثیں اس مسند میں موجود ہیں اگرچہ انکی روایت ایک ہی طریقہ سے ہو ان کے لئے کوئی نہ کوئی اصل ہے ورنہ انکو بے اصل سمجھنا چاہیئے۔

اس طبقہ کے اساطین علماء یہ ہیں۔ عبدالرحمن بن مہدی یحییٰ بن سعید قطان۔ یزید بن ہارون عبدالرزاق ابو بکر بن ابی شیبہ۔ مسدد۔ ہناد۔ احمد بن حنبل۔ اسحاق بن راہویہ۔ فضل بن دکین۔ علی مدینی اور ان کے دیگر ہم رتبہ محدثین طبقات محدثین میں یہ طبقہ طراز اور پہلا نمونہ ہے۔ جب محققین اہل حدیث نے فن روایت اور درجات حدیث خوب مکمل کر لئے۔ تو اسکے بعد ان کی توجہ فقہ کی طرف مائل ہوئی۔ انہوں نے جب دیکھا کہ بہت سی احادیث اور آثار فقہاء کے ہر ایک مذہب کے مخالف ہیں۔ اسواسطے متقدمین میں سے خاص کسی امام کی تقلید پر اتفاق نہیں کیا بلکہ انہوں نے احادیث نبوی صحابہ۔ تابعین اور مجتہدین کے آثار کا تتبع کرنا شروع کیا اور اوروں کے لئے انہوں نے ایسے قواعد کی بنا ڈالی۔ جن کو اپنے ذہنوں میں انہوں نے خوب راسخ کر لیا تھا۔ ان قواعد کو چند تقریروں میں ہم بیان

محکمہ اوقاف و برائیل سے مزین معلوم و منظور شدہ کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرتے ہیں۔ ان کا مسلک یہ تھا کہ جب تک کسی مسئلہ کا حکم قرآن سے ثابت ہو۔ تو کسی دوسری شے کیطرف توجہ نہ کرنا چاہئے اور اگر قرآن میں حکم مسئلہ کا مختلف الوجوہ ہو تو اس کا فیصلہ حدیث سے کرنا چاہئے اور جب قرآن میں ان کو کوئی حکم نہیں ملتا تھا تو رسول خدا کی حدیث پر عمل کرتے تھے۔ خواہ وہ حدیث مستفیض ہوتی جس پر فقہاء عمل درآمد کر چکے تھے یا کسی خاص شہر کے علماء یا کسی خاص خاندان کے علماء سے یا کسی خاص طریقہ سے وہ مروی ہوتی خواہ صحابہ اور فقہاء نے اس پر عمل کیا ہو یا نہ عمل کیا ہو۔ کسی مسئلہ میں جب انکو کوئی حدیث مل جایا کرتی تھی تو اس کے بعد پھر اس کے مخالف کسی اثر یا کسی اجتہاد کا اتباع نہیں کیا کرتے تھے اور جب نہایت کوشش اور تتبع احادیث کے بعد بھی اس مسئلہ میں حدیث نہیں ملتی تھی تو اسوقت صحابہ یا تابعین میں سے ایک جماعت کا اقتدا کرتے تھے اور ان کے اقوال پر عمل کر لیا کرتے تھے اس میں ان کو کسی قوم یا کسی شہر کی خصوصیت اور قید نہ تھی۔ ان سے قدما کا طریقہ بھی یہی تھا۔ ایسی صورت میں اگر اس مسئلہ میں جمہور خلفاء اور فقہاء کا اتفاق تھا تب وہ اطمینان کافی کے قابل ہوتا تھا۔ اور اگر وہ مسئلہ مختلف فیہ ہوتا تھا۔ تو ایسے شخص کے قول کو ترجیح دیتے تھے۔ جو علم۔ ورع۔ ضبط اور اسکو شہرت کیوجہ سے فوقیت ہوا کرتی تھی اور اگر اس مسئلہ میں ایک ہی قوت کے دو قول ہوا کرتے تھے۔ تو وہ مسئلہ ذات القولین رہتا تھا۔ اور اگر ان امور کی تنقیح متعذر ہوا کرتی تھی تو اسوقت کتاب و قرآن کی عام تعبیروں میں ان کے ایما اور اقتضا میں غور کیا کرتے تھے۔ اور جب دو مثلوں کی ایک سی حالت ہوتی تھی۔ تو مسئلہ کو نظیر مسئلہ پر عمل کر لیا کرتے تھے۔ اس میں وہ قواعد اصولی کے پابند نہ تھے بلکہ جس طریقہ سے ایک اطمینانی حالت پیدا ہو جایا کرتی تھی اسی سے فیصلہ کیا کرتے تھے جیسے کہ تواتر کے لئے راویوں کی تعداد ان کی حالت کے لئے میزان نہیں ہے بلکہ اس کے لئے میزان وہ یقین ہے جو لوگوں کے دلوں میں پیدا ہو جایا کرتا ہے صحابہ کے حالات میں ہم اس معیار کا ذکر کر چکے ہیں۔ اور ایسے تمام اصول متقدمین کے برتاؤ اور ان کی تصریحات سے مستخرج تھے۔ میمون ابن مہران سے منقول ہے۔ کہ ابوبکر صدیق رضؓ کے پاس جب کوئی دعویٰ پیش ہوتا تھا۔ تو وہ قرآن میں اس کے دعوے کا جواب تلاش کیا کرتے تھے اگر اس میں جواب مل جاتا تو پہلے قرآن سے تلاش کرتے قرآن میں اس کا جواب نہ ملتا اور اس کے متعلق کوئی حدیث ان کو معلوم ہوتی تو ویسا ہی فیصلہ کرتے۔ اور اگر قرآن و حدیث سے وہ حکم مسئلہ کا معلوم نہ کر سکتے۔ تو باہر جا کر مسلمانوں سے دریافت کرتے کہ ایسا ایسا دعوے میرے سامنے پیش ہوا ہے تم میں سے کسی کو معلوم ہوا ہے کہ رسول خدا نے اس کے متعلق کوئی فیصلہ کیا تھا۔ اسوقت اکثر ایسا اتفاق ہوتا تھا۔ کہ تمام جماعت بول اٹھتی تھی۔ کہ آں حضرتؐ نے اس کا یہ فیصلہ کیا تھا۔ تب وہ فرماتے۔ الحمد للہ۔ ہمارے اندر ایسے لوگ موجود ہیں جن میں آن حضرت صلعم کے اقوال محفوظ ہیں۔ اور جب کسی طرح حدیث سے بھی حکم مسئلہ کا معلوم نہ ہوتا۔ تب معتمد اور عمدہ لوگوں کو جمع کر کے ان سے مشورہ لیتے۔ جب کسی امر پر سب کا اتفاق رائے ہو جاتا تو اس کے موافق فیصلہ کرتے تھے۔

اور قاضی شریح سے مروی ہے کہ حضرت عمرؓ نے انکو تحریر کیا تھا کہ قرآن میں سے جو حکم تم کو معلوم ہو تو اس کے موافق فیصلہ کرنا ایسا نہ ہو کہ لوگ تم کو اس سے باز رکھیں۔ اور اگر ایسا مسئلہ پیش ہو جسکا حکم قرآن میں نہ ملے تو حدیث

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو تلاش کرے اسکے موافق فیصلہ کرنا۔ اور اگر قرآن اور حدیث میں اسکا حکم نہیں ہے تو اس قوم پر فیصلہ کرنا جس پر لوگوں نے اتفاق کیا ہو اور اسکے موافق فیصلہ کرنا۔ اور اگر قرآن و حدیث میں اس مسئلہ سے خاموشی ہو اور تم سے اگلے لوگوں نے بھی اس میں سکوت کیا ہو تو دو امروں میں سے ایک کو اختیار کرنا اگر چاہو تو اجتہاد کرنا اپنی رائے سے اور اگر چاہو تو اجتہاد میں تاخیر کرنا۔ اور میں تمہارے لئے اسی تاخیر کو پسند کرتا ہوں۔ عبداللہ ابن مسعود سے منقول ہے وہ کہتے تھے ہم پر ایسا زمانہ گذرا ہے کہ ہم کسی مسئلہ میں فتوے نہ دیتے تھے ہم اس درجہ تک نہ پہنچے تھے اور خدا نے مقدر کیا تھا کہ ہم کو اس درجہ تک پہنچا دیا جس کو تم دیکھتے ہو اب سے آج سے جس کے سامنے کوئی فیصلہ پیش ہو تو وہ کتاب الٰہی کے موافق اسکا فیصلہ کرے اگر کتاب الٰہی میں اس کا جواب نہ ہو۔ تو جیسے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہو اس کے موافق حکم دے۔ اور اگر کتاب الٰہی میں اس کا جواب نہ ہو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بھی اسکے متعلق کوئی حکم نہ دیا ہو تو جیسا صالحین امت نے حکم دیا ہو اسکے موافق حکم دے۔ اور اپنی طرف سے یہ نہ کہے کہ میں اس میں خوف کرتا ہوں اسکو پسند کرتا ہوں۔ اس لئے کہ امور حرام و حلال صاف صاف ہیں۔ اور حرام و حلال کے بیچ میں مشتبہ امور ہیں۔ اسواسطے مشتبہ کو ترک کر کے یقینی کو اختیار کرے۔ حضرت عبداللہ ابن عباس کا قاعدہ تھا کہ جب ان سے کوئی مسئلہ دریافت کیا جاتا تھا۔ اور اس کا حکم قرآن میں ہوتا تھا۔ تو اسی کے موافق فیصلہ کرتے تھے۔ اگر قرآن میں اس کا حکم نہ ملتا اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اسکا حکم ثابت ہوتا تو وہی بیان کر دیتے ورنہ حضرت ابوبکر صدیق رض اور حضرت عمر رض نے جو حکم اس کا دیا ہوتا وہ بیان کر دیتے۔ اور ان سے بھی کوئی حکم محقق نہ ہوتا۔ تب اپنی رائے سے اس کا جواب دیتے۔ عبداللہ ابن عباس سے مروی ہے۔ وہ فرمایا کرتے تھے کیا تم کو اس کا خوف نہیں ہے کہ تم کو خدا عذاب دے۔ یا زمین میں تم کو دھسا دے۔ تم کہتے ہو کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسا کہا تھا۔ اور فلاں شخص نے ایسا کہا ہے۔ قتادہ سے روایت ہے کہ ابن سیرین نے ایک شخص کے سامنے ایک حدیث بیان کی تو اس شخص نے کہا فلاں شخص ایسا ایسا کہتے ہیں تب ابن سیرین نے کہا میں تم سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کرتا ہوں۔ اور تم اس پر کہتے ہو کہ فلاں نے ایسا ایسا کہا ہے وزاعی سے روایت ہے کہ عمر بن عبدالعزیز نے لکھ دیا تھا کہ کتاب الٰہی میں کسی کو رائے دینے کا حق نہیں ہے۔ اور صرف انہیں امور میں رائے دے سکتے ہیں جنکا حکم قرآن میں نازل نہ ہوا ہو اور نہ حدیث میں اس کا حکم دیا ہو جس امر کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے قرار دیا ہو۔ اس میں بھی رائے کو دخل نہیں ہے۔ اعمش سے روایت ہے کہ ابراہیم کا قول تھا کہ مقتدی امام کی بائیں جانب کھڑا ہوا کرے۔ میں نے جمیع ثبات سے بروایت عبداللہ ابن عباس حدیث بیان کی کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مقتدی کو داہنی جانب کھڑا کیا تھا۔ ابراہیم نے اسی کو اختیار کر لیا شعبی سے منقول ہے کہ ایک شخص نے انکے پاس آکر ایک مسئلہ دریافت کیا۔ یحییٰ نے جواب دیا کہ عبداللہ ابن مسعود اسکا یہ جواب دیا کرتے تھے اس نے کہا آپ نے مجھ کو اپنی رائے بتائی شعبی نے کہا۔ تم اس شخص پر تعجب نہیں کرتے۔ میں عبداللہ ابن مسعود کی طرف سے خبر دے رہا ہوں اور یہ کہتا ہے کہ تم مجھ کو اپنی رائے بتاؤ واللہ مجھ کو راگ کا گانا اچھا معلوم ہوتا ہے اس سے کہ میں اپنی رائے ظاہر کروں دارمی نے یہ تمام آثار بیان کئے ہیں۔ ترمذی نے ابو سائب سے روایت کی ہے کہ ہم امام وکیع کے پاس حاضر تھے انہوں نے ایک شخص کے سامنے جو رائے کو دخل دیا کرتا تھا بیان کیا کہ رسول خدا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے اشعار کا اونٹ کے کوہان پر دائیں جانب سے لوہے کی چیز سے زخمی کرنا کہا ہے۔ اور ابو حنیفہ کہتے ہیں شعار مسلہ ہے اس شخص نے کہا۔ ابراہیم نخعی سے مروی ہے کہ اشعار مسلہ سے ابو سایب کہتے ہیں کہ یہ سنتے ہی میں نے دیکھا کہ اس شخص پر انہوں نے بہت غصہ کیا اور کہا میں تجھے کہتا ہوں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسا فرمایا ہے اور تو کہتا ہے کہ ابراہیم کا یہ قول ہے تو اسی قابل ہے کہ قید کر دیا جائے۔ اور جب تک اپنے قول سے باز نہ آئے رہا نہ کیا جائے عبداللہ بن عباس اور علماء اور مجاہد اور مالک بن انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان سب کا یہی قول ہے کہ کوئی شخص ایسا نہیں ہے جس کے قول کو اختیار اور رد نہ کر سکیں۔ بجز قول رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ۔

جب علمائے ان قواعد کے لحاظ سے فقہ کو مہذب اور مرتب کیا۔ تو ان مسائل میں سے جن میں قدماء نے کلام کیا تھا۔ یا جو موجودہ اس زمانے میں پیش آئے تھے کوئی مسئلہ ایسا نہ تھا جس کے متعلق کوئی حدیث مرفوع متصل یا مرسل یا موقوف صحیح یا حسن یا قابل اعتبار ہم نہ پہنچی ہو۔ یا شیخین اور دیگر خلفاء یا قضاۃ اور فقہاء بلاد کے کسی اثر کا پتہ نہ لگا ہو۔ یا عموم و یا مفہوم واقتضاء سے اس کا سراغ نہ لگایا گیا ہو اس طرح پر علماء کے لئے خدا نے مذہب پر عمل کرنا آسان کر دیا تھا ابن نباتہ کے الفاظ میں سے نہایت عظیم الشان وسیع الروایت حدیث سے زیادہ واقف فقہ میں سب سے زیادہ غایۃ النظر امام احمد بن حنبل تھے اور امام احمد کے بعد اسحاق بن راہویہ اس وضع پر فقہ کو ترتیب دینے کے لئے کثرت احادیث اور آثار جمع کرنے کی ضرورت تھی یہانتک کہ امام احمد سے دریافت کیا گیا کہ فتوے دینے کیلئے ایک لاکھ حدیثیں کافی ہو سکتی ہیں انہوں نے کہا اتنی کافی نہیں ہیں پھر کہا گیا کہ پانچ لاکھ کفایت کر سکتی ہیں۔ انہوں نے جواب دیا مجھ کو امید ہے کہ اتنی کفایت کر سکیں۔ غایت المنتہی میں اس کو ذکر کیا ہے۔ امام احمد کی مراد اس قول سے یہی ہے کہ فقاہت کے ساتھ فتوے دینے کے لئے اتنی حدیثیں کافی ہیں ۔

اس حالت کے بعد ایک دوسرے زمانہ کی پیدائش ہوئی انہوں نے اپنے اصحاب کو دیکھا کہ حدیث کی محنت نے انہوں نے اور لوگوں کو فارغ کر دیا ہے۔ فقاہت کا سامان کر چکے ہیں انہیں کے اصول کا تفقہ میں انہوں نے لحاظ رکھا ہے۔ اسواسطے ان پچھلے لوگوں نے اور فنون کی جانب اپنا رخ کیا۔ مثلاً ان صحیح حدیثوں کو بالکل ممیز کر دیا جو کہ ہر اے حدیث کے نزدیک متفق علیہ صحیح تھیں مثلاً زید بن ہرون یحییٰ بن سعید قطان۔ احمد۔ اسحٰق اور ان کے ہم رتبہ لوگوں نے ان کو صحیح مانا تھا۔ فقہ کے متعلق ان احادیث کو جمع کیا۔ جن پر بلاد اسلامی کے علماء اور فقہاء نے اپنے اپنے مذاہب کی بنیاد قائم کی تھی۔ اور جو حدیث جس درجہ کی مستحق تھی۔ اس پر وہی حکم لگایا۔ اور ان شاذ و نوادر احادیث کو جمع کیا جن کی سابقین نے روایت نہ کی تھی۔ اور ان طرق کا انکشاف کیا جن کو قدماء نے طرق کے اندازہ سے بیان نہیں کیا تھا۔ ایسی احادیث میں وہ حدیثیں بھی ظاہر ہوئیں جن میں اتصال یا علو اسناد کا وصف تھا یا ان کی روایت فقیہ نے فقیہ سے یا حافظ حدیث نے حافظ حدیث سے کی تھی یا اس کے علاوہ اور مطالب علمی ان میں مندرج تھے۔ اس منصب کے محدثین بخاری۔ مسلم۔ ابوداؤد۔ عبد بن حمید۔ دارمی۔ ابن ماجہ۔ ابویعلی۔ ترمذی۔ نسائی۔ دارقطنی۔ حاکم۔ بیہقی خطیب۔ دیلمی۔ ابن عبدالبر اور ان کے ہم پایہ لوگ ہیں۔ اور میرے نزدیک وسعت علمی میں سب سے زیادہ وافر مصنف سب سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشہور تر جامع شخص ہیں جن کا زمانہ قریب قریب ہے سب سے اول ابو عبد اللہ بخاری ان کی غرض یہ تھی کہ تمام ایسی احادیث کا مجموعہ خالص کر دیں جنہیں صحیح مستفیض اور متصل ہونے کے اوصاف ہوں۔ اور ان احادیث سے فقہ سیرت تفسیر کو مستنبط کریں۔ اس لئے انہوں نے اپنی جامع صحیح کو تصنیف کیا اور جس شرط سے تصنیف کی تھی۔ اسکو پورا کر دیا ہم کو معلوم ہوا ہے ایک صالح شخص نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپ نے فرمایا تجھکو کیا ہو گیا ہے کہ محمد بن ادریس کی فقہ میں تو مشغول ہے اور میری کتاب کو تو نے چھوڑ رکھا ہے اس شخص نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا۔ یا رسول اللہ آپ کی کتاب کون سی ہے آپ نے فرمایا صحیح بخاری۔ اور مجھ کو اپنی زندگی کی قسم ہے کہ صحیح بخاری کو شہرت اور مقبولیت ایسی حاصل ہوئی ہے کہ اس سے زیادہ متصور نہیں ہو سکتی۔

اور دوسرے مصنف مسلم نیشاپوری ہیں۔ انہوں نے بھی یہی قصد کیا کہ متفق علیہ صحیح حدیثوں کو خالص کر دیں۔ جن پر محدثین نے اتفاق کیا ہو۔ اور وہ متصل مرفوع کے درجہ کی ہوں۔ ان سے مذہبی احکام مستنبط ہو سکیں اور یہ بھی انہوں نے قصد کیا کہ احادیث کو قریب الفہم کر دیں۔ استنباط مسائل میں ان سے آسانی ہو سکے۔ اس لئے انہوں نے نہایت مکمل ترتیب دی اور ایک ہی موقع پر ہر ایک حدیث کے تمام طرق کو بیان کر دیا تاکہ نہایت صراحت کے ساتھ اختلاف اور تفرق اسانید کا اظہار ہو جائے تمام مختلف احادیث کو یکجا کر دیا تاکہ عربی زبان کے واقف کو کوئی موقع عذر کا باقی نہ رہے اور پھر وہ حدیث سے اعراض کر کے اور طرف متوجہ نہ ہو سکے۔

اور تیسرے مصنف ابو داؤد سجستانی ہیں۔ ان کا قصد یہی تھا کہ ایسی احادیث کو جمع کریں جن سے فقہائے استدلال کرتے ہیں فقہاء میں ان کا تذکرہ رہتا ہے اور علمائے بلاد نے احکام کی بنیاد ان احادیث کو قرار دیا ہے۔ اس غرض کے لئے انہوں نے اپنی سنن کو تصنیف کیا۔ اس میں صحیح حسن اور قابل عمل حدیثیں جمع کر دیں۔ ابو داؤد کہتے ہیں کہ میں نے اس کتاب میں ایسی کوئی حدیث جمع نہیں کی ہے جس کے ترک کرنے پر سب کا اتفاق ہو جو بہت ضعیف تھی اسکا ضعف ظاہر ہو۔ جس حدیث میں کوئی خفیہ یا علت کی بات تھی۔ اس کیوجہ علت صاف بیان کر دی۔ علم حدیث میں خوض کرنے والا اسوجہ کو خوب سمجھ سکتا ہے ہر حدیث میں انہوں نے اس مسئلہ کو بیان کر دیا جس کو کسی عالم نے مستنبط کیا تھا۔ اور کسی کا وہ مذہب قرار پایا تھا۔ اس لئے غزالی وغیرہ نے تصریح کی ہے کہ مجتہد کے لئے یہ کتاب کافی ہے۔

چوتھے مصنف ابو عیسیٰ ترمذی ہیں انہوں نے شیخین امام بخاری اور مسلم کے طریقوں کو پسندیدہ صورت میں کر دیا۔ انہوں نے صاف بیان کیا تھا یا کہیں ابہام دیکھا تھا دونوں کو عمدہ شکل میں کر دیا اور اس لئے کہ ہر ایک صاحب مذہب کے مسائل کو مفصل بیان کر دیا ہے ابو داؤد کی مقاصد کی بھی تکمیل کر دی ہے۔ دونوں طریقوں کی جامعیت کے بعد ان پر یہ اضافہ کر دیا کہ صحابہ و تابعین اور فقہائے امصار کے مذاہب کو پورا بیان کر دیا ہے۔ اس لئے ایک جامع کتاب کو انہوں نے ترتیب کر دیا ہے اور لطیف شکل میں طرق حدیث کو مختصر کر دیا ہے۔ ایک طریقہ کا ذکر کر کے دوسرے کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اور ہر ایک حدیث کی حالت بتا دی ہے کہ کون سی صحیح ہے کونسی حسن ہے ضعیف اور منکر کونسی ہے۔ اور ہر ایک حدیث کی وجہ ضعف بیان کر دی ہے۔ تاکہ طالب حدیث کو اپنے مقصود میں پوری بصیرت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاصل ہو جائے اور جو احادیث تابعین دیں انکا پورا اندازہ کر سکے حدیث شاذ اور غریب کی تصریح کر دی ہے ہر ایک صحابی کے فقیہ کا مذہب نقل کر دیا ہے اور جس شخص کے نام معلوم کرنے کی ضرورت تھی اسکا نام بتا دیا اور جسکی کنیت کی ضرورت تھی اسکی کنیت بتا دی ہے اور علما میں سے کسی کی نسبت کوئی امر مخفی نہیں رکھا ہے اسواسطے علما کا قول ہے کہ یہ کتاب مجتہد اور معلد دونوں کی کفایت کرتی ہے ۔

امام مالک اور سفیان ثوری کے زمانہ اور مابعد میں ان محتاط لوگوں کے مقابلہ میں ایسے علما بھی تھے جن کو مسایل بیان کرنے میں کوئی تامل نہ تھا۔ فتوے دینے میں انکو کچھ باک نہ تھا وہ کہتے تھے کہ دین کی بنا فقہ پر ہے اس لئے اسی کی اشاعت ضروری ہے ان علما کو حدیث کے بیان کرنے اور اسکی حضرت تک سلسلہ روایت کے پہنچانے میں اندیشہ معلوم ہوتا تھا شعبی کہتے ہیں کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے دور کے لوگ روایت کیلئے مجھکو زیادہ اچھے معلوم ہوتے ہیں مگر حدیث میں کوئی کمی بیشی ہوگی تو اسکے ذمہ دار وہی لوگ رہینگے جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم دور ہیں ابراہیم نخعی کہتے ہیں مجھکو یہ کہنا اچھا معلوم ہوتا ہے کہ عبداللہ نے یہ کہا اور علقمہ کا یہ قول ہے اور عبداللہ بن مسعود جب کوئی حدیث بیان کیا کرتے تھے تو انکا چہرہ ۔ ۔ ۔ کرتا تھا اس وقت وہ کہا کرتے تھے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی یا اسکی مثل فرمایا ہے کہ جب حضرت عمرؓ نے ۔ ۔ ۔ ہماری ایک جماعت کو کوفہ کی جانب روانہ کیا تو ان سے فرمایا تم کوفہ کو جاتے ہو وہاں تم ایسے لوگوں سے ملوگے جو ۔ ۔ ۔ قت سے پڑھتے ہیں وہ تمہارے پاس آکر کہینگے کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ آئے ہیں تب وہ تم سے ۔ ۔ ۔ دریافت کرینگے تم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے احادیث کی روایت بہت کم کرنا شعبی کے پاس جب کوئی مسئلہ پیش ہوتا تھا تو وہ بہت ہی احتیاط کرتے تھے اور ابراہیم برابر اس میں گفتگو کیا کرتے تھے (دارمی نے ان آثار کو بیان کیا ہے) ۔

اس وجہ سے حدیث اور فقہ اور مسائل مدون کرنے کی دوسری طرز کی ضرورت پڑی انکے پاس اتنی احادیث اور آثار نہ تھے جن سے وہ لوگ فقہ کو ان اصول کے موافق مستنبط کر سکتے جنکو اہل حدیث نے پسند کیا تھا۔ اور علمائے بلاد کے اقوال غور اور بحث میں انکو کشادہ دلی تھی اور اپنے اپنے اماموں کے متعلق انہوں نے اعتقاد کیا تھا کہ ان کا پایہ تحقیق میں بہت بلند ہے اور سب سے زیادہ انکو میلان اپنے استاذ کی طرف ہی تھا جیسے علقمہ کا قول ہے کہ کوئی عالم عبداللہ سے زیادہ قابل اعتماد نہیں ہے اور ابوحنیفہ کا قول ہے کہ ابراہیم سالم سے زیادہ فقیہ ہیں اور اگر صحابیت کی فضیلت نہ ہوتی تو میں کہتا کہ علقمہ ابن عمر سے زیادہ فقیہ ہیں لیکن ان علما کے دین میں فطانت اور سرعت انتقال ایسا تھا جس سے وہ مسائل کا استخراج بخوبی کرتے تھے اور اپنے اصحاب کے اقوال سے انکو خوب پیوند لگاتے تھے اور جو چیز جسکی پیدائش میں ہوا کرتی تھی وہی اس کیلئے آسان ہو جایا کرتی ہے وکل حزب بما لدیہم فرحون اس طرح پر ان علما نے تخریج کے قاعدہ پر فقہ کی ترتیب دی ہر شخص انکی کتاب کو محفوظ رکھتا تھا جو ان کے اصحاب کی زبان اور اقوال علما کا زیادہ واقف اور ترجیح میں زیادہ درست رائے ہوا کرتا تھا اس لئے وہ ہر مسئلہ میں حکم کی وجہ میں غور کر سکتا تھا جب کسی عالم سے کوئی مسئلہ دریافت کیا جاتا تو وہ اپنے اصحاب کے مصرح اقوال میں غور کرتا جو اسکو محفوظ ہوتے تھے اگر ان میں جواب مل جاتا تو فبہا ورنہ انکے عموم کلام کو دیکھتا اور اس عموم سے حکم مسئلہ کا نکال لیتا یا کسی کلام کے اشارہ ضمنی سے حکم کو مستنبط کر لیتا۔ اکثر بعض کلام میں کوئی اشارہ یا اقتضا ہوا کرتا تھا اس سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقصود مفہوم ہو جایا کرتا تھا اگر کسی مصرح مسئلہ کی کوئی نظیر ہوا کرتی تھی اُس ہی نظیر پر اصل مسئلہ پر قیاس کر لیا کرتے تھے کبھی اُنہوں نے مصرح حکم کی علت میں تجریح یا بسبر و حذف غور کیا اور اسی علت کو غیر مصرح حکم میں ثابت کر دیا اور کبھی اس عالم کے دو قول ہوا کرتے تھے اگر انکو قیاس اقترانی یا قیاس شرطی کے ہم شکل کر لیتے۔ تو جواب مسئلہ کا اُس سے حاصل ہو جاتا۔ اکثر قدما کے کلام میں ایسے امور تھے جو شمال اور تقسیم سے معلوم تھے لیکن اُن کی تعریف جامع اور مانع معلوم نہ تھی۔ اسواسطے ان فقہا نے اہل زبان کی طرف رجوع کیا۔ اور اُس شے کے ذاتیات حاصل کرنے میں کوشش کی۔ اور اُس کی تعریف جامع اور مانع مرتب کر دی۔ اُس میں جو ابہام تھا۔ اُس کو ضبط میں لے آئے۔ اور مشکل کو ممیز کر دیا اکثر اُن کے کلام میں چند وجوہ کا احتمال تھا اُنہوں نے وہ احتمالوں میں سے ایک کو متعین کر دیا۔ کبھی دلائل طرز ادا ایسا نہ ہوتا تھا۔ جس سے نتیجہ صاف نہیں نکلتا تھا۔ یہ فقہا اُن دلائل کو خوبی سے بیان کر دیتے ہیں بعض اصحاب التخریج اپنے ائمہ کے فعل اور اُن کے سکوت وغیرہ سے استدلال کیا کرتے تھے۔ ان طرق مذکورہ کا نام تخریج تھا۔ اور اسی کے متعلق کہا کرتے تھے کہ فلاں شخص نے قول کو اس طرح خارج کیا ہے یا فلاں مذہب کے موافق یا فلاں شخص کے قاعدہ کے موافق یا فلاں شخص کے قول کے موافق مسئلہ کا جواب ایسا ہے اور اُن کے تخریج کرنے والوں کو مجتہدین فی المذہب کہا کرتے تھے۔ اور جس کا یہ قول ہے کہ جس نے مبسوط کو یاد کر لیا۔ وہ مجتہد ہے۔ اس سے وہی اجتہاد مراد ہے جو تخریج سے تعلق رکھتا ہے۔ اگرچہ ایسے شخص کو روایت کا علم بالکل نہ ہو اور ایک حدیث بھی اُس کو نہ آتی ہو۔ اس طرح ہر ایک مذہب میں تخریج واقع ہوئی۔ اور اس کی کثرت ہو گئی۔ اس کے بعد جس مذہب کے پیرو زمانہ میں مشہور ہو گئے اور قضا اور فتوے اُن پر مفوض ہوا۔ لوگوں میں اُن کی تصانیف مشہور ہو گئیں۔ اُنہوں نے عام طور پر درس دینا شروع کیا۔ وہ مذہب اطراف عالم میں پھیل گیا۔ اور ہمیشہ اُس کی شہرت بڑھتی گئی۔ اور جس مذہب کے پیرو گمنام ہوئے اور قضا اور فتوے کی خدمت اُنمیں نہ رہی۔ لوگوں نے اُن میں کافی رغبت نہ کی وہ چند روز کے بعد نابود ہو گیا۔

باب ۸۵

اس بیان میں کہ چوتھی صدی ہجری سے پہلے اور پیچھے لوگوں کا کیا حال تھا

معلوم کرنا چاہئے کہ چوتھی صدی سے پہلے لوگ کسی خالص ایک مذہب معین پر متفق نہ تھے۔ قوت القلوب میں ابوطالب مکی نے بیان کیا ہے کہ یہ کتابیں اور مجموعی نئی چیزیں ہیں۔ قرن اول اور دوم میں پہلے لوگ اور لوگوں کے اقوال کے قائل نہ تھے کسی مذہب معین کے موافق فتوے دینے کا طریقہ معین نہ تھا خاص کسی شخص کا قول اختیار نہ کیا جایا کرتا۔ ہر ایک قسم کے امر میں اُسی کے قول کو نقل نہیں کیا کرتے تھے۔ اُسی کے مذہب پر فقہ کی بنیاد قائم نہیں ہوتی تھی۔ انتہی میں کہتا ہوں کہ دونوں قرنوں کے بعد کسی قدر تخریج کا طریقہ پیدا ہو گیا تاہم چوتھی صدی کے لوگ مذہب معین کی تقلید پر متفق نہ تھے کسی ایک مذہب کی فقہ کی پابندی نہ تھی کہ اسی کا قول نقل کیا جائے۔ جیسے کہ تتبع سے ظاہر ہوتا ہے بلکہ اس زمانہ میں دو قسم کے لوگ تھے (۱) علما (۲) عامی۔ عوام کی یہ حالت تھی کہ اتفاقی مسایل میں جو مسلمانوں اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمہور مجتہدین میں مختلف فیہ نہ تھے۔ وہ صرف صاحب شرع کی ہی تقلید کرتے تھے۔ وضو غسل۔ نماز۔ زکوٰۃ کا طریقہ وہ اپنے باپ دادوں یا اپنے شہروں کے علماء سے سیکھ لیا کرتے تھے اسی روش پر وہ چلتے تھے اور جو کوئی نیا واقعہ پیش آتا تو جو کوئی مفتی مل گیا۔ اس سے مسئلہ دریافت کر لیا۔ کسی مذہب معین کی تخصیص نہ تھی اور خاص درجہ کے لوگوں کی حالت تھی کہ ان میں سے محدثین علم حدیث میں مصروف تھے ان کے پاس احادیث نبوی اور آثار صحابہ میں ضروری حدیثیں موجود تھیں کہ مسئلہ میں اور کسی چیز کی ان کو حاجت نہ تھی وہ حدیثیں مستفیض یا صحیح قسم کی جمع تھیں جن پر فقہا عمل کر چکے تھے۔ جو ان پر عمل نہ کرے وہ قابل عذر نہیں ہے اور نیز ان کے پاس ایک مجموعہ ان قولوں کا تھا جو جمہور صحابہ اور تابعین سے ایسے موید تھے کہ انکی مخالفت نازیبا نہ تھی۔ اگر تعارض نقل یا وجہ ترجیح ظاہر نہ ہونے وغیرہ سے مسئلہ میں ان کا دل مطمئن نہیں ہوتا تھا تو گذشتہ فقہا میں سے کسی کے قول کی طرف رجوع کر لیا کرتے تھے۔ اور اگر فقہا کے دو قول اس مسئلہ میں انکو ملتے تھے اور ان میں سے جو زیادہ قابل اعتماد ہوتا اسکو اختیار کر لیا کرتے تھے۔ خواہ وہ فقیہ اہل مدینہ سے ہوتا یا اہل کوفہ سے۔ اور ایک فرقہ ان خاص لوگوں میں اصحاب التخریج کا تھا جس مسئلہ کو وہ مصرح نہ پاتے تھے اسمیں وہ تخریج کرتے تھے اور مذہب میں اجتہاد کیا کرتے تھے اور یہ لوگ اپنے اصحاب کے مذہب کیطرف منسوب ہوا کرتے تھے یوں کہا جاتا تھا کہ فلاں شخص شافعی ہے اور فلاں حنفی۔ اور اہل حدیث بھی جس مذہب سے زیادہ موافق ہوا کرتے تھے کبھی کبھی اس مذہب سے منسوب ہوتے تھے جیسے کہ نسائی اور بیہقی امام شافعی کیطرف منسوب ہوتے تھے اور بجز مجتہد کے کسی کو قضا اور فتوے کی خدمت نہیں ملتی تھی اور صرف مجتہد ہی کو فقیہ کہتے تھے ان قرنوں کے بعد لوگ دائمی بائیں آوارہ ہو گئے اور چند امور ان میں بالکل نئے پیدا ہو گئے (۱) علم فقہ کے متعلق ان میں نزاع اور خلاف پیدا ہو گیا۔ اسکی تفصیل جیسے کہ غزالی نے بیان کی ہے یہ ہے کہ جب خلفاء راشدین مہدیین کا زمانہ گذر گیا۔ اور خلافت ان لوگوں کو مل گئی جو اسکے قابل اور مستحق نہ تھے۔ اور فتووں اور احکام دین کا مستقل علم ان کو نہ تھا اس واسطے ان کو ضرورت ہوئی کہ فقہا سے مدد لیں اور بہر حال میں ان کو اپنے ساتھ رکھیں اس زمانہ میں ایسے علما باقی تھے جن کی روش قدیمی تھی۔ وہ ہمیشہ صاف دین کے پابند تھے۔ اس لئے جب وہ حریم خلافت میں طلب کئے جاتے تھے تو اس سے گریز کرتے تھے۔ اور خلفاء کی صحبت سے اعراض کرتے تھے تب اس زمانہ کے لوگوں نے دیکھا کہ علماء کی بڑی عزت ہے یہ لوگ سلاطین سے اعراض کرتے ہیں اور وہ ان پر ٹوٹے پڑتے ہیں تو ان لوگوں نے اعزاز اور مرتبہ حاصل کرنے کی آرزو میں نہایت شوق سے علم کی طلب میں توجہ کی اور اب فقہا مطلوب ہونے کے بعد طالب ہو گئے۔ اور پہلے جیسے سلاطین کی بے التفاتی کی وجہ سے معزز تھے ویسے ہی اب ذلیل ہو گئے۔ سلاطین کی طرف توجہ کرنے سے الا من وفقہ اللہ اور ان لوگوں سے پہلے لوگ علم کلام میں کتابیں تصنیف کر چکے تھے اور اس فن میں بہت قیل وقال ہو چکی تھی۔ اعتراضات وجوابات تقابلہ اور جدل کا طریقہ مستحکم ہو چکا تھا اب فقہاء اور سلاطین کی طبیعتیں فقہ میں مناظرہ کی جانب مائل ہوئیں۔ اور مذہب شافعی اور ابو حنیفہ کے مذاہب کے اولویت ظاہر ہونے کی خواہشیں ان میں پیدا ہو گئیں۔ اس لئے اس علم کلام کی ترتیب ان علماء کے لئے باموقع ہو گئی لوگ علم کلام اور عقلی فنون کو چھوڑ مخاصمۃ امام شافعی اور امام ابو حنیفہ کے خلافی مسائل کیطرف متوجہ ہو گئے۔ اور جو اختلافات باہم امام مالک اور سفیان اور احمد بن حنبل وغیرہم کے تھے انکا بخوبی اہتمام نہیں کیا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور یہ لوگ سمجھے کہ اس تفتیش سے ہماری شرع کے دقیق مسایل کا مستنبط کرنا اور مذہب کی منوں اور وجوہ کا بیان کرنا اور اصول وفنون کی تمہید ہے ان اختلافات میں تصانیف استنباطات بکثرت ہوگئیں اور رنگ برنگ مجادلوں اور تصانیف کو انہوں نے مرتب کیا۔ اور اب تک برابر وہ اسی حالت میں مصروف ہیں ہم نہیں جانتے کہ آیندہ زمانوں میں اُن کے لئے خدا تعالےٰ نے کیا مقدر کیا ہے انتہی حاصلہ۔

جیسے یہ خرابی لوگوں میں پیدا ہوگئی تھی ایسے ہی یہ خرابی بھی پیدا ہوئی کہ انکو تقلید کا پورا اطمینان ہوگیا اور آہستہ آہستہ تقلید اُن کے سینوں میں سرایت کرتی گئی۔ اور ان کو خبر بھی نہ تھی کہ یہ اثر کیونکر پھیلتا جاتا ہے اس تقلید کی پختگی کا (۱) سبب تو یہ تھا کہ فقہا میں باہم مزاحمت اور مجادلہ ہونے لگا لوگ فتووں میں روک ٹوک کرنے لگے جو شخص فتوےٰ دیتا تھا فوراً اُسکے فتوے پر اعتراضات کئے جاتے تھے۔ اسکا رد کیا جاتا تھا۔ انجام کار سخن کا سلسلہ متقدمین سے کسی شخص کے مصرح قول پر ختم ہوتا تھا (۲) سبب حکام اور قضات کا جور وتعدی بھی تقلید کا باعث ہوا۔ اکثر حکام کی طبیعت میں جور ہوگیا تھا۔ اُن میں تدین اور امانت کی صفت مفقود تھی۔ انکے فیصلے جب ہی مقبول سمجھے جاتے تھے کہ عام لوگوں کو اُن میں اشتباہ باقی نہ رہے۔ اور اُس کا قول کسی شخص سابق کے مطابق ہو (۳) سبب سترواج لوگوں کی جہالت اور بے علموں سے فتوا لینا تقلید کا باعث ہوا۔ مفتی علم حدیث اور تخریج کے طریقہ سے ناواقف ہوتے تھے جیسے کہ اکثر متاخرین کی ظاہر حالت ایسے ہی تم دیکھتے ہو ابن ہمام وغیرہ نے اس پر تنبیہ کی ہے اس زمانہ میں فقیہ ان لوگوں کا نام تھا جو مجتہد کے پایہ کے نہ تھے (۴) وجہ تقلید کی یہ ہوئی کہ اکثر لوگوں نے ہر فن میں عمیق باتوں کی جانب زیادہ توجہ کی بعض نے خیال کیا کہ ہم علم اسماء الرجال کی بنیاد مستحکم کر رہے ہیں جرح اور تعدیل کے مرتبوں کو معلوم کرتے ہیں۔ اسکے بعد انہوں نے قدیم اور جدید تاریخ کی طرف توجہ کی۔ بعضوں نے نادر نادر خبروں اور غرایب آثار میں تفحص کیا اگرچہ وہ خبریں موضوع کے درجہ کی تھیں کسی نے اصول فقہ کے متعلق زیادہ گفتگو کی۔ ہر ایک شخص نے اپنے اپنے اصحاب کے مناظرہ کے اصول مستنبط کئے۔ اور انتہائی درجہ تک اعتراضات کی بھرمار کی۔ اور اُنکے جوابات دے دیکر گلو خلاصی کی۔ ہر ایک امر کی تعریفات اور تقسیم کا اہتمام کیا کبھی طول کلام کیا کبھی اختصار کیا بعض نے اس میں یہ روش اختیار کی کہ مسایل کی وہ مستبعد صورتیں فرض کیں جو اس قابل نہیں کہ کوئی عاقل ان کے درپے ہوتا مخرجین اور ان سے اونچے درجہ کے لوگوں کی کلام سے ایسے عمومات اور ایماءات کی تفتیش کی کہ جن کا سننا عالم بلکہ جاہل کو بھی گوارا اور پسند نہیں ہوا کرتا۔ اس جدل ومخالفت اور تعمق کا ضرر اور فتنہ اُس فتنہ اولےٰ کے قریب قریب تھا۔ جب لوگوں نے ملک کے متعلق فساد اور جھگڑے برپا کئے تھے ہر شخص نے اپنے اپنے ہمراہی کی امداد کی تھی۔ جیسے ان فسادوں کا یہ انجام ہوا کہ آخر کو گزندہ حکومت قائم ہوگئی اور نہایت کور وتاریک واقعات پیش آئے ایسے ہی ان اختلافات نے جہالت اور اختلاط اور شکوک واوہام کو ہر جانب پھیلا دیا۔ اس لئے ان قرنوں کے بعد صرف خالص تقلید شایع ہوگئی۔ حق وباطل اور مخاصمت اور استنباط میں کچھ تمیز نہ رہی۔ فقیہ اس زمانہ میں اس شخص کا نام ہوگیا کہ جو بے احتیاطی سے زیادہ بک بک کرے۔ فقہاء کے قوی وضعیف اقوال بلا تمیز محفوظ کرے اور منہ زوری سے انکو بیان کرتا جائے۔ اور محدث اس شخص کا نام ہوگیا جو صحیح سقیم حدیثیں شمار کرے اور قصہ گویوں کی طرح اُن کو بے سمجھے پوچھے بیان کرتا جائے میں کلیتہً یہ بیان نہیں کرتا ہوں۔ اس لئے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کر بندگان الٰہی میں ایسی جماعت ہمیشہ ہوا کرتی ہے جن کو کوئی بے سوا کرنے والا مضرت نہیں پہنچا سکتا وہم حجۃ اللہ فی ارضہ اگرچہ انکی تعداد کم ہی کیوں نہ ہو۔ اب جو زمانہ آتا گیا اس میں فتنہ اور تقلید کی زیادتی ہی ہوتی گئی۔ اور لوگوں کے دلوں سے دم بدم تین دور ہوتا گیا۔ حتے کہ امور دین میں خوض کرنا انہوں نے ترک کر دیا اور وہ مطمئن ہو گئے۔ اور کہنے لگے۔ انا وجدنا اٰبائنا علے امتہ وانا علی اثارہم مقتدون ہم نے اپنے باپ دادوں کو ایک جماعت پر متفق پایا ہے۔ ہم انہیں کے نشانوں کے پیرو ہیں وما علے الرسل الا البلغ وہو المستعان وبہ الثقتہ وعلیہ التکلان ۔

فصل

مناسبت مقام یہ ہے کہ ان مسایل پر لوگوں کو آگاہ کر دیا جائے جن میں فہموں کو حیرت اور قدموں کو لغزش اور قلموں کو گمراہی ہوا کرتی ہے مدار مسئلہ یہ ہے کہ امت محمدیہ یا ان لوگوں نے جو اس امت میں قابل اعتبار ہیں اس پر اتفاق کیا ہے کہ ان مذاہب اربعہ کی تقلید جو مدون ہو چکے ہیں اور تحریروں میں آچکے ہیں فی زمانا جائز اور درست ہے۔ اس تقلید میں بہت سی مصلحتیں ہیں بالخصوص خاصتہ اس زمانہ میں جس میں لوگ نہایت ہی قاصرۃ الہمت ہو گئے ہیں اور نفسوں میں خواہشیں جم گئی ہیں اور ہر شخص اپنی اپنی ہی رائے پر ناز کرتا ہے۔ پس ابن حزم نے جو تقریر کی ہے کہ تقلید بالکل حرام ہے کسی کو جائز نہیں ہے کہ بجز رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بلا دلیل کسی شخص کے قول کو اختیار کرے اس لئے کہ خدا تعالےٰ نے کا رشاد ہے کہ انہیں امور کا اتباع کرو جو تمہارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے اور خدا کے علاوہ اور مقربین کا اتباع مت کرو۔ واتبعوا ما انزل الیکم من ربکم ولا تتبعوا من دونہ اولیاء اور نیز خدا فرماتا ہے جب مشرکین سے کہا جاتا ہے ان احکام کی پیروی کرو جو خدا تعالےٰ نے نازل کئے ہیں تو وہ کہتے ہیں نہیں ہم تو انہیں چیزوں کی پیروی کریں گے جن پر ہم نے اپنے باپ دادوں کو پایا ہے واذا قیل لہم اتبعوا ما انزل اللہ قالوا نتبع ما الفینا علیہ اٰبائنا اور خدا تعالےٰ نے ان لوگوں کی مدح میں جو تقلید نہیں کرتے فرمایا ہے میرے ان بندوں کو مژدہ سنا دو جو بات کو سنکر اسکا اتباع کرتے ہیں۔ جو سب سے زیادہ اچھی ہوتی ہے انہیں لوگوں کو خدا نے ہدایت کی ہے اور وہی عقل والے ہیں فبشر عباد الذین یستمعون القول فیتبعون احسنہ اولئک الذین ھدیہم اللہ واولئک ہم اولوا الالباب اور نیز فرمایا ہے۔ اگر تم کسی بات میں نزاع کرو تو اس کو خدا اور رسول کی طرف پھیرو اگر تم کو خدا اور روز قیامت پر ایمان ہے۔ فان تنازعتم فی شیء فردوہ الی اللہ والرسول ان کنتم تومنون باللہ والیوم الاخر خدا تعالےٰ نے تنازعت کے وقت بجز قرآن وحدیث کے کسی اور کی طرف متوجہ ہونے کو جائز نہیں کیا ہے اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ منازعت کے وقت بجز قرآن وحدیث کے کسی شخص کے قول کی طرف رجوع نہ کیا جائے۔ اس لئے کہ یہ قول قرآن وحدیث کے غیر ہے اور تمام صحابہ اور تمام تابعین اور تمام تبع تابعین کا اتفاق ہے کہ ان میں سے کوئی شخص اپنے زمانہ یا زمانہ سابق کے کسی شخص کے قول کی طرف توجہ اور قصد نہ کرے اس لئے وہ شخص خوب سمجھ لے۔ جو امام ابوحنیفہ یا مالک یا شافعی یا احمد بن حنبل کے تمام اقوال کی پیروی کرتا ہے۔ اور ان میں سے اپنے پیشوا کے سوا کسی کی بھی پیروی نہ کرے اور جب تک قرآن وحدیث کے احکام کو کسی خاص شخص کے قول کی جانب نہ پھیر لے۔ ان پر بالکل اعتماد نہ کرے کہ وہ تمام امت کا اول سے آخر تک مخالف

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے یقیناً اس میں کچھ شبہ نہیں ہے وہ اپنے ہمراہ تینوں مبارک زمانوں میں سے کسی کو نہ پائیگا اسلئے ایسے شخص نے وہ راستہ اختیار کیا۔ جو مسلمانوں کا نہیں ہے۔ نعوذ باللہ من ھذہ المزلۃ ۔

اور زیز ان تمام فقہاء نے غیر سلف کی تقلید سے منع کیا ہے۔ اسواسطے ایسا شخص اُن کے مخالف ہے جن کی وہ تقلید کرتا ہے۔ اور نیز وہ کون شخص ہے جس نے مذکورہ بالا لوگوں یا اُن کے علاوہ کسی اور کی تقلید کو حضرت عمر بن خطاب یا حضرت علی ابن ابی طالب اور حضرت عبداللہ ابن مسعود اور حضرت عبداللہ ابن عمر یا عبداللہ ابن عباس یا حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہم کی تقلید سے اولےٰ قرار دیا ہو۔ پس اگر تقلید جائز ہی ہو تو اور وں کی نسبت یہی حضرات مقتدا اور پیشوا ہونے کے زیادہ قابل ہیں۔ انتہی ۔ یہ تقریر ابن حزم کی اُس شخص کے حق میں پوری ہو سکتی ہے جس کو اجتہاد کا کچھ بھی مرتبہ حاصل ہو۔ اگرچہ ایک ہی مسئلہ میں کیوں نہ ہو۔ یا اُس شخص کے حق میں ہو سکتی ہے جسکو خوب صاف معلوم ہو سکے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فلاں امر کا حکم فرمایا ہے اور فلاں امر کو منع فرمایا ہے۔ اور یہ حکم آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا منسوخ نہیں ہے اس کو یہ علم احادیث کے تتبع سے ہوا ہو۔ ہر مسئلہ میں مخالف اور موافق اقوال کی جانچ کی ہو۔ اُن اقوال کا کوئی ناسخ اُس نے نہ پایا۔ یا اُس نے علمائے متاخرین کی ایک جماعت کثیر کو متفق پایا ہو۔ اُس نے اُس کے مخالف کو دیکھا کہ حدیث کے مقابلہ میں قیاس یا استنباط وغیرہ کو پیش کرتا ہو ایسی حالت میں حدیث کی مخالفت کا کوئی سبب نہیں ہو سکتا۔ الاتفاق خفی ادحمق جلی اسی کی طرف شیخ عزالدین ابن عبدالسلام نے اشارہ فرمایا ہے وہ کہتے ہیں کہ نہایت تعجب کی بات ہے کہ فقہائے مقلدین میں سے بعض کو اپنے امام کا ضعف اخذ معلوم ہو جایا کرتا ہے اُس کے ضعف کو کوئی چیز دفع نہیں کرتی۔ اس پر بھی وہ اس امام کی تقلید ہی کئے جاتا ہے اور جس شخص کے مذہب پر قرآن و حدیث اور صحیح قیاسات کی شہادت ملتی ہے۔ اُس کو بالکل ترک کر دیتا ہے۔ اُسکو ان ہی امام کے مذہب سے وابستگی رہتی ہے بلکہ ایسے ایسے حیلے کرتا ہے جن سے ظاہر قرآن و حدیث کو دفع کر دے اور بعید و باطل تاویلیں اُن میں گڑھتا ہے تاکہ اپنے مقتدا کی حمایت کرے۔ اور نیز وہ شیخ کہتے ہیں کہ لوگ ہمیشہ سے جو عالم آتے گئے۔ اُس سے مسئلے دریافت کرتے رہے کسی خاص مذہب کے وہ مقید نہ تھے کسی سائل پر وہ انکار نہ کرتے تھے۔ یہاں تک کہ ان مذاہب اور متعصب مقلدین کا ظہور ہوا۔ اب ہر شخص اپنے امام کی ایسی پیروی کرنے لگے گویا وہ نبی مرسل ہے اگرچہ اُس کا مذہب دلیلوں سے کیسا ہی دور ہو۔ ایسا شخص حق اور صواب سے بالکل دور ہٹ گیا۔ لایرضی بہ احد من اولی الالباب ۔

امام ابو شامہ کا قول ہے۔ کہ جو شخص فقہ میں مصروف ہو اُسکو یہی مناسب ہے کہ کسی خاص مذہب امام پر نظر کو قاصر نہ کرے۔ ہر ایک مسئلہ میں اسی امر کی صحت پر اعتقاد رکھے جو قرآن و حدیث کی رہبری سے معلوم ہوتا ہو۔ جب کوئی شخص ابتداہی سے اہم علوم کو خوب پختہ کریگا اُس کو یہ امر سہل ہوگا اور تعصب اور متاخرین کے طرق اختلافات میں غور کرنے سے احتراز کرنا چاہیئے یہ امور وقت کو ضائع کرتے ہیں اس سے صاف طبیعتیں مکدر ہو جاتی ہیں۔ امام شافعی سے بروایت صحیح ثابت ہے کہ انہوں نے اپنی اور کسی دوسرے کی تقلید سے لوگوں کو منع کیا ہے۔ امام شافعی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صاحب امام مزنی اپنے مختصر ع میں بیان کرتے ہیں۔ کہ اس میں میں نے امام شافعی کے علم اور انکے اقوال کے معانی مقتضا بیان کئے ہیں۔ تاکہ جو شخص اُن کے معلوم کرنے کا قصد کرے۔ اُس کا ذہن اُن سے قریب ہو جاوے میں اُس شخص کو یہ بھی بتاتا ہوں۔ کہ امام شافعی نے لوگوں کو اپنی اور غیر کی تقلید سے منع کر دیا ہے۔ تاکہ آدمی اپنے دین اور احتیاط اس کے لئے اُن کے قول میں غور کرے یعنی میں اُس شخص کو جو علم شافعی کے حاصل ہونے کا قصد کرے یہ بتاتا ہوں کہ امام شافعی نے اپنی تقلید اور اوروں کی تقلید سے لوگوں کو منع کر دیا ہے۔ انتہی ؛

اور نیز ابن حزم کا قول اُس شخص کے حق میں درست ہے جو محض عامی ہے اور وہ کسی معین فقیہ کی یہ سمجھ کے تقلید کرتا ہو کہ ایسے شخص سے خطا ہو ہی نہیں سکتی۔ اس کی جو بات ہوتی ہے۔ وہ بالکل ٹھیک ہی ہوتی ہے اور خوب اپنے دل میں جمائے کہ اسکے خلاف دلیل کیسی ہی ظاہر ہو۔ میں اُس کی تقلید کو ترک نہ کرونگا۔ اسی حالت کے متعلق ترمذی نے عدی بن حاتم سے روایت کی ہے کہ میں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ آیت پڑھتے ہوئے سنا کہ عیسائیوں نے اپنے علماء اور رہبانوں کو علاوہ خدا کے رب اپنا قرار دے لیا تھا۔ اتخذوا احبارھم ورھبانھم اربابا من دون اللہ۔ آنحضرت نے اسکو پڑھکر فرمایا کہ عیسائیوں نے اُن کو معبود قرار نہ دیا تھا۔ بلکہ وہ جس چیز کو حلال کہتے تھے اُسی کو یہ حلال سمجھ لیتے تھے۔ اور جس چیز کو وہ حرام ٹھیراتے تھے یہ بھی اُس کو حرام سمجھ لیتے تھے۔ اور نیز اُس شخص کے حق میں بھی یہ تقریر درست ہے کہ جو حنفی ہو کر شافعی سے فتوے دریافت کرنے کو جائز نہ جانتا ہو اور اُس کو تجویز نہ کرتا ہو کہ حنفی مثلاً امام شافعی کا اقتدا کر سکے۔ اس لئے کہ ایسا خیال قرون اولی صحابہ اور تابعین کے اجماع اور اتفاق کے بالکل خلاف ہے ؛

ابن حزم کا قول اس شخص کے متعلق نہیں ہو سکتا ہے جو شخص صرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے قول کا متبع ہو اُسی چیز کو وہ حلال سمجھتا ہے جس کو خدا اور رسول نے حلال اور حرام کیا ہے۔ لیکن چونکہ وہ نہیں جان سکتا کہ آنحضرت کا کیا ارشاد ہے۔ وہ آنحضرت کے مختلف اقوال کو جمع نہیں کر سکتا۔ آپ کے کلام سے کوئی امر مستنبط نہیں کر سکتا۔ اسلئے وہ کسی رہنما عالم کی پیروی کر لیتا ہے۔ یہ سمجھتا ہے کہ اس کا قول درست ہوا کرتا ہے۔ وہ برابر فتوے دیا کرتا ہے اور طریق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا متبع ہے۔ اور اگر اُس کو معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ ایسا نہیں کرتا۔ تو فوراً اس کی متابعت ترک کر دیتا ہے اس میں کچھ جھگڑا اور اصرار نہیں کرتا اس قسم کی حالت کا کوئی کیسے انکار کر سکتا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے مسلمانوں میں برابر فتوے دینے اور فتوے لینے کا طریقہ جاری ہے اور اس میں کچھ فرق نہیں ہے کہ ایک شخص سے ہمیشہ مسئلے پوچھا کر دیا کبھی اس سے دریافت کر لیا کبھی اُس سے لیکن حالت مذکورہ کا ثابت رہنا چاہیئے ہم کسی فقیہ پر یہ ایمان نہیں لاتے کہ خدا تعالے اُس کو فقہ کی وحی بھیجتا ہے۔ اور خدا نے اُس کی اطاعت ہم پر فرض کر دی ہے اور وہ بالکل معصوم ہے۔ اگر ہم کسی فقیہ کا اتباع کرتے ہیں تو صرف اس واسطے کرتے ہیں کہ وہ قرآن و حدیث سے واقف ہے اس کا قول یا قرآن و حدیث کا صریح حکم ہوگا یا کسی طریقہ سے اُس نے قرآن و حدیث سے اپنے قول کو مستنبط کیا ہوگا یا اُس نے قرائن سے معلوم کیا ہوگا کہ فلاں سورہ میں جو حکم دیا گیا ہے وہ فلاں وجہ سے دیا گیا ہے۔ بالیقین طالب اُس کو اُس حکم کی علت معلوم ہو گئی تھی۔ اسواسطے اُس نے منصوص پر غیر منصوص کو قیاس کر لیا گویا وہ یہ کہتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں نے خواب میں دیکھا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جہاں کہیں علت ہو ان حکم پایا جائیگا اور اس عموم میں وہ شے بھی منضبط ہے جس کو قیاس کہا ہے اسواسطے یہ قول بھی گویا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف ہی منسوب ہوگا لیکن اس طائفہ میں ہونا شامل ہیں اور اگر یہ احتمال نہ ہوتا تو کونسا مسلمان کسی مجتہد کی پیروی کیا کرتا اسوقت میں اگر ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث بسند صحیح معلوم ہو جاوے جن کی اطاعت ہم پر خدا نے فرض کی ہے اور اس حدیث سے ہم کو معلوم ہو جاوے کہ امام کا مذہب اس کے خلاف ہے اور اس کے بعد ہم حدیث کو ترک کر کے اس مجتہد کی تخمین کا اتباع کریں۔ تو ہم سے زیادہ ظالم کون ہو سکتا ہے اور جس دن لوگ رب العالمین کے سامنے پیش ہونگے تو ہمارا کیا عذر ہوگا۔

ان مسایل مشکلہ میں سے ایک امر یہ ہے کہ کلام فقہا میں سے تخریج کرنا اور لفظ حدیث کا تتبع کرنا ان دونوں میں سے ہر ایک کے لئے دین میں مضبوط اصل ہے ہر زمانہ کے علمائے المحققین دونوں کو اختیار کرتے رہے ہیں بعض کا زیادہ اہتمام تخریج کی طرف تھا اور لفظ حدیث کے تتبع کا لحاظ وہ کم کرتے تھے اور بعض لفظ حدیث کا زیادہ اہتمام کرتے تھے اور تخریج کی جانب انکا التفات نظر کم تھا لیکن جیسے فریقین سے عام لوگوں کا شیوہ ہے یہ مناسب نہیں ہے کہ ہر ایک امر کا اہتمام پورا پورا نہ کیا جائے۔ حق الامر یہ ہے کہ اس طرح بحث کرنا چاہئے جس سے ایک کی مطابقت دوسرے سے ہو جائے اور جو ایک میں خرابی ہو وہ دوسرے سے نکل جاوے۔ امام حسن بصری کا قول ہے۔ بخدا جسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ افراط تفریط کے بیچ میں تمہاری سنت کا درجہ ہے مفرط اور مفرط کے درمیان۔ اس لئے جو شخص اہل حدیث سے ہو اسکو مناسب ہے اپنے مختار کردہ اور مذہب کو تابعین میں سے مجتہدوں کی رائے پر پیش کرے اور جو اہل تخریج سے ہو۔ اسکو مناسب ہے کہ احادیث میں سے وہ حدیثیں اختیار کرے۔ جن میں صریح اور صحیح احادیث کی مخالفت سے وہ احتراز کر سکے۔ جس امر میں حدیث یا کوئی اثر وارد ہوئی وہاں اپنی رائے کو بقدر طاقت دخل دینا نہیں چاہئے۔ محدث کو بھی مناسب نہیں ہے کہ ان قواعد میں زیادہ تعمق کرے جو ارباب حدیث نے مستحکم کئے ہیں لیکن شارع نے ان کی کچھ تصریح نہیں کی ہے اور اس وجہ سے وہ محدث کسی حدیث یا صحیح قیاس کو رد کر دے۔ جیسے ان حدیثوں کو رد کر دیں۔ جن میں ارسال یا انقطاع کا ادنیٰ شائبہ بھی ہو جیسے ابن حزم نے تحریم معازف کی حدیث کو صرف اس خیال سے رد کر دیا کہ بخاری کی روایت میں اسکے انقطاع کا شائبہ تھا حالانکہ وہ حدیث فی نفسہ متصل اور صحیح ہے ایسے امور کا لحاظ تعارض کے وقت کیا کرتے ہیں۔ اور مثلاً محدثین کا قول ہے کہ فلاں شخص کی حدیث کا زیادہ حافظ ہے۔ اسوجہ سے محدثین اسی شخص کی حدیث کو دوسرے کی حدیث پر ترجیح دیا کرتے ہیں گو کہ دوسرے میں ترجیح کی ہزار وجہیں کیوں نہ ہوں۔ اور نیز روایت بالمعنے کے وقت جمہور راویوں کو اس کا اہتمام ہوتا تھا کہ اصلی معنی ادا ہو جائیں۔ وہ ان اعتبارات کا کچھ لحاظ نہیں کرتے تھے جن کا کہ اہل عربیت میں سے زیادہ خوض کرنیوالے کیا کرتے ہیں۔ اسواسطے اہل تخریج کا مثلاً فا باد سے یا کسی کلمہ کی تقدیم و تاخیر وغیرہ سے استدلال کرنا محض تعمق۔ زیادتی ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ دوسرا راوی اکثر اس قصہ کو جو ایک راوی نے بیان کیا تھا بدل دیا کرتا ہے۔ اور بجائے ایک حرف کے دوسرا حرف لایا کرتا ہے۔ اور حق اور ظاہر یہی ہے کہ راوی جو حدیث بیان کیا کرتا ہے وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی کلام ہوا کرتا ہے اسکے بعد اگر کوئی حدیث یا دلیل ظاہر ہوگی۔ تو اسکی طرف منتقل ہو جائینگے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور صاحب تخریج کو مناسب نہیں ہے کہ وہ ایسے قول کو خارج کرے جو اسکے اصحاب کے صرف کلام سے مفہوم نہ ہوتا ہو۔ اور اہل عرف اور علماے لغت اُس سے معلوم نہ کر سکتے ہوں کسی مسئلہ کے ماخذ سے یا کسی مسئلہ کی ایسی نظیر سے خارج کیا ہو جس میں اہل رائے مختلف ہوں اور باہم اس میں رائیں مختلف ہوں اگر اُس مسئلہ کو اس صاحب تخریج کے اصحاب سے بھی یہ مسئلہ دریافت کیا جاتا۔ تو وہ خود ہی کسی مانع کیوجہ سے نظیر کو نظیر پر حمل کرتے یا اُس کی کوئی ایسی علت بیان کرتے جو اس علت کے خلاف ہوتی جو اُس نے خارج کی ہے۔ تخریج کا جواز محض اسی لئے ہے کہ اُس میں حقیقت مجتہد کی تقلید ہوا کرتی ہے اور یہ تقلید جب ہی مکمل ہوتی ہے کہ مجتہد کے کلام سے مفہوم بھی ہوتی ہو اور صاحب تخریج کو یہ بھی ممانعت ہے کہ اپنے یا اپنے اصحاب کے مستخرج قاعدہ سے کسی حدیث یا اثر کو جس پر محدثین کا اتفاق ہو۔ رد کر دے۔ جیسے کہ حدیث مصرات کو رد کر دیا ہے یا ذوی القربیٰ کا حصہ ساقط کر دیا ہے۔ اس لئے کہ اس مستخرج قاعدہ کی نسبت اُس حدیث کا لحاظ زیادہ اہم اور ضروری ہے اس معنی کی طرف امام شافعی نے اشارہ کیا ہے کہ میں جب کوئی بات کہوں۔ یا کسی قاعدہ کو قایم کروں۔ اور اسکے بعد میرے قول کے مخالف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے حدیث معلوم ہو تو اُسوقت آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا ہی قول معتبر ہے۔

اور مسایل مشکلہ میں سے یہ بھی ہے کہ احکام معلوم کرنے کیلئے قرآن و حدیث کے تتبع کرنے کے کئی مرتبے اور درجے ہیں سب سے اعلےٰ درجہ یہ ہے کہ اُسکو بالفعل یا بالقوۃ قریبہ اتنے احکام معلوم ہوں جس سے اکثر واقعات کے جواب دینے کی اُسکو قدرت حاصل ہو۔ اُس کا جواب اکثر اس درجہ کا ہو کہ اشکال کیوجہ سے قابل توقف ہو اور ایسے علم کی آماد گی اجتہاد سے ہی ہوا کرتی ہے۔ ایسی استعداد مختلف طرح پر حاصل ہوتی ہے کبھی اس طرح کہ روایتوں کے جمع کرنے میں غوض کیا جائے روایات شاذہ و نادرہ کا پورا تتبع کیا جاوے امام احمد بن حنبل نے اسی کی طرف اشارہ کیا ہے اور اس کے ساتھ عاقل ہو۔ لغت کا عالم ہو۔ کلام کے مواقع کو خوب سمجھتا ہو آثار سلف سے اس طرح واقف ہو کہ مختلف اثروں کو جمع کر سکے اور دلایل کو مرتب کر سکے اور نہ لے ہذا۔ اور ایک طریقہ یہ ہے کہ مشائخ فقہ میں سے کسی شیخ کے مذہب پر تخریج کی طریقوں کو نہایت پختہ کر لیا ہو اور اسکے ساتھ احادیث اور آثار کے ایک معقول مجموعہ سے بھی خوب واقف ہو اس طرح پر کہ یہ جان سکے کہ اُس کا قول اجماع کے مخالف نہیں ہے۔ یہ طریقہ اصحاب التخریج کا ہے۔

اور اس تتبع کا اوسط درجہ یہ ہے کہ اُس کو قرآن و حدیث کا اتنا علم ہو جسکی وجہ سے فقہ کے مجمع علیہا روشن مسایل معلوم کر سکے۔ اُن مسایل کے تفصیلی دلایل سے واقف ہو۔ بعض مسائل اجتہادیہ کو دلائل کے ساتھ نہایت درجہ تک اُس نے معلوم کر لیا ہو۔ بعض اقوال کو بعض پر ترجیح دے سکے ماسبق تخریجات کی خوب تقادی کر سکے اُن میں سے کامل اور ناقص کو سمجھ سکے یہ معلوم کر سکے کہ اس کا قول اس قابل نہیں ہے کہ مجتہد کا اجتہاد اُس میں نافذ ہو سکے یا قاضی اُس کا حکم نہ کر سکے۔ اور کوئی مفتی اُس کے موافق فتوےٰ نہ دے سکے۔ اور اُن بعض تخریجات کو ترک کر دے جس کو سابقین نے خارج کیا تھا۔ جب اُس کو اس قسم کی تخریجات کے صحیح نہ ہونے کا علم ہو جائے اسی وجہ سے وہ علما جو اجتہاد کے مدعی نہ تھے۔ ہمیشہ سے تصنیفات اور ترتیبات کرتے رہے ہیں برابر وہ تخریجات کرتے رہے ہیں اور بعض اقوال کو بعض پر ترجیح دیتے رہے ہیں اور مقصود مسایل میں یہی ہے کہ غالب گمان حاصل ہو جائے اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اسی گمان غالب پر تکلیف کا مدار ہے۔ تو امور بالا کچھ مستبعد نہیں ہیں۔

اور جو لوگ ادنے درجہ کے ہیں۔ اُن کا مذہب کیونکر الوقوع امور میں وہ ہے جو وہ اپنے اصحاب یا اپنے آباؤ اور اجداد اور اپنے اہل شہر سے اخذ کرتے ہیں۔ جس مذہب کا وہ اتباع کرتے ہیں اسی کا یہ پیرو ہوتا ہے اور نادر واقعات میں جو شہر کے مفتی فتوے دیں اور معاملات قاضی جو فیصلہ کر دے ہم نے ہر مذہب کے علمائے محققین کو قدیماً و حدیثاً اسی وتیرہ پر پایا ہے وہو الذی وقعت۔ البتہ المذاہب واصحابہم یواقیت وجواہر ہیں ہے کہ امام ابو حنیفہ رضہ سے مروی ہے کہ جو شخص میرے قول کی دلیل کو نہ جانتے۔ اُسکو مناسب نہیں ہے کہ میرے قول پر فتوے دے کہ امام صاحب رضی اللہ عنہ فتوے دینے کے وقت فرمایا کرتے تھے کہ یہ نعمان ابن ثابت کی رائے ہے اور جہانتک ہم کو قدرت ہوئی۔ اسمیں یہ قول بہت اچھا ہے اور جو شخص اس سے عمدہ کوئی اور قول پیش کرے۔ تو وہی بہت درست ہے اور امام مالک رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ سوا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سب کا کلام اختیار کرنے اور رد کرنے کے قابل ہے حاکم اور بیہقی نے امام شافعی رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے وہ فرمایا کرتے تھے کہ جب کوئی حدیث صحیح مل جائے تو وہی میرا مذہب ہے اور ایک روایت میں یہ ہے کہ جب تم دیکھو کہ میرا قول حدیث کے مخالف ہے تو حدیث پر ہی عمل کرنا اور میرے کلام کو دیوار پر مارنا امام شافعی نے ایک روز امام مزنی سے فرمایا اے ابراہیم میرے ہر قول میں تم میری تقلید نہ کرنا۔ یہ مذہب ہے۔ اپنے نفس کے لئے خوب بہتری کا خیال کر لینا اور نیز امام شافعی رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ بجز رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کسی کا قول قابل حجت نہیں ہے۔ اگرچہ لوگ کتنے ہی زیادہ کیوں نہ ہوں۔ اور نہ قیاس میں حجت ہے نہ کسی شے میں رضا و تسلیم ہے۔ صرف خدا اور رسول کی اطاعت کمل ہوتی ہے امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ کسی کی مجال نہیں ہے کہ خدا اور رسول کے مقابلہ میں گفتگو کر سکے امام احمد نے ایک شخص سے کہا کہ ہرگز میری تقلید نہ کرنا۔ اور نہ ہرگز امام مالکؒ اور نہ اوزاعی اور نہ نخعی اور نہ کسی اور کی تقلید کرنا جہاں سے اوروں نے احکام اخذ کئے ہیں وہیں سے اخذ کرنا یعنی قرآن و حدیث سے اور کسی شخص کو فتوے دینا مناسب نہیں ہے جب تک کہ وہ شرعی فتووں میں علماء کے اقوال سے واقف نہ ہو اور ان کے مذاہب کو نہ جانتا ہو۔ اگر اُس سے کوئی مسئلہ دریافت کیا جائے اور وہ واقف ہو کہ جن علماء کا مذہب اختیار کیا جایا کرتا ہے۔ اُنہوں نے اس پر اتفاق کیا ہے تب تو مضائقہ نہیں ہے۔ اگر وہ کہدے کہ یہ امر جائز ہے اور یہ ناجائز ہے محض نقل کے طور پر بیان کر دینا چاہیئے اور اگر کوئی مسئلہ مختلف فیہ ہو تو یہ کہنے میں کچھ مضائقہ نہیں ہے کہ فلاں شخص کے قول کے موافق جائز ہے اور فلاں کے ناجائز یہ مناسب نہیں ہے کہ ایک قول کو خود اختیار کر کے کسی کے قول کے موافق فتوے دیدے۔ جب تک کہ اس کی دلیل کو بخوبی نہ سمجھ سکے۔ امام ابو یوسف اور زفر وغیرہ فرماتے ہیں کہ کسی شخص کو جائز نہیں ہے کہ ہمارے قول کے موافق فتوے دے۔ جب تک کہ یہ نہ سمجھے کہ ہم نے کہاں سے کہا ہے۔ عصام ابن یوسف رحمت اللہ علیہ سے کہا گیا کہ تم امام ابو حنیفہ کی مخالفت بہت کیا کرتے ہو۔ اُنہوں نے جواب دیا کہ میں اسواسطے اُنکی مخالفت کرتا ہوں۔ کہ خدا تعالےٰ نے اُن کو ایسا فہم دیا تھا کہ ہم کو ویسا نہیں دیا ہے اُنہوں نے اپنے فہم سے وہ باتیں معلوم کیں جو ہماری

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سمجھ میں نہیں آتیں اور جب تک ہم اُنکے قول کو خوب سمجھ نہ لیں اُنکے قول کے موافق فتوے نہیں دے سکتے۔ امام محمد بن حسن رحمت اللہ علیہ سے دریافت کیا گیا کہ فتوے دینا کب جائز ہے۔ اُنہوں نے جواب دیا کہ جب خطا سے اس کا صواب زیادہ ہو ابو بکر اسکاف الجنی سے روایت ہے کہ اُن سے دریافت کیا گیا۔ ایک شہر میں سب سے زیادہ ایک عالم ہے کیا یہ ممکن ہے کہ فتوے نہ دے اُنہوں نے کہا اگر وہ اہل اجتہاد سے ہے تب تو ممکن نہیں ہے پھر دریافت کیا گیا۔ کہ اہل اجتہاد سے وہ کیسے ہوا کرتا ہے کہا جب تمام مسایل کے دلایل سے واقف ہو اور مخالفت کے وقت اپنے تمام ہمسروں سے مناظرہ اور مقابلہ کر سکے۔ کہا گیا ہے کہ اجتہاد کی شرطوں میں سے ادنے شرط یہ ہے کہ کتاب مبسوط حفظ ہو۔ انتہی

بحر الرایق میں ابو لیث کی روایت سے ہے کہ ابو نصر سے ایک مسئلہ کے متعلق جو اُن کے سامنے پیش ہوا تھا۔ سوال کیا گیا۔ کہ خدا تم پر رحمت کرے تم کیا کہتے ہو۔ تمہارے پاس چاروں کتابیں کتاب ابراہیم بن رستم اور خصاف کی نکاح سے ادب القاضی اور کتاب الجرد اور ہشام کی روایت سے نوادر ہیں ہم کو ان کتابوں کے موافق فتوے دینا درست ہے یا نہیں یہ سب کتابیں تمہاری نظر میں پسندیدہ ہیں اُنہوں نے جواب دیا کہ ہمارے اصحاب سے جو صحیح طور پر معلوم ہو گیا ہے وہ پسندیدہ اور قابل رغبت و تسلیم ہے۔ لیکن فتوے دینا بے سمجھے کسی کے لئے میں پسند نہیں کرتا۔ ایسے شخص کو لوگوں کا بار اٹھانا نہیں چاہیئے لیکن جو مسایل ہمارے اصحاب سے مشہور اور صاف ہو گئے ہیں اُن میں مجھ کو امید ہے کہ ان پر میں اعتماد کر سکوں۔ اور نیز بحر الرایق میں ہے کہ اگر کسی شخص نے پچھنے لگائے یا نیبت کی۔ اور یہ گمان کیا۔ کہ اس سے روزہ ٹوٹ گیا ہوگا۔ یہ سمجھکر اُس نے کچھ کھا لیا تو اگر اس شخص نے کسی فقیہ سے مسئلہ دریافت نہیں کیا تھا۔ اور نہ اُس کو حدیث معلوم ہوئی تھی تب تو اُس پر کفارہ واجب ہوگا۔ اس لئے کہ اُس نے محض جہالت سے روزہ توڑ دیا۔ اور جہالت دار الاسلام میں کوئی عذر نہیں ہے۔ اور اگر فقیہ سے دریافت کر کے اُس نے روزہ توڑ دیا تو اُس پر کفارہ واجب نہ ہوگا۔ اس لئے کہ عامی پر عالم کی تقلید واجب ہے جب اُسکے فتوے پر اُس کا اعتماد ہو۔ اس واسطے وہ اپنے فعل میں معذور ہوگا۔ اگرچہ مفتی سے خطا ہی کیوں نہ ہو جائے اور اگر اس شخص نے کسی مفتی سے تو دریافت نہیں کیا لیکن اُس کو حدیث معلوم ہو گئی تھی۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ پچھنے لگانے والا اور جس کے پچھنے لگائے گئے ہیں دونوں روزہ کو توڑ ڈالیں افطر الحاجم والمحجوم اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ غیبت سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے الغیبۃ تفطر الصائم اور اس شخص کو حدیث کے منسوخ ہونے کا یا حدیث کی تاویل کا کچھ علم نہ تھا۔ ان دونوں پر کفارہ واجب نہیں ہے۔ اس واسطے کہ حدیث کا ظاہری مضمون واجب العمل ہے لیکن امام ابو یوسف کا قول اس کے مخالف ہے وہ کہتے ہیں کہ جب تک ناسخ منسوخ کا علم نہ ہو عامی کو حدیث پر عمل نہ کرنا چاہیئے۔

اور اگر کسی شخص نے عورت کو چھو لیا۔ یا شہوت سے اُس کا بوسہ لیا۔ یا سرمہ لگایا۔ اور اُس نے یہ سمجھ کر کہ یہ چیزیں روزہ کی مفطر ہیں۔ روزہ کو توڑ دیا تو اُس پر کفارہ ہے۔ ہاں اگر اُس نے کسی فقیہ سے مسئلہ دریافت کیا تھا اور اُس نے روزہ ٹوٹ جانے کا فتوے دیا تھا یا اُس کو کوئی حدیث معلوم ہو گئی تھی۔ تو کفارہ نہ ہوگا اگر کسی شخص نے زوال سے روزہ کی نیت کی تھی تو پھر روزہ کو اُس نے توڑ دیا تو امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک اُس پر کفارہ واجب نہیں ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور صاحبین کے نزدیک کفارہ واجب ہے کذا فی المحیط اس سے معلوم ہوا کہ عامی کا مذہب وہی ہے جو اس کا مفتی فتوے دیوے اور نیز محیط میں باب قضاء الفوائت میں ہے کہ اگر کسی عامی کا کوئی مذہب معین نہیں ہے تو جو مفتی فتوے اس کو دیگا وہی اس کا مذہب ہوگا۔ علماء نے اس کی تصریح کی ہے پس اگر کسی حنفی نے فتوے دیا تو اس کے موافق عصر اور مغرب کا وہ اعادہ کریگا۔ اور شافعی کے فتوے کے موافق وہ عصر اور مغرب کی نماز کا اعادہ نہ کریگا۔ اور اسکی رائے کا کچھ اعتبار نہ ہوگا۔ اور اگر وہ کسی سے فتوے نہ لے یا اسکو معلوم ہو جاوے کہ فلاں مجتہد کا مذہب صحیح ہے تو یہی اس کو کافی ہوگا اور اعادہ کی ضرورت نہ ہوگی۔

ابن صلاح کا قول ہے کہ جو کوئی شافعی المذہب کسی حدیث کو اپنے مذہب کے مخالف پائے۔ تو دیکھنا چاہیئے۔ اگر اس شخص کو اجتہاد مطلق یا خاص اسی باب یا مسئلہ میں اجتہاد کا مرتبہ حاصل ہے تو وہ مستقل طور پر اس حدیث پر عمل کر سکتا ہے اور اگر یہ اجتہاد اس کو حاصل نہیں ہے اور حدیث کی مخالفت کا بحث ذکر کے بعد جواب شافعی اس کو ملتا نہیں۔ تو اگر اس حدیث پر علاوہ امام شافعی کے کسی امام مستقل نے عمل کیا ہو۔ تو اس کو بھی اس حدیث پر عمل کر لینا چاہیئے۔ اپنے امام کے مذہب ترک کرنے میں وہ معذور ہوگا۔ امام نووی نے بھی اس کو پسند کیا ہے۔ اور اس پر کوئی اعتراض نہیں کیا۔

اور مسایل مشکلہ میں سے یہ بھی ہے کہ فقہاء میں اکثر مختلف فیہ صورتیں اور خاصکر وہ مسایل جن میں صحابہ کے اقوال دونوں جانب وارد ہوئے ہیں۔ ایسے ہیں کہ ان میں نفس مسئلہ میں اختلاف نہیں ہے بلکہ اولویت میں اختلاف ہے مثلاً تشریق اور عیدین کی تکبیرات احرام باندھنے والے کا نکاح حضرت عبداللہ ابن عباس اور عبداللہ ابن مسعود کی التحیات بسم اللہ اور آمین کو اخفاء سے پڑھنا تکبیر قیام میں دو دو بار ایک ایک بار کلموں کا ادا کرنا وعلیٰ ہذا ہمارے ائمہ میں دو قولوں میں سے ایک کی ترجیح میں کلام ہے۔ ان کی اصل مشروعیت میں سلف کو کچھ اختلاف نہ تھا قرأت کے طریقوں اختلاف قرأت کا بھی یہی حال ہے۔ ایسے اکثر ابواب میں یہی توجیہ کی گئی ہے کہ صحابہ ان میں مختلف تھے اور یقیناً وہ سب راہ راست پر تھے اسی واسطے مسایل اجتہادیہ میں علماء ہمیشہ مفتیوں کے فتووں کو تجویز کرتے رہے ہیں اور قاضیوں کے احکام کو تسلیم کرتے چلے آئے ہیں۔ اور کبھی کبھی اپنے مذہب کے خلاف قول پر بھی وہ عمل کر لیا کرتے تھے۔ ایسہ مذہب کو تم ایسے موقعوں میں دیکھو گے۔ کہ صاف دوسرے قول مخالف کو ظاہر کر کے کہہ دیتے ہیں کوئی کہتا ہے اسی قول میں زیادہ احتیاط ہے۔ یا یہی قول مختار ہے یا یہ قول ہم کو زیادہ پسند ہے۔ اور کہتے ہیں ہم کو یہی قول معلوم ہوا ہے کتاب مبسوط و آثار محمد رحمۃ اللہ علیہ و امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام میں ایسا اکثر جگہ ہے ان لوگوں کے بعد ناظف پیدا ہو گئے۔ انہوں نے فقہاء کے اقوال کو مختصر کر ڈالا۔ اور مخالف پر زیادہ زور دیا اور اپنے اپنے اماموں کے اختیار کردہ اقوال پر ہی جم گئے اور زمانہ سلف سے جو نقل کیا جاتا ہے کہ اپنے اپنے اصحاب کے مذہب کو خوب مضبوطی سے اختیار کرنا چاہیئے۔ اور کسی حال میں اس سے نکلنا نہ چاہیئے تو اس قسم کی تقریر فطری امر ہے ہر شخص اسی بات کو پسند کرتا ہے۔ جو اس کے اصحاب اختیار کیا کرتے ہیں۔ حتے کہ لباس اور کھانوں میں بھی اس پسندیدگی

مکتبہ مولانا وبرادرز سے مزید مفید و مستند کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا اثر ہوا کرتا ہے۔ یا دلیل کی قوت سے جو صولت پیدا ہوتی ہے وہ اس کا باعث ہوتی ہے۔ یا ایسے ہی اسباب اور ہوا کرتے ہیں بعض لوگ اسکا نام تعصب رکھتے ہیں حاشا ھم عن ذالک۔

زمانہ صحابہ و تابعین اور ان کے مابعد زمانہ میں بعض لوگ بسم اللہ پڑھتے تھے بعض نہیں پڑھتے تھے بعض لوگ اسکو جہر سے پڑھتے بعض اس میں جہر نہیں کرتے ان میں سے بعض نماز فجر میں دعائے قنوت پڑھتے تھے۔ بعض نہیں پڑھتے تھے۔ بعض نکسیر اور پچھنے اور قے کے بعد وضو کیا کرتے تھے۔ بعض وضو نہیں کیا کرتے تھے۔ بعض لوگ آلہ تناسل کے چھونے اور عورتوں کو خواہش نفسانی سے مس کرنے سے وضو کرتے تھے۔ بعض نہیں کرتے تھے بعض لوگ ان اشیاء کے تناول سے جن کو آگ لگی ہو وضو کیا کرتے تھے بعض وضو نہیں کرتے تھے۔ بعض لوگ اونٹوں کے گوشت کھانے سے وضو کرتے تھے بعض نہیں کرتے تھے۔ باوجود ان سب امور کے ہر شخص دوسرے کے پیچھے نماز پڑھ لیا کرتا تھا۔ مثلاً امام ابوحنیفہ اور ان کے شاگرد اور امام شافعی وغیرہم رضی اللہ عنہم مدینہ شریف کے مالکی المذہب وغیرہ ائمہ کے پیچھے نماز میں اقتدا کرتے تھے۔ حالانکہ وہ بسم اللہ کو نہ آہستہ پڑھتے تھے نہ آواز سے۔ خلیفہ ہارون رشید نے ایک بار پچھنے لگا کر نماز پڑھ لی۔ اور امام ابو یوسف نے اس کے پیچھے نماز پڑھی۔ اور نماز کا اعادہ نہیں کیا۔ امام مالک نے ان کو فتوے دیا تھا کہ پچھنے سے وضو کی ضرورت نہیں ہے امام احمد بن حنبل کا مذہب تھا کہ پچھنے اور پچھنے سے وضو کرنا چاہئے۔ لوگوں نے ان سے دریافت کیا کہ اگر امام کے بدن سے خون خارج ہو تو آپ اس کے پیچھے نماز پڑھ لینگے انہوں نے کہا کہ میں امام مالک اور سعید بن المسیب کے پیچھے کیسے نماز نہ پڑھونگا۔ روایت ہے۔ کہ امام ابو یوسف اور امام محمد عیدین میں حضرت عبداللہ ابن عباس کی تکبیریں پڑھا کرتے تھے اس لئے کہ خلیفہ ہارون رشید اپنے دادا کی تکبیر کو پسند کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ امام شافعی نے امام ابوحنیفہ کے مقبرہ کے قریب صبح کی نماز پڑھی اور ان کے ادب اور تعظیم کے لئے دعائے قنوت کو نہ پڑھا۔ اور نیز امام شافعی کا قول ہے کہ ہم اکثر اہل عراق کے مذہب کیطرف جھک جاتے ہیں اور امام مالک نے منصور اور ہارون رشید سے وہ بات کہی تھی جس کو ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ اور فتاوے بزازیہ میں امام دوم یعنی امام ابو یوسف سے نقل کیا گیا ہے کہ ایک بار انہوں نے حمام میں نہا کر جمعہ کے دن نماز پڑھی اور امامت کی۔ لوگ نماز پڑھکر جب متفرق ہو گئے تو معلوم ہوا۔ کہ حمام کے کنوئیں میں مرا ہوا چوہا تھا یہ معلوم کر کے امام ابو یوسف نے کہا کہ ہم اپنے بھائیوں اہل مدینہ کے قول کو اختیار کرینگے کہ پانی جب قلتین کی مقدار کو پہنچ جاوے تو اس میں ناپاکی نہیں ہوتی اذا بلغ الماء قلتین لم یحمل خبثا انتہی۔ امام خجندی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا گیا کہ ایک شخص شافعی المذہب نے ایک سال یا دو سال کی نماز نہیں پڑھی۔ اس کے بعد وہ حنفی ہو گیا اب وہ نماز قضا امام شافعی کے موافق ادا کرے یا امام ابوحنیفہ کے موافق انہوں نے جواب دیا کہ جس مذہب کے موافق قضا کریگا۔ نماز جائز ہو جائیگی لیکن نماز کے جواز پر اس کو اعتقاد بھی ہونا انتہی

جامع الفتاوے میں ہے کہ اگر کسی حنفی نے کہا۔ اگر میں فلاں عورت سے نکاح کروں۔ تو اس پر تین مرتبہ طلاق ہو اس کے بعد اس نے کسی شافعی سے مسئلہ پوچھا اور اس نے جواب دیا کہ اس عورت پر طلاق نہ ہوگی اور یہ قسم باطل ہے تو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کوئی مضائقہ نہیں ہے اگر شیخین شافعی کا اقتدا کرے اس لئے اکثر صحابہ اسی جانب ہیں امام محمدؒ نے اپنے امالی میں بیان کیا ہے کہ اگر کسی فقیہ نے اپنی بیوی سے کہا کہ تجھ پر البتہ طلاق ہے۔ اور یہ فقیہ اس طلاق کو البتہ تین مرتبہ خیال کرتا تھا۔ اس کے بعد کسی قاضی نے اس طلاق کے بجی ہونے کا حکم دیا۔ تو بجی ہی ہونا موقع ہوگا۔ ایسے ہی تحریم اور تحلیل یا اعتاق یا مال وغیرہ لینے کے فیصلوں میں جہاں جہاں فقہا کا اختلاف ہوا کرتا ہے۔ ان موقعوں میں اس فقیہ کو جس کے حق میں فیصلہ کیا گیا ہو یہی مناسب ہے کہ اپنی رائے کو ترک کر دے۔ قاضی کے فیصلے کو اختیار کرنا چاہئے۔ جو قاضی نے اس پر لازم کر دیا ہو۔ اسی کا پابند رہنا چاہئے۔ جو اس نے دیا ہو۔ وہی لے لینا چاہئے۔ امام محمد رحمت اللہ علیہ نے کہا ہے۔ اور ایسے ہی ایک شخص ناواقف تھا۔ اور اس کو کوئی واقعہ پیش آیا۔ اس کو فقہا سے اس نے دریافت کیا۔ اور فقہا نے حلال یا حرام ہونے کا فتوے دیا۔ لیکن مسلمانوں کے قاضی نے ان کے خلاف حکم دیا۔ اور وہ مسئلہ فقہاء میں مختلف فیہ تھا۔ تو اس شخص کو یہی مناسب ہے کہ فقہا کے فتوے کو ترک کر کے قاضی کے فیصلے کو اختیار کرے انتہے۔

اور مسایل مشکلہ میں سے یہ بھی ہے کہ میں نے بعض لوگوں کو پایا۔ ان کا یہ قول ہے کہ جتنے مسایل ان بڑے بڑے شروح اور صحیح کتابوں میں مندرج ہیں۔ وہ تمام امام ابوحنیفہ اور صاحبین کے اقوال ہیں۔ ایسے لوگ ان قولوں میں جو ترجیح کئے گئے ہیں۔ اور جو حقیقت اور اصلی قول ہیں کچھ فرق نہیں کرتے۔ اور اس کے معنی کچھ نہیں سمجھتے۔ کہ فقہا کہا کرتے ہیں کہ کرخی کی تخریج کے موافق مسئلہ کا یہ حکم ہے۔ اور طحاوی کی تخریج کے موافق یہ حکم ہے۔ اور نہ یہ فقہاء کے اس قول میں کچھ فرق سمجھتے ہیں۔ کہ ابوحنیفہ نے ایسا کہا ہے اور ابوحنیفہ کے مذہب یا ان کے قاعدہ کی بنا پر مسئلہ کا یہ حکم ہے اور ایسے لوگ ان اقوال کی طرف بالکل نظر نہیں کرتے۔ جو محققین حنفیہ مثل ابن الہمام اور ابن النجیم نے وہ وہ مسئلہ میں اور ایسے ہی تیمم کے لئے پانی کے ایک میل دوری کے شرط میں واشگاف بیان کئے ہیں کہ یہ سب امور اصحاب حنفیہ کی تخریجات سے ہیں حقیقت میں یہ مذہب نہیں ہے اور بعض لوگوں کا قول ہے کہ مذہب کی بنیاد ان جھگڑے کی باتوں پر ہے۔ جو مبسوط سرخسی اور ہدایہ اور مبین وغیرہ میں مذکور ہیں ان کو یہ معلوم نہیں۔ کہ اول اول ان باتوں کو فقہا میں معتزلہ نے ظاہر کیا تھا۔ اس پر مذہب مبنی نہ تھا بعد کو متاخرین نے بھی ذہنوں کے مانجھنے اور تیز کرنے کے لئے اچھا سمجھ لیا یا کسی اور وجہ کے لئے انکو پسند کر لیا۔ واللہ اعلم۔

ایسے ایسے شکوک اور شبہات اکثر ان تمہیدات سے حل ہو جاتے ہیں۔ جو اس باب میں بیان کی گئیں۔ اور نیز مسائل مشکلہ سے ایک یہ امر ہے کہ بعض علما کا یہ قول ہے۔ کہ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہما اللہ کی مخالفت کی بنیاد ان اصول پر ہے جو بزدوی وغیرہ میں مذکور ہیں۔ حالانکہ حق بات یہ ہے کہ یہ اصول اکثر ان کے اقوال سے خارج کر لئے گئے ہیں میرے نزدیک یہ مسئلہ کہ خاص مبین ہوا کرتا ہے پھر اس کے بیان کی ضرورت نہیں ہوا کرتی۔ الخاص مبین لا یحتمل البیان اور آیت پر زیادتی نسخ ہوتی ہے وان الزیادۃ نسخ اور یہ کہ خاص کی طرح عام بھی قطعی ہوا کرتا ہے ان العام قطعی کا لخاص اور راویوں کی کثرت کوئی ترجیح کو باعث نہیں ہوتی والترجیح بکثرۃ الرواۃ۔ اور جو راوی فقیہ نہ ہو اور رائے قائم کرنے کا موقع ہو تو ایسے شخص کی روایت واجب العمل نہیں ہے۔ اور یہ کہ شرط اور وصف کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مفہوم کا کچھ لحاظ نہیں ہوا کرتا ہے لاعبرۃ بمفہوم الشرط والوصف اور امر سے وجوب ثابت ہوا کرتا ہے موجب الامر ھو الوجوب البتۃ اور ایسے ہی اور اصول تمام ائمہ کے کلام سے مستخرج اور ماخوذ ہیں۔ امام ابو حنیفہ اور صاحبین سے بنقل روایت صحیح ثابت نہیں ہیں۔ ان اصول کا محفوظ رکھنا اور متقدمین نے جو جو امور مستنبط کئے ہیں۔ اور ان پر جو جو اعتراضات وارد ہوتے ہیں۔ ان کے جواب دینا ان اصول مخالف اصول اور ان پر اعتراضات وارد ہ کے جواب دینے سے زیادہ مستحق نہیں تھے مثلاً ان علماء نے قاعدہ بنایا ہے۔ کہ الخاص مبین لا یحتمل البیان اس قاعدہ کو متقدمین کی تقریر سے پیدا کیا ہے۔ جو قول الٰہی واسجدوا وارکعوا میں کی ہے کہ یہاں رکوع وسجود مبین ہیں۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے قول کہ کسی کی نماز پوری نہ ہوگی جب تک کہ وہ اپنی پشت کو رکوع وسجود وسجدہ میں ٹھیک نہ کریگا لا تجزی صلوۃ الرجل حتی یقیم ظھرہ فی الرکوع والسجود میں متقدمین فرضیت اطمینان کے قائل نہیں ہوئے ہیں اور حدیث کو آیت کے بیان میں انہوں نے قرار نہیں دیا ہے۔ اس لئے ان پر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ قولہ تعالےٰ وامسحوا برؤسکم میں بھی لفظ مسح خاص ہے اور ان حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی پیشانی پر مسح کرنے کو پھر انہوں نے بیان کیوں قرار دیا اور ایسے ہی قولہ تعالےٰ الزانیۃ والزانی فاجلدوا اور نیز قولہ تعالےٰ السارق والسارقۃ فاقطعوا۔ اور قولہ تعالےٰ حتی تنکح زوجا غیرہ وغیرہ میں جو بیانات بعد کو لاحق ہوتے ہیں۔ انکے جوابات میں بہت تکلفات کئے گئے ہیں کما ہو المذکور فی المتن اور ایسے ہی قاعدہ مقرر کیا گیا ہے کہ العام قطعی کالخاص اسکو انہوں نے متقدمین کے تقریر سے اسطرح اخذ کیا ہے کہ انہوں نے حدیث لا صلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب کو آیت فاقرؤا ما تیسر من القرآن کا مخصص قرار نہیں دیا ہے اور ایسے ہی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے قول لیس فیما دون خمسۃ اواق صدقۃ کو حدیث فیما سقت العیون العشر کا مخصوص قرار نہیں دیا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قسم دوم

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے جو احادیث مروی ہیں بالتفصیل انکے اسرار کے بیان میں

اس جگہ ہم کو تھوڑی سی اُن احادیث کا ذکر کرنا منظور ہے جن کا المحدیث اور علما میں زیادہ چرچا ہے اور صحیح بخاری اور صحیح مسلم اور ابوداؤد اور ترمذی نے اُن کی روایت کی ہے علاوہ ان کے اگر کوئی حدیث بیان کی ہے تو اسکو بالتبع ذکر کیا ہے اس لئے ہم نے ہر حدیث کی نسبت اُسکے راوی کی طرف نہیں کی ہے اور اکثر حدیث کے حاصل معنی یا اُسکے ایک ٹکڑے کو بیان کر دیا ہے اسواسطے کہ ان کتابوں میں سے حدیث کا تلاش کر لینا چندان دشوار نہیں ہے ۔

اُن احادیث کا ذکر جو ایمان کے باب میں وارد ہوئی ہیں

چونکہ سرور کائنات کی رسالت تمام روے زمین کیواسطے عام تھی تاکہ تمام ادیان پر آپ کے دین کو غلبہ ہو اس غلبہ سے خواہ کسی مذہب کی عزت یا کسی ذلیل کی عزت اسلئے آپ کے دین میں کئی طرح کے لوگ داخل ہوئے لہذا ان میں باہم تمیز کیضرورت ہوئی کہ کون مسلمان ہے اور کون نہیں ہے اور مسلمانوں میں سے بھی اُس ہدایت سے جو خدا تعالےٰ کے پاس سے آئی ہے کس کو بہرہ ہوئی اور کس کے دل میں اُس کی خوبی نے سرایت نہیں کیا اسواسطے شارع نے ایمان کی دو قسمیں کیں ایک تو وہ جس پر دنیاوی احکام کا دارمدار ہے اور اُسی وجہ سے جان و مال کی حفاظت ہوسکتی ہے اس ایمان کو شارع نے چند امور میں جنسے بظاہر فرمانبرداری ثابت ہوتی ہے منضبط کیا ہے اور وہ یہ ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مجھ کو حکم ہے کہ لوگوں سے جہاد کروں جب تک وہ اس بات کی گواہی نہ دیں کہ خدا تعالےٰ کے سوا کوئی پوجا کے قابل نہیں ہے اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم خدا کا فرستادہ ہے اور نماز کے پابند ہوں اور زکوۃ نہ دیں اور جب یہ سب باتیں اُنھوں نے کرلیں تو یہاں تو اپنی جان و مال اُنھوں مجھ سے بچالئے بجز حقوق اسلام کے اور پھر اُن کا حساب کتاب خدا کے متعلق ہے امرت ان اقاتل الناس حتے الشھد وان لا الہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ ویقیمو الصلوۃ ویوتوا الزکوۃ فاذا فعلو ذالک عصموا منی دمائھم واموالھم الا بحق الاسلام وحسابھم علے اللہ اور فرمایا ہے جو ہماری سی نماز پڑھے اور ہمارا ہی قبلہ اُس کا قبلہ ہو اور ہمارے ہاتھ کا ذبیحہ کھاوے وہ مسلمان ہے اور خدا اور اُسکا رسول اس کا ذمہ دار

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے پس تم لوگ خدا تعالےٰ کے عہد میں دخل نہ دینا من صلے صلوتنا واستقبل قبلتنا واکل ذبیحتنا فذلک المسلم الذی لہ ذمۃ اللہ وذمۃ رسولہ فلا تخفروا اللہ فی ذمتہ ۔

اور فرمایا ہے اصول ایمان تین ہیں۔ جو شخص لا الہ الا اللہ کہتا ہے اس سے کچھ مداخلت نہ کرنا کسی گناہ سے اسکو کافر مت بنانا اور کیسا ہی کچھ کرے اس کو اسلام سے خارج مت جان اخیر حدیث تک ثلث من اصل الایمان الکف عمن قال لا الہ الا اللہ لا نکفرہ بذنب ولا نخرجہ من الاسلام بعمل الحدیث ۔

ایمان کی دوسری وہ قسم ہے کہ جس پر نجات اخروی اور فوز بالدرجات کا مدار ہے اور اس میں تمام عقائد حقہ اور اعمال صالحہ اور ان کا کل داخل ہے اس ایمان میں کمی اور بیشی ہو سکتی ہے اور شارع کا دستور ہے کہ ان اعمال کو ایمان کے ساتھ تعبیر فرماتے ہے تاکہ ان اعمال کے جزو ایمان ہونے پر تنبیہ بلیغ ہو جاوے۔ چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو امانتدار نہیں ہے وہ بے ایمان ہے اور جس کو عہد کا پاس نہیں ہے وہ بے دین ہے۔ لا ایمان لمن لا امانۃ لہ ولا دین لمن لا عہد لہ۔ اور فرمایا ہے مسلمان وہ شخص ہے کہ جس کے ہاتھ اور زبان سے مسلمانوں کو ایذا نہ پہونچے المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ الحدیث۔ اس ایمان کی بہت سی شاخیں ہیں اور اس کا حال درخت کا سا ہے کہ درخت کے اندر پھول اور پھل اور شاخیں اور پتے اور اس کا تنہ سب داخل ہیں اور سب کو درخت کہتے ہیں مگر جب اس کے پھل و پھول توڑ لئے جائیں اور پتے گھسوٹ ڈالے جائیں اور شاخیں کاٹ ڈالی جائیں تو اس درخت کو درخت ہی کہتے ہیں مگر وہ درخت خراب کہلاتا ہے اور جب اس درخت کو جڑ سے کاٹ ڈالیں تو درخت کا نام اس وقت اس سے اٹھا رہتا ہے یہی معنی ہیں اللہ جل جلالہ کے اس کلام کے کہ ایمان والے وہی لوگ ہیں کہ جب کوئی خدا کا ذکر کرے تو انکے دلوں میں خوف طاری ہو جاوے۔ انما المومنون الذین اذا ذکر اللہ وجلت قلوبہم۔ اور چونکہ یہ سب اعمال ایک قسم کے نہ تھے اس واسطے شارع نے اس کے دو حصے کئے۔ ایک تو ارکان یہ تو وہ ہیں جو سب اعمال میں زیادہ تر معتمد علیہ اور مہتم بالشان ہیں جن کی نسبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ہے اسلام کی بنا پانچ چیز پر ہے ایک تو اس بات کی کہ سوائے خدا تعالےٰ کی پوجا کے قابل کوئی نہیں اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں گواہی دینا اور نماز کی پابندی اور ادائے زکوٰۃ اور حج اور صیام رمضان بنی الاسلام علی خمس شہادۃ ان لا الہ الا اللہ وان محمداً عبدہ ورسولہ واقام الصلوٰۃ وایتاء الزکوٰۃ والحج وصوم رمضان۔ دوسرے ان سے علاوہ سب بھی جنکی نسبت حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ ایمان کے کچھ اوپر ستر شعبے ہیں جن میں سے سب سے بڑھکر کلمہ لا الہ الا اللہ اور سب سے ادنےٰ جس خبر سے لوگوں کو تکلیف ہو اس سے رستہ کا صاف کر دینا ہے۔ اور حیا بھی ایمان کا ایک شعبہ ہے۔ الایمان بضع وسبعون شعبۃ وافضلہا قول لا الہ الا اللہ وادناہا اماطۃ الاذی عن الطریق والحیا شعبۃ من الایمان ۔

ایمان کے پہلی قسم کے مقابل کا نام کفر ہے اور دوسری قسم کے مقابل میں دو صورتیں ہیں اگر تصدیق قلبی نہیں ہے بلکہ صرف تلوار کے زور سے احکام شرعیہ کی فرمانبرداری کرتا ہے تب تو وہ خالص نفاق ہے اور اس قسم کا منافق وہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا دخت کے اندر دونوں برابر ہیں بلکہ منافق دوزخ کے سب سے نیچے کے درجہ میں ہے اور اگر تصدیق قلبی ہے مگر اس کے ساتھ عمل نہیں ہے تو وہ فاسق ہے یا عمل بھی کرتا ہے مگر اس کا دل اس میں نہیں لگتا تو یہ اور قسم کا منافق ہے بعض سلف نے اس نفاق کا نام نفاق فی العمل رکھا ہے اور اس کا منشا یہ ہوتا ہے کہ طبیعت یا رسم یا عقیدگی کا حجاب اس کے قلب پر چھا جاتا ہے اور پھر مال اور اولاد اور کنبے کی محبت میں ہمہ تن مصروف رہتا ہے اس باعث سے اسکے قلب میں جزا و سزا کے مستبعد سمجھنے اور معاصی پر جرأت کرنے کی ایک نامعلوم حرکت پیدا ہو جاتی ہے کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ اسلام کے سخت سخت حکم اس کو ناگوار گذرتے ہیں اور کبھی بعض کفار کی محبت اعلاے کلمۃ اللہ سے اس کو مانع ہو جاتی ہے۔

ان دو معنی سے علاوہ ایمان کے دو معنی اور بھی آتے ہیں ایک تو ضروری التصدیق چیزوں کی دل سے تصدیق کرنا جسکے نسبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے جواب میں ارشاد فرمایا ہے ایمان اس کا نام ہے کہ تو خدا تعالےٰ اور اس کے فرشتوں پر یقین رکھے الایمان ان تومن باللہ وملائکتہ الحدیث۔ دوسرے ایک دل کی تسلی اور اندرونی کیفیت کا نام ہے جو مقربین کو حاصل ہوا کرتی ہے جس کی نسبت حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وضو ایمان کا جزو ہے الطھور شطر الایمان۔ اور فرمایا ہے جب کوئی بندہ زنا کا مرتکب ہوتا ہے تو ایمان اسکے قلب سے نکلکر سائبان کی طرح اس کے سر پر آجاتا ہے اور جب وہ اس کو ترک کر دیتا ہے تو پھر واپس آجاتا ہے اذا زنی العبد خرج منہ الایمان فکان فوق راسہ کالظلۃ فاذا خرج من ذلک العمل رجع الیہ الایمان۔ اور حضرت معاذ رضؓ فرماتے ہیں آؤ کچھ دیر ہم اہل یقین بن جاویں تعالوا نومن ساعۃ پس ثابت ہوا کہ ایمان کا لفظ شرع میں چار معنی کے اندر مستعمل ہوتا ہے۔ اب ایمان کے باب میں جو احادیث متعارضہ وارد ہوئی ہیں اگر ہر حدیث اپنے اپنے محل پر محمول کی جائے تو تمام شکوک اور شبہے مندفع ہو سکتے ہیں اسلام کے لفظ سے ایمان کے پہلے معنی بہ نسبت ایمان کے لفظ کے زیادہ تر قریب الفہم ہوتے ہیں ولہذا جل جلالہ نے فرمایا ہے کہہ دو کہ تم ایمان نہیں لائے بلکہ یہ کہو کہ ہم مسلمان ہو گئے قل لم تومنوا ولکن قولوا اسلمنا اور ایک مرتبہ (حضرت سعدؓ نے کسی شخص کی نسبت کہا تھا کہ میں اسکو ایماندار جانتا ہوں) تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلکہ مسلمان کہو او مسلما۔

ایمان کے چوتھے معنے پر بہ نسبت ایمان کے احسان کا لفظ صاف دلالت کرتا ہے۔

چونکہ نفاق فی العمل اور اس کا مقابل یعنے اخلاص ایک اندرونی چیز ہے لہذا شارع کو اس کے علامات بیان کرنے پڑے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا چار خصلتیں ایسی ہیں کہ جس میں وہ سب پائی جائیں وہ تو پکا منافق ہے اور جس میں سے ان میں سے ایک خصلت پائی جاوے اس میں نفاق کی ایک خصلت پائی جاتی ہے جب تک اس کو ترک نہ کر دے جب اس کے پاس کوئی امانت رکھے تو خیانت کرے اور جب کہیں کا ذکر کرے تو جھوٹ بولے اور کسی سے عہد کرے تو پورا نہ کرے اور کسی سے لڑے تو گالیاں بکے اربع من کن فیہ کان منافقا خالصۃ ومن کانت فیہ خصلۃ منھن کانت فیہ خصلۃ من النفاق حتی یدعھا اذا ائتمن خان واذا حدث

محکمہ علوم و براہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الکذب واذا عاہد غدر واذا خاصم فجر۔ اور فرمایا ہے کہ تین باتیں ایسی ہیں کہ جس میں ہونگی اُن کے سبب سے اُسکو حلاوت ایمانی حاصل ہوتی ہے یکی جس شخص کو خدا اور اُسکے رسول کی محبت سب سے زیادہ ہو۔ اور جو شخص خالصۃً للہ کسی سے محبت کرتا ہو اور جو شخص کفر سے نکل آنے کے بعد کفر کی طرف اُس کو اعادہ کرنا اس قدر ناگوار ہو جس قدر آگ میں ڈالا جانا ناگوار ہوتا ہے ثلث من کن فیہ وجد بہن حلاوۃ الایمان من کان اللہ ورسولہ احب الیہ مما سواہما ومن احب عبدا لایحبہ الا للہ ومن یکرہ ان یعود فی الکفر بعد ان انقذہ اللہ منہ کما یکرہ ان یلقی فی النار۔ اور فرمایا ہے کہ جب تم کسی شخص کو بالالتزام مسجد کی طرف آتا جاتا دیکھا کرو تو اُس کے ایمان کے گواہ رہو اذا رایتم الرجل یعتاد المسجد فاشہدوا لہ بالایمان۔ اور ایسے ہی آپ نے فرمایا ہے کہ علی رضؓ کی محبت ایمان اور اُن سے بغض نفاق کی دلیل ہے حب علی آیۃ الایمان وبغض علی آیۃ النفاق۔ اور اُس میں نکتہ یہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ خدا تعالےٰ کے معاملہ میں بہت سختی سے پیش آیا کرتے تھے یہ اُن کی سختی وہی شخص گوارا کر سکتا ہے جس کے طبعی قویٰ ضعیف ہو گئے ہوں اور اُس کی عقل کو خواہش نفسانی پر غلبہ ہو اور فرمایا ہے انصار کی محبت ایمان کی دلیل ہے۔ حب الانصار آیۃ الایمان اور اس میں نکتہ یہ ہے کہ عرب کے قبائل معدی اور یمنی میں ہمیشہ نزاع درپیش رہتا تھا اسلام نے اگر اس نزاع کو دور کر کے انہیں یکجا کر دیا اب جس نے دل سے اعلائے کلمۃ اللہ کا عزم بالجزم کر لیا اُس کا دل تو ان جھگڑوں سے پاک ہو گیا اور جس نے یا ارادہ نہیں کیا اُس کے دل میں وہی نزاع بدستور قائم رہا۔

www.KitaboSunnat.com

ایک حدیث میں تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہی بیان فرمایا ہے کہ اسلام کی بنا پانچ چیزوں پر ہے اور ضمام بن ثعلبہ اور اس اعرابی کی حدیث میں جس نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کی تھی کہ مجھ کو ایسا عمل بتا دیجئے جو میرے واسطے دخول جنت کا موجب ہو جائے بیان فرمایا کہ یہ پانچ چیزیں اسلام کی ستون ہیں جس نے ان کو کر لیا پھر چاہے اُس نے کچھ اور عبادت نہ کی ہو دوزخ کے عذاب سے اپنی گردن کو اُس نے رہا کر لیا اور جنت کا مستحق ہو گیا۔ ان ہذہ الاشیاء الخمسۃ ارکان الاسلام وان من فعلہا ولم یفعل غیرہا من الطاعات قد خلص رقبتہ من عذاب واستوجب الجنۃ ایسے ہی یہ بیان کیا ہے کہ نماز کا ادنےٰ درجہ کیا ہے اور وضو کا ادنےٰ درجہ کیا ہے۔

تمام عبادات میں خاص کر کے ان پانچ چیزوں کو اس واسطے رکن قرار دیا ہے کہ انسان کی تمام عبادات میں سے انہیں پانچ کی زیادہ شہرت ہے اور تمام ملتوں نے سب عبادتوں سے زیادہ تر التزام اور اہتمام انہیں پانچ کا کیا ہے تمام یہود اور نصاریٰ اور مجوس اور بقیہ عرب کو انہیں کا اہتمام ہے البتہ ہر ایک کا طریقہ ادا کرنے کا جداگانہ ہے علاوہ بریں یہ پانچ عبادتیں اور عبادتوں کے بدلہ کافی ہو سکتی ہیں ان کے سوا کوئی اور ایسی عبادت نہیں ہے جو انکے بدلہ کافی ہو سکے اس واسطے کہ تمام نیکیوں کا اصل الاصول توحید الٰہی اور تصدیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور احکام الٰہی کا مان لینا ہے اور چونکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت تمام روئے زمین کے لئے عام تھی اور فوجیں کی فوجیں لوگوں کی دین الٰہی میں داخل ہوتی چلی جاتی تھیں اس لئے لامحالہ ایک ظاہری شناخت کی حاجت پڑی جس سے مخالفین اور موافقین میں باہم تمیز کر سکیں اور اسلامی احکام کا اُس پر دار مدار ہو اور لوگوں سے اُس کی بازپرس کی جائے اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اگر ایسا نہ ہوتا تو اس تمیز کے لئے مدتوں تک میل جول کی ضرورت ہوتی۔ اور اس کے بعد بھی صرف ظنی تفریق ہو سکتی تھی جبکی بنا قرائن پر ہوتی دوسرے یہ کہ ایک شخص کو مسلمان کا حکم دینے میں سب کی رائے مختلف ہوتی اور ظاہر ہے کہ ایسے وقت میں اسلام کے احکام جاری کرنے میں کس قدر دقت واقع ہوتی اب دلی اعتقاد اور تصدیق کے معلوم کرنے میں تو اس سے زیادہ کچھ نہیں ہو سکتا ہے کہ ایک شخص اپنے اختیار اور خوشی سے ایک بات کا اقرار کرے اور یہ بات ہم بیان ہی کر چکے ہیں کہ انسانی سعادت اور انفرادی نجات کا مدار چار خصلتوں پر ہے اور نماز اور اس کے ساتھ طہارت ایسی چیز ہے جس کی وجہ سے ان چار میں سے دو یعنی فرمانبرداری اور تقدس کی صورت نمایاں ہو جاتی ہے۔ اور ان اوصاف کا اس کے کرنے والے میں گمان کر سکتے ہیں اور زکوٰۃ کا بشرطیکہ اس کے مستحقین کو دینا ایسا ہے کہ اسکے ادا کرنے والے میں ان اخلاق چہارگانہ میں سے دو اوصاف یعنی سخاوت اور عدل کا گمان غالب ہو سکتا ہے اور یہ بھی ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ طبعی حجاب دور کرنے کے لئے ایک ایسی عبادت کی حاجت ہے جس سے نفس کے اوپر ایک قسم کا دباؤ پڑے اور اس باب میں روزہ سے زیادہ کوئی چیز مفید نہیں اور یہ بھی بیان کر چکے ہیں کہ تمام شرائع کا اصول الاصول شعائر الٰہی کی تعظیم ہے اور چار چیزیں شعائر الٰہی ہیں ان میں سے کعبہ بھی ہے اسی کی تعظیم کا نام حج ہے اور سابقاً جو ہم بیان کر چکے ہیں اس سے یہ بات معلوم ہو سکتی ہے کہ یہ عبادات نماز اور عبادتوں کے بدلے کافی ہو سکتی ہیں ان کے سوا کوئی عبادت ایسی نہیں ہے جو ان کے بدلے کافی ہو سکے۔

شرع کے اعتبار سے گناہ دو طرح کے ہوتے ہیں صغائر اور کبائر کبائر گناہ اس وقت صادر ہوتے ہیں جب قوائے بہیمیہ یا سبعیہ یا شیطانیہ کا پورے طور پر غلبہ ہو جاتا ہے اور اس میں حق کا راستہ مسدود ہو جاتا ہے اور شعائر الٰہی کی حرمت کا ہتک لازم آجاتا ہے یا تدابیر الٰہی کی جن میں بندوں کی مصلحت ہوتی ہے مخالفت یا بندوں کا اس میں ضرر عظیم پایا جاتا ہے اور باایں ہمہ شرع کی نافرمانی ہوتی ہے اور اس کا کرنیوالا شرع کو پس پشت ڈال دیتا ہے کیونکہ شرع نے اس کے کرنے سے سخت منع کی ہے اور اس کے کرنے والے کو بہت شدت سے تہدید کی ہے اور اس کا کرنا ایسا بیان کیا ہے جیسا کہ اس دین سے خارج ہونا اور جو گناہ اس درجہ کے تو نہیں ہیں مگر ان کے دواعی اور اسباب ہیں۔ اور شارع نے لازمی طور پر ان سے منع بھی کیا ہے مگر اس قدر شدت نہیں کی ہے جس قدر کبائر میں کی ہے۔ ایسے گناہوں کو صغائر کہتے ہیں۔

اصل بات یہ ہے کہ کبائر گناہ محدود نہیں ہیں کہ کتنے ہیں بلکہ ان کی تعریف یہی ہے کہ یا تو قرآن اور حدیث صحیح میں اس کے کرنے والے پر وعید متعلق ہوئی ہو یا شرع میں اس گناہ پر حد مقرر ہو یا شارع نے اس کا نام کبیرہ بیان فرمایا ہے اور ان کے مرتکب ہونے کو خروج عن الدین بیان کیا ہو۔ یا جس چیز کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کبیرہ بیان فرمایا ہو کوئی اور شے بھی فساد اور خرابی میں اس سے بھی زیادہ یا اس کے برابر ہو۔ گناہ سب کبائر ہیں اور جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ہے کہ زنا کرتے وقت زانی میں ایمان نہیں رہتا۔ لا یزنی الزانی حین یزنی وھو مومن الحدیث اس کے یہی معنی ہیں کہ یہ افعال اسی وقت صادر ہوتے ہیں کہ جب قوائے بہیمیہ یا سبعیہ کا پورے طور پر غلبہ ہوتا ہے اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سب طرف سے چھا جاتے ہیں اور قوت فکریہ کالمعدوم اور ایمان بمنزلہ زائل کے ہوجاتا ہے اس سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان گناہوں کا کبیرہ ہونا بیان فرمادیا۔

اور فرمایا ہے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں محمدؐ کی جان ہے اس امت کا کوئی ہو چاہے یہودی ہو یا نصرانی جو خبر میری پہونچ گئی ہے اور خدا کے ہاں سے جو احکام میں لیکر آیا ہوں اس پر وہ ایمان نہیں لایا جہنمی ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا والذی نفس محمد بیدہ لایسمع بی احد من ہذہ الامۃ یہودی ولا نصرانی ثم یموت ولم یومن بالذی ارسلت بہ الا کان من اصحاب النار میں کہتا ہوں یعنی جس شخص کو دعوت اسلام پہنچ چکی اور باایں ہمہ وہ اپنے کفر پر جما رہا حتے کہ اسی پر مر گیا تو وہ بلاشبہ دوزخ میں جائیگا کیونکہ اس نے خدا تعالے کی اس تدبیر کی جو بندوں کی مصلحت کے لئے اس نے مقرر کی تھی مخالفت کی اور اپنے آپ کو خدا تعالے اور ملائکہ مقربین کی لعنت کا مورد بنالیا۔ اور نجات کی طرف پہنچانیوالے راستہ کو چھوڑ دیا۔ اور فرمایا ہے تم میں سے کوئی شخص اسی وقت ایماندار ہوسکتا ہے کہ اپنی اولاد اور باپ اور تمام لوگوں سے میری محبت اس کو زیادہ ہو ورنہ نہیں لایومن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین اور یہ بھی فرمایا ہے کہ جب تک کسی شخص کی خواہش ان احکام کی کہ جن کو میں لے کر آیا ہوں تابع نہ ہوجائے اس وقت تک وہ ایماندار نہیں ہوسکتا لایومن احدکم حتی یکون ہواہ تبعا لما جئت بہ۔ میں یہ کہتا ہوں ایمان کا کمال یہی ہے کہ عقل کو طبیعت پر غلبہ حاصل ہو کہ اس کے نزدیک بادی الامر میں تقاضی عقل کو تقاضی طبعی پر ترجیح ہو اور یہی محبت رسول صلعم کا حال ہے اور کاملین میں تو میں قیمہ کہتا ہوں۔ کہ اس بات کا مشاہدہ ہوتا ہے۔

ایک مرتبہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے حضور میں کسی نے عرض کی کہ مجھے اسلام کی کوئی ایسی بات ارشاد فرمادیجئے کہ پھر مجھے کسی سے آپ کے بعد یہ کہنا کہ کسی اور سے اس کے دریافت کرنے کی حاجت نہ رہے تو آپ نے اس کے جواب میں فرمایا یہ کہ خدا پر میں ایمان لیا اور پھر اس پر جما رہو قیل یارسول اللہ قل لی فی الاسلام قولا لا اسال عنہ احدا بعدک وفی روایۃ غیرک۔ قال قل آمنت باللہ ثم استقم۔ میں کہتا ہوں اس سے مراد یہ ہے کہ آدمی اپنی آنکھوں کے سامنے اسلام اور فرمانبرداری کے حالات کا نقشہ رکھا کرے اور جو کام اس کے موافق ہوں وہ تو کیا کرے اور جتنے کام اس کے خلاف ہوں ان سے دست بردار ہوجائے اور یہ ایک دستور العمل ہے جس کی وجہ سے انسان کو اگرچہ بالتفصیل علم بشرائع نہیں ہوتا مگر اجمالاً اس کو ایک علم حاصل ہوجاتا ہے جو اس کے لئے موجب بصیرت اور سبقت کا باعث ہوجاتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کوئی ایسا شخص نہیں ہے جو سچے دل سے اشہد ان لا الہ الا اللہ واشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ کہے مگر خدا تعالے دوزخ کی آگ پر اس کو حرام کردیگا۔ امن احد یشہد ان لا الہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ صدقا من قلبہ الا حرمہ اللہ علے النار۔ اور فرمایا ہے اگرچہ وہ چوری کرے اور اگرچہ زنا کرے وان زنی وان سرق اور ایک حدیث میں فرمایا چاہے وہ کچھ کرے۔ علے ما کان من عمل۔ میں کہتا ہوں اس سے مراد ہے کہ اس سخت آگ پر جو ہمیشہ کے واسطے ہے اور کافروں کے لئے مقرر کی گئی ہے کلمہ گو کو خدا تعالے حرام کردیگا۔ اگرچہ وہ کبائر کا مرتکب ہوا ہو اور رسلوں سے جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا اس میں نکتہ یہ ہے کہ گناہوں کے درجوں میں بہت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرق ہے اگرچہ کہنے کو سب گناہ کہلاتے ہیں اب اگر کبائر کو کفر کے اعتبار سے دیکھا جائے تو اس کے سامنے انکی ہستی نہیں معلوم ہوتی اور نہ ان کا کچھ معتد بہ اثر معلوم ہوتا ہے اور نہ دخول نار کے واسطے وہ ایسے سبب ہو سکتے ہیں جو ان کو سبب کہا جائے یہی حال کبائر کے اعتبار سے صغائر کا ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں اسی فرق کو نہایت اہتمام کے ساتھ بیان فرمایا ہے جس طرح صحت اور مرض میں فرق ہے جس طرح اگر اعراض خارجیہ مثلاً زکام یا تعب بدنی کو سوء مزاج کے ساتھ جو جوہر بدن میں ممکن ہو جائے جیسے جذام یا سل یا استسقا قیاس کریں تو اول کو بمقابل دوسرے کے صحت کا الحاق کر سکتے ہیں اور زکام یا تعب بدنی والے کو بہ نسبت ان امراض والے کے کہہ سکتے ہیں کہ یہ مریض نہیں ہے اور اس کو کوئی بیماری نہیں ہے۔ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ایک مصیبت کے سامنے دوسری مصیبت کا خیال بھی نہیں رہتا مثلاً ایک شخص کے کان نا گاہ جاتے رہے اور پھر اس کے بعد اس کا گھر اور مال کوئی لوٹ کر لیجائے تو وہ بیان کرتے وقت یہ کہدیتا ہے کہ پہلے مجھ پر بالکل کوئی مصیبت نہ تھی۔

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ابلیس پانی کے اوپر اپنا تخت بچھاتا ہے اور اپنے لشکر کو لوگوں کے فتنہ میں ڈالنے کو روانہ کر دیتا ہے ان ابلیس یضع عرشہ علی الماء ثم یبعث سرایاہ یفتنون الناس الحدیث جاننا چاہئے کہ خدا تعالےٰ نے شیاطین کو پیدا کیا ہے اور ان کی جبلت میں یہ بات رکھی ہے کہ لوگوں کو اغوا کریں جس طرح کوئی کیڑا ہوتا ہے اور جو اس کے مزاج کا مقتضیٰ ہوتا ہے اس کے موافق وہ کام کرتا رہتا ہے جس طرح پائخانہ کا کیڑا اپنے مقتضیٰ طبع سے غلیظ میں لوٹا پوٹا کرتا ہے اور ان شیاطین کا ایک سردار ہے جو اپنا تخت پانی کی سطح پر بچھاتا ہے اور اپنے ماتحت کو اس کام کی تکمیل کے لئے جس کے وہ درپے ہیں بلاتا ہے اور پوری پوری شقاوت اور گمراہی کا مستحق ہوتا ہے۔

ہر نوع اور صنف میں خدا تعالےٰ کا یہی قاعدہ جاری ہے اور اس میں کچھ مجاز نہیں ہے اور میرے نزدیک یہ بات ایسی محقق ہو گئی ہے جیسے کوئی آنکھ سے دیکھ لیتا ہے۔

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے خدا کا شکر ہے جس نے اس کی بات وسوسہ ہی تک رہنے دی الحمد للہ الذی رد امرہ الی الوسوسۃ اور فرمایا ہے شیطان اس بات سے کہ جزیرہ عرب میں مسلمان اسکی پرستش کریں مایوس ہو گیا مگر ان میں باہم بری باتوں کی رغبت دلانے کی اس کو امید ہے الشیطان قد ایس من ان یعبدہ المسلمون فی جزیرۃ العرب ولکن فی التحریش بینھم اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے جب بعض صحابہ نے عرض کی کہ ہمارے دل میں بعض باتیں ایسی آتی ہیں جن کے زبان سے کہنے پر ہم کو جرأت نہیں ہوتی تو آپ نے فرمایا یہ صریح ایمان ہے ذالک صریح الایمان۔

جاننا چاہئے کہ جس قدر کسی شخص میں وسوسہ کے قبول کرنے کی استعداد ہوتی ہے اسی قدر اس کے دل میں وسوسہ کی تاثیر ہوتی ہے بڑی سے بڑی تاثیر وسوسہ شیطانی کی یہ ہے کہ انسان کو کافر بنا دے اور دین سے اس کو خارج کر دے اور جب خدا تعالےٰ اس تاثیر سے بندے کو محفوظ کر لیتا ہے تو ان وسوسوں کی تاثیر دوسری صورت میں بدل جاتی ہیں یعنے مقاتلات اور تدبیر منزل میں بگاڑ ڈالنا اور گھر یا شہر والوں میں فساد برپا کرنا پھر جب خدا تعالےٰ اس سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھی کسی کو محفوظ کر لیتا ہے تو پھر وسوسہ کا کچھ اثر نہیں ہوتا اور دل ہی دل میں پیدا ہو کر جاتا رہتا ہے اور چونکہ اس کا اثر اس شخص کے قلب میں ضعیف ہوتا ہے اس لئے یہ وسوسہ کسی کام پر اس کو آمادہ نہیں کر سکتا اس وسوسہ سے اس شخص کو کچھ مضرت نہیں پہنچتی بلکہ جب اس وسوسہ کے ساتھ اس شخص کو قباحت کا بھی علم ہوتا ہے تو یہ اس کی صریح ایمان کی دلیل ہو جاتا ہے۔

البتہ نفوس قدسیہ میں ان باتوں کا کھٹکا بھی نہیں ہوتا جیسا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ خدا تعالے نے (اس جن پر جو میرے ساتھ رہتا ہے) میری اعانت کی ہے اور وہ مسلمان ہو گیا ہے بجز بھلائی کے مجھے وہ کچھ نہیں تعلیم کرتا۔ الا ان اللہ اعانتی علیہ فاسلم فلا یامرنی الا بخیر اور ان تاثیرات کا حال آفتاب کی شعاع کا سا ہے کہ لوہے اور تلمی چیزوں میں جو اس کا اثر ہوتا ہے دوسری چیزوں میں وہ اثر نہیں ہوتا علے حسب مراتب۔

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دل کے اندر شیطان بھی اپنا اثر کرتا ہے اور فرشتہ بھی ان للشیطان لمۃ وللملک لمۃ الحدیث اس حدیث کا حاصل یہ ہے کہ ملک کے قلب کے اندر کا تو یہ اثر ہوتا ہے کہ انس الٰہی اور اعمال صالح کی طرف رغبت پیدا ہوتی ہے اور شیاطین کی تاثیر کا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ بجائے اُنس کے وحشت اور اضطراب اور اعمال صالح کی رغبت کے بدلہ افعال قبیحہ کی رغبت پیدا ہوتی ہے۔

اور حدیث شریف میں آیا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جس کسی کے دل میں اس قسم کا وسوسہ پیدا ہو تو اس کو اسوقت یہ کہدینا چاہئے کہ مجھ کو خدا اور رسول کا یقین ہے من وجد ذلک شیئا فلیقل آمنت باللہ ورسولہ۔ اور آپ نے فرمایا ہے اس کو چاہئے کہ خدا کی پناہ مانگے اور اپنی جانب چپ کو تھوک دے فلیستعذ باللہ ولیتفل عن یسارہ اس میں یہ نکتہ ہے کہ اس کہنے میں خدا تعالے کی طرف التجا اور توجہ اور اس کی یاد اور شیاطین کی تقبیح اور ذلت پائی جاتی ہے اور جب نفس کے اندر اس کی ذلت سما جائیگی اور پھر ان کی طرف نفس کی توجہ اور اس کا رخ ہٹ جائیگا اور ان کا اثر قبول کرنے سے یہ بات اس کو مانع ہوگی جیسا کہ اللہ پاک فرماتا ہے تحقیق جو لوگ ہم سے ڈرتے ہیں جب ان پر شیطان کا گذر ہوتا ہے تو چونک جاتے ہیں اور جھٹ ان کو توجہ آجاتی ہے۔ ان الذین اتقوا اذا مسہم طائف من الشیطان تذکروا فاذا ہم مبصرون۔

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت موسے علیہ السلام نے اپنے رب کے سامنے جھگڑا کیا احج آدم موسے فاندار بہما میں کہتا ہوں رب کے سامنے جھگڑا کرنے کے یہ معنی ہیں کہ حضرت موسے علیہ السلام کی روح خطیرۃ القدس کی طرف منجذب ہو گئی اور وہاں حضرت آدم علیہ السلام سے اس نے ملاقات کی اور اصل بھید اس میں یہ تھا کہ اللہ جل جلالہ نے حضرت آدم علیہ السلام کی معرفت موسے علیہ السلام کو ایک علم کا انکشاف کر دیا جس طرح کوئی شخص حالت خواب میں کسی فرشتہ یا کسی بزرگ کو دیکھتا ہے اور اس سے کچھ بات کرتا ہے اور وہ جواب دیتا ہے حتے کہ ایک بات جو پہلے سے اس کو معلوم نہیں ہوتی اس شخص کے ذریعہ سے اس کو معلوم ہو جاتی ہے اور یہاں ایک علم تھا جس کی موسے علیہ السلام کو خبر نہ تھی اس علم کا خدا تعالے نے اس واقعہ میں موسے علیہ السلام پر انکشاف

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کردیا اس واسطے کہ اس قصے میں دو نحوے ہیں ایک تو خاص آدم علیہ السلام کے ذات سے متعلق وہ تو یہ ہے کہ جب تک انہوں نے وہ درخت نہیں کھایا تھا نہ اُن کو پیاس لگتی تھی نہ دھوپ نہ بھوکے رہتے تھے نہ ننگے اور فرشتوں کی طرح رہتے تھے اور جب انہوں نے درخت کو کھایا تو بہیمیت کا غلبہ ہوا اور ملکیت اُس کے نیچے پست ہو گئی پس لا محالہ درخت کا کھانا گناہ شمار کیا گیا اور اُس سے استغفار ضروری ہوا اور دوسری تدبیر کلی کے متعلق ہے جس کا خدا تعالےٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کے پیدا کرنے سے قبل ارادہ کر لیا تھا اور پہلے ہی سے فرشتوں کو اُس کی وحی ہو چکی تھی اور وہ یہ ہے کہ اللہ پاک کو حضرت آدم علیہ السلام کے پیدا کرنے سے یہ منظور تھا کہ نوع انسانی زمین میں خلیفہ ہو کر رہے اور پھر اُس سے گناہ صادر ہوں اور وہ اپنے گناہوں سے مغفرت چاہیں اور اُن کی مغفرت کی جائے اور اُن کو احکام کے ساتھ مکلف کیا جائے۔ اور اُن میں رسول کی بعثت ہو۔ اور پھر ثواب اور عذاب اور مراتب کمال اور گمراہی یہ سب چیزیں وقوع میں آویں اور یہ سب سے علیحدہ ایک بڑی خلقت ہے اور اس درخت کا کھانا ارادہ الٰہی اور اُس کی حکمت کے موافق تھا۔ جیسا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر تم گناہ نہ کرتے تو خدا تعالےٰ تم کو فنا کر کے اور لوگ گناہ کرنیوالے پیدا کرتا کہ گناہ کر کے اُس سے مغفرت مانگا کریں اور وہ ان کے گناہ معاف فرمایا کرے۔

اول بہمیت کا غلبہ حضرت آدم علی نبینا وعلیہ السلام پر ہی ہوا ہے کہ علم ثانی کی تو انکو کچھ خبر نہ ہوئی کہ اول نے چاروں طرف سے انکا احاطہ کر لیا اور دل ہی دل میں اپنی سخت عتاب کیا گیا پھر اُس سے انکو خاصی ہوئی اور علم ثانی کی ایک جھلک اُنپر پڑی اور جب خطیرۃ القدس تک وہ پہنچی تو سب حال صاف صاف اُنپر روشن ہو گیا۔

جو گمان حضرت آدم علیہ السلام کو تھا حضرت موسےٰ بھی اسی گمان میں تھے حتے کہ اللہ جل جلالہ نے علم ثانی کا اُن پر انکشاف فرمایا اور ہم بیان کر چکے ہیں کہ جس طرح خواب کی تعبیر ہوتی ہے قوائم خارجیہ کی بھی تعبیر ہوا کرتی ہے اور امر و نہی میں ظن و تخمین کو دخل نہیں ہوتا بلکہ اُن کے لئے استعداد ہوا کرتی ہے کہ جب وہ پائی جاتی ہے تو اس امر یا نہی کے موجب ہوتی ہے جیسا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر بچہ فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے مگر اُس کے ماں باپ اُس کو یہودی اور نصرانی اور مجوسی بنا لیتے ہیں جس طرح حیوان کے صحیح سالم ناک کان کا درست بچہ پیدا ہوتا ہے کیا تم اس کا ناک کان کٹا ہوا دیکھتے ہو کل مولود یولد علی الفطرۃ ثم ابواہ یہودانہ و ینصرانہ و یمجسانہ کما تنتج البہیمۃ جمعاء ہل تحسون فیہا من جدعاء۔

جاننا چاہیئے کہ خدا تعالےٰ نے اپنا یہ قاعدہ جاری کر رکھا ہے کہ نباتات حیوانات اور اُن کے سوا ہر ایک چیز کے نوع کو خاص خاص شکل پر پیدا کیا ہے مثلاً انسان کی نوع کو اس خاص شکل میں بنایا ہے کہ اُس کا پوست کھلا ہوا ہے اور قد سیدھا اور ناخن پھیلے ہوئے ہیں اور ہنتا بولتا ان باتوں سے تمام مخلوقات میں سے وہ متمیز ہو جاتا ہے کہیں شاذ و نادر جگہ اُس کے خلاف ہو جاتا ہے مثلاً بجائے ناک کے کسی کے سونڈ پیدا ہو جائے یا اُس کے کُھر سے پیدا ہو جائیں اسی طرح سے خدا تعالےٰ نے یہ قاعدہ بھی جاری کر رکھا ہے کہ ہر نوع کو تھوڑا تھوڑا سا علم اور ادراک محدود جو اسی کے واسطے خاص کر اُس کے تمام افراد میں عام ہی دے رکھا ہے۔ مثلاً شہد کی مکھی ہے اُسکو یہی ادراک

سکینہ حدائق وبوستان سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دے رکھا ہے کہ جو اس کے طلب سے درخت ہیں اُن کو معلوم کر لیا کرے اور اپنے چھتے بنایا کرے لوگوں میں شہد جمع کیا کرے اب مکھی کا کوئی فرد ایسا نہیں نظر پڑتا جس میں یہ ادراک نہ ہو اور بکتور کو یہی ادراک دے رکھا ہے کہ اوپر سے کس طرح یکایک گر پڑتا ہے اور آشیانہ بناتا ہے اور اپنے بچہ کو بچاتا ہے اسی طرح انسان کو اللہ پاک نے بہ نسبت اور انواع کے زیادہ تر علم اور ادراک کے ساتھ مخصوص کیا ہے اور پوری پوری عقل دی ہے اور اپنے پیدا کرنے والے کی شناخت اور اس کی عبادت اس کے دل میں رکھی ہے اور اسی طرح دنیا کے اندر جو اس کی بہبودی کے سامان ہیں اُن کا ادراک اس کو دیا ہے اس کا ہی نام فطرت ہے اگر انسان کو اس فطرت سے کوئی مانع پیش نہ آوے تو اسی حالت پر انسان بڑی عمر تک رہ سکتا ہے مگر بسا اوقات اس کو عوارض پیش آجاتے ہیں جیسے ماں باپ کا اس کو گمراہ کر دینا اس کی وجہ سے اس کا علم بعینہٖ جہل ہو جاتا ہے جس طرح راہب لوگ طرح طرح کی سماختیں کر کے عورتوں کی خواہش اور کھانے کی خواہش اپنے آپ سے بالکل کھو دیتے ہیں باوجودیکہ فطرت انسانی میں یہ چیزیں داخل ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب وہ اپنے آباء کی پشت میں تھے اس وقت میں اُن کو اس لئے پیدا کیا ہے مخلقهم لهادهم فی اصلاب آبائهم اور فرمایا ہے وہ اپنے آباء سے ہیں ہم من آبائهم اور فرمایا ہے جو کچھ وہ کرنے والے تھے خدا کو اس کا پورا علم ہے اللہ اعلم بما کانوا عاملین اور آپ نے اپنے ایک بڑے خواب میں بیان فرمایا ہے بنی آدم علیہ السلام کی اولاد کے ارواح حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس ہوتی ہیں تسم ذریۃ بنی آدم کون عند ابراہیم علیہ السلام میں کہتا ہوں اکثر تو بچے کی پیدائش فطرت ہی ہوتی ہے جیسا کہ بیان کیا گیا مگر کبھی کوئی بچہ اس حالت پر پیدا کیا جاتا ہے کہ باکسی عمل کے وہ لعنت الٰہی کا مستوجب ہوتا ہے جس طرح وہ بچہ کہ جس کو خضر علیہ السلام نے مار ڈالا اس کی فطرت میں کفر داخل تھا۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا ہے کہ وہ اپنے آباء سے ہیں یہ احکام دنیا کے متعلق ہے شرائع میں توقف اس وجہ سے نہیں ہوا کرتا کہ وہ معلوم نہیں ہوتے بلکہ کسی مانع موقع سے احکام منضبط نہیں ہوا کرتے یا اُن کے بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی یا اُن میں اشکال ہوا کرتا ہے جس کو مخاطب نہیں سمجھ سکتے۔

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اُس کے ہاتھ میں میزان ہے وہ اُس کو جھکا دیتا ہے اور اُٹھا دیتا ہے بیدہ المیزان تخفیض و رفع میں کہتا ہوں یہ تدبیر کی طرف اشارہ ہے اس واسطے کہ اُس کا منشا اس بات پر ہے کہ جو موافق مصلحت کے ہے اُس کو اختیار فرماتا ہے اسی کے حال میں ہے کل یوم هو فی شان اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سب لوگوں کے دل خدا تعالیٰ کی دو انگشت میں ہیں ان قلوب بنی آدم فی اصبعین من اصابع الرحمان اور فرمایا ہے قلب کا حال ایک پر کاہ کا سا ہے جو چٹیل میدان میں ہے اور اس میدان میں اسکو ہوا لوٹ پوٹ کرتی رہتی ہے مثل قلب کریشة بارض فلاة یقلبها الریاح ظهر البطن۔ میں کہتا ہوں بندوں کے افعال اختیاری ہیں مگر اس اختیار میں اُن کا کچھ اختیار نہیں ہے اور اُس کا حال اس شخص کا سا ہے جو ایک پتھر کو پھینکنے کا قصد کرے اگر یہ پھینکنے والا قادر اور حکیم بھی ہوتا تو اُس پتھر کے اندر یہ بات پیدا کر سکتا تھا کہ وہ پتھر خود بخود حرکت کرتا اس پر کوئی شخص یہ شبہ نہیں کر سکتا کہ جب افعال بھی خدا تعالیٰ ہی کے پیدا کئے ہوئے ہیں اور اختیار بھی اُسنے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہی پیدا کیا تو پھر جزا و سزا کس بات پر دیجاتی ہے۔ اس واسطے کہ جزا و سزا فی الحقیقت بعض افعال الٰہی کے بعض پر مرتب ہونے کا نام ہے بایں معنی کہ خدا تعالےٰ بندے کے اندر ایک حالت پیدا کرتا ہے پھر اُس کی حکمت کا مقتضے یہ ہوتا ہے کہ اُس میں ایک دوسری حالت راحت یا تکلیف کی پیدا کیجائے جس طرح پانی کے اندر حرارت پیدا کر کے حکمت کا مقتضے ہوتا ہے کہ اُسکو ہوا کا جامہ پہنایا جائے۔

اور جزا و سزا کے اندر جو بندے کا اختیار اور کسب شرط کیا گیا ہے وہ بالذات شرط نہیں کیا گیا بلکہ صرف اسوجہ سے کہ جو اعمال کسب اور اختیار سے نہیں صادر ہوتے تھے یعنی نفس ناطقہ کے کسب اور اُس کے اختیار اور قصد کی طرف اُن کی نسبت نہیں ہوتی نفس ناطقہ کے اندر اُن کا کچھ رنگ اور اثر نہیں پیدا ہوتا اور حکمت الٰہی کا مقتضے یہ نہیں ہوتا کہ جن اعمال سے نفس ناطقہ نے کچھ اثر نہیں قبول کیا اُن پر بھی بندے کو جزا و سزا دیجائے اور جب یہ بات ثابت ہو گئی تو یہ اختیار غیر مستقل ہے جسکی وجہ سے عمل کا اثر آسکتا ہے اور یہ کسب جس کی وجہ سے خاص یہی بندہ حالت ثانیہ کے پیدا ہونے کا مستحق ہو سکتا ہے جزا و سزا کی شرعیت کے لیے کافی ہے۔ یہ ایک نفیس تحقیق ہے جو صحابہ اور تابعین کے کلام سے مستنبط ہوتی ہے حافظ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا تعالےٰ نے خلقت کو اول ایک تاریکی کی حالت میں پیدا کیا اور پھر اپنا نور اُنکی اولاد پر ڈالا اُن میں سے جس کسی کو وہ نور کچھ پہنچ گیا اُس کو تو ہدایت ہو گئی اور جس پر اُس نور کا پرتو نہیں پڑا وہ گمراہ رہا اسیوجہ سے میں کہتا ہوں علم الٰہی پر قلم مک ہو چکا ان اللہ خلق فی ظلمۃ فالقی علیہم من نورہ فمن اصابہ من ذلک النور اہتدی ومن اخطاہ ضل فلذلک اقول جف القلم علے علم اللہ اس سے مراد یہ ہے کہ خدا تعالےٰ نے پیدا کرنے سے پہلے اُن کا اندازہ کیا تو وہ سب کے سب فی حد ذاتہم کمال سے بالکل عاری تھے اس واسطے مناسب ہوا کہ ان کی طرف رسول بھیجے جائیں اور اُن پر کتابیں نازل کی جائیں بعضوں کو تو اُس سے رہبری ہو گئی اور بعض گمراہ کے گمراہ رہے خدا تعالےٰ نے ایک ہی مرتبہ یہ سب اندازہ کر لیا مگر جو اُن کی ذاتی حالت ہے اس کو اس حالت پر جو بعثت رسل کے بعد پیدا ہوئی تقدم ہے چنانچہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حدیث قدسی میں حکایۃ عن رب تعالےٰ بیان فرمایا ہے تم سب کے سب بھوکے ہو سوائے اُس کے جس کو میں کھانا کھلاؤں اور تم سب کے سب گمراہ ہو مگر جس کو میں ہدایت کروں فکلکم جائع الا من اطعمتہ وکلکم ضال الا من ہدیتہ میں کہتا ہوں یہ بھی ایک ایسے ہی واقعہ کی طرف اشارہ ہے جیسے آدم علیہ السلام کی ذریت نکالنے کا واقعہ ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب خدا تعالےٰ کسی خاص زمین میں کسی بندے کے مرنے کا حکم دیتا ہے تو اس کو وہاں جانے کی ضرورت پیدا کر دیتا ہے۔ اذا قضے اللہ لعبد ان یموت بارض جعل لہ الیہا حاجۃ۔ اسمیں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ بعض حوادث کا وقوع اسلئے ہوتا ہے کہ اسباب کا سلسلہ منقطع نہ ہو جائے۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے سے پچاس ہزار سال قبل تمام خلائق کے مقادیر لکھ رکھی ہے اور اُس کا عرش پانی پر تھا کتب اللہ مقادیر الخلائق قبل ان یخلق السموات والارض بخمسین الف سنۃ وکان عرشہ علے الماء میں کہتا ہوں سب سے اول خدا تعالےٰ نے نور و قلم کو پیدا کیا پھر جتنی چیزوں کا موجود

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہونا۔ اسنے چاہا عرش کے قوی میں سے ایک قوت میں جو ہماری قوتوں میں سے خیال کی قوت کے مشابہ ہے اور جو معتبر عنہ باندکر ہے اسکو پیدا کیا جیسا کہ امام غزالی علیہ الرحمہ نے بیان کیا ہے۔

اس کو کوئی شخص یہ نہ گمان کرے کہ یہ بیان حدیث کے مخالف ہے اس واسطے کہ جو لوگ حدیث سے واقفیت رکھتے ہیں انکے نزدیک لوح اور قلم کی صورت جیسا کہ عوام الناس جانتے ہیں انکے نزدیک کوئی معتد بہ حدیث اسکے بیان میں نہیں وارد ہوئی اور وہ جو روایتیں بیان کر دیتے ہیں وہ اہل کتاب کی تراشی ہوئی ہیں احادیث محمدی انکو نہ سمجھنا چاہئے اور اہل حدیث میں سے متاخرین جو ان باتوں کے قائل ہوئے ہیں انکا کلام تکلف سے خالی نہیں ہے اور متقدمین میں سے اس باب میں کچھ منقول نہیں ہے۔ الحاصل تمام کائنات کا سلسلہ اسوقت میں وہاں پایا جاتا ہے جسکی کتاب کے ساتھ بیان کیا ہے یہاں کتابت کا اطلاق ایسا ہی ہے جس طرح سیاست مدنیہ میں اسکا اطلاق تعیین اور ایجاب پر آیا کرتا ہے اسی معنی میں یہاں بھی مستعمل ہے اسی طرح خدا تعالے کے اس کلام میں ہے کہ لکھے گئے تمہارے اوپر روزے کتب علیکم الصیام اور اس کلام میں جب تم میں سے کسی کو موت آنے لگے تو تمہارے اوپر یہ بات لکھی گئی کتب علیکم اذا حضر احدکم الموت اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا تعالے نے اپنے بندے پر زنا کا ایک حصہ لکھدیا ہے ان اللہ کتب علے عبدہ حظہ من الزنا الحدیث اور صحابی کا یہ کہنا کہ میں فلاں لڑائی میں لکھا گیا حالانکہ وہاں مجاہدوں کے لئے کوئی دفتر نہ تھا جیسا کہ کعب بن مالک نے بیان کیا ہے اور اسی طرح عرب کے اشعار میں بہت کثرت سے آیا ہے۔ پچاس ہزار سال کا ذکر کرنا یا تو استیعاب مدت کی تعیین ہے یا اس سے طول مدت مراد ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا تعالے نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور پھیرا اپنا داہنا ہاتھ انکی پشت پر پھیرا۔ ان اللہ خلق آدم ثم مسح ظہرہ بیمینہ الحدیث میں کہتا ہوں جب خدا تعالے نے حضرت آدم کو ابوالبشیر بنایا تو ان کے وجود میں تمام انکی اولاد کی حقیقت داخل کر دی پھر خدا تعالے نے ان کو کسی وقت میں تمام ان ذریات کا علم جن پر بمقتضائے ارادہ الٰہی ان کا وجود مشتمل تھا عطا فرمایا اور ان سب کا ایک صورت مثالیہ میں ان کو مشاہدہ کرا دیا اور ان کی سعادت اور شقاوت کو نور اور ظلمت کی صورت میں ظاہر کر دیا اور انکی جبلت میں تکلیف کی قابلیت کو سوال و جواب اور اپنی جانوں پر لازم کر لینے کی صورت میں رکھا دیا پس ان سے جو کچھ مواخذہ کیا جاتا ہے انکی اصلی استعداد ہے اسکا منشا ہے اسکی نسبت اگرچہ ظاہری صورت انسانی کی طرف کر دیجاتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے چالیس روز تک تمہاری خلقت ماں کے پیٹ میں جمع ہوتی رہتی ہے۔ ان خلق احدکم یجمع فی بطن امہ اربعین یوما الحدیث میں کہتا ہوں ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف تغیر دفعتاً نہیں ہوتا بلکہ آہستہ آہستہ ہوتا رہتا ہے اور ہر وقت کی حالت اپنی حالت سابقہ اور لاحقہ کے مغائر ہوتی ہے اور جبتک صورت دموی سے اس کو پورا پورا تغیر نہیں ہوتا اس وقت تک اس کا نام نطفہ رہتا ہے اور جب اس میں خفیف سا انجماد ہو جاتا ہے تو اسکا نام علقہ ہو جاتا ہے اور جب پورا پورا اس کو انجماد ہو جاتا ہے تو اس کو مضغہ کہتے ہیں اگرچہ اس میں ہلکا ہلکا ابھار بھی بن جاتی ہیں اور جس طرح ایک خاص وقت میں زمین میں کھجور کی گٹھلی کو داب دیں اور ایک تیر خاص اس میں صرف کی جائے تو جو شخص اس خرما کے نوع اور اس زمین اور اس پانی اور اس وقت کی خاصیت جانتا ہے وہ جان جاتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کر یہ خوب آگہی اور اُس کے حال سے اور بعض بعض باتیں اُس کو معلوم ہو جاتی ہیں اسی طرح خدا تعالیٰ نے اُس بچہ کا حال جو اُسکی سرشت کا تقاضا ہے بعض فرشتوں پر کھول دیتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے کوئی ایسا نہیں ہے جس کا ٹھکانا دوزخ اور جنت میں لکھا ہوا نہ ہو ما منکم من احد الا وقد کتب لہ مقعدہ من النار ومقعدہ من الجنۃ میں کہتا ہوں یہ لوگوں کے اصناف کے متعلق ہے اور کوئی صنف ایسی نہ ہوگی جس میں کمال اور نقصان اور عذاب و ثواب نہ ہوگا اور یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ ٹھکانا دوزخ یا جنت میں ہے اور اللہ پاک کا یہ کلام کہ جب تیرے رب نے بنی آدم کی پشت سے اُن کی اولاد کو نکالا واذا اخذ ربک من بنی آدم من ظہورہم الخ اس حدیث کے کہ حضرت آدم کی پشت پر ہاتھ پھیر کے اُن کی اولاد کو نکالا ثم مسح ظہرہ بیمینہ واخرج منہ ذریۃ مخالف نہیں ہے اس واسطے حضرت آدم کی پشت سے اُن کی اولاد کو نکالا اور اُن کی اولاد کی پشت سے اولاد کی اولاد کو نکالا اسی طرح قیامت تک جس ترتیب سے وہ موجود ہوتی گئی اُن کی پشتوں سے اولاد کو نکال نکال کر اُن سے عہد لیتے رہے قرآن میں اس کا قصہ پورا پورا مذکور نہیں تھا حدیث شریف نے اُس کا قصہ بیان کر دیا اور اللہ پاک فرماتا ہے پس جس نے دیا اور ڈرتا رہا اور اچھی بات کی اُس نے تصدیق کی فامن اعطی واتقی وصدق بالحسنی یعنی ہمارے علم میں جو ان اوصاف کے ساتھ متصف ہے تو خارج میں ہم آہستہ آہستہ اس کو ان اعمال کی طرف اب پہنچا دینگے اس توجیہ سے حدیث اُس کے اوپر منطبق ہو گئی اور اللہ پاک فرماتا ہے قسم ہے جان کی اور جو اُس کو ٹھیک کیا اور پھر اُس کی نافرمانی اور پرہیزگاری اُس کو بتا دی میں کہتا ہوں الہام سے یہاں نفس کے اندر فجور کی صورت کا پیدا کر دینا ہے جسطرح ابن مسعودؓ کی حدیث میں گذر چکا اسی واسطے کہ الہام اصل میں ایک صورت علمیہ کے پیدا کرنے کا نام ہے جو علم کا منشا ہوتی ہے اور مجازاً اُس سے ایک صورت اجمالیہ جو مبدء اظہار ہوتی ہے اگرچہ اُسکی وجہ سے عالم نہیں کہہ سکتے مراد ہوتی ہے واللہ اعلم۔

اُن احادیث کا بیان جو کتاب و سنت سے دلیل پکڑنے کے باب میں وارد ہوئی ہیں

جس قدر تحریف کے راستے ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن سب سے اپنی امت کو ڈرایا اور اُن سے سخت منع فرمائی ہے اور اُس کے متعلق اپنی امت سے عہد و پیمان لیتے ہیں سب سے بڑا سبب تباہی کا یہ ہے کہ لوگ سنت پر عمل چھوڑ دیں اس کے باب میں آپ فرماتے ہیں مجھ سے قبل خدا تعالیٰ نے کوئی نبی کسی امت میں ایسا نہیں بھیجا کہ اُس کی امت میں سے کچھ لوگ اُس کے حواری اور دوست اُس کی سنت پر عمل کرنیوالے اور اس کے حکم کی فرمانبرداری پیدا نہ کئے ہوں پھر اُن کے بعد نالائق لوگ پیدا ہو جاتے ہیں جو وہ کہتے ہیں کرتے نہیں ہیں اور جن باتوں کا حکم اُن کو نہیں ہوتا وہ کرتے ہیں جو ہاتھ سے اُن سے ساتھ جہاد کرے وہ ایماندار ہے اور جو اُن سے زبان سے جہاد کرے وہ بھی ایماندار ہے اور جو قلب سے کرے وہ بھی ایماندار ہے اور اُس کے بعد رائی کے دانہ کے برابر بھی ایمان نہیں ہے ما من نبی بعثہ اللہ فی امۃ قبلی الا کان لہ من امتہ حواریون واصحاب یاخذون بسنتہ ویقتدون بامرہ ثم انہا تخلف من بعدہم خلوف یقولون مالا یفعلون ویفعلون مالا یومرون فمن جاہدہم بیدہ فہو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مومن ومن جاہدہم بلسانہ فھو مومن ومن جاہدہم بقلبہ فھو مومن ولیس وراء ذلک من الایمان حبۃ خردل اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے کسی کو اپنے تخت پر تکیہ لگائے ہوئے ایسی حالت میں نہ پاؤں کہ جس بات کا میں نے حکم دیا ہے یا اس سے نہی کی ہے وہ امر ہو یا نہی ہو اس کو معلوم ہو اور وہ کہدے میں ان باتوں کو نہیں جانتا۔ جو قرآن میں موجود ہیں ہم لوگ تو اس کا اتباع کرتے ہیں لاالفین احدکم متکئا علی اریکتہ یاتیہ الامر من امری مما امرت بہ او نہیت عنہ فیقول لا ادری ما وجدنا فی کتاب اللہ اتبعناہ۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے عمل بسنت پر خاص کر جبکہ لوگ مختلف ہوں بہت ترغیب دی ہے۔

اور منجملہ اسباب تہاون کے تشدد بھی ہے جس کی نسبت آپ نے فرمایا ہے کہ اپنی جانوں پر سختی مت کرو پھر خدا تعالیٰ بھی تمہارے اوپر سختی کریگا قالوا تشدد فشدد اللہ علیکم۔ اور ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے عبادت شاقہ کا قصد کیا تو آپ نے ان کو اس ارادہ سے باز رکھا اور اسی طرح کچھ لوگوں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی عبادت کو کسی قدر کم سمجھا اور خود اعمال شاقہ کا قصد کیا تو آپ نے ان کو منع فرمایا۔ اور منجملہ ان کے ایک ہر چیز کے زیادہ تحقیق اور اس میں بہت سا تعمق کرنا ہے اس کی نسبت آپ نے فرمایا ہے لوگوں کا کیا حال ہو گیا ہے کہ ایک بات کو میں تو کر لیتا ہوں اور وہ اس سے پرہیز کرتے ہیں خدا کی قسم ہے کہ میں ان سب سے زیادہ خدا سے ڈرنیوالا اور اس کا پہچاننے والا ہوں مابال اقوام ینتہون عن الشیٔ افعلہ انی لاعلمہم باللہ واشدہم خشیۃ لہ۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہدایت پر ہونے کے بعد جو قوم گمراہ ہوئی ہے اس کی وجہ ان کا نفاق باہمی اختلاف اور جھگڑا ہوا ہے ما ضل قوم بعد ھدی کانوا علیہ الا اوتوا الجدل اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنی دنیا کی باتوں سے تم خوب واقف ہو انتم اعلم بامور دنیاکم اور بعض صحابہ نے یہود سے کچھ باتوں کے سیکھنے کا ارادہ کیا تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس طرح یہود و نصاریٰ مذبذب ہو رہے ہیں کیا تم بھی اسی طرح اپنے دین میں مذبذب ہونا چاہتے ہو میں تمہارے پاس روشن اور صاف دین لیکر آیا ہوں اور اگر حضرت موسےٰ زندہ ہوتے تو سوائے میری تابعداری کے ان کو چارہ نہ ہوتا امتہوکون انتم کما تہوکت الیہود والنصاریٰ لقد جئتکم بہا بیضاء نقیۃ ولو کان موسےٰ حیا ما وسعہ الا اتباعی۔ اور جو شخص اسلام کے اندر جاہلیت کے برا طریقہ کو پسند کرے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو بعض الناس میں داخل کیا ہے۔

از انجملہ ایک استحسان ہے اس کی نسبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہمارے اس دین میں جو کوئی ایسی بات ایجاد کرے جو اس میں نہیں ہے وہ رد ہے من احدث فی امرنا ھذا ما لیس منہ فھو رد۔ اور ملائکہ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی مثال اس شخص کی سی بیان کی ہے کہ اس نے ایک مکان بنایا اور اس میں کھانا تیار کیا اور ایک شخص کو لوگوں کے بلانے کے لئے بھیجا مثل رجل بنی دارا وجعل فیھا مأدبۃ وبعث داعیا الحدیث۔ میں کہتا ہوں اس میں لوگوں کے تکلف کرنے کی طرف اشارہ ہے پورے طور پر سمجھانے کے لئے ایک محسوس چیز کے ساتھ اس کو تشبیہ دی ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میرا حال اس شخص کا سا ہے کہ اس نے آگ کو روشن کیا مثلی کمثل رجل استوقد نارا الحدیث اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میری اور اس چیز کی مثال جس کو خدا تعالیٰ نے مجھے دیکر بھیجا ہے اس شخص کی سی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مثال ہے کہ وہ شخص ایک قوم کے پاس آوے اور ان سے کہے میں نے اپنی آنکھوں سے لشکر کو دیکھا ہے انا النذیر العریان فالنجاء النجاء فاطاعہ طائفۃ من قومہ فادلجوا علی مہلہم فنجوا وکذبہ طائفۃ منہم فصبحہم الجیش فاہلکہم واجتاحہم فذلک مثل من اطاعنی فاتبع ما جئت بہ ومثل من عصانی وکذب ما جئت بہ من الحق۔ مشکوٰۃ۔ یعنی اللہ کی مثل رجل اتی قوما فقال یا قوم انی رایت الجیش بعینی الحدیث۔ یہ حدیث اس بات پر صاف دلالت کرتی ہے۔ کہ بعض اعمال قبل از بعثت بھی بذاتہ مستوجب عذاب ہوتے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مجھکو جو خدا تعالیٰ نے ہدایت اور علم کے ساتھ بھیجا ہے اس کی ایسی مثال ہے جیسے بہت زور کا پانی زمین پر برستا ہے مثل ما بعثنی اللہ بہ کمثل الغیث الکثیر اصاب ارضا الحدیث۔ یہ اصل میں اس ہدایت کا جو اہل قلم کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے حاصل ہوئی۔ خواہ صراحۃ روایت کے ذریعہ سے یا دلالۃ بایں طور کہ انہوں نے مسائل کا استنباط کرکے لوگوں کو مطلع کیا یا انہوں نے شرع کا اتباع کیا اور لوگوں نے ان کی اقتدا سے رہبری حاصل کی اور جہلاء کے اس ہدایت کے قبول نہ کرنے کا بیان ہے اور ایک مرتبہ جب آپ نے بہت ہی تاکید سے لوگوں کو نصیحت کی تو اس میں یہ بھی فرمایا تو تم لوگ میرے اور میرے خلفاء راشدین مہدیین کے طریقے کو اپنے اوپر لازم کر لینا فعلیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین المہدیین۔ میں کہتا ہوں دین کا انتظام آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی اتباع سنت پر موقوف ہے اور سیاست بشری کا انتظام اسی وقت ہو سکتا ہے کہ خلیفہ جس بات کا تدبیر ملکی یا جہاد کے متعلق اپنے اجتہاد سے حکم دے لوگ اس کے حکم کو مانیں مگر یہ شرط ہے کہ اس کا یہ حکم خلاف نص یا بدعت کے قبیلہ سے نہ ہو۔

ایک مرتبہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک خط کھینچا اور فرمایا یہ تو خدا تعالیٰ کا راستہ ہے پھر اس خط کے ادھر ادھر خط کھینچے اور فرمایا یہ بھی راستے ہیں ان میں سے ہر راستہ پر ایک شیطان بیٹھا ہوا ہے جو لوگوں کو اس کی جانب بلاتا ہے اور آپ نے یہ آیت پڑھی ان ہذا صراطی مستقیما فاتبعوہ ولا تتبعوا السبل فتفرق بکم عن سبیلہ۔ ترجمہ تحقیق یہ میرا سیدھا راستہ ہے اسی پر چلو اور راستوں پر مت چلو ورنہ خدا کے راستہ سے بچھڑ جاؤ گے۔ خط رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خطا ثم قال ہذا سبیل اللہ ثم خط خطوطا عن یمینہ وعن شمالہ وقال ہذہ سبل علی کل سبیل منہا شیطان یدعو الیہ۔ میں کہتا ہوں فرقہ ناجیہ وہی ہے جو تمام عقائد اور اعمال کے اندر کتاب اور سنت اور جمہور صحابہ اور تابعین کے قول پر عمل کرتے ہیں اگرچہ تابعین میں ان باتوں کے اندر جن میں کوئی نص مشہور نہیں ہے اور صحابہ نے اس پر اتفاق کیا مختلف ہیں اور اپنے اپنے قول پر بعض بعض امور سے استدلال کرتے ہیں یا کہیں مجمل کی تفسیر کر دیتے ہیں اور جو فرقہ عقیدہ سلف کے خلاف کوئی عقیدہ یا عمل کے خلاف کوئی عمل نکالے وہ غیر ناجیہ ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یہ امت گمراہی پر اتفاق نہ کرے گی لا یجمع امتی علی الضلالۃ اور فرمایا ہے ہر صدی کے بعد خدا تعالیٰ اس امت میں ایک ایسے شخص کو پیدا کرتا رہیگا۔ جو اس امت کے دین کو زندہ کرتا رہیگا۔ یبعث اللہ لہذہ الامۃ علی راس کل مائۃ سنۃ من یجدد لہا دینہا۔ اس حدیث کی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دوسری ایک حدیث میں تفسیر فرمادی ہے اور فرمایا ہے ہر خلف کے عادل لوگ اس علم کا بار اٹھائینگے اور ان سے امیزش کرنے والوں کی تحریف جھوٹوں کی بہتان بندی جاہلوں کی تاویل کو دور کر دینگے۔ یحمل ہذا العلم من کل خلف عدولہ ینفون عنہ تحریف الغالین وانتحال المبطلین وتاویل الجاہلین۔ جاننا چاہئے کہ جب لوگوں نے دین میں اختلاف اور ملک میں فساد پھیلایا تو اس کے سبب سے جو دانی کے دروازہ کو حرکت ہوئی اور خدا تعالیٰ نے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے دین کی کجی کے درست کرنے کے لئے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو روانہ کیا پھر جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس عالم سے وفات پائی تو بعینہ یہ عنایت الٰہی امت میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے علم اور ہدایت کے محفوظ رکھنے کی صرف متوجہ ہوئی اور اُن کو الہامات اور تقریبات کا فیضان شروع ہو گیا کیونکہ خیرۃ القدس نے اس ہدایت کے قیامت تک اُن میں برقرار رکھنے کا ارادہ کر لیا ہے اس لئے الہام ایسے لوگوں کا پیدا کرنا ضروری ہوا جو دین الٰہی کے پابند ہوں اور وہ سب کے سب کسی گمراہی کی بات پر اتفاق نہ کر سکیں اور قرآن اُن کے اندر محفوظ رہ سکے لیکن باتوں کے ساتھ چونکہ استعدادیں مختلف ہوتی ہیں اس لئے کسی قدر ردوبدل بھی لوگوں کی وجہ سے ہو جانا ممکن ہے اس واسطے مستعد لوگوں میں جو بیدار ہوتے ہیں علم کی رغبت پیدا کی جاتی ہے وہ تحریف عامص جس سے دین میں سختی مراد ہے اور چھوٹوں کی تبدیلی جس سے مذہب کا خلط ملط کرنا مراد ہے اور جاہلوں کی تاویل جس سے سستی مراد ہے دور کر دیتے ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا تعالےٰ جس شخص کی بہتری چاہتا ہے اُس کو دین کی سمجھ عطا فرماتا ہے من یرد اللہ بہ خیرا یفقہہ فی الدین اور فرمایا ہے علما لوگ انبیا کے وارث ہیں ان العلماء ورثۃ الانبیاء اور فرمایا ہے عالم کو عابد پر ایسی فضیلت ہے جیسی مجھ کو تم میں سے کسی ادنےٰ شخص پر فضیلت ہے فضل العالم علی العابد کفضلی علی ادناکم اور اسی قسم کی اور حدیثیں فرمائی ہیں ۔

معلوم کرو کہ جب کسی شخص پر عنایت الٰہی کا ورود ہوتا ہے اور خدا تعالےٰ اُس کو تدبیر الٰہی کا اہل بناتا ہے تو یہ بات لابدی ہے کہ اُس شخص پر خدا تعالےٰ کی رحمت کا نزول ہوتا ہے اور فرشتوں کو اُس کے ساتھ محبت کرنے اور اُس کی تعظیم کرنے کا حکم ہوتا ہے چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کو اُس کے ساتھ محبت کرنے کا حکم ہوتا ہے اور زمین پر بھی وہ بندہ مقبول ہو جاتا ہے اور جب سرور کائنات صلے اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی تو وہی عنایت خاصہ اس دین کی حفاظت کی حیثیت سے علما اور رواۃ اور پیروی کرنے والوں کی طرف متوجہ ہوئی اور اُن میں بیشمار فوائد اور برکات پیدا کر دیے ۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خوش رکھے اللہ تعالےٰ اُس بندے کو جو میری بات کو سنے اور یاد رکھے اور محفوظ کرے اور پھر جیسا سنا تھا ویسا ہی بیان کر دے نضر اللہ عبدا سمع مقالتی فحفظہا ووعاہا واداہا کما سمعہا میں کہتا ہوں اس فضیلت کا سبب یہ ہوا کہ ایسا شخص اس قابل معلوم ہوتا ہے کہ ہدایت نبویہ کو خلق کی طرف پہونچا دے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص قصداً میرے اوپر جھوٹ بولے اُس کو اپنا ٹھکانا دوزخ میں بنانا چاہئے من کذب علی متعمدا فلیتبوأ مقعدہ من النار اور فرمایا ہے کہ آخیر زمانہ میں دجال اور کذاب پیدا ہونگے یکون فی آخر الزمان دجالون کذابون ۔ میں کہتا ہوں آخیر زمانوں تک دین کے پہونچنے کا ذریعہ روایت ہی ہے اور جب روایت ہی کے اندر فساد داخل ہو جائے تو اُس کا کچھ علاج نہیں ہو سکتا ۔ اس واسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ کا بولنا سخت گناہ ہوا اور روایت کے اندر بڑی احتیاط کرنی ضرور ہوئی تاکہ کذب لازم نہ آوے اور فرمایا ہے بنی اسرائیل سے روایت کرو اور کچھ مضائقہ نہیں ہے حدثوا عن بنی اسرائیل ولا حرج ۔ اور فرمایا ہے اُن کی نہ تو تصدیق کرو اور نہ تکذیب کرو ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دلا لقصد قوہم ولا تکذبوہم میں کہتا ہوں اگر اعتبار کرنیکے لائق ہو تو اہل کتاب سے روایت کا کرنا درست ہے جہاں احکام دینی میں اختلاط کا اندیشہ نہ ہو ورنہ درست نہیں ہے۔

ایک بات یاد رکھنے کے قابل یہ ہے کہ بہت سے بنی اسرائیل کے قصے جو کتب تفاسیر اور اخبار میں مذکور ہیں اکثر وہ علمائے اہل کتاب سے منقول ہیں اس قابل نہیں ہیں کہ کسی حکم شرعی یا اعتقاد کی بناء اُن کو قرار دیا جاوے۔ فتدبر۔

اور فرمایا ہے جس علم سے خدا تعالےٰ کی رضامندی مطلوب ہوتی ہو اور پھر اُس کو کوئی شخص متاع دنیا کے حاصل کرنے کی غرض سے پڑھے تو قیامت کے روز جنت کی خوشبو بھی اُس تک نہ پہونچیگی من تعلم علما مما یبتغی بہ وجہ اللہ لا یتعلمہ الا لیصیب بہ عرضا من الدنیا لم یجد عرف الجنۃ یوم القیامۃ میں کہتا ہوں دنیا کے لئے علم دین کا سیکھنا حرام ہے جس کی غرض یہی معلوم ہوتی ہو بدو وجہ اول تو یہ کہ ایسا شخص غالباً غرض دنیوی کے واسطے دین کے اندر ایک ضعیف سی تاویل کرکے تحریف کرسکتا ہے لہذا اس راستہ کا بند ہی کردینا ضرور ہوا دوسرے یہ کہ اس میں قرآن وحدیث کی بیحرمتی اور اُس کی ہتک ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کسی شخص سے کوئی علمی بات جس کو وہ جانتا ہو دریافت کیجاے پھر وہ چھپائے تو قیامت کے روز اُس کے آگ کی لگام دیجائیگی میں کہتا ہوں جب بیان کرنے کی حاجت ہو تو اُس وقت مسئلہ کا بیان نہ کرنا اور چھپالینا حرام ہے اس واسطے کہ اصل تہاون اور احکام دینی کے نسیان کا سبب یہی ہے اور اعمال کی جزا وسزا کچھ کچھ اعمال کے مناسب ہوا کرتی ہے چونکہ یہاں پر گناہ مسئلہ کا چھپالینا اور بیان نہ کرنا تھا اس واسطے منہ میں لگام دینے سے اُسکو سزا دیگئی جو بات نہ کرنے اور رک جانے کے مناسب ہے۔

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے علم تین ہیں آیۃ محکمۃ یا سنۃ قائمۃ یا فریضۃ عادلۃ اور جو اسکے سوا ہے وہ زیادہ ہے العلم ثلثۃ آیۃ محکمۃ او سنۃ قائمۃ او فریضۃ عادلۃ وما کان سوی ذلک فہو فضل میں کہتا ہوں یہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جس قدر لوگوں پر سیکھنا واجب بالکفایہ ہے اُس کی حد بیان فرمائی ہے اب ایک تو قرآن کا لفظاً سیکھنا واجب ہے اور آیات محکمات کے اندر الفاظ عربیہ کی شرح اور اسباب نزول اور جو اُس میں سے وقت طلب ہے اُس کی توجیہ اور ناسخ ومنسوخ کی معرفت ضروری ہے باقی رہا متشابہ اُس کا حکم یا تو توقف ہے یا محکم کی طرف اُس کا رجوع کرلینا ہے اور سنت قائمہ وہ ہے جو عبادات یا معاملات میں شرائع اور سنن ہوں جن پر علم فقہ مشتمل ہے اور قائمہ کی یہ تعریف ہے کہ جو منسوخ نہ ہوئی ہو اور نہ متروک ہو اور نہ اُس کا کوئی راوی چھوٹ گیا ہو اور جمہور صحابہ اور تابعین کا اُس پر عملدرآمد رہا ہو اُن میں سے سب سے بڑھکر وہ ہے کہ جس پر فقہاء مدینہ اور کوفہ کا اتفاق ہو اور اُس کی پہچان یہ ہے کہ مذاہب اربعہ کا اُس پر اتفاق ہو اور اُس کے بعد وہ ہے کہ اُس میں جمہور صحابہ کے دو قول یا تین قول ہوں اور ہر قول پر اہل علم کے ایک گروہ نے عمل کیا ہو اور اُس کی یہ شناخت ہے کہ موطا اور جامع عبدالرزاق وغیرہ میں اُن کی روایات پائی جاتی ہوں اور اُس کے سوا جو کچھ ہے وہ بعض فقہاء کا استنباط ہے اور بعض کا نہیں ہے اور فریضہ عادلہ ورثہ کے حصوں کا معلوم کرنا ہے اور ارباب قضاء جو مسلمانوں کے مابین انصاف سے قطع منازعت کرنے کے متعلق ہیں وہ بھی اسی کے ساتھ ملحق ہیں یہ تین چیزیں ایسی ہیں کہ شہر کا ان چیزوں کے واقفی سے خالی رہنا حرام ہے کیونکہ اُن پر دین کا مدار ہے اور جو اُن کے سوا ہیں وہ فضل اور زیادتی کے قبیلہ سے ہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خالطات یعنی اُن باتوں سے جو لوگوں کے امتحان لینے کے لیے تراش لیجاویں اور جواب دینے والے کو اسمیں غلطی واقع ہو منع فرمایا ہے اور اُس کی کئی وجہیں ایک تو کیونکہ ایسی باتوں میں مسئول عنہ کو ایذا پہونچانا اور ذلیل کرنا منظور ہوتا ہے اور اپنا عجب اور بڑائی مقصود ہوا کرتی ہے دوسرے یہ کہ اسمیں فتح باب تعمق پایا جاتا ہے اور بہتری اسمیں ہے جو صحابہ کیا کرتے تھے کہ جو بظاہر سنت میں موجود ہے اُسپر توقف کرنا چاہیئے یا جو بمنزلہ ظاہر کے ہے ایما یا اقتضاء فحوائے کلام کی قبیلہ سے اور بہت امعان مناسب نہیں ہے اور یہ بھی مناسب نہیں ہے کہ جب تک ایک حادثہ وقوع میں نہ آوے اور اجتہاد کرنے کی حاجت نہ ہو خواہ مخواہ اُسمیں اجتہاد کر رکھنے میں غلطی کا ظن غالب ہوتا ہے ۔

اور حدیث شریف میں آیا ہے جو شخص اپنی عقل سے قرآن میں کوئی بات کہے اُس کو اپنی جگہ جہنم میں بنانی چاہیئے من قال فی القرآن برایہ فلیتبوا مقعدہ من النار ۔ میں کہتا ہوں جو شخص اس زبان سے جسمیں قرآن نازل ہوا ہے واقف نہ ہو اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ اور تابعین کے ذریعہ سے اُس کو الفاظ عربیہ کی شرح اور اسباب نزول اور ناسخ اور منسوخ کا پتہ نہ ہو اس شخص کو تفسیر کا لکھنا حرام ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قرآن کے اندر جھگڑا کرنا کفر ہے المراء فی القرآن کفر ۔ میں کہتا ہوں قرآن کے اندر مجادلہ حرام ہے اور اُس کی یہ صورت ہے کہ کوئی شخص ایک حکم کو جو قرآن کے اندر منصوص ہے کسی شبہ سے جو اُس کے دل میں واقع ہوا ہے رد کرے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم سے پہلے لوگ تو اسی واسطے تباہ ہو گئے کہ اُنہوں نے خدا کی کتاب کو بعض کو بعض سے لڑایا انما اھلک من کان قبلکم بھذا ضربھم کتاب اللہ بعضہ ببعض ۔ میں کہتا ہوں قرآن کے ساتھ تدافع کرنا حرام ہے اور اُس کی شکل یہ ہے کہ ایک شخص اپنے اثبات مذہب کی غرض سے استدلال کرے اور دوسرا شخص اپنے مذہب کے ثابت کرنے کے لئے اور دوسرے مذہب کے ابطال یا بعض آیہ کے بعض پر تائید کرنے کی غرض سے دوسری آیت پیش کرے اور اُس کا پورا پورا تعلق اُن باتوں کا نہ ہو کہ حق ظاہر ہو جاوے اور حدیث میں بھی تدافع کرنے کا بھی یہی حال ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے آیات قرآنی میں سے ہر ایک کے لئے ایک ظاہر اور ایک باطن ہے اور ہر حد پر اطلاع کا جدا ذریعہ ہے لکل آیۃ منھا ظھر وبطن ولکل حد مطلع ۔ میں کہتا ہوں زیادہ تر قرآن کے اندر صفات الٰہی اور اُس کے آیات اور احکام اور قصص اور کفار سے احتجاج اور جنت و نار کے ساتھ موعظت کا ذکر ہے قرآن کا ظاہر تو یہ ہے کہ جس کے لئے سوق کلام ہے اُس کا پورا پورا علم حاصل ہو جاوے اور اُس کا باطن آیات صفات میں تفکر اور مراقبہ کرنا اور آیات احکام کے اندر اُس کے ایماء اور اشارہ اور فحوائے اور اقتضاء سے اور مسائل کا استنباط کرنا جس طرح حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے آیۃ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا سے اس بات کا استنباط کیا ہے کہ مدت حمل کی کبھی چھ ماہ بھی ہوتی ہے بقولہ تعالےٰ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ اور قصص کے اندر اُس کا باطن یہ ہے کہ ثواب اور رجا یا عذاب اور وعید کا مدار کن کن باتوں پر ہے اور موعظت کے اندر رقت قلب اور خوف و رجا کا ظاہر ہونا اور اسی قسم کی اور باتیں اور حد کے اوپر اطلاع کا ذریعہ استعداد ہے جس سے وجد معلوم ہو سکتی جیسے زبان اور آثار سے واقف ہونا اور ذہن کی صفائی اور سمجھ کی پختگی ۔

اللہ پاک فرماتا ہے آیٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ۔ میں کہتا ہوں بظاہر محکم کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معنی یہ ہیں کہ جس میں ایک وجہ کے سوا دوسری وجہ کا احتمال نہ ہو جیسے حرمت علیکم امہتکم وبنتکم واخواتکم اور متشابہ وہ ہے جس میں کئی وجوہ کا احتمال ہو جیسے لیس علی الذین امنوا وعملوا الصلحت جناح فیما طعموا۔ کج فہموں نے تو اس آیت کو اس بات پر محمول کیا ہے کہ جبتک کسی پر ظلم یا زمین میں کچھ فساد نہ ہو شراب کا پینا درست ہے اور صحیح یہ ہے کہ اس آیت سے وہ لوگ مراد ہیں جنہوں نے حرام ہونے سے پیشتر شراب پی تھی۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے عمل تو نیت کے ساتھ ہیں انما الاعمال بالنیات۔ میں کہتا ہوں اصل تو نیت کے معنی قصد اور ارادہ کے ہیں مگر یہاں اس کی علت غائیہ مراد ہے جس کا آدمی کے دل میں اول تصور آتا ہے اور پھر وہ ایک فعل کا منشا ہوتی ہے جیسے خدا تعالےٰ سے ثواب یا اس کی رضامندی کا طالب ہونا اور حدیث سے مراد یہ ہے کہ نفس کی تہذیب اور اس کی کجی کے دور کرنے میں اعمال کا کچھ اثر نہیں ہوتا جبتک ان کے صادر ہونے کا باعث کسی ایسی شے کا تصور نہ ہو جس کا مآل تہذیب ہوتی ہے اور عادت یا لوگوں کی موافقت یا ریا وسمعہ یا جبلت کا تقاضا اس کا باعث نہ ہو جس طرح ایک شجاع آدمی سے قتال کا صادر ہونا جو بغیر قتال کیے نہیں رہ سکتا ہے اگر وہ وقت کفار کے ساتھ مجاہدہ کا نہ ہوتا تو وہ اس اپنی شجاعت کو مسلمانوں کے قتال میں صرف کرتا جس کی نسبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کسی شخص نے دریافت کیا تھا کہ ایک مرد دکھاوے کی غرض سے قتال کرتا ہے اور ایک بہادری سے ان دونوں میں سے خدا تعالےٰ کے لئے کون قتال کرتا ہے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اس لئے لڑتا ہے کہ خدا کی بات سب سے اونچی رہے تو اس کا لڑنا خدا تعالےٰ کے لئے ہے من قاتل لتکون کلمۃ اللہ ہی العلیا فہو فی سبیل اللہ اور اسمیں بھید یہ ہے کہ دل کا ارادہ تو عمل کی روح ہے اور عمل اس کی صورت اور شبیہ ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے حلال بھی ظاہر ہے اور اور حرام بھی ظاہر ہے اور ان دونوں کے درمیان مشتبہات ہیں پس جو شخص شبہات سے بچ گیا اس نے اپنا دین اور اپنی عزت کو بچا لیا الحلال بین والحرام بین وبینہما مشتبہات فمن اتقی الشبہات فقد استبرأ لدینہ وعرضہ میں کہتا ہوں ایک مسئلہ کے اندر کبھی وجوہ مختلف ہو جاتی ہیں تو اس وقت میں احتیاط اور اس سے بچنا سنت ہے تعارض کی ایک شکل تو یہ ہے کہ صراحۃً اس کے اندر روایات مختلف ہوں جیسے ذکر کے چھو لینے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں بعض نے اس کو ثابت کیا ہے اور بعض نے اس کی نفی کی ہے اور ہر ایک حدیث سے شہادت پیش کرتا ہے۔ یا محرم کے لئے نکاح ہے کہ بعض نے تو تجویز کیا ہے اور بعض نے منع کیا ہے اور روایتیں مختلف ہیں اور ایک شکل یہ ہے کہ وہاں جو لفظ استعمال کیا گیا ہے اس کے معنی کچھ غیر منضبط ہیں یعنی فقط تقسیم یا مثال سے اس کے معنی معلوم ہوتے ہیں مگر ایک جامع اور مانع تعریف سے اس کے معنی معلوم نہیں ہیں تو وہاں تین مادے پیدا ہو جاتے ہیں ایک تو وہ مادہ کہ جہاں اس لفظ کا یقیناً اطلاق ہو سکتا ہے اور ایک وہ کہ جہاں یقیناً اطلاق نہیں ہو سکتا اور ایک وہ کہ وہاں اس کے اطلاق کا صحیح ہونا یا نہ ہونا کچھ معلوم نہیں ہوتا اور ایک شکل یہ ہے کہ ایک جگہ حکم کا مدار ایک علت پر ہے جس میں ایک مقصود کا یقینی گمان ہوتا ہے اور ایک نوع اس کی ایسی پائی جاتی ہے کہ وہاں علت تو ہے مگر وہ مقصود وہاں نہیں پایا جاتا جیسے ایک ذمی کو ایسے شخص سے خریدا کہ اس میں جماع کی قابلیت نہیں ہے تو وہاں استبرا کرنا چاہئے یا نہیں پس یہ صورت اور اس قسم کی جس قدر صورتیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں سب کے اندر احتیاط بہت ضروری ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے پانچ طرح سے قرآن نازل ہوا ہے حرام اور حلال اور محکم اور متشابہ اور امثال ۔ نزل القرآن علی خمسۃ اوجہ حلال وحرام ومحکم ومتشابہ وامثال میں کہتا ہوں یہ پانچوں وجہ کتاب کی قسمیں ہیں اگر تقسیمات مختلف ہیں لہذا ان میں تمانع حقیقی اور تضاد نہیں ہے اسلئے یہ حکم کبھی حلال ہوتا ہے اور کبھی حرام ہوتا ہے اور دین کے اصول میں سے یہ بات ہے کہ جو آیات قرآنی یا احادیث نبوی متشابہات کے قبیلہ سے ہیں ان میں عقل کو دخل نہ دیا جائے اور اسی قسم کے اور بہت سے امور ہیں کہ وہاں معلوم نہیں ہو سکتا کہ کلام کے معنی حقیقی مراد ہیں یا کوئی معنی مجازی جو حقیقت کے قریب ہیں وہ مراد ہیں اور یہ وہاں ہے کہ جہاں امت کا اجماع نہیں پایا جاتا اور اس سے شبہ مرتفع نہیں ہوا ہے واللہ اعلم ۔

اُن احادیث کا بیان جو طہارت کے باب میں وارد ہوئی ہیں

معلوم کرو کہ طہارت کی تین قسمیں ہیں ایک تو حدث سے طہارت دوسرے بدن یا کپڑے یا جگہ کے ساتھ جو نجاست متعلق ہو اس سے طہارت تیسرے بدن سے جو چیزیں پیدا ہو جاتی ہیں ان سے طہارت جیسے موئے زیر ناف یا ناخن یا میل کچیل طہارت عن الاحداث کا مدار اصول پر ہے جن لوگوں کے دلوں میں انوار ملکیہ کا ظہور ہو گیا ہے وہ ناپاکی اور طہارت کی روح کو خوب متمیز کر سکتے ہیں ان کے نفوس کو خود بخود اس حالت سے جس کا نام حدث ہے نفرت اور اس حالت سے جس کا نام طہارت ہے سرور اور ایک قسم کا انشراح محسوس ہونے لگتا ہے اور طہارت کی صورتوں اور ان کی موجبات کے تعیین ملل سابقہ یعنے یہود و نصاریٰ و مجوس اور بقایا ملت اسماعیلیہ کے دستور سے خوب معلوم ہو سکتی ہے ان کے نزدیک ناپاکی اور ایسے ہی اس سے طہارت دو طرح کی ہوا کرتی تھی جیسا کہ سابقاً ہم بیان کر چکے ہیں اور عرب کا قدیمی دستور تھا کہ جنابت سے وہ غسل کیا کرتے تھے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بھی دونوں قسم کے حدث کے مقابل میں دو قسم کی طہارت کو مقرر فرمایا طہارت کبریٰ یعنی غسل کو تو حدث اکبر یعنی جنابت کے لئے اس واسطے کہ جنابت قلیل الوقوع اور کثیر التلوث ہے تاکہ نفس کو ایسی ناپاکی میں واقع ہونے سے ایک عمل شاق (یعنی غسل) سے جس کا آدمی کو بہت کم اتفاق ہوتا ہے تنبیہ ہو جائے اور طہارت صغریٰ یعنی وضو کو حدث اصغر کیلئے مقرر فرمایا اسواسطے کہ وہ اکثر الوقوع اور قلیل التلوث ہے اس میں نفس کو فی الجملہ تنبیہ ہو جانی کافی ہے ۔

فی الحقیقت وہ امور کہ جن میں حدث یعنی ناپاکی کے معنی پائے جاتے ہیں بہت کچھ ہیں جن لوگوں کا ذوق سلیم ہوتا ہے وہ اُن کو معلوم کر سکتے ہیں مگر وہ حدث کہ جس سے تمام دنیا کو مخاطب کر سکیں چند خارجی امور کے اندر منضبط ہے جس کا ظاہر میں نفس کے اوپر اثر پڑتا ہے تاکہ ظاہر میں لوگوں سے اس کی باز پرس ہو سکے اسی واسطے اگر پیٹ کے اندر ہی اندر کچھ حرکت ہوتی رہے اس پر حدث کا مدار نہیں رکھا گیا بلکہ جب سبیلین یعنی پیشاب پائخانہ کے راستے سے کوئی چیز نکلے اس پر حدث کا مدار رکھا گیا کیونکہ پہلی صورت کا کچھ اندازہ نہیں ہو سکتا اور اگر معدے کے اندر ہی اندر کچھ حرکت ہو تو خارج میں وضو کر لینے سے کچھ اس کا ارتفاع نہیں ہو سکتا اور دوسری صورت یعنی سبیلین سے کسی چیز کا باہر نکلنا ایک

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محسوس چیز ہے اور یہ بھی ہے کہ نفس کے انقباض کے لئے یہاں ایک ظاہری صورت اور اُس کا قائم مقام یعنی نجاست بدن کا آلودہ ہونا پایا جاتا ہے اور نیز نفس کے اندر وضو کا اثر اُسی وقت پیدا ہو سکتا ہے کہ جب نفس کو اور کاموں سے فراغت ہو اور فراغت اُسی وقت ہو سکتی ہے کہ جب بدن سے کوئی چیز باہر کی جانب خروج کرے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے اُس کلام میں کہ جس وقت اخبثان یعنی پیشاب پائخانہ کی تم میں سے کسی شخص کو حاجت معلوم ہوتی ہو تو وہ ایسے وقت میں نماز کو کھڑا نہ ہو جائے۔ لایصلی احدکم وھو یدافعہ الاخبثان تنبیہ فرمادی ہے کہ صرف نفس کے مشغول ہونے میں بھی حدث کے ایک معنی پائے جاتے ہیں ۔

جن امور میں طہارت کے معنی پائے جاتے ہیں وہ بہت سے امور ہیں جیسے خوشبو لگانا اور اسی طرح سے وہ اذکار جو پاکی کو یاد دلاتے ہیں جیسے اللھم اجعلنی من التوابین واجعلنی من المتطہرین۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ قول اللھم نقنی من الخطایا کما ینقیت الثوب الابیض من الدنس اور پاکیزہ مکان میں جانا اور اسی قسم کی باتیں بہت سی ہیں مگر تمام خلقت کو ایسی چیز کے ساتھ مکلف اور مخاطب کر سکتے ہیں جو ایک منضبط اور معین چیز ہو اور ہر وقت اور ہر جگہ اُس کا کرنا اس کے واسطے دشوار نہ ہو اور بظاہر بھی اُس کا کچھ اثر معلوم ہوتا ہو اور لوگوں میں اُس قسم کا کچھ پہلے سے بھی دستور رہا ہو ۔

وضو کے اندر اصل اطراف بدن کا دھونا ہے اس لئے شارع نے منہ اور دونوں ہاتھوں کا کہنیوں تک دھونا مقرر کیا۔ کیونکہ اس سے کم کا نفس پر کچھ اثر محسوس نہیں ہو سکتا اور پیروں کا ٹخنوں تک دھونا مقرر کیا اسواسطے کہ اُس سے کم عضو ناتمام ہے اور سر کیواسطے صرف مسح کر لینا مقرر کیا کیونکہ اُس کا دھونا خالی از دقت نہیں ہے اور غسل کے اندر تمام بدن کا دھونا ہی اصل ہے اور وضو کا اصل موجب وہی ہے جو بول و براز کے راستے سے خارج ہو اور باقی موجبات وضو کو اُس پر قیاس کر لیا ہے اور اصل غسل کا موجب جماع اور حیض ہیں اور یہ دونوں امر ایسے ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے وجود باجود سے پہلے عرب بھی انکو غسل کا موجب مانتے رہے ہیں ۔

طہارت کی دونوں اخیر قسمیں ارتفاقات سے ماخوذ ہیں کیونکہ یہ دونوں طبیعت انسانی کا مقتضا سے اصلی ہیں کوئی قوم اور کوئی ملت اس سے خالی نہیں ہو سکتی اس کے اندر شارع نے اُسی درمیانی حالت کا اعتبار کیا جو خالص عرب کے اندر دستور تھا جس طرح اور باقی ارتفاقات درست کرنے میں اُنہیں کا اعتبار کیا ہے پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا صرف یہی کام تھا کہ آداب متعین کر دیے اور جہاں کہیں اشکال تھا اُس کو صاف کر دیا اور جہاں ابہام تھا اُس کو دور کر دیا ۔

وضو کی فضیلت کے بیان میں

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وضو نصف ایمان ہے الطھور شطر الایمان۔ میں کہتا ہوں یہاں ایمان سے ایک ہیئت نفسانیہ مراد ہے جو نور طہارت اور خشوع سے مرکب ہے اور بہ نسبت ایمان کے احسان کا لفظ اس ہیئت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نفسانیہ پر زیادہ صاف دلالت کرتا ہے اور ظاہر ہے کہ وضو اس کا ایک جزء ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جس شخص نے وضو کیا اور اچھی طرح سے کیا تو اس کے بدن سے تمام اس کی خطائیں نکل کر ناخنوں کے نیچے سے ہو کر نکل جاتی ہیں من توضا فاحسن الوضوء خرجت خطایاہ من جسدہ حتی تخرج من تحت اظفارہ میں کہتا ہوں جس پاکیزگی کا خاص نفس کے اندر اثر پڑتا ہے وہ پاکیزگی تو نفس کو مقدس کر کے ملحق بالملائکہ کر دیتی ہے اور بہت سے حالات دنیئہ اور لوازم بشریہ کو محو کر دیتی ہے جو خاصیت اس پاکیزگی کی ہے وہی وضو کی خاصیت ہے جو اصلی طہارت کا نقشہ اور مظنہ اور اس کا عنوان ہے اور فرمایا ہے کہ قیامت کے روز میری امت کو جب پکارا جائیگا تو وضو کے آثار سے ان کے دست و پا اور چہرہ روشن ہوگا اس لئے تم میں جو کوئی اپنی روشنی بڑھا سکے وہ بڑھالے ان امتی یوم القیامۃ غرا محجلین من آثار الوضوء فمن استطاع منکم ان یطیل غرتہ فلیفعل۔ اور فرمایا ہے جہاں تک وضو کا پانی پہنچیگا وہیں تک مومن کو جنت کا زیور پہنایا جائیگا تبلغ الحلیۃ من المومن حیث تبلغ الوضوء۔ میں کہتا ہوں جبکہ اصلی طہارت کی صورت اعضاء پوشیدہ میں پانی کا استعمال کرنا ہے اسی طرح ان اعضاء میں زیور اور روشنی کا ہونا نفس کے تنعم اور عیش کی صورت مثالیہ ہے جسطرح بزدلی کی صورت مثالیہ وبرادر شجاعت کی صورت مثالیہ شیر ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وضو کی وہی مداومت کر سکتا ہے جو ایمان والا ہے لا یحافظ علی الوضوء الا مومن میں کہتا ہوں جب ہمیشہ باوضو رہنا ایک دشوار کام ہے تو اسکو وہی شخص کر سکتا ہے جس کو طہارت کے امر میں بصیرت حاصل ہوگئی ہے اور اس کے نفع عظیم کا اسکو یقین ہے لہذا اس کی مداومت ایمان کی دلیل ہوئی۔

وضو کرنے کی ترکیب

وضو کرنے کی صورت جس طرح حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ اور حضرت عبداللہ بن زبیر وغیرہم رضی اللہ عنہم نے آنحضرت صلے اللہ علیہ سے بیان کی ہے بلکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے بالتواتر ثابت ہے اور امت کا اسپر اتفاق ہے یہ ہے کہ اول پانی کے برتن میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے اپنے ہاتھ دھووے اور کلی کرے اور ناک میں پانی ڈالے اور اسکو پھر صاف کرے اور پھر منہ اور پھر پہنچے کو کہنیوں تک دھووے اور پھر سر کا مسح کرے بعد ازاں پیر ٹخنوں تک دھووے۔

جو اہل ہوا ظاہر آیت سے استدلال کر کے پیروں کے دھونے سے انکار کرتے ہیں ان کا قول قابل اعتبار نہیں ہے میرے نزدیک جو شخص ایسی بات کہے اور وہ شخص جو جنگ بدر یا جنگ احد سے جو کالشمس فی رابعۃ النہار ثابت ہے منکر ہو دونوں برابر ہیں ہاں اگر کوئی شخص یہ بات کہے کہ احتیاطاً پیروں پر مسح بھی کر لینا چاہئے اور ان کو دھو لینا بھی چاہئے یا یہ کہ ادنے فرض کا مسح کرنا ہے اگرچہ دھونا بھی ایسی چیز ہے کہ جس کے تارک پر سخت ملامت کرنی چاہئے تو یہ بات البتہ ایسی ہے کہ علماء اس کے اندر جبتک انکشاف حق نہ ہو توقف کر سکتے ہیں، اور میں نے کسی صحیح روایت میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے اس بات کی تصریح نہیں پائی کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بغیر مضمضہ اور ناک میں پانی ڈالنے اور ترتیب کے وضو کیا ہے پس وضو کے اندر ترتیب نہایت ضروری امر ہے اور مضمضہ اور استنشاق یعنی ناک میں پانی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذالنایہ دونوں خصال فطرت سے مستقل دو طہارتیں ہیں وضو کے ساتھ انکو ملا دیا ہے اسکے ساتھ ساتھ اُن کا بھی ایک وقت معین رہے علاوہ بریں یہ دونوں اُس قبیلہ سے ہیں جہاں بتکلف پانی پہونچ سکتا ہے اور وضو کے اندر ایسی جگہوں میں پانی پہونچانے کا اہتمام کیا گیا ہے اور اُن دونوں کا ساتھ ساتھ ہونا بہ نسبت جدا جدا ہونے کے زیادہ تر اصح ہے۔

آداب وضو کا حاصل کرنا کئی باتوں میں منحصر ہے ایک تو تعہد سبغا بن یعنی جن جن جگہ میں بتکلف پانی پہنچتا ہے اُن میں اچھی طرح سے پانی کا پہنچانا جیسے مضمضہ اور استنشاق اور دست و پا کی انگلیوں میں اور داڑھی میں خلال کرنا اور انگوٹھے کو حرکت دینا اور ایک پاک کرنے میں کوشش کرنا یعنی تین تین مرتبہ دھونا اور اسباغ یعنی خوب اوپر تک ہر عضو کا دھونا جو فی الحقیقت روشنی کا قیامت کے دن بڑھانا ہے اور ایک صفائی یعنی بدن کا ملنا اور سر کے ساتھ کانوں کا بھی مسح کرنا اور وضو پر وضو کرنا اور ایک امور مہمہ کے اندر جو اُن کی عادت جاری تھی اُس کے موافق اس میں برتاؤ کرنا یعنی داہنے عضو سے شروع کرنا اس واسطے کہ داہنے عضو کو بائیں پر اولویت اور قوت ہے لہذا جو چیزیں دونوں جانب میں استعمال کی جاتی ہیں اُن میں تو داہنے عضو کو مقدم رکھنا اور جو ایک جانب میں مستعمل ہو سکتی ہیں بشرطیکہ وہ محاسن اور طیبات کے قبیلہ سے ہوں اُن کے ساتھ داہنی طرف کو خاص کرنا مناسب ہے اور ایک دل کی کیفیت کو زبانی الفاظ سے جو صرفاً مقصود پر دلالت کرتے ہیں قالو میں رکھنا اور ذکر لسانی کا قلبی کے ساتھ ساتھ پایا جانا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے خدا کا ذکر نہیں کیا اُس کا وضو نہیں ہوا لا وضوء لمن لم یذکر اللہ۔ میں کہتا ہوں واقفین حدیث کا اس حدیث کی صحت پر اتفاق نہیں ہے اور اگر صحیح بھی سمجھی جائے تو یہ اُن مواضع میں سے ہے کہ جہاں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے سیکھنے کے طریقے میں اختلاف واقع ہوا ہے اس واسطے کہ اہل اسلام ہمیشہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے وضو کی نقل کرتے رہے اور لوگوں کو وضو کا طریقہ سکھاتے رہے ہیں اور بسم اللہ کا ذکر بھی نہیں کرتے تھے بیشک کہ اہل حدیث کا زمانہ ظاہر ہوا اور اس حدیث میں اس بات کی نص ہے کہ بسم اللہ یا تو وضو کا رکن ہے یا اسکی شرط ہے اور دونوں صورتوں میں یوں توفیق ہو سکتی ہے کہ اس حدیث میں جو ذکر کا لفظ آیا ہے اُس سے ذکر قلبی مراد ہے کیونکہ بدوں نیت کے اعمال مقبول نہیں ہوا کرتے اس لئے یہاں وضو سے صرف ظاہری معنی مراد نہیں ہیں بلکہ وضو کے اثر سے نفس کا رنگین ہونا مراد ہے ہاں یہ بات ضروری ہے کہ تسمیہ یعنی بسم اللہ کہنا مجمع آداب کے ہے اس لئے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو مہتم بالشان کام خدا کے نام سے شروع نہ کیا جاوے اُس میں برکت نہیں ہوتی کل امر ذی بال لم یبدا باسم اللہ فھو ابتر اور بہت سے مواضع پر قیاس کرنے سے اُس کا آداب میں داخل ہونا ثابت ہو سکتا ہے اور ایک معنی یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ اُس کا وضو کامل نہیں ہوتا مگر اس قسم کی تاویلیں میرے پسند نہیں ہیں کیونکہ یہ ایک بعید تاویل ہے جس کا حاصل اصل لفظ کی مخالفت ہوتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اُس کو کیا معلوم ہے کہ رات کو اُس کا ہاتھ کہاں پڑا رہا ہے فانہ لا یدری این باتت یدہ میں کہتا ہوں اس سے مراد یہ ہے کہ ہاتھوں کو دھوئے ہوئے بہت دیر ہو جانے اور بہت دیر تک بوجہ نیند کے اُن سے بیخبر رہنے میں ظن غالب ہوتا ہے کہ ضرور کسی قسم کی نجاست یا میل کچیل کا اثر ان تک پہنچا ہو جس کی وجہ سے پانی میں اُن کا ڈال دینا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسکا ناپاک یا مکدر کر دینا بے تمیزی میں داخل ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے پینے کی چیزیں جو پھونک مارنے سے منع فرمایا ہے اُس کی علت بھی یہی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اس واسطے کہ شیطان اُس کے نتھنوں پر رات کو رہتا ہے۔ فان الشیطان یبیت علی خیشومہ۔ میں کہتا ہوں نتھنوں میں مواد غلیظ اور بلغم کا جمع ہو جانا ذہن کی بلادت اور فکر میں نقصان کا باعث ہے اور ایسے وقت میں شیطان کو وسوسہ ڈالنے اور تدبر اذکار سے اُس شخص کو روکنے کا خوب موقع ہوتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے کوئی ایسا شخص نہیں جو وضو کرے اور پورا پورا کرے اور پھر اشہد ان لا الہ الا اللہ پڑھے آخیر تک اور ایک روایت میں ہے اللھم اجعلنی من التوابین واجعلنی من المتطہرین اور اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھل نہ جائیں اور وہ جس میں سے چاہے چلا جائے۔ ما منکم احد یتوضأ فیسبغ الوضوء ثم یقول اشہد الا دخل فی روایۃ اللھم اجعلنی من التوابین واجعلنی من المتطہرین الا فتحت لہ ابواب جنۃ الثمانیۃ یدخل من ایہا شاء۔ میں کہتا ہوں طہارت کی روح اُسی وقت حاصل ہوتی ہے کہ جب عالم غیب کی طرف نفس کی توجہ پائی جائے اور پورے طور پر اس عالم کی طرف اُسکی خواہش ہو اس واسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس کے لئے ایک ذکر کو مقرر فرمایا اور جو اصلی طہارت کا فائدہ تھا وہ اسپر مرتب فرمایا اور ایک شخص نے پورے طور پر بالاستیعاب پانی کا استعمال نہیں کیا تھا تو اُس سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خرابی ہے ایڑیوں کو آگ کی طرف ویل للاعقاب من النار میں کہتا ہوں اسمیں نکتہ یہ ہے کہ جب اللہ تعالےٰ نے ان اعضاء کا دھونا واجب کیا ہے تو دھونے کے معنی پایا جانا ضروری ہے اور جب ایک شخص نے ایک عضو کا کچھ حصہ دھولیا اور پورے اس عضو کو نہیں دھویا تو عرف میں یہ نہیں کہہ سکتے ہیں کہ اُسنے عضو کو دھولیا اور دوسرے آپ کے اس فرمانے میں باب تہاون کا بند کر دینا ہے اور ایڑیوں سے آگ کا تعلق اس واسطے ہوا کہ برابر ایک جگہ کو ناپاک رکھنا اور اس پر اصرار کرنا ایسی خصلت ہے جس کا انجام دوزخ کی آگ ہے اور طہارت ایسی چیز ہے جو باعث نجات اور باعث تکفیر خطیات ہے اور جب ایک عضو کے اندر طہارت کے معنی نہ پائے گئے اور اس عضو میں حکم الٰہی کی تعمیل نہ ہوئی تو بلاشبہ یہ اس بات کا سبب ہو سکتا ہے کہ نفس کا اس خصلت کی وجہ سے میل ظاہر ہو جو اُس کے نفس کے اندر فساد اور خرابی پیدا کرنے والی ہے اور اُس عضو کی طرف سے یہ خصلت اُس کو حاصل ہوئی ہے واللہ اعلم۔

موجبات وضو کے بیان میں

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص حدث کی حالت میں ہے جبتک وضو نہ کرے اُسکی نماز قبول نہیں ہے لا تقبل صلوۃ من احدث حتی یتوضأ اور فرمایا ہے بغیر وضو کے نماز مقبول نہیں ہوتی لا تقبل صلوۃ بغیر طہور اور فرمایا ہے نماز کی کنجی وضو ہے مفتاح الصلوۃ الطہور میں کہتا ہوں ان سب احادیث میں اس بات کی تصریح پائی جاتی ہے کہ نماز کے لئے وضو شرط ہے اور وضو تو خود ایک مستقل عبادت ہے نماز کے ساتھ ساتھ اس کو بھی مقرر کر دیا ہے کیونکہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان دونوں میں سے ہر ایک فائدہ دوسرے پر موقوف ہے علاوہ بریں اس میں نماز کی تعظیم پائی جاتی ہے جو شعائر الٰہی میں داخل ہے ہماری شریعت میں موجبات وضو تین طرح کے ہیں ایک تو اُس قسم کے ہیں کہ جن پر تمام صحابہ کا اتفاق ہے اور روایتیں اُس میں متفق ہیں اور اُس پر برابر عمل جاری ہے وہ تو یہ چیزیں ہیں بول اور براز اور ریح اور مذی اور گہری نیند اور اُس کے قریب قریب چیزیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے سَنَہ یعنی بندھن آنکھیں ہیں وکاء السہ العینان اور فرمایا ہے پس جب آدمی لیٹ جاتا ہے تو اُس کے جوڑ ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔ فانہ اذا اضطجع استرخت مفاصلہ۔ میں کہتا ہوں اُس سے مراد یہ ہے کہ جب آدمی کو خوب گہری نیند آجاتی ہے تو ضرور اُس کے جوڑ ڈھیلے ہو جاتے ہیں اور ریح وغیرہ کے نکلنے کا گمان غالب ہوتا ہے اور میں اُس کا ایک سبب اور بھی بتاتا ہوں وہ یہ ہے کہ جو بات حدیث کے سبب سے ہوتی ہے وہ نفس کے اندر سونے کی وجہ سے پیدا ہو جاتی ہے یعنی بلاوت اور مذی میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے آلہ کو دھوئے اور وضو کرے یغسل ذکرہ ویتوضا۔ میں کہتا ہوں ملاعبت کرنے سے جو مذی باہر آجاتی ہے اُس میں بھی شہوت کا پورا کرنا ہے مگر شہوت جماع کے پورا کرنے سے اُسکا درجہ کم ہے اس لئے اُس کی طہارت بھی طہارت کبریٰ یعنی غسل سے کم درجہ کی ہونی چاہئے جس کسی کو ریح کے نکلنے کا شک ہوا سکے بارے میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وہ شخص مسجد سے باہر نہ جاوے جبتک آواز نہ سنے یا بدبو معلوم کرے لا ینصرف من المسجد حتی یسمع صوتا او یجد ریحا۔ میں کہتا ہوں اس سے مراد یہ ہے کہ جبتک اُسکو ریح نکلنے کا یقین نہ ہو جائے۔ جب وضو کے ٹوٹنے کا مدار سبیلین سے کوئی چیز خارج ہونے پر ہوا تو یہ بات لابدی ہے کہ فی الحقیقت کسی چیز کے خارج ہونے اور فقط شبہ خروج میں کہ جسمیں فی الواقع خروج نہیں ہے تمیز کی جاوے اور مقصود یہ ہے کہ زیادہ تعمق اور ہر بات میں فکر اور تردد نہ کیا جاوے اور دوسرے موجبات وضو اُس قسم کے ہیں جن کے موجبات وضو ہونے میں فقہاء صحابہ اور تابعین کا اختلاف ہے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اُن میں روایات مختلف مروی ہیں جیسے مس ذکر سے وضو کا واجب ہونا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اپنے آلہ تناسل کو چھوئے اُسکو وضو کرنا چاہئے من مس ذکرہ فلیتوضا۔ حضرت ابن عمر اور سالم اور عروہ وغیرہم کا یہی قول ہے اور حضرت علی اور ابن مسعود اور فقہاء کوفہ نے اُس کا رد کیا ہے اور اُن کی دلیل یہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وہ تو اُس کے بدن کی ایک بوٹی ہے ہل ہو الا بضعۃ منہ۔ اور دونوں میں ایک کا منسوخ ہونا یقینی نہیں ہے اور عورت کو چھو لینا جیسا کہ حضرت عمر اور ابن مسعود اور ابراہیم رضی اللہ عنہم کے نزدیک ہے اسواسطے کہ اللہ پاک فرماتا ہے یا عورتوں کو تم نے چھوا ہو۔ اولامستم النساء اور کوئی حدیث اُس کی شاہد نہیں ہے بلکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث اُس کے خلاف دلالت کرتی ہے مگر اُس میں شبہ ہے اسواسطے کہ اُس کی اسناد منقطع ہے اور میرے نزدیک اس قسم کی وجہ یعنی حدیث کی اسناد کا منقطع ہونا وہاں معتبر ہو سکتا ہے کہ جہاں ایک حدیث کو دوسری حدیث پر ترجیح دیجاوے اور جہاں ایک ہی حدیث ہے اور دوسری کوئی حدیث اُس کے معارض نہیں تو اس انقطاع اسناد کا کچھ لحاظ نہ کیا جائیگا واللہ اعلم۔ اور حضرت عمر اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما چونکہ جنابت میں تیمم تجویز نہیں کرتے ہیں اسواسطے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُن کے نزدیک تو آیت خواہ مخواہ لمس پر محمول ہوگی مگر عمران اور عمار اور عمرو بن العاص رضی اللہ عنہم کے نزدیک جنابت میں تیمم درست ہے اور اس پر اجماع منعقد ہو گیا ہے اور ابن عمر احتیاط پر عمل کرتے تھے اور ابراہیمؒ حضرت ابن مسعود کی پیروی کرتے تھے حتی کہ امام ابوحنیفہ پر اس دلیل کا حال ظاہر ہو گیا جس سے حضرت ابن مسعودؓ نے تمسک کیا تھا اسلئے اُن کے قول کو انہوں ترک کر دیا یا وجود دیکھا ابراہیمؒ کے وہ بہت پیرو ہیں الحاصل ان دونوں چیزوں یعنی مس ذکر اور لمس میں صحابہ اور تابعین رضی اللہ عنہم کے بعد فقہاء کے تین طبقے ہو گئے ایک طبقہ نے تو ظاہر پر عمل کیا اور ایک نے بالکل ہی اُسکو ترک کر دیا اور ایک نے شہوت اور عدم شہوت کا فرق کیا اور ابراہیمؒ کے نزدیک بہتے ہوئے خون کے نکلنے اور قے کثیر سے وضو لازم آتا ہے اور حسن کے نزدیک نماز میں قہقہہ لگانے سے وضو لازم آتا ہے اور کسی کے نزدیک نہیں لازم آتا اور ان سب کے بارے میں احادیث وارد ہوئی ہیں مگر علماے حدیث نے اُن کی صحت پر اتفاق نہیں کیا مگر اصح قول یہی ہے کہ جو احتیاط کریگا اُس کا دین اور عزت محفوظ رہیگی ورنہ خالص شرع میں اُس سے کچھ گرفت نہیں ہے اور اس میں شبہ نہیں ہے کہ عورت کو ہاتھ لگانے سے شہوت کو ہیجان ہوتا ہے اور اُس میں ایک شہوت کا جو شہوت جماع سے کمتر ہے پورا کرنا ہے اور عضو تناسل کا چھونا بھی ایک بیہودہ فعل ہے لہذا استنجا کے وقت داہنے ہاتھ سے ذکر کے چھونے سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے اور جب ذکر کو ہاتھ میں بھر لے تو وہ لامحالہ ایک شیطانی کام ہے اور بہتا ہوا خون اور قے کثیر بھی بدن کو الودہ کرنے والی اور نفس کو پلید کرنے والی چیز ہے اور اسی طرح نماز میں قہقہہ لگانا ایک قسم کا جرم ہے جس کا کفارہ ہونا چاہئے اگر ان چیزوں سے شارع وضو کا حکم دے تو کچھ عجب نہیں ہے اور نہ یہ تعجب ہے کہ حکم نہ دے اور نہ یہ تعجب ہے کہ وضو کی رغبت دے بدوں اس بات کے کہ وضو واجب ہو۔ اور تیسری قسم موجبات وضو کی وہ ہے کہ جہاں حدیث کے لفظ سے واجب ہونے کا شبہ ہوتا ہے جیسے اور فقہا صحابہ اور تابعین کا اُس کے خلاف پر اجماع ہے آگ کی پکی ہوئی چیز کھانے سے وضو کرنا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور خلفا اور حضرت ابن عباس اور حضرت ابو طلحہ وغیرہم رضی اللہ عنہم کا عمل اسکے خلاف ہے اور حضرت جابرؓ نے بیان کیا ہے کہ یہ حدیث منسوخ ہے اور اُس وضو کرنے کا سبب یہ تھا کہ یہ اُن ارتفاعات کاملہ میں سے ہے جو ملائکہ سے عمل میں نہیں آتا اس واسطے آگ کی پکی ہوئی چیز کھانے میں ملائکہ کے ساتھ مشابہت منقطع ہو جاتی ہے علاوہ بریں آگ سے پکی ہوئی چیز نار جہنم کو یاد دلاتی ہے لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بلا ضرورت روغ لگوانے سے منع فرمایا ہے اسی واسطے آدمی کو اپنا دل اسمیں نہ مشغول کرنا چاہئے۔

لیکن اونٹ کے گوشت سے وضو لازم آتا ہے یا نہیں اس میں وقت ہے فقہا صحابہ اور تابعین میں سے کوئی اُس کا قائل نہیں ہوا اور اُس کے منسوخ ہونے کا بھی حکم نہیں دے سکتے لہذا جس کسی کو تخریج نے مجبور کیا ہے وہ تو اسکا قائل نہیں ہے اور احمد اور اسحاق اُس کے قائل ہیں اور میرے نزدیک آدمی کو اسمیں احتیاط کرنی بہت ضروری ہے واللہ اعلم جس کسی کے نزدیک اونٹ کے گوشت سے وضو لازم آتا ہے تو اُس میں بھید یہ ہے کہ اونٹ کا گوشت توریت کے اندر حرام کیا گیا تھا اور تمام انبیاء بنی اسرائیل اُس کی حرمت پر متفق رہے اور ہمارے واسطے خدا تعالیٰ نے اسکو حلال کر دیا تو اُس کے ساتھ دو وجہ سے وضو بھی مقرر فرمایا ایک تو یہ کہ یہ وضو اس بات کا کہ پہلے لوگوں پر اُسکا کھانا حرام

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھا اور ہمارے واسطے حلال کر دیا گیا شکریہ ہو جاوے دوسرے یہ کہ اس کے حلال ہونے میں بعد اس کے کہ تمام انبیاء بنی اسرائیل پر حرام رہا اس بات کا احتمال تھا کہ لوگوں کے دلوں میں اس کے حلال ہونے سے ایک طرح کا کھٹکا گذرے اس کے علاج کے لئے وضو کو مقرر فرمایا کیونکہ اس کی حرمت سے اس حلت کی طرف جس کے استعمال سے وضو لازم آجاوے انتقال کرنا کسی قدر سہل اور باعث تسکین خاطر ہے اور میرے نزدیک تو شروع اسلام میں نہ تھا اور بعد کو یہ حکم منسوخ ہو گیا۔

موزوں پر مسح کا بیان

چونکہ وضو کا ان اعضاء ظاہرہ کے دھونے پر مدار تھا جو جلد جلد گرد و غبار میں آلودہ ہوتے رہتے ہیں اور پیر چونکہ موزوں کے پہننے سے اعضاء باطنہ میں داخل ہو جاتے ہیں اور عرب میں موزوں کے پہننے کا بہت دستور تھا اور ہر نماز کے وقت ان کے اتارنے میں ایک قسم کی دقت تھی اس واسطے فی الجملہ ان کے پہننے کی حالت میں ان کا دھونا ساقط کر دیا گیا اور چونکہ تیسیر میں یہ بات داخل ہے کہ جہاں آسانی کر دیجئے وہاں کوئی ایسی چیز جس کی وجہ سے نفس کو عبادت مطلوبہ کے ترک کرنے میں مطلق العنانی نہ ہو جائے لہذا شارع نے اس بات کے حاصل کرنے کے لئے تین باتیں اس کے ساتھ مقرر کر دیں ایک تو مسح کی مدت مقیم کے لئے ایک دن رات اور مسافر کے لئے تین دن رات مقرر فرمائے اس لئے کہ ایک دن رات کی ایسی مدت ہے کہ اس کا انتظام اور التزام ہو سکتا ہے بہت سی چیزوں کو جس کا التزام کرنا چاہتے ہیں اس مدت کے ساتھ ان کا التزام رکھتے ہیں اور تین دن رات کی مدت بھی ایسی ہی ہے یہ دونوں مدتیں مسافر اور مقیم پر ان کے دفع حرج اور تکلیف کے موافق تقسیم کر دیجئیں اور دوسری اس میں شارع نے یہ شرط لگا دی کہ موزوں کو طہارت کی حالت میں پہنا ہو تاکہ پہننے والے کے دل میں اسی وقت کی طہارت کا نقشہ جما رہے اس لئے کہ موزوں کی حالت میں گرد و غبار کا اثر کم ہوتا ہے اس طہارت کو وہ اس طہارت پر قیاس کر لیتا ہے اور اس قسم کی قیاسات کا نفس کے تنبیہ میں پورا پورا اثر ہوتا ہے اور تیسرے یہ حکم دیدیا کہ موزے کے اوپر مسح کیا کریں تاکہ پیروں کا دھونا یاد آجائے اور یہ اس کے لئے بطور نمونہ کے ہو جائے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے اگر دین میں عقل کو دخل ہوتا تو موزے کے تلے مسح کرنے سے زیادہ مناسب تھا میں کہتا ہوں جبکہ مسح پیروں کے دھونے کا ایک نمونہ ہے اور اس سے اس کے سوا اور کچھ مقصود نہیں ہے اور نیچے کی جانب مسح کرنے میں زمین پر چلتے وقت موزوں کے ملوث ہونے کا گمان غالب ہے تو عقل کا مقتضی یہی ہے کہ اوپر کی جانب مسح کیا جائے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ اسرار شرعی سے بڑے واقف تھے جیسا کہ ان کے کلام اور ان کے خطبوں سے معلوم ہوتا ہے مگر ان کو مقصود یہ تھا کہ دین میں لوگ رائے کو دخل نہ دیں ایسا نہ ہو کہ عوام الناس اپنا دین بگاڑ لیں۔

غسل کرنے کا بیان

غسل کرنے کی ترکیب جیسی کہ حضرت عائشہ اور میمونہ رضی اللہ عنہما نے روایت کی ہے اور امت کا اس پر اتفاق ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ یہ ہے کہ اول پانی کے برتن میں ہاتھ ڈالنے سے قبل اُن کو دھوئے بعد ازاں اپنے بدن اور شرمگاہ سے نجاست کو دھو ڈالے پھر جس طرح نماز کے لئے وضو کرتے ہیں اُس طرح سے وضو کرے اور سر کے بالوں میں خوب پانی پہنچا دے اور پھر تمام بدن پر پانی ڈالے فقط ایک بات میں اختلاف ہے کہ پیروں کو بعد کو دھووے یا پہلے دھوئے اور بعضوں نے فرق کیا ہے کہ اگر اُس جگہ غسل کا پانی اکٹھا ہوتا ہے تو پیر بعد کو دھووے ورنہ پہلے دھوئے غسل کے اندر پہلے ہاتھ دھونے کی وجہ تو وہی ہے جو ہم وضو میں بیان کر چکے اور بدن سے نجاست کا دھونا اس واسطے ہے کہ اگر اُس کو پہلے نہ دھویا اور تمام بدن کے ساتھ اُس نجاست پر بھی پانی بہایا تو پانی کے بہنے سے وہ نجاست بدن پر پھیل کر اور زیادہ ہو جائیگی اور پھر اُس کے دھونے میں وقت بھی ہوگی اور پانی بھی زیادہ خرچ ہوگا اور نیز غسل محض طہارت حدث کے لئے نہ ہوگا حالانکہ وہ اسی لئے موضوع ہے اور وضو اس لئے کیا جاتا ہے کہ طہارت کبریٰ کا طہارت صغریٰ پر مشتمل ہونا مناسب ہے تاکہ دو قسم کی طہارت کرنے سے نفس کو اور زیادہ تر تنبیہ ہو جائے اور نیز اول وضو کر لینے سے ان مواضع میں پانی خوب پہنچ جاتا ہے جن میں بتکلف پانی پہنچتا ہے کیونکہ سر کے اوپر پانی ڈالنے سے پھر اطراف پر اچھی طرح سے بتکلف ہی پانی پہنچتا ہے اور پیروں کے بعد میں دھونے کی وجہ یہ ہے کہ بلا فائدہ ایک عضو کا بار بار دھونا لازم نہ آوے مگر وضو کی صورت پورا کرنے کے لئے تو پیروں کو بھی پہلے دھو لینا مناسب معلوم ہوتا ہے پھر غسل کے مستحبات ہیں جن سے غسل کامل ہو جاتا ہے یعنے تمام بدن کا تین مرتبہ دھونا اور بدن کا ملنا اور مغابن یعنی جہاں بتکلف پانی پہنچتا ہے اُن میں خوب پانی پہنچانا اور پردہ کا خوب اہتمام کرنا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خدا تعالےٰ بڑی حیا اور بڑا پردہ والا ہے اِنَّ اللّٰہَ حَیِیٌّ سِتِّیْرٌ۔ اس کی تفسیر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا دوسرا یہ قول ہے کہ وہ حیا کو اور پردہ کو پسند کرتا ہے یُحِبُّ الْحَیَاءَ وَالسِّتْرَ۔ اور لوگوں سے تو پردہ برتنا واجب ہی ہے اور تنہائی میں بھی اُس کو اس طرح ہونا چاہئے کہ اگر کوئی شخص بوجہ معتاد اُس کے پاس سے گذر جائے تو اُس کا ستر نہ دیکھے مستحب ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے شک میں لپٹی ہوئی کپڑا صافی لیکر اُس سے صاف کرے یعنی حیض کے اثر کو پونچھ ڈالے خُذِیْ فِرْصَۃً مِّنْ مِسْکٍ فَتَطَهَّرِیْ بِهَا۔ میں کہتا ہوں یہ حکم آپ نے کئی وجہ سے دیا ایک تو اس میں پاکی زیادہ پائی جاتی ہے اس لئے کہ خوشبو بھی بذاتہ طہارت کا کام دیتی ہے اور ہمیشہ خوشبو کا حکم اس واسطے نہیں دیا کہ اس میں لوگوں پر دقت ہے دوسرے اس خوشبو کی وجہ سے ایک طرح کی بدبو جو حیض میں ہوتی ہے وہ زائل ہو جاتی ہے اور ایک یہ کہ حیض کا گذرنا اور طہر کا شروع ہونا اولاد کے لئے کوشش کرنے کا وقت ہے اور خوشبو ایسی چیز ہے جو اس قوت کو اُبھارتی ہے۔

غسل کے لئے پانی کی مقدار ایک صاع سے پانچ مُد تک اور وضو کے لئے ایک مُد مقرر فرمائی ہے کیونکہ درمیانی بدن کے لئے یہ ایک کافی مقدار ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر ہر بال کے نیچے جنابت ہے اس لئے بالوں کو دھوؤ اور بدن کا میل اتارو وَبِحَسْبِ کُلِّ شَعْرَۃٍ جَنَابَۃٌ فَاغْسِلُوا الشَّعْرَ وَاَنْقُوا الْبَشَرَۃَ۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر جنابت کی حالت میں ایک بال کی جگہ بھی بغیر دھونے چھوڑ دیگا تو اُس جگہ کے ساتھ ایسا کیا جائیگا۔ تَرَکَ مَوْضِعَ شَعْرَۃٍ مِنَ الْجَنَابَۃِ لَمْ یَغْسِلْهَا فَعَلَ بِهَا کَذَا وَکَذَا میں کہتا ہوں اس کی وجہ وہی ہے جو ہم نے وضو کے مستحبات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے اندر بیان کی ہے وہ یہ ہے کہ ایک ایک بال کی جگہ دھونے میں غسل کے ہی نوبت کرنا ہے اور جنابت پر باقی رہنا اور اس پر اصرار کرنا دخول نار کا سبب ہے اور جس عضو سے نفس کے اندر یہ اثر پیدا ہوگا اسی عضو کی طرف سے نفس کو تکلیف اور الم ظاہر ہوگا۔

موجبات غسل کا بیان

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب عورت کے چاروں ہاتھ پاؤں کے بیچ بیٹھ گیا اور پھر اس سے جماع کیا تو غسل واجب ہوگا اگرچہ اس کو انزال نہ ہو۔ اذا جلس بین شعبہا الاربع ثم جہدہا فقد وجب الغسل وان لم ینزل میں کہتا ہوں اس بات میں روایتیں مختلف ہیں کہ اکسال یعنی جماع بدون انزال کو قضاء شہوت کے معنی میں اس جماع پر جو انزال کے ساتھ ہو محمول کر سکتے ہیں یا نہیں صحیح روایت جس پر جمہور فقہاء کا اتفاق ہے یہ ہے کہ جماع کرنے سے دونوں مرد و عورت پر غسل واجب ہو جاتا ہے اگرچہ انزال نہ ہو اس بات میں بھی اختلاف ہے کہ اس حدیث میں اور اس حدیث میں کہ پانی تو پانی ہی سے لازم آتا ہے یعنی غسل انزال سے لازم آتا ہے انما الماء من الماء تطبیق کیونکر ہو سکتی ہے حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ حدیث انما الماء من الماء اختلام کے متعلق ہے مگر اس میں کچھ کلام ہے اور حضرت ابی بکرؓ فرماتے ہیں کہ انما الماء من الماء کا حکم شروع اسلام میں تھا پھر یہ حکم نہیں رہا اور حضرت عثمانؓ اور علی اور طلحہ اور زبیر اور ابی بن کعب اور ابو ایوب رضی اللہ عنہم سے اس شخص کے باب میں جو اپنی بیوی سے صحبت کرے اور اس کو انزال نہ ہو مروی ہے کہ ان کا قول یہ ہے کہ اپنے ذکر کو دھو ڈالے اور جس طرح نماز کے لئے وضو کرتے ہیں اسی طرح وضو کرے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تک یہ مرفوع ہے اور میرے نزدیک یہ بھی بعید نہیں ہے کہ اس سے مباشرت فاحشہ مراد ہو اس لئے کہ مباشرت فاحشہ پر جماع کا اطلاق آجاتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ ایک شخص کو اپنے کپڑے پر تری معلوم ہو اور اس کو احتلام کا ہونا یاد نہ ہو تو اس کو کیا حکم ہے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو غسل کرنا چاہئے اور اس شخص کا حکم دریافت کیا گیا کہ اس کو احتلام کا ہونا یاد ہو مگر کپڑے پر تری نہ معلوم ہو تو آپ نے فرمایا اس پر غسل نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں حکم کا مدار تری کے اوپر رکھا خواب کے اوپر نہ رکھا اس واسطے کہ خواب کبھی خیالی ہوتا ہے اور اس کا کچھ اثر نہیں اور کبھی خواب تضاء شہوت ہوتی ہے اور وہ بغیر تری کے نہیں ہوتی پس غسل کا مدار تری پر ہی ہو سکتا ہے علاوہ بریں تری تو ایک ظاہر چیز ہے جس کی تعیین اور انضباط ہو سکتا ہے اور خواب کو اکثر آدمی بھول جایا کرتا ہے۔

اور اس میں شبہ نہیں ہے کہ طہر اور حیض کی مدت کی زیادتی اور کمی کا مدار مزاج اور غذا وغیرہ کے اختلاف پر مبنی ہے اور اس کی کمی و بیشی اس طرح پر منضبط نہیں ہو سکتی کہ کسی میں اس کے خلاف پایا ہی نہ جاوے لہٰذا اصح یہ ہی ہے کہ عورتوں کی عادتوں پر اس کا مدار کیا جاوے جس کو وہ یہ سمجھیں کہ یہ حیض ہے وہ حیض ہے اور جس کو استحاضہ سمجھیں وہ استحاضہ ہے اور صحابہ اور تابعین میں جو اس کے اندر اختلاف واقع ہوا ہے اس کا سبب ہر ایک کا استقراء اور اندازہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور ایک مرتبہ حمنہ بنت جحش نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے استحاضہ کا مسئلہ دریافت کیا تو حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن کو لگدی کے رکھنے اور اُس کے اوپر پٹی کے چڑھا لینے کا حکم دیا اور دو باتوں میں ایک بات کا اُن کو اختیار دیا آخیر حدیث تک استفتت حمنۃ فی الاستحاضۃ فامرہا بالکرسف والتلجم وخیرہا بین امرین۔ الخ میں کہتا ہوں اصل اس باب میں یہ ہے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ دیکھا کہ استحاضہ صحت کے خلاف ایک امر ہے اور اُس میں نماز کا ترک کرنا ایک مدت دراز تک مطلق العنانی کا باعث ہو سکتا ہے تو آپ نے چاہا کہ جو ان لوگوں میں مشہور ہے اُسی پر اسکو محمول کرنا چاہیئے تو آپ کو دو باتیں معلوم ہوئیں ایک تو یہ بات اُن سے معلوم ہوئی کہ یہ کوئی رگ ہے یعنی کوئی بیماری ہے جس کا سبب دشواری سے معلوم ہو سکتا ہے اور اُس کا حال نکسیر کا سا ہے تو جس طرح حالت صحت میں اُسکو ہر ماہ کے اندر حیض اور طہر ہوا کرتا ہے اُسی پر آپ نے اُسکو بھی قائم رکھا مگر اس وقت میں حیض کے استحاضہ سے تمیز ضروری ہے تو اُن میں یا تو رنگ سے تمیز ہو سکتی ہے جس کا رنگ گہرا ہو مثلاً سیاہ وہ حیض ہے اور یا اُن ایام سے کہ جو عورت کا معمول تھے تمیز ہو سکتی ہے اور دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ حیض فاسد ہے پس اُس کا حیض ہونا اس بات کا مقتضی ہوا کہ اُس کو ہر نماز کے لئے غسل کا حکم دیا جائے اور اگر ہر نماز کے لئے غسل کرنے میں دشواری ہو تو دو نمازوں کے لئے ایک غسل تو ضرور کرے اور چونکہ وہ فاسد حیض ہے اسواسطے نماز کی اُس سے ممانعت نہ کی گئی اور گدی کے رکھنے اور اُسپر لنگوٹی باندھ لینے میں یہ حکمت ہے کہ وہ خون ایسا ہی تصور کیا جائے کہ جیسے اپنی جگہ ٹھیرا ہوا ہے اور باہر نہیں آتا ہے اور تاکہ اُس کے کپڑے اور بدن اُس سے آلودہ نہ ہو جمہور فقہا نے پہلی بات پر فتوے دیا ہے جس صورت میں کچھ دشواری نہ ہو۔

اِس بات کا بیان کہ بے وضو کو اور جنب کو کن چیزوں کا کرنا جائز ہے اور کس سے چیز اُسکو ممانعت ہے

چونکہ شعائر الٰہی کی تعظیم ضروری ہے اور منجملہ شعائر کے نماز اور کعبہ اور قرآن بھی ہیں اور بڑی تعظیم ایک یہ ہے کہ بدون طہارت کاملہ اور بدون ایک نئے کام کے جس سے نفس کو تنبیہ ہو جائے آدمی اُن چیزوں کے پاس نہ جائے اس لئے یہ امر ضروری ہو گیا کہ جنتک آدمی پورے طور سے پاک نہ ہو؛ ان چیزوں سے علیحدہ رہے مگر قرآن کی تلاوت کے لئے وضو شرط نہیں کیا گیا اس واسطے کہ اگر ہر وقت قرآن کے پڑھنے کے ساتھ وضو کا ہونا شرط کر دیا جاتا تو قرآن کے یاد کرنے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے سیکھنے میں بڑی مشکل پڑتی اور اُس دروازہ کا کھول دینا اور اُسمیں رغبت دلانا اور جو شخص قرآن کا یاد کرنا چاہے اُس کے لئے آسانی کا کرنا بہت ضروری تھا مگر جنابت[1] کے اندر زیادہ تاکید ضروری ہوئی اور جنابت کی حالت میں قرآن کا پڑھنا بھی ناجائز قرار دیا گیا اور جنب[2] اور حائض کو مسجد کے اندر جانا بھی جائز نہ ہوا کیونکہ مسجد نماز اور ذکر الٰہی کرنے کی جگہ ہے اور شعائر اسلام سے ہے اور وہ کعبہ کا ایک نمونہ ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کے بیٹھنے میں طہارت شرط نہیں کی گئی کیونکہ ہر شے کی تعظیم اس کے مناسب ہوتی ہے۔ اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم ایک بشر تھے اور لوازم بشریت مانند حدث اور جنابت وغیرہ کے اوروں کی طرح آپ پر بھی طاری ہوتے تھے اس لئے آپ کے پاس بیٹھنے میں طہارت کا شرط کرنا قلب[3] موضوع میں داخل تھا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے فرمایا ہے جس مکان میں تصویر ہوتی ہے اُسمیں فرشتے نہیں آتے اور نہ جس میں کتا ہو اور نہ جس میں جنب ہو لا یدخل الملائکۃ بیتا فیہ صورۃ ولا کلب ولا جنب۔ میں کہتا ہوں اس سے مراد یہ ہے کہ ملائکہ کو ان چیزوں سے نفرت ہے۔ اور فرشتوں کے اندر جو صفات پائی جاتی ہیں یعنی تقدس اور بت پرستوں سے نفرت یہ باتیں اُنکی صفات کی ضد ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس شخص کے بارے میں کہ جس کو رات میں نہانے کی ضرورت ہو جائز فرمایا ہے کہ وضو کرلو اور اپنے آلہ کو دھو پھر سو جاؤ میں کہتا ہوں چونکہ جنابت کی حالت فرشتوں کے شان کے منافی ہے تو مسلمان کو مناسب ہے کہ ناپاکی کے ساتھ اپنی ضروریات میں شامل سونے اور کھانے کے مشغول نہ ہووے اور اگر غسل نہ کرسکے تو وضو ہی کرلے کیونکہ وہ بھی غسل کی طرح ایک قسم کی طہارت ہے فرق یہی ہے کہ شارع نے اُن دونوں کا محل جدا جدا کر دیا ہے۔

تیمم کا بیان

چونکہ خدا تعالےٰ کی عادت جاری ہے کہ بندوں پر جو چیز دشوار ہوتی ہے وہ اُنپر سہل فرما دیتا ہے اور تیسیر کی سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ جس چیز کے کرنے میں دقت ہے اس کو ساقط کر کے اُس کا بدل مقرر کر دیا جاوے تاکہ اُن کے نہ کرنے سے رہیں اور جس چیز کا وہ غایت درجہ التزام کر رہے تھے دفعتاً اُس کے ترک کر دینے سے اُنکے دل متردد اور پریشان نہ ہو اور ترک طہارت کے عادی نہ ہو جائیں اس واسطے خدا تعالےٰ نے مرض اور سفر کی حالت میں وضو اور غسل کو ساقط فرما کر اُس کی جگہ تیمم کو مقرر فرمایا اور جب ایسا ہوا تو لا علےٰ میں تیمم کے وضو اور غسل کی جگہ قائم مقام کر دینے کا حکم سُنا دیا گیا اور منجملہ طہارات کے تیمم بھی بوجہ مشابہت کے ایک قسم کی طہارت ٹھیر گیا یہ حکم بھی منجملہ اُن بڑے بڑے امور کے ہے جن کی وجہ سے ملت مصطفویہ تمام ملل سابقہ میں ممتاز ہے جسکی نسبت حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب ہم کو پانی نہ ملے تو اسکے عوض (یعنی زمین کی خاک) ہمارے لئے باعث طہارت بنا دی ہے۔ جعلت تربتہا لنا طہورا اذا لم نجد الماء۔ میں کہتا ہوں اس کے واسطے زمین اس لئے خاص کی گئی کہ زمین کہیں ناپیدا نہیں ہوتی تو ایسی ہی چیز اس قابل ہے جس سے لوگوں کی دقت دفع ہو سکتی ہے اور ایک بات یہ بھی ہے کہ بعض چیزیں بجائے پانی کے مٹی سے ہی پاک ہو جاتی ہیں جیسے تلوار یا موزہ وغیرہ اور نیز اُس کے استعمال کرنے میں خاکساری اور ذلت پائی جاتی ہے جیسے منہ پر خاک ڈال لی اور ذلت کی شان طلب عفو کے مناسب ہے اور غسل اور وضو کے تیمم میں کچھ فرق نہ کیا گیا اور غسل کے تیمم میں تمام بدن پر خاک ملنا نہیں مقرر کیا گیا کیونکہ جس چیز کا مقصود بظاہر عقل میں نہ آوے اُسکو بالخاصیت موثر سمجھنا مناسب ہوتا ہے نہ بالمقدار اور اُن کا اطمینان خاطر اسی تیمم سے ایسے موقع پر ہو سکتا ہے اور دوسرے تمام بدن کا خاک میں بھر لینا بھی دقت سے خالی نہیں ہے اُس کے مقرر کرنے سے پورا حرج رفع نہ ہو سکتا تھا۔ اس قدر سردی بھی کہ جسمیں وضو کرنے سے مضرت کا یقین ہو مرض کے حکم میں ہے عمرو بن عاص نے جو حدیث روایت کی ہے وہ اس پر دلیل ہے اور سفر میں اصل میں تیمم کی قید نہیں بلکہ وہ پانی کے نہ ملنے کی ایک صورت ہے کہ سفر سے پانی کا نہ ملنا بظاہر سمجھ میں آسکتا ہے۔ تیمم کے اندر پیروں پر ہاتھ پھیرنے کا حکم نہیں دیا گیا اس واسطے کہ پیر تو خود ہی گرد و غبار میں بھر

مکتبہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جانتے ہیں اور حکم ایسی چیز کا دیا جاتا ہے جو پہلے سے نہ پائی جاتی ہو تاکہ نفس کو اس کے کرنے سے تنبیہ پائی جاوے۔

اب تیمم کرنے کی ترکیب منجملہ ان چیزوں کے ہے کہ جن میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے معلوم کرنے کا طریقہ مختلف واقع ہوا ہے۔ طریقہ محدثین کے مکمل ہونے سے قبل فقہا تابعین وغیرہم کا قول یہ ہے کہ تیمم دو مرتبہ زمین پر ہاتھ مارنیکا نام ہے ایک مرتبہ منہ کے لئے اور ایک مرتبہ ہاتھوں کے لئے کہنیوں تک اب باقی رہیں احادیث جو اس باب میں آئی ہیں سو ان سب میں صحیح حدیث وہ ہے جو عمار نے روایت کی ہے کہ تجکو اسی قدر کافی ہے کہ اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے پھر ان میں پھونک مار کر دونوں ہاتھ منہ پر اور ہاتھوں پر پھیرے انما کان یکفیک ان تضرب بیدیک الارض ثم تنفخ فیہما ثم تمسح بہما وجہک وکفیک۔ اور حدیث ابن عمر سے مروی ہے کہ تیمم دو ضربے ہیں ایک ضربہ منہ کے لئے اور ایک ضربہ ہاتھوں کے لئے کہنیوں تک التیمم ضربتان ضربۃ للیدین الی المرفقین اور دونوں طرح پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا عمل مروی ہے اور دونوں حدیثوں میں تطبیق کیوجہ ظاہر ہے انما یکفیک کا لفظ اسکی طرف اشارہ کر رہا ہے یعنی ادنے درجہ تیمم کا ایک ضربہ ہے اور دو ضربی سنت کا مرتبہ ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے فعل کی یہ بھی تاویل ہو سکتی ہے کہ آپ نے حضرت عمار کو یہ بات تعلیم فرمائی ہو کہ تیمم کے اندر زمین پر ہاتھ مارنے سے جو ہاتھوں کو لگ جاوے اس کا بدن پر ملنا مقرر کیا گیا ہے یہ مقصود نہیں ہے کہ خاک میں بدن کو بھر لیا جاوے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا مقصود اس سے مقدار اعضاء یا عدد ضربی کا بیان کرنا نہ ہو اور اسی طرح آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے عمار سے فرمایا ہے وہ بھی اسی معنی پر محمول ہو سکتا ہے اور یہ بنسبت تمرغ یعنی بدن کے خاک میں بھر لینے کے آپ کو حصر کرنا مقصود ہو اور ایسے مسئلہ میں انسان کو اس قول پر عمل کرنا چاہئے جسکی وجہ سے یقیناً وہ بری الذمہ ہو جائے۔

حضرت عمر اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے نزدیک جنابت سے تیمم درست نہیں ہوتا اور وہ آیہ اولامستم النساء کو مس پر محمول کرتے ہیں اور انکے نزدیک عورت کو ہاتھ لگانے سے وضو جاتا رہتا ہے مگر عمران اور عمار کی حدیث اس کے خلاف پر دلالت کرتی ہے۔

اور میں نے کسی حدیث صحیح میں اس بات کی تصریح نہیں دیکھی کہ ہر وقت کی نماز فرض کے لئے جدا تیمم کرنے کی ضرورت ہے اور نہ یہ کہ غلام آبق کو تیمم درست نہیں ہے اور اسی قسم کی باتیں اور یہ فقط تخریجات کے قبیلہ سے ہیں۔

اگر کوئی شخص زخمی ہو تو اس کے واسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے کہ اس کو اسی قدر کافی ہے کہ تیمم کرے اور اپنے زخم پر پٹی باندھ لے اور اسپر ہاتھ پھیر لے اور باقی بدن کو دھو ڈالے انما کان یکفیہ ان یتیمم ویعصب علی جرحہ خرقۃ ثم یمسح علیہا ویغسل سائر جسدہ میں کہتا ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ تیمم جس طرح تمام بدن کا بدل ہے اسی طرح ایک عضو کا بدل ہے اسواسطے کہ اس کا حال ایسا ہے جیسے کوئی موثر بالخاصیت شے کا حال ہوتا ہے اور اس میں مسح کرنے کا حکم ہے اور اس کی وجہ موزوں کے مسح میں ہم بیان کر چکے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ستھری مٹی مسلمان کے لئے وضو کا پانی ہے اگر دس برس تک اس کو پانی نہ ملے ان الصعید الطیب وضوء المسلم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ولولم یجد الماء عشر سنین میں کہتا ہوں حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو اس فرمانے سے تردد اور وہم کے دروازہ کا بند کرنا ہے ایسی باتوں میں بہت سے وہمی لوگ فکر اور تردد کیا کرتے ہیں اور خدا تعالیٰ کی حکمت کو نہیں مانتے۔

پائخانہ میں جانے کے آداب کا بیان

یہ آداب کئی باتوں میں منحصر ہیں ایک تو قبلہ کی تعظیم جس کی نسبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جب تم جائے ضرور کے لئے آؤ تو قبلہ کو منہ تم کرو اور نہ اس کو پشت؛ اذا اتیتم الغائط فلا تستقبلوا القبلۃ ولا تستدبروھا اور اس میں ایک حکمت اور بھی ہے وہ یہ ہے کہ دل کے اندر خدا تعالیٰ کی عظمت کا ہونا چونکہ ایک باطنی امر ہے اس واسطے ظاہر میں بھی کوئی قرینہ جو تعظیم قلبی کا قائم مقام ہو پایا جانا ضروری ہے شرائع متقدمہ میں تو عبادتخانوں کے اندر جو خدا کی عبادت کے لئے بنائے جاتے تھے اور وہ شعائر الٰہی اور شعائر دین میں سے ہوتے تھے جانا اس کا ظاہری قرینہ اور پہچان تھی ہماری شریعت نے قبلہ کی طرف کھڑے ہوتے اور تکیہ کو اس کا قرینہ اور علامت مقرر فرمایا پس جبکہ قبلہ کی طرف منہ کرنا تعظیم قلبی اور یاد الٰہی میں جمع خاطر ہونے کا قائم مقام ٹھیرا اور قائم مقام ہونے کی وجہ یہ ہوئی کہ ہیئت خدا تعالیٰ کی یاد دلاتی ہے اس واسطے حضور نبوی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس حکم سے اس بات کا استنباط فرمایا کہ یہ ہیئت تعظیم الٰہی کے لئے مخصوص ہے اور جو ہیئت نماز کی ہیئت کے بالکل منافی اور اس کی ضد ہے (یعنی پائخانہ کی ہیئت) اس میں قبلہ کو منہ نہ کیا جائے مگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو بعض دفعہ لوگوں نے قبلہ کو رخ مبارک یا پشت مبارک کئے دیکھا ہے اور دونوں میں تطبیق بایں طور کی گئی ہے کہ میدان میں تو پائخانہ کرنے کی حالت میں قبلہ کو رو یا پشت کرنا منع ہے اور مکانوں میں منع نہیں ہے اور بعضوں نے یہ تطبیق کی ہے کہ یہاں نہی کراہیت کے لئے ہے اور یہی تطبیق بظاہر مناسب معلوم ہوتی ہے۔

منجملہ آداب کے ایک پورے طور پر صفائی کا کرنا اس واسطے تین پتھروں سے کم یعنی تین دفعہ سے کم استنجا کرنے سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کیونکہ بطن غالب جبتک تین دفعہ نجاست صاف نہ کی جائے نجاست دور نہیں ہوتی اور پتھر سے استنجا کرنے کے ساتھ پانی سے بھی استنجا مستحب ہے اور ایک ایسی جگہ جائے ضرور کو جانے سے احتراز کرنا چاہئے کہ جس میں لوگوں کو تکلیف نہ ہو جیسے سایہ کی جگہ ہے اور وہاں لوگ آرام پاتے ہیں یا لوگوں کا اس طرف کو راستہ ہے یا ان کی باتیں کرنے کی جگہ ہے یا رکا ہوا پانی ہے ایسی جگہ پائخانہ کو بیٹھنا خلاف ادب ہے اور ہڈی سے استنجا کرنا بھی اسمیں داخل ہے کیونکہ وہ جنات کی غذا ہے اور ایسے ہی جتنی لوگوں کے انتفاع کی چیزیں ہیں ان کا یہی حکم ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ فرما کر کہ لعنت کرنیوالوں سے ڈرو اتقوا اللاعنین اس بات کو سمجھا دیا کہ اس کے اندر حکمت لوگوں کی لعنت ملامت اور ان کی ایذا پہنچنے سے بچنا ہے یا اسمیں لوگوں کو تکلیف نہیں پہنچتی مگر خود اپنی ذات کو ضرر پہنچنے کا احتمال ہے جیسے سوراخوں میں پیشاب کرنا کیونکہ اکثر وہ سانپ وغیرہ کا سوراخ ہوتا ہے اور وہ اس میں سے نکلکر کاٹ کھاتا ہے اور منجملہ آداب کے ایک محاسن عادات کو عمل میں لانا ہے کہ اپنے داہنے ہاتھ سے استنجا نہ کرے اور پیشاب کے مقام کو داہنے ہاتھ سے نہ پکڑے اور گوبر سے استنجا نہ کرے اور استنجا کرنے میں عدد طاق کو اختیار کرے

ہر کتب خلافِ قرآن سے مزید مسنون ومفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ازانجملہ ایک پردہ کا اہتمام ہے کہ لوگوں سے دور ہو کر استنجا کو جاوے تاکہ کسی ہم کی آواز کو لوگ نہ سنیں اور بدبو کا اثر ان تک نہ پہنچے اور اُس کا ستر نہ دیکھیں اور جب تک زمین کی قریب نہ ہو جاوے بدن نہ کھولے اور جہاں درخت وغیرہ اکٹھے کھڑے ہوں جنمیں اُس کا نیچے کا بدن لوگ نہ دیکھ سکیں وہاں پائخانہ کے لئے بیٹھے اگر کچھ چیز پردہ کی نہ ہو تو ریت کی ایک ڈھیری لگالے اور اُسکی طرف پشت کر کے بیٹھ جاوے کیونکہ شیطان انسانوں کے استنجا کرنے کی جگہ شیطنت کرتا رہتا ہے۔ اس واسطے کہ شیطان کی جبلت میں افکار فاسدہ اور افعال ناشایستہ داخل ہیں ازانجملہ کپڑے اور بدن کا نجاست سے بچانا ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب تم میں سے کوئی شخص پیشاب کرنا چاہے تو پیشاب کے لئے جگہ تلاش کرے اذا اراد احدکم ان یبول فلیرتد لبولہ ازانجملہ وسواس کا دور کرنا ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے پس کوئی شخص تم میں سے اپنے نہانے کی جگہ پیشاب نہ کرے کیونکہ اکثر وسوسے اسی سے ہوتے ہیں فلا یبولن احدکم فی مستحمہ فان عامۃ الوسواس منہ۔ اور حضرت عمرؓ سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کھڑے ہو کر پیشاب کرنا اس واسطے مکروہ ہے کہ اول تو اُس سے چھینٹیں بدن اور کپڑوں پر پڑتی ہیں دوسرے بے تہذیبی ہے اور عادات حسنہ سے بالکل خلاف ہے اور ستر کے کھلنے کا بھی اسمیں احتمال قوی ہے اور فرمایا ہے پائخانے شیاطین وغیرہ کے موجود رہنے کی جگہ ہیں اس لئے جب کوئی پائخانہ میں آیا کرے وہ یہ کہا کرے اعوذ باللہ من الخبث والخبایث ان الخشوس محتضرۃ فاذا اتی احدکم الخلاء فلیقل اعوذ باللہ من الخبث والخبایث۔ اور جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پائخانہ سے باہر آیا کرتے تو یہ کہتے تھے غفرانک میں کہتا ہوں پائخانہ کو جاتے وقت اعوذ باللہ من الخبث والخبایث پڑھنا مستحب ہے کیونکہ اس جگہ شیاطین مجتمع رہتے ہیں اس لئے کہ نجاست اُن کو بھاتی ہے اور پائخانہ سے نکلتے وقت غفرانک کہنا مستحب ہے کیونکہ پائخانہ میں ذکر الٰہی ترک ہو جاتا ہے اور شیاطین سے مخالطت کا وقت ہوتا ہے اُس سے مغفرت مانگنی مناسب ہے اور ایک مرتبہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دو قبروں میں عذاب ہونے کی وجہ یہ بیان فرمائی۔ کہ ان دونوں میں ایک تو پیشاب کرتے ہی کھڑا ہو جاتا اور ستر نہ کرتا تھا اما احدہما فکان لا یستتر من البول الحدیث میں کہتا ہوں استبرا واجب ہے اور اُس کی صورت یہ ہے کہ پیشاب کر کے کچھ دیر رکا رہے اور زور کر کر کے ذرا ذرا پیشاب نکالدے یہاں تک کہ اُس کو بات کا یقین ہو جائے کہ اب کوئی قطرہ پیشاب کا اُس کے بدن میں باقی نہیں رہا اور اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ نجاست سے احتیاط نہ کرنا اور ناپاکی میں رہنا اور ایسے کام کرنا جس سے لوگوں میں بگاڑ پڑے عذاب قبر کے باعث ہوتے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا ایک شاخ کو بیچ میں سے چیر کر ہر ایک قبر میں اُسکو گاڑ دینا یہ اُن مردوں کے حق میں شفاعت مفیدہ تھا کیونکہ اُنکے لئے کافر ہونیکی وجہ سے شفاعت مطلقہ ناممکن تھی۔

خصال فطرت اور اُن کے اور باتوں کا بیان

حضور نبوی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دس باتیں فطرت میں داخل ہیں مونچھوں کا ترشوانا اور داڑھی کا بڑھانا اور مسواک کرنا اور ناک میں پانی چڑھانا اور ناخن ترشوانا اور جہاں جہاں میل اکٹھا ہو جاتا ہے اُن مواضع کا دھونا

مکتبہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور بغل کے بال اکھاڑنے اور موئے زیر ناف کا مونڈنا اور انتقاص الماء یعنی پانی سے استنجا کرنا راوی کہتا ہے دسویں بات مجھ سے بھول گئی مگر شاید وہ مضمضہ ہو عشر من الفطرۃ قص الشوارب واعفاء اللحیۃ والسواک والاستنشاق بالماء و قص الاظفار وغسل البراجم ونتف الابط وحلق العانۃ وانتقاص الماء یعنی الاستنجاء قال الراوی ونسیت العاشرۃ الا ان تکون المضمضۃ۔ میں کہتا ہوں یہ طہارتیں حضرت ابراہیم علیہ السلام سے منقول ہیں اور تمام ائمہ حنیفہ میں برابر جاری ہیں اور اُن کے دلوں کو بھا گئی ہیں اور یہ باتیں اُن کی صمیم اعتقاد میں داخل ہو گئی ہیں انہیں پر انکی زندگی ہے اور انہیں پر انکی موت ہے قرنا بعد قرن لہذا انکا نام فطرت کھا گیا ہے اور ملت حنیفہ کے یہ شعائر ہیں اور ہر امت کے لئے شعائر ہونے بھی ضروری ہیں تاکہ اُن سے اُس امت کی شناخت ہو سکے اور لوگوں سے اُن باتوں پر مواخذہ کر سکیں تاکہ انکی نافرمانی اور فرمانبرداری بظاہر معلوم ہو جائے اور شعائر بھی اس قسم کی چیزیں ہونی چاہئیں کہ جو کثرت سے پائی جائیں اور بار بار وقوع میں آتی ہیں اور ظاہر میں معلوم ہو سکیں اور اُس میں بہت سے فوائد ہیں کہ لوگوں کے ذہن اُن فوائد کو پورے پورے طور پر نہیں پہنچتے ہیں یہاں پر اجمالاً اُن فوائد کا بیان کیا جاتا ہے وہ یہ ہیں کہ آدمی کے بدن سے جو بعض مواضع میں بال نکلتے ہیں تو اُن کا قلب پر وہی اثر پڑتا ہے جو احداث سے پیدا ہوتا ہے یعنی انقباض قلب اور بلادت وغیرہ اور اسیطرح سر اور داڑھی کے بالوں کا پراگندہ اور خراب خستہ ہونا اس باب میں انسان کو اطباء کے کلام پر نظر کرنی چاہئے کہ انہوں نے پتے اور خارش اور اسی قسم کے امراض جلدیہ کے متعلق بیان کیا ہے کہ ایسی بیماریوں سے قلب کے اندر ملال اور حزن رہتا ہے اور اُس کا نشاط جاتا رہتا ہے اور داڑھی ایسی چیز ہے کہ اس سے بڑے چھوٹے کی تمیز ہو سکتی ہے اور مردوں کے لئے ایک قسم کا جمال اور اُن کی شکل کی پورا کرنے والی ہے اسواسطے اُس کا بڑھانا ضروری امر ہے اور اُس کا ترشوانا مجوس کا طریقہ ہے اور اسمیں خلق الٰہی کی تغیر بھی پائی جاتی ہے اور اُس کی وجہ سے بڑے بڑے سردار اور خاندانی لوگ رذیل لوگوں میں شامل ہو جاتے ہیں اور جس کی مونچھیں بڑی بڑی ہوتی ہیں جب وہ کچھ کھاتا ہے یا پیتا ہے اُس میں بھر جاتی ہیں اور میل کچیل میں آلودہ رہتی ہیں اور یہ مجوس کا طریقہ ہے جس کی نسبت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مشرکوں کی مخالفت کرتے رہو مونچھیں تو ترشواؤ اور ڈاڑھیاں بڑھاؤ خالفوا المشرکین نصوا الشوارب واعفوا اللحی۔ اور مضمضہ کرنے اور ناک میں پانی پہنچانے اور مسواک کرنے سے بدبو اور میل وغیرہ دور ہو جاتی اور ختنہ کی کھال ایک زائد عضو ہوتا ہے اُس میں میل اکٹھا ہو جاتا ہے اور پیشاب کے قطرے اسمیں رک جاتے ہیں علاوہ بریں جماع میں خوب لذت نہیں آتی اور توریت میں لکھا ہے کہ ختنہ خدا تعالےٰ کے ابراہیم اور انکی اولاد پر نشانی ہے اسکے یہ معنی ہیں کہ بادشاہوں کا قاعدہ ہے کہ جن غلاموں کا آزاد کرنا ان کو منظور نہیں ہوتا یا جو اُن کی خاص خاص گھوڑے وغیرہ ہوتے ہیں اُن کے اوپر کچھ علامت کر دیتے ہیں تاکہ اوروں سے وہ تمیز ہو جائیں اسی طرح سے ختنہ خدا تعالےٰ کی طرف سے بندوں پر علامت ہے اور سب شعائر ایسے ہیں کہ ان میں تغیر اور شبہ ہونا بہت مشکل ہے انتقاص الماء سے پانی سے استنجا کرنا مراد ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے رسولوں کے طریقے میں سے چار باتیں ہیں حیا اور ایک روایت میں ختنہ کرانا آیا ہے اور خوشبو لگانا اور مسواک کرنا اور نکاح کرنا اربع من سنن المرسلین

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحیاء ویروی الختان والقطر والسواک والنکاح ۔ میرے نزدیک یہ سب باتیں طہارت کے قبیلہ سے ہیں حیا تو بعیزنی اور بیہودگی اور فواحش کے ترک کرنے کا نام ہے اور ان باتوں سے نفس میں پلیدی اور تکدر پیدا ہو جاتا ہے اور خوشبو لگانے سے نفس کے اندر سرور اور فرحت پیدا ہوتی ہے اور طہارت پر اس سے بہت بڑی تنبیہ ہوتی ہے اور نکاح سے عورتوں کی طرف سے نفس کو طہارت حاصل ہو جاتی ہے اور عورتوں کے وسوسے جو نفس کو اس شہوت کے پورا کرنے کی طرف برانگیختہ کرتے ہیں دبے جاتے رہتے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر میں اپنی امت پر دشوار نہ جانتا تو انکو ہر نماز کے لئے مسواک کرنے کا حکم دیتا لولا ان اشق علی امتی لامرتھم بالسواک عند کل صلوٰۃ ۔ میں کہتا ہوں اس سے یہ مراد ہے کہ اگر حرج کا ڈر نہ ہوتا تو مسواک کو وضو کی طرح نماز کے لئے شرط کر دیتا اور اسی طور کی بہت سی احادیث اس باب میں وارد ہوئی ہیں جنسے صاف معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اجتہاد کو حدود شرعیہ میں دخل ہے اور حدود شرعیہ کا مقدار مقاصد پر ہے اور امت سے حرج کا رفع کرنا منجملہ ان اصول کے ہے جن پر شرائع کی بنا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے مسواک کرنے کی کیفیت راوی بیان کرتا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے مسواک کرتے وقت اُع اُع کی آواز آیا کرتی تھی جیسے قے کرنے میں آواز آیا کرتی ہے میں کہتا ہوں آدمی کو چاہئے کہ خوب اچھی طرح منہ کے اندر مسواک کرے اور حلق اور سینہ کا بلغم خوب نکالے اور خوب طرح مسواک کرنے سے قلاع جاتا رہتا ہے اور آواز صاف ہو جاتی ہے اور منہ خوشبودار ہو جاتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر مسلمان پر لازم ہے کہ ہر ہفتہ میں ایک روز نہالیا کرے اور اسمیں اپنا بدن اور سر دھو ڈالا کرے حق علی کل مسلم ان یغتسل فی کل سبعۃ ایام یوما فیغسل فیہ جسدہ ورأسہ ۔ میں کہتا ہوں ہر ہفتہ میں ایک مرتبہ غسل کرنا خود ایک مستقل سنت ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے میل کچیل سے پاک رہنے کے لئے مقرر فرمایا ہے اور تا کہ نفس کو صفت طہارت پر تنبیہ ہوتی رہی اور جمعہ کی نماز کے ساتھ ساتھ اس کو اس واسطے مقرر کر دیا گیا ہو تا کہ ہر ایک دوسرے سے مکمل ہو جائے علاوہ بریں جمعہ کے نماز کی اسمیں عظمت پائی جاتی ہے حضور صلے اللہ علیہ وسلم چار چیزوں سے غسل فرمایا کرتے تھے ایک کو جنابت سے اور ایک جمعہ کے روز اور ایک پچھنے لگوانے کے بعد اور مردے کے نہلانے کے بعد ۔ میں کہتا ہوں کہ پچھنے لگوانے میں تو یہ وجہ ہے کہ اسمیں خون اکثر بدن کو لگ جایا کرتا ہے اور خون کے ایک ایک لقطہ کا جدا جدا دھونا دشوار ہوتا ہے دوسرے یہ کہ سنگیوں سے خون کا چوسنا خون کو ہر طرف سے کھینچ لاتا ہے اور اس خاص عضو سے خون کے کم ہونے کا نفع نہیں ہوتا اور غسل کر لینے سے خون کو ایک قسم کا انجماد ہو جاتا ہے اور اطراف سے اس کا انجذاب موقوف ہو جاتا ہے اور غسل میت سے نہانے کی وجہ یہ ہے کہ اس میں نہلانے والے کے بدن پر چھینٹیں بہت سی پڑ جایا کرتی ہیں ۔ اور میں ایک شخص کے پاس جان کندنی کے وقت بیٹھا تو جو ملائکہ ارواح کے قبض کرنے کے لئے متعین ہیں حاضرین کی روح پر بھی ایک عجیب قسم کی تکلیف ان سے پہنچتے ہوئے معلوم ہوئی اس سے میں سمجھ گیا کہ حالت کا بدل دینا جس سے نفس کو ایک دوسری حالت پر جو پہلی کے مخالف ہے تنبیہ ہو جائے بہت ضروری ہے اور غسل سے یہ تنبیہ ہو سکتی ہے ۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک شخص سلام دیا تو اُس کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے پانی اور بیر کے پتوں سے نہانے کا حکم دیا اور دوسرے کسی شخص سے فرمایا کفر کی علامت اپنے آپ سے دور کر دے میں کہتا ہوں اسمیں بھید یہ ہے کہ اسکو ظاہر میں ایک چیز سے باہر آجانا متمثل ہو جاوے۔ واللہ اعلم۔

پانیوں کے احکام کا بیان

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے کوئی شخص ایسا نہ کرے کہ ٹھہرے ہوئے پانی میں جو بہتا نہیں ہے پیشاب کرے اور پھر اسمیں غسل کرے لا یبولن احدکم فی الماء الدائم الذی لا یجری ثم یغتسل فیہ۔ میں کہتا ہوں اس میں دونوں باتوں سے منع ہے یعنی پانی میں پیشاب کرنے سے بھی اور پھر اسمیں غسل کرنے سے بھی جیسے حدیث شریف میں آیا ہے دو شخص پائخانہ کے لئے اپنا ستر کھولکر باتیں کرتے ہوئے نہ بیٹھیں کیونکہ خدا تعالےٰ اس سے ناخوش ہوتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے جو فقط پانی میں پیشاب کرنے اور فقط اُس پانی میں غسل کرنے سے نہی مروی ہے اُس سے یہ صاف ثابت ہوتا ہے اور اُس میں حکمت یہ ہے کہ اُن میں سے ہر ایک دو باتوں میں سے ایک بات سے خالی نہیں ہے یا تو اُسمیں اُسیوقت پانی کا تغیر لازم آتا ہے اور یا وہ پانی کے متغیر ہونے کا سبب ہوتا ہے کہ جب اُس کو لوگ پیشاب کرتا ہوا یا نہاتا ہوا دیکھینگے تو وہ بھی ایسا ہی کرینگے اور وہ بھی منجملہ اُنہیں صورتوں کے ہے جن کی نسبت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لعنت کرنے والے سے ڈر دگر جبکہ وہ پانی جاری کیا ہوا یا خود جاری ہو تو اُس کا حکم جدا ہے مگر بہتر وہاں بھی یہی ہے کہ ان باتوں سے پرہیز کرے۔

اور آب مستعمل کہ جس کو کوئی قوم طہارت میں استعمال کیا کرتی تھی اور وہ مہجور اور متروک سا ہو گیا تھا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس کو اُسی حال پر رکھا کہ جیسا اُن کے نزدیک تھا اور اُس کی طہارت میں شک نہیں ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب پانی قلتین تک پہنچ جاتا ہے تو اپنے اوپر ناپاکی کو نہیں آنے دیتا ہے اذا بلغ الماء قلتین لم یحمل خبثا۔ میں کہتا ہوں کہ اُس سے معنوی ناپاکی مراد ہے کہ جس کو شرع ناپاک کہتی ہے عرف اور عادت کے اعتبار سے ناپاکی مراد نہیں ہے اور جب کہ نجاست کیوجہ سے پانی کے کسی بات میں فرق آجائے اور کمیت اور کیفیت کے اعتبار سے نجاست کا اُس پر غلبہ ہو جائے تو وہ اس سے خارج ہے اور قلتین کو کثیر اور قلیل پانی کے اندر حد فاصل ایک ضروری امر کیوجہ سے کیا ہے کہ اُس کے بغیر چارہ ہی نہیں ہے اور حکماً ناانکل سے یہ حد مقرر نہیں کی گئی ہے اور تمام تقادیر شرعیہ کا حال ایسا ہی کسی کے اندر تخمینے اور اٹکل کو دخل نہیں دیا گیا اور وہ ضروری امر یہ ہے کہ پانی کے رہنے کی دو جگہ ہیں ایک تو معدن اور ایک برتن معدن تو کنوئیں اور چشمے ہیں اور جھیل بھی اُنہیں میں شامل ہے اور برتن مشک اور قلہ اور طشت اور مخضب اور ارادہ اور معدن تو ایسی چیز ہے کہ اُس کے ناپاک ہونے سے بڑا ضرر ہو جاتا ہے اور اُس کے پاک کھینچنے میں بڑی دقت اُٹھانی پڑتی ہے اور برتن تو روزمرہ بھری جایا کرتے ہیں اور اُن کا پانی اوندھیلنے میں کچھ دقت نہیں ہو سکتی علاوہ بریں معاون کے لئے ٹھکن نہیں ہوتا اور اُس پانی کو جانور بھی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گوبر اور درندوں کے منہ ڈالنے سے نہیں محفوظ رہ سکتے اور برتنوں کے محفوظ رکھنے اور ڈھکے رہنے میں کچھ زیادہ دقت نہیں ہے بجز اُن جانوروں کے جو گھروں میں پھرتے رہتے ہیں اور نیز معاون میں پانی کثرت سے ہوتا ہے بہت سی نجاست کا بھی اُسمیں پتہ نہیں لگتا اور اُس کا کچھ اثر نہیں ہوتا بخلاف برتنوں کے اسواسطے یہ بات ضروری ہوئی کہ معدن کا حکم اور ہو اور ظروف کا اور حکم ہو اور معاون میں ان چیزوں کی معافی دیجائے کہ ظروف میں جن سے معافی نہیں ہے اور معدن اور ظروف میں سوائے قلتین کے کوئی حد فاصل نہیں ہوسکتی اسواسطے کہ کنواں اور خشک قلتیں سے تو کسی طرح کم ہو ہی نہیں سکتا اور جو پانی قلتین سے کم ہو اُس کو نہ حوض کہتے ہیں نہ تالاب کہتے ہیں بلکہ اُس کو گڑھا کہتے ہیں اور اگر دو قلہ پانی ہموار زمین میں ہو تو غالباً پانچ بالشت چوڑی اور سات بالشت لانبی جگہ میں آتا ہے اور وہ حوض کا ادنیٰ درجہ ہے اور عرب میں سب سے بڑا برتن پانی رکھنے کا قلہ ہوتا ہے اور انہیں اس سے بڑا کوئی برتن نہیں معلوم ہوتا اور قلے بھی سب برابر نہیں ہوتے بعض ڈیڑھ قلہ کے برابر ہوتے ہیں بعض سوا کے بعض ایک اور تہائی کے لیکن ایک قلہ دو کے برابر نہیں ہوتا پس قلتیں یعنی دو قلہ کی مقدار ایسی ہے کہ کوئی برتن اس مقدار کو نہیں پہنچتا اور کوئی معدن اُس سے کم نہیں ہوتا ہے اس واسطے آب قلیل اور آب کثیر کے اندر قلتین کی مقدار حد فاصل قرار پائی اور جو قلتین کا قائل نہیں جیسے مالکیہ اُس نے بھی آب کثیر کا اندازہ قلتین کے قریب بمقدار سے کیا ہے یا جنگل کے کنوؤں میں اونٹ کی مینگنی کے برابر نجاست کا معافی کا حکم دیا ہے یہاں سے انسان کو معلوم کرنا چاہئے کہ حدود شرعیہ ایسی ایسی ضروری صورتوں میں قائم کی گئی ہیں کہ انکے بغیر لوگوں کو چارہ ہی نہیں ہوسکتا اور ان کے سوا کسی کی عقل میں آ ہی نہیں سکتا +

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے پانی پاک کرنیوالا ہے کوئی چیز اسکو ناپاک نہیں کرسکتی الا بطہور یا خبیثے اور فرمایا ہے پانی ناپاک نہیں ہوا کرتا الماء لا یجنب اور فرمایا مومن ناپاک نہیں ہوتا المومن لا یجس۔ اور اسی قسم کی خبر جا دمروی ہیں کہ بدن ناپاک نہیں ہوتا اور زمین ناپاک نہیں ہوتی ان البدن لا یجس والارض لا یجس میں کہتا ہوں ان سب سے نجاست خاص کی نفی مراد ہے جو قرائن حالیہ اور مقالیہ سے مفہوم ہوتی ہے پانی کے ناپاک نہ ہونے سے تو یہ مراد ہے کہ معاون نجاست کے پڑنے سے جب نجاست اُن میں سے نکالکر پھینک دیجائے اور پانی کی کوئی صفت بھی نہ بدلے اور اُس کا اثر ظاہر نہ ہو ناپاک نہیں رہتے اور بدن کو کیسے ہی ناپاکی لگ جائے جب دھوڈالو پاک کا پاک ہوجاتا ہے ناپاک نہیں رہ سکتا اور زمین بھی کیسی ہی ناپاک ہو مینہ کے برسنے اور دھوپ کے پڑنے اور خلقت کے اُسپر چلنے پھرنے سے صاف ستھری ہوجاتی ہے نجاست کا نام بھی نہیں رہتا اور بیر بضاعہ میں کوئی گمان کرسکتا ہے کہ اُن میں نجاستیں پڑی رہا کرتی تھیں کسی طرح یہ گمان نہیں ہوسکتا اسواسطے کہ ایسی چیز سے بنی آدم کو ذاتی اجتناب ہوتا ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کس طرح اُس کا پانی پی سکتے تھے بلکہ جس طرح ہمارے زمانہ میں کنوؤں کے اندر نجاستیں پڑجاتی ہیں اور قصداً کوئی اُن کو نہیں ڈالتا اسی طرح اُسمیں بھی نجاستیں پڑجاتی تھیں اور پھر نکالکر پھینک دیا کرتے تھے پھر جب اسلام آیا تو آنحضرت نے طہارت شرعیہ کا جو انکی طہارت سے علاوہ ہوا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تو آپ نے فرمایا پانی پاک کرنے والی چیز ہے کوئی چیز اُس کو ناپاک نہیں کردیتی یعنی اُس کا ناپاک ہونا وہی ہے جو تم بھی جانتے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے کلام میں یہ کوئی تاویل یا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صرف عن الظاہر نہیں ہے بلکہ عرب کا کلام اسی طرح ہوتا ہے دیکھو خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہدے میرے پاس جو وحی کیا گیا ہے اسمیں کھانے والے کے لئے کوئی کھانے کی چیز میں حرام نہیں پاتا مگر الخ یہ آیت تک قل لا اجد فیما اوحی الی محرما علی طاعم یطعمہ الا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ جن چیزوں میں تم جھگڑتے رہتے ہو ان میں کوئی حرام چیز نہیں پاتا مگر اور جب کوئی شخص کسی طبیب سے کسی چیز کے استعمال کرنے کو دریافت کرے اور وہ کہے کہ اس کا استعمال جائز نہیں ہے تو اس سے یہ بات معلوم ہو سکتی ہے کہ اس کی مراد صحت بدنی کے اعتبار سے اس کے استعمال کا ناجائز ہونا ہے اور جب فقیہ سے کسی امر کی بابت دریافت کیا جائے اور وہ اس کا ناجائز ہونا بیان کرے تو اس کی مراد عدم جواز سے عدم جواز شرعی کا ہونا معلوم ہو جاتا ہے اللہ پاک فرماتا ہے حرمت علیکم امہتکم تو اس سے حرمت نکاح مراد ہے اور فرماتا ہے حرمت علیکم المیتۃ اس سے حرمت اکل مراد ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بدوں ولی کے نکاح نہیں ہوتا لا نکاح الا بولی تو اس سے مراد یہی ہے کہ شرع میں وہ جائز نہیں ہوتا یہ مراد نہیں ہے کہ دنیا میں کوئی نکاح ولی کے بغیر ہوتا ہی نہیں کرتا اور اس قسم کی بہت سی آیات اور احادیث ہیں اور وہ مادل نہیں ہیں۔

جب پانی کے اوپر سے پانی کا اطلاق جاتا رہے اور اسمیں کوئی قید لگجاوے اس سے وضو کرنے سے بادی الرائے میں شرع منع کرتی ہے البتہ ناپاکی کے اس سے دور ہو جانے کا احتمال ہے بلکہ ظن غالب یہی ہے کہ نجاست اس سے رفع ہو سکتی ہے پھر لوگوں نے بہت سے فروع کنویں کے اندر جاندار چیز ہے کے مرجانے اور وہ ورمدہ اور آب جاری کے متعلق نکال لئے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے ان سب مسائل میں احادیث مروی نہیں ہیں اور صحابہ اور تابعین سے جو اسمیں آثار مروی ہیں جیسے ابن زبیر سے زنگی کے بارے میں اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے چوہے کے بارے میں اور نخعی اور شعبی سے بلی کے قریب قریب جانور میں سو یہ آثار نہ تو محدثین نے ان کی صحت کی گواہی دی ہے اور نہ قرون اولے کے جمہور کا اس پر اتفاق ہے اگر وہ آثار صحیح بھی ہوں تو ممکن ہے کہ یہ حکم دلوں کی تطییب اور پانی کی نظافت کے لئے ہو اور وجوب شرعی کے اعتبار سے نہ ہو جیسا کہ کتب مالکیہ میں مذکور ہے اور اگر یہ احتمال صحیح نہیں ہے تو بہت دقت پڑتی ہے۔ الحاصل اس باب میں کوئی معتد بہ اور واجب العمل حدیث نہیں ہے اور بلاشبہ قلتین کی حدیث ان سب سے زیادہ تر ثابت ہے اور یہ بات محال ہے کہ خدا تعالیٰ نے ان مسائل میں اپنے بندوں کے لئے ان تدابیر کے اوپر جو ان کے واسطے لازم ہیں کچھ بڑھایا ہو اور باوجود ان چیزوں کے کثرت وقوع اور عموم بلوے کی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکی صاف صاف تصریح نہ فرمائی ہو اور صحابہ اور تابعین کو اس سے استفادہ نہ ہوا ہو اور جزو احد بھی اسمیں مروی نہ ہو سوا اللہ اعلم۔

نجاستوں کے پاک کرنیکے بیان میں

نجاست اس چیز کا نام ہے جس کو سلیم الطبع لوگ ناپاک سمجھیں اور اس سے پرہیز کریں اور اگر انکے کپڑے کو لگ جاوے تو ان کو کپڑا دھونا پڑے جیسے پیشاب۔ پاخانہ۔ اور خون۔ نجاستوں کا پاک کرنا ان کی دستور سے مستنبط اور ماخوذ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے اور گوبر ناپاک ہے ۔

حضرت ابن مسعود رضؓ کی حدیث اس پر دلیل ہے اور اکول اللحم کا پیشاب بلاشبہ نجس ہے طبائع سلیمہ اسکو نجس جانتے ہیں بعض بیماریوں کے لئے مفید ہونے کی وجہ سے اسکے پینے کی اجازت دیگئی ہے اور اسکی طہارت یا خفت نجاست کا دفع حرج کی غرض سے حکم دیا گیا ہے شارع نے شراب کو بھی نجاسات ہی میں داخل کیا ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے ناپاک شیطان کا فعل ہے رجس من عمل الشیطان ۔ اسلئے کہ خدا تعالیٰ نے شراب کو بہت تاکید کے ساتھ حرام کیا ہے اس واسطے حکمت الہیہ کا مقتضیٰ یہ ہوا کہ اسکو پیشاب اور پاخانہ کے برابر کر دیا جائے تاکہ لوگوں کے سامنے اس کی جزائی تمثیل ہو جائے اور اس سے خود بخود ان کے دلوں کو اس کی طرف سے کشیدگی ہو جائے ۔ حضور نبوی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب تم میں سے کسی کے برتن میں کتا پانی پی جائے تو اسکو سات مرتبہ دھونا چاہئے اور ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ ان سات دفعہ میں سے اول دفعہ مٹی سے دھوئے اذا شرب الکلب فی اناء احدکم فلیغسلہ سبع مرات وفی روایۃ اولھن بالتراب ۔ میں کہتا ہوں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کتے کے جھوٹے کو بھی نجاسات میں شامل کیا اور نجاستوں میں سے بھی اس کو شدید النجاست کا حکم دیا کیونکہ کتا ایک ملعون چیز ہے فرشتوں کو اس سے نفرت ہے اور اس کا وجود گھر میں رکھنا اور اس کے ساتھ مخالطت کرنا ہر روز اسکے اعمال میں سے بقدر ایک قیراط کے اجر کم کرتا ہے اور اس میں یہ بھی ہے کہ وہ اپنی جبلت ہی میں شیطان کے شابہ ہوتا ہے کیونکہ اس کی عادت میں شیطنت اور غصہ اور نجاسات میں ملوث ہونا اور لوگوں کو ستانا داخل ہے اور شیطان کی طرف سے بھی اس کو کچھ تعلیم ہوتی رہتی ہے جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو دیکھا کہ کتوں سے خلط ملط رکھتے ہیں اور کچھ ان کو پروا نہیں ہوتی اور بالکل منع کر دینے کا بھی موقع نہ تھا کیونکہ کھیتی اور مویشی اور نگہبانی اور شکار کے واسطے اس کی ضرورت ہے اس واسطے آپ نے اس سے بچانے کی یہ تدبیر کی کہ پوری پوری پاکی کی اس کے اندر آپ نے شرط کی اور ایسا حکم دیا کہ کسی قدر ان کو اسمیں وقت بھی پڑا کرے تاکہ اس قدر پاک کرنا دکھ کی تکلیف میں کفارہ کے برابر ہو جائے اور بعض جاہلین علم کو یہ آگاہی ہوئی ہے کہ سات دفعہ دھونا اصل میں کوئی حکم نہیں ہے بلکہ اس تاکید مقصود ہے اور بعض نے ظاہر حدیث کا لحاظ کیا ہے مگر احتیاط ہی افضل چیز ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اس کے پیشاب پر ایک ڈول پانی کا بہا دو ہریقوا علی بولہ سجل من ماء میں کہتا ہوں زمین پر خوب سا پانی ڈالنے سے پیشاب کی ناپاکی دور ہو جاتی ہے اور یہ اس دستور سے ماخوذ ہے جس پر تمام لوگ متفق ہیں کہ بہت سا منہ پڑنے سے زمین ستھری ہو جاتی ہے اور بہت سا پانی پڑنے سے بدبو کا اثر بھی جاتا رہتا ہے اور پیشاب پراگندہ ہو کر کالعدم ہو جاتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم عورتوں میں سے جب کسی کے کپڑے کو حیض کا خون لگ جایا کرے تو اسکو چاہئے کہ چٹکی سے اس خون کو رگڑ دے پھر اس کو چاہئے کہ پانی سے بار بار اسکو دھوئے پھر اس کپڑے سے اسکو نماز پڑھ لینی چاہئے اذا اصاب ثوب احدکن الدم من الحیضۃ فلتقرصہ ثم لتنضحہ بماء ثم تصلی فیہ ۔ میں کہتا ہوں خود نجاست اور اس کے اثر کے جاتے رہنے سے طہارت حاصل ہو جاتی ہے اور ان تمام خصوصیات سے فی الحقیقت اس کے زوال کی ایک صورت کا بیان کرنا مقصود ہے جو زوال کے لئے کافی ہو جاتی ہے اور اس پر آگاہ کرنا مقصود

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے طہارت کے واسطے یہ شرط نہیں ہے اب باقی رہی منی سو بظاہر وہ بھی نجس چیز ہے کیونکہ نجاست کی تعریف جو ہم بیان کر چکے ہیں اسمیں بھی پائی جاتی ہے اور کھرچ دینے سے مشک منی سے کپڑا پاک ہو جاتا ہے بشرطیکہ وہ گاڑھی ہونے کی وجہ سے کھرچنے کے قابل بھی ہو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لڑکی کے پیشاب سے تو کپڑے کو دھونا چاہئے اور لڑکے کے پیشاب سے دھار دیا جاوے یغسل من البول الجاریۃ ویرش من بول الغلام میں کہتا ہوں ایام جاہلیت میں یہی دستور تھا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بھی اسی کو برقرار رکھا اور اس کی کئی وجہ ہیں اول تو لڑکے کا پیشاب منتشر ہوتا ہے اور اس کا ازالہ کسی قدر دقت سے ہوتا ہے اور لڑکی کا پیشاب ایک ہی جگہ رہتا ہے اور بسہولت زائل ہو سکتا ہے دوسرے یہ کہ لڑکی کا پیشاب لڑکے کے پیشاب سے گاڑھا اور بدبودار زیادہ ہوتا ہے تیسرے لڑکوں سے لوگوں کو رغبت ہوتی ہے اور لڑکیوں سے نہیں ہوتی اور اہل مدینہ اور ابراہیم نخعی نے اسی حدیث پر عمل کیا ہے اور امام محمدؒ نے اسمیں دو معنی بات کہی ہے لوگوں نے جو مشہور کر رکھا ہے اس سے دھوکے میں پڑنا نہ چاہئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے چمڑا جب پکا لیا گیا تو پاک ہو گیا اذا دبغ الاہاب فقد طہر میں کہتا ہوں حیوانات کے پکے ہوئے چمڑوں کا استعمال کرنا تمام فرقوں کے نزدیک مسلم اور جاری ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ پکا لینے کی وجہ سے چمڑے کی بدبو اور اس کا گندا ہن جاتا رہتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تم میں سے نجاست کے اوپر کسی کا جوتہ پڑ جائے تو مٹی اسکے لئے پاک کرنیوالی ہے اذا وطی احدکم بنعلہ الاذی فان التراب لہ طہور میں کہتا ہوں جوتہ اور موزہ اگر نجاست جسمدار ہو تو رگڑ دینے سے پاک ہو جاتا ہے کیونکہ وہ سخت چیزیں ہیں نجاست کا ان میں نفوذ نہیں ہوتا۔ ظاہر یہی ہے کہ چاہے وہ نجاست ان کے اوپر خشک ہو جائے یا تر رہے منی سے رگڑنے سے وہ پاک ہو جاتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بلی کے لئے فرمایا ہے کہ وہ گھر گھر پھرنیوالی اور پھرنے والوں میں سے ہے انہا من الطوافین والطوافات۔ میں کہتا ہوں اس کے معنی ایک قول کے موافق یہ ہیں کہ اگرچہ وہ نجاستوں میں منہ ڈالدیتی ہے اور چوہوں کا شکار کرتی ہے مگر اس بات کی ضرورت ہے کہ اس کے جھوٹے کی پاکی کا حکم دیا جائے کیونکہ حرج کا دفعہ کرنا اصول شرعیہ میں سے ہے اور ایک قول کے موافق اس سے ہر جاندار چیز پر رحم کرنے کی رغبت دلانا آپ کو مقصود ہے اور سائلین اور سائلات کے ساتھ آپ نے اس کو تشبیہ دی ہے۔ واللہ اعلم۔

اُن احادیث کا ذکر جو نماز کے باب میں وارد ہوئی ہیں

معلوم کرو کہ نماز تمام عبادتوں میں بڑی عظیم الشان اور سب سے زیادہ یقینی اور لوگوں میں مشہور اور سب عبادتوں سے زیادہ نفس کے اندر موثر اور نافع عبادت ہے اور یہی وجہ ہے کہ شارع نے اسکی فضیلت بیان کرنے اور اسکے اوقات کی تعیین اور اس کے شروط اور ارکان اور آداب اور خصلتوں اور نوافل کے بیان کرنے کا سب عبادتوں سے زیادہ اہتمام کیا ہے اور دین کا اس کو ایک عظیم الشان شعار گردانا ہے اور تمام بیہودا اور فضلے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور مجوس اور بقایا ملت اسماعیلیہ اس کو مانتی رہی ہیں اور ان کے جماہیر کا اس پر اتفاق ہے اور جو باتیں انہوں نے تحریف کر کے اپنی طرف سے بنا رکھی تھیں جیسے یہودی مثلاً مونچھ اور جوتے کے ساتھ نماز کو مکروہ جانتے تھے اور اسی طرح کی باتیں نکال رکھی تھیں اس لئے ان باتوں کا لوگوں سے ترک کرانا نہایت لازم ہوا اور یہ بات ضروری ہوئی کہ مسلمانوں کا طریقہ انکے طریقے کے خلاف ہو اسی طرح مجوسیوں نے اپنا دین بگاڑ رکھا تھا اور سورج کو پوجنا اختیار کیا تھا اس لئے ملت اسلام کو انکی بات سے نہایت تمیز کی ضرورت ہوئی اور مسلمانوں کو اس بات سے بھی منع کر دیا گیا کہ انکی نمازوں کے وقت نماز پڑھیں۔

چونکہ نماز کے احکام کثرت سے ہیں اور اس کے اصول کہ جن پر نماز کی بنا ہے بہت ہیں اسواسطے کتاب الصلوۃ کے شروع میں ہم نے اصول کا ذکر نہیں کیا جس طرح اور کتابوں میں ہم نے ذکر کیا ہے بلکہ ہر فصل کے اصول کو اس فصل کے اندر ہی بیان کر دیا ہے۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنی اولاد کو نماز کا حکم کرو جب وہ سات سات برس کی عمر کے ہو جائیں اور جب وہ دس دس برس کے ہو جائیں تو نماز کے اوپر ان کو مارا کرو اور ان کو جدا جدا لٹایا کرو مروا اولادکم بالصلوۃ وہم ابناء سبع سنین واضربوہم علیہا وہم ابناء عشر سنین وفرقوا بینہم فی المضاجع میں کہتا ہوں بچے کے بلوغ کی دو قسمیں ہیں ایک تو اس حد کو پہنچنا کہ وہ اس میں ادراک کے صحیح یا سالم ہونے کے ساتھ متصف ہو سکے اور یہ صرف عقل سے ہوتا ہے اور عقل کا ظاہر ہونا سات کی عمر سے معلوم ہو جایا کرتا ہے سات برس کی عمر میں لڑکا یقیناً ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہو جایا کرتا ہے اور عقل کے پورے ہونے کی علامت دس سال ہیں دس برس کا لڑکا اگر اس کا مزاج درست ہو تو پورا ہوشیار ہوتا ہے اور اپنے نفع و نقصان کو خوب پہچاننے لگتا ہے تجارت اور دیگر معاملات میں اس کی ہوشیاری ظاہر ہوتی ہے دوسرا درجہ بلوغ کا چند امور کے لئے ملحوظ ہوتا ہے اسمیں یہ دیکھا جاتا ہے کہ وہ جہاد اور سزاؤں کے قابل ہوا یا نہیں بلوغ کے ایسے درجے سے وہ ان آدمیوں میں شامل ہو جاتا ہے جو کالیف برداشت کرتے ہیں اور انتظامات تمدن اور مذہب میں ان لوگوں کی حالت لحاظ کے قابل ہوتی ہے اور جو لوگ زبردستی راہ راست چلنے پر مجبور کئے جاتے ہیں بلوغ کے اس درجے میں پوری عقل اور پورے جثہ پر اعتماد کیا جاتا ہے اور اس کا اندازہ اکثر لوگوں میں پندرہ سال ہے اس بلوغ کی علامتیں یہ ہیں کہ اس کو احتلام ہونے لگے اور زیر ناف بال نکل آویں نماز میں دو لحاظ کئے گئے ہیں اول یہ کہ نماز بندہ اور خدا تعالےٰ میں ایک ذریعہ ہو جاوے اور بندے کو ایک نہایت پست تر حالت میں گرنے سے باز رکھے اس لحاظ سے بلوغ کے پہلے درجہ کے وقت نماز کا حکم دیا گیا ہے اور اس لحاظ سے کہ نماز اسلام کے شعائر میں سے ہو اور اس پر مواخذہ کیا جاوے اور لوگ اس پر مجبور کئے جائیں خواہ ان کی خود مرضی ہو یا نہ ہو جیسے اور امور کا حکم ویسے ہی نماز کا بھی ہے اور چونکہ دس سال کی عمر بلوغ کے دونوں حدوں کے بیچ میں ایک برزخ کی حالت تھی اس میں بلوغ کی دونوں جہتیں جمع تھیں اسلئے دونوں حالتوں سے اس کو حصہ دیا گیا اور علیحدہ علیحدہ سونے کا حکم اسواسطے دیا گیا کہ یہ زمانہ آغاز جوانی کا ہوتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کچھ بعید نہیں ہے کہ کیچا سونے سے خلاف فطرت خواہشیں پیدا ہوں اسلئے ضرور ہوا کہ واقع ہونے سے پہلے فراہی کا ذریعہ بند کر دیا جاوے۔

نماز کی فضیلت کا بیان

خدا تعالےٰ فرماتا ہے بیشک نیکیاں برائیوں کو دور کر دیتی ہیں ان الحسنات یذھبن السیئات و آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس شخص کے لئے فرمایا ہے جس نے پہلے ایک گناہ کیا تھا اور پھر اُس نے جماعت میں شامل ہو کر نماز پڑھی کہ یقیناً خدا تعالےٰ نے تیرے گناہ کو بخشدیا فان اللہ قد غفر لک و نبک اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اگر تم میں سے کسی شخص کے دروازے پر نہر ہو اور اُس میں روزانہ وہ پانچ مرتبہ نہایا کرے تو کیا اُس کے بدن پر میل باقی رہ سکتا ہے لوگوں نے کہا نہیں باقی رہ سکتا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہی حال نماز پنجگانہ کا ہے ان سے بھی خدا تعالےٰ خطاؤں کو بالکل دور کر دیتا ہے لو ان نہرا بباب احدکم یغتسل فیہ کل یوم خمسا ہل یبقی من درنہ شی قالوا لا قال فذلک مثل الصلوات الخمس یمحو اللہ بہا الخطایا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے پانچوں نمازیں اور جمعہ جمعہ تک اور رمضان رمضان تک اگر کبائر سے پرہیز کیا جاوے تو یہ اپنے درمیان کے گناہوں کو دور کرنیوالے ہیں الصلوٰۃ الخمس والجمعۃ الی الجمعۃ و رمضان الی رمضان مکفرات لما بینھن اذا اجتنب الکبائر۔ میں کہتا ہوں نماز میں دونوں باتیں موجود ہیں تزکیہ نفس اور اثبات اور اُس کی وجہ سے نفس کو پاک ہو کر عالم ملکوت تک رسائی ہو جاتی ہے اور نفس کی خاصیت میں یہ بات داخل ہے کہ جب وہ ایک صفت کے ساتھ متصف ہوتا ہے تو دوسری صفت جو اس صفت کی ضد ہوتی ہے اُس سے جدا ہو جاتی ہے اور وہ اُس سے ہٹ جاتا ہے اور وہ صفت اُس سے ایسی معدوم ہو جاتی ہے کہ کبھی اُس کا نام بھی اُس میں نہ تھا اب جس شخص نے نماز کو پورے پورے طور پر ادا کیا اور عمدہ طور پر وضو کیا اور وقت پر اُن کو پڑھا اور رکوع اور سجود اور خشوع اور اُس کے اذکار اور اشکال کو کامل طور پر ادا کیا اور اُن صورتوں سے معانی اور ان اشباح سے ارواح کا اُس نے ارادہ کیا تو ضرور ہے کہ وہ شخص رحمت الٰہی کے عظیم الشان دریا میں پہنچ جاتا ہے اور خدا تعالےٰ اُس کے گناہ محو فرما دیتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بندے میں اور اس کے کافر ہونے میں نماز چھوڑنے کا فرق ہوتی ہے بین العبد و بین الکفر ترک الصلوٰۃ میں کہتا ہوں نماز اسلام کا بہت بڑا شعار ہے اور اسلام کی ایسی علامات میں سے ہے کہ جس کے جاتے رہنے سے اگر اسلام کے جاتے رہنے کا حکم کر دیا جاوے تو بجا ہے کیونکہ اسلام میں اور نماز میں بہت ہی مالبست اور موانست ہے اور نیز اسلام کے معنی کو کہ خدا کے حکم کے سامنے سر جھکا دینے کا نام ہے نماز ہی خوب ادا کرتی ہے اور جسکو نماز سے حصہ نہ ملا اور محروم رہا تو وہ اسلام سے کیا لے چلا بیچز اسلام کے نام کے جسکا کچھ عند اللہ اعتبار نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نماز کی اوقات کا بیان

کیونکہ نماز کا فائدہ یعنی دربارِ شہود میں غوطہ زنی کرنا اور ملائکہ کے ساتھ مجانست پیدا کرلینا بدوں نماز پڑھا دمت اور اُس کے التزام اور کثرت کرنے کے بغیر حاصل نہیں ہوتا اور نماز کی کثرت سے ہی ثقال طبع لوگوں کے اوپر سے ہٹ سکتے ہیں اور یہ بات ناممکن ہے کہ انکو ایسا حکم دیا جائے کہ انکو تدابیر ضروریہ کے ترک کرنا اور احکام طبیعہ سے بالکل خارج ہوجانا پڑے اسواسطے حکمت الٰہی کا مقتضی ہوا کہ انکو زمانے کے ہر ایک حصہ کے بعد نماز کی پابندی اور اُسکی مداومت کا حکم دیا جائے تاکہ نماز سے قبل اُسکا انتظار کرنا اور اُسکے لیئے تیار رہنا اور نماز پڑھ لینے کے بعد اُسکے نور کا اثر اور اُس کے رنگ کا بقیہ بھی بمنزلہ نماز ہی کے ہوجائے اور غفلت کے اوقات میں بھی خدا تعالےٰ کا ذکر مدنظر رہا کرے اور اُس کی طاعت میں دل معلق رہے اسمیں مسلمان کا حال اُس گھوڑے کا سا رہتا ہے جسکی اگاڑی پچھاڑی بندھی ہوتی ہے وہ دو ایک دفعہ کودتا ہے اور پھر وہ بے بس ہوکر رہجاتا ہے اور نماز کی پابندی سے غفلت اور گناہوں کی سیاہی دلوں کے اندر نہیں بیٹھنے حقیقتاً مداومت کے ناممکن ہونے کی صورت میں اسی طرح کی مداومت ہوسکتی ہے اب آخر کار چونکہ نمازوں کے لیئے اوقات کے تعیین ضروری ہوئی اور کوئی وقت نماز کے لیئے زیادہ تر چار وقتوں سے نہ تھا جنمیں روحانیت کا عالم میں ظہور اور ملائکہ کا نزول اور بندوں کے اعمال خدا تعالےٰ کے روبرو پیش ہوتے ہیں اور انکی دعائیں قبول ہوتی ہیں اور گویا یہ امر تمام اُن لوگوں نے جو ملاءِ اعلےٰ سے فیضان حاصل کرتے ہیں مان لیا ہے مگر یہ بات ظاہر ہے کہ تمام لوگوں کو آدھی رات کے نماز پڑھنے کیساتھ مکلف کرنا ممکن نہیں ہے اسواسطے فی الحقیقت نماز کے وقت تین ہیں صبح اور شام اور شب کی تاریکی چنانچہ اللہ تبارک وتعالےٰ فرماتا ہے قائم کر نماز کو سورج کے ڈھلنے سے رات کی تاریکی تک اور پڑھنا قرآن فجر کا بیشک فجر کے وقت قرآن پڑھنا روبرو ہے اقم الصلوٰۃ لدلوک الشمس الی غسق اللیل قرآن الفجر ان قرآن الفجر کان مشہودا الی غسق اللیل اسواسطے فرمایا ہے شام کی نماز عشا شب کی تاریکی سے ملجاتی ہے کیونکہ انمیں کوئی فصل پایا ہی نہیں جاتا اسی وجہ سے عند الضرورت ظہر اور عصر مغرب اور عشا کو ساتھ پڑھ لینا درست ہے پس یہ ایک اصل ہے اور یہ مناسب بھی تھا کہ ہر دو نمازوں میں بہت سا فصل رکھا جاتا اسواسطے کہ اس صورت میں انتظار اور التزام کے معنی میں فرق آجاتا اور جو حالت نفس کو پہلی نماز سے حاصل ہوئی تھی دوسری نماز تک نسیاً منسیاً ہوجایا کرتی اور یہ بھی مناسب نہ تھا کہ ہر دو نمازوں میں بہت تھوڑا سا فصل رکھا جاتا ورنہ اُن کو معاش کے حاصل کرنے کی فرصت نہ ہوا کرتی اور ایسی ظاہر اور محسوس اُنکے واسطے حد کا مقرر کرنا ضروری تھا جس کو خاص و عام سب معلوم کرلیا کریں اور وہ کہ اُسی جزء کو کہ خاص و عام اوقات کا اندازہ کرنے میں اس کا استعمال کیا کرتے ہیں کسی قدر زیادہ کردیا ہے اور بہت نہیں بڑھایا ہے دن کا چوتھائی حصہ اس قابل ہوسکتا ہے کیونکہ وہ تین ساعت ہوا اور رات اور دن کا بارہ اجزا کی طرف منقسم ہوتا تمام اقالیم کے نزدیک جنمیں یہ تجربہ ممکن ہے متفق علیہ ہے اور اہل زراعت اور تجارت اور اہل صنعت وغیرہم کا اکثر یہی دستور ہے کہ صبح سے دوپہر تک اپنی اپنی مشاغل میں مصروف رہتے ہیں کیونکہ اُن کے معاش کا اکثر یہی وقت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوتا ہے اللہ پاک فرماتا ہے اور بنایا ہم نے دن کو روزگار وجعلنا النہار معاشا اور فرماتا ہے تاکہ تم سے اس کے فضل سے طالب ہو لتبتغوا من فضلہ اور بہت سے اشغال اس قسم کے ہوا کرتے ہیں کہ انکے کرنے کے لئے ایک مدت طویل کی حاجت ہوتی ہے اور سب لوگوں کا ایسے وقت میں نماز کے لئے تیار ہونا اور باقی کاموں سے یکسو ہو جانا موجب حرج عظیم کا ہوتا ہے اسی واسطے شارع نے دن چڑھے کی نماز کو انکے اوپر فرض نہیں کیا مگر اسکی طرف رغبت پوری پوری دلائی ہے پس یہ بات ضروری ہوئی کہ شام کی نماز کے دو حصے ہو جاویں اور انکے درمیان میں قریب دن کے ایک ربع کا فصل ہو اور وہ ظہر اور عصر کی نماز ہے اور اسی طرح رات کی نماز کے دو ٹکڑے ہو جائیں اور اسی کے قریب وقت کا ان دونوں میں بھی فصل رہے اور وہ مغرب اور عشا کی نماز ہے اور یہ بات بھی ضروری کہ بلا ضرورت کہ جسکے بغیر چارہ ہی نہ ہو ایک وقت کے دونوں حصوں کو جمع نہ کیا جاوے ورنہ وہ مصلحت کہ تعیین اوقات میں جس کا لحاظ کیا گیا ہے فوت ہوئی جاتی ہے اور یہ دوسری اصل ہے اور تمام اقالیم صالحہ کے باشندے اور جن کا مزاج حالت اعتدال پر ہے جو شرائع سے مقصود بالذات ہیں ہمیشہ انکا یہ دستور رہا ہے کہ اپنے حواس میں جب سے صبح کی روشنی ہوتی ہو اور جب تک شب کی تاریکی آتی ہے اپنے حواس اور فکر کو مصروف رکھتے ہیں اور نماز کے ادا کرنے کے لئے مناسب وقت یا تو وہ ہے کہ جس وقت آدمیوں کا نفس اشتغال معاشیہ کے اثر اور انکے ملک سے خالی ہو جیسے آدمی خدا تعالے کو بھول جایا کرتا ہے ایسے وقت میں عبادت کو چونکہ خالی دل ملتا ہے تو اسمیں جگہ کر لیتی ہے اور نفس کے اندر اس کا پورا اثر پیدا ہو جاتا ہے چنانچہ تبارک وتعالے فرماتا ہے وقرآن الفجر ان قرآن الفجر کان مشہودا اور یا وہ وقت مناسب ہے کہ جب آدمی سونے کے قریب ہوتا ہے تاکہ جو کچھ کدورتیں اسکے قلب میں دن کے اشغال سے پیدا ہو گئی ہیں اان کے لئے اس وقت کی نماز کفارہ اور دل کے واسطے بمنزلہ صیقل کے ہو جائے چنانچہ حضور نبوی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس نے عشا کی نماز جماعت سے پڑھی تو وہ شب کے نصف اول میں قیام کرنے کے برابر ہوا اور جس شخص نے عشا اور فجر کی نماز جماعت سے پڑھی تو وہ رات بھر قیام کرنے کے برابر ہوا من صلی العشاء فی جماعۃ کان کقیام نصف اللیل الاول ومن صلی العشاء والفجر فی جماعۃ کان کقیام اللیلۃ اور ایک وہ وقت ہے کہ جب وہ کاروبار میں مشغول ہوتے ہیں جیسے دن چڑھے کا وقت ہے ایسے وقت میں نماز پڑھنے سے دنیا کے اندر انہماک میں کمی ہو جاوے اور اس کے واسطے تریاق کا کام دیوے اسمیں یہ بات ہے کہ تمام لوگوں کو اس سے مکلف نہیں کر سکتے کیونکہ اس وقت میں یا تو ان سب کو اپنے کاروبار چھوڑنے پڑینگے یا نماز چھوڑنی پڑیگی اور یہ بھی ایک اصل ہے اور بغیر تعیین اوقات کے اندر اس سے بہتر کوئی بات نہیں ہے کہ جو انبیاء سابقین سے اثر رہے اس طریقہ کو اختیار کیا جاوے اس واسطے کہ اس طریقہ کا اختیار کرنا ادائے طاعت پر نفس کے لئے خود ایک بڑا اور متنبہ اور ہوشیار کرنے والا ہوگا اور اس کی وجہ سے لوگ ایک دوسرے پر عبادت الٰہی میں ترقی پا جینگے اور جو ان میں سے صالح ہونگے لوگوں میں انکا ذکر جمیل جاری ہوگا جسکی نسبت حضرت عیسیٰ نے فرمایا ہے یہ آپ سے پیشتر گذرے ہوئے انبیاء کا وقت ہے۔ ہذا وقت الانبیاء من قبلک ؛

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحاصل اوقات کے مقرر کرنے میں بڑے بڑے اسرار عمیقہ ہیں اسواسطے حضرت جبرائیل علیہ السلام آدمی کی صورت میں تشریف لائے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کیساتھ نماز پڑھی اور نماز کے اوقات آپکو سکھلائے اور ہم نے جو کچھ بیان کیا ہے اس سے جمع بین الصلوٰتین کے جواز کی وجہ فی الجملہ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نماز تہجد اور نماز چاشت کا واجب ہونا اور ایسے ہی اور انبیاء پر واجب ہونے کی وجہ جیسا کہ علماء نے بیان کیا ہے اور لوگوں کے لئے اسکا نفل ہونا اور نمازوں کے اوقات پیدا کرنے کی تاکید کا سبب معلوم ہو گیا واللہ اعلم۔ اور اگر لوگوں کو یہ حکم دیا جاتا کہ تمام لوگ ایک ہی ساعت کے اندر نماز پڑھیں اور اس سے آگے پیچھے نہ پڑھ سکیں تو اسمیں حرج عظیم تھا اسواسطے اوقات کے اندر کسیقدر توسیع اور گنجایش بھی کر دیگئی اور چونکہ وہی قرآن جو عرب کے نزدیک ظاہر تھے اور ادنے و اعلیٰ اسکو معلوم کر سکتے تھے اس قابل تھے کہ ان کے موافق احکام مقرر کئے جائیں اسواسطے اوقات کے اوائل اور ان کے اواخر کے لئے حدیں منضبط اور محسوس ہیں مقرر کیگئیں اور ان اسباب کے محقق ہونے کی وجہ نمازوں کے اوقات چار قسم کے ہو گئے ایک تو اختیار یہ تو وہ وقت کہ اسمیں بلاکراہت نماز ہو جاتی ہے اور زیادہ معتبر اس میں دو حدیثیں ہیں ایک تو وہ حدیث کہ جس میں حضرت جبرائیل علیہ السلام کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو دو روز تک نماز پڑھانے کا بیان ہے اور ایک بریدہ کی حدیث جسمیں یہ بیان ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز کے اوقات دریافت کرنے والے کو یہ جواب دیا کہ دو روز تک آپ نے نماز پڑھکر اسکو دکھا دیا اور ان دونوں میں سے جو مفسر ہے دوسری حدیث پر جو مبہم ہے اس حکم ناطق ہوگا اور جو حدیث خلاف ہوگی اسمیں بریدہ کی حدیث پر عمل کیا جائیگا کیونکہ وہ مدنی ہیں اور متاخر ہیں اور پہلے مکی ہیں اور ان سے متقدم ہیں اور متاخر کا ہی اعتبار ہوتا ہے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ مغرب کا اخیر وقت شفق کے غائب ہونے سے قبل ہے اور یہ بھی کچھ بعید نہیں ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے دوسرے روز تھوڑی ہی دیر کرکے مغرب کی نماز پڑھی ہو کیونکہ اسکا وقت کم ہوتا ہے اور راوی نے خواہ چوک سے یا اپنے ظن سے یہ کہدیا ہو کہ دونوں روز مغرب کی نماز ایک ہی وقت میں پڑھی یا غایت قلت کے بیان کرنے کی غرض سے اس نے یہ کہا ہو واللہ اعلم۔ اور بہت سی احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ عصر کا اخیر وقت اس وقت تک ہے کہ جبتک سبع میں تغیر آجائے اور اسی پر فقہا کا اتفاق ہے پھر شاید مثلین اخیر وقت مختار یا مستحب کا بیان ہو یا ہم یہ کہتے ہیں کہ اول شرع کی نظر اس بات پر پڑی ہو کہ عصر کی شق نکالنے سے مقصود یہ ہے کہ ہر دو نمازوں میں بقدر ربع دن کے فصل ہو اسلئے اس کا آخیر وقت مثلین تک مقرر فرمایا ہے جو پھر انکے حوائج اور اشغال پر نظر ڈالنے سے اسوقت کا بڑھا دینا ضروری ہوا اور نیز اس حد کے معلوم کرنے میں ایک قسم کی غور و سایہ اصلی کے یاد رکھنے اور رصد کی ضرورت ہے اور لوگوں کو ایسی باتوں میں ان چیزوں کا حکم دینا مناسب تھا جو محسوس اور ظاہر ہوں اس لئے حضرت ایزدی نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دلمیں اس بات کا القا فرمایا ہو کہ آفتاب کے جسم یا اس کی روشنی کے تغیر کو وقت کی انتہا کردینا جائے واللہ اعلم۔ اور ایک وقت استحباب کا ہے یہ وہ وقت ہے کہ اسمیں نماز کا پڑھنا اولےٰ ہوتا ہے اور وہ وقت سب نمازوں کے لئے اول کا وقت ہے بجز عشا کی نماز کے کہ اسکا اصل مستحب وقت دیر کرکے پڑھنا ہے اسکی وجہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہی طبیعی ترتیب ہے جسکو ہم بیان کر چکے جسکی نسبت حضور صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر میں اپنی امت پر شاق نہ سمجھتا تو اُن کو حکم دیدیتا کہ عشا کو دیر سے پڑھا کریں لولا ان اشق علی امتی لامرتھم ان یوخروا العشا علاوہ بریں عشا کی نماز کو دیر سے پڑھنے سے باطن کا اُن اشغال سے جو خدا کی یاد سے غافل کرتے ہیں خوب تصفیہ ہوتا ہے اور آدمی کو پھر عشائی نماز کے بعد قصے کہانیاں کہنے کی فرصت نہیں ہوتی مگر اسکے ساتھ یہ بھی ہے کہ اگر دیر سے نماز پڑھی جایا کرے تو جماعت میں کمی ہوتی چلی جاوے اور لوگوں کو نماز سے بے رغبتی ہونے لگے اور بات الٹی ہو جاوے اسی وجہ سے حضور پرنور صلے اللہ علیہ وسلم کی عادت تھی کہ جب لوگ کثرت سے آجاتے تب تو تعجیل کیا کرتے اور جو کم ہوتے تو دیر کر کے نماز پڑھا کرتے اور موسم گرما میں ظہر کی نماز میں بھی عشا کی طرح تاخیر مستحب ہے جیسا کہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب گرمی کی شدت ہو تو ظہر کو ٹھنڈا کر کے پڑھا کرو کیونکہ گرمی کی شدت جہنم کا ابھان ہے اذا اشتد الحر فابردوا بالظہر فان شدۃ الحر من فیح جہنم میں کہتا ہوں اس سے یہ مقصود ہے کہ جو جنت اور جہنم کا مذاق اٹھانے کے یہاں خزانہ ہے اُس خزانہ سے اس عالم میں کیفیات مناسبہ اور منافرہ کا فیضان ہوتا رہتا ہے اور کاسنی وغیرہ کے متعلق جو حدیث آئی ہے اسکی بھی یہی تاویل ہے اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فجر کی نماز اجالا کر کے پڑھا کرو اس لئے کہ اسکا اجر بڑا ہے اسفروا بالفجر فانہ اعظم للاجر میں کہتا ہوں یہ اُن لوگوں سے خطاب ہے جنکو سفار کے وقت لوگوں کا انتظار کرنے سے تقلیل جماعت کا خوف تھا یا بڑی بڑی مسجدوں کے نماز پڑھنے والوں کو یہ حکم ہے جن میں ضعیف لوگ اور بچے وغیرہ اکٹھے ہو جاتے ہیں جیسے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے جو شخص لوگوں کو نماز پڑھاوے پس اسکو تخفیف کرنی چاہئے کیونکہ اسمیں ضعیف بھی ہوتے ہیں اخیر حدیث تک ایکم صلی بالناس فلیخفف فان فیہم الضعیف الحدیث یا یہ معنی ہیں کہ صبح کی نماز اتنی لانبی پڑھا کرو کہ اسفار کے وقت ختم ہوا کرے اور ابو برزہ کی حدیث اس پر قرینہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز میں اس وقت اسلام پھیرا کرتے تھے کہ جب آدمی اپنے پاس کے بیٹھے ہوئے کو پہچاننے لگتا تھا اور ساٹھ آیت سے سو آیت تک پڑھا کرتے تھے کان ینفتل فی صلوۃ الغداۃ حین یعرف الرجل جلیسہ ویقرا بالستین الی المائۃ۔ اب اسفار کی حدیث میں اور غلس کی حدیث میں کچھ منافات نہیں رہی اور ایک اُن چار اوقات میں سے ضرورت کا وقت ہے یہ وہ وقت ہوتا ہے کہ بلا عذر شرعی اسوقت تک نماز میں دیر کرنا ممنوع ہوتا ہے چنانچہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص کو صبح کی نماز سورج کے نکلنے سے پہلے ایک رکعت ملگئی اس کو صبح کی نماز ملگئی اور جس کو آفتاب کے غروب سے پہلے عصر کی ایک رکعت ملگئی اُس کو عصر کی نماز ملگئی من ادرک رکعۃ من الصبح قبل ان تطلع الشمس فقد ادرک الصبح ومن ادرک رکعۃ من العصر قبل ان تغرب الشمس فقد ادرک العصر اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وہ نماز منافق کی ہے نماز پڑھتا رہتا ہے یہانتک کہ جب آفتاب ندی ہو جاتا ہے۔ اخیر تک تلک الصلوۃ المنافق یرقب حتی اذا اصفرت الحدیث۔ اور حضرت ابن عباسؓ نے جو ظہر اور عصر کی نماز اور مغرب اور عشا کی نماز کے جمع کرنے کی حدیث روایت کی ہے وہ بھی اس قبیل سے ہے اور عذر شرعی یہ ہیں جیسے سفر یا بیماری

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یا ظہر اور عشا کی نماز کو ضرورت کے وقت طلوع فجر تک موخر کرنا جائز ہے واللہ اعلم اور ان چاروں میں ایک قضائے نماز کا وقت ہے اسوقت کا وہی وقت ہے کہ جب اسکو نماز یاد آجاوے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی وقت کی نماز کو بھول جاوے یا اسکے وقت سو جاوے تو جب اسکو نماز یاد آوے اسی وقت پڑھ لے من نسی صلوٰۃ او نام عنہا فلیصلہا اذا ذکرہا۔ میں کہتا ہوں ساری بات اسمیں یہ ہے کہ اسکے چھوٹنے سے نفس کو مطلق التفاتی نہ ہو جاوے اور جو کچھ نماز کا فائدہ اور اس کا اثر اس کے ہاتھ سے نکل گیا ہے اس کو وہ پھر ملجائے علمائے نماز کی خود فوت کرنے کو بھی فوت ہو جانے کے ساتھ ملحق کر دیا ہے اس نظر سے کہ جب خود اسنے نماز کو فوت کیا ہے تو اسکے پورا کرنے کی حاجت اور بھی زیادہ ہے اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوذر کو جب انپر ایسے حاکم مقرر ہوں جو نماز کو بے جان کر کے یعنی اخیر وقت پڑھا کریں یہ وصیت فرمائی تو نماز کو وقت پر نماز پڑھا کر پھر اگر ان کے ساتھ بھی تجکو نماز ملجاوے تو ان کے ساتھ پڑھ لیا کر اس لئے کہ وہ تیرے لئے نفل ہو جائیگی۔ میں کہتا ہوں حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز کے اندر دو باتوں کا لحاظ کیا ایک تو اسکے بندے اور اسکی خلق میں وسیلہ ہونیکا۔ اور دوسرے اس بات کا کہ وہ اسلام کے شعاروں سے ہے اور اسکے تارک پر ملامت کیجاتی ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے برابر میری امت خیریت سے رہیگی اسوقت تک کہ وہ مغرب کی نماز کو ستاروں کے چمکنے تک دیر کر کے نہ پڑھینگے لا تزال امتی بخیر مالم یوخروا المغرب الی ان یشتبک النجوم میں کہتا ہوں اسمیں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ حدود شرعیہ کے اندر سستی کرنا دین کے اندر تحریف اور بگاڑ کا سبب ہو جایا کرتا ہے۔ اللہ پاک فرماتا ہے۔ سب نمازوں کا دھیان رکھو اور درمیان کی نماز کا حافظوا علی الصلوٰۃ والصلوٰۃ الوسطیٰ۔ درمیان کی نماز سے نماز عصر مراد ہے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس نے دونوں ٹھنڈک کیوقت یعنی صبح و شام کی نماز پڑھی جنت میں داخل ہو گیا من صلے البردین دخل الجنۃ۔ اور فرمایا ہے جس عصر کی نماز ترک کر دی اسکا عمل ضائع ہو گیا من ترک الصلوٰۃ العصر حبط عملہ۔ اور فرمایا ہے جس شخص کی عصر کی نماز جاتی رہی تو گویا اس کی اولاد اور مال غارت ہو گیا الذی تفوتہ صلوٰۃ العصر فکانما وتر اہلہ و مالہ۔ اور فرمایا ہے منافقین کے اوپر کوئی نماز فجر اور عشا کی نماز سے زیادہ گران نہیں ہوتی اور جو کچھ ان نمازوں کے اندر ہے اگر معلوم ہوتا تو ان کے لئے آیا کرتے چاہے گھسٹتے کیوں نہ ہوتے لیس صلوٰۃ اثقل علی المنافقین من الفجر والعشاء ولو یعلمون ما فیہما لاتوہما ولو حبوا۔ میں کہتا ہوں ان تین نمازوں کا زیادہ تر اہتمام اور ان کے متعلق ترہیب و ترغیب اس واسطے کی گئی ہیں کہ ان نمازوں میں سستی اور کاہلی کا مظنہ ہے اس واسطے کہ فجر اور عشا کا وقت تو لوگوں کے سونے کا وقت ہوتا ہے پھر اپنے بستر اور گدے کو غنودگی اور نیند کی حالت میں خدا تعالےٰ کے لئے وہی اٹھکر کھڑا ہو جائیگا جس کے دل میں خدا تعالےٰ کا یقین اور اس کا خوف ہے۔ اور عصر کی نماز کا وقت وہ ہے جو انکی دوکانوں کے چلنے اور خرید و فروخت کرنے کا وقت ہے اور کسان لوگ جب تھک کر چور ہو جاتے ہیں تو اسی وقت اپنے گھروں میں آکر پڑتے ہیں اور یہ وقت ان کے آرام کرنے کا ہوتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ایسا نہ ہو کہ تمہاری مغرب کی نماز کے نام میں گنواروں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی بات تمہارے اوپر مل جائے اور ایک حدیث میں عشا کی نماز کے نام پر آیا ہے لا یغلبنکم الاعراب علی اسم صلوتکم المغرب فی حدیث آخر علی اسم صلوۃ العشاء میں کہتا ہوں کتاب وسنت میں جو ایک چیز کا ایک نام آیا ہے اس کا دوسرا اس قسم کا نام رکھ لینا جسکے باعث سے پہلے نام کے متروک ہونے کا خوف ہو ممنوع ہے اسواسطے کہ اس سے دین میں التباس اور کتاب آسمانی کا انپر دشوار ہونا لازم آتا ہے۔

اذان کا بیان

جب صحابہ رضی اللہ عنہم کو یہ بات معلوم ہوئی کہ جماعت ایک ضروری اور مقصود چیز ہے اور ایک وقت اور ایک جگہ میں لوگوں کا اجتماع بدون اعلام اور آگاہ ہونے کے دشوار ہے تو انہوں نے باہم گفتگو کی کہ ایسی چیز کیا ہو جس سے لوگوں کو خبر ہو جایا کرے تو کسی نے آگ روشن کرنے کا ذکر کیا تو مجوس کے ساتھ مشابہت پیدا ہونے کی وجہ سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو منظور نہ فرمایا کسی نے نرسنگا بجانے کو کہا تو آپ نے یہود کے مشابہت پیدا ہونے کیوجہ سے اسکو نامنظور کیا اور کسی نے ناقوس بجانے کو کہا تو آپ نے نصاری کے ساتھ مشابہت پیدا ہونے کیوجہ سے اسکو نامنظور فرمایا گفتگو کرکے بالکسی بات کی تعیین کے لوگ اپنے اپنے گھر وں کو آگئے اس عرصہ میں حضرت عبداللہ بن زید نے خواب میں اذان اور اقامت کو دیکھا اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اپنے خواب کو بیان کیا تو آپ نے فرمایا یہی خواب ہے۔ اس قصہ سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ احکام شرعیہ کا مدار مصلحتوں پر ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ اجتہاد کو بھی انمیں دخل ہے اور آسمانی تو ایک اصل اصیل چیز ہے ہی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ شعائر دین میں ان لوگوں کی مخالفت بھی شارع کو منظور ہے جو گمراہی میں حد سے گذر گئے ہیں اور نیز یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی اور بھی بذریعہ خواب یا الہام کے خدا تعالے کی مراد پر مطلع ہو سکتا ہے مگر لوگ اس حکم کے مکلف نہیں ہو سکتے یا وہ حکم یقینی نہیں ہو سکتا جب تک کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو برقرار نہ رکھا ہو اور حکمت الہیہ کا مقتضی یہ ہوا کہ اذان کے اندر صرف اعلام اور تنبیہ نہ پائی جائے بلکہ وہ شعائر اسلام میں سے ایک شعائر ٹھیرایا جائے ان لوگوں کے سروں پر اسکے لفظ پکارے جائیں جو مساجد سے علحدہ ہیں اور اس نشان مذہب کی عزت کیجائے اور اسکا قبول کر لینا لوگوں کے دین الہی کے تابع ہو جانے کی پہچان ہو اس لئے یہ بات ضروری ہوئی کہ ذکر الہی اور شہادتین سے اسکی ترکیب ہو اور نماز کا بلاوا بھی انمیں پایا جاوے تاکہ جو چیز اس سے منظور ہے وہ اس سے صراحتاً سمجھ میں آجاوے اور اذان کے کئی طریقے مروی ہیں مگر سب سے زیادہ صحیح حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا طریقہ ہے تو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں اذان دو دو مرتبہ ایک ایک کلمہ کے کہنے سے ہوتی تھی اور اقامت ایک ایک مرتبہ کے کہنے سے مگر قد قامت الصلوۃ کو موذن دو مرتبہ کہا کرتے تھے اس کے بعد ابی محذورہ کا طریقہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کو اذان اور اقامت اس طرح تعلیم فرمائی کہ اذان میں تو انیس کلمے اور اقامت میں سترہ کلمے اور میرے نزدیک تو اس کا حال قرآن کی قراتوں کا سا ہے کہ سب شافی اور کافی ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے پھر اگر صبح کی نماز کا وقت ہے تو تجھے یہ بھی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہنا چاہیئے الصلوٰۃ خیر من النوم میں کہتا ہوں چونکہ یہ سونے و غفلت کا وقت ہوتا ہے اسلئے زیادہ ترتنبیہ کی حاجت ہے لہٰذا اس لفظ کا بڑھانا مناسب ہوا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اذان کہے تو وہی اقامت بھی کہے من اذن فھو یقیم میں کہتا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ جب ایک شخص نے اذان شروع کی تو اسکے بھائی مسلمانوں پر ضروری ہوا کہ اسنے جو منافع کا حاصل کرنا چاہا ہے اور وہ اس کے لئے مباح ہیں کسی کی ملک نہیں ہیں ان سے مزاحمت نہ کریں جس طرح حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کوئی شخص اپنے بھائی کی منگنی ہوتے پر اپنی منگنی نہ کرے لا یخطب الرجل علی خطبۃ اخیہ۔ اذان کے فضائل اس سے سمجھ لو کہ ایک تو وہ اسلام کا شعار ہے اور اسکی وجہ سے کسی ملک کے دارالاسلام ہونے کا حکم ہوتا ہے لہذا حضور نبوی صلے اللہ علیہ وسلم کا قاعدہ تھا کہ اگر آپ اذان سن لیا کرتے تب تو کچھ نہ کرتے اور اگر اذان کی آواز نہ سنتے تو اس شہر کو غارت کر دیتے ایک یہ کہ وہ بنوت کے شعبوں میں سے ایک شعبہ ہے کیونکہ اسمیں اسلام کے بڑے عظیم الشان رکن پر اور اس عبادت پر جو سب کی اصل ہے لوگوں کی ترغیب ہوتی ہے اور جس قدر خدا تعالےٰ کی رضامندی اور شیطان لعین کو سوزش اس نیکی میں ہوتی ہے جو اوروں کی طرف متعدی ہو اور اس میں خدا کی بات اونچی رہے کسی چیز میں نہیں ہوتی چنانچہ آپ نے فرمایا ہے شیطان کے اوپر ایک فقیہ کا ہونا بہ نسبت ہزار عابد کے زیادہ ہوتا ہے فقیہ واحد اشد علی الشیطان من الف عابد اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب نماز کے لئے لوگوں کی پکار ہوتی ہے تو شیطان وہاں سے پیٹھ پھیر کر بھاگتا ہے اور اسکا گوز نکل جاتا ہے اذا نودی للصلوٰۃ ادبر الشیطان لہ ضراط۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے موذن لوگ سب لوگوں سے لانبی گردنوں والے ہونگے المؤذنون اطول الناس اعناقا۔ اور فرمایا ہے جہانتک موذن کی آواز پہنچتی ہے اسی قدر اسکے لئے بخشش ہوگی اور جن و انسان اسکی گواہی دینگے المؤذن یغفر لہ مدی صوتہ ویشھد لہ الجن والانس۔ میں کہتا ہوں جزا و سزا کا معاملہ معانی کی صورتوں کے ساتھ تناسب اور ارواح کے اشباح کے ساتھ تعلق پر مبنی ہے اس لئے یہ بات ضروری ہوئی کہ موذن کی اوروں کے اوپر اس کی گردن اور آواز کے اعتبار سے علو شان کا ظہور ہو اور جس طرح اس کی خدا تعالےٰ کی طرف کو پکار لوگوں میں پھیل جاتی تھی اسی طرح خدا تعالےٰ کی رحمت اسکے اوپر پھیل جائے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس شخص نے طلب ثواب کی غرض سے سات سال تک اذان دی تو اگ سے اس کے لئے رہائی لکھدی گئی من اذن سبع سنین محتسبا کتبت لہ براءۃ من النار اور ایسا اسطے کہ اس کے اس سے دل کے اندر تصدیق کا ہونا ظاہر ہو گیا خدا تعالےٰ کی سات سال تک وہی شخص اذان دیسکتا ہے جس نے اپنے آپ کو خدا کے حوالے کر دیا ہو دوسرے یہ کہ اتنے عرصہ تک اذان دیتے دیتے اس نے اپنے آپ کو اس قابل بنا لیا کہ رحمت الٰہی اس پر چھا جائے۔ خدا تعالےٰ اس چرواہے کے لئے جو پہاڑ کی چوٹی پر بکریاں چراتا تھا فرماتا ہے میرے اس بندے کو تو دیکھو اذان کہتا ہے اور نماز کی پابندی کرتا ہے مجھ سے ڈرتا ہے میں نے اسکو بخشدیا اور اس کو میں نے جنت میں داخل کر دیا انظروا الی عبدی ھذا یؤذن ویقیم الصلوٰۃ یخاف منی قد غفرت لہ وادخلتہ الجنۃ۔ اللہ پاک کا یہ فرمانا کہ مجھ سے ڈرتا ہے اس بات کی دلیل ہے کہ اعمال کا اعتبار

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُسکے دوامی پر ہوتا ہے جو اُن اعمال پر اُبھارتے ہیں اور یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ اعمال اشباح ہوتے ہیں اور اُنکی ارواح انکی دوامی ہوا کرتی ہیں پس خدا تعالےٰ سے اُس کا خوف کرنا اور اُس کا اخلاص مغفرت کا سبب ہو گیا اور چونکہ اذان شعائر دین میں سے ایک شعائر ہے اور اس شناخت کے لئے بنائی گئی ہے کہ لوگوں کا ہدایت الیہ کو قبول کر لینا اُس سے پہچان لیا کریں اسواسطے اذاں کے جواب دینے کا لوگوں کو حکم دیا گیا تاکہ اُن سے جو مقصود ہے جواب دینے میں سے اُس کی تصریح ہو جاوے پس جب موذن اللہ اکبر کہے سننے والا بھی جواب میں یہی کہے اور جب وہ شہادتین کو ادا کرے یہ بھی ادا کرے اور جب وہ حی الصلوٰۃ یا حی الفلاح کہے تو جواب دینے والا اُن الفاظ کے ساتھ اُسکا جواب دیوے جن عمل کی قوت دینے اور گناہ سے باز رکھنے کی نسبت خاص خدا کی طرف پائی جاوے بلا شرکت غیری یعنی لاحول ولا قوت الا باللہ العلی العظیم کہے تاکہ عبادت کرتے وقت عجب کے پیدا ہونے کا احتمال جاتا رہے جو شخص خلوص دل سے ایسا کریگا جنت میں داخل ہو جائیگا کیونکہ یہ اُسکا فعل ظاہری دلی تابعداری اور اپنی جان کو خدا تعالےٰ کے حوالے کر دینے کا عنوان اور اسکی صورت ہے اور پھر اُس کے بعد یہ حکم دیا گیا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے واسطے دعا کرے یعنی اللھم رب ھذہ الدعوۃ الخ تک پڑھے تاکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دین کا قبول کر لینا اور آپکی محبت اُس سے ظاہر ہو دے اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذان اور اقامت کے درمیان میں دعا رد نہیں ہوتی لا یرد الدعا بین الاذان والاقامۃ میرے نزدیک اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ رحمت الہیہ کا اسوقت میں شامل ہوتا ہے اور بندے کی طرف سے انقیاد اور تابعداری کے معنی پائے جاتے ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بلال تو رات سے اذان دیدیا کرتا ہے اسواسطے تم لوگ اپنے کھاتے پیتے رہا کرو جبتک کہ ابن ام مکتوم اذان نہ دے ان بلالا ینادی لیل فکلوا واشربوا حتی ینادی ابن مکتوم میں کہتا ہوں امام کیلئے مستحب ہے کہ اگر اسکو ضرورت معلوم ہو تو دو موذن مقرر کرے جنکی آوازوں کو لوگ پہچانتے ہوں اور لوگوں کو جتلا دے کہ فلاں موذن تو کچھ رات سے اذان دیدیتا ہے تم لوگ اپنے کھاتے پیتے رہا کرو جبتک دوسرا موذن اذان نہ دیدیا کرے اسمیں یہ ہوگا کہ جو اذان سے جو شخص اُٹھ بیٹھا ہے اور سحری کھا چکا ہے وہ تو آگے کو کچھ نہ کریگا اور جو سو رہا ہے وہ نماز کے لئے اُٹھ بیٹھے گا اور اگر سحری اُس نے نہیں کھائی تھی تو اسکو جب پٹ کھا لیگا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب نماز کی اقامت ہو جائے تو تم نماز کیلئے بھاگ کر مت آؤ بلکہ اپنی چال سے آؤ اذا اقیمت الصلوٰۃ فلا تاتوھا تسعون وائتوھا تمشون میں کہتا ہوں اسمیں اس بات کیطرف اشارہ ہے کہ عبادت کے اندر تعمق اور تکلف نہ کرنا چاہیئے ۔

مساجد کا بیان

مسجد کے بنانے کی فضیلت اور اسکا التزام اور مسجد میں نماز کا انتظار کرنا ان سب باتوں کا مدار اسی پر ہے کہ وہ شعائر اسلام میں سے ہے چنانچہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تم کو مسجد نظر آجاوے یا کسی کو اذان کہتے ہوئے سن لو تو پھر کسی کو مت قتل کرو اذا رایتم مسجدا او سمعتم موذنا فلا تقتلوا احدا اور مسجد کی فضیلت یہ ہے کہ وہ نماز کی جگہ ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عابدوں کے اعتکاف کرنے کا گھر ہے اور خدا کی رحمت اسمیں اترتی رہتی ہے اور مسجد کیساتھ اس کو مشابہت ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اپنے گھر سے پاک ہو کر نماز فریضہ کیلئے نکلا تو اس کا اجر ایسا ہے جیسے حج کرنے والے جو حالت احرام میں ہوں اور جو شخص چاشت کی نماز کیلئے نکلا مگر خاص اسی لئے کھڑا ہوا ہے تو اسکا ثواب عمرہ کرنیوالے کے ثواب کے برابر ہے من خرج من بیتہ متطہرا الی صلوۃ مکتوبۃ فاجرہ کاجر الحاج المحرم ومن خرج لسبح الضحی لا ینصبہ الا ایاہ فاجرہ کاجر المعتمر اور فرمایا ہے جنت کے باغوں میں جب تمہارا گذر ہوا کرے تو ہمیں چرا کرو کسی نے عرض کیا اور جنت کے باغ کیا ہیں آپ نے فرمایا مساجد اذا مررتم بریاض الجنۃ فارتعوا قیل وما ریاض الجنۃ قال المساجد اور نماز کے اوقات میں اپنے کاروبار اور اہل و عیال کے سامنے مسجد کیطرف دل کا لگانا صرف نماز کی خاطر اس شخص کے اخلاص اور اپنے پروردگار کے سامنے دلی انقیاد اور تابعداری کی دلیل ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب ایک شخص نے وضو کیا اور اچھے طور پر کیا پھر مسجد کو صرف نماز کی خاطر چلا تو اسکا جو قدم پڑتا جاتا ہے اس کی وجہ سے اس کا ایک درجہ بلند اور ایک گناہ کم ہوتا چلا جاتا ہے پھر جب اس نے نماز پڑھی تو جبتک وہ اپنی نماز میں رہتا ہے برابر فرشتے اسکے لئے دعا مانگتے رہتے ہیں کہ خدایا اس پر فضل کر خدایا اس پر رحم کر اور تم میں سے جبتک کوئی نماز کا انتظار کرتا ہے نماز ہی میں رہتا ہے اذا توضاء فاحسن الوضوء ثم خرج الی المسجد لا یخرجہ الا الصلوۃ لم یخط خطوۃ الا رفعت بہا درجۃ او حط عنہ بہا خطیئۃ فاذا صلی لم تزل الملائکۃ تصلی علیہ ما دام فی مصلاہ اللھم صل علیہ اللھم ارحمہ ولا یزال احدکم فی صلوۃ ما انتظر الصلوۃ - اور مسجد کا بنانا اعلاء کلمۃ اللہ میں تائید کرنا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح کو مسجد کو جاتا ہے یا رات کو خدا تعالے اسکے لئے جنت کی مہمانی ہر صبح کے جانے اور رات کے جانے پر تیار کرتا ہے من غدا الی المسجد او راح اعد اللہ لہ نزلہ من الجنۃ کلما غدا او راح میں کہتا ہوں اس سے معلوم ہوا کہ ہر صبح اور رات کے جانے میں ہمیشہ کی ملکیہ کیلئے تابعداری پائی جاتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص خدا تعالے کے لئے مسجد بنا دیگا خدا تعالے اس کے لئے جنت میں ایک گھر بنا دیگا من بنی للہ مسجدا بنی اللہ بیتا فی الجنۃ اسکی وجہ میرے نزدیک یہی ہے کہ اعمال کی جزا ان کی صورت پر ہوتی ہے اور وضو کئے جاتے رہنے سے نماز کے انتظار کا ثواب اسواسطے نہیں رہتا کہ جب اسکا وضو نہیں رہتا کہ جب اس کا وضو نہیں رہا تو نماز کے لئے اسکی تیاری نہیں باقی رہی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی مسجد و مسجد حرام کو ثواب کے زیادہ ہونیمیں فضیلت حاصل ہونے کی کئی وجہ ہیں ایک تو ان مواضع میں خاص خاص فرشتے مقرر ہیں جو وہاں کے باشندوں پر گھسے رہتے ہیں اور جو وہاں آتا ہے اسکے لئے دعا کرتے رہتے ہیں دوسرے ان مواضع کی آبادی شعائر الٰہی کی تعظیم اور اعلاء کلمۃ اللہ میں داخل ہے تیسرے ان مواضع میں آنے سے ائمہ دین کا حال یاد آتا ہے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بجز تین مسجدوں کے کہیں کو کجاوے نہ کھینچے جاویں مسجد حرام اور مسجد اقصے اور میری یہ مسجد میں کہتا ہوں اہل جاہلیت کا دستور تھا کہ اپنے زعم میں جن مقامات کو وہ واجب التعظیم جانتے تھے ان مقامات کی زیارت کرنے اور برکت کے لئے سفر کیا کرتے تھے اور ظاہر ہے کہ اسمیں کس قدر دین کی تحریف اور اس کا بگاڑ تھا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس فساد کے مٹانے کے لئے یہ فرمایا کہ جو چیزیں شعائر الٰہی نہیں ہیں وہ شعائر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں داخل نہ کریجائیں اور عبادت غیر اللہ کا یہ ذریعہ نہ بنجائے اور میرے نزدیک یہ بات ہے کہ اولیاء اللہ میں سے کسی کی قبر یا اسکی عبادت کرنے کی جگہ اور کوہ طور سب اسی کے اندر داخل ہونیمیں برابر ہیں۔ واللہ اعلم۔

مسجد کے آداب کے کئی طور ہیں ایک تو نفس مسجد کی عظمت کا لحاظ کرنا اور اپنے نفس کو زبردستی اس بات پر مجبور کرنا کہ دنیاوی خیالات اس سے دور ہوں اور مسجد میں داخل ہونے کے بعد مطلق التفات کے طور پر نہ رہنا چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تم سے کوئی شخص مسجد میں آوے تو اسکو بیٹھنے سے قبل دو رکعت پڑھلینی چاہئے اذا دخل احدکم المسجد فلیرکع رکعتین قبل ان یجلس۔ اور ایک مسجد کو ان چیزوں سے جنسے لوگ نفرت کرتے ہیں اور انکو ناپاک جانتے ہیں نظافت اور پاکی کا خیال رکھنا چاہیے جسکی نسبت راوی کہتا ہے کہ حکم دیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مسجد کے بنانے اور اسکے پاک صاف اور معطر رکھنے کا امر ببناء المساجد وان تنظف وتطیب۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میری امت کے اجر میرے سامنے پیش کئے گئے یہانتک کہ کوڑے کا اجر جسکو کوئی شخص مسجد سے نکال دیتا ہے عرضت علی اجور امتی حتی القذاۃ یخرجہا الرجل من المسجد اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مسجد میں تھوکنا ایک خطا ہے اور اس کا کفارہ یہ ہے کہ اس پر خاک ڈالے البزاق فی المسجد خطیئۃ وکفارتہا دفنہا اور ایک یہ ہے کہ ایسی بات کوئی نہ کرے جس سے عبادت کرنے والوں کا دل اچاٹ ہو جاوے اور بازار کا سا شور داخل نہ کرے جیسا کہ آنحضرت صلے اللہ وسلم نے فرمایا ہے اس کا ترکش روک کے اسکے نبھالیا اور فرمایا ہے جو کوئی شخص کو مسجد کے اندر اپنی گم شدہ چیز کے لئے آواز دیتا ہوا سنکو یہ کہنا چاہئے کہ خدا تیرے پاس لوٹا کر نہ لاوے اسواسطے کہ مسجدیں اسلئے نہیں بنائی گئی ہیں من سمع رجلا ینشد ضالۃ فی المسجد فلیقل لا ردہا اللہ الیک فان المساجد لم تبن لہذا۔ اور فرمایا ہے جب تم کسی شخص کو مسجد میں خرید یا فروخت کرتا دیکھو تو کہدو کہ خدا تیرے تجارت میں نفع نہ دے اذا رایتم من یبیع او یبتاع فی المسجد فقولوا لا ابرح اللہ تجارتک۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مساجد کے اندر شعر خوانی اور قصہ خوانی اور حدود کے قائم کرنے سے منع فرمایا ہے میں کہتا ہوں کہ مسجد کے اندر گم شدہ چیز کے لئے آواز دینا اسواسطے منع کیا گیا ہے کہ وہ ایک قسم کا شور اور نمازیوں اور ان لوگوں کا جو اعتکاف کے اندر ہیں دل اچاٹ کرنیوالا ہے اسلئے اسکے منع کرنے کیواسطے یہ بددعا کرنا مناسب ہوا جسمیں شور کرنیوالے کے ذلت سمجھی جاتی ہے اور بددعا میں اسکے مطلوب کے مخالف امر ذکر کیا گیا اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکی علت یہ بیان فرمائی کہ مسجدیں اسواسطے نہیں بنائی گئیں ہیں یعنی وہ تو نماز کیلئے اور خدا کی یاد کرنے کیلئے بنائی گئی ہیں اور مسجد کے اندر خرید و فروخت کرنے سے اسواسطے منع فرمایا تا کہ مسجد کو لوگ بازار نہ بنالیں اور اسمیں خرید و فروخت کیا کریں اور اسکی عظمت اور عزت ذہنوں سے نکلجاوے اور نمازیوں اور مشغلوں کا دل ہٹ جاوے اور اشعار سے منع کرنے کی بھی وجہ یہی ہے جو ہم نے بیان کی علاوہ بریں اشعار کے پڑھنے میں ذکر الٰہی سے اعراض اور نیز اوروں کو اعراض کی ترغیب پائی جاتی ہے اور قصہ کوئی اور حدود کے قائم کرنے کی ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ اسمیں شور و غل اور رونے پیٹنے کا اور نمازیوں کے دل ہٹنے کا احتمال ہے مگر وہ اشعار کہ جن میں ذکر الٰہی یا حضور نبوی کی نعت وغیرہ اور کفار کا جلانا پایا جاوے اس سے مستثنیٰ ہیں اسواسطے کہ وہ غرض شرعی ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسانؓ کو یہ دعا دی کہ

سنگتہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خدایا روح القدس سے اسکی تائید کر اللھم ایدہ بروح القدس۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کسی حائض اور جنب کیواسطے میں مسجد کو حلال نہیں کرتا انی لا احل المسجد لحائض ولا جنب میں کہتا ہوں اسکی وجہ مسجد کی تعظیم ہے اسواسطے کہ بڑی تعظیم ایک چیز کی یہ ہے کہ بغیر طہارت کے آدمی اسکے پاس نہ جاسکے کر بے وضو کے مسجد میں آنے سے ممانعت کرنیمیں جرح عظیم تھا اور جنب اور حائض کی ممانعت کرنے سے کچھ دقت نہیں ہے دوسرے یہ کہ جنب اور حائض کو نماز سے بہت بُعد ہے اور مسجد نماز ہی کے لئے موضوع ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص اس بدبودار درخت کو کھائے وہ ہماری مسجد کے پاس نہ آوے کیونکہ جس چیز سے لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے فرشتوں کو بھی اس سے تکلیف ہوتی ہے من اکل ہذہ الشجرۃ المنتنۃ فلا یقربن مسجدنا فان الملائکۃ تتاذی مما یتاذی منہ الانس میں کہتا ہوں وہ بدبودار درخت پیاز یا لہسن ہے اور ہر بدبودار چیز کا حکم یہی ہے اور فرشتوں کی تکلیف پانے کے معنی یہ ہیں کہ انکو وہ چیز بُری معلوم ہوتی ہے اور اس سے نفرت کرتے ہیں کیونکہ وہ پاکیزہ اخلاق اور پاکیزہ اور خوشبودار چیزوں کو پسند کرتے ہیں اور ان کی اضداد چیزوں سے انکو نفرت ہوتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میں سے جب کوئی شخص مسجد میں آوے تو اسکو یہ کہنا چاہئے اللھم افتح لی ابواب رحمتک پھر جب مسجد سے باہر آوے تو کہے اللھم انی اسئلک من فضلک میں کہتا ہوں جانیوالے کیلئے طلب رحمت کی تخصیص اور باہر آنیوالے کیلئے طلب فضل کی تخصیص کیوجہ یہ ہے کہ قرآن میں رحمت نفسانی اور اخروی نعمتیں مراد ہوا کرتی ہیں جیسے ولایت اور نبوت چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے ورحمۃ ربک خیر مما یجمعون ترجمہ۔ اور تیرے رب کی رحمت اس چیز سے جو وہ جمع کرتے ہیں بہتر ہے اور فضل سے دنیاوی نعمتیں مراد ہوتی ہیں جیسے فرماتا ہے فاذا قضیت الصلوٰۃ فانتشروا فی الارض وابتغوا من فضل اللہ ترجمہ۔ پھر جب نماز ہو چکے تو چلے جاؤ زمین میں اور خدا کے فضل کے طالب ہو اور جو شخص مسجد میں جاتا ہے اسکی غرض قرب الٰہی کا حاصل ہونا ہوتا ہے اور مسجد سے نکلکر پھر روزی تلاش کرنیکا وقت ہوتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا دخل احدکم المسجد فلیرکع رکعتین قبل ان یجلس ترجمہ۔ تم میں سے جب کوئی شخص مسجد میں جاوے تو بیٹھنے سے پہلے اسکو دو رکعت پڑھ لینی چاہئیں میں کہتا ہوں یہ واسطے مقرر کیا گیا ہے کہ جو مکان نماز کیلئے وضع کیا گیا ہے اسکے اندر جاتے ہی نماز نہ پڑھنا باعث حسرت ہے دوسرے ہمیں ایک امر محسوس سے نماز کیطرف رغبت ٹھیک ہو جاتی ہے اور اسمیں مسجد کی تعظیم بھی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الارض کلھا مسجد الا المقبرۃ والحمام۔ ترجمہ۔ تمام زمین سجدہ گاہ ہے سوا قبرستان اور حمام کے میں کہتا ہوں قبرستان اور حمام میں نماز پڑھنے کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کوڑے۔ مقبرہ۔ مذبح۔ راستہ۔ حمام۔ اونٹوں کے رہنے کی جگہ اور بابل کی زمین میں نماز پڑھنے سے بھی منع فرمایا ہے کیونکہ اس پر خدا یتعالےٰ کی لعنت ہو چکی ہے میں کہتا ہوں کوڑے اور مذبح میں نماز سے ممانعت کی یہ وجہ ہے کہ وہ نجاست کے مقام ہیں اور نماز کے لئے نظافت اور طہارت مناسب ہے اور مقبرہ کے اندر نماز سے ممانعت کی یہ وجہ ہے کہ لوگ وہاں نماز پڑھتے پڑھتے اولیاء اور علماء کی قبروں کی بتوں کی طرح پرستش شروع نہ کردیں اور یہ شرک جلی کی صورت ہے یا ان مواضع میں نماز پڑھنے کو زیادہ تر قربت الٰہی کا سبب سمجھنے لگیں اور یہ شرک خفی ہے اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی مراد اس کے فرمانے سے یہی ہے لعن اللہ الیھود والنصاریٰ اتخذوا قبور انبیائھم مساجد یہود و نصاریٰ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پڑھ کی لعنت ہو جنہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے سورج کے غروب اور طلوع اور استواء کے وقت نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے وہ بھی اسی کی نظیر ہے اس واسطے کہ کفار ان اوقات میں آفتاب کو سجدہ کیا کرتے تھے اور حمام میں نماز سے ممانعت کی یہ وجہ ہے کہ وہاں لوگوں کے ستر کھلتے ہیں اور لوگ آتے جاتے رہتے ہیں ان باتوں سے نمازی کا دل ہٹ جائیگا اور حضور قلب سے وہ اپنی التجا نہ کرسکیگا اور جہاں اونٹ باندھے جاتے ہیں ان مواضع میں نماز سے ممانعت کی یہ وجہ ہے کہ اونٹ ایک عظیم الجثہ جانور ہے اور جسکو پکڑ لیتا ہے۔ پھر چھوڑتا نہیں اور پھر اس کی عادت بھی یہ ہوتی ہے کہ خواہ مخواہ لوگوں کو ستاتا ہے یہ باتیں ایسی ہیں کہ وہاں کھڑا ہو کر نمازی کا دل نماز میں نہ لگیگا بخلاف ان مواضع کے جہاں بکریاں بند ہوتی ہیں اور چونکہ شرک میں نماز سے اسواسطے ممانعت کی گئی کہ اول تو راہ چلنے والوں سے اس کا دل بٹے گا اور راستہ بھی لوگوں پر تنگ ہوگا دوسرے درندے وغیرہ ادھر کو ہو کر نکلتے ہیں جیسا کہ وہاں اترنے سے نہی صریح وارد ہے اور بیت اللہ کی چھت پر نماز پڑھنے سے ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ بلا ضرورت بیت اللہ کی چھت پر چڑھنا مکروہ ہے اور اسمیں ایک طرح کی بیحرمتی ہے اور اس کا بھی یقین نہیں کہ ایسے وقت میں استقبال الی القبلہ کے معنی پائے جاتے ہیں اور جس زمین پر خسف وغیرہ یا پتھر برسانے سے خدا کی لعنت ہو چکی ہے اسمیں نماز پڑھنے سے ان چیزوں کا ہلکا سمجھنا پایا جاتا ہے دوسرے جو مقام غضب کے ہیں انسے خدا تعالیٰ کا خوف اور ہیبت کرکے دور رہنا چاہئے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ لا تدخلوا الا باکین اور وہاں جب جاؤ روتے ہوئے جاؤ۔

نمازی کے کپڑوں کا بیان

معلوم کرو کہ کپڑوں کا پہننا ایسی چیز ہے کہ اسکی وجہ سے انسان کو تمام بہائم سے امتیاز حاصل ہے اور کپڑے کا پہننا انسان کے لئے بہترین حالات میں سے ہے اور اسمیں ایک قسم کی طہارت بھی پائی جاتی ہے اور نماز کی بھی اس میں تعظیم ہے اور رب العالمین کے روبرو عرض کرنے کے آداب میں شامل ہے اور وہ خود ایک واجب چیز ہے مگر نماز کے اندر اسکو شرط کر دیا گیا ہے اس واسطے کہ نماز کے معنی کی تکمیل اس پر موقوف ہے اور شارع نے اسکی دو حدیں قرار دی ہیں ایک تو وہ حد ہے کہ اسکے بغیر چارہ نہیں اور نماز صحیح نہیں ہو سکتی اور ایک استحباب کی حد ہے پہلی حد مرد کے لئے پیشاب اور پاخانہ کا مقام ہے اور ان دونوں میں بھی پیشاب کا مقام بہت ہی زیادہ ضروری ہے اور دونوں رانیں بھی انہیں کے ساتھ ملحق ہیں اور عورت کے لئے اس کا تمام بدن ستر ہے اسواسطے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا تقبل صلوۃ حائض الا بخمار۔ حائض یعنی بالغ عورت کی نماز بدون اوڑھنی کے قبول نہیں ہوتی اور انکو دونوں مقاموں کے ساتھ اسواسطے ملحق کر دیا ہے کہ وہ بھی دونوں محل شہوت ہیں اور ایسے ہی تمام بدن عورت کا محل شہوت ہے اس وجہ سے وہ بھی انہیں کے ساتھ ملحق ہے اور لباس مستحب کی نسبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا یصلین احدکم فی الثوب الواحد لیس علی عاتقہ منہ شئی وقال اذا کان واسعا فالتحف بہ حرفیہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تم میں سے کوئی شخص ایک کپڑے میں جس وقت کہ اسکے کاندھے پر وہ کپڑا بالکل نہ ہو نماز نہ پڑھے اور فرمایا ہے اگر کپڑے میں گنجائش ہو تو اسکے دونوں طرف ادھر اُدھر ڈال لے اور اسمیں نکتہ یہ ہے کہ تمام عرب اور عجم اور تمام وہ لوگ جنکا مزاج ٹھیک نہیں انسانیت پر ہے علی اختلاف الاوضاع سب کا پورا لباس اور پوری ہیئت کی درستی اسی میں ہوتی ہے کہ انکے پشت اور کاندھے کپڑے سے ڈھک جائیں خواہ ان کے لباس کی کچھ ہی وضع کیوں نہ ہو قبا ہو یا قمیص ہو یا حلہ ہو یا کچھ ہو اور ایک مرتبہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کسی نے ایک کپڑے کے اندر نماز پڑھنے کی نسبت دریافت کیا تو انہوں نے اسکے جواب میں فرمایا کیا سب کے لئے دو کپڑے ہوا کرتے ہیں پھر حضرت عمرؓ سے دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا جب خدا گنجائش دے تو گنجائش دینا چاہیئے میں کہتا ہوں بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سدل کی نسبت دریافت کیا گیا تھا اور حضرت عمرؓ کا قول مدثانی کا بیان ہے اور ہو سکتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تحدثانی کا ہی سوال کیا گیا ہو مگر آپنے اس لحاظ سے کہ دو کپڑوں کا حکم دینے میں اگرچہ استحباب کیلئے ہی وہ شرط ہوں کسی قسم کا حرج ہو دو کپڑوں کا حکم نہیں دیا اور یہ بھی تھا کہ جس شخص کو دو کپڑے میسر نہ ہوتے اپنے زعم میں نماز اسکی مکمل نہ ہوتی کا اسکو خیال رہتا اور اسواسطے اسکی نماز غیر مکمل ہوتی اور جب حضرت عمرؓ نے یہ بات معلوم کرلی کہ احکام کے تقرر کرنے کا وقت تو گذر گیا ہے اور یہ معلوم ہو چکا تھا کہ نماز کے اندر لباس کی تکمیل مستحب ہے اسواسطے اسکے موافق یہ جواب دیدیا واللہ اعلم رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کی نسبت جس کا نماز پڑھنے میں ستر پیچھے کی جانب کو بندھا ہوا ہو انما مثل ہذا مثل الذی یصلی وہو مکتوف اس شخص کا حال ایسا ہے جسکے شانے بندھے ہوئے ہوں میں کہتا ہوں اس سے آپ نے یہ بات بتلادی کہ صورت اور لباس اور شکل کا بگاڑ لینا کراہت کا موجب ہوتا ہے میں کہتا ہوں نمازی کیواسطے ضروری ہے کہ جو چیز اسکے نماز میں خلل ڈالے اور اس سے دل بٹتا ہو خواہ اس چیز کی خوبصورتی سے یا نفس کے اترانے کیوجہ سے اسکو آپ سے علیحدہ کردے تاکہ جو نماز سے مقصود ہے وہ پورے طور پر حاصل ہو سکے اور یہودی لوگ اپنے جوتوں اور موزوں میں نماز پڑھنے کو برا جانتے تھے اسلئے اسمیں ایک قسم کی ترک تعظیم ہے کیونکہ بڑے لوگوں کے پاس جاتے وقت جوتوں کو اتار دیا کرتے ہیں چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے فاخلع نعلیک انک بالواد المقدس طوی اپنے جوتے اتار دے تو پاکیزہ میدان طوی میں ہے اور جوتے اور موزے کے اندر ایک بات اور بھی ہے وہ یہ کہ لباس کی تکمیل اس پر موقوف ہے اسلئے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے یہود کی مخالفت کی وجہ سے قیاس اول کو ترک کرکے اور دوسرے قیاس کو ہمیشہ کے لئے جاری رکھا چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خالفوا الیہود فانہم لا یصلون فی نعالہم ولا خفافہم یہود کی مخالفت کرو اسلئے کہ وہ اپنے جوتوں اور موزوں کے ساتھ نماز نہیں پڑھتے ہیں پس صحیح یہ ہے کہ جوتے پہنکر نماز پڑھنا اور ننگے پیروں نماز پڑھنا برابر ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز کے اندر سدل کرنے سے منع فرمایا ہے اور سدل کے معنی میں اختلاف ہے بعض تو کہتے ہیں اس کی صورت یہ ہے کہ آدمی اپنے اوپر ایک کپڑا اس طرح اوڑھ لے کہ ہاتھ بھی اسکے اندر ہی رہیں اور عنقریب آتا ہے اشتمال الصما یعنے بدن پر اس طرح کپڑا لپیٹ لینا کہ ہاتھ اندر رہیں بدترین لباسوں کا ہے کیونکہ ہاتھوں کا چھوٹا ہوا رکھنا عادت انسانی اور اس کی طبیعت میں داخل ہے اور یہ ہیئت بالکل اس کے خلاف ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرے اسکے اندر ستر کے کھلنے کا ہر وقت اندیشہ ہے کیونکہ بسا اوقات آدمی کو ہاتھ لمبا کرنے کی ضرورت پڑتی ہے اور اس سے ضرور ستر کھل جائیگا اور بعض کے نزدیک سدل کے معنی یہ ہیں کہ اپنے اوپر کوئی کپڑا ڈال لے اور اس کے دونوں جانب چھوڑ دیں اس سے بھی وضع اور شکل میں نقصان ہوتا ہے اور ہیئت کے پورا اور مکمل ہونے سے ہماری یہ مراد ہے کہ جسکو عرف اور عادت میں یہ کہہ سکیں کہ جو چیز لباس وغیرہ میں ہونی چاہئے اسمیں وہ سب موجود ہے کسی کی کمی نہیں ہے اور سب کے لباس کی وضع جداگانہ ہے مگر سب لباسوں میں تلاش کرنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ پورا لباس ہر ایک فرقہ کیلئے ضرور ہوتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے تو عرب کے دستور پر جو اس زمانہ میں انکے لباس کا دستور تھا حکم دیا ہے۔

قبلہ کا بیان

جب حضور نبوی صلے اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ میں تشریف لائے تو چھ یا سات مہینے تک بیت المقدس کی طرف نماز ادا کرتے رہے پھر کعبہ کی طرف منہ کرنے کا حکم ہوا اور یہ حکم ہمیشہ کے لئے مقرر ہو گیا میں کہتا ہوں اسکے اندر یہ بھید ہے کہ خدا تعالےٰ کے شعائر اور اسکے گھروں کی لوگوں پر چونکہ تعظیم کرنی واجب تھی خاصکر اس عبادت میں جو سب عبادتوں اور سب ارکان اسلام کے اصل اور شعائر دین میں سب سے زیادہ نامی شعار ہے اور خدا تعالےٰ کی رضامندی کے طالب ہونے کے لئے تقرب حاصل کرنے کی غرض سے کسی ایسی چیز کی طرف نماز میں توجہ کرنا جس کو خدا تعالےٰ کے ساتھ ایک طرح کی خصوصیت ہے باعث اجتماع خاطر اور خشوع کی حالت پر رغبت پیدا ہونے کا سبب ہے اور اقرب بحضور قلب ہے کیونکہ اسکی صورت ایسی ہے جیسے بادشاہ کے روبرو کھڑا ہو کر اپنی عرض معروض کر رہا ہے اسواسطے حکمت الہیہ کا مقتضیٰ یہ ہوا کہ تمام شرائع کے اندر نماز میں قبلہ رخ کھڑا ہونا شرط کیا جائے خواہ کوئی قبلہ ہو اور حضرت ابراہیم اور حضرت اسمٰعیل علیہما السلام اور جو انکے دین کے لوگ تھے کعبہ کی طرف منہ کیا کرتے تھے اور حضرت یعقوب علیہ السلام اور ان کی اولاد کا قبلہ بیت المقدس تھا یہ اصل تمام شرائع کے اندر مسلم ہے۔ پھر جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے اور اوس و خزرج اور یہود کے جو انکے حلیف تھے آپ نے تالیف قلوب چاہی اور انہیں لوگوں نے آپ کی مدد کی اور وہی اصل ایک امت ٹھہری جسنے اور دونکو نفع پہونچایا اور مضر اور ان کے قریب کے لوگ بڑے دشمن تھے اور تمام دنیا سے زیادہ ان کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے بغض تھا اس واسطے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے اجتہاد سے بیت المقدس کیطرف رخ کرنیکا حکم دیا اسواسطے کہ عبادات میں اصل یہ ہے کہ جس امت میں سہولت ہو جاتی ہے اور جن لوگوں نے آپکی معاونت کی ہے اور جنکو خدا تعالےٰ نے لوگوں کیلئے گواہ مقرر کیا ہے انکے اوضاع اور طریقوں کا لحاظ کیا جائے اور وہ لوگ اسوقت میں اوس و خزرج ہی تھے اور یہود کے علوم کو وہ بہت ہی مانتے تھے ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے آیہ فاتوا حرثکم انی شئتم۔ کی تفسیر میں اس کو بیان کیا ہے اور کہا ہے یہ انصار کا گروہ تو بت پرست تھا اور جن لوگوں کے وہ ساتھی تھے یعنی یہود کے وہ اہل کتاب تھے تو یہ لوگ یہودیوں کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے اوپر فضیلت سمجھتے تھے اور بہت سے کاموں میں انکا اقتدا کرتے تھے اخیر حدیث تک اور یہ شرائع کی رو سے یہ باتیں کہ محل حقہ کے موافق ہوں یعنی ان باتوں کے جو لوگوں نے اپنی طرف سے تحریفات اور تغیرات کرکے کتابوں میں لکھ لی ہیں اگر ایک بات واقعی اور محل حقہ کے موافق ہوتی ہے تو لوگوں کے قلب اس سے انکار نہیں کرتے اور ایسے وقت میں انکے اوپر اقامت حجت پورے پورے طور پر ہو سکتی ہے اور یہودی برابر آسمانی کتاب کو بیان کرتے رہتے تھے اور اسپر عمل کرتے تھے پھر خدا تعالے نے اپنی آیات کو محکم اور مضبوط کیا اور اسکی نسبت جو چیز زیادہ تر مصلحت کے موافق تھی اور قوانین تشریع کے اعتبار سے زیادہ تر پائدار تھی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو وحی قلب کے اندر القا فرما کر اس سے مطلع کر دیا اور اسکی وجہ سے آپکو اس بات کی تمنا پیدا ہو گئی کہ کعبہ کی طرف منہ کرنے کا حکم ہو جائے اور آپ اسی آرزو میں تھے کہ حضرت جبرئیل یہ حکم لے کر ہوں آسمان کیطرف منہ کرکے ادھر ادھر دیکھا کرتے تھے اور پھر دوبارہ اللہ پاک نے قرآن کے اندر نازل فرما کر اس سے مطلع کر دیا اور وجہ اسکی یہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ان لوگوں میں مبعوث ہوئے جو ملت اسماعیلیہ پر چلتے تھے اور خدا تعالے کے علم میں یہ امر پہلے سے ہی مقدر تھا کہ وہی لوگ اس دین کے حامی اور مددگار ہونگے اور رسول کے بعد لوگوں پر خدا تعالے کے گواہ وہی لوگ ہونگے اور اسکی امت کے خلیفہ وہی بنینگے اور یہودیوں سے قدر قلیل ہی ایمان لائینگے اور عرب کے نزدیک کعبہ شعائر الٰہی میں سے ایک شعار ہے انکے ادنے اور اعلے کے دل میں یہ بات سمائی ہے اور کعبہ کیطرف منہ کرنا انکا طریقہ برابر چلا آتا ہے پھر اس سے منہ پھیرنے کی کیا وجہ اور چونکہ قبلہ کو رخ کرنا نماز کی صرف تکمیل کیلئے شرط ہے اور ایسی شرط نہیں ہے کہ نماز کا اصل نفع بدوں اس شرط کے حاصل ہونا غیر ممکن ہو اس واسطے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے متعلق جو تاریکی رات میں نکل سے قبلہ کو کھڑا ہو کر نماز پڑھا اور فی الحقیقت اسکا منہ قبلہ کو نہ ہوا اللہ پاک کا یہ فرمان پڑھ دیا فاینما تولوا فثم وجہ اللہ جسطرف تم متوجہ ہو خدا کی ذات وہیں ہے جس سے آپنے اس بات کیطرف اشارہ کر دیا کہ ضرورت کیوقت اسطرح انکی نماز جائز ہو جاتی ہے

سترہ کا بیان

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لو یعلم المار بین یدی المصلی ماذا علیہ لکان ان یقف اربعین خیرا لہ من ان یمر بین یدیہ۔ نماز پڑھتے ہوئے کے سامنے ہو کر جو شخص گذرتا ہے اگر اسکو یہ معلوم ہو جاوے کہ اس پر کیا وبال لازم آتا ہے تو چالیس تک یعنی چالیس سال تک اسکو کھڑا رہنا اسکے سامنے ہو کر گذرنے سے بہتر معلوم ہو میں کہتا ہوں اسمیں یہ بھید ہے کہ نماز شعائر الٰہی میں سے ہے اور اسکی تعظیم واجب ہے اور چونکہ نماز سے اس حالت کیساتھ تشبیہ مقصود ہے جو غلام کو اپنے مولا کے سامنے سکون اور خاموشی کے ساتھ خدمت کیلئے کھڑے ہوتے وقت ہوا کرتی ہے اسواسطے نماز کی ایک تعظیم یہ بھی مقرر کیگئی کہ کوئی گذرنیوالا نمازی کے سامنے ہو کر نہ گذرے کیونکہ آقا اور اسکے غلاموں کے درمیان سے جو دست بستہ اسکے سامنے کھڑے ہوئے ہیں گذرنا سخت بے ادبی ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان احدکم اذا قام فی الصلوۃ فانما یناجی ربہ من القبلتہ الحدیث۔ جب تم میں سے نماز کیلئے کوئی کھڑا ہوتا ہے تو وہ اپنے رب سے عرض معروض کیا کرتا ہے اور اسکا رب اسکے اور قبلہ کے درمیان ہوتا ہے اور اسکے ساتھ ایک بات یہ بھی کہ نماز نفی کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سامنے گذرنے سے اُس کا دل اکثر بٹ جاتا ہے سو اسلئے نمازی کو اُسکے ہٹا دینے کا استحقاق حاصل ہوتا ہے چنانچہ حدیث شریف میں آیا ہے فلیقاتلہ فانہ شیطان۔ تو اُس کو مار دینا چاہیئے میں کہتا ہوں اس حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ بعض اور شروط کے نماز کی صحت کے لئے ایک شرط یہ بھی ہے کہ سامنے سے وہ جگہ عورت اور گدھے اور کتے سے خالی ہو کیونکہ وہ شیطان ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یقطع الصلوٰۃ المراۃ والحمار والکلب الاسود عورت اور گدھا اور سیاہ کتا نماز کو تباہ کر دیتے ہیں اور اسمیں یہ بھید ہے کہ نماز سے مناجات اور رب العالمین کے روبرو کھڑا ہونا منظور ہوتا ہے اور عورت کے پاس ہو کر گذر جانا اور عورت کے ساتھ صحبت اور اختلاط ایسی چیزیں ہیں جو اس حالت کے بالکل حالت پیدا کرنے کے اکثر باعث ہوتی ہیں اور کتے کے شیطان ہونے کی وجہ ہم بیان کر چکے ہیں خاصکر سیاہ کتا کیونکہ اس کا مزاج تو اور کتوں سے بھی خراب ہوتا ہے اور گدھا بھی منزلہ شیطان کے ہی ہے کیونکہ بسا اوقات لوگوں کے سامنے اپنے مادہ سے وہ مشغول ہو جاتا ہے اور کبھی خود بھی اُسکے آلہ کو حرکت ہوتی رہتی ہے لہذا نماز کے اندر اُسکا دیکھنا غالباً اس حالت کے اندر مخل ہوگا جو نماز سے مقصود ہوتی ہے مگر حفاظ صحابہ اور فقہاء صحابہ نے جنمیں سے حضرت علیؓ اور حضرت عائشہؓ اور حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابوسعیدؓ وغیرہم بھی ہیں اس حدیث پر عمل نہیں کیا ہے اور انہوں نے اس حدیث کو منسوخ سمجھا ہے اگرچہ اُس کی منسوخیت پر جو انہوں نے استدلال قائم کیا ہے اسمیں کچھ کلام ہے اور یہ ان مواضع میں سے ایک ہے جن میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرنے کے دو مختلف طریقے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا وضع احدکم بین یدیہ مثل مؤخرۃ الرحل فلیصل ولا یبال من مر وراء ذلک تم میں سے جب کوئی اپنے سامنے کجاوے کے پشتے کے برابر کوئی چیز رکھ لے تو پھر وہ نماز پڑھے اور اُس سے پرے جو کوئی گذرے اسکی کچھ پروہ نہ کرے میں کہتا ہوں چونکہ طلقاً گذرنے سے ممانعت کرنے میں حرج عظیم تھا اسواسطے آپ نے سترہ کے کھڑا کرنیکا حکم دیا مگر ظاہر میں نماز کی زمین سے علیحدہ ہو جائے اور پاس سے گذرنا بھی ایسا سمجھا جائے جیسے دور سے گذرنا۔

اُن اُمور کا بیان جو نماز کے اندر ضروری ہیں

معلوم کرو کہ نماز کے اندر تین چیزیں اصل ہیں دل سے خدا کے سامنے پست ہو جانا۔ اور زبان سے اُسکا ذکر کرنا اور بدن سے غایت درجہ خدا تعالیٰ کی تعظیم کرنا۔ یہ تین چیزیں ایسی ہیں کہ تمام ملتوں کا اس بات پر کہ یہ چیزیں نماز کے اندر ہوتی ہیں اتفاق کر لیا ہے اگرچہ انکے سوا اور باتوں میں انکے اندر باہم اختلافات ہیں اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اندا کیوقت جہاں کہیں معافی دی ہے اُنکے سوا میں دی ہے اور اُن کے اندر کہیں معافی نہیں دی اور وتر کے اندر آپ نے فرمایا ہے وان لم تستطع فاومِ ایماءً۔ اور اگر تجکو طاقت نہ ہو تو اشارہ کر لے اشارہ۔

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے چاہا کہ نماز کی انکے واسطے دو حدیں مقرر کیجائیں ایک تو وہ حد کہ اُسکے اندر کمی کرنے سے نماز سے عہدہ برائی نہ ہو سکے اور ایک وہ حد کہ جس سے نماز کامل اور پوری پوری مفید ہو سکے حد اول میں تو وہ باتیں ہیں کہ اگر انمیں سے کوئی باقی رہ جائے تو نماز کا اعادہ کرنا واجب ہو اور وہ باتیں کہ انکے ترک کرنے سے نماز میں نقص لازم آتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور عادہ واجب نہیں ہوتا اور وہ باتیں کہ اُنکے ترک کرنے سے تارک سنت ملامت کا مستحق ہوتا ہے اگرچہ نماز کے اندر نقص پیدا ہو نہ بکا یقین نہیں ہوتا اور تینوں مراتب کے اندر فرق بہت مشکل ہے اور اسکے اوپر کوئی نص صریح یا اجماع نہیں ہے مگر کہیں برائے نام یہی وجہ ہے کہ فقہا کے اندر بہت بڑا اختلاف ہو پڑا اور اصل سبب اسی شخص کے متعلق جس نے بُرے طور پر نماز پڑھی تھی تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا ارجع فصل فانک لم تصل مرتین او ثلثا۔ لوٹ جا اور پڑھ کیونکہ تو نے نماز نہیں پڑھی دو مرتبہ یا تین مرتبہ پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا اذا قمت الی الصلوٰۃ فاسبغ الوضوء ثم استقبل القبلۃ فکبر ثم اقرأ بما تیسر معک من القرآن ثم ارکع حتی تطمئن راکعا ثم ارفع راسک حتی تستوی قائما ثم اسجد حتی تطمئن ساجدا ثم ارفع حتی تطمئن جالسا ثم اسجد حتی تطمئن ساجدا ثم ارفع حتی تطمئن جالسا ثم افعل ذلک فی صلوتک کلھا۔ جب تو نماز کے لئے اُٹھے تو پورا پورا وضو کر پھر قبلہ رو کھڑا ہو کر تکبیر کہہ پھر تجھے جسقدر میسر ہو قرآن پڑھ پھر رکوع کر تاکہ اطمینان سے رکوع ہو جاوے پھر اپنا سر اوپر کو اُٹھا تاکہ بالکل سیدھا کھڑا ہو جاوے پھر اطمینان کے ساتھ سجدہ کر پھر سجدے سے اُٹھکر اطمینان کے ساتھ بیٹھ جا پھر اطمینان کے ساتھ سجدہ کر پھر سجدہ سے اُٹھکر اطمینان سے بیٹھ جا اور تمام اپنی نماز میں اسی طرح کر اور ترمذی کی روایت میں اسکے ساتھ یہ بھی ہے فاذا فعلت ذلک فقد تمت صلوتک وان انتقصت منہا انتقصت من صلوتک۔ پس تو نے جب یہ کیا تب تو تیری نماز پوری ہوئی اور اگر اُس سے کچھ گھٹایا تو اپنی نماز میں سے تو نے گھٹا دیا۔ ترمذی نے بیان کیا ہے بہ نسبت پہلی روایت کے جسمیں یہ زیادتی نہیں ہے اس روایت میں اُنکے لئے آسانی ہے کیونکہ اس روایت کے موافق ان باتوں میں سے کسی بات کی کمی کرنے سے اگرچہ نماز ناقص ہوئی مگر ہو تو گئی یہ نہیں کہ بالکل نماز نہیں ہوئی۔

اور ایک حد اول میں وہ چیزیں داخل ہیں جنکو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے رکنیت کے لفظ سے بیان فرمایا ہے جیسے آپ نے فرمایا ہے لا صلوٰۃ الا بفاتحۃ الکتاب بغیر فاتحۃ الکتاب کے نماز نہیں ہوتی اور فرمایا ہے لا یجزی صلوٰۃ الرجل حتی یقیم ظھرہ فی الرکوع والسجود جب تک رکوع و سجود میں آدمی کی پشت سیدھی نہ ہو جائے آدمی کی نماز پوری نہیں ہوتی اور ایک وہ باتیں داخل ہیں کہ جنکے ساتھ شارع نے نماز کو تعبیر فرمایا ہے کیونکہ اس سے ان چیزوں کی نماز کا رکن ہونے پر تنبیہ بلیغ پائی جاتی ہے جیسے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من قام رمضان اور فرمایا ہے فلیرکع رکعتین اور اللہ پاک فرماتا ہے وارکعوا مع الراکعین۔ اور فرماتا ہے واذ بار السجود۔ اور فرماتا ہے قوموا للہ قانتین اور ہر ایک وہ باتیں جنکو اس طور سے بیان کیا ہے کہ انکا ضروری ہونا مفہوم ہوتا ہے جیسے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تحریمہا التکبیر وتحلیلہا التسلیم اور آپ نے فرمایا ہے فی کل رکعتین التحیۃ اور تشہد کے بارے میں آپ نے فرمایا ہے اذا فعلت ذلک تمت صلوتک اور اسی طرح کی بہت سی حدیث ہیں اور ایک وہ اور اسمیں داخل ہیں کہ نماز کے اندر اُنکے ضروری ہونے میں مسلمانوں کا اختلاف نہیں ہے اور برابر وہ امور انمیں جاری رہے اور ترک کرنیوالے پر ملامت ہوتی رہی۔ الحاصل نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے نماز کے اندر جو بالتواتر ثابت ہے اور امت کو برابر پہونچتا رہا ہے وہ یہ ہے کہ طہارت کرے ستر عورت کرے اسکے بعد کھڑا ہو اور منہ قبلہ کی طرف کرکے اور خالص نیت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خدا تعالیٰ کی جانب متوجہ ہو کر زبان سے اللہ اکبر کہے اور سورہ فاتحہ پڑھکر پھر فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں کوئی سورۃ اور اُس کے ساتھ پڑھے پھر رکوع کرے اور اسقدر جھک جاوے کہ انگلیوں کی پوروں سے گھٹنوں کو چھو سکے اور اطمینان سے رکوع کرے پھر رکوع سے سر اٹھا کر اطمینان کے ساتھ کھڑا ہو جاوے پھر اعضائے استکانہ کیساتھ اطمینان سے سجدہ کرے یعنی دونوں ہاتھ اور دونوں پیر اور دونوں گھٹنے اور منہ پھر سجدے سے سر اٹھا کر بیٹھ جاوے پھر اسی طرح دوبارہ سجدہ کرے یہ سب ایک رکعت ہوئی پھر دوسری رکعت کی بعد بیٹھکر التحیات پڑھا کرے اور پھر جب اخیر رکعت ہو تو نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر التحیات کے بعد درود پڑھے اور اسکے بعد کوئی دعا جو اُسکو پسند ہو پڑھے اسکے بعد جو اُسکے قریب فرشتے یا آدمی ہیں اُنکے اوپر سلام کہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی نماز یہ ہے باقی رہی کسی نماز فرض کے اندر یہ بات ثابت نہیں کہ ان امور میں سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کوئی امر نماز میں ترک کیا ہو اور تمام صحابہ اور تابعین اور اُن کے بعد جتنے ائمہ مسلمین گذرے ہیں سب اسی طرح نماز پڑھتے تھے اور برابر سب یہ لوگ انہیں افعال کا نام نماز اور اُسکو ضروریات دین میں سے کہتے چلے آئے ہیں البتہ فقہا کا چند امور میں اس بات کے اندر اختلاف ہو گیا ہے کہ وہ آیا نماز کے ارکان ہیں کہ بدوں اُنکے نماز کا کچھ اعتبار نہیں یا نماز کے واجبات ہیں جن کے ترک کرنے سے نماز میں نقصان آجاتا ہے یا اُسکے اجزا میں سے ہیں جنکے ترک کرنے سے تارک ملامت کا مستحق ہوتا ہے اور سجدہ سہو سے اُسکا نقصان پورا ہو جاتا ہے اور اصل اُسکی یہ ہے کہ دل کے اندر خدا تعالیٰ کیلئے خضوع کا ہونا اور اُسکی طرف توجہ کا بطور تعظیم اور رغبت اور خوف کے ہونا ایک پوشیدہ امر ہے خارج میں اُسکے واسطے کوئی امر ہونا چاہیے جس سے اُسکا انضباط ہو سکے اسلئے دو چیزوں کے اندر نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اُسکو منضبط کیا ایک تو یہ کہ اپنا منہ اور بدن قبلہ کی طرف کر کے کھڑا ہووے اور دوسرے یہ کہ زبان سے اللہ اکبر کہنے کے واسطے کہ انسان کی جبلت میں یہ بات داخل ہے کہ جب اُسکے دل میں کوئی بات جمتی ہے تو اسکی زبان اور تمام اعضا اُسی کے موافق حرکت کرتے ہیں چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان فی جسد ابن آدم مضغۃ الحدیث۔ آدمی کے بدن میں ایک ٹکڑا ہے جب وہ درست ہوتا ہے تو تمام بدن درست ہوتا ہے اخیر تک اسلئے زبان اور باقی اعضا کا فعل دل کی حالت پر قرینہ قویہ اور اُسکا قائم مقام ہوتا ہے ایسی بات چیز سے دلی حالت کا انضباط ہو سکتا ہے اور چونکہ جناب باری تعالیٰ جہت وغیرہ سے پاک ہے اسواسطے اُسکے گھر کی طرف اور اُس کی طرف جو اُس کا بڑا شعار ہے توجہ کرنا خدا تعالیٰ کی طرف توجہ کرنیکا قائم مقام ہوا چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اقبلوا الی اللہ بوجھہ و قبلہ۔ درانحالیکہ اپنے منہ اور دل سے خدا کی طرف متوجہ ہو اور چونکہ اللہ اکبر کا لفظ دلی انقیاد اور دلی تعظیم پر بہت صاف صاف دلالت کرتا ہے اس واسطے توجہ قلبی کے قائم مقام کرنے کے لئے کوئی لفظ اُس سے زیادہ مناسب نہ تھا اور اس کے اندر اور وجوہ بھی پائے جاتے ہیں از انجملہ یہ ہے کہ بیت اللہ کی تعظیم کی جہت سے اسکی طرف منہ کرنا واجب ہے مگر نماز کے ساتھ ساتھ اُس کو اسواسطے مقرر کیا گیا ہے کہ نماز سے اُس کی تکمیل ہو جاوے اور نماز کی اُس سے۔ از انجملہ یہ ہے کہ قبلہ کو منہ کرنا دین حنیفی کی بڑی مشہور پہچان ہے جس کی وجہ سے آدمی اوروں سے متمیز ہو سکتا ہے اسلئے ضروری ہوا کہ ایسی چیز اسلام کے اندر داخل ہونے کی علامت مقرر کی جائے اس وجہ سے ایک بڑے نامی اور عظیم الشان عبادت کے ساتھ اُسکو مقرر کیا چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من صلی صلوتنا و استقبل

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قبلتنا واکل ذبیحتنا فذلک المسلم الذی لہ ذمۃ اللہ وذمۃ رسولہ۔ جو شخص ہماری سی نماز پڑھے اور ہمارے قبلہ کو منہ کرے اور ہمارے ذبیحہ کو کھالے تو وہ مسلمان ہے جسکا خدا اور اُسکا رسول ذمہ دار ہے ازانجملہ یہ کہ کھڑا ہونا جب ہی تعظیم سمجھا جاتا ہے جب سامنے کو منہ کرکے کھڑا ہو۔ ازانجملہ یہ ہے کہ ہر حالت کے لئے جو اور حالتوں سے احکام کی اندر جدا حالت ہو ایک ابتداء اور ایک انتہا ہوا کرتی ہے اُسکی نسبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تحریمہا التکبیر وتحلیلہا التسلیم۔ نماز کی تحریم اللہ اکبر کہنا ہے اور اُس سے باہر آنا سلام پھیرنا ہے۔ جسمانی تعظیم کے اندر اصل تین باتیں ہیں ایک تو سامنے کھڑا ہونا اور ایک رکوع اور ایک سجدہ اور عمدہ تعظیم وہ ہے جو سب کی جامع ہو اور خضوع کے لئے نفس کی تنبیہ مناسب طور پر اسی طرح ہو سکتی ہے کہ تعظیم کی ادنیٰ حالت سے اعلیٰ حالت کیطرف بتدریج انتقال کیا جائے اور اعلیٰ درجے کی تعظیم سجدہ کرنا ہے بلکہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ مقصود بالذات سجدہ ہے اور باقی قیام اور رکوع اُسکے لئے واسطہ ہیں اسواسطے ضروری ہوا کہ اُسکو کما حقہ ادا کیا جاوے اور اُس کی صورت یہی ہے کہ دو مرتبہ اُسکو ادا کریں اور ایک ذکر الٰہی تھا اُسکے اندر بھی وقت کا مقرر کرنا ضروری ہے اس لئے کہ وقت کی تعیین سے لوگوں کے دل اس چیز کو خوب مان لیتے ہیں اور دلوں کو جمعیت رہتی ہے اور پھر یہ جھگڑا بھی نہیں رہتا کہ ہر شخص اپنی رائے کے موافق چلے خواہ اسمیں بہتری ہو یا قباحت ہو اور اُنکے حوالے اگر کیا ہے تو ادعیہ نافلہ کو کیا ہے جنسے علی العموم لوگ مخالف نہیں ہیں بلکہ جو سبقت چاہے وہ اُسی کے لئے ہیں علاوہ بریں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بدون تعیین اوقات کے اُنکو بھی نہ چھوڑا ہے اگرچہ وہ تعیئیں بطور استحباب کے ہے اور جب تعیئیں اوقات ضروری ٹھیری تو فاتحہ سے بڑھکر کوئی چیز اُسکے لئے مناسب نہیں ہے کیونکہ وہ ایک جامع دعا ہے خدا تعالےٰ نے بندوں کی طرف سے گویا اُنکو اس بات کی تعلیم کرنے کے لئے نازل فرمایا ہے کہ ہماری حمد وثنا اس طرح کیا کرتے ہیں اور اس طرح خاص ہم سے استعانت اور خاص ہمارے لئے عبادت کا اقرار کیا کرتے ہیں اور اس طرح وہ راستہ جو ہر قسم کی بہتری کا جامع ہو مانگا کرتے ہیں اور اُن لوگوں کے طریقے سے جن پر ہمارا غضب ہوا ہے اور جو گمراہ ہیں پناہ مانگتے ہیں اور بہتر دعا وہی ہوتی ہے جو جامع ہوتی ہے اور چونکہ دین کے اندر قرآن کی تعظیم اور اُسکی تلاوت واجب ہے اور اس سے بڑھکر کوئی تعظیم کی صورت نہیں کہ جو اسلام کا رکن اعظم اور عبادات میں اصل اور شعائر دین میں بڑا نامی شعار ہے اُس کے اندر قرآن کو معین کیا جائے اور اس کی تلاوت خود ایک مستقل عبادت تھی جس سے نماز کی تکمیل اور اُسکا اتمام متصور تھا اس وجہ سے قرآن کی کسی سورۃ کا پڑھنا اُنکے واسطے کیا گیا اسلئے کہ سورت ایک پورا کلام ہے جسکی بلاغت سے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منکرین نبوت کو عاجز کر دیا دوسرے یہ کہ ہر سورت اپنی ابتدا اور انتہا کیوجہ سے ایک جدا کلام ہوتا ہے اور ہر سورت کا اسلوب جدا جدا ہے اور چونکہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بعض مرتبہ سورت کے ایک ٹکڑے کو بھی نماز میں پڑھا ہے اسلئے تین چھوٹی آیات یا ایک بڑی آیت کو بھی اُسی کے حکم میں داخل کیا ہے اور چونکہ کھڑا ہونا بھی قسم قسم کا ہے اور سب لوگ ایک طرح سے کھڑے نہیں ہوتے کوئی نیچے کو سر ڈالکر کھڑا ہوتا ہے کوئی جھک کر کھڑا ہوتا ہے اور عرف میں سب یہ کھڑے ہونے میں داخل ہے اسواسطے شارع کو جو انحنا یعنی جھکنا مقصود ہے اُسکو قیام سے متمیز ہونے کی حاجت ہے اندا رکوع کیساتھ اُسکو متمیز کر دیا جو اسقدر جھکنے کا نام ہے کہ گھٹنوں کی پوریں گھٹنوں تک پہونچ جائیں اور چونکہ رکوع وسجدہ اُسی وقت میں تعظیم پر دلالت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرسکتے ہیں کہ کچھ دیر آدمی اس حالت پر ٹھیرا رہے اور پروردگار عالم کے روبرو اپنے آپ کو پست کرے اور اسکا دل اس حالت کے اندر اس تعظیم سے خبردار ہوجاوے اسواسطے اسکو ایک رکن لازم قرار دیا گیا اور چونکہ سجدہ کرنا اور پیٹ کے بل لیٹ جانا اور جو چیزیں اس کے قریب قریب ہیں سب کے اندر سر کا زمین پر رکھنا پایا جاتا ہے مگر تعظیم صرف سجدہ کے اندر ہی پائی جاتی ہے اس واسطے کوئی ما بہ الفرق مقرر کرنا ضروری ہوا۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا امرت ان اسجد علی سبعۃ اراب الحدیث مجھکو سات اعضا سے سجدہ کرنیکا حکم ہے آخر تک اور چونکہ جب آدمی سجدہ کرنا چاہتا ہے۔ تو سجدہ تک پہنچنے کیلئے اسکو جھکنا ضرور ہوتا ہے اور وہ جھکنا رکوع نہیں ہوتا بلکہ صرف سجدہ میں پہنچنے کا ذریعہ ہوتا ہے اسلئے ضرورت ہوئی کہ رکوع اور سجدے میں ایک تیسرا فعل جو ان دونوں سے جدا ہے انکے بیچ میں لایا جاوے تاکہ رکوع سجدے سے اور سجدہ رکوع سے علٰحدہ ہوکر ہر ایک مستقل عبادت ٹھیرے اور ہر ایک کیلئے نفس کا ارادہ جدا ہووے تاکہ نفس کو ہر ایک کے اثر معلوم کرنے میں تنبیہ بھی جداگانہ پائی جاوے اور وہ تیسرا فعل قومہ ہے اور دو سجدے بھی آپس میں اسیوقت متمیز ہوسکتے ہیں کہ جب ایک تیسرا فعل ان کے درمیان میں حائل ہوجاوے اسلئے دو سجدوں کے درمیان میں جلسہ مقرر کیا گیا اور چونکہ قومہ اور جلسہ بدون اطمینان کے ایک طرح کا کھیل ہے اور آدمی کے ہلکا پن پر دلالت کرتا ہے جو شان عبادت کے بالکل خلاف ہے لہذا ان دونوں کو بھی اطمینان کے ساتھ ادا کرنے کا حکم دیا گیا اور چونکہ نماز سے طہارت کو زائل کرکے باہر آنا یا اور کوئی اس قسم کا فعل کرکے نماز سے باہر آنا جو نماز کا فاسد اور باطل کرنیوالا ہو ایک قبیح اور مستنکر اور تعظیم کے منافی تھا اور ایسے فعل کا ہونا بھی ضرور تھا جس پر نماز کا اتمام ہوجاے اور جو افعال نماز کے اندر حرام تھے وہ حلال ہوجائیں اور اگر وہ کوئی خاص فعل مقرر نہ کیا جاتا تو ہر شخص اپنی اپنی خواہش پر چلنے لگتا لہذا ضرور ہوا کہ ایسے ہی کلام سے نماز سے باہر آیا کریں جو لوگوں کے کلام میں بہترین کلام ہو یعنی سلام اور یہ بات واجب کردیجاے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وتحلیلہا التسلیم اور اس سے باہر آنا سلام بھیرنا ہے اور صحابہ نے اس بات کو پسند کیا تھا کہ سلام سے قبل یہ پڑھا کرتے تھے السلام علی اللہ قبل عبادہ السلام علی جبرائیل السلام علی فلان۔ خدا کے اوپر اسکے بندوں سے پہلے سلام۔ جبرائیل کے اوپر سلام فلان کے اوپر سلام تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے التحیات کیساتھ اسکو بدل دیا اور اس بدلنے کی وجہ بھی آپ نے اس طور پر بیان فرمائی لا تقولوا السلام علی اللہ فان اللہ ہو السلام یہ مت کہو کہ خدا کے اوپر سلام کیونکہ خدا تعالیٰ کا تو نام ہی سلام ہے یعنی سلامتی کی دعا اس شخص کے لئے مناسب ہے کہ باعتبار ذات کے عدم اور اسکے لواحق سے وہ سالم نہ ہو پھر نبی کیواسطے آپ نے سلام کو مقرر کیا تاکہ نبی کی یاد دلسے نہ بھلائیں اور اسکی رسالت کا اقرار کرتے رہیں اور کچھ کچھ اسکا حق بھی ان سے ادا ہوجاے پھر اس قول میں السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین ہم پر سلام اور خدا کے نیک بندوں پر سلام سلام کی تعمیم کردی اور آپ نے فرمایا ہے جب بندے کی یہ زبان سے نکلا تو ہر نیک بندے کو جو آسمان و زمین میں ہے یہ پہنچ جاویگا پھر تشہد کا حکم دیا کیونکہ وہ اعظم الاذکار ہے اور فرمایا کہ پھر جو اس کو پسند ہو وہ دعا کرے۔ یہ اس واسطے کہ نماز سے فارغ ہونے کا وقت دعا کرنے کا وقت ہے کیونکہ نماز پڑھنے کی وجہ سے رحمت الٰہی اسپر چھا جاتی ہے اور ایسی حالت میں دعا مستجاب ہوا کرتی ہے اور دعا کے آداب میں سے پہلے جناب باری کی حمد و ثنا کرنا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

توسل کرتا ہے تاکہ مستجاب ہو جائے پھر اسی پر تعیین ہو گیا اور تشہد نماز کیلئے رکن ٹھیر گیا کیونکہ اگر یہ امور نہ پائے جائیں تو نماز سے آدمی ایسے فارغ ہوا کرے جسطرح کسی کام سے اعراض کرنیوالا تمام کرتا ہے یا اسکے تمام کرنے سے اسکو ندامت ہوتی ہے اور اس مقام کے متعلق بہت سے وجوہ ہیں بعضے ظاہر اور بعضے پوشیدہ انہیں وجوہ مذکورہ کو کافی سمجھکر ہم نے انکا ذکر نہیں کیا الحاصل جو شخص ہمارے کلام میں فکر کریگا اور جو قواعد سابقاً ہم نے بیان کئے ہیں انکا خیال کریگا تو اسکو یہ بات معلوم ہو جائیگی کہ نماز اسی طرح ہونی مناسب تھی اور اسکے سوا کوئی بہتر اور کامل صورت نماز کی عقل کے تصور میں نہیں آسکتی اور یہ اسکو یقین ہو جائیگا کہ غنیمت حاصل کرنیوالے کیلئے نماز ایک غنیمت کبریٰ ہے اور چونکہ تھوڑی سی نماز کا کچھ معتد بہا فائدہ نہیں ہو سکتا اور بہت سی نماز لوگوں پر بہت گراں ہوتی اور انکو ادا کرنا دشوار پڑجاتا اسواسطے حکمت الٰہیہ کا مقتضی ہوا کہ کم از کم دو رکعت انکے لئے مقرر کیجائیں پس دو رکعت نماز کا کم درجہ قرار پایا اسی واسطے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فی کل رکعتین التحیۃ ہر دو رکعت کے التحیات ہے اور یہاں ایک بڑا بھاری بھید ہے وہ یہ ہے کہ تمام حیوانات اور نباتات کے اشخاص اور افراد کے پیدا کرنے میں خدا تعالےٰ کی عادت جاری ہے کہ ہر فرد کے دو ٹکڑے ہوتے ہیں اور وہ دونوں ملکر ایک شے کو پیدا کرتی ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے واشفع والوتر اور جفت کے اور طاق کے حیوان کی دو طرفین تو معلوم ہی ہوتی ہیں اور بسا اوقات ایک طرف کو کچھ مرض وغیرہ لاحق ہو جاتا ہے اور دوسری طرف اس سے محفوظ رہتی ہے جیسے فالج کے اندر اور نباتات کے اندر گٹھلی اور تخم کی دو طرف ہوتی ہیں اور جب شروع شروع کوئی درخت اگتا ہے تو دو ہی پتے نمودار ہوتے ہیں یہ ہر ایک پتا انہیں دونوں گٹھلی اور تخم کی ایک ایک طرف کی میراث ہوتا ہے پھر اسی طور سے انکا نشو و نما ہو جاتا ہے جناب باری کا یہی قانون عالم خلق سے عالم تشریع کیطرف حظیرۃ القدس کے اندر منتقل ہوا کیونکہ تدبیر خلق کی فرع ہے اور پھر حظیرۃ القدس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب میں اسکا انعکاس ہوا پس اصل نماز ایک رکعت ہے اور تمام نمازوں میں دو رکعت سے کم کوئی نماز نہیں مقرر کی گئی اور وہ دو رکعتیں باہم بمنزلہ ایک چیز کے کر دی گئی ہیں حضرت عائشہ صدیقہ کا قول ہے فرض اللہ الصلوٰۃ حین فرضہا رکعتین رکعتین فی الحضر والسفر فاقرت صلوٰۃ السفر وزید فی صلوٰۃ الحضر وفی روایۃ۔ الا المغرب فانہا کانت ثلثا۔ اللہ پاک نے جب نماز کو مقرر فرمایا ہے حضر و سفر میں دو دو رکعت مقرر فرمایا ہے پھر سفر کی نماز بدستور رہی اور حضر کی بڑھا دی گئی اور ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ بجز مغرب کے کہ وہ تین ہی رکعت تھیں میں کہتا ہوں عدد رکعات کے اندر اصل یہ ہے کہ فرض جو کسی صورت میں ساقط ہی نہ ہو سکے وہ گیارہ رکعتیں ہیں اور یہ اسواسطے کہ حکمت الٰہیہ اس بات کی مقتضی ہوئی کہ دن و رات میں کوئی عدد مبارک متوسط درجہ کا مقرر ہونا چاہئے کہ نہ تو وہ بہت ہو جو تمام مکلفین پر اس کا ادا کرنا دشوار ہو جائے اور نہ بہت کم ہو کہ جسکے سبب سے نماز کا فائدہ حاصل نہ ہو سکے اور سابق میں یہ بات تم کو معلوم ہی ہو چکی ہے کہ تمام اعداد میں سے گیارہ کا عدد وتر حقیقی کیساتھ زیادہ تر مشابہت رکھتا ہے پھر جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ہجرت فرمائی اور اسلام کو استحکام ہو گیا اور بہت سے لوگ اسکے خادم ہو گئے اور عبادات کا شوق لوگوں کے دلوں میں پیدا ہو گیا تو چھ رکعتیں اور بڑھا دیگئیں اور سفر کی نماز بدستور باقی رہی اور اسکی وجہ یہ ہے کہ زیادتی اگر کسی چیز کی کیجائے تو اصل شے کے برابر یا اس سے زیادہ ہونا اسکا بالکل غیر مناسب ہے اسلئے نامناسب ہوا کہ اول عدد پر اسکا نصف بڑھا دیا جائے مگر گیارہ کا نصف پورا عدد نہیں ہو سکتا اسلئے یا تو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پانچ کی زیادتی کیجاتی یا چھ کی مگر گیارہ پر پانچ زیادہ کرنے سے پورا عدد طاق نہیں رہتا بلکہ جفت ہوتا ہے اسلئے چھ کی زیادتی لامحالہ کرنی ضرور ہوئی۔ اب باقی رہا اوقات کے اوپر اس پورے عدد کا تقسیم کرنا تو اسکا انبیاء سابقین کے آثار پر مدار رکھا گیا جیسا کہ اخبار میں مذکور ہے اور نیز مغرب چونکہ سب نمازوں سے آخر کی نماز ہے اسلئے کہ عرب کے لوگ راتوں کو دنوں سے پہلے شمار کیا کرتے ہیں اس واسطے مناسب کہ وہ ایک عدد جس نے پورے عدد کو طاق بنا دیا ہے وہ اسی میں پایا جاوے اور مغرب کے وقت میں چونکہ گنجایش کم ہوتی ہے اسواسطے مغرب کے اندر بڑھانا مناسب نہ تھا اور فجر کا وقت سونے کا اور کسل کا وقت ہے اسلئے عدد رکعات میں اسکے اندر زیادتی نہیں کی گئی بلکہ جس سے ہو سکے اسکے لئے طول قرارت مستحب کر دیا گیا چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے وقرآن الفجر ان قرآن الفجر کان مشہودا۔ اور فجر کو قرآن کا پڑھنا بلاشبہ فجر کا قرآن پڑھنا روبرو ہوتا ہے۔

نماز کے اذکار اور اس کی ہیئات مستحبہ کلیان

معلوم کرو کہ نماز کی اس حد کو جس سے نماز پورے پورے طور پر اور کامل ادا ہوتی ہے اس حد پر جو نماز کے اندر ضروری ہے دو وجہ سے زیادتی ہے بالکیفیت اور بالکم۔ بالکیفیت سے ہماری مراد اذکار اور ہیات ہیں اور اپنے نفس کو اس بات پر مجبور کرنا کہ حضور قلب کے ساتھ بانیطور کہ گویا وہ خدا تعالےٰ کو دیکھ رہا ہے نماز پڑھے اور وسوسوں کو پاس نہ آنے دے اور جو مکروہ ہیئتیں ہیں ان سے احتراز کرے اور اسی قسم کی اور باتیں ان سب سے نماز کو بالکیفیت اور نماز پر زیادتی ہوتی ہے۔ اور بالکمیت زیادتی کی صورت یہ ہے کہ نماز کے ساتھ نوافل اور زیادہ کر دے اور انشاء اللہ تعالےٰ بعد کو ہم نوافل کا ذکر کرینگے اور اصل اذکار کے اندر فی الجملہ حضرت علی کرم اللہ وجہ کی حدیث ہے اور استفتاح یعنی قرآن پڑھنے سے قبل کچھ دعا پڑھنے میں حضرت ابوہریرہؓ اور حضرت عائشہؓ صدیقہ اور جبیر بن مطعم اور ابن عمر وغیرہم رضی اللہ عنہم کی احادیث اصل ہیں اور باقی مواضع میں حضرت عائشہؓ صدیقہ اور ابن مسعود اور ابوہریرہ اور ثوبان اور کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہم سے احادیث مروی ہیں اور ان کے سوا اور لوگوں سے بھی جن کا ہم مفصلاً ذکر کرینگے احادیث مروی ہیں اور نماز کی ہیئت کے اندر اصل ابی حمید ساعدیؓ کی حدیث ہے جس کو انہوں نے دس اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو روایت کیا اور انہوں نے اس کو تسلیم کیا اور حضرت عائشہؓ صدیقہ اور وائل بن حجرؓ سے بھی فی الجملہ اس میں روایت ہے اور ابن عمرؓ سے رفع یدین کی حدیث ہے اور ان کے سوا اور لوگوں سے بھی حدیثیں مروی ہیں جن کا عنقریب ہم ذکر کرتے ہیں ہیات مستحبہ کا دارمدار چند باتوں کے اوپر ہے ایک تو خضوع کے معنی کا متحقق ہونا اور تمام بدن کا جناب باری کے سامنے سکوڑ لینا اور نفس کو ایسی حالت پر متنبہ کرنا جو ادنیٰ لوگوں کو بادشاہوں کے حضور میں عرض معروض کرتے وقت دہشت اور ہیبت کی حالت طاری ہوتی ہے مثلاً دونوں قدموں کا برابر رکھنا اور دست بستہ کھڑا ہونا اور نظر کو پست کرنا اور ادھر اُدھر نہ دیکھنا۔ اور ایک خدا تعالےٰ کے ذکر اور اسوا پر اسکے اختیار کر لینے کی حالت کو اپنے ہاتھ انگلیوں سے دلیں آتے وقت اور زبان سے کہتے وقت اور انگشت شہادت سے اشارہ کرنا تاکہ ایک دوسرے کیلئے معاون ہو جاوے اور ایک ان ہیئتوں کا عمل میں لانا جو وقار اور عادات حسنہ پر دلالت کرتی ہیں اور ذی عقل لوگ ان کو پسند کرتے ہیں اور غیر ذوی العقول

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیطرف اُن ہیئتوں کو منسوب کرتے ہیں اُحتراز کرنا۔ جیسے مرغ کیطرح ٹھونگ مارنا اور کتے کیطرح بیٹھنا اور لومڑی کیطرح زمین پر لیٹ رہنا اور اونٹ کیطرح بیٹھنا اور درندوں کی طرح ہاتھ زمین پر بچھا دینا اور ایسی ہی وہ ہیئتیں جو تجربہ لوگوں یا اُن لوگوں کی ہوتی ہیں جنپر عذاب نازل ہوا ہے اُنسے بھی احتراز کرنا شاملہ کمر پر ہاتھ رکھکر کھڑا ہونا۔ اور ایک یہ کہ عبادت اطمینان اور سکون اور آسانی کے ساتھ ادا کیجائے جیسے دونوں سجدوں کے بعد جلسہ استراحت یا قعدۂ اولےٰ میں دہنے پیر کا کھڑا کرنا اور بائیں کا لٹا لینا کیونکہ کھڑے ہونے کیلئے اسمیں آسانی ہے اور قعدۂ ثانیہ کے اندر چوتر تیک کے بیٹھنا اسواسطے کہ آرام اسمیں زیادہ ہے اذکار کا مدار بھی چند باتوں پر ہے ایک تو اُس خضوع پر جسکے لئے اعضاء کا فعل موضوع ہے نفس کو متنبہ کرنے کیلئے بیدار کرنا جیسے رکوع اور سجود کے اذکار اور ایک آواز سے خدا کا ذکر کرنا تاکہ لوگوں کو امام کا ایک رکن سے دوسرے رکن کیطرف منتقل ہونا معلوم ہو جائے جیسے ہر دفعہ جھکتے اور اُٹھتے اللہ اکبر کہنا اور ایک یہ کہ نماز کی کوئی حالت خدا تعالےٰ کے ذکر سے خالی نہ رہے جیسے تکبیرات اور قومہ اور جلسہ کے اذکار ہیں۔

پس جب آدمی اللہ اکبر کہے دونوں ہاتھ اوپر کو اُٹھاوے تاکہ معلوم ہو کہ خدا تعالےٰ کے اسواسے وہ دست بردار ہو کر خیر مناجات میں آگیا اور کانوں تک خواہ مونڈھوں تک اُنکو اُٹھاوے اور ہر ایک سنت ہے اُسکے بعد داہنے ہاتھ کو بائیں پر رکھے اور دونوں قدم برابر برابر رکھے اور سجدہ کی جگہ پر تعظیماً اپنی نگاہ جھکائے رہے تاکہ اجتماع خاطر کیساتھ اجتماع اعضاء کا بھی پایا جاوے۔ اُسکے بعد دعائے استفتاح پڑھے تاکہ حضور قلب پیدا ہو اور مناجات کیطرف اُس کا میلان ہو اور کئی طرح سے یہ دعا صحیح وارد ہوئی ہے از انجملہ یہ ہے اللھم باعد بینی وبین خطایای کما باعدت بین المشرق والمغرب اللھم نقنی من الخطایا کما ینقی الثوب الابیض من الدنس اللھم اغسل خطایای بالماء والثلج والبرد میں کہتا ہوں برف اور اولے سے مراد گناہوں کا دور کرنا اور اُسکے ساتھ اطمینان اور تسکین کا کرنا مراد ہے اور عرب کہا کرتے برد قلبہ یعنی اُس کا دل مطمئن ہو گیا اور راتاہ الثلج یعنے اُسکو یقین آگیا۔ اور از انجملہ یہ ہے وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا من المشرکین ان صلوتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین لاشریک لہ وبذلک امرت وانا اول المسلمین۔ اور ایک روایت میں وانا من المسلمین ہے از انجملہ یہ ہے سبحانک اللھم وبحمدک وتبارک اسمک وتعالےٰ جدک ولا الہ غیرک اللہ اکبر کبیرا تین دفعہ والحمد للہ کثیرا تین دفعہ وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا تین دفعہ۔ اُس کے بعد شیطان سے پناہ مانگے اس واسطے کہ اللہ پاک فرماتا ہے فاذا قرأت القرآن فاستعذ باللہ من الشیطان الرجیم پھر جب تو قرآن پڑھے تو خدا کے ساتھ شیطان رجیم سے پناہ مانگ۔ میں کہتا ہوں بھید اسمیں یہ ہے کہ شیطان جو آدمی کو ضرر پہونچاتا ہے سب سے زیادہ اُس کا یہ ضرر پہونچاتا ہے کہ کتاب الٰہی کے اندر خدا تعالےٰ کی مرضی کے خلاف تاویلات کرنے کے وسوسے ڈالتا ہے یا اُس کتاب کے اندر اُس کو فکر نہیں کرنے دیتا اور تعوذ کئی طرح سے مروی ہے از انجملہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم اور از انجملہ استعیذ باللہ من الشیطان الرجیم اور از اں جملہ اعوذ باللہ من الشیطان من نفخہ ونفثہ وہمزہ اُس کے بعد آہستہ سے بسم اللہ پڑھے کیونکہ خدا تعالےٰ نے بندوں کے واسطے قرآن پڑھنے سے پہلے اپنے نام سے برکت حاصل کرنے کو مقرر فرمایا ہے علاوہ بریں بسم اللہ کے پڑھ لینے میں احتیاط بھی ہے کیونکہ اُس کے جزو فاتحہ ہونے میں مختلف روایتیں آئی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے حدیث صحیح اس بات میں مروی ہے کہ آپ نماز کو یعنی قرات کو الحمد للہ رب العالمین سے شروع کیا کرتے تھے اور بسم اللہ الرحمن الرحیم کو آواز سے نہ پڑھتے تھے۔ میرے نزدیک اگر آپ نے بعض اوقات میں اس ارادہ سے بسم اللہ کو بالجہر پڑھا ہو کہ لوگ نماز کی سنت کو معلوم کرلیں تو کچھ بعید نہیں ہے اور ظاہر تو یہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم یہ اذکار اپنے خاص خاص صحابہ کو تعلیم فرمایا کرتے تھے اور یہ اذکار ایسے نہ ہوتے تھے جس کا تمام لوگوں سے مطالبہ کیا جاتا اور اُنکے ترک سے تارک پر ملامت کی جاتی مالک رحمہ اللہ کے قول کی میرے نزدیک یہی تاویل ہے اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس قول سے بھی یہی مفہوم ہوتا ہے اُنہوں نے بیان کیا ہے کہ تکبیر اور قرات کے اندر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کسیقدر سکوت کیا کرتے تھے تو میں نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں قرات اور تکبیر کے اندر جو آپ سکوت کرتے ہیں اُسمیں آپ کیا پڑھا کرتے ہیں۔ اُس کے بعد سورہ فاتحہ اور قرآن کی ایک اور کوئی سورت ترتیل کیساتھ پڑھے یعنی جہاں بدکا موقع ہے وہاں مدا کرے اور جہاں آیت تمام ہو وہاں ٹھہر جاوے۔ ظہر اور عصر کی نماز میں قرآن آہستہ پڑھے اور فجر کی نماز میں اور مغرب اور عشا کی دو پہلی رکعت میں امام قرآن کو آواز سے پڑھے اور مقتدی پر واجب ہے کہ چپ کھڑا رہے اور قرآن کو سنتا رہے پھر اگر امام جہر سے پڑھتا ہے تو جب وہ سکوت کیا کرے اُس وقت وہ پڑھ لیا کرے اور اگر آہستہ پڑھ رہا ہے تو مقتدی کو اختیار ہے اگر مقتدی پڑھے تو سورہ کو پڑھ لے مگر اس طرح سے پڑھے کہ امام اُس کے پڑھنے سے اپنا پڑھنا نہ بھول جاوے اور میرے نزدیک سب سے بہتر یہ قول ہے اور تمام احادیث کی تطبیق اس کی موافق ہو سکتی ہے اور اس میں بھید وہی ہے جسکی تصریح کر دیگئی ہے کہ امام کے ساتھ آواز سے قرآن پڑھنا امام کی تشویش کا باعث ہوگا اور اُس کی وجہ سے قرآن کے اندر تدبر نہ ہو سکیگا اور قرآن کی تعظیم کے خلاف ہے اور شارع نے یہ حکم نہیں دیا کہ آہستہ پڑھیں۔ اس واسطے کہ جب تمام لوگ صحیح صحیح حروف ادا کرنے کی کوشش کرینگے تو سب کی آوازوں سے ایک آواز پیدا ہوگی جو امام کے لئے موجب تشویش خاطر ہوگی اور اُس کو قرآن پڑھنا مشکل پڑ جائیگا۔ اسواسطے تشویش پیدا کرنے سے آپ نے نہی فرمادی اور جو چیز منہی عنہ کیطرف مؤدی ہو اُسکا آپ نے حکم نہیں دیا اور انکو اختیار دیدیا کہ جس سے ہو سکے وہ کرے اور امت کے حق میں یہ بڑی رحمت ہے ظہر اور عصر کی نماز میں قرآن کے آہستہ کے پڑھنے میں یہ بھید ہے کہ دن میں بازاروں اور گھروں کے اندر شور و شغب رہتا ہے اور ان دو وقتوں کے سوا اور اوقات میں اوروں کو سکون ہو جاتا ہے اور لوگوں کو نصیحت اور تذکر بالجہر پڑھنے میں زیادہ تر ممکن ہے۔ اور

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا امن الامام فامنوا فانہ من وافق تامینہ تامین الملائکۃ غفر لہ ما تقدم من ذنبہ جس وقت امام آمین کہے تم بھی آمین کہو کیونکہ جس کی امین ملائکہ کی آمین کے ساتھ ملجاتی ہے اُسکے سب اگلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ میں کہتا ہوں جہاں کہیں خدا تعالےٰ کا ذکر ہوتا ہے وہاں فرشتے مشتاق ہو کر موجود ہوتے ہیں اور جب وہ لوگ دعائیں کرتے ہیں وہ آمین کہتے جاتے ہیں کیونکہ ملاء اعلےٰ سے اُنکے اوپر اس بات کا القا ہو جاتا ہے اور اسمیں امام کا اقتدا ظاہر ہوتا ہے اور پیروی کا طریقہ قائم ہوتا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے دو سکوت بھی مروی ہیں ایک تو تکبیر اور قرات کے اندر سکوت تاکہ اس عرصہ میں تمام لوگ تکبیر تحریمہ کرلیں اور ایک سورہ فاتحہ اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسری سورہ کے درمیان میں سکوت کرنا اسکی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ بلا تشویش اور بلا ترک انصات سکوت مقتدیوں کو قرآن کا پڑھنا آسان ہو میں کہتا ہوں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے اصحاب سنن نے جو حدیث روایت کی ہے اس سے مراد تاوہ سکوت جو مقتدیوں کے پڑھنے کی غرض سے امام کو کرنا چاہئے نہیں ثابت ہوتا ہے بلکہ جن کے نزدیک امام کو سکتہ سے آمین کہنی چاہئے انکے نزدیک بظاہر سکوت اسی آمین کہنے کے لئے تھا اور جو آواز سے آمین کہنے کے قائل ہیں اسکے نزدیک یہ سکوت فاتحہ اور آمین کے درمیان میں ایک سکتہ لطیفہ تھا اگر غیر قرآن کا قرآن کے ساتھ اشتباہ لازم نہ آوے یا یہ سکتہ اسلئے تھا کہ دم ٹھکانے سے آجاوے اور علی سبیل التنزل ہم کہتے ہیں کہ قرن اول کا اسکو نہی بات سمجھنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ سنت مستقرہ نہیں ہے اور نہ ان سنن میں ہے کہ جمہور نے اسپر عمل کیا ہو واللہ اعلم فجر کی نماز کے اندر سائلہ سے سو آیت تک پڑھنا اولے ہے تاکہ رکعات کی کمی کا طول قرأت سے تدارک ہو جائے دوسرے یہ کہ ہنوز اشعال حاشیہ کی کدورت کا اسکے دلیل استحکام نہیں ہے پس اسوقت میں قرآن کے اندر فکر اور تدبر کرنے کو بہت غنیمت جانے اور عشا کی نماز میں سبح اسم ربک الاعلی اور واللیل اذا یغشی اور ان کے قریب قریب سورتیں پڑھنی چاہئے اور حضرت معاذ کا قصہ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا لوگوں کے نفرت دلانے سے ناراض ہونا مشہور ہی ہے اور بعض روایات کے موافق تو ظہر کی نماز فجر پر اور عصر کی عشا پر محمول ہے اور بعض کے موافق ظہر کی عشا پر اور عصر کی مغرب پر محمول ہے مغرب کی نماز میں قصار مفصل کا پڑھنا چاہئے کیونکہ وقت میں گنجائش کم ہوتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم خاص خاص اوقات میں خاص خاص مصلحتوں کے لحاظ سے نماز میں کبھی طول قرأت اور کبھی تخفیف کیا کرتے تھے اور لوگوں کو تخفیف کرنیکا آپ نے اسواسطے حکم دیا ہے کہ ان میں کوئی ضعیف بھی ہوتا اور کوئی مریض ہوتا ہے اور کسی کو کچھ ضروری کام ہوتا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض اوقات کے لئے بعض سورتوں کو اور بعض کے لئے بعض کو پسند فرمایا ہے اور یہی حکمتیں ہیں کہ ان نمازوں میں انہیں سورتوں کا پڑھنا کچھ واجب یا سنن موکدہ کے قبیلہ سے نہیں ہے جو ایسا کرے تو بہت ہی اچھا ہے ورنہ کچھ حرج نہیں ہے مثلاً عید الضحی اور عید الفطر میں آپ سورہ ق اور اقتربت پڑھا کرتے تھے کیونکہ انکا اسلوب بہت ہی عجیب ہے اور باوجود نہایت اختصار کے عامہ مقاصد قرآنی پر یہ سورتیں مشتمل ہیں اور لوگوں کے اجتماع کیوقت ایسے ہی چیز کی ضرورت ہے یا کبھی تخفیف کے قصد سے سبح اسم اور ہل اتیٰ تک کا پڑھا کرتے تھے اور دوسرے ان کا اسلوب بہت ہی نادر ہے اور جمعہ کی نماز میں سورہ جمعہ اور منافقوں پڑھا کرتے تھے کیونکہ ان سورتوں میں ایک طرح کی مناسبت اور تذکیر پائی جاتی ہے اور جمعہ کے اندر منافقین اور ہر قسم کے لوگ اکٹھے ہوا ہی کرتے ہیں جو اور روز نہیں ہوتے اور جمعہ کے روز نماز فجر میں الم تنزیل اور ہل اتی پڑھا کرتے تھے تاکہ قیامت اور اس کے واقعات لوگوں کو یاد آجائیں اور چار پائے جمعہ کے روز قیامت کے انتظار میں کان کھڑے رکھتے ہیں اسی طرح بنی آدم کو بھی مناسب ہے کہ اس دن سے ڈرتے رہیں اور جب قرآن پڑھنے والا سبح اسم ربک الاعلی پڑھے تو اس کو کہنا چاہئے سبحان ربی الاعلی اور جو شخص الیس اللہ باحکم الحاکمین پڑھے تو اس کو کہنا چاہئے بلی وانا علی ذلک من الشاہدین اور جو شخص الیس ذلک بقادر علی ان یحیی الموتی پڑھے اس کو کہنا چاہئے بلی اور جو شخص پڑھے فبای حدیث بعدہ یومنون اسکو کہنا چاہئے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہونا بالفعل اور ظاہر ہے کہ اسمیں ادب اور مسارعت الی الخیر پائی جاتی ہے۔

پھر جب رکوع میں جانا چاہئے تو اپنے دونوں ہاتھ سونڈوں تک خواہ کانوں تک اٹھاوے اور اسی طرح اسوقت جب رکوع سے سر اٹھا کر کھڑا ہووے رفع الیدین کرے اور سجدے میں ایسا نہ کرے۔ میرے نزدیک اسمیں یہ بھید ہے کہ رفع یدین ایک تعظیمی فعل ہے جس سے نفس کو ان اشغال کے چھوڑنے پر جو نماز کے منافی ہیں اور جو نماز مناجات میں داخل ہونے پر تنبیہ ہو جاتی ہے اسواسطے تعظیمات ثلثہ میں سے ہر فعل کی ابتدا رفع یدین سے مقرر کی گئی تاکہ از سر نو ہر دفعہ نفس کو اس فعل کے ثمرہ یعنی تعظیم پر تنبیہ ہوتا رہے اور یہ ان ہیات کے قبیلہ سے ہے کہ کبھی تو آپ نے اس کو کیا ہے اور کبھی ترک کیا ہے مگر دونوں سنت ہیں اور ہر ایک کو صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین کی ایک ایک جماعت نے اختیار کیا ہے۔

رفع یدین کا مسئلہ منجملہ ان مسائل کے ہے جنمیں اہل مدینہ اور کوفہ کا اختلاف ہے اور ہر ایک کے قول کیلئے دلیل ہے اور ایسے مسائل میں میرے نزدیک حق یہ ہے کہ سب سنت ہیں جیسے وتر کے اندر ایک رکعت پڑھنا یا تین رکعت پڑھنا اور جو شخص رفع یدین کرتا ہے میرے نزدیک اس شخص سے جو رفع یدین نہیں کرتا اچھا ہے کیونکہ رفع یدین پر جو حدیثیں دلالت کرتی ہیں وہ زیادہ بھی ہیں اور ثابت بھی خوب ہیں مگر ایسی صورت میں مناسب نہیں ہے کہ تمام شہر والوں کا فتنہ اور شور اپنے اوپر لیوے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ صدیقہ سے فرمایا ہے لولا حدثان قومک بالکفر لنقضت الکعبۃ الحدیث تیری قوم نومسلم نہ ہوتی تو میں کعبہ کو منہدم کر کے حضرت ابراہیم کی بنیاد کے موافق بناتا اور کچھ بعید نہیں ہے کہ حضرت ابن مسعود نے خیال کیا ہو کہ اخیر سنت متقررہ پر رفع یدین کا ترک کرنا ہے اس خیال سے کہ نماز کا مدار اعضا کے سکون پر ہے اور انکو یہ بات معلوم نہ ہوئی ہو کہ رفع یدین ایک تعظیمی فعل ہے اور اسی وجہ سے نماز کی ابتدا اس سے کی گئی ہے یا انہوں نے یہ سمجھا ہو کہ رفع یدین ایسا فعل ہے جس سے کسی چیز کا ترک معلوم ہوتا ہے اس واسطے اثنا نماز میں اسکا ہونا نامناسب ہے اور یہ بات انکے سمجھ نہ آئی ہو کہ نماز کے اندر جتنے افعال مقصود بالذات ہیں ان سب کے شروع میں بار بار نفس کو ماسوا کے ترک پر تنبہ کرنا منظور ہے واللہ اعلم اور سجدے میں جاتے وقت رفع یدین کے نہ کرنے کی وجہ یہ ہے کہ قومہ اسیواسطے مقرر کیا گیا ہے کہ رکوع اور سجدے میں فارق ہو جائے تو قومہ کیوقت رفع یدین کرنا فی الحقیقت وہ رفع یدین سجدے کے لئے ہے پر دوبارہ اسکا کرنا لاحاصل ہے ہر مرتبہ جھکتے اور سر اٹھاتے وقت تکبیر کہنی چاہئے تاکہ نفس ہر مرتبہ متنبہ ہوتا رہے اور تا جماعت کے لوگ تکبیر سنکر امام کا ایک حالت سے دوسری حالت کیطرف منتقل ہونا معلوم کرتے رہیں۔

رکوع کے ہیات میں سے یہ بات ہے کہ اپنے دونوں ہاتھ کی ہتیلیاں گھٹنوں پر رکھے اور انگلیاں نیچے کیجانب کو رکھے جسطرح کسی چیز کو ہاتھ میں پکڑتے ہیں اور ہاتھوں کی کہنیاں بدن سے دور رکھے اور اپنے بدن کو برابر رکھے کہ کمر کا سرا نہ تو اٹھا ہوا ہے اور نہ نیچے کو جھکا ہے اور رکوع کے اذکار میں یہ بھی آیا ہے سبحانک اللھم ربنا وبحمدک اللھم اغفرلی اور ہمیں خدا تعالے کے اس حکم کی تعمیل پائی جاتی ہے فسبح بحمد ربک واستغفرہ تو خدا کی تعریف سے تسبیح کر اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُس سے بخشش مانگ۔ اور از انجملہ یہ ہے سبوح قدوس ربنا ورب الملائکہ والروح اور از اں جملہ یہ ہے سبحان ربی العظیم تین مرتبہ اور از انجملہ یہ ہے اللھم لک رکعت ولک امنت سلمت خشع لک سمعی وبصری ومخی وعظمی وعصبی اور قومہ کے ہیات یہ ہیں کہ سیدھا کھڑا ہو کہ پشت کے مُہرے سب اپنے اپنے ٹھکانے پر آجاویں اور دونوں ہاتھ اُٹھاوے اور اُسکے اذکار یہ ہیں سمع اللہ لمن حمدہ اور از انجملہ اللھم ربنا لک الحمد حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیہ اور ایک روایت میں اُس کے بعد یہ بھی ہے ملاء السموات وملاء الارض وملاء ما شئت من شئی بعد اور ایک روایت میں اُسکے آگے یہ آیا ہے اہل الثناء والمجد حق ما قال العبد وکلنا لک عبد اللھم لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع ذا الجد منک الجد اور از انجملہ یہ ہے اللھم طہرنی بالثلج والبرد والماء البارد اللھم طہرنی من الذنوب والخطایا کما ینقی الثوب الابیض من الدنس

صبح کی قنوت کے بارے میں احادیث اور صحابہ اور تابعین کے اقوال مختلف ہیں۔ مگر میرے نزدیک قنوت بھی سنت ہے اور اُسکا ترک بھی سنت ہے اور میرے نزدیک سب سے وہ اچھا ہے کہ یا تو کسی بڑے حادثہ کیوقت پڑھے یا قنوت کے چند کلمات آہستہ سے پڑھ لیا کرے ورنہ نہ پڑھا کرے بسبب احادیث کے برابر اس بات پر شاہد ہیں کہ ابتداء عمل اور ذکوان پر بددعا کی گئی ہے پھر ترک کر دیگئی اور اس سے اگرچہ مطلقاً قنوت کا نسخ معلوم نہیں ہوتا مگر اس اسبات کی طرف اشارہ معلوم ہوتا ہے کہ قنوت سنت مستقرہ نہیں ہے یا ہم کہتے ہیں ایسی چیز نہیں ہے جو ہمیشہ کرنی پڑے چنانچہ ابو مالک اشجع نے جب اپنے باپ سے جو آنحضرتؐ کے صحابہ میں سے تھے قنوت کی نسبت دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا ای بنی محدث۔ بیٹا یہ نئی چیز ہے یعنی پہلے اس پر ہمیشگی نہ تھی یہ بعد کو ہوگئی ہے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور آپکے خلفا کا قاعدہ تھا کہ جب کوئی حادثہ پیش آتا تھا تو قبل از رکوع یا بعد از رکوع مسلمانوں کے لئے دعا اور کافروں پر بددعا کیا کرتے تھے اور اُس کو کبھی ترک نہیں کیا یا یہ کبھی کہ ایسا نہیں ہوا کہ کوئی حادثہ پیش آیا ہو اور ایسا نہ کیا ہو۔ اور سجدہ کے کرنے کی یہ صورت ہے کہ زمین پر ہاتھ رکھنے سے پہلے دونوں گھٹنے زمین پر رکھے اور کتے کی طرح اپنے بازو زمین پر بچھا دے اور کہنوں کو بدن سے ہٹائے رکھے کہ اُسکے بغلوں کی سفیدی نظر آسکے اور پیروں کے انگلیوں کی پوریں قبلہ کیطرف کو رکھے سجدہ کے اذکار یہ ہیں سبحان ربی الاعلی تین مرتبہ یا سبحانک اللھم ربنا وبحمدک اللھم اغفرلی یا یہ اللھم لک سجدت ولک امنت ولک اسلمت سجد وجھی للذی خلقہ وصورہ وشق سمعہ وبصرہ فتبارک اللہ احسن الخالقین یا یہ سبوح قدوس ربنا ورب الملائکۃ والروح یا یہ اللھم اغفرلی ذنبی کلہ دقہ وجلہ واولہ واٰخرہ وعلانیتہ وسرہ یا یہ اللھم انی اعوذ برضاک من سخطک وبمعافاتک من عقوبتک واعوذ بک منک لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک۔

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا ہے فاعنی علی نفسک بکثرۃ السجود کثرت سجود سے اپنے نفس پر میری مدد کر اُسکی یہ وجہ ہے کہ سجدہ غایت درجہ کا تعظیمی فعل ہے اور ایمان والے کے حق میں معراج ہے اور سجدہ کا وہ وقت ہے کہ ملکیہ کو اُس وقت میں قید بہیمیت سے خلاصی کا مرتبہ ہو جاتا ہے اور جس شخص نے اپنے آپ کو رحمت الٰہی کے نزول کا مستحق بنا لیا تو اُس نے گویا خدا تعالے کی مدد کی۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے امتی یوم القیمۃ نور من السجود مجلون من الوضوء۔ قیامت کے دن سجدے کے سبب سے میری امت کے منہ اور وضو کے سبب سے انکے دست و پا روشن ہونگے۔ میں کہتا ہوں عالم مثال کا منبع ارواح اور اشباح کی مناسبت پہلے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جس طرح عالم مثال میں روزہ داروں کو کھانا کھانے اور جماع سے روکنے کی مثال قرحوں اور مرہموں پر مرہم لگانے سے ظاہر ہوئی ہے اور دونوں سجدوں کے درمیان میں بیٹھنے کی یہ ہیئت ہے کہ داہنے پیر کو کھڑا رکھے اور بائیں کو بچھائے اور دونوں ہتھیلیاں دونوں گھٹنوں کے اوپر رکھے اور اسکے اذکار میں سے یہ ہے اللھم اغفرلی وارحمنی واہدنی وعافنی وارزقنی۔ اور قعدہ کرنے کی صورت یہ ہے کہ داہنے پیر کو کھڑا کرے اور بائیں کو بچھائے اور قعدہ اخیرہ کے اندر ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ داہنے کو کھڑا رکھے اور بائیں باہر نکالکر سرین لگاکے بیٹھ جائے اور دونوں ہاتھ دونوں گھٹنوں پر رکھ لے اور یہ بھی وارد ہوا ہے کہ بائیں ہاتھ سے گھٹنے کو پکڑے اور ترتیب کی صورت بناکر انگشت شہادت سے اشارہ کرے اور ایک روایت میں ہے کہ کن انگلی اور اس کے برابر کی انگلی کو سکوڑ کر درمیان کی انگلی اور انگوٹھے سے حلقہ بنالے اسمیں یہ بھید ہے کہ انگلی کے اٹھانے میں توحید کیطرف اشارہ پایا جاتا ہے جسکی وجہ سے قول فعل میں مطابقت ہوجاتی ہے اور توحید کے معنی آنکھوں کے سامنے متمثل ہوجاتے ہیں اور جو شخص اس بات کا قائل ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ کے نزدیک انگشت شہادت سے اشارہ نہ کرنا چاہئے وہ شخص پرہے اور اسکے قول پر کوئی دلیل عقلی یا نقلی نہیں دلالت کرتی؛ ابن ہمام نے اس کو بیان کیا ہے؛ البتہ امام محمدؒ نے اپنی کتاب مبسوط میں اسکے متعلق نہیں ذکر کیا مگر موطا میں اسکو بیان کیا ہے اور مجھکو بعض ایسے لوگوں سے ملاقات ہوئی ہیں جن کو اس بات کی بھی تمیز نہیں کہ ظاہر المذہب میں اشارہ نہیں ہے اور ظاہر مذہب یہ ہے کہ وہ اشارہ نہیں ہے تشہد کے اندر کئی روایتیں آئی ہیں مگر سب سے زیادہ ترصحیح حضرت ابن مسعود کا تشہد ہے بعد ازاں حضرت ابن عباس اور عمرؓ کا تشہد ہے مگر وہ سب قرآن کی قراتوں کی طرح شافی اور کافی ہیں اور صلوۃ کے کلمات میں سے سب سے زیادہ ترصحیح یہ کلمے ہیں اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم انک حمید مجید اللھم بارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم انک حمید مجید اللھم صل علی محمد وازواجہ وذریتہ کما صلیت علی آل ابراہیم وبارک علی محمد وازواجہ وذریتہ کما بارکت علی آل ابراہیم انک حمید مجید اور تشہد کے بعد مختلف دعائیں مروی ہیں ازانجملہ اللھم انی ظلمت نفسی ظلما کثیرا ولا یغفر الذنوب الا انت فاغفرلی مغفرۃ من عندک وارحمنی انک انت الغفور الرحیم اور ازانجملہ اللھم اغفرلی ماقدمت وما اخرت وما اسررت وما اعلنت وما اسرفت وما انت اعلم بہ منی انت المقدم وانت المؤخر لا الہ الا انت اور سلام کے بعد کے بعض وظیفے یہ ہیں استغفر اللہ تین مرتبہ اور اللھم انت السلام ومنک السلام تبارکت یا ذا الجلال والاکرام لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شی قدیر اللھم لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع ذا الجد منک الجد لا الہ الا اللہ ولا نعبد الا ایاہ ولہ النعمۃ ولہ الفضل ولہ الثناء الحسن لا الہ الا اللہ مخلصین لہ الدین ولو کرہ الکافرون۔ اللھم انی اعوذبک من الجبن واعوذبک من البخل واعوذبک من ازذل العمر واعوذبک من فتنۃ الدنیا وعذاب القبر تینتیس مرتبہ سبحان اللہ اور تینتیس مرتبہ الحمد للہ اور چونتیس مرتبہ اللہ اکبر اور بعض روایات میں ہر ایک کا تینتیس مرتبہ پڑھنا آیا ہے اور اس کے بعد سو کے پورا کرنے کو ایک دفعہ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ اخیر تک اور ایک روایت میں ہر ایک کا پچیس پچیس مرتبہ پڑھنا آیا ہے تین تو وہ اور چوتھا لا الہ الا اللہ اخیر تک اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک روایت میں ہر نماز کے بعد سبحان اللہ دس مرتبہ اور الحمد للہ دس مرتبہ اور اللہ اکبر دس مرتبہ منقول ہے اور ایک روایت میں ہر ایک کا سو مرتبہ پڑھنا منقول ہے اور تمام وظائف حال قرآن کی قرأت کا سا ہے ان میں سے جس کسی کو کوئی شخص پڑھ گا اس کے واسطے جس قدر ثواب کا وعدہ کیا گیا ہے لیگا اور بہتر یہ ہے کہ نوافل سے پہلے ان وظیفوں کو پڑھ لیا کرے کیونکہ بعض وظائف کا قبل از نوافل پڑھنا نص حدیث سے ثابت ہے جیسا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من قال قبل ان ینصرف وثنی رجلیہ من صلوۃ المغرب والصبح لا الہ الا اللہ الخ جو کوئی نماز مغرب اور صبح کے بعد اور نشست بدلنے اور پھر جانے سے پہلے کہے لا الہ الا اللہ اخیر تک اور جس طرح راوی نے بیان کیا ہے کان اذا سلم من صلوتہ یقول بصوتہ الاعلی لا الہ الا اللہ الخ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جبکہ نماز سے سلام پھیرا کرتے تھے تو بآواز بلند لا الہ الا اللہ الخ پڑھا کرتے تھے حضرت ابن عباس فرماتے ہیں مجکو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نماز کا ختم ہونا اللہ اکبر کی آواز سے معلوم ہو جاتا تھا اور بعض حدیثوں سے یہ بات بظاہر ثابت ہوتی ہے جیسے آپ نے فرمایا ہے وبرکل صلوۃ ہر نماز کے پیچھے اور حضرت عائشہ نے جو یہ فرمایا ہے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نماز سے سلام پھیرتے تھے تو صرف بقدر اللھم انت السلام کے پڑھنے کے بیٹھا کرتے تھے اس کی توجیہ کئی طرح پر ممکن ہے ایک تو یہ کہ نماز کی ہیئت پر صرف اسی قدر بیٹھے رہا کرتے تھے مگر جب داہنے یا بائیں یا مقتدیوں کی طرف کو منہ کر کے بیٹھتے تھے تو اور وظیفے پڑھتے تھے تاکہ کسی کو یہ گمان نہ گذرے کہ وظیفے بھی نماز میں داخل ہیں اور ایک یہ کہ کبھی کبھی سوائے ان کلمات کے اوراد اذکار کو ترک کر دیتے تھے تاکہ لوگوں کو ان کا فرض نہ ہونا معلوم ہو جائے اور کان کا مقتضی یہ ہے کہ آپ اکثر ایسا کیا کرتے تھے اس سے نہ تو ایک مرتبہ یا دو مرتبہ کرنا معلوم ہوتا ہے اور نہ ہمیشہ کرنا اس فعل کا ثابت ہوتا ہے۔

نوافل کے لئے یہ بہتر ہے کہ اپنے گھر میں پڑھا کرے اور سارا بھید اسمیں یہ ہے کہ فرائض و نوافل میں کسی ایسی چیز سے جو ان دونوں کی ہنس سے نہیں ہے فصل ہو جاوے اور پھر وہ فصل بھی قابل اعتبار ہو جو بظاہر معلوم ہو سکے چنانچہ حضرت عمرؓ نے اس شخص سے جو بعد نماز فرض کے نفل پڑھنا چاہتا تھا یہ فرمایا کہ بیٹھ جا اہل کتاب اسی سبب سے ہلاک ہو گئے کہ ان کی نمازوں میں فرق نہ تھا اور نہ ہلاک نہ ہوتے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اصاب اللہ بک یا ابن الخطاب۔ اے ابن خطاب تجکو خدا تعالیٰ خطا سے بچاتا رہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اجعلوا فی بیوتکم ان کو یعنی نوافل کو اپنے گھروں میں پڑھا کرو۔ واللہ اعلم۔

سجدۂ سہو اور سجدۂ تلاوت اور ان چیزوں کا جن کا کرنا نماز میں ناجائز ہے

معلوم کرو کہ نماز کا بنی اعضاء کے خشوع اور قلب کے حضور اور بجز ذکر الٰہی کے اور چیزوں سے زبان کے روکنے اور قرآن پاک کے پڑھنے پر ہے لہذا جو ہیئت خشوع کی ہیئت کے خلاف ہے یا جو کلمہ ذکر الٰہی کے جنس سے نہیں ہے وہ نماز کے منافی ہے کہ بغیر اس سے باز رہنے کے نماز پوری نہیں ہوتی مگر یہ چیزیں متفاوت ہیں اور ہر طرح کا

مکمل دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نقصان نماز کو بالکل فاسد نہیں کرتا اور اس بات کی تمیز کہ کس چیز سے نماز بالکلیہ باطل ہو جاتی ہے اور کس چیز سے اس میں فی الجملہ نقصان آجاتا ہے نص شرعی سے ہو سکتی ہے اور فقہا کے درمیان اس میں بہت کچھ کلام ہیں اور احادیث صحیحہ کی اُنکے کلام پر تطبیق مشکل ہے اور اس باب میں حدیث کے ساتھ سب مذاہب میں سے وہ مذہب زیادہ تر موافق ہے جسمیں گنجائش زیادہ ہے اور یہ بات ضرور ہے کہ فعل کثیر جس سے مجلس بدلجاوے اور قول کثیر جو بہت زیادہ ہو بلاشبہ نماز کے نقصان کا موجب ہے۔ قول کثیر کے متعلق یہ حدیث ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان ہذا الصلوۃ لایصلح فیہا شی من کلام الناس انما ہی التسبیح والتکبیر وقراۃ القرآن اس نماز میں لوگوں کی بول چال میں سے کچھ درست نہیں ہے وہ تو تسبیح اور تکبیر اور قرأت قرآن کا نام ہے دوسرے یہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن مسعود سے سلام کا جواب نہ دینے کی وجہ یہ فرمائی ان فی الصلوۃ شغلا کہ بلاشک نماز میں دل بٹتا ہے اور ایک شخص اپنے سجدہ کی جگہ سے مٹی کو صاف کرتا تھا تو آپ نے اس سے فرمایا ان کنت فاعلا فواحدۃ۔ اگر تجھکو کرنا ہے تو ایک مرتبہ۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خصر سے منع فرمایا ہے اور وہ کمر پر ہاتھ رکھنا ہے کیونکہ وہ دوزخیوں کی راحت ہے یعنی یہ متحیر اور مدہوش اور ان لوگوں کی ہیت ہے جن پر خدا تعالے کا عذاب نازل ہوتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ادھر اُدھر دیکھنے سے منع فرمایا ہے کیونکہ وہ اچکنا ہے کہ بندہ کی نماز میں سے شیطان اچک لیتا ہے یعنی اس سے نماز میں نقص پیدا ہوتا ہے اور نماز کامل نہیں ہوتی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا تثاءب احدکم فی الصلوۃ فلیکظم ما استطاع فان الشیطان یدخل فیہ نماز کے اندر جب تم سے کسی کو جماہی آئے پس جہانتک ممکن ہو ضبط کرے اسلئے کہ شیطان اس کے منہ میں گھس جاتا ہے میں کہتا ہوں اس سے مراد یہ ہے کہ جماہی لینے سے اکثر مکھی وغیرہ اس کے منہ میں پڑ جاتی ہے اس وجہ سے اس کا دل بجاتا ہے اور جس چیز کے وہ درپے ہے یہ اس سے مانع ہو جاتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا قام احدکم الی الصلوۃ فلا یبصق امامہ فان الرحمۃ تواجہہ جب تم میں سے کوئی نماز کو کھڑا ہو تو تھوکے یوں کو صاف نہ کرے اسلئے کہ رحمت اسکے روبرو ہوتی ہے اور فرمایا ہے لایزال اللہ تعالے مقبلا علی العبد وہو فی صلوتہ مالم یلتفت فاذا التفت اعرض عنہ جب تک کہ بندہ نماز میں رہتا ہے خدا تعالے برابر اس کی طرف متوجہ رہتا ہے جب تک وہ ادھر اُدھر نہ دیکھے پھر جب وہ ادھر اُدھر دیکھتا ہے تو خدا تعالے اس کی طرف متوجہ نہیں رہتا ہے یعنی خدا تعالے کی توجہ اس سے ہٹ جاتی ہے اور اسی طرح وہ حدیث ہے جو نماز کے اندر بندہ کو خدا تعالے کے جواب دینے کے بارے میں وارد ہوئی ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ خدا تعالے کی بخشش تمام خلق پر فائز و عام ہے اور تفاوت صرف مخلوقات کی استعداد و قبلی یا کسی کے اعتبار سے ہے اس لئے جب کوئی بندہ خدا تعالے کی جانب متوجہ ہوتا ہے اس کے لئے اس کی بخشش کا دروازہ کھل جاتا ہے اور جب بندہ اس سے اعراض کرتا ہے تو اس سے صرف محروم ہی نہیں رہتا بلکہ اپنے اعراض کی وجہ سے عذاب الٰہی کا مستحق ہوتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے العطاس والنعاس والتثاءب فی الصلوۃ والحیض والقی والرعاف من الشیطان۔ اور جماہی نماز کے اندر اور حیض اور قے اور نکسیر شیطان

یہ کتاب دارالسلام کی ویب سائٹ www.KitaboSunnat.com پر مفت آن لائن پڑھیں

www.KitaboSunnat.com

کی طرف سے ہے ہیں کہتا ہوں اس سے یہ مراد ہے کہ یہ چیزیں نماز کے معنی اور اس کے نشا کے منافی ہیں۔ اب رہا فعل کثیر سو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز کے اندر بہت سی چیزیں جو لوگوں کے سکھلانے کی غرض سے کی ہیں یا جو فعل نماز کے اندر لوگوں کو کرتے دیکھے ہیں اور آپ نے اُن سے منع نہیں کیا ہے۔ وہ سب افعال یا جو اُن سے کم ہیں اُن سے نماز نہیں باطل ہوتی ہے اور حاصل یہ ہے کہ تلاش سے یہ معلوم ہوا کہ تھوڑا سا کلام جیسے انحنک بلغۃ الفند تین مرتبہ تک اور یرحمک اللہ اور ماشاکلہم تنظرون الے اور تھوڑا سا گرفت کرنا اور تھوڑا ہاتھ سے کوئی کام کرنا جیسے بچے کو کندھے سے اتار لینا یا اُس پر بٹھا لینا یا پاؤں کا دبانا اور جیسے دروازہ کا کھولنا اور مشی تھوڑا چلنا جیسے میز پر سے اُس جگہ ہٹ آنا کہ جو وہاں سے منبر کے نیچے سجدہ ہو سکے اور امام کی جگہ سے صف میں آجاوے اور وہ دروازہ جو اُس کے سامنے ہے اُس کی طرف بڑھ جاوے تاکہ کھل جاوے اور رونا خدا کے خوف سے اور ایسا اشارہ کرنا جو اُس سے کچھ سمجھا جاوے اور سانپ بچھو کا مار ڈالنا اور داہنے بائیں اس طرح دیکھنا جو گردن نہ پھر سکے انہیں سے کسی چیز سے نماز باطل نہیں ہوتی اور اُس کے بدن یا کپڑے کو ناپاکی کا لگنا جو اُس کے فعل سے نہیں ہے یا اُس کو ناپاکی لگنے کا علم بھی نہیں تو اُس سے بھی نماز فاسد نہیں ہوتی واللہ عالم بحقیقۃ الحال جب انسان سے نماز میں کوئی قصور ہو جاوے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس کمی کے پورا کرنے کو دو سجدے کرنے کا حکم دیا ہے اُسکو قضاء کے ساتھ بھی مناسبت ہے اور کفارہ کے ساتھ بھی مناسبت ہے مگر وہ مواضع جن میں بنص حدیث سے سجدہ کرنا ثابت ہے وہ چار ہی ہیں یک تو وہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا شک احدکم فی صلوٰتہ فلم یدر کم صلی ثلثا او اربعا فلیطرح الشک الیبن علی ما استیقن ثم یسجد سجدتین الخ تم میں سے جب کسی کو اپنی نماز میں شک ہوا اور یہ معلوم ہوا کہ کے رکعت پڑھی ہیں تین یا چار پس جس میں شک ہوا ہے اُس کو الگ کرے اور جس قدر پر یقین ہے اُس پر نماز کی بنا کر کے پھر سلام پھیرنے سے پہلے دو سجدے کرلے کیونکہ اگر اُس نے پانچ پڑھی ہیں تب تو ان دو سجدوں سے اُس کا شفع پورا ہو جاویگا اور اگر پوری چار پڑھیں تو یہ دونوں سجدے شیطان کی سرزنش کے لئے زیادتی حسنات کا موجب ہونگی اور رکوع اور سجدے کے اندر شک کرنا بھی اسی قبیلہ سے ہے دوسرے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی پانچ رکعت پڑھیں اور سلام پھیرنے کے بعد دو سجدے کیے۔ نماز کے اندر کسی رکن کا بڑھ جانا بھی ایسا ہی ہے جیسے رکعت کا پڑھنا (تیسرے) یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ چار کی جگہ دو رکعت پڑھکر سلام پھیر دیا تو بعض صحابہؓ نے آپ سے اُس کی بابت عرض کیا تو جو رکعتیں رہگئی تھیں وہ بھی پڑھیں اور دو سجدے کرلئے اور ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ جب آپ کی ایک رکعت باقی رہی تھی کہ آپ نے سہواً سلام پھیر دیا پھر اسکی بابت کسی نے عرض کیا تو بھی آپ نے ایسا ہی کیا جس فعل کے قصداً کرنے سے نماز باطل ہو جاتی ہے نماز کے اندر اُس کا سہواً کرنا اس پر محمول ہے (چوتھے) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ دو رکعت کے بعد بجائے بیٹھنے کے کھڑے ہو گئے پھر آپ جب نماز پوری کر چکے تو سلام پھیرنے سے پہلے آپ نے دو سجدے کر لیے قعدہ کے اندر تشہد کا نہ پڑھنا بھی اسی پر محمول ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا قام الامام

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فی الرکعتین فان ذکر قبل ان یستوی قائما فلیجلس ولا سجود علیہ ولا سجود السہو یعنی اگر دو رکعتوں کے اندر کھڑا ہو جاوے تو اگر سیدھا کھڑا ہونے سے پہلے اُس کو یہ یاد آجاوے تب تو اُس کو بیٹھ جانا چاہئے سیدھا کھڑا ہو جاوے تو بیٹھے اور سہو کے دو سجدے کرے میں کہتا ہوں اُس کا سبب یہ ہے کہ جب وہ کھڑا ہو گیا تو قعدہ فوت ہو گیا پھر اگر وہ سو آئے تو میں یہ نہیں کہتا کہ اُس کی نماز فاسد ہو جاتی ہے اور حدیث سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اگر سیدھا ہونے کے قریب ہو گیا ہے مگر ہنوز سیدھا نہیں ہوا ہے تو اسکو بیٹھ جانا چاہئے بخلاف عامہ فقہا کے۔

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس شخص کے لئے جو قرآن کی وہ آیت پڑھے جسمیں سجدہ کرنے کا حکم ہے یا سجدہ کرنیوالے کے ثواب اور اُس سے انکار کے عذاب کا بیان ہے یہ حکم فرمایا ہے کہ اپنے پروردگار کے کلام کی تعظیم اور مسارعت الی الخیر کے قصد سے سجدۂ تلاوت کرے اور جن مواضع میں ملائکہ کو حضرت آدم علیہ السلام کے لئے سجدہ کرنیکا حکم ہے وہ اُنکے عموم میں نہیں کیونکہ کلام خدا تعالےٰ کے سجدہ کرنے میں ہے جن آیات میں نص سے سجدہ کرنا ثابت ہے وہ چودہ یا پندرہ آیتیں ہیں عمر نے منبر پر کھڑے ہو کر یہ بیان کیا کہ یہ سجدے واجب نہیں ہیں مستحب ہیں تو کسی نے حاضرین میں سے انکار نہیں کیا بلکہ سب نے اس کہنے کو مانا اور حدیث شریف میں یہ جو آیا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے سورۂ نجم کے اندر سجدہ کیا اور وہاں جس قدر مسلمان اور مشرک اور جن حاضر تھے سب نے سجدہ کیا میرے نزدیک اس کی یہ توجیہ ہے کہ اُس خاص وقت میں حق اسقدر ظاہر اور روشن ہو گیا تھا کہ کسی کو بجز ہٹ دھرمی اور تعصب کے کچھ چارہ نہ رہا پھر جب لوگ اپنی اپنی حالت پر آئے تو جو کافر اور جو مسلمان تھے وہ مسلمان رہے بجز ایک بوڑھے قریشی کے اُسکے دل پر ایسی مضبوط مہر لگی ہوئی تھی کہ وہ اس رحمت عامہ سے محروم رہا اور اُسکے دلیں اُسکا اثر نہ ہوا اور بجائے سجدہ کرنے کے مٹھی بھر زمین پر سے اُٹھا کر پیشانی کو لگالی اُس کی سزا بہت جلد اس کو یہ ملی کہ جنگ بدر میں مارا گیا۔ سجدۂ تلاوت کے اذکار میں سے یہ ہے سجد وجہی للذی خلقہ وشق سمعہ وبصرہ بحولہ وقوتہ اور ازانجملہ یہ ہے اللھم اکتب لی بھا عندک اجرا وضع بھا عنی وزرا واجعلھا لی عندک ذخرا وتقبلھا منی کما تقبلتھا من عبدک داؤد۔

نوافل کا بیان

جس رحمت کا شارع کے اندر لحاظ کیا گیا ہے اُس کا مقتضی ہے کہ لوگوں کو ضروری چیزیں اور نیز وہ چیزیں جنسے طاعت الٰہی کا پورا پورا فائدہ اُن کو حاصل ہو سکے بیان کر دیجائیں تاکہ ہر شخص اپنا اپنا حصہ اُس سے حاصل کر سکے پھر اُن میں سے جو شخص کاروبار دنیوی میں مصروف رہتا ہے وہ تو صرف اُن ضروری باتوں کو اپنے ذمہ لازم کرے اور جو شخص دنیاوی کاروبار سے فارغ ہے اور اُس نے تہذیب نفس اور اصلاح آخرت کا مصمم ارادہ کر لیا ہے وہ کامل طور پر ان عبادات کے ادا کرنے کی کوشش کرے اس واسطے غایت شرعی کی توجہ اس امر کی طرف ہوئی کہ اُن کے لئے نوافل نماز اور اُنکی اوقات مساجد اور اسباب کے ساتھ تعیین اوقات بیان کی جائے اور لوگوں کو اُس پر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابھار آجاوے اور ترغیب دلائی جاوے اور ان کے فوائد بیان کئے جاویں اور اجمالاً اس نماز نفل کی بھی ترغیب دیجاوے جس کے لئے کوئی وقت مقرر نہیں ہے مگر جب کہ کوئی مانع موجود ہو جیسے وہ اوقات جن میں نماز کا پڑھنا منع ہے ان نوافل میں سے ایک تو وہ نوافل ہیں جو فرائض کے ساتھ پڑھی جاتی ہیں اور اصل یہ ہے۔ کہ اشغال دنیویہ چونکہ لوگوں کو خدا کی یاد سے بھلاتے ہیں اور اذکار کے اندر تدبیر اور تفکر اور عبادات کا ثمرہ حاصل کرنے سے مانع ہوتے ہیں کیونکہ ان سے ہیئت بہیمیہ کا جماد اور ہیئت ملکیہ میں ایک قسم کا دباؤ و قساوت پیدا ہوتی ہے لہذا ایسی بات کی ضرورت ہوئی کہ اس کدورت کے صاف کرنے کی غرض سے قبل از فرائض اس کا استعمال کیا کریں تاکہ فرائض کے اندر ایسے وقت میں شروع پایا جاوے کہ تمام شغلوں سے قلب خالی ہو اور سب سے خارج ہو اور بسا اوقات آدمی اس طرح نماز پڑھتا ہے کہ نماز کا فائدہ اس کو پوری طرح سے نہیں حاصل ہوتا چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول میں اس کی جانب اشارہ پایا جاتا ہے۔ کم من مصل لیس لہ من صلوتہ الا التصفہا ثلثہا ربعہا بہت سے نمازیوں کو انکی نماز سے صرف نصف تہائی چوتھائی ثواب ملتا ہے لہذا ضروری ہوا کہ فرائض کے بعد اس مقصود کے پورا کرنے کے لئے کچھ نماز اور مقرر کی جاوے ان نوافل میں سے زیادہ ضروری شب و روز میں سے دس یا بارہ رکعت ہیں جو تمام اوقات پر منقسم ہیں اور یہ اس لئے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بنی کہ بیت فی الجنۃ۔ اس کے لئے جنت میں گھر بنایا جاویگا۔ میں کہتا ہوں اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس شخص نے اپنی جماعت کو رحمت کے ایک بہت بڑے حصہ کا مستحق بنالیا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے رکعتا الفجر خیر من الدنیا وما فیہا یعنی صبح کی دو رکعت دین اور دنیا کی تمام چیزوں سے بہتر ہیں میں کہتا ہوں بہتر ہونے کا سبب یہ ہے کہ دنیا فانی ہے اور اس کی نعمتیں رنج اور مصیبت کی کدورتوں سے خالی نہیں رہ سکتی ہیں اور ان رکعتوں کا ثواب ایسا باقی ہے جس میں نام کو بھی کدورت نہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من صلی الفجر جماعۃ ثم قعد یذکر اللہ حتی تطلع الشمس ثم صلی رکعتین کانت لہ کاجر حجۃ وعمرۃ جس نے جماعت سے صبح کی نماز پڑھی پھر طلوع آفتاب تک یاد الٰہی کرتا رہا پھر دو رکعت پڑھیں اسکو مثل حج اور عمرہ کے ثواب ملیگا میں کہتا ہوں یہ وہ ثواب ہے جو ہروں کے لئے آپ نے مسنون فرمایا ہے اور اعتکاف کے فوائد ہم پہلے بیان کر چکے و قبل از ظہر چار رکعت کے بارے میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تفتح لہن ابواب السماء ان کے آسمانوں کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور فرمایا ہے انہا ساعۃ تفتح فیہا ابواب السماء فاحب ان یصعد لی فیہا عمل صالح وہ یہ (بعد زوال) ایسی گھڑی ہے کہ اسوقت آسمانوں کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اس لئے میں چاہتا ہوں کہ اس میں میرا کوئی عمل صالح آسمانوں پر صعود کرے اور فرمایا ہے ما من شیٔ الا یسبح فی تلک الساعۃ کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو اس گھڑی تسبیح نہ کرتی ہو۔ میں کہتا ہوں پہلے ہم اس بات کو بیان کر چکے ہیں کہ جناب باریتعالےٰ کے لئے جس کی ذات اوقات کے قید سے برتر ہے خاص خاص اوقات میں اس کی تجلیات کا ظہور ہوتا رہتا ہے اور بعض اوقات میں تمام عالم کے اندر روحانیت پھیل جاتی ہے اس لئے اس ہی فصل کو دیکھنا چاہئے اور جمعہ کے بعد اگر مسجد میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پڑھے تو چار رکعتیں اور مکان پر پڑھے تو دو رکعتیں اس لئے مسنون کی گئی ہیں۔ تاکہ ایسے وقت میں کہ لوگوں کا مجمع عظیم ہے اور وہی جمعہ کا وقت اور وہی جگہ ہے جمعہ کی نماز کے مثل کوئی اور نماز نہ پائی جاوے کیونکہ اس سے عوام کو جماعت سے اعراض کرنیکا گمان اور اسی طرح کے اوہام پیدا ہوتے ہیں لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کوئی نماز کسی نماز کے ساتھ نہ ملائی جاوے جب تک کہ کلام نہ کرے یا باہر نہ آجاوے اور قبل از عصر چار رکعتیں اور بعد از مغرب چھ رکعتیں بھی مروی ہیں اور فجر کی نماز کے بعد سنتیں مقرر نہیں کی گئیں کیونکہ اس میں نماز کی جگہ اشراق کی نماز تک بیٹھنا مسنون کرنے سے وہ مقصود حاصل ہوگیا اور نیز اس کے بعد نماز پڑھنے سے مجوس کے ساتھ مشابہت کا دروازہ مفتوح ہوتا ہے اور ایسی مشابہت کے پیدا ہونے کے سبب سے بعد عصر بھی سنتیں نہیں مقرر کی گئیں اور از انجملہ شب کی نوافل ہیں جاننا چاہیے کہ شب کا اخیر وقت ایسا ہے کہ تمام اشغال مشوشہ سے قلب کو صفائی اور دلجمعی ہوتی ہے اور غل شور سے سکون ہوتا ہے اور آدمی سوتے ہوتے ہیں اور ریا و سمعہ سے بعد ہوتا ہے اور افضل ترین عبادت کے لئے وہی اوقات ہیں جنمیں قلب کو فراغ ہو اور متوجہ الی اللہ ہو جیسے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وصلوا باللیل والناس نیام۔ اور رات کو نماز پڑھا کرو کہ آدمی سوتے ہوتے ہیں اور اللہ پاک بھی قرآن میں ارشاد فرماتا ہے ان ناشئۃ الیل ہی اشد وطاء واقوم قیلا ان لک فی النہار سبحا طویلا۔ البتہ رات کے زیادہ گرانی ہوتی ہے اور تو دن کے وقت تسبیح زیادہ کرتا ہے اور بھی یہ وقت وہ ہے کہ رحمت الہیہ نازل ہوتی ہے اور بھی اس وقت میں اللہ پاک کو بندہ کے ساتھ زیادہ قربت ہوتی ہے جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں اور بھی اس وقت کے جاگنے میں قوت بہیمیہ کے ضعیف کرنے کیلئے ایسی عجیب خاصیت ہے کہ یہ بمنزلہ تریاق کے ہے اور اس لئے لوگوں کا قاعدہ ہے کہ جب وہ درندے جانوروں کو تابع مسخر کرنا چاہتے ہیں اور ان کو شکاری بناتے ہیں تو ان کو بھوکا رکھتے۔ اور نیند کے باز رکھنے کے ذریعہ سے وہ اس بات کو حاصل کر سکتے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ ان ہذا السہر جید وثقل الحدید یعنی اس جاگنے میں مشقت اور گرانی ہے اسلئے تہجد کی نماز کیطرف شارع کو بہت اہتمام ہوا اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کے فضائل لوگوں کو بتائے اور اس کے آداب اور وظائف منضبط کئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یعقد الشیطان علی قافیۃ راس احدکم اذا ہو نام ثلث عقد تم میں سے جب کوئی آدمی سوتا ہے تو شیطان اس کے سر کے قافیہ میں تین گرہ لگا دیتا ہے اخیر حدیث تک میں کہتا ہوں شیطان اسکے دل میں نیند کی لذت ڈالتا ہے اور اس کے دل میں یہ وسوسہ ڈالتا ہے کہ ابھی رات بہت ہے اور اس کا یہ وسوسہ بہت مضبوط اور مستحکم ہوتا ہے جب تک کوئی ایسی تدبیر نہ کی جائے کہ جس سے نیند دفع ہو سکے اور خدا کی طرف توجہ کا دروازہ اس پر کھل جاوے وہ وسوسہ دل سے نہیں نکلتا اس لئے یہ بات مسنون کی گئی کہ جس وقت آدمی کی سوتے سے آنکھ کھلے اور اپنی آنکھیں ملتا ہوا اٹھے تو خدا کا نام لے پھر وضو اور مسواک کر کے چھوٹی چھوٹی دو رکعت پڑھے بعد ازاں اذکار اور آداب سے جتنا چاہے پڑھتا رہے اور میں نے ان تین عقود کا تجربہ کیا ہے اور ان کا لگانا اور پھر ان کی تاثیر کا مشاہدہ کیا مگر مجھ کو یہ بھی معلوم تھا کہ یہ شیطان کیطرف سے ہے اور اس وقت مجھ کو یہ حدیث بھی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یا دوائی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کاسیۃ فی الدنیا عاریۃ فی الآخرۃ۔ بہت سی دنیا میں لباس پہننے والیاں آخرت میں ننگی ہونگی یعنی دنیا میں جو طرح طرح کے لباس پہنتی ہیں آخرت میں اس کے بدلے ننگی رہینگی کیونکہ فضائل نفسانیہ سے دنیا کے اندر وہ ننگی تھیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ماذا انزل اللیلۃ من الخزائن الحدیث آج کی رات میں آسمان سے کیا کیا خزانے اتارے گئے میں کہتا ہوں اس بات پر صاف دلیل ہے کہ معانی صورتوں میں متمثل ہیں اور اپنے وجود حسی سے بیشتر اکثر زمین پر نزول ہوتا رہتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ینزل ربنا تبارک وتعالے الی سماء الدنیا حین یبقی ثلث اللیل الآخر الحدیث جب شب کا اخیر تہائی حصہ باقی رہتا ہے ہمارا رب تبارک وتعالے آسمان دنیا کی جانب نزول فرماتا ہے۔ علما کا قول ہے کہ آوازوں کے سکون کی وجہ سے جو حضور قلب کے مانع ہوتی ہیں اور اشغال مشوشہ سے دل کے صاف ہونے اور ریا کا احتمال نہ ہونے کے سبب سے نفس کو ہمت الہیہ کے نزول کی جو قابلیت حاصل ہوتی ہے اس حدیث میں اسی کی جانب اشارہ ہے اور میرے نزدیک اسکے ساتھ ایک اور چیز کی طرف بھی اشارہ ہے جو قلب کے اندر پیدا ہوتی ہے جس کو نزول سے تعبیر کر سکتے ہیں جس کا اس سے پہلے ہم کچھ بیان کر چکے ہیں انہیں وجوہ اسرار کی وجہ سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اقرب ما یکون الرب من العبد فی جوف اللیل الآخر سب سے زیادہ اللہ پاک اور اس کے بندہ میں جو قربت ہوتی ہے وہ شب کے اخیر میں ہوتی ہے اور فرمایا ہے ان فی اللیل لساعۃ لا یوافقھا عبد مسلم یسئل اللہ فیھا خیرا الا اعطاہ۔ البتہ شب میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ کوئی عبد مسلم اپنی بھلائی کی دعا نہیں کرتا مگر اللہ پاک اس کو عطا فرماتا ہے اور یہ فرمایا ہے علیکم بقیام اللیل فانہ دأب الصالحین قبلکم وھو قربۃ لکم الی ربکم مکفرۃ للسیات مناھاۃ عن الاثم التزام کرو شب کے اٹھنے کا اسلئے کہ یہ دستور ہے تم سے پہلے صالحین کا اور وہ تمہارے رب کی جانب قربت کا موجب اور تمہاری برائیوں کا دور کرنیوالا اور گناہ سے روکنے والا ہے اور گناہوں کے دور کرنے اور ان سے باز رکھنے وغیرہ کے اسرار ہم بیان کر چکے ہیں وہاں ان کو دیکھنا چاہئے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من اوی الی فراشہ طاھرا نیۃ ان اللہ حتی یدرک الغاس فیتقلب ساعۃ من اللیل یسئل اللہ شیئا من خیر الدنیا والآخرۃ الا اعطاہ۔ جس شخص نے طہارت کے ساتھ اپنے بستر پر خدا کی یاد کے ساتھ سہارا پکڑا اور اسی حالت پر اس کی آنکھ لگ گئی تو کسی وقت رات کو کروٹ بدلتے خدا تعالے سے دنیا اور آخرت کی کسی بھلائی کا وہ سوال نہیں کرتا مگر خدا تعالے اس کو عطا فرماتا ہے میں کہتا ہوں جو شخص احسان کی حالت پر جو تشبیہ بالملکوت اور خدا تعالے کی کبریائی پر تنبہ کو جامع ہے سوجاتا ہے تو تمام رات اسی حالت پر رہتا ہے اور اس کا نفس خدا تعالے کی طرف مقربین کے زمرہ میں متوجہ رہتا ہے اور تہجد کیوقت یہ مسنون ہے کہ جب آدمی سونے سے فارغ ہو کر اٹھے تو وضو کرنے سے پہلے خدا تعالے کی یاد کرے اور وہ دعائی طرح سے آئی ہے از انجملہ یہ دعا ہے اللھم لک الحمد انت قیم السموات والارض ومن فیھن ولک الحمد انت نور السموت والارض ومن فیھن ولک الحمد انت ملک السموت والارض ومن فیھن ولک الحمد وانت الحق ووعدک الحق ولقاءک حق وقولک حق والجنۃ حق والنار حق والنبیون حق ومحمد حق والساعۃ حق اللھم لک اسلمت وبک آمنت وعلیک توکلت والیک انبت وبک خاصمت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وایلیک حاکمت فاغفرلی ماقدمت وما اخرت وما اسررت وما اعلنت وما انت اعلم بہ منی انت المقدم وانت المؤخر لا الہ الا انت ولا الہ غیرک۔ اوراز انجملہ یہ ہے کہ اللہ اکبر دس مرتبہ اور الحمد للہ دس مرتبہ کہے اور سبحان اللہ وبحمدہ دس مرتبہ اور استغفر اللہ دس مرتبہ اور لا الہ الا اللہ دس مرتبہ بعد ازاں یہ پڑھے اللھم انی اعوذبک من ضیق الدنیا وضیق یوم القیمۃ دس مرتبہ اور انجملہ لا الہ الا انت سبحانک اللھم وبحمدک استغفرک لدینی واسئلک رحمتک اللھم زدنی علما ولا تزغ قلبی بعد اذ ہدیتنی وہب لی من لدنک رحمۃ انک انت الوہاب اور از انجملہ یہ کہ یہ آیات پڑھے ان فی خلق السموات والارض واختلاف اللیل والنہار لآیات لاولی الالباب اخیر سورۃ تک بعد ازاں مسواک کرے اور وضو کرکے مع وتر کے گیارہ رکعتیں پڑھے اور نماز تہجد کے آداب اور اذکار پر جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مسنون کئے ہیں التزام کرے اور دو دو رکعت پر سلام پھیرے اور ہاتھ اٹھا کر یا رب یا رب کہتا رہے اور جہاں تک ہو سکے دعا میں مبالغہ کرے اور یا کی دعاؤں میں یہ دعا بھی داخل ہے اللھم اجعل لی فی قلبی نورا وفی بصری نورا وفی سمعی نورا ومن بینی نورا وعن یساری نورا وفوقی نورا وتحتی نورا وامامی نورا واجعل لی نورا۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مختلف طریقوں سے تہجد کی نماز پڑھی ہے اور سب طریقے سنت ہیں اور اصل یہ ہے کہ شب کی نماز وتر ہے اس کو تم بامین عشاء سے صبح تک پڑھ لیا کرو اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو طاق اس غرض سے فرمایا ہے کہ یہ طاق عدد مبارک ہے چنانچہ آپ فرماتے ہیں ان اللہ یحب الوتر فاوتروا یا اہل القرآن۔ خدا تعالےٰ طاق ہے طاق کو پسند کرتا ہے اس لئے اے اہل قرآن تم نماز طاق پڑھا کرو مگر چونکہ نبی صلی اللہ نے رشب کے اٹھنے میں مشقت ہوتی ہے اور اس کی برداشت وہی کر سکتا ہے جسکو خدا تعالےٰ نے توفیق دی ہو اسلئے قیام اس کو تمام امت پر لازم نہیں کیا اور شروع شب میں وتر کے پڑھنے کی اجازت دی مگر اس کے ساتھ ہی تاخیر سے پڑھنے کی رغبت دلاتے رہے چنانچہ آپ نے فرمایا ہے من خاف ان لا یقوم آخر اللیل فلیوتر اولہ ومن طمع ان یوتر آخرہ فان صلوۃ اللیل مشہودۃ وذلک افضل جس شخص کو اخیر شب میں نہ اٹھنے کا اندیشہ ہو تو وہ اول شب میں وتر پڑھ لے اور جس کو آخیر شب میں پڑھنے کا الیح ہو تو وہ آخر میں وتر پڑھے کس لئے کہ شب کی نماز میں حضوری ہوتی ہے اور وہ افضل ہے اور حق یہ ہے کہ وتر سنت ہیں مگر سب سنتوں سے زیادہ موکد ہیں حضرت علی اور حضرت ابن عمر اور عبادہ بن صامت نے اسکو بیان کیا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا ہے ان اللہ امدکم بصلوۃ ہی خیر لکم من حمر النعم خدا تعالےٰ نے تمہارے لئے ایک ایسی نماز بڑھانی جو سرخ اونٹوں سے بہتر ہے تو اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ خدا تعالےٰ نے آپ پر اسی قدر نماز فرض کی ہے جو ان سے ادا ہو سکے کیونکہ شروع شروع میں شب و روز میں گیارہ رکعتیں فرض کیں بعد ازاں حضر کے اندر کچھ اور بڑھا دیں بعد ازاں جو لوگ محسنین کے زمرہ میں ہیں ان کیلئے وتر بڑھا دیئے کیونکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اس بات کو جانتے تھے کہ جو لوگ احسان کے درجے کی قابلیت رکھتے ہیں انکو اس سے زیادہ مقدار کی حاجت ہے اسلئے اصل نماز کے برابر گیارہ رکعت انکے لئے اور زیادہ کر دیں چنانچہ حضرت ابن مسعود نے ایک اعرابی سے فرمایا ہے تیرے اور تیرے ساتھیوں کے لئے یہ نہیں ہیں۔

اور بعد نوافل وتر سے وہ کلمات ہیں جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سکھلائے قنوت وتر میں یہ کہتے تھے اللھم اھدنی فیمن ھدیت وعافنی فیمن عافیت وتولنی فیمن تولیت وبارک لی فیما اعطیت وقنی شر ما قضیت فانک تقضی ولا یقضی علیک انہ لا یزل من والیت ولا یزال من عادیت تبارکت ربنا وتعالیت اور انجملہ یہ ہے وبعد ازاں یہ پڑھے اللھم انی اعوذ برضاک من سخطک واعوذ بعافاتک من عقوبتک واعوذ بک منک لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک اور بعض وظائف سے جو بعد سلام پھیرنے کے پڑھے یہ ہیں سبحان الملک القدوس دو مرتبہ آہستہ آہستہ تیسری مرتبہ باواز بلند اور جب آپ تین رکعت پڑھتے تھے تو اول رکعت میں سورہ سبح اسم ربک الاعلی الذی دوسری میں سورہ قل یا ایھا الکافرون تیسری میں قل ھو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھتے تھے اور از انجملہ قیام رمضان شریف کے مہینہ میں اور اسکے شروع ہونے میں یہ بعید ہے کہ مقصود شارع کا رمضان سے یہ ہے کہ امت محمدیہ کو بسبب ان اوصاف حمیدہ کے ملائک کے ساتھ مناسبت ہو جاوے اور انکے ساتھ اسکو تشبیہ ہو جاوے اسی لئے آپ نے مسلمانوں کے دو درجے کئے ایک درجہ عوام کہ انمیں فقط یہی کافی ہے کہ رمضان کے روزے رکھیں اور فرائض پر اکتفا کریں دوسرے درجہ مخلصین اور وہ درجہ اس سے عبارت ہے کہ روزہ رمضان شریف کا اور اسکی راتوں میں قیام اور تنزیہ زبان باوجود اعکاف کے اور عشرہ اخیرہ میں کمر ہمت کا خوب سخت مستحکم سے باندھنا اور چونکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جانتے تھے کہ تمام امت اس درجہ علیا کے حاصل کرنے کی طاقت نہیں رکھتی اور یہ بھی ضرور تھا کہ ہر شخص بقدر اپنی طاقت کے اعمال کو کرے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ما زال یکم الذی رایت من صنیعکم حتے خشیت ان یکتب علیکم ولو کتب علیکم ما قمتم بہ جس چیز کو تم ہمیشہ کرتے ہو میں اس کو دیکھتا رہتا ہوں اور تمہارے ہمیشہ کرنے کی وجہ سے مجھے خوف ہے کہ تم پر فرض نہ ہو جاوے اور اگر فرض ہو جاوے تو قائم نہ رہو گے اس پر معلوم کرو کہ عبادات کی توفیق بندوں پر ایسی چیز سے ہوا کرتی ہے جس سے ان کے دل مطمئن رہیں اس لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ خوف ہوا کہ ایسا نہ ہو یہ لوگ ان عبادات کے عادی ہو جائیں اور ان سے ان کا دل مطمئن ہو جاوے اور جس وقت ان امور میں انسے کسی قسم کی کوتاہی ہو تو بوجہ اس کوتاہی کے احکام الٰہی کے اندر اس کو کوتاہی جانیں یا وہ عبادت شعاروں میں سے ہو کر انپر فرض ہو جاوے اور اس کے متعلق قرآن نازل ہو جاوے اور پھر پہلے لوگ اس کی برداشت نہ کر سکیں۔

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من قام رمضان ایمانا واحتسابا غفر لہ ما تقدم من ذنبہ جس کسی نے ایمان کے ساتھ بطلب قصد ثواب کے رمضان کے اندر قیام کیا اسکے سب پہلے گناہ بخشے گئے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ اس وجہ کے حاصل کرنے سے اس نے اپنی جان کو برکات الٰہیہ کا جو ظہور ملکیت اور گناہوں کے محو ہو جانے کا باعث ہیں مورد بنا لیا۔

صحابہ اور تابعین رضی اللہ عنہم نے قیام رمضان میں تین چیزیں اور زیادہ کی ہیں ایک تو مساجد میں اسکے لئے جمع ہونا کیونکہ اسمیں خاص و عام کے لئے آسانی ہے دوسرے اول شب میں اسکا پڑھنا کیونکہ اس کے ساتھ یہ بھی کہتے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہے کہ اخیر شب میں نماز پڑھنے سے حضوری ہوتی ہے اور وہ افضل ہے چنانچہ عمر نے اسی آسانی پر جسکی طرف ہم اشارہ کر چکے ہیں متنبہ کیا ہے تیسرے بیس رکعت کے ساتھ اسکی تعداد مقرر کرنا اور اس کی وجہ یہ ہوئی کہ انہوں نے اس بات کا خیال کر کے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے تمام سال کے اندر ان لوگوں کیلئے جو محسنین کے زمرہ میں ہیں گیارہ رکعت مقرر کی ہیں فیصلہ کر دیا کہ رمضان کے اندر جب مسلمان تشبیہ بالملکوت کے دریا میں اپنی جان کے ڈالنے کا قصد کرتا ہے تو اسکا حصہ گیارہ رکعت کے دوچند سے بہر صورت کم نہ ہونا چاہئے اور ازانجملہ چاشت کی نماز ہے اور اس میں یہ شرط ہے کہ حکمت الہیہ کا مقتضی ہوا کہ دن کے چار حصوں میں سے کوئی حصہ نماز سے جو یاد الٰہی پر آدمی کو متنبہ کرتی ہے خالی نہ ہو کیونکہ ربع تین ساعت کا نام ہے اور تمام عرب عجم میں دن کے حصول کے لئے جو مقدار مستعمل ہے اس مقدار کی کم از کم تین ساعت ہوتی ہے لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے قبل چاشت کے نماز صلحا کی سنت رہی ہے اور نیز دن کے پہلے حصہ میں آدمی اپنی روزی اور معاش کی تلاش میں مصروف رہا کرتے ہیں اس لئے ایسے وقت میں ایک نماز مسنون کی گئی تاکہ اس غفلت کے سم کے لئے جو اس وقت میں نفس پر طاری ہوئے ہیں بمنزلہ تریاق کے ہو جائے جیسا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بازار میں جانے والے کیلئے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک الخ تک مسنون کیا ہے چاشت کی نماز کے لئے تین درجے ہیں کم درجہ اس کا دو رکعتیں ہیں اور اسمیں یہ نکتہ ہے کہ آدمی کے ہر عضو پر جو صدقہ واجب ہے یہ نماز اس کا بدلہ ہو جاتی ہے اور اسکی یہ وجہ ہے کہ ہر جوڑ کا اسکی صحت پر جو اسکے مناسب ہے باقی رکھنا خدا تعالے کی بڑی نعمت ہے سب کے شکریہ میں حسنات کا ادا کرنا اور اس کی حمد کرنا واجب ہے اور تمام اعمال صالحہ سے بڑھکر ہے جس کے ادا کرنے میں تمام اعضا سے ظاہری اور قوائے باطنی میں مصروف ہوتے ہیں اور دوسرا درجہ اس کا چار رکعت ہیں اور اسکے متعلق آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حکایۃ عن اللہ تعالے فرمایا ہے اے ابن آدم میرے لئے شروع دن میں چار رکعت پڑھ اخیر دن تک میں تیرے لئے کافی ہونگا میں کہتا ہوں اس سے یہ مراد ہے کہ تہذیب نفس کے لئے یہ کافی مقدار ہے اگرچہ اخیر دن تک ایسا کوئی اور کام نہ کرے اور تیسرا درجہ یہ ہے کہ چار رکعت سے زیادہ پڑھے مثلاً آٹھ رکعت یا بارہ رکعت اور چاشت کا کامل وقت وہ ہے کہ جب دن چڑھ جاوے اور اونٹنیوں کے بچے گرمی کے سبب سے بیٹھ جاویں اور ریت پر نہ چل سکیں۔ اور ازانجملہ استخارہ کی نماز ہے اہل جاہلیت کا قاعدہ تھا کہ ان کو جب کوئی حاجت سفر یا نکاح یا بیع وغیرہ کی پیش آیا کرتی تو وہ تیروں کا کرتے تھے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کو اس حرکت سے منع فرمایا کیونکہ وہ ایک بے بنیاد اور بے اصل اور صرف ایک اتفاقی چیز تھی۔ اور نیز اسکے اندر خدا تعالے پر افترا پایا جاتا تھا کیونکہ وہ لوگ اسوقت کہا کرتے تھے ہمارے پروردگار کا ہم کو حکم ہو گیا یا ہمارے پروردگار نے اس سے منع کر دیا اور بجائے اسکے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے استخارہ کو مقرر فرما دیا کیونکہ جب آدمی خدا تعالے سے کسی چیز کے علم کا فیضان چاہتا ہے اور اسکی مرضی کا اس امر میں انکشاف چاہتا ہے اور دل سے اس کے دروازہ پر نیازمندی سے قیام کرتا ہے تو نور حکمت الہیہ کا اسکے دل پر فیضان ہو جاتا ہے اور نیز استخارہ کا بہت بڑا فائدہ یہ ہے کہ انسان اسوقت اپنے نفس

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی مراد سے فناہ ہوجاتا ہے اور اُسکے فواے بہیمیہ ملکیہ کے تابع ہوجاتے ہیں اور اپنی ذات کو خدا تعالےٰ کے حوالے کر دیتا ہے اسکی وجہ سے اُس کا حال بمنزلہ حال ملائکہ کے ہوجاتا ہے وہ بھی اسی طرح الہام ملائکہ کے منتظر رہتے ہیں اور الہام ہوجانیکے بعد ارادہ اپنے سے وہ بہمہ تن اس کام میں متوجہ ہوجاتے ہیں اُنکے نفسانی ارادہ کو کچھ دخل نہیں ہوتا امید میرے نزدیک اپنے امور میں کثرت سے استخارہ کرنا ملائکہ کے ساتھ تشبیہ حاصل کرنے کے لئے تریاق مجرب ہے۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے استخارہ کی دعا اور اسکے ادا پر مضبوط کر دیے ہیں اور یہ دعا تعلیم فرمائی ہے اللھم انی استخیرک بعلمک واستقدرک بقدرتک واسئلک من فضلک العظیم فانک تقدر ولا اقدر وتعلم ولا اعلم وانت علام الغیوب اللھم ان کنت تعلم ان ھذا الامر خیر لی فی دینی ومعاشی وعاقبۃ امری یا آپ نے یہ کہا فی عاجل امری واجلہ فاقدرہ لی ویسرہ لی ثم بارک لی فیہ وان کنت تعلم ان ھذا الامر شر لی فی دینی ومعاشی وعاقبۃ امری یا یہ کہا فی اجل امری واجلہ فاصرفہ عنی واصرفنی عنہ واقدر لی الخیر حیث کان ثم ارضنی بہ۔ اور اپنی حاجت کا ذکر کرے۔

اور ازانجملہ صلوٰۃ حاجت ہے اور اصل اسمیں یہ ہے کہ مخلوق سے مدد چاہنے اور اُن سے اپنی حاجت کے طلب کرنے میں اس بات کا مظنہ تھا کہ شخص غیر خدا تعالےٰ سے مدد کو تجویز کرتا ہے پس یہ صورت توحید استعانہ مخل تھی لہذا اُنکے لئے ایک نماز اور دعا مسنون کی گئی تا اُنسے یہ شر دور ہو۔

پھر مسنون ہوئی انکو یہ کہ دو رکعت پڑھیں خدا کی ثنا اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھیں پھر کہیں لا الہ الا اللہ الحلیم الکریم سبحان اللہ رب العرش العظیم والحمد للہ رب العالمین اسالک موجبات رحمتک وعزائم مغفرتک والغنیمۃ من کل بر والسلامۃ من کل اثم لا تدع لی ذنبا الا غفرتہ ولا ھما الا فرجتہ ولا حاجۃ ھی لک رضا الا قضیتھا یا ارحم الراحمین۔ اور ازانجملہ صلوٰۃ توبہ ہے اور اسمیں اصل یہ ہے کہ خدا تعالےٰ کی طرف رجوع کرنا خاصکر گناہ کرنیکے بعد اور قلب کے اندر اُس گناہ کے زنگ جمنے سے پہلے اُس گناہ کا باعث ہوتا ہے اور ازانجملہ صلوٰۃ وضوء ہے اور اُس کے متعلق آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بلال رضہ سے فرمایا ہے انی سمعت دف نعلیک بین یدی فی الجنۃ کہ جنت میں میں نے اپنے سامنے تیرے جوتیوں کی آواز سُنی ہے میں کہتا ہوں اسمیں یہ بھید ہے کہ طہارت پر التزام کرنا اور اُس کے بعد نماز پڑھنا احسان کے درجے کے لئے کافی مقدار ہے جو بڑے بانصیب سے ہوسکتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضہ سے فرمایا ہے بما سبقتنی الی الجنۃ کس چیز کی وجہ سے جنت میں تو مجھ سے سبقت لے گیا اور ازانجملہ صلوٰۃ تسبیح ہے اُس کا بھید یہ ہے کہ یہ ایک ایسی نماز ہے کہ جس میں خدا کی یاد کا ایک بڑا حصہ پایا جاتا ہے بمنزلہ اُس کامل نماز کے ہے جو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے محسنین کے لئے اذکار کے ساتھ مقرر فرمائی ہے جو شخص اس سے یہ نماز پڑھے کافی ہوجاتی ہے اس لئے اُس کی فضیلت میں دس خصلتیں ارشاد فرمائی ہیں اور ازانجملہ صلوٰۃ الایات ہے جیسے کسوف اور خسوف اور تاریکی کی رہبری جاتی ہے اسمیں اصل یہ ہے کہ جب آیات الٰہی میں سے کسی آیت کا ظہور ہوتا ہے اور لوگوں کے نفوس اُس کے سبب سے خدا تعالےٰ کی طرف متوجہ اور تیار ہوجاتے ہیں اور اُس وقت اُنکو دنیا سے ایک قسم کی علیحدگی ہوجاتی ہے لہذا ایمان والے کیلئے یہ وقت بہت غنیمت ہے اُسکو ایسے وقت میں دعا۔ اور نماز اور تمام

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اعمال صالحہ میں کوشش کرنی چاہئے اور نیز یہ ایسا وقت ہے کہ علم شمال میں عوارث کے پیدا کرنے کیطرف حکم الٰہی متوجہ ہوجاتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اہل معرفت کو خود بخود اُنکے دلوں میں اُس وقت بیچینی ایک طرح کی معلوم ہوتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اسی لئے ایسے وقت میں گھبرا جاتے تھے اور نیز اُن اوقات میں زمین پر روحانیت کا نزول ہوتا ہے لہذا صاحب احسان کیلئے اُن اوقات میں خدا کے ساتھ قربت حاصل کرنا بہت مناسب ہے چنانچہ نعمان بن بشیر کی حدیث میں کسوف کی بابت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فاذا تجلی اللہ لشیٔ من خلقہ خشع لہ۔ پھر جب اللہ تعالےٰ نے اپنی مخلوق میں سے کسی چیز پر تجلی ہوتی ہے تو وہ چیز اُسکے سامنے جھک جاتی ہے اور نیز بعض لوگ چاند سورج کو سجدہ کرتے ہیں لہذا مسلمان ایماندار کو لازم ہے کہ جب کوئی ایسی دلیل ظاہر ہو کہ جس سے ان چیزوں کا عبادت کیلئے مستحق ہونا ثابت ہو تو خدا کی طرف نیازمندی سے التجا کرے اور سکو سجدہ کرے چنانچہ اللہ پاک اس کو ارشاد فرماتا ہے لا تسجدوا للشمس ولا للقمر واسجدوا للہ الذی خلقھن۔ آفتاب کو سجدہ نہ کرو اور نہ قمر کو اور جس خدا نے اُن کو پیدا کیا ہے اُسکو ہی سجدہ کرو یہ سجدہ کرنا بتوں کے پجاریوں اور منکرین کے لئے شعار اور نشان ہے جواب ساکت کرنیوالا ہے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے صحیح حدیث مروی ہے کہ اپنے رکوع اور سجود کو اُن دونوں کو سجدہ پر قیاس کرکے کیے ہیں کیونکہ ایسے وقت میں رکوع اور قیام بھی خضوع کے اندر مثل سجدہ کے ہیں لہذا انکی بھی تکرار مناسب ہوئی اور حدیث صحیح میں آیا ہے کہ اپنی اس نماز کو جماعت سے پڑھا اور اس بات کی منادی کرنے کا علم دیا کہ الصلوٰۃ جامعۃ اور آواز سے قرآن پڑھا جسنے اتباع کیا وہ درجہ احسان پر پہونچا اور جس نے وہ نماز پڑھی جو شرع میں معتبر ہے سو اُس نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول پر عمل کیا فاذا رایتم ذلک فادعوا اللہ وکبروا وصلوا وتصدقوا۔ پھر جب تم اسکو دیکھو تو اُسکو یاد کرو اور اُسکی بڑائی کرو اور اُسکے لئے نماز پڑھو اور اُسکے لئے صدقہ کرو اور از انجملہ صلوٰۃ استسقاء ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کئی مرتبہ مختلف طرق سے اپنی امت کے لئے باران کی طلب کی ہے مگر وہ طریقہ جو اپنی امت کے لئے مسنون کیا ہے یہ ہے کہ آپ لوگوں کو لے کر عیدگاہ کی طرف نہایت نیازمندی اور تواضع اور تضرع کے ساتھ گئے اور جماعت سے دو رکعت نماز بالجہر پڑھی بعد ازاں خطبہ پڑھا اور خطبہ میں قبلہ کی طرف رخ کرکے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنی شروع کی اور اپنی چادر مبارک کو پھیرا اور یہ اسلئے کہ ایک ہی جگہ ایک ہی چیز کی آرزو میں نہایت اہتمام اور گناہوں کی مغفرت طلب کرتے اور اعمال صالحہ کے ساتھ مسلمانوں کے اجتماع کو دعا کے قبول ہونے میں نہایت کامل اثر ہے اور نماز بندہ کے لئے سب عبادت سے قربت الٰہی کی موجب ہے اور ہاتھوں کو اٹھانا نہایت تضرع اور نیازمندی کی صورت ہے جس سے نفس کو خشوع اور عزانبرداری پر تنبیہ ہوتا ہے اور چادر کا الٹنا اُنکے احوال کے متغیر ہونے کی مثل ہے جس طرح مستغیث آدمی بادشاہوں کے حضور میں عمل میں لاتے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم استسقاء میں یہ دعا مانگا کرتے ہیں اللھم اسق عبادک وبھیمتک وانشر رحمتک واحی بلدک المیت اور ایک یہ دعا ہے اللھم اسقنا غیثا مغیثا مریئا مریعا غدقا طبقا عاجلا غیر رائث اور از انجملہ صلوٰۃ العیدین ہے اور اسکی نماز کا بیان عنقریب آتا ہے اور نوافل کے قبیلہ سے کسی خوشی کے حاصل ہونے یا کسی تکلیف کے دور ہونے یا اُن دونوں میں سے کسی کے معلوم ہونے کے وقت سجدہ شکر بجا لانا ہے کیونکہ شکر تو دل کا فعل ہے اور ظاہر

مسجد دارالسلام دوبلجیم میں مزید مفت اور مفید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں

www.KitaboSunnat.com

میں اُسکے کوئی عنوان ضرور ہونا چاہیئے تاکہ ہر ایک کو دوسرے سے قوت حاصل ہو جائے۔ علاوہ بریں نعمتوں کا حاصل ہونے سے ایک طرح کا تکبر پیدا ہوتا ہے اُس کا علاج یہ ہے کہ منعم کے سامنے اپنے آپکو ذلیل اور خاکسار بناوے۔ یہ وہ نمازیں ہیں جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کے لئے جنہیں درجۂ احسان اور ساعت الی الخیر کے قابلیت ہے فرائض نماز پر جس کا کرنا تمام خاص و عام پر لابدی ہے زیادہ کرکے مسنون فرمایا ہے۔

نماز ایسی چیز ہے جو لوگوں کی بھلائی اور بہبودی کیلئے وضع کی گئی ہے جس سے جہانتک اُسکی کثرت ہو سکے کرنی چاہیئے مگر پانچ وقتوں میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے اُن پانچ میں سے تین وقت ایسے ہیں جن میں بہ نسبت ان دو وقت کے نماز پڑھنے سے بتاکید لکھ منع فرمایا ہے اور وہ تین وقت یہ ہیں ایک تو جب آفتاب برآمد ہوا اور نکل کر اونچا ہو دوسرے خاص وقت دوپہر کے جبتک نہ ڈھلے اور ایک جب آفتاب قریب الغروب ہو غروب تک کیونکہ یہ اوقات مجوس کی نماز کے ہیں اور مجوس وہ فرقہ ہے کہ انہوں نے اپنا دین ضائع کر دیا خدا تعالےٰ کو چھوڑ کر آفتاب پرستی کرتے ہیں اور اُن کے اوپر شیطان کا تصرف ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا ہے انہا تطلع حین تطلع بین قرنی الشیطان۔ جب آفتاب برآمد ہوتا ہے تو درمیان دونوں سینگوں شیطان کے برآمد ہوتا ہے اُس سے یہی مراد ہے کہ اسوقت میں کافر لوگ اُس کو سجدہ کرتے ہیں لہذا ضروری ہوا کہ اُس عبادت کے اندر جو سب عبادتوں میں بڑی عبادت ہے وقت کے اعتبار سے بھی ملت اسلام اور ملت کفر میں بھی تمیز اور فرق کیا جائے اور دوسرے دو وقت وہ ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لاصلوٰۃ بعد الصبح حتی ترتفع الشمس ولا بعد العصر حتی تغرب الشمس۔ بعد نماز صبح کے کوئی نماز نہیں ہے جبتک آفتاب برآمد نہ ہو اور نہ عصر کے بعد جبتک آفتاب غروب نہ ہو میں کہتا ہوں کہ ان دو وقتوں میں نماز پڑھنے سے منع کرنے کی وجہ یہ ہے کہ ان میں نماز پڑھنے سے اُن تین وقات میں نماز پڑھنے کا دروازہ مفتوح ہوتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کبھی کبھی ان دو وقتوں میں نماز پڑھی کیونکہ آپ کو اس قباحت کے پیدا ہونے کا خوف نہ تھا اور ایک روایت میں جمعہ کے دن کا دوپہر اسے مستثنیٰ کیا گیا ہے اور نیز اس حدیث سے مسجد حرام کے اندر ان تین اوقات میں نماز پڑھنے کا جواز ثابت ہوتا ہے یا بنی عبد مناف من ولی منکم من امر الناس شیئا فلا یمنعن احدا طاف بھذا البیت وصلی ای ساعۃ شاء من لیل او نہار ای بنی عبد المناف تم میں سے جو کوئی شخص لوگوں کے امور میں سے کسی امر کا حاکم ہو تو وہ اس گھر کے کسی طواف کرنیوالے کو اور نماز پڑھنے والے کو کسی وقت نہ روکے عام ہے کہ رات میں ہو یا دن میں اور اس تقدیر پر اسمیں یہ بھید ہے کہ جمعہ کا وقت شعار دین کے ظاہر ہونیکا وقت ہے اور مسجد حرام شعار دین کے ظاہر ہونے کی جگہ ہے اس سبب سے وہ دونوں نماز کے مانع کے معارض ہیں۔

اعمال کے اندر میانہ روی کا بیان

معلوم کرو کہ عبادت کے اندر بڑی بیماری نفس کا دال ہی ہو جاتا ہے تو خشوع کی صورت پر اسکو تبنیہ نہیں ہوتی

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور پھر وہ مشقت عبادت کے معنی سے خالی رہجاتی ہے اسی لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہر چیز کی حرص ہوتی ہے اور حرص کو کمی ہوتی ہے اور یہی سبب ہے کہ جب کسی عمل صالح کا لوگوں سے رواج جاتا رہتا ہے اور اسکے کرنے میں لوگ سستی کرنے لگتے ہیں تو اسکے کرنیوالے کا اجر چند در چند ہو جاتا ہے کیونکہ ایسی حالت میں اس عمل کو آدمی اسی وقت کر سکتا ہے کہ جب اس کے نفس کو سخت تنبیہ اور اس کے دل میں ایک مستحکم ارادہ پایا جاوے اسلئے شارع نے طاعت کی مقدار مقرر کی ہے جسطرح مریض کے حق میں دوا کی طرح ایک خاص اندازہ مقرر ہوتی ہے جسمیں کمی بیشی نہیں کی جاتی اور نیز مقصود صفت احسان کا اسطرح پر حاصل کرنا ہے کہ اسمیں تدابیر ضروریہ کا ترک یا حقوق میں سے کسی حق کا تلف نہ لازم آوے چنانچہ حضرت سلمان نے ایک مرتبہ کسی سے یہ فرمایا کہ تیری آنکھوں کا بھی تجھ پر حق ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے انکی تصدیق فرمائی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انا اصوم وافطر اقوم وارقد واتزوج النساء فمن رغب عن سنتی فلیس منی میں روزہ بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں اور قیام بھی کرتا ہوں اور سوتا بھی ہوں اور عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں پس جس کسی نے میری سنت سے اعراض کیا تو وہ مجھ سے نہیں ہے اور نیز مقصود عبادات سے نفس کا راستی پر لانا اور اسکی کجی کا دور کرنا ہے اور یہ مطلوب نہیں ہے کہ تمام اقسام کی عبادات کو وہ عمل میں لائیں کیونکہ تمام خلق کے اعتبار سے یہ بات دشوار معلوم ہوتی ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے استقیموا ولن تحصوا واعلموا ان خیر الاعمال بما یطیقون راستے سے چلو اور کبھی نہ تھک سکو گے تم اور بجالاؤ اعمال کو جسقدر طاعت رکھتے ہو تم اور استقامت ایک حد معین سے ہو سکتی ہے جسکی وجہ سے نفس کو بکیفیت کے لذات سے لذت پاتے اور بیہیئت کے خصائص سے رنجیدہ ہونے پر تنبہ ہو اور بیہیئت کے بکیفیت کے تابع ہونے کا ادراک پیدا ہو اور جب کسی اسکے کرنے کی کثرت کی تو نفس اسکا عادی ہو جاتا ہے اور اس عبادت کے ثمرہ پر اسکو تنبہ نہیں ہوتا اور نیز شرع کا مقصود اعظم یہ ہے کہ دین کے از رقیق اور ذکر کا دروازہ مسدود ہو جاوے تاکہ وہ ایک عمل کو اپنے ذمہ پر ضروری نہ کرلیں پھر انکے بعد کچھ وہ لوگ پیدا ہوں اور ان کو اس بات کا ظن پیدا ہو کہ یہ اعمال عبادات سماویہ سے ہیں اور ہمارے اوپر فرض ہیں بعد ازاں اور لوگ پیدا ہوں اور انکو ان اعمال کے فرض ہونے کا یقین ہی ہو جاوے اور پہلے تو اسکے فرض ہونے کا احتمال ہی تھا اب ان لوگوں کو انکی فرضیت پر اطمینان ہی ہو جائے اور اس سے دین کی تحریف لازم آتی ہے اللہ پاک فرماتا ہے ورہبانیۃ ابتدعوہا۔ الایہ اور درویشی جو انہوں نے اپنی طرف سے ایجاد کی ہے اور نیز جس شخص کے دلمیں یہ گمان پیدا ہو گیا اگرچہ زبان سے اس کے خلاف کہتا ہے کہ بدوں ان عبادات شاقہ کے خدا تعالےٰ کی رضامندی نہیں ہوتی اور اگر انمیں میں نے کوتاہی کی تو میرے اور میرے نفس کی تہذیب میں ایک حجاب عظیم حائل ہو جائیگا اور میں خدا تعالےٰ کا خطاوار ہونگا تو اس شخص سے اسکے ظن اور اعتقاد کے موافق مواخذہ لیا جائیگا اور اس کوتاہی کی اس سے بازپرس ہوگی اور اسمیں کوتاہی کرنے سے اسکے علوم اسکے حق میں مضر اور موجب ظلمت بنجائینگے اور اس سستی کیوجہ سے اسکے اور اعمال بھی مقبول نہ ہونگے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان الدین یسر ولن یشاد الدین احد الا غلبہ دین آسان ہے اور کوئی شخص دین میں سختی نہ کریگا مگر دین اسکو تھکا دیگا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انہیں معنی کے لحاظ سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت پر اہم کر دیا کہ وہ عمل میں اعتدال ملحوظ رکھا کریں اسمیں اتنی زیادتی نہ کریں جسمیں ملال پیدا ہو اور امر دینی مشتبہ ہو جاوے یا تدبیر نافع بیکار ہو جاوے ان امور کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے صراحتاً یا اشارتاً بیان فرما دیا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ نے فرمایا ہے احب الاعمال الی اللہ ادومہا وان قل خدا کو وہ اعمال پسند ہیں جو ہمیشہ کئے جاویں اگرچہ انکی مقدار قلیل ہی ہو میں کہتا ہوں ان اعمال کا زیادہ محبوب ہونا اس لئے ہے کہ ہمیشہ کام کرنے سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اس کام کی دل میں خواہش اور رغبت ہے اور نیز طاعت کا اثر نفس جب ہی قبول کرتا ہے جب اس کے فائدے سے مستفیض ہوتا ہے کہ جب عرصہ تک اطمینان کے ساتھ اسکو ہمیشہ کرتا ہے اور ایسے وقت ملجاویں کہ نفس میں ان اعمال کے لئے فرصت اور تخلیہ ہو اسی قسم کا تخلیہ جیسے خواب میں ہوتا ہے اور اسکے سبب سے اوامل کے علوم نفس میں منقش ہو جاتے ہیں اور اس کا اندازہ معلوم نہیں ہے کہ نفس کے لئے کتنی فرصت درکار ہے اسواسطے اس کے حاصل ہونے کا طریقہ یہی ہے کہ وہ کام ہمیشہ اور کثرت کیا جاوے لقمان علیہ السلام کے اس قول کے یہی معنی ہیں وعود نفسک کثرت الاستغفار فان اللہ ساعتہ یرد فیہا سائلا نفس میں زیادہ استغفار کرنیکی عادت ڈال اسلئے خدا کے پاس بعض ایسے وقت ہوتے ہیں جسمیں وہ سائل کی درخواست کو رد نہیں کرتا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا قول ہے خذوا من الاعمال ما تطیقون فان اللہ لا یمل حتی تملوا یعنی وہ اعمال اختیار کرو جن کو تم کر سکتے ہو اسلئے کہ خدا جب ہی رنجیدہ ہوتا ہے جب تم رنجیدہ ہو یعنی خدا کسی عمل پر ثواب اسوقت نہیں دیتا ہے جبتک لوگ اسکے کرنے سے ناخوش ہوتے ہیں خدا پر ملال کا اطلاق شاکلۃ کر دیا گیا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا قول ہے ان احدکم اذا صلی وہو ناعس لا یدری اولعلہ یستغفر فیسب نفسہ یعنی تم میں سے بعض لوگ سونے کی حالت میں نماز پڑھتے ہیں اور انکو نہیں معلوم ہوتا کہ استغفار کیوقت اپنے نفس پر بد دعا کرتے ہیں میں کہتا ہوں اس سے مراد یہ ہے کہ شدت ملال سے ایسے وقت میں طاعت و غیر طاعت میں تمیز نہیں رہا کرتی پھر حقیقت طاعت پر نفس کو کیونکر تنبیہ حاصل ہوگی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہے فسددوا یعنی میانہ روی کا طریقہ اختیار کرو جسکی نگرانی ہو سکے اور اسکو ہمیشہ عمل میں لاسکیں وقاربوا یعنی یہ خیال مت کرو کہ تم اسقدر عبادت سے دور ہو کہ بغیر اعمال شاقہ کے اس تک نہیں پہنچ سکتے والبشروا یعنی امید اور سرور دل حاصل کرتے رہو واستعینوا بالغدوۃ والروحۃ وشیئا من الدلجۃ یعنی صبح و شام اور اخیر شب کے ایک حصہ سے مدد حاصل کرو کہ ان اوقات میں رحمت الٰہی نازل ہوتی ہے اور دل نفسانی تذکروں سے خوب صاف ہوتا ہے اسکے متعلق ہم نے پہلے ایک فصل بیان کی ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من نام عن حزبہ او عن شیئ منہ فقرأہ فیما بین صلوۃ الفجر وصلوۃ الظہر کتب لہ کان قرأہ من اللیل۔ جو شخص اپنے وظیفہ یا اسکے حصہ کو نہ پڑھے اور سوتا رہے پھر اسکو نماز صبح اور ظہر کے درمیان میں پڑھے تو اسکے لئے اسکا ثواب ایسا لکھا جاتا ہے کہ گویا اسکو رات کے پہلے حصہ میں پڑھا تھا یا میں کہتا ہوں کہ قضا کے باب میں دو امر اصلی ہیں اول یہ کہ طاعت کے ترک کرنے میں نفس کو بے پروائی نہ ہو اور وہ اسکے ترک کرنیکا عادی نہ ہو جائے اگر ایسا کیا تو نفس پر ترک کرنیکے بعد اسکی بجا آوری مشکل ہوگی دوسرے یہ کہ نفس کو ادا کرکے ذمہ داری سے باہر ہو جائے یہ امر دلیل ہے اس کے کہ اللہ نے خدا کے حق میں کوتاہی کی ہے اور خدا بتعالے علم اور بے علمی کی حالت میں اس سے مواخذہ کریگا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معذور لوگوں کی نماز کا بیان

شریعت مقرر کرنے کی تکمیل کے لئے یہ امر ضروری تھا کہ عذر پیش آنے کے وقت لوگوں کیلئے رخصتیں بیان کیجاویں تاکہ مکلفین اپنے مقدور کے موافق طاعت بجا آوری کر سکیں انہیں رخصتوں کا اندازہ شارع کے بیان پر موقوف رکھا جاوے تاکہ شارع انمیں اعتدال کا لحاظ کر سکے لوگوں پر اس کا موقوف ہونا نہیں چاہئے اسلئے وہ انہیں کبھی افراط کرنیکے کبھی تفریط اس لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے رخصتوں اور عذروں کے بیان کو مقرر کرنے کی توجہ فرمائی رخصتوں کے اصول سے یہ مراد ہے کہ طاعت کی اصلی حالت اسی طرح پر کیجی جائے جسکا حکم دیتی ہو ہر حال میں اس حالت کو مضبوطی سے اختیار کرنا چاہئے اور ان حدود اور قواعد کا لحاظ کرنا چاہئے جنکو شارع نے مقرر فرمایا ہے تاکہ اصلی نیکی کا انتہاد کرنا آسان ہو سکے اور ضرورت کے موافق ان حدود میں سے بعض ساقط اور بعض کو بعض سے بدل کر سکیں عذروں میں سے ایک سفر ہے سفر کے نیں جو حرج ہوتا ہے وہ محتاج بیان نہیں ہے اسلئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے انہیں چند طرح کی رخصتیں مقرر فرمائی ہیں ایک قصر کی اجازت فرمائی رکعتوں کی اصلی تعداد یعنی گیارہ کو باقی رکھا اور جو ان سے زیادہ تھیں انکو ساقط کر دیا لہذا اطمینان اور اقامت کو اسکے لئے مشروط کر دانا گیا رہ رکعتوں میں چونکہ عزیمت کا احتمال تھا اسلئے مناسب تھا کہ صرف ضرورت سے انکا اندازہ کیا جائے اور رخصت دینے میں زیادہ تنگی کیجاے اسلئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا ہے کہ آیت میں خوف کی شرط صرف بیان فائدہ کے لئے ہے اور اس کا کوئی اصلی مفہوم نہیں ہے اور فرمایا کہ یہ خداوند تعالے کا صدقہ ہے اسنے تم پر اسکو خیرات کیا ہے اسکے صدقہ کو قبول کرو اسکے صدقہ کی یہ حالت ہے کہ بامروت لوگ اسمیں تنگی نہیں کیا کرتے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اگرچہ پوری رکعت پڑھنے کو کسی قدر ترجیح دیا فرمایا ہے لیکن ہمیشہ اپنے نماز بالقصر ہی پڑھی لہذا نماز میں قصر کرنا سنت موکدہ ہو گیا ہے اور اس روایت میں جس سے پوری نماز کا جواز معلوم ہوتا ہے اور اس روایت میں کہ سفر میں دو رکعت پوری ہیں بلا قصر کوئی اختلاف نہیں ہے اسلئے کہ ممکن ہے کہ اصلی واجب رکعتیں ہوں اور اسکے ساتھ پورا پڑھنے سے اولیٰ پر کفایت ہو جاوے جیسے مریض اور غلام اگر جمعہ کی نماز پڑھیں تو انکے ذمہ سے ظہر کی نماز ساقط ہو جاتی ہے یا جیسے کسی شخص پر زکوٰۃ میں نیت مخاص واجب ہو وہ اپنا تمام مال خیرات کر دے اسی لئے قصر وہاں تک ہوتا ہے کہ جہاں تک مکلف کو مسافر کہہ سکیں جب اس سے یہ نام بالکل زائل ہو جائیگا تب قصر موقوف ہو گا قصر میں کوئی اور حرج پیدا ہو گیا اور پوری نماز نہ ادا کر سکا تو اسکا لحاظ نہ کیا جائیگا صرف مسافرت کا لحاظ ہو گا اسلئے کہ ابتدا ہی سے مسافر کے لئے دو رکعت قرار دیگئی ہیں عبداللہ بن عمرؓ کا قول ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے سفر میں دو ہی رکعت نماز مقرر فرمائی تھی اور یہ دو رکعتیں فی نفسہ پوری ہیں یعنی قصر کی اور معلوم کر دو کہ سفر اور اقامت اور زنا اور سرقہ اور تمام وہ امور جنپر شارع نے احکام کو دار مدار کیا ہے ایسے ہیں کہ اہل عرف اپنے محاورات میں انکا استعمال کرتے ہیں اور انکے معنی سمجھتے ہیں مگر انکی تعریف جامع و مانع جب ہی معلوم ہو سکتی ہے کہ انمیں ایک قسم کا اجتہاد اور تامل کیا جاوے اور اجتہاد کا طریقہ یہ معلوم کرنا بھی دشوار امر ہے ہم نمونہ کے طور پر سفر کے اندر کچھ بیان کرتے ہیں دیکھو کہ سفر ایسی چیز ہے جو تقسیم سے بھی معلوم ہو سکتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور مثال سے بھی معلوم ہو سکتا ہے تمام اہل زبان جانتے ہیں کہ کسی مدینہ منورہ اور مدینہ سے غیر کو جانا ہمارا سفر ہے اور صحابہ اور ہمارے کلام سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ کسی جزیرہ کو طائف یا عسفان اور تمام ان مواضع کو جو وہاں سے چار برید یعنی سولہ فرسنگ یعنی اڑتالیس میل کے فاصلے پر واقع ہیں سفر ہے اور یہ بھی جانتے ہیں کہ انمیں سے ایک کا نام دوسرے پر نہیں بولا جاتا اور یہ بھی جانتے ہیں کہ دن سے نکلنے کی کئی قسمیں ہیں ایک تو اپنی زراعت و باغات کیطرف آمد و رفت کرنا اور ایک بغیر تعیین مقصد اور سفر کے چلنا پھرنا اور اجتہاد کرنیکا یہ طریقہ ہے کہ جن مثالوں پر عرفاً اور شرعاً ایک کا نام اطلاق کیا جاتا ہے انکی تلاش کی جائے اور جن اوصاف میں سے بعض کو بعض سے تمیز ہو سکتی ہے انکی جانچ کی جائے اور انمیں سے جو عام ہے اسکو جنس کی جگہ اور جو خاص ہے اسکو فصل کی جگہ رکھا جاوے اس سے ہم کو یہ بات معلوم ہوئی کہ اپنے مکان سے باہر جانا سفر کا ایک جزو ذاتی ہے اس واسطے کہ اگر ایک شخص اپنے محل اقامت ہی میں چکر لگاتا رہے اسکو مسافر نہ کہینگے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ کسی خاص مقام کو جانا بھی سفر کا جزو ذاتی ہے ورنہ وہ پھرنا بدحواسی کا پھرنا سمجھا جائیگا اسکو سفر نہ کہینگے اور نیز یہ کہ وہ مقام اسقدر دور ہو کہ صبح روز یا اس دن کی اول شب میں آدمی وہاں سے اپنے محل اقامت کو واپس نہ آسکے ورنہ وہ آنا جانا ایسا سمجھا جائیگا جیسے اپنی کھیتی باڑی سے آنا جانا اور اس کے لوازم میں سے یہ ہے کہ وہ پورے ایکدن کا راستہ ہو اور سالم کا قول یہی ہے کہ سولہ فرسنگ کی مسافت تو یقیناً سفر سمجھی جاتی ہے اور اس سے کم مسافت کو سفر کا حکم ہونیمیں تردد ہے اور سفر کا اطلاق شہر پناہ یا گانوں کے سوا نے یا مکانات سے باہر آنے اور ایسی جگہ کے جانے کا ارادہ کرنے سے جو وہاں سے سولہ فرسنگ کے فاصلہ پر واقع ہے صحیح ہوتا ہے اور ایک کافی اور معتد بہ مدت تک اس شہر یا گانوں میں اقامت کا ارادہ کرنے سے سفر کا نام زائل ہو جاتا ہے از انجملہ ظہر و عصر اور مغرب و عشا کا جمع کرنا اصل اسمیں یہی ہے کہ جسکی طرف ہم اشارہ کر چکے کہ اصل اوقات نماز کے تین ہیں فجر اور ظہر اور مغرب اور ظہر سے عصر اور مغرب سے عشا ملتے نکالی گئی ہے کہ دونمازوں کے اندر نیا وہ مدت کا فصل نہ پایا جاوے اور غفلت کی حالت پر لوگ نہ سویا کریں اسلئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکے لئے تقدیم و تاخیر کا جمع کرنا شروع کیا مگر آپ نے اس پر مواظبت نہیں فرمائی اور نہ اسکا حکم دیا جسطرح قصر کا حکم دیا ہے اور از انجملہ سنتوں کا ترک چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ بخیر فجر کی سنتوں اور وتر کے اور نہ پڑھتے تھے اور از انجملہ سواری پر بیٹھکر جدہر سواری چلے اشاروں سے ادہر کو ہی نماز پڑھنا ہے مگر یہ عذر نوافل اور سنت فجر اور وتر ہی کے لئے ہے نہ فرائض میں اور منجملہ اعذار کے ایک خوف ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مختلف طریقوں سے نماز خوف ادا کی ہے اور از انجملہ یہ ہے کہ اپنی قوم کی دو صفیں بنائیں اور انکے ساتھ نماز پڑھے جب آپ نے سجدہ کیا تو آپ کے ساتھ انمیں سے ایک صف نے دو سجدے پورے کرلئے اور ایک صف نگہبانی پر رہی پھر جب صف اول کھڑی ہوئی تو جو نگہبانی پر تھے انہوں نے سجدہ کیا اور نماز میں شریک ہو گئے اور جنہوں نے اول نگہبانی کی تھی انہوں نے دوسری رکعت میں آپ کے ساتھ سجدہ کیا۔ اور دوسری صف نگہبان رہی جب آپ بیٹھے تو جو صف نگہبان تھی اس نے سجدہ کیا اور آپ نے دونوں صفوں کے ساتھ التحیات پڑھکر سلام پھیرا مگر یہ طریقہ اسوقت کے مناسب ہے کہ جب دشمن قبلہ کی طرف ہو یا اس طرح سے

محکمہ کلاش وبراہن سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دونوں رکعتوں کے تقسیم کرنے کا مشکل ہو اور سب لوگ اس طریقے سے واقف ہوں اور ایک طریقہ یہ ہے کہ ایک ٹکڑی آپ کے سامنے کھڑی ہو گئی اور ایک ٹکڑی کے ساتھ آپ نے ایک رکعت پڑھی پھر جب آپ دوسری رکعت پڑھنے کو کھڑے ہوئے تو اس ٹکڑی نے آپ سے جدا ہو کر اپنی نماز تمام کی اور دوسری ٹکڑی کی جگہ دشمن کے مقابلہ پر کھڑی ہوئی اور جو وہاں کھڑی تھی اس نے آکر آپ کا اقتدا کیا اور آپ نے اس کے ساتھ دوسری رکعت پڑھی پھر جب آپ نے التحیات کو نشست کی تو وہ مقتدی کھڑے ہو گئے اور اپنی دوسری رکعت پوری کر کے آپ سے مل گئے اور آپ نے انکے ساتھ سلام پھیر دیا اور یہ صورت اسوقت کے مناسب ہے کہ دشمن قبلہ کی طرف نہ ہو اور دو رکعتوں کی تقسیم کرنے سے انکا عمل پراگندہ نہ ہو اور از انجملہ یہ ہے کہ آپ نے ان میں سے ایک ٹکڑی کے ساتھ نماز پڑھی اور ایک ٹکڑی دشمن کے مقابل کھڑی رہی اور اس ٹکڑی کے ساتھ آپ نے ایک رکعت نماز پڑھی پھر یہ ٹکڑی پہلی ٹکڑی کی جگہ جس نے ہنوز نماز نہ پڑھی تھی جا پہونچی اور وہ نماز کے لئے ان کی جگہ آ پہونچی ان کے ساتھ بھی آپ نے باقی ایک رکعت پڑھی پھر دونوں نے اپنی اپنی نماز پوری کر لی اور از انجملہ یہ ہے کہ ہر ایک جس صورت سے ممکن ہو سوار یا پیدل قبلہ کی طرف یا غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھ لے حضرت ابن عمرؓ نے اس طریقہ کی روایت کی ہے مگر یہ طریقہ اس وقت مناسب ہے کہ جب سخت خوف ہو یا تلوار چل رہی ہو الحاصل ہر طریقہ سے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے درست ہے مگر انسان کو چاہئے کہ جو اس سے بسہولت ہو سکے اور اس وقت کی مصلحت کے مناسب ہو اس طریقہ کو عمل میں لاوے منجملہ انذار کے ایک مرض ہے اس کے باب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے صل قائما فان لم تستطع فقاعدا فان لم تستطع فعلی جنب۔ کھڑے ہو کر نماز پڑھ اور اگر یہ تجھ سے نہ ہو سکے تو بیٹھکر اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو کروٹ سے لیٹ کر اور نفل نماز کے باب میں آپ نے فرمایا ہے من صلی قائما فھو افضل ومن صلی قاعدا فلہ نصف اجر القائم۔ جو شخص کھڑے ہو کر نماز پڑھے تو یہ افضل ہے اور جو بیٹھکر پڑھے تو اس کو قائم سے نصف اجر ہے میں کہتا ہوں چونکہ نماز اس قابل ہے کہ اس کی کثرت کی جائے اور اصل نماز کھڑے ہو کر بھی ادا ہو سکتی ہے اور بیٹھکر بھی جیسے کہ ہم بیان کر چکے ہیں اور صرف شارع نے قیام کو واجب کر دیا ہے اور جو چیز پوری حاصل نہ ہو سکے تو یہ بھی نہ ہو کہ بالکل متروک ہو جائے اسی لئے رحمۃ اسی کا مقتضی ہوا کہ نماز نفل بیٹھکر ان کے لئے جائز کر دیجائے اور ان دونوں درجوں میں جس قدر فرق ہے حدیث شریف میں بیان کر دیا گیا ہے صلوٰۃ الطالب اور صلوٰۃ المطرار اور صلوٰۃ الرحل کا بیان حدیث شریف میں آیا اور صحابہ میں سے کسی نے ضوابط اور حدود کے اندر کسی ایسی ضرورت کی وجہ سے جس سے آدمی مجبور ہو کبھی حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے اجازت نہیں مانگی مگر آپ نے ان کو اجازت عطا فرمائی بشرطیکہ اس اجازت کے مانگنے میں انکا ارادہ سستی کا نکلتا نہ ہوا ہو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد فاذا امرتکم بامر فاتوا منہ ما استطعتم کلمہ جامعہ ہے جب میں تم کو کسی امر کے بجالانے کا حکم دوں تو جہانتک تم میں بس ہو اسکی بجا آوری کرو۔ واللہ اعلم۔

محکمہ داخلہ ورہابیں اسے خلاف ممنوع وممنوعہ کتب پر مشتمل قرار دے کر ضبط کرنے کا مجاز ہے

www.KitaboSunnat.com

جماعت کا بیان

معلوم کرو کہ رسوم کی خرابی دور کرنیمیں اس سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے کہ ایک عبادت کو عام رسم مقرر کیا جاوے اور ہر ایک خبردار اور بیخبر کے سامنے اُسکو ادا کیا جاوے اور تمام شہر کی دیہاتی آبادی برابر ہوں اور باہم انمیں اس عبادت کے ذریعہ سے فخر اور عزت جتانے کا موقع ہو تاکہ وہ عبادت اُنکی تدابیر ضروریہ میں ہو جاوے جسکی وجہ سے پھر وہ اس عبادت کو نہ چھوڑ سکیں اور نہ اسمیں تاخیر کر سکیں تاکہ عبادت الٰہی کی اُنمیں تائید ہو اور حق کیطرف لوگوں کو بلائیں اور جس چیز سے اُنکو ضرر کا خوف تھا وہی حق کی طرف اُنکو کھینچکر لاوے اور تمام عبادات میں سے کوئی عبادت نماز سے زیادہ عظیم الشان اور عظیم البرہان نہیں ہے اسلئے اُنمیں اُسکی اشاعت اور لوگوں کو اجتماع اور موافقت اُس پر لازم ہے نیز اسلام کے اندر کئی قسم کے لوگ پائے جاتے ہیں ایک علماء جن کا اقتدا کیا جاتا ہے اور دوسرے وہ لوگ کہ اُنکو احسان کا درجہ حاصل کرنے میں رغبت کے ساتھ دعوت اسلام کی حاجت ہے اور تیسرے وہ لوگ جو ضعیف البنیہ ہیں کہ اگر اُنکو سب کے سامنے عبادت کے ادا کرنیکا حکم نہ دیا جائے تو بلاشبہ عبادت کے اندر سُستی کے کاہلی ہونے لگے اسلئے کوئی چیز ان سب کے حق میں اس سے زیادہ نافع اور زیادہ تر مصلحت کے موافق نہیں ہے کہ اُن سب کو خلق کے روبرو عبادت الٰہی کرنیکا حکم دیا جائے تاکہ معلوم ہو جائے کہ کون اُنکی بجا آوری کرتا ہے اور کون نہیں کرتا ہے اور کون رغبت سے بجا لاتا ہے اور کون بے رغبتی سے اور جو عالم ہے اُسکا اقتدا کیا جاوے اور جاہل کو تعلیم دیجاوے اور خدا تعالےٰ کی بندگی اُنکے حق میں فرض کے مثال ہو جائے جو انکار کے قابل بات ہے اُس سے انکار کیا جاوے اور جو بات قابل کرنیکے ہو وہ بتائی جاوے اور کھرا اور کھوٹا معلوم ہوتا رہے نیز خدا کیطرف رغبت اور امید اور خوف کے ساتھ مسلمانوں کے اجتماع کو جب وہ اپنی جانوں کو خدا کے حوالے کرنیں برکات کے نازل ہونے اور رحمت الٰہی کے جھک پڑنیمیں ایک عجیب خاصیت ہے جس کو ہم استقراء اور جمعیں بیان کر چکے ہیں اور نیز اس امت کے قائم کرنیسے خدا تعالےٰ کو یہ منظور ہے کہ اُسی کا بول بالا ہے اور روئے زمین پر کوئی دین اسلام پر غالب نہ ہے اور یہ بات اُسیوقت متصور ہو سکتی ہے کہ اُن میں دستور مقرر کیا جائے تاکہ تمام خواص و عوام اور شہری و دیہاتی اور چھوٹے بڑے اُس عبادت کے لئے جو دین کا بڑا شعار اور عبادات میں سے بڑی نامی عبادت ہے جمع ہوں اس سبب سے عنایت شرعی جمعہ اور جماعات کے مقرر کرنے اور انمیں رغبت دلانے اور اُنکے ترک سے سخت ممانعت کرنیکی طرف متوجہ ہوئی اور اشاعت دو قسم کی ہے ایک تو کسی قوم کے اندر اشاعت اور ایک تمام شہر کے اندر اشاعت قوم کے اندر تو اشاعت سہولیت ہر نماز میں ہو سکتی ہے لیکن شہر کے اندر کچھ زمانہ پیچھے ہو سکتی ہے مثلاً ہفتہ میں قوم کے اندر اشاعت کے ہی اعتبار سے جماعت مقرر کی گئی اور اُسکے باب میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے صلوٰۃ الجماعۃ تفضل صلوٰۃ الفذ بسبع وعشرین درجۃ اور ایک روایت میں خمس وعشرین درجۃ آیا ہے جماعت کی نماز کو اکیلے کی نماز پر ستائیس درجہ فضیلت ہے اور ایک روایت میں پچیس درجہ آیا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یا تو اس بات کی تصریح فرما دی ہے یا اس بات کا اشارہ کیا ہے کہ ان میں سے نماز کو صحیح ہوتی ہے کہ جب کسی نے وضو کیا اور اچھی طرح کیا پھر صرف نماز کی خاطر مسجد کی طرف چلا تو اُسکا یہ چلنا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نماز کے حکم میں ہے اور اسکے قدم اسکے گناہوں کو دور کرنے والے ہیں اور یہ کہ مسلمانوں کی دعا پیچھے سے ان کو گھیر لیتی ہے اور نمازوں کے انتظار میں اعتکاف اور رباط کے معنی پائے جاتے ہیں اور اسی قسم کے اشارے حدیثوں میں پائے جاتے ہیں اپنے آپ نے دونوں عددوں سے اٹھائیس اور پچیس ایک عدد کے ساتھ فضیلت کے درجات کی تعیین کی ہے اس کا مار ایک بڑے نکتہ پر ہے جو آپ کے سامنے منکشف ہوا ہے اور ہم پہلے اسکو بیان کر چکے ہیں اسکو دیکھ لینا چاہئے اور اس دین حق کے اندر جسکے باطل اگر وہ غور نہیں نکتا میز ہو بہ بن الوجوہ کسی طرح سے تحمین داخل کو دخل نہیں ہے اور نیز جماعت کے باب میں آپ نے فرمایا ہے کہ کسی گاؤں یا جنگل میں تین آدمی ایسے نہیں رہتے کہ جنمیں نماز قائم نہیں ہوتی پر شیطان انپر غالب ہتا ہے میرے نزدیک اس حدیث میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ جماعت کے ترک سے دین کی اندر سستی کا دروازہ کھلتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے والذی نفسی بیدہ لقد ہممت ان امر بحطب فیحطب ثم اس ذات کی قسم جسکے قبضہ میں میری جان ہے میں نے اس بات کا مصمم قصد کر لیا ہے کہ میں لکڑیوں کے جمع کرنے کا حکم دوں کہ وہ اکٹھی کر دی جاویں۔ آخر تک۔ میں کہتا ہوں جماعت سنت موکدہ ہے اور چونکہ دین کا شعار ہے اس لئے اس کے ترک کرنے سے ملامت متوجہ ہو جاتی ہے مگر چونکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے وہاں کے بعض لوگوں میں تاخیر اور دیر دیکھی اور آپ نے معلوم کیا کہ اسکا سبب ضعف اسلام ہے اسلئے سخت وعید اپنے متوجہ کی اور انکے دلوں کو خوف دلایا پھر چونکہ جماعت کی حاضر ہونیمیں ضعیف اور مریض اور ذی حاجت لوگوں کیلئے ایک قسم کی دقت تھی لہذا حکمت الٰہیہ کا مقتضی ہوا کہ ان کو اس وجہ سے جماعت کے ترک کرنے کی اجازت دیجاوے تاکہ افراط و تفریط میں اعتدال ہو جاوے۔ اقسام حرج میں ایک یہ صورت بھی ہے کہ شب کا وقت ہو اور غلبہ برستا ہو یا پالا پڑتا ہو تو ایسے وقت میں موذن کو یہ کہنا مستحب ہے کہ اے لوگو خبردار تم اپنی اپنی جگہ پر نماز پڑھو الا صلوا فی الرحال اور اسی قبیلہ سے وہ حاجت ہے کہ جس سے رکنا دشوار ہو مثلاً شب کا کھانا جب موجود ہو کیونکہ بسا اوقات تو دل پڑا رہتا ہے اور کبھی کھانا ہی ہاتھ سے ضائع ہو جاتا ہے اور جیسے پیشاب پاخانہ کی حاجت کا ہونا کیونکہ جب نفس اسمیں مشغول رہیگا تو اس کو نماز کا کچھ فائدہ حاصل نہ ہوگا اور لا صلوۃ بحضرۃ طعام کی حدیث اور اس حدیث میں کہ لا تؤخروا الصلوۃ بحضرۃ طعام اور ان کے علاوہ اور احادیث میں کچھ اختلاف نہیں ہے کیونکہ ہر حدیث کا ایک صورت خاص یا معنی خاص پر قائم کرنا ممکن ہے کیونکہ پہلی حدیث میں باب تعمق کے انسداد کے لئے کھانے کے تیار ہونے سے نفی وجوب مراد ہے اور جو حصہ تعمق کی قباحت سے امن میں ہے اسکے لئے عدم تاخیر نماز کا حکم ہے اسکی مثال ایسی ہے کہ جیسے روزہ دار کے لئے افطار اور عدم افطار کا حکم دو وقتوں کے ساتھ متعلق ہے یا یہ معنی ہیں کہ اگر نمازی کو کھانے کا شوق یا اسکے ضائع ہونے کا خوف ہے تب تو نماز تاخیر کرنی چاہئے اور اگر یہ بات نہیں ہے تو تاخیر نہ کرنی چاہئے اور علت کے حال سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے اور از انجملہ یہ ہے کہ کسی فتنہ کا خوف ہو۔

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا ہے اذا استاذنت امراۃ احدکم الی المسجد فلا یمنعہا تم میں سے جب کسی کی بیوی مسجد میں آنے کی اجازت چاہے تو نہ رکنا چاہئے اسمیں اور جمہور صحابہ نے عورتوں کے مسجد میں آنے سے منع کیا ہے اختلاف نہیں ہے کیونکہ جو غیرت تکبر اور غرور کیوجہ سے پیدا ہو اور فتنہ کے خوف سے نہ ہو منہی عنہ سے اور وہ غیرت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جائز ہے جو بخوف فتنہ ہو چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الغرت غیرتان۔ الحدیث۔ غیرتی دو ہیں۔ الخ حضرت عائشہ صدیقہ نے فرمایا ہے ان النساء احدثن۔ الحدیث۔ اور انمیں بجملہ خوف و مرض ہیں اور انکا اقسام سبع میں ہونا ظاہر ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ایک نابینا سے فرمایا تسمع النداء بالصلوٰۃ قال نعم قال فاجب۔ تو اذان سنتا ہے اس نے عرض کیا ہاں آپ نے فرمایا اسکی تعمیل کر اسکے یہ معنی ہیں کہ اسکا سوال عزیمت میں تھا پس آپ نے اسکو رخصت نہ دی پھر اس بات کے بیان کرنے کی ضرورت ہوئی کہ امامت کے قابل کون شخص ہے اور اجتماع کی کیا ضرورت ہے اور امام کو اس بات کی وصیت کرنے کی ضرورت ہوئی کہ مختصر نماز پڑھا کرے اور مقتدیوں کو اس بات کے حکم دینے کی کہ پورے طور سے اسکا اتباع کریں اور حضرت معاذ کا قصہ نماز کے طویل کرنے میں مشہور ہی ہے لہذا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت تاکیدی طور پر ان امور کو بیان فرمایا چنانچہ آپ نے فرمایا یام القوم اقرأہم کتاب۔ الحدیث یعنی امامت قوم کی وہ شخص کرے جو ان سب سے زیادہ قرآن کو اچھا پڑھتا ہو اور اگر قرأت میں برابر ہیں تو جو شخص سنت کا زیادہ واقف ہو پھر اگر علم سنت میں بھی برابر ہیں تو وہ شخص جو ہجرت میں مقدم ہو پھر اگر ہجرت میں بھی برابر ہیں تو جو عمر میں زیادہ ہو اور کوئی شخص دوسرے کی سلطنت میں اسکا امام نہ بنے افزاد کے مقدم کرنے کا سبب یہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے علم کی ایک معین حد کر دی ہے جیسا کہ ہم بیان کر چکے اور شروع شروع صحابہ کے اندر قرآن کا علم تھا کیونکہ وہ تمام علوم کی اصل ہے اور نیز وہ شعار الٰہی میں سے ایک شعار ہے لہذا اس شخص کا مقدم کرنا ضروری ہوا اور اس کی تعظیم واجب ہوئی تاکہ اسبب سے لوگوں کے دلیں قرآن سیکھنے کی حرص پیدا ہو اور بعض نے جو یہ گمان کیا ہے کہ اسکے مقدم کرنے کی صرف یہ وجہ ہے کہ نماز پڑھنے والیکو قرآن پڑھنے کی ضرورت ہے مگر اصل یہ ہے کہ اسمیں لوگوں کا شوق اور حرص بھرتا ہے علماء ہم حرص کرنے کے سبب سے کمالات حاصل ہوتے ہیں اور نماز میں قرأت کا ضروری ہونا خود نماز کے اعتبار حرص کے ساتھ مخصوص ہونے کا سبب ہے۔ فلیتدبر۔

بعد ازاں سنت کا علم ہے کیونکہ سنت کا درجہ کتاب کے بعد ہے اور اس سے دین کا قیام ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے لئے یہی ورثہ چھوڑا ہے اور بعد ازاں ہجرت کا لحاظ کیا گیا ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کو عظیم الشان جانا ہے اور لوگوں کو اسکی رغبت دلائی ہے اور اسکو معظم امور میں سے سمجھا ہے امامت کو اندر بھی مہاجر کو مقدم رکھنا اسی ترغیب اور تادیب کا تتمہ ہے اسکے بعد عمر کی زیادتی کا لحاظ کیا گیا کیونکہ تمام قوتیں بڑوں کی تعظیم اور توقیر کرنے کا دستور جاری ہے علاوہ بریں کبیر السن آدمی کا تجربہ اور علم لوگوں سے زیادہ ہوتا ہے درصاحب سلطنت کا اس سلطنت میں کسی کو امام بننے سے جو آپ نے منع فرمایا ہے اسکا یہ سبب ہے کہ یہ بات اس صاحب سلطنت پر شاق گذریگی اور اسکی سلطنت میں اس بات سے نقصان پیدا ہوگا تو صاحب سلطنت کو سلطنت کے باقی رکھنے کی لحاظ سے اس امر کا حکم فرمایا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا صلی احدکم ایہا الناس فلیخفف الحدیث جب تم میں سے کوئی لوگوں کا امام بنے تو انمیں اختصار کرے کیونکہ انمیں مریض اور ضعیف اور بوڑھا بھی ہوتا ہے اور جب تم میں سے کوئی اکیلا نماز پڑھے تو نماز میں جتنا چاہے طول کرے۔ میں کہتا ہوں کہ دعوت الی الحق کا فائدہ بدوں آسانی کے پورے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں حاصل ہو سکتا اور لوگوں کو نفرت دلانا دین کے مراد کے خلاف ہے اور جس چیز سے تمام دنیا کو مخاطب کیا جاوے اسمیں تخفیف ضروری ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس قول سے ان متکلم متقرین بعض تم میں سے بھگانے والے ہیں اس بات کی تصریح فرمادی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرمایا ہے انما جعل الامام لیوتم بہ الحدیث۔ امام تو اقتدا کرنے کے لئے بنایا گیا ہے پس تم اسپر مت جھگڑو پس جب رکوع کرے تم بھی رکوع کرو اور جب سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم اللھم ربنا لک الحمد کہو اور جب وہ سجدہ کرے تو تم بھی سجدہ کرو اور جب وہ بیٹھکر نماز پڑھے تو تم سب بیٹھ کر نماز پڑھو اور ایک روایت میں یہ بھی ہے اس کے بعد جب وہ ولا الضالین کہے تم امین کہو میں کہتا ہوں جماعت کی ابتدا حضرت معاذ کی اجتہاد عقلی سے ہوئی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے انکی رائے کو برقرار رکھا اور اسکو درست بتایا اور انہوں نے یہ اجتہاد اسلئے کیا کہ جماعت کے سبب سے ان سب کی نماز ایک نماز ہو جاتی ہے اور بغیر جماعت کے مسجد میں جمع ہونے سے اگرچہ اتفاق فی المکان ہو جاتا ہے مگر نماز سب کی جدا جدا رہتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا ہے کہ جب وہ بیٹھکر نماز پڑھے تو سب بیٹھکر نماز پڑھو یہ حدیث منسوخ ہے کیونکہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی اخیر عمر میں بیٹھکر اور لوگوں نے کھڑے ہو کر آپ کے پیچھے نماز پڑھی اور اسکے منسوخ ہونے میں یہ بھید ہے کہ امام کا بیٹھا رہنا اور لوگوں کا اس کے پیچھے کھڑا ہونا عجمیوں کے فعل کے ساتھ مشابہ ہے کہ وہ اپنے بادشاہوں کی تعظیم حد سے زیادہ کرتے ہیں جیسا کہ حدیث کی بعض روایتوں میں اسکی تصریح پائی جاتی ہے مگر جب کہ اسلام کی بنیاد پایہ استحکام کو پہونچی اور بہت سے احکام میں عجمیوں کے ساتھ مخالفت ظاہر ہو گئی تو اس قیاس پر ایک دوسرے قیاس کو ترجیح دیگئی کہ قیام نماز کا رکن ہے جو بلا عذر شرعی متروک نہیں ہو سکتا اور اس صورت میں مقتدی کسی صورت سے معذور نہیں ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لیلنی منکم اولی الاحلام والنھی۔ الحدیث تم میں سے جو لوگ فہیم اور دانا ہیں وہ میرے پاس رہا کریں پھر جو ان کے قریب بیٹھے اسکو آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمایا بازاروں کی طرح شور و شغب سے اجتناب کرو میں کہتا ہوں یہ آپ نے اسلئے فرمایا کہ انکے دلوں میں بڑوں کی عظمت پیدا ہو اور شرفاء کی عادت اختیار کرنے کی انکو حرص پیدا ہو اور تاکہ عقلاء کو اپنے کم درجے کے لوگوں کا مقدم ہونا ناگوار نہ گزرے اور شور و غل سے جو منع فرمایا ہے اس سے انکا ادب دینا منظور ہے اور تاکہ وہ قرآن کے اندر تفکر اور غور کر سکیں اور ان لوگوں کے ساتھ جو بادشاہ کے روبرو التجا کرتے ہیں مشابہت پیدا کریں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الا تصفون کما تصف الملائکۃ عند ربھا جس طرح ملائک اپنے پروردگار کے سامنے صف باندھے ہوئے برابر کھڑے ہوتے ہیں تم اس طرح کیوں نہیں کھڑے ہوتے میں کہتا ہوں کہ ہر فرشتہ کے لئے ایک درجہ مقرر ہے اور استعدادوں کے اندر ترتیب عقلی کے موافق ان کو پیدا کیا ہے اس لئے ان میں فرجہ نہیں نکلتا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انی لاری الشیطان یدخل من خلل الصف کانھا الحذف میں شیطان کو دیکھتا ہوں کہ صفوں کے فرجہ سے نکلتا ہے گویا کہ بھیڑ کا سیاہ بچہ۔ میں کہتا ہوں کہ ہم نے اس بات کا تجربہ کیا ہے کہ ذکر کے حلقوں میں مل مل کے بیٹھنے سے دل بھی خوب ہوتی ہے اور ذکر کی حلاوت معلوم ہوتی ہے اور خطرات بند ہو جاتے ہیں اور اس بات کے ترک کرنے سے سب باتیں کم ہو جاتی ہیں اور ان باتوں میں سے میں قدسی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اب یہ کہی ہوتی ہے اسیفدہ رہا ہاں شیطان کو دخل ہوتا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسیوجہ سے صف کے اندر شیطان کو دخل ہوتے دیکھا ہے اور اس خاص صورت میں دیکھنے کی وجہ یہ ہے کہ عادت کے اعتبار سے بھیڑ کا بچہ اکثر ایسی سٹک جگہوں میں گھسا پھرتا ہے اور پھر اسکو بیباکی کی صفت کیساتھ دیکھنا جو ایک شے کی بدیتی پر دلالت کرتی ہے اسیوجہ سے شیطان اس صورت میں آپ کے سامنے متشکل ہوا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے التسون صفوفکم او لیخالفن اللہ بین وجوھکم یا تو اپنی صفوں کو برابر کرو ورنہ خدا تعالیٰ تمہارے منہ پھیر دیگا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اما یخشی الذی یرفع رأسہ قبل الامام ان یحول اللہ رأسہ راس حمار امام سے پہلے جو شخص اپنا سر اٹھالیتا ہے کیا اس کو اس بات کا خوف نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اس کا سر گدھے کا سا کردے میں کہتا ہوں کہ آپ کا یہ حکم ان کے لئے تسویہ اور انتداء میں تھا لیکن انہوں نے اس میں تفریط کی آپ نے تہدید فرمائی جب اس پر بھی باز نہ آئے تب آپ نے تغلیظ کے ساتھ تہدید فرمائی اور ان کو خوف دلایا اس بات کا اگر اب مخالفت پر اصرار کرینگے اور اس پر بھی باز نہ آئینگے تو خدا کی لعنت میں مبتلا ہونگے کیونکہ مخالفت احکام الہیہ کے مستوجب لعنت کے ہوتی ہے اور خدا تعالیٰ کی لعنت جب کسی کو محیط ہوتی ہے تو بلاشبہ اس کا اثر احد الامرین میں سے ایک ضرور ہوتا ہے مسخ یا واقع ہونا خلاف کا اس قوم میں اور نکتہ سمار کی تشبیہ میں یہ ہے کہ یہ جانور اپنی حماقت اور اہانت میں ضرب المثل ہے لہذا ایسے عاصی نافرمان نے جب امام سے سر اٹھانے میں سبقت کی تو اس پر بھی ہیبت اور حماقت کا غلبہ ہو کر گدھا بنگیا اور تخصیص سر کی اسلئے ہوئی کہ سر ہی نے خداوند تعالیٰ کی نافرمانی میں سوء ادبی کی تھی اس لئے جس عضو سے یہ قصور ہوا اسی عضو کو یہ سزا دیگئی جس طرح منہ کے واء دینے کی سزا ظاہر میں انہوں نے آگے پیچھے ہو کر یہ اختلاف کیا تھا اس لئے اختلاف معنوی اور باہم مخالفت سے یہ سزا دیگئی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا ہتم الی الصلوۃ ونحن سجود فاسجدوا ولا تعدوہ شیئا اجب کہ ہم سجدہ میں ہوں اس کی اور تم نماز کے لئے آؤ تو تم سجدہ میں شریک ہو جاؤ اور اسکو سعد بہادت سمجھو اور جس کو رکوع ملگیا اسکو نماز ملگئی میں کہتا ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ رکوع قیام کے قریب قریب ہے اور رکوع میں ملجانا گویا قیام میں ملجانا ہے اور نیز سجدہ نماز میں اصل الاصول ہے اور قیام و رکوع اسکے لئے بمنزلہ تمہید اور وسط کے ہیں اور نیز آپ نے فرمایا ہے اذا صلیتما فی رحالکما ثم اتیتما مسجد جماعۃ فصلیا معھم فانھا لکما نافلۃ جب کہ تم دونوں نے اپنی قیام گاہ پر نماز پڑھ لی پھر آؤ تم اس مسجد میں جسمیں جماعت ہو رہی ہے تو انکے ساتھ نماز پڑھو کیونکہ وہ تمہارے لئے نفل ہے میں کہتا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ تارک الصلوۃ کو اس عذر کا موقع نہ رہے کہ میں نے اپنے مکان پر نماز پڑھلی ہے پس اسکے لئے انکار کرنا درست نہ ہو اور دوسرے یہ ہے کہ مسلمان کی بات میں افتراق نہ پڑے اگرچہ وہ افتراق ظاہری ہی کیوں نہ ہو۔

جمعہ کا بیان

اصل بات یہ ہے کہ ہر روز نماز کی اسطرح پر اشاعت کہ تمام شہر کے لوگ ایک جگہ انکے لئے جمع ہوں یا عذر ہے اسلئے ضروری ہوا کہ انکے لئے ایک حد مقرر کیجائے کہ اس حد کا دوران نہ تو بہت جلد جلد ہو جسکی وجہ سے لوگوں پر دشواری ہو جائے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اعدہ بہت ۔ تب میں ہو کہ جس کے سبب سے مقصود ہاتھ سے نکل جاوے اور ہفتہ ایسی مقدار ہے کہ تمام عرب و عجم اور اکثر ملتوں میں اسکا استعمال کیا جاتا ہے اور اسمیں اس بات کی قابلیت ہے کہ اسکو عید بنایا جاوے اسلئے اسی کو نماز کا وقت معین کیا گیا اب اس بات کے اندر کہ ان دنوں میں سے کونسا دن ایسی عبادت کیلئے مخصوص کیا جاوے یہود نے ہفتہ کے دن کو اور نصاریٰ نے اتوار کو اپنی اپنی رائے کے موافق ان دنوں کو اور دنوں پر ترجیح دیکر پسند کیا اور اس امت کو اللہ پاک نے علم عظیم کے ساتھ خاص کیا کہ شروع شروع آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے دلونمیں اس کا القاء فرمایا جس کی بنا پر انہوں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے تشریف لے جانے سے پیشتر خود بخود جمعہ کے دن کو قائم کیا بعد ازاں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر اسکا انکشاف فرمایا اس طرح پر کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ کے پاس ایک آئینہ لے کر جس کے اندر ایک سیاہ نقطہ تھا تشریف لائے اور اس مثال سے جو مراد تھی وہ آپ کو بتلائی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو معلوم کر لیا اور اس علم کا حاصل یہ ہے کہ اوسے ساعت کے لئے بہترین اوقات میں سے وہ وقت ہے کہ جسوقت خدا تعالےٰ کو بندوں کے ساتھ قربت ہوتی ہے اور اسوقت میں انکی دعائیں مستجاب ہوتی ہیں کیونکہ ایسے وقت میں طاعت کے قبول ہونیمیں بہت سرعت ہوتی ہے اور خاص دن کے اندر اسکا اثر ہوتا ہے اور ایک عبادت بہت سی عبادتوں کا نفع بخشتی ہے دوسرے یہ کہ اللہ پاک کو اپنے بندوں کے ساتھ تقرب کا ایک وقت مقرر ہے جو ہفتوں کی گردشوں سے اسکی بھی گردش ہوتی رہتی ہے اسوقت میں جنت الکشف میں اپنے بندوں کیلئے تجلی فرماتا ہے اور غالب گمان یہی ہے کہ وہ وقت جمعہ ہی کا دن ہوتا ہے کیونکہ اسمیں اور بہت سے عظیم الشان امور واقع ہوتے ہیں چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خیر یوم طلعت علیہ الشمس یوم الجمعۃ الحدیث بہترین دنوں کا جسمیں آفتاب کا طلوع ہوتا ہے دن جمعہ ہی کا ہے اسی دن حضرت آدم علیہ السلام پیدا کئے گئے اور اسی دن جنت میں داخل کئے گئے اور اسی روز اس سے باہر کئے گئے اور جمعہ ہی کے دن قیامت برپا ہوگی اور تمام بہائم جمعہ کے دن گھبرائے ہوئے ہوتے ہیں یعنی پریشان اور خائف ہوتے ہیں جس طرح کسی سخت مہیب آواز سے ڈرتے ہیں اور اسکی یہ وجہ ہوتی ہے کہ اس دن ملائکہ سائل ہیں انکے دلوں پر اس گھبراہٹ کا اثر پیدا ہو جاتا ہے اور ملائکہ سائل میں ملاء اعلےٰ سے جب انکے نفوس میں حکم الٰہی کے نازل ہونے سے یہ گھبراہٹ پیدا ہوتی ہے یا اثر پیدا ہوتا ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کسلسلۃ علی صفوان حتی اذا فزع عن قلوبہم الحدیث یعنی جس طرح سخت پتھر پر لوہے کی زنجیر ماری جاتی ہے تو اس سے آواز پیدا ہوتی ہے یہانتک کہ ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوتی ہے تو کہتے ہیں تمہارے رب نے کیا حکم فرمایا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس نعمت کا حسب الحکم جناب باری تعالےٰ کے ذکر بھی کیا ہے اور فرمایا ہے ہم ایسے آخر میں پیدا ہونیوالے اور قیامت کے دن سابق رہنے والے ہیں یعنی جنت میں داخل ہونے یا حسنات کے پیش ہونیمیں بجز اتنی بات کے کہ انکو ہم سے پیشتر کتاب دیگئی ہے اور ہمیں ان سے بعد کو عطا ہوئی ہے تو صرف اسکے لحاظ سے وہ ہم سے عدم میں پھر ایکدن ہے جو انکے لئے مقرر کیا گیا ہے انہوں نے اور دن میں اختلاف کیا تو خدا تعالےٰ نے اپنی مرضی کے موافق ہم کو بتایا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد اس دن کے کہنے سے دن کا ایک فرد مشتہر مراد ہے جو ہمارے لئے وہ جمعہ کے پانے جانے سے پایا جاتا ہے اور انکی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حق میں انوار اور رحمت کے دن سے لہٰذا صل وہ ایک ایسی فضیلت ہے کہ اللہ پاک نے خاص اسی امت کو عطا کی ہے اور شرع کو جو چیز حاصل ہوتی چاہئے یہود و نصاریٰ بھی اس سے محروم نہیں اور آسمانی شریعتوں کا یہی حال ہوتا ہے کوئی قانون شرعی اس میں باقی نہیں رہتا ہے اگرچہ بعض کو بعض سے زیادہ فضیلت سے امتیاز ہوتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس گھڑی کا نہایت اہتمام فرمایا ہے اور اسکا بڑا مرتبہ بیان فرمایا ہے اور فرمایا ہے لا یوافقہا مسلم یسئل اللہ فیہا خیرا الا اعطاہ ایاہ۔ اس گھڑی میں کوئی مسلمان بندہ خدا تعالیٰ سے بہتری کا سوال نہیں کرتا ہے مگر اللہ پاک اسکو عطا فرماتا ہے اب اس گھڑی کی تعیین میں روایات مختلف آئی ہیں بعض تو کہتے ہیں یہ گھڑی اسوقت ہوتی ہے کہ جب امام بیٹھے یہانتک کہ نماز سے فارغ ہو کیونکہ اس گھڑی میں آسمانوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور ایمان والے اسوقت خدا تعالیٰ کیطرف متوجہ ہوتے ہیں پس اس وقت میں آسمان و زمین کی برکات جمع ہو جاتی ہیں بعض کے نزدیک وہ گھڑی عصر کے بعد سے غروب آفتاب تک ہے کیونکہ وہ وقت احکام الٰہیہ کے نازل ہونے کا ہے اور بعض کتب الٰہیہ میں اس بات کا بیان ہے کہ حضرت آدم بھی اسی گھڑی میں پیدا کئے گئے ہیں اور میرے نزدیک یہ سب تخمین ہے تعیین نہیں ہے پس اس بات کی ضرورت ہوئی کہ لوگوں کے لئے جمعہ کا وقت واجب ہونا بیان کیا جائے اور انکو اسکی تاکید کیجائے لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لینتہین اقوام عن ودعہم الجمعات الحدیث یا تو لوگ جمعوں کے ترک سے باز رہیں ورنہ خدا تعالیٰ انکے دلوں پر مہر لگا دیگا پھر وہ بیخبر ہو جاوینگے میں کہتا ہوں کہ اسمیں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ جمعہ کا ترک کرنا دین کے اندر باب تہاون کھول دیتا ہے اور یہ شیطان کے غالب ہونے کا سبب ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تجب الجمعۃ علی کل مسلم الا امرأۃ او صبی او مملوک بجز عورت اور بچے اور غلام کے ہر ایک مسلمان پر جمعہ واجب ہے اور فرمایا ہے الجمعۃ علی من سمع النداء جس کے کان میں اذان کی آواز پہونچے اسپر جمعہ واجب ہے میں کہتا ہوں اسمیں افراد و تفریط کے اندر اعتدال رعایت مندوبین اور ان لوگوں کے لئے جنکو نماز جمعہ تک پہونچنا دشوار ہے یا ان کے وہاں جانے میں فتنہ کا خوف ہے انکے لئے تخفیف ہے اور نیز اس بات کی ضرورت پڑی کہ ان کے لئے نہانے اور مسواک کرنے اور خوشبو لگانے اور کپڑوں کے پہننے سے پاکیزگی کو مستحب کیا جاوے کیونکہ یہ اشیا طہارت کا تتمہ ہیں انکے سبب سے نفس کو پاکیزگی کی صفت پر اور زیادہ تنبیہ ہوتی ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لولا ان اشق علی امتی لامرتہم بالسواک عند کل صلوٰۃ اگر میں امت پر گراں نہ سمجھتا تو وقت ہر نماز کے مسواک کا حکم دیتا اور نیز لوگوں کیواسطے نہانے اور خوشبو لگانے کیلئے کوئی بات ضرور ہونی چاہئے کیونکہ بنی آدم کی عمدہ عادات میں سے یہ باتیں ہیں اور چونکہ ہر دن ان چیزوں کا التزام دشوار تھا اسلئے جمعہ کا دن اس بات کے لئے مقرر کیا گیا کیونکہ جمعہ کا دن مقرر کرنے سے جمعہ کا شوق بھی پیدا ہوتا ہے اور نماز بھی کامل ہوتی ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے حق علی کل مسلم ان یغتسل فی کل سبعۃ ایام یوما فیغسل فیہ راسہ وجسدہ۔ ہر مسلمان پر لازم ہے کہ ہر ہفتہ میں ایک دن غسل کیا کرے اور غسل میں اپنا سر اور بدن دھویا کرے اور نیز وہ لوگ اپنا کام و کاج خود کرتے تھے اور جب جمع ہوتے تھے تو ان میں سے بھیڑوں کی سی بدبو نکلتی تھی اس لئے انکو نہانے کا حکم دیا گیا تاکہ تنفر کا سبب دفع ہو اور انکا باہم جمع ہو کر بیٹھنے کو دل چاہے حضرت ابن عباس اور حضرت عائشہ صدیقہ نے انکو بیان

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمایا ہے اور نیز اس بات کی ضرورت ہوئی کہ انکو خاموش رہنے اور امام سے قریب ہونے اور لغویات کے ترک کرنے اور سویرے آنے کا حکم دیا جاوے تاکہ وعظ و نصیحت کے سننے اور انمیں تدبیر کرنیکا انکو پورا پورا موقع ملے اور نیز اس بات کا حکم دیا جاوے کہ جمعہ کی نماز کو پیادہ پا آویں اور سواری میں نہ آئیں کیونکہ تواضع اور خاکساری کے وہ قریب ہے دوسرے یہ کہ جمعہ کے اندر نگدست اور غنی سب طرح کے لوگ جمع ہوتے ہیں اس سبب سے یہ احتمال ہے کہ جس شخص کے پاس سواری نہیں ہے اس کو وہاں آنے سے حجاب آوے لہذا اس دروازے کا بند کر دینا مناسب ہوا اور نیز یہ بات بھی ضروری تھی کہ خطبہ سے پہلے کچھ نماز کا پڑھنا مستحب کیا جاوے جسکی وجہ نماز پنجگانہ کی سنتوں میں ہم بیان کر چکے ہیں اگر کوئی شخص امام کے خطبہ پڑھنے میں مسجد میں آیا تو اسکو چاہئے کہ دو رکعت چھوٹی چھوٹی پڑھ لے کیونکہ اسمیں بقدر امکان سنت کی بھی رعایت ہے اور خطبہ کا بھی ادب ہے اس مسئلہ میں تیسرے شہر کے لوگ جو شور کرتے ہیں ان کے دھوکے میں نہ آؤ کیونکہ اسکے حق میں حدیث صحیح وارد ہے جس کا اتباع واجب ہے اور نیز اس بات کی ضرورت ہوئی کہ انکو لوگوں کے اوپر ہو کر گذرنے اور دو شخصوں کو علحدہ کرنے اور کسی کو اپنی جگہ پر اس غرض سے بٹھا جانا کہ کوئی اور وہاں نہ بیٹھا جائے منع کیا جاوے کیونکہ جہلا لوگ اس قسم کی حرکت اکثر کیا کرتے ہیں اور ایسے امور سے باہم فساد پیدا ہوتا ہے اور عداوت کا تخم ہے پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کو تمام آداب کے ساتھ پورے طور پر ادا کرنیوالے کا ثواب بیان فرمایا کہ اس جمعہ سے دوسرے جمعہ تک سب گناہ صاف ہو جاتے ہیں اسکا سبب یہ ہے کہ نورالٰہی اور مومنین کی دعا اور انکی صحبت برکات اور وعظ و ذکر الٰہی وغیرہ کی برکت کے دریا میں غرق ہونے کیلئے یہ نماز کافی معدار ہوتی ہے اور پھر آپ نے اس نماز میں سویرے آنے کے درجات اور انکے اوپر جو ثواب مترتب ہوتا ہے اونٹ اور گائے اور دنبہ اور مرغی کے ساتھ مثال دیکر اسکا بیان فرمایا اور جمعہ کے وجوب کیوقت سے خطبہ کیلئے کھڑے ہونے تک یہ ساعتیں تھوڑی تھوڑی اوقات ہیں اور معلوم کرنا چاہئے کہ جس نماز میں تمام اوطے والے لوگ جمع ہوتے ہیں وہ ایک ہی شفع (دو رکعت) کی مقرر کی گئی ہے تاکہ انپر گران نگذرے علاوہ بریں ان میں ضعفاء اور مریض اور صاحب حاجت سب طرح کے لوگ ہوتے ہیں اور ایسی نمازوں میں قران پاک جہراً پڑھنا مقرر کیا گیا تاکہ ان کو قرآن کے اندر تدبیر کا موقع حاصل ہو اور اسمیں قرآن کی عظمت بھی پائی جاتی ہے اور ایسی نمازوں میں خطبہ بھی مقرر کیا گیا تاکہ جو لوگ ناواقف ہیں وہ واقف ہو جاویں اور جو لوگ باوجود واقفیت کے غافل ہیں انکے لئے یاددہانی ہو جاوے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے اندر دو خطبوں اور انکے درمیان میں جلسہ کرنے کو مسنون فرمایا تاکہ مطلوب پورا پورا حاصل ہو جائے اور خطیب کو آرام بھی ملجاوے اور نیز اس کا اور سامعین کا نشاط از سر نو تازہ ہو جائے اور خطبہ کا پڑھنا اس طرح پر مسنون ہے کہ خدا تعالےٰ کی حمد و ثنا کرے اور آپ پر درود بھیجے اور توحید و رسالت کی شہادت ادا کرے اور بیچ میں کلام فصل (مابعد) لاکر لوگوں کو پند و نصیحت و تقوی کا حکم کرے اور ان کو دنیا و آخرت کے عذاب الٰہی سے ڈرا دے۔ اور کچھ قرآن پاک پڑھے اور کچھ مسلمانوں کے حق میں دعاء خیر کرے اس کا سبب یہ ہے کہ اس طریقہ نصیحت کے ساتھ خدا تعالےٰ و رسول و قرآن پاک کی عظمت بھی پائی جاتی ہے کیونکہ خطبہ دین کا شعار ہے اور ان کیطرح یہ چیزیں اسمیں بھی ضرور ہونی چاہئیں اور حدیث شریف میں آیا ہے کل خطبۃ لیس فیہا التشہد فی کالید الجزماء جس خطبہ میں

مجکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ شہادت نہ ہو وہ مثل دست بریدہ کے ہے معنایہ بات بدون الفاظ کے امت کو برابر پہونچتی چلی آئی ہے کہ جمعہ کے اندر جماعت اور ایک قسم کی شہرت شرط ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور آپکے خلفاء راشدین اور ائمہ مجتہدین رحمہم اللہ تعالےٰ ان سب کی یہی عادت تھی کہ جمعہ شہروں ہی میں کرتے تھے اور اہل قریٰ سے کچھ تعرض نہ کرتے تھے اور انکے عہد میں قریہ کے اندر جمعہ نہ ہوتا تھا اس بات سے لوگ قرناً بعد قرن یہ سمجھے لگے کہ جمعہ کیلئے جماعت اور شہرت شرط ہے میرے نزدیک اسکا سبب یہ ہے کہ جمعہ کی حقیقت شہر میں دین کی اشاعت ہے لہذا شہرت اور جماعت کا اعتبار ضروری ہوا اور صحیح تر قول میرے نزدیک یہ ہے کہ کم از کم جس پر قریہ کا اطلاق آتا ہو جمعہ کیلئے کافی ہے کیونکہ مختلف طریقوں سے جو بعض بعض کی تائید کرتے ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ پانچ قسم کے لوگوں پر جمعہ واجب نہیں ہے اور اہل بادیہ کو بھی آپنے انمیں میں شمار کیا ہے اور نیز آپ نے فرمایا ہے الجمعۃ علی خمسین رجلا۔ پچاس لوگوں پر واجب ہے۔ میں کہتا ہوں کہ پچاس آدمیوں سے قریہ بنجاتا ہے اور آپ نے فرمایا ہے الجمعۃ واجبۃ علی کل قریۃ۔ ہر گاؤں والوں پر جمعہ واجب ہے اور کم سے کم جسکو جماعت کہہ سکیں میرے نزدیک جمعہ کی صحت کیلئے کافی ہیں اور حدیث انفضاض اس پر دال ہے اور بظاہر وہ لوگ متفرق ہو کر پھر واپس نہیں آئے واللہ اعلم جب ابتدا جماعت کے لوگ موجود ہوں تو جمعہ واجب ہو جاتا ہے لہذا انکے ساتھ نہ ہونے سے عاصی نہ ہوگا اور چالیس آدمیوں کی تعداد شرط نہیں ہے اور نیز اس حکم کا دینا ضروری تھا کہ زمانہ کے قائم کرنیکے لئے حاکم کا ہونا مناسب ہے چنانچہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے اربع الا الامام یعنے سوائے امام کے یہ چار ہوں اور امام کا ہونا شرط نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔

عید الضحیٰ اور عید الفطر کا بیان

اصل انمیں یہ ہے کہ ہر ایک قوم کیلئے ایک دن مخصوص ہوتا ہے کہ اسمیں اپنا تجمل کرتے ہیں اور خوب زینت کے ساتھ اپنے شہروں سے نکلتے ہیں اور یہ ایسی رسم ہے کہ اس سے کوئی خالی نہیں عرب اور عجم میں اور جبکہ آپ مدینے میں تشریف لائے تو انکے لئے دو دن ایسے تھے کہ انمیں وہ لہو و لعب کرتے تھے آپ نے فرمایا کہ یہ کیسے دن ہیں انہوں نے عرض کی کہ ہم زمانہ جاہلیت میں ان دو دنوں میں کھیل کود کیا کرتے تھے تب آپنے فرمایا کہ اللہ پاک نے بجائے ان دو دن کے دو اور دن اس سے بہتر بدلہ میں دیئے وہ یوم الضحیٰ اور یوم الفطر ہیں اور یوں مشہور ہے کہ وہ دو دن نیروز اور یوم مہرجان تھے اور انکی تبدیل کرنے کی یہ ضرورت ہوئی کہ لوگوں میں کوئی دن خوشی کا نہیں ہوتا مگر مقصود اس سے اظہار شعار دین یا ائمہ مذہب کے موافقت یا کوئی اسی قسم کی اور بات ہوتی ہے اس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کا خیال ہوا کہ اگر انکو آپ نے اسی حالت پر چھوڑ دیا تو ایسا نہ ہو کہ جاہلیت کی رسم باقی رہ جائے یا پچھلوں کے طریقہ کی ترویج انمیں پائی جائے پس اسی لئے آپ نے بجائے ان دو دنوں کے ایام عیدین کو مقرر فرمایا اور انمیں ملت حنیفہ کو شعار کی عظمت ہے اور باوجود تجمل کے انمیں ذکر خدا اور ابواب بندگی کو ملایا یا سلئے تاکہ اجتماع مسلمانوں کا صرف لعب ہو اور تاکہ انکا باہم اکٹھا ہونا خدا کے کلمہ کے بلند ہونیسے خالی نہ ہو اور ان دنوں میں سے ایک تو وہ دن ہے کہ جب وہ اپنے روزوں سے فارغ ہوتے ہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور ایک طرح کی زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اسلئے بدن و قلب کی خوشیاں جمع ہو جاتی ہیں بدنی اور قلبی خوشی تو انکو اسلئے حاصل ہوتی ہے کہ روزہ کی عبادت شاقہ سے فارغ ہو جاتے ہیں اور محتاجوں کو صدقہ ملجاتا ہے اور فرحت عقلی یہ ہے کہ خدا تعالےٰ نے عبادت مفروضہ کے ادا کرنے کی انکو توفیق عطا فرمائی اور انکے اہل و عیال کو دوسرے سال تک باقی رکھنے کا انپر انعام کیا اور دوسرا وہ دن ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو ذبح کیا اور خدا تعالےٰ نے انکی جان کے بدلے میں جنت کا دنبہ عنایت کیا اسلئے کہ ہمیں ملت ابراہیمی کے آئمہ حالات کی یاد دہانی اور جان و مال کی خدا تعالےٰ کے فرمانبرداری میں خرچ کرنے اور انکے غایت درجہ کے صبر کرنے کے ساتھ لوگوں کو عبرت دلانا ہے اور نیز انمیں حاجیوں کے ساتھ تشبہ ہے اور انکی مخلصت ہے اور جس کام میں وہ مشغول ہیں اسکی طرف ترغیب دلانا ہے لہذا تکبیر کا کہنا مسنون کیا گیا چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے ولتکبروا اللہ علی ما ہدٰکم۔ اور خدا تعالےٰ نے جو انکو ہدایت فرمائی ہے اس کے بدلے اسکی بڑائی بیان کرو یعنی تم کو جو روزوں کے ادا کرنے کی توفیق دی ہے اس کے شکر میں ایسا کرو اسلئے قربانی اور تکبیر با آواز کہنا ایام منیٰ میں مسنون کیا گیا اور جو شخص قربانی کا ارادہ کرے اسکے لئے سر کا منڈوانا یعنی حجامت نہ کروانا مستحب کیا گیا اور نماز اور خطبہ مقرر کیا گیا تاکہ ان کا کوئی اجتماع ذکر الٰہی اور شعار دین کی عظمت سے خالی نہ ہو اور اس کے ساتھ شارع نے منجملہ مقاصد شرعیہ کے ایک اور مقصد کو بھی شامل کیا اور وہ یہ ہے کہ ہر ملت کے لئے ایک دن ایسا ضرور ہونا چاہیے جس میں اس ملت کے لوگ اپنے اظہار شوکت اور مجمع کی کثرت ظاہر کرنے کی غرض سے باہر نکلکر جمع ہوں اس لئے سب کا جانا عید کیلئے مستحب ہوا حتےٰ کہ بچے اور عورتیں پردہ نشین اور بے نماز عورتوں کا نکلنا بھی مستحب کیا گیا ہے لیکن حائضہ عورتیں عیدگاہ سے علیحدہ ہو کر ایک طرف کو بیٹھ جاویں مگر دعا میں شریک ہو جاویں لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم آنے اور جانے کا راستہ بدلدیتے تھے تاکہ دونوں طرف کے لوگوں کو مسلمانوں کی شوکت و عظمت ظاہر ہو جاوے اور چونکہ اصل عید سے زینت مقصود ہے لہذا اچھا لباس پہننا اور وضو کا بجانا اور ایک راہ سے عیدگاہ کو جانا اور دوسرے سے پھرنا مستحب کیا گیا عید میں کی نماز پڑھنے کا یہ طریقہ ہے کہ بغیر اذان و اقامت کے نماز شروع کرے اور بالجہر قرآن پڑھے اگر تخفیف کا موقع ہو تو سورہ سبح اسم ربک الاعلی الذی اور سورہ ہل اتنک پڑھے اور اگر طوالت کے ساتھ پڑھنا ہو تو سورہ ق اور سورہ اقتربت الساعۃ پڑھے اور پہلی رکعت میں قرأۃ سے پہلے سات تکبیریں اور دوسری میں بھی قرأت سے پہلے پانچ تکبیریں کہے اور اہل کوفہ کے نزدیک مثل نماز جنازہ کے قرأۃ سے پہلے پہلی رکعت میں چار تکبیریں اور دوسری میں بھی قرأت کے بعد چار تکبیریں کہے مگر دونوں طور سے سنت ہے اتنا ضرور ہے کہ جس پر اہل حرمین کا عمل ہے اسکو ترجیح ہے نماز کے بعد خطبہ پڑھے اور خدا تعالےٰ سے خوف کرنے کا لوگوں کو حکم دے اور وعظ و نصیحت کو بیان کرے مگر عید الفطر کے لئے یہ بات خاص ہے کہ جب تک چند چھوارے نہ کھالے نماز کو نہ جاوے اور ان کو طاق کھانا چاہئے اور نماز سے پہلے ہی صدقہ فطر ادا کر دے تاکہ ایسے روز مساکین کی حاجت رفع ہو جاوے اور دلجمعی سے نماز کو جائیں اور چونکہ ماہ صیام کے گذرنے پر اطلاع دینا منظور ہے اور ان باتوں کے کرنے میں روزے کے خلاف باتیں پائی جاتی ہیں اور عید الفطر میں یہ بات خاص ہے کہ نماز سے واپس ہونے کے بعد کچھ کھائے اور قربانی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں سے کھائے اسمیں قربانی کی عظمت اور اسکی طرف رغبت پائی جاتی ہے اور اسکا متبرک ہونا ثابت ہوتا ہے اور قربانی بعد نماز کے کرے کیونکہ قربانی کا کرنا حاجیوں کے ساتھ مشابہت پیدا ہونے کی وجہ سے عبادت مقرر کیا گیا ہے اور نماز کیلئے اجتماع سے یہ مشابہت انکو حاصل ہو سکتی ہے اور قربانی کیلئے بھیڑ کا سال بھر کا بچہ یا بکری کا چھ مہینے کا بچہ ہر گھر والے کے لئے ہونا چاہیے اور قربانی کو ہدی پر قیاس کر کے گائے اور اونٹ کو سات قربانیوں کیطرف کافی سمجھا ہے اور چونکہ قربانی خدا تعالیٰ کیلئے مال خرچ کرنیکے قبیلے سے ہے چنانچہ اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے لن ینال اللہ لحومہا ولا دماءہا ولکن ینالہ التقوی منکم ان کے گوشت و خون خدا کے پاس کبھی نہیں پہنچے مگر تمہاری پرہیزگاری پہنچتی ہے اسلئے قربانی کا موٹا کرنا اور اچھا جانور پسند کر کے قربانی کرنا مستحب ہوا کیونکہ اس سے خدا تعالیٰ کی طرف رغبت صحیح طور سے معلوم ہوتی ہے اسواسطے چار قسم کے جانور کی قربانی نہ کرنی چاہیئے ایک تو لنگڑا جانور جس کا لنگڑا پن کھلا ہوا ہو اور دوسرا وہ جانور جس کی آنکھ صاف پھوٹی ہو اور تیسرے وہ جانور جسمیں کوئی کھلی ہوئی بیماری ہو چوتھے ایسا دبلا جسکی ہڈیوں کا مغز بھی تحلیل ہو گیا ہو اور جسکا کان یا سینگ کٹا ہو تو اسکی بھی قربانی کرنا منع ہے اور آنکھ و کان کا دیکھ لینا مستحب ہے اور جس جانور کا سامنے سے کان کٹا ہوا ہو اسکی بھی قربانی منع ہے اور جسکا کان پیچھے کی طرف سے کٹا ہوا اسکی بھی نہیں درست ہے اور نہ اس جانور کی کہ جسکا کان چرا ہوا ہو اور جس کے کان میں سوراخ ہو اسکی بھی قربانی درست نہیں اور نر قوی سینگ والے دنبہ کی قربانی کرنا جسکی آنکھیں اور پیٹ اور سینہ اور پاؤں سیاہ ہوں مسنون ہے کیونکہ یہ سب باتیں اسکی جوانی بھرنے کی علامتیں ہیں اور جو وظیفہ قربانی کرنیمیں پڑھا جاتا ہے یہ ہے انی وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض الخ اللہم منک والیک ولک من اللہ واللہ اکبر۔

جنازوں کا بیان

معلوم کرو کہ مریض کو دیکھنے جانا اور تعویذوں وغیرہ سے اسکا تمسک کرنا اور مرتے وقت اسکے ساتھ نرمی کی بات کرنا اور کفن و دفن میت کا اور اسکے ساتھ نیکی کرنا اور اسپر رونا اسکے پس ماندوں کی دلجمعی کرنا اور قبور کی زیارت کرنا یہ ایسے امور ہیں کہ تمام عرب کے لوگ انپر قائم ہیں اور اپنے ہاں انکو برتتے ہیں اور اہل عجم بھی ایسا ہی کرتے ہیں اور یہ ایسی رسوم ہیں کہ کوئی ذی شعور اس سے خالی نہیں اور یہ غیر مناسب ہے کہ یہ رسوم اٹھا دی جائیں پھر جب آنحضرت صلے اللہ علیہ کی بعثت ہوئی تب آپنے انکی عادات و رسوم کا جنکو وہ کرتے تھے لاخطہ فرمایا اور انکی اصلاح فرمائی اور جو نقصان تھے انکو دور کیا اور مصلحت میں دنیا و آخرت کے اعتبار سے تو خاص اس مریض ہی کا لحاظ ہوتا ہے یا اسکے اہل و عیال کا ہوتا ہے انمیں دونوں اعتباروں میں سے ایک اعتبار سے یا لذت کا ہوتا ہے پس دنیا کے اعتبار سے مریض اس بات کا حاجتمند ہوتا ہے کہ اس کی تکلیف و مصیبت میں اسکو تسلی دیں اور اسکے درد و دکھ میں شریک ہوں اور اسکے ساتھ پیار و محبت کی باتیں کریں اور جس بات سے وہ عاجز ہے اسمیں اسکی اعانت کیجاے اور یہ امر بغیر اس بات کے ممکن نہیں کہ اسکے بھائی بند اور اسکے شہر کے دوست و آشنا اور اور لوگوں کو اسکے ہاں آنا سنت لازمہ گردانا جائے اور آخرت میں اسکو اس بات کی حاجت ہے کہ یہ اسمیں وہ صبر کرے اور بیماری کی تکلیفیں اسکو سامنے مشاہدہ واقع کے معلوم ہوں جسکا ذائقہ ناگوار ہوتا ہے لیکن اسمیں نفع کی امید ہوتی ہے تاکہ بیماری اس کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حق میں جب دنیا اور بعد الٰہی کا سبب نہ ہو بلکہ اُسکی جان کے اجزاء تحلیل ہونے کے ساتھ وہ بیماری اُسکے گناہوں کی کمی کا باعث ہو اور یہ بات جب ہی حاصل ہو سکتی ہے کہ اُسکو اُس تکلیف کی حالت میں صبر کے فوائد اور تکالیف کے اجر پر آگاہ کیا جائے اور جب آدمی کا دم نکلنے لگتا ہے تو یہ دن اُس کے حق میں دنیا کا اخیر اور آخرت کا پہلا دن ہوتا ہے لہٰذا یہ بات ضروری ہے کہ اُسکو یاد الٰہی اور توجہ الی اللہ پر ترغیب دلائی جائے تاکہ اُسکی جان ایمان کے ساتھ میں اس جہان سے مفارقت کرے اور آخرت میں اُسکا ٹھکانہ اُسکو حاصل ہو اور انسان بشرطیکہ اُسکا مزاج صحیح ہو جسطرح اُسکی سرشت میں مال اور اولاد کی محبت داخل ہوتی ہے اسطرح یہ بات بھی اُسکو عزیز ہوتی ہے کہ حالت زندگی اور نیز مرنے کے بعد بھلائی سے اُسکو یاد کریں اور اُسکا کوئی عیب اُنپر ظاہر نہ ہونے پاوے حتی کہ ہر گروہ کے بڑے بڑے ہوشمند اور صحیح العقل اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ کوئی بلند عمارت مال کثیر صرف کر کے تیار کیجائے جس سے اُنکا ذکر باقی رہے اور صرف اس غرض سے کہ لوگ اُنکو بہادروں کے زمرہ میں شمار کریں جان جوکھوں کی جگہ گھس پڑتے ہیں اور کبھی انہیں سے کوئی اس بات کی وصیت کرتا ہے کہ میری قبر بلند بنائی جاوے تاکہ لوگ یہ سمجھیں کہ فلاں شخص اپنی زندگی میں بھی صاحب نصیب رہا اور بعد وفات بھی حتی کہ اُنکے عقلا کا یہ قول ہے کہ جسکا ذکر گو نہیں موجود ہے وہ مردہ نہیں ہے اور چونکہ یہ ایسا امر تھا کہ اسی پر اُنکی پیدائش اور اسی پر اُنکی موت ہوتی ہے لہٰذا اُنکے اس خیال کی تصدیق اور اُنکے وعدوں کا پورا کرنا مرنے کے بعد اُنکے حق میں ایک قسم کا احسان ہوا اور نیز جب آدمی کی روح بدن کو چھوڑتی ہے اُسکی حس مشترک وغیرہ کو حس اور ادراک باقی رہتا ہے اور جو خیالات اور علوم زندگی میں اُس کے ساتھ تھے مرنے کے بعد بھی اُسکے ہمراہ رہتے ہیں اور پھر عالم بالا سے اُسپر اور علوم کا تشریح ہوتا ہے جنکی وجہ سے میت کو عذاب یا ثواب ہوتا ہے اور خدا کے نیک بندوں کی ہمتیں جب عالم قدس تک پہنچتی ہیں اور اُس میت کے لئے وہ گڑگڑ کے دعا کرتی ہیں یا میت کے لئے بہت کچھ صدقہ دیتے ہیں تو حکم الٰہی سے میت کے حق میں وہ نافع پڑتا ہے اور اُس عالم سے جب اُس پر فیضان ہوتا ہے تو اُس کے ساتھ ہو کر اُس میت کی درستی حالت کا سبب ہو جاتا ہے اور میت کے گھر والوں کو اُسکی موت سے سخت غم اور رنج ہوتا ہے لہٰذا دنیا کے اعتبار سے اُنکے حق میں بھلائی یہ ہے کہ لوگ اُسکی تعزیت کیلئے آئیں تاکہ اُنکا رنج کچھ کم ہو اور میت کے دفن کرنے میں شریک ہو کر اُنکی مدد کریں اور اُنکو ایک دن رات کھانا دیں اور آخرت کے لحاظ سے اُنکے لئے بہتری یہ ہے کہ اُنکو اجر عظیم کی ترغیب دلائی جاوے تاکہ بہت تر اُسکی پریشانی میں وہ مصروف نہ ہوں اور خدا کی طرف اُنکی توجہ ہو اور چلانے اور کپڑے پھاڑنے اور تمام اُن چیزوں سے جو غم اور مصیبت کو یاد دلاتی ہیں اور اُنکا غم اور پریشانی بڑھاتی ہیں منع کریں کیونکہ اُسوقت میں وہ لوگ بمنزلہ مریض کے ہو جاتے ہیں اُنکے مرض کا علاج کرنا چاہئے نہ یہ کہ اُنکا مرض اور بڑھایا جاوے اہل جاہلیت نے کچھ رسمیں اپنی جانب سے ایجاد کر لی تھیں جنسے شرک لازم آتا تھا اسلئے مصلحت شرعی یہ تھی ہوا کہ اس دروازہ کو بند کیا جاوے۔

جب تم کو یہ سب باتیں معلوم ہو گئیں تو اب ہم ان احادیث کی شرح کرنی چاہتے ہیں جو اس باب میں وارد ہوئی ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ما من مسلم یصیبہ اذی من مرض فما سواہ الا حط اللہ بہ سیئاتہ کما تحط الشجرۃ ورقہا۔ کوئی مسلمان بندہ ایسا نہیں کہ جس کو کوئی مرض اور کسی طرح سے کوئی تکلیف پہونچے مگر خدا تعالیٰ اُس کے سبب سے اُسکے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گناہ معاف کر دیتا ہے جیسے درخت سے اُسکے پتے گر جاتے ہیں میں کہتا ہوں گناہوں کے دور ہونے کے اسباب کا ذکر پہلے ہو چکا ہے بنجملہ اُن اسباب کے ایک سبب حجاب نفسانی کا کمزور ہو جانا اور حیات بہیمیہ کا جو اخلاق رذیلہ کا محل ہے تحلیل ہو جانا ہے اور مصیبت کے سبب سے انسان کا دل دنیا سے متنفر ہو جاتا ہے اور اُس کو بندگی سے ایک قسم کی بیزاری پیدا ہو جاتی ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مثل المومن کمثل الخامۃ ومثل المنافق کمثل الدرزۃ مالیت مثل مومن کی مثل اُس پودہ کے ہے کہ شروع شروع زمین سے اگتا ہے اور منافق کا حال مثل درخت صنوبر کے ہے میں کہتا ہوں اسمیں یہ بھید ہے کہ انسان کے نفس میں دو قوتیں ہیں ایک قوت بہیمی دوسری ملکی اور آدمی کا یہ خاصہ ہے کہ کبھی تو اُس کو قوت بہیمی دبا جاتی ہے اور ملکی ظاہر ہو جاتی ہے تو اسوقت میں وہ انسان ملوک کے زمرہ میں داخل ہو جاتا ہے اور کبھی قوت ملکی دبا جاتی ہے اور قوت بہیمی کا ظہور ہو جاتا ہے اسوقت میں وہ انسان مثل بہائم کے خدا تعالےٰ کے نزدیک بیقدر ہو جاتا ہے اور جب آدمی قوت بہیمی کے قبضہ سے نکلکر قوت ملکی کی عملداری میں داخل ہوتا ہے تو اُسکے حالات مختلف ہوتے ہیں اُن حالات میں باہم ان دونوں قوتوں کا مقابلہ رہتا ہے کبھی قوت بہیمی قوت ملکی پر غلبہ کرتی ہے کبھی ملکی بہیمی پر دنیا میں جزا و سزا دینے کے یہی محل ہوتے ہیں اور دنیا کے اندر جزا و سزا کی حقیقت ہم پہلے بیان کر چکے ہیں اُسکو دیکھنا چاہئے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا مرض العبد او سافر کتب لہ مثل ما کان یعمل صحیحا مقیما جب بندہ بیمار ہوتا ہے یا سفر کرتا ہے تو اُسکے لئے بیقید اعمال کا اجر لکھا جاتا ہے جو حالت صحت و اقامت میں وہ کرتا تھا میں کہتا ہوں جب آدمی کسی کام کرنے پر ہمت باندھتا ہے اور بجز موانع عارض کے کوئی اُسکو اُس کام سے روکنے والا نہیں ہوتا تو جو کام قلب کا ہے وہ اُس سے ادا ہو جاتا ہے اور تقوی کا دار و مدار قلب ہی پر ہے اور باقی اعمال تقوی کا عنوان اور اُسکی دلیل ہیں کہ قدرت کیوقت انکا کرنا ضرور ہوتا ہے اور مجبوری کیوقت معاف کر دیے جاتے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الشہداء خمسۃ او سبعۃ شہید پانچ لوگ ہیں یا یہ فرمایا ہے کہ سات شخص ہیں میں کہتا ہوں کہ وہ سخت مصیبت جو بندہ کی طرف سے نہیں ہوتی گناہوں کے دور کرنے اور اُس شخص پر رحمت الٰہی کے نازل کرنیمیں شہادت کا کام دیتی ہے اور فرمایا ہے ان المسلم اذا عاد اخاہ المسلم لم یزل فی خرفۃ الجنۃ حتی یرجع کوئی مسلمان جب اپنے بھائی مسلمان کی عیادت کو جاتا ہے جنتک واپس آتا ہے برابر جنت کے پھل چنتا رہتا ہے میں کہتا ہوں شہر والوں میں میل جول جب ہی رہ سکتا ہے کہ جب باہم ایکدوسرے کی حاجت کے وقت مدد کریں اور اللہ تعالےٰ کو وہ چیز پسند ہے جسمیں اُنکے شہر کی بھلائی ہو اور باہم میل جول پیدا کرنے کیلئے عیادت کرنا کامل سبب ہے قیامت کے دن اللہ پاک فرمائیگا یابن آدم مرضت فلم تعدنی الحدیث سے آدمی میں بیمار ہوا تو تو نے میری عیادت بھی نہ کی میں کہتا ہوں اس تجلی کا حال بہ نسبت روح اعظم کے جسکا تنزل الملائکۃ والروح فیہا کے اندر بیان ہے مثل صورت کا سا حال ہے جو انسان کو خواب میں بہ نسبت اس انسان کے ظاہر ہوتی ہے پس جس طرح انسان کا اپنے رب اور اُسکے حکم اور اُسکی رضامندی کے ساتھ اعتقاد اُسکی خواب میں خدا تعالےٰ کی مثال ہے ظاہر ہوتا ہے اور اسی لئے مومن کامل کا یہ درجہ ہوتا ہے کہ وہ اُسکو نہایت عمدہ صورت میں دیکھتا ہے جیسا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ہے اور جس شخص نے خدا تعالےٰ کو اپنے دروازہ کی دہلیز میں اپنے طمانچہ لگاتے ہوئے دیکھا تو اُس خواب کی تعبیر یہ ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ اس دہلیز میں اُسنے خدا تعالےٰ کا کوئی تصور کیا ہے اسیطرح خدا تعالےٰ کا حق در اُسکا حکم اور اُس کی رضامندی اور اسکی تدبیر اور افراد انسانکے لئے اُسکے قیومیت اور اُسکا نکے لئے سبب وجود ہونا اپنے رب کی نسبت اُنکے اعتقاد کا درجہ بشرطیکہ انکا مزاج صحیح ہو اور اُنکے نفوس راستی پر ہوں اور جسطرح صورت نوعیہ سے افراد انسان پر اُن نفوس کا فیضان ہوا ہے یہ سب چیزیں آخرت میں مختلف صورتوں کے ساتھ تمثل ہوکر ظاہر ہونگی جیسا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس کو بیان کیا ہے اور یہ سب تجلیات روح اعظم کی تجلیات ہیں جو افراد انسان کے جامع اور اُنکی کثرت کا مبدء اور اُنکی دنیاوی اور اُخروی حرکی کا منتہی ہے اس سے میری یہ مراد ہے کہ وہاں پر خدا تعالےٰ کیلئے باعتبار اُسکی قومیت اور اُسکے حکم کی ایک شمائل کلی ہے جسکو آخرت میں اپنے دلوں کی بینائی سے ہمیشہ مشاہدہ کرتے رہینگے اور کبھی جب کسی صورت مناسبہ میں اس شمائل کا ظہور ہوگا تو آنکھوں سے اُس کا معائنہ کرینگے الحاصل اسی لئے یہ تجلی خدا تعالےٰ کے حق اور اُسکے حکم سے صورت نوعیہ کے فیضان کے موافق افراد انسانی میں ظاہر ہوتی ہے جیسے باہم انکا مانوس ہونا اور کمال انسانی کا جو اُسکے نوع کے ساتھ خاص ہے حاصل کرنا اور مصلحت مناسبہ کا اپنے اندر قائم کرنا اسلئے جو چیز بندوں کے حالات میں سے ہے اس علاقہ کیوجہ سے اپنی طرف اُسکا منسوب کرنا ضروری ہوا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ہے کہ جو شر پورے اور کامل ہیں جنکے اندر ذکر الٰہی اور اُس سے استغاثہ پایا جاتا ہے اُنکو لوگ پڑھا کریں جب کوئی ضرورت پیش آوے یہی سبب ہے کہ اُنکو یہ منظور ہے کہ اُن کلمات طیبات کے پڑھنے سے رحمت الٰہی اُنپر چھا جائے اور اُن کے مصائب دور ہو جائیں اور نیز ایام جاہلیت میں لوگ جو اپنے تعاکروں سے مدد چاہا کرتے تھے اس بات سے اُنکو انکار کرنا مقصود تھا اور اُسکے بدلے میں اُنکے لئے عوض مقرر کر دیا وہ رقیے بہت ہیں منجملہ اُنکے ایک یہ ہے کہ پڑھنے والا اپنا داہنا ہاتھ مریض پر پھیرتا جائے اور یہ دعا پڑھتا جاوے اذہب الباس رب الناس وانت الشافی لاشفاء الا شفاءک شفاء لا یغادر سقما۔ اور از انجملہ یہ ہے بسم اللہ ارقیک من کل شئی یوذیک من شر کل نفس یا عین کی جگہ میں حاسد کہے، اللہ یشفیک بسم اللہ ارقیک اور از انجملہ یہ ہے کہ سات مرتبہ اسال اللہ العظیم رب العرش العظیم ان یشفیک۔ پڑھے اور از انجملہ یہ ہے کہ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھکر دم کرے اور جس جگہ مریض کے بدن پر تکلیف ہے اُسپر ہاتھ پھیرتا جاوے اور تین مرتبہ بسم اللہ اور سات مرتبہ اعوذ باللہ وقدرتہ من شر ما اجد واحاذر پڑھے اور از انجملہ یہ ہے کہ پڑھے بسم اللہ الکبیر اعوذ باللہ العظیم من شر کل عرق نعار ومن شر حر النار اور از انجملہ یہ ہے کہ پڑھے ربنا اللہ الذی فی السماء تقدس اسمک امرک فی السماء والارض کما رحمتک فی السماء فاجعل رحمتک فی الارض اغفر لنا حوبنا وخطایانا انت رب الطیبین انزل رحمۃ من رحمتک وشفاء من شفائک علی ہذا الوجع۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا یتمنین احدکم الموت الحدیث تم میں سے کوئی موت کی آرزو نہ کرے۔ میں کہتا ہوں بارگاہ الٰہی میں منجملہ آداب کے انسان کے لئے ایک ادب یہ ہے کہ خدا تعالےٰ نے اُس کو جو نعمت عنایت فرمائی ہے اس بات کی جرأت نہ کرے کہ اُسکا جلد تر پہنچنا چاہے اور زندگی خدا تعالےٰ کی بڑی نعمت ہے کیونکہ نیکی کے حاصل کرنیکا ذریعہ ہے اسلئے کہ جب انسان مرجاتا ہے اسکے اکثر اعمال منقطع ہو جاتے ہیں اور بجز طبعی ترقی کے کچھ ترقی نہیں کر سکتا اور نیز موت کی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آرزو کرنا نہایت بیباکی ہے اور بے اطمینانی کی دلیل ہے اور یہ دونوں بدترین اخلاق میں سے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من احب لقاء اللہ احب اللہ لقاءہ ومن کرہ لقاء اللہ کرہ اللہ لقاءہ۔ جو کوئی خدا سے ملنا چاہتا ہے خدا اُس سے ملنا چاہتا ہے اور جس شخص کو خدا سے ملنا ناگوار معلوم ہوتا ہے خدا تعالیٰ کو اُسکا ملنا ناگوار ہوتا ہے میں کہتا ہوں کہ خدا تعالےٰ سے ملنے کے یہ معنی ہیں کہ ایمان بالغیب سے ایمان بالمشاہدہ کیطرف اُس کا انتقال ہوجاتا ہے اور اسکی یہ صورت ہوتی ہے کہ بہیمیہ کے گاڑھے گاڑھے پردے اُس سے دور ہوکر ملکیہ کا نور اُسپر ظاہر ہوجاتا ہے اور عالم قدس سے اُسپر یقین کا ترشح ہوجاتا ہے اور جتنی چیزوں کا ذکر اُسنے صرف زبان سے سنا تھا سب وہ چیزیں اُسکو مشاہدہ ہوجاتی ہیں اور مومن بندہ جو ہمیشہ بہیمیہ سے مدافعت کرتا اور ملکیہ کا ساتھ دیتا رہا ہے اس حالت کا اسی طرح مشتاق ہوتا ہے جسطرح ہر عنصر اپنے مکان طبعی کا مشتاق ہوتا ہے جسطرح ہر نوع سخیں اُن چیزوں کی طرف جنسے اُسکے جس کو لذت حاصل ہوتی ہے مشتاق ہوتا ہے اگرچہ باعتبار نظام بدنی کے اُسکو موت اور اُسکے اسباب سے تکلیف اور رنج ہوتا ہے اور جو بندہ نافرمان ہے ہمیشہ اسکی کوشش بیجی کے فرو کرنے میں رہتی ہے اور دنیا کی زندگی اُسکو پیاری معلوم ہوتی ہے اور اسی کی طرف اسکے دل کو لگاؤ ہوتا ہے اور حدیث شریف میں خدا تعالےٰ کی محبت اور اُسکی کراہیت کا جو ذکر ہے وہ بطور مشاکلہ کے وارد ہوا ہے مگر مراد اُس سے آرام یا تکلیف کی چیزوں کا موجود ومہیا کرنا اور اُسکی گھات میں ہوتا ہے اور چونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر وہ دونوں چیزیں باہم مشتبہ تھیں اسلئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے محبت کے حالات میں سے زیادہ تر ظاہر حال کا جسکا عالم بالا سے فیضان ہوتا ہے اور جسکو دوسرے حال سے اشتباہ یعنی ملائکہ کے ظاہر ہونے کی حالت بیان فرماکر اُسکی مراد پر مطلع کردیا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لایموتن احدکم الا وہو یحسن ظنہ بربہ اپنے رب سے حسن ظن کئے بغیر تم میں سے کوئی نہ مرے معلوم کرو کہ کوئی عمل صالح ان ضروریات کے ادا کرنیکے بعد جس سے نفس کی کجی دور ہوتی ہے اور وہ راستی پر آتا ہے یعنی فرائض کی بجاآوری اور کبائر سے اجتناب کرنا انسان کے حق میں اُس سے زیادہ نفع بخش عمل نہیں ہے کہ خدا تعالےٰ سے اُسکو بھلائی کی امید ہو کیونکہ خدا تعالےٰ سے بہتری کی امید رکھنا تو دل رحمت الٰہی کے سبب ہونیمیں بمنزلہ نہایت مضبوط ارادہ اور کمال رغبت سے دعا کرنے کے ہے اور خوف الٰہی تو ایک تلوار ہے جس کے ذریعہ سے دشمنان خدا سے کہ قوت شہوانیہ اور قوت بہیمیہ اور وساوس شیطانیہ کے بڑے بڑے مستحکم پردے میں مقاتلہ کیا جاتا ہے اور جسطرح کوئی شخص لڑائی کی مہارت نہیں رکھتا کبھی ایسا ہوتا ہے کہ جب وہ تلوار چلاتا ہے تو وہ تلوار الٹی اسی کے لگتی ہے اسی طرح جو آدمی اپنے نفس کو مہذب کرنیکا کمال نہیں رکھتا بسا اوقات وہ خوف الٰہی کو بموقع استعمال کرتا ہے اور وہ اپنے تمام اعمال صالحہ کو عجب دریا اور اسی طرح کے بہت سے عیوب وآفات سے خود بخود متہم کرلیتا ہے یہانتک کہ اپنے گمان میں خدا کے ہاں اپنے اعمال کو رائگاں سمجھنے لگتا ہے اور اس سے جو کچھ گناہ صغیرہ اور بلا قصد خطائیں ہوجاتی ہیں اُنکا وقوع اُسکے نزدیک یقینی ہوتا ہے اور جب وہ مرجاتا ہے تو اُسکے گمان میں وہ گناہ اُسکو کاٹتے رہتے ہیں اور اُن خیالی صورتوں کے سبب سے قوت مثالیہ کا فیضان ہوجاتا ہے جس کے سبب سے وہ ایک قسم کے عذاب میں مبتلا ہوجاتا ہے اور ان شکوک اور خیالات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیونکہ سے اُس شخص کو اپنے اعمال صالحہ سے معتدبہ نفع نہیں پہنچتا چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حکایۃ عن اللہ تعالے فرمایا ہے انا عند ظن عبدی بی یعنی میں اپنے بندہ کے گمان کے ساتھ ہوں جو اُس کو میرے ساتھ ہے اور چونکہ انسان اپنی مرض اور ضعف کی حالت میں خوف کی تلوار کو اُسکے موقع پر بسا اوقات نہیں استعمال کرتا یا اُسکو استعمال کرنے کی تمیز نہیں رہتی لہذا اُسکے حق میں یہ سنون کیا گیا کہ بہ نسبت خوف کے اُسکو امید زیادہ رکھنا چاہئے اور نیز آپ نے فرمایا ہے اکثروا ذکر ہادم اللذات یعنی جو چیز لذتوں کے کھونے والی ہے اُسکا ذکر کیا کرو میں کہتا ہوں مخاب نفسانی کے دور کرنے اور طبیعت کو لذائذ دنیا سے باز رکھنے میں ذکر موت سے زیادہ کوئی چیز نافع نہیں ہے، موت کے یاد کرنے سے دنیا سے مفارقت اور خدا تعالے سے ملنے کی صورت آنکھوں کے سامنے رہتی ہے اور اُسکا عجیب اثر ہوتا ہے اُسکا بیان ہم تھوڑا سا پہلے کر چکے ہیں اُسکو وہاں دیکھ لینا چاہیئے، اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من کان آخر کلامہ لا الہ الا اللہ دخل الجنۃ جسکا آخری کلام لا الہ الا اللہ ہوا وہ جنت میں گیا میں کہتا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ جب ایسے وقت میں جو اسکی جان پر بن رہی ہے خدا تعالے کی یاد کو اپنے دل سے اُسنے نہیں بھولنے دیا یہ اُسکے ایمان کی صحت اور اُسکے دلیں ایمان کی محبت کے سرایت کر جانے کی دلیل ہے اور نیز اُسکا مرتے وقت یہ کہنا اس بات کی دلیل ہے کہ احسان کی صفت کیساتھ اُس کا دل رنگا ہوا ہے پس جو شخص ایسی حالت پر مر گیا لا محالہ جنت اُسکے لئے واجب ہو گئی، اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لقنوا موتاکم لا الہ الا اللہ اپنے مردوں کو لا الہ الا اللہ کی تلقین کیا کرو اور فرمایا ہے اقرؤا علی موتاکم یس اپنے موتے پر یس پڑھا کرو میں کہتا ہوں مرنے والے کے حق میں باعتبار اُس کی آخرت کی درستی کے یہ بہت بڑا احسان ہے اور لا الہ الا اللہ کو اسلئے خاص کیا ہے کہ وہ افضل الذکر اور توحید اور نفی شرک پر مشتمل ہے اور تمام اذکار اسلام میں اسکو فضیلت ہے اور سورہ یس کے مخصوص کرنے کی یہ وجہ ہے کہ وہ قرآن کا دل ہے اور اُس کا بیان عنقریب آتا ہے اور دوسرے یہ کہ وہ نصیحت کیلئے بہت کافی مقدار ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ما من مسلم تصیبہ مصیبۃ فاکوئی مسلمان ایسا نہیں کہ اُسپر کوئی مصیبت پڑے اور خدا تعالے کے حکم کے موافق وہ انا للہ وانا الیہ راجعون اللھم اجرنی فی مصیبتی واخلفنی خیرا منہا پڑھے مگر خدا تعالے اُسکے بدلے میں اُس سے بہتر عطا فرماتا ہے میں کہتا ہوں اس حکم میں یہ رمز ہے کہ اُس شخص کو اُسکے پڑھنے سے مصیبت کا ثواب اور خدا تعالے کا اُس سے بہتر عطا فرمانے پر قادر ہونا یاد آجائے اور اُس کا رنج کم ہو جائے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا حضرتم المیت فقولوا خیرا۔ مردہ کے پاس جب تم جاؤ تو کلمہ خیر اُسکے حق میں کہو جیسے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہا تھا اللھم اغفر لابی سلمۃ وارفع درجتہ الخ میں کہتا ہوں ایام جاہلیت میں یہ دستور تھا کہ اپنے اوپر بددعا کیا کرتے تھے اور کبھی ایسا ہوتا تھا کہ وہ گھڑی قبولیت کی ہوتی تھی اور اُن کو وہ بددعا لگ جاتی تھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی زینب کے لئے عورتوں سے ارشاد فرمایا اغسلنہا وترا الخ یعنی اس کو طاق طاق نہلاؤ تین مرتبہ یا پانچ مرتبہ یا سات مرتبہ۔ پانی اور بیر کے پتوں سے اور اخیر مرتبہ میں کافور لگاؤ۔ اور فرمایا کہ اُس سے داہنے اعضاء سے شروع کرو۔ میں کہتا ہوں کہ مردہ کے نہلانے میں اصل یہ ہے کہ زندہ کے غسل پر قیاس کیا جائے کیونکہ وہ خود اپنی زندگی میں بھی ایسے ہی غسل کرتا تھا اور نہلانے والے بھی خود ایسے ہی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہاتے ہیں اسلئے میت کی تغسیل کے لئے اس سے بہتر کوئی دوسری صورت نہانے کی نہیں ہے اور بیر کے پتے اور کسی مرتبہ بدن کا دھونیکا اسلئے حکم دیا کہ مرض کے مادہ اکثر مرتبہ بدن پر میل ہو جاتا ہے اور بدبو پیدا ہو جاتی ہے اور اخیر مرتبہ میں کافور لگانے کا اسلئے حکم دیا کہ سب چیزوں کو کافور لگایا کرتے ہیں وہ چیز عبث نہیں بگڑتی ہے اور بعض یہ کہتے ہیں کہ کافور لگانے کا یہ فائدہ ہوتا ہے کہ کوئی موذی جانور اسکے قریب نہیں آتا اور راہنے اعضا سے شروع کرنے کا اس لئے حکم دیا کہ مردوں کا غسل مرنے والے کو غسل کیے ہوا اور تاکہ ان اعضا کی عزت معلوم ہو اور شہید کے اندر جو غسل نہ دینے اور اپنے کپڑوں اور خون کے ساتھ دفن کرنے کی سنت جاری ہے اس کا سبب یہ ہے کہ لوگوں کو اسکا شہید ہونا معلوم ہو اور تاکہ ظاہر اسکے باقی عمل کی صورت متمثل ہو جائے اور دوسرے یہ کہ نفوس بشریہ جب اپنے ابدان کو چھوڑتے ہیں تو ان کو حس اور اپنی جانوں کا علم باقی رہتا ہے بلکہ بعض کو ان چیزوں کا بھی ادراک ہو جاتا ہے جو انکے ساتھ کیجاتی ہیں پس جب ایسے عمل کا اثر بدستور چھوڑ دیا جاتا ہے تو ضرور ان کو اسکے سبب سے اپنا عمل یاد رہتا ہے اور انکے سامنے وہ عمل متمثل ہو جاتا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا ہے جرحہ تدمی اللون لون دم والریح ریح مسک انکے زخموں سے خون جاری ہونگے رنگ تو خون کا سا اور خوشبو مشک کی سی اس سے یہی مراد ہے اور محرم کے باب میں بھی حدیث صحیح وارد ہے کفنوہ فی ثوبیہ ولا تمسوہ طیبا ولا تخمروا راسہ فانہ یبعث یوم القیامۃ ملبیا یعنی اسکو دونوں کپڑوں میں لپیٹ دو اور اسکے خوشبو مت لگاؤ اور اسکے سر کو مت ڈھکو اسلئے کہ قیامت کے دن وہ تلبیہ کہتا ہوا اٹھیگا اسمیں اسکی طرف رجوع کرنا چاہئے اسی نکتہ کی طرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس قول سے اشارہ فرمایا الذی یموت فی ثیابہ فانہ یبعث فی ثیابہ یعنی جن کپڑوں میں وہ مرتا ہے انہیں میں وہ مردہ اٹھتا ہے اور اصل کفن پہنانے میں کپڑا اوڑھکر سونے والے کے ساتھ شباہت کا ہونا ہے مرد کا پورا پورا کفن تہبند اور کرتا اور چادر پٹینے کی یا صرف ملفی یعنی دو کپڑے ہیں اور عورت کیلئے اوپر کچھ زیادہ ہیں کیونکہ اسکے لئے زیادہ ستر مناسب ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا تغالوا فی الکفن فانہ یسلب سلبا سریعا۔ زیادہ قیمتی کفن مت دو کیونکہ وہ بہت جلد اس سے جدا ہو جائیگا اس سے افراط و تفریط میں اعتدال مراد ہے تاکہ جاہلیت کی عادت کو قیمتی کفن دینے میں اختیار نہ کریں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اسرعوا بالجنازۃ الحدیث جنازہ کے لیجانے میں جلدی کرو میں کہتا ہوں اسکا سبب یہ ہے کہ دیر کرنے میں مردہ کے بدن کے بگڑ جانے کا اندیشہ ہے دوسرے قرابت والوں کو اسکے دیکھنے سے بیقراری ہوتی ہے کیونکہ جب وہ میت کو دیکھتے ہیں تو اضطراب زیادہ ہو جاتا ہے اور جب انکی نگاہ سے غائب ہو جاتا ہے تو انکو خیال نہیں رہتا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دونوں سبب کی طرف ایک ہی کلمہ سے اشارہ فرمایا ہے لا یبقی لمیتہ مسلم ان یحبس بین ظہرانی اہلہ یہ بات مناسب نہیں ہے کہ کسی مسلمان کی نعش اسکے گھر والوں کے روبرو روکی جائے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو فرمایا ہے فان کانت صالحۃ قربتموہا الی خیر کہ اگر وہ جنازہ نیک ہے میں کہتا ہوں ہمارے نزدیک یہ اپنے معنی حقیقی پر محمول ہے اور بعض نفوس جب اپنے بدن کو چھوڑتے ہیں تو انکے بدن کیساتھ جو برتاؤ کیا جاتا ہے انکو اسکی حس ہوتی ہے اور روحانی کلام کے ساتھ کلام کرتے ہیں وہ انکی نفوس کے متروح ہونے سے سمجھا جاتا ہے انکا کلام معمولی نہیں ہوتا جو کانوں سے سنا جائے چنانچہ آپ نے فرمایا ہے الا الانسان

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یعنی بھر انسان کے اسکی آواز کو ہر چیز سنتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من تبع جنازۃ مسلم ایمانا واحتسابا الخ یعنی جو شخص ایمان و احتساب کے ساتھ مسلمان کے جنازہ کا پیچھا کرے اور اسکی نماز پڑھے اور دفن سے بھی فارغ ہو کر واپس آجاوے تو وہ دو قیراط کے برابر ثواب لیکر آتا ہے میں کہتا ہوں جنازہ کے ساتھ جانے کا اسلئے حکم دیا گیا کہ میت کی عزت اور اس سے اسکے پس ماندوں کے دل شکنی کی تسلی ہے اور تاکہ اس ذریعہ سے مومنین صالحین کا ایک گروہ اسکے لئے دعا کرنے اور دفن کرنے میں معاونت کے لئے شریک ہو جاوے لہذا آپنے دفن کے وقت تک کھڑا رہنے کی رغبت دلائی ہے اور جب تک جنازہ اتار کر نہ رکھا جاوے لوگوں کو بیٹھنے سے منع کیا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان الیوت فزع فاذا رایتم الجنازۃ فقوموا۔ کہ البتہ موت پریشانی کی چیز ہے پس جب تم کسی کے جنازہ کو دیکھو کھڑے ہو جایا کرو میں کہتا ہوں چنانچہ لڈتوں کے دور کرنیوالی کا ذکر اور عزیز و اشنا کے انتقال سے نصیحت پکڑنا منظور تھا اور یہ ایک باطنی امر تھا کہ اسکو کرنیوالے اور نہ کرنیوالے میں تمیز نہ ہو سکتی تھی اسلئے شارع نے اسکے لئے کھڑے ہونیکا حکم دیا تاکہ اس مطلوب کا انضباط ہو جاوے مگر آپ نے اسکو لوگوں پر واجب نہیں کیا اور نہ وہ سنت قائم ہے اور بعض کے نزدیک یہ حدیث منسوخ ہے اور اگر منسوخ ہے تو اسکے منسوخ ہونے کی یہ وجہ ہے کہ اہل جاہلیت ایسے امور کیا کرتے تھے جو کھڑے ہونے کے مشابہ تھے اسلئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو خیال ہوا کہ یہ کھڑا ہونا بجہیل نہ کیا جاوے کہ جسکے سبب سے ممنوعات کا دروازہ مفتوح نہ ہو جاوے اور جنازہ کی نماز اسلئے مقرر کی گئی کہ مومنین کے ایک گروہ کا میت کی سفارش کے لئے شریک ہونا اسپر رحمت الٰہی نازل ہونیمیں بڑا کامل اثر رکھتا ہے۔ اور نماز پڑھنے کا یہ طریقہ ہے کہ امام اس طرح پر کھڑا ہو کہ جنازہ اسکے اور قبلہ کے مابین ہو اور امام کے پیچھے قوم صف باندھکر کھڑی ہو اور امام چار تکبیریں کہے اور میت کے لئے دعا کرے اسکے بعد سلام پھیرے یہ طریقہ ایسا ہے کہ حضرت عمرؓ کے زمانہ میں قائم رہا اور تمام صحابہؓ اور تابعین کا اتفاق رہا اگرچہ احادیث اس باب میں طریقوں مختلفہ کے ساتھ وارد ہوئی ہیں اور سورہ فاتحہ کا پڑھنا بھی اس نماز میں سنت ہے کیونکہ وہ سب دعاؤں سے بہتر اور سب سے زیادہ ترجامعیت رکھتی ہے خدا تعالےٰ نے اپنی کتاب محکم میں بندوں کو اس کی تعلیم فرمائی ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے میت پر جو دعا ماثور ہے یہ ہے اللھم اغفر لحینا ومیتنا وشاہدنا وغائبنا وصغیرنا وکبیرنا وذکرنا وانثانا اللھم من احییتہ منا فاحیہ علی الاسلام ومن توفیتہ منا فتوفہ علی الایمان اللھم لا تحرمنا اجرہ ولا تفتنا بعدہ اور اللھم ان فلان بن فلان فی ذمتک وحبل جوارک فقہ من فتنۃ القبر وعذاب النار وانت اہل الوفاء والحق اللھم اغفر لہ وارحمہ انک انت الغفور الرحیم اور اللھم اغفر لہ وارحمہ وعافہ واعف عنہ واکرم نزلہ ووسع مدخلہ واغسلہ بالماء والثلج والبرد ونقہ من الخطایا کما نقیت الثوب الابیض من الدنس وابدلہ دارا خیرا من دارہ واہلا خیرا من اہلہ وزوجا خیرا من زوجہ وادخلہ الجنۃ واعذہ من عذاب القبر ومن عذاب النار اور ایک روایت میں وقہ فتنۃ القبر وعذاب النار۔ آیا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان ہذہ القبور مملوۃ ظلمۃ علی اہلہا وان اللہ ینورہا لہم بصلوتی۔ یہ قبریں اہل قبور پر تاریکی سی بھری ہوتی ہیں اور میری دعا سے اللہ پاک ان کی قبروں کو نورانی کر دیتا ہے اور فرمایا ہے ما من مسلم یموت فیقوم جنازتہ اربعون رجلا لا یشرکون اللہ شیئا الا شفعہم اللہ فیہ۔ وفی روایۃ ما من امۃ

نماز جنازہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

من المسلمین یبلغون مائۃ۔ کوئی مسلمان ایسا نہیں مرتا ہے کہ اسکے جنازہ پر چالیس لوگ کھڑے ہوں جو خدا تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے مگر اللہ تعالیٰ اس میت کے حق میں انکی شفاعت قبول فرماتا ہے اور ایک روایت میں یہ آیا ہے کہ سو مسلمانوں کا گروہ اسپر نماز پڑھے میں کہتا ہوں چونکہ ان لوگوں کی دعاؤں کا پورا پورا اثر ہوتا ہے کہ جنکی خدا تعالیٰ کے ہاں عزت ہے وہ دعا پر دوں کو پھاڑ کر اس شخص کو نزول رحمت الٰہی کے قابل بنا دیتی ہے جس طرح استسقا میں اس لئے ضروری ہوا کہ دو امروں میں ایک طرف رغبت دلائی جائے یا تو نفس اس درجہ کا ہونا چاہیئے کہ وہ تنہا بفرد ایک گروہ شمار کیا جاوے یا ایک بڑی جماعت ہونا چاہیئے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہذا الہیثم علیفیر دخلت الجنۃ الحدیث تم نے اسکی بھلائی بیان کی اسکے لئے جنت واجب ہوگئی میں کہتا ہوں جب خدا تعالیٰ کو کسی بندہ سے محبت ہوتی ہے تو اعلیٰ کو بھی اسکے ساتھ محبت ہوتی ہے پھر ملا سافل میں اسکی قبولیت نازل ہو کر نیک بندوں کے دل میں اسکی محبت پیدا ہو جاتی ہے اور اسی طرح جب خدا تعالیٰ کو کسی بندہ سے نفرت ہوتی ہے تو ان سب کو اس سے نفرت ہوتی ہے پس جس بندہ کے لئے صلحا کا ایک گروہ اپنے خاص دل سے بلا ارادہ بغیر اتفاق عادت کے اس کی نیکی کی گواہی دے تو وہ اس شخص کے ناجی ہونے کی دلیل ہے اور جب کسی کو وہ دل سے برا جانیں تو اس شخص کے ہلاک ہونے کی علامت ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ جو فرمایا ہے تم خدا کے گواہ ہو زمین میں اس کے یہ معنی ہیں کہ تم مورد الہام اور ترجمان غیب ہو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا تسبوا الاموات فانہم قد افضوا الی ما قدموا مردوں کو برا مت کہو کیونکہ جو وہ کر گئے تھے اسکو وہ پہنچ گئے میں کہتا ہوں چونکہ مردوں کو برا کہنا زندوں کی رنجیدگی اور اذیت کا سبب ہے اور یہ لغو کام ہے اور نیز بہت سے لوگوں کا حال بجز خدا تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا اس لئے مردوں کے برا کہنے سے منع کی گئی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سبب کو اہل جاہلیت کے ایک مردہ کو برا کہنے اور حضرت عباسؓ کے اسکے سبب سے رنجیدہ ہونے کے قصہ میں اسکا بیان کیا ہے اب رہی یہ بات کہ جنازہ کے آگے چلنے یا پیچھے اور اسکو چار آدمی اٹھا دیں یا دو اور اسکو پیروں کی طرف سے اتاریں یا قبلہ کیطرف سے اس میں تو اختلاف ہے کہ ان سب باتوں میں گنجائش ہے اور ہر ایک حدیث صحیح یا اثر صحابہ وارد ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللحد لنا والشق لغیرنا یعنی ہم لوگوں کے لئے قبر ہے اور غیر ملکوں کے لئے شق ہے میں کہتا ہوں اس کی یہ وجہ ہے کہ لحد میت کی عزت کے مناسب ہے اور بلا ضرورت اسکے اوپر مٹی ڈالنا اس کے ساتھ ایک قسم کی بے ادبی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو اس بات کے لئے بھیجا کہ کوئی تصویر مٹائے بغیر نہ چھوڑیں اور کوئی اونچی قبر برابر کئے بغیر نہ چھوڑیں اور قبر کو پختہ کرنا اور اس پر گنبد وغیرہ بنانا اور اس پر بیٹھنے سے منع فرمایا اور فرمایا کہ قبروں کی طرف نماز مت پڑھو کیونکہ اس ذریعہ سے قبروں کی پرستش کرنی یا حد سے زیادہ تعظیم کرنے کا اور اس کے سبب سے دین میں تحریف ہونے کا احتمال ہے جیسا اہل کتاب نے کیا چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لعن اللہ الیہود والنصاریٰ اتخذوا قبور انبیائہم مساجد یہود و نصاریٰ پر خدا کی لعنت کہ انہوں نے اپنے نبیوں کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا لیا اور قبروں پر بیٹھنے سے جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے تو بعض کے نزدیک

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس سے زیارت کرنیوالوں کا قبروں پر ٹھیرنا مراد ہے اور بعض کے نزدیک قبروں پر پیر رکھنا مراد ہے اور اس تصویر پر یہ حکم آپ نے میت کی عزت کے لحاظ سے دیا ہے پس حق یہ ہے کہ نہ تو مردہ کی اس قدر تعظیم کرے جو شرک کے قریب ہو جائے اور نہ یہ چاہئے کہ اسکی اہانت اور اسکے ساتھ عداوت کرے۔ اور چونکہ میت پر رونا اور اسکے لئے غم کرنا ایک طبعی امر تھا جو ان سے چھوٹ نہیں سکتا اسواسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اتنی زیادتی نہیں کی کہ انکو رونے سے بالکل منع کیا جاتا اور یہ ہونا بھی نہیں چاہئے کیونکہ رونا اور غم کرنا جنس ہونے کے سبب سے رقت پیدا کرتا ہے اور وہ ایک عمدہ صفت ہے کیونکہ لوگوں کا باہم الوف و مانوس ہونا اسپر موقوف ہے اور نیز مزاج انسانی کا بشرطیکہ وہ سالم ہو یہ مقتضی ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انما یرحم اللہ من عبادہ الرحماء خدا تعالے اپنے انہیں بندوں پر رحم فرماتا ہے جو رحم دل ہیں اور فرمایا ہے ان اللہ لا یعذب بدمع العین ولا بحزن القلب ولا کن یعذب بھذا واشار الی لسانہ اور رحم۔ خدا تعالے آنکھوں آنسوؤں اور دل کے غمگین ہونے سے نہیں عذاب دیتا اور زبان کی طرف اشارہ فرما کے ارشاد کیا کہ اسکے سبب سے عذاب دیتا ہے اور فرمایا ہے لیس منا من ضرب الخدود وشق الجیوب ودعا بدعوی الجاہلیۃ جو شخص رخسارے پیٹنے اور گریبان پھاڑے اور جاہلیت کی باتیں اختیار کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے انمیں بھید یہ ہے کہ ان باتوں سے غم ثابت ہوتا ہے اور جسوقت جس کا کوئی مرجاتا ہے وہ بمنزلہ مریض کے قابل علاج کے ہوتا ہے تاکہ اس کا مرض کم ہو اور یہ مناسب نہیں ہے کہ اسکی بیماری بڑھانے میں کوشش کیجاے اور نیز جب اس پر مصیبت پڑ چکی تو وہ اس سے فارغ ہو گیا اب اسکو قصداً اس مصیبت میں نہ پڑنا چاہئے اور نیز اس بیقراری کے بڑھنے میں احتمال ہے کہ خدا تعالے کے حکم پر راضی نہ ہونے کا سبب ہو اور نیز اہل جاہلیت لوگوں پر اپنا ناشکرا پن ظاہر کرنے کیلئے رویا کرتے تھے اور یہ خبیث اور نہایت مضر عادت ہے اسلئے آپ نے انکو اس سے منع کیا اور آپ نے نوحہ کرنیوالی عورت کے باب میں فرمایا ہے تقام یوم القیمۃ وعلیہا سربال من قطران ودرع من جرب میں کہتا ہوں یہ اسلئے ہوا کہ اسکے گناہ نے اس کو گھیر لیا تو اسی صورت میں اسکو سزا دیگئی کہ تمام اسکا بدن بدبو بھرا ہوا ہے اور کھڑی اسلئے کیجائیگی تاکہ لوگوں کو اسکا حال معلوم ہو یا اسواسطے کہ نوحہ اس نے کھڑے ہو کر کیا تھا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اربع فی امتی من امر الجاہلیۃ لا یترکونہن الفخر بالاحساب والطعن فی الانساب والاستسقاء بالنجوم والنیاحۃ چار باتیں میری امت میں جاہلیت کی ایسی ہیں کہ انکو نہ چھوڑینگے میں کہتا ہوں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ان باتوں سے ان لوگوں کا نہ چھوٹنا اسوجہ سے معلوم ہو گیا کہ یہ باتیں طبیعہ بشریہ کی حد سے بڑھ جانے سے پیدا ہوتی ہیں جس طرح حد سے زیادہ شہوت کا ہو جانا کیونکہ نفوس کے اندر ایک قسم کی غیرت و عار ہے جو انساب میں ظاہر ہوتی ہے اور مردوں کے ساتھ جو انکو محبت ہے وہ آدمی کو رونے پیٹنے پر آمادہ کرتی ہے اور ایک نکتہ ہے جس کے سبب سے خواہ مخواہ ستاروں سے بارش چاہتے ہیں لہذا کسی قسم کے لوگ ہوں اہل عرب ہوں یا اہل عجم سب کا یہ دستور ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان عورتوں کے باب میں جو جنازہ کے ساتھ جاتی تھیں فرمایا ہے ارجعن موزورات غیر ماجورات گنہگار ہو کر نہ ماجور ہو کر لوٹ جاؤ۔ میں کہتا ہوں انکو اسلئے منع کیا گیا کہ انکے جانے سے فخر اور رونے پیٹنے اور صبر کے نہ کرنے اور سر کے کھلنے کا احتمال ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے

مجکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ولا یموت لمسلم ثلثۃ من الولد فیلج النار۔ ایسا نہیں ہوتا کہ کسی مسلمان کے تین بچے مرجاویں اور پھر وہ دوزخ میں جاوے۔ میں کہتا ہوں کہ اسکی وجہ یہ ہے کہ اس شخص نے طلب ثواب کرکے اپنے نفس کے ساتھ مجاہدہ کیا ہے اسکے علاوہ اور کئی وجہیں جنکا ہم ذکر کرچکے ہیں انکو وہاں دیکھنا چاہئے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من عزی مصابا فلہ مثل اجرہ جو شخص کسی مصیبت زدہ کی تسلی کرتا ہے تو اسکو بھی مثل اسکے ثواب ملتا ہے میں کہتا ہوں اسکے دو سبب ہیں ایک تو یہ کہ جسقدر مصیبت زدہ کو تعب ہوتی ہے ایسی ہی اس تسلی دینے والے کو اور دوسرے یہ کہ عالم مثال کا مدار معانی مناسبہ کے ظاہر ہونے پر ہے پس مصیبت زدہ کے تعریف کرنے میں مصیبت کی صورت معلوم ہوتی ہے لہذا مثل اسی کے جزا پائیگا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اصنعوا لال جعفر طعاما فقد اتاہم ما شغلہم۔ جعفر کے گھر کو کھانا تیار کرو کیونکہ انکو ایسا حادثہ پیش ہوا ہے جس سے وہ اور کام نہیں کرسکتے۔ میں کہتا ہوں کہ اہل مصیبت کو کھانا کھلانا ہمدردی کا باعث اور بھوک مرنے سے ان کی حفاظت ہے اور بھی آپ نے فرمایا ہے نہیتکم عن زیارۃ القبور فزوروہا میں نے تم کو زیارت کرنے سے منع کردیا تھا مگر اب ان کی زیارت کیا کرو میں کہتا ہوں آپ نے ان کو قبروں کی زیارت سے اسلئے منع فرمایا تھا کہ اس کے سبب سے قبر پرستی کا دروازہ مفتوح ہوتا تھا پھر جب اصول اسلام کو استحکام ہوگیا اور عبادت بغیر اللہ ہونے پر انکے دلوں کو اطمینان ہوگیا اس لئے بعد کو انکے لئے زیارت کرنے کی اجازت دیدی اور اس اجازت دہی کی علت بھی بیان فرمادی کہ اسکا بڑا فائدہ ہے اور وہ یہ ہے کہ قبر کی زیارت کرنے سے موت یاد آتی ہے اور دنیا کے تغیرات سے عبرت حاصل ہونیکا سبب ہے :-

جب قبر کی زیارت کیلئے جاوے تو اہل قبور کے حق میں یہ دعا کرنی آئی ہے السلام علیکم یا اہل الدیار من المومنین والمسلمین وانا انشاء اللہ بکم لاحقون نسال اللہ لنا ولکم العافیۃ۔ اور ایک روایت میں ہے السلام علیکم یا اہل القبور یغفر اللہ لنا ولکم وانتم سلفنا ونحن بالاثر واللہ اعلم۔

اُن احادیث کا بیان جو زکوٰۃ کے باب میں آئی ہیں

معلوم کرنا چاہئے زکوٰۃ میں جن امور کی رعایت کیگئی ہے انمیں سے زیادہ مہتم بالشان دو مصلحتیں ہیں ایک مصلحت کا انجام نفس کا شائستہ کرنا ہے اور وہ یہ ہے کہ نفوس کے اندر بخل پایا جاتا ہے اور بخل بدترین اخلاق میں سے ہے اور آخرت کے اندر نہایت ضرر پہنچانیوالی صفت ہے اور بخیل جب مرجاتا ہے تو اسکا قلب مال کی محبت میں الجھا رہتا ہے اور اسوجہ سے وہ عذاب میں مبتلا رہتا ہے اور جب انسان زکوٰۃ کا عادی ہوجاتا ہے اور بخل کی صفت کو اپنے دل سے دور کردیتا ہے آخرت میں اس سے اسکو بہت نفع پہنچتا ہے اور آخرت کے اندر عذاب تعالیٰ کی فرمانبرداری کے بعد سب اخلاق میں زیادہ تر نافع دل کی سخاوت ہے جسطرح فرمانبرداری سے نفس کے اندر عذاب تعالیٰ کی کبریائی پر اطلاع پانے کی صفت حاصل ہونے کی قابلیت پیدا ہوجاتی ہے اسی طرح سخاوت کیوجہ سے دنیاوی اخلاق رذیلہ سے پاک ہونیکی قابلیت حاصل ہوجاتی ہے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ سخاوت فی الحقیقت ملکیہ کے بہیمیہ پر غالب ہونے اور اسکے

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ملکیت کے رنگ میں رنگ جانے اور اُسکا حکم قبول کر لینے کا نام ہے اور ان اوصاف پر نفس کو ان باتوں سے تنبیہ ہوتی ہے اور اپنی ضرورت کیوقت مال کو خدا کیلئے خرچ کرے اور جو اُسپر ظلم کرے اُسکو معاف کرے اور حوادث کی سختیوں پر برداشت کرے بانیطور کہ آخرت پر یقین رکھنے کیوجہ سے دنیا کی تکلیف اُسکو سہل معلوم ہو اسواسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان سب باتو نکا حکم فرمایا اور جو ان سب میں زیادہ دشوار امر تھا یعنی مال کا صرف کرنا اُسکو چند حدود کے اندر منضبط فرمایا اور نیز قرآن کے اندر بہت سے مقامات میں نماز و ایمان کے ساتھ اُسکا ذکر کیا گیا ہے چنانچہ اللہ پاک نے دوزخیوں کے حال کی حکایت میں فرمایا ہے لم نک من المصلین ولم نک نطعم المسکین وکنا نخوض مع الخائضین یعنی ہم نماز پڑھنے والوں میں سے نہ تھے اور نہ مسکینوں کو کھانا کھلاتے تھے اور بکنے والوں کے ساتھ بکا کرتے تھے اور نیز جب کسی مسکین کو سخت حاجت پیش آتی ہے اور تدبیر الٰہی کا مقتضی ہوتا ہے کہ اُسکی یہ تکلیف اسطرح پر دور کیجائے کہ کسی شخص کے دل کے اندر اُسپر کچھ مال صرف کرنیکا الہام ہو تو یوں ہی ہو کر رہتا ہے یعنی کسی شخص کا دل الہام کے لئے گشادہ ہو جاتا ہے اور اُسکے سبب سے ایک روحانی انکشاف ہوتا ہے اور رحمت الٰہی کے نازل ہونے کا سبب اور اُسکے نفس کی تہذیب میں نہایت نافع ہوتا ہے اور احکام شرعیہ کے اندر جو لوگونکی طرف بالاجمال الہام متوجہ ہوتا ہے الہام کے فوائد میں الہام تفصیلی سے وہ کم درجہ کا ہوتا ہے اور نیز مزاج سلیم کی سرشت میں اپنے بجنس کے ساتھ ہمدردی داخل ہوتی ہے اور ایسی خصلت ہے جسپر بہت سے اخلاق جن کا انجام لوگونکے ساتھ خوش معاملگی ہوتا موقوف ہوتے ہیں جس شخص میں ہمدردی نہیں ہوتی اُسکے اندر نہایت نقصان ہوتا ہے جسکی اصلاح اُسپر واجب ہے اور نیز صدمات گناہوں کے دور ہونے اور برکات کے زیادہ ہونے کا اسباب ہوتی ہیں چنانچہ سابقاً ہم بیان کر چکے ہیں۔

اور دوسری مصلحت شہر کے حق میں ہے اور وہ یہ ہے کہ شہر کے اندر لامحالہ تر جسم کے لوگ ناتوان اور حاجتمند وغیرہ ہوتے ہیں اور یہ حوادث آج ایک پر اور کل دوسرے پر ہوتے رہتے ہیں پس اگر فقرا اور اہل حاجت کا طریقہ انہیں نہ پا جائے تو ضرور وہ لوگ ہلاک ہو جاویں اور بھوکے مر جاویں اور نیز شہر کے انتظام کیلئے ایسے مال کا ہونا ضروری ہے جسکے اندر اُسکے محافظین اور مدبرین اور حکام کی معاش کا مدار ہو اور چونکہ وہ لوگ اُس شہر کے کارکن اور اُسکے حق میں نفع پہنچانیوالے ہیں اور اُسکے سبب سے کچھ اور روزگار نہیں کر سکتے لہذا ضروری ہوا کہ اُنکی معاش اُس شہر سے حاصل کی جاوے اور خاص خاص لوگ اُنکی خرچ کے بسہولت سکفل نہیں ہو سکتے یا تحمل ہی نہیں کر سکتے اسلئے ضروری ہوا کہ رعایا کے مال میں سے کچھ حصہ لینا مقرر کیا جاوے چونکہ اس سے زیادہ سہل تر مصلحت کے موافق کوئی طریقہ نہ تھا کہ ایک مصلحت کو دوسری مصلحت کو شامل کر دیا جاوے لہذا شارع نے ایک کو دوسرے میں داخل کر دیا پھر اسبات کی ضرورت پڑی کہ ہر طرح کے مال کے لئے زکوٰۃ کی مقدار مقرر کیجاوے اسلئے کہ اگر مقدار مقرر نہ ہوتی تو جو کمی سے دینا چاہتا تو وہ کمی سے دیسکتا تھا اور جو زیادتی سے لینا چاہتا وہ زیادتی سے لیسکتا تھا اور نیز یہ بات بھی ضروری تھی کہ اُسکی مقدار زیادہ نہ مقرر کی جائے کہ اُسکے دینے سے انکو بار نہ گذرے اور اُسکے بخل کی صلاح نہ ہو اور نہ اسقدر زیادہ مقرر کی جائے کہ اُسکا ادا کرنا اُنپر گراں نہ ہو اور نیز اُسکے ادا کرنے کی ایک مدت مقرر کیجائے جسمیں سب لوگوں سے زکوٰۃ وصول کر سکیں اور نیز یہ بات بھی ضروری تھی

مکتبہ دارالسلام وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ وہ مدت بہت کم نہ ہو کہ جلد جلد انکو زکوۃ دینی پڑے اور اُسکا ادا کرنا انکو دشوار ہو اور نہ وہ مدت اسقدر دراز ہو کہ اسکے ادا کرنے سے انکا محل کچھ کم نہ ہو اور محتاج لوگ اور محافظین بعد انتظار شدید کے تمتع اٹھا سکیں اور مصلحت کے مناسب اس سے زیادہ کوئی مناسب صورت نہیں ہے کہ زکوۃ کے لینے میں وہ قانون مقرر کیا جائے بادشاہ اول اپنی رعایا سے اُس قانون کو برتتے رہے ہیں اور لوگ اُسکے عادی ہو رہے ہیں کیونکہ جس چیز کے عُم و عرب عادی ہیں اور وہ بمنزلہ ضروری چیز کے ہو گئی ہے جس کے سبب سے وہ تنگدل نہیں ہوتے اور لوگوں نے اُسکو ایسا مان لیا ہے کہ اُنپر اُسکا بار نہیں ہے اُس سے لوگوں کو مکلف کرنا ہم کی شان کے مناسب اور اُنکے قبول کرنے کے قریب ہے اور جن ابواب کی ملوک عادہ عادی ہیں اُنپر وہ گراں نہیں ہے اور سب کی عقل نے اُنکو تسلیم کر لیا ہے وہ چار باب ہیں اوّل توبہ کہ اموال نامیہ میں سے زکوۃ لیجائے کیونکہ اُن اموال کو حفاظت کی زیادہ ضرورت ہے کیونکہ اُنکا بڑھاؤ بیرون شہر کی آمد و رفت پر ہے اور نیز اُنمیں سے زکوۃ لینا اُنکو بھی آسان ہے اسلئے کہ ہر وقت اُس مال کا بڑھاؤ اُنکو معلوم ہوتا رہتا ہے تو اُس سے زکوۃ کا دینا اُن کو آسان ہے اور جو مال بڑھتے رہتے ہیں اُنکی تین قسمیں ہیں ایک تو مویشی جو جنگل میں چرتے ہیں اور انکی نسلیں بڑھتی رہتی ہیں دوسری زراعت تیسری تجارت۔ دوسرے زکوۃ اُن لوگوں سے جو متمول اور صاحب خزانہ ہیں لیجائے اسلئے کہ اُنکو اس بات کی بڑی حاجت ہے کہ چوروں اور ٹھگوں سے اپنے مالوں کی حفاظت کریں اور اُنکو اور اخراجات لاحق ہوتے رہتے ہیں اسلئے اُنپر بھی بار نہیں ہے کہ اُنکے اخراجات کے ساتھ زکوۃ داخل کی جائے اور تیسری زکوۃ اُن اموال سے لیجائے جنکو وہ مال بلا مشقت و محنت حاصل ہوتا ہے مثل دفینوں زمانہ جاہلیت اور جواہر جو دشمنوں سے ہاتھ لگتے ہیں تو ایسے مال بمنزلہ غنیمت کے اُنکو حاصل ہوتے ہیں تو ایسے لوگوں کو اُسمیں سے زکوۃ کا دینا آسان ہے چوتھے یہ ضرور ہے کہ پیشہ وروں پر ٹیکس مقرر کیا جائے اسلئے کہ پیشہ ور لوگ مخلوق میں عام اور بکثرت ہوتے ہیں اور جب ہر ایک سے تھوڑا تھوڑا وصول کیا جائیگا تو اُنکو اُسکا ادا کرنا آسان ہوگا اور فی نفسہ وہ مال کثیر ہوگا اور جو کہ دور کے شہروں سے تجارتوں کا جاری رہنا اور کھیتوں کا کٹنا اور پھلوں کا توڑا جانا سزاوار ہوا کرتا ہے اور زکوۃ کی قسموں میں یہ ایک قسم سب میں بڑی ہے اسلئے ان چیزوں کے لئے ایک سال کی مدت مقرر کیگئی اور نیز ایک سال میں ہر ایک قسم کی فصلیں شامل ہوتی ہیں جنکے طبائع مختلف ہیں اور نیز اس سے ایک سال میں مال کے بڑھنے کا بھی احتمال ہوتا ہے اسلئے ایک سال کی مدت اس قسم کے اندازوں کے لئے مناسب ہے اور نیز مصلحت کے اعتبار سے زیادہ آسان اور موافق صورت یہ ہے کہ جس قسم کا مال ہو اُسی قسم میں سے زکوۃ لی جائے اسلئے اونٹوں کے دانگ میں سے اُنٹنی لیجاتی ہے اور گایوں کے گلہ اور بکریوں کے ریوڑ میں سے گائے اور بکری لیجاتی ہے پھر یہ ضرور ہے کہ مثال اور تقسیم اور تلاش سے اس قسم کے اموال معلوم کئے جائیں تاکہ اُن کے ذریعہ سے جامع اور مانع اُنکی تعریفیں ہو سکیں مگر شہروں میں مویشی اونٹ گائے اور بکریاں ہوتی ہیں اور انعام کے لفظ میں وہ سب آجاتی ہیں اور گھوڑوں کے گلے اکثر جگہ نہیں ہوا کرتے اور اُنکی نسلیں بعض بعض ملکوں میں مثل ترکستان کے اور کہیں زیادہ نہیں ہوا کرتی ہیں اور کھیتیاں اُن ناجوں اور پھلوں کو کہتے ہیں جو پورے سال بھر تک باقی رہ سکیں اور جو سال بھر تک نہ رہیں تو اُنکا نام ترکاریاں ہیں اور تجارت اس کا نام ہے کہ کوئی چیز اس ارادہ سے خرید

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیجائے کہ اسمیں نفع ہو اسلئے کہ جو شخص بیہبا ورثہ سے کسی چیز کا مالک ہوجاوے اور اتفاقاً وہ اُس کو فروخت کرے اور اُسمیں نفع ہوجاوے اُسکو تاجر نہیں کہا کرتے اور خزانے سونے چاندی کی ایک مقدار کثیر کو کہتے ہیں جو مدت دراز تک محفوظ حالت میں رہے دس درم یا بیس درم کو اگرچہ وہ برسوں تک باقی رہیں خزانہ نہیں کہہ سکتے ایسے ہی علاوہ سونے چاندی کے اور سرمایوں کا نام بھی خزانہ نہیں ہے گو وہ کتنے ہی ہوں اور جو چیز ہمیشہ وشام آتی جاتی رہے اور وہ مستقل طور پر نہ ہو اُسکو خزانہ نہیں کہتے یہ تمام مقدمات باب زکوٰۃ میں مسلم قاعدوں کے مرتبہ میں قرار دیے گئے ہیں پھر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قصد فرمایا کہ ان اشیا میں سے جنمیں شبہ اور ابہام تھا اُسکو اُن تعریفوں کے ساتھ منضبط فرمادیں جو عرب میں مشہور تھیں اور ہر باب میں اہل عرب نے اُنکا استعمال کیا تھا۔

سخاوت کی فضیلت اور بخل کی برائی کا بیان

اب اس بات کی حاجت ہوئی کہ امور مذکورہ بالا کے بعد خرچ کرنے کے فضائل اُنکی طرف ترغیب بیان کیجائے تاکہ دلی رغبت اور دلی سخاوت سے وہ خدا کی راہ میں خرچ کریں اور زکوٰۃ کی روح یہی ہے اور جس اصلاح سے نفس کی تہذیب حاصل ہوتی ہے اُس کا مدار اسی سخاوت اور رغبت پر ہے اور نیز اس بات کی حاجت ہوئی کہ بخل کی برائیاں اور دنیا سے بے رغبتی کا حال بیان کیا جائے اسواسطے کہ زکوٰۃ نہ دینے والے کیلئے اصل نقصان کا منشا دنیا میں بھی ٹوٹے کی حالت میں ہے اور آخرت میں بھی؛ دنیا میں تو یہ خدا تعالےٰ کا ایک فرشتہ اُسکے لیے خرچ کرنیوالے کے حق میں یہ دعا کرتا رہتا ہے اللھم اعط منفقا خلفا۔ اے اللہ خرچ کرنیوالے کو اُسکے بدلہ میں اور دے اور جو شخص کنجوس ہوتا ہے اُس کے لئے دوسرا فرشتہ یہ بددعا کرتا رہتا ہے اللھم اعط ممسکا تلفا خدایا کنجوس کو کھودے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اتقوا الشح فان الشح اہلک من قبلکم۔ الحدیث بخل سے بچو کیونکہ تم سے پہلے لوگوں کو بخل نے تباہ کردیا اور فرمایا ہے ان الصدقۃ تطفی غضب الرب یقیناً صدقہ پروردگار کے غضب کو فرو کرتا ہے اور فرمایا ہے ان الصدقۃ تطفی الخطیئۃ کما تطفی الماء النار صدقہ گناہ کو اس طرح بجھا دیتا ہے جسطرح پانی آگ کو بجھا دیتا ہے اور فرمایا ہے فان اللہ یتقبلھا بیمینہ ثم یربیھا لصاحبھا الحدیث پس خدا تعالےٰ اُسکو اپنے داہنے ہاتھ میں قبول فرماتا ہے اور پھر دینے والے کیلئے اُسکی پرورش فرماتا رہتا ہے میں کہتا ہوں اس سب کا بھید یہ ہے کہ ملاء اعلےٰ میں جو نبی آدم کی اصلاح حال کیلئے دعا کرتے رہتے ہیں اور جو شخص شہر کے یا صرف اپنی ہی ذات کی اصلاح میں کوشش رکھتا ہے اُسکے لئے رحمت ہوتی رہتی ہے خدا کی راہ میں خرچ کرنے سے وہ دعا اور رحمت اس خرچ کرنیوالے کیطرف جھک پڑتی ہے اور اُسکی وجہ سے ملاء سافل و بنی آدم کے قلوب میں اس بات کا القا ہوتا ہے کہ اُسکے ساتھ سلوک کریں اور وہ رحمت اُسکے گناہوں کے دور ہوجانے کا سبب ہوجاتی ہے اور خدا تعالےٰ کے اُس صدقہ کو قبول فرمانے کے معنی یہ ہیں کہ عالم مثال میں اس عمل کی صورت اُس شخص کے نام سے پیدا ہوجاتی ہے اور پھر ملاء اعلےٰ کی دعاؤں اور خدا تعالےٰ کی رحمت سے اُس صورت کو نشو و نما ہوتا رہتا ہے آخرت میں زکوٰۃ نہ دینے والے کے لئے یہ نقصان ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من صاحب ذہب

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ولا فضة لا یودی منها حقها الا اذا کان یوم القیمة صفحت لہ صفائح ۔ الحدیث ۔ کوئی سونے والا اور چاندی والا جو اسمیں سے حق نہیں نکالتا ہے اس سے نہیں چھوٹ سکتا کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو اسکے لئے پتر بنائے جائینگے یہ حدیث تک اور فرمایا ہے مثل لہ شجاعا اقرع ۔ اسکا مال اسکے لئے اقرع سانپ بنجائیگا ۔ اور اونٹ اور گائے اور بکری میں بھی اسی کے قریب قریب آپ نے فرمایا ہے میں کہتا ہوں زکوۃ نہ دینے والوں کے لئے اس قسم کی سزا ہونے کے دو باعث ہیں ایک تو اصلی سبب ہے دوسرا اسکے لئے بمنزلہ تاکید کے ہے وہ سبب یہ ہے کہ جس طرح ایک صورت ذہنیہ دوسری کو کوشش کرتی ہے جسطرح خیالات کے سلسلہ میں ایک خیال سے دوسرا خیال پیدا ہوتا چلا جاتا ہے یا جسطرح ذہن کے اندر ایسی ایک صورت کا پایا جانا کہ جسکا تصور دوسری صورت کے تصور پر موقوف ہے اس موقوف علیہ کے تصور کو مستلزم ہوتا ہے مثلاً باپ ہونا اور بیٹا ہونا جیسے منی کے ظروف کا منی سے بھر جانا اور پھر قوائے فکریہ کے اندر اسکے بخارات کا چڑھنا نفس اس بات کی حرکت پیدا کر دیتا ہے کہ خواب میں عورتوں کی صورتوں کا مشاہدہ کرے یا جیسے دماغ کے اندر تاریک بخارات کے بھر جانے سے نفس کے اندر ان چیزوں کی صورتیں پیدا کر دیتا ہے جو لوگوں کو ایذا دینے والی اور ہولناک ہوتی ہیں مثلاً انتھی کی صورت اسی طرح جب نفس پر قوۃ مثالیہ کا فیضان ہوتا ہے قوائے نفسہ اور ارکات کا مقتضی ہوتا ہے کہ بخل کی صورت اسکے سامنے مال کی صورت میں ظاہر ہو اور پھر اس صورت سے اسکے نہ دینے اور اسکی نگرانی میں بہت رنج اور تکلیف اٹھانے کی صورت ظاہر ہو اور اسکے قوائے فکریہ پورے طور پر اس خیال سے بھر جاویں اور جس طرح ان چیزوں سے تکلیف پہونچانے کا طریقہ خدا تعالےٰ نے جاری کیا ہے اسی طریقہ سے اسکو تکلیف پہونچے مثلاً سونے اور چاندی سے تکلیف پہونچنے کی صورت یہ ہے کہ اس سے داغ لگایا جاوے اور اونٹ سے تکلیف پہونچنے کی یہ صورت ہے کہ وہ اسکو پیروں کے تلے دابے اور کاٹے اور علیٰ ہذا القیاس اور چونکہ ملاء اعلےٰ کو اس بات کا علم ہے اور بندوں پر زکوۃ دینا انہیں مقرر ہو گیا ہے اور نفوس بشریہ کا ان چیزوں سے ایذا پانا ملاء اعلےٰ کو معلوم ہے اس سبب سے میدان حشر میں اس صورت کا فیضان ہوتا ہے اور سانپ کی صورت اور بچھوؤں کی صورت کے ظاہر ہونے میں یہ فرق ہے کہ سانپ کی صورت اس شخص کیلئے ظاہر ہوگی جسے اجالا مال کی محبت کا غلبہ ہے اسلئے یا تو خود مال ہی اسی ایک چیز کی صورت میں ظاہر ہو جاویگا یا اسکے دل کو مال کی محبت کا طوق کیطرح گھیر لینا اور دل کا اس سے اذیت پانا نہایت زہریلے سانپ کے ڈسنے کی صورت میں ظاہر ہوگا اور دوسری صورت ایسے شخص کے لئے ظاہر ہوگی جس کو سونے چاندی کی صورت سے محبت ہے اور اسکی حفاظت میں اپنی جان کھوتا رہا ہے اور اس کے قوائے فکریہ دینار و درہم کی صورت سے بھرے ہوئے ہیں وہ صورتیں اسکو کئی بڑی بڑی صورتوں میں ظاہر ہو کر جب اسکے عذاب کا ہونگی اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے السخی قریب من اللہ یعنی سخی آدمی خدا تعالےٰ کے نزدیک ہے جنت کے نزدیک ہے لوگوں کے نزدیک ہے آگ سے بعید ہے اور بخیل خدا تعالےٰ سے بعید ہے جنت سے بعید ہے لوگوں سے بعید ہے آگ سے نزدیک ہے اور جاہل سخی خدا تعالےٰ کو عابد بخیل سے پیارا ہے ۔ میں کہتا ہوں خدا تعالےٰ سے نزدیک ہونا یہ ہے کہ وہ شخص خدا تعالےٰ کی معرفت اور حجاب

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نفسانی کے دور ہوجانے کی قابلیت رکھتا ہے اور جنت سے نزدیک ہونا یہ ہے کہ وہ شخص صفات رذیلہ کو جو قوت ملکی کے بالکل منافی ہیں چھوڑ کر اس بات کی قابلیت رکھتا ہے کہ اسکی قوت بہیمی جو ان صفات کا محل تھی قوت ملکی کے رنگ میں رنگ جاے اور لوگوں سے نزدیک ہونا یہ ہے کہ اس سے وہ محبت کرتے ہیں اور کوئی اسکو نہیں چھیڑتا کیونکہ اکثر لڑائی جھگڑے بخل اور حرص پر ہی مبنی ہوا کرتے ہیں۔ چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان الشح اہلک من کان قبلکم حملھم علی ان یسفکوا دماءھم ویستحلوا محارمھم۔ حرص نے تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کر دیا اسی نے انکو اس بات پر آمادہ کیا کہ باہم خونریزی کریں اور اپنے محارم کو حلال سمجھیں۔ اور جاہل سخی خدا تعالےٰ کو عابد بخیل سے اسواسطے پسند ہے کہ جب دل سخاوت سے کوئی چیز دیجانے تو اس کا اثر بہ نسبت اسکے زیادہ ہوتا ہے کہ دباؤ سے اور مجبور ہو کر کچھ دیا جائے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قتل الجہل والمتصدق قتل رجلین علیہما جنتان۔ الحدیث بخیل اور سخی کا حال ان دو شخصوں کا سا ہے کہ ان پر لوہے کی دو دو زرہیں ہوں اخیر حدیث تک میں کہتا ہوں اس حدیث میں سخاوت اور بخل کی حقیقت اور انکی روح کی طرف اشارہ ہے اسلئے کہ جب انسان کو خرچ کرنے کے اسباب لاحق ہوجاتے ہیں اور وہ خرچ کرنا چاہتا ہے تو وہ شخص اگر سخی اور دلچلا ہے تو اسکے دل میں ایک روحانی مسرت اور مال کے بوجھ سے ایک قسم کا غلبہ پیدا ہوتا ہے اور اس وقت اسکی آنکھوں کے سامنے حقیر اور ذلیل معلوم ہونے لگتا ہے اور اسکو اسکا چھوڑنا آسان ہوتا ہے بلکہ اسکے چھوڑنے میں اسکو ایک قسم کی راحت معلوم ہوتی ہے اور نفس کو صفات رذیلہ بہیمیہ کے ساتھ جو کچھ تعلقات ہوتے ہیں اور وہ صفات اسکے اندر منقش ہوجاتے ہیں ان صفات کے چھوڑنے میں اس خصلت کو بہت دخل ہوتا ہے اور وہ آدمی بخیل ہوتا ہے تو خرچ کرنے کے وقت میں مال کی محبت میں اسکا دل مستغرق ہوجاتا ہے اور اسکی آنکھوں کے سامنے مال کی محبت متمثل ہوجاتی ہے اور اسکی محبت اسکے قلب کو دبا لیتی ہے جس کے سبب سے وہ رہائی نہیں پاسکتا اور صفات دنیہ کے نفس کے اندر جم جانے اور انکے اندر الجھانے کا یہ خصلت بخل نہایت قوی سبب ہے اس تحقیق سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول کے معلوم کر لینے چاہئیں لا یدخل الجنۃ خبٌ ولا بخیل ولا منان یعنی جنت میں نہ داخل ہوگا چغلخور اور نہ بخیل اور نہ احسان جتلانے والا اور نیز اس قول کے لا یجتمع الشح والایمان فی قلب عبد اسی بندہ کے دل میں ایمان اور بخل نہ جمع ہوگا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے للجنۃ ابواب ثمانیۃ الحدیث جنت کے آٹھ دروازے ہیں میں کہتا ہوں کہ جنت درجہ میں ان امور سے راحت پانے کا نام ہے جنکا عالم بالا سے نفس پر ترشح ہوتا رہتا ہے مثل رضامندی اور موافقت اور تسلی وغیرہ چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے ہی رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ بھر خدا کی رحمت میں ہو کر انمیں ہمیشہ رہینگے اور اسکے خلاف میں فرماتا ہے اولئک علیہم لعنۃ اللہ والملائکۃ والناس اجمعین خلدین فیہا۔ وہی لوگ ہیں جن پر خدا تعالےٰ اور فرشتوں اور انسانوں کی لعنت ہے اور ہمیشہ وہ اسمیں رہینگے اور بہیمی تاریکیوں سے اسی خلق کے راستہ سے نفس باہر آسکتا ہے جس کے اعتبار سے ملکیہ کا غالب ہونا اور بہیمیہ کا مغلوب ہونا نفس کی سرشت میں داخل ہے اب بعض نفوس کے اندر خشوع اور طہارت کی صفت کے اعتبار سے ملکیہ کو غلبہ ہوتا ہے اور اسکی خاصیت یہ ہے کہ اس شخص کو نماز میں پورا حظ حاصل ہوتا ہے اور کسی نفس میں سماحت کی صفت سے قوۃ ملکیہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو غلبہ ہوتا ہے اور اسکی یہ خاصیت ہوتی ہے کہ اس شخص کو صدقات کے دینے اور ظالموں سے درگذر کرنے اور مسلمانوں کیساتھ تواضع کرنے میں باوجود اپنی عزت کے اسکو نہایت شوق ہوتا ہے یا شجاعت کی صفت کے اعتبار سے یہ کہ اسکو غلبہ ہوتا ہے پس جب بندوں کی اصلاح کے متعلق تدبیر الٰہی کا نفوس میں القا ہوتا ہے اور اول اس القا کو شجاعت کی صفت قبول کرتی ہے اور وہ شخص جہاد سے پورا حصہ لیتا ہے یا اسکا نفس ان لوگوں کے نفوس میں سے ہوتا ہے جنکے قوی ہمیشہ برکمیں ہم کشاکشی رہتی ہے اور پھر اس کے دل میں بات کا الہام پیدا ہوتا ہے یا اسکو اپنے نفس پر اس بات کا تجربہ حاصل ہوتا ہے کہ روزہ رکھنے اور اعتکاف کرنے سے قوت بہیمی پست ہو جاتی ہے اور اس ترکیب سے اسکی تاریکیوں سے نفس کو نجات حاصل ہو سکتی ہے اس سبب سے وہ شخص ان باتوں کو نہایت شوق سے سنکر لیتا ہے انکے عمل میں لانے کی کوشش کرتا ہے اور پھر باب الریان سے اس کو پورا پورا بدلہ دیا جاتا ہے یہ ذہبی دروازے ہیں جنکی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں تصریح فرمائی ہے اور غالبا علماء راسخین کا دروازہ اور مصیبت زدہ اور فقراء کا دروازہ اور انصاف کا دروازہ بھی انہیں میں ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان سات شخصوں کے اندر جنکو خدا تعالیٰ نے اپنے سایہ میں داخل کریگا امام عادل کا بھی ذکر فرمایا ہے اور اسکی شناخت یہ ہے کہ اس شخص کو لوگوں کے اندر باہم محبت پیدا کرنے میں بڑی کوشش رہتی ہے اور توکل کرنے اور بدشگونی پر عمل نہ کرنے کا دروازہ بھی انہیں میں ہے اور ان ابواب میں سے ہر باب کے متعلق بہت سی احادیث مشہورہ وارد ہوئی ہیں الحاصل نفس کے رحمت الٰہی میں داخل ہونے کے یہ بڑے بڑے عالیشان دروازے ہیں اور حکمت الٰہی کا مقتضیٰ ہے جنت کے بھی جسکو خدا تعالیٰ نے بندوں کے لئے پیدا کیا ہے ان دروازوں کے مقابل میں آٹھ دروازے ہوں اور جو لوگ بڑے بڑے کاملین اور سابقین میں سے ہیں وہ دو دو اور تین تین اور چار چار دروازوں میں سے احسان کی چہار دیواری میں آمد و رفت رکھتے ہیں لہذا قیامت کے روز بھی وہ جنت کے کئی کئی دروازوں سے بلائے جائینگے چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسکا وعدہ کیا گیا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ جو فرمایا ہے کہ جو شخص خدا تعالیٰ کی راہ میں کسی چیز کا جوڑا خرچ کریگا جنت کے دروازوں سے بلایا جائیگا اسکے یہ معنی ہیں کہ اسکے بعض دروازوں سے بلایا جائیگا زیادتی اہتمام کے لحاظ سے اسکو ذکر کے اندر خاص کیا ہے۔

زکوٰۃ کی مقدار کا بیان

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لیس فیما دون خمس ذود من الابل صدقۃ ولیس فیما دون خمسۃ اوساق من التمر صدقۃ ولیس فیما دون خمسۃ اواق من الورق صدقۃ ولیس فیما دون خمس ذود من الابل صدقۃ۔ پانچ وسق سے کم چھاروں میں صدقہ نہیں ہے اور نہ پانچ اوقیہ سے کم چاندی میں صدقہ ہے اور نہ پانچ اونٹوں سے کم میں صدقہ ہے میں کہتا ہوں غلہ اور چھاریں پانچ وسق کی مقدار آپ نے اسواسطے مقرر فرمائی ہے کہ یہ مقدار چھوٹے سے چھوٹے کنبے کو ایک سال تک کافی ہو سکتی ہے سواسطے کہ کم سے کم گھر میں ایک خاوند اور ایک بیوی اور ایک خدمتگار یا انکا ایک بچہ ہوتا ہے اور بوا سکے قریب قریب ہو وہ بھی اس عیال سے ہے اور اکثر ایک آدمی کی خوراک ایک رطل یا ایک مد کی ہوتی ہے پس اس حساب سے اگر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شخص نہیں سے اسقدر کھاوے تو ایک سال کیلئے یہ مقدار کافی ہو سکتی ہے اور کچھ آنکے وقت بیوقت یا مان خورش کیلئے باقی رہ سکتا ہے اور چاندی کی مقدار پانچ اوقیہ اسواسطے مقرر کی کہ یہ مقدار بھی چھوٹے سے چھوٹے کنبہ کو بشرطیکہ اکثر ملکونمیں غلہ کا نرخ قریب قریب ہو پورے ایک سال کیلئے کافی ہو سکتی ہے اور معتدل ملکوں میں تلاش کرنے سے لوگونکی عادات کا گرانی اور ارزانی میں یہ حال معلوم ہو سکتا ہے اور اونٹ کی تعداد پانچ مقرر کی گئی اور ان پانچ کی زکوۃ ایک بکری واجب کی گئی اگرچہ فی الحقیقت جس جنس کا مال ہو اُسی قسم کا مال زکوۃ میں لینا چاہئے اور نیز زکوۃ کی نصاب ایک مقدار کثیر مقرر کرنی چاہئے اسکی وجہ یہ ہے کہ اونٹ سب مواشی میں عظیم الجثہ اور بڑا نفع پہونچانیوالا جانور ہے چاہے اسکو ذبح کر کے کھاؤ چاہو سوار ہو چاہے دودھ پیو چاہے اُس سے بچے لو اور اسکے بال اور کھال سب کام میں آتی ہے اور بعض لوگ صرف تھوڑی سی ٹہنیاں پال لیتے تھے اور دانگ کا کام اُنسے لیا کرتے تھے اور اُس زمانہ میں ایک اونٹ دس اور کوئی آٹھ اور کوئی بارہ بکریوں کے برابر سمجھا جاتا تھا جیسا کہ بہت سی احادیث میں وارد ہوا ہے اس واسطے پانچ اونٹ بکریوں کی ادنے نصاب کے برابر سمجھے گئے اور ایک بکری انکی زکوۃ مقرر کی گئی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لیس علی المسلم صدقۃ فی عبدہ ولا فرسہ مسلمان پر اسکے غلام اور گھوڑے میں صدقہ نہیں ہے میں کہتا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ غلاموں کو پیداوار بڑھانے کی غرض سے جمع کرنے کا دستور نہیں ہے اور اسی طرح اکثر ملکوں میں گھوڑونکے اندر قابل اعتبار بڑھاؤ نہیں ہوتا جس کا مویشی کے بڑھاؤ کے لحاظ سے اعتبار کیا جاوے لہذا اونٹ اور گھوڑا اموال نامیہ میں داخل نہیں ہے مگر جبکہ تجارت کی غرض سے انکو پالا جاوے۔

حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر بن الخطاب اور حضرت علی بن ابیطالب اور حضرت ابن مسعود اور حضرت ثمرو بن حزم وغیرہم رضی اللہ عنہم کی روایت سے ثابت ہوتا ہے بلکہ تمام مسلمانوں میں یہ بات متواتر ہے کہ پانچ اونٹ کی زکوۃ چوبیس تک ایک بکری ہے اور پچیس اونٹ کی پینتیس تک بنت مخاض (وہ بچہ جو ایک برس سے ٹلکر دوسرے میں پاؤں رکھے ہے اور چھتیس سے پینتالیس تک بنت لبون (وہ بچہ جو تیسرے برس میں ہو) ہے اور چھیالیس سے ساٹھ تک حقہ (وہ بچہ جو چوتھے برس میں ہو) اور اکسٹھ سے پچھتر تک جذعہ ہے (وہ بچہ جو پانچویں برس میں شروع ہوا اور چھہتر سے نوے تک دو بنت لبون ہیں اور اکیانوے سے اکیسو بیس تک دو حقے ہیں اور اکیسو بیس سے آگے ہر چالیس اونٹوں پر ایک بنت لبون اور ہر پچاس پر ایک حقہ ہے میں کہتا ہوں کہ اصل اسمیں یہ ہے کہ جب اونٹوں کی دانگوں پر اونٹنیوں کا تقسیم کرنا پایا تو چھوٹی اونٹنی کے چھوٹے دانگ کے لئے اور بڑی کو بڑے کے لئے انصاف کے اعتبار سے مقرر کیا اور دانگ کا اطلاق انکے عرف میں بیس سے زیادہ پر ہوتا ہے اسلئے پچیس سے اسکو منضبط کیا پھر ہر دہائی پر عمر کی زیادتی کو لحاظ کیا گیا جسمیں عرب کی رغبت بہت زیادہ ہوتی ہے اس لئے ہر پندرہ میں اُس زیادتی کو مقرر کیا اور صحابہؓ کی روایت سے یہ بات بھی معلوم ہوتی ہے کہ بکریوں کی زکوۃ چالیس سے ایک سو بیس تک میں ایک بکری ہے اور اُس سے آگے دو سو تک دو بکریاں ہیں اُس کے بعد تین سو تک تین بکریاں بعد ازاں ہر سیکڑے پر ایک بکری ہے میں کہتا ہوں کہ بکریوں کا گلہ تھوڑا بھی ہوتا ہے اور زیادہ بھی ہوتا ہے اُس کے گلوں میں بہت سا فرق ہوتا ہے کیونکہ بکریوں کا پالنا آسان ہے اور ہر شخص اپنی گنجائش کے موافق پال سکتا ہے اسلئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے چھوٹے گلہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا اندازہ چالیس بکریوں کے ساتھ کیا اور بڑے کا اس مقدار سے سو چند پر اور پھر ہر بکری سے پر حساب کی آسانی کیلئے ایک بکری کو مقرر کیا اور حضرت معاذؓ سے گائے بیل کی زکوٰۃ میں حدیث صحیح مروی ہے کہ ہر تیس میں ایک سال کا بچھڑا یا بچھیا ہے اور ہر چالیس میں دو برس کا بچھڑا یا بچھ ہے اور یہ اسلئے ہے کہ گائے بیل کی جنس اونٹ اور بکری کے درمیان میں ہے اس لئے اسمیں دونوں کی مشابہت کا لحاظ کیا گیا اور احادیث سے یہ بھی بات ثابت ہوتی ہے کہ چاندی کی زکوٰۃ چالیسواں حصہ ہے پھر صرف اگر اکیسو نوے درم چاندی ہے تو اس پر کچھ بھی زکوٰۃ نہیں کیونکہ سونا چاندی جملہ اموال میں نفیس مال ہے جس کے اندر مقدار کثیر صرف کرنے سے لوگوں کو ضرر پہنچنے کا احتمال ہے اسلئے سب قسموں کے اموال سے اسکی زکوٰۃ کا کم ہونا مناسب ہوا اور سونا بھی چاندی پر قیاس کیا گیا ہے اور اس زمانہ ایک اشرفی دس درہم کو بھنائی جاتی تھی اسلئے سونے کے نصاب بیس مثقال ہے۔ ماشہ مقرر کیگئی اور جن کھیتوں نے بارش یا چشموں کے پانی سے پرورش پائی ہے یا وہ عشری ہے اسپر دسواں حصہ واجب ہے اور جن کھیتوں کو ہاتھ سے پانی دیا جاتا ہے اسپر بیسواں حصہ مقرر کیا گیا ہے کیونکہ جنمیں محنت کم ہوتی ہے اور پیداوار زیادہ ہوتا ہے اسپر لگان زیادہ ہونا چاہئے اور جسمیں محنت زیادہ ہے اور پیداوار کم ہے اسکے لگان میں تخفیف مناسب ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے انگور اور چھواروں کے تخمینہ کرنے میں فرمایا ہے دعوا الثلث فان لم تدعوا الثلث فدعوا الربع یعنی ثلث کو چھوڑ دو اور اگر ثلث کو نہ چھوڑو تو ربع چھوڑ دو میں کہتا ہوں اہل زراعت کے ہرج دور کرنے کے سبب سے آپ نے تخمینہ کو مقرر فرمایا ہے کیونکہ وہ لوگ کچھ کچا کچھ پکا کھانا چاہتے ہیں اور نیز صدقہ قبول کرنیوالوں کو بھی اس وجہ سے وقت جاتی رہے کیونکہ وہ نہایت وقت سے پھلوں کی حفاظت کر سکتے ہیں اور چونکہ تخمینہ میں کمی وبیشی کا احتمال ہوتا ہے اور زکوٰۃ میں تخفیف مناسب ہے اور جو چیز تجارت کی غرض سے جمع کیجاوے بجز قیمت کے اسکا اندازہ نہیں ممکن ہے اس لئے فقہ کے زکوٰۃ پر اسکا قیاس کرنا ضروری ہوا اور دفینہ کے اندر خمس (پانچواں حصہ) ہے اسلئے کہ اسکو ایک طرح سے مال غنیمت سے مشابہت ہے اور ایک طرف سے صفت میں داخل ہے اسلئے اسکی زکوٰۃ پانچواں حصہ مقرر کی گئی اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر ہر غلام اور حر اور مرد اور عورت چھوٹے و بڑے پر جبکہ مسلمان ہوں ایک صاع چھوارے یا ایک صاع جو مقرر فرمائے اور ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ ایک صاع اقط (وہ خاص قسم کا کھانا ہوتا ہے) یا ایک صاع منقی دیجاوے۔ اور ایک صاع اس لئے مقرر فرمایا ہے کہ غالباً یہ ایک کنبہ کو کافی ہو جاتا ہے اور فقیر کی حاجت پورے طور پر رفع ہو جاتی ہے اور غالباً کوئی شخص ایک صاع کے دینے سے ضرر بھی نہیں پاتا۔ اور بعض روایات میں جو کہ ایک صاع کو گیہوں کے نصف صاع پر قیاس کیا ہے کیونکہ اس وقت میں بہ نسبت جو کے گیہوں کی گرانی تھی اور اسلئے فقراء اسکو کھا سکتے تھے اور مساکین گیہوں نہ کھاتے تھے زید بن اسلم نے سرقہ کے قصہ میں اسکو بیان کیا ہے پھر حضرت علیؓ نے فرمایا ہے اذا وسع اللہ فوسعوا جب خدا تعالیٰ وسعت کرے تم بھی وسعت کرو اور عید الفطر میں اس صدقہ کو اسواسطے مقرر فرمایا کہ اول تو اسکے سبب سے عید الفطر کے شعار الٰہی ہونے کی اس سے تکمیل ہے دوسرے یہ ہے کہ اسمیں روزہ داروں کیلئے طہارت اور انکے روزہ کی تکمیل ہے جسطرح کہ نماز میں سنن کا مقرر کرنا اب رہی یہ بات کہ زیور پر زکوٰۃ ہے یا نہیں اسکے باب میں متعارض حدیثیں وارد

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوئی ہیں مگر زیور پر جمع کرنے کا اطلاق بعید ہے لیکن جمع کرنیکے معنی اسمیں موجود ہیں۔ مگر احتیاط اسی میں ہے کہ زیور کی زکوۃ دوکر کے اختلاف سے علیحدہ ہو جاؤ۔

زکوۃ کے مصارف کا بیان

مصارف کے اندر اصل یہ ہے کہ شہر دو قسم کے ہوتے ہیں ایک وہ جنکے باشندے صرف مسلمان ہوں اور کسی غیر ملت کے لوگ اُنکے پاس نہیں رہتے ایسے شہروں پر تخفیف کرنا مناسب ہے کیونکہ ایسے شہروں کو فوج کے اکٹھے کرنے اور جہاد کے قائم کرنے کی ضرورت نہیں اور بسا اوقات ایسے شہروں میں بہت سے ایسے لوگ موجود ہو جاتے ہیں۔ جو رفاہ عام کے کام اپنے متعلق کر لیتے ہیں اللہ پاک نے محسنین کے لئے جس چیز کا وعدہ کیا ہے اسکی تصدیق اُن کو اس بات پر آمادہ کر دیتی ہے اور ان لوگوں کی معاش اپنے مالوں میں ہوتی ہے مسلمانوں کی جماعت کثیرہ ایسے لوگوں سے خالی نہیں ہوتی۔ دوسری قسم کے وہ شہر ہیں کہ جنمیں اور ملتوں کے لوگ بھی رہتے ہیں ایسے شہروں پر سختی کرنا مناسب ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے اشداء علی الکفار رحماء بینھم۔ کافروں پر سخت ہیں باہم مہربان ہیں اور ایسے شہروں کے لئے بہت سی فوج اور مددگاروں کی ضرورت اور نیز اس بات کی حاجت ہے کہ ہر نافع کام کے لئے ایک شخص مقرر کیا جاوے اور اسکی معاش بیت المال میں ہو لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں قسموں کے شہروں میں سے جدا جدا طریقہ مقرر فرمایا اور مصارف کے اعتبار سے محصول مقرر کیا دوسری قسم کے مباحث کتاب الجہاد میں عنقریب آتے ہیں اور جن شہروں میں صرف مسلمان ہی باشندے ہیں عمدہ مال جو وہاں پیدا ہوتا ہے وہ دو قسم کا ہوتا ہے جسطرح مصرف کی دو قسمیں ہیں ایک تو وہ مال ہے جو مالک کے قبضہ سے نکلجاتا ہے جیسے میت کا ترکہ جسکا کوئی وارث نہ ہو اور گم شدہ مویشی جنکے مالک کا پتہ نہیں اور وہ لقطہ جسکو بیت المال کے مہتمموں نے اٹھالیا اور پھر اسکا اعلان کیا گیا اور کوئی مالک نہ معلوم ہوا اور اسی قسم کے اموال۔ اس قسم کے مال کو ایسے کاموں میں خرچ کرنا چاہیے جنکا نفع عام و شامل ہو اور اسمیں کسی کی تملیک نہ پائی جاوے جیسے نہروں کا کرایہ دینا پل و مساجد اور کنوؤں اور حوضوں کا کھودانا اور اسی قسم کے کام۔ اور دوسری قسم مال وہ صدقات ہیں جو مسلمانوں کے مال سے لیکر بیت المال میں جمع کئے جاتے ہیں ایسے اموال کو اُن مواقع میں خرچ کرنا چاہیے جسمیں کسی کو مالک بنایا جاوے اس بات کی دلیل اللہ پاک کا یہ ارشاد ہے انما الصدقت للفقراء والمسکین۔ اور اسکا باجمال بیان یہ ہے کہ اگرچہ اس قسم کے حوائج بہت کثرت سے پیش آتے ہیں مگر سب سے بڑھکر تین زیادہ ضروری ہیں ایک متعلقین لوگ اور شارع نے فقراء اور مساکین اور مسافروں اور قرضداروں کے اندر انکو منحصر کیا ہے۔ دوسرے محافظین اور شارع نے مجاہدین اور محصلین میں اُن کو منحصر کیا ہے اور تیسرے یہ ہے کہ اُن فتنوں کے دور کرنے میں مال صرف کیا جاوے جو مسلمانوں میں واقع ہوئے ہیں یا دوسرے لوگوں سے مسلمانوں میں اُن فتنوں کے واقع کرنے کا خطرہ ہوتا ہے اور اسکی وجہ یا تو یہ ہوتی ہے کہ ضعیف الاسلام لوگ کفار سے میل پیدا کر لیتے ہیں یا کہیں کوئی کافر مسلمانوں کے ساتھ کوئی زیادتی کرنا چاہتا ہے اسلئے اسکو کچھ مال دیکر اسکی تالیف کی جاتی ہے اور ان دونوں کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مولفۃ القلوب کا لفظ شامل ہے یا مسلمانوں کے باہمی نزاعوں میں اس مال کو صرف کیا جاتا ہے۔

اور اس تقسیم کرنے کی صورت اور یہ بات کہ کن لوگوں سے دینا شروع کیا جائے اور کسقدر دیا جاوے سب امام کی رائے پر موقوف ہے۔ حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ وہ شخص اپنے مال کی زکوٰۃ سے غلام آزاد کر سکتا ہے اور حج میں بھی دے سکتا ہے اور حضرت امام حسن بصریؒ سے بھی مثل اسی کے مروی ہے پھر انہوں نے اس آیت کو پڑھا انما الصدقٰت للفقراء الخ جس میں چاہے صرف کرے کافی ہے اور ابوالعالیہؒ سے مروی ہے کہ ہم کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حج کیلئے صدقہ کا اونٹ سواری کے لئے دیا اور حدیث صحیح میں آیا ہے وانا خالد فانکم تظلمون خالدا وقد حبست ادراعہ واعتدہ فی سبیل اللہ یعنی اور خالد پر تو تم ظلم کرتے ہو اس نے تو اپنی زرہ بکتر اور ہتھیار خدا کی راہ میں دیدئے ہیں اس حدیث سے دو باتیں معلوم ہوتی ہیں ایک تو یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ اگر چیز کے عوض دوسری چیز جسمیں فقراء کا زیادہ نفع ہو دیوے تو جائز ہے دوسرے یہ کہ فی سبیل اللہ دیدینا صدقہ کی جگہ کافی ہو سکتا ہے میں کہتا ہوں اس تقدیر پر اللہ پاک کے اس حکم میں انما الصدقٰت للفقراء الآیہ حصر اضافی یعنی ان مصارف کی نسبت حصر ہے منکو منافق لوگ اپنی خواہش کے موافق زکوٰۃ کا مصرف بنانا چاہتے تھے جیسے کہ سیاق آیہ سے معلوم ہوتا ہے اسمیں سر یہ ہے کہ حوائج بیشمار ہوا کرتے ہیں اور ان شہروں میں جنکے باشندے صرف مسلمان ہی ہیں بیت المال کے اندر کوئی اور مال کثیر نہیں ہوتا لہذا اسمیں وسعت دینا ضروری ہے تاکہ شہر کے حوائج کو وہ مال کافی ہو سکے واللہ اعلم اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ان ہذہ الصدقات انما ہی من اوساخ الناس وانہا لا تحل محمد ولا آل محمد یہ صدقات لوگوں کا میل ہوتے ہیں اسلئے یہ نہ محمدؐ کے لئے حلال ہیں اور نہ آل محمدؐ کے لئے حلال ہیں میں کہتا ہوں کہ صدقات کے میل ہونیکی یہ وجہ ہے کہ صدقات کے دینے سے گناہ دور ہوتے ہیں اور بلا دفع ہوتی ہے اور ان باتوں میں وہ انسان کا فدیہ ہوتے ہیں اسلئے ملاء اعلےٰ کے اوراق میں یہ صدقات ان صورتوں میں ظاہر ہوتے ہیں جسطرح صورت ذہنیہ اور تقدیر اور خطیہ میں یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ جن چیزوں کے یہ نام ہیں وہی چیزیں ذہن اور الفاظ اور کتابت کے اندر موجود ہیں اور ہمارے نزدیک انکا نام وجود تشبیہی ہے اسلئے بعض نفوس عالیہ میں اس بات کا ادراک پیدا ہوتا ہے کہ ان صدقات میں ایک قسم کی تاریکی پائی جاتی ہے اور کبھی اس امر کا ممکنہ سافلہ کیطرف نزول ہوتا ہے اور بلکہ بعض اہل تعاشق بھی اس امر کا مشاہدہ کرتے ہیں اور میرے سردار والد ماجد قدس سرہ بھی اس بات کی اپنی ذات سے حکایت کرتے تھے جسطرح صالحین کو زنا، یا اعضاء خبیثہ کا ذکر ناگوار معلوم ہوتا ہے اور نفیس کے اشیاء کے ذکر سے بشاش ہوتے ہیں اور اللہ پاک کے نام کی تعظیم کرتے ہیں ایسے ہی جس مال کو انسان بلا کسی عوض کے خواہ وہ عوض کوئی خاص شے ہو یا صرف نفع ہی ہو اسی سے لے لیتا ہے اور اس دینے والیکو اس شخص کی عزت مقصود نہیں ہوتی ہے تو اس مال کے لینے میں اس شخص کو ایک قسم کی ذلت و اہانت حاصل ہوتی ہے اور اسی معنی کو اس شخص پر فضیلت اور احسان ہوتا ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الید العلیا خیر من الید السفلی یعنی اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے۔ بہرحال سطور سے کما حقہ تمام شیونیں بدترین پیشہ ہے اور جو لوگ تدریس و بزرگان دین ہیں انکی شان کے بالکل مناسب نہیں اور اس حکم میں دوسرا امر ہے اور وہ یہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم خود بنفس نفیس صدقہ لیتے اور اپنے عزیزوں اور ان لوگوں کے لئے جنکا نفع اپنا ہی نفع ہے تجویز فرماتے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تو اس بات کا احتمال تھا کہ لوگ آپ سے بدگمان ہوتے اور آپ کی حق میں وہ وہ باتیں کہتے جو بالکل لغو ہوتیں اسلئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس دروازہ کو بالکل بند کر دیا ہے اور اس بات کا ظاہر کر دینا چاہا کہ حسنات کے منافع انہیں کیطرف عائد ہوتے ہیں اور انہیں کے اغنیا سے لیکر انہیں کے فقرا کو واپس کر دیے جاتے ہیں یا انکے حق میں بڑی رحمت اور مہربانی اور بھلائی کا پہونچانا اور برائی سے بچانا ہے اور چونکہ سوال کرنیمیں ایک بڑی ذلت کا سامنا ہوتا ہے اور سوال کرنیوالا حیا سے باہر ہو جاتا ہے اور اسکی مروت میں نفاق آجاتا ہے اسلئے آنحضرت صلعم نے بلا ایسی ضرورت کے جسکی وجہ سے آدمی مجبور ہو سوال کرنے سے سخت ممانعت فرمائی ہے اور نیز جب لوگوں کو لوگوں میں سوال کی عادت پڑ جاوے اور انکو سوال کرنیمیں کچھ غیرت باقی نہ رہے اور بھیک مانگ جمع کرنے لگیں تو اسکے سبب سے ضروری پیشوں کا متروک ہونا لازم آتا ہے یا ان پیشوں کی قلت اور مالداروں پر بلاوجہ وقت لازم آتی ہے لہذا حکمت شرعیہ کا مقتضیٰ یہ ہوا کہ سوال سے غیرت کرنیکی صورت انکے سامنے ظاہر کی جائے تاکہ لوگ بلا ضرورت شدید کے سوال کرنے کا ارادہ نہ کریں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من سال الناس لیثری مالہ کان خموشافی وجہہ او رضفا یا کلہ من جہنم جو شخص اپنا مال بڑھانے کی غرض سے لوگوں سے سوال کریگا تو اس کا منہ چھلا ہوا ہوگا یا انگارا ہوگا جہنم سے کھائیگا اسکو میں کہتا ہوں اسمیں یہ رمز ہے کہ لوگوں سے سوال کرنیمیں جو اسکو تکلیف رہی ہے تو وہ اسی صورت میں ظاہر ہوگی جسکے ہاتھ میں لینے سے ظاہر میں تکلیف پہنچا کرتی ہے جیسے آگ کا انگارہ یا اسکے کھانے سے تکلیف پہنچتی ہے جیسے پتھر بریاں کیا ہوا آگ میں اور لوگوں میں اسکا ذلیل اور پشیمان ہونا ایسی صورت میں ظاہر ہوگا جو اسکے بہت مناسب ہے یعنی منہ پر خراش ہونا۔ اور جس شخص کو کوئی آفت عظیم پہنچے جس کے سبب سے اسکا تمام مال برباد ہو اسکے حق میں آیا ہے کہ اگر وہ شخص سوال کرے اور اسقدر مال جمع کرے کہ اسمیں اسکی معاش حاصل ہوتی رہے تو اس کے لئے جائز ہے اس غنا کا اندازہ جسکے ساتھ سوال کرنا منع ہے ایک اوقیہ یا پچاس درہم سے ایک حدیث میں آیا ہے اور ایک حدیث میں اسکا اندازہ اتنے کھانے کے ساتھ آیا ہے جو صبح و شام کے لئے کافی ہو سکے اور ہمارے نزدیک ان احادیث میں اختلاف نہیں ہے کیونکہ لوگوں کے درجہ مختلف ہیں اور ہر کسی کے لئے جدا پیشہ ہوتا ہے جس کے بغیر اسکا رہنا ناممکن ہے۔ امکان سے ہمارے وہ امکان مراد ہے جو ان علوم میں مستعمل ہوتا ہے جنکے اندر سیاست مدن سے بحث کیجاتی ہے اور اس سے وہ امکان مراد نہیں ہے جو علم تہذیب النفس میں بولا جاتا ہے پس جو شخص ہاتھ کا پیشہ کرتا ہے جبتک اسکے پاس اسکے پیشہ کے آلات نہ ہوں تو اس پیشہ سے معذور ہے اسی طرح جو شخص کھیتی کرتا ہے کھیتی کے آلات نہ ہونے سے معذور ہے اور تاجر کے پاس جبتک سرمایہ تجارت نہ ہو معذور ہے اور جو شخص جہاد میں رہتا ہے اور صبح و شام اسکا رزق آتا جاتا رہتا ہے یعنی مال غنیمت۔ جیسے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ تھے تو اسکے لئے اس مقدار کا اندازہ ایک اوقیہ یا پچاس درہم ہے اور جو شخص باناروں میں باربرداری کرتا ہے یا جنگل سے لکڑیاں فراہم کر کے فروخت کیا کرتا ہے یا اور اسی قسم کے پیشے کرتا ہے تو اس شخص کے حق میں اسی مقدار کا اندازہ یہ ہے کہ اس کا ایک وقت کا کھانا چل سکے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا تلحفونی المسئلۃ یعنی سوال میں لپٹامت کرو کیونکہ خدا کی قسم ایسا نہیں ہوتا کہ تم میں سے کوئی شخص مجھ سے کچھ طلب کرے اور اسکا سوال مجھ سے اسے کچھ دلوا دے مگر میرا دل خوش نہ ہو اور پھر میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ی ہوئی چیز اسکے لئے برکت کیجاوے میں کہتا ہوں اسکا یہ اثر ہے کہ جانفوس ملحق بہ اعلےٰ میں نہیں کراہیت اور رضامندی کی صورت وہ بمنزلہ وعاء مستجاب کے ہوتی ہے اور آپ نے فرمایا ہے ان ہذا المال خضر حلو الحدیث البتہ یہ مال ہرا اور شیریں ہے جو شخص دل کی خوشی سے اس کو لے لیتا ہے اسمیں اسکے لئے برکت دیجاتی ہے اور جو دل کی حرص سے لیتا ہے اسمیں اسکو برکت نہیں دیجاتی اور اس کا حال اس شخص کا سا ہوتا ہے جو کھائے چلا جاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا میں کہتا ہوں کسی چیز کے اندر برکت ہونے کی کئی قسمیں ہیں ادنیٰ قسم یہ ہے کہ دل اس سے مطمئن ہو اور اسکی طرف سے دلکو بیقراری نہ ہو مثلاً دو شخص ہیں کہ انمیں سے ہر ایک کے پاس بیس درہم ہیں مگر ان میں سے ایک شخص کو اپنے تنگدست ہونیکا خوف لگا رہتا ہے اور دوسرے کو اس بات کا خیال بھی نہیں ہے بلکہ اسکو امید ہی رہتی ہے اس قسم کے بعد برکت کی وہ قسم ہے کہ اس چیز سے انتفاع زیادہ حاصل ہو جیسے کہ دو شخصوں کے پاس برابر برابر مال ہے انمیں سے ایک نے اپنے مال کو ضروریات میں صرف کیا اور اسکے دل میں مال کے اچھی جگہ صرف کرنے کا الہام پیدا ہوا اور دوسرے نے اس مال کو ضائع کر دیا اور میانہ روی سے کام نہ لیا نفس کی ہیئت اس برکت کو اسطرح سے چلتی جسطرح دعا کھینچ لیجاتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا من یستعفف یعفہ اللہ جو کوئی شخص سوال کرنے سے بچے گا خدا تعالےٰ اسکو محفوظ رکھے گا میں کہتا ہوں اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ان کیفیات نفسانیہ کے حاصل کرنیکو ہمت کے مجتمع ہونے اور ارادہ کے مضبوط ہونے میں کامل دخل ہے۔

ان امور کا بیان جو زکوٰۃ کے متعلق ہیں

اب اس بات کی ضرورت تھی کہ لوگوں کو اس بات کی نصیحت کیجائے کہ صدقہ تحصیل کرنیوالے کو خوشی سے صدقہ ادا کیا کریں لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا اتاکم المصدق فلیصدر عنکم وہو عنکم راض یعنی جب تمہارے پاس صدقہ تحصیل کرنیوالا آوے پس چاہیے کہ خوش ہو کر تم سے رخصت ہو اور اسمیں یہ حکمت ہے کہ اسکے نفس کی اصلاح ہو جائے اور آپ نے یہ بھی چاہا کہ لوگوں کو ظلم کے حیلہ سے زکوٰۃ کے اندر عذر کا موقع نہ رہے چنانچہ آپ نے فرمایا ہے فان عدلوا فلانفسہم وان ظلموا فعلیہا۔ پس اگر وہ انصاف کرینگے تو اپنے لئے اور اگر ظلم کرینگے تو اپنے لئے اور اس حدیث میں اور آنحضرت صلعم کے اس قول میں فمن سئل فوقہا فلا یعط پس جس شخص سے اس سے زیادہ مانگا جاوے تو دے اختلاف نہیں ہے اسلئے کہ ظلم کرنے کی دو صورتیں ہیں ایک تو اس صورت میں کہ جس جگہ نفس نے اسکا حکم ظاہر کر دیا ہے اس مقام کے متعلق دوسری حدیث ہے یعنی اسے معمول معتین سے زیادہ نہ دینا چاہئے اور ایک وہ صورت ہے جسمیں اجتہاد کی گنجائش ہے اور اکلیں لڑ سکتی ہیں ان سوا مع میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے عذر کے دروازہ کو بند کیا ہے اور ستیفا لینے کیلئے اس بات کی نصیحت کرنی ضروری تھی کہ صدقہ کے لینے میں زیادتی نہ کرے اور انکے نفیس نفیس مال کو چھوڑ دے اور مال تقسیم میں خیانت نہ کرے تاکہ انصاف اور بہت سے تقاصد اسکی وجہ سے حاصل ہو سکیں اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے والذی نفسی بیدہ لا یاخذ منہ شیئا الا جاء بہ یوم القیامۃ یحملہ علی رقبتہ ان بعیرا لہ رغاء پس قسم اس ذات کی جسکے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قبضہ میں میری جان ہے اُس میں سے وہ کچھ ذلیل نہ گرے گا قیامت کے دن اپنی گردن پر لائیگا گردہ اونٹ ہے تو بلبلاتا ہوگا اسکا فرمانا کلام سیاق کے دیکھنے سے جو الفین زکوٰۃ کے متعلق ہم نے بیان کیا ہے معلوم ہو سکتا ہے۔ اور نیز اس بات کی صورت تھی کہ مال والوں کے فریب اور حیلہ کا دروازہ بند کیا جاوے اور اُسکے متعلق یہ علم ہو اگر جو مال متفرق ہے وہ جمع نہ کیا جاوے اور جو مال مجتمع ہے وہ صدقہ کے ڈر سے جمع نہ کیا جاوے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان یتصدق المرء فی حیوتہ بدرہم خیر لہ من ان یتصدق بمائۃ عند موتہ۔ زندگی کی حالت میں آدمی کو ایک درہم کا صدقہ کرنا مرتے وقت سو درہم کے صدقہ کرنے سے بہتر ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے مثل البخیل والمتصدق کمثل رجلین علیھما جنتان من حدید الحدیث۔ بخیل اور صدقہ دینے والے شخص کی مثال اُس شخص کی سی ہے کہ جو دو شخص لوہے کی زرہ پہنے ہوئے ہوں اور جب وہ صدقہ دینے لگے تو زرہ کھل جاوے اور جب بخیل صدقہ دینے لگے تو زرہ تنگ ہو جاوے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یعدل بین اثنین صدقۃ الحدیث۔ دو شخصوں میں کوئی انصاف کرتا ہے وہ صدقہ ہے اور کسی شخص کی اپنی سواری پر سوار کرنے سے مدد کرنا صدقہ ہے اور اچھی بات زبان سے کہنا صدقہ ہے اور ہر قدم جو نماز کے جانے کیلئے اٹھتا ہے اور ہر مرتبہ لا الہ الا اللہ کہنا صدقہ ہے اور ہر مرتبہ سبحان اللہ کہنا صدقہ ہے اور اسی قسم کی باتیں اور نیز آپ نے فرمایا ہے ایما مسلم کسا مسلما ثوبا علی عری الحدیث جو کوئی مسلمان کسی ننگے بدن مسلمان کو کپڑا پہنا دے تو وہ بھی صدقہ ہے اخیر حدیث تک میں کہتا ہوں کئی مرتبہ اس بات کا ذکر ہو چکا ہے کہ طبیعت مثالیہ کا تقضی ہے کہ معانی کا ظہور اُن صورتوں میں ہو جو اُنکے قریب تر ہیں اور کھانا کھلانے میں کھانے کی صورت پائی جاتی ہے خوابوں کے دیکھنے اور واقعات کے پیش ہونے اور معانی کے جسموں کی صورتوں میں اس بات کی عبرت تم کو ظاہر ہو سکتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کی وبا کو جو ایک سیاہ عورت کی صورت میں دیکھا اسکی وجہ بھی معلوم ہو سکتی ہے۔

پھر بعض لوگ ایسے تھے کہ اپنے اہل وعیال اور عزیز واقارب کو چھوڑ کر غیروں کو صدقہ دیا کرتے تھے اور اسکے اندر اُن لوگوں کی رعایت کا جنکی رعایت ضروری ہے لحاظ نہ پایا جاتا تھا اور یہ بات تدبیر و تقریب لوگوں کے ساتھ الفت پیدا ہونے کے بالکل خلاف تھی۔ لہذا اس سے منع کرنے کی حاجت ہوئی اور آپ نے فرمایا دینار انفقتہ فی سبیل اللہ ودینار انفقتہ فی رقبۃ الحدیث ایک تو وہ اشرفی ہے جس کو تو خدا کی راہ میں خرچ کرے اور ایک وہ ہے کہ جس کسی کی جان چھوڑانے میں دے اور ایک وہ دینار ہے جسکو مسکین پر صدقہ کرے اور ایک وہ دینار ہے جسکو تو اپنے کنبہ پر خرچ کرے ان سب میں ثواب کے لحاظ سے وہ دینار بڑھکر ہے۔ جو اپنے کنبہ پر خرچ کرے۔ اور اس حدیث خیر الصدقۃ ما کان عن ظہر غنی وابدع بمن تعول بہتر وہ صدقہ ہے جو غنا کے ساتھ ہو اور اپنے اہل وعیال سے اسکا دینا شروع کرے اور اس حدیث میں کسی نے آپ سے عرض کیا کون سا صدقہ افضل ہے تو آپ نے فرمایا جہد المقل وابدء بمن تعول یعنی تنگدست کا صدقہ کے لئے تکلیف گوارا کرنا اور اپنے عیال سے دینا شروع کرے منافات نہیں ہے کیونکہ ہر ایک حدیث کی توجیہ جدا جدا ہے اسلئے کہ یا تو غنا سے اصطلاحی غنا مراد نہیں ہے بلکہ نفس کی غنا مراد ہے یا کنبہ کیلئے رفق کا کافی ہونا مراد ہے یا ہم کہتے ہیں غنا کا صدقہ اسلئے بہتر ہے کہ اسکی وجہ سے غنی کے مال میں برکت

محکمہ اوقاف پنجاب سے خریدی ہوئی اور شعبہ مکتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بہت ہوتی ہے اور تنگدست کا صدقہ باعتبار افضل ہے کہ وہ بخل کو خوب دور کرتا ہے اور قوانین شرعیہ کے زیادہ تر مناسب ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الخازن المسلم الامین الحدیث۔ خزانچی مسلمان امانت دار جو کچھ کہ مالک کے حکم دینے کے بعد پورے طور پر خوش ہو کر دیتا ہے وہ بھی بمنزلہ صدقہ کرنیوالوں کے ہے میں کہتا ہوں بسا اوقات کسی ایسی چیز کا نافذ کرنا جو اسپر واجب ہے اور اسکا کرنا جو اس کے اختیار میں نہیں ہے اس شخص کی سخاوت کی پہچان ہوتا ہے کیونکہ دیتے وقت اسکے دل کا خوش ہونا اور تسلی کا حاصل ہونا دل کی سخاوت کے ساتھ ہوتا ہے لہذا اصلی متصدق کے بعد یہ شخص بھی متصدق ہے صدقہ دینے والا شمار کیا گیا اور ان حدیثوں میں اختلاف نہیں ہے اذا انفقت المرءۃ من کسب زوجہا من غیر امرہ فلہا نصف الاجر یعنی جو عورت اپنے خاوند کی کمائی میں سے بغیر اسکی اجازت کے اللہ کے نام پر دے تو اسکے لئے آدھا ثواب ہے گا اور آپ نے حجۃ الوداع میں فرمایا ہے لا تنفق امراۃ من بیت زوجہا الا باذنہ الخ کوئی عورت اپنے خاوند کے گھر سے بلا اس کی اجازت کچھ خرچ نہ کرے پھر کسی نے عرض کیا کھانے کی قسم سے بھی کچھ خرچ نہ کرے آپ نے فرمایا تو ہمارے الو نہیں سب سے افضل ترین مال ہے۔ اور اس حدیث میں کہ ایک عورت نے آپ سے عرض کیا کہ ہماری اولاد اور ہمارے ماں باپ اور ہمارے خاوندوں پر ہمارا بوجھ ہوتا ہے انکے مالوں میں سے ہم کو کسقدر حلال ہے تو آپ نے فرمایا ہے تر چیزیں کہ تم ان کو کھا سکتی ہو اور رکھ سکتی ہو مستفاد نہ ہونے کی یہ وجہ ہے کہ اس حدیث بالا میں یہ بات ہے کہ اسمیں خاوند کی مطلقاً اجازت ہو یا دلالۃ ہو اور کسی خاص شے کی صراحۃً اجازت نہ ہو اور خاوند صدقہ نہ دیتا ہو پس چونکہ عورت نے اسمیں صدقہ نکالا ہے اس لئے تسلیم کیا جائیگا اور خاوند کے مال میں اسی قدر تصرف درست ہے جتنا لوگوں میں دستور ہے اور خاوند کے مال کی اصلاح ہے جیسے ہری چیزیں کہ اگر وہ ضرورت سے زیادہ ہوں اور کسی کو نہ دیجاویں تو خراب ہو کر ضائع ہو جاوینگی اور ان کے سوا اور چیزوں میں درست نہیں ہے اگرچہ غلہ کی قسم سے ہو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا تحل لاحد فی صدقۃ الا لعامل علیہا او غارم او غاز فی سبیل اللہ او مسکین تصدق علی الغنی۔ اپنے صدقہ کو واپس مت لے کیونکہ صدقہ واپس لینے والا ایسا ہے جیسے اپنی قے کر کے نگل جانے والا میں کہتا ہوں اس کا سبب یہ ہے کہ صدقہ کرنیوالا جب اس چیز کو خریدنا چاہتا ہے تو ضرور ہے کہ وہ رعایت سے ملتی ہے یا خود ہی وہ رعایت سے لینا چاہتا ہے اور جسقدر رعایت کی گئی ہے اسی قدر اس کے صدقہ کا ثواب گھٹ جاتا ہے کیونکہ صدقہ کی روح دل کے تعلق کا اس مال سے ہٹا لینا ہے اور جب اسکے ذمہ اس بات کا خیال رہا کہ وہ چیز کو رعایت سے لیوے تو اس کو اس چیز سے پوری بے تعلقی نہ ہوئی اور نیز شارع کو عین کی صورت کا کامل ہونا مطلوب ہے اور اس کے واپس لینے میں اس صورت میں نقصان ہے جس ملک سے ہجرت کی جاوے پھر اس زمین میں موت کے مکروہ ہونے کی یہی وجہ ہے واللہ اعلم۔

ان احادیث کا بیان جو روزہ کے باب میں وارد ہوئی ہیں

چونکہ قوت بہیمی کا قوی ہونا قوت ملکی کے احکام ضعاف ہونے کا مانع ہے لہذا اسکا مغلوب کرنا ضروری ہوا اور چونکہ اسکی قوت کی شدت کا سبب کھانا اور پینا اور لذائذ شہویہ میں منہمک ہونا ہے اور اس انہماک کا وہ اثر ہوتا ہے جو ملکی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کھانے پینے کا بھی نہیں ہوتا لہذا اُس کے مغلوب کرنے کیلئے ان اسباب کا کم کرنا ضروری ہوا لہذا سب وہ لوگ جو احکام قوت ملکی کا اظہار نہ ہونا چاہتے ہیں باوجود اختلاف مذاہب اور بُعد ملکوں کے ان اسباب کی تقلید پر اتفاق کرتے ہیں اور نیز بہیمیہ کا ملکیہ کے اسطرح پر تابع کرنا مقصود ہے کہ قوت ملکیہ قوت بہیمیہ کے اخلاق دنیہ قبول کرنے سے محفوظ رہے اور وہ اُسکے نقوش رذیلہ قبول نہ کرنے پائے جسطرح نگینہ کے نقوش مدم کے اندر منتقش ہو جاتے ہیں اور اسکا بجز اسکے کوئی طریقہ نہیں ہے کہ قوت ملکی ایک بات کا ارادہ کرے اور بہیمیہ کے اندر اس کا القاء کرکے اُسکے سامنے پیش کرے اور وہ اُسکے حکم کو مان لے اور اُسکے سامنے سرکشی اور زیادتی نہ کرے اور پھر اس بات کا ارادہ کرے اور اسی طرح پھر قوت بہیمی اُسکی تابعداری کرے اور پھر بار بار یہی امر پیش ہو حتی کہ اس تابعداری کی اُسکو عادت پڑ جاوے اور وہ امور جنکی قوت ملکی میں خواہش پیدا ہوتی ہے اور قوت بہیمی کو اُنکے کرنے پر مجبور کیجاتی ہے اس قسم کے ہوتے ہیں کہ جنکے واقع ہونے سے قوت ملکی کو سرور اور بہیمی کو انقباض پیدا ہوتا ہے جسطرح ملاء اعلےٰ کیساتھ تشبیہ پیدا کرنا اور خدا تعالےٰ کی کبریائی پر معرفت حاصل کرنا یہ امور قوت ملکی کے خواص میں سے ہیں اور بہیمی کو انسے نہایت درجہ کا بُعد ہے یا کسی ایسے امر کا ترک کرنا جس کی قوت بہیمی میں خواہش پیدا ہوتی ہے اور اس امر میں اُسکو تلذذ حاصل ہوتا ہے اور قوت بہیمی کے ہیجان کی حالت میں اُس امر کا شوق پیدا ہوتا ہے اور یہ بات روزہ سے حاصل ہو سکتی ہے اور چونکہ ان امور کا التزام تمام لوگوں سے باوجود تدابیر ضروریہ اور مال اور اہل کے ساتھ مشغول ہونے کے ممکن نہ تھا اسلئے یہ امر ضروری ہوا کہ کچھ زمانہ کے بعد ہر مرتبہ ایک مقدار معین کا التزام کیا جاوے جس سے قوت ملکی کا ظہور اور اپنی خواہشوں کے پورا ہونے سے اسکا سرور معلوم ہو جاوے اور اُس سے پیشتر جو کمی ہوئی ہے وہ دور ہو جاوے اور اس کا حال اس گھوڑے کا سا ہے جسکی پچھاڑی کھونٹے سے بندھی ہوئی ہے اور وہ دو چار مرتبہ اِدھر اُدھر لاتیں پھینک کر اپنی حالت اصلی پر کھڑا ہو جاتا ہے۔ مدامت حقیقی کے بعد اسکی مداومت کا درجہ ہے بعد ازاں یہ امر ضروری ہوا کہ اسکی ایک مقدار مقرر کیجاوے تاکہ کوئی شخص اسمیں افراط و تفریط نہ کر سکے ورنہ تفریط کرنے والے کو ممکن تھا کہ اس عبادت کو اسقدر عمل میں لاتا جو اُسکے لئے کافی و دافع نہ ہوتی یا افراط کرنے والے کو ممکن تھا کہ اسکو اتنا عمل میں لاتا جس سے اُسکے ارکان میں کاہلی پیدا ہو کر اُسکو اُسکا نشاط جاتا رہتا اور اپنے نفس کو ہلاک کرکے داخل قبر ہوتا اور روزہ ایک تریاق ہے جب سموم نفسانیہ کے دور کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے مگر اس کے اندر لطیفہ نفسانیہ کے مقام اور اُسکے جانے ظہور کو بھی ایک قسم کی شکایت اور صدمہ پہنچا رہتا ہے لہذا بقدر ضرورت اُس کا معین کرنا لازم ہوا۔ پھر خورد و نوش کے کم کرنے کی دو صورتیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ کھانے پینے میں کمی کرے اور دوسری صورت یہ ہے کہ عادت سے زیادہ خورد و نوش میں دیر کرے اور شرع کے اندر دوسری قسم کی تقلیل کا اعتبار ہے کیونکہ اُسکے سبب سے ایک قسم کا ضعف اور خفت پیدا ہوتی ہے اور بھوک اور پیاس کی کیفیت انسان کو اُسوقت معلوم ہو جاتی ہے اور قوت بہیمی کو اُسوقت اُسکی وجہ سے ایک قسم کی پریشانی اور خوف پیدا ہو جاتا ہے اور ان امور کا طاری ہونا اُسکو محسوس ہوتا ہے اور تقلیل کی پہلی قسم میں برابر ضعف پیدا ہوتا رہتا ہے اور نفس کو اُس ضعف کی پرواہ نہیں ہوتی حتی کہ آدمی اُس سے بالکل تھک کر رہ جاتا ہے اور نیز تقلیل کی پہلی قسم کا عام حکم کے تحت میں بلا وقت داخل ہونا ممکن نہیں ہے کیونکہ لوگوں کے درجے مختلف ہیں کسی کی خوراک ایک رطل

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور کسی کی دو وقت ہوتی ہے۔

کھانے میں جتنی مدت کا فصل ہوتا ہے اسپر تمام عرب وعجم اور تمام صحیح المزاج لوگوں کا اتفاق ہے کہ شب و روز میں دو وقت یعنی صبح و شام کھاتے ہیں یا صرف ایک ہی مرتبہ اور بھوک کی کیفیت رات تک کھانا نہ کھانے سے حاصل ہوسکتی ہے۔ اور نیز یہ بھی غیر ممکن تھا کہ مکلفین کو ایک مقدار قلیل کا اختیار عطا کیا جاتا اور ان سے کہدیا جاتا کہ تم میں سے ہر ایک اتنا کھالیا کرے کہ جس سے قوت بھی مغلوب رہے کیونکہ یہ مقصود شرعی کے خلاف ہے اور یہ مثل مشہور ہے کہ جس شخص نے بھیڑیے کو بکریوں کا چوپان بنایا تو اس نے ظلم کیا اور ایسی صورت احسانیہ کا درجہ حاصل کرنا کیونکر ممکن ہے پھر یہ بات ضروری ہے کہ یہ مدت فصل کی اسقدر نہ ہو کہ جس سے جان کی ہلاکت اور اسکا استیصال متصور ہو مثلاً تین شبانہ روز کیونکہ یہ بھی مقصود شرعی کے خلاف ہے اور تمام مکلفین اسپر عمل بھی نہیں کرسکتے اور نیز یہ بھی ضرور تھا کہ بار بار انکو بھوکا رہنے کا حکم دیا جاوے تاکہ وہ اس بات کے عادی ہوجاویں اور انمیں اوامر تابعداری کا مادہ پیدا ہوجاوے ورنہ ایک مرتبہ بھوکا رہنے میں کچھ قابل اعتبار فائدہ نہیں ہے اگرچہ کیسے ہی سخت درجہ کی بھوک ہو اور یہ بات بھی ضروری تھی کہ اسکا مغلوب ہونا جو ہلاکت کی طرف مودی نہیں ہے اور اسکی تکرار کا انضباط ان مقداروں سے کیا جاوے جو انمیں مستعمل ہوتی ہیں اور کسی غافل اور ہوشیار اور شہری اور جنگلی پر وہ مقادیر پوشیدہ نہیں ہیں اور نیز ایسے امر سے انضباط کیا جاوے جسکو خود یا اسکی نظیر کو لوگوں کا گروہ عظیم استعمال کرتا ہو تاکہ اسکی شہرت اور تسلیم کرلینے کے سبب سے انکی دشواری جاتی رہے ان امور کے لحاظ کرنے سے یہ بات ضروری ہوئی کہ ایک مہینے تک ہر دن برابر کھانے اور پینے اور جماع سے نفس کو باز رکھنے کے ساتھ روزے کا انضباط کیا جائے کیونکہ ایک دن سے کہ مقدار کا مقرر کرنا ایسا ہے کہ جیسے دوپہر کے کھانے کو کچھ دیر کرکے کھانا اور اگر شب میں ان امور کے ترک کرنے کا انکو حکم دیا جاتا تو وہ اسکے عادی نہ ہوتے کی وجہ سے انکو پرواہ نہ ہوتی اور ہفتہ وار ایسی قلیل مقدار ہے جسکا نفس پر چنداں اثر نہیں ہوتا اور دو مہینے کی مقدار ایسی ہی کہ اسمیں آنکھیں گڑھ جاتی ہیں اور نفس تھک کر رہجاتا ہے اور ہم نے بیشمار اس بات کا مشاہدہ کیا ہے اور ان امور کے لحاظ سے یہ بات بھی ضروری ہوئی کہ طلوع فجر سے غروب آفتاب تک دن کا انضباط کیا جاوے کیونکہ عرب ایسی کو دن شمار کرتے ہیں اور عاشورہ کے دن اسی حساب سے انکو روزہ رکھنے کا دستور رہا ہے اور مہینے کا انضباط چاند سے چاند تک ہونا ضروری تھا کیونکہ عرب کے نزدیک چاند سے چاند تک مہینہ ہوتا ہے اور شمسی مہینوں سے وہ حساب نہیں کرتے اور سبب کہ حکم عام مقرر کرنے اور تمام لوگوں عرب وعجم کے اصلاح کی ضرورت ہوئی لہذا انکو اس امر کی ضرورت ہوئی کہ انکو اس مہینہ کا اختیار نہ دیا جائے تاکہ ہر شخص اپنے لئے ایک مہینہ کو جسمیں اسکو روزے رکھنے آسان ہوں پسند کرلیا کرے اسلئے کہ اس سے عذر کرنے اور بچکر نکلجانے کا موقع ہے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے دروازہ کا بند کرنا اور اسلام کے ایک عظیم الشان عبادت کا گمنام کردینا ہے اور نیز مسلمانوں کے بڑے بڑے عظیم الشان گروہوں کا ایک زمانہ میں ایک چیز پر اجتماع کرنا اور ایک کا دوسرے کو دیکھنا انکے لئے اس عبادت کے آسان ہونے اور اسکے عمل پر ہمت کے پیدا ہونے کا سبب ہے اور نیز انکا یہ اجتماع قوت ملکیہ کے برکات کے نازل ہونے کا ہر خاص وعام پر سبب ہے اور جو انمیں سے کاملین ہیں انسے کم درجہ لوگوں پر ان کے انوار کا پرتو پڑنے اور پھر انکی دعا کے شامل ہوجانے کا موقع ہے اور جب کسی مہینے کا مقرر کرنا ضروری ہوا تو اس مہینے کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کوئی مہینہ زیادہ مناسب نہیں ہے جس میں قرآن کا نزول اور ملت محمدی کی تکمیل ہوئی ہے اور شب قدر کے پائے جانے کا بھی اس مہینہ میں قوی احتمال ہے چنانچہ عنقریب اسکا ذکر آتا ہے۔ پھر اس مرتبہ کا بھی بیان کرنا ضروری ہوا جو ہر غافل و ہوشیار اور ہر فارغ و مشغول کیلئے لابدی ہے اور جس میں کوتاہی کرنے سے اصل حکم میں کوتاہی لازم آتی ہے اور کمال کے مرتبہ کا بھی بیان کرنا ضروری تھا جو محسنین اور سابقین کا دستور اور ورد ہے اول مرتبہ رمضان کا روزہ رکھنا اور نماز پنجگانہ پر کفایت کرنا ہے۔ چنانچہ آپ نے فرمایا ہے من صلی العشاء والصبح فی جماعۃ فکانما قام اللیل یعنی جس نے عشا اور صبح کی نماز جماعت سے پڑھی تو گویا اس نے تمام شب عبادت کی۔ اور دوسرا مرتبہ پہلے مرتبہ پر کمیت اور کیفیت میں بڑھا ہوا ہے اور وہ یہ ہے کہ رمضان کی راتوں میں تمام شب عبادت کرنا اور زبان اور تمام اعضا کا گناہوں سے پاک رکھنا اور شوال کے مہینے میں چھ روزے اور ہر مہینہ میں تین روزے اور عاشورہ اور عرفہ کا روزہ رکھنا اور رمضان کے اخیر عشرہ میں اعتکاف کا کرنا۔ یہ مقدمات جو ہمنے بیان کئے ہیں روزہ کے باب میں اصول کے قائم مقام ہیں۔ جب یہ مقدمات ثابت ہو گئے تو اب ہم ان احادیث کی شرح کرنا چاہتے ہیں جو روزہ کے باب میں وارد ہوئی ہیں۔

روزہ کی فضیلت کا بیان

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا دخل رمضان فتحت ابواب الجنۃ۔ اور ایک روایت میں ابواب الرحمۃ آیا ہے وغلقت ابواب جہنم وسلسلت الشیاطین۔ جب رمضان آتا ہے جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور شیاطین زنجیروں سے باندھے جاتے ہیں میں کہتا ہوں کہ فضیلت رمضان کی مہینہ میں صرف مسلمانوں کے اوپر ہے کیونکہ کفار رمضان کے مہینہ میں بہ نسبت اور مہینوں کے زیادہ اندھے اور بہرے ہو جاتے ہیں کیونکہ شعائر الٰہی کی ہتک کرنے میں اور بھی زیادہ بڑھ جاتے ہیں مگر مسلمان جب روزہ رکھتے ہیں اور شب کو عبادتیں کرتے ہیں اور جو انہیں سے کاملین ہیں وہ نور الٰہی کے دریا میں غوطہ لگاتے ہیں اور انکی دعا سب مسلمانوں کو شامل کر لیتی ہے اور انکے انوار کا ادنیٰ درجہ کے لوگوں پر پرتو پڑتا ہے اور انکی تمام گروہ پر چھا جاتی ہے اور ہر شخص اپنی اپنی قابلیت کے موافق عبادات سے قربت حاصل کرتا ہے اور معاصی سے اجتناب کرتا ہے تو یہ بات صادق ہو جاتی ہے کہ انکے لئے جنت کے دروازے مفتوح کر دیئے گئے اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے گئے کیونکہ فی الحقیقت جنت خدا تعالیٰ کی رحمت اور جہنم خدا تعالیٰ کی پھٹکار کا نام ہے اسلئے کہ تمام روئے زمین کے لوگوں کا ایک صفت پر متفق ہو جانا اسکے موافق خدا تعالیٰ کے جود کو متوجہ کر لیتا ہے جیسا کہ استسقاء اور حج میں ہم نے بیان کیا ہے اور یہ بات صادق ہو جاتی ہے کہ شیاطین مقید کر لئے گئے اور بھاگے ان کے ملائکہ منتشر کر دیئے گئے اسلئے کہ یہ عذاب کا اثر اسی شخص میں ہوتا ہے جس نفس میں اس کا اثر متقبل کرنے کی قابلیت ہے اور قوت بہیمی کے غلبہ سے یہ قابلیت ہوتی ہے اور وہ روزہ کے سبب سے مغلوب ہو جاتی ہے اور ملائکہ ان لوگوں کے پاس آتے ہیں جن میں ان کے اثر قبول کرنے کی لیاقت ہے اور وہ لیاقت قوت ملکی کے ظہور سے ہوتی ہے اور روزہ کے سبب سے قوت ملکی کا ظہور ہو جاتا ہے اور نیز رمضان میں اس رات کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہونے کا قوی احتمال ہے جسمیں تمام امور حکمی کی تقسیم ہوتی ہے پس اعمال ایسے وقت میں انوار مثالیہ اور ملکیہ کا انتشار ہو جاتا ہے اور انکے اضداد کا انقباض ہو جاتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من صام شہر رمضان ایمانا و احتسابا غفر لہ ما تقدم من ذنبہ یعنی جو شخص ایمان اور طلب ثواب کے ارادہ سے رمضان کے روزے رکھتا ہے اس کے تمام پہلے گناہ بخشے جاتے ہیں میں کہتا ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ رمضان کے روزے رکھنے میں قوت ملکی کے غالب ہونے اور قوت بہیمی کے مغلوب ہونے کا قوی احتمال ہے اور خدا تعالےٰ کی رضامندی اور اس کے دیدار رحمت میں غرق ہو جانے کے لئے یہ کافی مقدار ہے لہذا یہ بات ضروری ہے کہ اس کے سبب سے نفس ایک حال سے دوسرے حال کیطرف متوجہ ہو جاتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من قام لیلۃ القدر ایمانا و احتسابا غفر لہ ما تقدم من ذنبہ جس شخص نے ایمان کے سبب اور طلب ثواب کے قصد سے شب قدر میں عبادت کی اسکے سب گناہ پہلے بخشے گئے اسکا سبب میرے نزدیک یہ ہے کہ روحانیت کے انتشار اور عالم مثال کے غلبہ کے ظاہر ہوتے وقت جب کوئی عبادت پائی جاتی ہے تو اس کے اندر اس عبادت کا وہ اثر ہوتا ہے جو غیر اوقات میں کئی مرتبہ اس عبادت کے کرنے سے نہیں ہوتا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کل عمل ابن آدم یضاعف الحسنۃ بعشر امثالہا الی سبعمائۃ ضعف انسان کا ہر عمل بڑھایا جاتا ہے نیکی کا ثواب دس مثل سے سات سو مثل تک بڑھتا ہے اور اللہ پاک فرماتا ہے الا الصوم فانہ لی وانا اجزی بہ یدع شہوتہ وطعامہ من اجلی یعنی روزے کے کہ وہ میرے ہی لئے ہے اور میں ہی اسکی جزا دونگا روزہ دار میرے ہی خاطر اپنی خواہش اور کھانے کو ترک کر دیتا ہے میں کہتا ہوں کہ نیکی کے بڑھ جانے کا سبب یہ ہے کہ انسان جب مرجاتا ہے اور قوت بہیمی کی مدد منقطع ہو جاتی ہے اور جو حالتیں اسکے مناسب تھیں وہ اس سے روگردانی کر لیتا ہے تو قوت ملکی کا ظہور ہوتا ہے اور اسکے انوار طبعی روشن ہو جاتے ہیں اور اعمال کی جزا و سزا ملنے کا یہی سبب ہے پس اگر نیک عمل ہوتا ہے تو تھوڑا سا عمل بھی قوت ملکیہ کے ظہور اور اس عمل کے اسکے مناسب ہونے کے سبب سے اسوقت بہت ہو جاتا ہے اور روزہ کے نشاد کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اعمال کا نامہ اعمال میں لکھا جانا اسطرح پر ہوتا ہے کہ ہر عمل کی صورت عالم مثال کے ایک مقام پر جو اس شخص کے لئے خاص ہے اسطرح متصور ہوتی ہے کہ اسکے جب اسکے عمل کی جزا کی صورت جب وہ شخص جسمانی حجابات سے علیحدہ ہو جاتا ہے ظاہر ہو جاتی ہے اور بسا اوقات ہم نے اس امر کا مشاہدہ کیا ہے اور نیز اس امر کا مشاہدہ کیا ہے کہ بسا اوقات اس امر کے جزا کے ظاہر کرنے میں جو شہوات نفسانیہ کے ساتھ مجاہدہ کے قبیلہ سے ہے ملائکہ کو جو اعمال کے جزا لکھنے پر مامور ہیں توقف ہوتا ہے اسلئے کہ اسکے ظاہر کرنے میں اس خلق کی مقدار معلوم کرنے کو دخل ہے جو نفس کو اس عمل پر آمادہ کرتی ہے اور وہ ملائکہ اسکے مرنے سے ناواقف ہیں اور انکو اس کا علم وجدانی نہیں ہے یہی وجہ ہے جو کفارات اور درجات کے لکھنے میں باہم نزاع کرتے ہیں چنانچہ حدیث شریف میں وارد ہوا ہے خدا تعالےٰ ان کی طرف وحی کرتا ہے کہ اس عمل کو بعینہ لکھ لو اور اس کی جزا میرے سپرد کر دو اور اللہ پاک نے جو یہ فرمایا کہ میرا بندہ صائم اپنی خواہش اور کھانے کو میری خاطر ترک کرتا ہے اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ روزہ ان کفارات سے جن کے عمل میں لانے سے نفس بہیمی کو تکلیف ہوتی ہے اور اس حدیث

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے لئے ایک بدن اور ہے جسکی طرف اسرار الصوم میں اشارہ کیا ہے اُس کو وہاں دیکھنا چاہئے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے للصوم فرحتان فرحۃ عند فطرہ وفرحۃ عند لقاء ربہ روزہ کے لئے دو خوشیاں ہیں ایک تو افطار کے وقت اور ایک جس وقت خدا تعالےٰ سے ملیگا پہلی خوشی تو طبعی ہے کہ روزہ افطار کرنے سے نفس کو جس چیز کی خواہش تھی لجاتی ہے اور دوسری روحانی فرحت ہے اس واسطے کہ روزہ کی وجہ سے روزہ دار حجاب جسمانی سے علیحدہ ہونے اور عالم بالا سے علم الیقین کا فیضان ہونے کے بعد تقدس کے آثار ظاہر ہونے کے قابل ہو جاتا ہے جس طرح نماز کے سبب سے تجلی کے آثار نمایاں ہو جاتے ہیں چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فلا تغلبوا علی صلوۃ قبل الطلوع وقبل الغروب تاکہ طلوع وغروب کے پہلے کسی نماز پر تم مغلوب نہ کئے جاؤ اور اس مقام پر اور بہت سے اسرار ہیں جن کے ظاہر کرنے کی اس کتاب میں گنجائش نہیں ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لخلوف فم الصائم اطیب عند اللہ من ریح المسک البتہ روزہ دار کے منہ کی بو خدا کے نزدیک مشک کی خوشبو سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ میرے نزدیک اُس کا یہ سبب ہے کہ عبادت کے پسندیدہ ہونے سے اُسکا اثر بھی پسندیدہ ہو جاتا ہے اور عالم مثال میں بجائے عبادت کے وہ اثر متمثل ہو جاتا ہے اس لئے آپ نے اُسکے سبب سے ملائکہ کو خوشی پیدا ہونے اور اللہ پاک کی رضامندی کو ایک پلہ میں اور بنی آدم کو مشک کے سونگھنے سے جو سرور حاصل ہوتا ہے اُس کو ایک پلہ میں رکھا تاکہ یہ رمز نبی اُن کے لئے ظاہر ہو جاوے اور نیز آپ نے فرمایا ہے الصیام جنۃ۔ روزہ ڈھال ہیں میرے نزدیک اُسکا یہ سبب ہے کہ روزہ شیطان اور نفس کے ضرر سے بچا لیتا ہے اور انسان کو ان دونوں کے اثر سے دور کر دیتا ہے اور اُن دونوں کو انسان سے کینہ ہو جاتا ہے لہذا مناسب ہوا کہ کامل طور پر اُسکو ڈھال بنایا جاوے اور اُسکی یہ صورت ہے کہ آدمی اپنی زبان کو اقوال اور اعمال شہوانی سے محفوظ رکھے چنانچہ آپ نے فرمایا ہے کہ روزہ دار بُری بات زبان سے نہ نکالے اور قوی بہیمیہ کے افعال سے محفوظ رکھے چنانچہ آپ نے فرمایا ہے کہ شور وشغب نہ کرے اور اقوال کی طرف اس قول سے اشارہ کیا ہے کہ اگر اُسکو کوئی بُرا کہے اور افعال کی طرف اشارہ کیا ہے کہ یا اُس سے کوئی لڑے فلیقل انی صائم تو اُس سے یہ کہدینا چاہئے کہ میں روزہ دار ہوں۔ بعض کے نزدیک تو اُس کو زبان ہی سے یہ کہدینا چاہیئے اور بعض کہتے ہیں دل میں یہ کہہ لے اور بعض کے نزدیک نفل کے روزے اور فرض کے روزے میں فرق ہے مگر ہر ایک میں گنجائش کا موقع ہے۔

روزے کے احکام کا بیان

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا تصوموا حتی تروا الہلال ولا تفطروا حتی تروہ الا مت روزہ رکھو جبتک کہ چاند دیکھ لو اور نہ بغیر دیکھے ہوئے افطار کرو۔ پھر اگر ابر ہو جائے تو اُس کا اندازہ کر لو اور ایک روایت میں آیا ہے کہ تیس روز پورے کر لو میں کہتا ہوں کہ چونکہ روزے کا زمانہ قمری مہینہ کے ساتھ روایت ہلال کے اعتبار سے منضبط تھا اور وہ کبھی تیس دن اور کبھی انتیس روز کا ہوتا ہے لہذا اشتباہ کی صورت میں اس اصل کی طرف

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رجوع کرنا ہوا اور نیز احکام کی مشاق امور پر ہے کہ جن کو بے پڑھے لوگ بھی جانتے ہیں تعمق اور محاسبات نجومیہ پر انکا مبنی نہیں ہے بلکہ شریعت تو ان چیزوں کے مٹانے کے لئے آئی ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انا امت امیۃ لا نکتب ولا نحسب ہم بے پڑھی امت ہیں نہ لکھتے ہیں نہ حساب کرتے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے شہرا عید لا ینقصان رمضان و ذوالحجہ عید کے دونوں مہینے کم نہیں ہوتے وہ رمضان اور ذوالحجہ ہیں بعض لوگ اسکے یہ معنی کہتے ہیں کہ ایسا نہیں ہوتا جو یہ دونوں مہینے انتیس انتیس کے ہوں۔ اور بعض کے نزدیک اس کے یہ معنی ہیں کہ تیس تیس کا اجر برابر ملتا ہے اور یا خیر معنی قواعد شرعیہ کے لحاظ سے زیادہ چسپاں ہوتے ہیں گویا آپ نے اس بات کا دفع کرنا چاہا کہ کسی کے دل میں کسی بات کا وہم نہ گذرے اور معلوم کرو کہ روزے کے باب میں تعمق کے اسباب مسدود کرنا اور جو باتیں لوگوں نے تعمق کرتے کرتے پیدا کر لی ہیں اس کا رد کرنا مقاصد ضروریہ سے تھا کیونکہ روزہ ایسی عبادت ہے کہ تمام یہود و نصاریٰ اور عرب میں سے ان لوگوں میں جنہوں نے اہل کتاب کا دین پسند کیا تھا شائع اور جاری تھا اور چونکہ انہوں نے اسبات کا خیال کیا کہ مخالفۃ النفس نفس کے غلوب کرنیکا نام ہے لہذا انہوں نے تعمق کر کے اپنی طرف سے نذونہ کے اندر ایجاد کر دیئے جنسے زیادہ تر نفس مغلوب ہو سکتا ہے اور اسکے اندر ملت الٰہی کی تحریف لازم آتی تھی اور ان امور میں تو کمیت کی زیادتی پائی جاتی تھی یا کیفیت کی کمیت زیادتی سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس طرح منع فرمایا لا یتقدمن احدکم رمضان بصوم یوم او یومین الا تم میں سے کوئی رمضان کی پیشدستی نہ کرے ایک دن نہ دو دن کے روزے سے مگر جو شخص کی کسی خاص دن روزہ رکھنے کی عادت ہو وہ اس روز روزہ رکھ لے۔ اور نیز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے عید الفطر اور شک کے دن روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے اسکا سبب یہ ہے کہ رمضان کا روزہ رکھنے اور ان دنوں کے روزہ رکھنے میں کچھ فرق نہیں ہے لہذا اگر وہمی لوگ ان دنوں میں روزہ رکھنے کا طریقہ اختیار کر لیتے تو ان کے بعد جو طبقہ پیدا ہوتا اسی طریقہ کو وہ بھی اپنے اندر جاری رکھتا اور اسی طرح اس کے بعد کا طبقہ حتے کہ دین میں تحریف لازم آتی اور تعمق فی الحقیقت اس بات کا نام ہے کہ احتیاط کی جگہ کو کوئی شخص اپنے اوپر لازم کر لیوے اور شک کا دن اسی میں داخل ہے اور کیفیت کے اندر زیادتی سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح منع کیا ہے کہ آپ نے لوگوں کو صوم وصال سے منع فرمایا ہے اور سحری کھانے کی رغبت دلائی ہے اور سحری کے دیر سے کھاتے اور روزے کے جلد کھولنے کا حکم دیا ہے کیونکہ یہ سب باتیں تشدد اور تعمق پر مبنی ہیں اور جاہلیت کے افعال میں سے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول میں اذا النصف شعبان فلا تصوموہ جب نصف مہینہ شعبان کا گذر جاوے اس میں روزے مت رکھو اور حضرت ام سلمیٰ کی اس حدیث میں کچھ مخالفت نہیں ہے کہ میں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو بجز شعبان اور رمضان کے کبھی پے در پے دو مہینے کے روزے رکھتے نہیں دیکھا۔ اس لئے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بسا اوقات بنفس نفیس وہ خود یہ افعال کیا کرتے تھے کہ جنکا اپنی امت کو حکم نہیں دیا کرتے تھے اکثر یا افعال اس بات کے بند کرنے اور احتمالات کلیہ کے مقرر کرنے کے قبیلہ سے ہوتے تھے کیونکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اس بات سے مامون تھے کہ کسی شے کو بھی استعمال کریں یا بیں مدتک ان افعال کو عمل میں لانے کا حکم دیا گیا ہے اس سے بڑھکر ال خاطر اور ضعف جسمانی کی طرف نوبت پہونچا دیگا آپ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے کوئی شخص اس بات سے مامون نہیں ہے لہذا اُن کے لئے قانون شرعی کے مقرر کرنے اور باب تحقق کے بند کرنے کی حاجت ہے یہی سبب ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم چار بیویوں سے زیادہ رکھنے کو منع فرماتے تھے اور آپ کے لئے تو بلکہ اُس سے بھی زیادہ اور حلال کی گئی تھیں کیونکہ منع کرنے کی علت یہ ہے کہ ظلم لازم نہ آوے۔ چاند کا دیکھنا ایک مسلمان عادل یا مستور الحال کے اس بات کی گواہی دینے سے ثابت ہو جاتا ہے کہ میں نے چاند دیکھا ہے اور دونوں صورتوں میں چاند کا ثابت ہو جانا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی احادیث سے ثابت ہوتا ہے کیونکہ ایک مرتبہ آپ کے پاس ایک شخص اعرابی حاضر ہوا اور اُس نے عرض کیا کہ میں نے چاند دیکھا ہے تو آپ نے اُس سے فرمایا کہ کیا تو اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اُس نے عرض کیا کہ ہاں آپ نے فرمایا اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم خدا تعالےٰ کے پیغمبر ہیں اُس نے عرض کیا ہاں آپ نے فرمایا اے بلال لوگوں میں اس بات کا اعلان کر دے کہ کل کو لوگ روزہ رکھیں اور ایک مرتبہ حضرت ابن عمرؓ نے روایت ہلال بیان کی تو آپ نے روزہ رکھ لیا اور جسقدر امور دینیہ ہیں اُن سب کا یہی حکم ہے اور اُن کا حال مثل روایت حدیث کے ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تسحروفان فی السحور برکۃ سحری کھاؤ کیونکہ سحری کھانے میں برکت ہے میں کہتا ہوں اُس میں دو برکتیں ہیں بدن کی اصلاح کے لحاظ سے یہ برکت ہے کہ بدن ضعیف نہیں ہوتا اس لئے کہ روزے کی مقدار پورے دن بھر کے لئے جن چیزوں سے باز رہنے کی ہے اُس مقدار میں زیادتی نہ کرنی چاہئے اور دوسری برکت تدبیر دینی کے اعتبار سے ہے اور وہ یہ ہے کہ دین کے اندر لوگ وہم نہ کیا کریں اور تحریف اور تغیر اُس میں نہ ہونے چاہئیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لایزال الناس بخیر ما عجلوا الفطر جبتک لوگ افطار جلدی کرتے رہینگے خیریت سے رہینگے اور نیز آپ نے فرمایا ہے فصل مابین صیامنا وصیام اہل الکتاب اکلۃ السحر ہمارے اور اہل کتاب کے روزہ میں فرق سحری کھانے کا ہے اور اللہ پاک نے فرمایا ہے احب عبادی الی اعجل فطرا اپنے بندوں میں سے وہ بندہ مجھے زیادہ پسند ہے جو افطار میں تعجیل کرے میں کہتا ہوں اس بات میں اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ اس مسئلہ میں اہل کتاب نے تحریف کر دی ہے لہذا انکی مخالفت کرنے اور انکی تحریف دور کرنے میں ملت اسلام کا قیام ہے اور نیز آپ نے جب لوگوں کو صوم وصال یعنی روزہ پر روزہ رکھنے سے منع کیا تو لوگوں نے آپ سے عرض کیا کہ آپ تو صوم وصال رکھتے ہیں آپ نے فرمایا تم میں مجھ سا کون ہے مجکو تو اللہ پاک شب میں کھلاتا ہے اور پلاتا ہے میرے نزدیک صوم وصال سے منع کرنے کے دو سبب ہیں ایک تو یہ ہے کہ یہ روزہ جان کی ہلاکت کا سبب نہ ہو جیسے ہم بیان کر چکے ہیں دوسرے یہ کہ دین کی تحریف لازم نہ آوے ۱۲ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ میرے لئے صوم وصال ہلاکت کا باعث نہیں ہو سکتا کیونکہ مجکو قوت ملکیہ نوریہ سے تائید ہوتی رہتی ہے اور آپ سب قباحتوں سے مامون ہیں اور آپ کے اس قول میں کہ جو شخص فجر سے روزہ کی نیت نہ کرے اُس کا روزہ نہیں ہوتا ہے اور آپ کے اس قول میں حین لم یجد طعاما اتی صائم یعنی جس وقت کھانا نہ ملے تو یہ کہے کہ میں روزہ رکھنے والا ہوں اس سے کہ آپ کا قول اُن روزہ فرض میں ہے اور دوسرا روزہ نفل میں اور نفی سے مراد نفی کمال ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا سمع النداء احدکم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب کوئی تم میں کا اذان سُنے اور ہاتھ میں برتن ہو جبتک اپنی حاجت پوری نہ کرلے اُس کو نہ رکھے میں کہتا ہوں کہ اذان سے مراد اذان خاص ہے اور وہ اذان بلال پر لحد ہے اور یہ حدیث حدیث ان بلالا ینادی باللیل کا مختصر ہے اور نیز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا افطر احدکم فلیفطر علی تمر فانہ برکۃ جب کوئی تم میں کا روزہ کھولے تو چھوارے سے کھولے اس لئے کہ اس سے روزہ کھولنے میں برکت ہے اور اگر اس کو نہ پائے تو پانی سے کھولے اس لئے کہ وہ پاک چیز ہے میں کہتا ہوں شیریں چیز کی طرف طبیعت کو خصوصاً بھوک کی حالت میں میلان ہوتا ہے اور جگر کو شیریں چیز سے الفت ہوتی ہے اور عرب کے طبائع چھوارے کی طرف مائل ہوتے ہیں اور طبیعت کے میلان کو اپنی مناسب چیز میں اثر ہوتا ہے پس لامحالہ وہ اُس کو بند کے مناسب موقع پر استعمال کرلیتی ہے اور یہ ایک قسم کی برکت ہے اور نیز آپ نے فرمایا ہے من فطر صائما او جہز غازیا فلہ اجرہ۔ جو شخص روزہ دار کا روزہ کھلوائے یا مجاہد کے لئے سامان جنگ کرادے۔ تو اُس شخص کو بھی صائم و مجاہد کے ثواب ملیگا۔ میں کہتا ہوں جو شخص روزہ دار کا روزہ اس غرض سے افطار کرادے کہ وہ شخص روزہ دار واجب التعظیم ہے تو اُس کا یہ روزہ افطار کرانا ایک قسم کا صدقہ اور روزہ کی تعظیم اور اہل طاعت کے ساتھ سلوک کرنا ہے پس جب اُس کے اس عمل کی صورت نامۂ عمل میں متمثل ہوئی تو کئی طرح پر وہ صورت روزہ کے معنی پر مشتمل تھی لہذا روزے کے ساتھ اُس کو جزا دیگئی۔ روزہ افطار کرنے کے وقت ان کلمات کا کہنا سنت ہے ذہب الظمأ وابتلت العروق وثبت الاجر ان شاء اللہ اور ان کلمات کے اندر ان حالتوں پر شکر ہے جن کو انسانی طبیعت یا اُس کے ساتھ اُس کی عقل بھی پسند کرتی ہے اور ان کلمات کا کہنا بھی آیا ہے اللھم لک صمت وعلی رزقک افطرت۔ ان کلمات میں عملاً اخلاص اور نعمت پر شکر کرنے کی تاکید ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ لا یصوم احدکم یوم الجمعۃ الا ان یصوم قبلہ او بعدہ۔ تم میں سے کوئی شخص جمعہ کے دن روزہ نہ رکھے مگر ہاں یہ کرے کہ اُس سے پہلے یا بعد رکھ لیا کرے اور فرمایا ہے لا تخصوا لیلۃ الجمعۃ من بین اللیالی۔ راتوں میں سے شب جمعہ کو قیام کے ساتھ مت خاص کرو۔ میرے نزدیک اُس میں دو حکمتیں ہیں ایک تو تعمق کا بند کرنا کیونکہ شارع نے روز جمعہ کو خاص خاص عبادات سے مخصوص کیا ہے اور اور دنوں پر اُس کی فضیلت بیان کی ہے اس لئے اس بات کا احتمال قوی تھا کہ تعمق کر کر لوگ اور عبادات کے ساتھ جمعہ کے اندر روزے کی عبادت کو بھی داخل کرلیتے۔ دوسری حکمت عید کے معنی کا ثابت کرنا ہے کیونکہ عید سے خوشی اور لذائذ کا حاصل کرنا مفہوم ہوتا ہے اور جمعہ کے عید قرار دینے میں یہ حکمت ہے کہ لوگوں کو اس بات کا خیال رہے کہ جمعہ کے اندر اس قسم کا اجتماع ہوتا ہے جس کی طرف اُن کے دل راغب ہوتے ہیں اور اُس میں جبر نہیں ہوتا اور نیز آپ نے فرمایا ہے الصوم فی یومین الفطر والاضحی۔ دونوں میں روزہ جائز نہیں ایک عید الفطر دوسری عید الاضحے اور فرمایا ہے ایام تشریق ایام اکل وشرب وذکر اللہ۔ ایام تشریق کھانے اور پینے اور خدا تعالےٰ کے یاد کرنے کے دن ہیں۔ میں کہتا ہوں اس کے اندر عید کے معنی کا ثابت کرنا اور خشک عبادت اور دین کے اندر تعمق کرنے سے اُن کی طبائع کا پھیرنا ہے اور فرمایا ہے لا یحل لامرأۃ ان تصوم وزوجہا شاہد الا باذنہ۔ کسی عورت کو اپنے خاوند کی موجودگی میں بلا اُس کی اجازت کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

روزہ رکھنا درست نہیں ہے میں کہتا ہوں اُس کی یہ وجہ ہے کہ ایسے وقت میں روزہ رکھنے سے خاوند کے بعض حقوق تلف ہوتے ہیں اور اُس کی بشاشت اور دل لگی میں فرق آتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول میں الصائم المتطوع بمالک نفسان شاء صام وان شاء افطر یعنی نفل کا روزہ رکھنے والا اپنی ذات کا مختار ہے چاہے روزہ رکھے چاہے توڑ دے اور اُس قول میں جو حضرت عائشہ اور حفصہ رضی اللہ عنہما نے فرمایا ہے تقضیان یوما آخر مکانہ اُس کی جگہ دوسرے دن تم روزہ قضا کر لیو کچھ مخالفت نہیں ہے اس لئے کہ قول اول کے یہ معنی ہو سکتے ہیں کہ اگر وہ روزہ دار چاہے اپنے اوپر لازم کر کے روزہ توڑ دے اور آپ نے ممکن ہے اُن دونوں کو بطور استحباب کے قضا کا حکم دیا ہو کیونکہ جس چیز کو لازم کر لیا ہے اُس کے پورا ہی کرنے سے دل کو اطمینان ہوتا ہے یہ آپ نے اُن کے دلوں میں اس بات کی طرف سے وقت کا لحاظ فرما کے خاصکر یہ حکم دیا ہو جیسا کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا رجعوا بحجۃ وعمرۃ ورجعت بحجۃ فاعمرہا من التنعیم۔ وہ تو ایک حج وعمرہ کر کے واپس ہوئے ہیں اور میں ایک حج کر کے اب مقام تنعیم سے عمرہ کرونگی اور آپ نے فرمایا من نسی وہو صائم فاکل او شرب فلیتم صومہ فانما اطعمہ اللہ وسقاہ۔ اگر روزہ دار روزہ کی حالت میں کھالے یا کچھ پی لے تو اُس کو اپنا روزہ پورا کر لینا چاہئے کیونکہ خدا ہی اُس کو کھلاتا پلاتا ہے۔ میں کہتا ہوں صرف روزہ کے اندر نسیان کی حالت میں اللہ تعالےٰ نے آدمی کو معذور کیا ہے اور کسی عبادت میں بھولنے سے وہ معذور نہیں ہوتا اس لئے کہ روزہ کے اندر کوئی ایسی ہیئت نہیں پائی جاتی جس سے اُس کو روزہ یاد رہے بخلاف اور احرام کے کہ ان دونوں کے اندر اس قسم کی ہیئت پائی جاتی ہے مثلاً قبلہ رخ کھڑا ہونا اور بے سلا ہوا کپڑا پہننا لہٰذا روزہ کے اندر معذور رکھنا مناسب ہوا اور ایک مرتبہ رمضان کے دن میں ایک شخص نے اپنی بیوی سے مجامعت کر لی تو آپ نے اُس سے فرمایا اعتق رقبۃ۔ یعنی ایک غلام آزاد کر میں کہتا ہوں جب اُس شخص نے شعار الٰہی کی حرمت کا ہتک کیا جس کا منشاء اذعان طبعی تھا لہٰذا ضروری ہوا کہ اُس کے مقابلے میں اُس کے اوپر ایک ایسی عبادت واجب کی جائے جو اُس کے نفس پر نہایت شاق ہو تاکہ اُس کے سامنے اُس کی صورت پیش رہے اور نفس کے غالب ہونے سے اُس شخص کو باز رکھے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے مسواک کرنے اور یہ فرمانے کہ روزہ دار کے منہ کی بو خدا تعالےٰ کو مشک کی بو سے زیادہ پسندیدہ ہے کچھ مخالفت نہیں ہے کیونکہ ایسے کلام سے مبالغہ مقصود ہوا کرتا ہے گویا آپ نے یہ فرمایا ہے کہ گویا وہ شخص خدا تعالےٰ کو اس قدر محبوب ہے کہ اُس کے منہ کی بدبو بھی اُس کو اچھی معلوم ہوتی ہے اور نیز ان دونوں حدیثوں میں اختلاف نہیں ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لیس من البر الصیام فی السفر ذہب المفطرون بالاجر۔ سفر میں روزہ رکھنا اچھا نہیں ہے جو لوگ روزہ نہیں رکھتے وہ اجر میں اور فرمایا ہے من کانت لہ حمولۃ تاوی الی شبع فلیصم رمضان حیثما ادرکہ۔ یعنی جس شخص کے پاس سواری ہو جو منزل تک اُس کو آرام سے پہونچا سکے تو رمضان کو جس جگہ پائے روزہ رکھے اس لئے کہ پہلی حدیث اُس صورت کے ساتھ مخصوص ہے جب روزہ رکھنا شاق ہو جس سے ضعف اور غشی تک نوبت پہونچے چنانچہ راوی کے اس قول سے معلوم ہوتا ہے قد ظلل علیہ یا مسلمانوں کو ایسی حاجت ہے کہ بغیر افطار کے وہ حاجت پوری نہیں ہو سکتی چنانچہ راوی کہتا ہے فسقط

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الصوامون وقام المفطرون یعنے روزہ دار گر پڑے اور بے روزہ دار کھڑے ہو گئے یا کوئی شخص اپنے دل میں اس خصت کی کراہیت کا گمان کرتا ہے اور اسی قسم کی اسباب کی صورت میں یہ حکم ہے اور دوسرا اس صورت میں ہے کہ سفر میں بیماں مشقت نہ ہو اور اسباب مذکورہ سے خالی اور نیز ان دو حدیثوں میں اختلاف نہیں ہے کہ آپ نے فرمایا ہے من مات وعلیہ صوم صام عنہ ولیہ جس شخص کے ذمہ کوئی روزہ ہو اور وہ مر جائے اس کی طرف سے اس کا وارث روزہ رکھے اور اسی کے حق میں فرمایا ہے فلیطعم عنہ مکان کل یوم مسکینا۔ تو اس کو چاہیے کہ ہر دن کی جگہ ایک مسکین کو کھانا کھلا دے اس لئے کہ دونوں امر میں سے ہر ایک کے کافی ہونے کا احتمال ہے اور اس میں دو بھید ہیں ایک تو میت کے اعتبار سے کیونکہ بہت سے نفوس جو اپنے ابدان سے مفارقت کرتے ہیں ان کو اس بات کا ادراک رہتا ہے کہ عبادت میں سے کوئی عبادت جو ان پر واجب تھی اور اس کے ترک کرنے سے ان سے مواخذہ کیا جائیگا ان سے فوت ہو گئی ہے اس لئے وہ نفوس رنج والم کی حالت میں رہتے ہیں اور اس سبب سے ان پر وحشت کا دروازہ کھل جاتا ہے ایسے وقت میں ان پر بڑی شفقت یہ ہے کہ لوگوں میں سے جو سب سے زیادہ اس میت کا قریب ہے اسکا سا عمل کرے اور اس بات کا قصد کرے کہ یہ عمل اس کی طرف سے کرتا ہوں اس شخص کے قرابتی کو مفید ثابت ہوتا ہے یا وہ شخص کوئی اور دوسرا کام مثل اسی کام کے کرتا ہے اور ایسا ہی اگر ایک شخص نے کسی چیز کے صدقہ کرنے کا ارادہ کیا تھا مگر وہ بغیر صدقہ کئے مر گیا تو اسکے وارث کو اسکی طرف سے صدقہ کرنا چاہیے اور جنازہ کی نماز میں ہم نے جو بیان کیا ہے اگر وہی بیان مردوں کے لئے زندوں کے صدقہ کرنے کے متعلق کیا جائے تو ہو سکتا ہے اور دوسری رمزوں کے اعتبار سے ہے اور وہ تاکید بلیغ کا ثابت ہونا ہے یعنی تاکہ لوگ معلوم کر لیں کہ روزہ ایسی ضروری عبادت ہے کہ بعد مرنے کے بھی ساقط نہیں ہوتا۔

اُن امور کا بیان جو روزے کے متعلق ہیں

معلوم کرنا چاہئے کہ روزہ کا کمال افعال اور اقوال شہویہ اور سبعیہ اور شیطانیہ سے اس کا محفوظ رکھنا ہے کیونکہ یہ امور نفس کو اخلاق رذیلہ کی یاد دہانی کرتے ہیں اور اوصاف قبیحہ کی طرف اس کو برانگیختہ کرتے ہیں اور نیز ان چیزوں سے روزہ کا محفوظ رکھنا جو روزہ ٹوٹنے کے دواعی اور اسباب ہیں۔ پہلے امور کی نسبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فلا یرفث ولا یجہل وان سابہ احد او قاتلہ فلیقل انی امرء صائم یعنی وہ گفتگو نہ کرے اور شور نہ مچائے پھر اگر کوئی شخص اسکو برا کہے یا اس سے لڑے تو اس کو یہ کہدینا چاہئے کہ میں روزے سے ہوں اور آپ نے فرمایا ہے من لم یدع قول الزور والعمل بہ فلیس للہ حاجۃ فی ان یدع طعامہ وشرابہ۔ جو شخص جھوٹی بات اور اس پر عمل نہ چھوڑے تو خدا تعالیٰ کو اسکا کھانا پینا ترک کرنے کی حاجت نہیں ہے یہاں مراد نفی سے نفی کمال کی ہے اور دوسرے امر کے متعلق آپ نے فرمایا ہے افطر الحاجم والمحجوم فان المحجوم انما تعرض للافطار من الضعف والحاجم لانہ لا یامن۔ الحدیث۔ پچھنے لگانے والا اور لگوانے والا دونوں افطار کریں لگوانے والا تو اس لئے کہ ضعف کے سبب سے وہ افطار کے قابل ہو گیا اور لگانے والا اس لئے کہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سینگی کے چوسنے سے اس کی حلق کے اندر کسی چیز کے پہونچنے کا احتمال ہے اور بوسہ لینا اور مباشرت بھی اسی قبیلہ سے ہے اور لوگوں نے اس کے اندر زیادہ افراط اور تعمق کر لیا تھا اور قریب تھا کہ اس کو رکن کے مرتبہ میں قرار دیں اس لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے قولاً اور فعلاً اس بات کا بیان کر دیا کہ اس سے نہ روزہ ٹوٹتا ہے نہ اس میں کچھ نقصان لازم آتا ہے اور رخصت کے لفظ سے اس بات کی طرف بھی اشارہ کر دیا کہ آپ کے سوا دوسرے کے لئے یہ چیزیں مکروہ ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تو شریعت کے بیان کرنے پر مامور ہی تھے لہذا آپ کے حق میں انکا کرنا اولیٰ تھا اور ایسی تمام ان چیزوں کا حال ہے جن میں معصومین کے درجہ سے عامہ مومنین کے درجہ کیطرف تنزل فرمایا ہے۔ واللہ اعلم۔

روزہ کے اندر انبیاء علیہ السلام کے طریقے مختلف رہے ہیں۔ نوح علیہ السلام تو ہمیشہ روزہ رکھتے تھے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ایک روز رکھتے تھے اور دو روز یا کئی روز نہ رکھتے تھے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بذات خود کبھی اس قدر رکھتے تھے کہ دیکھنے والا کہتا کہ آپ کبھی نہ چھوڑینگے اور کبھی اس قدر چھوڑتے تھے کہ دیکھنے والا کہتا کہ آپ روزہ نہ رکھینگے مگر بجز مہینہ رمضان کے پورے کسی مہینہ کے نہ رکھتے تھے اور اس کا سبب یہ ہے کہ روزہ فی الواقع ایک تریاق ہے اور تریاق کا استعمال مرض کی مقدار کے اعتبار سے ہوتا ہے اور حضرت نوح علیہ السلام کی امت کے لوگ نہایت مضبوط ہوتے تھے چنانچہ ان کے بڑے بڑے عالات مروی ہیں اور حضرت داؤد علیہ السلام بھی نہایت قوی اور مضبوط آدمی تھے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وکان لایفر اذا لاقی یعنی جب کسی سے بھڑ جاتے تھے تو بھاگتے نہ تھے۔ اور حضرت عیسےٰ علیہ السلام ضعیف البدن اور فارغ البال تھے اور نہ ان کے گھر تھا اور نہ ان کے پاس کچھ مال تھا ان میں سے ہر ایک نے جو صورت حال کے مناسب دیکھی اسکو پسند کر لیا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم روزہ رکھنے اور نہ رکھنے کے فوائد سے خوب واقف تھے اور اپنے حال اور اس کے مناسب افعال سے خوب واقف تھے لہذا مصلحت وقت کے اعتبار سے جو آپ نے مناسب سمجھا اس کو اختیار کیا اور اپنی امت کے لئے بھی درمیان کے چند روزے پسند کئے انجملہ عاشورہ کا روزہ اور اس کے مشروعیت میں یہ رمز ہے کہ خدا تعالےٰ نے فرعون اور اس کی قوم کے مقابلہ میں حضرت موسےٰ علیہ السلام کی مدد کی ہے اور اس روز موسےٰ علیہ السلام نے اس کے شکر میں روزہ رکھا ہے اور اس روزہ کا اہل کتاب اور عرب میں دستور تھا لہذا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کو برقرار رکھا اور ایک عرفہ کا روزہ ہے اس میں یہ رمز ہے کہ اس روز سے حاجیوں کے ساتھ مشابہت اور انکی طرف شوق پیدا ہوتا ہے جس رحمت کا نزول انپر ہوتا ہے ادھر بھی اس کی توجہ ہو جاتی ہے اور عاشورہ کے روزہ پر اس روزہ کو فضیلت حاصل ہونے کا یہ سبب ہے کہ عرفہ کا روزہ رکھنا فی الحقیقت اس رحمت الٰہی کے دریا میں غرق ہو جانا ہے جو اس روز بندوں پر نازل ہو رہی ہے اور عاشورہ کے روزہ کا اس رحمت کا اپنی طرف متوجہ کرنا منظور ہے جو گذر چکی لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جب رحمت الٰہی کے دریا میں غرق ہونے کے ثمرہ کی طرف ملاحظہ کیا جس کی وجہ سے گناہ سابق محو ہو جاتے ہیں اور گناہ لاحق سے بعد ہو جاتا ہے بایں معنی کہ آدمی کا دل ان کو قبول نہیں کرتا تو یہ ثمرہ آپ نے عرفہ کے روزے میں مقرر کیا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے حج میں عرفہ کا روزہ نہیں رکھا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کی وجہ وہی ہے جو قربانی اور عید کی نماز میں ہم بیان کر چکے ہیں کہ ان سب امور کا ملنا حجاج کے ساتھ مشابہت پیدا کرنے پر ہے اور مشابہت انہیں لوگوں کو پیدا کرنی چاہئے جو حجاج نہیں ہیں اور ایک شوال کے چھ روزے ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من صام صیام رمضان فاتبعہ ستا من شوال کان کصیام الدھر کلہ۔ جو شخص رمضان کے روزے رکھکر اس کے بعد شوال کے چھ روزے اور رکھ لیا کرے تو ہمیشہ روزے رکھنے کے برابر ہے اور ان روزوں کی مشروعیت میں یہ بھید ہے کہ یہ روزے ایسے ہیں جیسے نماز پنجگانہ کے ساتھ سنتیں مقرر کی گئی ہیں جن کی وجہ سے ان لوگوں کی فائدہ کی تکمیل ہو جاتی ہے جو اصل نماز سے پورا فائدہ نہیں حاصل کرتے اور ان روزوں کی فضیلت میں یہ بات کہ ان کی وجہ سے آدمی کو ہمیشہ روزے رکھنے کے برابر ثواب ملتا ہے اس واسطے مخصوص کئے گئے کہ یہ قاعدہ مقرر ہے کہ ایک نیکی کا ثواب دس نیکی کے برابر ملتا ہے اور ان چھ روزوں سے یہ حساب پورا ہو سکتا ہے یعنی تیس اور چھ چھتیس ہوئے اور چھتیس دہائی تین سو ساٹھ ہوتے ہیں جو ایک سال کے دن ہیں اور ایک ہر ماہ میں تین روزوں کا رکھنا ہے کیونکہ وہ بھی اسی حساب سے سال بھر کے روزوں کے برابر ہیں اور تین کی مقدار کثرت کا ادنے درجہ ہے اب اس بات میں روایت مختلف ہے کہ کون سے تین روز رکھنا چاہئیں ایک روایت میں تو آیا ہے اے ابوذر اگر مہینے میں تو تین روزے رکھے تو مہینے کی تیرہویں اور چودھویں اور پندرہویں کو رکھا کر اور ایک روایت میں آیا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ایک مہینے میں ہفتہ اور اتوار اور پیر کے دن اور دوسرے مہینے میں منگل بدھ جمعرات کے روزے رکھا کرتے تھے اور ہر مہینے کی پہلی تاریخ سے بھی تین دن روزے رکھنا ایک روایت میں آیا ہے اور ایک حدیث میں یہ بھی آیا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ام سلمہ کو تین دن کے روزے رکھنے کا حکم دیا جن کا پہلا دن پیر یا جمعرات ہے اور ہر ایک کے لئے کچھ نہ کچھ سبب ہے اور معلوم کرنا چاہئے کہ شب قدر کی دو راتیں ہیں ایک تو وہ رات جس میں تمام امور حکمیہ کی تقسیم ہوتی ہے اور اسی رات میں پورا قرآن پہلے آسمان پر اترا ہے بعد ازاں تھوڑا تھوڑا نازل ہوتا رہا تھا یہ شب سال بھر میں ایک رات ہوتی ہے یہ ضرور نہیں ہے کہ ماہ رمضان ہی میں ہو البتہ رمضان کے مہینے میں اس کے پائے جانے کا احتمال قوی ہے اور جس سال قرآن اترا ہے تو اس سال یہ رات رمضان کے مہینے میں ہوئی ہے اور دوسری شب قدر وہ ہے جس میں روحانیت کا عالم کے اندر پھیلاؤ ہوتا ہے اور اس شب میں ملائکہ مقربین کا زمین کی طرف نزول ہوتا ہے اور مسلمان لوگ اتفاق سے اس شب میں عبادتوں میں مشغول ہوتے ہیں اور باہم ان کے انوار کا ظل ایک دوسرے پر پڑتا ہے تو ملائکہ سے ان کو قرب ہو جاتا ہے اور شیاطین ان سے دور ہو جاتے ہیں اور ان کی دعائیں اور عبادتیں مقبول ہوتی ہیں اور یہ شب رمضان کے اخیر عشرہ میں طاق تاریخوں میں مقدم و مؤخر ہوتی رہتی ہے لیکن عشرہ اخیرہ سے باہر نہیں ہوتی تو جو شخص شب قدر سے پہلی شب مراد لیتا ہے اس کا تو یہ قول ہے کہ شب قدر سال بھر کبھی کبھی ہوتی ہے اور جو شخص شب قدر سے دوسری شب قدر مراد لیتا ہے اس کا یہ قول ہے کہ رمضان کے آخر عشرہ میں ہوتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں تمہاری خواب کو ستائیسویں شب میں متفق پاتا ہوں اور جس شخص کو اس شب کی تلاش ہو وہ ستائیسویں رات میں تلاش کرے اور آپ نے فرمایا کہ یہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رات دکھائی گئی پھر مجھے بھلا دیگئی اور میں نے اس کی صبح کو اپنے آپ کو پانی اور مٹی میں سجدہ کرتے دیکھا اور یہ بات اکیسویں شب میں دیکھی گئی یعنی اکیسویں شب کی صبح کو لوگوں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی پیشانی پر پانی اور مٹی کا اثر دیکھا اور صحابہؓ کے درمیان شب قدر میں خلاف ہے اس کا منبع شب قدر کے دیکھنے پر ہے جو شخص شب قدر کو دیکھے اس کو یہ عاجز نہیں چاہئے اللھم انک عفو تحب العفو فاعف عنی اور مسجد کے اندر اعتکاف کرنا دلجمعی اور قلب کی صفائی اور عبادت کیلئے فراغت اور انکسار کے ساتھ مشابہت پیدا ہونے اور شب قدر کے لئے منتظر رہنے کا سبب ہے اسلئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو اخیر عشرہ میں پسند کیا اور اپنی امت کے محسنین کے لئے اس کو مقرر فرمایا حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں معتکف کی سنت ہے کہ کسی مریض کی عیادت کو نہ جاوے اور کسی کے جنازے میں نہ شریک ہو اور عورت کو ہاتھ لگائے نہ صحبت کرے اور بغیر حاجت کے مسجد سے باہر نہ آئے مگر مجبوری کی بات جدی ہے اور بغیر روزے کے اعتکاف نہیں ہوتا اور نہ سوائے جامع مسجد کے کہیں ہوتا ہے اس کا سبب میرے نزدیک اعتکاف کے معنی کا ثابت کرنا ہے تاکہ عبادت کی قدر اور نفس پر مشقت معلوم ہو اور عبادت کی مخالفت پائی جائے واللہ اعلم۔

یہاں سے احادیث کا بیان ہے جو حج کے باب میں وارد ہوئی ہیں

حج کے اندر جن مصالح کا لحاظ کیا گیا ہے وہ چند امور ہیں از انجملہ بیت اللہ کی تعظیم ہے کیونکہ شعار الٰہی میں سے ہے اور اس کی تعظیم خدا تعالےٰ کی تعظیم ہے اور از انجملہ اجتماع کے معنی کا ثابت کرنا ہے کیونکہ ہر دولت اور ہر ملت کیلئے اجتماع کا ایک دن ہوتا ہے جس میں ادنے و اعلےٰ موجود ہوتے ہیں تاکہ باہم ایک دوسرے سے معرفت حاصل کریں اور ملت کے احکام سیکھیں اور اس کے شعائر کی تعظیم کریں اسی طرح مسلمانوں کے جمع ہونے اور ان کی شوکت کے ظاہر ہونے اور ان کے لشکروں کے جمع ہونے اور دین کی عوت کا دن ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے واذ جعلنا البیت مثابۃ للناس وامنا۔ اور جب کہ اس گھر کو ہم نے گرداناوگوں کا مرجع اور ان کے لئے امن کی جگہ اور از انجملہ حضرت ابراہیمؑ سے لوگوں میں جو دستور چلا آتا ہے اس کے ساتھ موافقت کرنا ہے کیونکہ وہ دونوں ملت حنفی کے امام اور عرب کے لئے اس کے احکام مقرر کرنے والے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے اسی ملت کا ظاہر کرنا اور سب ملتوں پر اس کا غالب کرنا مقصود ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے ملت ابیکم ابراہیم تمہارے باپ ابراہیم کی ملت لہذا اس ملت کے اماموں سے جو طریقہ جاری رہا ہے اس کی محافظت ضروری ہوئی مثلاً فطرت کے خصائل اور حج کے مناسک چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قفوا علے مشاعرکم فانکم علی ارث من ارث ابیکم ابراہیم۔ اور اپنے مشاعر پر وقوف کرو کیونکہ تمہارے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ورثہ میں سے تم کو ورثہ پہونچا ہے اور از انجملہ ایک ایسی بات پر اتفاق کا پایا جانا ہے جس میں ہر خاص و عام کے لئے آسانی ہے جیسے منیٰ میں اترنا اور مزدلفہ میں شب کو قیام کرنا کیونکہ اگر ایسی بات پر ان کا اتفاق نہ ہوتا تو ان کے لئے سخت دشواری ہوتی اور اگر اس کا حکم قطعی نہیں دیا جاتا تو باوجود اس کثرت اور انتشار کے سب لوگ ایک بات پر متفق نہ ہوتے اور از انجملہ ایسے اعمال کا پایا جانا جن سے ان کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرنے والے کا موجد اور حق کا تابع ہونا اور ملت حنفی میں داخل ہونا اور اس ملت کے گذشتہ لوگوں پر جو جو انعامات ہوئے ہیں اُن پر شکر کرنا معلوم ہوتا ہے جیسے صفا مروہ میں سعی کرنی اور از انجملہ یہ ہے کہ اہل جاہلیت بھی حج کیا کرتے تھے اور حج اُن کے دین کے اصول میں سے تھا لیکن اُنہوں نے اُس کے اندر اور بہت سی باتیں جنکا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پتہ نہ لگتا تھا اور صرف اُنہیں کی ایجاد شدہ تھیں شامل کر لی تھیں اور اُن باتوں میں شرک پایا جاتا تھا جیسے وثنائہ اور منات وطاغیہ کے لئے احرام باندھنا اور اُن کا تلبیہ یہ کہنا لا شریک لک الا شریکا ہو لک اور یہ باتیں ایسی تھیں جنسے نہایت تاکید سے منع کرنا ضروری تھا اور بہت سی باتیں بطریق فخر اور خود پسندی کے اپنی طرف سے کیا کرتے تھے جیسے حمس کا یہ کہنا کہ ہم خدا کے جوار میں رہتے ہیں اس لئے حرم سے ہم نکلینگے اس لئے یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ثم افیضوا من حیث افاض الناس پھر تم چلو جس راستے سے لوگ چلدئے۔ اور منا کے دنوں میں وہ لوگ اپنے باپ دادوں کی بڑائیاں بیان کیا کرتے تھے لہذا یہ آیت نازل ہوئی فاذکروا اللہ کذکرکم آباءکم او اشد ذکرا۔ یاد خدا کی ایسی کیا کرو جیسے اپنے باپ دادا کا ذکر کرتے ہو یا اُس سے بھی زیادہ۔ اور چونکہ انصار نے اس کی حقیقت کو معلوم کیا اس لئے صفا مروہ میں بھی سعی کرنے سے اُن کو پرہیز ہوا تھی کہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ صفا اور مروہ خدا کی نشانیوں میں سے ہیں۔ اور از انجملہ یہ ہے کہ اُنہوں نے اپنی طرف سے قیاسات فاسدہ ایجاد کر لئے تھے جن کا مدار دین میں اپنے زعم کرنے پر تھا۔ اور اُن باتوں میں لوگوں کو دقت تھی اور دور ہونے اور متروک ہونے کے قابل تھیں جیسا کہ اُن کا یہ کہنا کہ قوم گھروں کے دروازوں سے داخل نہ ہوں اور چھتوں پر سے یعنی پشت کی طرف سے چڑھکر گھروں میں آیا کرتے تھے اُن کو یہ خیال تھا کہ دروازہ سے مکان کے اندر آنا ایک معمولی بات ہے جو احرام کی ہیئت کے منافی ہے اس لئے یہ آیت نازل ہوئی ولیس البر بان تاتوا البیوت من ظہورہا پشت کی طرف سے تمہارا گھروں میں آنا کچھ بھلائی کی بات نہیں ہے اور ایام حج میں وہ لوگ خرید و فروخت کو مکروہ جانتے تھے اور یہ خیال کرتے تھے کہ ان ایام میں تجارت کرنے سے عمل میں خلوص نہیں رہتا پس یہ آیت نازل ہوئی لا جناح علیکم ان تبتغوا فضلا من ربکم۔ اپنے پروردگار سے فضل کی تلاش میں تم پر کچھ مضائقہ نہیں ہے اور اس بات کو اچھا جانتے تھے کہ بغیر سفر خرچ کے حج کریں اور اپنے آپ کو متوکل کہتے تھے اور پھر لوگوں کو تنگ کیا کرتے تھے اور اُن پر ظلم کیا کرتے تھے اس لئے یہ آیت نازل ہوئی فتزودوا فان خیر الزاد التقوی۔ اور زاد راہ لیلو البتہ بہتر زاد راہ پرہیزگاری ہے۔

www.KitaboSunnat.com

اور اُن کا قول تھا کہ حج کے ایام میں عمرہ کرنا بڑا سخت گناہ ہے اور کہا کرتے تھے جب صفر کا مہینہ گذر گیا اور اونٹوں کی پشت کے زخم اچھے ہو گئے اور سفر کے آثار جاتے رہے تو عمرہ کرنے والے کے لئے عمرہ درست ہو گیا۔ اور آفاقیوں کے لئے اس میں نہایت دقت تھی کیونکہ عمرہ کے لئے اُن کو از سر نو سفر کرنے کی حاجت پڑتی تھی اسلئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اس بات کا حکم دیا کہ عمرہ کر کے احرام سے باہر آدیں اور اُس کے بعد حج کریں اور اس امر میں آپ نے بہت تشدد سے فرمایا کیونکہ یہ باتیں اُن کی عادات میں داخل ہو کر خاطر ہو گئی تھیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یا ایہا الناس قد فرض علیکم الحج الخ اے لوگو تمہارے اوپر حج فرض کیا گیا لہذا حج کرو اس اثنا میں ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ ہر سال۔ آپ یہ سنکر خاموش ہو رہے حتی کہ اس شخص نے تین مرتبہ یہی سوال کیا تو آپ نے فرمایا اگر کہدوں میں ہاں، تو البتہ ہر سال واجب ہو جاوے اور تم نہ کر سکو۔ میرے نزدیک اس میں یہ راز ہے کہ کسی خاص وقت پر وحی الٰہی نازل ہونے کا سبب لوگوں کا ایک امر پر متوجہ ہونا اور ان کے علوم اور ان کی ہمتوں کا اس امر کو قبول کر لینا اور اس مقدار کا لوگوں میں مشہور اور متداول ہونا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا خدا تعالےٰ سے اس کا طلب کرنا ہوتا ہے پس جب یہ دونوں امر جمع ہو جاتے ہیں تو اس کے موافق وحی کا نازل ہو جانا ضروری ہو جاتا ہے اور یہ امر تم یہاں سے معلوم کر سکتے ہو کہ خدا تعالےٰ نے کوئی کتاب کسی زبان میں بجز ان لوگوں کی زبان کے اور بجز ایسے الفاظ کے جن کو وہ سمجھ سکیں نہیں نازل فرمائی اور نہ کوئی ایسا حکم یا دلیل ان کے لئے بیان کی کہ جو وہ آسانی سے نہ سمجھ سکیں۔ اور یہ ہو بھی نہیں سکتا اس لئے کہ وحی کا مدار خدا تعالےٰ کی عنایت پر ہے اور عنایت اس میں پائی جاتی ہے کہ جس امر کو وہ آسانی سے قبول کر سکیں وہی بات ان کے لئے تجویز کی جائے اور کسی نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا سب اعمال میں سے کون سے عمل کو فضیلت ہے آپ نے فرمایا خدا تعالےٰ اور اس کے رسول پر ایمان رکھنا پھر عرض کیا اس کے بعد سب اعمال میں کون سا عمل بہتر ہے فرمایا خدا کی راہ میں جہاد کرنا اس نے اس کے بعد کونسا عمل افضل ترین اعمال کا ہے آپ نے فرمایا حج مبرور۔ اس حدیث میں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ذکر کی فضیلت میں یہ فرمانے سے الا انبئکم بافضل اعمالکم الحدیث کیا میں تمہارے اعمال میں سے افضل ترین عمل نہ بتلا دوں اس لئے کہ فضیلت اعتبار کے مختلف ہونے سے مختلف ہو جاتی ہے اور یہاں پر فضیلت کا دین الٰہی کی تعظیم اور شعائر الٰہی کے ظہور کے لحاظ سے بیان کرنا مقصود ہے اور اس اعتبار سے ایمان کے بعد جہاد اور حج کے برابر کوئی عمل نہیں ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من حج للہ فلم یرفث ولم یفسق رجع کیوم ولدتہ امہ جو شخص اللہ تعالےٰ کے لئے حج کرے اور اس میں لغو باتیں اور فسق کے کام نہ کرے تو اس روز کا سا ہو جاتا ہے جیسے کہ اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان عمرۃ فی رمضان تعدل حجۃ۔ رمضان میں ایک عمرہ ایک حج کے برابر ہے میرے نزدیک اس کی وجہ یہ ہے کہ حج کو عمرہ پر فضیلت حاصل ہونیکا یہی سبب ہے کہ حج کے اندر شعائر الٰہی کی تعظیم اور رحمت الٰہی کے طلب کرنے پر لوگوں کا اجتماع ہوتا ہے اور عمرہ میں یہ بات نہیں ہوتی رمضان کے مہینہ میں جو عمرہ پایا جاتا ہے وہ حج کا کام دیتا ہے اس لئے کہ رمضان کے مہینے میں خیر کے سائے کا پرتو پڑتا رہتا ہے اور عالم میں روحانیت کا نزول ہوتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من زاد او اہلہ تبلغہ لا یبت اللہ ولم یحج فلا علیہ ان یموت یہودیا او نصرانیا جس شخص کے پاس زاد راہ اور ایسی سواری ہو جو بیت اللہ تک پہونچا سکے اور اس نے حج نہیں کیا پھر نہیں پرواہ اس کو کہ یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر میں کہتا ہوں اسلام کے ارکان میں سے کسی رکن کا ترک کر دینا ایسا ہے جیسے اسلام سے باہر ہو جانا اور حج کے ترک کرنیوالے کو یہودی اور نصرانی کے ساتھ اور تارک صلوۃ کو مشرک کیساتھ ملانے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشبیہ دیگئی کہ یہود و نصاریٰ نماز پڑھتے ہیں لیکن حج نہیں کرتے اور مشرکین عرب حج کرتے تھے لیکن نماز نہیں پڑھتے تھے کسی نے آپ سے عرض کیا کہ حج کرنے والا کیسا ہوتا ہے آپ نے فرمایا سر میں خاک بدن میں بدبو پھر عرض کیا گیا کونسا حج بہتر ہے آپ نے فرمایا جس میں باآواز بلند تلبیہ کہے اور قربانی کرے پھر عرض کیا گیا راستہ سے کیا مراد ہے یعنی من استطاع الیہ سبیلاً میں آپ نے فرمایا زادراہ اور سواری۔ میں کہتا ہوں حاجی کی شان سے خدا تعالیٰ کے لئے نیازمندی ہے اور حج کے اندر جس مصلحت کا اعتبار کیا گیا ہے وہ اعلاء کلمۃ اللہ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے طریقہ کی موافقت اور خدا تعالیٰ کے جو انعامات ہوئے ہیں اُن کا یاد کرنا ہے اور زادراہ اور سواری سے راستہ کی تعیین اس لئے کی گئی کہ یہ دونوں چیزیں آسانی کا سبب ہیں جس کی رعایت حج جیسی عبادت شاقہ میں ضروری ہیں اور جنازہ کی نماز اور میت کی طرف سے روزہ رکھنے کا بیان کیا ہے اگر وہی بیان دوسرے شخص کی طرف سے حج کرنے کے متعلق کیا جاوے تو ہو سکتا ہے۔

مناسک کا بیان

معلوم کرنا چاہیئے کہ صحابہؓ اور تابعین رحمۃ اللہ علیہ اور تمام مومنین سے جو مناسک منقول ہیں وہ چار ہیں۔ حج مفرد۔ عمرہ مفرد۔ حج تمتع۔ حج قران۔ مکہ کے باشندوں کو حج مقرر کرنے کی یہ صورت ہے کہ وہیں احرام باندھے اور احرام کی حالت میں جماع اور اس کے دواعی اور سر منڈوانے اور ناخنوں کا ترشوانے اور سلا ہوا کپڑا پہننے اور سر ڈھکنے اور خوشبو لگانے اور شکار کرنے سے اجتناب کرے اور ایک قول کے موافق نکاح سے بھی اجتناب کرے پھر عرفات کو جاوے اور عرفہ کی شام وہاں موجود ہو جاوے پھر بعد غروب آفتاب کے وہاں سے واپس ہو کر مزدلفہ میں شب باشی کرے اور قبل طلوع آفتاب کے منا میں آکر عقبہ کو پہلی رمی جمار کرے اب اگر اس کے ساتھ ہدی ہو تو وہیں اس کی قربانی کرے اور سر منڈوا دے یا بال ترشوائے پھر ایام منا میں طواف الافاضہ کرے اور صفا۔ مروہ میں سعی کرے۔

اور آفاقی کے لئے یوں کرنا چاہیئے کہ ہر ایک اپنی میقات سے احرام باندھے اور عرفات میں ٹھیرنے سے پہلے اگر وہ مکہ میں آگیا تو وہ طواف قدوم کرے اور اس میں اکڑ کر چلے اور صفا مروہ میں سعی کرے پھر اپنے احرام پر بدستور قائم رہے حتیٰ کہ عرفات پر مقیم ہو اور رمی جمار کرے اور سر منڈوا دے اور طواف کرے اور اب اکڑنے اور دوڑنے کا حکم نہیں ہے۔

اور عمرہ کی ترکیب مکے والوں کے لئے یہ ہے کہ حل سے احرام باندھے اور آفاقی کو اپنے اپنے میقات سے احرام باندھنا چاہیئے بعد ازاں طواف و سعی کرے اور بالوں کو منڈائے یا ترشوائے۔

اور تمتع کی صورت آفاقی کے لئے یہ ہے کہ حج کے مہینوں میں عمرہ کے لئے احرام باندھے پھر مکہ میں آ کر اپنا عمرہ پورا کرے احرام سے باہر آوے اور حج کے ایام تک بغیر احرام کے رہے اور جو اس کو گائے کی میسر ہو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُس کی قربانی کرے۔

قران کی یہ صورت ہے کہ باہر کا آدمی معاج وعمرہ کے لئے احرام باندھے پھر مکہ میں آوے اور اپنے احرام پر قائم رہے بیتک نعال حج سے فارغ ہو اور اُس کو ایک طواف اور ایک مرتبہ سعی کرنا چاہئے اور ایک قول کے موافق دو طواف اور دو مرتبہ سعی کرنا چاہئے بعد ازاں جو گاے بکری اس کو بہم پہونچے پھر جب مکہ سے باہر آنے کا قصد کرے طواف وداع کرے۔

معلوم کرد کہ حج وعمرہ کے لئے احرام ایسا ہے جیسے نماز کے لئے تکبیر احرام کے اندر اخلاص وتعظیم اور ایک ظاہری فعل سے حج کے مقصد ارادہ کی صورت معلوم ہوتی ہے اور اس میں آدمی کے نفس میں کو ذلت اور خشوع کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں کیونکہ اس میں تمام لذائذ اور عادات مالوفہ اور ہر قسم کی زینت کی باتوں کا چھوڑنا ہوتا ہے اور اس میں تعب اور خشکی اور خدا تعالے کے لئے اپنی حالت کا بدلنا پایا جاتا ہے اور محرم کو ان اشیا سے اجتناب کرنے کا اسلئے کم دیا گیا ہے کہ ذلت اور ترک زینت اور خراب خستہ ہونے کے معانی پائے جائیں اور خوف الٰہی اور اسکی تعظیم کا اثر ظاہر ہو اور نفس کو اپنی خواہشوں کے پورا کرنے میں مطلق العنانی نہ ہونے پائے بلکہ اس پر غلبہ رہے اور شکار کرنا ایک قسم کے لہو میں داخل ہے اور توسع کے قبیلہ سے ہے لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من اتبع صید الہاہ جسنے کہ پیچھا کیا اُس نے لہو کیا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور کبار صحابہ رضی اللہ عنہم سے شکار کرنا ثابت نہیں ہے اگرچہ نے فی الجملہ اس کی اجازت دی ہے۔ اور جماع کرنا فی الحقیقت شہوت بہیمیہ میں منہمک ہونا ہے اس لئے اُس سے ممانعت کی گئی اور چونکہ مطلقاً اس باب کا بند کرنا روا نہ تھا کیونکہ وہ قانون شرعی کے خلاف تھا لہذا کم از کم بعض حالات میں اُس سے ممانعت کرنا ضروری ہوا مثلاً احرام اور اعتکاف اور روزہ کی حالت اور نیز بعض مقامات میں اُس سے ممانعت کی گئی مثلاً مساجد کے اندر کسی شخص نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کی محرم کو کس قسم کے کپڑے پہننے چاہئیں آپ نے فرمایا کرتے مت پہنو اور نہ عمامے اور نہ پاجامہ اور نہ برنس (یعنی بارانی) اور نہ موزے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک اعرابی سے فرمایا خوشبو جو تیرے لگی ہوئی ہے اُس کو تین مرتبہ دھو ڈال اور جبہ کو اتار ڈال سلے ہوئے کپڑے اور اُس کے مثل اور اُس کپڑے میں جو نہ سلا ہوا ہے اور نہ وہ جو اُس کے مثل ہو یہ فرق ہے کہ پہلے کا پہننا ازدواجات میں سے ہے اور تجمل اور زینت کے لئے پہنا جاتا ہے اور دوسرے صرف بدن کا ستر ہے اور پہلے کے ترک کرنے میں خدا تعالے کے ساتھ نیازمندی کی شان پائی جاتی ہے اور دوسرے کا ترک کرنا بے ادبی میں داخل ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لاینکح المحرم ولا ینکح ولا یخطب محرم نہ نکاح کرے اور نہ نکاح کرادے اور نہ نکاح کی بات چیت کرے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ سے مروی ہے کہ آپ نے حضرت میمونہ رضی سے حالت احرام میں نکاح کیا ہے میں کہتا ہوں اہل حجاز کے تمام صحابہ اور تابعین اور فقہا رحمتہ اللہ علیہم کے نزدیک محرم کے لئے نکاح کرنا خلاف سنت ہے اور اہل عراق کے نزدیک محرم کا نکاح جائز ہے اور یہ بات ظاہر ہے کہ احتیاط پر عمل کرنا بہتر ہے اور قول اول کے موافق اس کا یہ سبب ہے کہ نکاح انتظامات مطلوبہ میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

داخل ہے اور بہ نسبت شکار کے زیادہ مطلوب چیز ہے اور نکاح کرنے کو نکاح کے باقی رکھنے پر قیاس نہیں کر سکتے کیونکہ خوشی اور سرور ابتدا میں ہوتا ہے لہٰذا نکاح کے باب میں عروس مضرب المثل کی باقی ہے اور اسکا باقی رکھنا ضرب المثل نہیں ہے اب شکار کے معنی معین کرنا ضروری تھا کیونکہ انسان کبھی تو کسی چیز کو کھانے کے لئے مارتا ہے اور کبھی اس کو کھانا مقصود نہیں ہوتا بلکہ صرف شکار کی مشق منظور ہوتی ہے اور کبھی کسی چیز کے ضرر سے خود بچنے کے لئے یا لوگوں کو اس سے بچانے کی غرض سے مار دیتا ہے اور کبھی کسی کاٹے بکری کو ذبح کرتا ہے اسلئے اس بات کی تعیین ضرور ہوئی کہ ان صورتوں میں سے شکار کس کو کہنا چاہئے لہٰذا آپ نے فرمایا خمس لا جناح علی من قتلھن فی الحرم والاحرام۔ الحدیث۔ پانچ چیزیں ایسی ہیں کہ جن کے حرم اور احرام میں مارڈالنے پر کچھ گناہ نہیں ہے چوہا چیل۔ کوا بچھو۔ اور وہ کتا جو لوگوں کو کاٹتا ہو اور ان سب میں جہت جامعہ یہ ہے کہ یہ سب جانور موذی اور انسان اور اس کے متاع پر ایذا پہونچانے والے جانور ہیں۔ اگر عرف سے بھی تلاش کی جائے تو ان جانوروں کے مارنے کو عرف میں شکار نہیں کہتے اور اسی طرح گائے بکری اور مرغی وغیرہ اور جو جانور اس کے مثل ہیں جن کے پالنے کا گھروں میں دستور ہے ان کے ذبح کرنے کو شکار نہیں کہتے مگر دوسری قسموں میں بظاہر شکار کا اطلاق پایا جاتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے میقات کی تعیین اس طرح فرمائی ہے کہ اہل مدینہ کے لئے ذوالحلیفہ اور اہل شام کے لئے جحفہ اور اہل نجد کے لئے قرن المنازل اور اہل یمن کے لئے یلملم جو لوگ ان مواقیت میں رہتے ہیں یا باہر کے لوگ ان میں آجاتے ہیں ان کے لئے بھی یہی مقامات ہیں اگر وہ لوگ حج اور عمرہ کا قصد کریں ان کے یہ مواقیت ہیں اور جو لوگ ان میقاتوں سے ورے کے ہیں ان کو اپنی جائے سکونت سے احرام باندھنا چاہئے جیسا کہ اہل مکہ کہ مکہ سے احرام باندھیں میں کہتا ہوں مواقیت کے اندر اصل یہ ہے کہ مکہ کو ایسی حالت میں آنا چاہئے کہ سر پر خاک بھری ہو اور بدن میں بدبو آنے لگی ہو اور نفس ذلت کی حالت میں ہو شروع لو یہی مطلوب ہے اور اگر تمام لوگوں کو اس بات کا حکم دیا جاتا کہ اپنے اپنے شہروں سے احرام باندھا آیا کریں تو ظاہر ہے کہ اسمیں کس قدر دقت تھی کیونکہ بعض بعض شہر مکہ سے ایک مہینے کی مسافت پر واقع ہیں اور بعض اس سے بھی زیادہ ہیں۔ لہٰذا ضروری ہوا کہ احرام باندھنے کے لئے مکہ کے گرد چند مقامات معینہ مخصوص کئے جائیں جن مقامات سے احرام باندھا کریں اور ان مقامات کے بعد اخیر نہ کریں اور ضرور ہے کہ یہ مقامات ظاہر اور مشہور ہوں اور کوئی شخص ان مقامات سے ناواقف نہ ہو اور جن ملکوں کے لئے یہ مقامات مواقیت مقرر کئے گئے ہیں ان کے راستہ میں پڑتے ہوں لہٰذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس بات کی تحقیق فرما کر ان مقامات کو میقات مقرر فرمایا اور اہل مدینہ کے لئے دو میقات مقرر فرمایا جو سب سے دور ہے کیونکہ مدینہ منورہ وحی کا بارے نزول اور ایمان کا مرکز اور دارالہجرت اور تمام دنیا میں مدینہ وہ اول بستی ہے کہ خدا اور رسول پر ایمان لائی ہے اس لئے اس کے رہنے والے اس قابل ہیں کہ اعلاء کلمۃ اللہ میں نہایت درجہ کوشش کریں اور زیادہ عبادت کے ساتھ مخصوص کئے جائیں اور نیز مدینہ تمام ان اطراف سے جو آپ کے زمانہ میں ایمان لائے تھے اور مخلص تھے سے زیادہ قریب

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بخلاف جوانی اور طائف اور یمامہ وغیرہ کے لہذا مدینہ والوں کو اس میں کچھ وقت نہیں ہے۔ عرفات کے وقوف کرنے میں یہ راز ہے کہ ایک زمانہ ایک مکان میں مسلمانوں کا اجتماع اور خدا تعالیٰ کی رحمت کی طرف اُن کا راغب ہونا اور خشوع و خضوع کے ساتھ اُس سے دعا کرنا برکات الٰہی کے نازل ہونے اور روحانیت کے انتشار میں اثر عظیم رکھتا ہے یہی وجہ ہے کہ شیطان اس روز تمام روزوں سے زیادہ ذلت اور خواری کی حالت میں ہوتا ہے اور نیز اس اجتماع میں مسلمانوں کی شوکت و شان معلوم ہوتی ہے اور اس دن اور اس مقام کی خصوصیت تمام انبیاء علیہ السلام سے بدستور ثابت ہوتی چلی آتی ہے چنانچہ حضرت آدمؑ اور اُن کے مابعد انبیاء سے اسکی نسبت دلیلیں بیان کی جاتی ہیں۔ اور سلف صالح سے جو طریقہ منقول چلا آتا ہے توقیت اور تعیین کے باب میں اُسکا قبول کرنا بڑا اصل الاصول ہے۔

منا میں اُترنے کے اندر یہ راز ہے کہ ایام جاہلیت کے بازاروں میں سے مناعکاظ۔ اور مجنہ۔ اور ذی المجاز وغیرہ کی مانند ایک عظیم الشان بازار تھا اور یہ بازار اُنہوں نے اس واسطے مقرر کیا تھا کہ حج کے اندر کثرت سے دور دراز ملکوں کی خلقت اکٹھی ہوتی تھی۔ اور تجارت کے حق میں اس سے زیادہ مناسب اور بہتر کوئی صورت نہیں ہے کہ اس میلے کے ساتھ اُس کا وقت مقرر کیا جاوے اور دوسری بات یہ ہے کہ مکہ کے اس انبوہ کثیر کے رہنے کی گنجائش نہیں ہے لہذا اگر ہر قسم کے تمام لوگ منا کی مانند کسی فضا میں اُترنے پر متفق نہ ہوں تو بڑی دقت پڑے اور اگر بعض بعض ادنے لوگ منتخب کر کے منا میں اتارے جائیں تو اُن کو ملال گذرے اور جب وہاں اُترنے کا دستور عام ہو گیا تو عرب کی اور اُن کی حمیت کا مقتضی یہ ہوا کہ ہر قبیلہ کے لوگ اپنا فخر اور اپنے گروہ کی کثرت ثابت کرنے اور اپنے باپ دادا کی سوانح بیان کرنے اور اُن کی دلاوری اور اُن کے اعوان اور انصار کی کثرت لوگوں پر ظاہر کرنے میں کوشش کریں تاکہ ہر ادنے و اعلےٰ اس بات کو معلوم کرے اور دور دراز ملکوں میں اُن کی شہرت ہو اور اسلام کو بھی ایسے اجتماع کی ضرورت تھی تاکہ مسلمانوں کی شوکت اور اُن کا سامان اور اُن کی کثرت لوگوں پر ظاہر ہو اور اُس کی وجہ سے دین اسلام کا ظہور ہو کر دور دور تک اُس کی آواز پہونچے اور تمام اطراف زمین میں اس کا دبدبہ ظاہر ہو جائے لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس اجتماع کو بدستور رکھا اور اُس پر لوگوں کو شوق اور حرص دلائی مگر تفاخر اور آباء و اجداد کے حالات بیان کرنے سے منع فرما کر اس کی جگہ ذکر الٰہی کو مقرر فرمایا جس طرح آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن کی تمام ضیافات اور دعوتیں سب کو دور کر کے نکاح کے ولیمہ اور اولاد کے عقیقہ کو باقی رکھا کیونکہ تدبیر منزل کے متعلق اُن کے اندر آپ نے بہت سے فوائد کا ملاحظہ فرمایا اور مزدلفہ میں رات بسر کرنے کے لئے یہ راز ہے کہ اُن کا یہ قدیمی دستور تھا اور یہ دستور اُنہوں نے شاید اس لئے مقرر کر رکھا تھا کہ لوگوں کا یہاں پر اس قدر اجتماع ہوتا ہے اور پھر اُس کے ساتھ ایک بات یہ ہے کہ بعد المغرب لوگ عرفات سے لوٹتے ہیں اور تمام دن کا تکان ہوتا ہے کیونکہ دور دراز سے وہ وہاں آکر جمع ہوتے ہیں پھر اگر اُن کو ایسے وقت میں فوراً منا میں جانے کی تکلیف دی جائے تو اُن کو بہت پریشانی ہو اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اہل جاہلیت غروب سے پہلے عرفات سے اترآتے تھے اور چونکہ اس بات میں ایک قسم کا ابہام تھا اور قطعی طور پر کسی خاص وقت کا تعین نہ تھا اور ایسے انبوہ کثیر میں وقت کی ایسی تعیین ضروری تھی جس میں ابہام کا احتمال نہ رہے اس لئے غروب آفتاب سے اس کی تعیین کی گئی۔ اور مشعر الحرام میں ٹھہرنے کا اس لئے حکم دیا گیا کہ اہل جاہلیت باہم تفاخر اور نمود کے لئے قیام کرتے تھے اس کے بدلے میں کثرت سے ذکر الٰہی کرنے کا حکم دیا گیا تاکہ ان کی یہ عادت دور ہو اور ایسی جگہ کے توحید بیان کرنے میں ان کو حرص پیدا ہو اور یہ ایسا ہوا جیسے ان سے کہا جاتا دیکھنا ہے کہ تم خدا تعالیٰ کی یاد زیادہ کرتے ہو یا اہل جاہلیت اپنے مفاخر کا زیادہ ذکر کرتے تھے اور رمی الجمار کرنے میں وہی راز ہے جو خاص حدیث میں وارد ہوا ہے کہ رمی الجمار خدا تعالیٰ کا ذکر قائم کرنے کے لئے مقرر کیا گیا ہے اس کی تفصیل یہ ہے کہ توقیت ذکر کی تمام اقسام میں سے بہتر اور کامل اور وجوہ توقیت کے لئے زیادہ تر جامع یہ قسم ہے کہ ایک زمانہ اور ایک مقام کے ساتھ ذکر کی تعیین کی جائے اور اس کے ساتھ ایک ایسی قسم بھی مقرر کی جائے جس سے ذکر کے شمار محفوظ رہ سکے اور سب کے سامنے ذکر کا پایا جانا ثابت ہو اور کچھ مخفی نہ رہے اور ذکر الٰہی کی دو قسمیں ہیں ایک تو یہ ہے کہ جس سے خدا تعالیٰ کے دین کی تابعداری منظور ہوں اور اس قسم کے ذکر میں لوگوں کی کثرت زیادہ ضروری ہے نفس ذکر کی کثرت ضروری نہیں رمی الجمار بھی اسی قبیلہ سے ہے اسی لئے اس میں کثرت سے ذکر کرنے کا حکم نہیں دیا گیا۔

اور ایک قسم وہ ہے جس سے نفس کو خدا تعالیٰ کی کبریائی پر مطلع کرنا منظور ہوتا ہے اس ذکر میں کثرت کی حاجت ہے اور نیز احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رمی الجمار کرنا حضرت ابراہیم کی سنت ہے انہوں نے شیطان کو اس سے دفع کیا تھا لہٰذا اس فعل کی حکایت کرنے میں نفس کو نہایت تنبیہ ہوتی ہے۔ یہی میں یہ راز ہے کہ اس میں سیدنا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے فعل کے ساتھ کہ انہوں نے اپنے پیارے بیٹے کو اس جگہ خدا تعالیٰ کے حکم کی بجا آوری اور اس کی طرف توجہ کے قصد سے ذبح کرنا چاہا تھا مشابہت ہے اللہ پاک نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر جو انعامات کئے ہیں ان کی یاد دہانی ہوتی ہے اور اس وقت اور اسی زمانہ میں اس فعل کے کرنے میں نفس کو تنبیہ عظیم ہوتی ہے اور حج تمتع اور قران کرنے والے پر بھی خدا تعالیٰ کی نعمت کے شکر میں کہ اس نے جاہلیت کے وبال کو ان سے دور کر دیا ہدی واجب ہے اور سر منڈانے میں یہ راز ہے کہ سر منڈانا فی الحقیقت احرام سے نکلنے کا ایک فعل ہے طریقہ معین کرتا ہے اور وہ فعل وقار کی حالت سے منافی نہیں ہے اور اگر ان لوگوں کو اختیار دیدیا جاتا تو ہر شخص اپنی اپنی چال چلتا اور نیز اس میں تغیر کے زمانہ کا گذرنا بوجہ اتم پایا جاتا ہے اور سر منڈانے کا حال نماز میں سلام کا سا ہے اور طواف الافاضہ سے قبل سر منڈانے کا حکم اس لئے دیا گیا ہے تاکہ اس شخص کو اس شخص کے ساتھ مشابہت حاصل ہو کہ گرد و غبار سے صاف ہو کر سلاطین کے حضور میں داخل ہوتا ہے۔

طواف کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ حجر اسود کے پاس آکر اس کو بوسہ دے اور اس کے داہنی طرف سے چلکر سات مرتبہ طواف کرے اور ہر مرتبہ حجر اسود کو بوسہ دیتا جاوے یا کسی لکڑی وغیرہ سے جو اس کے ہاتھ میں ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُس کی طرف اشارہ کرے اور تکبیر کہے اور رکن یمانی کو بوسہ دے اور اس حالت میں وہ شخص طہارت پر قائم ہو اور کہیں سے اُس کا ستر نہ کھلا ہو اور وہ بجز عمدہ بات کے کوئی بات زبان سے نہ نکالے۔ پھر مقام ابراہیم میں آکر دو رکعت نماز پڑھے۔ حجر اسود سے شروع کرنے کی یہ وجہ ہے کہ تشریع کے وقت محل بدایت اور چلنے کی جانب کا تعین کرنا ضروری ہوا۔ اور حجر اسود بیت اللہ کی تمام چیزوں میں متبرک چیز ہے کیونکہ یہ جنت سے اترا ہے اور دونوں طرفوں میں جانب یمین متبرک ہوتی ہے۔ اور طواف القدوم بمنزلہ تحیۃ المسجد کے ہے۔ بیت اللہ کی تعظیم کے لئے اس کو مقرر کیا ہے۔ دوسرے یہ کہ جب طواف کی جگہ اور زمانہ موجود ہے اور اُس کے تمام اسباب مہیا ہیں پھر اُس میں دیر کرنا ایک قسم کی بے ادبی ہے۔ بیت اللہ کے اول طواف میں اکڑنے اور سینہ تانکر چلنے اور بعد ازاں صفا مروہ میں سعی کرنے میں چند راز ہیں۔ ایک تو وہ حضرت ابن عباسؓ نے ذکر کیا ہے یعنی مشرکین کے دلوں میں ہیبت ڈالنا اور مسلمانوں کے غلبہ کا اظہار کیونکہ اہل مکہ کہا کرتے تھے کہ یثرب کی تپ نے اُن کو ضعیف کر دیا ہے لہٰذا یہ اکڑنا جہاد کے افعال میں داخل ہے اگرچہ یہ سبب تو باقی نہیں رہا اور از انجملہ یہ راز ہے کہ خدا تعالےٰ کی اطاعت اس سے رغبت کا اظہار ہو جاتا ہے اور یہ بات معلوم ہو جاتی ہے کہ اس دور دراز کے سفر اور اس قدر زحمت نے بجائے بے رغبتی پیدا کرنے کے ان کے شوق و رغبت کو زیادہ کر دیا جس طرح کسی کا شعر ہے **شعر**

اذا اشتکت من کلال السیر واعدھا ۔۔۔ روح الوصال فتحیا عندہ میعادہ

یعنی اُنٹنی چلتے چلتے جبکہ تکان کی شکایت کرتی ہے تو اس کا سوار وصال کی راحت کا وعدہ کرتا ہے تو اُس وعدہ کو سننے سے اُس میں جان سی پڑ جاتی ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے طواف کے اندر اکڑنے کے موقوف کرنے کا قصد کیا تھا کیونکہ ان دونوں کا سبب باقی نہیں رہا پھر اجمالاً یہ بات اُنکے فہم مبارک میں پیدا ہوئی کہ ان دونوں کا ایک اور سبب بھی ہے جو ہنوز موجود ہے لہٰذا اُنکو ترک نہیں کیا۔

عمرہ کے اندر عرفات میں ٹھہرنے کا حکم اس لئے نہیں دیا گیا کہ اس کا کوئی وقت مقرر نہیں ہے لہٰذا اُس میں قیام کا کچھ فائدہ نہیں اور اگر اُس کے لئے کوئی خاص وقت مقرر ہوتا تو وہ حج ہوتا اور ظاہر ہے کہ سال میں دو مرتبہ لوگوں کے اجتماع میں کس قدر وقت ہے اور عمرہ کے اندر مقصود بالذات صرف امت الٰہی کا شکر اور بیت اللہ کی تعظیم ہے۔ اور صفا اور مروہ میں سعی کرنے کے اندر چنانچہ حدیث شریف میں وارد ہے یہ راز ہے کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی والدہ ماجدہ حضرت ہاجرہ کو جب سخت پریشانی ہوئی تو صفا و مروہ میں انہوں نے تیز رفتاری سے ٹہلنا شروع کیا جس طرح کوئی متفکر آدمی جلد جلد قدم ڈالتا ہے اور خدا تعالےٰ نے اُن کی فکر کو دو طریقوں سے رفع کر دیا ہے ایک تو آب زمزم برامد ہو لیا دوسرے لوگوں کے دل میں اُس جنگل میں آباد ہونے کا الہام ڈالا گیا۔ اسلئے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد اور اُن کے فرمانبرداروں پر ضروری ہوا کہ اس نعمت کا شکر اور اُن کی کرامت کو یاد کریں تاکہ اُن کی قوت بھی مضبوط ہو کر خدا تعالےٰ کی طرف اُنکو رہنمائی کرے اور اُس کے اندر کوئی بات اس سے زیادہ بہتر نہیں ہے کہ اس دلی اعتقاد کو کسی خاص ظاہری فعل سے جو ان کے خلاف عادت ہے اور مکہ کے اندر داخل ہوتے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہی ایک قسم کی اُن کے لئے ذلت ہے اُن کے اعتقاد کی مضبوطی کی جائے اور وہ فعل حضرت ہاجرہؑ کی اُس تکلیف اور مشقت کا نقل کرنا ہے اور ایسے موقع پر ایک حالت کی نقل کرنا بدرجہا زبانی باتوں سے مفید ہوتا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لاینفرن احدکم حتی یکون آخر عہدہ بالبیت یعنی تم میں کوئی شخص آخیر وقت بیت اللہ میں جائے بغیر وہاں سے نہ نکلے اور حیض کو آپ نے معاف کیا ہے میرے نزدیک آخیر وقت پر بیت اللہ کے جانے میں بیت اللہ کی تعظیم ہے اسلئے کہ ہدایت بھی اُسی سے ہوئی تھی اور تمامی بھی اسی پر ہوئی تاکہ معلوم ہو جاوے کہ مقصود بالذات سفر سے بیت اللہ ہے اور نیز دستور ہے کہ قاصد لوگ رخصت ہوتے وقت اپنے سلاطین سے ملکر جاتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

حجۃ الوداع کا ذکر

حجۃ الوداع کے باب میں حضرت جابر اور حضرت عائشہ اور حضرت عمر وغیرہم کی حدیث اصل ہے۔ معلوم کرو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نو برس تک مدینہ کے اندر تشریف فرما رہے اور اس عرصہ میں آپ نے حج نہیں کیا پھر دسویں سال اس بات کا اعلان کیا گیا کہ حج کرنا چاہتے ہیں یہ سُن کر بہت خلقت مدینہ میں آ گئی اور آپ مدینہ سے رخصت ہو کر ذوالحلیفہ میں تشریف لائے اور وہاں غسل کر کے خوشبو لگائی اور مسجد میں دو رکعت پڑھیں اور ایک تہ بند اور ایک چادر پہنی اور وہیں سے احرام باندھا اور اسی طرح پر تلبیہ پڑھا لبیک اللھم لبیک لاشریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لک والملک لاشریک لک۔ میں کہتا ہوں یہاں پر دو باتوں میں اختلاف ہے ایک تو یہ کہ آپ نے یہ حج مفرد کیا تھا یا حج تمتع بانیطور کہ عمرہ سے باہر آ کر از سر نو حج کیا ہو یا یہ کہ آپ نے حج کا احرام باندھا پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اُس کے اندر عمرہ کے داخل کرنے کا اشارہ کیا اور آپ اُسی احرام پر قائم رہے حتے کہ حج سے فارغ ہوئے اور احرام سے باہر نہیں آئے کیونکہ آپ (ہدی) روانہ کر چکے تھے دوسرے یہ کہ آپ نے تلبیہ کس وقت پڑھا نماز کے وقت یا جس وقت آپ اپنی اُنٹنی پر سوار ہوئے یا جب بیت اللہ کا جنگل قریب آ گیا تھا۔ اور حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس قاصد لوگ آتے اور جیسے آپ کو کرتے دیکھتے ویسی ہی خبر دیتے اور شروع احرام آپ کا اُس وقت تھا جب کہ دو رکعت نماز پڑھتے اور آپ کا غسل کرنا اور دو رکعت نماز کا پڑھنا اس لئے تھا کہ اس میں شعائر الٰہی کی تعظیم تھی اور نیز اس میں ایک ظاہری فعل خاص سے جو خدا تعالےٰ کے ساتھ اخلاص اور اُس کی بندگی کے اہتمام پر دلالت کرتا ہے نیت کا منضبط ہونا ہے اور نیز اس طور سے لباس کے بدلنے میں نفس کو خدا تعالےٰ کی فرمانبرداری پر تنبیہ اور بیداری ہوتی ہے اور آپ کے خوشبو لگانے کی یہ وجہ ہے کہ احرام کا زمانہ گرد و غبار میں آلودہ رہنے کا وقت ہے لہذا احرام سے پہلے کسی قدر اُس کا تدارک ضروری ہے اور تلبیہ میں آپ نے اس لئے ان کلمات کو اختیار کیا کہ اُن کے معنے خدا تعالےٰ کی بندگی پر قائم رہنے کا بیان ہے اور خدا تعالےٰ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذرا بنر داری پر ان کلمات میں یاد دہانی ہے اور اہل جاہلیت کا قاعدہ تھا وہ اپنے بتوں کی تعظیم کیا کرتے تھے لہذا آپ نے مسلمانوں اور مشرکین کے اندر تمیز اور ان کے رد کرنے کے قصد سے یہ کلمہ لاشریک لک بھی اس میں داخل کیا +

حج کرنیوالے کو خدا تعالےٰ سے اس کی رضامندی اور جنت کا کثرت سے سوال کرنا اور اس کی رحمت سے دوزخ سے پناہ مانگنا بہتر ہے۔ اور حضرت جبرائیل علیہ السلام نے احرام اور تلبیہ کے اندر آوازوں کے بلند کرنے کی طرف اشارہ کیا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ما من مسلم یلبی الا لبی ما عن یمینہ وشمالہ من شجر او حجر او مدر حتی تنقطع الارض من ہہنا وہہنا۔ کوئی مسلمان تلبیہ کرنے والا نہیں مگر جو چیز داہنے اور بائیں ہے پتھر یا درخت یا ڈھیلا سب تلبیہ کہتے ہیں یہانتک کہ زمین ادھر اور ادھر یعنی مشرق و مغرب سے ختم ہو چکتی ہے میرے نزدیک اس میں یہ راز ہے کہ تلبیہ شعائر الٰہی میں سے ہے اور اس میں ذکر الٰہی کی تعظیم ہے اور اس قسم کے اذکار کو بالجہر اور اس طرح پر پڑھنا کہ ہر غافل اور خبردار کو اس کی خبر ہو اور وہ جگہ دار الاسلام معلوم ہو اور جب ایسا ہوتا ہے تو اس شخص کے نامۂ اعمال میں ان مقامات کے اندر تلبیہ کرنے کی صورت مرقوم ہوتی ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی اونٹنی کے کوہان میں داہنی جانب نشان کیا اور اس کا خون ہاتھ سے پونچھ دیا اور نعلین اس کی گردن میں لٹکا دیں۔ میرے نزدیک اس نشان کرنے میں شعائر الٰہی کی عظمت اور ملت ابراہیمی کا استحکام ہے تاکہ سب آنے والے اس کا معائنہ کریں اور قلب کا فعل ظاہری فعل سے منضبط ہو جائے۔

ایک مرتبہ اسماء بنت عمیس کا ذوالحلیفہ میں وضع حمل ہو گیا تو آپ نے اس سے فرمایا کہ غسل کر لے اور اپنی پیشابگاہ کپڑے سے باندھ لے اور احرام باندھ لے میرے نزدیک اس کا یہ سبب ہے کہ حتی الامکان احرام کی سنت ادا ہو سکے۔ اور ایک مرتبہ سرف (ایک جگہ کا نام ہے) کے مقام پر حضرت عائشہ صدیقہؓ کو حیض لاحق ہو گیا تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ایسی چیز ہے کہ اللہ پاک نے عورتوں کی تقدیر میں لکھ رکھی ہے پس جو باتیں حج کرنے والے کو چاہئیں وہ تو کرے مگر جبتک پاک نہ ہو جائے بیت اللہ کا طواف نہ کرنا چاہئے۔ میں کہتا ہوں آپ نے اس کا سبب یہ بیان فرمایا کہ حیض کا آنا کثیر الوقوع شے ہے ایسی چیز میں حکمت شرعی کا یہ مقتضی ہے کہ اس امر سے وقت دفع کر دیا جائے اور ایک ظاہری طریقہ اس کیلئے مقرر کر دیا جائے اسلئے طواف القدوم اور طواف الوداع حضرت عائشہ صدیقہؓ سے ساقط کر دیا گیا پھر جب آپ نے ذی طویٰ میں نزول فرمایا تو دن کے وقت بالا سے مکہ سے داخل ہو کر اسافل مکہ کی طرف تشریف لائے یہ آپ نے اس لئے کیا تاکہ بلا دقت اطمینان قلبی کے ساتھ مکہ میں داخل ہو سکیں اور خدا تعالےٰ کے جلال اور اس کی عظمت پر اطمینان سے آگاہی ہو سکے۔ اور نیز تاکہ سب لوگ بیت اللہ کا طواف کرتا ہوا آپ کو دیکھیں کیونکہ اس میں عبادت الٰہی کی عظمت ہے۔ اور نیز آپ کو مناسک کے مسائل لوگوں کو تعلیم کرنے منظور تھے اس لئے آپ نے ان کو اتنی مہلت دی کہ کثرت سے سیکھنے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا قصد کر کے آپ کے پاس فراہم ہو جاویں اور آمد و رفت کا راستہ اس لئے بدلا تا کہ دونوں راستوں میں مسلمانوں کی شوکت کا اظہار ہو جائے جس طرح عید کے اندر۔ پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کے قریب تشریف لائے تو رکن یمانی کو ہاتھ مبارک لگا کر کھڑے ہو گئے اور بعد ازاں سات طواف کئے جن میں تین طواف میں سینہ نکالکر اور چار میں معمولی رفتار سے چلے اور صرف دونوں رکن یمانی کو ہاتھ لگائے اور انکے درمیان یہ دعا پڑھی ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار۔ پھر مقام ابراہیم کی طرف ایت کریمہ پڑھی واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی۔ اور دو رکعت نماز پڑھی اور مقام ابراہیم کو مابین اپنے اور بیت اللہ کے کر لیا اور آپ نے ان دو رکعتوں میں قل ہو اللہ احد اور قل یا ایہا الکافرون پڑھیں پھر رکن یمانی کی طرف واپس تشریف لائے اور اس کو ہاتھ سے چھوا۔ میں کہتا ہوں سینہ نکالکر چلنے اور دہنی بغل سے بائیں کاندھے پر چادر ڈالنے کا سبب ہم بیان کر چکے۔ خاصکر دونوں رکن یمانی کو ہاتھ سے چھونے کا سبب وہی ہے جو حضرت ابن عمرؓ نے بیان کیا ہے کہ وہ دونوں اسی حالت پر جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بنائے تھے اور دوسرے دو رکن ایسے نہیں ہیں کیونکہ اہل جاہلیت نے ان کے اندر تغیر کر لیا ہے اور طواف کے اندر نماز کی شرطیں لگانے کا یہ سبب ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے ذکر کیا ہے کہ خدا تعالےٰ اور اس کے شعائر کی تعظیم میں طواف کا حال نماز کا سا ہے لہذا طواف نماز پر قیاس کیا گیا اور اس کے بعد دو رکعت اس لئے مسنون کی گئیں کہ بیت اللہ کی تعظیم کا تتمہ ہو جاوے کیونکہ اس کی تعظیم کا تتمہ یہ ہے کہ نماز میں اس کی طرف منہ کیا جاوے اور خاصکر مقام ابراہیم میں ان رکعتوں کے پڑھنے کی یہ وجہ ہے کہ مسجد کی تمام جگہ میں اس جگہ کو شرف حاصل ہے اور آیات الٰہی میں سے یہ ایک نشانی ہے جس کا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر ظہور ہوا۔ اور مقصود بالذات حج سے انہیں امور کی یاد دہانی ہے اور مابین رکعتیں کے یہ دعا مانگنا ربنا اتنا فی الدنیا الآیہ۔ کا اس لئے مستحب ہوا کہ یہ ایک جامع دعا ہے جو قرآن پاک میں نازل ہوئی۔ ہے کلمات کے لحاظ سے بہت مختصر ہے جس کا پڑھنا اس تھوڑی سی فرصت میں نہایت مناسب ہے پھر دروازہ سے نکلکر صفا کی طرف تشریف لائے جب صفا کے قریب پہونچے تو یہ ایت پڑھی ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ۔ اور جس چیز کا کہ خدا تعالےٰ نے پہلے ذکر کیا ہے اسی سے آپ نے بھی بدایت فرمائی۔ یعنی صفا سے آپ نے شروع کیا اور اس پر آپ چڑھے یہانتک کہ آپنے بیت اللہ کو اس پر سے دیکھا اور قبلہ رخ کھڑے ہو کر خدا تعالےٰ کی وحدانیت اور اس کی بڑائی بیان کی اور کہا لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شئی قدیر۔ لا الہ الا اللہ وحدہ انجز وعدہ ونصر عبدہ وہزم الاحزاب وحدہ۔ اس کے درمیان میں دعا کر کے تین مرتبہ یہی پڑھا پھر آپ وہاں سے اتر کر مروہ کی طرف چلے یہانتک کہ آپ کے قدم مبارک جنگل میں پڑنے لگے۔ تو آپ تیز رفتاری کے ساتھ چلنے لگے حتے کہ وہ مسافت طے ہو چکی اور مروہ کی بلندی شروع ہو گئی تو آپ معمولی رفتار سے چلنے لگے یہانتک کہ آپ مروہ پر چڑھ گئے اور جیسے آپ نے صفا پر خدا تعالےٰ کی وحدانیت اور اس کی کبریائی بیان کی تھی ویسا ہی یہاں بھی کیا۔ میں کہتا ہوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرنے میں اس آیت سے مناسبت پیدا ہوئی کہ خدا تعالیٰ نے جو مروہ پر صفا کے ذکر کو متقدم کیا ہے اس سے شروع کے ساتھ مذکور کا مطابق کرنا منظور ہے اور تمام وظائف میں سے ان وظائف کا مخصوص کرنے کا سبب جس میں خدا تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کے ایفاء وعدہ اور دشمنوں کے مقابلہ میں مدد کرنے کا بیان ہے یہ ہے کہ اس میں خدا تعالیٰ کے نعمت کی یاد دہانی اور بعض معجزات کا اظہار اور شرک کی بیخ کنی اور اس بات کا بیان کہ یہ سب آپ کے قدموں کے نیچے ہے اور اس موقع خاص پر اللہ کے حکم اور اس کے دین کا اعلان پایا جاتا ہے اسلئے

بیان میں آپ نے فرمایا لو انی استقبلت من امری ما استدبرت لم اسق الھدی ولجعلتھا عمرۃ فمن کان منکم لیس معہ ھدی فلیحل جو حال بعد کو معلوم ہوا ہے اگر پہلے معلوم ہوتا تو ہدی روانہ نہ کرتا اور حج کو عمرہ بنا لیتا اب تم میں سے جس کے پاس ہدی نہیں ہے اس کو احرام سے باہر آجانا اور حج کو عمرہ کر دینا چاہئے کسی نے عرض کیا اسی سال کے لئے یا ہمیشہ کے لئے آپ نے فرمایا بلکہ ابدالآباد کے لئے یہ حکم ہے پس جتنے لوگ تھے احرام سے باہر آگئے اور اپنے اپنے بال ترشوا لئے بجز آپ کے اور ان لوگوں کے جن کے پاس ہدی تھی۔ میرے نزدیک آپ کو چند امور کا انکشاف ہوا ایک تو یہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے قبل ایام حج میں عمرہ کو سخت گناہ جانتے تھے لہذا آپ نے کامل طور پر ان کی اس تحریف کا باطل کرنا چاہا اور ایک یہ کہ اس بات سے ان کے دل میں کھٹکا پیدا ہوتا تھا کہ ابھی جماع کرتے ہوں اور ابھی حج شروع کر دیں حتی کہ انہوں نے یہ بات کہی کیا ہم عرفہ کو ایسی حالت میں چلے آئیں کہ ہمارے اعضاء سے منی ٹپکتی ہو اور ان کی یہ بات تعش اور رائے زنی کے قبیلہ سے تھی لہذا آپ نے اس دروازے کا بند کرنے کا قصد فرمایا اور ایک یہ کہ حج کے قریب قریب احرام کے باندھنے میں بیت اللہ کی پوری پوری تعظیم پائی جاتی ہے اور ہدی کے روانہ کرنے سے احرام سے باہر آجانا اس لئے منع ہوتا ہے کہ ہدی کا روانہ کرنا ایسا ہے جیسے اس بات کا نظر آنا کہ جب تک ہدی ذبح کی جاوے گی میں اسی ہیئت پر قائم رہوں گا اور جس چیز کو انسان اپنے اوپر لازم کر لیتا ہے تو اس کی دو صورتیں ہوتی ہیں یا تو صرف خیال ہی خیال ہوتا ہے یا ارادہ ہوتا ہے مگر کسی فعل کے ساتھ منضبط نہیں ہوتا تو ایسی بات کا اعتبار نہیں ہے اور جب اس ارادے کے ساتھ فعل کا بھی اقتران ہو جاتا ہے اور وہ ارادہ منضبط ہو جاتا ہے تو اس ارادے کی رعایت ضروریات سے ہو جاتی ہے اور انضباط صور مختلفہ میں ادنیٰ درجہ کا انضباط زبان سے کہدینے میں ہوتا ہے اور انضباط قوی جب ہوتا ہے جب زبان کے ساتھ ایک ظاہری فعل جو اس حالت کے ساتھ مخصوص ہے جس حالت کا اس شخص نے ارادہ کیا ہے علانیہ طور پر پایا جائے مثلاً ہدی کا روانہ کرنا۔

پھر جب ترویہ کا دن ہوا تو لوگ منا کی طرف متوجہ ہوئے اور حج کا احرام باندھا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سواری پر سوار ہوئے اور منا میں ظہر و عصر اور مغرب و عشا و فجر کی نماز پڑھی پھر تھوڑی سی دیر ٹھیرے رہے حتی کہ آفتاب برآمد ہوا بعد ازاں وہاں سے چلا نمرہ (ایک مقام کا نام ہے) میں نزول فرمایا۔ میں کہتا ہوں ترویہ کے دن منا کے جانے کا آپ نے اس لئے ارادہ کیا تاکہ آپ کو اور نیز اپنے ساتھیوں کو آسانی رہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیونکہ اس دن خلقت کا انبوہ کثیر ہوتا ہے اور ضعیف و مریض ہر قسم کے لوگ اس میں ہوتے ہیں لہٰذا ان کے لئے آسانی کرنا مناسب ہے مگر عرفہ میں وقت سے پہلے آپ تشریف نہیں لائے اس خیال سے کہ لوگ اس کو سنت نہ سمجھنے لگیں اور اس بات کا اعتقاد کرنے لگیں کہ قبل از وقت عرفہ میں آجانا موجب قربت کا ہے پھر نمرہ میں پہنچکر جب آفتاب خوب روشن و بلند ہو گیا تو آپ نے اپنی سواری شریف کے لئے جس کا نام قصوہ تھا حکم دیا چنانچہ سواری کسی گئی اور آپ سوار ہو کر میدان میں تشریف لے آئے اور وہاں آپ نے خطبہ پڑھا اس دن کے خطبہ میں سے اسقدر لوگوں کو یاد رکھنا ہے ان دماءکم حرام الخ یعنی تمہارے خون تمہارے اوپر حرام ہیں بعد ازاں بلال نے اذاں پڑھی اس کے بعد اقامت کہی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز ظہر ادا کی پھر بلال نے تکبیر کہی اور آپ نے صلوٰۃ عصر پڑھی۔ اور ان کی درمیان میں کچھ اور نماز نہ پڑھی۔ میں کہتا ہوں اس روز آپ نے خطبہ کے اندر ایسے احکام بیان فرمائے جن کی لوگوں کو حاجت ہے اور ان کے معلوم کئے بغیر چارہ نہیں ہے کیونکہ یہ دن اجتماع خلائق کا ہوتا ہے ورایسی فرصت اسی دن کے احکام کے لئے مغتنم ہوتی ہے جن کی تکلیف تمام خلقت کے لئے مقصود ہوتی ہے اور ظہر و عصر اور مغرب و عشا کو آپ نے اس لئے اکٹھا پڑھا کہ اس روز لوگوں کا ایسا اجتماع ہوتا ہے کہ بجز اس مقام کے نظر نہیں پڑتا اور شارع کو ایک جماعت کا ہونا مقصود ہے اور خاصکر ایسے انبوہ کثیر میں ایک جماعت کا قائم کرنا ضرور ہے تاکہ تمام حاضرین اس کا معائنہ کریں اور دو دو فتوں کو اندران لوگوں کا اجتماع سہل نہیں ہے اور نیز یہاں پر لوگ ذکر و دعا میں مشغول رہتے ہیں اور یہ امور اسی روز کا وظیفہ ہیں اور اوقات کی پابندی تمام سال کا وظیفہ ہے اور ایسی صورت میں اس چیز کو ترجیح ہوتی ہے جو ایک نادر اور عجب امر ہے پھر آپ وہاں سے سوار ہو کر موقف میں تشریف لائے اور رو بقبلہ کھڑے رہے حتی کہ آفتاب غروب ہوا۔ اور زردی کم ہو گئی بعد ازاں وہاں سے علیحدہ ہوئے غروب کے بعد آپ وہاں سے اس لئے علیحدہ ہوئے تاکہ جاہلیت کی تحریف باطل ہو جائے کیونکہ اہل جاہلیت غروب سے پہلے وہاں سے ہٹ جاتے تھے دوسرے یہ کہ غروب سے پہلے کا وقت کوئی معین وقت نہیں ہے اور بعد الغروب ایک معین چیز ہے اور ایسے وقت میں ایسی چیز کا حکم دینا چاہئے جس میں کسی قسم کا ابہام نہ ہو پھر وہاں سے چلکر مزدلفہ میں تشریف لائے اور وہاں پر مغرب کو عشا کی نماز ایک اذاں اور دو اقامت سے پڑھی اور کوئی نفل نماز ان کے درمیان میں نہیں پڑھی بعد ازاں ٹھیرے حتی کہ فجر ہوئی تو آپ نے فجر کی نماز جب صبح روشن ہوئی ایک اذاں اور ایک اقامت سے ادا کی پھر قصوہ پر سوار ہو کر مشعر حرام میں تشریف لائے اور رو بقبلہ ہو کر خدا تعالےٰ سے دعا کی اور تکبیر پڑھی اور لا الہ الا اللہ کہا اور اس کی توحید بیان کی اور برابر کھڑے رہے یہانتک کہ روشنی ہو گئی پھر آفتاب برآمد ہونے سے پیشتر وہاں سے چلکر بطن محسر میں تشریف لائے اور سواری کو کچھ کچھ تیز کر دیا۔ میں کہتا ہوں کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ کی شب میں تہجد کی نماز اس لئے نہیں پڑھی کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جمع غفیر کے اندر بہت سے مستحبات ترک کر دیا کرتے تھے تاکہ لوگ اس کو سنت نہ سمجھنے لگیں اور مشعر حرام کے قیام کا راز ہم بیان کر چکے ہیں اور بطن محسر میں سواری کے تیز کرنے کا یہ سبب ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ وہ جگہ اصحاب فیل کے ہلاک ہونے کا مقام ہے لہذا جس شخص کو خدا تعالیٰ اور اُس کی عظمت کا خوف ہے اسکو اس مقام میں خوف معلوم ہوتا ہے اور غضب الٰہی سے ڈر کر بھاگتا ہے اور چونکہ اس خوف کا معلوم کرنا ایک باطنی امر تھا اس لئے آپ نے ایک ظاہری فعل سے جو نفس کو خوف یاد دلاتا ہے اور اُس کو متنبہ کرتا ہے منضبط فرمایا پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جمرہ العقبہ میں تشریف لائے اور سات سنگریزے اُس کی طرف پھینکے اور ہر ایک کے ساتھ تکبیر کہتے جاتے تھے بطن وادی سے کھڑے ہو کر ان کو پھینکا۔ میں کہتا ہوں اول دن رمی الجمار صبح کے وقت اور دونوں میں شام کے وقت ہونے کی یہ وجہ ہے کہ اول روز قربانی اور حلق اور رخصت ہونے کا دن ہوتا ہے اور یہ سب کام بعد رمی الجمار کے ہوتے ہیں لہذا صبح کے وقت رمی الجمار ہونے میں ان کاموں کی بجوبی گنجایش پائی جاتی ہے اور باقی ایام تجارت اور بازاروں کی خرید و فروخت کے ہوتے ہیں اس لئے حوائج سے فراغت ہونے کے بعد رمی الجمار کرنے میں آسانی ہے اور آخر دن میں حوائج ضروریہ سے اکثر فراغت ہوتی ہے۔ اور رمی الجمار اور صفا و مروہ کے مابین سعی کی اعداد طاق مقرر کرنے کا وہی سبب ہے جو ہم بیان کر چکے ہیں یعنی عدد طاق خدا تعالیٰ کو پسند ہے اور واحد حقیقی کا قائم مقام عدد میں بھی ہو سکتا ہے اور سات بھی ہو سکتا ہے لہذا سات سے اگر کفایت ہو سکے تو زیادہ اُس سے مناسب نہیں ہے۔ اور سنگریزوں کی مقدار اتنی اس لئے مقرر کی گئی کہ اُس سے چھوٹے محسوس نہ ہوتیں اور اُنسے بڑے میں ایسے مقام پر ایذا پہنچنے کا احتمال ہے۔

پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم منحر کی طرف تشریف لائے اور وہاں پر تریسٹھ بدنے اپنے ہاتھ سے ذبح کئے پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو باقی بدنے ذبح کرنے کے لئے چھری عطا فرمائی اور اپنی ہدی میں اُن کو شریک کیا اور ہر بدنہ میں سے ایک ایک بوٹی لینے کا حکم دیا وہ سب بوٹیاں ایک ہانڈی میں پکائی گئیں حضور نبوی صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اُس میں سے کچھ بوٹیاں نوش فرمائیں اور کچھ شوربا پی لیا۔

میں کہتا ہوں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو اپنے دست مبارک سے تریسٹھ ذبح کئے اُس میں نعمت کا شکر ادا کرنا مقصود تھا کہ خدا تعالیٰ نے آپ کی عمر کے ہر سال کے مقابل ایک اونٹ عطا فرمایا اور اُن کا گوشت کھانے اور شوربا پینے میں ہدی کی تعظیم اور اُس سے برکت حاصل کرنا مقصود ہے کیونکہ خدا تعالیٰ کے نام پر ذبح کی گئی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے نحرت ھھنا ومنیٰ کلھا منحر الحدیث میں نے اس جگہ قربانی کی ہے اور منا سب کی سب قربانی کی جگہ ہے پس تم لوگ اپنے اپنے مقام پر قربانی کرو اور میں نے یہاں پر وقوف کیا ہے اور عرفہ سب کا سب موقف ہے اور میں نے یہاں وقوف کیا ہے اور جمع یعنی مزدلفہ وہ سب قیامگاہ ہے اور ایک روایت میں اُس کے بعد یہ بھی آیا ہے کہ مکہ کا ہر ایک کوچہ طریق و منحر یعنی قربانی کی جگہ ہے میں کہتا ہوں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان افعال میں جنکو آپ تشریح

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

احکام کے طور پر علمیں لائے اور رائیں جو آپ سے بحسب اتفاق یا کسی مصلحت کے اعتبار سے جو اُس روز کے ساتھ مخصوص تھی یا عمدہ ترین امور کے اختیار کرنے کے طور پر علمیں آئے فرق کر دیا۔

پھر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سوار ہو کر بیت اللہ کی طرف چلے اور مکہ میں ظہر کی نماز پڑھکر طواف کیا اور آب زمزم نوش فرمایا۔ میں کہتا ہوں کہ بیت اللہ کی طرف جلدی کرنے کا یہ سبب ہے تاکہ اول وقت عبادت عمل میں آوے دوسرے یہ کہ ہر وقت انسان کو کسی مانع کے پیش آنے کا احتمال ہے اور آب زمزم آپ کے نوش فرمانے میں شعائر الٰہی کی تعظیم اور خدا تعالےٰ نے اپنی رحمت سے جو ایک چیز ظاہر کی ہے اُس سے برکت حاصل کرنا ہے پھر جب منا کے دن گذر گئے تو آپ نے ابطح میں نزول فرمایا اور طواف الوداع کر کے تشریف لے گئے میں کہتا ہوں ابطح میں نزول فرمانے کے اندر اختلاف ہے آپکا یہ نزول فرمانا عبادت تھا یا عادت حضرت عائشہ صدیقہ فرماتی ہیں کہ ابطح کے اندر اُترنا سنت نہیں ہے۔

وہ امور جو حج کے ساتھ متعلق ہیں

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ حجر اسود جنت سے اُتارا گیا ہے اور وہ دودھ سے بدرجہا زیادہ سپید تھا پھر بنی آدم کے گناہوں نے اُسے سیاہ کر دیا ہے اور آپ نے اُس کے باب میں فرمایا ہے کہ قسم اللہ کی خدا تعالےٰ اُس کو قیامت کے دن ایسی حالت میں اُٹھاویگا کہ اُس کی دو آنکھیں ہونگی جسے دیکھیگا اور زبان ہوگی جس سے بولیگا اور جس نے بوجہ اللہ بوسہ دیا ہے اُس کی شہادت بیان کریگا اور آپ نے فرمایا ہے کہ رکن یمانی اور مقام دو یاقوت ہیں میرے نزدیک یہ احتمال ہے کہ واقع میں یہ جنت سے لائے گئے تھے لیکن جب زمین پر نصب کئے گئے تو حکمت کا مقتضی یہ ہوا کہ بحسب مزاج زمین کے انمیں رعایت کیجاوے اس لئے ان کا نور سلب کر دیا گیا اور یہ مراد بھی ہو سکتی ہے کہ ان دونوں کی عظمت کی طرف ملائکہ کی توجہ اور ملاء اعلےٰ اور صالحین کی ہمتوں کے متفق ہونے کے سبب سے ان کے ساتھ ایک قوت مثالیہ کا اختلاط ہوا ہے حتی کہ وہ قوت مثالیہ اُن کے اندر قوت ملکیہ ہو گئی ہے اور حضرت ابن عباسؓ کے اس قول میں محمد بن حنیفہ کے اس قول میں کہ زمین کے پتھروں میں سے وہ ایک پتھر ہے توفیق کی یہی صورت ہے اور ہم نے آنکھوں سے اس بات کا مشاہدہ کیا ہے کہ بیت اللہ قوت ملکیہ سے بھرا سا معلوم ہوتا ہے اس لئے ضروری ہوا کہ عالم مثال میں حجر اسود کو آنکھیں اور زبان جو جاندار چیزوں کے لوازم میں سے ہیں عطا کی جائیں اور چونکہ حجر اسود سے مومنین کا ایمان اور خدا تعالےٰ کے لئے تعظیم کرنیوالوں کی تعظیم معلوم ہوتی ہے لہذا ضرور ہوا کہ اُس زبان میں شہادت کی صورت کے ساتھ اُس کا ظہور ہو جیسا کہ پیروی ہاتھ کے گویا ہونے کا راز ہم نے بیان کیا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے من طاف بہذا البیت اسبوعا فاحصیہ الا جس شخص نے اس گھر کا سات مرتبہ شمار کر کے طواف کیا اور دو رکعت نماز پڑھی تو یہ ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ہوا اور کوئی شخص اپنا قدم نہیں رکھتا اور نہ اسکو اٹھاتا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے مگر خدا تعالیٰ اُس کے مقابل میں ایک نیکی لکھتا ہے اور ایک گناہ دور کرتا ہے اور ایک درجہ بلند کرتا ہے میرے نزدیک اس فضیلت کے دو سبب ہیں۔ ایک تو یہ کہ طواف کرنا چونکہ رحمت الٰہی اور ملائکہ کی دعاؤں کے اندر داخل ہونے کا شبہ اور اُس کا مظنہ ہے لہٰذا اس کی خاصیتِ قریبہ کو ذکر فرمایا اور دوسرے یہ کہ جب انسان خدا تعالیٰ پر یقین رکھکر اور اُس کے وعدے کو سچا سمجھکر ان افعال کو عمل میں لاتا ہے تو اس سے اُسکا ایمان ظاہر اور عیان ہو جاتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ما من یوم اکثر من ان یعتق اللہ فیہ عبداً من النار من یوم عرفہ وانہ لیدنو ثم یباہی بہم الملائکۃ عرفہ کے دن سے زیادہ کوئی دن ایسا نہیں ہوتا کہ خدا تعالیٰ کسی بندہ کو دوزخ سے آزاد کرے اور اس دن خدا تعالیٰ قریب ہو جاتا ہے۔ پھر اپنے بندوں سے فرشتوں پر فخر بیان کرتا ہے۔ میرے نزدیک اس کا سبب یہ ہے کہ جب تمام لوگ خدا تعالیٰ کی طرف تضرع و نیازمندی کرتے ہیں تو رحمت کے نازل ہونے اور روحانیت کے اُن کے اندر پھیل جانے میں کچھ توقف نہیں ہوتا اور نیز آپ نے فرمایا ہے خیر الدعاء دعاء یوم عرفہ وخیر ما قلت انا والنبیون من قبلی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الخ بہتر دعا عرفہ کی دعا ہے اور بہتر بات جو میں نے اور مجھ سے پہلے انبیاء نے کہی ہے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الخ ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ یہ کلمہ ذکر کے بہت سے اقسام کا جامع ہے لہٰذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بہت سے مقامات اور بہت اوقات میں اس کی اور سبحان اللہ والحمد للہ کی لوگوں کو رغبت دلائی ہے چنانچہ دعاؤں کے بیان میں اُس کا ذکر آتا ہے اگر کوئی شخص حج کو نہ جائے تب اُس کو ہدی بھیجا سنت ہے۔ تاکہ حتی المقدور اعلاء کلمۃ اللہ کی اقامت ہو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے سر منڈانے والے کے لئے تین مرتبہ اور ترشوانے والے کے لئے ایک مرتبہ دعا کی تاکہ سر منڈانے کی فضیلت ظاہر ہو جاوے اور اُسکا سبب یہ ہے کہ سر کا منڈانا گرد و غبار کے دور کرنے کے قریب ہے جو بادشاہوں کے حضور میں جانیوالوں کی حالت کے مناسب ہے اور عبادت کا اثر بھی اس میں کچھ دیر تک باقی رہ سکتا ہے اور کچھ زمانے تک لوگوں کو اس کا اثر معلوم ہوتا ہے اور اس میں خدا تعالیٰ کی عبادت پر خبردار کرنا ہے اور آپ نے عورت کو سر منڈانے سے منع فرمایا ہے کیونکہ عورت کے حق میں سر کا منڈانا مُثلہ (جس کے ناک کان کاٹ جاویں) اور مردوں کے ساتھ مشابہت پیدا کرتا ہے جس شخص نے ذبح کرنے سے پہلے سر منڈا لیا یا قبل از رمی الجمار قربانی کی یا شام ہونے کے بعد رمی الجمار کے یا سر منڈانے سے پہلے طواف الافاضہ کیا تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس کے لئے یہ فتویٰ دیا کہ کچھ مضائقہ نہیں ہے اور کفارہ کا اُس کو حکم نہیں دیا اور حاجت کے وقت سکوت کرنے کو بیان کرنے کا حکم ہوتا ہے اور کاش مجھ کو یہ بات معلوم ہو جاوے کہ انتخاب بیان میں (لاحرج) کے لفظ سے کوئی اور لفظ صریح الدلالۃ ہے۔

اگر شدائد کے وقت رخصتوں کا بیان نہ کیا جاوے تو تشریع کامل نہیں ہوتی منجملہ شدائد کے وہ تکلیف ہے کہ احرام کے اندر جو چیزیں حرام کی گئی ہیں تو اُس تکلیف کے سبب سے اُس کو اُن چیزوں سے بچنا دشوار ہو اُسکے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

متعلق اللہ پاک فرماتا ہے فمن کان منکم مریضا او بہ اذی من راسہ ففدیۃ من صیام او صدقۃ او نسک پس تم سے ایک شخص بیمار ہو یا اس کے سر میں کچھ دکھ ہو تو روزوں سے یا صدقے سے یا قربانیوں سے اسکا فدیہ دو اور نیز آپ نے کعب بن عجرہ سے فرمایا فاحلق راسک وصم فرقا اپنے سر کو منڈالے اور ایک فرق ایک وزن کا نام ہے مساکین کو کھلانے کے احکام پہلے بیان کر چکے ہیں کہ رخصت کے اقسام میں سے دو قسم بہتر ہے۔ کہ جسکے ساتھ کوئی ایسی چیز مقرر کر دی جائے جو اصل عبادت کی یاد دہانی کرتی رہے اور جس شخص نے اصل عبادت کی عظمت کا التزام کر رکھا تھا اس عبادت کے چھوڑتے وقت اسکو خطرا بی نہ ہو اور وجوب کفارہ میں جو زیادتی کی گئی ہے وہ بطریق اولی اس پر محمول ہے۔

منجملہ ان شدائد کے ایک حصار ہے۔ اسمیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ طریقہ مقرر کیا کہ جب بیت اللہ کے جانے سے کفار قریش نے آپکو روکا تو آپ نے اپنی ہدایا کی قربانی کی اور سر مبارک منڈوایا اور احرام سے باہر تشریف لائے۔ مکہ اور مدینہ کے حرم میں یہ راز ہے کہ ہر چیز کے لئے ایک خاص تعظیم ہوتی ہے کسی زمین کی تعظیم یہ ہے کہ اس میں کسی چیز سے تعرض نہ کیا جائے اور اصل یہ تعظیم بادشاہوں کی حد اور ان کی شہر پناہ ہونے سے ماخوذ ہے جب کوئی قوم ان کی فرمانبردار ہوتی ہے اور ان کی اطاعت و تعظیم کرتی ہے تو ان کے مطیع ہونے میں یہ بات ضرور ہوتی ہے کہ وہ اپنے اوپر اس بات کو مقرر کر لیتی ہے کہ ان حدود کے اندر جو درخت و چارپائے وغیرہ ہیں ان سے ہم کچھ تعرض نہ کرینگے اور حدیث شریف میں آیا ہے ان لکل ملک حمی وان حمی اللہ محارمہ یعنی ہر ایک بادشاہ کے لئے باڑ ہوتی ہے اور خدا تعالے کی باڑ اس کے محارم ہیں اس بات کو سب لوگ جانتے ہیں اور ان کے دلوں میں یہ بات مرکوز ہوتی ہے اور حرم کا ادب ایک یہ بھی ہے کہ جو چیز غیر حرم میں واجب ہے مثلاً عدل کا قائم کرنا جو چیز حرام ہے حرم کے اندر اس کے اور تحریم کی نہایت تاکید کیجائے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے احتکار الطعام فی الحرم الحاد فیہ یعنی حرم کے اندر غلہ کا بند کرنا اسمیں الحاد کرنا ہے اور اللہ پاک فرماتا ہے یا ایہا الذین امنوا لا تقتلوا الصید وانتم حرم۔ اے ایمان والوں احرام کی حالت میں شکار مت مارو۔ میں کہتا ہوں چونکہ حرم و احرام کے اندر شکار اور احرام کے اندر جماع کرنا ایک قسم کی افراط ہے جس کا رار خواہش نفسانی کے اندر ہے تو غل پر ہے لہذا کفارہ مقرر کر کے اس سے روکنا ضروری ہوا شکار کی جزا میں اختلاف ہے کہ خود شکار کے لحاظ سے مثلیت کا اعتبار کرنا چاہئے یا قیمت کے لحاظ سے اور حق یہ ہے کہ دو عادل شخصوں سے یہ بات دریافت کی جائے ایسی صورتوں میں جو سلف رائے دیا کرتے تھے اگر وہ رائے دیں تو اس پر عمل کرنا چاہئے اور اگر قیمت تجویز کریں تو قیمت دینی چاہئے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا یصبر علی لاواء المدینۃ احد من امتی الا کنت لہ شفیعا یوم القیامۃ۔ میری امت میں سے مدینہ کی تکلیف پر کوئی شخص صبر نہ کریگا مگر میں بروز قیامت اس کا شفیع ہونگا۔ میرے نزدیک اس فضیلت میں یہ راز ہے کہ مدینہ کا آباد کرنا شعائر دین کا بلند کرنا ہے اور یہ ایسا فائدہ ہے جس کا نتیجہ دین کی طرف راجع ہوتا ہے اور ان موضع میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاضر ہونے اور مسجد نبوی میں داخل ہونے سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے حالات یاد آتے ہیں جس کا فائدہ اس مکلف کی ذات کی طرف راجع ہوتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان ابراہیم حرم مکۃ فجعلہا حراما وانی حرمت المدینۃ۔ ابراہیم نے تو مکہ کو عزت دی اور اسکو حرم بنا دیا اور میں نے مدینہ کو حرم بنا دیا میں کہتا ہوں اس حدیث میں اشارہ ہے کہ کوشش اور پختہ ارادے سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دعا مانگنے کو قبولیات کو مقرر ہونے میں اثر عظیم ہے۔

اُن احادیث کا بیان جو احسان کے متعلق وارد ہیں

معلوم کرو کہ شارع نے بندوں کو بالذات جن امور کے ساتھ خواہ بطور ایجاب خواہ بطور تحریم کے مکلف کیا ہے وہ اعمال ہیں اسلئے کہ اعمال ان حالات نفسانیہ سے پیدا ہوتے ہیں کہ جن کا نفع و نقصان آخرت میں نفوس کی جانب عاید ہوتا ہے اور یہ اعمال اُن کیفیات نفسانیہ کو بڑھاتے ہیں اور اُن کیفیات نفسانیہ کا بیان اور اُن کے لئے صور ہوتے ہیں ان اعمال سے دو طرح پر بحث کیجاتی ہے ایک تو اس اعتبار سے کہ تمام لوگوں پر اُن کا عمل میں لانا لازم ہوتا ہے اور اس اعتبار سے اُن اعمال اور ظاہری طریقوں کا اختیار کرنا مقصود ہوتا ہے جن کا ظاہر و باطن متمیز نہیں ہوتا اور اُن کیفیات پر یہ اعمال بمنزلہ قرائن کے ہوتے ہیں اور ان اعمال کا لوگوں سے سب کے روبرو مطالبہ کیا جاتا ہے اور ان کو اس اعمال سے بچنے اور عذر کرنے کا موقع نہیں ہوتا ایسے اعمال کی بنا درمیانی حالت اور امور منضبطہ پر ہوتی ہے اور دوسری قسم ان اعمال سے لوگوں کے نفس مہذب کرنا ہے اور جو کیفیت ان اعمال کی مطلوب ہوتی ہے اس تک نفس کا پہنچانا اس اعتبار سے ان کیفیات کا معلوم کرنا اور ان اعمال کا اسطرح پر معلوم کرنا کہ وہ ان کیفیات کیطرف پہنچانے میں مقصود ہوتا ہے اور انکا مبنا وجدان اور مکلفین کے اختیار میں دینے پر ہوتا ہے پہلے اعتبار سے جس علم میں ان اعمال سے بحث کیجاتی ہے وہ علم شرائع ہے اور جس علم میں دوسرے اعتبار سے بحث کیجاتی ہے وہ وہ علم علم الاحسان ہے مباحث احسان میں نظر کرنے والے کو دو چیزوں کی حاجت ہوتی ہے ایک تو اعمال کو اس طرح پر معلوم کرنا جس طرح کیفیات نفسانیہ ان سے پیدا ہوتی ہیں کیونکہ بسا اوقات ریا اور سمعہ یا عادت کے طور پر کوئی عمل ادا کیا جاتا ہے یا اُس کے ساتھ خود پسندی اور منت اور ایذا رسانی پائی جاتی ہے ایسے وقت میں اس عمل سے وہ چیز حاصل نہیں ہوتی جو اس عمل سے منظور ہوتی ہے اور بسا اوقات کوئی عمل اس طرح پر ادا کیا جاتا ہے کہ نفس کو اس عمل کی سطح پر وہ تنبہ حاصل نہیں ہوتا جو محسنین کو حاصل ہونا چاہیئے اگرچہ بعض نفس اُس کے مثل پر تنبہ ہو جاتے ہیں مثلاً وہ شخص کہ جو اصل فرائض پر اکتفا کرتا ہے اور کما یکبغی ان پر زیادہ نہیں کرتا وہ شخص زکی نہیں ہے اور دوسرے ان ہیات نفسانیہ کا کامل طور پر معلوم کرنا تاکہ بصیرت کے ساتھ ان اعمال کو عمل میں لاسکے وہ شخص اپنے نفس کا طبیب ہوتا ہے جس طرح طبیب کو طبیب پر حکومت ہوتی ہے ایسے ہی اس شخص کو اپنے پر حکومت ہوتی ہے کیونکہ جو شخص اس بات کو نہیں جانتا کہ الات سے کیا مقصود ہے تو وہ شخص جب اُن الات کو برتتا ہے تو اندھی

مکتبہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اونٹنی کی طرح بدحواس ہوجاتا ہے یا اس کا حال اس شخص کا سا ہوتا ہے جو رات کے وقت لکڑیاں چنتا پھرتا ہے جس اخلاق سے اس فن میں گفتگو کی جاتی ہے اُن کے چار اصول ہیں چنانچہ سابقاً اس سے آگاہ کر چکے ہیں ایک تو طہارت جس کے سبب سے تشبیہ بالملکوت حاصل ہوتی ہے اور ایک فرمانبرداری جو حبروت پر اطلاع پانی کا سبب ہوتی ہے پہلے امر کے لئے وضو اور غسل اور دوسرے کے لئے نماز اور اذکار اور تلاوت مقرر کی گئی اور جب دونوں باتیں جمع ہو جاتی ہیں تو ہم اُس کو سکینہ اور وسیلہ کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں چنانچہ حذیفہ نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے حق میں ذکر کیا ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے محفوظ لوگ اس بات کو جانتے ہیں کہ وہ یعنی عبداللہ بن مسعودؓ سب سے زیادہ وسیلہ کے اعتبار سے خدا تعالےٰ کے مقرب ہیں اور شارع نے طہارت کو ایمان سے تعبیر کیا ہے اور فرمایا ہے الطہارۃ شطر الایمان اور آنحضرت صلعم نے طہارت کا حال اسطرح بیان فرمایا ہے ان اللہ نظیف یحب النظافۃ خدا تعالےٰ پاک ہے پاکی پسند کرتا ہے اور دوسرے کیطرف اس قول سے اشارہ فرمایا ہے الاحسان ان تعبد اللہ کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک احسان اسکا نام ہے کہ تو اللہ کی بندگی کرے گویا کہ تو اسکو دیکھتا ہے پس اگر تو اسکو نہیں دیکھتا ہے تو وہ تجھکو دیکھتا ہے طہارت کے حاصل کرنیمیں ان عبادات کا جو انبیاء علیہ السلام سے ماثور ہیں اختیار کرنا اور اُن کی روح اور انوار کا لحاظ کرنا اور کثرت سے اُنکو عمل میں لانا اور اُن کی ہیات و اذکار کا خیال رکھنا ضروری ہے پس طہارت کی روح باطن کا منور ہونا اور انس و سرور کیحالت کا پیدا ہونا اور افکار ردیہ کا دور ہونا اور تشویشات و پراگندگی و پریشانی و افکار کا رک جانا ہے اور نماز کی روح خدا تعالےٰ کے ساتھ حضور اور حیرت پر اطلاع پانی اور خدا تعالےٰ کی کبریائی کی یادداشت اور اس کے ساتھ تعظیم اور تعظیم کے ساتھ محبت و اطمینان ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول میں الاحسان ان تعبد اللہ الخ اس کیطرف اشارہ ہے اور آپ نے نفس کو نماز کے مادی ہونے کی کیفیت پر اس قول سے اشارہ کیا ہے کہ اللہ پاک فرماتا ہے نماز کو اپنے اور بندے کے مابین نصف نصف تقسیم کر لیا ہے ولعبدی ما سال اور میرے بندے کے لئے وہ چیز ہے جو مانگے پس جب بندہ الحمد للہ رب العالمین کہتا ہے اللہ پاک فرماتا ہے میرے بندے نے بڑائی و بزرگی بیان کی اور جب کہتا ہے ایاک نعبد وایاک نستعین تو فرماتا ہے میرے اور میرے بندے کے مابین یہ مشترک ہے اور جو میرا بندہ مانگے اُس کے لئے موجود ہے اور جب بندہ کہتا ہے اہدنا الصراط المستقیم الخ تو فرماتا ہے کہ یہ میرے بندہ کے لئے ہے اور میرا بندہ جو مانگے موجود ہے اس حدیث میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ہر کلمہ پر جواب کا لحاظ رکھنا چاہیئے کیونکہ اس سے حضور قلبی پر نفس کو تنبیہ بلیغ ہوتی ہے اور وہ دعائیں جو آپ نے نماز کے اندر مقرر فرمائی ہیں اور حضرت علیؓ وغیرہ کی حدیث میں مذکور ہیں ان میں بھی اسی کیفیت کیطرف اشارہ ہے۔

تلاوتِ قرآن کی روح یہ ہے کہ شوق و تعظیم کے ساتھ خدا تعالےٰ کی طرف متوجہ ہو اور قرآن کی نصیحتوں میں فکر و غور کرتا جاوے اور قرآن کی امثال و قصص سے عبرت حاصل کرتا جائے اور جب خدا تعالےٰ کی کسی صفت اور اُس کی نشانی پر گذرے سبحان اللہ کہے اور جب جنت و رحمت کی آیت پڑھی خدا تعالےٰ سے فضل کا خواستگار ہو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور جب جہنم اور غضب کے آیت پر گذرے پناہ کا طلبگار ہو یہ وہ امور ہیں جن کو رسول خدا صلعم نفس کو بخل کے خوگیر ہونے کے لئے مقرر فرمایا ہے اور ذکر کی روح حضور اور خدا تعالے کی حیرو تیت میں مستغرق ہو جانا ہے اور یہ بات اس طرح پر حاصل ہو سکتی ہے کہ کہے لا الہ الا اللہ واللہ اکبر پھر خدا تعالے سے اس کا جواب سنے اس کے جواب میں فرماتا ہے لا الہ الا اللہ اناہ اناکبر۔ پھر کہے لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ۔ پھر اس بات کا خیال کرے کہ اللہ پاک اس کے جواب میں فرماتا ہے لا الہ الا انا وحدہ لاشریک لی۔ اور اسی طرح کیا کرے حتے کہ حجاب دفع ہو اور استغراق حاصل ہو جاوے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے اور دعا کی روح یہ ہے کہ اس بات کا خیال کرے کہ ہر چیز سے روکنا اور ہر چیز کی قدرت دینا خدا تعالے کے قبضہ میں ہے اور اپنے آپکو ایسا سمجھے جیسے نہلانے والے کے ہاتھ میں مردہ ہوتا ہے یا جس طرح کسی کے ہاتھ میں موت ہوتی ہے اسکو جیسے چاہتا ہے حرکت دیتا ہے اور مناجات کی لذت اس کو حاصل ہووے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے تہجد کی نماز کے بعد اس کے شفعون کے مابین ایک بہت بڑی دعا بیان کی ہے کہ بندہ دونوں ہاتھ اٹھا کر خدا تعالے سے دعا کرے وہ اے پروردگار اے پروردگار کہتا جائے اور دنیا و آخرت کی بھلائی کا سوال کرے اور مصائب سے پناہ مانگے اور نہایت تضرع و نیازمندی سے دعا مانگے مگر اس میں یہ شرط ہے کہ اسکا دل سب امور دنیوی سے فارغ ہو اور بول و براز کی حاجت اور اشتہاء طعام سے فراغت ہو اور نہ غصہ کی حالت ہو پس جب انسان حضور دل کی کیفیت معلوم کرے اور پھر وہ حضور اس کو حاصل نہ ہو تو اس حضور کے جاتے رہنے کا سبب اسکو سوچنا چاہئے اگر قوت جسمانی اس کا باعث ہے تو اس کو روزہ رکھنا چاہئے کیونکہ روزے سے قوائے جسمانی ضعیف ہو جاتے ہیں بسا اوقات دو مہینہ کے پیاپے روزے رکھنے سے یہ بات حاصل ہو سکتی ہے۔ اور اگر جماع کی خواہش ہے یا کھانے پکانے سے فارغ ہونے کی حاجت ہے اور اس کو عبادت کا سرور جاتا رہا ہے اور اس کا عادہ چاہتا ہے تو اس کو نکاح کرنا چاہئے تاکہ جماع کی حاجت دفع ہو سکے مگر لذایذ اور اختلاط میں منہمک ہونے سے باز رہے اور اس کو بمنزلہ دوا کے سمجھے جس کے نقصان سے محفوظ رہنا اور نفع سے تمتع حاصل کرنا چاہئے اور اگر تدابیر ضروریہ اور لوگوں کی مصاحبت میں مشغول رہتا ہے تو ان کے ساتھ عبادت کا بھی شامل کرنا ضروری خیال کرے اور اگر اس کے دماغ میں خیالات مشوشہ اور افکار ناقصہ بھرے ہوئے ہیں تو اس کو لوگوں کی ملاقات ترک کر کے گھر یا مسجد میں خلوت نشینی اور اپنی زبان کو بجز ذکر الٰہی کے اور اپنی قلب کو بجز اس فکر کے کہ جس کے وہ درپے ہے روکنا چاہئے اور نیند سے بیدار ہوتے وقت ذکر الٰہی کی عادت ڈالنا چاہئے تاکہ بیدار ہونے کے بعد سب سے پہلے خدا تعالے کا ذکر اس کے قلب میں داخل ہو اور سوتے وقت بھی ایسا ہی کرنا چاہئے تاکہ تمام اشغال سے دل کو فراغت ہو جاوے۔ اور ان چار اصول میں سے تیسرا اول کی سماحت ہے سماحت کے معنی ہیں کہ قوت ملکی قوت بہیمی کے دواعی کے تابع نہ ہو مثلاً لذت کا طلب کرنا اور انتقام لینے کی خواہش اور غضب اور بخل کی خواہش اور مال و جاہ کی حرص یہ ایسے امور ہیں کہ جب انسان ان کے موافق کام کرتا ہے تو ان اعمال کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیفیت کسی وقت قلب میں ظاہر ہوتی ہے۔ پھر اگر نفس کے اندر سماحت کی صفت پائی جاتی ہے تو ان صفات رزیلہ کا ترک کرنا آسان ہوتا ہے اور یہ صفات ایسی ہو جاتی ہیں کہ گویا کبھی اُن کا نام بھی نہ تھا اور نفس خالص ہو کر خدا تعالیٰ کی رحمت میں داخل ہو جاتا ہے اور اُس انوار کے دریا میں مستغرق ہو جاتا ہے جن کو بداہتہً سرشت کے اعتبار سے نفوس مقتضے ہوتے ہیں۔ اور اگر نفس کے اندر سماحت کی صفت نہیں ہوتی تو اُن اعمال کی کیفیت نفس کے اندر اس طرح ظاہر ہو جاتی ہے جس طرح موم میں مہر کے نقوش منقش ہو جاتے ہیں اور دنیاوی زندگی کا میل نفس کے اندر جم جاتا ہے اور اُن کیفیات کا متروک ہو جانا نفس پر دشوار ہو جاتا ہے پھر جب نفس کو بدن سے مفارقت ہوتی ہے تو وہ بداعمالیاں ہر چہار طرف سے اُس کا احاطہ کرتی ہیں اور نفس اور اُن انوار کے مابین جو سرشت کے اعتبار سے نفس کے مقتضی ہوتے ہیں بہت سے غلیظ غلیظ پردے پڑ جاتے ہیں جس کے سبب سے نفس کو ایذا و تکلیف پہونچتی رہتی ہے۔ اس سماحت کو جب خواہش شکم اور شہوت فرج کے داعیہ کے ساتھ اعتبار کیا جاتا ہے تو اُس کا نام عفت ہوتا ہے اور جب بیقراری اور اضطراب کے سبب کے ساتھ اعتبار کیا جاتا ہے تو اس سماحت کا نام صبر ہوتا ہے اور جب انتقام کے سبب کے ساتھ اعتبار کیا جاتا ہے تو اُس کا نام عفو ہوتا ہے اور جب مال کے سبب کے ساتھ ہو تو اُس کا نام سخاوت اور قناعت ہوتا ہے اور وہ یہ ہے کہ ان سب کے اصل نفس کا خواہش بہیمی کے تابع نہ ہوتا ہے اور صوفیہ کرام اُس کو تعلقات دنیویہ کے قطع کرنے یا خسائس بشریہ کے فنا ہونے اور اسی قسم کے مختلف ناموں سے تعبیر کرتے ہیں اور اس صفت کے حاصل کرنے میں زیادہ ضروری ان اشیاء کے مواقع میں واقع ہونے سے احتیاط رکھنا اور دل سے ذکر الٰہی کا اختیار کرنا عالم تجرد کی طرف نفس کا میلان ہے چنانچہ زید بن حارثہ کا قول ہے میرے نزدیک دنیا کا پتھر و ڈھیلا سب برابر ہے حتی کہ اُن کی نسبت مکاشفہ کی خبر دیگئی ہے۔

چوتھی صفت عدالت ہے عدالت ایک ایسی کیفیت کا نام ہے کہ تدبیر منزل اور سیاست مدنیہ وغیرہ کی اصلاح کے متعلق ایک نظام عادل بسہولت قائم ہو سکتا ہے اور اصل میں وہ جبلت نفسانی ہے جو افکار کلیہ اور اُن سیاستوں کے پیدا ہونے کا باعث ہوتی ہے جو خدا تعالیٰ اور اُس کے ملائکہ کے موافق ہیں اور اُس کا سبب یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کو منظور ہے کہ جہان میں انتظام قائم رہے اور بعض بعض کی اعانت کریں۔ اور کوئی کسی کو نہ ستائے اور باہم الفت و محبت سے رہیں جس طرح کہ ایک بدن کے اعضا ہوتے ہیں کہ جب کسی عضو کو صدمہ پہنچتا ہے تو تمام اعضا پر اُس کا اثر ہو کر بیخوابی آجاتا ہے اور سب کی نیند جاتی رہتی ہے اور نیز انکی نسل کا بڑھانا منظور ہے کہ اُن میں سے جو نافرمان ہیں اُن کی توبیخ کی جائے اور جو عادل ہیں اُن کی تعظیم کی جائے اور رسوم فاسدہ دور ہوں اور بھلائی کی باتیں اور شرائع حقہ کا اُن میں دستور ہو اور اُس کے پیدا کرنے میں اللہ سبحانہ کے لئے قضاء اجمالی ہے اور یہ اُس کی شرح و تفصیل ہے اور ملائکہ مقربین نے اُس کو معلوم کر لیا ہے اور جو لوگ ان امور کی اصلاح میں سعی کرتے ہیں اُن کے لئے ملائکہ دعا دیتے ہیں اور جو اُن کے فساد میں سعی کرتے ہیں اُن پر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لعنت کرتے ہیں۔ چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے وعد اللہ الذین امنوا منکم وعملوا الصلحت لیستخلفنھم فی الارض کما استخلف الذین من قبلھم ولیمکنن لھم دینھم الذی ارتضی لھم ولیبدلنھم من بعد خوفھم امنا یعبدوننی لا یشرکون بی شیئا ومن کفر بعد ذلک فاولئک ھم الفسقون۔ جو لوگ تم میں سے ایمان لائے ہیں اور اچھے عمل کئے ہیں خدا تعالےٰ نے اُن سے اس بات کا وعدہ کرلیا ہے کہ انکو زمین میں خلیفہ بنائیگا جس طرح اُن لوگوں کو اُس نے خلیفہ بنایا ہے جو ان سے پہلے تھے اور جس دین کو اُن کے لئے پسند کیا ہے اُس پر انکو قدرت دیگا اور اُن کے خوف کے بعد اُن کو امن بدلہ میں دیگا۔ مجکو پوجتے ہیں کسی کو میرا شریک نہیں کرتے اور جنہوں نے اس کے بعد کفر کیا وہی لوگ نافرمان ہیں۔ اور فرماتا ہے الذین یوفون بعھد اللہ ولا ینقضون المیثاق والذین یصلون ما امر اللہ بہ ان یوصل الایہ۔ جو لوگ خدا تعالےٰ کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور عہد کو نہیں توڑتے اور جس چیز کے جوڑنے کا خدا تعالےٰ نے حکم دیا ہے۔ اُسکو جوڑتے ہیں۔ اور فرماتا ہے والذین ینقضون عھد اللہ من بعد میثاقہ ویقطعون ما امر اللہ بہ ان یوصل۔ اور جو لوگ خدا تعالےٰ کے عہد کو بعد پختہ کرنے کے توڑتے ہیں اور خدا تعالےٰ نے جس چیز کے جوڑنے کا حکم دیا ہے اُسکو قطع کرتے ہیں۔ جو شخص ان اصلاح کے کاموں کو عمل میں لاتا ہے خدا تعالےٰ کی رحمت اور ملائکہ مقربین کی دعا اُس کے شامل حال ہوتی ہے خواہ اُس شخص کو اُس کا گمان ہو یا نہ ہو اور ہر طرف سے نورانی شعاعیں اُسکو گھیر لیتی ہیں جس طرح شمس وقمر کی شعاعیں انسان کو محیط ہوجاتی ہیں اس کے سبب سے بنی آدم اور ملائکہ کے قلوب میں اُس شخص کے ساتھ محبت کا القا ہوتا ہے تمام زمین وآسمان میں وہ شخص مقبول ہوجاتا ہے اور جب عالم تجرد کیطرف اُس کا انتقال ہوتا ہے تو یہ شعاعیں جو اُس کے ساتھ متصل تھیں اُس کو محسوس ہوتی ہیں اور اُس شخص کو انکی لذت معلوم ہوتی ہے اور ایک قسم کی کشادگی اور قبولیت اُس کو نظر آتی ہے اور اُس کے اور ملائکہ کے مابین ایک دروازہ کھل جاتا ہے اور جو شخص فساد کے کام عمل میں لاتا ہے تو خدا تعالےٰ کا غضب اور ملائکہ کی لعنت اُس کو گھیر لیتی ہے اور اُس غضب سے تاریک تاریک شعاعیں پیدا ہو کر اس شخص کے محیط ہوجاتی ہیں جسکے سبب سے ملائکہ اور مخلوق کے دلوں میں اُس کے ساتھ بُرا برتاؤ کرنے کا الہام ہوتا ہے اور تمام آسمان وزمین میں وہ شخص منغوض ٹھیرتا ہے پھر جب عالم تجرد کی طرف اُس کا کوچ ہوتا ہے تو ان ظلمانی شعاعوں کو معلوم کرتا ہے اور وہ شعاعیں اُس کو کاٹتی نظر آتی ہیں اور اُس کی جان کو اُن سے الم اور ضیق ونفرت پیدا ہوتی ہے اور تمام جوانب سے وہ شخص گھر جاتا ہے اور باوجود فراخی کے زمین اُس پر تنگ معلوم ہوتی ہے۔ عدالت کی صفت کا جب نشست وبرخاست اور خواب وبیداری اور چلنے وپھرنے اور بولنے وچالنے اور لباس وشعار کی وضع کے ساتھ اعتبار کیا جاتا ہے تو اُس کا نام ادب ہوتا ہے اور جب مال اور اُس کے جمع کرنے اور صرف کرنیکے ساتھ اعتبار کیا جاتا ہے تو اُس کا نام کفایت ہوتا ہے اور تدبیر منزل کے ساتھ اعتبار کرنے سے حریت اور تدبیر مدینہ کے ساتھ سیاست اور عزیزوں کی الفت رکھنے کے ساتھ حسن عاشرت یا حسن معاشرت اُس کا نام ہوتا ہے۔ عدالت کے حاصل کرنے میں زیادہ ضروری رحمت اور محبت اور نرم دلی اور اُس کے ساتھ افکار کلیہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے تابع ہونا اور انجام کار پر نظر رکھنا ہے اور ان دونوں صفت یعنی سماحت و عدالت میں ایک قسم کا تناقض اور مخالفت ہے اس لئے کہ تجرد کی طرف قلب کا میلان اور اُس کے اندر رحمت و محبت کا ہونا، اکثر لوگوں کے اعتبار سے یہ دونوں وصف جمع نہیں ہوتے خصوصاً ان لوگوں کے اندر جن کی قوت بہیمی و ملکی میں کشاکشی رہتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تم بہت سے اہل اللہ کو دیکھتے ہو کہ انہوں نے لوگوں سے قطع تعلق کر دیا ہے حتی کہ اہل و عیال کو بھی چھوڑ دیا ہے اور لوگوں سے بالکل برطرف ہو گئے ہیں اور عوام لوگ شب و روز اہل و عیال کے ساتھ مشغول رہتے ہیں حتی کہ اُن چیزوں نے ان سے خدا تعالےٰ کا ذکر بھلا دیا ہے اور انبیاء علیہ السلام دونوں مصلحتوں کی رعایت کا حکم دیتے ہیں اسی لئے ان دونوں صفتوں کے اندر ضبط بہم اور تمیز مشکل کی زیادہ ضرورت پڑتی ہے شرائع کے اندر جن اخلاق کا لحاظ ہے وہ یہی اخلاق ہیں اور بعد افعال اور کیفیات اور ہیئت ایسی بھی ہیں۔ جو ان اخلاق اور ان اخلاق کی اضداد کا کام دیتی ہیں اس جہت سے کہ یہ افعال وغیرہ نفس کے اندر ملائکہ اور شیاطین کا مزاج پیدا کر دیتی ہیں۔ ملائکہ اور شیاطین کے دونوں قبیلوں میں سے ایک کی طرف نفس کے میلان سے یہ افعال وغیرہ پیدا ہوتے ہیں لہذا اُن کے متعلق حکم دیا جاتا ہے اور ہم نے کچھ اُس کا ذکر پہلے کیا ہے اور اسی باب سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ قول ہے ان الشیطان یاکل بشمالہ ویشرب بشمالہ۔ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے اور بائیں ہاتھ ہی سے پیتا ہے اور فرمایا ہے الاجیع شیطان یعنے مقطوع الحجۃ اور فرمایا ہے الا تصفون کما تصف الملائکۃ جس طرح فرشتے صف باندھکر کھڑے ہوتے ہیں تم اس طرح صف بندی کیوں نہیں کرتے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن اعمال کا حکم دیا ہے جو ان اخلاق کی علامات ہیں چنانچہ ایسے اذکار کا آپ نے حکم دیا ہے جن سے ہر وقت اجتناب اور فرمانبرداری اور تضرع کی کیفیت حاصل ہوتی ہے اور صبر کرنے اور خدا کی راہ میں خرچ کرنے کا حکم دیا اور موت اور آخرت کی یاد کرنے کی رغبت دلائی اور اُن کی آنکھوں کے سامنے دنیا کی ناپایداری ثابت کی اور خدا تعالےٰ کے جلال اور اُس کی عظیم الشان قدرت میں فکر کرنے کا اُن کو شوق دلایا کہ سماحت کی صفت اُن کے اندر پیدا ہو۔ اور مریض کی عیادت اور باہم سلوک اور صلہ کرنے اور سلام کا رواج ڈالنے اور حدود کے قائم کرنے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے کا اُن کو حکم دیا تاکہ عدالت کی صفت اُن کے اندر پیدا ہو جائے اور ان افعال اور کیفیات کا پورے پورے طور پر بیان کیا خدا تعالےٰ نے اس نبی کریم کو ہمارے اور تمام مسلمانوں کی طرف سے ایسا بدلہ دے جسکے وہ لائق ہے جب یہ اصول تم کو معلوم ہو گئے تو ہم اب کسیقدر تفصیل کرنے میں مشغول ہوتے ہیں واللہ اعلم۔

اذکار اور اُسکے متعلقات کا بیان

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ لایقعد قوم یذکرون اللہ الا حفتھم الملائکۃ وغشیتھم الرحمۃ کوئی قوم خدا تعالےٰ کے یاد کرنے کے لیے نہیں بیٹھتی مگر ملائکہ اُن کو گھیر لیتے ہیں اور رحمت اُن پر چھا جاتی ہے۔ میں کہتا ہوں یہ بات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یقینی ہے کہ خدا تعالےٰ کی طرف رغبت اور اُس کے ذکر کے ساتھ مسلمانوں کا اجتماع رحمت اور سکینہ بلا لیتا ہے اور ملائک سے قریب کر دیتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سبق المفردون۔ مفردوں آگے ہو گئے میں کہتا ہوں سابقین میں سے ایک گروہ کا نام مفردین ہے کیونکہ یاد اور ذکر نے اُن پر سے بار ہٹا کر انکو ہلکا کر دیا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قال تعالےٰ انا عند ظن عبدی بی وانا معہ اذا ذکرنی فان ذکرنی فی نفسہ ذکرتہ فی نفسی وان ذکرنی فی ملاء ذکرتہ فی ملاء خیر منہ۔ اللہ پاک فرماتا ہے میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں جو اُس کو میرے ساتھ ہے اور جب وہ مجھے یاد کرتا ہے میں اُس کے ساتھ ہوں پھر اگر اپنے جی میں مجھے یاد کرتا ہے تو میں اپنے جی میں اُس کو یاد کرتا ہوں اور اگر جلسہ میں یاد کرتا ہے تو میں اُس سے بہتر جلسہ میں اسکو یاد کرتا ہوں۔ میں کہتا ہوں بندے کی سرشت جو اخلاق اور علوم کا منشا ہوتی ہے اور وہ کیفیات جس کو نفس حاصل کرتا ہے اُس رحمت کے مختص ہوتی ہے جو اُس بندے کے لئے خاص ہے پس بہت سے لوگ جن کے اندر سماحت کی صفت پائی جاتی ہے اس بات کی امید رکھتے ہیں کہ ہمارا پروردگار ہمارے گناہ دور کر دیگا اور ذرا ذرا سی بات پر ہم پر مواخذہ نہ کریگا اور سماحت کا برتاؤ ہمارے ساتھ کریگا ایسے شخص کی یہ امید اُس کے گناہوں کے دور ہو جانے اور نفس کے صاف ہو جانے کا سبب ہو جاتی ہے اور بہت سے بخیل اور حریص مزاج آدمی اپنے پروردگار سے اس بات کا گمان رکھتے ہیں کہ خدا تعالےٰ ہم سے ذرا ذرا سی بات کا مواخذہ اور جز رس لوگوں کا سا معاملہ کریگا اور گناہوں سے درگذر نہ کریگا۔ اور یہ بات دنیاوی ہیات کے اعتبار سے دل میں زیادہ تر مٹھیہ جاتی ہے اور بعد از مرگ یہ کیفیت چاروں طرف سے اُس کو گھیر لیتی ہے۔ مگر یہ فرق صرف اُن امور کے اعتبار سے ہوا کرتا ہے کہ خظیرۃ القدس میں جن کی نسبت کوئی تاکیدی حکم نہیں ہوتا اور کبائر اور اُن سے قریب قریب گناہوں کے اعتبار سے صرف بالاجمال اُس کا اثر کچھ ظاہر ہوتا ہے اور اللہ پاک کے یہ فرمانے میں کہ میں اُس کے ساتھ ہوتا ہوں معیت قبول اور خظیرۃ القدس میں ایک شان کے ساتھ ہونے کی طرف اشارہ ہے جب بندہ اپنے دل میں خدا تعالےٰ کو یاد کرتا ہے اور اُس کے انعامات میں غور کرنا شروع کرتا ہے تو اُس کے بدلہ میں اُس راستہ سے خدا تعالےٰ اُس کے لئے حجابات دور کر دیتا ہے اور چلتے چلتے اُس تجلی تک جا پہونچتا ہے جو خظیرۃ القدس کے اندر قائم ہوتی ہے اور جب کسی جلسہ میں خدا تعالےٰ کی یاد کرتا ہے اور اُس کی غرض دین اسلام کی اشاعت اور اعلاء کلمۃ اللہ ہوتی ہے تو اُس کی جزا میں خدا تعالےٰ ملاء اعلےٰ کے قلوب میں اُس کی محبت کا القا فرماتا ہے اور وہ اُس کے لئے دعا کرتے ہیں اور برکت کے طالب ہوتے ہیں بعد ازاں زمین پر بھی وہ بندہ مقبول ٹھیرایا جاتا ہے۔ مگر بہت سے عارف باللہ ایسے ہیں کہ معرفت کے درجہ تک اُن کو وصول ہو گیا ہے لیکن نہ تو زمین پر اُن کو لوگ مانتے ہیں اور نہ ملاء اعلےٰ میں اُن کا کچھ تذکرہ ہوتا ہے اور بہت سے لوگ دین کے حامی اور مددگار اور بڑے مقبول اور متبرک بندے ہوتے ہیں مگر اُن کے حجابات رفع نہیں ہوتے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قال اللہ تعالےٰ من جاء بالحسنۃ فلہ عشر امثالھا وازید ومن جاء بالسیئۃ فجزاء سیئۃ مثلھا او اغفر ومن

مکتبہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تقرب منی شبرا تقربت منه ذراعا ومن تقرب منی ذراعا تقربت منه باعا ومن اتانی یمشی اتیته هرولة ومن یلقینی لایشرک بی شیئا لقیته بمثلها مغفرة اللہ پاک فرماتا ہے جو بھلائی لیکر آئیگا تو اُس کی اُس کو دس گنی ہے اور میں زیادہ بھی کر دونگا اور جو برائی لائیگا تو برائی کا بدلہ اس کے برابر ہے یا میں معاف کر دونگا اور جو شخص بالشت بھر میرے پاس آتا ہے میں ایک ذراع اُس کے پاس آتا ہوں اور جو ایک ذراع میرے قریب ہوتا ہے تو میں ایک باع یعنی دونوں ہاتھ کے پھیلاؤ کے برابر اُس کے قریب ہوتا ہوں اور جو میرے پاس چلکر آتا ہے میں اُس کے پاس دوڑ کر آتا ہوں اور جو مجھ سے زمین کے برابر گناہ لیکر ملتا ہے اور دنیا سے پیٹھ پھیر لیتا ہے اور اُس کے بھی قوی پوجہ ہو جاتے ہیں اور ملکیت کے انوار چمکنے لگتے ہیں تو اُس کے تھوڑے حسنات بھی بہت ہو پڑتے ہیں اور عارضی چیز ہمیشہ ذاتی چیز سے ضعیف رہتی ہے اور تدبیر الٰہی کا منبع خیر کے فیضان پر ہے اور خیر وجود کے ساتھ بہت قریب اور شر اُس سے بہت بعید ہے، چنانچہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ خدا تعالےٰ کی رحمت کے سو حصے ہیں جن میں سے ایک حصہ زمین کی طرف اُتار رکھا ہے۔ اسی کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بالشت اور ذراع اور باع اور چلنے اور دوڑنے کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اور آخرت کے اعتبار سے کوئی چیز جبروت پر اطلاعیابی اور اُس کی طرف التفات کرنے سے زیادہ نافع نہیں ہے من یلقینی بقراب الارض خطیئة لایشرک بی شیئا الخ کے یہی معنی ہیں اور اللہ پاک فرماتا ہے اعلم عبدی ان لہ ربا یغفر الذنوب ویواخذ بہ کیا میرا بندہ اس بات کو جانتا ہے کہ اُس کا کوئی رب ہے جو گناہ بخشتا اور گناہ پر مواخذہ کرتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قال تعالےٰ من عادی لی ولیا فقد اذنتہ بالحرب وما تقرب الی عبدی بشئی احب الی مما افترضت علیہ ویزال عبدی یتقرب الی بالنوافل حتی احببتہ فاذا احببتہ فکنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ ویدہ التی یبطش بہا ورجلہ التی یمشی بہا وان سالنی لاعطینہ وان استعاذنی لاعیذنہ وما ترددت فی شئی انا فاعلہ ترددی عن نفس المومن یکرہ الموت وانا اکرہ مساءتہ۔ اللہ پاک فرماتا ہے کہ جو شخص کسی میرے دوست سے عداوت کرتا ہے میں اس کو اعلان جنگ دیتا ہوں میرا بندہ کسی چیز سے جو مجھکو زیادہ تر محبوب ہو فرائض سے زیادہ مجھ سے نزدیک نہیں ہوتا اور میرا بندہ برابر نوافل سے قربت حاصل کرتا رہتا ہے حتی کہ مجھے پیارا ہو جاتا ہے، اور جب میں اُس سے محبت کرنے لگتا ہوں تو میں اُس کا کان ہو جاتا ہوں جس سے سنتا ہے، اور آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے دیکھتا ہے، اور اُس کا ہاتھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے، اور اُس کا پیر ہو جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے اور جو مانگتا ہے ضرور اُس کو دیتا ہوں، اور اگر میری پناہ مانگتا ہے تو ضرور پناہ میں لیتا ہوں، اور میں نے کسی چیز میں جس کے کرنے کا ارادہ کیا ہے ایسا تردد نہیں کیا جیسے مومن کے نفس سے مجھے تردد ہوا اُس کو موت گوارا نہیں ہوتی اور مجھکو اُسکی تکلیف گوارا نہیں ہوتی۔

میں کہتا ہوں جب خدا تعالےٰ کسی بندہ سے محبت کرتا ہے اور ملاء اعلےٰ میں اُس کی محبت نازل ہو کر زمین

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں بھی مقبول ہو جاتا ہے پھر کوئی شخص اس نظام الٰہی کی مخالفت کرتا اور اُس بندہ سے عداوت کرتا ہے اور اُس کے حال کے بگڑنے میں کوشش کرتا ہے تو خدا تعالیٰ کی رحمت جو اُس محبوب کے متعلق ہوتی ہے اُس کے دشمن کے حق میں لعنت بنجاتی ہے اور اُس کی رضامندی دشمن کے حق میں غضب الٰہی بنجاتی ہے اور جب خدا تعالیٰ کسی شریعت کے ظاہر کرنے اور کسی دین کے قائم کرنے سے بندوں کے نزدیک ہوتا ہے اور حظیرۃ القدس میں اُن طریقوں اور شریعتوں کو مرقوم فرماتا ہے تو یہ طریقہ اور عبادات سب چیزوں سے زیادہ رحمت الٰہی کے جالب اور اُس کی رضامندی کے موافق ہوتی ہیں اور یہ تھوڑی سی چیزیں بہت ہوتی ہیں اور بندہ نوافل کے ذریعہ سے فرائض ادا کرنے کے بعد خدا تعالیٰ سے برابر قربت حاصل کرتا رہتا ہے حتی کہ خدا تعالیٰ کا محبوب بن جاتا ہے اور رحمت الٰہی اُس کو محیط ہو جاتی ہے اس وقت میں اُس اعضاء کو نور الٰہی سے مدد پہنچتی ہے اور اُس کی ذات و اہل و عیال و مال میں برکت دی جاتی ہے اور اُس کی دعا قبول ہوتی ہے اور شر سے محفوظ رہتا ہے اور اُس کی اعانت کی جاتی ہے اس قرب کا نام ہمارے ہاں قربت اعمال ہے ؛ اور اس حدیث میں جو تردد کا لفظ آیا ہے اُس سے عنایات الٰہی کا تعارض مراد ہے کیونکہ خدا تعالیٰ کو ہر نظام شرعی و شخصی کے ساتھ ایک توجہ خاص ہے۔ بدن انسانی کے ساتھ اُس کی توجہ کا مقتضی ہے کہ اُس کی موت و بیماری اور تکلیف کا حکم دیا جاوے اور اُس کے نفس کے ساتھ جو خدا تعالیٰ کا محبوب ہے توجہ الٰہی کا یہ مقتضی ہوتا ہے کہ ہر طرف سے اُس کے لئے راحت و آرام پہونچایا جاوے اور تکلیف سے محفوظ رکھا جاوے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الا انبئکم بخیر اعمالکم وازکاھا عند ملیکم الحدیث کیا میں تم کو وہ عمل نہ بتادوں جو تمہارے سب اعمال میں بہتر ہے اور تمہارے بادشاہ کے نزدیک سب سے زیادہ پاکیزہ ہے اور سب اعمال سے زیادہ تمہارے درجات بلند کرنے والا ہے اور تمہارے حق میں سونا چاندی خرچ کرنے سے بہتر ہے اور تمہارے حق میں اس بات سے بہتر ہے کہ تم اپنے دشمن سے سامنا کرو اور تم اُن کی گردنیں مارو اور وہ تمہاری گردنیں ماریں ؛ صحابہ نے عرض کیا ہاں آپ نے فرمایا کہ وہ خدا کا ذکر ہے میں کہتا ہوں افضلیت کے طریقے مختلف ہوتے ہیں اور جبروت پر نفس کی اطلاعیابی اعتبار سے ذکر الٰہی سے زیادہ کوئی چیز افضل نہیں ہے خاصکر اُن نفوس زکیہ میں جن کو ریاضات کی حاجت نہیں ہوتی صرف نگاہداشت کی حاجت ہوتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من قعد مقعدا لم یذکر اللہ فیہ الحدیث یعنے جو شخص کسی مجلس میں بیٹھکر خدا تعالیٰ کی یاد نہ کرے تو وہ مجلس اُس کے حق میں منجانب اللہ حسرت ہے اور جو شخص لیٹے اور لیٹ کر خدا تعالیٰ کی یاد نہ کرے وہ لیٹنا خدا تعالیٰ کی طرف سے اُس پر حسرت ہے اور فرمایا ما من قوم یقومون من مجلس لا یذکرون اللہ فیہ الا قاموا عن مثل جیفۃ حمار وکان علیہم حسرۃ۔ کوئی قوم کسی مجلس سے جس میں یاد الٰہی نہ کیا ہو نہیں کھڑی ہوتی مگر جس طرح مردار گدھے کو کھا کر اُٹھتے ہیں اور وہ مجلس اُن پر حسرت ہوگی اور فرمایا ہے لا تکثروا الکلام بغیر ذکر اللہ فان کثرۃ الکلام بغیر ذکر اللہ قسوۃ بالقلب وان ابعد الناس عن اللہ القلب القاسی یعنے ذکر الٰہی کے کثرت سے کوئی کلام مت کرو اس لئے کہ بغیر ذکر خدا تعالیٰ کے کثرت سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کلام کرنا قلب میں قساوت پیدا کر دیتا ہے اور خدا تعالےٰ کے نزدیک سب لوگوں سے دور تر قاسی القلب ہے
میں کہتا ہوں جب ایک شخص نے ذکر الٰہی کی حلاوت معلوم کر لی اور ذکر الٰہی سے اطمینان حاصل ہونے کی کیفیت
اور نیز یہ بات معلوم کر لے کہ ذکر الٰہی کے کرنے سے اس کے قلب سے حجابات کس طرح دور ہوتے ہیں۔ اور وہ
شخص ایسا ہو جاتا ہے جیسے خدا تعالےٰ کو آنکھوں سے دیکھتا ہے تو بلاشک جب وہ شخص دنیا کی طرف متوجہ
ہوتا ہے اور اہل وعیال اور دنیا کے سامان میں متوجہ ہوتا ہے تو ان کیفیات میں سے بہت کچھ بھول جاتا ہے
اور ایسا ہو جاتا ہے کہ جو بات اس کو حاصل ہوئی تھی وہ اس سے گم ہو گئی اور اس شخص کے اور اس چیز کے مابین
جو اس کی آنکھوں کے سامنے تھی ایک پردہ پڑ جاتا ہے اور یہ خصلت دوزخ اور ہر برائی کی طرف انسان کو بلاتی
ہے اور یہ ہر ایک حسرت کا سبب ہے اور جب بہت سی حسرتیں جمع ہو جاتی ہیں تو نجات کی کوئی سبیل نہیں ہوتی
آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان حسرتوں کا پورا پورا علاج بتایا ہے اس طرح پر کہ ہر وقت کے لئے اس وقت کی
مناسب ایک ذکر مقرر فرمایا ہے تاکہ غفلت کے سم کا دور کرنیوالا اور اس کے لئے تریاق ہو اور ان اذکار کے
فوائد اور بغیر ان اذکار کے حسرات کے عارض ہونے پر تنبہ کیا ہے اور معلوم کرو کہ ذکر کے الفاظ منضبط کرنے
کی ضرورت تھی تاکہ کوئی تصرف کرنے والا اپنی ناقص عقل سے اس میں تصرف کر کے خدا تعالےٰ کے ہمارے
الحاد نہ کرے یا جو مقام جس ذکر کے مناسب ہے اس کو استعمال میں نہ لائے اذکار کے باب میں آنحضرت صلے اللہ
علیہ وسلم نے جو مسنون کیا ہے ان سب سے زیادہ عمدہ و بہتر دس ذکر ہیں جن میں سے ہر ایک میں وہ راز ہے
جو دوسرے میں نہیں ہے لہٰذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ہر موقع پر انمیں سے کئی کئی ذکر کے جمع کرنے
کا حکم دیا ہے اور یہ بات بھی ہے کہ ہر ایک ہی قسم کا ذکر کرنے سے وہ ذکر عامہ مکلفین کے اعتبار سے صرف
زبانی حرکت ہو جاتا ہے اور اذکار کے بدلنے سے نفس کو تنبیہ اور غافل کو بیداری ہوتی ہے۔ اس میں سے
ایک ذکر (سبحان اللہ) ہے اس کی حقیقت خدا تعالےٰ کے تمام اوناس اور عیوب اور نقائص سے پاک کرنا ہے
اور ایک (الحمد للہ) ہے اور اس کی حقیقت خدا تعالےٰ کے لئے کمالات اور اوصاف کاملہ کا ثابت کرنا ہے
جب یہ دونوں باتیں ایک کلمہ میں جمع ہو گئیں تو انسان کو اپنے پروردگار کی جو معرفت حاصل ہو سکتی ہے اس کلمہ
میں اس معرفت کا پورا پورا بیان ہے کیونکہ بندہ خدا تعالےٰ کو صرف اسی قدر پہچان سکتا ہے کہ اس کے لئے
ایک ذات ثابت کرے جو تمام ان نقائص سے جن کا ہم اپنے اندر مشاہدہ کرتے ہیں پاک ہو اور جس قدر
کمالات کمال ہونے کی جہت سے ہم اپنے اندر دیکھتے ہیں وہ سب اس ذات کو ثابت ہوں پس جب اس
ذکر کی صورت نامۂ اعمال میں مندرج ہوتی ہے تو یہ معرفت پوری اور کامل جن کے کامل ہونے کا حکم دیا جاتا ہے
ظاہر ہوتی ہے اور قرب الٰہی کا باب عظیم اس کے سبب سے مفتوح ہو جاتا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے
اپنے اس قول میں اسی کے معنی کی طرف اشارہ کیا ہے التسبیح نصف المیزان والحمد للہ یملئہ سبحان اللہ نصف
میزان ہے اور الحمد للہ اس کو پر کر دیتا ہے اس لئے سبحان اللہ وبحمدہ کا کلمہ زبان پر آسان نام اور وزن میں بہت ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور خدا تعالیٰ کو پیارا ہوتا ہے اور اُس کے پڑھنے والے کے لئے ایک درخت بویا جاتا ہے جو شخص اُس کو سو مرتبہ پڑھے اُس کے حق میں وارد ہوا ہے کہ تمام اُس کے گناہ دور ہو جاتے ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں، اور قیامت کے دن کوئی شخص ان کلمات کے پڑھنے والے سے افضل نہ آویگا مگر جس نے اُس کو پڑھا یا اُس پر زیادہ کیا اور خدا تعالیٰ نے اپنے ملائکہ کے لئے جو ذکر پسند فرمائے ہیں ان سب میں یہ بہتر ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے اول من یدعی الی الجنۃ الذین یحمدون اللہ فی السراء والضراء سب سے پہلے جنت میں وہ لوگ بلائے جائینگے جو مصیبت و آرام کے وقت اللہ کی حمد کرتے ہیں۔ اس میں یہ راز ہے کہ اُن لوگوں کا عمل ثبوتی ہے تو اسے ثبوتیہ اُس پر باعث ہوتے ہیں۔ اور ایسے لوگ جنت کے انعامات سے نہایت ثمریاب ہوتے ہیں اور یہ جو فرمایا ہے کہ افضل الدعا الحمد للہ بہترین دعا الحمد للہ ہے اُس میں یہ راز ہے کہ دعا کی دو قسمیں ہیں چنانچہ ہم ذکر کرینگے اور الحمد للہ میں دونوں قسم موجود ہیں کیونکہ شکر زیادتی نعمت کا سبب ہے اور اُس کے اندر معرفت کی ثبوتی پائی جاتی ہے اور یہ جو فرمایا ہے کہ الحمد للہ راس الشکر الحمد للہ شکر کی اصل ہے اُس میں یہ راز ہے کہ شکر زبان سے بھی ہوتا ہے اور قلب سے بھی اور اعضاء سے بھی، اور زبان بہ نسبت ان دونوں کے شکر پر زیادہ تر بظاہر دلالت کرتی ہے اور ایک ذکر لا الہ الا اللہ ہے اور اس کے کئی بطون ہیں بطن اول شرک جلی کا دور کرنا ہے اور بطن دوم شرک خفی کا دور کرنا ہے اور بطن سوم اُن حجابات کا دور کرنا جو معرفت الٰہی تک پہونچنے کے مانع ہیں، اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول میں اسی کی طرف اشارہ ہے لا الہ الا اللہ لیس لہا حجاب دون اللہ حتی تخلص الیہ لا الہ الا اللہ کے لئے خدا تعالیٰ سے ورے کوئی پردہ نہیں جس کی وجہ سے خدا تعالیٰ تک وہ پہونچ جاتا ہے اور موسےٰ علیہ السلام کو اسکے بطون میں سے پہلے دو بطن کا علم تھا اس لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس بات کو بعید سمجھا کہ آپ کے لئے جو ذکر خاص کیا گیا ہے وہ یہی ہو۔ اور خدا تعالیٰ نے بذریعہ وحی کے اُس کا حال ظاہر کر دیا اور آپ پر یہ بات روشن کر دی کہ یہ کلمہ خدا تعالیٰ کے سوا ہر چیز کے اختیار کرنے اور آنکھوں کے سامنے متمثل ہونے سے دور کرنے والا ہے اور اس درجہ کا کلمہ ہے کہ اگر تمام دنیا کے کلمے ایک پلہ میں رکھے جاویں اور یہ کلمہ دوسرے پلے میں تو اُن سب کو جھکا دے کیونکہ اس کلمہ کے سامنے سب کلمے حقیر ہیں یعنی کم رتبہ کے اور لا الہ الا اللہ کے ساتھ جب کسی قدر تفصیل اور شامل ہو جاتی ہے تو یہ کلمہ نفی اور اثبات کے لئے ہو جاتا ہے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شئی قدیر۔ اس کلمہ کے سو مرتبہ کہنے والے کی فضیلت میں وارد ہوا ہے کانت لہ عدل عشر رقاب اگر اُس کے لئے اس کلمہ کا سو مرتبہ کہنا دس غلام آزاد کرنے کے برابر ہوتا ہے اخیر حدیث تک۔ کیونکہ یہ کلمہ معرفت سلبیہ و ثبوتیہ کا جامع ہے اور سلبیہ کو گناہوں کے دور ہونے اور ثبوتیہ کو حسنات کے پائے جانے اور جزا کے متمثل ہونے میں بہت دخل ہے اور ایک ذکر کلمہ اللہ اکبر ہے اس کلمہ کے اندر خدا تعالیٰ کی عظمت اور اُس کی قدرت اور اُس کی سطوت کا لحاظ ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور معرفت ثبوتیہ کی طرف اس میں اشارہ ہے اسی لئے اس کلمہ کی فضیلت میں آیا ہے کہ یہ کلمہ زمین و آسمان کی فضاء کو بھر دیتا ہے یہ چاروں کلمے سب میں افضل اور خدا تعالیٰ کے پسندیدہ ہیں۔ اور جنت میں یہ کلمات بوئے جاتے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا ہے کہ میں نے تیرے بعد چار کلمے تین مرتبہ ایسے پڑھے ہیں کہ اگر ان کلمات کے ساتھ جو تو نے آج شروع دن سے پڑھے ہیں وزن کئے جائیں تو وزن میں ان سے زیادہ نکلے سبحان اللہ وبحمدہ عدد خلقہ ورضا نفسہ وزنۃ عرشہ و مداد کلماتہ۔ اس میں یہ راز ہے کہ عمل کی صورت جب نامۂ اعمال میں ثابت ہوتی ہے تو جزاء کے وقت اس صورت کا پھیلاؤ اور اس کے وسعت اس کلمہ کے معنی کے اعتبار سے ہوتی ہے اگر اس میں ایسا کلمہ ہے جیسے عدد خلقہ تو اس کا پھیلاؤ اسی قدر ہوتا ہے۔

معلوم کرنا چاہیئے جس شخص کا میلان ذکر کی کیفیت سے نفس میں اثر پیدا کرنے کی طرف ہوتا ہے اس شخص کے لئے ذکر کا کثرت سے کرنا مناسب ہوتا ہے اور جس شخص کا میلان اس طرف زیادہ ہوتا ہے کہ عمل کی صورت نامۂ اعمال میں محفوظ رہے اور جزاء کے دن اس کا ظہور ہو تو اس کے حق میں ایسے ذکر کا اختیار کرنا مناسب ہوتا ہے جو بالکیفیہ اوراد اذکار پر فوقیت رکھتا ہو کسی کو اس موقع پر یہ کہنے کی مجال نہیں ہے کہ جب تین مرتبہ ان کلمات کا کہنا تمام اذکار سے افضل ہوا اذکار کی کثرت اور تمام اوقات کا ان میں صرف کرنا ضائع ہوا اس لئے کہ فضیلت ایک اعتبار سے ہے نہ دوسرے اعتبار سے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا کہ اقرب اعمال کی طرف رہبری اور اس کی طرف تبلیغ بلیغ فرمائی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو ذکر کے اندر تہلیل (لا الہ الا اللہ) کے ساتھ اللہ اکبر اور باقی کلمات کا ملانا مسنون فرمایا ہے اس میں یہ راز ہے کہ نفس کو ذکر پر تنبیہ ہوتی رہے اور صرف زبانی حرکت نہ ہو اور ایک ان اذکار میں سے ایسے امور کا سوال کرنا ہے جو اس کے بدن یا اس کی ذات کے لئے پیدائش کے اعتبار سے نافع ہیں یا حصول اطمینان یا تدبیر منزل یا مال وجاہ کے اعتبار سے اور انہیں اعتبارات سے جو چیزیں مضر ہیں ان سے پناہ مانگنا۔ اور اس کے اندر بھید خدا تعالیٰ کی تاثیر کا عالم میں مشاہدہ کرنا اور یہ خدا تعالیٰ کے سب سے روکنے اور قوت دینے کے نفی کرنا ہے اس باب میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو دعائیں مقرر فرمائی ہیں ان میں سے یہ دعائیں زیادہ تر جامع ہیں۔ اللھم اصلح لی دینی الذی ھو عصمۃ امری واصلح لی دنیای التی فیھا معاشی واصلح لی آخرتی التی فیھا معادی واجعل الحیوۃ زیادۃ لی فی کل خیر واجعل الموت راحۃ لی من کل شر۔ اور اللھم انی اسألک الھدی والتقی والعفاف والغنی اللھم اھدنی وسددنی۔ اور فرمایا ہے ہدایت کے ساتھ راستہ کی طرف اپنی ہدایت اور سداد سے تیر کی طرح سیدھا ہونا مراد ہے۔ اور اللھم اغفرلی وارحمنی واھدنی وعافنی وارزقنی اللھم ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الآخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار رب اعنی ولا تعن علی وانصرنی ولا تنصر علی وامکر لی ولا تمکر علی واھدنی ویسر الھدی لی وانصرنی علی من بغی علی رب اجعلنی لک شاکرا لک راھبا لک مطواعا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لک منبتا الیک اواہ منارب تقبل توبتی واغسل حوبتی واجب دعوتی وثبت حجتی وسدد لسانی واہد قلبی واسلل
سخیمۃ صدری اللھم ارزقنی حبک وحب من ینفعنی حبہ عندک اللھم مارزقنی مما احب فاجعلہ قوۃ لی فیما تحب اللھم مازویت
عنی مما احب فاجعلہ فراغا لی فیما تحب اللھم اقسم لنا من خشیتک ما تحول بہ بیننا وبین معاصیک ومن طاعتک
ما تبلغنا بہ جنتک ومن الیقین ما تھون بہ علینا مصیبات الدنیا ومتعنا باسماعنا وابصارنا وقوتنا ما احییتنا واجعلہ
الوارث منا واجعل ثارنا علی من ظلمنا وانصرنا علی من عادانا ولا تجعل مصیبتنا فی دیننا ولا تجعل الدنیا اکبر ہمنا
ولا مبلغ علمنا ولا تسلط علینا من لا یرحمنا۔ اور پناہ مانگنے کے لئے جو دعائیں آپ نے مقرر کی ہیں اُن میں یہ
دعائیں زیادہ تر جامع ہیں۔ اعوذ باللہ من جہد البلاء ودرک الشقاء وسوء القضاء وشماتۃ الاعداء اللھم انی
اعوذبک من الہم والحزن والعجز والکسل والجبن والبخل وضلع الدین وغلبۃ الرجال۔ اللھم انی اعوذبک من
الکسل والہرم والمغرم والماثم۔ اللھم انی اعوذبک من عذاب النار وفتنۃ النار وفتنۃ القبر وعذاب القبر ومن شر
فتنۃ الغناء ومن شر فتنۃ الفقر ومن شر فتنۃ المسیح الدجال اللھم اغسل خطایای بماء الثلج والبرد ونق قلبی کما ینقی
الثوب الابیض من الدنس وباعد بینی وبین خطایای کما باعدت بین المشرق والمغرب۔ اللھم آت نفسی تقوٰھا
وزکہا انت خیر من زکٰہا انت ولیہا ومولٰہا اللھم انی اعوذبک من علم لا ینفع ومن قلب لا یخشع ومن نفس لا تشبع
ومن دعوۃ لا یستجاب لہا۔ اللھم انی اعوذبک من زوال نعمتک وتحول عافیتک وفجاءۃ نقمتک وجمیع سخطک۔
اللھم انی اعوذبک من الفقر والقلۃ والذلۃ وعوذبک من ان اظلم او اظلم۔ اور ان جملہ خضوع اور فرمانبرداری کا بیان
کرنا جیسے کہ آپ کا قول ہے سجد وجہی للذی خلقہ الخ۔ اور معلوم کرنا چاہیے جن دعاؤں کا آپ نے حکم دیا ہے
وہ دو طرح کے ہیں ایک تو وہ دعائیں ہیں جن سے قوائے فکریہ کا خدا تعالےٰ کی عظمت اور اُس کے
جلال کے لحاظ سے پُر ہونا یا خضوع اور فرمانبرداری کی حالت کا حاصل ہونا مقصود ہے کیونکہ اُس حالت
کے مناسب زبان کی تعبیر کرنے کے لئے نفس کی اُس حالت پر متنبہ ہونے اور متوجہ ہونے میں اثر عظیم ہے
اور دوسرے قسم کی وہ دعائیں ہیں جن میں دنیا و آخرت کی بھلائی کی طرف رغبت اور اُن دونوں کے شر سے
پناہ مانگنا مقصود ہے کیونکہ نفس کا ارادہ اور بہت کوشش سے اُس کا کسی چیز کو طلب کرنا جناب باری
کے جود کے دروازے کو کھڑکھڑاتا ہے جس طرح دلیل کے مقدمات نتیجہ کے فیضان کا سبب ہوتے ہیں
اور نیز جب کسی چیز کی حاجت قلب کو تکلیف دیتی ہے تو اُس کے سبب سے مناجات کی طرف قلب متوجہ
ہو جاتا ہے اور اللہ پاک کی عظمت اُس کے سامنے موجود ہو جاتی ہے اور ایسے وقت میں آدمی کی ہمت
خدا تعالےٰ کی طرف مائل ہو جاتی ہے لہذا یہ حالت محسنین کے لئے بہت مغتنم ہوتی ہے اور آپ نے فرمایا
ہے الدعاء ہو العبادۃ عبادت تو دعا ہی کا نام ہے میرے نزدیک اس کا یہ سبب ہے کہ فی الحقیقت عبادت
تعظیم کی صفت کے ساتھ حضور کے اندر مستغرق ہو جاتا ہے اور دعا اپنی دو قسموں کے اعتبار سے اُس کے
لئے کافی مقدار ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے افضل العبادۃ انتظار الفرج۔ بہترین عبادت

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا انتظار کشادگی کا ہے۔ میں کہتا ہوں اس کی یہ وجہ کہ رغبت کے ساتھ رغبت الٰہی کی خواستگاری کو اسقدر اثر ہوتا ہے کہ عبادت کو بھی اتنا اثر نہیں ہوتا اور آپ نے فرمایا ہے ما من احد یدعو بدعاء الا اعطاہ اللہ تعالیٰ یا سئیل او کفی عنہ شر السوء مثلہ۔ کوئی دعا کرنیوالا کوئی دعا نہیں کرتا مگر خدا تعالیٰ نے موافق اس کے سوال کے اس کو عطا فرماتا ہے یا اس کے برابر مصیبت کی برائی آدمی سے روک لیتا ہے۔ میں کہتا ہوں عالم مثال سے کسی چیز کا ظہور جب زمین پر ہوتا ہے تو اس ظہور کے لئے ایک تو طبعی دستور ہیں کہ اگر کوئی خارجی مانع نہیں ہوتا تو اس طریقے کے موافق اس ظہور کا اجراء ہوتا ہے اور ایک غیر طبعی طریقہ ہے یہ جب ہوتا ہے جب اس باب میں باہم مزاحمت ہو جاتی ہے اور غیر طبعی کی ایک یہ صورت بھی ہے کہ کسی مصیبت کے دفعہ کرنے یا اس کی وحشت کے دلجمعی کرنے اور قلب کے اندر خوشی کا القاء یا کسی حادثہ کے اس کے جان سے یا اس کے مال کی طرف مائل کرنے کے لئے رحمت الٰہی متوجہ ہوتی ہے اور اسی قسم کی اور صورتیں بھی ہیں اور آپ نے فرمایا ہے تم میں سے جب کوئی شخص دعا کرے تو یہ نہ کہے کہ خدایا اگر تو چاہے تو مجھکو بخش دے اور تو اگر چاہے تو مجھ پر رحم کر اگر چاہے تو مجھکو رزق دے بلکہ کوشش کے ساتھ خدا تعالیٰ سے سوال کیا کرے کیونکہ خدا تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے اس پر کسی کا دباؤ نہیں ہے میں کہتا ہوں دعا کی روح اور اس کی حقیقت نفس کا کسی چیز کی طرف رغبت کرنا ہے جس کے ساتھ تشبہ بالملائکہ اور جبروت پر اطلاعیابی کی صفت بھی پائی جاتی ہو اور شک کے ساتھ طلب کرنے میں ارادہ کے اندر پراگندگی اور ہمت میں سستی پائی جاتی ہے اور مصلحت کلیہ کے ساتھ موافقت موجود ہوتی ہے کیونکہ کوئی سبب مصلحت کلیہ کی رعایت کرنے سے خدا تعالیٰ کو نہیں روکتا چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وہ جو چاہتا کرتا ہے اس پر کسی کا دباؤ نہیں ہے لا یرد القضاء الا الدعاء بجز دعا کے کوئی چیز قضاء الٰہی کو نہیں روکتی۔ میں کہتا ہوں قضا سے یہاں پر وہ صورت مراد ہے جو عالم مثال میں پیدا کی جاتی ہے اور عالم کون میں اس حادثہ کے وجود کا سبب ہوتی ہے اور وہ صورت تمام مخلوقات کی طرح محدود اثبات کو قبول کرتی ہے۔ اور آپ نے فرمایا ہے ان الدعاء ینفع مما نزل ومما لم ینزل۔ البتہ دعا اس چیز کو جو اتاری گئی ہے اور جو چیز نہیں اتاری گئی ہے نافع ہوتی ہے۔ میں کہتا ہوں جو حادثہ نازل نہیں ہوا ہے دعا کرنے سے وہ مضمحل ہو جاتا ہے اور زمین پر اس حادثہ کے موجود ہونے کا سبب نہیں ہو سکتا اور جب کوئی بلا نازل ہو جاتی ہے تو دعا کرنے کا یہ اثر ہوتا ہے کہ وہاں پر رحمت الٰہی سے اس شخص کو اس مصیبت سے جو رنج پہونچتا اس میں تخفیف ہو جاتی ہے اور اس کی وحشت انس کے ساتھ مبدل ہو جاتی ہے اور حدیث شریف میں وارد ہوا ہے۔ من سرہ ان یستجیب اللہ لہ عند الشدائد فلیکثر الدعاء فی الرخاء جس شخص کو یہ بات منظور ہو کہ شدائد کے وقت خدا تعالیٰ اس کی دعا قبول کرے آرام کی حالت میں اس کو کثرت سے دعا کرنی چاہیئے۔ میں کہتا ہوں اس کی یہ وجہ ہے کہ دعا کسی شخص کی جب ہی قبول ہوتی ہے جب نہایت رغبت اور نہایت مستحکم ارادہ سے دعا کرے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُس مصیبت کے احاطہ کرنے سے پہلے وہ شخص دعا کرنے کا عادی ہو اور ہاتھوں کا اُٹھانا اور منہ پر ہاتھ پھیرنا اس رغبت کی ظاہری صورت اور ہیئت نفسانیہ اور اُس کے مناسب ہیئت بدنیہ میں مطابقت اور نفس کو اُس حالت پر متنبہ کرنا ہے اور آپ نے فرمایا ہے من فتح لہ باب من الدعا فتحت لہ ابواب الرحمۃ۔ جس شخص کے لئے دعا کا ایک دروازہ کھولا گیا اُس کے لئے رحمت کے سب دروازے کھول دیئے گئے میں کہتا ہوں جو شخص دلی رغبت سے دعا کرنے کی کیفیت جانتا ہے اور یہ بھی جانتا ہے کہ کون کون سی صورتوں میں قبولیت کا ظہور ہوتا ہے اور وہ شخص حضور کی صفت کے ساتھ مشاق ہو رہا ہے تو دنیا میں اُس کے لئے رحمت کا دروازہ کھول دیا جاتا ہے اور ہر مصیبت کے وقت اُس کی اعانت کی جاتی ہے اور مرنے کے بعد اُس کے گناہ جب اُس کا احاطہ کر لیتے ہیں اور ہیئت دنیاوی اُس کو ڈھکیلتی ہے تو وہ شخص جس طرح عادی ہو رہا تھا اُسی طرح رغبت کے ساتھ خدا کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے اور اُس کی دعا ہاں بھی مقبول ہوتی ہے اور پھر گناہوں سے ایسا صاف نکل جاتا ہے جس طرح آٹے میں بال صفائی کے ساتھ نکل جاتا ہے۔

اور معلوم کرنا چاہئے کہ سب دعاؤں میں سے قریب بقبولیت وہ دعا ہوتی ہے جو ایسی حالت کے ساتھ پائی جائے جس میں رحمت الٰہی کے نازل ہونے کا موقع ہوتا ہے یا تو اس لئے کہ نفس انسانی کو اس حالت میں کمال کا مرتبہ حاصل ہوتا ہے جیسے نمازوں کے بعد دعا کرنا یا روزہ دار کی دعا وقت افطار روزہ کے یا اس لئے کہ وہ حالت جو الٰہی کے نازل ہونے کا سبب ہوتی ہے جیسے مظلوم کی دعا کیونکہ خدا تعالیٰ کو ظالم سے بدلہ لینے کی طرف توجہ ہوتی ہے اور یہ دعا مانگنا اُس توجہ کے ساتھ موافقت کرتا ہے اور مظلوم کے باب میں آیا ہے کہ اُس کی دعا اور خدا تعالیٰ کے مابین میں حجاب نہیں ہے۔ یا دنیاوی راحت کے منقلب ہونے کا سبب ہوتی ہے ایسے وقت میں خدا تعالیٰ کی رحمت جو اُس کے حق میں متوجہ ہوتی ہے وہ دوسری صورت میں منقلب ہو جاتی ہے جیسے مریض یا مصیبت زدہ کی دعا یا وہ حالت دعا کے اخلاص کا سبب ہوتی ہے جیسے کسی غائب شخص کے اپنے بھائی مسلمان کے لئے دعا یا باپ کی اپنی اولاد کے لئے یا وہ دعا اس وقت پائی جاتی ہے جب روحانیت کا انتشار ہوتا ہے اور رحمت الٰہی جہان پر جھک جاتی ہے جیسے شب قدر یا جمعہ کے روز اُس ساعت مرجوہ میں دعا کرنا یا ایسے مکان میں دعا کرنا جہاں ملائکہ حاضر ہوتے ہیں جیسے مکہ کے مقامات میں جانے سے نفس کو حضور اور خضوع کی حالت پر متنبہ ہوتا ہے جیسے انبیاء علیہ السلام کے مآثر ہم نے جو بیان کیا ہے اُس پر قیاس کرنے سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول کا راز معلوم ہو سکتا ہے یستجاب للعبد مالم یدع باثم او قطیعۃ رحم مالم یستعجل۔ بندہ کی دعا قبول ہوتی ہے جبتک گناہ یا قطع رحم کی دعا نہ کرے۔ بشرطیکہ جلدی نہ کرے اور آپ نے فرمایا ہے لکل نبی دعا مستجابۃ الا ہر ایک نبی کے لئے ایک مقبول دعا ہے سو ہر نبی نے اپنی دعا دنیا میں مانگ لی ہے اور میں نے اپنی امت کی شفاعت کے لئے قیامت کے دن کو پوشیدہ کر رکھی ہے پس جو شخص میری امت سے مریگا اور کسی کو وہ خدا کا شریک نہ کرتا ہوگا وہ دعا انشاء اللہ

محکمہ ہلالیہ وبرہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کو پہونچیگی۔ میں کہتا ہوں انبیاء علیہا السلام کی کثرت سے دعائیں قبول ہوتی ہیں چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بھی دعائیں بہت مقامات میں مستجاب ہوئی لیکن ہر نبی کے لئے ایک ایسی دعا ہوئی ہے جس کا منبع وہ رحمت ہوتی ہے جو اُس کی نبوت کا مبداء ہوتی ہے پھر اگر اُس نبی کی امت اُس پر ایمان لاتی ہے تو وہ دعا اُس کے حق میں برکات کا سبب ہو جاتی ہے اور اُس نبی کے دل میں اُن کے لئے دعا کرنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے اور اگر وہ لوگ اُس نبی کی اطاعت سے اعراض کرتے ہیں اور اُس پر ایمان نہیں لاتے تو وہ دعا اُن لوگوں کے حق میں عذاب الٰہی کے نازل ہونے کا سبب ہو جاتی ہے اور نبی کے دل میں اُن پر بد دعا کرنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے اور اگر وہ لوگ اُس نبی کی اطاعت سے اعراض کرتے ہیں اور اُس پر ایمان نہیں لاتے تو وہ دعا اُن لوگوں کے حق میں عذاب الٰہی کے نازل ہونے کا سبب ہو جاتی ہے اور نبی کے دل میں اُن پر بد دعا کرنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے اور ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو جب یہ بات معلوم ہو گئی کہ آپ کی بعثت سے مقصود اعظم قیامت کے روز لوگوں کا شفیع اور رحمت خاصہ کے نزول کا واسطہ ہونا ہے لہٰذا آپ نے اُس دعا برگزیدہ کو جو اصل نبوت سے پیدا ہوتی ہے اس دن کے لئے پوشیدہ کر رکھا اور آپ نے فرمایا ہے انی اختبأت عندک دعوتی البتہ میں نے تجھ سے عہد لے لیا ہے۔ میں کہتا ہوں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنی امت کے حال پر جو رحم و کرم ہے اُس کا مقتضیٰ یہ ہوا کہ بیشتر سے خدا تعالیٰ سے آپ وعدہ کرلیں اور خطیرۃ القدس میں آپ کی ہمت متمثل ہو جائے جس سے اُس کے احکام برابر صادر ہوتے رہتے ہیں اُس کی یہ صورت ہے کہ خدا تعالیٰ آپ کی امت کے حق میں آپ کے اُس ارادہ کا اعتبار فرمائے جو باطنی اور پوشیدہ ہے نہ ظاہری ارادہ کا اس لئے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو قول یا فعل کے ساتھ مسلمانوں کی تعزیر فرمائی ہے اُس سے آپکا مقصود اس دین کا انہیں قائم کرنا ہے جسکو خدا تعالیٰ نے اُن کیلئے پسند فرمایا ہے اور انکا راستی پر لانا اور کجی سے بچانا مقصود ہے اور جن لوگوں پر کفر کا حکم لگا دیا ہے قضاء الٰہی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اُنسے سختی کیساتھ برتاؤ کیا ہے اُسمیں بھی آپ کا مقصود اُس غضب الٰہی کیساتھ موافقت کرنا جو اُن لوگوں سے متعلق ہے اگرچہ صورت اگرچہ متحد ہے لیکن طریقے مختلف ہیں اور ایک توکل ہے۔ توکل کی روح خدا تعالیٰ کی طرف توجہ کرنا ہے اس اعتقاد سے کہ وہی خدا تعالیٰ اعتماد کے قابل ہے اور تمام تدبیریں اسی کی طرف سے ہیں اور تمام لوگ اُس کی تدبیر کے نیچے پست ہیں خدا تعالیٰ کے اس قول کا مصداق یہی ہے وھو القاھر فوق عبادہ ویرسل علیکم حفظۃ یعنی وہی خدا تعالیٰ اپنے بندوں پر غالب ہے اور تم پر محافظین کو بھیجتا ہے توکل کے باب میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بہت سے ذکر مقرر فرمائے ہیں از انجملہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ اُس کی فضیلت میں آیا ہے کہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے اُس کا سبب یہ ہے کہ یہ کلمات نفس کو ایک عظیم الشان معرفت کے قابل بنا دیتی ہیں اور از انجملہ آپ کا یہ قول ہے یک اصول و یک اصول اور جو اذکار اس اسلوب پر وارد ہیں اور ایک آپ کا یہ قول توکلت علے اللہ۔ اور یہ قول اعلم ان اللہ علی کل شی قدیر وان اللہ قد احاط بکل شی علما۔ وعلی ہذا القیاس۔ اور ایک استغفار

محکمہ اوقاف ویرانہ سے مزین مصنوع و مصنوعہ کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی روح اپنے اُن گناہوں کا جو نفس کو گھیرے ہوئے ہیں لاحظہ کرنا اور نفس سے بعد روحانی اور فیض ملکی اُن کا دور کرنا ہے اور اس کے کئی سبب ہیں اور از انجملہ رحمت الٰہی کا کسی ایسے عمل سے اُس کو شامل ہو جانا جس کے سبب سے ملاء اعلےٰ کی دعائیں اُس کی طرف متوجہ ہو جاویں یا وہ عمل اس شخص میں کسی ایسی صفت کے ظاہر کرنے میں جو عامہ مخلوق کے لئے نافع ہے تاثیر الٰہی کے جوارح میں سے ہوتا ہے یا کسی محتاج کی حاجت پورا کرنے یا اُس کے مشابہ ہوتا ہے۔ اور از انجملہ ملائکہ کی ہیئت کی مشابہت پیدا کرنا اور انوار ملکیہ کا روشن ہونا اور بہیمیہ کے سرور کا اُس کے اجزاء کے ضعیف ہو جانے اور اُس کے ہیجان کے فرو ہو جانے سے جاتا رہنا ہے اور از انجملہ جبروت پر اطلاع یابی اور خدا تعالےٰ کی معرفت اور اُس کے ساتھ یقین ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خدا تعالےٰ فرماتا ہے کیا میرا بندہ اس بات کو جانتا ہے کہ اُس کا کوئی پروردگار ہے جو اُس کے گناہ کو معاف کرتا ہے اور اُس سے مواخذہ کرتا ہے میں نے اپنے بندہ کو بخشدیا۔ پس جب کوئی بندہ ان معانی عالیہ کو اپنے نفس سے گناہ دور ہونے میں استعمال کرتا ہے تو وہ گناہ مضمحل ہو جاتے ہیں استغفار کے اذکار میں سے جامع تر یہ استغفار ہے اللھم اغفرلی خطیئتی وجہلی واسرافی فی امری وما انت اعلم بہ منی۔ اللھم اغفرلی جدی وہزلی وخطائی وعمدی وکل ذلک عندی اللھم اغفرلی ما قدمت وما اخرت وما اسررت وما اعلنت وما انت اعلم بہ منی انت المقدم وانت المؤخر وانت علےٰ کل شئی قدیر۔ اور سید الاستغفار یہ ہے لا الہ انت خلقتنی وانا عبدک وانا علےٰ عہدک ووعدک ما استطعت اعوذ بک من شر ما صنعت ابوء لک نعمتک علیّ وابوء بذنبی فاغفرلی وانہ لا یغفر الذنوب الا انت۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے انہ لیغان علےٰ قلبی وانی لاستغفر اللہ تعالےٰ فی الیوم مائۃ مرۃ۔ میرے قلب پر بھی پردہ آجاتا اس لئے ہر روز اللہ پاک سے میں سو مرتبہ استغفار کرتا ہوں۔ میں کہتا ہوں اُس پردہ کی حقیقت یہ ہے کہ آنحضرت عامہ مومنین کے ساتھ ایسی ہیئت میں رہنے کا حکم ہے کہ جو ملکی اور بہیمی سے مرکب ہوتا کہ جو طریقہ آپ اُن کے لئے مسنون فرماویں اُس کو ذوق اور وجدان کے طور پر قبول کر کے پیروی کریں نہ صرف قیاس وتخمین کے طور پر اور اس ہیئت میں رہنے کو دل پر عین یعنی پردہ اور کدورت کا عارض ہونا لازم ہے اور از انجملہ خدا تعالےٰ کے نام سے برکت حاصل کرنا ہے اور اُس کی حقیقت یہ ہے کہ خدا تعالےٰ کو ہر عالم کے اعتبار سے ایک قرب ہے حروف کے عالم میں خدا تعالےٰ کا قرب اُن اسماء کے ساتھ ہوتا ہے جو اہل لسان کی زبانوں پر جاری ہوتے ہیں اور ملاء اعلےٰ میں جن کا رواج ہوتا ہے اُن اسماء میں سے جب کوئی بندہ کسی نام کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو خدا تعالےٰ کی رحمت اُس کے قریب ہو جاتی ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان للہ تسعۃ وتسعین اسما مائۃ الا واحدۃ من احصاہا دخل الجنۃ۔ خدا کے لئے ننانوے یعنی ایک کم سو نام ہیں جو شخص اُن کو یاد کریگا تو جنت میں داخل ہوگا میں کہتا ہوں اس فضیلت کا سبب ایک یہ ہے کہ یہ اسماء خدا تعالےٰ کی صفات ثبوتیہ اور سلبیہ کی معرفت کے لئے کافی مقدار میں اور خطیرۃ القدس میں ان اسماء کے لئے نہایت برکت اور کامل درجہ پایا جاتا ہے اور ثمرہ اعمال

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں ان اسماء کی صورت جب مندرج ہوتی ہے تو بالضرور اُس صورت کی وسعت ایک عظیم الشان رحمت کیطرف ہوتی ہے۔ اور معلوم کرنا چاہئے کہ خدا تعالےٰ کا اسم اعظم جس کے ساتھ دعاء کرنے سے دعا مستجاب ہوتی ہے اور جو سوال کیا جاتا ہے ملتا ہے وہ نام ہے جو تقرباتِ ایزدی میں سے نہایت جامع تقرب پر دلالت کرتا ہے اور ملاء اعلےٰ میں وہ نام کثرت سے ذکر کیا جاتا ہے اور ہر زمانہ میں اہل لسان اس نام پاک کے ساتھ ناطق ہوتے ہیں اور ہم اس بات کا ذکر کر چکے ہیں کہ زید جو شاعر بھی ہے اور کاتب بھی ہے اُس کے لئے ایک صورت شاعر ہونے کی ہے اور ایک کاتب ہونے کی اسی طرح حقتعالےٰ کو عالم مثال کے لئے کسی مقام کے ساتھ تقربات ہوتے ہیں اور یہ معنی اُس پر صادق آتے ہیں انت اللہ لا الٰہ الا انت الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد۔ اور نیز اس پر صادق آتے ہیں لک الحمد لا الٰہ الا انت المنان المنان بدیع السموات والارض یا ذا الجلال والاکرام یا حی یا قیوم۔ اور اسی قسم کے اسماء پر یہ معنی صادق آتے ہیں۔ اور از انجملہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا ہے آپ نے فرمایا ہے من صلی علی صلوۃ صلے اللہ علیہ عشرا۔ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے خدا تعالےٰ اُس پر دس درود بھیجتا ہے۔ اور آپ نے فرمایا ہے ان اولی الناس بی یوم القیامت اکثرہم علی صلوۃ۔ قیامت کے دن سب لوگوں سے زیادہ قریب میرے وہ شخص ہوگا جو انہیں کثرت سے مجھ پر درود بھیجتا ہے۔ میں کہتا ہوں اُس میں یہ بھید ہے کہ نفوس بشریہ کے لئے یہ بات ضروری ہے کہ تجلیات الٰہی کے سامنے رہیں اور پیش رہنے کے لئے اس کے برابر کوئی چیز نہیں ہے کہ تقرباتِ انوار اور علاماتِ الٰہی جو زمین پر پائے جاتے ہیں اُن کی طرف نفس کی توجہ اور اُن کے سامنے رک جانا اور اُن کے اندر غور کرنا اور اُن پر ٹھیر جانا ہو، خاصکر اُن مقربین کی ارواح جو ملاء اعلےٰ کے بزرگ ترین لوگوں میں ہیں اور زمین والوں پر جو خدا تعالےٰ کی بخشش ہوتی ہے اُس کے وسائط ہیں جیسا کہ ہم سابقاً بیان کر چکے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا تعظیم سے ذکر کرنا اور خدا تعالےٰ سے آپ کے حق میں بہتری کی خواہش کرنا آپ کی طرف توجہ کرنے کا اقرب سبب ہے اور اُس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ تحریف کا راستہ اُس سے منقطع نہیں ہوتا کیونکہ اُس شخص نے صرف آپ کے لئے خدا تعالےٰ سے رحمت کی خواستگاری کے قصد سے آپ کو ذکر کیا ہے اور کاملین کی ارواح کو جب اپنے ابدان سے مفارقت ہوتی ہے تو اُن کا حال اس ہوج کا سا ہوتا ہے جو رکی ہوئی ہوتی ہے کہ کوئی نیا ارادہ یا کوئی عارضی سبب اُن کو حرکت نہیں دیسکتا مگر جو کم درجہ کے نفوس ہوتے ہیں وہ اُن ارواح کے ساتھ بالقصد متصل ہو کر ایک نور اور ایک ہیئت جو اُن ارواح کے مناسب ہوتی ہے وہ اُن ارواح سے حاصل کر لیتے ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول میں یہی مراد ہے ما من احد یسلم علی الا رد اللہ علی روحی حتی ارد علیہ السلام کوئی شخص ایسا نہیں جو مجھ پر سلام کرتا ہو مگر خدا تعالےٰ میری روح کا مجھ پر اعادہ کر دیتا ہے حتی کہ میں اُس کو سلام کا رد یعنی جواب دیدیتا ہوں۔ سنہ گیارہ سو چوالیس ہجری میں جب مدینہ کے ساتھ مجاورت نصیب ہوئی تو میں نے بیشمار مرتبہ اس بات کا مشاہدہ کیا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمایا ہے لاتجعلوا زیارت قبری عیدا۔ میری قبر کی زیارت کو عید نہ بنانا۔ میں کہتا ہوں اس میں تحریف کے راستہ بند کرنے کی طرف اشارہ ہے جیسے یہود و نصاریٰ نے اپنے انبیاء کی قبروں کے ساتھ ایسا معاملہ کیا ہے۔ اور مثل حج کے اُن کو عید و میلہ بنایا تھا۔ معلوم کرو کہ اذکار کے اوقات معین کرنے کی حاجت ہے۔ اگرچہ شرائع کی توقیت سے وہ توقیت کم درجہ کی ہے اس لئے کہ اگر اذکار کی توقیت نہ کی جائے تو تساہل کرنے والا کاہلی کر سکتا ہے۔ اور یہ توقیت یا اسباب کے ساتھ ہونی چاہیے یا اوقات کے ساتھ اور ہم نے صراحتاً یا اشارتاً اس بات کا ذکر کر دیا ہے کہ بعض اوقات کو بعض اوقات پر ترجیح کا سبب یا تو روحانیت کا اُن اوقات میں ظاہر ہونا ہے مثلاً صبح و شام کے اوقات یا نفس کا اُن اوقات میں کیفیاتِ رذیلہ سے خالی ہونا جیسے خواب سے بیدار ہوتے وقت یا نفس کا اُسوقت میں انتظامات اور دُنیا کے قصوں سے فارغ ہونا کہ اُسوقت میں ذکر کرنا نفس کے لئے بمنزلہ صیقل کے ہو جاتا ہے جیسے سونے کا ارادہ کرتے وقت۔ اور سیئت کے لئے وہ چیز مخصص ہو سکتی ہے جو ذکرِ الٰہی کے بھلانے اور بارگاہِ الٰہی کی طرف توجہ سے غافل کرنے کا سبب ہو ایسے وقت میں ذکرِ الٰہی سے اُس کا علاج ضرور ہوتا ہے تاکہ اُس غفلت کے سم کے لئے بمنزلہ تریاق کے ہو کر اُس کے نقصان کا تدارک کر دے۔ یا وہ مخصص کوئی عبادت ہوتی ہے جس کا نفع بغیر ذکر کے ملائے کامل نہیں ہوتا مثل اُن اذکار کے جو نمازوں کے اندر مسنون ہیں۔ یا وہ مخصص کوئی ایسی حالت ہوتی ہے۔ جو نفس کو خوفِ الٰہی اور اُس کی عظیم الشان سلطنت کے ملاحظہ کرنے پر متنبہ کرتی ہے کیونکہ یہ حالت اس شخص کو خواہ مخواہ اعمالِ حسنہ کی طرف رہبری کرتی ہے خواہ اُس کو علم ہو یا نہ ہو جیسے آیاتِ الٰہی مثل آندھی اور تاریکی اور کسوف وغیرہ کے وقت اذکار مقرر فرمائے گئے ہیں۔ یا وہ ایسی حالت ہوتی ہے جس میں ضرر کے پہونچنے کا خوف ہوا کرتا ہے لہٰذا اُس حالت کے شروع میں خدا تعالیٰ کے فضل کی خواستگاری کی جاوے اور اُس کی پناہ مانگی جاوے جیسے سفر کرتے اور سوار ہوتے وقت۔ یا وہ ایسی حالت ہوتی ہے کہ اہل جاہلیت اُس حالت کے ساتھ دلوں میں ایسے اعتقاد رکھتے تھے جن کا انجام شرک یا بدشگونی یا اُسکے مثل ہوتا تھا جس طرح جنون کی پناہ مانگتے تھے اور رویت ہلال کا وقت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن میں سے بعض اذکار کے فضائل اور دنیا و آخرت میں اُن کے آثار بیان کئے ہیں تاکہ لوگوں کو پورا فائدہ پہنچے اور اُن کو کامل رغبت پیدا ہو اور اس باب میں زیادہ تر مقصود بالذات چند امور ہیں۔ ایک تو یہ کہ ذکر تہذیب نفسانی کا منشا اور اسکی علامت ہے لہٰذا جو امر تہذیب پر مترتب ہوتا ہے ذکر پر آپ نے اُس کو دائر کیا ہے چنانچہ فرمایا ہے من قال ہن تم مات مات علی الفطرۃ اور دخل الجنۃ او غفرلہ۔ جو شخص ان کو پڑھکر مر گیا تو فطرت اسلامی پر مرا داخل ہوا جنت میں یا یہ فرمایا کہ بخشا گیا اور اسی قسم کے الفاظ آئے ہیں اور از انجملہ اس بات کا بیان کہ ذکر کرنے والے کو کوئی ضرر نہیں پہونچاتی یا سر ایک بات سے محفوظ رہتا ہے اس کا یہ سبب ہوتا ہے کہ رحمت الٰہی اس شخص کے شامل حال ہو جاتی ہے اور ملائکہ کی دعا اسکو محیط ہو جاتی ہے اور از انجملہ اسبات کا بیان کہ اُسکے گناہ دور ہو جاتے اور حسنات اُس کے لئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لکھے جاتے ہیں اور اُس کا سبب ہم بیان کر چکے کہ خدا تعالیٰ کی طرف توجہ اور رحمت الٰہی کا اُس پر محیط ہو جانا گناہ کو دور کرتا ہے اور قوتِ ملکی کو زیادہ کرتا ہے۔ اور از انجملہ شیاطین کا اُس شخص سے دور ہو جانا اس کا راز بھی بعینہٖ یہی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے تین اوقات میں ذکر مقرر فرمایا ہے صبح و شام و خواب کے وقت۔ اور اکثر اذکار میں جاگنے کا وقت مقرر نہیں فرمایا کیونکہ غالباً وہی وقت صبح کے طلوع کرنے یا اُس کے روشن ہونے کا ہوتا ہے صبح و شام کے اذکار میں سے بعض اذکار یہ ہیں اللھم عالم الغیب والشھادۃ فاطر السموات والارض رب کل شی وملیکہ اشھد ان لا الہ الا انت اعوذ بک من شر نفسی ومن شر الشیطان وشرکہ اصبحنا واصبح الملک للہ والحمد للہ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شی قدیر اللھم انی اسئلک من خیر ھذہ الیلۃ وخیر ما فیھا واعوذ بک من شرھا وشر ما فیھا اللھم انی اعوذ بک من الکسل وسوء الکبر وفتنۃ الدنیا وعذاب القبر۔ اور صبح کے وظیفہ میں بجائے اصبحنا کے اصبح اور بجائے لیلۃ کے ھذا الیوم بدل دینا چاہیئے۔ بک اصبحنا وبک امسینا وبک نحیی وبک نموت والیک المصیر اور شام کو وقت بجائے اسکے بک امسینا وبک اصبحنا وبک نحیی وبک نموت والیک النشور پڑھنا چاہیئے بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شی فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم تین مرتبہ اور سبحان وبحمدہ لا قوۃ الا باللہ ماشاء اللہ کان ومالم یشا لم یکن اعلم ان اللہ علی کل شی قدیر وان اللہ قد احاط بکل شی علما سبحان اللہ حین تمسون وحین تصبحون وللحمد فی السموات والارض وعشیا وحین تظہرون۔ تخر جون تک پڑھے۔ اور اللھم انی اسئلک العافیۃ فی الدنیا والآخرۃ اللھم انی اسئلک العفو والعافیۃ فی دینی ودنیای واھلی ومالی اللھم استر عوراتی وآمن روعاتی اللھم احفظنی من بین یدی ومن خلفی وعن یمینی وعن شمالی ومن فوقی واعوذ بعظمتک ان اغتال من تحتی رضیت باللہ ربا وبالاسلام دینا وبمحمد صلے اللہ علیہ وسلم نبیا۔ تین مرتبہ۔ اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق اللھم ما اصبح بی من نعمۃ او بعد من خلقک فمنک وحدک لا شریک لک فلک الحمد ولک الشکر اور ایک سید الاستغفار جو مذکور ہو چکا ہے اور سوتے وقت کا وظیفہ جب بستر پر جاوے یہ ہے باسمک ربی وضعت جنبی وبک ارفعہ ان امسکت نفسی فارحمھا وان ارسلتھا فاحفظھا بما تحفظ بہ عبادک الصالحین۔ اور اللھم اسلمت نفسی الیک ووجھت وجھی الیک وفوضت امری الیک والجاءت ظھری الیک رغبۃ ورھبۃ الیک لا ملجاء ولا منجا منک الا الیک آمنت بکتابک الذی انزلت وبنبیک الذی ارسلت۔ والحمد للہ الذی اطعمنا وسقانا وکفانا وآوانا فکم ممن لا کافی لہ ولا مودی لہ۔ اور سبحان اللہ اور الحمد للہ ہر ایک تینتیس مرتبہ اور اللہ اکبر چونتیس مرتبہ اور اللھم قنی عذابک یوم تبعث عبادک تین مرتبہ اغوذ بوجھک الکریم وکلماتک التامات من شر ما انت اخذ بناصیتہ اللھم انت تکشف المغرم والماثم اللھم لا یھزم جندک ولا یخلف وعدک ولا ینفع ذا الجد منک الجد سبحانک وبحمدک۔ اور اللھم رب السموات والارض ورب کل شی فالق الحب والنوی منزل التوراۃ والانجیل والقرآن اعوذ بک من شر کل شر انت آخذ بناصیتہ انت الاول فلیس قبلک شی وانت الآخر فلیس بعدک شی وانت الظاہر فلیس فوقک شی وانت الباطن فلیس دونک شی اقض عنی الدین واغنی من الفقر۔ اور بسم اللہ وضعت جنبی اللھم اغفر لی ذنبی واخسا شیطانی وفک رھانی واجعلنی فی الندی الاعلی اور الحمد للہ الذی کفانی واطعمنی وسقانی والذی من علی فافضل والذی اعطانی فاجزل الحمد للہ علی کل حال۔ اللھم رب کل شی وملیکہ

مفت آن لائن مکتبہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل

www.KitaboSunnat.com

والرجل شتی اعوذ بک من الشر۔ اور دونوں ہاتھ ملا کر قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ بک برب الناس پڑھے جہاں تک بدن پر اُس کا ہاتھ پہنچ سکے ہاتھ پھیرے اور آیۃ الکرسی پڑھے اور اگر کسی عورت سے نکاح کرے یا کوئی باندی غلام خریدے تو اُس کے واسطے یہ پڑھنا مسنون ہے۔ اللھم انی اسئلک خیرھا وخیر ما جبلتھا علیہ واعوذ بک من شرھا ومن شر ما جبلتھا علیہ اور جب مبارکبادی دے تو یہ کہے بارک اللہ لک وبارک علیکما وجمع بینکما فی خیر۔ اور جب بیوی سے صحبت کرنے کا ارادہ کرے تو یہ پڑھے بسم اللہ اللھم جنبنا الشیطان وجنب الشیطان ما رزقتنا اور پائخانے کو جاتے یہ پڑھنا چاہیے اعوذ باللہ من الخبیث والخبائث اور وہاں سے نکلتے وقت غفرانک کہے اور جب کسی کو کوئی تکلیف ہو رہی ہو تو وہ یہ پڑھے لا الہ الا اللہ الحلیم الکریم لا الہ الا اللہ رب العرش العظیم لا الہ رب السموات ورب الارض ورب العرش الکریم اور غصہ کے وقت پڑھے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ اور مرغ کے اذان دیتے وقت خدا تعالےٰ سے فضل کی خواستگاری کرے اور گدھے کے رینکتے وقت اعوذ پڑھے۔ اور سواری پر چڑھتے وقت تین مرتبہ اللہ اکبر پڑھے بعد ازاں پڑھے سبحان الذی سخر لنا ہذا وما کنا لہ مقرنین وانا الی ربنا لمنقلبون۔ اور الحمد للہ تین مرتبہ اور اللہ اکبر تین مرتبہ اور سبحانک اللھم ظلمت نفسی فاغفر لی انہ لا یغفر الذنوب الا انت اور سفر کا قصد کرتے وقت پڑھے۔ اللھم انا نسئلک فی سفرنا ہذا البر والتقوی ومن العمل ما ترضی اللھم ھون علینا سفرنا ہذا واطو لنا بعدہ اللھم انت الصاحب فی السفر والخلیفۃ فی الاہل اللھم انی اعوذ بک من وعثاء السفر وکابۃ المنقلب وسوء المنظر فی المال والاہل۔ اور جب منزل پر اترے یہ پڑھے اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق یا ارض ربی وربک اللہ اعوذ باللہ من شرک ومن شر ما فیک ومن شر ما خلق فیک ومن شر ما یدب علیک واعوذ باللہ من اسد واسود ومن الحیۃ والعقرب ومن شر ساکن البلد ومن والد وما ولد۔ اور جب سفر کی حالت میں صبح کا وقت ہو تو یہ پڑھے سمع سامع بحمد اللہ وحسن بلائہ علینا ربنا صاحبنا وافضل علینا عائذا باللہ من النار اور جب سفر سے واپس آوے تو جب کوئی بلند جگہ آوے تین مرتبہ اللہ اکبر کہے بعد ازاں کہے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شی قدیر۔ آیبون تائبون عابدون ساجدون لربنا حامدون صدق اللہ وعدہ ونصر عبدہ وہزم الاحزاب وحدہ اور جب کافروں پر بددعا کرے تو یہ کہے۔ اللھم منزل الکتاب سریع الحساب اللھم اہزم الاحزاب اللھم اہزمہم وزلزلہم اللھم انا نجعلک فی نحورہم ونعوذ بک من شرورہم اللھم انت عضدی ونصیری بک اصول وبک احول وبک اقاتل۔ اور جب کسی قوم کا مہمان ہو تو یہ کہے اللھم بارک لہم فیما رزقتہم واغفر لہم وارحمہم اور چاند دیکھتے وقت پڑھے اللھم اہل لہ علینا بالامن والایمان والسلامۃ والاسلام ربی وربک اللہ۔ اور کسی کو کسی بلا میں گرفتار دیکھے تو کہے۔ الحمد للہ الذی عافانی مما ابتلاک بہ وفضلنی علی کثیر ممن خلق تفضیلا۔ اور جب کسی پینٹ میں جائے تو یہ کہے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الملک ولہ الحمد وہو حی لا یموت بیدہ الخیر وہو علی کل شی قدیر۔ اور جب کسی شور وغل کی مجلس سے اٹھے تو یہ پڑھے سبحانک اللھم بحمدک اشہد ان لا الہ الا انت استغفرک واتوب الیک اور کسی شخص کو رخصت کرتے وقت یہ پڑھنا چاہیے استودع اللہ دینک وامانتک وآخر عملک وزودک اللہ التقوی وغفر ذنبک ویسر لک الخیر حیث ما کنت اللھم اطو لہ البعد وہون علیہ السفر۔

مکتبہ دلائل وبراہین سے مزید متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اپنے گھر سے نکلتے وقت پڑھے بسم اللہ توکلت علی اللہ اللھم انا نعوذ بک من ان نذل او نضل او نظلم او نظلم او نجھل او یجھل علینا بسم اللہ توکلت علی اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ اور اپنے گھر میں آتے وقت پڑھے اللھم انی اسئلک خیر المولج وخیر المخرج بسم اللہ ولجنا وبسم اللہ خرجنا وعلی اللہ ربنا توکلنا۔ اور جب کسی پر قرض کا بوجھ اور افکار کا ہجوم ہو تو صبح وشام یہ پڑھے اللھم انی اعوذ بک من الھم والحزن واعوذ بک من العجز والکسل واعوذ بک من البخل والجبن واعوذ بک من غلبۃ الدین وقھر الرجال۔ اور یہ پڑھے اللھم اکفنی بحلالک عن حرامک واغنی بفضلک عمن سواک۔ اور جب نیا کپڑا پہنے تو یہ پڑھے اللھم لک الحمد انت کسوتنی ھذا۔ اور اس کپڑے کا نام لے اسئلک خیرہ وخیر ما صنع لہ واعوذ بک من شرہ وشر ما صنع لہ الحمد للہ الذی کسانی ما اواری بہ عورتی واتجمل بہ فی حیاتی۔ اور کچھ چیز کھاتے پیتے وقت پڑھے۔ الحمد للہ الذی اطعمنا وسقانا وجعلنا من المسلمین الحمد للہ الذی اغنی ھذا الطعام من غیر حول منی ولا قوۃ الحمد للہ الذی اطعم وسقی وسوغہ وجعل لہ مخرجا اور جب دسترخوان اٹھایا جائے تو پڑھے الحمد للہ حمدا طیبا کثیرا مبارکا فیہ غیر مکفی ولا مودع ولا مستغنی عنہ ربنا۔ اور مسجد کو چلتے میں یہ پڑھے اللھم اجعل فی قلبی نورا ومن اور مسجد کے اندر داخل ہونے سے پہلے یہ پڑھے اعوذ باللہ العظیم وبوجھہ الکریم وسلطانہ القدیم من الشیطان الرجیم اللھم افتح لی ابواب رحمتک۔ اور مسجد سے نکلتے وقت پڑھے اللھم انی اسئلک من فضلک۔ اور جب بادل کے گرجنے اور کڑکنے کی آواز سنے تو پڑھے اللھم لا تقتلنا بغضبک ولا تھلکنا بعذابک وعافنا قبل ذلک اللھم انی اعوذ بک من شرما۔ اور باؤ چلتے وقت پڑھے اللھم انی اسئلک خیرھا وخیر ما فیھا وخیر ما ارسلت بہ واعوذ بک من شرھا وشر ما فیھا وشر ما ارسلت بہ۔ اور چھینکتے وقت پڑھے الحمد للہ حمدا طیبا کثیرا مبارکا۔ اور اس کے پاس والا کہے یرحمک اللہ۔ اور چھینکنے والا اس کے جواب میں کہے یھدیکم اللہ ویصلح بالکم۔ اور سوتے وقت پڑھے اللھم باسمک اموت واحیی۔ اور جاگتے وقت پڑھے الحمد للہ الذی احیانا بعد ما اماتنا والیہ النشور۔ اور اذان کے وقت پانچ چیزیں مسنون ہیں۔ ایک تو یہ کہ موذن کا بعینہ جواب دینا چاہئے بجز حی علی الصلوۃ اور حی علی الفلاح کے کہ ان کے جواب میں لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہے۔ دوسرے اس کا پڑھنا ہے رضیت باللہ ربا وبالاسلام دینا وبمحمد رسولا۔ تیسرے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ چوتھے اذان کے بعد اس دعا کا پڑھنا ہے۔ اللھم رب ھذہ الدعوۃ التامۃ والصلوۃ القائمۃ آت محمدا الوسیلۃ والفضیلۃ والدرجۃ الرفیعۃ وابعثہ مقاما محمودا الذی وعدتہ انک لا تخلف المیعاد۔ پانچویں خدا تعالے سے فلاح دارین کا سوال کرنا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ذی الحجہ کے عشرہ میں کثرت سے یاد الٰہی کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ اور صحابہؓ اور تابعین اور ائمہ مجتہدین سے عرفہ کے روز اور ایام تشریق میں مختلف طور سے تکبیر ثابت ہوئی ہے جن میں سے زیادہ تر صحیح یہ تکبیر ہے کہ عرفہ کے دن فجر سے ہر نماز کے بعد ایام تشریق اخیر دن کے عصر کے وقت تک ایک مرتبہ اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ اکبر واللہ اکبر وللہ الحمد۔ اور نماز وغیرہ کی دعائیں پہلے مذکور ہو چکی ہیں ان کو وہاں دیکھنا چاہئے۔ الحاصل جو شخص ان اوقات میں فکر کے ساتھ ان وظائف کا التزام کرے اور پابند ہو تو اس شخص کے حق میں یہ اذکار ہر وقت ذکر کرنے کے برابر ہیں اور وہ شخص اس آیت کا مصداق ہو جاتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والذاکرین اللہ کثیرا والذاکرات۔ واللہ اعلم۔

بقیہ مباحث احسان کا بیان

معلوم کرو کہ ان چار اخلاق کے بہت سے اسباب ہیں جنسے یہ اخلاق حاصل ہو سکتے ہیں اور بہت سے موانع ہیں جو ان اخلاق سے روکتے ہیں اور علامات ہیں جن سے یہ اخلاق معلوم ہو سکتے ہیں۔ اب جاننا چاہئے کہ خدا تعالیٰ کے روبرو پست ہو جانا اور اس کی کبریائی کا معلوم کرنا اور ملاء اعلےٰ کے رنگ میں رنگ جانا اور رذائل بشریہ سے پاک ہونا اور دنیاوی زندگی کے نقوش کا نفس کے اندر منتقش نہ ہونا اور دنیاوی زندگی میں جی کا نہ لگنا ان سب امور کے پیدا کرنے کے لئے فکر کرنے کی برابر کوئی چیز نہیں ہے۔ چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فکر ساعۃ خیر من عبادۃ ستین سنۃ۔ ایک گھڑی کا فکر کرنا ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے اور فکر کرنے کی بہت سی صورتیں ہیں۔ از انجملہ خدا تعالیٰ کی ذات میں فکر کرنا اور انبیاء صلوات اللہ علیہم نے اس سے منع فرمایا ہے۔ کیونکہ عوام الناس اس فکر کی طاقت نہیں رکھتے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تفکروا فی آیات اللہ ولا تفکروا فی اللہ۔ خدا تعالیٰ کی نعمتوں کو سوچا کرو اللہ کی ذات میں مت فکر کیا کرو۔ دوسری روایت میں یہ آیا ہے تفکروا فی کل شی ولا تفکروا فی ذات اللہ۔ اور ایک قسم خدا کی صفات علم اور قدرت اور رحمت میں فکر کرنا ہے۔ اہل سلوک کے ہاں اس فکر کا نام مراقبہ ہے اور اصل اس میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا قول ہے۔ الاحسان ان تعبد اللہ کانک تراہ وان لم تکن تراہ فانہ یراک احسان اس کا نام ہے کہ خداوند تعالیٰ کی اس طرح عبادت کرو گویا کہ اس کو دیکھ رہا ہے اور فرمایا ہے حفظا للہ تجدہ تجاہک خدا تعالیٰ کا دھیان رکھ تو اس کو اپنے سامنے پائیگا۔ اور فکر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس سے ہو سکے یہ آیت پڑھے ہو معکم اینما کنتم۔ جہاں تم ہو وہ تمہارے ساتھ ہے۔ وما تکون فی شان وما تتلوا منہ من قرآن ولا تعملون من عمل الا کنا علیکم شہودا اذ تفیضون فیہ وما یعزب عن ربک من مثقال ذرۃ فی الارض ولا فی السماء ولا اصغر من ذلک ولا اکبر الا فی کتاب مبین۔ اور تو کسی حال میں نہیں ہوتا اور نہ قرآن میں سے کچھ تلاوت کرتا ہے اور نہ تم لوگ کوئی عمل کرتے ہو مگر ہم تمہارے اوپر موجود ہوتے ہیں جب اس کام میں گھستے ہو اور تیرے رب سے ذرہ برابر زمین میں اور نہ آسمان میں چھپا ہوا نہیں ہے اور نہ اس سے چھوٹا اور نہ بڑا مگر ظاہر کرنے والی کتاب میں موجود ہے یا یہ آیت الم تر ان اللہ یعلم ما فی السموات وما فی الارض ما یکون من نجوی ثلثۃ الا ہو رابعہم ولا خمسۃ الا ہو سادسہم ولا ادنی من ذلک ولا اکثر الا ہو معہم اینما کانوا۔ بلاشبہ خدا تعالیٰ جو کچھ آسمان و زمین میں ہے جانتا ہے کہیں تین شخصوں کا مشورہ نہیں مگر وہ ان کا چوتھا ہوتا ہے اور نہ پانچ کا مشورہ ہوتا ہے مگر وہ ان کا چھٹا ہوتا ہے اور نہ اس سے کم اور نہ زیادہ مگر وہ ان کے ساتھ ہوتا ہے جہاں وہ ہوں۔ یا یہ آیت نحن اقرب من حبل الورید۔ رگ گردن سے زیادہ ہم اس سے قریب ہیں یا یہ آیت وعندہ مفاتح الغیب لا یعلمہا الا ہو ویعلم ما فی البر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والبحر وما تسقط من ورقة الا یعلمها ولا حبة فی ظلمت الارض ولا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین۔ اور اُسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جن کو بجز اُس کے کوئی نہیں جانتا اور جو کچھ جنگل اور دریا میں ہے اُس کو اُس کا علم ہے اور کوئی پتا نہیں جھڑتا جس کو وہ نہ جانتا ہو اور زمین کی تاریکیوں میں کوئی دانہ ہرا اور سوکھا ایسا نہیں ہے جو ظاہر کرنیوالی کتاب میں موجود نہ ہو۔ یا یہ آیت واللہ بکل شئی محیط۔ اور خدا تعالےٰ ہر چیز کو گھیر رہا ہے یا یہ آیت وھو القاھر فوق عبادہ۔ وہی غالب ہے اپنے بندوں پر یا یہ آیت وھو علی کل شئی قدیر۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے یا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث کو پڑھے اعلم ان الامۃ لو اجتمعت علی ان ینفعوک بشئی لم ینفعوک الا بشئی قد کتبہ اللہ لک ولو اجتمعوا علی ان یضروک بشئی لم یضروک الا بشئی قد کتبہ اللہ علیک رفعت الاقلام وجفت الصحف جان لے کہ اگر تمام لوگ تجھے کچھ نفع پہونچانے پر جمع ہوں تو اُسی چیز کا نفع پہونچا سکتے ہیں جو خدا تعالےٰ نے تیرے لئے لکھی ہے اور اگر تجھے کچھ ضرر پہونچانے پر جمع ہوں تو اُسی قدر ضرر پہونچا سکینگے جتنی خدا تعالیٰ نے تیرے اوپر لکھی ہے اٹھ گئی قلم اور خشک ہوگئیں کتابیں۔ یا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول کو پڑھے ان للہ مائۃ رحمۃ انزل منھا واحدۃ فی الارض الحدیث۔ خدا تعالےٰ کی سو رحمتیں ہیں جن میں سے اُس نے زمین پر ایک نازل فرمائی ہے پھر بلا تشبیہ اور بلا توجیہ ان آیات کے معنی کا تصور کرے بلکہ ان اوصاف کے ساتھ خدا تعالےٰ کے صرف اتصاف کو اپنے پیش نظر رکھے۔ پھر جب اُس تصور میں ضعف عارض ہو تو پھر اُس آیت کو پڑھے اور دوبارہ تصور کرے اور اس عمل کے لئے اُس کو ایک وقت مقرر کر لینا چاہئے جس میں پیشاب جائے ضرور کی حاجت اور بھوک و غصہ اور نیند سے پاک ہو حاصل یہ ہے کہ دنیا کی تمام تشویشوں سے اُس کا دل صاف ہو اور ازانجملہ خدا تعالےٰ کے عظیم الشان افعال میں فکر کرنا ہے اُس کی دلیل یہ آیت ہے الذین یتفکرون فی خلق السموات والارض ربنا ما خلقت ھذا باطلا۔ جو لوگ آسمانوں و زمین کے پیدا کرنے میں فکر کرتے ہیں اے پروردگار ہمارے تو نے اس کو بیکار نہیں پیدا کیا اور اُس کی یہ صورت ہے کہ مینہ کے برسانے اور نباتات کے جمنے میں اور اسی قسم کے اندر چیزوں کے فکر کیا کرے اور خدا تعالےٰ کے احسان میں مستغرق ہو جائے اور ازانجملہ اُن دنوں میں فکر کرنا ہے جن میں خدا تعالےٰ نے کسی قوم کو بلند کیا ہے اور کسی کو پست کیا ہے اور اُس کی دلیل یہ آیت ہے کہ اللہ پاک حضرت موسےٰ علیہ السلام سے فرماتا ہے وذکرھم بایام اللہ۔ پس یاد دلا اُن کو خدا تعالےٰ کے دن۔ اس بات کی فکر کرنے سے بھی نفس کو دنیا سے تجرد ہوتا ہے اور ازانجملہ موت اور اُس کے بعد جو حالات ہونیوالے ہیں اُن میں فکر کرنا اُس کی دلیل آپ کا یہ قول ہے اذکروا ھاذم اللذات۔ لذتوں کی منقطع کرنے والی کو یاد کرو۔ اسکا یہ طریقہ ہے کہ نفس کے دنیا سے منقطع ہونے اور نیکی و بدی جو اُس نے کی ہے اُس کے ساتھ ہونے اور اس کو جو جزا و سزا ملنے والی ہے اُس کا تصور کرے تفکر کی یہ دونوں قسمیں ایسی ہیں کہ تمام چیزوں سے زیادہ نفس کے نقوش دنیا کے قبول نہ کرنے میں مفید ہیں کیونکہ انسان دنیاوی اشغال سے فارغ ہو کر جب ان اشیا میں غور و تفکر کرتا ہے اور ان چیزوں کو اپنی آنکھوں کے سامنے پیش کرتا ہے تو اُس کی قوت بہیمی مغلوب اور قوت ملکی غالب ہو جاتی ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور چونکہ تمام لوگوں کو یہ بات دشوار تھی کہ سب اشغال سے فارغ ہو کر ان چیزوں میں غور و فکر کیا کریں اور ان کو پیش نظر رکھا کریں لہٰذا ضروری ہوا کہ اس ذکر و فکر کے واسطے اشباہ و صور مقرر کئے جائیں اور ان میں فکر کے اقسام مرتب کئے جاویں اور فکر کی روح ان میں پھونکی جاوے تاکہ سب لوگ اس کا قصد کر سکیں اور ان کو سن سکیں اور اپنی قسمت کے موافق اس سے فائدہ اٹھا سکیں اس لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو قرآن عطا کیا گیا یا کہ تمام ان اقسام کے لئے جامع ہے اور اس کے ساتھ اس کی مثل یعنی حدیث بھی دیگئی اور میرے نزدیک قرآن و حدیث میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے تمام وہ چیزیں جمع کر دیگئیں جو امم سابقہ کو عطا کی گئی ہیں واللہ اعلم پھر حکمت کا مقتضا ہوا کہ قرآن کی تلاوت کے اندر رغبت دلائی جاوے اور قرآن کی فضیلت اور سور و آیات کی عظمت بیان کی جاوے لہٰذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے آیت سے جو معنوی فائدہ حاصل ہوتا ہے اس کو ایک ایسے ظاہری فائدہ کے ساتھ مشابہ کیا جو عرب کے نزدیک اس سے بڑھکر کوئی چیز نہیں ہے یعنی بڑی کوہان والی اونٹنی اور تیار اور حاملہ اونٹنی تاکہ وہ فائدہ معنوی متمثل اور متصور ہو جاوے اور تلاوت کرنے والے کو ملائکہ کے ساتھ آپ نے تشبیہ دی اور قرآن کے ہر حرف کا اجر بیان کیا اور لوگوں کے درجات ترنج اور خرما اور اندرائن کے پھل اور ریحانہ کے ساتھ تشبیہ دیکر بیان کئے اور بیان کیا کہ قیامت کے روز قرآن کی سورتیں اجسام کی صورت میں متمثل ہو جائینگی۔ جن کو ہاتھوں اور آنکھوں سے دیکھ سکینگے اور اپنے پڑھنے والوں کی طرف سے جھگڑا کرینگی اور اس میں عذاب اور نجات کے اسباب کا تعارض اور تلاوت قرآن کا دوسرے اسباب پر رجحان ظاہر کرنا ہے۔ اور نیز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس بات کا بیان فرمایا ہے کہ بعض سورتوں کو بعض پر فضیلت ہے۔ میں کہتا ہوں بعض سورتوں کو اپنے ماسوا پر فضیلت ہوتی ہے اس کی کئی وجہیں ہیں ایک تو فضیلت کا یہ سبب ہوتا ہے کہ وہ سورت صفات الٰہی میں تفکر کرنے کے مفید ہوتی ہے اور اس میں صفات کی جامعیت پائی جاتی ہے مثلاً آیت الکرسی اور سورہ حشر کے اخیر کی آیات اور قل ہو اللہ احد یہ چیزیں قرآن کے اندر اس درجہ کی ہیں جس طرح تمام اسماء الٰہی میں اسم اعظم کا درجہ ہے۔ ایک فضیلت کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ اس کا نزول بندوں کی زبانوں کے موافق ہوتا ہے گویا بندوں کی طرف سے خدا تعالےٰ اس کو نازل فرماتا ہے تاکہ ان کو خدا تعالےٰ سے تقرب حاصل کرنے کا طریقہ معلوم ہو جائے جیسے سورہ فاتحہ اس کا درجہ سورتوں میں ایسا ہے جس طرح تمام عبادات میں فرائض کا درجہ ہے از انجملہ فضیلت کی وجہ یہ ہے کہ وہ سورت جامع ترین سور کی ہو جیسے سورہ بقر اور آل عمران۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یٰسین کی فضیلت میں بیان کیا ہے کہ وہ قرآن کا دل ہے اس کا سبب یہ ہے کہ دل میں ایک چیز کے درمیان میں ہونے کی طرف اشارہ پایا جاتا ہے اور سورہ یٰسین ان سورتوں سے جو دو سو آیت یا ان سے زیادہ کی ہیں کم ہے اور سور مفصلات سے زیادہ ہے اور نیز اس کے اندر توکل اور تفویض اور توحید کا انطاکیہ کے نومسلم زبان پر بیان ہے یعنی اس آیت میں وما لی لا اعبد الذی فطرنی الآیۃ۔ اور مجھے کیا ہوا ہے جو اپنے پیدا کرنے والے کی پرستش کروں۔ اور اس کے اندر مقاصد مذکورہ کامل طور سے پائے جاتے ہیں اور تبارک الذی کی فضیلت میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ نے فرمایا ہے کہ اُس شخص کی شفاعت کی حتیٰ کہ خدا تعالےٰ نے اُس کو بخشدیا اور یہ اُس شخص کا قصہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بعض مکاشفات میں اُس کا معائنہ کیا ہے اور نیز حکمت شرعی کا یہ مقتضی ہوا کہ قرآن کے یاد کرنے اور اُس میں مشغول رہنے کی طرف رغبت دلائی جائے اور اونٹ کے بھاگنے کے ساتھ اُس کے بھول جانے کو تشبیہ دی جاوے۔ اور نیز قرآن کو ترتیل کے ساتھ پڑھنے اور اُس جگہ تلاوت کرنے کا حکم دیا جاوے جہاں لوگوں کو اُس کی طرف رغبت پائی جاتی ہو اور دلجمعی و شوق زیادہ ہو تاکہ قرآن کے اندر تدبر کا موقع مل سکے اور نیز خوش الحانی سے پڑھنے اور پڑھتے وقت گریہ کرنے کا حکم کرنا چاہئے تاکہ تفکر کے قریب ہو اور اُس کا بھلانا حرام کیا جاوے اور تین روز سے کم میں قرآن ختم کرنے سے ممانعت کی جاوے کیونکہ اس وقت میں قرآن کے معنی مفہوم نہیں ہو سکتے اور عرب کی لغت کے موافق قرآن کے پڑھنے کی اجازت دی گئی تاکہ اس میں ان کو آسانی ہو کیونکہ امت میں ہر قسم کے لوگ ان پڑھ و بوڑھے و بچے ہوتے ہیں۔ قرآن کے سوا آنحضرت صلے اللہ کو جو احادیث عطا ہوئی ہیں از انجملہ یہ ہیں۔ یا عبادی انی حرمت الظلم علی نفسی وجعلتہ بینکم محرما فلا تظالموا یا عبادی کلکم ضال الا من ہدیتہ۔ اے میرے بندو ظلم کو میں نے اپنے اوپر حرام کر لیا ہے اور تمہارے اندر بھی اُسکو حرام کیا ہے اس لئے تم باہم ظلم مت کرو اے میرے بندو تم میں سے ہر ایک گمراہ ہے مگر جس کو میں ہدایت دوں۔ اور یہ حدیث کان فی بنی اسرائیل رجل قتل تسعا وتسعین انسانا الحدیث قوم بنی اسرائیل میں سے ایک ایسا شخص تھا جس نے ننانوے آدمیوں کا خون کیا تھا اور للہ اشد فرحا بتوبتہ عبدہ۔ الحدیث اور ان عبدا ذنب ذنبا۔ الحدیث۔ اور ان للہ مائتہ رحمتہ انزل منہا واحدۃ الحدیث اور اذا اسلم العبد فحسن اسلامہ۔ الحدیث اور وہ حدیث جن میں دنیا کو اُس پانی کے ساتھ مشابہت دی ہے جو دریا میں سے انگلی کو لگ جاتا ہے اور اس بھیڑ کے بچے کے ساتھ جو گوش بریدہ اور مرا پڑا تھا تشبیہ دی ہے۔ اور معلوم کرو کہ عمل کی روح نیت ہے اور عبادت اُس کا بدن ہے اور بغیر روح کے بدن کی حیات نہیں ہوتی اور بعد مفارقت بدن کے بھی روح کو ایک قسم کی حیات رہتی ہے مگر بغیر بدن کے حیات کے آثار پورے طور پر ظاہر نہیں ہوتے اس لئے اللہ پاک فرماتا ہے لن ینال اللہ لحومہا ولا دماءہا ولکن ینالہ التقوی منکم۔ نہیں پہونچیگے خدا تعالےٰ کو اُن کے گوشت اور نہ اُن کے خون مگر تمہاری پرہیزگاری اُس کے پاس پہونچتی ہے اور آپ نے فرمایا ہے ان الاعمال بالنیات۔ البتہ اعمال نیتوں کے ساتھ ہوتے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بہت سے مواضع میں اس شخص کو جس کی نیت صادق ہو لیکن اُس کو عمل کرنے سے کوئی چیز مانع ہو اُس عمل کرنے والے کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔ جیسے مسافر و مریض اگر اُن کو صحت و اقامت کی حالت میں کسی وظیفہ کا التزام تھا اور اب اُن سے نہیں ہو سکتا تو بدستور اُنکے نامہ اعمال میں وہ وظیفہ لکھا جاتا ہے یا خدا تعالےٰ کی راہ میں خرچ کرنے کا کسی شخص کا مستحکم ارادہ ہے مگر وہ تنگدستی کے سبب سے نہیں کر سکتا وہ شخص خرچ کرنے کے برابر لکھا جاویگا۔ اور نیت سے ہماری مراد وہ معنی ہیں جو عمل کا باعث پڑتے ہیں یعنی خدا تعالےٰ نے رسولوں کی زبان پر اطاعت کرنے والے کا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثواب اور نافرمان کا عذاب بیان فرماتا ہے اُس کا سچ سمجھنا۔ یا خدا تعالےٰ کے امر و نہی کی بطیب خاطر بجا آوری کرنے سے خوش ہونا اسی لئے شارع کو یاد و سمعہ سے نہی کرنا اور اُن کی برائیوں کا صاف طور پر بیان کرنا ضروری ہوا چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان اول الناس یقضی علیہم یوم القیامۃ ثلثۃ رجل قتل فی الجہاد۔ یقال لہ ہو رجل جری ورجل تعلم العلم وعلمہ یقال لہ ہو عالم ورجل انفق فی وجوہ الخیر یقال ہو جواد فہو مرہم فیسجبون علے وجوہہم فی النار۔ لوگوں میں سے اول جن پر قیامت کے دن حکم کیا جاویگا وہ تین شخص ہیں ایک تو وہ شخص جو جہاد میں اس لئے شہید ہوا تاکہ لوگ اُس کو دلیر بتائیں اور دوسرا وہ شخص جس نے پڑھکر علم سیکھا یا تاکہ لوگ اُس کو عالم بتائیں تیسرا وہ جو طریقوں خیر میں خرچ کرتا ہے تاکہ لوگ اُس کو سخی بتادیں پس ایسے لوگوں کو حکم کیا جاویگا اور منہوں کے بل جہنم کی طرف گھسیٹے جاوینگے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حکایۃ عن اللہ تعالےٰ فرمایا ہے انا اغنی الشرکاء عن الشرک من عمل عملا اشرک فیہ غیری ترکتہ وشرکہ میں سب شریکوں سے زیادہ بے پرواہ ہوں جس شخص نے میرے لئے کسی کو شریک کرکے کوئی کام کیا تو میں نے اُسکو معہ اُس کے شریک کے چھوڑ دیا اور حضرت ابوذرؓ نے یہ حدیث بیان کی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کسی نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آپ اُس شخص کے باب میں کیا فرماتے ہیں جو کوئی نیک کام کرتا ہے اور لوگ اُس کی تعریف کرتے ہیں آپ نے فرمایا تلک عاجل بشری المومن۔ ایمان والے کی یہ بھی بشارت ہے اُس کے یہ معنی ہیں کہ وہ شخص صرف بوجہ اللہ کام کرتا ہے اس لئے زمین پر اُس کی قبولیت نازل ہوجاتی ہے اور لوگ اُس سے محبت کرتے ہیں اور حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ آپ سے عرض کیا کہ اپنے مکان میں مصلے پر بیٹھا تھا کہ اس اثنا میں ایک شخص میرے پاس آیا تو مجکو جو اُس نے اس حال میں دیکھا تو میری طبیعت خوش ہوئی آپ نے فرمایا رحمک اللہ یا ابا ہریرہ اجران اجر السرو اجر العلانیۃ۔ اے ابوہریرہ اللہ تعالےٰ تجھپر رحم کرے تیرے لئے دو اجر ہیں ایک اجر پوشیدہ کا اور ایک اجر ظاہر کا۔ اُس کے یہ معنی ہیں کہ عجب نفسانی مغلوب ہوا اور صرف عجب نفسانی عمل پر باعث نہ ہوا اور اجر سر سے اخلاص کا اجر مراد ہے جو ایک پوشیدہ چیز ہے اور اجر علانیہ سے دین الٰہی کے بلند کرنے اور سنت راشدہ کے شائع کرنے کا اجر مراد ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے خیارکم احاسنکم اخلاقاً بہترین تم میں کے وہ لوگ ہیں جن کی عادات عمدہ ہیں۔ میں کہتا ہوں چونکہ سماحت و عدالت میں ایک قسم کا تعارض ہے جس پر ہم متنبہ کرچکے ہیں۔ اور انبیاء علیہ السلام کے علوم کی بنا دونوں مصلحتوں کی رعایت کرنے اور نظام دارین قائم کرنے اور حتی الامکان مصالح کے جمع کرنے پر ہے لہٰذا شرائع کے اندر ضروری ہوا کہ سماحت کے علامات اور رائشاح جن کو عدالت کے ساتھ التزام ہو اور اُس کے موید اور اُس پر متنبہ کرنے والے ہوں مقرر کئے جائیں اس واسطے حسن اخلاق کا حکم دیا گیا اور وہ سماحت اور عدالت کے باب سے بہت سے امور کے مجموعہ کا نام ہے کیونکہ حسن اخلاق جود اور ظلم کرنے والے سے عفو اور تواضع اور ترک حسد اور کینہ

محکمہ داخلہ کی ہدایت کے مطابق ممنوع و ضبط شدہ کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور غضب کو شامل ہے اور یہ سب امور سماحت کے قبیلہ سے ہیں اور نیز لوگوں سے محبت اور صلہ رحم اور حسن صحبت مع الناس اور حاجتمندوں کی غمخواری کو شامل ہے اور یہ سب باتیں عدالت کے باب سے ہیں اور پہلی قسم کے امور کا مدار دوسری قسم کے امور پر ہے اور دوسری قسم پہلی قسم کے بغیر ناتمام ہے اور یہ ایک بڑی مہربانی ہے جس کا شرائع الٰہیہ میں اعتبار کیا گیا ہے اور چونکہ بہ نسبت سب اعضا کے زبان کو خیر و شر کی جانب جلد سبقت ہوتی ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے وہل یکب الناس علی مناخرہم الا حصائد السنتہم۔ اور لوگوں کو کوئی چیز منتھنوں کے بل اوندھا نہ کریگی مگر جو اُن کی زبانوں نے کاٹا ہے اور نیز زبان کے آفات لسانی اور سماحت اور عدالت میں خلل انداز ہوتے ہیں کیونکہ کثرت سے کلام کرنا ذکر الٰہی سے غافل کرنا ہے اور غیبت اور بیہودہ باتیں اور ان کے مثل باہم فساد ڈالتی ہیں اور آدمی کی زبان سے جو کلام نکلتا ہے دل اُس کی کیفیت سے متکیف ہوجاتا ہے مثلاً جب غصہ کا کلمہ اُس کی زبان سے نکلتا ہے دل کے اندر اُس کا جوش پیدا ہوجاتا ہے وعلیٰ ہذا القیاس اور دل کے اندر اُس کیفیت کا پیدا ہونا اُس کیفیت کے متمثل ہونے اور اس کے تشبہ کا سبب ہوتا ہے لہذا یہ بات ضروری ہوئی کہ شرع میں بہ نسبت اور اعضا کے آفات کے، زبان کی آفات سے زیادہ تر بحث کی جائے اور آفات لسانی کے بہت سے اقسام ہیں از انجملہ یہ ہے کہ ہر ایک وادی میں خوض کرے اس کے سبب سے ان چیزوں کی صورتیں آدمی کی حس مشترک میں جمع ہوجاتی ہیں اور جب خدا تعالےٰ کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو ذکر الٰہی میں اس کو کچھ حلاوت نہیں معلوم ہوتی اور اذکار میں کچھ تدبر نہیں کرسکتا یہی سبب ہے کہ بیفائدہ باتوں سے ممانعت کی گئی ہے اور از انجملہ یہ ہے کہ لوگوں میں فتنہ کا پیدا کرنا جیسے غیبت اور مجادلہ اور لوگوں کا بہکانا اور از انجملہ یہ ہے کہ وہ کلام اس قسم کا ہو جس سے قوت سبعیہ یا شہویہ کے اثر عظیم سے نفس متاثر ہوتا ہے جیسے گالیاں بکنا اور عورتوں کے محاسن کا ذکر کرنا۔ اور از انجملہ یہ ہے کہ خدا تعالےٰ کے جلال اور اُس کی عظمت سے غافل ہونا اس کلام کا سبب پڑا ہو۔ جیسے کسی بادشاہ کو شاہنشاہ کہنا اور از انجملہ یہ ہے کہ وہ کلام مصالح دینی میں خلاف ہو بایں طور کہ دین میں جس چیز کے ترک کرنے کا حکم ہے اس کلام سے اُس چیز منہی عنہ کی رغبت پیدا ہو۔ جیسے شراب کی تعریف کرنا یا انگور کا نام کرم رکھنا یا کتاب الٰہی میں اُس سے تغیر لازم آتا ہو جیسے مغرب کا نام عشاء اور عشا، کا نام عتمہ رکھنا اور از انجملہ یہ ہے کہ وہ کلام مثلاً بیہودہ ہو جیسے افعال شنیعہ جو شیاطین کی طرف منسوب ہوتے ہیں جیسے فحش باتیں بکنا ہے اور جماع اور اعضا مستورہ کا صاف صاف الفاظ میں ذکر کرنا یا جیسے اُس چیز کا ذکر کرنا جس سے بدشگونی لیجاتی ہے مثلاً یہ کہنا کہ گھر میں نجاح (کامیابی) نہیں ہے اور نہ برکت؛ پھر اُن چیزوں کا بیان کرنا بھی ضروری ہے جو سماحت کے دلائل ہیں اور بکثرت اُن کا وقوع ہوتا ہے اور نیز ان اخلاق کا جنکا شارع نے اعتبار کیا ہے اُن سے تیز کرنا اور شارع نے اعتبار کیا ضروری از انجملہ زہد ہے کیونکہ نفس بسا اوقات کھانے پہننے کی حرص اور عورتوں کی طرف رغبت کرتا ہے حتے کہ ان باتوں سے اُس کے جوہر میں ایک خرب کیفیت پیدا ہوجاتی ہے اور جب انسان اپنے نفس سے اس بات کو دور کردیتا ہے تو دنیا کے اعتبار سے وہ زاہد ہوجاتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور مقصود بالذات خود ان چیزوں کا چھوڑنا نہیں ہوتا بلکہ اس خصلت کے حاصل کرنے کے لئے ان چیزوں کا ترک مطلوب ہوتا ہے لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الزہادۃ فی الدنیا لیست بتحریم الحلال ولا اضاعۃ المال ولکن الزہادۃ فی الدنیا ان لاتکون بما فی یدیک اوثق مما فی ید اللہ وان تکون فی ثواب المصیبت اذا انت اصبت بہا ارغب فیہا لو انہا ابقیت لک دنیا کی زاہدی نہ حلال کے حرام کر لینے سے ہے اور نہ مال کے ضائع کرنے سے بلکہ دنیا کا زہد یہ ہے کہ جو چیز تیرے قبضہ میں ہے اس چیز سے زیادہ تجکو اسپر اعتماد نہ ہو جو خدا تعالے کے قبضہ میں ہے اور جب تجکو کوئی مصیبت پہونچے تو اس مصیبت کے ثواب کی رغبت میں اس مصیبت کا باقی رہنا تجکو پسند ہو اور فرمایا ہے لیس لابن آدم حق فی سوی ہذہ الخصال بیت یسکنہ وثوب یواری عورتہ وجلف الخبز والماء۔ بنی آدم کے لئے سوائے ان چیزوں کے کچھ ضروری نہیں ہے گھر رہنے کے لئے کپڑا ستر ڈھانکنے کے لئے اور روٹی اور پانی کے لئے کوئی برتن اور نیز فرمایا ہے یحسب ابن آدم لقیمات یقمن صلبہ آدمی کے لئے چند چھوٹے چھوٹے لقمے کافی ہیں جس سے پیٹ کو سیدھا کر سکے اور فرمایا ہے طعام الاثنین کاف الثلاثۃ وطعام الثلاثۃ کاف الاربعۃ۔ دو کا کھانا تین کو اور تین شخصوں کا چار کو کافی ہے یعنی جس قدر کھانے سے دو شخصوں کا خوب شکم پر ہو سکتا ہے اگر اس کو تین بھی کھالیں تو اوسط درجہ ان کو کافی ہو سکتا ہے اس سے آپ کا مقصود غمخواری میں رغبت دلانا اور شکم پری کی حرص کو مکروہ سمجھنا ہے اور از انجملہ قناعت ہے اس کا بیان یہ ہے کہ مال کی حرص بسا اوقات آدمی کے نفس پر غالب ہوتی ہے حتے کہ اس کے جوہر میں داخل ہو جاتی ہے پس جب اس حرص کو اپنے قلب سے دور کر دیتا ہے اور مال کا چھوڑنا اس پر آسان ہوتا ہے تو اس صفت کا نام قناعت ہے اور قناعت اس کا نام نہیں ہے کہ خدا تعالے نے جو انسان کو عطا فرمایا ہے بے رغبتی کے ساتھ اس کا ترک کر دینا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یا حکیم ان ہذا المال خضر حلو فمن اخذہ بسخاوۃ نفس بورک لہ فیہ ومن اخذہ باشراف نفس لم یبارک لہ فیہ وکان کالذی یاکل ولا یشبع والید العلیا خیر من السفلی۔ اے حکیم یہ مال ہرا و شیریں ہوتا ہے پس جو نفس کی سخاوت کے ساتھ اس کو لے لیتا ہے تو اس میں برکت دی جاتی ہے اور جو شخص حرص نفسانی کے ساتھ لیتا ہے تو اس میں برکت نہیں دیجاتی اور وہ اس شخص کی مانند ہوتا ہے جو کھاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا اور اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا جاءک من ہذا المال شئی وانت غیر مشرف ولا سائل فخذہ فتمولہ ومالا فلا تتبعہ نفسک اس مال میں سے جب تیرے پاس کچھ آوے اور تو نہ حریص ہو اور نہ سائل تب تو اس کو لے لے اور اسود ہو رہ نہ اپنے پیچھے مت لگا۔ اور از انجملہ جود ہے اس کا بیان یہ ہے کہ مال کی محبت اور اس کے جمع کرنے کی محبت بسا اوقات قلب پر غالب آکر اس کو محیط ہو جاتی ہے اور جب آدمی اس کے خرچ کرنے پر قادر ہوتا ہے اور کچھ پرواہ نہیں کرتا اس کا نام جود ہے اور مال کے ضائع کرنے کا نام جود نہیں ہے اور نہ خود مال کوئی مبغوض چیز ہے بلکہ ایک بڑی نعمت ہے آپ نے فرمایا ہے اتقوا الشح فان الشح اہلک من قبلکم حملہم علے ان

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سفکوا دماءہم واستحلوا محارمہم بخل سے بچتے رہو کیونکہ بخل نے تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کر دیا اسی نے انکو اس بات پر برانگیختہ کیا کہ باہم خونریزی کریں اور حرام چیزوں کو حلال سمجھیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لاحسد الا فی اثنین۔ الحدیث سوا دو شخصوں کے کسی سے حسد نہیں ہے اور کسی نے آپ سے عرض کیا کیا خیر سے شر پیدا ہوتا ہے تو آپ نے فرمایا انہ لایاتی الخیر بالشر۔ البتہ خیر سے شر نہیں پیدا ہوتا اور ربیع میں بعض چیزیں ایسی پیدا ہوتی ہیں جو تخمہ پیدا کرکے ہلاک کر دیتی ہیں یا قریب ہلاکت کر دیتی ہیں۔ نیز آپ نے فرمایا من کان معہ فضل ظہر فلیعد بہ علے من لاظہر لہ۔ جس شخص کے پاس حاجت سے زیادہ سواری ہو تو جس کے پاس سواری نہیں ہے اس کو وہ سواری دیدے اور جس کے پاس حاجت سے زیادہ توشہ ہو اس کو چاہیئے کہ جس کے پاس توشہ نہیں ہے اس کو دیدے پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مال کے اسقدر اقسام ذکر کئے جس سے ہم کو یہ بات معلوم ہوئی کہ ہم میں سے کسی کو اس مال میں جو حاجت سے زیادہ ہو کچھ حق نہیں ہے اور اس قدر رغبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس واسطے دلائی کہ وہ جہاد کی حالت میں تھی اور مسلمانوں کو احتیاج لاحق ہو رہی تھی اور اس میں سماحت بھی پائی جاتی ہے اور نظام ملت کا بھی قائم کرنا ہے اور مسلمانوں کی جان کا بھی باقی رکھنا ہے۔ اور از انجملہ قصر امل یعنے آرزو کا کوتاہ کرنا ہے اور اس کا بیان یہ ہے کہ انسان پر زندگی کی محبت غالب ہوتی ہے حتی کہ موت کا ذکر اس کو ناگوار ہوتا ہے اور اس قدر زندہ رہنے کی امید رکھتا ہے کہ اس حد تک وہ زندہ نہیں رہ سکتا پس ایسی حالت میں جب آدمی مر جاتا ہے تو جس چیز کی اسکو تمنا تھی اس کے پورا نہ ہونے سے اس کو تکلیف و عذاب ہوتا رہتا ہے اور فی نفسہ زندگی کوئی مبغوض اور ایسی چیز نہیں ہے جو خدا تعالے کو ناپسند ہو بلکہ وہ ایک نعمت عظمی ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کن فی الدنیا کانک غریب او عابر سبیل۔ دنیا میں ایسا رہ جیسے پردیسی بلکہ راہ کا چلنے والا۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ ایک مربع خط کھینچا اور پھر اس کے وسط میں ایک خط کھینچا اور باہر تک اس کو نکالا اور پھر اس بیچ والے خط کے ساتھ اور چھوٹے چھوٹے خط ملائے مگر اسی قدر کے ساتھ جتنا وہ مربع کے اندر اندر تھا اس کی شکل یہ ہے  اور بیچ کے خط کی طرف اشارہ کرکے فرمایا یہ انسان ہے۔ اور اس مربع کی طرف اشارہ کرکے فرمایا یہ اسکی اجل ہے جو اس کو گھیر رہی ہے اور یہ جو باہر کو نکلا ہوا ہے یہ اس کی آرزو ہے اور یہ چھوٹے چھوٹے خطوط عوارض ہیں اگر یہ حادثہ اس سے بچ جاتا ہے تو یہ پہونچ جاتا ہے اور یہ بچ جاتا ہے تو یہ پہونچ جاتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے طول امل کی بیماری کا علاج موت کے ذکر اور قبور کی زیارت اور ساتھیوں کی موت سے عبرت حاصل کرنے کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا ہے لایتمنین احدکم الموت ولا یدع بہ قبل ان یاتیہ انہ ذا مات انقطع عملہ۔ تم میں سے کوئی موت کی تمنا نہ کرے اور نہ موت آنے سے پہلے اس کی دعا کرے کیونکہ جب آدمی مر گیا اسکا عمل منقطع ہو گیا۔ اور از انجملہ تواضع ہے۔ تواضع کے یہ معنی ہیں کہ نفس کو تکبر اور خود پسندی کے دواعی کی طرف

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیردی ہووے جس سے آدمی لوگوں کو اپنے اعتبار سے حقیر اور ذلیل جانتا ہے اور اس کے باعث سے اُس کا نفس خراب ہو جاتا ہے اور لوگوں پر ظلم کرنے اور اُن کو ذلیل سمجھنے پر برانگیختہ کرتا ہے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا یدخل الجنۃ من کان فی قلبہ مثقال ذرۃ من کبر فقال رجل ان الرجل یحب ان یکون ثوبہ حسنا ونعلہ حسنۃ فقال ان اللہ جمیل یحب الجمال الکبر بطر الحق وغمط الناس۔ جس کے قلب میں ذرہ کے برابر تکبر ہے جنت میں نہ جائیگا تو ایک شخص نے عرض کیا کہ آدمی کا دل چاہتا ہے اچھا کپڑا ہو اور اچھا جوتہ ہو تو آپ نے فرمایا خدا تعالےٰ جمیل ہے جمال کو پسند کرتا ہے تکبر تو حق کے نہ ماننے اور لوگوں کے ذلیل سمجھنے کا نام ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الا اخبرکم باہل النار کل عتل جواظ مستکبر۔ اہل دوزخ کی کیا نہ خبر دوں تم کو وہ سب وہ لوگ ہیں کہ سخت ظالم ونہایت تکبر کرنے والے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بینما رجل یمشی فی حلۃ تعجبہ نفسہ مرجل براسہ یختال فی مشیتہ اذ خسف اللہ بہ فہو یتجلجل فی الارض الی یوم القیامہ۔ ایک شخص حلہ سرتک پہنے ہوئے خود پسندی کے ساتھ اترا تا ہوا جا رہا تھا کہ خدا تعالےٰ نے اُسکو دھسا دیا اور وہ قیامت تک زمین میں دھستا چلا جاویگا۔ اور از انجملہ علم ہے اور سہولیت اور نرم دلی ہے۔ اور حاصل اُن کا یہ ہے کہ آدمی کو غصہ کے اسباب کی طرف توجہ نہیں ہوتی تاوقتیکہ اس میں فکر نہ کرے اور مصلحت نہ دیکھ لے اور تمام اوقات میں غضب کی صفت مذموم نہیں ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من یحرم الرفق یحرم الخیر کلہ۔ جو شخص نرمی سے محروم ہے سب نیکیوں سے محروم ہے اور ایک شخص نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا مجھے کچھ وصیت کیجئے آپ نے اُس سے فرمایا غصہ مت کر پھر چند مرتبہ اُس نے وہی سوال کیا اور یہی فرمایا کہ غصہ مت کر اور نیز آپ نے فرمایا ہے الا اخبرکم بمن یحرم علی النار کل قریب ہین لین سہل۔ کیا میں تم کو وہ شخص نہ بتادوں جو آگ پر حرام کئے جاویں وہ قریب برد بار نرم مزاج اور سہولیت والا ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لیس الشدید بالصرعۃ انما الشدید الذی یملک نفسہ عند الغضب سخت آدمی وہ نہیں ہے جو لوگوں کو پچھاڑ کر مارے سخت تو وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے نفس کو قابو میں رکھے اور از انجملہ صبر ہے اور وہ آرام اور پریشانی اور خواہش نفسانی اور تکبر اور اظہار اور قطع محبت وغیرہ کے اسباب کا تابع نہ ہونا ہے۔ ان اسباب کے لحاظ سے اُس کے مختلف نام رکھے جاتے ہیں اللہ پاک فرماتا ہے انما یوف الصابرون اجرہم بغیر حساب۔ صابر لوگ تو بیحساب ہی اپنا اجر دئے جاوینگے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ما اوتی احد عطاء افضل واوسع من الصبر۔ کوئی شخص کوئی عطا زیادہ افضل وزیادہ فراخ صبر سے زیادہ نہیں دیا گیا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے عدالت کے علامات کے ساتھ حکم دیا ہے اور اُس کے ابواب میں سے عظیم الشان باب پر آگاہ فرمایا اور خلق الٰہی پر رحمت کرنے کی خوبیاں بیان فرمائیں اور لوگوں کو اُس کی رغبت دلائی اور اُس کے اقسام یعنی گھر والوں کا الفت سے رہنا اور کسی قبیلہ کے لوگوں کے باہم معاشرت اور شہر والوں کے معاشرت اور بزرگان دین کی توقیر اور ہر ایک کے مرتبہ سمجھنے کا بیان فرمایا اُس کے متعلق ہم چند

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

احادیث ذکر کرتے ہیں جو اس باب کے لئے بطور نمونہ کے ہیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اتقوا الظلم فان الظلم ظلمات یوم القیمۃ ظلم سے بچو کیونکہ ظلم قیامت کے روز تاریکیاں بنجائیگا۔ اور فرمایا ہے ان اللہ حرم علیکم دماءکم واموالکم کحرمۃ یومکم ہذا فی بلدکم ہذا۔ خدا تعالےٰ نے تمہارے اوپر تمہارے خون اور تمہارے مالوں کو حرام کیا ہے جسطرح تمہارے اس دن کی تمہارے اس شہر میں حرمت۔ اور فرمایا ہے المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ۔ مسلمان وہ شخص ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان امن میں رہیں خدا کی قسم تم میں سے کوئی شخص بغیر حق کی کسی چیز کو نہ لیگا مگر قیامت کے روز سبب خدا سے لیگا وہ چیز اس پر سوار ہوگی پس البتہ تم میں سے میں اس شخص کو پہچانتا ہوں جو اونٹ کو اپنے اوپر سوار کئے ہوئے خدا سے لیگا اور وہ اونٹ بلبلاتا ہوگا یا گائے کو سوار کئے ہوگا۔ اور وہ ڈکراتی ہوگی یا بکری کو سوار کئے ہوگا اور وہ ممیاتی ہوگی اور فرمایا ہے من ظلم قید شبر من الارض طوقہ من سبع ارضین جو بالشت بھر زمین ظلم سے لیگا ساتوں زمینیں طوق کر کے اس کی گردن میں ڈالی جائینگی۔ باب الزکوۃ میں اس کی حقیقت ہم بیان کر چکے ہیں۔ والمومن للمومن کالبنیان یشد بعضہ بعضا۔ اور ایمان والا ایمان والے کے لئے بنیاد کی طرح ہے کہ اس کے اجزا ایک دوسرے کے لئے مضبوطی کا سبب ہوتے ہیں مثل المومنین فی توادہم وتراحمہم وتعاطفہم مثل الجسد اذا اشتکی منہ عضو تداعی لہ سایر الجسد بالسہر والحمی۔ مومنین کی مثال باہم کی محبت اور ہمدردی اور مہربانی میں ایسی ہے جیسے بدن کہ جب اس میں سے کوئی عضو مریض ہوجاتا ہے تو تمام بدن پر تپ لاحق ہوجاتی ہے اور نیند جاتی رہتی ہے من لا یرحم الناس لا یرحمہ اللہ۔ جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا خدا تعالےٰ اس پر رحم نہیں کرتا۔ المسلم اخو المسلم لا یظلمہ ولا یسلمہ۔ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے نہ اس پر زیادتی کرتا ہے نہ اس کو ہلاکت میں ڈالتا ہے من کان فی حاجۃ اخیہ کان اللہ فی حاجتہ۔ جو شخص اپنے بھائی کے کام میں ہے خدا تعالےٰ اس کے کام میں ہے ومن فرج عن مسلم کربۃ فرج اللہ عنہ بہا کربۃ من کرب یوم القیامۃ ومن ستر مسلما سترہ اللہ یوم القیامۃ۔ جو کوئی شخص مسلمان کی کوئی مصیبت دور کردے خدا تعالےٰ قیامت کے دن مصائب میں سے اس کی کوئی مصیبت اس کے سبب سے دور فرمائیگا اور جو کوئی شخص کسی کی پردہ پوشی کرے خدا تعالےٰ قیامت کے دن اسکی پردہ پوشی کریگا اشفعوا توجروا ویقضی اللہ علی لسان نبیہ ما احب۔ سفارش کیا کرو اجر ہوگی اور خدا تعالےٰ جو چاہتا ہے اپنے نبی کی زبان پر جاری کرتا ہے اور فرمایا ہے تعدل بین اثنین صدقۃ ویعین الرجل فی دابتہ فیحملہ او ترفع لہ متاعہ صدقۃ والکلمۃ الطیبۃ صدقۃ۔ دو شخصوں میں تو جو انصاف کرے تو یہ صدقہ ہے اور کسی کو سواری میں مدد دے کہ اسکو سوار کرادے یا اس کے اسباب کو اٹھا کر رکھدے تو یہ صدقہ ہے اور اچھی بات کہنا صدقہ ہے۔ اور ضغاء مہاجرین کے باب میں آپ نے فرمایا ہے لئن کنت اغضبتہم فقد اغضبت ربک۔ اگر تو نے ان کو ناخوش کیا تو خدا تعالےٰ کو تو نے ناخوش کیا۔ اور فرمایا انا وکافل الیتیم فی الجنۃ ہکذا واشار بالسبابۃ والوسطی۔ اور وہ شخص جو یتیم کا بوجھ اٹھاتا ہے جنت میں میں اور وہ اس طرح ہونگے اور یہ فرما کر انگشت شہادت اور درمیان کی انگشت سے آپ نے تبلادیا یعنی جسطرح یہ دونوں انگلیاں پاس پاس ہیں اسی طرح میں اور یتیم کا کفیل پاس پاس ہیں الساعی علی الارملۃ والمسکین کالمجاہد فی سبیل اللہ جو شخص اپاہج لوگ اور مسکین کا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کام کرتا ہے وہ خدا کی راہ میں جہاد کرنیوالے کے برابر ہے من اتبلی من ہذہ البنات بشیٔ فاحسن الیہن کن لہ سدا من النار۔ جو شخص ان لڑکیوں کی طرف سے کچھ مشقت میں مبتلا ہو اور اُن کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے تو وہ اُس کے لئے آگ کی روک ہو جائینگی۔ استوصوا بالنساء فان المراۃ خلقت من ضلع وان اعوج ما فی الضلع اعلاہ فان ذہبت تقیمہ کسرتہ۔ عورتوں کے باب میں وصیت قبول کرو کیونکہ عورت پسلی سے پیدا ہوئی اور پسلی میں زیادہ ترکجی اوپر کے حصہ میں ہے پس اگر تو اُس کا سیدھا کرنا چاہیگا تو اُس کو توڑ ڈالیگا۔ اور بیوی کے حق میں آپ نے فرمایا ہے ان تطعمہا اذا طعمت وتکسوہا اذا اکتسبت ولا تضرب الوجہ ولا تقبح ولا تہجر الا فی البیت کہ تو کھانا کھائے تو اُس کو بھی کھلا اور تو کپڑا پہنے تو اُس کو بھی پہنا اور منہ پر مت مار اور اُس کی صورت بگڑنے کی دعا مت کر اور بجز خوابگاہ کے اُس سے علیحدہ مت ہو اذا دعی الرجل امراتہ الی فراشہ فلم تاتہ فبات غضبان علیہا لعنتہا الملائکۃ حتی تصبح۔ اگر خاوند اپنی بیوی کو اپنے بستر کی طرف بلاوے اور وہ اُس کے پاس نہ آوے اور خاوند اُس پر غصہ کی حالت میں سو رہے تو صبح تک فرشتے اُس پر لعنت کرتے رہتے ہیں لا یحل للمراۃ ان تصوم وزوجہا شاہد الا باذنہ ولا تاذن فی بیتہ الا باذنہ۔ خاوند کی موجودگی میں کسی عورت کو روزہ رکھنا درست نہیں جبتک وہ اجازت نہ دے اور خاوند کی بلا اجازت کسی کو اُس کے گھر میں نہ آنے دے ولو کنت آمرا احدا ان یسجد لاحد لامرت المراۃ ان تسجد لزوجہا۔ اور اگر میں کسی کو کسی کے لئے سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو عورت کو اپنے خاوند کے سجدہ کرنے کے لئے حکم دیتا ایما امراۃ ماتت وزوجہا عنہا راض دخلت الجنۃ۔ جو عورت مرجاوے اور اُس کا خاوند اس سے خوش ہو جنت میں داخل ہوگی دینار انفقتہ فی رقبۃ ودینار انفقتہ علی مسکین ودینار انفقتہ علی اہلک اعظمہا اجرا الذی انفقتہ علی اہلک ایک تو وہ دینار ہے جس کو تو نے خدا کی راہ میں صرف کیا اور ایک وہ دینار ہے جو کسی جان کے چھوڑانے میں صرف کیا اور ایک وہ دینار ہے جو کسی مسکین پر صرف کیا اور ایک وہ دینار ہے جو اپنی بیوی پر صرف کیا اُن سب کے اندر ثواب میں زیادہ وہ ہے جو اپنی بیوی پر تو نے صرف کیا۔ اذا انفق الرجل علی اہلہ نفقۃ یحتسبہا فہو لہ صدقۃ۔ جو شخص طلب ثواب کے قصد سے اپنی بیوی کو نفقہ دے تو وہ اس شخص کے لئے صدقہ ہے مازال جبرئیل یوصینی بالجارحتی ظننت انہ سیورثہ پڑوسی کے باب میں جبرئیل مجکو ہمیشہ وصیت کیا کرتے تھے یہانتک کہ مجھے یہ گمان ہوا کہ وہ عنقریب اُس کو وارث بنا دینگے یا ابا ذر اذا طبخت مرقا فاکثر ماءہا وتعاہد جیرانک۔ اے ابوذر جب تو شوربا پکاوے تو اُس کا پانی بڑھا دیا کر اور پڑوسیوں کو مت بھولا کر من کان یومن باللہ والیوم الآخر فلا یوذ جارہ۔ جو شخص خدا تعالےٰ اور قیامت کے دن پر یقین رکھتا ہے اُس کو چاہئے کہ اپنے پڑوسی کو نہ ستاوے واللہ لا یومن الذی لا یامن جارہ بوائقہ۔ خدا کی قسم جس شخص کا پڑوسی اُس کے ایذاؤں سے امن میں نہیں ہے وہ مومن نہیں ہے اور اللہ پاک نے رحم سے فرمایا ہے الا ترضین ان اصل من وصلک واقطع من قطعک کیا تو اس بات سے خوش نہیں ہے کہ جو تجکو جوڑے میں بھی اُس سے جوڑوں اور جو تجکو قطع کرے میں بھی اُس سے قطع کروں۔ من احب ان یبسط لہ فی رزقہ وینسالہ فی اثرہ فلیصل رحمہ۔ جو اپنے لئے رزق کی فراخی اور عمر کی درازی چاہے تو اُسکو

سنگ میل پبلی کیشنز لاہور کی دیگر مطبوعات و مشہور کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صلہ رحم کرنا چاہیئے من الکبائر عقوق الوالدین۔ ماں باپ کی نافرمانی کبائر میں سے ہے من الکبائر شتم الرجل والدیہ یسب الرجل فیسب اباہ ویسب امہ فیسب امہ۔ آدمی کو اپنے ماں باپ کو گالی دینا کبائر میں سے ہے کسی شخص کے باپ کو کوئی گالی دیتا ہے تو وہ اُس کے باپ کو گالی دیتا ہے اور جب کسی کی ماں کو گالی دیتا ہے تو وہ اُس کی ماں کو گالی دیتا ہے۔ سئل بل یعنی من برالوی شیئ ابرھما بعد موتھما فقال نعم الصلوۃ علیھما والاستغفار لھما وانفاذ عھدھما وصلۃ الرحم التی لاتوصل الا بھما واکرام صدیقھما۔ کسی شخص کے ماں باپ مر گئے تھے اُس نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا میرے ماں باپ کے ملوک میں اب بھی کچھ باقی ہے جو اُن کے مرنے کے بعد اُن کے ساتھ میں کروں تو آپ نے فرمایا ہاں اُنپر رحمت کی خواستگاری اور اُن کے لئے مغفرت طلب کرنا اور اُن کے بعد اُن کے عہد کو پورا کرنا اور اُس قرابت کا جو ماں باپ ہی کے رشتہ سے ہے جوڑنا اور اُن کے دوست کی توقیر کرنا

واین من اجلال اکرام ذی الشیبۃ المسلم وحامل القرآن غیر الغالی فیہ والجافی عنہ واکرام ذی السلطان المقسط۔ خدا تعالےٰ کی تعظیم میں سے بوڑھے مسلمان اور حامل قرآن کے جو قرآن کی تعلیمات کے اندر مبالغہ نہیں کرتا۔ اور نہ نافرمانی کرتا ہے تعظیم اور صاحب سلطنت کی تعظیم ہے جو عادل ہو۔ لیس منا من لم یرحم صغیرنا ومن لم یعرف شرف کبیرنا۔ جو شخص ہمارے چھوٹے پر رحم نہ کرے اور بڑے کی بزرگی نہ جانے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ انزلوا الناس علے منازلھم۔ لوگوں کو اُن کے درجے پر رکھو من عاد مریضا او زارا اخا لہ فی اللہ ناداہ منادطبت وطاب ممشاک وبوأت من الجنۃ منزلا۔ جو شخص مریض کی عیادت کرے یا فی سبیل اللہ اپنے کسی برادر کی ملاقات کو جائے تو خدا تعالےٰ کی طرف ایک ندا کرنے والا اُس کے لئے یہ ندا کرتا ہے تو بھی اچھا ہے اور تیرا چلنا بھی اچھا ہے اور تو نے اپنے لئے جنت میں جگہ بنالی پس یہ احادیث اور جو اُنکی مثل ہیں سب عدالت اور حسن مشارکت پر متنبہ کرتی ہیں۔

مقامات اور احوال کا بیان

معلوم کرو کہ احسان کے لئے بہت سے ثمرات ہیں جو اس کے حاصل ہونے کے بعد حاصل ہوتے ہیں اور انکو مقامات اور احوال کے ساتھ تعبیر کیا جاتا ہے اس باب کے ساتھ جو احادیث متعلق ہیں اُنکی شرح دو مقدمہ ہونگی تمہید پر موقوف ہے پہلا مقدمہ عقل اور قلب اور نفس کے اثبات اور اُنکے حقائق کے بیان میں ہے دوسرا مقدمہ مقامات اور احوال کے پیدا ہونے کی کیفیت کے بیان میں۔

مقدمہ اُولےٰ

معلوم کرو کہ انسان کے اندر تین لطائف ہیں جن کا نام قلب نفس عقل ہے اور نقل و عقل اور تجربہ اور علماء کے اتفاق سے یہ تینوں چیزیں ثابت ہوتی ہیں نقل کا تو بیان یہ ہے کہ قرآن مجید وارد ہوا ہے ان فی ذالک

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لآیت لقوم یعقلون۔ عقلمندوں کے لئے اس میں بلاشبہ نشانیاں ہیں۔ اور اللہ پاک نے اہل نار سے حکایۃ فرمایا ہے لو کنا نسمع او نعقل ما کنا فی اصحاب السعیر۔ اگر ہم سنتے یا عقل رکھتے ہوتے تو اصحاب جہنم میں سے نہ ہوتے اور حدیث شریف میں وارد ہوا ہے اول ما خلق اللہ تعالے العقل فقال لہ اقبل فاقبل و قال لہ ادبر فادبر فقال بلک اوا فذ سب سے پہلے خدا تعالے نے جو پیدا کیا عقل کو پیدا کیا پھر اس سے فرمایا سامنے آ وہ سامنے آئی پھر فرمایا پیچھے لوٹ جا پیچھے ہٹ گئی پھر فرمایا تیرے ہی سبب سے مواخذہ کرونگا، اور آپ نے فرمایا ہے دین المرء عقلہ و من لاعقل لہ لا دین لہ۔ آدمی کا دین اس کی عقل ہے جس کی عقل نہیں اس کا دین نہیں ہے اور فرمایا ہے انلع من رزق لیا جس کو عقل دیگئی ہے اس کو کامیابی ہوئی۔ اگرچہ ان احادیث کے ثبوت میں محدثین کو کلام ہے مگر تاہم ان احادیث کے لئے اسانید ہیں جو بعض بعض کی تائید کرتی ہیں اور قرآن پاک میں وارد ہے واعلموان اللہ یحول بین المرء وقلبہ۔ اور جان لو کہ خدا تعالے آدمی اور اس کے قلب کے مابین حائل ہو جاتا ہے اور وارد ہوا ہے ان فی ذلک لذکری لمن کان لہ قلب او القی السمع وہو شہید۔ اس قرآن میں بلاشبہ نصیحت ہے اس شخص کے لئے جس کا قلب ہو یا کان ڈالے اور وہ حاضر القلب ہو اور حدیث شریف میں وارد ہے الاان فی الجسد مضغۃ اذا صلحت صلح الجسد واذا فسدت فسد الجسد الا وہی القلب۔ خبردار ہو جاؤ کہ بدن کے اندر ایک گوشت کی بوٹی ہے جب وہ درست ہوتی ہے بدن درست رہتا ہے اور جب وہ بگڑ جاتی ہے بدن بگڑ جاتا ہے آگاہ ہو جاؤ کہ وہ قلب ہے اور وارد ہوا ہے مثل القلب کریشۃ فی فلاۃ تقلبہا الریاح ظہرا لبطن۔ دل کی مثال ایک پر کی سی ہے جو میدان میں پڑا ہوا ہے اور ہوائیں اس میدان میں اس کو منقلب یعنی لوٹ پوٹ کرتی رہتی ہیں۔ اور وارد ہوا ہے النفس تمنی وتشتہی والفرج یصدق ذلک او یکذبہ۔ کہ نفس آرزو و خواہش کرتا ہے اور پشابگاہ اس کی تصدیق یا تکذیب کر دیتی ہے۔ اور مواضع استعمال میں تتبع و تلاش کرنے سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ عقل اس چیز کا نام ہے جس سے ان چیزوں کا ادراک کرتے ہیں جو غیر محسوس ہوتی ہیں۔

اور قلب اس چیز کا نام ہے جس سے انسان محبت یا بغض رکھتا ہے یا کسی چیز کو پسند کرتا ہے یا کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے۔

اور نفس اس چیز کا نام ہے جس سے انسان لذائذ یعنی کھانے پینے و جماع کرنے کی خواہش کرتا ہے۔

اور اس بات کا بیان کہ عقل سے بھی ان تین چیزوں کا وجود ثابت ہوتا ہے یہ ہے کہ اپنے موقع پر یہ ثابت ہو چکی ہے کہ انسان کے بدن میں تین عضو رئیس ہیں جن سے وہ قویٰ اور افعال جو انسان کی صورت نوعیہ کے مقتضے ہیں تمام ہوتے ہیں پس قوائے ادراکیہ یعنی تخیل اور توہم اور پھر ان متخیلات اور متوہمات کے اندر تصرف اور بوجہ من الوجوہ مجردات سے حکایت کرنے کا محل دماغ ہے، اور غضب اور جرات اور جود اور بخل اور خوشی اور ناخوشی اور اس قسم کی چیزوں کا محل قلب ہے اور اس چیز کے طلب کرنے کا محل جس کے اوپر یا اس کی جنس کے اوپر بدن کا قوام موقوف ہے جگر ہے، اور اس بات پر دلیل یہ ہے کہ جب ان تین اعضاء میں سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کسی خاص عضو میں کوئی نقصان آجاتا ہے تو ایک خاص قوت میں فتور پیدا ہو جاتا ہے جس سے اُس قوت کا اختصاص اس عضو کے ساتھ ثابت ہوتا ہے پھر ان تین میں سے ہر ایک کا فعل دوسری کی موت کے بغیر تمام نہیں ہوتا۔ دیکھو کہ اگر شلاً بُری بات کی بُرائی اور اچھی بات کی بھلائی کا ادراک اور نفع و ضرر کا توہم نہ ہو تو غصہ کا ہیجان نہیں ہوتا اور نہ کسی چیز کی محبت پیدا ہوتی ہے اور جبتک قلب کے اندر تمانت نہ ہو کسی متصوّر چیز کی تصدیق نہیں ہوتی اور اگر کھانے یا جماع کرنے کی معرفت نہ ہو اور اس کے منافع متوہم نہ ہوں تو طبیعت کو ان چیزوں کی طرف میلان نہیں ہوتا اور اگر اطرافِ بدن میں قلب کا حکم نافذ نہ ہو کر سے تو انسان کو اپنے لذائذ حاصل کرنے کا موقع نہیں ملسکتا اور اگر حواس عقل کی خدمتگزاری نہ کریں تو انسان کو کسی چیز کا ادراک نہیں ہو سکتا کیونکہ نظریات بدیہیات کی اور بدیہیات محسوسات کے فرع ہوتے ہیں، اور جن اعضاء پر قلب اور دماغ کی صحت موقوف ہے اگر ان میں سے ہر ہر عضو کی صحت نہ پائی جائے تو قلب و دماغ کی نہ صحت باقی رہ سکتی ہے اور نہ ہر ایک کا فعل پورے طور پر صادر ہو سکتا ہے۔ مگر ان اعضاء میں سے ہر ایک بمنزلہ ایک بادشاہ کے ہے جو کسی عظیم الشان کام کو مثلاً کسی مستحکم قلعہ کا فتح کرنا چاہتا ہے تو وہ بادشاہ اپنے دوستوں سے لشکروں اور درعوں اور ڈھالوں کی مدد مانگتا ہے مگر قلعہ کے فتح کرنے میں وہ خود ہی مدبر ہوتا ہے اور اُسی کے حکم کی فرمانبرداری کرنی پڑتی ہے اور اُسی کی رائے پر مدار ہوتا ہے اور وہ سب تو خدمتگار ہوتے ہیں جو اُس کی رائے پر چلتے ہیں۔ پھر اب جو حوادث پیدا ہوتے ہیں اُن کی صورت اُن صفات کے مطابق ظاہر ہوتی ہے جو اس بادشاہ میں غالب ہوتے ہیں یعنی اُس کی دلیری اور بزدلی اور سخاوت اور بخل اور عدالت اور ظلم کے اعتبار سے اُن کا ظہور ہوتا ہے پس جس طرح سلاطین اور اُن کی رعایا اور صفات کے اختلاف سے حالات مختلف ہوتے ہیں اگرچہ لشکر اور ہتھیار ایک ہی سے ہوں اسی طرح ان روسائے ثلثہ میں سے ہر رئیس کا حکم بدنِ انسان کی مملکت میں مختلف ہوتا ہے۔

الحاصل جو افعال ان تینوں میں سے ہر ایک سے صادر ہوتے ہیں وہ افعال باہم یا تو قریب قریب یا افراط یا تفریط کی طرف مائل یا ان دونوں کے مابین ہوتے ہیں پس جب ہم ان تینوں صورتوں کو معہ اُن کے افعال متقاربہ اور اُن کے امرجہ کے جو ان افعال کے ہمیشہ خواستگار ہوتے ہیں اعتبار کریں تو اُن کا نام لطائف ثلثہ ہے جن سے بحث کی جاتی ہے خود ان قویٰ کا نام بغیر اُن کے ساتھ کسی چیز کے اعتبار کیے لطائف نہیں ہے۔ قلب کے صفات اور اُس کے افعال یہ ہیں غصہ دلیری محبت بزدلی خوشی ناخوشی قدیمی دوستی کی وفاداری کبھی ایک شخص سے محبت اور کبھی عداوت حسب جا بجود بخل رجاء خوف وغیرہ۔

عقل کے صفات و افعال یہ ہیں۔ یقین شک توہم ہر حادثہ کے لئے اسباب کی تلاش منافع کے حاصل کرنے اور نقصانات کے دفع کرنے کے طریقوں میں فکر کرنا وغیر ذالک۔

اور نفس کے صفات کامنتی لذیذ لذیذ کھانے پینے کی چیزوں کی حرص اور عورتوں کی محبت وغیر ذالک تجربہ سے ان قوائے ثلثہ کا ثبوت یہ ہے کہ جو شخص افرادِ انسانی کے استقراء و تلاش کرے تو لامحالہ اسکو یہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بات معلوم ہوگی کہ لوگ اپنی سرشت کے اعتبار سے ان امور میں مختلف ہوتے ہیں۔ بعض لوگ تو ایسے ہوتے ہیں جن کا قلب نفس کے اوپر حاکم ہوتا ہے اور بعد کے نفوس کو قلب پر غلبہ ہوتا ہے پہلی قسم کے انسان کو جب غصہ آتا ہے یا اُس کے قلب میں کسی بلند درجہ کی خواہش پیدا ہوتی ہے تو اُس کے مقابلہ میں بڑی بڑی لذتوں کو حقیر سمجھتا ہے اور اُن کے چھوڑنے پر صبر کرتا ہے اُن کے چھوڑنے میں وہ شخص اپنے نفس کے ساتھ مجاہدۂ عظیم کرتا ہے اور دوسری قسم کے انسان کو جب کسی لذت کی خواہش ہوتی ہے اُس میں وہ گھس پڑتا ہے اگرچہ اُس جگہ ہزار طرح سے عار ہو۔ اور مناصب عالیہ کی طرف اُس کو رغبت دلائی جائے یا لذت وخواری کا اُس کو خوف دلایا جائے تو اُس کی طرف پرواہ نہیں کرتا اور بسا اوقات غیرت دار آدمی کو اُس کی خواہش کے موافق نکاح کرنے کا موقع پیش آتا ہے اور اس کا نفس اُس کو سخت رغبت دلاتا ہے مگر اُس کے قلب میں غیرت کے سبب سے ایک خیال پیدا ہوتا ہے جس کے سبب سے خواہش نفسانی کی طرف اُس کو توجہ نہیں ہوتی اور چونکہ اُس کی سرشت میں داخل ہی بسا اوقات بھوکا ونگا رہنے پر صبر کرتا ہے لیکن کسی سے سوال نہیں کرتا اور جب کسی حریص آدمی کو خواہش کے موافق جماع کرنے یا کھانے کا موقع ہوتا ہے اور وہ شخص اُس میں اپنا ضرر عظیم جانتا ہے خواہ طب کے اعتبار سے یا حکمت عملیہ کے لحاظ سے یا بعض لوگوں کی خوف کی وجہ سے تو وہ شخص ڈر جاتا ہے اور کانپنے لگتا ہے اور اُس برائی سے بچ جاتا ہے پھر اُس کی خواہش اُس کو اندھا کر کے دیدہ ودانستہ ورطہ ہلاکت میں ڈال دیتی ہے اور بسا اوقات اُسی انسان کو دونوں جہت مخالف کی طرف اپنے نفس کا میلان معلوم ہوتا ہے پھر ان دونوں میں سے ایک داعیہ کو دوسرے میں غلبہ ہو جاتا ہے اور اس طور پر اُس شخص سے ایک قسم کے افعال بار بار صادر ہوتے ہیں یہاں تک کہ وہ شخص خواہش کی تابعداری اور بے احتیاطی یا خواہش کے روکنے اور نفس کو قابو میں رکھنے کے ساتھ ضرب المثل ہو جاتا ہے اور تیسرا شخص ایسا ہوتا ہے جس کی عقل اُس کے نفس پر غالب ہوتی ہے مثلاً وہ آدمی جو پورا ایماندار ہے کہ اُس کی محبت اور بغض اور شہوت اور امر شرعی اور اُن چیزوں کی طرف کہ شرع سے اُن کا جواز بلکہ استحباب معلوم ہوا ہے منقلب ہو جاتی ہے ایسا شخص حکم شرعی سے کبھی روگردانی نہیں چاہتا۔ چوتھا شخص ایسا ہوتا ہے جس پر رسم اور طلب جاہ کا غلبہ ہوتا ہے اور اپنی ذات سے عار کا دور کرنا چاہتا ہے ایسا شخص باوجود غضبناک ہونے اور نہایت دلیر ہونے کے اپنے غصہ کو بچاتا ہے اور اگر اُس کو کوئی برا کہے تو اُس کی تلخی پر صبر کر لیتا ہے اور باوجود قوت جسمانی کے اپنے لذائذ کو ترک کر دیتا ہے تاکہ اُس کے حق میں لوگ ایسی باتیں نہ کہنے لگیں جو اُس کو ناپسند ہیں یا اس لئے کہ رفعت جاہ وغیرہ جو اُس کو مطلوب ہے اُس کو ملجائے پہلا شخص درندوں کی مانند ہے اور دوسرا بہائم کے مانند اور تیسرا ملائکہ کے اور چوتھے شخص کو صاحب مروت وبلند حوصلہ کہتے ہیں۔ پھر استقرار کرنے سے بعض افراد انسان کے ایسے ملتے ہیں کہ اُن کی دو قوتیں معاً غالب ہوتی ہیں اور اُن دونوں کا حال باہم متشابہ رہتا ہے کہ کبھی اُس کو اس پر غلبہ ہوتا ہے اور کبھی اس کو اُس پر پس اگر صاحب بصیرت اُن کے حال کا انضباط چاہے اور جس حال پر وہ ہیں اُس کو بیان کرنا چاہیں تو لامحالہ لطائف ثلثہ کے ثابت کرنے کی ضرورت پڑیگی اور عقلاء

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے اتفاق سے ان تینوں کا وجود اس طرح پر ثابت ہوتا ہے کہ تمام اہل ملت اور اہل ادیان تہذیب نفس ناطقہ کا جنھوں نے اعتبار کیا ہے ان تین چیزوں کے ثابت کرنے یا اُن مقامات اور احوال کے بیان کرنے پر متفق ہیں جو ان تینوں سے متعلق ہے فلاسفہ اپنی حکمت عملیہ میں ان تینوں کا نام نفس ملکی اور نفس سبعی اور نفس بہیمی رکھتے ہیں اور اس نام رکھنے میں ایک طرح کا تسامح ہے کہ عقل کا نام انھوں نے نفس ملکی رکھا ہے کہ اُس کے افراد میں سے افضل ترین فرد کا یہ نام ہے اور قلب کا نام نفس سبعی بانیطور رکھا ہے کہ اُس کے اوصاف میں سے یہ وصف مشہور ہے۔ اور صوفیاے کرام نے ان لطائف کا بیان اور ہر ایک کی تہذیب کا بیان کیا ہے مگر انھوں نے ان تین کے سوا دو لطیفہ اور بھی ثابت کئے ہیں اور ان دونوں کا نہایت اہتمام کیا ہے اور وہ دونوں روح اور سر ہیں اُن کی حقیقت یہ ہے کہ دل کے دو رُخ ہیں ایک رخ کا میلان بدن اور اعضا کی طرف ہے اور ایک رخ کا میلان تجرد محض کی طرف ہے اور اسی طرح عقل کے دو رخ ہیں ایک رخ کا میلان بدن اور حواس کی طرف ہے اور دوسرے کا تجرد محض کی طرف پس جس کا میلان اسفل کی جانب ہے اُس کو قلب و عقل کہتے ہیں اور جس کو جانب فوق سے اتصال ہے اُس کو روح و سر کہتے ہیں قلب کی صفت شوق اور وجد ہے جس سے آدمی بیتاب ہو جاتا ہے اور روح کی صفت اُنس اور انجذاب ہے؛ اور عقل کی صفت اُن چیزوں کے ساتھ یقین کرنا ہے جو معمولی علوم سے قریب الماخذ ہیں جیسے ایمان بالغیب اور توحید افعالی؛ اور سر کی صفت اُن چیزوں کا مشاہدہ کرنا ہے جو علوم معمولی سے برتر اور مجرد صرف ہیں جس کے لئے نہ زمانہ ہے نہ مکان کوئی وصف اور نہ اشارہ حکایت کے طور پر ہے اور چونکہ شرع کا نزول صورت انسان کے میزان پر ہوا ہے خصوصیات فردیہ کے اعتبار سے نہیں ہوا لہذا شرع نے اس تفصیل سے زیادہ بحث نہیں کی اور اُسکے مباحث کو اجمال کے خزانہ میں چھوڑ دیا ہے اور تمام اہل ملل و نحل کے نزدیک بھی اس کے متعلق کچھ کچھ بیان ہے استقرار و تتبع سے متین اور فہیم آدمی اسکو معلوم کر سکتا ہے۔

مقدمہ ثانیہ

معلوم کرو کہ قوی العقل اور قوی الجسم آدمی جس کے مادہ میں اُس کے نوع کے احکام ظاہر ہونے کی پوری اور کامل قابلیت ہوتی ہے وہ شخص افراد انسانی کا طبیعت کے لحاظ سے رئیس اور اُن کے لئے بطور دستور العمل کے ہوتا ہے جس سے تمام افراد کا اعلیٰ درجے کے حد سے قرب و بعد اُس شخص کے اعتبار سے معلوم ہو سکتا ہے شخص وہ ہو سکتا ہے جس کی عقل قلب پر غالب ہو؛ اور اُس کا قلب قوی اور اُس کے قوائے پورے پورے ہوں؛ اور اُس کا قلب نفس پر غالب ہو اور بالجملہ نفس بھی اُس کا شدید ہو اور اُس کی خواہشیں بکثرت ہوں ایسے شخص کے اخلاق تامہ ہوتے ہیں اور فطرت قوی ہوتی ہے؛ اور اُس سے نیچے بہت سی مختلف قسمیں ہیں۔ تامل صحیح سے جس کا ظہور ہو سکتا ہے؛ اور جانوروں میں بھی یہ قوائے نمٹنہ پائے جاتے ہیں مگر انکی عقل قلب

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور نفس کے نیچے نہایت درجہ مغلوب ہوتی ہے اس لئے وہ مکلف ہونے کی قابلیت نہیں رکھتی اور نہ ملحق بہ ملاء اعلےٰ ہو سکتے ہیں چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے ولقد کرمنا بنی آدم وحملنا ہم فی البر والبحر ورزقنا ہم من الطیبات و فضلنا ہم علےٰ کثیر ممن خلقنا تفضیلا۔ البتہ ہم نے آدمیوں کو بزرگی دی اور خشکی و دریا میں اُن کو سوار کیا ہم نے اور پاک چیزیں ہم نے اُن کو دیں رزق اور اکثر اپنی مخلوق پر ہم نے اُن کو فضیلت دی فضیلت دینا اور یہ قوی العقل وقوی الجسم آدمی الرائس کی عقل اُن عقائد حقہ کے تابع ہے جو خدا تعالےٰ کے صادق بندوں سے ماخوذ ہیں جنہوں نے اُن عقائد کو ملاء اعلےٰ سے ماخوذ کیا ہے صلوات اللہ علیہم تو وہ فی الحقیقت مومن صادق ہے اور اگر اُس کے ساتھ ملاء اعلےٰ سے بھی تعلق ہے اُس کے سبب سے بالواسطہ ملاء اعلےٰ سے فیضان ہوتا ہے تو اُس شخص میں نبوت کا ایک شعبہ اور اُس کی میراث ہے، چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الرویا الصالحۃ جزء من ستۃ وار بعین جزء من النبوۃ اچھی خواب نبوت کے چھیالیس حصوں میں سے ایک حصہ ہے اور اگر اُس کی عقل عقائد باطلہ کے جو مضلین ومبطلین سے ماخوذ ہیں تابع ہے تو وہ شخص ملحد وگمراہ ہے اور اگر اُس کی عقل اپنی قوم کی رسوم اور ان چیزوں کے تابع ہے جو اُس کو تجربہ اور حکمت عملیہ سے معلوم ہوئے ہیں تو وہ شخص ذہن کا جاہل ہے اور جب انسان کے افراد مختلف تھے تو حکمت الٰہی میں ضروری ہوا کہ تمام مخلوق میں سے جو شخص زیادہ تر ذکی اور قوی العقل والجسم اور ملاء اعلےٰ کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے اُس پر کوئی کتاب نازل کی جائے اور پھر لوگوں کی سمجھ اسکی طرف مائل کی جائیں تاکہ اُس کے احکام مشہور ہو جاویں تاکہ جو ہلاک ہو تو حجت سے ہلاک ہو، اور یہ بات ضروری ہوئی کہ وہ نبی صلعم ان لوگوں کے لئے احسان کے طرق ومقامات جو اُس کے لئے بمنزلہ ثمرات کے ہیں پورے طور پر بیان کرے الحاصل جب آدمی خدا تعالےٰ کی کتاب اور ما جاء بہ النبی پر ایسا ایمان لاتا ہے جس سے اُس کے تمام قوی قلبیہ ونفسیہ خدا اور رسول کے تابع ہو جاتے ہیں پھر وہ شخص پورے طور پر عبادت میں مشغول ہوتا ہے اور زبان سے ذکر اور دل سے فکر کرتا ہے اور اعضا کو ادب دیتا رہتا ہے، اور ایک مدت دراز تک اُس کی مداومت کرتا ہے تو ان لطائف ثلثہ میں ہر ایک اس عبادت سے حصہ لیتا ہے اور اس شخص کا حال ایک خشک درخت کا سا ہوتا ہے جس کو بکثرت پانی دیا جائے اور اُس کی شاخ شاخ وتنہ تنہ میں تازگی وتری پہنچ جاوے اور اُس پر پھل وپھول آنے لگیں اسی طرح عبودیت کا اثر ان لطائف ثلثہ میں پہونچکر صفات سبعہ رذیلہ کو دور کر کے صفات ملکیہ فاضلہ پیدا کرتا ہے پھر یہ صفات اگر ملکات راسخہ ہوں جن سے ایک طور یا اطوار متقاربہ سے دوامی طور پر افعال کا صدور ہو تب تو وہ مقامات ہیں، اور اگر وہ صفات ایسے ہیں کہ مثل بجلی کے کبھی ظاہر ہو جاتے ہیں کبھی پوشیدہ ہو جاتے ہیں یعنی دور ہو جاتے ہیں اور نہ ان کو قرار نہیں ہے یا وہ صفات اس قسم کے امور ہیں جنکی شان سے قرار نہیں ہے جیسے رویا اور مواقف اور مغلوب الحال ہونا تو اُن کو احوال واوقات کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں اور چونکہ طبیعت بشری کے ہیجان کی حالت میں عقل کا مقتضےٰ اُن امور کی تصدیق کرنا ہے جو طبیعت بشریہ کے مناسب عقل کو پیش آتے ہیں لہذا عقل کا مقتضےٰ تہذیب کے بعد ان چیزوں کا یقین کرنا ہے جو شرع کے اندر وارد ہیں گویا کہ انکا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معائنہ کرتا ہے جیسے کہ زید بن حارثہ نے بیان کیا ہے جب آنحضرت صلعم نے اُن سے فرمایا کہ ہر حق کی حقیقت ہے پس تیرے ایمان کی حقیقت کیا ہے اُنہوں نے عرض کیا گویا کہ میں خدا تعالےٰ کے عرش کو سامنے دیکھتا ہوں اور اور چونکہ عقل کا مقتضیٰ نعمت اور عذاب کے اسباب کا معلوم کرنا ہے لہذا اُس کا مقتضیٰ تہذیب کے بعد توکل اور شکر اور رضامندی اور توحید ہے اور چونکہ قلب کا مقتضیٰ اصل طبیعت کے اعتبار سے اپنے منعم اور مربی کے ساتھ محبت اور اپنے دشمن کے ساتھ بغض اور ایذا پہونچانیوالی چیزوں سے خوف اور نفع پہونچانیوالی چیزوں کی امید رکھنا ہے لہذا بعد تہذیب کے اُس کا مقتضیٰ خدا تعالےٰ سے محبت اور اُس کے عذاب سے خوف اور ثواب کی امید ہے اور چونکہ نفس کا مقتضیٰ ہیجان طبیعت کے بعد لذائذ اور آرام میں مستغرق ہو جانا ہے لہذا تہذیب کے بعد اسکی صفت توبہ اور زہد اور مجاہدہ ہے ۔ اور یہ کلام ہم نے بطور مثال کے بیان کیا ہے اور مقامات اس کے اندر منحصر نہیں لہذا غیر مذکور کو مذکور پر اور احوال کو مثل سکر اور غلبہ اور مدت مدیدہ تک خورد و نوش سے اعراض رکھنا اور خواب اور ہاتف کو مقامات پر قیاس کر لینا چاہیئے ۔ اور جب ہم اُن امور سے فارغ ہو گئے جن پر اس باب کے احادیث کا شرح کرنا موقوف ہے تو اب ہم یہاں سے اصل مقصود شروع کرتے ہیں ہم کہتے ہیں کہ جسقدر مقامات اور احوال عقل کے ساتھ متعلق ہوتے ہیں اُن سب کی اصل یقین ہے اور یقین سے توحید اور اخلاص اور توکل اور شکر اور انس اور ہیبت اور تفرید اور صدیقیت اور محدثیت وغیر ذلک پیدا ہوتے ہیں جن کا شمار کرنا یا طول ہے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں الیقین الایمان کلہ ۔ یقین بالکل ایمان ہے اور ایک روایت میں یہ حدیث آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف مرفوع کی گئی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا دائما فی من الیقین مانھوں بہ ائینا مصائب الدنیا ۔ اور ہم کو وہ یقین نصیب کر جس کے سبب سے تو دنیا کے مصائب ہم پر آسان کر دے میں کہتا ہوں یقین کے معنی یہ ہیں کہ جو امور شرع کے اندر وارد ہوئے ہیں جیسے قدر و معاد کا مسئلہ وغیرہ اُس کے ساتھ مومن کو ایمان ہو اور اُس کا ایمان اُس کی عقل پر غالب ہو جاوے حتیٰ کہ اُس کی عقل ایمان سے لبریز ہو جائے اور پھر عقل سے اُس کے قلب اور نفس پر اُس یقین کا تشعشع ہو جس کے سبب سے وہ یقینی چیز معائن اور محسوس کے برابر معلوم ہونے لگے اور یقین کے ایمان ہونے کی وجہ یہ ہے کہ عقل کے مہذب کرنے میں یقین کو پورا پورا دخل ہے ۔ اور قلب اور نفس کی تہذیب کا سبب عقل کی تہذیب ہے اور اُس کی وجہ یہ ہے کہ جب قلب پر یقین کا غلبہ ہوتا ہے ۔ تو اُس سے بہت سے شعبے پیدا ہو جاتے ہیں اور وہ شخص اُن چیزوں سے خوف نہیں کرتا جن چیزوں سے عادت کے طور پر لوگ ڈرتے ہیں کیونکہ یہ شخص اس بات کو جان لیتا ہے کہ جو مصیبت اُس کو پہونچتی ہے وہ اُس سے بچنے والی نہ تھی اور جو چیز اُس سے دور ہو جاتی ہے وہ پہونچنے والی نہ تھی اور اُس شخص کو ان چیزوں کے ملنے کا اطمینان ہو جاتا ہے جن کا آخرت میں وعدہ کیا گیا ہے اس لئے دنیا کے مصائب اُس پر آسان ہو جاتے ہیں اور اسباب متکثرہ کو وہ شخص حقیر جانتا ہے اس لئے کہ اُس کو قدرت واجبی کے عالم میں باختیار و ارادہ موثر ہونے اور اس بات کا کہ یہ اسباب عادیہ ہیں یقین ہوتا ہے اس سبب سے اس شخص کی کوشش اُن امور کے حاصل کرنے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں ضعیف ہوجاتی ہے جن کے حاصل کرنے میں لوگ بے انتہا کوشش کرتے ہیں اور اپنی جان لڑا دیتے ہیں اس لئے اُس شخص کی نظر میں سونا و پتھر برابر معلوم ہونے لگتا ہے بہرتقدیر جب یقین کامل اور قوی اور پائدار ہوجاتا ہے حتی کہ کوئی چیز اُس کو نہیں بدل سکتی نہ فقر و غنا نہ عزت نہ ذلت تو اس سے بہت سے شعبہ پیدا ہوجاتے ہیں جن میں سے ایک شکر ہے شکر کے معنی یہ ہیں کہ اس شخص کے اوپر جس قدر ظاہری و باطنی انعامات ہیں سب کو خدا تعالےٰ کی طرف فائز سمجھے پس ہر نعمت کے مقابل میں ایک محبت جداگانہ اپنے پیدا کرنے والے کیساتھ اُس کو پیدا ہوتی ہے اور جب وہ اُس کا شکر ادا کرنے سے اپنے آپ کو عاجز دیکھتا ہے تو اُس کا دل ٹوٹ جاتا ہے اور وہ بھٹکتا پھرتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اول من یدعی الی الجنۃ الحامدون الذی یحمدون اللہ تعالےٰ فی السراء والضراء۔ سب سے پہلے جنت میں حمد کرنے والے بلائے جائینگے جو خدا تعالےٰ کی خوشی و تکلیف میں حمد کرتے ہیں۔ میں کہتا ہوں اُس کا سبب یہ ہے کہ خدا تعالےٰ کی حمد کرنا عقل و قلب کی خدا تعالےٰ کے یقین کے ساتھ نیازمندی و فرمانبرداری کی دلیل ہے اور اس لئے کہ نعمتوں کے معلوم کرنے اور خدا تعالےٰ کی طرف سے اُن کا فیضان معلوم کرنے سے عالم مثال میں اُن کے اندر ایک قوت موثرہ پیدا ہوجاتی ہے جس کا اثر قوائے مثالیہ اور اشکال اُخروی پر پڑتا ہے اور ان نعمتوں کی تفصیل اور اُن کا فیضان منعم حقیقی جل مجدہٗ سے معلوم کرنا جو دالٰہی کے دروازہ کو حرکت دینے میں دعائے مستجاب سے کم درجہ نہیں رکھتا۔ اور کامل شکر جب ہوتا ہے کہ جب آدمی کو خدا تعالےٰ کے اُس عجیب برتاؤ پر تنبہ ہوتا ہے جو اُس کے ساتھ گذشتہ عمر میں کیا گیا ہے۔ جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب وہ اپنے اخیر حج سے واپس ہوئے تو انہوں نے یہ پڑھا الحمد للہ والذی لا الہ الا ھو اعطی من شاء ما یشاء۔ اور فرمایا میں اس جنگل یعنی ضجنان میں خطاب کا اونٹ چرایا کرتا تھا اور وہ بڑا سنگدل اور سخت آدمی تھا اگر میں کام کرتا تو مجھکو تھکا کر پشت کر دیتا تھا اور اگر میں کام میں کوتاہی کرتا تو مجھے مارتا تھا، اب میں صبح و شام ایسی حالت میں رہتا ہوں کہ میرے اور خدا تعالےٰ کے مابین کوئی شخص ایسا نہیں ہے کہ جسکا مجھے خوف ہو۔ اور از انجملہ توکل ہے توکل کے معنی یہ ہیں کہ اُس شخص پر یقین کا غلبہ ہو جس کے سبب سے اسباب کی طرف سے منافع کے حاصل کرنے اور نقصانات کے دور کرنے میں اُس کی کوشش سست ہوجائے مگر وہ شخص کسب کے اُن طریقوں پر چلتا ہے جو خدا تعالےٰ نے اپنے بندوں کے لئے مقرر کئے ہیں لیکن وہ انپر اعتماد نہیں رکھتا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یدخل الجنۃ من امتی سبعون الفا بغیر حساب ھم الذین لا یسترقون ولا یتطیرون ولا یکتوون وعلی ربھم یتوکلون۔ میری اُمت سے ستر ہزار بلا حساب جنت میں داخل ہونگے یہ وہ لوگ ہونگے جو نہ منتر کرواتے ہیں اور نہ بدفال نکلواتے ہیں اور نہ داغ لگواتے ہیں؛ اور پروردگار ہی پر بھروسہ کرتے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن کے یہ اوصاف اس لئے بیان فرمائے ہیں تاکہ معلوم ہوجائے کہ توکل کا سبب ان اسباب کا چھوڑنا ہوتا ہے جن سے شارع نے منع فرمائی ہے نہ اُن اسباب کا چھوڑنا جن کو خدا تعالےٰ نے اپنے بندوں کے لئے مقرر فرمایا ہے۔ اور یہ لوگ بلا حساب جنت میں اسلئے

سب سے بڑی اسلامی لائبریری

www.KitaboSunnat.com

داخل ہونگے کہ جب ان کے دلوں میں توکل کے معنی ثابت ہو گئے تو اس کے سبب سے اُن کے دلو میں ایسے معنی پیدا ہوے جن کے باعث سے اُن اعمال کی بسبیت جو اُن کے نفوس کو ایذا رسانی کرتے رہتے ہیں اُن سے دور ہو جاتی ہے کیونکہ اُن کو اس بات کا یقین ہو جاتا ہے کہ بجز قدرت واہبی کے تمام جہان میں کوئی موثر نہیں ہے اور ازانجملہ ہیبت ہے اور اُس کے یہ معنی ہیں کہ آدمی کو خدا تعالےٰ کے جلال اور اُس کی عظمت کا یقین ہو جس کے سبب سے خدا تعالےٰ کے سامنے وہ شخص گھبراتا ہے جیسا کہ ایک مرتبہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایک درخت پر ایک پرند جانور کو دیکھا تو فرمانے لگے خوشنودی ہو تیرے لئے خدا کی قسم میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ میں تجھ سا ہوتا تو درخت پر بیٹھتا اور اس کا پھل کھا کر اڑ جاتا اور پھر نہ تجھ سے حساب ہے اور نہ تجھکو عذاب ہے خدا کی قسم میں اس بات سے خوش ہوں کہ میں کسی سڑک پر ایک درخت ہوتا اور کسی اونٹ کا مجھ پر گذر ہوتا اور وہ مجھکو اپنے منہ میں رکھ لیتا اور چبا کر نگل جاتا۔ پھر مینگنی کر کے پیٹ کے راستے سے نکال دیتا اور میں بشر نہ ہوتا اور ازانجملہ حسن ظن ہے صوفیہ کے اصطلاح میں اُس کو اُنس کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں یہ اُنس خدا تعالےٰ کے انعامات و الطاف میں غور کرنے سے پیدا ہوتا ہے جس طرح ہیبت خدا تعالےٰ کے انتقامات اور حکومت میں غور کرنے سے پیدا ہوتی ہے اور مومن اپنی نظر اعتقادی کے اعتبار سے خوف و امید کا جامع ہوتا ہے لیکن اُس کے حال اور مقام کے اعتبار سے کبھی اوقات اُس پر ہیبت کا غلبہ ہوتا ہے اور کبھی اوقات حسن ظن کا اُس پر غلبہ ہوتا ہے جیسے کوئی شخص کسی عمیق کنویں کے کنارے پر کھڑا ہوتا ہے تو اُس کا بدن تھرانے لگتا ہے اگرچہ اُس کی عقل خوف کی مقتضی نہیں ہے جیسا کہ خوشگوار نعمتوں کو نفس کا یاد کرنا انسان کو خوش کرتا ہے گو کہ اُسکی عقل اُس کے مقتضی نہیں لیکن ان دونوں حالتوں میں نفس کے اندر خوف و فرح سرایت کر جاتی ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے حسن الظن باللہ من حسن العبادۃ۔ خدا تعالےٰ کے ساتھ حسن ظن حسن عبادت سے ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اپنے پروردگار تبارک و تعالےٰ حکایۃً فرماتے ہیں انا عند ظن عبدی بی میرے بندے کو جیسا میرے ساتھ اُس کو گمان ہے میں اُس کے گمان کے ساتھ ہوں میرے نزدیک اُس کی یہ وجہ ہے کہ حسن ظن اُس کے نفس کو اس بات کا مستعد کر دیتا ہے کہ اُس کے پیدا کرنے والے کی طرف سے الطاف کا فیضان ہو۔ اور ازانجملہ ایک تفرید ہے تفرید کے معنی یہ ہیں کہ اُس کے قوا سے اور ایک پر ذکر کا ایسا غلبہ ہو کہ گویا خدا تعالےٰ کو ظاہر میں دیکھتا ہے پھر اس سبب سے نفس کی تمام باتیں مضمحل ہو جاتی ہیں اور اُن کی بھڑک بجھ جاتی ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سیر وا سبق المفردون ہم الذین وضع عنہم الذکر اثقالہم۔ چلو تم سبقت کر گئے مفرد لوگ ہیں جنسے ذکر نے اُن کے بوجھوں کو اُٹھا دیا۔

میں کہتا ہوں جبکہ اُن کے عقول ذکر کے نور سے منور ہو جاتی ہیں اور اُن کے نفوس میں اطلاع الی الجبروت صورت منقش ہو جاتی ہے تو قوت بہیمی دبجاتی ہے اور اُس کا جوش گل ہو جاتا ہے اور اُس کا ثقل جاتا رہتا ہے اور ازانجملہ اخلاص ہے اور وہ اس بات سے عبارت ہے کہ بسبب قربت ہونے اُس کے نفس کی حق تعالےٰ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ساتھ اُس کی عقل میں خدا تعالےٰ کی عبادت کا نفع متمثل ہو جاتا ہے چنانچہ اللہ پاک نے ارشاد فرمایا ہے ان رحمۃ اللہ قریب من المحسنین۔ کہ بلاشک خدا تعالےٰ کی رحمت محسنین کے قریب ہے۔ بالسبب تصدیق کے کہ خدا تعالےٰ نے اپنے رسولوں کی زبان پر آخرت کے ثواب کا وعدہ کیا ہے پس بواسطہ ایک امر عظیم کے اُس سے اعمال پیدا ہوتے ہیں کہ اُس میں ریاء و سمعہ کو دخل نہیں ہوتا اور نہ موافقت عادت کو اور یہ حال تمام اعمال میں سرایت کر جاتا ہے، حتیٰ کہ اعمال مباح عادیہ بھی بغیر اس حال کے نہیں صادر ہوتے ہیں خدا تعالےٰ فرماتا ہے وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ اور وہ اسی بات کے لئے مامور ہیں کہ دین کو اخلاص کے ساتھ اللہ تعالےٰ کی عبادت کریں۔ اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے انما الاعمال بالنیات کہ اعمال نیتوں کے ساتھ ہیں اور ان بجملہ توحید ہے اور اس کے تین درجے ہیں پہلا اُن میں کا توحید عبادت ہے اس کا نتیجہ یہ ہے کہ شیاطین کی پرستش نہ کرے اور اُن کی عبادت کرنے سے وہ اتنا بیزار ہو جیسا کہ وہ آگ میں جانے سے بیزار ہے۔ اور دوسرا درجہ ہے کہ نہ قوت دیکھے اور نہ طاقت نیکی کی مگر خدا تعالےٰ کی طرف سے، اور یقین کرے اس بات کو کہ بلاواسطہ کائنات میں بجز قدرت وجوبیہ کے کوئی موثر نہیں اور جان لے اس بات کو کہ نسبت ان مسببات کے اسباب عادیہ کی طرف مجازاً ہے اور اس بات کا یقین کرے کہ مخلوق کے ارادہ پر اُس کا حکم غالب ہے۔ اور تیسرے توحید اس بات کی کہ خدا تعالےٰ مخلوقات میں سے کسی کے مشکل نہیں ہے اور نہ اُس کے اوصاف مثل اوصاف مخلوق کے جانے اور ان باتوں کا سننا اُس کے لئے بمنزلہ مشاہدہ کے ہو جائے اور اُس کا قلب خود مطمئن ہو جائے کہ اُس کا مثل نہیں اور اُس کے متعلق شرع کے اخبار کو خدا تعالےٰ کی طرف سے بطور سند کے معلوم کرے جو اُسی کے ذات سے پیدا ہوتے ہیں اور اسی کی ذات سے اُن کا قیام ہے۔ اور ان بجملہ صدیقیت و محدثیت ہے اور ان کی حقیقت یوں ہے کہ امت میں سے ایک شخص ایسا ہوتا ہے کہ وہ اپنی فطرت ذاتی کے اعتبار سے انبیاء کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے جیسے کہ شاگرد فطین کو شیخ محقق کے ساتھ نسبت ہوتی ہے پھر اگر اس شخص کو قوائے عقلیہ کے اعتبار سے تشبیہ ہو تو وہ صدیق یا محدث ہے اور اگر اُس کو مشابہت قوائے عملیہ کے اعتبار سے ہے تو وہ شہید اور حواری ہے، اور قرآن مجید میں نہیں دونوں گروہوں کی طرف اشارہ ہے والذین آمنوا باللہ ورسلہ اولئک ہم الصدیقون والشہداء۔ اور جو لوگ خدا تعالےٰ اور اُس کے رسولوں پر ایمان لائے وہی تو صدیقین اور شہداء ہیں اور صدیق و محدث میں یہ فرق ہے کہ صدیق کا نفس نبی کے نفس سے قریبۃ الاخذ ہوتا ہے جیسے گندک کو آگ کے ساتھ نسبت قریبہ ہے، پھر جب وہ شخص آپ سے کوئی خبر سنتا ہے تو اُس کے نفس میں اس بات کے بے انتہا وقعت ہوتی ہے اور اُس کو دلی شہادت سے قبول کر لیتا ہے یہانتک کہ گویا اُس کا علم اُس کے نفس میں بغیر تقلید کے حاصل ہوا ہے اور اسی معنی کی طرف اشارہ ہے ہمیں جو وارد ہوا ہے کہ جب حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ پر وحی لاتے تھے تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اُس کی آواز کی بھن بھناہٹ سنتے تھے اور صدیقؓ کے دل میں لامحالہ رسول کی محبت اُس درجہ پیدا ہوتی ہے کہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زیادہ سے زیادہ درجہ ہے پس وہ شخص اپنے جان و مال کے ساتھ غمخواری کرنے اور ہر حال میں اُسکے ساتھ موافقت کرنیمیں رہتا ہے یہانتک کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اُسکے حال سے خبر دیتے ہیں اس بات کی کہ اپنے مال اور محبت میں وہ شخص سب سے زیادہ احسان کرنیوالا ہے اور حتے کہ نبی صلعم نے اُسکے لئے گواہی دی تھی کہ اگر آدمیوں میں میں کسی کو خلیل پکڑتا تو صدیق اُس کا اہل تھا اور اُس کی یہ وجہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے نفس کی طرف سے صدیق کے نفس کی طرف انوارِ وحی کا ورود پے در پے ہوتا تھا پھر جبکہ تاثیر و تاثر اور فعل اور انفعال مکرر ہوتا ہے اس لئے اُس کو فنا اور فنا کا رتبہ حاصل ہوتا ہے اور جب کہ اُس کا کمال جو اُس کا غایت مقصود ہے آپ کی صحبت میں رہنے اور آپ کے کلام کے سُننے سے حاصل ہوتا ہے اس لئے وہ شخص بہ نسبت اور صحابہؓ کے آپ کی خدمت بابرکت میں زیادہ رہتا ہے۔ اور صدیق کی یہ علامت ہے کہ بہ نسبت اوروں کے خواب کی تعبیر میں اُس کو زیادہ مناسبت ہو کہ اُس کی سرشت میں یہ بات داخل ہوتی ہے کہ اول سبب سے امور غیبیہ کا اُسپر القا ہوتا ہے اور اسی سبب سے آنحضرت صلعم اکثر واقعات میں حضرت صدیقؓ سے بتعبیر دریافت فرماتے تھے اور منجملہ علامات صدیق کے یہ بھی ہے کہ سب سے پہلے ایمان لانے والا وہی ہو اور بغیر معجزہ دیکھے ایمان لائے اور محدث کے نفس کو علم کے بعض معاون پر جو ملکوت کے اندر پائے جاتے ہیں بہت جلد رسائی ہو جاتی ہے اور وہاں سے وہ شخص اُن چیزوں کے علوم کو اخذ کر لیتا ہے جن کو خدا تعالےٰ نے وہاں نبی صلعم کی شریعت مقرر کرنے اور نظام بنی آدم کے لئے مقرر کیا ہے، اگرچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر ہنوز اُن علوم کے متعلق وحی نہیں نازل ہوتی جیسے کوئی شخص اپنی خواب میں بہت سے اُن حوادث کا معائنہ کرتا ہے کہ ملکوت میں جن کے پیدا کرنے کا ارادہ کر لیا گیا ہے اور محدث کا خاصہ ہوتا ہے کہ بہت سے حوادث میں قرآن اُس کی رائے کے مطابق نازل ہوتا ہے، اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اپنی خواب میں اس قسم کا معائنہ کرتے ہیں کہ اپنی سیر ہونے کے بعد آپ نے اُسے دودھ دیا ہے۔ اور صدیق سب لوگوں سے زیادہ خلافت کی قابلیت رکھتا ہے کیونکہ صدیق کا نفس اس عنایت الٰہی کا جو نبی کے ساتھ متعلق ہوتی ہے اور اُس کی نصرت اور تائید کا آشیانہ ہوتا ہے حتے کہ وہ شخص اس درجہ کو پہونچ جاتا ہے کہ نبی کی روح گویا اُس شخص کی زبان سے ناطق ہوتی ہے چنانچہ حضرت عمرؓ نے جب لوگوں کو حضرت ابوبکر صدیقؓ کی بیعت کے لئے بُلایا تو یہ کہا کہ اگر محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہو گیا ہے اور خدا تعالےٰ نے تم لوگوں میں ایسا نور موجود کر دیا ہے جس سے تم رہبری حاصل کر سکتے ہو۔ خدا تعالےٰ نے محمد صلعم کو ہدایت کی اور ابوبکرؓ اُنکے صاحب اور ثانی اثنین ہیں اور سب لوگوں سے زیادہ اس بات کے قابل ہیں کہ تمہارے امور کے مالک ہوں لہذا اُن سے بیعت کرو صدیق کے بعد سب لوگوں سے زیادہ محدث خلافت کے قابل ہوتا ہے اسی لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اقتدوا بالذین من بعدی ابی بکر و عمر۔ ان دو شخصوں کی جو میرے بعد ہیں پیروی کرو ابوبکرؓ و عمرؓ۔ اور اللہ پاک فرماتا ہے والذی جاء بالصدق و صدق بہ اولئک ہم المتقون۔ اور جو شخص سچ کو لایا اور اُس کی تصدیق کی یہی لوگ ہیں متقی۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لقد کان فیما قبلکم محدثون

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فان یکن فی امتی احد فعمر۔ تم میں سے پہلے محدث لوگ ہوا کرتے تھے پس میری امت میں اگر کوئی ہے تو عمر ہی عقل کے ساتھ جو حالات متعلق ہیں انا نجلا اُنکے ایک تجلی ہے سہل فرماتے ہیں تجلی تین قسم کی ہوتی ہے تجلی ذات اور وہ مکاشفہ ہے۔ اور تجلی صفات الذات اور وہ نور کے مواضع ہیں۔ اور تجلی حکم الذات اور وہ آخرت اور اسکی چیزیں ہیں مکاشفہ کے معنی غلبہ یقین کے ہیں جس کی وجہ سے اُس کی یہ حالت ہوجائے کہ گویا خدا تعالےٰ کو دیکھتا ہے اور ماسوائے سے اُسکو غفلت ہوجائے جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے الاحسان ان تعبد اللہ کانک تراہ۔ مگر آنکھوں سے مشاہدہ آخرت ہی میں ہوگا دنیا میں نہیں ممکن ہے۔ اور یہ جو اُنہوں نے فرمایا ہے کہ صفات الذات کی تجلی اسمیں دو احتمال ہیں ایک تو یہ کہ بندہ خدا تعالےٰ کے اُن افعال میں فکر کرے جو مخلوقات میں پائے جاتے ہوں اور اسکے صفات کو پیش نظر کرے اُس کی وجہ سے قدرت الٰہی کا یقین اُس پر غالب ہوجاتا ہے اور اسباب سے اُسکو غیبت ہوجاتی ہے اور خوف اور تسبب کی صفت اُس سے ساقط ہوجاتی ہے اور خدا تعالےٰ کا علم جو اُسکے ساتھ محیط ہے اُسکا یقین اُس شخص پر غالب ہوجاتا ہے جسکے سبب سے یہ شخص نہایت خضوع کی حالت میں مدہوش اور مرعوب رہتا ہے جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے فان لم تکن تراہ فانہ یراک۔ اور یہ انوار کے مواضع ہیں یا یہ معنی کہ نفس اس حال میں انوار متعددہ کے ساتھ منور ہوتا ہے اور ایک مراقبہ سے دوسرے مراقبہ کی طرف اُس کو انقلاب رہتا ہے۔ بخلاف تجلی ذات کے کہ وہاں پر نہ تعدد ہے نہ تغیر۔ اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ صفت ذات کا اس طرح معائنہ کرے کہ بلا وساطت اسباب خارجیہ کے صرف امر کن سے ذات واجبی سے تمام چیزیں اور تمام افعال اور تمام مخلوقات پیدا ہوتی ہیں اور مواضع تو اُن اشباہ مثالیہ نوریہ کا نام ہے جو عارف کو دنیا سے وقت غیبت حواس کے ظاہر ہوتے ہیں اور تجلی آخرت کے یہ معنی ہیں کہ دنیا و آخرت میں جزا و سزا کا بصیرت قلبی سے معاینہ کرے اور ان چیزوں کا ادراک اُسکے نفس کے اندر اس طرح پیدا ہو کہ جس طرح بھوکے کو بھوک کی اور پیاسے کو پیاس کی تکلیف کا ادراک ہوتا ہے اول کی مثال یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما طواف کر رہے تھے اُس حالت میں ایک شخص نے اُنسے سلام علیک کی تو آپ نے اُسکے سلام کا جواب نہ دیا۔ اُس شخص نے اُن کے بعض احباب سے شکایت کی حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا ہم اُس جگہ خدا تعالےٰ کا معائنہ کر رہے تھے۔ اور یہ حالت ایک قسم کی غیبت اور ایک قسم کی فنا ہے کیونکہ لطائف ستہ میں سے ہر لطیفہ کے لئے ایک غیبت و فنا ہوتی ہے عقل کی غیبت اور اُس کی فنا خدا تعالےٰ کے کیساتھ مشغول ہونے کے سبب سے تمام چیزوں کی معرفت کا ساقط ہوجانا ہے اور قلب کی غیبت اور فنا غیر کی محبت اور غیر سے خوف کا ساقط ہوجانا ہے اور نفس کی غیبت اور فنا شہوات نفسانیہ کا ساقط ہوجانا اور لذات کے حاصل کرنے سے اُس کا باز رہنا۔ اور دوسرے کی مثال وہ ہے جو حضرت صدیق اور اور جلیل القدر صحابہؓ نے فرمایا ہے الطبیب امرضنی۔ طبیب ہی نے تو مجکو بیمار کیا ہے۔ اور تیسرے کی مثال یہ ہے کہ ایک انصاری صحابی نے ایک سائبان کا معائنہ کیا جسمیں مشعلوں کی صورتیں دکھائی دیتی تھیں۔ اور ایک یہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے وہ شخص آپ کی خدمت میں سے اُٹھکر شب تاریک میں چلے اور اُن کے آگے آگے دو مشعلوں کی طور پر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معلوم ہوتی تھیں پھر جب وہ علٰحدہ ہوئے تو ہر ایک کے ساتھ ایک ایک مشعل ہو گئی حتی کہ اسکے ساتھ ہر ایک اپنے گھر آگیا۔ اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ نجاشی کی قبر کے پاس روشنی معلوم ہوا کرتی تھی۔ اور چوتھے کی مثال یہ ہے کہ ایکمرتبہ حنظلہ اسیدی نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا تذکرنا بالنار والجنۃ۔ حنظلہ بیج اسیدی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت ابو بکرؓ مجکو ملے انہوں نے فرمایا اے حنظلہ کیا حال ہے میں نے کہا کہ حنظلہ تو منافق ہو گیا انہوں نے فرمایا سبحان اللہ تم کیا کہتے ہو۔ میں نے عرض کیا کہ ہم جب رسول خدا صلعم کے پاس ہوتے ہیں۔ تو بہشت و دوزخ کا حال آپ ہم سے بیان کرتے ہیں تو گویا ہم انکو آنکھوں سے دیکھنے لگتے ہیں اور جب ہم آپکی خدمت میں سے چلے آتے ہیں تو اہل وعیال اور دنیا کے سامان میں مشغول ہوتے ہیں تو بہت کچھ بھول جاتے ہیں، تو حضرت ابو بکرؓ نے فرمایا کہ خدا کی قسم یہ حال تو ہمارا بھی ہوتا ہے پھر میں اور حضرت ابو بکرؓ ہم نے چلکر آپکی خدمت بابرکت میں حاضر ہوئے سو میں نے عرض کی کہ اے رسول خدا صلعم حنظلہ تو منافق ہو گیا آپنے فرمایا کیا بات ہے میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلعم جب ہم آپکی خدمت میں ہوتے ہیں تو آپ ہم سے جنت و نار کا ذکر کرتے ہیں تو گویا ہم اسکو آنکھوں سے دیکھتے ہیں اور جب آپسے علٰحدہ ہو جاتے ہیں تو اہل و عیال و سامان دنیا میں مشغول ہو کر بہت کچھ بھول جاتے ہیں تب آپ نے فرمایا اس ذات کی قسم کہ جان میری جسکے ہاتھ میں ہے اگر ہمیشہ تم اس حال پر جو میرے پاس رہتا ہے اور ذکر الٰہی میں رہتا ہے تو تمہارے بستروں پر اور تمہارے رستوں میں ملائکہ تم سے مصافحہ کیا کریں مگر اے حنظلہ کبھی کوئی وقت ہے کبھی کوئی وقت آپ نے یہ تین مرتبہ فرمایا اس سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا کہ احوال قائم و دائم نہیں رہتے۔ اور ایک مثال اسکی یہ بھی ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر نے اپنی خواب میں جنت و نار کا معائنہ کیا۔ از انجملہ فراست صادقہ اور خاطر مطابق للواقع ہے۔ حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمرؓ کو کسی چیز کی نسبت یہ کہتے ہوئے نہ سنا ہوگا کہ میرا گمان اس کی نسبت یہ ہے مگر وہ چیز اسکے گمان کے مطابق ہوتی تھی۔ اور از انجملہ رویا صالحہ ہے اور آنحضرت صلعم کو سائلین کے خواب کی تعبیر بیان کرنیکا اہتمام رہتا تھا یہانتک روایت ہے کہ صبح کی نماز کے بعد آپ بیٹھ جاتے تھے اور فرماتے تھے کہ کسی نے تم میں سے کوئی خواب دیکھی ہے پس اگر کوئی بیان کرتا تو جو خدا چاہتا اسکو منظور ہوتا آپ اسکی تعبیر بیان فرماتے۔ رویاء صالحہ سے ہماری مراد خوابیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم یا جنت و نار یا صالحا اور انبیاء علیہم السلام یا مشاہد متبرکہ مثل بیت اللہ کے یا گلے واقعات کا دیکھنا ہے۔ اور جسطرح وہ شخص دیکھتا ہے ویسا ہی اس کا وقوع ہوتا ہے یا وقائع ماضیہ کا جسطرح نفس الامر میں ان کا وقوع ہوا ہے دیکھتا ہے یا اس چیز کا دیکھنا جو اسکے قصور پر تنبیہ کرنیوالی ہو مثلاً اپنے غصہ کو مثل کتے کی صورت میں دیکھنا جو اسکو کاٹ رہا ہے یا انوار کا دیکھنا یا کھانے پاکیزہ کا دیکھنا مثلاً دودھ کا پینا اور شہد اور گھی کا کھانا یا ملائکہ کا دیکھنا واللہ اعلم۔ اور از انجملہ نماز وغیرہ میں لذت و حلاوت کا حاصل ہونا اور وساوس نفسانی کا منقطع ہونا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من صلے رکعتین لا یحدث فیھما نفسہ غفر لہ ما تقدم من ذنبہ جسنے دو رکعت نماز اسطرح پڑھی کہ اس کے نفس میں وسوسہ نہ پیدا ہوا تو اس کے سب پہلے گناہ بخشے گئے۔ اور از انجملہ محاسبہ ہے اور وہ اس عقل کے جو نور ایمانی سے منور ہے اور اس ارادہ کے

ہزاروں دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مابین پیدا ہوتا ہے جو قلب کا پہلا مقام ہے آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے الکیس من دان نفسہ وعمل لما بعد الموت ہوشیار وہ شخص ہے کہ جس کا نفس اُس کے تابع ہوگیا اور بعد موت کے لئے بھی عمل کیا۔ اور حضرت عمرؓ نے اپنے خطبہ پڑھنے میں لوگوں سے فرمایا حاسبوا انفسکم قبل ان تحاسبوا وزنوا قبل ان توزنوا وتہیئوا للعرض الاکبر علی اللہ تعالے یومئذ تعرضون وخفی منکم خافیۃ۔ اس سے پہلے کہ تم سے حساب لیا جائے اپنے نفسوں سے حساب لے رکھو اور پہلے اس سے کہ وزن کیا جائے تم اُنکا وزن کر رکھو اور خدا تعالے کے سامنے جو بڑی پیشی ہونیوالی ہے اُسکے لئے آراستہ ہو کر بیٹھ جاؤ جس روز تم پیش کئے جاؤ گے تو کوئی بات تمہاری پوشیدہ نہ رہیگی۔ اور از انجملہ حیا ہے یہ حیا اُس حیا کے غیر ہے جو نفس کے مقامات سے ہے اور خدا تعالے کی عزت وجلال اپنے ادائے شکر کے عاجز ہونے اور ادنے سی بشریت کے ساتھ ملتبس ہونیکے لحاظ سے پیدا ہوتی ہے حضرت عثمانؓ نے فرمایا ہے کہ میں تاریک مکان میں غسل کرتا ہوں اور خدا تعالے سے حیا کے سبب سے سکڑ تا جاتا ہوں اور جو مقامات قلب کے متعلق ہیں انہیں کا پہلا مقام جمع ہے اُس کے یہ معنی ہیں کہ آخرت کا ہر آدمی کو مقصود بالذات وہمتم بالشان ہو اور دنیا کے معاملات اُسکے روبرو ذلیل وخوار معلوم ہوں اور انکی طرف صرف اس سبب سے قصد والتفات ہو کہ وہ جسکے درپے ہے اس چیز تک اُسکو وہ معاملات پہونچا سکتے ہوں اور جمع اُسی مقام کا نام ہے جسکو صوفیہ ارادہ کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں۔ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من جعل ہمومہ ہما واحدا ہم الاخرۃ وکفاہ اللہ ہموم دنیاہ ومن تشعبت بہ الہموم لم یبال اللہ فی ای اودیۃ ہلک۔ جو شخص اپنی فکر کو ایک فکر یعنی آخرت کی فکر کرے خدا تعالے اُسکی فکر کے لئے کافی ہوجاتا ہے اور جس کو طرح طرح کے افکار ہوتے ہیں خدا تعالے اُس کی پرواہ نہیں کرتا کہ کسی جنگل میں ہلاک ہو۔ میں کہتا ہوں انسان کے ارادہ وہمت کو جو والہی کے دروازہ کو حرکت دیتی ہیں دعا کی سی خاصیت ہے بلکہ وہ دعا کا مغز اور اُس کا خلاصہ ہے پس جب انسان کی ہمت مرضیات الٰہی کی طرف خالص ہوکر متوجہ ہوتی ہے خدا تعالے اُسکے لئے کافی ہوجاتا ہے۔ اور جب اُس کی ہمت پختہ ہوجاتی ہے اور ظاہر وباطن میں عبودیت پر مداومت کرتا ہے تو اُس کا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ اُس کے قلب میں خدا تعالے اور اُس کے رسول کی محبت پیدا ہوجاتی ہے اور اس محبت سے صرف اس بات کے یقین ہی میں ترقی نہیں ہوتی کہ خدا تعالے مالک الملک ہے اور اُسکا رسول سچا اور خدا تعالے کیطرف سے اُسکی خلق کیطرف مبعوث ہے بلکہ وہ محبت ایسی حالت کا نام ہے کہ جیسے پیاسے کو پانی کیساتھ اور بھوکے کو کھانے کے ساتھ ایک نسبت ہوتی ہے یہ محبت ذکر الٰہی اور اُس کے جلال میں فکر کرنے سے عقل کے بہرہ ور ہوجانے اور پھر عقل سے قلب کی طرف نور ایمانی کے مترشح ہونے اور قلب کے اس نور کو بذریعہ اس قوت کے جو قلب کے اندر پیدا کی گئی ہے قبول کرنے سے پیدا ہوتی ہے چنانچہ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے ثلث من کن فیہ وجد حلاوۃ الایمان من کان اللہ ورسولہ الیہ مما سواہما الحدیث۔ تین باتیں ایسی ہیں کہ جس شخص میں وہ ہوتی ہیں اُسکو ایمان کی لذت وحلاوت معلوم ہوتی ہے وہ شخص جس کو خدا اور اُس کا رسول ان دونوں کے سوا سب سے محبوب ہو الخ۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا کی ہے اللہم اجعل حبک احب الی من نفسی وسمعی وبصری واہلی ومالی ومن الماء البارد۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا جبتک میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تیری ذات سے زیادہ تجھکو محبوب نہ ہوں اسوقت تک تو مومن نہیں ہے، حضرت عمرؓ نے عرض کیا اُس ذات کی قسم جس نے آپ پر کتاب نازل فرمائی ہے، بلاشبہ آپ مجکو اپنی جان سے جو میرے دونوں پہلوؤں میں ہے زیادہ تر محبوب ہیں سو آپ نے فرمایا اے عمر اب تیرا ایمان کامل ہوگیا، اور انس سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے لایومن احدکم حتی کون احب الیہ من ولدہ والدیہ والناس اجمعین تم میں سے کوئی شخص ایماندار نہیں ہوسکتا جبتک میں اُس کو اُسکی اولاد اور باپ اور سب لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہوں میں کہتا ہوں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ محبت فی الحقیقت لذت یقین کی عقل پر اور پھر قلب و نفس پر غالب ہونیکا نام ہے حتی کہ وہ قلب کی اُن خواہشوں کے قائم مقام ہوجاتی ہے جنکے نفس کے اندر خواہش پیدا ہوتی ہے جیسے پیاسے کو پانی کی خواہش پھر جب یہ حال ہوجاتا ہے تو وہ محبت خالص ہوجاتی ہے جو مقامات قلب سے شمار کیجاتی ہے، آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من احب لقاء اللہ احب اللہ لقاءہ جو شخص خدا تعالےٰ سے ملنا چاہتا ہے تو خدا تعالےٰ اُس سے ملنا چاہتا ہے، میں کہتا ہوں آنحضرت صلعم نے مومن کے اُس میلان کو جو بارگاہ الٰہی کی طرف اُسکو ہوتا ہے اور حجاب بدنی سے تجرد کے مقام کیطرف اُسکے اشتیاق اور طبیعت کی قید سے فضائل قدس کیطرف رہائی کے طالب ہونیکو جہاں وہ ایسی چیزوں سے متصل ہوتا ہے جو بیان میں نہیں آتیں اپنے پروردگار کیساتھ صدق و محبت کی علامت گردانا ہے، حضرت ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں جو شخص خدا تعالےٰ کیساتھ خالص محبت کا مزہ چکھ لیتا ہے تو وہ محبت طلب دنیا سے اُسکو مانع ہوجاتی ہے اور تمام لوگوں سے اس شخص کو وحشت و نفرت ہوتی ہے، میں کہتا ہوں حضرت ابوبکر صدیقؓ کا یہ فرمانا آثار محبت کا پورا پورا بیان ہے پس جب ایماندار کو خدا تعالےٰ سے پوری و کامل محبت ہوجاتی ہے تو اُسکا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ خدا تعالےٰ کو اُس سے محبت ہوجاتی ہے خدا تعالےٰ کو اُس بندہ کے ساتھ محبت کرنے کے معنی یہ نہیں ہوتے کہ خدا تعالےٰ اُس بندہ سے متاثر ہوتا ہے لیکن اُس محبت کی حقیقت خدا تعالےٰ کا اُس بندہ کے ساتھ وہ برتاؤ کرنا ہے کہ جسکی وہ بندہ قابلیت رکھتا ہے، پس جس طرح آفتاب سخت جسم کو بہ نسبت اور اجسام کے زیادہ تر گرم کردیتا ہے اور آفتاب کا فعل واقع میں ایک ہی ہوتا ہے مگر چونکہ اس فعل کے قبول کرنیوالوں کی استعدادیں مختلف ہوتی ہیں اسلئے اُسکا فعل بھی مختلف اور متعدد ہوجاتا ہے اسی طرح خدا تعالےٰ کو اپنے بندوں کے نفوس کیطرف باعتبار اُنکے افعال و صفات کی عنایت و توجہ ہے پس جو شخص اُنمیں سے صفات ربوبیہ کیساتھ متصف ہوکر اپنے آپ کو بہائم کے شمار میں داخل کرلیتا ہے تو آفتاب احدیت کی روشنی اُسمیں وہ کام کرتی ہے جو اُسکی استعداد کے مناسب ہوتا ہے اور جو شخص اخلاق اور صفات فاضلہ کیساتھ اپنی ذات کو متصف کرکے ملاء اعلےٰ کے شمار میں داخل ہوجاتا ہے تو آفتاب احدیت کی روشنی اُسکو منور اور محل کردیتی ہے حتی کہ وہ شخص خطیرۃ القدس کے جواہر میں سے ایک جوہر ہوجاتا ہے اور ملاء اعلےٰ کے احکام اُسپر جاری ہوجاتے ہیں ایسے وقت میں وہ شخص محبوب الٰہی شمار کیا جاتا ہے کیونکہ خدا تعالےٰ نے اُس سے وہ معاملہ کیا ہے جو محب اپنے محبوب سے کرتا ہے اسوقت میں اُس بندہ کا نام ولی ہوجاتا ہے، پھر خدا تعالےٰ کو جو اس بندہ کے ساتھ محبت ہوتی ہے اُسکے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبب سے بندہ پر بہت سے حالات طاری ہوتے ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جنکو پورے طور سے بیان فرمایا ہے
ازانجملہ یہ ہے کہ وہ شخص ملاء اعلیٰ میں اور پھر زمین پر بھی مقبول ہوجاتا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا احب
اللہ تعالےٰ عبدا نادی جبرئیل انا احب فلانا فاحبہ فیحبہ جبرئیل ثم ینادی جبرئیل فی السموات ان اللہ تعالےٰ احب فلانا
فاحبوہ فیحبہ اہل السموات ثم یوضع لہ القبول فی الارض۔ جب خدا تعالےٰ کسی بندہ سے محبت کرتا ہے تو جبرئیل کو ندا فرماتا
ہے کہ میں فلاں بندہ کو دوست رکھتا ہوں تو بھی اُس کو دوست رکھ پھر جبرئیل بھی اُس سے محبت کرنے لگتے ہیں
پھر تمام آسمانوں پر جبرئیل ندا کر دیتے ہیں کہ خدا تعالےٰ فلاں شخص کو دوست رکھتا ہے تم بھی اُس کو دوست رکھو پس
تمام اہل السموات اُس کو دوست رکھتے ہیں پھر اُس کی قبولیت زمین پر ہوجاتی ہے۔ میں کہتا ہوں جب عنایت الٰہی
اس بندہ کی طرف متوجہ ہوتی ہے تو ملاء اعلیٰ میں اس محبت کا عکس پڑتا ہے جسطرح آفتاب کی روشنی کا عکس صاف آئینہ
میں پڑتا ہے پھر ملاء سافل کے دلوں میں اُسکی محبت کا القاء ہوتا ہے پھر اہل ارض میں سے جسمیں اس بات کی قابلیت ہوتی
ہے اُسکے دل میں اُسکی محبت کا القا ہوتا ہے جسطرح نرم زمین پانی کے حوض سے تری کو اخذ کر لیتی ہے ازانجملہ اُس کے
دشمنوں کا رسوا ہونا ہے چنانچہ آنحضرت صلعم نے حکایۃً عن ربہ تعالےٰ فرمایا ہے من عادلی ولیا فقد اذنتہ بالحرب۔ جو شخص میرے
ولی سے عداوت کرتا ہے پس میں اُسکو اعلان جنگ دیتا ہوں۔ میں کہتا ہوں جب خدا تعالےٰ کی محبت کا عکس ملاء اعلےٰ کے
نفوس پر جو بمنزلہ آئینوں کے ہیں پڑتا ہے پھر اہل ارض میں سے کوئی شخص اُسکی مخالفت کرتا ہے تو ملاء اعلےٰ کو وہ مخالفت محسوس ہوتی ہے
جسطرح ہم میں سے کسی کا قدم آگ کی چنگاری پر پڑجائے تو اُسکی حرارت ہم کو محسوس ہوجاتی ہے اس مخالفت کے معلوم کرنے کے بعد ملاء اعلےٰ
کے نفوس سے شعاعیں نکلکر نفرت و عداوت کے طور پر اس مخالفت کرنے والیکو محیط ہوجاتی ہیں۔ اس وقت میں وہ
شخص خوار و ذلیل ہوجاتا ہے اور زندگی اسپر تنگ ہوجاتی ہے اور ملاء سافل اور اہل زمین کے دلونمیں اس بات
کا اتفاق ہوتا ہے کہ اُس کیساتھ بری طرح پیش آویں خدا تعالیٰ کی لڑائی کے یہی معنی ہیں ۔ اور ازانجملہ یہ ہے کہ اس شخص
کی دعا مقبول ہوتی ہے اور جس چیز سے وہ پناہ مانگتا ہے تو پناہ دیجاتی ہے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے
حکایۃً عن اللہ تعالےٰ فرمایا ہے ولان سالنی لاعطینہ ولان استعاذنی لاعیذنہ۔ اگر وہ مجھ سے مانگتا ہے میں اُسکو
بلاشبہ دیتا ہوں اور اگر پناہ مانگتا ہے تو بلاشبہ پناہ دیتا ہوں۔ میں کہتا ہوں اسکی یہ وجہ ہے کہ یہ شخص حظیرۃ القدس
میں داخل ہوجاتا ہے جہاں سے حوادث کا حکم دیا جاتا ہے اور اس شخص کی دعا اور پناہ کی خواستگاری کرنا حظیرۃ القدس
کی طرف چڑھکر حکم الٰہی کے نازل ہونیکا سبب ہوتا ہے صحابہ کے آثار میں استجابت دعا کے باب میں بہت کچھ مروی
ہے ازانجملہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سعدؓ نے ابوسعدہ پر یہ بددعا کی کہ بارخدایا اگر یہ تیرا بندہ جھوٹا ہے۔ اور
ریا و سمعہ کے طور پر کھڑا ہوا ہے تو اس کی عمر بڑھادے اور اس کی محتاجی زیادہ کر اور فتنوں کا اُس کو سامنا کر
پس جیسا انہوں نے فرمایا تھا ویسا ہی ہوا۔ اور ایک مرتبہ حضرت سعیدؓ نے اروی بنت اُس پر یہ بددعا کی بارخدایا
اگر یہ جھوٹی ہے تو اُس کی آنکھیں اندھی کر دے اور اُسی کی جگہ اُس کو موت دے پس جیسا انہوں نے کہا تھا
ویسا ہی ہوا۔ اور ازانجملہ نفس سے فانی ہونا اور حق کے ساتھ باقی رہنا ہے صوفیہ اُس کو غلبہ کون الحق علے کون العبد۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ساتھ تعبیر فرماتے ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حکایۃ عن اللہ تبارک وتعالےٰ فرمایا ہے ومایزال عبدی یتقرب الی بالنوافل حتی احببتہ فاذا احببتہ کنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ ویدہ الذی یبطش بہا میں کہتا ہوں جب خدا یتعالےٰ کا نور اس بندہ کے نفس کو باعتبار اسکی قوت عملیہ کے جو بدن کے اندر منتشر ہوا ہے وحک لیتا ہے تو اس نور کا ایک شعبہ اسکے تمام قوی میں پہنچ جاتا ہے جسکے سبب سے ان قوا سے میں ایسی برکات پیدا ہوجاتی ہیں جو مجرا سے عادت کے برخلاف ہوتی ہیں ایسے وقت میں وہ فعل ایک خاص نسبت کے ساتھ خدا یتعالےٰ کی طرف منسوب ہوتا ہے جیسا کہ اللہ پاک فرماتا ہے فلم تقتلوہم ولکن اللہ قتلہم وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمے پس تم نے ان کو نہیں قتل کیا لیکن خدا یتعالےٰ نے انکو قتل کیا اور تو نے جب پھینکا تو وہ تو نے نہیں پھینکا لیکن اللہ تعالےٰ نے پھینکا اور از جملہ یہ ہے کہ بعض آداب کے ترک کرنے سے مواخذہ کرکے اور آپ کی طرف بندہ کے رجوع کو قبول فرماکے اسکو متنبہ کردیتا ہے جس طرح ایک مرتبہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنے مہمانوں کو ناخوش کردیا پھر انکو معلوم ہوا کہ یہ فعل شیطان کی طرف سے ہے پھر امر بالمعروف کیطرف انہوں نے رجوع کیا تو انکے کھانے میں برکت ہوئی اور منجملہ مقامات قلب کے دو مقام اور ہیں یہ مقام ان نفوس کے ساتھ مختص ہوتے ہیں جو انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مشابہ ہوتے ہیں ان مقامات کا عکس ان نفوس پر ایسا پڑتا ہے۔ جس طرح چاند کی روشنی کا اس آئینہ میں عکس پڑتا ہے۔ جو ایک کھلے ہوئے سوراخ کے مقابل رکھا ہوا ہے پھر اس آئینہ کی روشنی کا عکس دیواروں اور چھت اور زمین پر پڑتا ہے یہ دو مقام بھی بمنزلہ صدیقیت اور محدثیت کے ہیں پھر اتنا ضرور فرق ہے کہ صدیقیت اور محدثیت کا محل انکے نفوس کی قوت عطیہ ہوتی ہے اور انکا محل قوت عملیہ ہوتی ہے جو قلب سے پیدا ہوتی ہے اور وہ دونوں شہید وحواری کے مقام ہیں اور دونوں میں یہ فرق ہے کہ شہید کا نفس غصہ اور کفار پر شدت اور دین الٰہی کی مدد ملکوت کے مقامات میں سے کسی مقام سے قبول کرلیتا ہے جسمیں خدا یتعالےٰ نے نافرمانوں سے انتقام لینے کا ارادہ کررکھا ہے اور وہاں سے رسول پر اس ارادہ کا نزول ہوتا ہے تاکہ وہ رسول اس انتقام میں خدا یتعالےٰ کے اسباب میں سے ایک سبب ہو پس ان لوگوں کے نفوس ایسے مقام سے اس ارادہ کو قبول کرلیتے ہیں جیسا کہ محدثیت میں ہم نے ذکر کیا ہے اور حواری وہ شخص ہوتا ہے جس کو رسول سے خالص محبت ہوتی ہے اور مدت دراز تک صحبت میں رہتا ہے اللہ پاک فرماتا ہے یاایہا الذین آمنوا کونوا انصار اللہ کما قال عیسی بن مریم للحواریین من انصاری الی اللہ قال الحواریون نحن انصار اللہ الآیہ۔ اے ایمان والو ہوجاؤ خدا کے مددگار جس طرح عیسی بن مریم نے حواریوں سے کہا کون ہیں میرے مددگار خدا کی طرف بولے حواری ہم خدا کے مددگار ہیں الخ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے زبیر کو حواری ہونے کی بشارت دی ہے اور شہید اور حواری کی کئی قسمیں اور شعبے ہیں ایک انمیں سے امین ہے اور ایک رفیق اور ایک نجیب ہے اور ایک نقیب ہے اور آنحضرت صلعم نے صحابہؓ کے فضائل میں ان امور میں سے بہت کچھ بیان کرکے مطلع فرمایا ہے اور حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے ہر نبی کے لئے سات نجیب ورقیب ہوئے ہیں اور مجکو چودہ دئے گئے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں ہم نے عرض کیا وہ کون ہیں تو علیؓ نے فرمایا میں اور میرے دونوں بیٹے اور جعفر اور حمزہ اور ابوبکر اور عمر اور مصعب بن عمیر اور بلال اور سلمان اور عمار اور عبداللہ بن مسعود اور ابوذر اور مقداد۔ اور اللہ پاک فرماتا ہے لیکون الرسول علیکم شہیدا و تکونوا شہداء علی الناس۔ تاکہ رسول تم پر گواہ ہو اور تم لوگوں پر گواہ ہو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اثبت احد فانما علیک نبی او صدیق او شہید اے احد ٹھیر جا کیونکہ تیرے اوپر یا نبی ہے یا صدیق یا شہید۔ اور منجملہ احوال قلب کے سکر ہے اور اسکے یہ معنی ہیں کہ نور ایمان اول عقل میں اور پھر قلب میں متمثل ہو کر دنیاوی معاملات کو دور کر دے اور اس کے سبب سے انسان ان چیزوں کو پسند کرنے لگے جن کو انسان مجرائے طبیعت کے اعتبار سے ناپسند کرتا ہے پس وہ شخص اس شخص کے مشابہ ہوتا ہے جو نشہ کی حالت میں اور عقل و عادت کے طریقوں سے اس کا حال بدلا ہوا ہو جیسا کہ ابوالدرداء نے فرمایا ہے چونکہ مجھکو اپنے رب کا اشتیاق ہے اسلئے موت مجکو بہتر معلوم ہوتی ہے اور چونکہ مرض کے سبب سے میرے گناہ دور ہو جاتے ہیں اس لئے مرض مجکو اچھا معلوم ہوتا ہے اور چونکہ محتاجگی میں خدا تعالیٰ کے ساتھ تواضع ہوتی ہے اسلئے محتاجگی مجکو اچھی معلوم ہوتی ہے۔ اور حضرت ابوذرؓ کے حالات میں مروی ہے کہ وہ بطیبۂ دل کو برا جانتے تھے اور غنا و ثروت سے ان کو ایسی نفرت ہوتی تھی جسطرح کسی کو ناپاک چیز سے نفرت ہوتی ہے اور مجرا عادت بشریہ کا یہ نہیں ہے کہ ایسی چیز سے محبت اور ایسی چیز سے نفرت ہو مگر نور یقین کا ایسا غلبہ تھا کہ مجرائے عادت سے باہر ہو گئے تھے اور منجملہ احوال قلب کے ایک غلبہ ہے اور غلبہ کی دو قسمیں ہیں ایک اس خواہش کا غلبہ ہے جو نور ایمانی کے قلب میں داخل ہونیکے بعد پیدا ہوتی ہے اس نور اور جبلت قلبی کے ملنے سے جھاگ کے طور پر خواہش نجاتا ہے جسکے تقضی سے رکنا اس شخص کے اختیار میں نہیں ہوتا بخواہ وہ خواہش مقصود شرعی کے موافق ہو یا نہ ہو کیونکہ شرع بہت سے مقاصد پر مشتمل ہے جن کو اس مومن کا قلب احاطہ نہیں کر سکتا بس بسا اوقات اس شخص کے قلب پر شلاً رحمت کا غلبہ ہوتا ہے اور شرع نے بعض مواضع میں اس سے نہی فرمائی ہے۔ اللہ پاک فرماتا ہے ولا تاخذکم بہما رافۃ فی دین اللہ۔ اور نہ پکڑے تم کو ان دونوں کے ساتھ خدا کے دین میں نرمی اور بسا اوقات اس کے قلب پر بغض کا غلبہ ہوتا ہے اور شرع کو بعض مواضع میں مہربانی کرنی مقصود ہوتی ہے مثلاً اہل ذمہ میں اس غلبہ کی مثال وہ ہے جو حدیث شریف میں ابولبابہ بن منذر سے مروی ہے کہ جب سعد بن معاذ کے حکم سے آنحضرت صلعم نے بنی قریظہ کو اتارنا چاہا تو بنی قریظہ نے ابی لبابہ سے مشورہ کیا ابولبابہ نے اپنے ہاتھ سے حلقوم پر اشارہ کیا جس سے ذبح ہونے کی طرف اشارہ ہے پھر وہ اس بات سے نادم ہوئے اور انکو یقین ہو گیا کہ میں نے خدا تعالیٰ اور اس کے رسول کی خیانت کی ہے پھر وہ اسی حال میں چلے اور مسجد میں گئے اور اپنے آپ کو مسجد کے ستونوں میں سے ایک ستون سے باندھ دیا اور کہا کہ جبتک خدا تعالیٰ میرے اس فعل کی توبہ نہ قبول کریگا یہاں سے نہ ہٹونگا۔ اور حضرت عمرؓ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت رسالت پناہ صلعم پر اتنی غالب ہوئی کہ رسول خدا صلعم پر اعتراض کر بیٹھے یعنی جب آپ نے حدیبیہ کے سال مشرکین سے مصالحت چاہی تو حضرت عمرؓ بگڑ پڑے حتی کہ حضرت ابوبکر صدیق کے پاس آکر کہنے لگے کیا خدا کے رسول نہیں ہیں صلعم انہوں نے فرمایا ہاں ہیں پھر حضرت عمرؓ نے کہا ہم مسلمان نہیں ہیں انہوں نے فرمایا ہاں ہیں پھر انہوں نے کہا کیا وہ مشرک نہیں ہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انہوں نے فرمایا ہاں ہیں انہوں نے کہا پھر ہم اپنے دین میں دنائت کو کیونکر گوارا کر سکتے ہیں تو حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا اے عمر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری اپنے اوپر لازم پکڑو میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ خدا تعالےٰ کے رسول ہیں پھر اپنے اس حالت کا غلبہ ہوا اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت شریف میں حاضر ہوئے اور آپ سے بھی وہی عرض کیا جو حضرت ابوبکر صدیقؓ سے عرض کیا تھا اور آپ نے وہی جواب دیا جو حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا اور آپ نے فرمایا کہ میں خدا تعالےٰ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں ہرگز اسکے حکم کی مخالفت نہ کرونگا اور ہرگز وہ مجھ کو ضائع نہ کریگا۔ راوی کہتا ہے کہ حضرت عمرؓ فرمایا کرتے تھے اسدن سے میں نے اپنے اس کلام کے خوف کے سبب سے برابر روزہ رکھنا اور صدقہ دینا اور آزاد کرنا اور نماز پڑھنا شروع کیا حتیٰ کہ مجھے خیریت کی امید ہوئی۔

اور ابوطیبہ حجام سے مروی ہے کہ جب بنی صلعم کے انہوں نے پچھنے لگانے تو آپکا خون مبارک پینگئے حالانکہ شریعت میں یہ امر ممنوع ہے لیکن ان سے غلبہ کی حالت میں ایسا ہوگیا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے انکو معذور رکھا کہ تو نے آگ سے بہت روک کر لی۔ اور ایسا غلبہ اور ہے جو اس غلبہ سے زیادہ جلیل القدر اور زیادہ تر کامل ہے اور وہ خواہش الٰہی کا غلبہ ہے جو اسکے قلب پر نازل ہوتی ہے اور اسکے مقتضیٰ کے پورا کرنے سے اپنے آپ کو نہیں روک سکتا اور اس غلبہ کی حقیقت یہ ہے کہ بعض مقاماتِ قدسیہ سے اسکے قوتِ عملیہ پر علم الٰہی کا فیضان ہوتا ہے نہ قوتِ عقلیہ پر اسکی تفصیل یہ ہے کہ جو نفس انبیا علیہم السلام کے نفس سے مشابہت رکھتا ہے جب اس میں علم الٰہی کے فیضان کی استعداد ہوتی ہے تو اگر اسکی قوتِ عقلیہ کو قوتِ عملیہ پر سبقت ہوتی ہے تب وہ علم فراست والہام ہوتا ہے اور اگر قوت عملیہ کو قوت عقلیہ پر سبقت ہوتی ہے تو وہ علم ارادہ یا نفرت ہوتا ہے اس کی مثال وہ ہے جو بدر کے قصہ میں مذکور ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دعا میں مبالغہ کیا حتیٰ کہ آپ نے دعا میں کہا میں تیرے عہد اور وعدہ کا تجھ سے سوال کرتا ہوں بار خدایا اگر تجکو اپنی پرستش کروانا منظور نہیں اتنا کہنے پائے تھے کہ حضرت ابوبکرؓ نے آپکا ہاتھ پکڑ کر کہا بس رہنے دیجیے پس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم وہاں سے یہ فرماتے ہوئے چلے سیزم الجمع ویولون الدبر یعنی کفار کی جماعت بھگا دیجائیگی اور پیٹھ پھیر دینگے اسکے یہ معنی ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق کے دل میں خدا کی طرف سے خواہش پیدا ہوئی کہ آنحضرت صلعم کو بددعا میں مبالغہ کرنے سے روکیں اور اس سے باز رہنے کی رغبت دلائیں اور آنحضرت صلعم نے بھی اپنی فراست سے اس بات کو معلوم کر لیا کہ یہ خواہش خدا کی ہے اور خدا تعالےٰ کی مدد سے فتح کے طالب ہو کر اس آیت کو پڑھتے ہوئے وہاں سے چلے آئے۔

www.KitaboSunnat.com

دوسری مثال یہ ہے کہ عبداللہ بن ابی کی موت کے بیان میں مروی ہے کہ آنحضرت صلعم نے جب اسکے جنازہ کی نماز پڑھنے کا ارادہ کیا تو حضرت عمرؓ نے کہا کہ میں لوٹ کر آنحضرت صلعم کے سامنے آکر کھڑا ہوگیا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلعم آپ اس کی نماز پڑھتے ہیں حالانکہ اس دن ایسا کہا تھا اور اس دن ایسا کہا تھا حتیٰ کہ آپ نے فرمایا کہ تم میرے پاس سے ہٹ جاؤ مجکو چونکہ اختیار دیا گیا ہے تو میں نے اختیار کر لیا اور آپ نے اس کی نماز پڑھی تو یہ آیت نازل ہوئی ولا تصل علے احد منہم مات ابدا۔ انمیں سے کوئی مرجاوے تو کبھی تو اس کی نماز مت پڑھ۔ حضرت عمرؓ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہتے ہیں مجھے اپنے اوپر اور رسول خدا صلعم پر اپنی جرات کرنے سے حالانکہ رسول خدا سب سے زیادہ واقف تھے تعجب آتا ہے اور حضرت عمرؓ نے ان دونوں قسم کے غلبوں کا فرق خوب انکشاف کے ساتھ بیان کر دیا ہے یعنی غلبۂ اول میں اپنے آپ کو برابر روزے رکھنے اور صدقہ کرنے اور آزاد کرنے اور نماز پڑھنے کا ذکر کیا ہے؛ اور غلبۂ ثانیہ میں یہ فرمایا کہ مجھے اپنے حال اور اپنی جرات پر تعجب ہوا ان دونوں کلمات میں جو کچھ فرق ہے دیکھنا چاہئے اور از انجملہ خدا تعالےٰ کی طاعت کا ہمسوار پر اختیار کرنا اور اس کے موانع کا دور کرنا اور جو چیزیں اس کو طاعت الٰہی سے روکتی ہیں انسے بیزار ہونا جیسا کہ ابوطلحہ انصاری اپنے باغ میں نماز پڑھ رہے تھے کہ ناگاہ ایک کبوتر جنگلی اوڑا اور ادھر ادھر انسے اوڑنا شروع کیا مگر درختوں کی ٹہنیاں اور پتے اسقدر گنجان تھے کہ اس کو باہر جانے کا راستہ نہ ملتا تھا یہ بات انکو بہت اچھی معلوم ہوئی اور اس خیال میں ان کو رکعتوں کی تعداد نہ یاد رہی تو انہوں نے اس باغ کا صدقہ کر دیا اور از انجملہ خوف کا غلبہ ہے جس کے سبب سے آدمی کو رونا آجائے اور اسکا بدن تھرانے لگے اور آنحضرت صلعم جب شب کو نماز پڑھتے تھے تو ہانڈی کے جوش کی طرح آپ سے آواز محسوس ہوتی تھی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان سات شخصوں کے بیان میں جنکو خدا تعالےٰ اپنے سایہ کے نیچے اسدن کہ بجز اسکے سایہ کے کوئی سایہ نہ ہوگا داخل کریگا فرمایا ہے ورجل ذکر اللہ تعالےٰ خالیا ففاضت عیناہ اور وہ شخص جس نے خدا تعالےٰ کو خلوت میں یاد کیا اور اسکی آنکھیں بھر آئیں لایلج النار رجل بکی من خشیۃ اللہ حتے یعود اللبن فی الضرع - جو شخص خدا تعالےٰ کے خوف سے رویا ہے آگ میں نہ جائیگا جبتک کہ دودھ پستان میں لوٹ کر نہ آئے - اور حضرت ابوبکر صدیقؓ بڑے رونے والے شخص تھے جب قرآن پڑھتے تھے انکی آنکھیں انکے اختیار میں نہ رہتی تھیں جبیر بن مطعم کہتے ہیں کہ میں نے نبی صلعم کو جب یہ آیت پڑھتے سنا ام خلقوا من غیر شیئ ام ہم الخالقون پس گویا میرا دل اوڑ گیا - اور وہ مقامات جو نفس کو نور ایمان کے اسپر غالب ہونے اور اس کی صفات خسیسہ کو صفات فاضلہ کے بدلنے کے اعتبار سے حاصل ہوتے ہیں انمیں سے پہلا مقام یہ ہے کہ نور ایمانی اس عقل سے منور بحقائق حقہ ہو رہے ہیں نازل ہو کر قلب کیطرف آتا ہے اور جبلت قلبی کے ساتھ ازدواج اور اتصال پیدا کر کے اسنے ایک منبثہ پیدا ہوتا ہے جو نفس پر غالب ہو جاتا ہے اور مخالف چیزوں سے اس کو روکتا ہے؛ پھر ان سے ایک ندامت پیدا ہوتی ہے جو نفس پر غالب ہو جاتی ہے اور اسپر سوار ہو کر اسکی باگیں پکڑ لیتی ہے پھر ان دونوں سے آئندہ زمانہ میں معاصی چھوڑنے کا عزم پیدا ہوتا ہے اور وہ عزم نفس پر غالب ہو کر شرع کے اوامر و نواہی سے اس کو مطلع کر دیتا ہے اللہ پاک فرماتا ہے واما من خاف مقام ربہ ونہی النفس عن الہوی فان الجنۃ ہی المادیٰ - اور لیکن جس کسی نے اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونیکا خوف کیا اور نفس کو خواہش سے روکا پس بلاشبہ جنت میں ہی اسکا ٹھکانا ہوگیا میں کہتا ہوں اللہ پاک کا یہ قول من خاف عقل کے نور ایمانی کے ساتھ منور ہونے اور پھر اس نور کے قلب کی طرف نازل ہونے کا بیان ہے اسلئے کہ خوف کے لئے ایک ابتداء اور انتہا ہے ابتداء تو خدا تعالےٰ سے خوف اور اس کے غلبہ کا معلوم کرنا ہے اور اس کا محل عقل ہے اور اسکا منتہیٰ پریشانی اور اضطراب اور دہشت اور اسکا محل قلب ہے اور ادنی النفس سے اس نہر سے جو قوت قلبی کے ساتھ مخلوط ہو رہا ہے نفس کی طرف نازل ہونے اور اسپر غالب ہونے اور اس کو روکنے اور پھر اسکے

مکتبہ دارالسلام سے مزید مفید و معیاری کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ماتحت نفس کے مغلوب اور مقہور ہو جانیکا بیان ہے پھر عقل سے دوسری مرتبہ نور ایمانی کا نزول قلب کیطرف ہوتا ہے اور جبلت قلبی کے ساتھ ازدواج و اتصال پیدا کر کے ان دونوں سے مذاہیتعالے کیطرف التجا پیدا ہوتی ہے اور وہ استغفار اور توجہ کا باعث ہوتی ہے اور استغفار کے سبب سے دل کا زنگ دور ہو جاتا ہے، آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان المومن اذا اذنب ای مومن جب کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے دل میں ایک سیاہ نقطہ پیدا ہو جاتا ہے پھر اگر وہ توبہ و استغفار کر لیتا ہے تب تو اس کا دل صاف ہو جاتا ہے اور اگر وہ اور گناہ کرتا ہے تو وہ نقطہ پھیل کر قلب کے اوپر چھا جاتا ہے خدا تعالے نے جو آن کا اس آیت میں ذکر فرمایا ہے اس سے یہی مراد ہے کلا بل ران علی قلوبھم ما کانوا یکسبون میں کہتا ہوں وہ نقطہ سیاہ بہیمیت کی ظلمتوں میں سے ایک ظلمت کا ظاہر ہونا اور انوار ملکیہ میں سے ایک نور کا روشن ہونا ہے اور اس نقطہ کا صاف ہونا ایک روشنی ہے کہ نور ایمانی سے اس کے نفس پر فائز ہوتی ہے اور آن بہیمیت کے غالب ہونے اور ملکیت کے بالکل پوشیدہ ہو جانیکا نام ہے، پھر بار بار نور ایمانی کا نزول ہوتا رہتا ہے اور بار بار نفسانی وساوس دور ہوتے رہتے ہیں یعنی جب نفس کے اندر کسی گناہ کا وسوسہ پیدا ہوتا ہے تو اسکے مقابل میں ایک نور بھی نازل ہوتا ہے جو اس باطل کو محو کرتا رہتا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ضرب اللہ مثلا صراطا مستقیما وعن جنبی الصراط سوران فیھما ابواب مفتحۃ الخ خدا تعالے نے ایک مثال بیان فرمائی ہے کہ ایک سیدھا راستہ ہے اور اس راستہ کے یمین و یسار دو دیواریں ہیں اور ان دونوں دیواروں میں کھلے ہوئے دروازہ ہیں اور اس پر پردہ چھوٹے ہوتے ہیں اور اس راستہ کے شروع میں ایک شخص پکارنیوالا ہے جو کہتا ہے راستے پر سیدھے چلو اور ٹیڑھے مت چلو اور اس کے اوپر ایک اور پکارنیوالا ہے کہ جو کوئی شخص ان دروازوں میں سے آنے کے لئے کھولنے کا قصد کرتا ہے وہ پکارنیوالا یہ آواز دیتا ہے افسوس اس دروازے کو تو مت کھول اگر اسکو کھولا تو تو اسمیں جا پڑیگا پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکی تفصیل کی اور بیان کیا کہ وہ راستہ تو اسلام ہے اور وہ کھلے ہوئے دروازے خدا کے محارم ہیں اور وہ پردے جو چھوٹے ہوئے ہیں وہ حدود الٰہی ہیں اور راستہ کے شروع پر جو پکارنیوالا ہے وہ قرآن عظیم ہے اور اس کے آگے جو اور پکارنے والا ہے وہ خدا تعالے کا واعظ ہے جو ہر مومن کے دلمیں موجود ہے۔ میں کہتا ہوں کہ آنحضرت صلعم نے بیان فرمایا کہ اس راستہ میں دو پکارنیوالے ہیں ایک تو راستہ کے شروع پر اور وہ قرآن اور شریعت ہے کہ ہمیشہ بندہ کو راہ راست کی طرف ایک رفتار و روش سے پکارتے ہیں اور ایک داعی اس چلنے والے کے سر پر ہے جو ہر وقت اس کی نگرانی رکھتا ہے یعنی جب وہ شخص کسی گناہ کا قصد کرتا ہے تو وہ داعی اسپر چلا اٹھتا ہے اور یہ داعی وہی ہوتا ہے جو قلب سے اٹھتا ہے اور جبلت قلبی اس نور سے جو عقل نور نور ایمانی کی جانب سے قلب پر فائض ہے پیدا ہوتا ہے اور اس کا حال اس چینکے کا سا ہے جو بار بار چھینکنے سے چمکتا ہے اور بسا اوقات خدا تعالے کی طرف سے بعض بندوں پر یہ مہر ہوتی ہے کہ ایک لطیفہ غیبی پیدا کر دیتا ہے جو اس شخص کے اور اسکی معصیت کے درمیان وہ حائل ہو جاتا ہے یہ لطیفہ غیبیہ وہی برہان ہے جس کی طرف خدا تعالے نے اشارہ فرمایا ہے ولقد ھمت بہ وھم بھا لولا ان رای برھان ربہ۔ اور البتہ زلیخا نے یوسف کا اور یوسف نے زلیخا کا قصد کیا اگر نہ دیکھتا برہان

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے رب کی، یہ سب مقام توبہ ہے اور سبب توبہ کا مقام کامل ہوجاتا ہے اور نفس کے اندر وہ ایک ملکہ راسخ ہوجاتا ہے تو اسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ خدا تعالےٰ کے جلال اور اسکی عظمت کے پیش نظر رکھنے سے اس شخص کے قوائے مضمحل رہتے ہیں اور کسی چیز سے اسمیں تغیر نہیں آتا اور اس کا نام حیا ہے اور لغت میں حیا کے معنی نفس کے ان چیزوں سے باز رہنے کے ہیں جن کو عادت کے اعتبار سے لوگ معیوب جانتے ہیں مگر شرع نے لغت سے نقل کرکے حیا اس ملکہ کا نام رکھا ہے جو نفس کے اندر راسخ ہو جس کے سبب سے آدمی خدا تعالےٰ کے روبرو ایسا گھلتا ہے جیسے نمک پانی میں گھلتا ہے اور اسکے سبب سے ان خواطر کی جنکو مخالف چیزوں کیطرف میلان ہے تالبعداری نہ کرے؛ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے الحیا من الایمان پھر آپ نے حیا کی تفسیر فرمائی ہے اور فرمایا جو شخص خدا تعالےٰ سے کامل حیا رکھتا ہے تو اس کو چاہیئے کہ اپنے سر کو اور جو چیزیں سر کے اندر ہیں ان کی حفاظت کرے اور اپنے شکم اور ان چیزوں کی جو اس میں ہیں حفاظت کرے اور مر جانے اور بوسیدہ ہوجانے کو یاد رکھے اور جو شخص آخرت کا ارادہ کرے دنیا کی زینت کو چھوڑ دے جس شخص نے ایسا کیا وہ خدا تعالےٰ سے پوری حیا رکھتا ہے میں کہتا ہوں عرف میں کبھی اس انسان کو حیادار کہدیتے ہیں جو بسبب اپنے ذوق حیا کے بعض افعال سے اجتناب کرتا ہے اور کبھی صاحب مروت آدمی کو جو ایسی باتوں کا مرتکب نہ ہو جس سے لوگوں میں اس کا چرچا پھیلے مرتکب نہیں ہوتا حیادار کہدیتے ہیں مگر ان دونوں شخصوں کو اس حیا سے جو مقامات میں شمار کیجاتی ہے کچھ حصہ نہیں ہے پس آنحضرت صلعم نے معنی مقصود کو ان افعال کے تعیین سے جو حیا سے پیدا ہوتے ہیں اور اس کے سبب سے جو اسکی حالت ہوتی ہے اور اسکے مجاور سے جو اسکو عادتاً لازم ہوتا ہے بیان فرمادیا؛ پس آپ کا یہ فرمانا کہ وہ شخص اپنے سر کی حفاظت کرے ان افعال کا بیان ہے جو اس حیا کے ملکہ سے پیدا ہوتے ہیں جو مخالف چیزوں کے ترک کرنے کے قبیلہ سے ہے اور یہ فرمانا کہ وہ موت کو یاد کرے یہ نفس کے اندر حیا کے استقرار کا سبب بیان فرمایا ہے اور یہ جو فرمایا ہے کہ جو شخص آخرت کا ارادہ کرے اسمیں حیا کے مجاور یعنی زہد کا بیان ہے کیونکہ حیا زہد سے خالی نہیں ہوتی پس جب حیا انسان کے اندر قرار پاجاتی ہے تو نور ایمان بھی عقل سے قلب پر نازل ہوتا ہے اور جبلت قلبی کے ساتھ مخلوط ہوجاتا ہے بعد ازاں نفس کی طرف نازل ہوکر تمام شہوات سے اسکو روک دیتا ہے اور اسی کا نام ورع ہے؛ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے الحلال بین والحرام بین الحدیث۔ حلال بھی ظاہر ہے حرام بھی ظاہر ہے انکے بین مشتبہ امور ہیں جن کو بہت سے لوگ نہیں جانتے پس جو شخص شبہات سے بچگیا اسنے اپنا سامان اور دین بچالیا اور جو شخص مشتبہات میں پڑگیا وہ حرام میں پڑگیا؛ اور فرمایا ہے دع ما یریبک الی ما لا یریبک فان الصدق طمانینۃ وان الکذب ریبۃ۔ جو چیز تجکو شک میں ڈالے اسکو چھوڑکر اسکو اختیار کر جو شک میں نہ ڈالے کیونکہ سچ طمانینان ہے اور جھوٹ شک ہے؛ اور نیز فرمایا ہے لا یبلغ العبد ان یکون من المتقین حتی یدع مالا باس بہ خطرا لما بہ باس بندہ متقیوں کے درجہ کو نہیں پہونچتا جبتک ان چیزوں کو کہ جنمیں کچھ مضائقہ نہیں ان چیزوں کے خوف سے جنمیں مضائقہ ہے نہ چھوڑ دے۔ میں کہتا ہوں کبھی ایک مسئلہ میں دو وجہ متعارض ہوجاتی ہیں ایک وجہ اباحت کی ہوتی ہے اور ایک وجہ تحریم کی یا تو یہ تعارض شریعت سے اس مسئلہ کے اصل ماخذ میں ہوتا ہے جیسے دو حدیثیں متعارض یا دو قیاس

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخالف ہوتے ہیں یا یہ تعارض حادثی کی صورت کے اس اباحت و تحریم کے حکم کے ساتھ جو شریعت میں ثابت ہوا ہے مطابق نہیں ہوتا ہے پس ایسے وقت میں بندہ اور خدا تعالیٰ کے مقابلہ میں اسکے ترک کرنے اور ایسی چیز کے اختیار کرنے سے جسمیں شبہ نہیں ہے صاف ہوتا ہے اور جب ورع کی صفت ثابت ہو جاتی ہے تو نور ایمان کا بھی ظہور ہوتا ہے۔ اور حیات قلبی کے ساتھ دو نور مخلوط ہو جاتا ہے اور پھر جو چیزیں حاجت سے زیادہ ہیں انمیں مشغول ہونیکی قباحت اُس کو خود ظاہر ہو جاتی ہے کیونکہ وہ چیزیں اُس شخص کو اسکے مطلوب سے روکتی ہیں پھر اُس نور کا نفس کیطرف نزول ہوتا ہے اور ایسی چیزوں کیطرف سے نفس کو روک دیتا ہے۔ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من حسن اسلام المرء ترکہ مالا یعنی۔ آدمی کے اسلام کی خوبی اسمیں ہے کہ بیفائدہ چیزوں کو چھوڑ دے میں کہتا ہوں ماسوا کیساتھ مشغول ہونے سے نفس کے آئینہ میں ایک سیاہ نقطہ پیدا ہو جاتا ہے مگر جب چیزوں سے زندگی میں چارہ نہیں ہے اگر اس نیت سے کہ وہ چیزیں منزل مقصود تک اُس کو پہنچانیوالی ہیں انمیں مشغول ہو تو اُس کے لئے معافی ہے اور اُسکے سوا جتنی چیزیں ہیں تو خدا کا واعظ جو مومن کے قلب میں ہوتا ہے اُنسے باز رہنے کا حکم دیتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الزہادۃ فی الدنیا لیس بتحریم الحلال۔ الخ کہ دنیا کا زہد نہ حلال کے حرام کرنے کا نام ہے اور نہ مال کے ضائع کرنے کا بلکہ دنیا کا زہد اس سے عبارت ہے کہ جو چیز تیرے پاس ہے اُسکا تجکو اُس چیز سے زیادہ بھروسہ نہ ہو جو خدا تعالیٰ کے پاس ہے اور یہ کہ جب تجکو کوئی مصیبت پہونچے تو اُس مصیبت کے ثواب کی طرف اگرچہ وہ مصیبت باقی رکھی جاوے تجکو مرغوب ہو میں کہتا ہوں زاہد کو کبھی دنیا میں ایسا غلبہ حاصل ہوتا ہے جو ایسے عقائد اور افعال پر آمادہ کرتا ہے کہ وہ عقائد و افعال شرع کے اندر محمود ہیں اُن عقائد اور افعال سے جو محمود نہیں ہیں پھر آنحضرت صلعم نے زہد کے مواضع میں سے بیان کیا انکو جو شرع میں محمود ہیں اور جو غیر محمود ہیں پس جب کسی شخص پر حاجت سے زیادہ چیزوں میں مشغول ہونے کی قباحت ظاہر ہو جاتی ہے اور اُن چیزوں سے وہ ایسا بیزار ہو جاتا ہے جسطرح اپنے مقتضاء طبع کے اعتبار سے مضر رسان چیزیں اُس کو ناگوار معلوم ہوتی ہیں اس کے سبب سے بسا اوقات وہ شخص اُن چیزوں میں تعمق کرنے لگتا ہے اور اُس کو اس بات کا اعتقاد ہو جاتا ہے کہ ظاہر شرع کے اعتبار سے خدا اُس سے مواخذہ کریگا۔ اور یہ عقیدہ باطل ہے کیونکہ شرع طبائع بشری کے دستور کے موافق نازل ہوئی ہے اور زہد ایک قسم کا طبیعت بشریہ سے باہر ہو جاتا ہے بلکہ وہ خاص اُسکے نفس کے لئے بنظر اسکے مقام کی تکمیل کے خدا تعالیٰ کا حکم ہوتا ہے اور وہ تکلیف شرعی نہیں ہوتی اور بسا اوقات ایسی حالت میں وہ شخص اپنے مال کو ضائع کر دیتا ہے یا دریاؤں اور پہاڑوں پر پھینک دیتا ہے اور یہ ایسا غلبہ ہے کہ شرع سے اُس کی صحت نہیں اور نہ شرع نے اس غلبہ کو احکام زہد کے ظاہر ہونے کا مقام گردانا ہے بلکہ شرع نے جسکو احکام زہد کے ظاہر ہونے کا مقام گردانا ہے وہ دو چیزیں ہیں ایک تو یہ کہ جو چیز حاجت سے زیادہ ہے اور اس شخص کو ہنوز حاصل نہیں ہوئی ہے تو وہ شخص اُس کے طلب کرنے کی زحمت نہ اٹھائے بلکہ خدا تعالیٰ کے وعدہ پر اعتماد کرے جو دنیا میں اُس چیز کے پہونچنے اور آخرت میں ثواب کے ملنے کا کیا ہے دوسرے یہ کہ جو چیز اسکو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پاس سے ضائع ہو جائے اپنا دل اُسکے پیچھے نہ لگائے اور نہ اس کے لئے افسوس کرے بلکہ خدا تعالےٰ نے صابرین اور فقراء کے لئے جو وعدہ فرمایا ہے اُسپر یقین کرے۔ اور معلوم کرو کہ نفس کی جبلت میں عشقوں کیطرف میلان داخل کیا گیا ہے جبتک نورِ ایمانی کا اُسمیں ظہور نہ ہو ہمیشہ وہ اپنی فطری حالت پر قائم رہتا ہے جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام فرماتے ہیں وما ابرئ نفسی فان النفس لامارۃ بالسوء الا ما رحم ربی۔ اور میں نہیں بری کرتا ہوں اپنے نفس کو پھر بھی نفس برائی کا حکم کرتا ہے مگر جو میرا پروردگار رحم کرے پس مومن تمام عمر اپنے نفس کے ساتھ نورِ الٰہی کے آنے میں مجاہدہ کرتا رہتا ہے اور جب کوئی نفسانی خواہش پیدا ہوتی ہے تو خدا تعالےٰ کی طرف لبھی ہو کر اُسکے جلال اور عظمت اور فرمانبرداروں کے ثواب اور نافرمانوں کیلئے جو عذاب مقرر کیا ہے اُسکو یاد کرتا ہے اس سبب سے اُسکے قلب عقل میں حق کا خطرہ پیدا ہوتا ہے اور باطل کے خطرہ کو دور کر کے کان لم یکن کر دیتا ہے مگر عارف میں اور سرِ نو توبہ کرنیوالے میں فرق عظیم ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں خطروں کی مدافعت اور خطرہ حق کا خطرہ باطل پر غلبہ دلا کر نفس مطمئنہ اور اس عقل کے ادب کے ساتھ مودب ہے جو نورِ ایمانی سے منور ہو رہی ہے تو اس نفس کا حق کے تابع ہونا اور اگر نفس عاصی اور منکر ہے تو اُسکی سرکشی کا بیان بخل اور جود کے مسئلہ میں دو راہوں کے ساتھ جو ایک تنگ اور دوسری ٹھیک ہے بیان فرمایا ہے اور فرمایا ہے کہ بخیل اور صدقہ کرنیوالے کی مثال اُن دو شخصوں کی سی ہے جو لوہے کی زرہیں پہنے ہوئے ہیں اور اُن دونوں کے ہاتھ سینہ اور گردن کی طرف سکڑے ہوئے ہیں پس صدقہ کرنیوالا جب کوئی صدقہ کرتا ہے تب تو وہ زرہ پھیل جاتی ہے اور بخیل جب صدقہ کرنیکا قصد کرتا ہے تو وہ زرہ تنگ ہو جاتی ہے اور ہر کڑی اپنی جگہ پکڑ لیتی ہے میں کہتا ہوں جس شخص کا نفس جبلت یا کسب کے اعتبار سے مطمئنہ ہوتا ہے اور حق کا خطرہ ظاہر ہوتے ہی اُسکے نفس پر غالب اور اُسکا مالک ہو جاتا ہے۔ اور جس شخص کا نفس نافرمان اور منکر ہوتا ہے تو حق کا خطرہ اُسمیں موثر نہیں ہوتا بلکہ اُس سے دور ہو جاتا ہے۔ اور خدا تعالےٰ نے قرآن پاک میں عقل کے نورِ ایمانی کے ساتھ منور ہونے اور پھر نفس پر اُسکے نور کے فیض کا بیان اس آیت کریمہ میں فرمایا ہے۔ ان الذین اتقوا اذا مسھم طائف من الشیطان تذکروا فاذا ھم مبصرون۔ متقی لوگوں کو جب شیطان کیطرف سے پھرنیوالا چھو جاتا ہے تو ہوشیار ہو جاتے ہیں پھر ناگاہ انکو سوجھ ہو جاتی ہے۔ میں کہتا ہوں شہوتِ نفسانی کے روزن سے شیطان کو انسان کے باطن پر اطلاع ہو جاتی ہے اور اُس کے دل میں معصیت کی خواہش پیدا کر دیتا ہے پھر اُس شخص کو اپنے پروردگار کا جلال یاد آجاتا ہے اور اپنی گردن اُسکے روبرو جھکا دیتا ہے تب تو اُس شخص کی عقل میں نور پیدا ہوتا ہے اُسکا ابصار ہے پھر وہ نور قلب و نفس کیطرف ہو کر اُس خواہش کو دور کر دیتا ہے اور شیطان کو دفع کر دیتا ہے اللہ تبارک تعالےٰ فرماتا ہے وبشر الصابرین الذین اذا اصابتھم مصیبۃ قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون اولئک علیھم صلوات من ربھم ورحمۃ و اولئک ھم المھتدون میں کہتا ہوں انا للہ خطرہ حق کیطرف اشارہ ہے اور صلوات من ربھم ورحمۃ میں ان برکات کی طرف اشارہ ہے جو صبر سے پیدا ہوتے ہیں یعنی نفس کی نورانیت اور اُسکو تشبیہ بالملکوت کا حاصل ہونا اور اللہ پاک فرماتا ہے وما اصاب من مصیبۃ الا باذن اللہ ومن یومن باللہ یھد قلبہ الایۃ۔ اور نہیں پہونچتی کوئی مصیبت مگر خدا کے حکم سے اور جو شخص خدا پر ایمان لاتا ہے خدا اُسکے قلب کو ہدایت دیتا ہے میں کہتا ہوں باذن اللہ میں تقدیر کیطرف

صحیفہ بلاغت ورہنمائی سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اشارہ ہے اور من یومن باللہ میں عقل سے قلب و نفس کیطرف خطرہ ایمانی کے نازل ہونیکا اشارہ ہے۔ اور منجملہ احوال نفس کی نیت ہے اسکے یہ معنی ہیں کہ نفس کو اپنی خواہشوں سے غیبت ہو جائے جیسا کہ عامر بن عبداللہ کہتے ہیں۔ مجھے پرواہ نہیں ہوتی کہ میں نے عورت کو دیکھا یا دیوار کو اور امام اوزاعی سے کسی نے کہا کہ ہم نے تمہاری باندی زرقا کو بازار میں دیکھا انہوں نے فرمایا کہ کیا وہ زرقا تھی اور منجملہ احوال النفس کے محق ہے اور وہ اس حالت کا نام ہے کہ آدمی کو کھانے اور پینے کا اتنی مدت تک دھیان نہ رہے کہ عادتاً ایسا نہیں ہوتا اسکا منشا یہ ہوتا ہے کہ اس شخص کے نفس کو عقل کیجانب توجہ ہوتی ہے اور نور الٰہی سے اسکی عقل لبریز ہو جاتی ہے اور اس سے بڑھکر یہ ہوتا ہے کہ نفس کی طرف خدا کے نور کا نزول ہوتا ہے اور وہ نور اسکے لئے خورد و نوش کے قائم مقام ہو جاتا ہے چنانچہ سرور عالم صلعم نے فرمایا ہے میرا حال تمہارا سا نہیں ہے میں اپنے پروردگار کے پاس شب گذاری کرتا ہوں وہ مجھکو کھلاتا پلاتا ہے اور معلوم کرو کہ قلب عقل و نفس کے بین ہے اسلئے تسامح کے طور پر تمام مقامات یا اکثر مقامات کو قلب کیطرف منسوب کیا جاتا ہے چنانچہ بہت سی آیات و احادیث میں یہ استعمال میں آیا ہے پس یہ نکتہ یاد رکھنے کے قابل ہے اور معلوم کرو کہ نفس سبعی اور قلب سبعی کی خواہشوں میں سے ہر قسم کی خواہش کے ساتھ نور ایمانی کو جو مدافعت ہوتی ہے اسکا نام جدا ہوتا ہے۔ آنحضرت صلعم نے ان اقسام میں سے ہر ایک کے نام اور اسکے وصف پر مطلع فرمایا ہے پس جب عقل کو خواطر حقہ کے روشن ہونے کا ملکہ اور نفس کو ان خواطر کے قبول کرنیکا ملکہ ہو جاتا ہے تو وہ ایک مقام کہلایا جاتا ہے مثلاً اگر پریشانی کے دفع کرنے کا ملکہ ہوتا ہے تو اسکا نام مصیبت پر صبر کرنا ہوتا ہے اور اسکی جگہ قلب ہے اور آرام اور فراغت کے مدافعت کے ملکہ کا نام اجتہاد ہے اور صبر بر طاعت ہے اور حدود شرعیہ کی مخالفت کی خواہش کے ساتھ موافقت کرنے کا ملکہ خواہ وہ مخالفت بطور کاہلی کے ہو یا ان حدود کے اضداد کی طرف میلان کے اعتبار سے ہو بہر حال اس ملکہ کا نام تقوی ہے اور کبھی تقوی کا اطلاق لطائف ثلثہ کے تمام مقامات بلکہ ان اعمال پر بھی آتا ہے جو ان مقامات سے پیدا ہوتے ہیں اور اسی اخیر استعمال کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے ہدی للمتقین الذین یومنون بالغیب۔ اور حرص کی خواہش کے ساتھ مدافعت کے ملکہ کا نام قناعت ہے اور عجلت کی خواہش کے ساتھ مدافعت کے ملکہ کا نام تانی ہے اور غصہ کی خواہش کیساتھ مدافعت کے ملکہ کا نام حلم ہے اور اس کا مقام قلب ہے اور شہوت فرج کی خواہش کے ساتھ مدافعت کے ملکہ کا نام عفت ہے اور زبان زوری اور بیہودہ کلام کی خواہش کے ساتھ مدافعت کے ملکہ کا نام صمت اور سعی ہے اور غلبہ کی خواہش کے ساتھ مدافعت کے ملکہ کا نام خمول ہے اور محبت و عداوت وغیرہ میں تاون کی خواہش کی مدافعت کے ملکہ کا نام استقامت ہے اور اسکے علاوہ بہت سی دواعی و خواہشیں ہیں اور انکی مدافعتوں کے نام جابجا ہیں اس کتاب کے فن اخلاق میں آگے بحث کیجائیگی۔

طلب رزق کے ابواب کا بیان

معلوم کرو کہ جب خدا تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا اور زمین میں انکی روزی مقرر کی اور زمین کی پیداوار سب کے لئے انتفاع مباح کیا تو اب انمیں حرص و نزاع واقع ہوا۔ اسوقت میں خدائے پاک کا حکم یہ ہوا کہ کوئی شخص دوسرے

مکتبہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شخص سے اُس چیز میں جو اُسکے لئے مخصوص کی گئی ہے مزاحمت نکر سکے خواہ وہ اختصاص اسلئے ہو کہ اوروں سے پیشتر اُس شخص نے یا اُسکے مورث نے اس چیز پر قبضہ کیا ہے یا کسی دوسری وجہ سے ہو جس کا لوگوں میں اعتبار ہے بجز تبادلہ یا باہمی رضامندی کے جسکا مدار علم ہو فریب و دھوکہ کا اُسمیں دخل نہ ہو اور نیز چونکہ انسان مدنی الطبع ہے اور اُنکی روزی بغیر باہمی معاونت کے قائم نہیں ہوتی اس لئے خدا کیطرف سے معاونت کے واجب ہونیکا حکم نازل ہوا کہ انمیں سے کوئی شخص بدوں حاجت ضروری سے خالی نہ ہو اُس چیز سے جسکو تمدن میں دخل ہے اور نیز اصل ذریعہ اصول مباحہ کا جمع کرنا یا اموال مباحہ کی مدد سے اُس مال کا بڑھانا جیسے چرانے سے مویشی کی نسل کا بڑھانا اور زمین کی اصلاح اور پانی دینے سے زراعت کرنا اور اس میں یہ شرط ہے کہ بعض لوگ بعض پر تنگی نہ کریں جس سے تمدن کا فساد لازم آئے لوگوں کے مال کا معاش سے بڑھنا ایک ایسی چیز ہے کہ بجز اُسکے شہر کے حال کا قائم رہنا یا تو ممکن ہے یا دشوار ہے مثلاً ایک شخص ایک شہر سے دوسرے شہر میں تجارت کا مال لاتا ہے اور ایک مدت معین تک اُس مال کی حفاظت کرتا ہے اور ایک شخص اپنی کوشش و عمل سے دلالی کرتا ہے اور کوئی شخص مال کے لئے ایک جدید اور پسندیدہ صفت پیدا کرتا ہے اور لوگوں کے مال کی اصلاح کرتا ہے پس اُنکے مال کا بڑھانا اُس ذریعہ سے ہو کہ اُسمیں لوگوں کی معاونت کو دخل نہ ہو جیسے قمار بازی یا باہمی ایسی رضامندی سے ہو جسمیں مجبور ہونیکے معنی پائے جاتے ہوں جیسے سود میں کیونکہ آدمی تنگدست ہو کر اپنے اوپر اُس چیز کو لازم کر لیتا ہے جسکا ایفا نہیں کر سکتا اور اُسکی رضامندی حقیقت میں رضامندی نہیں ہے پس یہ عقود اسباب صالحہ اور پسندیدہ عقود کے قبیلہ سے نہیں ہیں بلکہ اصل حکمت مدنیہ کے اعتبار سے یہ عقود باطل اور حرام ہیں اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من احیی ارضا میتۃ فھی لہ۔ جو شخص کسی بنجر زمین کو بنا دے پس وہ اُسی کی ہے۔ میں کہتا ہوں اسکی اصل وہ ہے جسکی طرف ہم اشارہ کر چکے کہ سب خدا تعالےٰ کا مال ہے اور فی الحقیقت اُس میں کسی کا حق نہیں ہے مگر چونکہ خدا تعالےٰ نے زمین اور زمین کی چیزوں سے نفع حاصل کرنے کو مباح کیا ہے لہذا لوگوں میں حرص پیدا ہوئی اور اسوقت میں یہ حکم دینا مناسب ہوا کہ کوئی شخص جس نے بلا کسی ضرر پہونچانے ایک چیز پر قبضہ کر لیا ہے اُس سے وہ چیز چھینی جاوے اور جب ایک شخص بنجر زمین کو جو شہروں اور نہ شہروں کے گرد ہے آباد کرے تو وہ شخص سب سے پیشتر اُسکا قابض ہوا اور کسی کی ضرر رسانی بھی اُسنے نہیں کی پس اُس شخص سے اُس زمین کو نکال لینا مناسب ہے اور تمام زمین فی الحقیقت بمنزلہ مسجد یا رباط کے ہے جو مسافروں کے لئے وقف کیجاتی ہے اور سب مسافر لوگ رباط میں شریک ہیں اور ہر قدم کو اپنے موخر پر تقدم ہے اور آدمی کے حق میں ملک کے معنی یہ ہیں کہ بہ نسبت دوسرے کے انتفاع کے ساتھ وہ شخص سزاوار ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے عادی الارض للہ و رسولہ ثم ھی لکم منی۔ عادی زمین خدا اور اُسکے رسول کے لئے ہے پھر وہ میری طرف سے تمہارے لئے ہے معلوم کرو کہ عادی زمین اُس زمین کو کہتے ہیں کہ جسکے باشندے ہلاک ہو جاویں اور کوئی شخص دعوے اور مخاصمت اور اپنے مورث کے سبب سے پیشتر قبضہ کیساتھ حجت کرنیوالا باقی نہ رہا ہو پس ایسی حالت میں اس زمین سے بنی آدم کی ملکیت قطع ہو گئی اور وہ زمین خالص خدا تعالےٰ کی ملک ہو گئی اور اُس کا حکم اس زمین کا سا ہو گیا جو کبھی آباد نہیں ہوئی اس لئے کہ ملک کے معنی ہم بیان کر چکے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے لاحمی الاللہ و رسولہ۔ کہ چراگاہ بجز خدا اور اسکے رسول کے کسی کی نہیں میں کہتا ہوں چونکہ گھاس کے رکھانے میں لوگوں پر تنگی اور ظلم اور ضرر رسانی ہے لہذا اس سے نہی کی گئی اور آپ اس سے اسلئے مستثنے کئے گئے کہ خدا تعالے نے آپکو میزان عدل عطا فرمائی تھی اور اس بات سے خدا تعالے نے آپکو محفوظ کیا ہے۔ کہ کوئی ناجائز بات آپسے صادر ہو اور ہم بیان کر چکے ہیں کہ جن امور کا مبنی احتمالات غالبہ پر ہوتا ہے انسے آپکی ذات مبارک مستثنے ہوتی ہے اور جن امور کا مبنی تہذیب نفس وغیرہ پر ہوتا ہے وہ امور آنحضرت صلعم اور آپکی امت پر برابر لازم ہوتے ہیں اور آنحضرت صلعم نے سیل مہرو زمین یہ حکم دیا کہ جبتک ٹخنوں تک پانی پہونچے روک لیا جائے پھر اوپر والا نیچے والے کو چھوڑ دے اور زبیر رضی اللہ عنہ کے مخاصمت کے قصہ میں یہ فیصلہ کیا کہ اے زبیر پہلے تو اپنی زمین کو پانی دے لے پھر اسکو یہانتک روک لے کہ دیوار دنکی جڑ تک آجائے پھر اپنے جار کیلئے چھوڑ دے۔ میں کہتا ہوں کہ اصل اسمیں یہ ہے جب ایک مباح چیز میں لوگوں کے حقوق بہ ترتیب متعلق ہوئے ہیں لہذا واجب ہے کہ ہر شخص کیلئے جو کم از کم معتدبہ فائدہ حاصل ہو سکے اسکی مقدار میں بھی ترتیب کی رعایت کی جاے کیونکہ اگر قریب کو مقدم نہ کیا جاے تو اسمیں تحکم و ضرر رسانی ہے اور اگر درجہ بدرجہ ہر شخص کامل طور سے فائدہ نہ حاصل کرے تو حق نہیں حاصل ہوتا۔ اس اصل کے موافق اس حد تک پانی کے روکنے کا حکم دیا کہ ٹخنوں تک آجائے اور ٹخنوں تک اور جڑ دیوار تک قریب قریب ہے کیونکہ وہ دیوار تک پہونچنے کی شروع حد ہے اور جبتک پانی ٹخنوں سے نیچے ہے اسکو زمین جذب کر سکتی ہے اور دیواروں تک نہیں پہونچ سکتا۔

اور ایک مرتبہ آپ نے ابیض بن حمال ماربی کو نمک جو مارب میں تھا عطا فرمایا پھر کسی نے آپ سے عرض کیا آپ نے تو اسکو بے انتہا مال عطا فرمایا راوی کہتا ہے کہ آپ نے پھر اس سے واپس لے لیا میں کہتا ہوں بلاشک جو ایک کھلی ہوئی کان ہے اور اسمیں بہت محنت کی حاجت نہیں ہے مسلمانوں میں سے ایک شخص کے لئے اسکے عطا کرنیمیں انکو ضرر رسانی اور تنگ کرنا ہے۔ اور آنحضرت صلعم سے کسی نے لقطہ کی نسبت دریافت کیا آپ نے فرمایا اسکی ظرف اور وہانہ بند کو شناخت کر پھر ایک برس تک اسکی شناخت کرا پس اگر اسکا مالک آجاے تب تو بہتر ہے ورنہ تجھے اسکا اختیار ہے۔ پھر اسنے عرض کیا کہ پھر گم شدہ بکری کا کیا حکم ہے تو آپ نے فرمایا کہ وہ تیری ہے یا تیرے بھائی مسلمان کی ہے یا بھیڑیئے کی ہے پھر اسنے عرض کیا کہ گم شدہ اونٹ کا کیا حکم ہے تو آپ نے فرمایا اس سے تجھکو کیا مطلب ہے اسکے ساتھ اسکی مشک یعنی پیٹھ اور اسکے قدم ہیں پانی پیگا اور درختوں کو کھائیگا یہانتک کہ اس کو اسکا مالک ملجائے اور جابر نے فرمایا ہے کہ آنحضرت صلعم نے ہاتھ کی لکڑی اور کوڑے اور رسی وغیرہ کی اجازت دی ہے کہ کوئی اسکا اٹھا کر نفع حاصل کر سکتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ معلوم کر لقطہ کا حکم اسی کلیہ مذکورہ سے ماخوذ ہے پس جن چیزوں سے انکا مالک مستغنی ہو اور انکے گر جانے کے بعد وہ لوٹ کر نہ آوے یعنی حقیر چیز ہو تو اسکا مالک میں داخل کر لینا جائز ہے بشرطیکہ اس بات کا گمان غالب ہو کہ اسکا مالک وہاں موجود نہیں ہے اور نہ لوٹ کر وہاں واپس آسکتا ہے کیونکہ وہ چیز خدا تعالے کے ملک میں داخل ہو کر مباح ہو گئی اور اگر کسی قدر قیمتی چیز ہے جسکی انسان جستجو کرتا ہے اور اسکی تلاش کرنے کو واپس آجاتا

لقطہ

بکری

اونٹ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے تو ایسی چیز کا اعلان کرنا ضروری ہے چنانچہ ایسی چیزوں کی شناخت کرانے اور اعلان کرنیکا دستور جاری ہے
اُسوقت تک کہ اُسکے مالک کے واپس نہ آنیکا گمان غالب ہو جائے اور گم شدہ بکری وغیرہ کا پکڑ لینا مستحب ہے کیونکہ اُس
نے اگر اُسکو نہ پکڑا تو اُسکے ضائع ہونیکا احتمال ہے اور اونٹ وغیرہ کا پکڑنا مکروہ ہے اور معلوم کرو کہ ہر مبادلہ میں چند باتیں ضرور
ہوتی ہیں ایک تو عاقدین اور ایک عوضین اور ایک وہ چیز جو عاقدین کے اس مبادلہ سے راضی ہونے پر ظاہری دلیل
ہوتی ہے جو اُنکے منازعت کو قطع کرنیوالی اور عاقدین پر عقد کو لازم کرنیوالی ہوتی ہے عاقدین میں یہ شرط ہے کہ وہ
دونوں آزاد و عاقل و نفع و نقصان کے پہچاننے والے اور اُس عقد کو بصیرت اور ثبات کے ساتھ کرنیوالے ہوں
اور عوضین میں شرط ہے کہ وہ دونوں قابل انتفاع اور قابل رغبت ہوں اور لوگ اُس قسم کے مال کیطرف حرص کرتے
ہوں اور وہ مال اُن چیزوں سے نہ ہو جو ہر شخص کے لئے مباح ہے اور نہ اس قسم کا مال ہو کہ لوگوں کا اُسمیں قابل
اعتبار فائدہ نہ ہوتا اور نہ وہ عقد اس قبیلہ سے نہ ہوگا جس کو خدا تعالےٰ نے اپنی مخلوق کے لئے مقرر فرمایا ہے یا وہ
عقد بیکار ہوگا یا اُسمیں کوئی مضمنی فائدہ کی رعایت ہوگی جس کا ظاہر میں ذکر نہیں پایا جاتا اور منجملہ مفاسد کے یہ ایک
فساد ہے کیونکہ اِس عقد کا کرنیوالا اس بات کا امیدوار ہوتا ہے کہ جس چیز کا اُس نے ارادہ کیا ہے وہ اُسکو نہ ملیگی
پس وہ شخص ناامیدی کے ساتھ سکوت کرتا ہے یا کسی حق کے جو لوگوں کیساتھ متعلق ہوا ہو وہ شخص جھگڑا کرتا ہے
اور جس چیز سے عاقدین کی رضامندی معلوم ہوتی ہے اُسمیں یہ شرط ہے کہ وہ ظاہری امر ہو جس سے لوگوں کے سامنے
مواخذہ کر سکیں اور اُس شخص کو بالحجت قائم کئے زیادتی کرنیکا موقع نہ ہو اور اس باب میں زیادہ ظاہر چیز زبان سے
تعبیر کرنا ہے اور پھر اس وجہ سے لین دین کرنا جسمیں شک باقی نہ رہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے البیعان
کل واحد منہما بالخیار علی صاحبہ مالم یتفرقا الا بیع الخیار۔ بائع اور مشتری میں سے ہر ایک کو دوسرے پر اختیار ہے جبتک
وہ دونوں جدا نہ ہوں بجز بیع الخیار کے میں کہتا ہوں معلوم کرو کہ ایک ایسے امر کا ہونا ضروری ہے جو ہر ایک کے حق کو
دوسرے کے حق سے جدا کر سکے اور بیع کے رد کرنے میں ان دونوں کے اختیار کو دور کر سکے اور اگر ایسا امر قاطع
نہ پایا جائے تو ہر شخص دوسرے کو ضرر پہونچا سکتا ہے اور نیز وہ شے جسکے قبضہ میں ہے اسمیں اس خوف سے
وہ تصرف نہیں کرتا کہ دوسرا اُسکا اقالہ نہ کرے اور اس جگہ ایک دوسرا امر ہے یعنی وہ لفظ جس سے عاقدین کی اس
عقد سے رضامندی اور انکا عزم معلوم ہو اور وہ قاطع یہ لفظ نہیں ہو سکتا کیونکہ اس قسم کے الفاظ تلطف اور قیمت کرتے
وقت مستعمل ہوتے ہیں اسلئے کہ جبتک ایک مقدار کے ساتھ یقین نہ ظاہر کیا جاوے ان دونوں کا راضی ہونا ناممکن
ہے اور نیز لوگوں کی زبان ایسے وقت میں رغبت دلی کی صورت ہوتی ہے اور الفاظ میں باہم فرق کرنے سے حرج عظیم
لازم آتا ہے اور ایسے ہی جانبین سے داد و ستد کرنا ہے کیونکہ ہر شخص کو اپنے مطلوب کے لینے کی ضرورت ہوتی
ہے اسلئے کہ اُس چیز کو دیکھنے اور اُسمیں تامل کرنے کے لئے خریدتا ہے اور ایک لینے کو دوسرے لینے سے فرق
کرنا آسان ہے اور یہ بھی جائز نہیں کہ وہ قاطع پوشیدہ شے ہو اور نہ یہ ممکن ہے کہ زیادہ مدت مثلاً ایک روز یا اُس سے
زیادہ قاطع مقرر کیجاوے کیونکہ بہت سی چیزوں سے دن کے دن نفع لینا مطلوب ہوتا ہے لہٰذا ضروری ہوا کہ وہ قاطع

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تفرق مجلس گردانا جائے کیونکہ اس بات کا دستور جاری ہے کہ عقد کیوقت عاقدین جمع ہوجاتے ہیں اور اسکی نرمی کے بعد جدا جدا ہوجاتے ہیں اور اگر تمام عرب وعجم کے ہر قسم کے لوگوں کا تفحص کیا جائے تو یہ بات معلوم ہوجائیگی کہ ان میں اکثر تفرق کے بعد بیع کے رد کرنے کو جور وظلم خیال کرتے ہیں اور تفرق سے قبل یہ خیال نہیں کرتے بارخدایا اگر جو شخص اپنی فطرت کو بدلڈالے اور شرائع الہیہ کا نزول انہیں احکام کیساتھ ہوتا ہے جن کو نفوس عامہ وعمتا قبول کرلیتے ہیں اور چونکہ بعض لوگ عقد کے بعد اس خیال سے کہ انکو اس عقد میں نفع ہوا ہے پوشیدہ طور پر جلد یتے ہیں اور دوسرے عاقد کے اقالہ کرنے کو ناگوار سمجھتے ہیں اسمیں چونکہ قلب موضوع لازم آتا ہے لہذا آنحضرت صلعم نے اس سے نہی فرمائی ولا یحل لہ ان یفارق صاحبہ خشیتہ ان یستقیلہ۔ اسکو رد انہیں ہے کہ اقالہ کے خوف سے اپنے ساتھی کو چھوڑ کر چلا جائے پس ان دونوں کو لازم ہے کہ وہ دونوں اپنے حال پر قائم رہیں اور ہر شخص دوسرے کے سامنے جدا ہو، اور معلوم کرو مثلاً اگر دس ہزار انسان ایک شہر میں جمع ہوں تو سیاست مدینہ کو انکے پیشوں سے بحث ہوتی ہے پھر اگر وہ لوگ کثرت سے صناع اور سیاست بلد میں مشغول ہوں اور انمیں سے تھوڑے لوگ مویشیوں کے چرانے اور زراعت کے پیشہ میں مشغول ہوں تو دنیا کے اعتبار سے انکی حالت خراب ہوجائیگی اور اگر شراب اور بت بنانے کا پیشہ اختیار کریں تو اسمیں لوگوں کو ان چیزوں کے اس طور پر استعمال کرنیکی رغبت ہوگی جو ان کے استعمال کا دستور ہے اور اسمیں دین کے اعتبار سے ان لوگوں کی ہلاکت ہے، اور اگر پیشوں کے پیشہ وروں پر اس دستور کے موافق تقسیم کیجائے جو حکمت کا مقتضی ہے اور جو لوگ برے پیشے کرتے ہیں انکو اس سے روکا جائے تو لوگوں کی حالت درست ہوسکتی ہے اور اسی طرح شہروں کے خراب ہونیکی یہ صورت ہے کہ رؤسا کو تکلف تکلف زیور اور لباس ومکانات دکھانے وحسین وجمیل عورتوں کیطرف رغبت دلائی جاوے اور علےٰ ہذا القیاس جتنی چیزیں ان تدابیر ضروریہ کے مقتضی ہیں جن کے بغیر آدمی کو چارہ نہیں ہے اور تمام عرب وعجم کا اس پر اتفاق ہے ضروری ہیں پھر طبیعیہ میں تصرف کرکے لوگ ایسے پیشے اختیار کریں جنسے رؤسا کی خواہشیں پوری ہوں مثلاً ایک قوم لڑکیوں کو ناچنا گانا اور حرکات تناسبہ لذیذہ کے سکھانے کیطرف متوجہ ہو اور کچھ لوگ کپڑوں کے اندر قسم قسم کے خوشرنگ اور طرح طرح کے حیوانات اور درختوں کی صورتیں اور عجیب عجیب نقش ونگار بنانے کی طرف متوجہ ہوں اور کچھ لوگ سونے اور قیمتی جواہرات میں عجیب وغریب صنعتیں نکالنے کیطرف متوجہ ہوں؛ اور کچھ لوگ بلند بلند مکان بنانے اور انکے نقش ونگار کرنیکا پیشہ اختیار کریں؛ پس جب لوگوں کی ایک جماعت کثیر ان پیشوں کی طرف متوجہ ہوگی تو ضرور ہے کہ اسی قدر زراعت وتجارت لوگوں سے متروک ہوجاویگی اور جب شہر کے لوگ ان باتوں میں وقت صرف کرینگے تو اسی قدر شہر کی مصلحتوں میں کوتاہی ہوگی اس کا انجام یہ ہوگا کہ جو لوگ ضروری پیشے کرتے ہیں ان کو اسمیں دقت ہوگی بسبب نکس مقرر ہونے کے یعنی کاشتکار وتجار واہل صنعت لوگوں کو اور اسمیں شہر کے لئے ضرر ہے جو اس کے ایک جزو سے دوسرے جزو تک متعدی ہوکر تمام شہر کو وہ ضرر عام ہوجائیگا جس طرح کتے کا ضرر اس شخص کے بدن میں اثر کرجاتا ہے جسکو کتا کاٹتا ہے؛ یہ جس قدر ہم نے بیان کیا دنیا کے اعتبار سے انکو ضرر پہونچنے کا بیان ہے اور کمال اخروی کیطرف پہونچنے میں جو انکو ضرر پہونچتا ہے وہ مستغنی عن البیان ہے اور یہ مرض عجم کے ملک میں بکثرت پھیلا ہوا تھا لیکن خدا تعالےٰ نے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے دلمیں اس بات کا القاء فرمایا کہ اس مرض کا مادہ بالکل قطع کرکے اُسکا علاج کیا جائے پھر آنحضرت صلعم نے اُن چیزوں کے غالب نشاء کیطرف ملاحظہ فرمایا۔

بیع کے اُن اقسام کا بیان جن سے شرع میں ممانعت کیگئی ہے

معلوم کرو کہ جو شرع میں حرام اور باطل ہے اسلئے کہ وہ فی الحقیقت لوگوں سے مال کا چھین لینا ہے اور اُسکا منبا اتباع جہل و حرص اور ارزو ے باطل اور فریب پر ہے، یہ باتیں اُس شخص کو شرطوں پر آمادہ کرتی ہیں اور اُسکو تمدن و تعاون میں کچھ دخل نہیں ہے اور جس شخص کو نقصان پہونچا ہے اُس شخص کا سکوت غصہ و ناامیدی کے ساتھ ہوتا ہے اور اگر وہ شخص مخاصمت کرے تو اُسکی مخاصمت ایسی چیز میں پائی جاتی ہے جو اُس نے خود اپنی ذات پر لازم کی ہے اور قصداً اُسمیں پڑا ہے۔ اور دوسرے شخص کو اُسکا مزہ پڑجاتا ہے اور تھوڑے سے بہت کیطرف اُسکی خواہش پیدا ہوتی ہے اور بوجہ حرص کے وہ عیب اُس سے نہیں ترک ہوتا اور تھوڑی سی دیر میں اُسکو بھی ضرر پہنچ جاتا ہے اور جُوے کی عادت ڈالنے میں مال کا خراب کرنا اور جھگڑوں کا پیدا کرنا اور تدابیر مطلوبہ کا ترک کرنا اور معاونت سے جو تمدن کا دار مدار ہے اعراض کرنا ہے اور معائنہ کرنیکے بعد ہمارے بیان کرنے کی کچھ حاجت نہیں ہے کہیں تم نے جواریوں کو ان باتوں سے خالی نہ دیکھا ہوگا اور اسی طرح سود ہے اور وہ اس سے عبارت ہے کہ مقروض نے جتنا قرضہ لیا ہے اُس سے زیادہ یا بہتر کو ادا کرے یہ حرام و باطل ہے اس لئے کہ تمام مقروضوں کا یہ قاعدہ ہے کہ اس قسم کا قرضہ اپنی حاجت اور پریشانی کیوجہ سے لے تو لیتے ہیں لیکن حسب وعدہ اُس کا ایفاء کرنے سے دو چند سہ چند ہوتا چلا جاتا ہے کہ اُس سے خلاصی کبھی ممکن ہی نہیں اور اسمیں منافشات عظیمہ اور خصومات عامہ کا مظنہ ہے اور جبکہ مال کے بڑھانیکا اس طرح طریقہ و رسم ہوجاویگا تو اسکی وجہ سے کھیتیاں اور تمام صنعتیں متروک ہوجاوینگی جو تمام پیشوں کی جڑ ہیں اور سود سے زیادہ تمام عقود میں کوئی ایسا عقد نہیں ہے جو خصومت اور پروائی میں اُس سے زیادہ ہو اور یہ دونوں پیشے بمنزلہ سکہ کے ہیں کہ جو کمانے کے طریقے خدا تعالےٰ نے اپنے بندوں کے لئے مشروع فرمائے ہیں اُنکو بیع کو یہ قطع کرتے ہیں اور ان دونوں میں برائی اور نزاع ہوتا ہے اور ایسے امور میں شارع کو اختیار ہوتا ہے یا تو اُن کے لئے کوئی حد مقرر فرماوے اور اس حد سے کم مقدار میں رخصت عطا فرماوے اور اُس حد سے زیادہ میں نہی کی تغلیظ یا بالکل اُس سے منع فرماوے اور جُوے و سود کی عرب میں عادت تھی اور انکے سبب سے بے انتہا قصے و جھگڑے پیدا ہوتے تھے اور ان دونوں تھوڑے سے بہت ہوجاتا تھا پس اس سے زیادہ مناسب اور سزاوار کوئی صورت نہ تھی کہ اُن میں برائی اور فساد کے حکم کی پوری طور پر رعایت کی جائے اور اُسکو برقرار رکھا جاوے لہذا اُن دونوں سے بالکل نہی فرمائی جاوے اور معلوم کرنا چاہئے کہ سود کی دو قسمیں ہیں ایک تو سود حقیقی دوسرے وہ جو حقیقی پر محمول ہے سود حقیقی تو قرض میں ہوتا ہے اور ہم اس بات کو بیان کر چکے ہیں کہ اُس میں معاملات کے موضوع کا بدلنا ہے اور ایام جاہلیت میں لوگ اسکے اندر نہایت منہمک ہو رہے تھے اور اُسکے سبب سے بڑی بڑی لڑائیاں پھیل گئی تھیں اور جہاں کسی نے تھوڑا سا سود دے لیا پھر اُسکو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بہت کی خواہش ہوتی تھی لہذا اس دروازہ کا بالکل بند کرنا واجبات سے ہوا اسلئے قرآن میں اس کے باب میں جو کچھ نازل ہوا اور دوسری قسم کا سود یہ ہے کہ خرید و فروخت میں زیادتی کے ساتھ میں لین دین ہو اور اسکی حجت یہ حدیث ہے

الذہب بالذہب والفضۃ بالفضۃ والبر بالبر والشعیر بالشعیر والتمر بالتمر والملح بالملح مثلا بمثل سواء بسواء یدا بید فاذا اختلفت ہذہ الاصناف فبیعوا کیف شئتم اذا کان یدا بید۔ غرید و تم سونے کو ساتھ سونے کے اور چاندی کو چاندی کے ساتھ اور گیہوں کو گیہوں سے اور جو کو جو کے ساتھ اور چھوارے کو چھوارے سے اور نمک کو نمک سے مثل کو مثل کے ساتھ برابر برابر دست بدست اور پھر یہ جنسیں مختلف ہوں تو جیسے چاہو فروخت کرو بشرطیکہ دست بدست ہو۔ اسکا نام تاکید و تغلیظ اور سود حقیقی کے مشابہت کے سبب سے ربوا رکھا ہے جیسا آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے المنجم کاہن۔ نجومی کاہن ہے اس سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس حدیث کے معنی بھی مفہوم ہو سکتے ہیں لا ربوا الا فی النسیئۃ کہ نہیں ہے سود مگر قرض میں۔ پھر شرع کے اندر کثرت سے سود کا استعمال اس معنی میں آیا ہے حتی کہ ربا کا اطلاق ان معنی میں بھی حقیقت شرعیہ کے اعتبار سے مستعمل ہوتا ہے واللہ اعلم۔ اور حرام ہونیکے اندر حکمت یہ ہے کہ خدا کو نہایت عیش پسندی شہریر کا لباس پہننا ناپسند ہے اور علی ہذا القیاس وہ اتفاقات جنمیں طلب دنیا کے اندر منہمک ہونے کی حاجت پڑتی ہے جیسے سونے چاندی کے برتنوں کا استعمال کرنا ان زیورات کا پہننا جو بڑے بڑے زیور ہیں اور گھڑکر بنائے جاتے ہیں جیسے کنگن اور گوجری اور ہنسلی وغیرہ۔ اور کھانے پینے میں زیادہ تکلف کرنا کیونکہ یہ امور لوگوں کو اسفل السافلین میں گرا دیتے ہیں اور انکی فکروں کو تاریک رنگوں کیطرف پھیر دیتے ہیں اور رفاہیت فی الحقیقت ہر اتفاق میں عمدہ چیز کی آرزو کرنے اور ناقص چیز سے اعراض کرنیکا نام ہے اور نہایت کامل درجہ کی رفاہیت یہ ہے کہ ایک ہی جنس میں جید و ردی کا لحاظ کیا جاوے اور اسکی تفصیل یہ ہے کہ انسان کی زندگی کیلئے کسی نہ کسی قسم کی سوزی اور کوئی نہ کوئی نقد ہونا ضروری ہے اور تمام اقسام کی قوت اور تمام اقسام کے نقود کیساتھ ایک ہی طرح کی اضطرار ہے اور دونوں میں سے ایک کا دوسرے سے مبادلہ کرنا ان اتفاقات کے اصول میں سے ہے کہ جنکے بغیر چارہ نہیں ہے اور کسی چیز کو کسی چیز کے ساتھ جو اسکی جگہ کافی ہو سکے مبادلہ کی حاجت نہیں ہے مگر ہاں نیمہ لوگوں کے مزاج اور انکی عادات کا اختلاف اس بات کا موجب ہے کہ تعیش میں انکے درجے مختلف و متفاوت ہوں چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے نحن قسمنا بینہم معیشتہم فی الحیوۃ الدنیا ورفعنا بعضہم فوق بعض درجت لیتخذ بعضہم بعضا سخریا۔ ہم نے انکی زندگی میں انکی روزی بانٹ دی ہے اور بعض کے بعض پر درجے بلند کئے تاکہ انمیں بعض بعض پر تمسخر کریں۔ پس ان میں سے بعض لوگ چانول و گیہوں کھاتے ہیں اور بعض جو اور جوار اور بعض چاندی کا زیور پہنتے ہیں اور لوگوں کا باہم مثلاً چانول و گیہوں کی قسموں میں متمیز ہونا اور بعض کی بعض پر فضیلت اور اسیطرح سونے اور اسکے دستور کے اقسام میں باریک باریک صنعتوں کا لحاظ کرنا اہل اسراف و عجمی لوگوں کا دستور ہے اور ان باتوں کا اہتمام کرنا فی الحقیقت دنیا میں غرق ہو جانا ہے پس مصلحت شرعی کا یہی مقتضی ہوا کہ اس دروازے کو بند کیا جاوے اب فقہا کی سمجھ میں یہ بات آئی کہ ان چھ چیزوں کے سوا جنکی حدیث شریف میں تصریح آئی ہے اور چیزوں میں بھی سود جاری ہوتا ہے

ویکھیے دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور جو چیز ان چھ مذکورہ میں سے کسی کے ساتھ ملحق ہے اُسکی طرف بھی سود کا حکم جاری ہوتا ہے پھر اُسکی علت دریافت کرنیمیں باہم فقہا کے اختلاف ہوا اور قوانین شرعیہ کے اعتبار سے زیادہ تر موافق یہ ہے کہ سونے چاندی میں اُسکی علت ثمنیت ہو مگر یہ علت انہیں دونوں کے ساتھ مختص ہے اور باقی چار میں اُسکی علت یہ ہے کہ وہ شے اس قابل ہو کہ قوت کے لئے اس کو جمع کر سکیں اور نمک پرودا اور مصالحوں کو قیاس نہیں کر سکتے کیونکہ کھانے کو جسقدر نمک کیطرف حاجت ہے وہ حاجت کسی چیز کی طرف نہیں ہے بلکہ اُس حاجت کا دسواں حصہ بھی نہیں ہے پس نمک قوت کا جزو اور بمنزلہ قوت کے ہے بخلاف اور چیزوں کے۔ اور یہ علت ہمکو اسلئے معلوم ہوئی کہ شرع نے بہت سے احکام میں ثمنیت کا لحاظ کیا ہے مثلاً مجلس عقد میں تقابض البدلین کا ضروری ہونا وغیرہ اور اس لئے کہ حدیث شریف میں طعام کا لفظ بھی وارد ہوا ہے اور طعام کے عرف میں دو معنی آتے ہیں ایک تو طعام صرف گیہوں کو کہتے ہیں اور وہ یہاں مراد نہیں ہو سکتا اور دوسرے مطلقاً اُس چیز کو طعام کہتے ہیں جو قوت کے لئے جمع کیا جاسے یہی سبب ہے کہ طعام کا لفظ میوجات اور مصالحہ کے مقابل آتا ہے اور مجلس عقد میں تقابض کے واجب کرنے کے دو سبب ہیں ایک تو یہ کہ طعام و نقد کیطرف سب چیزوں سے زیادہ حاجت ہے اور سب چیزوں سے زیادہ اُن کا لین دین ہے اور ان دونوں سے نفع جب ہی حاصل ہو سکتا ہے جب ان کو موجود سے معدوم اور ملک سے باہر کیا جاسے اور ایسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ قبضہ کرتے وقت خصومت پیش ہوتی ہے اور بدل ہو چکتا ہے اور یہ سب جھگڑوں سے زیادہ قباحت پر مشتمل ہے لہذا ضروری ہوا کہ بانیطور اس باب کو مسدود کیا جائے کہ عاقدین اُس وقت جدا ہوں کہ جب دونوں کے پاس ثمن و مبیع پہونچ جائے اور اُن دونوں میں کوئی قصہ باقی نہ رہے اور شارع نے جو قبل از استیفاء غلہ کے بیع سے منع فرمایا ہے اُس کی علت بھی یہی ہے اور چاندی کو سونے سے بدلنے میں جو یہ فرمایا ہے مالہ تبرا قابینکما شیٌ اُسکی وجہ بھی یہی ہے کہ جبتک تم دونوں جدا نہ ہو اور تم دونوں میں کچھ بات باقی ہو اور دوسری وجہ یہ ہے کہ جب ایکطرف نقد ہے اور ایکطرف غلہ وغیرہ ہے اُسوقت میں تو نقد اُس شے کے طلب کرنیکا ذریعہ ہوتا ہے کیونکہ نقد ہونیکا مقتضی یہی ہے پس مناسب ہے کہ اُس چیز کے لینے سے پہلے اُسکو دیا جائے اور جب دونوں طرف نقد یا غلہ ہو تو اُسوقت میں ایک کو پہلے دینے کا حکم تحکم قرار پائیگا اور اگر جانبین میں عوض و معوض کے ادا کرنے کا حکم نہ دیا جاسے تو وہ قرض کے قرض کی ساتھ بیع ہوگی اور بسا اوقات بائع یا مشتری اُس شے کے پہلے دینے سے نجل کرتا ہے لہذا عدل کا یہ مقتضی ہوا کہ اُن دونوں اختلاف کو قطع کیا جاسے اور اُن دونوں کو اس بات کا حکم دیا جاسے کہ جبتک تقابض نہ کرلیں جدا نہ ہو اور غلہ اور نقد کو اس لئے خاص کیا کہ یہ دونوں تمام اموال کے اصل الاصول ہیں اور سب سے زیادہ انکا لین دین رہتا ہے اور اُن دونوں کے ہلاک کرنے کے بعد انسان انسے نفع اٹھا سکتا ہے لہذا اگر ان دونوں کے لین دین میں قبضہ کرنے سے پہلے جدا ہونیکا حکم دیا جائے تو بیع عظیم لازم آتا ہے اور شب و روز کا نزاع پیدا ہوتا ہے اور دونوں میں اس بات کے منع کرنے سے معاملہ کی وقت پورے پورے طور پر دفع ہوتی ہے اور معلوم کر دو اس قسم کا حکم دینے سے یہ مقصود ہوتا ہے کہ لوگوں میں اُس کا دستور جاری نہ ہو اور اس قسم کے لوگ عادی نہ ہوں یہ مقصود نہیں ہوتا کہ بالکل اس قسم کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معاملہ کا وقوع نہ پایا جائے اس لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلالؓ سے فرمایا بع التمر بیع آخر ثم اشتر بہ۔ چھواروں کو دوسری بیع سے فروخت کر پھر اس بیع سے خرید لے اور معلوم کرو کہ بیع کے بعض اقسام ایسے ہیں جنمیں قمار کے معنی پائے جاتے ہیں اور اہل جاہلیت باہم ایسی خرید و فروخت کیا کرتے تھے لہذا آپ نے اس بیع سے منع فرمایا۔ انا بنجملہ بیع مرابتہ ہے کہ کوئی شخص چھوارے کے سو فرق (۶ رطل کا ایک فرق) سے درخت کا پھل خریدے اور ان میں سے بیع محاقلہ ہے اس کی یہ صورت ہے کہ مثلاً ایک شخص کھیتی کو سو ٹوکروں گیہوں کیساتھ فروخت کرے مگر ابا آپ نے اندازہ کر کے چھواروں کے ساتھ بشرطیکہ وہ پھل پانچ وسق سے کم ہوں انکی بیع کو درست فرمایا ہے اور عرایا ان درختوں کا نام ہے کہ جو بعد فروخت ہونے باغ کے رہجاتے ہیں اس لئے آنحضرت صلعم کو یہ بات معلوم ہوئی کہ اتنی مقدار پر لوگ قمار کا قصد نہیں کرتے بلکہ چاہتے ہیں کہ تر چھوارے کھائیں اور پانچ وسق زکوٰۃ کا نصاب میں کہ جسکو ایک کنبہ سال بھر تک کھا سکتا ہے اور از انجملہ یہ صورت بھی کہ مثلاً چھواروں کا ایک انبار ہے جنکا وزن معلوم نہیں ہے وہ ان چھواروں کے ساتھ فروخت کئے جائیں جنکا وزن معلوم ہے اور از انجملہ بیع ملامسہ ہے اسکی یہ صورت ہے کہ ایک شخص دوسرے کا کپڑا چھوئے تو بیع ثابت ہو جائے اور ایک منابذہ ہے اسکی یہ صورت ہے کہ بغیر دیکھے بھالے ایک شخص اپنا کپڑا پھینک دے تو بیع ہو جائے اور از انجملہ بیع الحصاۃ ہے یعنی کنکری کے پھینکنے سے بیع ہو جائے بیع کے ان سب اقسام میں قمار کے معنی اور موضوع معاملہ کا بدلنا لازم آتا ہے اسلئے کہ معاملہ سے مقصود دیکھ بھالکر اس پر استقلال کے ساتھ اپنی حاجت کا پورا کرنا ہوتا ہے۔ اور بیع العربان سے بھی آپ نے منع فرمایا ہے اسکی یہ صورت ہے کہ مشتری بائع کو کچھ ثمن بیعانہ کے طور پر دیدے اور یہ مقرر ہو جائے کہ اگر میں بیع کو خرید و گا تب تو یہ اسکی قیمت میں محسوب ہو جائیگا ورنہ بلا عوض یہ تمہارا رہا اور اسمیں بھی قمار کے معنی پائے جاتے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کسی نے تازہ چھواروں کو خشک چھواروں کے ساتھ خریدنے کی نسبت دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ کیا خشک ہو جانیکے بعد یہ کچھ کم ہو جاتے ہیں سائل نے عرض کیا ہاں تو آپ نے اس قسم کی بیع سے منع فرمایا میں کہتا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ اسمیں بھی ایک قسم کے قمار اور سوء حکمی کا احتمال ہے کیونکہ ایک شئی کی تمامی کا حال معتبر ہوتا ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے کہ وہ ہار جنمیں سونا اور خرمہرے ہوں فروخت نہ کیا جائے یہانتک کہ اس کو جدا جدا کیا جائے میں کہتا ہوں اسکی یہ وجہ ہے کہ اسمیں ایک قسم کا جوا ہے اور احد العاقدین کے فریب کھانے کا احتمال ہے یا تو غصہ کھا کر سلوت کر یگا یا غیر حق میں نزاع کریگا اور جاننا چاہئے کہ آنحضرت صلعم عرب کے اندر ایسے وقت میں مبعوث ہوئے کہ انکے اندر معاملات اور خرید و فروخت پائی جاتی تھی لہذا خدا تعالےٰ نے آنحضرت صلعم کے پاس بعض معاملات و بیوع کے جواز کے اور بعض کے مکروہ ہونے کیطرف وحی نازل فرمائی اور کراہت کا مدار چند چیزوں پر ہوتا ہے از انجملہ یہ ہے کہ وہ اس قسم کی چیز ہے جو عادت کے اعتبار سے وہ چیز معصیت پر مشتمل ہوتی ہے یا لوگوں کو اس چیز سے جس قسم کا تمتع حاصل کرنا معصیت ہے وہ ایک قسم کی معصیت ہوتا ہے مثلاً شراب و بت و تنبورہ وغیرہ ہے پس ان چیزوں کے بیع کا دستور جاری کرنے اور ان کے بنانے میں ان معاصی کا ظاہر کرنا اور لوگوں کو ان معاصی پر آمادہ کرنا اور نزدیک کرنا ہے اور ان چیزوں کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیع وشراء کرنا اور انکا گھر وغیرہ رکھنا حرام کیا جائے تو اُن معاصی کو دور کرنا اور لوگوں کو اس بات کی طرف متوجہ کرنا ہے کہ وہ ان چیزوں سے اجتناب کریں۔ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے ان اللہ ورسولہ حرم بیع الخمر والمیتۃ والخنزیر والاصنام خدا تعالےٰ اور اُسکے رسول نے شراب اور مردار اور سور اور بتوں کا فروخت حرام کیا ہے اور نیز آپ نے فرمایا ہے ان اللہ اذا حرم شیئا حرم ثمنہ خدا تعالےٰ نے جس چیز کو حرام کیا تو اُسکے ثمن کو بھی حرام کیا یعنی جب ایک چیز سے نفع اُٹھانے کا طریق متعین ہے مثلاً شراب صرف پینے کے لئے اور بت صرف پرستش کے لئے بنائے جاتے ہیں پس خدا تعالےٰ نے اُس چیز کو حرام کیا ہے اسلئے حکمت الٰہیہ کا مقتضیٰ ہوا کہ اُن کی بیع بھی حرام کیجائے اور نیز آپ نے فرمایا ہے مہر البغی خبیث۔ اجرت زنا کی خبیث ہے اور آنحضرت صلعم نے کاہن کو اجرت دینے سے منع فرمایا اور آنحضرت صلعم نے مغنیہ کے کسب سے نہی فرمائی ہے۔ میں کہتا ہوں جس مال کا حاصل کرنے میں گناہ کی آمیزش ہوتی ہے اُس مال سے بدو وجہ نفع حاصل کرنا حرام ہے ایک تو یہ کہ اس مال کے حرام کرنے اور اس سے انتفاع نہ حاصل کرنے میں معصیت سے باز رکھنا ہے اور اُس قسم کے معاملہ کے دستور جاری کرنے میں فساد کا جاری کرنا اور لوگوں کو اُس گناہ پر آمادہ کرنا ہے دوسری وجہ یہ ہے کہ لوگوں کی دانست میں اور اُنکی سمجھ میں ثمن مبیع سے پیدا ہوتا ہے لہذا ملاء اعلیٰ میں اس ثمن کیلئے ایک جزو شیطنت ہوتا ہے گویا کہ وہ خود مبیع ہے اور اسی طرح اجرت کیلئے ایک جزو شیطنت ہوتا ہے پس اس مبیع اور اُس عمل کی خباثت اُن کے علوم میں اس ثمن اور اُس اجرت کے اندر سرایت کر جاتی ہے اور لوگوں کے نفوس میں بھی اُس صورت علمیہ کا اثر ہوتا ہے اور آپ نے شراب کے باب میں اُسکے نچوڑنے والے اور نچوڑوانے والے اور پینے والے اور لیجانیوالے اور جس کے پاس لیجاتا ہے سب پر لعنت کی ہے میں کہتا ہوں معصیت کی اعانت کرنا اور اُسکا پھیلانا اور لوگوں کو اُسکی طرف متوجہ کرنا بھی معصیت اور زمین میں فساد برپا کرنا ہے اور از انجملہ یہ ہے کہ نجاست کے ساتھ اختلاط کرنے میں مثل مردار و خون و گوبر اور پاخانہ وغیرہ کے نہایت قباحت اور خدا تعالےٰ کی ناخوشی ہے اور اُس کے سبب سے شیاطین کے ساتھ مشابہت پیدا ہوتی ہے اور پاکیزگی اور خباثتوں سے اجتناب کرنا ان اصول میں داخل ہے جنکے قائم کرنے کیلئے آنحضرت صلعم کو بھیجا گیا ہے اور جسکے سبب سے ملائکہ کیساتھ مشابہت پیدا ہوتی ہے اور پاکیزہ لوگوں کو خدا تعالےٰ پسند فرماتا ہے اور چونکہ کسی قدر مخالطت مباح کئے بغیر بھی چارہ نہیں ہے اسلئے کہ بالکل اس باب کے مسدود کرنے میں لوگوں پر نہایت دقت ہے لہذا اسیقدر ضروری ہوا کہ ان ناپاک چیزوں کے اختلاط کے ساتھ پیشہ اختیار کرنے اور اُنکی تجارت کرنے سے نہی فرمائی جاوے اور جو ایسے لغو و بیہودہ کام ہیں جنسے حیا کیجاتی ہو اُنکو بھی نجاست کا حکم ہے جیسے گابن کرانا اور اسی لئے آپ نے مردار کے بیع کو حرام کیا اور پچھنے لگانے کے پیشہ سے نہی فرمائی اور ضرورت میں آپنے یہ فرمایا ہے اطعمہ ناضحک میں اجرت سے اپنے اونٹ کی خوراک دیدے اور گابن کرانیکی اُجرت سے نہی فرمائی ہے اور ایک روایت میں اونٹ کے گابن کرنے کا لفظ آیا ہے اور اگر بلا شرط کئے اُسکو پھر دیدیا جاوے جسکے پاس گابن کرنیکا جانور ہے تو آپ نے اُس شخص کو اجازت فرمائی ہے اور منجملہ اسباب کراہت کے یہ ہے کہ عاقدین میں عوضین کے اہتمام کے سبب سے قطع منازعت نہ ہو یا وہ عقد دو عقدوں میں سے ایک عقد ہو یا بغیر دیکھے بیع کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رضا کا پایا جانا ممکن نہ ہو اور مبیع کو اس نے نہ دیکھا یا بیع کے اندر کچھ ایسی شرط لگائی جائے جس سے آئندہ کو حجت و نزاع کرنیکا موقع ہو اور آنحضرت صلعم نے مضامین اور ملاقیح کے بیع سے منع فرمایا ہے مضامین اُسکا نام ہے جو نر کی پشت میں اور ملاقیح جو مادہ کی شکم میں ہو اور بچے کے بچے کی بیع اور قرض کے ساتھ بیع کرنے اور ایک بیع میں دو بیع کرنے سے منع کیا ہے مثلاً ایک چیز کو بانیطور فروخت کرے کہ اگر نقد لیتا ہے تو ایک ہزار کو اور اگر قرض لیتا ہے تو دو ہزار کو کیونکہ ایسی صورت میں عقد کیوقت ان دو امر میں سے کسی امر کی تعیین نہیں پائی جاتی ہے اور بعض نے یہ بیان کیا ہے کہ اُسکی یہ صورت ہے کہ مشتری بائع سے یوں کہے کہ میرے ہاتھ اس چیز کو بعوض ہزار روپیہ کے فروخت کر بشرطیکہ فلاں چیز کو اتنی مدت سے فروخت کرے اور یہ ایسی شرط ہے کہ شرط کرنیوالا عقد کے بعد اُس کے ساتھ حجت پکڑنے کے مخاصمت کر سکتا ہے اور از انجملہ ایک صورت یہ ہے کہ بائع مشتری سے شرط کرے کہ اگر تو اس مبیع کو کبھی فروخت کرے تو میں اُسکے خریدنے کا حقدار ہوں۔ اور حضرت عمرؓ نے ایسی بیع میں یہ فرمایا ہے لا تحل لک۔ تیرے لئے حلال نہیں ہے اور اگر کسی اور کیلئے یہ شرط کرلے تو وہ بھی اُسی قبیلہ سے ہے اور آنحضرت صلعم نے مبیع میں سے کسی چیز کے مستثنیٰ کرنے سے جبتک معلوم نہ ہونی فرمائی ہے مثلاً کوئی شخص کسی چیز کے دس ٹوکرے فروخت کرے اور بلا تعیین اسمیں سے کچھ مستثنیٰ کرے کیونکہ اُسکے اندر جہالت پائی جاتی ہے جو منازعت کا منشا ہے اور ہر جہالت سے بیع فاسد نہیں ہوتی ہے کیونکہ بہت سے امور بیع میں مجہول چھوڑ دیے جاتے ہیں اور اگر تمام امور کی تفصیل کی جائے تو اسمیں حرج عظیم ہے بلکہ وہ جہالت بیع کو فاسد کرتے ہیں جسکا انجام منازعت ہو اور از انجملہ یہ ہے کہ اس بیع سے کوئی دوسرا معاملہ مقصود ہو کہ وہ بائع یا مشتری بیع کے ضمن میں یا اُسکے ساتھ اس معاملہ کا امیدوار ہو اسلئے کہ اگر وہ مقصود حاصل نہ ہو تو اسکو وہ نہ طلب کر سکتا ہے نہ سکوت کر سکتا ہے اور ایسی بات خواہ مخواہ ناحق خصومت کا باعث ہوتی ہے اور قاضی انمیں پورا پورا فیصلہ نہیں کر سکتا اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے لا یحل بیع و سلف و لا شرطان فی بیع مثل ان یقول بعت ہذا علی ان تقرضنی کذا۔ یہ درست نہیں کہ بیع بھی ہو اور قرض بھی اور نہ دو شرطیں ایک بیع میں درست ہیں مثلاً بائع کہے کہ اس چیز کو میں نے اس شرط پر فروخت کیا کہ تو مجھے اسقدر قرض دے اور دو شرطوں کے معنی یہ ہیں کہ ایک تو حق بیع کا شرط کرنا اور ایک کسی خارجی چیز کا شرط کرنا مثلاً یہ شرط لگائی کہ مجکو فلاں چیز ہبہ کر دینا یا فلاں شخص سے میری سفارش کر دینا یا اگر تو کبھی اس چیز کو فروخت کرے تو میرے ہی ہاتھ فروخت کرنا وعلی ہذا القیاس۔ پس ان سب صورتوں میں ایک عقد کے اندر دو شرطیں پائی گئیں اور منجملہ اسباب کراہت کے یہ ہے کہ عاقد کے ہاتھ سے تسلیم نہ پائی جائے مثلاً مبیع ایسی چیز ہے جو بائع کے پاس موجود نہیں ہے بلکہ وہ کسی دوسرے شخص پر اُسکا حق ہے یا وہ ایسی چیز ہے کہ جبتک وہ شخص اپنے مقدمہ کو قاضی کے ہاں پیش نہ کرے یا بینہ قائم نہ کرے یا اُسکے ملنے کے طریقہ میں کوشش نہ کرے یا اُسپر قبضہ نہ کرے اور اُسکی ناپ تول نہ کرلے جبتک وہ چیز اُسکو نہیں ملسکتی اسلئے کہ اسمیں ایک قضیے کے اندر دوسرے قضیے کے پیدا ہونے یا فریب دے پائے جانے اور مقصود کے حاصل نہ ہونے کا احتمال ہے اور جو چیز تیرے پاس موجود نہیں ہے تو تجکو اس بھروسہ پر نہ رہنا چاہیئے کہ بغیر کوشش کے تجکو وصول ہو جاویگی اور بسا اوقات مشتری بائع

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے بیع پر قبضہ کرنیکا مطالبہ کرتا ہے اور وہ بیع اُسکے پاس موجود نہیں ہوتی تو وہ بائع اُس شخص سے اُس چیز کا مطالبہ کرتا ہے جس پر اُسکا حق ثابت ہوتا ہے یا جنگل کو شکار کرنے جاتا ہے یا بازار میں خریدنے کا قصد کرتا ہے یا اپنے کسی دوست سے ہبہ کے طور پر طلب کرتا پھرتا ہے اور اسمیں بڑے جھگڑوں وقصوں کا پیدا کرنا ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے لاتبع مالیس عندک۔ جو چیز تیرے پاس موجود نہیں ہے اُسکو فروخت مت کر اور بیع السلف سے بھی آپ نے منع فرمائی ہے اُسکی یہ صورت ہے کہ اسمیں مبیع کے موجود ہونے یا نہ ہونے اور ملنے و نہ ملنے کا یقین نہ ہو اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من ابتاع طعاما فلا یبعہ حتی یستوفیہ۔ جو شخص غلہ کو خریدے تو جبتک اُسپر قبضہ نہ کرے اُسکو فروخت نہ کرے بعض کے نزدیک یہ حکم غلہ ہی کے ساتھ مخصوص ہے کیونکہ اموال کے جملہ اقسام میں غلہ کا لین و دین اور اسمیں حاجت زیادہ ہے اور جبتک اُسکو ہلاک نہ کیا جاوے انسان اُس سے تنفع نہیں ہو سکتا اور جبتک مشتری نے اُسپر قبضہ نہیں کیا ہے تو بسا اوقات بائع کا اُسمیں تصرف کرنے اور قبضہ کے اندر قبضہ کے پیدا ہونے کا احتمال ہے اور بعض کے نزدیک تمام منقولات میں یہ حکم جاری ہے کیونکہ سب میں تغیر و نقصان کے پیدا ہونے اور خصومت کے پائے جانے کا احتمال ہے اور حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ میں ہر چیز کو مثل غلہ کے سمجھتا ہوں اور ہم نے جو علت بیان کی ہے اُسکے لحاظ سے یہ قول قریب قیاس ہے اور ازانجملہ کراہت کی صورت ایک یہ ہے جسمیں اُن منازعات کے پیدا ہونے کا احتمال ہے جو آنحضرت صلعم کے زمانہ میں واقع ہو چکے ہیں اور آپ کو اُن میں مناقشات کا احتمال غالب معلوم ہوا ہے جیسے زید بن ثابت نے بیان کیا ہے کہ جب پھلوں کو کسی قسم کی آفت عارض ہوا کرتی تھی تو خریدنیوالے بعد کو نزاع کیا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ پھل گل گئے اور گر پڑے لہذا آنحضرت صلعم نے پھلوں کے بیع سے جبتک اُنکا سالم رہنا ظاہر ہو جانے منع فرمایا ہے مگر جس صورت میں فی الحال درختوں سے پھل کاٹ لینا شرط کر لیا جاوے اسی طرح غلہ کے بال سے جبتک کہ پختہ ہو کر سفید اور آفت سے محفوظ نہ ہو جائے اُسکے بیع سے منع فرمایا ہے اور فرمایا ہے کہ دیکھو تو اگر خدا تعالے اُس پھل کو روک دے تو تم میں سے کوئی شخص کس چیز کے بدلہ اپنے بھائی کا مال لیگا یعنی اسمیں دھوکہ ہے کیونکہ ایسے وقت میں مبیع کے ہلاک ہونے کا خطرہ ہے پس بائع کو پیسہ نہ ہو سکیگا اور ثمن اُس کے ذمہ لازم ہو جائیگا اور اسی طرح برسوں کے لئے ٹھیکہ دینا منع ہے اور ازانجملہ یہ ہے کہ اسمیں شہر کے انتظام میں نقصان آتا ہو اور بعض کو بعض سے ضرر پہونچتا ہو ایسی چیز کو دور کرنا اور لوگوں کو اُس سے روکنا واجب ہے آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے لاتلقوا الرکبان لبیع ولا یبع بعضکم علی بیع ولا یسم الرجل علی سوم اخیہ ولا تناجشوا ولا یبع حاضر لباد بیع کے لئے تلقی رکبان مت کرو اور نہ تم میں سے بیع پر بیع کریں اور نہ کوئی شخص اپنے بھائی کی قیمت کرتے وقت قیمت کرے اور نہ بخش کرو اور نہ کوئی شہری قریہ والے کے لئے فروخت کرے۔ میں کہتا ہوں کہ تلقی رکبان کی تو یہ صورت ہے کہ جب باہر سے سوداگر تجارت کا مال بھر کر لاویں اور شہر میں داخل ہونے اور نرخ معلوم کرنے سے پیشتر کوئی شخص باہر ہی باہر اُن سے ملکر شہر کے نرخ کے اعتبار سے ارزانی کے ساتھ وہ مال اُنسے خرید لے اور اسمیں بائع کا بھی ضرر اور عامہ لوگوں کا بھی ضرر ہے بائع کا تو یہ ضرر ہے کہ اگر وہ بازار میں آتا تو کسیقدر گرانی کے ساتھ فروخت کرتا لہذا اس

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیع میں اگر بائع کو اپنے ضرر پر آگاہی ہو جائے تو اسکو بیع کے رد کرنے کا اختیار دیا گیا ہے اور عامہ لوگوں کا یہ ضرر ہے کہ اس تجارت میں سب شہر والوں کا حق متعلق ہو گیا ہے اور مصلحت مدنیہ کا مقتضی یہ ہے کہ جسکو جسقدر ضرورت ہے اسی قدر بترتیب اسکو مقدم کیا جائے اور اگر حاجت میں برابر ہوں تو انمیں برابری کی جائے یا قرعہ اندازی کیجائے۔ پس بالا ہی بالا ایک شخص کو بلا ترجیح اُس مال کے لے لینے میں ایک قسم کا ظلم ہے مگر شہر والوں کو اس بیع کے فسخ کرنے کا اختیار نہیں ہے کیونکہ اُس شخص نے ان لوگوں کے مال کا کچھ نقصان نہیں کیا اُسنے صرف یہ کیا ہے کہ جس چیز کی اُن کو امید تھی وہ چیز اُسنے اُنسے روک لی اور بیع پر بیع کرنیمیں اپنے ساتھ کے تاجروں کا تنگ کرنا اور اُنکے ساتھ بدمعاملگی ہے اور بائع اول کا حق متوجہ ہو چکا ہے اور اُس کے رزق کی صورت نکل آئی ہے اُس صورت کا بگاڑنا اور اُسکے معاملہ میں دخل دینا ایک قسم کا ظلم ہے اور اسی طرح دوسرے شخص کے قیمت لگاتے وقت قیمت لگانے میں خریداروں کو تنگ کرنا اُنکے ساتھ بدمعاملگی ہے اور بہت سے مناقشات اور عداوتیں ان دو باتوں سے پیدا ہوتی ہیں اور بخش اُسکو کہتے ہیں کہ بلا قصد خریدنے بیع کے مشتریوں کو فریب میں ڈالنے کے لئے قیمت بڑھا دینا۔ اور اسمیں جسقدر ضرر ہے ظاہر ہے اور بیع شہر والے کی گاؤں والے کے لئے اُسکی یہ صورت ہے کہ گانوں والا اپنے مال کو لاد کر شہر کی طرف اُس ارادے سے کہ اُسی دن کے نرخ سے بیچے لائے پس اُسکے پاس شہر والا آوے اور یہ کہے کہ اپنے مال کو میرے پاس چھوڑ دے یہانتک کہ اسکو کچھ دنوں روک کر بنرخ گراں فروخت کرونگا اور اگر گانوں والا خود اسکو فروخت کرتا تو بنرخ ارزاں فروخت کرتا اور نفع شہر کا اسمیں ظاہر ہے اور اسکو بھی نفع ہوتا اسلئے کہ تاجروں کے نفع اٹھانے کی دو صورتیں ہیں ایک صورت یہ ہے کہ کچھ دنوں روک کے اپنے مال کو بنرخ گراں فروخت کریں ان لوگوں کے ہاتھ جنکو اُس مال کی نہایت حاجت ہے اور حاجت کے مقابلہ میں جو کچھ قیمت وہ دیتے ہیں وہ انکو کم معلوم ہوتی ہے اور ایک صورت یہ ہے کہ تھوڑا سا نفع لیکر اُس مال کو فروخت کریں اور پھر جلدی سے تجارت کا اور مال لاکر اسمیں بھی نفع اٹھائیں وعلے ہذا القیاس اور یہ انتفاع شہر کی مصلحت کے ساتھ مناسب تر اور برکت کے اعتبار سے اکثر ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من احتکر فھو خاطئ جو تجارت کے مال کو روکے پس وہ گنہگار ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الجالب مرزوق والمحتکر ملعون۔ لانیوالا مرزوق ہے اور روکنے والا ملعون۔ میرے نزدیک اسکی یہ وجہ ہے کہ باوجود نفع کے اور باوجود حاجت اہل شہر کے اُسکی طرف صرف گرانی نرخ اور زیادتی ثمن کے اعتبار سے روکنا مال کا شہر والوں کے حق میں ضرر اور بدنظمی شہر کا سبب ہے اور از انجملہ یہ ہے کہ مشتری کو اُس میں فریب دینا ہو رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے لاتصروا الابل والغنم فمن ابتاعھا بعد ذلک فھو بخیر النظرین بعد ان یحلبھا ان رضیھا امسکھا وان سخطھا ردھا وصاعا من تمر ردی صاعا من طعام لا سمراء۔ مت تصریہ کرو تم اونٹ اور بکری میں پس جو شخص اُسکے بعد اسکو خریدے پس وہ اُس کے دوہنیکی بعد بخیر النظرین ہے اگر اس میں سے راضی ہو تو روک لے اُسکو اور اگر اُس سے ناخوش ہو تو اُسکو واپس کر دے اور ایک صاع تمر ہی دیدے اور روایت کیا گیا ہے صاعا من طعام لا سمراء۔ میں کہتا ہوں تصریہ کے معنی تھن میں دودھ کے جمع کرنے کے ہیں تاکہ مشتری

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دودھ کی کثرت کا خیال کرے پس فریب میں پڑجاویگا اور چونکہ اسکو خیار مجلس اور خیار شرط کے ساتھ زیادہ تر شباہت تھی کیونکہ یہاں پر عقد بیع میں گویا دودھ کی کثرت شرط کردی گئی ہے پھر ہر گاہ اندازہ دودھ اور اسکی قیمت کا بعد اسکے ہلاک اور تلف کرنے کے بلا تمسک متعذر المعرفت تھا خاصکر وقت بد اخلاقی شرکیوں کی اور بدویت کے اسلئے واجب ہوئی رعایت کہ باعتبار احتمال غالب کی ایک حد معتدل بیان کیجائے تاکہ خصومت قطع ہو اور چونکہ اونٹنیوں کے دودھ میں ایک قسم کی ہیک ہوتی ہے اور ارزانی پائی جاتی ہے اور بکریوں کا دودھ عمدہ ہوتا ہے اور گرانی پائی جاتی ہے اسلئے دونوں کا حکم ایک ہوا لہذا یہ بات متعین ہوئی کہ جو چیز ادنے ہے جسکا وہ وقت کرتے ہیں اس کا ایک صاع مقرر کیا جاوے جیسے چھوارہ ملک حجاز میں اور جو جوار ہمارے ملک میں گیہوں اور چاول اس لئے کہ یہ قوت کے اعتبار سے گراں اور اعلی درجے کی چیزیں ہیں اور بعض ان لوگوں نے کہ جنکو اس حدیث پر عمل کرنے کی توفیق نہیں ہوئی ہے انہوں نے اپنی طرف سے ایک قاعدہ مقرر کرلیا اور کہا کہ جس حدیث کی بخبر فقیہ کے کوئی اور روایت نکرے جب اس میں قیاس نہ چل سکے تو اسمیں عمل متروک ہو جاتا ہے اور اس قاعدہ میں اول تو کلام ہے دوسرے یہ قاعدہ اس صورت پر نہیں منطبق ہو سکتا ہے کیونکہ اس حدیث کو بخاری نے ابن مسعودؓ سے روایت کیا ہے (حالانکہ وہ افقہ الناس تھے) اور استدر جواب کے لئے کافی ہے اور اسلئے کہ وہ بمنزلہ تمام ان مقادیر شرعیہ کے ہے کہ عقل ان میں مقرر کرنے کی خوبی معلوم کرسکتی ہے مگر خاصکر اس مقدار کی حکمت معلوم کرنیمیں عقل مستقل نہیں ہے بار خدایا مگر ان لوگوں کی عقلیں جو راسخین فی العلم ہیں اور آنحضرت صلعم نے ایکمرتبہ قلہ کا ڈھیر دیکھا جسکو اس کے مالک نے اندر سے تر کرکے رکھا تھا آپ نے فرمایا تو نے اسکو اوپر کیوں نہیں کیا تاکہ لوگ اسکو دیکھتے اور فرمایا جو شخص فریب کرے وہ مجھ سے نہیں اور از انجملہ یہ ہے کہ وہ چیز مباح الاصل ہو جیسے وہ پانی کہ جاری ہو اور کثرت سے ہو اور کوئی شخص ظلم و تغلب کرکے اسکو فروخت کیا کرے کیونکہ اس میں بلا حق خدا یتعالے کے مال میں تصرف کرنا اور لوگوں کو ضرر پہونچانا ہے لہذا آنحضرت صلعم نے زیادہ پانی کے فروخت کرنے سے تاکہ اس کے سبب سے گھاس کا فروخت کرنا لازم آئے منع فرمایا ہے۔ میں کہتا ہوں اسکی یہ شکل ہے کہ کوئی شخص کسی چشمہ یا کسی جھیل پر تغلب کرلے اور کسی مویشی کو بغیر کرایہ پیئے نہ پینے دے۔ اور اسمیں گھاس کا جو مباح شئی ہے فروخت کرنا لازم آتا ہے یعنی ایسے وقت میں مواشی کے چرانے کی قیمت دینی پڑیگی اور یہ باطل ہے اسلئے کہ پانی و گھاس دونوں مباح چیزیں ہیں چنانچہ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے فیقول اللہ الیوم امنعک فضلی کما منعت فضل مالم تعمل یداک پس خدا یتعالے فرمائیگا آج میں تجھ سے اپنے فضل کو روکتا ہوں جسطرح تو نے اس چیز کی فضل کو روکا جو بغیر تیری محنت کے پیدا ہوئی تھی اور بعض کے نزدیک حاجت سے زیادہ پانی کا اس شخص کے ہاتھ فروخت کرنا جو خود پینا چاہتا ہو یا مواشی کو پلانا چاہتا ہو حرام ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے المسلمون شرکاء فی ثلث فی الماء والکلاء والنار۔ تین چیزوں میں سب مسلمان شریک ہیں پانی اور گھاس اور آگ میں۔ میں کہتا ہوں اگر یہ چیزیں کسی کی مملوک بھی ہوں تب بھی ان چیزوں میں ہمدردی نہایت مستحب ہے اور اگر مملوک نہیں ہیں تب تو انکا حال شرکت میں ظاہر ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیع کے احکام کا بیان

رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے خدا تعالےٰ سہولیت والے آدمی پر رحم کرے جب وہ کسی چیز کو فروخت کرے اور جب خریدے اور جب وہ تقاضا کرے۔ میں کہتا ہوں سماحت منجملہ اُن اصول اخلاق کے ہے جس سے نفس مہذب ہوتا ہے اور گناہوں کی قید سے اُسکو سبب سے رہائی ہوتی ہے اور نیز سماحت میں شہر کا انتظام قائم رہتا ہے اور اسپر باہمی معاونت کا دار و مدار ہے اور بیع و شراء و تقاضا ایسی چیزیں ہیں جنمیں سماحت کے خلاف امور کا احتمال ہوتا ہے لہذا آنحضرت صلعم نے ان امور میں سماحت کے ساتھ برتاؤ کرنا مستحب کیا اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے الحلف منفقۃ للسلعۃ ممحقۃ للکسب حلف سودے کا چلانے والا اور برکت کا گھٹانیوالا ہے۔ میں کہتا ہوں بیع کے اندر بہت سی قسمیں کھانا برا ہے بدو وجہ ایک تو یہ کہ اسمیں مشتری لوگوں کے دھوکے میں آنے کا احتمال ہے دوسرے خدا کے نام کو تلاب سے تعظیم جاتے رہنے کا احتمال ہے اور جھوٹی قسم کھانے سے اگرچہ سودا خوب فروخت ہوتا ہے کیونکہ اسکا مبنی مشتری پر عیب کے پوشیدہ رکھنے پر ہے مگر برکت کم ہو جاتی ہے کیونکہ برکت کا مدار ملائکہ کی دعا کے متوجہ ہونے پر ہے اور معصیت کے سبب سے انکی دعا کو بُعد ہو جاتا ہے بلکہ ملائکہ ایسے وقت میں اس شخص پر بد دعا کرتے ہیں اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے یا معشر التجار ان البیع یحضرہ اللغو والحلف فشوبوہ بالصدقۃ اے گروہ تجار بیع کے اندر لغو باتیں اور قسم ہوا کرتی ہیں لہذا تم بیع میں صدقہ ملایا کرو۔ میں کہتا ہوں کہ صدقہ کے آمیزش سے گناہ دور ہو جاتے ہیں اور نفس کے قلبہ کے سبب جو اس شخص سے کچھ قصور ہو جاتا ہے اُس کا تدارک ہو جاتا ہے آنحضرت صلعم نے اُس شخص کے باب میں جس نے کسی چیز کو اشرفیوں سے فروخت کر کے اُنکے عوض میں مشتری سے درہم لے لئے تھے فرمایا ہے لا باس ان تاخذ ہا بسعر یومہا مالم تفترقا وبینکما شئی اگر اسی روز کی قیمت پر درہم کو لیلے تو کچھ مضائقہ نہیں ہے بشرطیکہ ان دونوں کے جدا ہوتے وقت کچھ معاملہ تم میں باقی نہ رہا ہو۔ میں کہتا ہوں اسکا یہ سبب ہے کہ اگر جدا ہوتے وقت ان دونوں میں کچھ معاملہ باقی ہے مثلاً بانیطور وہ دونوں اشرفیوں سے درہم کے بدلنے کی پختگی کو صرافوں کے بیان کرنے یا وزن کش کے وزن کرنے پر موقوف رکھے اور علی ہذا القیاس تو ایسے وقت میں حجت و نزاع کرنیوالے کو حجت و نزاع کا موقع باقی ہے اور معاملہ صاف نہیں ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من ابتاع نخلا بعد ان یؤبر فثمرتہا للبائع الا ان یشترط المبتاع جو شخص چھوارے کے درخت کو گابہ لگنے کے بعد خریدے تو اس درخت کا پھل بائع کا ہے مگر جس صورت میں مشتری شرط کرلے۔ میں کہتا ہوں اس کا یہ سبب ہے کہ گابہ لگانا اُس درخت سے زنانہ کا فعل ہے اور بائع کی ملک میں ثمر کا ظہور ہو گیا پس اُس کا حال اُس شئے کا سا ہے جو ایک مکان میں رکھی ہوئی ہو لہذا یہ بات ضرور ہے کہ اسکا حق اُسکو دلایا جاوے مگر جس صورت میں اُسکے خلاف کی تصریح ہو جاوے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے ما کان من شرط لیس فی کتاب اللہ فہو باطل۔ جو ایسی شرط لگائی جائے کہ جسکا کتاب الٰہی میں ذکر نہیں ہے تو وہ باطل ہے میں کہتا ہوں اس سے وہ شرط مراد ہے جس سے خدا تعالےٰ نے منع فرمائی ہے اور حکم الٰہی میں اسکی نفی مذکور ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ مقصود نہیں ہے کہ اس شرط کا بالکل ذکر ہی نہ ہو اور آنحضرت صلعم نے بیع الولاء اور ہبۃ الولاء سے نہی فرمائی ہے کیونکہ ولاء کوئی موجود معین مال موجود نہیں ہے بلکہ صرف وہ ایک حق ہے جو نصیب کے تابع ہے پس جسطرح نصیب کے بیع نہیں ہوتی اسیطرح ولاء کی بیع بھی نہ ہونی چاہیے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے الخراج بالضمان آمدنی تاوان کے ساتھ ہے (یعنی جو تاوان دیگا وہی آمدنی لیگا) پس مبیع کی آمدنی بیع کے رد کرنے کے بعد مشتری کو ملیگی میں کہتا ہوں منازعت کے قطع کرنے کے لیے اسکے کوئی صورت نہیں ہے کہ مبیع کے ہلاک ہوجانے کے بعد جو شخص تاوان دیتا ہے اسی کو اسکی آمدنی دلائی جائے پس اگر عیب کے سبب سے مشتری مبیع کو رد کردے اور اس اثنا میں مبیع سے جو کچھ آمدنی ہوئی ہے اس خریدار سے اس کا مطالبہ کیا جائے تو آمدنی کی مقدار کے ثابت کرنے میں حرج عظیم ہے پس آنحضرت صلعم نے اس حکم سے منازعت کو قطع فرمایا جسطرح قضاء میراث کے بارے میں آپ نے منازعت کو بایں طور قطع کیا ہے۔ کہ جاہلیت کی میراث اسی حالت پر رکھی جائے جس حالت پر تقسیم کی گئی ہے آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے البیعان اذا اختلفا والبیع قائم بعینہا بینۃ فالقول ما قال البائع او یترادان۔ اور وہ دونوں بیع جبکہ بینہ نہ ہو اگر اس میں اختلاف واقع ہو اور بیع بھی موجود ہو پس قول بائع کا معتبر ہوگا یا ہر دونوں رد کردینگے میں کہتا ہوں آپ نے قطع منازعت اسلئے کی کہ اصل بات یہ ہے کہ کوئی چیز کسی شخص کی ملک سے نہ نکلتی ہے مگر بواسطہ صحیح بیع کے یا رضامندی کے پھر جب منازعت واقع ہوئی تو اصل کی طرف رجوع ضروری ہوا اور مبیع کا بائع کا مال ہونا یقینی ہے اور مبیع پر اسکا قبضہ ہے اسوقت یا قبل اس عقد کے جسکی صحت نہیں ثابت ہوتی ہے اسلئے بائع کا قول اولیٰ ہے لیکن خریدار کو اختیار ہے اسلئے کہ مبنا بیع کا رضامندی پر ہے اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے الشفعۃ فیما لم یقسم فاذا وقعت الحدود و صرفت الطرق فلا شفعۃ یعنی شفعہ اس چیز میں ہوتا ہے جو تقسیم نہیں ہوئی ہے پھر جب اسمیں حدیں پڑجاویں اور راستے ہوجاویں تو اسمیں شفعہ نہیں ہوتا اور نیز آپ نے فرمایا ہے الجار احق بصقبہ جوار اپنے قریب کیوجہ سے حقدار زیادہ ہے میں کہتا ہوں اصل شفعہ میں ہمسایوں اور شریکوں سے ضرر کا دور کرنا ہے اور میرے نزدیک شفعہ کی دو قسمیں ہیں ایک تو وہ شفعہ ہے کہ مالک پر فیما بینہ وبین اللہ شفیع کے لیے اس شفعہ کا پیش کرنا اور دوسروں پر اسکا مقدم کرنا اور عند القاضی وہ مالک اسکے پیش کرنے پر مجبور نہ کیا جائیگا اس قسم کا شفعہ اس جار کے لئے ہوتا ہے جو شریک نہیں ہے اور ایک وہ شفعہ ہے جسپر مالک عند القاضی مجبور کیا جاتا ہے یہ شفعہ صرف شریک کیلئے ہے اور احادیث جو اس باب میں وارد ہوئی ہیں انکی تطبیق کی صورت یہی ہے اور نیز آپ نے یہ فرمایا ہے من اقال اخاہ المسلم صفقتہ کدیما اقال اللہ عثرتہ یوم القیامۃ۔ جو شخص اپنے بھائی مسلمان سے اس عقد کو توڑیگا جو اسکے ناپسند ہے خدا تعالےٰ قیامت کے روز اسکی خطا سے درگذر فرمائیگا۔ میں کہتا ہوں جس شخص کو عقد کرنیکے بعد افسوس ہو تو اس سے رفع ضرر کے لئے اقالہ کرنا مستحب ہے اور واجب نہیں ہے کیونکہ ہر شخص اپنے اقرار میں ماخوذ ہوتا ہے اور جو چیز اپنے اوپر لازم کرتا وہ اسکو لازم ہوجاتی ہے جابر رضؓ نے جو یہ کہا ہے کہ میں نے اس اونٹ کو فروخت کردیا اور اپنے گھر تک سوار ہوکر جانے کو مستثنیٰ کرلیا۔ میں کہتا ہوں اس سے ان چیزوں کے بیع میں استثناء کرنے کا جواز

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثابت ہوتا ہے جہاں مناقشہ کا موقع نہ ہو اور عاقدین باہم سلوک کرنے والے اور فرض نرم ہوں کیونکہ استشار کرنے کی ممانعت اسلئے ہے کہ اسمیں مناقشہ کا احتمال ہوتا ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من فرق بین والدۃ وولدھا فرق اللہ بینہ وبین احبتہ یوم القیامۃ۔ جو شخص ماں اور اسکے بچے میں جدائی ڈالے تو خدا تعالےٰ قیامت کے روز اسمیں اور اسکے دوستوں میں جدائی ڈالیگا اور ایک مرتبہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے دو غلاموں سے جو بھائی بھائی تھے ایک کو فروخت کر دیا تو آنحضرت صلعم نے اُن سے فرمایا کہ واپس کرو۔ میں کہتا ہوں ماں جو بچے میں جدائی ڈالنے سے ضرور ہے کہ دونوں کو وحشت پیدا ہوگی اور آہ و بقا کرینگے یہی دو بھائیوں کا حال ہے لہذا انسان کو انمیں تفریق ڈالنے سے اجتناب چاہیئے۔

اللہ پاک فرماتا ہے اذا نودی للصلوۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا الی ذکر اللہ وذروا البیع جب جمعہ کی نماز کے لئے پکارا جائے تو خدا تعالےٰ کی یاد کی طرف لپکو اور بیع یعنی خرید و فروخت کو چھوڑ دو۔ میں کہتا ہوں یہ حکم اُس ندا کے ساتھ متعلق ہے جو امام کے خطبہ کے لئے جاتے وقت ہوتی ہے اور چونکہ بیع وغیرہ میں مشغول ہونے سے بسا اوقات نماز جاتی رہتی ہے اور خطبہ کا استماع ترک ہو جاتا ہے اس لئے اس سے نہی فرمائی گئی۔ اور آنحضرت صلعم سے کسی نے عرض کیا کہ نرخ گراں ہو گیا ہے اسلئے آپ ہمارے لئے نرخ مقرر فرما دیجئے آنحضرت صلعم نے فرمایا نرخ مقرر کرنیوالا خدا تعالےٰ ہے اسی کی صفت قابض و باسط و رازق ہے اور مجھے اس بات کی آرزو ہے کہ خدا تعالےٰ سے میں ایسی حالت سے ملوں کہ کوئی شخص مجھ سے کسی ظلم کا مطالبہ نہ کرے۔ میں کہتا ہوں چونکہ مشتری و تاجروں میں ایسا حکم برابر دینا کہ جس سے کسی کو ضرر نہ پہونچے یا دونو کو برابر ضرر پہونچے نہایت دشوار تھا اسلئے آنحضرت صلعم نے اس سے پرہیز کیا تاکہ آپکے بعد حکام لوگ اسکو طریقہ و دستور نہ مقرر کر لیں اور اسکے بدبھی اگر کوئی سوداگروں سے علانیہ ظلم معلوم ہو جسکا لوگوں کو یقین ہو جائے تو اسکی اصلاح درست ہے کیونکہ اسمیں ملک کی بربادی ہے اور اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے یا ایہا الذین آمنوا اذا تداینتم بدین الی اجل مسمی فاکتبوہ۔ اے ایمان والو جبکہ تم ایکدوسرے سے معین تک قرض کا لین دین کرو تو اسکو لکھ لو معلوم کرو کہ قرض مناقشہ و منازعت کے اعتبار سے تمام معاملات میں بڑھکر ہے اور وقت حاجت کے بغیر اسکے چارہ بھی نہیں ہے اسلئے اللہ پاک نے لکھ لینے اور گواہ کرنے کی تاکید فرمائی اور رہن اور کفالت کو مشروع کیا اور گواہی کے چھپانے کا گناہ بیان فرمایا۔ اور لکھنے اور گواہی دینے کو فرض کفایہ کیا اور وہ عقود ضروریہ سے ہے اور آنحضرت صلعم جب مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو مدینہ کے لوگ پھلوں کے ایک ایک دو دو تین تین برس کے لئے بدی کیا کرتے تھے لہذا آپ نے فرمایا جب کوئی کسی چیز میں بدی کرے تو کیل معین و وزن معین میں مدت معین تک بدی کرے۔ میں کہتا ہوں اسکی وجہ یہ ہے۔ کہ حتی الامکان مناقشہ کا ارتفاع ہو جاوے اور فقہاء نے انہیں تینوں پر اُن اوصاف کو قیاس کر لیا ہے جنسے بالاصول وقت کسی چیز کا بیان ہو سکتا ہے اور قرض کا مدار ابتداءً تبرع پر ہے اور اسمیں عاریت کے بھی معنی پائے جاتے ہیں لہذا اسمیں دیر کرنا جائز ہے اور زیادہ لینا حرام ہے اور رہن کا بنا مضبوطی پر ہے اور وہ مضبوطی قبضہ کرنے سے ہوتی ہے لہذا اسمیں قبضہ شرط کیا گیا۔ اور میرے نزدیک ان دونوں حدیثوں میں اختلاف نہیں ہے پہلی حدیث تو یہ ہے لا یغلق الرہن الرہن من صاحبہ الذی رہنہ لہ غنمہ وعلیہ غرمہ۔ رہن کرنا مرہون کو اسکے مالک سے جس نے اسکو رہن

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رکھا ہے نہیں روکتا ہے اسکے لئے اُسکی آمدنی ہے اور اسی پر اُسکا قرض ہے اور دوسری حدیث یہ ہے الظہر یرکب بنفقتہ اذا کان مرہونا ولبن الدر یشرب بنفقتہ اذا کان مرہونا وعلی الذی یرکب ویشرب النفقۃ سواری سے اُسکے خرچ اٹھانے کے سبب سے اس سے سواری کیجاوے گی اگر وہ مرہون ہے دودھ دینے جانور کا دودھ اُسکے خرچ اٹھانے کے سبب سے دیا جائیگا اگر وہ مرہون ہے اور سوار ہونیوالے اور دودھ پینے والے کو اُسکا خرچ اُٹھانا پڑیگا اور اختلاف نہ ہونے کا سبب یہ ہے کہ پہلی حدیث میں تو حکم عام ہے مگر جسوقت میں راہن اس مرہون کا خرچ نہ اٹھائے اور مرہون کے ہلاک ہونے کا خوف ہو اور مرتہن اُسکا خرچ اٹھائے تو اسوقت میں مرتہن جسقدر لوگ انصاف کر دیں مرہون سے انتفاع حاصل کر سکتا ہے اور آنحضرت صلعم نے ناپنے والوں اور وزن کشوں سے فرمایا ہے تم کو ایسی دو چیزیں سپرد کیگئی ہیں جنمیں تم سے قبل امم سابقہ ہلاک ہو چکی ہیں میں کہتا ہوں ڈنڈے مارنا حرام ہے کیونکہ اسمیں خیانت اور بدمعاملگی ہے اور حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم کا حال جو کچھ ہو چکا ہے خدا تعالےٰ نے قرآن مجید میں اُسکا ذکر فرمایا ہے۔ اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے ایما رجل افلس فادرک رجل مالہ بعینہ فھو احق بہ جو شخص مفلس ہو پھر کوئی شخص بعینہ اُسکے پاس اپنے مال کو پاوے تو وہ محض جھوٹ ہے اور آنحضرت صلعم نے جو یہ فرمایا ہے کہ وہ شخص ایسا ہے جیسے جھوٹ کے دو کپڑے پہننے والا۔ اُسکے یہ معنی ہیں کہ اُسکا مال اُس شخص کا سا ہے جو جھوٹ کی چادر اوڑھ رہا ہے اور اُسی کی لنگی باندھ رہا ہے اور تمام بدن اُسکا جھوٹ سے ڈھکا ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من صنع الیہ معروف فقال لفاعلہ جزاک اللہ خیرا فقد ابلغ بالثناء جس شخص کے ساتھ کوئی احسان کرے اور وہ احسان کرنیوالے کے لئے جزاک اللہ خیرا کہدے تو اُسنے کامل طور سے تعریف کر دی میں کہتا ہوں آپ نے اس لفظ کو اسلئے معین فرمایا ہے کہ ایسے مقام میں زیادہ اوصاف بیان کرنمیں مبالغہ اور الحاح ہے اور کم بیان کرنمیں حق کا چھپانا اور احسان کا کتمان ہے اور بعض مسلمان بعض کو جو ہدیہ پیش کریں اُن سب میں بہتر وہ چیز ہے جو آخرت کو یاد دلائے اور خدا پر تمام امور کا حوالہ اسمیں پایا جاوے اور یہ لفظ اس تمام کے لئے کافی مقدار ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے تہادوا فان الھدیۃ تذہب الضغائن دلی روایۃ تذہب وحر الصدر باہم تحفہ و تحائف بھیجتے رہا کرو کیونکہ ہدیہ سے رنجشیں دور ہوتی ہیں۔ اور ایک روایت میں آیا ہے دل کا غصہ جاتا رہتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ہدیہ اگرچہ تھوڑا سا ہی ہو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ بھیجنے والیکے دلمیں اس شخص کی تعظیم و قدر و محبت اور اُس کی جانب محبت ہے اور اُسی کی طرف اس حدیث میں اشارہ ہے لا تحقرن جارۃ جارتہا ولو فرسن شاۃ کوئی پڑوسن اپنی پڑوسن کو حقیر نہ سمجھے اگرچہ بکری کھری کیساتھ ہو۔ پس یہ دلوں کی رنجش دور کرنیکے لئے عمدہ طریقہ قرار پایا۔ اور کسی شہر یا قبیلہ میں پوری پوری الفت پیدا ہونے سے رنجش دور ہو سکتی ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من عرض علیہ ریحان فلا یرد فانہ خفیف المحمل طیب الریح۔ جس شخص کے سامنے کوئی ریحان کو پیش کرے تو یہ اُسکو واپس نہ کرے کیونکہ اُس کے لینے میں بار کم ہوتا ہے اور وہ خود خوشبودار ہوتا ہے۔ میں کہتا ہوں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ریحان وغیرہ کے واپس کرنے کو اسواسطے ناپسند فرمایا کہ اُسکے قبول کر لینے میں دینے والے کا اس شخص پر زیادہ بار نہیں ہوتا۔ اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لوگونمیں اُسکا دستور ہے لہذا اُسکے قبول کرنیمیں قبول کرنیوالے کو بھی زیادہ عار نہیں ہوتی اور دینے والیکا بھی اُسکے دینے میں زیادہ خرچ نہیں ہوتا اور اسکا باہم دستور کرنیمیں الفت باہمی کا پیدا کرنا اور واپس کرنیمیں آپسکی دشمنی کرنا اور دلی رنجش کی دلیل ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے العائد فی ہبتہ کالکلب یعود فی قیئہ لیس لنا مثل السوء۔ اپنی دی ہوئی چیز کو واپس لینی اُس کتے کی مانند ہے جو اپنی قے کو پھر کھا جاتا ہے ایسی بُری مثال ہمارے مناسب نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دی ہوئی چیز کے واپس لینے کو اسواسطے ناپسند فرمایا کہ جس چیز کو اپنے مال سے علیحدہ کر چکا اور اُس سے قطع تعلق کر چکا ہے پھر اُسکے واپس لینے کا منشا یا تو اُس دی ہوئی چیز کے ساتھ حرص کا پیدا ہونا یا اُس شخص سے ناخوشی یا اُسکی ضرر رسانی ہے اور یہ سب اخلاق مذمومہ ہیں اور نیز ہبہ کے پورا کر دینے اور مضبوط کر دینے کے بعد اُسکے واپس لینے میں عداوت و رنج کا پیدا کرنا ہے بخلاف اُس صورت کے کہ پہلے ہی سے اُسکو کچھ نہ دیا ہو لہذا آنحضرت صلعم نے اُس چیز کے واپس لینے کو جسکو اپنی ملک سے جدا کر چکا ہے کتے کو اپنی قے کے کھا جانے کیساتھ مشابہت دی تاکہ ظاہر ہو تو نکو اسکی بُرائی متمثل ہو جائے اور پورے طور پر اُس کی قباحت بیان کر دی بارخدایا مگر جس صورتیں ان دونوں کے اندر بے تکلفی ہے جس سے مناقشہ پیدا نہیں ہو سکتا تو وہاں واپس لینے میں کچھ حرج نہیں ہے جیسے باپ بیٹے سے واپس لیلے چنانچہ آپ نے فرمایا انت ومالک لابیک الحدیث ولدہ بجز باپ کے جو اپنے بیٹے سے واپس لیلے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کی نسبت جسنے اپنے بعض بچوں کو کچھ عطا کیا تھا فرمایا ہے کیا تو چاہتا ہے کہ تیرے ساتھ نیکی میں وہ سب برابر ہوں اُس نے عرض کیا (ہاں) تو آپ نے فرمایا ایسے وقت میں ایسا نہیں ہوتا میں کہتا ہوں آنحضرت صلعم نے عطا کے اندر بعض اولاد کو بعض پر فضیلت دینے کو اس لئے ناپسند فرمایا کہ اُس سے انمیں بھی باہم ملال و رنجش پیدا ہوتی ہے اور باپ کے ساتھ بھی لہذا رسول خدا صلعم نے اس بات کیطرف اشارہ فرمایا کہ بعض کو بعض پر فضیلت دینے سے اس اولاد کے دلمیں ملال و رنج پیدا ہوگا جس کے ساتھ کوتاہی کی گئی ہے اور وہ اسکے سبب سے باپ کے ساتھ کوتاہی کریگا اور اسمیں خانہ ویرانی ہے۔ (اور منجملہ تبرعات وصیت ہے) وصیت کا وقت موت کے قریب ہوتا ہے اور اسکے مسنون ہونے کی یہ وجہ ہے کہ بنی آدم کے ملک میں منازعت ہوتی ہے پس جب موت کا وقت قریب ہوتا ہے تو اُسکے سبب سے اس شخص موصی کو مال سے استغنا ہو جاتی ہے، مستحب ہوئی یہ بات کہ اُس موصی نے جو کچھ اُسمیں تصور کیا ہے اُسکا تدارک ہو جائے اور جو کچھ اسوقت میں اُس مال میں جسکا حق ہے اُس سے مواسات کرے رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے الثلث کثیر ثلث مال کی وصیت کر اور ثلث بھی زیادہ ہے اور جاننا چاہیئے کہ تمام عرب عجم کی قوموں میں بیشمار مصلحتوں کے سبب ایک عادت اور ضروری بات ہو گئی ہے کہ میت کا مال اُسکے وارثوں کیطرف منتقل ہوتا ہے پھر جب وہ مریض ہوتا ہے اور موت پر متوجہ ہوتا ہے تو اُن وارثوں کے لئے ملکیت حاصل ہونے کا طریقہ نکل آتا ہے پس اُنکی امید سے اُنکو ناامید رکھنا اُنکے حق کا تلف کرنا اور اُن کی حق میں کوتاہی کرنا ہے، اور نیز حکمت کا یہ مقتضی ہے کہ میت کے بعد اُس کے مال کو لے جو سب لوگوں سے زیادہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُس کا دوست و معاون اور ہمدرد ہے اور اس بات میں کوئی شخص ماں باپ واولاد اور جتنے ذوالارحام ہیں اُنکے درجہ کو نہیں پہونچتا، چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے واولوالارحام بعضہم اولی ببعض فی کتاب اللہ اور ذوالارحام میں سے بعض لوگ بعض کے ساتھ اولی ہیں کتاب اللہ کے اندر۔ اور بایں ہمہ بسا اوقات ایسے امور پیش آتے ہیں جنسے اور لوگوں کی بھی غمخواری ضروری ہوتی ہے بلکہ اکثر اوقات خاص خاص حالات میں اور لوگوں کو اختیار کرنا ضروریات سے ہوتا ہے لہذا ایک حد مقرر کرنا جسکے آگے لوگ نہ بڑھ سکیں لابدی ہوا اور وہ حد ثلث ہے اسلئے کہ ورثہ کی ترجیح ضروری امر ہے اور وہ بایں طور ہو سکتی ہے کہ اُنکو نصف سے زیادہ دلایا جاوے اسلئے اُنکے لئے دو ثلث اور غیروں کیلئے ایک ثلث مقرر ہوا اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے ان اللہ اعطی کل ذی حق حقہ فلا وصیۃ لوارث۔ خدا تعالے نے ہر حقدار کو اُسکا حق عطا فرمایا ہے لہذا کسی وارث کے لئے وصیت نہیں ہے میں کہتا ہوں وصیت کے اندر ایام جاہلیت میں ضرر رساں کیا کرتے تھے اور وصیت کرنے میں حکمت واجبہ کا خیال نہ کرتے تھے بعض لوگ حق کو اور اس شخص کو ترک کرکے جسکی غمخواری واجب ہے اپنی رائے ناقص سے بعید لوگوں کو اختیار کرتے تھے لہذا اس باب کا مسدود کرنا ضروری ہوا اور یہ بات ضروری ہوئی کہ قرابتوں کے اعتبار سے قواعد کلیہ کا لحاظ کیا جائے اور شخاص کے اعتبار سے عارضی خصوصیات کا لحاظ نہ کیا جائے پس مواریث کے احکام چونکہ قطع منازعت اور باہمی رنجشوں کے دور کرنے کیلئے مقرر ہوئے ہیں لہذا یہ حکم بھی ضروری ہوا کہ وارث کے لئے وصیت جائز نہ کیجائے اس لئے کہ اسکے جائز کرنے میں اس حد مقرر کا توڑنا ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے ما حق امرء مسلم لہ شئ یوصی فیہ یبیت لیلتین الا ووصیتہ مکتوبۃ عندہ کسی مسلمان شخص کو جسکے پاس وصیت کرنیکے لئے کوئی چیز ہے سزاوار نہیں ہے کہ شب کو بسر کرے اور اُسکی وصیت اُسکے پاس لکھی ہوئی نہ ہو۔ میں کہتا ہوں وصیت میں تعجیل کرنا بہتر ہے اسلئے کہ اگر وفعتاً موت نے اُسکو آگھیرا یا ناگاہ کوئی حادثہ پیش آیا اور جس ضروری مصلحت کا قائم کرنا اُسنے اپنے نزدیک ضروری سمجھا تھا وہ فوت ہوگئی تو پھر حسرت کے کچھ اور نہ ہوگا اور نیز آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے ایما رجل اعمر عمری لہ ولعقبہ میں کہتا ہوں آپ کے زمانہ میں بہت سے مناقشے درپیش تھے جنکے قطع ہونیکی امید بھی نہ تھی لہذا اُنکا قطع کرنا منجملہ اُن مصلحتوں کے ہوا جن کے قائم کرنیکے لئے آنحضرت صلعم کے بعثت ہوئی ہے مثل سود و قتل وغیرہ کے اور کچھ لوگوں نے لوگوں کو عمر بھر رہنے کیلئے مکان دیدیئے تھے پھر دینے والے اور رہنے والے مرگئے اور دوسرا قرن پیدا ہوا تو اب اس میں اشتباہ اور باہم مخاصمت و منازعت شروع ہوئی پس آپ نے بیان فرمایا کہ اگر مکان دینے والے نے اس بات کی تصریح کردی ہے کہ یہ مکان تیرے لئے اور تیرے وارثوں کے لئے ہے تو یہ ہبہ ہے اسلئے کہ آپ نے خالص ہبہ کے جو لوازم ہیں بیان فرمادیئے اور اگر اُس دینے والے نے اُس شخص سے یہ کہا ہے کہ یہ مکان تا زیست تیرے لئے ہے تو یہ عاریت ہے کیونکہ اُس نے ایسے قید کے ساتھ مقید کیا ہے جو ہبہ کے منافی ہے اور منجملہ تبرعات وقف ہے اور اہل جاہلیت اُس سے ناواقف تھے پس نبی صلعم نے اُن مصالح کے اعتبار سے جو اور صدقات میں نہیں پائے جاتے وقف کا استنباط فرمایا کیونکہ انسان بسا اوقات خدا کی راہ میں بہت سا مال صرف کردیتا ہے اور

سبکیہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ مال فنا ہو جاتا ہے اور وہ فقراء پھر محروم رہ جاتے ہیں اور اور فقراء لوگ اس مال سے محروم ہی رہتے ہیں پس ایسے لوگوں کیلئے اس سے عمدہ و نافع صورت کوئی نہیں ہے کہ ایک شے فقراء اور مسافروں کیلئے روک لیجاوے جس کے منافع اُنپر صرف ہوا کریں اور خود وہ شے واقف کے ملک میں رہا کرے چنانچہ آنحضرت صلعم نے حضرت عمرؓ سے فرمایا اگر تو چاہے اسکی اصل کو روک لے اور اس کا صدقہ صدقہ کر دے پس حضرت عمرؓ نے اُس کا صدقہ کر دیا کہ خود وہ فروخت کیا جاوے اور نہ ہبہ کیا جاوے اور نہ اُس سے ورثہ دیا جاوے اور فقراء اور اقارب اور غلاموں کی مکھڑانے اور راہِ خدا اور مسافر اور مہمان کیلئے صدقہ کر دیا اور کہدیا کہ جو شخص اسکا متولی ہو حسب دستور بلا وقت اُسے کھائے اور غیر متول لوگوں کو کھلائے۔

اور معاونت کی بھی بہت سی قسمیں ہیں از انجملہ مضاربت ہے اور اسکی یہ صورت ہے کہ ایک شخص کا مال ہو اور ایک کی محنت ہو اور نفع باہم جیسے مقرر ہو جائے انمیں مشترک ہو اور ایک معاوضہ ہے اور وہ یہ ہے کہ دو شخص باہم برابر برابر مال سے شریک ہو کر سوداگری کریں اور تمام خرید و فروخت میں شریک ہوں اور باہم نفع تقسیم کر لیا کریں اور ہر ایک دوسرے کا ضامن و وکیل ہو اور ایک عنان ہے اور وہ یہ ہے کہ مال معین میں شریک ہو کر اسطرح سے سوداگری کریں اور ہر ایک شخص دوسرے کا وکیل ہو نہ کفیل جس سے دوسرے کے بدلہ اُس سے مطالبہ کر سکے اور از انجملہ شرکت صنائع ہے جیسے دو درزی یا دو رنگریز اسطور سے شرکت کریں کہ دونوں محنت کریں اور اجرت دونوں میں تقسیم ہو جاوے اور ایک شرکت وجوہ ہے اور وہ یہ ہے کہ باہم دو شخص یوں شریک ہوں کہ مال تو کسی کے پاس نہیں ہے مگر اپنے اعتبار سے دونوں ملکر خرید و فروخت کریں اور نفع باہم تقسیم ہو جایا کرے، اور ایک وکالت ہے کہ اپنے موکل کے لئے وکیل سوداگری کرے اور ایک مساقات ہے اور وہ یہ ہے کہ باغ ایک کا ہے محنت ایک کی پھل دونوں کا اور ایک مزارعت ہے اور وہ اس سے عبارت ہے کہ زمین ایک کی ہے تخم ایک کی اور محنت و بیل ایک کی اور ایک مخابرہ ہے اور وہ یہ ہے کہ زمین ایک کی اور بیج اور بیل اور محنت دوسرے کی اور ایک کرایہ ہے کہ ایک کی تصرف محنت اور باقی جو کچھ ہو وہ دوسرے کے ذمہ ہو اور ایک اجارہ ہے اور اسمیں مبادلہ کے معنی بھی پائے جاتے ہیں اور معاونت کے معنی بھی پائے جاتے ہیں پس اگر صرف منفعت مطلوب ہے تب تو مبادلہ کے معنی غالب ہیں اور اگر اجیر کی خصوصیت مطلوب ہے تو معاونت کے معنی غالب ہیں۔ آنحضرت صلعم سے قبل لوگ ایسے ایسے عقود کیا کرتے تھے پس ان میں سے جس میں مناقشہ کا احتمال غالب نہیں ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس سے نہی نہیں فرمائی ہے وہ عقد تو اپنی اباحت پر باقی ہے اور اس حدیث کے تحت میں داخل ہے المسلمون علی شروطہم۔ اور رافع بن خدیج کی حدیث میں جو راویوں کا اختلاف ہے وہ عیاں ہے اور تابعین میں بڑے بڑے نامی لوگ شرکت مزارعہ کیا کرتے تھے اور اُس کے جواز پر اہل خیبر کے معاملہ کی حدیث دلالت کرتی ہے اور جن احادیث میں اس سے نہی پائی جاتی ہے وہ احادیث نہروں کے اوپر پیداوار یا کسی خاص قطعہ کے بدلہ کرایہ دینے پر محمول ہے جیسا کہ حضرت رافع نے فرمایا ہے یا وہ نہی بطور تنزیہ اور ارشاد کے ہے چنانچہ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں یا اُسوقت کے ساتھ اس معاملہ میں مناقشات کی کثرت کی بہت سے مصلحت خاصہ پر محمول ہے چنانچہ زید فرماتے ہیں +

ویکیپیڈیا دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرایض کا بیان

معلوم کرو کہ حکمت الٰہی کا مقتضیٰ ہے کہ لوگوں کے قبیلہ میں باہم معاونت اور مناصرہ اور غمخواری کا طریقہ جاری رہے اور ہر شخص دوسرے کے نفع و نقصان کو بمنزلہ اپنے نفع نقصان کے سمجھے اور یہ طریقہ جب ہی قائم ہو سکتا ہے جب انکی جبلت میں یہ بات داخل ہو اور اسباب عارضہ بھی اسپر معین ہوں اور انکا قدیمی طریقہ بھی اسکو ثابت کرے جبلت تو وہ محبت و الفت ہے جو ماں باپ و اولاد و بھائی بندوں وغیرہ میں پائی جاتی ہے اور عارضی اسباب وہ لوگوں کی باہمی الفت و ملاقات اور تحفہ و تحائف بھیجنا اور غمخواری کرنا ہیں کیونکہ ان سب باتوں سے ایک دوست کا دوست ہو جاتا ہے اور سختیوں کے وقت انہیں اسباب کی وجہ سے ایک کو دوسرے کی مدد و معاونت پر ہمت ہوتی ہے اور قدیمی طریقہ وہ ہے کہ تمام شرائع میں صلہ رحم کا حکم اور اسکے تارک پر ملامت کا قائم کرنا چلا آتا ہے پھر بعض لوگ اپنی فکر ناقص سے تابع ہوتے ہیں اور کما ینبغی صلہ رحم کو قائم نہیں کرتے اور بسا اوقات غیر ضروری چیزوں کو مہتم بالشان سمجھتے ہیں لہذا آپ انہیں سے بعض چیزوں کے واجب کرنے کی حاجت پڑی خواہ وہ اس سے خوش ہوں یا انکار کریں جیسے مریض کی عیادت اور مصیبت زدہ کا پھڑانا اور دیتہ کا لینا اور جو شخص اپنے ذی رحم کا مالک ہوا سکا آزاد ہو جانا اور علاوہ ان کے اور بہت سے امور ہیں اور سب چیزوں سے زیادہ اس قسم کی ضرورت اس مال میں ہے جس سے قریب بموت ہونے کے سبب سے مالک کو استغنائے ہو گئی ہے ایسے وقت میں ضروری ہے کہ اسکا مال اسکے سامنے ایسی چیز میں صرف کیا جاوے جو معاذات خاکی میں نافع ہو یا اسکے بعد اسکے اقارب میں خرچ کیا جاوے معلوم کرو کہ فرائض کی حقیقت یہ ہے کہ تمام عرب و عجم کے لوگوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ میت کے مال کے مستحق سب لوگوں سے زیادہ اسکے اقارب اور ذوی الارحام ہیں پھر اسکے بعد انمیں بڑا اختلاف ہے اہل جاہلیت تو صرف مردوں ہی کو ورثہ دیتے نہ عورتوں کو وہ سمجھتے تھے کہ اصل مرد ہی ہیں اور وہی وقت مصیبت کے کام آتے ہیں لہذا جو چیز بمنزلہ نعمت کے ہے اسکے وہی مستحق ہیں اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلعم پر جو نازل ہوا ہے وہ بالتعیین و توقیت اقارب کے لئے وصیت کا وجوب نازل ہوا کیونکہ لوگوں کے احوال مختلف ہوتے ہیں کسی شخص کا ایک بھائی ناصر و معاون ہوتا ہے اور دوسرا نہیں ہوتا کسی شخص کا باپ مصیبت کے وقت کام آتا ہے اور اولاد کام نہیں آتی اور علیٰ ہذا القیاس پس مصلحت کا مقتضیٰ ہوا کہ اس بات کا اختیار لوگوں کے سپرد کیا جاتے تاکہ ہر شخص جو مصلحت مناسب جانے اس کے موافق حکم دے پھر اگر موصی سے کچھ زیادتی یا گناہ ظاہر ہوتا تھا تو قاضی کو اسکی وصیت کی اصلاح کرنے اور اسکے بدلنے کا اختیار ہوتا تھا۔ ایک مدت تک یہی حکم جاری رہا پھر جب خلافت کبریٰ کے احکام جاری ہوئے اور شرق سے غرب تک محمدی عملداری ہو گئی اور بعثت عامہ کے انوار روشن ہو گئے تو مصلحت کا مقتضیٰ ہوا کہ اس بات کا اختیار نہ تو انکو دیا جاوے اور نہ انکے بعد قضاۃ کو بلکہ اس کا مدار ان مظان غالبہ پر رکھا جاوے جو عرب و عجم وغیرہم کے عادات کے متعلق علم الٰہی میں ہے اور بمنزلہ طبع امر کے ہیں اور جو شخص اسکے خلاف ہے وہ بمنزلہ شاذ و نادر اور اس بہیمہ کی مانند جو عادت مستمرہ کے برخلاف بلا ناک کان کے یا لنگڑا پیدا ہوتا ہے اللہ پاک فرماتا ہے لا تدرون ایہم اقرب

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کم نفعا تم نہیں جانتے کہ انمیں سے تمہارے لئے نفع میں کون زیادہ تر قریب ہے مواریث کے مسائل بھی چند اصل پر ہے از انجملہ ایک یہ ہے کہ اس باب میں مصاحبت طبعی اور محبت کا اعتبار ہے جو بمنزلہ مذہب جبلی کے ہے اتفاقات عارضیہ کا اعتبار نہیں ہے کیونکہ وہ غیر منضبط ہونیکے سبب سے شرائع کلیہ بننا نہیں ہوسکتے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے واولوالارحام بعضھم اولی ببعض فی کتاب اللہ اسی لئے مجرد اولوالارحام کے زوجین کے سوا کسی کیلئے میراث مقرر نہیں کی گئی البتہ زوجین اولوالارحام کے ساتھ ملحق ہیں اور انکے شمار میں بچند وجوہ داخل ہیں از انجملہ تدبیر خانگی میں معاونت کی تاکید اور اسباب پر رغبت دلانا ہے کہ انمیں سے ہر شخص دوسرے کے نفع و نقصان کو بعینہ اپنا نفع و نقصان سمجھے اور از انجملہ یہ ہے کہ خاوند عورت کا خرچ اٹھائے اور اپنا مال اسکی سپردگی میں دے اور اپنی چیز پر اسکو امین سمجھے اس خیال سے کہ جو کچھ مرنے کے بعد چھوڑے وہ کل مال یا اسمیں ایک حصہ اسکا حق ہے اور یہ خصوصیت ایسی ہے کہ اسمیں انقطاع کا احتمال نہیں لہذا شرع نے اس مرض کا بانیطور علاج کیا کہ ربع یا نصف خاوند کے لئے مقرر کیا تاکہ اسکے دل کو تسکین رہے اور خصومت کو زیادہ بڑھنے نہ دے از انجملہ یہ ہے کہ عورت کی بسا اوقات اپنے خاوند سے اولاد پیدا ہوتی ہے جو لامحالہ مرد کی قوم اور اسکے نسب اور مرتبہ کے ہوتی ہے اور انسان کا اپنی ماں کے ساتھ اتصال کبھی منقطع نہیں ہوتا پس اس سبب سے زوجان لوگوں کے شمار میں داخل ہے جو اس کے خاوند کی قوم سے علحدہ نہیں ہوتے اور وہ بمنزلہ ذوالارحام کے ہوجاتی ہے از انجملہ یہ ہے کہ خاوند کی وفات کے بعد چند مسلمتوں کے سبب سے جو ظاہر ہیں عورت کو اسکے گھر میں عدت پوری کرنا واجب ہے اور اسکے خاوند کے کنبہ میں سے کوئی شخص اسکی معاش کا متکفل نہیں ہوتا لہذا ضروری ہوا کہ خاوند کے مال میں سے اسکی معاش مقرر کیجائے اور یہ بات ممکن تھی کہ اسکی کوئی خاص مقدار مقرر کیجائے کیونکہ یہ بات معلوم نہیں ہوسکتی کہ خاوند کسقدر مال چھوڑیگا پس ایک علم حصہ مقرر کرنا واجب ہوا۔ جو ہر جگہ جاری ہوسکتا ہے مثلاً چوتھائی یا آٹھواں حصہ اور از انجملہ یہ ہے کہ قرابت کی دو قسمیں ہوتی ہیں ایک تو وہ قرابت جو حسب و منصب میں مشارکت اور اس بات کو چاہتی ہے کہ وہ دونوں شخص ایک ہی قوم و مرتبہ کے ہوں اور دوسری وہ قرابت جو حسب و نسب اور مرتبہ میں مشارکت کو نہیں چاہتی بلکہ اسمیں صرف محبت و شفقت پائی جاتی ہے۔ اور اگر ترکہ تقسیم کرنیکا اختیار میت کو ہوتا تو اس قرابت سے آگے نہ بڑھتا یہ بات ضروری ہے کہ پہلی قسم کو دوسری قسم پر فضیلت دیجائے کیونکہ تمام عرب و عجم اس بات کو ناپسند کرتے ہیں اور جب کسی شخص کا مال و منصب اس شخص کو دیا جاوے جو اسکی قوم میں اس کا قائم مقام ہے تو اس کو انصاف جانتے ہیں اور پسند کرتے ہیں اور یہ بات انکی جبلت میں داخل ہوگئی ہے جو ٹلنے نہیں والا ہوسکتی مگر جس صورت میں کہ انکے دلوں میں فرق آجائے بارخدایا اگر ہمارے زمانہ میں لوگوں کے نسب ضائع ہوگئے اور نسب کی وجہ سے باہم معاونت باقی نہیں ہے اور یہ بات بھی ناروا ہے کہ دوسری قسم کا حق پہلی قسم کے بعد چھوڑ دیا جاوے یہی سبب ہے کہ ماں کا حصہ بیٹی اور بہن کے حصہ سے کم ہے باوجودیکہ اسکو ماں کے ساتھ بھلائی کرنے اور صلہ رحم کرنے کی زیادہ تر تاکید ہے کم ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ماں نہ تو بیٹی کے قوم کی ہوتی ہے اور نہ اس کے حسب کی اور نہ اسکے مرتبہ و شرافت کی ہوتی ہے اور نہ ان لوگوں میں ہوتی ہے جو اس کے قائم مقام ہوتے ہیں دیکھو بیٹا اکثر ہاشمی ہوتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور ماں ہمشیرہ ہوتی ہے اور بیٹا قریشی ہوتا ہے اور ماں عجمی ہوتی ہے اور بنیابیت الخارجت سے ہوتا ہے اور ماں نباوذارت کے ساتھ متسم ہوتی ہے اور بیٹے و ہمشیر آدمی کی قوم اور اُسکے مرتبہ کے ہوتے ہیں اور اسی طرح ماں کی اولاد کو اگر ورثہ ملتا ہے تو تہائی سے زیادہ کبھی نہیں ملتا۔ دیکھو آدمی کبھی قریشی ہوتا ہے اور اُسکا بھائی اخیافی (جو بھائی ماں کی طرف سے ہوتا ہے) کبھی ہوتا ہے اور کبھی دونوں قبیلوں میں نزاع درپیش ہوتا ہے اور ہر شخص دوسرے کی قوم کے مقابلہ میں اپنی قوم کی مدد کرتا ہے اور لوگ ایک بھائی کو دوسرے بھائی کے قائم مقام ہونا انصاف نہیں سمجھتے ہیں اور اسی طرح زوجہ کو جو ذوی الارحام کے ساتھ ملحق ہے اور اُنکے شمار میں داخل ہے سب سے کم حصہ ملتا ہے اور اگر کئی بیویاں ہوں تو اسی حصہ میں سب شریک ہوتی ہیں اور باقی ورثہ کے حصہ میں ہرگز کمی نہیں کر سکتے ہیں۔ دیکھو بیوی خاوند کے مرنے کے بعد دوسرے شخص سے نکاح کر لیتی ہے اور پہلے خاوند سے اسکو کچھ تعلق نہیں رہتا۔ الحاصل توارث کا مدار تین امور پر ہے ایک قومیت کے بعد اسکی جگہ اسکی عزت اور مرتبہ اور چوتھائیں اس قبیلہ سے ہیں انمیں اُسکا قائم مقام ہونا کیونکہ انسان کی اس بات میں بڑی کوشش ہوتی ہے کہ اُسکے بعد اُسکا کوئی قائم مقام رہے دوسرے مذمت اور غمخواری اور محبت اور شفقت اور چوتھائیں اس قبیلہ سے ہیں تیسرے قرابت جو ان دونوں امر پر بھی مشتمل ہے اور تینوں میں زیادہ تر اسی تیسرے کا اعتبار مقدم ہے اور پورے طور پر ان سب کا محل وہ شخص ہے جو نسب کے عمود میں داخل ہے جیسے باپ اور دادا اور بیٹا اور پوتا یہ لوگ سب سے زیادہ ورثہ کے مستحق ہیں۔ مگر وضع طبعی کے اعتبار سے جس پر قرناً بعد قرنٍ عالم کے بنا ہے بیٹا باپ کا قائم مقام ہوتا ہے اور اسی کی لوگوں کو تمنا اور امید ہوا کرتی ہے؛ اسی کی خاطر نکاح کرتے ہیں اور اولاد کے پیدا ہونے کی کوشش کرتے ہیں اور باپ کا بیٹے کی جگہ قائم مقام ہونا وضع طبعی کا مقتضی نہیں ہے اور نہ لوگوں کو اسکی آرزو اور امید ہوتی ہے اور اگر بالفرض کسی شخص کو اُسکے مال میں اختیار دیا جاوے تو اُسکے قلب پر اولاد کی غمخواری باپ کی غمخواری پر غالب ہوگی اسیواسطے تمام لوگوں کا دستور عام ہے کہ اولاد کو باپ دادا پر مقدم سمجھتے ہیں اور قائم مقام ہونے کا احتمال بیٹے کے بھائیوں میں ہے اور جو ان کے مانند بمنزلہ قوت بازو کے ہیں اور اُسکی قوم کے اور اُس کے نسب اور مرتبہ کے ہیں۔ باقی رہی خدمت اور شفقت تو یہ دونوں قرابت قریبہ کے مظنات ہیں اور سب سے زیادہ ماں اور بیٹی اسکی مستحق ہے اور جو ان کے مانند ہے اور سب کے عمود میں داخل ہیں اور بیٹی بھی فی الجملہ باپ کی قائم مقام ہوتی ہے اور اُس کے بعد ہمشیرہ اور اُس کے بعد وہ ہے جس سے زوجیت کا علاقہ ہے پھر اُن کی اولاد اور عورتوں کے اندر حمایت اور قائم مقامی کے معنی نہیں پائے جاتے اسواسطے کہ عورتیں بسا اوقات غیر قوم میں نکاح کر لیتی ہیں اور اُسی قوم میں داخل ہو جاتی ہیں۔ بارخدایا مگر بیٹی اور بہن میں کسیقدر یہ معنی پائے جاتے ہیں لیکن عورتوں کے اندر محبت اور شفقت کے معنی کامل طور پر پائے جاتے ہیں اور اسکا مظنہ بہت قریب کی قرابت ہے جیسے ماں اور بیٹی میں کامل طور پر پائے جاتے ہیں اور انکے بعد بھائی اور چچا میں اور دوسرے معنی سب سے زیادہ باپ میں اور اُسکے بعد بیٹے میں پھر حقیقی بھائی پھر اضافی بھائی میں پائے جاتے ہیں اور قرابت قریبہ کا مظنہ ہے نہ بعیدہ کا اسیوجہ سے چچا کے لئے حکم ہے پھوپھی کیلئے حکم نہیں ہے کیونکہ پھوپھی مصیبت کیوقت کام نہیں آسکتی جسطرح چچا کام آتا ہے اور پھوپھی قرابت میں ہمشیرہ کے برابر نہیں ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور ازانجملہ یہ ہے کہ مرد اور عورت اگر ایک ہی درجہ کے ہوں تو ہمیشہ مرد کو عورت پر ترجیح دیجاتی ہے کیونکہ عزت کی حمایت کیلئے مرد ہی مخصوص ہیں اور وجہ بھی ہے کہ مردوں پر نفقے تبہت ہوتے ہیں پس یہ زیادہ تر مستحق ہیں کہ اُن کو وہ مال جو بمنزلہ منفعت کے ہے دیا جائے بخلاف عورتوں کے کہ یہ اپنے خاوندوں یا باپوں یا بھائیوں پر بار و بوجھ ہوتے ہیں اللہ پاک فرماتا ہے الرجال قوامون علی النساء بما فضل اللہ بعضھم علی بعض وبما انفقوا کہ مرد عورتوں پر نگہبان ہیں بسبب اس بات کے کہ خدا تعالےٰ نے بعض آدمیوں کو بعض پر بزرگی دی ہے اور اسوجہ سے کہ انہوں نے خرچ کیا ہے اور ابن مسعودؓ ثلث باقی کے مسئلہ کے اندر فرماتے ہیں خدا تعالےٰ نے مجلوں کیلئے باپ پر فضیلت ہونیکا سبب بجز اسکے کوئی اور نہ سوجھایا ہے کہ جب کہ تبہ باعتبار عصوبۃ اور فرض کے جمع ہونے کے باپ کی فضیلت کا اعتبار کیا گیا ہے تو دوبارہ اُسکا حصہ زیادہ کرنیکیلئے اُسکی فضیلت کا اعتبار نہیں کیا گیا کیونکہ اسمیں اور وارثوں کی حق تلفی ہے اور ماں کی اولاد میں سے ذکور کا اس شخص کی عزت کی حمایت اور اُسکی طرف سے محافظت نہیں ہوتی کیونکہ یہ اولاد دوسری قوم کی ہوتی ہے لہذا ذکور کو اسی پر فضیلت نہیں دیگئی اور دوسرے اُنکی قرابت ماں کی قرابت سے پیدا ہوتی ہے اسلئے وہ سب اولاد بمنزلہ اکاث کے ہے اور ازانجملہ یہ ہے کہ جب وارثوں کی ایک جماعت پائی جائے تو اگر وہ سب وارث اکیمرتبہ کے ہیں تب تو اس ورثہ کی تقسیم انپر ضروری ہے کیونکہ ایک کو دوسرے پر تقدم نہیں ہے اور اگر اُنکے درجے مختلف ہیں تو اُسکی دو صورتیں ہیں یا تو وہ سب ایک نام و ایک جہت میں داخل ہیں اور اسمیں قاعدہ یہ ہے کہ قریب بعید کا حاجب ہو کر اُسکو محروم کر دیتا ہے کیونکہ توارث معاونت پر رغبت دلانیکیلئے مقرر کیا گیا ہے اور قرابت اور تعاون سب میں پایا جاتا ہے مثلاً شفقت و محبت ان سب میں پائی جاتی ہے جنکو اس کا نام شامل ہے اور جسکو بیٹے کا نام شامل ہے اسمیں قائم مقامی کی اور جسکا نام عصبہ ہے اسمیں حمایت کے معنی پائے جاتے ہیں اور یہ مصلحت اسوقت متحقق ہو سکتی ہے جبکہ وہ شخص متعین ہو جائے جو ان باتوں پر اُس شخص کو مجبور کرے اور اسکے ترک سے اُسپر ملامت کیجائے اور سب لوگوں میں وہ شخص مال کے ملنے کیساتھ متمیز نہو اور حصوں کی کمی بیشی ایسی چیز نہیں جسکا زیادہ تر خیال کیا جاوے یا اُنکے وجہات مختلف ہوں اُسکا قاعدہ یہ ہے کہ جو شخص مظان غالبہ کے اعتبار سے خدا کے نزدیک زیادہ تر قریب اور کام آنیوالا ہے بعید کیلئے حاجب ہو کر اُسکے حصہ کو کم کر دیتا ہے اور ازانجملہ یہ ہے کہ سہام جنسے حصوں کی تعیین ہوتی ہے اُنکے اجزا ظاہر ہوں کہ محاسب وغیرہ سب ظاہر میں انکی تمیز کر سکیں اور آنحضرت صلعم نے اپنے اس قول میں انا امۃ امیۃ لا نکتب ولا نحسب ہم امی لوگ ہیں نہ لکھتے ہیں نہ حساب کرتے ہیں اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ جس چیز سے تمام مکلفین کو خطاب کیا جاتا ہے اسمیں یہ بات ضروری ہے کہ ایک تو حساب کرنے میں تعمق کرنیکی حاجت نہ ہو اور دوسرے ظاہر نظر میں کمی بیشی کی ترتیب اسمیں معلوم ہو جائے لہذا شرع نے سہامات میں سے دو قسم کے سہام اختیار کئے ایک تو ثمنین اور ثلث اور سدس اور دوسرے نصف ربع ثمن کیونکہ ان دونوں کا مخرج اصلی اول اعداد ہیں اور اسمیں تین مرتبہ پائے جاتے ہیں جنمیں سے ہر ایک کو دوسرے کے ساتھ وہ نسبت ہے جو ایک شے کو اپنے اوپر دو چند کے ساتھ اور اپنے نیچے نصف کیساتھ ہوتی ہے کمی بیشی کے ظاہر اور محسوس ہونیکا یہ ادنےٰ درجہ ہے پھر جب ایک زیادتی کا دوسری زیادتی کے ساتھ اعتبار کیا جائے تو اور نسبتیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پیدا ہوجاتی ہیں جو باب توریث میں ضروری ہیں مثلاً اگر نصف پر کچھ بڑھایا جائے اور کل سے کم رہے تو دو ثلث ہوگئے اور نصف سے جب کم کیا جائے اور ربع سے کم رہے تو ثلث ہوگیا اور خمس اور سبع کا اعتبار نہیں کیا گیا اسواسطے کہ انکے مخرج کی تخریج میں دقت ہے اور اسمیں گھٹاو بڑھاو کرنیمیں تحقق فی الحساب کی ضرورت ہے اللہ پاک فرماتا ہے یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین فان کن نساء فوق اثنتین فلہن ثلثا ما ترک وان کانت واحدۃ فلہا النصف سکھاتا ہے تم کو خدا بتلاتے تمہاری اولاد میں مرد کے لئے برابر حصہ دو عورتوں کے ہے پھر اگر عورتیں دو سے زیادہ ہیں پس انکو میت کے ترکہ کا دو ثلث ہے اور اگر ایک ہے تو اسکے لئے نصف میں کہتا ہوں مرد کا حصہ عورت سے دوچند ہوتا ہے اس لئے کہ خدا بتلاتے فرماتا ہے الرجال قوامون علی النساء بفضل اللہ۔ اور اکیلی بیٹی کے لئے نصف ترکہ کیونکہ اگر اکیلا بیٹا ہوتا ہے تو اسکو سارا مال ملتا ہے پس اس حساب سے اکیلی بیٹی نصف کی مستحق ہے۔ اور دو بیٹیوں کا حکم بالاجماع تین کا ہے اور دو ثلث انکو اسواسطے ملتے ہیں کہ اگر بیٹی کے ساتھ بیٹا ہو تو اس بیٹی کو ثلث ملتا ہے اسلئے دوسری بیٹی کا بطریق اولے ثلث سے کم نہ ہونا چاہئے اور عصبہ کیلئے ثلث اسلئے زیادہ کیا گیا اسلئے کہ بیٹیوں سے بھی معاونت ہوتی ہے اور عصبات سے بھی ہوتی ہے پس ایک دوسرے کو ساقط نہ کریگا لیکن حکمت کا مقتضی ہے کہ جو شخص نسب کی عمودیں داخل ہے اسکو ان لوگوں پر جو عمود کے ادھر اودھر ہیں فضیلت دیجائے اور وہ ثلث میں سے دو ثلث کی نسبت ہے اور ایسا ہی والدین کا بیٹوں اور بیٹیوں کے ساتھ حال ہے اور اللہ پاک فرماتا ہے ولابویہ لکل واحد منہما السدس مما ترک ان کان لہ ولد فان لم یکن لہ ولد ورثہ ابواہ فلامہ الثلث فان لہ اخوۃ فلامہ السدس۔ اور اسکی ماں باپ کیلئے دونوں میں سے ہر ایک کو اسکے ترکہ میں سے سدس ہے اگر اسکے اولاد ہو پس اگر اس کے اولاد نہیں ہے اور اس کے ماں باپ اس کے وارث ہوتے ہیں تو اسکی ماں کو ثلث ہے پھر اگر اسکے بھائی ہیں تو اس کی ماں کو سدس ہے میں کہتا ہوں تم کو یہ بات معلوم ہوچکی ہے کہ بہ نسبت والدین کے اولاد ورثہ کی زیادہ تر مستحق ہوتے ہیں اور اسکی صورت یہ ہے اولاد کو دو ثلث اور والدین کو ثلث دیا جائے اور باپ کا حصہ ماں کے حصہ سے اسلئے زیادہ مقرر نہیں کیا گیا کہ بیٹے کے قائم مقام ہونے اور اسکی معاونت کے اعتبار سے عصبہ کیساتھ باپ کی فضیلت کا ایکمرتبہ اعتبار ہوچکا ہے اسلئے بعینہ اس فضیلت کا فی تصنیف میں اعتبار نہ کرینگے اور جس صورت میں بیٹے کے اولاد نہ ہو تو والدین سے زیادہ کوئی حقدار نہیں ہے لہذا سب ترکہ انہیں کو ملیگا اور باپ کو ماں پر فضیلت ہوگی اس بات کو تم معلوم کرچکے کہ ان مسائل کے اندر اکثر جس فضیلت کا اعتبار کیا جاتا ہے وہ فضیلت ..... ہے پھر اگر ماں اور بھائی وارث ہوں اور بھائی ایک سے زیادہ ہوں تو ماں کو چھٹا حصہ دیا جائیگا کیونکہ اگر بھائی عصبہ نہیں ہے اور عصبات اس سے بعید ہیں تو عصبیت اور شفقت و محبت برابر ہے نصف انکو اور نصف انکو ملیگا اور وہ نصف ماں اور اسکی اولاد پر تقسیم کیا جائیگا اس حساب سے ماں کو بلاشک چھٹا حصہ دلایا جائیگا اور اس سے کم نہ ہوگا اور باقی ان سب کو دلایا جائیگا اور اگر بھائی عصبات ہیں تو انہیں قرابت قریبہ و حمایت دونوں پائی جاتی ہیں اور بسا اوقات انکے ساتھ اور وارث بھی ہوتے ہیں مثلاً بیٹی اور بیٹے اور خاوند پھر اگر ماں کو سدس نہ دلایا جائے تو انکو تنگی و دقت ہو اور اللہ پاک فرماتا ہے وللام الثلث مما ترک ان لم یکن لہ ولد

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فان کان لہن ولد فلکم الربع مما ترکن من بعد وصیۃ یوصین بہا او دین ولہن الربع مما ترکتم ان لم یکن لکم ولد فان کان لکم ولد فلہن الثمن مما ترکتم من بعد وصیۃ توصون بہا او دین اور تم کو اور تمہاری بیویوں کے ترکہ کا نصف ہے اگر انکی اولاد نہ ہو پس اگر انکی اولاد ہو تو انکے ترکہ میں سے تم کو ربع ہے۔ بعد وصیت کے جس چیز کی انہوں نے کی ہو یا دین کے؛ اور بیبیوں کو تمہارے ترکہ میں سے اگر تمہاری اولاد نہیں ہے تو ربع ہے پھر اگر تمہارے اولاد ہے تو انکو تمہارے ترکہ میں سے ثمن ہے بعد اس چیز کے وصیت کے جو تم نے کی ہے یا قرض کے میں کہتا ہوں خاوند کو ورثہ اسلئے ملتا ہے کہ اسکو بیوی اور اسکے مال پر قبضہ ہوتا ہے پس بالکل مال کے اسکے قبضہ سے نکالنے میں اسکی ضرر رسانی اور دوسرے یہ کہ خاوند اپنا مال اسکی سپرد میں رکھتا ہے اور اپنے مال میں اسکو امین سمجھتا ہے اسی خیال سے کہ بیوی کے مال میں اسکا بڑا حق ہے اور بیوی خاوند سے خدمت اور ہمدردی اور حق محبت کا لیتی ہے لہذا خاوند کو بیوی پر فضیلت ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے الرجال قوامون علے النسا پھر اس بات کا بھی اعتبار کیا گیا ہے کہ خاوند بیوی کو زیادہ حصہ لینے سے اولاد پر تنگی نہ ہو اور یہ بات معلوم ہو چکی ہے کہ اکثر مسائل میں جس فضیلت کا اعتبار کیا گیا ہے وہ فضیلت تضعیف ہے اللہ پاک فرماتا ہے وان کان رجل یورث کلالۃ او امراۃ ولہ اخ او اخت فلکل واحد منہما السدس وان کان اکثر من ذلک فہم شرکاء فی الثلث اگر وہ شخص جسکا ورثہ تقسیم ہوتا ہے کلالہ ہو اور اس مرد کے بھائی یا بہن ہو پس ان دونوں میں سے ہر ایک کو سدس ہے اور اگر اس سے زیادہ ہوں تو وہ سب ثلث میں شریک ہونگے میں کہتا ہوں کہ یہ آیت ماں کی اولاد میں وارد ہے اور اسپر اجماع ہو چکا ہے اور چونکہ اس شخص کے نہ باپ ہے نہ اولاد ہے اسلئے شفقت کے لحاظ سے اگر انہیں ماں ہے تو انکو نصف ہے اور نصف معاونت اور حمایت کے اعتبار سے اور اگر ماں نہیں ہے تو دو ثلث انکا ہے اور ایک ثلث انکا ہے اللہ پاک فرماتا ہے یستفتونک فی النساء قل اللہ یفتیکم فی الکلالۃ ان امرؤ ہلک لیس لہ ولد ولہ اخت فلہا نصف ما ترک وہو یرثہا ان لم یکن لہا ولد فان کانتا اثنتین فلہما الثلثان مما ترک وان کانوا اخوۃ رجالا ونساء فللذکر مثل حظ الانثیین۔ تجھسے مسئلہ دریافت کرتے ہیں کہدے خدا تعالے تم کو بیان کرتا ہے اگر کوئی مرد مرجاے جسکے کچھ اولاد نہ ہو اور اسکی ہمشیرہ ہو تو اسکی ہمشیرہ کو اس مرد کے ترکہ کا نصف ہے اور وہ مرد اسکا وارث ہوگا اگر اسکے اولاد نہیں ہے پھر اگر دو ہمشیرہ ہوں تو ان دونوں کو اسکے ترکہ میں سے دو ثلث ہے اور اگر اس کے بھائی بہنیں ہوں تو مرد کو عورت سے دوچند ہے میں کہتا ہوں کہ یہ آیت بالاجماع باپ کی اولاد میں وارد ہے خواہ وہ بنی اعیان ہوں یا بنی علات ہوں اور کلالہ اس شخص کو کہتے ہیں کہ جس کے نہ باپ ہو نہ اولاد ہو اور اللہ پاک کا یہ قول لیس لہ ولد۔ کلالہ کی بعض حقیقت کو ظاہر کرتا ہے الحاصل جس شخص کے کوئی ایسا وارث ہو کہ نسب کے عمود میں داخل ہو تو وہ لوگ جو اولاد کے بعد سب سے زیادہ قریب اور اولاد کے مشابہ ہیں اولاد ہی پر محمول ہوں اور وہ برادر اور ہمشیرہ ہے رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے الحقوا الفرائض باہلہا فما بقی فہو لاولی رجل ذکر یعنی تمام حصہ انکے حقداروں کو دیدو پھر جو باقی رہے تو وہ اس مرد ذکر کا ہے جو سب سے زیادہ قریب ہے میں کہتا ہوں یہ بات معلوم ہو چکی کہ توارث کے اندر دو باتوں کا لحاظ کیا گیا ہے جن کو ہم بیان کر چکے اور محبت و شفقت کا صرف اس قرابت میں لحاظ کیا گیا جو بہت قریب ہے جیسے ماں و بھائی نہ انکے سوا میں پس جب ان سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بچ رہے تو وارث میت کے قائم مقام ہونے اور اسکے معاونت کرنے کے اعتبار سے معین ہوگا اور میت کے قوم اور اسکے نسب اور اسکے درجہ کے لوگ ہیں الاقرب فالاقرب۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا یرث المسلم الکافر ولا الکافر المسلم۔ مسلمان کافر کا وارث ہوتا ہے نہ کافر مسلمان کا۔ میں کہتا ہوں کہ یہ حکم اسلئے دیا گیا ہے تاکہ کافر مسلمان میں ہمدردی نہ ہونے پائے کیونکہ مسلمان کا کافر سے اختلاط رکھنا باعث اسکے دین کے فساد کا ہوگا چنانچہ اللہ پاک نکاح کے حکم میں فرماتا ہے اولئک یدعون الی النار۔ وہ جہنم کی طرف بلاتے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے القاتل لا یرث قاتل کو ورثہ نہیں پہونچتا۔ میں کہتا ہوں یہ حکم اس لئے دیا گیا ہے کہ بسا اوقات وارث مال لینے کی خاطر اپنے مورث کو مار ڈالتا ہے خاصکر چچازاد بھائی وغیرہ اس وقت میں اس طریقہ کا انسداد مقرر کرنا ضروری ہوا کہ اس فعل کے مرتکب ہونیوالے نے جس چیز کا ارادہ کیا ہے وہ ناامید کیا جائے تاکہ یہ مفسدہ رفع ہو اور یہ بھی طریقہ متوارث چلا آتا ہے کہ غلام کو کسی کا ورثہ نہیں ملتا ہے نہ اور کسی کو غلام کا ورثہ ملتا ہے کیونکہ غلام کا مال مولا کا مال ہوتا ہے اور مولیٰ اجنبی شخص ہوتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان اعیان بنی الام یتوارثون دون بنی العلات۔ البتہ ماں کی اولاد میں سے بنی اعیان میں توریث جاری ہوتی ہے بنی علات میں نہیں ہوتی میں کہتا ہوں اس کا سبب ہم بیان کر چکے ہیں کہ میت کی قائم مقامی کا مبنا خصوصیت پر ہے اور قریب بعید کا حاجب ہو کر اسکو محروم کر دیتا ہے اور خاوند والی باپ اور بیوی اور ماں باپ کی صورت میں اس بات پر صحابہؓ کا اجماع ہے کہ ماں کو باقی کا ثلث ملتا ہے اور حضرت ابن مسعود نے بخوبی بیان کر دیا ہے اور فرمایا ہے اکان اللہ لیسر بنی ان افضل اما علی اب اور آنحضرت صلعم نے ایکمرتبہ ایک بیٹی ایک پوتی اور ایک اخت عینی کی صورت میں بانیطور حکم دیا کہ بیٹی کو نصف اور پوتی کو سدس اور ہمشیر کو باقی۔ میں کہتا ہوں اسکا سبب یہ ہے کہ بعید قریب کا اسکے حصہ میں مزاحم نہیں ہوتا ہے اور جو باقی رہے تو بعید اسکا حقدار ہوتا ہے تاکہ خدا تعالےٰ نے اس صنف کیلئے جو مقرر کیا ہے اسکا استیفا کرے پس بیٹی کو پورا نصف ملیگا اور بیٹی پوتی کے حکم ہے پس حقیقی بیٹی کے مزاحم نہ ہوگی اور بیٹیوں کے حصہ سے باقی اس کو ملجائیگا پھر ہمشیر عصبہ ہوئی اس لئے کہ اس میں بیٹی کے قائم مقام ہونیکے معنی پائے جاتے ہیں اور وہ مورث کے درجہ کی ہے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک خاوند اور ایک ماں اور حقیقی بھائیوں اور اخیافی بھائیوں کے باب میں فرمایا کہ باپ نے انکی قرابت کو ہی بڑھایا ہے حضرت ابن مسعود اور زید اور شریح وغیرہ رضی اللہ عنہم نے اسی حکم کو قبول کیا اور قوانین شرعی کے ساتھ یہ حکم زیادہ تر مناسب ہے اور دادی کیلئے مسدس کا حکم دیا کیونکہ ماں کے نہ ہونے کی صورت میں دادی ماں کے قائم مقام ہے حضرت ابو بکر اور حضرت عثمان اور ابن عباس رضی اللہ عنہم دادا کو باپ کا حکم دیتے تھے اور میرے نزدیک یہ قول سب سے بہتر ہے اور دلائل میں یہ راز ہے کہ اسمیں معاونت و عزت کی محافظت پائی جاتی ہے پس مولا نعمت اسکا زیادہ تر مستحق ہے بعد ازاں اسکے قوم کے مرد درجہ بدرجہ واللہ اعلم۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تدبیر منزل کے ابواب کا بیان

معلوم کرو کہ فن تدبیر منزل کے اصول تمام عرب و عجم کے نزدیک مسلم ہیں البتہ انکی صورتوں میں اختلاف ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم عرب میں پیدا کئے گئے اور حکمت الہیہ کا مقتضیٰ ہوا کہ تمام دنیا میں بانیطور کہ اللہ کا اعلان ہو کہ عرب کا دین تمام ادیان پر غالب کیا جاوے اور تمام دنیا کے عادات عرب کے عادات سے منسوخ کئے جاویں اور تمام دنیا کی حکومتوں کی ریاست انکی ریاست سے منسوخ کیجاوے لہذا یہ بات ضروری ہوئی کہ بجز عرب کی عادات کے تدبیر منزل کسی صورت سے نہیں ہوسکتی اور نیز خود انکی صورو اشباح کا اعتبار ضروری ہوا اور ہم اکثر ضروری باتیں مقدمہ باب میں ارتفاقات وغیرہ کے اندر بیان کرچکے ہیں وہاں دیکھنا چاہیئے ۔

نکاح کے متعلق گفتگو اور اُسکے متعلقات کا بیان

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یا معشر الشباب من استطاع منکم الباءۃ فلیتزوج فانہ اغض للبصر واحصن للفرج ومن لم یستطع فعلیہ بالصوم فانہ لہ وجاء ۔ اے گروہ جوانوں کے جو شخص تم میں سے نکاح کی طاقت رکھے تو اسکو نکاح کرنا چاہیئے کیونکہ نکاح کرنے میں نگاہ پست رہتی ہے اور شرمگاہ محفوظ رہتی ہے اور جو کوئی اُسکی طاقت نہ رکھے تو اُسکو روزہ رکھنا چاہیئے اسلئے کہ روزہ خصی کردیتا ہے معلوم کرو کہ بدن کے اندر جب کثرت سے منی پیدا ہوتی ہے تو اُسکے ابخرہ و دماغ کیطرف چڑھتے ہیں تو اُسکا دل کسی خوبصورت عورت کے دیکھنے کو چاہتا ہے اور اُسکی محبت اُسکے قلب پر غالب ہوجاتی ہے اور اس منی کا ایک حصہ پیشابگاہ کیطرف اترتا ہے جس سے انتشار پیدا ہوتا ہے اور شدت سے خواہش ہوتی ہے اور اکثر یہ بات جوانی کے زمانہ میں ہوتی ہے اور حجابات طبع میں سے یہ ایک بہت بڑا حجاب ہے جو اُسکو احسان کی صفت میں غور کرنے سے مانع ہوجاتا ہے اور زنا کیطرف اُسکو رغبت دلاکر اُس شخص کی عادت بگاڑ دیتا ہے اور باہمی فساد سے بڑی بڑی بلا کو نہیں وہ شخص پڑجاتا ہے لہذا اس حجاب کا دور کرنا ضروری ہوا پس جو شخص جماع کی استطاعت رکھتا ہو اور اُسپر قادر ہو بانیطور کہ مقتضا حکمت کے موافق کوئی عورت اس کو میسر آوے اور اُسکا خرچ اُٹھا سکے تو اُس شخص کیلئے نکاح سے بہتر کوئی صورت نہیں ہے کیونکہ نکاح کرنے سے نگاہ پست رہتی ہے اور آدمی کی شرمگاہ محفوظ رہتی ہے کیونکہ اُسکے سبب سے منی کثرت سے خارج ہوتی رہتی ہے اور جس شخص میں اسکی استطاعت نہ ہو تو اُسکو روزہ رکھنا چاہیئے کیونکہ روزہ رکھنے کو ہیجان طبعی کے فرو کرنے اور اُسکے جوش کم کرنے میں بہت دخل ہے اسلئے کہ اسمیں منی کے مادہ کا کم کرنا ہے پس تمام اخلاق فاسدہ جو کثرت اختلاط سے پیدا ہوتے ہیں وہ روزہ کے سبب سے بدلجاتے ہیں ۔ اور آنحضرت صلعم نے اکثر بہ عثمان ابن مظعون رضی اللہ عنہ کو تبتل سے منع فرمایا اور فرمایا آگاہ ہوجاؤ کہ خدا کی قسم میں تم سب سے زیادہ خدا تعالےٰ سے خوف کرتا ہوں اور تم سب سے زیادہ میں اُس سے خوف کرتا ہوں مگر میں روزہ بھی رکھتا ہوں اور نہیں بھی رکھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں اور عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں پھر جو شخص میری سنت سے اعراض کرے وہ مجھ سے نہیں ہے معلوم کرو کہ نصاریٰ میں سے مانویہ اور مترسبہ ترک نکاح کو قربت الٰہی کا سبب سمجھتے تھے اور یہ انکا خیال غلط تھا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسلئے کہ انبیاء علیہم السلام کا طریقہ جسکو خدا تعالےٰ نے لوگونکے لئے پسند فرمایا ہے وہ صرف اصلاح طبیعت اور اسکی کجی کا دور کرنا ہے تمام فواحش سے اسکا جدا کرنا مقصود نہیں ہے اور ہم پورے طور پر اسکا بیان کر چکے ہیں پھر ایسی عورت کیطرف ہمیں ضرورت ہے جسکا نکاح حکمت شرعی کے موافق ہو اور تدبیر منزل کے مقاصد پورے طور پر اس سے حاصل ہو سکیں اسلئے کہ خاوند و بیوی کی صحبت لازمی ہے اور جانبین سے حوائج ضروری ہوتے ہیں پس اگر عورت بدطینت ہے اور اسکی سرشت و عادت میں سختی اور زبان میں اسکی بغویت داخل ہے تو اس شخص پر باوجود فراخ ہونیکے دنیا تنگ ہو جائیگی اور وہ مصلحت فساد کیطرف منقلب ہو جائیگی اور اگر صالحہ ہے تو اسکی وجہ سے کامل طور پر گھر کی اصلاح ہو سکتی ہے اور ہر طرف سے اس شخص کیلئے اسباب خیر مہیا ہو جائینگے۔ چنانچہ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے الدنیا متاع وخیر متاع الدنیا المرءۃ الصالحۃ۔ دنیا ایک پونجی ہے اور دنیا کی بہتر پونجی صالحہ بیوی ہے اور آپنے فرمایا ہے تنکح المرءۃ لاربع لمالہا ولحسبہا ولجمالہا ولدینہا فاظفر بذات الدین تربت یداک۔ چار باتوں کے سبب سے عورت سے نکاح کیا جاتا ہے اسکے مال کے سبب سے اور اسکے حسب کیوجہ سے اور خوبصورتی کیوجہ سے اور دین کے سبب سے پس دیندار پر ظفر یاب ہو خاک میں ملجاویں تیرے دونوں ہاتھ۔ معلوم کر دکہ بیوی کے پسند کرنیمیں لوگ جن مقاصد کا قصد کرتے ہیں وہ غالبا چار باتیں ہیں ایک تو اسکے مال کیوجہ سے کہ اس شخص کو اسکے مال کیطرف رغبت ہوتی ہے اور اسکو امید ہوتی ہے کہ مال کے ساتھ وہ عورت اسکی غمخواری کریگی۔ اور اسکی اولاد ماں کے مالدار ہونے کیوجہ سے غنی ہو جائیگی کیونکہ ماں کے ترکہ میں انکو یہ مال ملیگا اور ایک عورت کے حسب کیوجہ سے یعنی اس عورت کے باپ دادا خاندانی ہوتے ہیں تو اسکے ساتھ نکاح کرنے میں وہ اپنی عزت سمجھتا ہے کیونکہ عرت دار دنیں نکاح کرنا شرف و عزت کا سبب ہوتا ہے اور ایک خوبصورتی کیوجہ سے کیونکہ طبیعت بشری کو جمال کیطرف رغبت ہوتی ہے اور بہت سے لوگ طبیعت کے مغلوب ہوتے ہیں اور ایک اسکے دین کے سبب سے یعنی وہ عورت صاحب عفت اور صاحب ایمان ہوتی ہے اور خدا کے نزدیک وہ مقرب ہوتی ہے۔ مال و عزت تو ایسی چیزیں ہیں کہ جن لوگوں پر رسم دنیا کا حجاب غالب ہے وہ انکا قصد کرتے ہیں اور جمال و شباب وغیرہ ایسی چیزیں ہیں کہ جنپر حجاب طبعی کا غلبہ ہے انکو مقصود ہوتی ہیں اور دین اس شخص کا مقصود ہوتا ہے جو فطرت کے اعتبار سے مہذب ہو گیا ہے اور اس بات کو چاہتا ہے کہ دین میں اسکی بیوی اسکی معاونت کرے اور اہل خیر کیساتھ صحبت کی اسکو رغبت ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے خیر نساء رکبن الابل نساء قریش احناہ علی ولد فی صغرہ وارعاہ علی زوج فی ذات یدہ۔ جتنی عورتیں اونٹوں پر سوار ہوتی ہیں۔ انمیں سب سے بہتر قریش کی عورتیں ہیں سب آدمیوں سے زیادہ انکو اپنے بچے کے ساتھ اسکے بچپن میں محبت ہوتی ہے اور سب سے زیادہ اپنے خاوند کے مال کی حفاظت کرتی ہیں۔ میں کہتا ہوں یہ بات پسندیدہ ہے کہ بیوی اس قبیلہ خاندان کی ہو جسکی عورتیں خوش اخلاق ہوتی ہیں کیونکہ سونے و چاندی کی کانونکی طرح آدمیوں کی بھی کانیں ہیں اور انسان پر اسکی قوم کی رسوم و عادات اسپر اسقدر غالب ہوتی ہیں کہ گویا اسکی سرشت میں داخل ہیں اور آنحضرت صلعم نے اس بات کا بیان فرمایا کہ سب عورتوں سے بہتر قریش کی عورتیں ہوتی ہیں اسلئے کہ سب سے زیادہ اپنی چھوٹی چھوٹی اولاد کو انکو شفقت ہوتی ہے اور اپنے خاوند کے مال و غلام وغیرہ کی حفاظت سب سے زیادہ کرتی ہیں۔ اور نکاح کے جو مقاصد ہوتے ہیں ان سب میں یہ دو بڑے بڑے مقصد ہیں اور انہیں سے تدبیر منزل کا انتظام ہوتا ہے اور اگر تم آجکل ہمارے ملک اور ماوراء النہر وغیرہ کی تفتیش

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کروگے تو عادات صالحہ میں سے زیادہ ثابت قدم اور مستقل ان باتوں میں قریش کی بیویوں کو دیکھو گے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے
نزد جوالود والود ولود نانی مکاثر بکم الامم۔ کہ بیاہ کرو تم ایسی عورتوں سے جو زیادہ جننے والی اور زیادہ محبت والیوں سے کیونکہ میں تمہارے ساتھ کثرت میں مقابلہ کرنیوالا ہوں میں کہتا ہوں کہ خاوند بیوی کی باہم محبت کیوجہ سے مصلحت خانگی پورے طور سے
قائم رہیگی اور بسبب کثرت اولاد کے مصلحت مدینہ اور ملیہ کے خوب تکمیل و تتمیم ہوگی اور عورت کو خاوند کے ساتھ محبت کا ہونا اسکے
صحت مزاج اور قوت طبیعت کی دلیل اور غیروں کیطرف نظر کرنے سے مانع اور کنکھی وغیرہ سے منگھار کرنے کے باعث ہے
اور اسمیں خاوند کی شرمگاہ اور اسکی نظر کی حفاظت ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے اذا خطب الیکم من ترضون دینہ فزوجوہ
ان لا تفعلوہ تکن فتنۃ فی الارض وفساد عریض۔ جب کوئی شخص تمہارے پاس پیام نکاح کا لاوے جسکی دینداری وعادت سے
تم راضی ہو اسکے ساتھ تم نکاح کردو اگر ایسا نہ کروگے تو زمین میں فتنہ اور بڑا فساد پیدا ہوگا میں کہتا ہوں اس حدیث سے یہ بات
ثابت نہیں ہوتی کہ نکاح کے اندر کفویت کا اعتبار نہیں ہے اور ایسا ہو بھی نہیں سکتا کیونکہ ہر قسم کے لوگوں کی سرشت میں
کفویت کا اعتبار ہے اور کبھی تو کفویت کا نقصان قتل سے بھی زیادہ ہوتا ہے اور لوگوں کے مرتبے مختلف ہیں اور شریعت ایسی باتوں کو
مہمل نہیں چھوڑتی اسی لئے حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں عورتوں کو بجز انکے کفو کے لوگوں کے سب سے ممانعت کردونگا بلکہ آنحضرت صلعم
کی مراد یہ ہے کہ جب اس شخص کے دین و عادت پسندیدہ ہو تو اسکے بعد جو چیزوں پر مثل قلت مال و دنی حال اور بدصورتی یا عدم ولد
کے ولادت غیرہ ہونے پر نظر نہ چاہیئے کیونکہ تدبیر منزل کا مقصود اعظم خوش اخلاقی کیساتھ صحبت میں رہنا اور اسکے سبب سے دین کی اصلاح کا
ہونا ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے الشوم فی المرۃ والدار والفرس۔ نحوست عورت اور گھوڑے اور گھر میں ہوتی ہے میں
کہتا ہوں اس حدیث کی صحیح تفسیر جسکو حدیث کا مورد چاہتا ہے کہ ان چیزوں میں کوئی سبب اکثر سے پوشیدہ پایا جاتے جسکی وجہ سے
عورت برکت سے برطرف اور شوم ہوا کرتی ہے۔
اور مستحب ہے مرد کو یہ بات کہ خوش کرے اپنے نفس کو ساتھ ترک کرنے نکاح کے اس عورت کیساتھ جسکی نحوست پر
کوئی تجربہ پایا جاوے اگرچہ وہ خوبصورت ہو اگرچہ وہ صاحب مال ہو اور حکمت کا مقتضی ہے کہ باکرہ کو اختیار کرے بشرطیکہ وہ عاقلہ
بالغہ ہو کیونکہ اسکے اندر داد و دہش کے معنی کم ہوتے ہیں اسلئے وہ ادنے وجہ سے راضی ہوجاتی ہے اور بسبب قوی ہونے اسکی جوانی
کے سریع تر ہے عمل کیلئے اور ادب کی صلاحیت بھی اقرب ہے جیسے کہ حکمت کا مقتضی ہے اور نیز اپنی شرمگاہ کو اور نظر کو محفوظ رکھنے کی
بخلاف ثیبات کے (ثیبہ بیوہ عورت کو کہتے ہیں) کہ وہ داد و دہش سے خوب آگاہ ہوتی ہیں اور بداخلاق و قلیل الولد ہوتی ہیں
اور وہ مثل الواح منقوشہ کے ہوتی ہیں کوئی ادب انمیں اثر نہیں کرتا ہے بارخدایا مگر جسکا اس شخص کو تدبیر خانگی مقصود ہو کیونکہ بغیر
عجز بہ کار عورت کے انتظام نہیں ہوسکتا ہے جیسا کہ جابرؓ نے ذکر کیا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے
اذا خطب احدکم المرۃ فان استطاع ان ینظر الی ما یدعوہ الی نکاحہا فلیفعل۔ جب کوئی تم میں سے کسی عورت سے پیام نکاح
کا دے پس اگر وہ شخص اس چیز کو جو اس عورت کے ساتھ نکاح کرنے کی باعث ہو دیکھ سکے تو دیکھ لے اور فرمایا ہے
فانہ احری ان یدوم بینکما۔ کیونکہ یہ بات تم دونوں میں الفت قائم رہنے کے لئے انسب ہے اور آنحضرت صلعم نے ایک مرتبہ
فرمایا ہل رائیتہا فان فی اعین الانصار شیئا تو نے اسکو دیکھ لیا ہے کہ انصار کی آنکھوں میں کچھ عیب ہوتا ہے میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہتا ہوں مخطوبہ کو دیکھ لینا اسواسطے مستحب کیا گیا ہے کہ دیکھ لینے کے بعد جو نکاح واقع ہوگا ہوشمندی کیساتھ ہوگا اور وہ ندامت جو بلا دیکھے بھالے نکاح کر لینے اور طبیعت کے موافق نہ ہونے اور پھر اسکے رد نہ کرنے سے پیدا ہوتی ہے ایسے وقت میں پیش نہیں آتی۔ اور دیکھنے کے بعد اسکو رد کرنا آسان ہوتا ہے۔ دوسرے ایسے وقت میں نکاح شوق اور نشاط کیساتھ ہوتا ہے کیونکہ وہ اسکی طبیعت کے موافق ہوتا ہے اور عقلمند آدمی بیشک کسی چیز کی برائی بھلائی پہلے معلوم نہ کرے اسکا اقدام نہیں کرتا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان المرأۃ تقبل فی صورۃ شیطان وتدبر فی صورۃ شیطان اذا احدکم اعجبتہ المرأۃ فوقعت فی قلبہ فلیعمد الی امراتہ فلیواقعھا فان ذلک یرد ما فی نفسہ۔ عورت شیطان ہی کی صورت میں آتی ہے اور شیطان کی ہی صورت میں پشت کرتی ہے تم سے جب کسی کو کوئی عورت اچھی معلوم ہو اور اسکے دل میں وسوسہ پیدا ہو تو اسکو چاہئے کہ اپنی بیوی کیطرف قصد کرے اور اس سے صحبت کرے اسلئے کہ اس سے اسکے دل کا وسوسہ جاتا رہتا ہے۔ معلوم کر کہ شہوت فرج سب شہوتوں سے بڑھکر شہوت ہے اور سب سے زیادہ قلب پر اسکا غلبہ ہوتا ہے اور یہ شہوت انسان کو بڑی بڑی ہلاکت میں ڈالتی ہے اور عورتوں کی طرف دیکھنے سے یہ شہوت پیدا ہوتی ہے اس حدیث سے یہی مراد ہے المرأۃ تقبل فی صورۃ شیطان الخ پس جب کوئی شخص کسی عورت کو دیکھے اور اسکے قلب میں اسکا شوق اور بیقراری پیدا ہو تو حکمت کا مقتضی ہے کہ اس شوق کو مہمل نہ چھوڑا جائے کیونکہ ایسی صورتیں وہ شوق آہستہ آہستہ زیادہ ہو ہو کر اسکے قلب پر غالب آجائیگا اور قلب کے اندر اسکا تصرف جاری ہو جائیگا اور ہر چیز کی ایک مدد ہوتی ہے جس سے وہ چیز قوی ہو جاتی ہے اور ایک تدبیر ایسی ہوتی ہے جس سے وہ چیز کم ہو جاتی ہے پس عورتوں کیطرف رغبت کی مدد منی کے ظروف کا پر ہونا اور اس سے دماغ کیجانب بخارات کا صعود کرنا ہے اور اسکے کم کرنے کی تدبیر ان ظروف کا منی سے خالی کر دینا ہے اور نیز جب اس کا قلب جماع کرنے کیطرف مشغول ہوگا تو وہ وسوسہ اسکے دل سے نکل جائیگا اور جس چیز کیطرف اسکی توجہ تھی وہ توجہ اسکو نہ رہیگی اور جب ایک چیز کے استحکام سے پہلے اسکا علاج کر لیا جاتا ہے تو ادنیٰ کوشش سے وہ چیز رفع ہو جاتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا یخطب الرجل علی خطبۃ اخیہ حتی ینکح او یترک کوئی شخص اپنے مسلمان بھائی کی منگنی پر منگنی نہ کرے جبتک وہ نکاح نہ کر لے یا ترک نہ کر دے۔ میں کہتا ہوں اسکا سبب یہ ہے کہ جب ایک شخص نے ایک عورت سے نکاح کی گفتگو کی اور عورت کو بھی اسکی طرف میلان ہو گیا تو اس شخص کے گھر آباد ہونے کی صورت ظاہر ہو گئی پس اب اس شخص کی امید کو توڑنا اور جس چیز کے وہ درپے ہے اس سے اسکو ناامید کر دینا اسکے ساتھ بدخواہی اور ظلم کرنا اور اسکو تنگ کرنا ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا یسأل المرأۃ طلاق اختھا لتستفرغ صحفتھا ولتنکح فان لھا ما قدر لھا کوئی عورت اپنی مسلمان بہن کی طلاق کی خواستگاری اسلئے نہ کرے تاکہ اسکے برتن کو خالی کر کے اپنا نکاح اس شخص سے کرے کیونکہ اسکو وہی ملیگا جو اسکے تقدیر میں ہے۔ میں کہتا ہوں اسمیں یہ حکمت ہے کہ اسکی طلاق کا چاہنا اسکے ساتھ کاٹ کرنا اور اسکی روزی کے خراب کرنے میں کوشش کرنا ہے اور شہر کے فساد کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ ایک دوسرے کے روزگار کی کاٹ کرے بلکہ خدا تعالےٰ کی مرضی تو یہ ہے کہ ہر شخص اپنی روزی اس طریقہ سے جو خدا تعالےٰ نے اسکے لئے آسان کیا ہے حاصل کرے اور دوسرے کی روزی کا ازالہ نہ چاہے۔

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

ستر کا بیان

معلوم کرو کہ جب عورتوں کو دیکھنے سے مردوں کے دلمیں انکا عشق اور فریفتگی پیدا ہوتی ہے اور اسیطرح عورتوں کو مردوں کے دیکھنے سے مردوں کا عشق پیدا ہوتا ہے اور بسا اوقات یہ اس بات کا سبب ہو جاتا ہے کہ بغیر سنت راشدہ کے انسے قضاء شہوت کیجاسے مثلاً اُس عورت کیطرف توجہ کرنا جو دوسرے کا ناموس ہے یا بلا نکاح کسی عورت سے توجہ کرنا یا بلا اعتبار کفو کے کسی کیساتھ نکاح کرنا اور اس باب میں جو کچھ دیکھنے میں آتا ہے وہ اُس بیان سے مستغنی ہے جو دفتروں میں مذکور ہے پس حکمت کا مقتضیٰ یہ ہوا کہ یہ دروازہ بند کیا جاے اور چونکہ بنی آدم کی حاجات مختلف ہیں اور اُنکو امحالہ مخالطت کیضرورت ہے لہذا ضروری ہوا کہ حاجات کے اعتبار سے ممانعت نظر کے کئی درجے مقرر کیجائیں اسواسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کئی طریقے مسنون اور مشروع فرمائے ایک تو یہ کہ عورت اپنے گھر سے بلا ایسی ضرورت کے جسکے بغیر چارہ ہی نہ ہو باہر نہ جائے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے المرأۃ عورۃ فاذا خرجت استشرفہا الشیطان۔ عورت شرم کی چیز ہے پس جب گھر سے باہر ہوتی ہے شیطان نگاہ اٹھا کر اُسکی طرف دیکھتا ہے میں کہتا ہوں اُسکے معنی یہ ہیں کہ شیطان کا گروہ اُسکو نظر اٹھا کر دیکھتا ہے یا اُسمیں فتنہ کے اسباب مہیا کرنے سے کنایہ ہے اور اللہ پاک فرماتا ہے وقرن فی بیوتکن اور اپنے گھروں میں قرار پکڑو۔ اور حضرت عمرؓ کو چونکہ اسرار دین کا علم دیا گیا تھا اسلئے آپکی تمنا تھی کہ خدا تعالیٰ کیطرف سے اس پردہ کا حکم نازل ہوتی کہ انہوں نے ایک مرتبہ حضرت سودہؓ کو آواز دی یا سودہ انک لاتخفین علینا اے سودہ آپ ہمسے چھپ نہیں سکتی لیکن آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جب معلوم کیا کہ بالکل اس باب کے سدود کرنیمیں حرج عظیم ہے اسلئے آپنے گھر میں بیٹھنا اُنکے لیے مستحب کیا واجب نہیں کیا اور فرمایا اذن لکن ان تخرجن الی حوائجکن۔ تم کو اپنی حاجات کیلئے باہر نکلنے کیلئے اجازت دیگئی۔ دوسرے یہ کہ عورت اپنے اوپر پردہ ڈالے رہے اور بجز خاوند یا ذی رحم محرم کے اُسی کے سامنے مواضع زینت کو نہ کھولے اللہ پاک فرماتا ہے قل للمومنین یغضوا من ابصارہم ویحفظوا فروجہم ذالک ازکی لہم ان اللہ خبیر بما یصنعون وقل للمومنات یغضضن من ابصارہن الی قولہ تفلحون۔ ایمان والوں سے کہدے اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنے فرجوں کی حفاظت کریں یہ اُنکے لئے زیادہ پاکیزہ ہے بیشک خدا اُنکے کاموں سے خبردار ہے اور مسلمان عورتوں سے کہدے اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنے فرجوں کی حفاظت کریں اور اپنا سنگھار بجز ظاہری سنگھار کے کسی کے سامنے نہ کھولیں مگر اپنے خاوندوں کیلئے یا اپنے آباء کیلئے یا خاوندوں کے باپوں کیلئے یا اپنے بیٹوں کیلئے یا اپنے خاوندوں کے بیٹوں کیلئے یا اپنے بھائیوں کیلئے اخیر آیات تک۔ پس خدا تعالیٰ نے اُن اعضاء کے کھولنے کی اجازت دی ہے جنسے شناخت ہو سکتی ہے یعنی منہ اور اکثر جن اعضاء سے کام کاج ہوتا ہے اور وہ دونوں ہاتھ ہیں اور اُنکے سوا سب اعضا کا ستر واجب مگر خاوند اور ذی رحم محرم اور اپنے غلاموں کے سوا۔ اور جو عورتیں گھر کی بیٹھنے والی ہیں نکاح کا قصد نہیں رکھتی ہیں اُنکو اس بات کی اجازت دی کہ اپنے کپڑے اوتار رکھا کریں۔ تیسرے یہ کہ کوئی مرد کسی عورت کیساتھ تنہائی میں نہ رہے جبتک کوئی تیسرا وہاں ایسا موجود نہ ہو جسکا وہ دونوں لحاظ کرتے ہوں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الا لا یبیتن رجل عند امرأۃ ثیبت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فلا ان یکون ناکحا او ذا رحم۔ آگاہ ہو جاؤ کہ کوئی مرد کسی خاوند رسیدہ عورت کے پاس شب باشی نہ کرے بجز اسکے خاوند کے یا محرم کے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا یخلون رجل بامراۃ فان الشیطان ثالثہما۔ کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ تنہائی میں نہ رہے کیونکہ تیسرا انمیں شیطان ہوتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لا تلجوا علی المغیبات فان الشیطان یجری من ابن آدم مجری الدم جن عورتوں کے خاوند گھر میں ہیں انکے پاس مت جاؤ اسلئے کہ شیطان انسان کے اندر خون کے مانند جاری رہتا ہے چوتھے یہ کہ کوئی شخص عورت ہو یا مرد دوسرے شخص کے ستر کو نہ دیکھے عام ہے کہ وہ مرد ہو یا عورت آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے لا ینظر الرجل الی عورت الرجل ولا المراۃ الی عورت المراۃ نہ مرد مرد کا ستر دیکھے نہ عورت عورت کا ستر دیکھے میں کہتا ہوں اسکی یہ وجہ ہے کہ ستر کے دیکھنے سے شہوت کو ہیجان ہوتا ہے اور عورتوں میں باہم معاشقہ ہو جاتا ہے اور اسیطرح مردوں میں۔ اور ستر کے نہ دیکھنے میں لوگوں پر کچھ وقت بھی نہیں ہے اور نیز ستر عورت ان ارتفاقات کے اصول میں سے ہے جنکے بغیر چارہ نہیں ہے۔ پانچویں یہ ہے کہ ایک کپڑے میں کوئی کسی کے ساتھ نہ سوئے اور علی ہذا القیاس ایک چارپائی پر بھی لوگ نہ سوئیں اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے لا یفضی الرجل الی الرجل فی ثوب واحد ولا تفضی المراۃ الی المراۃ فی ثوب واحد۔ نہ مرد مرد کے پاس ایک کپڑے میں جا کر لیٹے اور نہ عورت عورت کے پاس اسطرح لیٹے اور فرمایا ہے لا تباشر المراۃ المراۃ فتنعتہا لزوجہا کانہ ینظر الیہا۔ کہ کوئی عورت کسی عورت سے ملکر نہ بیٹھے تاکہ اپنے خاوند سے اسکا حال بیان کرے گویا کہ وہ اُسے دیکھ رہا ہے میں کہتا ہوں اسکا سبب یہ ہے کہ عورتوں کا پاس پاس لیٹنا باہم شہوت کو ہیجان میں لاتا ہے جسنے انمیں سحاق اور مواطات کی خواہش پیدا ہوتی ہے اور آنحضرت صلعم کا یہ فرمانا کہ گویا اُسکی طرف دیکھ رہا ہے اُس سے یہ مراد ہے کہ عورت عورت کیساتھ مباشرت کرنے سے بسا اوقات انمیں محبت پیدا ہو جاتی ہے اور پھر وہ اُس لذت کا ذکر اپنے خاوند یا کسی قوم سے کہدیتی ہیں اُسکے باعث سے اُن لوگوں کو اُس عورت کا اشتیاق ہو جائیگا اور سب سے بڑا مفسدہ یہ ہوتا ہے کہ جس عورت کا خاوند نہیں ہے اُسکے کسی مرد کے سامنے اوصاف بیان کئے جاویں۔ آنحضرت صلعم نے جو بیت مخنث کو ازواج مطہرات کے مکان سے نکلوایا تھا اُسکا یہی سبب تھا اور جاننا چاہیئے کہ ستر عورت یعنی وہ اعضاء کہ جنکے کھولنے سے لوگوں میں عادات متوسطہ کے اعتبار سے عار آتی ہے جسطرح قریش کے اندر اُس زمانہ میں تھا ان ارتفاقات کے اصول میں سے ہے جنکو ان تمام لوگوں نے تسلیم کر لیا ہے جنکا نام بشر ہے اور اسی کے سبب سے انسان تمام حیوانات میں ممتاز ہے پس اسلئے شارع نے ستر کو واجب کیا اور بول و براز کا مقام اور خصیتیں اور مانہ زیر ناف اور جو اعضاء اُنکے قریب ہیں یعنے زانو سے ان اعضاء کا ستر ہونا دین کے روشن بدیہات میں سے ہے جسپر دلیل کی حاجت نہیں اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے اذا زوج احدکم عبدہ امتہ فلا ینظر الی عورتہا وفی روایتہ فلا ینظر الی ما دون السرۃ وفوق الرکبتہ جب کوئی تم میں سے اپنے غلام کا اپنی چھوکری سے نکاح کر دے تو پھر اسکا ستر نہ دیکھے اور ایک روایت میں آیا ہے کہ ناف کے نیچے اور گھٹنے کے اوپر نہ دیکھے اور نیز آپ نے فرمایا ہے اما علمت ان الفخذ عورت۔ کیا تو نہیں جانتا کہ ران ستر ہے ان دونوں حدیثوں سے یہ بات ثابت ہوئی کہ دونوں رانیں ستر ہیں اور اس مسئلہ میں احادیث متعارضہ آئی ہیں مگر اس قول میں احتیاط زیادہ ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور قوانین شرعی سے بھی بہت ملتا ہوا ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے ایاکم والشعری فان علم من الایفار کم الاعنہ الغائط و حین یقضی الرجل الی اہلہ فاستحیوہم واکرموہم شکم ہونے سے پرہیز کرو کیونکہ تہائت ساتھ وہ فرشتہ ہے کہ نہیں مفارقت کرتا ہے تمسے مگر وقت پاخانے کے یا کہ اسوقت جب کوئی شخص اپنی بیوی سے صحبت کیلئے جاتا ہے پس ان سے حیا کرو اور ان کی تعظیم کرو اور نیز فرمایا اللہ احق ان یستحی منہ کہ اللہ پاک اسکا مستحق زیادہ ہے کہ اس سے حیا کی جائے۔ میں کہتا ہوں کہ برہنہ ہونا بغیر ایسی ضرورت کے جسکے بغیر چارہ نہ ہو منع ہے اگرچہ پیکان خالی ہو کیونکہ بسا اوقات انسان اسپر اقدام کرتا ہے اور اعمال کا اعتبار کرتا ان اخلاق کے ساتھ ہوا کرتا ہے جس سے وہ پیدا ہوتے ہیں اور ستر کا منشا حیا اور نفس پر تحفظ و تقبیح کی کیفیت کا غالب کرنا اور بیحیائی کو ترک کر دینا اور اسکا عادی نہ ہونا ہے اور جب شارع نے کسی شخص کو ایک چیز کا حکم دیا تو اسکا یہ مقتضی ہوا کہ دوسرے کو اس بات کا حکم دیا جائے کہ اس حکم کے موافق اس شخص کے ساتھ معاملہ کرے پس عورتوں کو ستر کا حکم دیا گیا ہے تو ضروری ہوا کہ مردوں کو اس بات کا حکم دیا جائے کہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور مردوں کا نفس جب ہی مہذب ہوا کرتا ہے جب وہ اپنی نگاہ کو پست کریں اور اپنے نفس کو اسپر مجبور کریں اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے الاولی لک ولیست لک الآخرۃ۔ پہلی نگاہ تیرے لئے ہے اور دوسری تیرے لئے نہیں ہے میں کہتا ہوں اسمیں اسطرف اشارہ ہے کہ نکاح کا خیال بمنزلہ دوسری مرتبہ نظر کرنے کے ہے اور ایکمرتبہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے گھر میں ایک نابینا شخص حاضر ہوئے اور آپنے حضرت ام سلمہ و حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کو پردہ کرنیکا حکم دیا اور انہوں نے عرض کیا کہ کیا یہ نابینا نہیں ہے جو ہمکو نہیں دیکھتا تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ کیا تم بھی نابینا ہو جو اسکو نہیں دیکھ سکتی ہو میں کہتا ہوں اسکی یہ وجہ ہے کہ جسطرح مردوں کو عورتوں کیطرف رغبت ہوتی ہے ویسی ہی عورتوں کو مردوں کی طرف ہوتی ہے آنحضرت صلعم نے حضرت فاطمہؓ سے فرمایا اسنہ لیس علیک باس انما ہو ابوک وغلامک کہ البتہ تجکو کچھ مضائقہ نہیں کہ وہ تیرا باپ اور غلام ہے میں کہتا ہوں کہ غلام کو محارم کا حکم اسلئے دیا گیا کہ اسکو اپنی سیدہ کیطرف رغبت نہیں ہوتی ہے کیونکہ اسکی نظر میں وہ معزز ہوتی ہے اور سیدہ کو غلام کیطرف رغبت ہو سکتی ہے کیونکہ وہ اسکی نگاہ میں حقیر ہوتا ہے اور یا ان کے پردہ کا حکم دینے میں سخت دشواری ہے اور یہ صفات محارم کے اندر معتبر ہیں کیونکہ قرابت قریبہ محرمیں رغبت کے کم ہونیکا باعث ہے اور ناہیدی طمع کے منقطع ہونیکے اسباب میں سے ایک سبب ہے اور مدت دراز تک یکجائی رہنا بھی قلت نشاط اور پردہ کے دشوار ہونے اور کم التفاتی کا سبب ہے۔ پس اسواسطے قدیمی سنت ہوگئی کہ محارم سے جو پردہ ہو وہ اور قسم کا ہو اور غیروں سے جو پردہ ہو وہ اور قسم کا ہو۔

نکاح کا بیان

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ لانکاح الا بولی۔ ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا معلوم کرو کہ خصوصاً نکاح میں عورتوں کو حکم کرنا روا نہیں ہے کیونکہ عورتیں ناقصات العقل ہوتی ہیں اور انکی فکر ناقص ہوتی ہے اسلئے بسا اوقات مساعات کیطرف انکو ہوسکتی ہے دوسرے غالباً وہ حسب کی حفاظت نکرینگی اور بسا اوقات غیر کفو کیطرف انکو رغبت پیدا ہو سکتی ہے اور اسمیں انکی قوم کی عار ہے پس ضروری ہوا کہ ولی کو اس باب میں کچھ دخل دیا جائے تاکہ یہ مفسدہ بند ہو اور نیز ضروری جبلی کی اعتبار سے لوگوں کا عام طریقہ ہے کہ مرد عورتوں پر حاکم ہوتے ہیں اور تمام بند و بست انہیں کے متعلق ہوتا ہے اور تمام خرچ مردوں کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

متعلق ہوا کرتے ہیں اور عورتیں اُنکی مقید ہوتی ہیں چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے الرجال قوامون علی النساء بما فضل اللہ بعضھم الآیہ اور نیز نکاح کے اندر ولی کی شرط لگانا نہیں اولیا کی عزت ہے اور عورتوں کا اپنا نکاح خود بخود کرنا نہیں اُنکی ہیچ مزتی ہے جسکا مدار بیحیائی پر ہے اور اولیا کی مخالفت اور اُنکی بیقدری ہے۔ اور نیز یہ بات واجبات سے ہے کہ نکاح کو زنا سے شہرت کیساتھ امتیاز ہو اور شہرت کی بہتر صورت یہ ہے کہ عورت کے اولیا نکاح میں موجود ہوں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے والشیب حتی تستامر والبکر حتی تستاذن الاذنی روایۃ البکر یستاذنھا ابوھا۔ شوہر دیدہ عورت کا نکاح نہ کیا جاوے جبتک کہ اُسکا امر نہ لیا جاوے اور نہ باکرہ کا جبتک کہ اُس سے اذن نہ لیا جاوے اور اُسکا اذن خاموشی ہے اور ایک روایت میں ہے کہ جبتک باپ اُس سے اذن نہ لے۔ میں کہتا ہوں یہ بھی روا ہے کہ صرف اولیا کو نکاح کا اختیار دیا جاوے کیونکہ اپنا نفع وضرر جو عورت جانتی ہے وہ اُس سے ناواقف ہیں اور وہ نفع ونقصان اُسکی طرف عائد ہونیوالا ہے اور استیمار مراد اُسکی زبان سے اجازت دینے کو کہتے ہیں اور استیذان اجازت طلب کرنیکو اور اُسکے منع نہ کرنے کو کہتے ہیں اور ادنی مرتبہ اُسکا سکوت ہے، اور حدیث شریف میں بالفہ باکرہ سے یستیذان مراد ہے صیغہ کیونکہ ہنوز وہ نابلد ہے اور حضرت ابوبکر صدیق نے حضرت عائشہ کا نکاح بلا استیذان رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے پڑھا ہے اور اُنکی عمر اسوقت میں چھ برس کی تھی اور آپنے فرمایا ہے ایما عبد تزوج بغیر اذن سیدہ فھو جایز۔ جو غلام اپنے مولا کے بغیر اجازت نکاح کرے تو وہ زانی ہے۔ میں کہتا ہوں چونکہ غلام اپنے مولا کی خدمت میں مشغول رہا کرتا ہے اور نکاح اور اُسکے فروعات یعنی اُسکے ساتھ غمخواری کرنا اور اُسکے پاس رہنا ایسی چیزیں ہیں کہ جنکی وجہ سے مولا کی خدمتگزاری میں نقصان آتا تھا اسلئے ضرور ہے کہ غلام کا نکاح اُسکے مولا کی اجازت پر موقوف رکھا ہے اور چھوکری کا نکاح بطریق اولے مولا کی اجازت پر موقوف ہونا چاہئے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے فانکحوھن باذن اھلھن۔ پس آپنے اُنکے مولا کی اجازت سے نکاح کرلو حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ رسول خدا صلعم نے ہمکو حاجت (یعنی نکاح وغیرہ کے) وقت یہ تشہد تعلیم فرمایا ہے الحمد للہ نستعینہ ونستغفرہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ واشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ۔ اور اُسکے بعد یہ تین آیتیں پڑھے یا ایھا الذین امنوا اتقوا اللہ حق تقاتہ ولا تموتن الا وانتم مسلمون واتقوا اللہ الذی تساءلون بہ والارحام ان اللہ کان علیکم رقیبا یا ایھا الذین امنوا اتقوا اللہ وقولوا قولا سدیدا یصلح لکم اعمالکم ویغفر لکم ذنوبکم ومن یطع اللہ ورسولہ فقد فاز فوزا عظیما۔ میں کہتا ہوں اہل جاہلیت قبل از نکاح خطبہ پڑھا کرتے تھے اور اُسمیں اپنی قوم کے فخر بیان کرتے تھے اور اُسکو ذکر مقصود کا وسیلہ کیا کرتے تھے اور اُسکا اعلان چاہتے تھے اور اس رسم کے جاری ہونیمیں مصلحت تھی اسواسطے کہ خطبہ کا مبنی اعلان اور ایک شے کے بمنزلہ سنی ہوئی اور دیکھی ہوئی کے گردانے پر ہے اور نکاح میں اعلان کرنے میں یہ حکمت ہے تاکہ نکاح اور زنا میں تمیز ہوجاوے۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ خطبہ کا استعمال مہتم بالشان امور میں کیا جاتا ہے اور نکاح کا اہتمام اور اُسکا ایک عظیم الشان امر گردانا اعظم مقاصد سے ہے لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُسکے اصل کو باقی رکھا اور اُسکی صورتمیں تغیر فرمادیا ہے بانیطور کہ اُسکے ساتھ مصالح کیساتھ مصلحت کلیہ کو شامل کردیا ہے اسطرح کہ ہر ایک اتفاق کیساتھ میں جو ذکر اُسکے مناسب ہے بڑھا جاوے اور ہر جگہ پر شعار الٰہی کی عظمت کیجاوے تاکہ دین حق کے نشانات پھیل جائیں اور اُسکے شعائر واضح ظاہر ہوجائیں پس آنحضرت صلعم نے اُسمیں کچھ اذکار مسنون فرمائے مثل حمد اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

استعانت اور استغفار اور تعوذ اور توکل اور تشہد کے اور کچھ آیات قرآنی انمیں شامل کیں اور اس مصلحت کیطرف اپنے اس قول سے اشارہ فرمایا کل خطبۃ لیس فیہا تشہد فہو کالید المجذمۃ جس خطبہ میں تشہد نہ ہو وہ دست بریدہ کی مانند ہے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فصل ما بین الحلال والحرام الصوت والدف فی النکاح۔ حلال و حرام میں یہی فرق ہے کہ نکاح میں آواز اور دف ہوتی ہے اور نیز آپنے فرمایا ہے اعلنوہذا النکاح واجعلوہ فی المساجد واضربوا علیہ بالدفوف۔ اس نکاح کو اعلان کردیا کرو اور مساجد میں اسکو کیا کرو اور اسپر دفیں بجا دیا کرو میں کہتا ہوں کہ وہ لوگ نکاح میں دف اور آواز کا استعمال کیا کرتے تھے اور انمیں اسکی ایسی عادت جاری ہوگئی تھی اس نکاح میں جسکو چار قسم کے نکاحوں سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے باقی رکھا ہے متروک ہونیکا احتمال نہ تھا حضرت عائشہؓ نے ان چاروں قسم کا بیان کیا ہے اور اسمیں ایک مصلحت یہ ہے کہ نکاح اور زنا دونوں قضاء شہوت اور مرد عورت کی رضامندی میں متفق ہیں لہذا ایک ایسی شے کا حکم دینا ضروری ہوا جس سے بادی الرائے میں وہ دونوں ایسے متمیز ہوجائیں کہ کسی کو اسمیں کلام یا خفا باقی نہ رہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ روز تک لئے متعہ کی اجازت دیدی تھی پھر اس سے ممانعت فرمادی اور اوائل ضرورت کے سبب سے آپنے اجازت دی تھی چنانچہ حضرت ابن عباسؓ نے اس شخص کے باب میں جو ایک شہر میں آئے اور وہاں اسکی بیوی نہ ہو ذکر کیا ہے اور حضرت ابن عباسؓ نے اس بات کیطرف اشارہ کیا ہے کہ ان دنوں نہیں صرف جماع کیلئے اجرت نہ دیتے تھے بلکہ تدبیر خانہ کے متعلق منجملہ اور حوائج کے جماع بھی شامل ہوتا تھا اور ایسا ہو بھی نہیں سکتا اسلئے کہ صرف جماع کی اجرت دینا طبیعت انسانی سے بالکل باہر ہوجانا اور بیحیائی ہے اسکو قلب سلیم بالکل پسند نہیں کرتا اور متعہ سے منع کرنیکا سبب اکثر اوقات میں اس حاجت کا مرتفع ہوجانا ہوا اور نیز متعہ کی رسم کے جاری ہونے میں نسب کا اختلاط لازم آتا ہے کیونکہ اس مدت کے گذرتے ہی وہ عورت خاوند کے قبضہ سے باہر ہوجاتی ہے اور اسکو اپنے نفس کا اختیار ہوجاتا ہے اب نہیں معلوم کہ وہ کیا کریگی۔ اور عدت کا انضباط نکاح صحیح میں بھی جاکی بنا دوام پر ہوتی ہے نہایت دشواری سے ہوتا ہے تو پھر متعہ کا ذکر ہی کیا ہے دوسرے اس رسم کے جاری ہونے میں نکاح صحیح کا جو شرع میں بہتر ہے اہمال لازم آتا ہے کیونکہ اکثر نکاح کرنیوالوں کی خواہش غالبا شہوت فرج کا پورا کرنا ہوتا ہے اور نیز منجملہ ان امور کے جنسے نکاح اور زنا میں امتیاز ہوتی ہے ہمیشہ کیلئے معاونت پر استقرار ہے اگرچہ اصل اسمیں لوگونکے سامنے قطع منازعت ہوتا ہے۔ اور نکاح بغیر مہر کے نہیں کرتے تھے۔ اور اسکی چند باعث و مصلحتیں تھیں۔ از انجملہ یہ ہے کہ نکاح کا فائدہ بدوں اس بات کے تمام نہیں ہوتا کہ ہر شخص معاونت دائمی پر اپنے نفس کو قائم رکھے اور عورت کیطرف سے اسکی صورت یہ ہے کہ اسکو اپنا اختیار نہ رہے اور یہ بات روا نہ تھی کہ مرد کا بھی اختیار اس سے نکال لیا جاتا اور نہ طلاق کا باب میں مسدود ہوجاتا اور مرد کے ہاتھ میں جسطرح عورت مقید ہے اسی طرح وہ عورت کا مقید ہوجاتا اور اصل یہ بات ہے کہ مرد عورت پر حاکم رہے اور یہ بات بھی ناممکن تھی کہ قاضی کو انکا اختیار دیا جاتا کیونکہ قاضی کیطرف مقدمہ کے پیش کرنے میں لوگونکو دقت ہوتی اور جو ہر شخص اپنا نفع و نقصان جانتا ہے قاضی اس سے ناواقف ہے پھر یہ بات متعین ہوئی کہ مہر مقرر کیا جائے تاکہ خاوند کو اس نظم کے توڑنے میں مال کے نقصان کا خطرہ لگا رہے اور بلا ایسی ضرورت کے جسکے بغیر اسکو چارہ نہ ہو اسپر جرات نہ کرسکے پس مہر کے مقرر کرنیمیں ایک قسم کی

محکمہ داخلہ و براہ راست ہر قسم کے موضوع و متفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پائیداری ہے اور نیز نکاح کی عظمت بغیر مال کے بوضعہ کے یعنی شرمگاہ کے بدلہ ہوتا ہے نہیں ظاہر ہوتی کیونکہ لوگوں کو مال کی جسقدر حرص ہے کسی چیز کی نہیں ہے لہذا اسی کے صرف کرنے سے ایک چیز کا مہتم بالشان ہونا معلوم ہو سکتا ہے اور اسکے مہتم بالشان ہونے سے اولیاء کی آنکھیں اس شخص کو اپنے لخت جگر کے مالک ہوتے ہوئے دیکھنے سے ٹھنڈی ہوتی ہیں اور نیز اسکے سبب سے نکاح دنیا میں امتیاز ہو جاتی ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے ان تبتغوا باموالکم محصنین غیر مسافحین۔ یہ کہ بذریعہ اپنے مالوں کے تلاش کرو تم حفاظت کرنیوالی نہ مستی نکالنے والی اور اسلئے آنحضرت صلعم نے وجوب مہر کو بدستور باقی رکھا اور کسی ایسی حد سے جسمیں کمی وبیشی ہو سکے منضبط نہیں فرمایا اسلئے کہ اظہار اہتمام میں عادات اور غیتیں مختلف ہیں اور حرص کے درجات اور طبقات جدا جدا ہیں پس انکے لئے ایک حد کا مقرر کرنا ناممکن ہے جسطرح اشیاء مرغوبہ کا ثمن ایک حد معین کے ساتھ منضبط کرنا ناممکن ہے اسلئے آنحضرت صلعم نے ایک شخص سے فرمایا التمس ولو خاتما من حدید۔ تلاش کر اگرچہ لوہے کی ایک انگشتری ہو۔ اور فرمایا من اعطی فی صداق امراتہ ملئی کفہ سویقا او تمرا فقد استحل جس شخص نے اپنی بیوی کے مہر میں لب بھر ستو یا چھوارے دیدیے پس اسنے حلال کر لیا۔ مگر آنحضرت صلعم نے ازواج و بنات مطہرات کے مہر میں ساڑھے بارہ اوقیہ معین کر رکھے تھے اور حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ تم عورتوں کے مہر بھاری بھاری مقرر مت کرو اسلئے کہ زیادہ مہر مقرر کرنے میں اگر دنیا کی عزت یا خدا کے نزدیک پرہیزگاری ہے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تم سب سے زیادہ بطریق اولی اس بات کا لحاظ فرماتے الحدیث۔ میں کہتا ہوں مہر مسنون میں حکمت یہ ہے کہ مہر اسقدر مقدار کا ہونا چاہیے کہ جس کا کچھ بار بھی نہ ہو اور عادتاً اسکے قوم کے اعتبار سے اسکا دائر نادشوار بھی نہ ہو اور اسقدر اس حالت کے اعتبار سے جو آنحضرت صلعم کے زمانہ میں لوگوں کے تھے کافی مقدار ہے اور اسیطرح آپکے بعد بھی لوگوں کی یہی عادت تھی بلا خدا یا مگر وہ لوگ جنکے اغنیا بمنزلہ بادشاہوں کے ہیں۔ اور اہل جاہلیت عورتوں کو مہر دینے میں ظلم کیا کرتے تھے یا تو تاخیر بہت کرتے تھے یا کمی کے ساتھ دیا کرتے تھے اسلئے اللہ پاک نے یہ آیت نازل فرمائی آتوا النساء صدقتھن نحلۃ اور دیدو عورتوں کو انکے مہر بے مانگے۔ اور اللہ پاک فرماتا ہے لاجناح علیکم ان طلقتم النساء مالم تمسوھن او تفرضوا لھن فریضۃ تم پر کچھ حرج نہیں اگر تم عورتوں کو بدوں ہاتھ لگائے یا بدوں کچھ مقرر کئے طلاق دیدو۔ میں کہتا ہوں اصل اسمیں یہ ہے کہ نکاح ملک کا سبب ہے اور دخول اسکا اثر ہے اور ایک شے سے اسکا اثر مراد ہوا کرتا ہے اور حکم اسکے سبب پر مرتب ہوتا ہے اسلئے نکاح اور دخول اس بات کے مستحق ہوئے کہ مہر انکے اوپر تقسیم کیا جائے اور مرنے کیوجہ سے نکاح کا اثر ثابت و قائم ہو جاتا ہے کیونکہ مرنے کیوجہ تک اسنے نکاح کو رد نہیں کیا اور اس سے روگردانی نہیں کی حتی کہ اسکے اور نکاح کے بیچ میں موت حائل ہو گئی اور طلاق سے نکاح کا رفع اور فسخ ہو جاتا ہے اور وہ بمنزلہ رد و اقالہ کے ہے جب یہ بات ثابت ہو گئی تو ہم کہتے ہیں مہر کے باب میں ایام جاہلیت میں بہت سے مناقشے اور نزاع درپیش رہتے تھے اور مال کی لوگ نکو حرص تھی اور بہت سے امور سے حجت کیا کرتے تھے لہذا خدا تعالے نے اس اصل کے موافق ان منازعات کا فیصلہ کیا مبنی کر دیا پس اگر عورت کے لئے کچھ مقرر کیا ہے اور اسکے ساتھ دخول کیا تو اسکو کامل مہر دینا پڑیگا خواہ مرجائے یا طلاق دے کیونکہ اسکے ملک کا سبب اور اثر تمام ہو گیا اور خاوند نے اس سے دخول کر لیا چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے وقد افضی بعضکم الی بعض واخذن منکم میثاقا غلیظا۔ اور البتہ تم میں سے بعض کیطرف پہونچ گیا ہے اور ان بیویوں نے تم سے نہایت پختہ عہد لیلیا ہے اور اگر

مکتبہ مدنیہ اور دیگر ایسی سینکڑوں مفید موضوع و معیاری کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسکا مہر مقرر کر دیا ہے اور بغیر دخول کئے مر گیا تو عورت تو نکو کامل مہر دیا جائیگا کیونکہ مرنے سے نکاح متقرر ثابت ہو گیا اور ایسی حالت میں عدم دخول کچھ مضر نہیں ہے کیونکہ وہ آسمانی حکم ہے اور اگر قبل از دخول اسکو طلاق دے تو اسکو نصف مہر دلایا جائے گا موافق اس آیت کریمہ کے کیونکہ یہاں اسباب میں سے ایک سبب پایا جاتا ہے نہ دوسرا پس اسمیں دو شباہتیں پائی جاتی ہیں ایک تو صرف ننگی کیساتھ اور دوسری نکاح تام کے ساتھ اور اگر کچھ بھی مقرر نہیں کیا اسکو اسکے کنبہ کی سی عورتوں کا مہر دلایا جائے گا نہ اس سے کم و بیش اور یہ مہر عدت واجب ہوگی اور میراث پائیگی کیونکہ عقد اسوقت میں بسبب دائرہ تام ہو چکا پس ضروری ہوا کہ اسکو مہر دلایا جاوے اور ہر چیز کا اندازہ اسکی نظیر اور مثیل سے ہوتا ہے اور کنبہ کی عورتوں کا مہر اس اندازہ کیلئے بہت مناسب ہے اور اگر اسکا نہ مہر مقرر کیا اور نہ اس سے دخول کیا تو اسکو متاع یعنی جوڑہ وغیرہ دینا پڑیگا کیونکہ عقد نکاح بغیر مہر کے ہونا ناممکن ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے ان تمتعوا باموالکم الآیہ۔ اور اس صورت میں مہر کے واجب کرنے کی کوئی صورت نہیں تھی کیونکہ یہاں نہ مہر کی تعین ہے نہ ملکیت کا تقرر ہے۔

اور ایک مرتبہ آنحضرت صلعم نے چند سور قرانی مہر مقرر کیا کیونکہ انکا سکھانا بھی ایک مہتم بالشان کام ہے اور مثل مال کے مرغوب اور مطلوب ہے اور آنحضرت صلعم کے زمانہ میں قبل از دخول ولیمہ کرنے کا دستور تھا اور اسمیں بہت سے مصالح تھے اور از انجملہ اسمیں نہایت خوبی کیساتھ نکاح اور اس بات کی اشاعت ہے کہ بیوی سے دخول کرنا چاہتا ہے اور یہ اشاعت ضروری ہے تاکہ نسب میں کسی کو وہم کرنے کی بھی گنجایش نہ ہو اور نکاح و زنا کی تمیز بادی الرائے میں معلوم ہو جاوے اور لوگونکے سامنے اس عورت کیساتھ متحقق ہو جائے اور از انجملہ یہ ہے کہ بیوی اور اس کے کنبہ کیساتھ بھلائی و سلوک پایا جاتا ہے کیونکہ اسکے لئے مال کا خرچ کرنا اور لوگونکا اسکے باب میں جمع کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ خاوند کے نزدیک بیوی کی وقعت و عزت ہے اور میاں بیوی کے مابین الفت قائم کرنیمیں اس قسم کے امور خاصکر انکے اول اجتماع میں ضروری ہوتے ہیں از انجملہ یہ ہے کہ ایک جدید نعمت کا حاصل ہونا یعنی جو چیز غیر مملوک تھی اسکا ملک میں داخل ہو جانا سرور و خوشی کا سبب ہے اور مال کے خرچ کرنے پر آدمی کو آمادہ کرتا ہے اور اس خواہش کے اتباع میں سخاوت کی عادت اور خواہش بخل کی نافرمانی پیدا ہوتی ہے اور اسکے علاوہ بہت سے فوائد اور مصالح ہیں پس چونکہ سیاست مدینہ اور منزلیہ اور تہذیب نفس اور احسان کے متعلق کافی فوائد پائے جاتے ہیں پس آنحضرت صلعم کا اسکو باقی رکھنا اور اسکی طرف رغبت و حرص دلانا اور خود بھی اسکو عمل میں لانا ضروری ہوا اور آنحضرت صلعم نے جس طرح ہم مہر کے متعلق بیان کر چکے ہیں اسی طرح اسکی بھی کوئی حد مقرر نہیں کی مگر اوسط درجہ کی حد بکری ہے اور آپ نے حضرت صفیہ کے ولیمہ میں لوگوں کو مالیدہ کھلایا تھا اور آپنے بعضی بیویوں کا ولیمہ دو مد جو سے کیا ہے۔ اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے اذا دعی احدکم الی الولیمۃ فلیاتہا دنی روایۃ فان شاء طعم وان شاء ترک تم میں سے جب کوئی شخص ولیمہ کیلئے بلایا جاوے تو چلا آئے اور ایک روایت میں آیا ہے اگر چاہے کھائے چاہے نہ کھائے میں کہتا ہوں جب اصول شرعیہ سے یہ بات تھی کہ جب کسی شخص کو کسی مصلحت سے لوگوں کیلئے کچھ تیار کرنیکا حکم دیا گیا تو ضرور ہوا کہ لوگوں کو بھی اسکی اطاعت اور فرمانبرداری اور بجا آوری کرنے کیطرف رغبت دلائی جائے ورنہ وہ مصلحت جو اس امر سے مقصود ہے متحقق نہ ہوگی پس جب خاوند کو لوگونکے لئے کھانا تیار کر کے شائع کرنیکا حکم دیا گیا تو ان لوگوں کیلئے اس حکم کا دینا ضروری ہوا کہ اسکی دعوت کو قبول کریں اور اگر کارروزہ ہو تب بھی آجائے اور کھانا نہ کھائے تو کچھ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مضائقہ نہیں ہے اسلئے کہ وہ اشاعت مقصود حاصل ہوگئی اور نیز میل جول کا مقتضی یہ ہے کہ جب ایک مسلمان کو دوسرا مسلمان بلائے تو اُسکو ضرور قبول کرے اور اس رسم کے جاری ہونیمیں شہر اور قبیلہ کا انتظام ہے اور فرمایا رسول خدا صلعم نے نہ لیس لے ادلبنی ان یدخل بیتاً مزوناً۔ نہ میرے لئے اور نہ کسی اور نبی کیلئے مناسب ہے کہ کسی مزین و منقش گھر میں جاوے میں کہتا ہوں چونکہ صور کا بنانا اور اُس کپڑے کا استعمال کرنا جسمیں صورتیں بنی ہوئی ہوں حرام ہے پس اُنکا مقتضی ہوا کہ جس گھر میں وہ صورتیں موجود ہوں اُس گھر کو چھوڑ دینا چاہئے اور اُسپر ملامت کرنا چاہئے خاصکر انبیاء علیہم السلام تو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کیلئے ہی مبعوث کئے گئے ہیں اور علاوہ بریں زینت بالغ کا مدہ جانتا دنیا کی طلب میں غایت استغراق کا سبب ہے اور عجمیوں پر اسکے ایسی آفت پڑی کہ اسکی وجہ سے ذکر آخرت کا بھی بھول گئے لہذا یہ بات واجب ہوئی کہ شرع میں اس سے نہی اور اظہار نفرت چاہئے اور آنحضرت صلعم نے فخر کرنے طالوں کے کھانا کھانے سے نہی فرمائی۔ میں کہتا ہوں کہ اہل جاہلیت باہم فخر کیا کرتے تھے اور ہر ایک کا دوسرے پر غلبہ مقصود تھا تو وہ مال کو صرف اس غرض سے خرچ کیا کرتے تھے اور کوئی نیت اسمیں نہیں ہوتی تھی اور اُسمیں عداوت اور باہمی فساد اور بلا کسی دینی اور دنیوی مصلحت کے مال کا ضائع کرنا تھا اور صرف اسمیں خواہش نفسانی کا اتباع ہوتا تھا اور اسلئے ضروری ہوا کہ اُسکے بلانے کی تعمیل نہ کیجاوے اور اُسکی اہانت کیجاوے اور اُس باب کو بند کیا جائے اور عمدہ صورت اُسکے باز رکھنے کی یہ ہے کہ اُسکا کھانا نہ کھایا جائے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا اذا اجتمع داعیان فاجب اقربھما بابا فان سبق احدھما فاجب الذی سبق۔ اور جبکہ دو شخص ساتھ ساتھ دعوت کریں تو ان دونوں میں سے جسکا دروازہ قریب ہے اُسکی دعوت قبول کر اور اگر اُن دونوں سے ایک پہلے کرے تو جو پہلے کرے اُسکی قبول کریں کہتا ہوں جب دونوں کا تعارض ہوا تو ترجیح کی حاجت ہوئی اور اُسکی دو صورتیں ہیں یا دعوت میں سبقت کرنے سے یا مکان کے قریب ہونے سے ۔

اُن عورتوں کا بیان جنسے نکاح کرنا حرام ہے

اصل اسمیں خدا تعالےٰ کا ارشاد ہے ولا تنکحوا ما نکح اٰبآؤکم والمحصنٰت من النسآء تک اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے اسمیں اربعا وفارق سائرھن۔ چار کو رہنے دے اور باقی کو چھوڑ دے اور فرمایا ہے لا تنکح المراۃ علی عمتھا الخ کہ عورت سے اُسکی پھوپھی پر نکاح نہ کیا جائے اور اللہ پاک فرماتا ہے الزانی لا ینکح الا زانیۃ الآیہ۔ زانی زانیہ ہی سے نکاح کرے۔ معلوم کرو کہ محرمات مذکورہ فی الآیہ کی حرمت اہل جاہلیت میں مشہور و مسلم تھی کہ جسکو وہ نہیں چھوڑ سکتے تھے بار خدایا مگر تھوڑی سی باتیں جو انہوں نے بطور سرکشی اور فسق کے اپنی طرف سے ایجاد کر لی تھیں مثلاً باپ کی منکوحہ سے نکاح کرنا اور دو ہمشیروں کو جمع کرنا اور ان محرمات کی تحریم برابر قرنا بعد قرن اُن میں چلی آئی تھی جس کا اُن کے دلوں سے نکلنے کا احتمال نہ تھا بجز اس صورت کے کہ کوئی شخص غضبناک ہونے کے سبب سے باہر ہو جاوے اور اُن کی تحریم میں بڑی بڑی مصلحتیں تھیں لہذا خدا تعالےٰ نے محرمات کا حکم برقرار رکھا اور جس میں اُن کو کاہلی و سستی ہوگئی تھی اُس کی حرمت کو خوب مستحکم کر دیا۔ اور تحریم کے اندر اصل کئی امر ہیں۔ از انجملہ صحبت اور ارتباط کی عادت کا جاری ہونا اور ان میں باہم پردے کا التزام ناممکن ہونا اور جانبین سے طبعی طور پر حاجات کا ارتباط نہ مصنوعی طور پر پس اگر ان عورتوں سے طمع کے قطع ہونے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اُنکی طرف رغبت سے اعراض کا طریقہ جاری نہ ہو تو بے انتہا مفاسد پیدا ہوں۔ اور دیکھتے ہو کہ جب کسی شخص کی نگاہ ایک اجنبی عورت کے محاسن پر پڑتی ہے تو وہ اُس پر فریفتہ ہو جاتا ہے اور اُس کی خاطر اپنی جان کو ہلاک کر دیتا ہے پس جس عورت پر رات دن نگاہ پڑتی رہتی ہے اور تنہائی میں بھی اُسکے ساتھ رہتا ہے تو اُسکا تو ذکر ہی کیا ہے اور نیز اگر ان عورتوں کی طرف رغبت کا دروازہ مفتوح کیا جائے اور اُسکو مسدود نہ کیا جائے اور مردوں پر اُن کی طرف سے ملامت نہ کیجائے تو اس میں عورتوں کو ضرر عظیم لازم آتا ہے اسواسطے کہ ایسے وقت میں وہ لوگ عورتوں کو اپنے پاس رکھا کریں اور عورتوں کو جن سے نکاح کرنے کی رغبت ہو وہ اُسکے ساتھ نکاح سے مانع ہوا کریں کیونکہ اُن کا اور اُن کے نکاح کا اختیار انہیں اقارب کو ہوا کرتا ہے اور دوسرے جب یہ اقارب خود ان عورتوں سے نکاح کر لیا کریں تو کوئی شخص عورتوں کی طرف سے ان اقارب سے حقوق زوجیت کا مطالبہ کرنیوالا نہ ہو باوجودیکہ عورتوں کو اس بات کی سخت ضرورت ہے کہ کوئی شخص اُنکی طرف سے حقوق زوجیت کا خاوند سے مطالبہ کرنیوالا ہو اور اُسکی نظیر وہ ہے جو یتیم لڑکیوں میں ہو چکی ہے کہ اولیاء کو اُنکے مال اور جمال کی طرف رغبت ہوتی تھی اور حقوق زوجیت کو پورے طور پر روا نہ کرتے تھے تو یہ آیت نازل ہوئی ان خفتم الا تقسطوا فی الیتمیٰ فانکحوا ما طاب لکم من النساء اگر تم کو یتیموں میں انصاف نہ کرنے کا اندیشہ ہو تو عورتوں میں جو تمہارے پسند آئیں اُن سے نکاح کر لو حضرت عائشہؓ نے اس کو بیان کیا ہے اور یہ ارتباط طبعی طور پر ہے اور اُسکی ماں اور بیٹی اور بہن اور پھوپھی اور خالہ اور بھتیجی اور بھانجی میں واقع ہوتا ہے اور از انجملہ رضاعت ہے کیونکہ دودھ پلانیوالی عورت مثل ماں کے ہو جاتی ہے اسلئے کہ وہ اختلاط بدن کے اجتماع اور اُس کی صورت کے قائم ہونے کا سبب ہوتی ہے اتنا فرق ہے کہ ماں نے اپنے شکم میں اُسکے وجود کو جمع کیا ہے اور اُسنے ابتداء نشو میں بقدر رسد رمق کے اُسکو دودھ پلایا ہے پس وہ فی الحقیقت بعد ماں کے ماں ہے اور دودھ پلانیوالی کی اولاد بہن بھائیوں کے بعد اُسکے بہن بھائی ہیں اور اُسکی پرورش میں جو کچھ تکلیف اُٹھائی ہے اور بچے کے ذمہ جو حقوق اُس کے ثابت ہوئے ہیں اور طفولیت میں جو جو باتیں اُس شیر خوار کیطرف سے اُسکو پیش آئی ہیں وہ ظاہر ہیں پس اُسکا مالک ہو جانا اور اُسکو اپنی جورو بنا لینا اور اُس کے ساتھ جماع کرنا ایسی چیز ہے جس سے فطرت سلیمہ نفرت کرتی ہے اور بے زبان جانور بہت ایسے ہیں جو اپنی ماں یا دودھ پلانیوالی کی طرف اسقدر التفات نہیں کرتے جسقدر اجنبی مادہ کیطرف اُن کو توجہ ہوتی ہے اور آدمیوں کا تو ذکر ہی کیا ہے اور نیز عرب کے لوگ اپنی اولاد کو مختلف قبیلوں میں سے کسی قبیلہ میں دودھ پلانے کو دیدیتے ہیں اور وہ شیر خوار وہیں پرورش پاکر جوان ہو جاتا تھا اور محارم کے مثل ان لوگوں کے ساتھ اُس کو اختلاط ہوتا ہے اور عرب کے نزدیک نسب کے علاقہ کے مانند شیر خوری کا بھی علاقہ ہے پس نسب پر اُس کا محمول کرنا ضروری ہے چنانچہ آنحضرت صلعم نے فرمایا یحرم من الرضاعۃ ما یحرم من الولادۃ۔ جو چیز ولادت سے حرام ہو جاتی ہے وہی چیز دودھ کے ذریعہ سے بھی حرام ہوتی ہے اور چونکہ رضاع کے سبب تحریم ہونے کی وجہ ماں کے ساتھ بمنزلہ مولود اور اُسکی صورت کی ترکیب کا سبب ہونے میں مشابہت ہے لہذا رضاع میں دو چیزوں کا اعتبار ضروری ہوا ایک تو وہ مقدار جس سے تحریم کے معنی متحقق ہوتے ہیں پس قرآن عظیم کے اندر دس گھونٹ معین جنکی وجہ سے حرمت ثابت ہوتی ہے نازل ہوئے پھر پانچ معین سے وہ منسوخ ہو گئے اور جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی ہے قرآن پاک میں اُنکی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تلاوت کیجاتی تھی اور معین کرنے کیوجہ یہ ہے کہ حرمت کے معنی چونکہ کثیر میں پائے جاتے تھے نہ قلیل میں اسلئے اس حکم کے مقرر کرتے وقت ایک حد کا مقرر کرنا بھی ضروری ہوا جسکی طرف وقت اشتباہ کے رجوع کیا جاسے اور دس کے ساتھ مذکورہ کرنے کا سبب یہ ہے کہ عدد میں احاد سے تجاوز کرنے کی وہ پہلی حد ہے اور دودھ پلانیوالی عشرات کے اعتبار سے دودھ پلاتی ہے یعنی دس بیس جزء سے کم نہیں پلاتی ہے اور نیز وہ جمع کثرت کی ادنیٰ ہے اور جمع قلت کا اسمیں استعمال نہیں ہوتا پس کثرت معتد بہا کے انضباط کیلئے جس کا بدن انسانی میں اثر ہوتا ہے یہ کافی مقدار ہے اور پانچ سے منسوخ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اسمیں احتیاط ہے اسلئے کہ جب بچے کو پانچ بڑے بڑے گھونٹ پلائے جاویں تو اسکے چہرہ و بدن پر رونق و تازگی ظاہر ہوجاتی ہے اور جب یہ گھونٹ چھوٹے چھوٹے ہوں اور دودھ پلانیوالی کے دودھ کم ہو تو اس کے بدن پر لاغری اور کمزوری اور یبوست ظاہر ہونے لگتی ہے اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ پانچ گھونٹوں سے اس کا نشو و نما ہو سکتا ہے اور اس کا بدن قائم رہ سکتا ہے اور اس سے کم کا اثر ظاہر نہیں ہوتا اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے لا تحرم الرضعۃ والرضعتان ولا تحرم المصۃ والمصتان ولا تحرم الاملاجۃ ولا الاملاجتان۔ نہ ایک گھونٹ دو گھونٹ حرام کرتے ہیں نہ ایک چسکی دو چسکیاں اور نہ ایک دھار اور نہ دو دھار۔ اور جو شخص اس بات کا قائل ہے کہ کثیر و قلیل دونوں اثبات حرمت میں برابر ہیں تو اسکا سبب امر رضاع کی تعظیم اور اس کا بالخاصیۃ موثر گرادینا ہے جیسے تمام ان چیزوں میں جن کے حکم کا مدار معلوم نہیں ہوتا خدا تعالے کا دستور جاری ہے دوسرے یہ ہے کہ رضاع عیسی کی شکل و صورت کے قائم ہونے کی ابتدائی حالت میں پائی جائے ورنہ وہ دودھ اور اغذیہ کے مانند ہوگا جو صورت و شکل قائم ہونے کے بعد کھائی جاتی ہیں جیسے جوان آدمی روٹی کھاتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان الرضاعۃ من المجاعۃ۔ کہ البتہ دودھ پلانا بھوک کے وقت ہے اور فرمایا ہے لا یحرم من الرضاء الا ما فتق الامعاء فی الثدی وکان قبل الفطام۔ وہی دودھ پلانا حرام کرتا ہے جو پستان میں سے نکل کر آنتوں کو بڑھائے اور دودھ چھڑانے سے پہلے ہو۔ اور از انجملہ اقارب میں قطع رحم ہونے سے احتراز ہے کیونکہ دو سوکنوں میں ہمیشہ حسد رہتا ہے اور ان کا باہمی بغض انکے اقارب کیساتھ بغض کا سبب ہوتا ہے اور اقارب میں حسد کا ہونا نہایت قبیح اور شنیع امر ہے اور اسی لئے سلف کے چند گروہوں نے دو چچا کی بیٹیوں کا جمع کرنا ناپسند کیا ہے ان دو عورتوں کا تو ذکر ہی کیا ہے کہ اگر ان میں سے ایک مرد فرض کی جاے۔ تو دوسری اس پر حرام ہے جیسے دو بہنیں اور پھوپھی بھتیجی اور خالہ بھانجی اور اسی اصل کا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اعتبار فرمایا ہے اور اپنی بیٹی اور غیر کی بیٹی میں جمع کرنا حرام فرمایا کیونکہ سوکن کا حسد اور خاوند کا اس کو اختیار کرنا بسا اوقات سوکن اور اس کے کنبہ کی ناخوشی کا سبب ہوتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے بغض رکھنا اگرچہ امور معاشیہ کے اعتبار سے ہو مقتضی الی الکفر ہے اور اصل اسمیں دو بہنوں کا جمع کرنا ہے اور مسئلہ کے طور پر آنحضرت صلعم نے متنبہ فرمادیا ہے اور فرمایا ہے لا یجمع بین المراۃ وعمتہا ولا بین المراۃ وخالتہا۔ نہ ایک عورت اور اس کی پھوپھی کو جمع کرے نہ ایک عورت اور اس کی خالہ کو جمع کرے اور از انجملہ مصاہرۃ ہے اس لئے کہ اگر لوگوں میں اس قسم کا دستور جاری ہو کہ ماں کو اپنی بیٹی کے خاوند کے ساتھ اور مرد دل کو اپنے بیٹوں کی بیویوں کی طرف اور اپنی بیویوں کی بیٹیوں کی طرف

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رغبت ہو تو اس تعلق کے توڑنے یا اس شخص کے قتل کرنے میں جسکی طرف سے خواہش پائی جائی ہے کوشش کیا کریں اور اگر تو قدما فارس کے قصے سنے اور اپنے زمانہ کے ان لوگوں کے حال کے تتبع کرے جو اس سنت راشدہ کے پابند نہیں ہیں تو تو بڑے بڑے امور اور بے انتہا ظلم اور ہلاکت دیکھیگا اور نیز اس قرابت میں صحبت لازم ہے اور پردہ کرنا متعذر ہے اور حسد ایک امر شنیع ہے اور جانبین سے مختلف حوائج پیش آتے رہتے ہیں پس اسکا حال بمنزلہ ماں اور بیٹی یا بمنزلہ دو بہنوں کے ہے اور از انجملہ وہ عدد ہے کہ معاشرت زوجیہ میں اس عدد کے ساتھ حسن معاشرت نہیں ہو سکتا کیونکہ لوگ بسا اوقات عورتوں کے جمال کیطرف رغبت کر کے بہت سی عورتوں سے نکاح کر لیتے ہیں اور سب میں سے ایک کو جو انکے دل کو پسند ہوتی ہے اختیار کرتے ہیں اور باقی کو ادھر میں چھوڑ دیتے ہیں پس نہ تو وہ پورے طور سے بیوی ہے جس کی طرف رغبت ہو اور نہ بیوہ ہے جو اسکو اپنا اختیار ہو اور یہ بھی ناممکن ہے کہ پوری زیادہ ترنگی کیجائے اسلئے کہ بعض لوگوں کو ایک بیوی زنا سے محفوظ نہیں رکھ سکتی اور نکاح کی غایت مقصود تناسل ہے اور ایک مرد سے بہت سی عورتوں کے اولاد ہو سکتی ہے اور نیز مبتلا بیوپاں کرنا مردوں کی خصلت ہے اور بسا اوقات انکی وجہ سے فخر حاصل ہوتا ہے لہذا شارع نے چار کے ساتھ اس کا اندازہ کیا اس لئے کہ چار ایسا عدد ہے کہ تین شبوں کے بعد ہر ایک کیطرف وہ شخص رجوع کر سکتا ہے اور ایک شب سے کم میں نوبت کا فائدہ حاصل نہیں ہوتا اور ایسے وقت میں یہ نہیں کہہ سکتے کہ اس نے کسی کے پاس شب باشی کی اور تین کثرت کی اول حد ہے اور چار سے اسکی زیادتی ہے اور آنحضرت صلعم کو اختیار تھا کہ جسقدر چاہیں اپنا نکاح کریں اس لئے کہ اس حد کا مقرر کرنا اس مفسدہ کے دفع کرنے کیلئے ہے جو اکثر واقع ہوتا ہے اور اس کا مدار صرف احتمال غالب پر ہے مفسدہ حقیقی کے دفع کرنے کے لئے نہیں ہے اور آنحضرت صلعم کو اسکی حقیقت معلوم تھی اسلئے آپ کو مظنہ کی حاجت نہ تھی اور طاعت الٰہی اور اس کے حکم کی بجاآوری میں بخلاف اور لوگوں کے آپ مامون تھے اور از انجملہ اختلاف دین ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے۔ لا تنکحو المشرکین حتی یومنوا۔ مت نکاح کرو مشرکوں سے جبتک ایمان نہ لائیں اور خدا تعالےٰ نے اس مصلحت کا جو اس حکم میں رعایت کی گئی ہے اس آیت میں بیان فرمایا اسطرح کہ مسلمانوں کے کافروں کے ساتھ صحبت اور بایں انکے میل جول و غمخواری کا جاری ہونا خاصکر نکاح کے باب میں انکے دین کی مفسد ہے اور اس کے قلب میں کفر کی طرف حرکت پیدا ہونے کا سبب ہے خواہ وہ اس کو معلوم ہو یا نہ ہو اور یہود و نصاریٰ سے آسمانی شریعت کے مقید ہیں اور قوانین تشریع کے اصول اور کلیات کے قائل ہیں بخلاف مجوس و مشرکین کے پس ان کی صحبت کا مفسدہ بہ نسبت اوروں کے خفیف ہے کیونکہ خاوند کا بیوی پر دباؤ ہوتا ہے اور وہ اس پر حاکم ہوتا ہے اور بیوی خاوند کی قیدی ہوتی ہے پس اگر مسلمان کتابیہ سے نکاح کرے تو زیادہ فساد کا خطرہ نہیں ہے لہذا اس کی اجازت دینا اور اسمیں ایسا تشدد نہ کرنا چاہئے جیسے اور اس قسم کے مسائل میں ہوتا ہے از انجملہ عورت کا دوسری کی چھوکری ہونا ہے ایسے وقت میں بہ نسبت اپنے مولا کے اس کو اپنی شرمگاہ کا محفوظ رکھنا ناممکن ہے۔

اور یہ بات ناروا ہے کہ اس سے خدمت لینے اور اسکے ساتھ خلوت کرنے سے اسکی مولی کو ممانعت کیجائے کیونکہ اسمیں ملک ضعیف کو ملک قوی پر ترجیح دینا ہے کیونکہ ملک دو قسم کی ہوتی ہیں ملک قہر اور ملک بضعہ اور پہلی ملک قوی اور دوسری پر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشتمل ہے اور دوسری اُس کی تابع ہے اور دوسری ملک ضعیف ہے اور اُس میں مندرج ہے اور اعلیٰ سے ادنیٰ کو بڑھانے میں قلب موضوع ہے اور اُس کے ساتھ اختصاص کا نہ ہونا اور جو شخص اُسکی طمع رکھے اُسکی مدافعت کا ممکن نہ ہونا زنا کی اصل ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن کاحوں کی تحریم میں جنکو اہل جاہلیت باہم کیا کرتے تھے مثل اضطضاع وغیرہ کے چنانچہ حضرت عائشہؓ نے بیان کیا ہے اسی اصل کا اعتبار فرمایا ہے پس جب ایک چھوکری خدا پر ایمان رکھتی ہے اور اپنی شرمگاہ کو محفوظ رکھتی ہے اور اُس کے ساتھ نکاح کی حاجت ہے اسلئے کہ زنا کا خوف ہے اور حرہ سے نکاح کرنیکی استطاعت نہیں ہے تو وہ فساد خفیف ہوگیا اور ضرورت پائی گئی اور ضرورتوں کی وجہ سے ممنوع چیزیں مباح ہو جاتی ہیں۔ اور از انجملہ کسی عورت کا کسی مسلمان یا کافر کے زیر نکاح ہونا ہے کیونکہ زنا کی اصل ایک موطوءہ پر بلا کسی ایک خصوصیت کے اور دوسرے کی طمع منقطع ہونے کے جمع ہونا ہے اسلئے زہری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ خدا تعالےٰ نے زنا کو تو حرام کیا اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے ہاتھ پھوپھیوں کیلئے اور اُن کے ساتھ صحبت کرنے سے صحابہؓ نے حرج سمجھا اس لئے کہ اُن کے خاوند مشرکین موجود تھے پس خدا تعالےٰ نے یہ آیت نازل فرمائی والمحصنات من النساء الا ما ملکت ایمانکم اور عورتوں میں سے جو خاوند والیاں ہیں وہ حرام ہیں مگر جو تمہارے ہاتھ کی ملک ہیں یعنی وہ تمہارے لئے حرام نہیں اس لئے کہ قید کے سبب سے طمع منقطع ہو جاتی ہے اور اختلاف دارین اُس پر کئی شخصوں کے ازدواج سے مانع ہے اور ایک شخص کے حصہ میں ایک چھوکری کا آنا محقق ہے۔ اور از انجملہ عورت کا زانیہ اور کسبی ہونا ہے کہ جب تک وہ اپنے اس فعل سے توبہ نہ کرے اور بالکل اُسکو ترک نہ کردے اُس کے ساتھ نکاح درست نہیں ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے الزانیۃ لا ینکحہا الا زان او مشرک۔ زانیہ عورت سے وہی شخص نکاح کرتا ہے جو زانی یا مشرک ہے اور اُس میں راز یہ ہے کہ زانیہ کا خاوند کی عصمت اور قبضہ میں ہونا اور زنا کی حالت پر باقی رہنا باوجود بیت اور فطرت سلیمہ سے باہر آجانا ہے اور نیز اس میں اختلاط نسب کا اندیشہ ہے اور چونکہ تحریم محرمات کی مصلحت بغیر اس بات کے تمام نہیں ہوتی کہ تحریم کو ایک امر لازم اور عادت جبلی اور بمنزلہ اُن اشیاء کے گردانا جائے جن سے بالطبع انسان کو نفرت ہوتی ہے لہذا ضروری ہوا کہ پورے طور پر اُس کی شہرت اور شیوع کیا جائے اور لوگ اُس کو اس طرح پر قبول کرلیں کہ اگر محرمات کی تحریم میں کوئی شخص اہمال کرے تو اُس پر سخت ملامت کی جائے اور اُس کا طریقہ یہ ہونا چاہئے کہ جو شخص اپنے محرم سے صحبت کرے خواہ نکاح سے ہو یا بغیر نکاح کے وہ شخص جان سے مار دیا جائے لہذا آنحضرت صلعم نے اُس شخص کے سر مارنے کے لئے جس نے اپنے باپ کی منکوحہ سے نکاح کیا تھا ایک شخص کو بھیجا۔

آدابِ مباشرت کا بیان

معلوم کرو کہ خدا تعالےٰ نے جب انسان کو مدنی الطبع پیدا کیا اور تناسل سے اُس کی نوع کا بقا چاہا لابدی ہوا کہ شرع میں تناسل کی کامل طور سے ترغیب دلائی جائے اور قطع نسل اور اُس کے اسباب سے نہی شدید فرمائی جائے اور نسل کا سبب عظیم جو بکثرت پایا جاتا ہے اور جو نسل کی طرف رغبت دلاتا ہے وہ شہوت شرمگاہ ہے یہ ایسی چیز ہے کہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گویا انہیں کی ذات میں سے انہیں پر سلط کر دیگئی ہے اور خواہ مخواہ انکو نسل کی جستجو پر مجبور کرتی ہے اور اگر لونڈ دینے اعلام کرنے اور عورتوں سے دُبر میں صحبت کرنیکا طریقہ جاری ہو تو خلقِ الٰہی کی تغییر لازم آتی ہے اسلئے کہ یہ طریقہ اُس شہوت سے جو انسان پر سلط کی گئی ہے مقصود حاصل ہونیکا مانع ہے اور ان دونوں میں بڑھکر لونڈوں سے اعلام کرنا ہے کیونکہ انہیں جانبین سے خلق اللہ کی تغییر ہے اور مردوں کو عورت بنجانا بدترین خصائل میں سے ہے اور اسیطرح اعضاء تناسل کے قطع کرنیکا طریقہ جاری ہونا اور ان ادویہ کا استعمال کرنا جو باہ کو قطع کرتی ہیں اور ترک دنیا وغیرہ سب میں خلق اللہ کی تغییر اور طلب نسل کا ابطال ہے لہذا رسول خدا صلعم نے ان سب امور سے نہی فرمائی ہے اور فرمایا لا تاتوا النساء فی ادبارہن ملعون من اتی امراۃ فی دبرہا۔ عورتوں سے انکی دُبر میں صحبت مت کرو جو شخص کسی عورت کی دُبر میں صحبت کرے وہ ملعون ہے۔ اور اسیطرح خصی بننے اور تبتل سے بہت احادیث میں نہی فرمائی ہے اللہ پاک فرماتا ہے نساءکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم تمہاری بیبیاں تمہاری کھیتیاں ہیں پس جیسے چاہو اپنی کھیتیوں پر آؤ۔ میں کہتا ہوں مباشرت کی ہیئت میں یہود بلا کسی آسمانی حکم کے تنگی کرتے تھے اور انصار اور انکے ساتھی بھی ان کے دستور کو اختیار کرتے تھے اور کہا کرتے تھے جب کوئی شخص پیچھے کیجانب سے اپنی بیوی کی فرج میں صحبت کرتا ہے تو بچہ احول پیدا ہوتا ہے پس یہ آیت نازل ہوئی یعنی اگر ایک ہی مقام میں صحبت ہو تو اختیار ہے آگے سے کرے یا پیچھے سے اسکی وجہ یہ ہے کہ کوئی ایسا امر نہیں ہے کہ جسکے ساتھ مصلحت مذبہ وطبہ متعلق ہو اور ہر شخص اپنی ذات کی مصلحت خود خوب جانتا ہے اور یہ بات یہود کے تکلفات میں سے تھی لہذا اسکا فسوخ ہونا مناسب ہوا اور آنحضرت صلعم سے کسی شخص نے عزل (یعنی قبل انزال آلہ نکالکر آب منی کو باہر ڈالنا) کے باب میں پوچھا آپ نے فرمایا اسکے کرنیمیں تم پر کوئی مضائقہ نہیں ہے اسلئے کہ کوئی جان قیامت تک موجود ہونیوالی نہیں مگر وہ ہو کر رہیگی۔ میں کہتا ہوں اس حدیث شریف میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ عزل اگرچہ حرام نہیں ہے مگر مکروہ ہے اور اسکا سبب یہ ہے کہ مصالح مختلف ہوتے ہیں پس چھوکریوں میں مثلاً مولا عرض اپنی ذات کے اعتبار سے یہ ہوتی ہے کہ عزل کرے اور مصلحت نوعیہ یہ ہوتی ہے کہ عزل نہ کرے تاکہ اولاد کثرت سے ہو اور نسل قائم رہے اور مصلحت نوعیہ کا اعتبار کرنا خدا تعالےٰ کی عام احکام تشریعیہ اور تکوینیہ میں مصلحتِ شخصیہ کے اعتبار کرنے سے اولیٰ ہوتا ہے علاوہ بریں جس قدر دُبر میں صحبت کرنے سے تغیر خلق اللہ کے اور بقاء نسل سے اعراض ہے اسقدر عزل میں نہیں ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ما علیکم ان لا تفعلوا اسکے کرنیمیں تم کو کچھ مضائقہ نہیں اس بات پر تنبیہ فرمائی ہے کہ تمام حوادث اپنے موجود ہونے سے پہلے مقدر ہوا کرتے ہیں جب کوئی چیز مقدر ہوا کرتی ہے اور زمین میں اسکا صرف ضعیف سا سبب پایا جاتا ہے تو خدا تعالےٰ کی عادت جاری ہے کہ وہ اُس سبب ضعیف کو فراخ کر دیتا ہے حتیٰ کہ وہی سبب ضعیف فائدہ تامہ کا مفید ہو جاتا ہے پس جب انسان انزال کے قریب ہوتا ہے اور اپنے ذکر کو باہر کرنا چاہتا ہے تو بسا اوقات چند قطرے اسکے اعلیل سے ٹپک پڑتے ہیں جو بچے کے مادوں کو کافی ہو جاتے ہیں اور اُس شخص کو اسکا علم بھی نہیں ہوتا یہی راز ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بچے کو اُس شخص کے ساتھ ملحق کیا جس نے اُس عورت کیساتھ مس کرنے کا اقرار کیا تھا اور فرمایا عزل اسکا نافع نہیں ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے۔ لقد ہممت ان انہی عن الغیلۃ فنظرت فی الروم وفارس فاذا ہم یغیلون اولادہم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علا لصغر اولادہم وقال لاتقتلوا اولادکم سرًا فان الغیل یدرک الفارس فیدعثرہ میں نے قصد کیا تھا کہ غیلہ یعنی دودھ پلانے کی حالت میں عورت سے صحبت کرنیکو منع کردوں پھر میں نے روم وفارس میں نظر کی تو اُن لوگوں کو دیکھا کہ وہ اپنی اولاد کے دودھ پینے کے زمانہ میں اپنی بیویوں سے صحبت کرتے ہیں اور اس سے اُنکی اولاد کو کچھ ضرر نہیں پہونچتا اور فرمایا کہ خفیہ طور پر اپنی اولاد کو قتل مت کرو کیونکہ صحبت کی ہوئی دودھ گھوڑے کے سوار کو بھاگے تو اُسکو گرا دیتا ہے میں کہتا ہوں اسمیں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ غیلہ اگرچہ حرام نہیں مکروہ ہے اور اُسکا سبب یہ ہے کہ دودھ پلانیوالی سے صحبت کرنیمیں دودھ گرجاتا ہے اور بچہ کمزور ہوجاتا ہے اور جب اُسکی ابتدا نمو میں ضعف ہوا تو وہ اُسکے مزاج اصلی میں داخل ہوگیا اور آنحضرت صلعم نے اس بات کو بیان فرمادیا کہ آپ کا قصد ضرر کے احتمال غالب ہونے سے اُسکے حرام کرنے کا تھا مگر جب کہ آپنے استقراء فرمایا تو معلوم ہوا کہ عام طور پر اُسکا ضرر نہیں ہوتا اور اُسمیں احتمال غالب ہونے کی صلاحیت نہیں ہے تاکہ اُسپر حرمت کا مدار کیا جاوے اور یہ حدیث اُس بات جسکو ہم ثابت کرچکے ہیں منجملہ دلائل کے ایک دلیل ہے کہ آنحضرت صلعم اجتہاد فرمایا کرتے تھے اور آپ کا اجتہاد مصالح اور منظنات کو معلوم کرکے حرمت اور کراہیت کا اُنپر دائر کرنا ہوتا تھا اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے ان من اشر الناس عند اللہ منزلۃ الرجل یفضی الی امراتہ وتفضی الیہ ثم ینشر سرہا۔ خدا تعالےٰ کے نزدیک سب لوگوں سے بدتر اُس شخص کا درجہ ہے جو اپنی بیوی کے پاس جاتا ہے اور وہ اُس کے پاس آتی ہے پھر وہ شخص اُس کا راز کھولتا ہے میں کہتا ہوں چونکہ پردہ کرنا واجب ہے اور جس چیز کا پردہ کیا گیا ہے اُسکا افشاے راز کرنا پردہ کے مقصود کا بدلدینا اور اُس کی مخالفت کرنا ہے لہذا اُس کے اظہار سے نہی ضروری ہوئی اور نیز ایسی باتوں کا اظہار کرنا بیہودگی اور بیحیائی ہی خواہشوں کے اتباع سے نفس میں تاریکیوں کے متمثل ہونے کی قابلیت پیدا ہوتی ہے اب اس بات میں اہل ملت کا اختلاف تھا کہ حائض کے ساتھ کیا کرنا چاہئے یہودیوں نے تو یہانتک تعمق کیا تھا کہ اُن کے ساتھ کھانے اور لیٹنے سے منع کرتے تھے اور مجوسی اسقدر اسمیں تہاون کرتے تھے کہ جماع کو بھی تجویز کرتے تھے اور حیض کی کچھ پرواہ نہ کرتے تھے غرض سب میں افراط وتفریط تھی پس ملت مصطفویہ نے توسط کی رعایت فرمائی اور یہ فرمایا کہ سوائے جماع کے سب کچھ کیا کرو اور اسکی کئی وجہیں ہیں ایک تو یہ کہ حائضہ سے جماع کرنا خاصکر جب حیض کی ترتی ہو نہایت مضر ہے تمام اطبار کا اسپر اتفاق ہے اور دوسرے یہ کہ نجاست میں تلطخ ہونا صفت ذمیمہ ہے جس سے طبیعت سلیم نفرت کرتی ہے اور اسکی وجہ سے شیاطین کے ساتھ قریب ہوتا ہے اور استنجا میں اول تو یہ بات ہے کہ وہ ایک ضروری چیز ہے دوسرے یہ کہ استنجا میں نجاست کا ازالہ مقصود ہوتا ہے اور حائض سے جماع کرنے سے نجاست کے اندر داخل ہونا چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے قل ہو اذی فاعتزلوا النساء فی المحیض کہدے وہ ناپاکی ہے پس حیض کی حالت میں عورتوں سے بچتے رہو اور مادوں جماع میں روایت مختلف ہے بعض یہ کہتے ہیں کہ جہانتک خون کا اثر ہے وہاں سے بچنا چاہئے اور بعض کے نزدیک جو کچھ ماتحت الازار ہے اُس سے پرہیز کرنا چاہئے اور بہرتقدیر اسمیں دواعی جماع کا بند کرنا ہے اور جو شخص خدا تعالےٰ کی نافرمانی کرکے حائض سے جماع کر بیٹھے تو اُس کو دینار یا نصف دینار کے صدقہ کرنے کا حکم ہے اور یہ مسئلہ مجمع علیہ نہیں ہے اور کفارہ کی حکمت وہی ہے جو ہم چند مرتبہ بیان کرچکے ہیں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زوجیت کے حقوق کا بیان

معلوم کرو کہ مابین خاوند اور بیوی کے جو میل جول ہوتا ہے وہ تمام ارتباطات منزلیہ سے بڑھکر ہے اور اسکا نفع بھی زیادہ ہے اور حاجت بھی بہت ہے اسلئے کہ تمام عرب عجم کے قبائل کا یہی دستور ہے کہ زائد نفقات پورا اور کامل کرنیمیں بیوی خاوند کی معاونت کرے اور اُسکے کھانے پینے ولباس کے سیعا دتیار کرنے کی متکفل ہو اور اُسکے مال کو محفوظ اور اُسکی اولاد کو حفاظت سے رکھے اور بعد اُسکے چلے جانیکے اُس مکان میں اُسکی قائم مقام رہے اور علاوہ انکے بہت سے امور ہیں جن کی شرح اور بیان کی ہم کو حاجت نہیں اور اسی لئے اکثر توجہ شرائع کی اسی طرف ہوئی کہ حتی الامکان اُسکا باقی رکھنا اور اُسکے مقاصد کا بڑھانا اور اُسکے مکدر کرنے اور باطل کرنے سے بیزاری چاہنا اور کسی ارتباط کے مقاصد کا پورا کرنا بدون الفت کے ممکن نہیں ہو سکتا اور الفت بغیر اُس خصلت کے جس پر وہ خاوند و بیوی اپنے آپ کو مجبور نکریں نہیں حاصل ہو سکتی لہذا حکمت کا مقتضی ہوا کہ اُس خصلت کیطرف توجہ و رغبت کیجائے آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے استوصوا بالنساء خیرا فانہن خلقن من ضلع فان ذہبت تقیمہ کسرتہ وان ترکتہ لم یزل اعوج۔ عورتوں کے معاملہ میں بھلائی کی وصیت قبول کرو تم اس لئے کہ وہ پسلی سے پیدا کی گئی ہیں پھر اگر تو اس کے سیدھا کرنیکا قصد کریگا تو اُسکو توڑ دیگا اور اگر اسی حالت پر اُسے چھوڑ دے تو ہمیشہ وہ پسلی کجی کی حالت پر باقی رہیگی۔ میں کہتا ہوں اس کے یہ معنی ہیں کہ میری وصیت کو قبول کرو اور عورتوں کے باب میں اُس پر عمل کرو اور اُنکی پیدائش میں کجی و برائی ہے اور یہ بات مثل امر لازم کے ہو کر بمنزلہ اُس چیز کے ہو گئی ہے جو ایک شے کے لاحق میں ہمیشہ سے چلی آتی ہے اور انسان جب مقاصد منزلی کے پورا کرنے کا اُس عورت سے قصد کرے تو اُسکو یہ بات لابدی ہے کہ ادنیٰ ادنیٰ امور سے درگذر کرے اور جو بات اپنے خلاف مرضی کے دیکھے اُسپر اپنے غصہ کو دبا لے مگر ہاں جو یکبارگی غیر کے قبیلہ سے ہو یا کسی ظلم وغیرہ کا بدلا لینا ہو تو کچھ مضائقہ نہیں اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا یفرک مومن مومنۃ ان کرہ منہا خلقا رضی منہا آخر۔ کسی مسلمان مرد کو مسلمان عورت سے بغض رکھنا نہیں چاہئے اگر اُسکی ایک عادت ناپسند ہے تو وہ دوسری سے راضی ہوتا ہے میں کہتا ہوں کہ جب خاوند کو بیوی کی کوئی عادت ناپسند آئے تو اُسکو زیبا نہیں کہ فوراً طلاق پر دلیری کرے کیونکہ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ اُسکی دوسری عادت سے خوش ہو جاتا ہے اور اُسکی بدخلقی سے تحمل کیا جاتا ہے اور اسی لئے آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے اتقوا اللہ فی النساء۔ فانکم اخذتموہن بامان اللہ واستحللتم فروجہن بکلمۃ اللہ ولکم علیہن ان لا یوطئن فرشکم احدا تکرہونہ فان فعلن فاضربوہن ضربا غیر مبرح ولہن علیکم رزقہن وکسوتہن بالمعروف عورتوں کے معاملہ میں خدا سے ڈرو کیونکہ خدا کی امان پر تم نے اُن کو اپنے قبضہ میں لیا ہے اور خدا کے حکم سے تم نے اُن کی شرمگاہوں کو اپنے لئے حلال کیا ہے اور تمہارا اُن پر یہ حق ہے کہ تمہارے فرشوں پر کسی ایسے کو جگہ نہ دیں جس سے تم بیزار ہو پھر اگر وہ ایسا کریں تو اُن کو مارو مگر تھوڑا اور تم پر اُنکا کھانا اور پہننا حسب دستور ہے۔ اللہ پاک فرماتا ہے وعاشروہن بالمعروف۔ اور معلوم کرو کہ واجب اصلی وہ معاشرت بالمعروف ہے جس کی تفصیل آنحضرت صلعم نے کھانا کھلانے اور لباس دینے اور اچھا برتاؤ کرنے کے ساتھ بیان کی ہے اور جو انواع مستند الی الوحی ہیں ان میں ممکن نہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ قوت کی جنس اور اسکی تعداد معین کر دیجائے کیونکہ یہ بات ناممکن ہے کہ تمام جہان کے لوگ ایک ہی چیز پر اتفاق کرلیں اسلئے مطلق حکم کیا گیا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا دعا الرجل امراتہ الی فراشہ فابت فبات غضبان لعنتھا ملائکۃ حتی تصبح۔ جب کوئی خاوند اپنی بیوی اپنے بستر کیطرف بلائے پس اسنے آنے سے انکار کیا پھر وہ غصہ ہی کیحالت پر سو گیا تو صبح تک ملائکہ اس کو لعنت کرتے رہتے ہیں۔ میں کہتا ہوں نکاح کے اندر جس مصلحت کی رعایت کی گئی ہے وہ شرمگاہ کی حفاظت ہے تو اس مصلحت کا تحقق ضروری ہوا پھر اصول شرائع سے یہ بات ہے کہ جب کسی شے کے لئے منظنہ مقرر کیا جائے تو ایک ایسا حکم دیا جاتا ہے جس سے اس منظنہ کے ساتھ مصلحت کا پایا جانا ضروری ہوتا ہے اور اسکی یہ صورت ہے کہ جسوقت خاوند اپنی بیوی سے فرمانبرداری کا قصد کرے تو عورت کو اسکی فرمانبرداری کا حکم دیا جائے اور اگر اسکی فرمانبرداری اس سے نہیں کی تو شرمگاہ کی حفاظت نہ ثابت ہوئی پھر اگر اس نے انکار کیا تو اس عورت نے اس مصلحت کے رد کرنے میں وسعت کی جسکو خدا تعالےٰ نے اپنے بندوں کے اندر قائم کیا تھا پس ملائکہ کی وہ لعنت اسکی طرف متوجہ ہوئی جو ہر شخص پر اس کے فساد کے اندر کوشش کرنے پر متوجہ ہوا کرتی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان من الغیرۃ مایحب اللہ ومنھا مایبغض اللہ فاما التی یحبھا اللہ فالغیرۃ فی الریبۃ واما التی یبغضھا اللہ فالغیرۃ فی غیر ریبۃ۔ بعض غیرت تو ایسی ہے جو خدا تعالےٰ کو پسند ہے اور بعض ایسی ہے جس سے خدا کو نفرت ہے پھر جو غیرت عند اللہ پسندیدہ ہے وہ زنا کی غیرت ہے اور جو ناپسند ہے وہ غیر زنا کی غیرت ہے۔ میں کہتا ہوں آنحضرت صلعم نے مصلحت اور سیاست کے قائم کرنے میں جس کے بدوں چارہ نہیں ہے اور بد خلقی اور بلا سبب تنگ کرنے میں اور ظلم کرنے میں فرق کیا ہے اللہ پاک فرماتا ہے الرجال قوامون علی النساء بما فضل اللہ بعضھم علی بعض وبما انفقوا من اموالھم ان اللہ کان علیما کبیرا۔ میں کہتا ہوں یہ بات ضروری ہے کہ خاوند اپنی بیوی پر حاکم بنایا جائے اور جبلت کے اعتبار سے خاوند کا ایسا دباؤ ہو کیونکہ خاوند میں عقل کامل ہوتی ہے اور اس میں کامل طور سے سیاست اور حمایت اور عار کے دفع کرنے کا بخوبی مادہ ہوتا ہے اور نیز اسلئے کہ وہ اس کا خرچ اٹھاتا ہے اور تمام انتظام اسی کے متعلق ہے لہذا اگر عورت سرکشی کرے تو اسکی تعزیر اور تادیب خاوند کے متعلق ہونی چاہیے اور اسکو بتدریج تادیب کے طریقہ کا اختیار کرنا چاہیئے الاسھل فالاسھل یعنی اولاً صرف زبان سے کہکر اسکو نصیحت کرے بعد ازاں اسکے پاس لیٹنا ترک کردے مگر گھر سے اس کو نہ نکالے اگر اس سے بھی باز نہ آئے تو اس کو مار لگانی چاہیئے مگر سخت مار نہ لگائے اور اگر اصلاح کی صورت نہ ہو اور ہر ایک دوسرے کی نافرمانی اور ظلم پر کمر باندھے تو اس وقت میں قطع منازعت کی شکل ہے کہ دو حکم مقرر کئے جائیں ایک خاوند کے کنبے میں سے اور ایک بیوی کے کنبے میں سے اور وہ دونوں نفقہ وغیرہ کے متعلق خاوند بیوی میں جو کچھ مناسب مصلحت دیکھیں فیصلہ کردیں اس واسطے کہ خاوند بیوی کے معاملات میں بینہ کا قائم کرنا ناممکن ہے پس اس سے بہتر کوئی صورت نہیں ہے کہ فیصلہ ان لوگوں کے متعلق کیا جائے جو سب سے زیادہ ان دونوں کے قریب اور ان کے شفیق ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لیس منا من خبثت امراۃ علی زوجھا او عبد اعلی سیدہ جو شخص خاوند سے کسی بیوی کو بگاڑے یا مولیٰ سے غلام کو بگاڑے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں تدبیر منزل کے بگاڑنے کے جہاں اور اسباب ہیں ایک سبب اس کا یہ بھی ہے کہ کوئی شخص بیوی یا غلام کو اسکے خاوند اور مولیٰ سے برگشتہ کردے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور یہ اس انتظام کے توڑنے اور اُسکے بگاڑنے میں کوشش کرنا اور اس مصلحت کی مخالفت کرنا ہے جس کا قائم کرنا شریعت سے ہے معلوم کرو کہ تدبیر منزل کے بگاڑنے کی لوگوں میں بہت سی خصلتیں ہیں جن میں کثرت سے لوگ مبتلا ہیں پس شرع کو اُسکا ذکر کرنا اور اُس سے بحث کرنا ضروری ہوا۔ ازانجملہ یہ ہے کہ کسی مرد کے پاس کئی عورتیں ہوں اور باری وغیرہ میں انہیں سے بعض کو بعض پر ترجیح دے اور دوسرے پر ظلم کرکے اُسکو ادھر میں چھوڑ دے۔ اللہ پاک فرماتا ہے ولن تستطیعوا ان تعدلوا بین النساء ولو حرصتم فلا تمیلوا کل المیل فتذروھا کالمعلقۃ وان تصلحوا وتتقوا فان اللہ کان غفورا رحیما۔ اور تم ہرگز عورتوں میں برابری نہیں کر سکتے اگرچہ تم اُس کی تمنا کرو پس بالکل جھک مت پڑو کہ اُسکو ایسے چھوڑ دو جیسے ادھر میں اور اگر بھلائی کرو اور ڈرو تو خدا بخشنے غفور الرحیم ہے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اذا کانت عند الرجل امرأتان فلم یعدل بینھما جاء یوم القیامۃ وشقہ ساقط۔ جب کسی مرد کے پاس دو عورتیں ہوں اور ان دونوں میں وہ برابری نہ کرے تو قیامت کے روز جب آئیگا اُسکے ایک طرف جھکی ہوئی ہوگی۔ میں کہتا ہوں یہ بات پہلے بیان کر چکے ہیں کہ عمل کی جزا عمل کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے پس اب اُسکا اعادہ نہیں کرتے۔ اور ازاں جملہ کہ عورتوں کے ولی اُن کو اُن مردوں کے ساتھ نکاح کرنے سے نہ روکیں جو اُنکے کفو کے ہیں اور اُنکی طرف رغبت پائی جاتی ہے اور اُسکا مطلب اُن کی خواہش نفسانی مثل حسد اور بغض وغیرہ کے ہوتا ہے اور اسمیں جو فساد ہے وہ عیان ہے پس یہ آیت نازل ہوئی واذا طلقتم النساء فبلغن اجلھن فلا تعضلوھن ان ینکحن ازواجھن اور جب تم عورتوں کو طلاق دو اور وہ اپنی مدت کو پورا کر لیں تو انکو اپکے خاوندوں کے ساتھ نکاح کرنے سے مت روکو۔ اور ازانجملہ یہ ہے کہ کوئی شخص یتیم لڑکیوں سے جو اُسکی پرورش میں ہیں اُنکے مال یا جمال کیوجہ سے نکاح کرے اور حقوق زوجیت ادا نہ کرے جیسے باپ والی عورتوں کے حق ادا کئے جاتے ہیں۔ اور اگر وہ یتیم لڑکیاں ایسی نہیں ہیں تو اُن سے واسطہ نہ رکھے پس یہ آیت نازل ہوئی وان خفتم الا تقسطوا فی الیتمی فانکحوا ما طاب لکم من النساء مثنی وثلث ورباع فان خفتم الا تعدلوا فواحدۃ او ما ملکت ایمانکم۔ اور اگر تم کو یہ خوف ہو کہ یتیم عورتوں میں انصاف نہ کرو گے پس نکاح کرو عورتوں میں اُس کے ساتھ جو تمہاری پسند ہوں دو دو اور تین تین اور چار چار پس اگر تم کو خوف ہو کہ تم برابری نہ کرو گے تو ایک سے یا جس پر تمہارے ہاتھوں نے قبضہ کیا ہے۔ پس اگر ظلم کرنے کا اندیشہ ہو تو یتیم لڑکیوں یا کئی عورتوں سے نکاح کرنا منع ہے اور ایک شخص کے ایک بیوی موجود ہو اور پھر ایک کنواری عورت سے نکاح کرے تو اُس کے واسطے یہ سنت مقرر کیگئی کہ سات دن تک اُس کے پاس رہے بعد ازاں حسب دستور نوبت بہ نوبت رہا کرے اور اگر شوہر دیدہ سے نکاح کرے تو تین روز اُس کے پاس رہکر پھر باری باری سے رہا کرے۔ میں کہتا ہوں اسمیں یہ بھید ہے کہ اس باب میں زیادہ تر تنگی نہ کی جائے کیونکہ اکثر لوگوں کا اسمیں بس نہیں ہوتا چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے ولن تستطیعوا ان تعدلوا بین النساء ولو حرصتم۔ اسمیں اس بات پر تنبیہ ہے کہ جب خالص عدل کا قائم کرنا ناممکن تھا لہذا ضروری ہوا کہ جہاں تک ظلم پر اس حکم کا مدار کیا جائے پس جب کسی مرد کو کسی عورت کی طرف رغبت ہو اور اُس کے حسن و جمال پر اُسکا دل فریفتہ ہو جائے اور اُس کا کثرت سے اسکو اشتیاق ہو تو یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ شخص اُس سے بالکل روک دیا جائے اسواسطے کہ یہ تکلیف بالمحال کے قبیلہ سے ہے اسلئے اُسکے ترجیح دینے کی ایک مقدار مقرر کر دی تاکہ وہ اُس سے آگے بڑھکر دوسرے پر ظلم و جور کرنے پائے۔ اور نیز شرع نے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس مصلحت کی رعایت کی ہے کہ جدید کے قدیم کی تالیف اور اسکی قدر دانی کرنی چاہئے اور یہ بات سیطرح پر حاصل ہو سکتی ہے کہ اسکو ترجیح دیجائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام سلمہؓ سے جو یہ فرمایا لیس بک علی اہلک ہوان ان شئت سبعت۔ الحدیث۔ اسمیں اسی کیطرف اشارہ ہے یعنی تو اپنے خاوند کے نزدیک بیقدر نہیں ہے اگر تیری مرضی ہو تو میں سات سات روز رہا کروں۔ اور پہلی بیوی کے دل شکستہ ہونیکا شارع نے بایں طور رفع کیا کہ نئی کیلئے ہمیشہ کے واسطے زیادتی کا طریقہ مقرر کر دیا اسلئے کہ جب ایک چیز کا ہمیشہ کے لئے دستور مقرر ہو جاتا ہے اور اسمیں کسی کی ایذا رسانی منظور نہیں ہوتی اور وہ حکم کسی کے لئے خاص نہیں ہوتا بلکہ ایک عام حکم ہوتا ہے تو کسی کے دل کو چنداں ناگوار نہیں گذرتا۔ اس آیت میں اسی کی طرف اشارہ ہے ذلک ادنی ان تقر اعینہن ولا یحزن ویرضین بما اتیتہن کلہن۔ اسمیں امید ہے کہ انکی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور غم نہ کریں اور جو تو نے انکو دیا ہے اس سے وہ سب کی سب راضی ہو جائیں یعنی جب قرآن میں انکو اختیار دیدیا گیا تو اب وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ناخوش نہ ہونگی۔ اور کنواری عورت کی طرف مرد کو زیادہ تر رغبت ہوتی ہے اور نیز اس کو تالیف قلب کی زیادہ ضرورت ہے لہذا اس ترجیح کی مقدار سات روز مقرر کیگئی اور شوہر رسیدہ کی مقدار تین روز مقرر کیگئی اور حضور نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ازواج مطہرات رضوان اللہ علیہم کے پاس باری باری سے رہا کرتے تھے اور جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سفر کا قصد کرتے تھے انمیں قرعہ ڈال لیا کرتے تھے میں کہتا ہوں اس کی وجہ یہ تھی کہ کسی کو خلل نہ گذرے اور بظاہر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف سے یہ طور تبرع اور احسان کے تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر باری فرض نہ تھی اسواسطے کہ اللہ پاک فرماتا ہے ترجی من تشاء منہن وتوی الیک من تشاء۔ ان میں سے جس کو تو چاہے موخر کرے اور جسکو انمیں سے چاہے اپنے پاس جگہ دے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا اور دنمیں تامل اور اجتہاد کا موقع ہے مگر جمہور فقہا نے نوبت کو واجب کیا ہے اور قرعہ اندازی میں انکا اختلاف ہے۔ میں کہتا ہوں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو فرمایا ہے فلم ینبل وہ مجمل ہے اور یہ معلوم اس سے کونسا عدل مراد ہے اور یہ ایت اسکے باب میں ہے فتذروہا کالمعلقۃ۔ کہ صریح ظلم کرنا اور بالکل اس سے کنارہ کشی کر لینا اور بد اخلاقی کے ساتھ اس سے برتاؤ کرنا مراد ہے۔ اور بریرہ کا خاوند غلام تھا جب وہ آزاد ہو گئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اختیار دیا کہ چاہے اس کے نکاح میں رہے چاہے نہ رہے تو اسنے غلام کے نکاح میں رہنا پسند نہ کیا اور اپنا اختیار لیلیا میں کہتا ہوں اسکا سبب یہ ہے کہ حرہ کا غلام کے نیچے رہنا اسکے لئے عار کا باعث ہے پس اس عار کا دفع کرنا اس سے ضروری ہے اور اگر وہ خود ہی راضی ہو تو وہ بدی بات ہے اور نیز جبتک باندی اپنے مولیٰ کے ملک میں ہے تو اسکی رضامندی فی الحقیقت رضامندی نہیں ہے اور نکاح رضامندی سے ہوا کرتا ہے پھر جب وہ آزاد ہو گئی اور اس کو اپنی جان کا اختیار ہو گیا تو اس نکاح میں اسکی رضامندی کا اعتبار ضروری ہوا اور اسی میں ایک روایت کے اندر یہ بھی آیا ہے ان قربک فلا خیار لک۔ کہ اگر وہ تجھ سے صحبت کرے تو تجھکو پھر اختیار نہ ہوگا۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اختیار کیلئے ایک حد کا مقرر کرنا ضروری ہے کہ اسکے بعد پھر کچھ اختیار نہ رہے ورنہ اسکو مدت للعمر اختیار رہیگا اور اسمیں مقصود نکاح کا بدل دینا ہے اور اس اختیار کی حد کلام کیساتھ مقرر نہیں ہو سکتی اسواسطے کہ بسا اوقات وہ اپنے کہنے سے مشورہ کرتی ہے۔ اور کبھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے آپ ہی وہ اس بات کا ذکر فکر کرتی رہتی ہے اور اکثر اسکی زبان سے اختیار کا کلمہ بلا قصد نکل جایا کرتا ہے اور اگر اسکو اس بات کی تاکید کیجاے کہ زبان سے ایسی بات نہ نکالے تو اسمیں اسکے لئے دقت ہے پس حد مقرر کرنے کیلئے صحبت سے زیادہ مناسب کوئی چیز نہیں ہے اسواسطے کہ صحبت کرنا ملکیت کا فائدہ حاصل کرنا ہے اور ملک سے وہ مقصود ہے اور ایسی چیز ہے جو ملک سے پوری ہو سکتی ہے۔ واللہ اعلم۔

طلاق کا بیان

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ایما امراۃ سألت زوجہا طلاقا من غیر باس فحرام علیہا رائحۃ الجنۃ جو عورت بلا ضرورت اپنے خاوند سے طلاق چاہے تو جنت کی بو اسپر حرام ہے، اور نیز آپ نے فرمایا ہے ابغض الحلال الی اللہ الطلاق حلال چیزوں سے خدا تعالے کو زیادہ تر مبغوض طلاق ہے۔ معلوم کرو کہ طلاق کی کثرت اور بے پروائی کے ساتھ طلاق کا طریقہ جاری ہونے میں بہت سے مفاسد ہیں اسلئے کہ بہت سے لوگ شہوت نفسانی کے تابع ہوتے ہیں اور تدبیر منزل کے قائم کرنے اور التزامات ضروریہ میں معاونت انکو مقصود نہیں ہوتی اور نہ انکا مقصود عشرت گاہ کی حفاظت ہوتی ہے بلکہ عورتوں کے ساتھ تلذذ اور ہر عورت سے لذت کا حاصل کرنا انکو مقصود ہوتا ہے یہ بات ان کو کثرت سے نکاح کرنے اور طلاق دینے پر آمادہ کرتی ہے اور انکے نفوس کیطرف ضرر کے عائد ہونیمیں زنا کار لوگوں میں اور انمیں کچھ فرق نہیں ہے اگر یہ سنت نکاح کے قائم کرنے اور سیاست مدنیہ کے موافقت میں زنا کاروں سے متمیز معلوم ہوتے ہیں آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے لعن اللہ الذاقین والذواقات۔ کہ مزہ چکھنے والوں اور مزہ چکھنے والیوں پر خدا کی لعنت اور نیز اس دستور کے جاری ہونیمیں اس معاونت دائمی یا قربت دائمی کا ترک کرنا ہے جن پر نفس کا قائم کرنا نکاح کے اندر مقصود ہوتا ہے اور نیز اسباب کے کشادہ کرنیمیں اس بات کا احتمال غالب ہے کہ ادنی ادنی امور میں خاوند اور بیوی کا دل تنگ ہوا کرے اور جدائی کا قصد کیا کرے اور یہ بات صحبت کی ناگوار باتوں سے برداشت کرنے اور انتظام خانگی ہمیشہ قائم رکھنے پر اتفاق کرنے سے نہایت بعید ہے اور نیز عورتوں کا ان باتوں کے ساتھ عادی ہو جانا اور لوگوں کو ان باتوں کی کچھ پروا اور افسوس نہ کرنا بھائی کے باپ کے مفتوح ہونیکا سبب ہے اور نیز ایسے وقت میں ان دونوں میں سے ہر واحد دوسرے کا ضرر مثل اپنے ضرر کے خیال نہ کریگا اور ہر ایک دوسرے کی چیز میں خیانت کریگا اس خیال سے کہ اگر جدائی ہو جائے تو یہ چیز ہمارے کام آوے اور اس میں جو قباحت ہے ظاہر ہے اور بانیہمہ اس باب کا بالکل بند کر دینا اور وقت میں ڈالدینا بھی ناممکن ہے اسلئے کہ کبھی باہمی بیوی کے مخالفت ہوتی ہے اور اسکا منشا یا تو ان دونوں کی بد خلقی ہوتی ہے یا ان دونوں سے کسی اجنبی کے حسن کیطرف رغبت ہوتی ہے یا رزق کی تنگی کے سبب سے یا دونوں میں کسی کی حماقت کیوجہ سے وعلی ہذا القیاس پس باوجود ان قبائح کے اس نظم کا قائم رکھنا بڑے عظیم اور بڑے کا سبب ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے رفع القلم عن ثلاثۃ عن النائم حتی یستیقظ وعن الصبی حتی یبلغ و عن المانوہ حتی یفیق۔ تین شخصوں سے قلم اٹھالیا ہے سونیوالے سے جبتک بیدار ہو۔ لڑکے جبتک بالغ ہو اور مجنون جو مصالح کے سمجھنے سے بالکل عاری ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا طلاق ولا اعتاق فی اغلاق۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یعنی اکراہ میں نہ طلاق ہے نہ عتاق ہے معلوم کرو کہ کرہ کے طلاق کے باطل ہونے کی دو وجہ ہیں ایک تو یہ ہے کہ وہ اُس طلاق سے راضی نہیں ہے اور اُسنے کسی مصلحت منزلیہ کا ارادہ نہیں کیا بلکہ لاچار ہو کر اُس سے یہ امر وقوع میں آیا ہے پس اُسکا حال نائم کا سا ہے اور دوسرے یہ کہ اگر اُس شخص کی طلاق طلاق سمجھی جائے تو اسمیں باب اکراہ کا مفتوح کرنا ہے پس ایسے وقت میں ہو سکتا ہے کہ کوئی ظالم شخص کسی ناتوان دیکھیں کو خفیہ طور پر پکڑ کر لیجاے اور تلوار سے اُس کو خوف دلا کر طلاق پر اُس کو مجبور کرے اور اُس کی بیوی کی طرف رغبت اُس کا منشا ہو پھر جب ہم نے اُس کی امید کو منقطع کر دیا اور اُس کی مراد کو اُسپر منقلب کر دیا تو اب لوگ باہم اس قسم کا ظلم نہیں کر سکتے اور اُسکی نظیر وہ ہے جو ہم اُس حدیث میں بیان کر چکے ہیں القاتل لا یرث ۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا طلاق فیما لا یملک ۔ جس چیز کا انسان مالک نہیں اُسمیں طلاق نہیں جاری ہو سکتی ہے اور فرمایا ہے لا طلاق قبل النکاح ۔ کہ طلاق نکاح کے قبل نہیں ہوتی ہیں کہتا ہوں بظاہر یہ حدیث طلاق منجز اور معلق کو خواہ وہ نکاح کے ساتھ معلق ہو یا اور کسی چیز کے ساتھ عام ہے اور اُسکا سبب یہ ہے کہ طلاق کا جواز مصلحت کے سبب سے ہے اور مالک ہونے اور اُس عورت کی سیرت کے دیکھنے سے پیشتر مصلحت اُس کو متمثل نہیں ہو سکتی پس یہ طلاق قبل از ملک ایسی ہے جیسے کوئی مسافر کسی بیابان میں اقامت کی نیت کرے یا کوئی مجاہد دار الحرب میں کہ قرائن حالیہ خود اُسکے مکذب ہیں اور اہل جاہلیت جس قدر چاہتے تھے طلاقیں دے دیکر رجوع کر لیا کرتے تھے اور ظاہر ہے کہ اسمیں عورت پر کسقدر ظلم تھا لہذا یہ آیت کریمہ نازل ہوئی الطلاق مرتان الآیہ ۔ طلاق دو مرتبہ ہے یعنی جس طلاق کے بعد رجعت ہوتی ہے وہ دو مرتبہ ہے پھر اگر تیسری طلاق دے تو اُسکے بعد جبتک وہ عورت کسی اور خاوند سے نکاح نہ کرے اُس کے لئے حلال نہیں ہوتی اور آنحضرت صلعم نے نکاح کے ساتھ صحبت کرنے کو بھی زیادہ کیا ہے اور طلاق کو صرف تین کے اندر محدود کرنے میں یہ راز ہے کہ وہ کثرت کی شروع حد ہے اور نیز اسمیں فکر کرنا اور سمجھنا ضروری ہے اور سب سے لوگوں کو اُسکی کچھ مصلحت نہیں معلوم ہوتی جبتک وہ عورت کے بلک سے نکلنے کا مزہ نہیں چکھ لیتی اور تجربہ کے لئے اصل ایکمرتبہ ایک چیز کا عملیں لانا ہے اور دو سے تجربہ کی تکمیل ہو جاتی ہے اور تیسری طلاق کے بعد نکاح شرط کرنا تحدید اور انتہار کے معنی ثابت کرنیکیلئے ہے اسلئے کہ اگر بغیر دوسرے نکاح کے اُس سے رجوع درست ہوتا تو اُسکا حال رجعت کا سا تھا اسلئے کہ مطلقہ سے نکاح کرنا بھی ایک قسم کی رجعت ہے اور عورت جبتک خاوند کے گھر میں اور اُس کے قبضہ میں اور اُس کے اقارب کے سامنے ہے تب تو ہو سکتا ہے کہ خاوند اُسکی رائے پر غالب ہے اور خواہ مخواہ اُس چیز کو پسند کرے جسکی خوبی اُس عورت کے سامنے وہ لوگ بیان کریں اور پھر جب اُسنے بالکل جدا ہو گئی اور زمانہ کی سردی و گرمی کا مزہ چکھ لیا اور اُسکے بعد اس شخص سے راضی ہو گئی تو وہ رضامندی فی الواقع رضامندی ہے اور نیز اسمیں مفارقت کا مزہ چکھانا اور بلا کسی ضروری مصلحت کے معلوم کئے خواہش نفسانی کے تابع ہونیکا مذاب دینا ہے اور نیز اسمیں مطلقہ ثلاث کا انکی آنکھوں میں عزت دینا ہے اور اس بات کا جتلانا ہے کہ تین طلاقوں پر وہی شخص دلیری کر سکتا ہے جو بغیر ذلت اور حد سے زیادہ بیعزتی کے بعد اپنے نفس کو اُسکی جانب سے امید کے قطع کرنے پر قائم کر لے ۔ اور جب رکانہ نے اپنی اہلیہ کو طلاق دی اور پھر اُسکو مغلظہ کر دیا اور اُسنے دوسرے خاوند سے نکاح کر لیا اور آنحضرت صلعم سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرے خاوند کا کچھ ذکر کیا تو آپ نے اس سے فرمایا کہ کیا پھر تیرا قصد رفاعہ کیجانب رجوع ہونیکا ہے تو اُسنے عرض کیا ہاں آپ نے فرمایا نہیں جبتک تو اُس کی لذت اور وہ تیری لذت حاصل نہ کرے میں کہتا ہوں آنحضرت صلعم نے نکاح کے تمام ہونے کو لذت کرنے کے ساتھ اسلئے مشروط کیا کہ تاکہ اس تحدید کے معنی جسکو خدا نے اُنکے لئے مقرر کیا ہے متحقق ہو جاویں اسلئے کہ اگر یہ بات نہ ہو تو کوئی شخص یہ حیلہ کر سکتا ہے کہ اُس نے زبانی نکاح کر لیکے اُسکو دوسرے خاوند سے اُسی مجلس میں طلاق دلوا لے اور اسمیں تحدید کے قاعدہ کی مخالفت ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے محلل کرنیوالے اور اُس شخص پر جسکے لئے محلل کرتا ہے لعنت کی ہے میں کہتا ہوں چونکہ بعض لوگ محض محلل کی غرض سے نکاح کرتے ہیں اور اُنکا مقصود اُس نکاح سے زندگانی کی معاونت نہیں ہوتی اور نکاح سے جو مصلحت مقصود ہے وہ مصلحت اُس نکاح سے پوری نہیں ہوتی اور نیز اسمیں بیحیائی اور بیغیرتی اور ایک عورت پر کئی مردوں کو جمع ہونا تجویز کرنا ہے اور معاونت کے قبیلہ سے نہیں ہے لہذا آپ نے اُس سے منع فرمایا ہے اور ایک مرتبہ حضرت عبداللہ ابن عمرؓ نے حیض کی حالت میں اپنی بیوی کو طلاق دیدی۔ اور آنحضرت صلعم سے اس بات کا تذکرہ کیا تو آپ کو غصہ آگیا اور فرمایا تجکو چاہیئے کہ تو اُسکو رجوع کرے پھر جبتک پاک ہو اور پھر حیض آئے اور پھر پاک ہو تو اُسکو روکنا چاہیئے پھر اگر اُسکو طلاق دینا مناسب سمجھے تو پاکی کی حالت میں اُس کو ہاتھ لگانے سے قبل طلاق دیدے میں کہتا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ کبھی کوئی شخص اپنی اہلیہ سے مقتضا طبیعت کے اعتبار سے نفرت کرتا ہے اور وہ نفرت اس قابل نہیں ہوتی کہ اُسکو نا بجائے شمار اُس کا حائضہ ہونا اور گرد و غبار میں آلودہ رہنا اور کبھی اُس مصلحت کے سبب سے اپنی اہلیہ سے نفرت کرتا ہے جس کے قائم کرنیکا عقل سلیم حکم کرتی ہے اگرچہ رغبت طبعی وہاں موجود ہوتی ہے اور یہ نفرت اتباع کے قابل ہے اور ندامت اکثر پہلے قسم کی نفرت میں ہوتی ہے اور اسمیں رجعت واقع ہوتی ہے اور یہ ایسی خواہش ہے جسکے ترک کرنے پر تہذیب نفسانی کا مدار ہے اور یہ دونوں قسم کی نفرتیں بہت سے لوگوں پر مشتبہ ہوتی ہیں لہذا ایسے حد کا مقرر کرنا ضروری ہوا جس سے فرق ثابت ہو جائے پس طہر کو رغبت طبع کا منظنہ اور حیض کو نفرت طبعی کا منظنہ اور باوجود رغبت طبعی کے طلاق پر اقدام کرنا مصلحت عقلیہ کا منظنہ اور اسی حالت پر باوجود حالت کے بدلنے کے یعنی حیض سے طہر کیطرف اور بیرغبتی سے رغبت کیطرف اور انقباض سے انبساط کیطرف خاص عقل اور تدبیر خالص کا منظنہ ہے لہذا حیض میں طلاق مکروہ کی گئی اور مراجعت اور حیض جدید کے درمیان میں آنیکا حکم دیا اور نیز اگر اُسکو حیض میں طلاق دے تو حیض اگر عدت میں شمار کیا جاوے تو عدت کی مدت کم ہوتی ہے اور اگر شمار نہ کیا جائے تو عورت کو عدت کے زیادہ ہو جانے سے ضرر پہنچتا ہے خواہ قروء کے لفظ سے طہر مراد لی جاوے یا حیض بہرصورت اُس حد کی مخالفت لازم آتی ہے جسکو خدا نے اپنی کتاب محکم میں ثلاثۃ قروء کے ساتھ معین کیا ہے اور طہر کے اندر صحبت کرنے سے قبل طلاق دینے کا حکم بدو وجہ ہے ایک تو یہ کہ اسمیں رغبت طبعی کا بقا ہے کیونکہ صحبت کے سبب سے رغبت کے غلبہ کو کمی ہو جاتی ہے دوسرے یہ کہ ایسی صورت میں نسب مشتبہ نہیں ہو سکتا تو خدا تعالیٰ نے طلاق پر دو گواہ کر دینے کا حکم اسلئے دیا کہ ایک تو اسمیں شرمگاہوں کا اہتمام بالشان ہونا ہے تاکہ تدبیر منزل کا قائم ہونا اور نیز اُنکا انقطاع لوگوں کے روبرو پایا جاوے اور دوسرے یہ کہ نسب کا اشتباہ لازم نہ آئے اور ایسا نہ ہو کہ طلاق دیکر پھر خاوند

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیوی اپنے طور پر راضی ہو جاویں اور طلاق کی پروا نکریں۔ واللہ اعلم اور ایک طہر میں تین طلاق کے جمع کرنے کو بھی مکروہ کیا اس واسطے کہ اس میں اس حکمت کا ترک لازم آتا ہے طلاقوں کے متفرق متفرق واقع کرنے میں جس کی رعایت کی گئی ہے۔ کیونکہ تفریق طلقات اسی لئے مقرر کی گئی ہے کہ اگر کسی سے کوتاہی ہو جائے تو اس کا تدارک ہو سکے اور نیز جمع کرنے میں اپنے اوپر وقت کا لازم کرنا اور ندامت کا پیش کرنا ہے اور تین طہر و نہیں بھی تین طلاقیں دینے میں وقت اور ندامت کا منفنہ ہے مگر صورت اولیٰ سے کم ہے اسواسطے کہ اسمیں فکر کرنے کا موقع اور اتنی مدت ملجاتی ہے جسمیں احوال متغیر ہوتے رہتے ہیں اور بہت سے لوگوں کی مصلحت حرمت مغلظ کے ثابت کرنیمیں ہوا کرتی ہے۔

خلع و راظہار اور لعان اور ایلاء کا بیان

معلوم کرو کہ خلع[1] کے اندر ایک قسم کی قباحت پائی جاتی ہے اسلئے کہ خاوند نے عورت کو جو کچھ دیا ہے وہ صحبت کے بدلہ ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے وکیف تاخذونہ وقد افضے بعضکم الی بعض واخذن منکم میثاقا غلیظا۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے لعان[2] کے اندر اسی معنے کا اعتبار کر کے فرمایا ہے ان صدقت علیہا فہو بما استحللت من فرجہا۔ اگر تو نے اسکو کچھ دیا ہے تو یہ اس کے بدلہ ہے جو تو نے اس کی شرمگاہ کو حلال کیا ہے اور بایں ہمہ خلع کی حاجت ہوتی ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے فلا جناح علیہما فیما افتدت بہ۔ پس نہیں ہے ان دونوں پر کچھ مضائقہ جس چیز کا عورت بدلہ دے اور اہل جاہلیت اپنی اہلیوں کو اپنے اوپر حرام کر لیا کرتے تھے اور ان کو اپنی ماں کی پشت کے مثل گردان لیا کرتے تھے اور پھر کبھی ان کے پاس نہ جاتے تھے اور ظاہر ہے کہ اس میں کس قدر قباحت تھی کیونکہ وہ عورت نہ تو مرغوب ہوتی تھی۔ کہ خاوند سے وہ تمتع حاصل کر سکتی جس طرح عورتیں اپنے خاوندوں سے تمتع حاصل کرتی ہیں اور نہ وہ بیوہ ہوتی تھی۔ جو اس کو اپنی جان کا اختیار ہوتا آنحضرت صلعم کے زمانہ میں ایسا واقعہ پیش آیا اور آپ سے اس کے بارے میں دریافت کیا گیا تو یہ آیت نازل ہوئی قد سمع اللہ قول التی تجادلک فی زوجہا۔ بالشک اللہ پاک نے اس عورت کی گفتگو سن لی جو اپنے خاوند کے بارے میں تجھ سے جھگڑا کرتی ہے عذاب الیم تک اور اس کا سبب یہ ہے کہ خدا تعالےٰ نے اس کے اس قول کو بالکل لغو بھی نہیں کہا کیونکہ وہ ایک امر ہے جس کو خاوند نے اپنے اوپر لازم کیا ہے اور نرمی کے ساتھ اس نے وہ بات کہی ہے جس طرح اور قسموں میں ہوا کرتا ہے۔ اور اس کو ہمیشہ کے لئے بھی نہیں گردانا جسطرح اہل جاہلیت کیا کرتے تھے تاکہ وہ وقت آنے دفع ہو جاوے۔ اور کفارہ کے ساتھ اس کو موقوف کیا اسواسطے کہ کفارہ گناہوں کے دور کرنے اور مکلف کو اس چیز سے روکنے کے لئے جو اسکے دلمیں پیدا ہوتی ہے وضع کیا گیا ہے اور خدا تعالےٰ نے یہ جو فرمایا ہے کہ وہ جھوٹ کہتے ہیں اسکی یہ وجہ ہے کہ زوجہ نہ تو فی الحقیقت ماں ہوتی ہے اور نہ انمیں کچھ مشابہت یا مجاورت ہوتی ہے جسکی وجہ سے ایک کا اطلاق دوسرے پر صحیح ہو۔ یہ تو اس تقدیر پر ہے کہ جب اس کو جز کے قبیلہ سے کہا جائے اور اگر وہ انشا ہے تو ایک ایسا عقد ہے کہ جو مصلحت کے موافق نہیں ہے اور نہ جائے نے اپنے شرائع میں اس کو بطریق وحی کے بیان فرمایا ہے اور نہ زمین کے عقلا نے اسکو مقرر کیا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اسکو جو فرمایا ہے کہ وہ منکر بات کہتے ہیں تو اسکے منکر ہونے کی وجہ یہ ہے کہ وہ ایک طرح کا ظلم اور جور اور جسکے ساتھ احسان کرنیکا حکم ہے تنگ کرنا ہے اور ظہار کا کفارہ ایک غلام کا آزاد کرنا یا ساٹھ مساکین کو کھانا کھانا یا پیاپے دو ماہ کے روزے رکھنا اسلئے مقرر کیا گیا کہ منجملہ مقاصد کفارہ کے ایک بات ہے کہ مکلف کے نزدیک وہ ایک ایسی چیز ہوتی چاہئے جس کے لازم ہونیکا اس فعل کے مرتکب ہونے سے مکلف کو باز رکھے اور یہ بات جب ہی ہوسکتی ہے کہ وہ کفارہ ایک عبادت شاقہ ہو اور نفس پر اُس کا غلبہ ہو یا تو اس لئے کہ اسمیں اسقدر مال کا صرف کرنا مقرر ہو جس کا صرف کرنا نفس پر کسی قدر شاق گذرے یا اسمیں بھوک و پیاس کی تکلیف زیادہ اٹھانی پڑتی ہو اللہ پاک فرماتا ہے للذی یولون من نسائھم تربص اربعۃ اشھر جو لوگ اپنی اہلیوں سے ایلا کرتے ہیں انکو چار مہینہ رکنا ہے معلوم کرو کہ اہل جاہلیت اس بات کا حلف کیا کرتے تھے کہ اپنی بیویوں سے کبھی یا ایک مدت دراز تک صحبت نہ کرینگے اور اسمیں عورتوں پر نہایت ظلم اور ضرر تھا لہذا خدا تعالے نے چار مہینہ تک رکنے کا حکم دیا پھر اگر وہ رجوع کریں تو خدا تعالے غفور الرحیم ہے اور رجوع کرنے میں علما کا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں چار مہینے گذرنے کے بعد ایلا کرنے والے کو روکدیا جائے بعد ازاں اسکو مجبور کیا جائے کہ یا تو بھلائی کے ساتھ اسکو چھوڑ دے یا حسب دستور اسکو نکاح میں رکھے اور بعض کے نزدیک چار مہینے گذرتے ہی اسپر طلاق پڑجاویگی اور اسکو رد کا نہ جائیگا اور اس مدت کے معین کرنے کی یہ وجہ ہے کہ اتنی مدت میں خواہ مخواہ نفس کو جماع کا شوق پیدا ہوتا ہے اور اسکے چھوڑنے سے ضرر پہنچتا ہے جبکہ انسان اوف نہ ہو دوسرے یکہ یہ مدت سال کا ایک ثلث حصہ ہے اور نصف سے کم کا انضباط ثلث کیساتھ ہوا کرتا ہے اور نصف مدت کثیر شمار کیا جاتا ہے اور اللہ پاک فرماتا ہے والذین یرمون ازواجھم ولم یکن لھم شھداء الآیہ جو لوگ اپنی بیویوں کیطرف زنا کی نسبت کرتے ہیں اور انکے لئے گواہ نہیں ہوتے اور حضرت عویمر عجلانی اور ہلال بن امیہ کے اس باب میں حدیث مروی ہے معلوم کرو کہ اہل جاہلیت میں سے جب کوئی مرد کسی عورت کی طرف منسوب کرتا تھا اور ان دونوں میں باہم یہ منازعت ہوتی تھی تو کاہنوں کے پاس جایا کرتے تھے جیسا کہ ہند بن عتبہ کے قصہ میں ہوا تھا پھر جب اسلام آیا تو یہ بات ناممکن ہوئی کہ انکے لئے کاہنوں کے پاس جانے کی اجازت دیجائے اسلئے کہ لعان خیمہ کا مبنی ان مناقشات کے چھوڑنے اور انکو دور کرنے پر ہے اور نیز کاہنوں کے پاس بلا انکا سچ جھوٹ معلوم کئے جانے میں ضرر عظیم ہے اور یہ بات ناممکن تھی کہ خاوند کو چار گواہ سنانے ورنہ حد لگنے کا حکم دیا جاتا اسواسطے کہ زنا تنہائی میں ہوا کرتا ہے اور خاوند اپنے گھر کا حال خوب جانتا ہے اور جو جو قرائن وغیرہ اسکو معلوم ہیں وہ دوسرے کو نہیں معلوم ہوسکتے اور یہ بات بھی ناممکن ہے کہ خاوند تمام ان لوگوں کے مانند کیا جائے جنپر جبراری جاتی ہے اسواسطے کہ خاوند شرعاً اور نیز عقلاً اپنے ننگ و ناموس کی حفاظت کریگا امور ہے اور اسکی حیلت میں اس بات سے غیرت کرنا داخل ہے کہ اسکے ناموس پر دوسرا شخص مداخلت کرسکے اور خاوند شک کے رفع کرنے اور عورت کی شرمگاہ کے محفوظ رکھنے میں سب سے زیادہ مناسب تر اور اولے ہے پس اگر خاوند عورت کیساتھ کسی امر کا مواخذہ کرنیمیں غیر لوگوں کے برابر رکھا جائے تو امن مرتفع ہوتی ہے اور مصلحت کا مفسدہ کیطرف انقلاب لازم آتا ہے اور جب یہ واقعہ پیش آیا ہے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اس کے الزام دینے میں متردد تھے کبھی تو ان معارضات کیوجہ سے کچھ حکم نہیں دیتے تھے اور کبھی اسکے حکم کا ان قواعد سے استنباط کرتے تھے جن کو خدا تعالے نے آپ پر نازل فرمایا تھا تو آپ نے ہلال بن امیہ سے فرمایا البینۃ او حد فی ظھرک۔ یا تو بینہ ہے ورنہ تیری پشت پر حد ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہانتک کہا اُس ذات کی قسم جسنے آپکو حق کے ساتھ بھیجا ہے میں بلاشک سچا ہوں اور بلاشبہ خدا تعالیٰ ایسا کوئی حکم نازل فرمائیگا جسکی وجہ سے میری پشت حد سے بری ہوجائیگی پس خدا تعالیٰ نے آیت لعان نازل فرمائی اور اصل اسمیں یہ ہے کہ وہ مولدہ قسمیں ہوتی ہیں جنکے سبب سے خاوند حد قذف سے محفوظ رہتا ہے اور عورت پر وجہ لگتا ہے اور پھر وہ قید میں رکھی جاتی ہے اور اسکو تنگ کیا جاتا ہے اور اگر خاوند قسموں کے کھانے سے انکار کرے تو اُسپر حد قذف لگائی جاتی ہے اور اگر عورت بھی قسمیں کھالے تو بری ہوجاتی ہے اور انکار کرے تو اُسپر حد لگائی جاتی ہے۔ اور الحاصل جس چیز میں بینہ نہیں ہوتی اور نہ وہ چیز ایسی ہوتی ہے کہ بالکل نوجھوٹ سمجھی جاوے اور اُسکی سماعت نہ کیجاوے اُس چیز میں موکدہ قسموں سے زیادہ مناسب اور کوئی چیز نہیں ہے اور یہ قدیمی طریقہ جاری ہے کہ عورت سے قسموں سے جو مقصود ہے وہ حاصل ہو اور یہ بھی قدیمی طریقہ جاری ہے کہ وہ عورت پھر بھی اُس خاوند کیطرف عود نکرے کیونکہ ان دونوں میں جب ایسا نزاع ہوچکا اور اُن دونوں کے دلمیں سخت پیچ پڑگیا اور خاوند نے اُسکی بدکاری مشہور کردی تو غالباً اب کسی صورت سے اُنکے مابین محبت پیدا نہیں ہوسکتی اور نکاح انہیں مصلحتوں کے لئے وضع کیا گیا ہے جو محبت و موافقت پر مبنی ہیں اور نیز اسمیں دونوں کو ایسے معاملہ پر اقدام کرنے سے روکنا ہے۔

عدت کا بیان

اللہ پاک فرماتا ہے والمطلقات یتربصن بانفسھن ثلاثۃ قروء الآیہ۔ مطلقہ عورتیں تین قرو تک اپنی جانو کو روکیں معلوم کرو کہ عدت منجملہ اُن امور کے ہے جو زمانہ جاہلیت میں مسلم و مشہور تھی اور عدت ایسی چیز تھی جسکی اُن سے متروک ہونے کا احتمال نہ تھا اور اسمیں بہت سے مصالح ہیں، از انجملہ یہ ہے کہ اُس کے سبب سے رحم کا خاوند کے نطفہ سے پاک ہوجانا معلوم ہوجاتا ہے اور نسب میں اختلاط نہیں لازم آتا کیونکہ نسب بھی ایک چیز ہے جسکی لوگوں کو خواہش ہوتی ہے اور عقلمند لوگ اُس کے طالب ہوتے ہیں اور نسب نوع انسانی کے خواص میں سے ہے، اور منجملہ اُن چیزوں کے ہے جسکے سبب سے انسان اور حیوانات سے متمیز ہتا ہے استبرا کے باب میں بھی اسی مصلحت کی رعایت کی گئی ہے اور از انجملہ یہ ہے کہ عدت سے لوگوں کو نکاح کی عظمت پر آگاہ کرنا منظور ہوتا ہے اور انکو معلوم ہوجاتا ہے کہ نکاح ایسا امر نہیں ہے کہ جو بغیر لوگوں کے اجتماع کے قائم ہوسکے یا بغیر انتظار دراز کے وہ منقطع ہوسکے اگر یہ بات نہ ہوتی تو نکاح مثل بچوں کے کھیل کے ہوتا ایک ہی ساعت میں قائم ہوکر اُسی ساعت میں منقطع ہوجایا کرتا اور از انجملہ یہ ہے کہ نکاح کی مصلحتیں اسیوقت پوری ہوسکتی ہیں جب خاوند و بیوی اس عقد کے ثابت رکھنے پر بظاہر اپنے آپکو قائم رکھیں پھر اگر کوئی حادثہ پیدا ہوجائے جسکے سبب سے اس عقد کا انقطاع ضروری ہو تو فی الجملہ اس دوام کی صورت کا باقی رکھنا جب بھی ضروری ہے بایں طور کہ عورت کچھ مدت تک اپنے آپکو روکے رہے اور اُسکو اُسمیں کچھ تکلیف و دقت اُٹھانی پڑے۔ اب مطلقہ کی عدت تین قرو ہیں بعض کے نزدیک (قرء) سے طہر مراد ہے اور بعض کے نزدیک حیض اور اگر اُس سے طہر مراد ہے تب تو اُسمیں یہ راز ہے کہ طہر رغبت کا زمانہ ہوتا ہے جیسا کہ ہم بیان کرچکے اور اُس کی تکرار عدت لازمہ مقرر کی گئی تاکہ فکر کرنے والا ان طہروں میں فکر کرسکے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے طلاق کے بیان میں فرمایا ہے فتلک العدۃ التی امر اللہ ان یطلق فیھا۔ پس وہ زمانہ ہے کہ جسمیں خدا تعالیٰ نے طلاق دینے کا حکم دیا ہے اور اگر اس سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حیض مراد ہے تو اسمیں حکمت ہے کہ حمل کے نہ ہونے کی صورت میں اصل حیض سے بھی معلوم ہوتا ہے پھر اگر وہ عورت ایسی ہے کہ اسکو حیض نہیں آتا خواہ بچپن کے سبب سے یا بڑھاپے کے سبب سے تو اسکے لئے تین مہینے تین حیض کے قائم مقام ہیں کیونکہ ایک مہینہ حیض کا مظنہ ہوتا ہے اور اسلئے کہ تین مہینہ میں رحم کا خالی ہونا ظاہر طور پر معلوم ہو سکتا ہے اور تمام مصلحتیں اس مدت میں متحقق ہو سکتی ہیں اور حاملہ کی مدت وضع حمل ہے اسلئے کہ اس سے رحم کا خالی ہونا معلوم ہو جاتا ہے اور بیوہ کی مدت چار مہینہ دس روز ہیں اور اس مدت میں اسکو سوگ کرنا واجب ہے اور اسکے کئی سبب ہیں ایک تو یہ کہ جب اس پر یہ بات واجب ہوئی کہ اپنے آپکو اس مدت تک روکے رہے اور نکاح اور اسکی بات چیت کسی سے نہ کرے تاکہ اسکے خاوند کا نسب محفوظ رہے پس حکمت و سیاست کا مقتضی ہوا کہ عورت کو ترک زینت کا بھی حکم دیا جائے اسلئے کہ زینت کیجہ سے جانبین میں شہوت کا غلبہ ہوتا ہے اور ایسی ہی حالت کے اندر شہوت کے غلبہ میں فساد عظیم ہے اور نیز وفاداری کا مقتضی ہے کہ خاوند کی مفارقت پر غم کرے اور خوشبو و زینت وغیرہ کا شوق نہ کرے اور اسپر سوگ کرے کہ اسمیں وفاداری اور ظاہر میں عفت کے معنی کا ثابت کرنا ہے اور مطلقہ کو سوگ کا حکم نہیں دیا گیا کیونکہ اسکو زینت کرنے کی حاجت ہے تاکہ خاوند کو اس کی طرف رغبت ہو اور ان کے اجتماع میں جو فرق پڑا ہے پھر انکے جمع ہونیکا سبب ہو اسی لئے مطلقہ ثلث میں علماء کا اختلاف ہے کہ وہ سنگھار کرے یا نہیں پس کسی نے تو اصل حکمت کا خیال کیا ہے اور کسی نے لفظ مطلقہ کے عام ہونے کا خیال کیا ہے اور شارع نے بیوہ کی عدت چار مہینے اور دس روز اسلئے مقرر کی کہ چار مہینے کے تین چلے ہوتے ہیں اور اس مدت میں جنین کے اندر جان پڑجاتی ہے اور غالباً جنین اس مدت کے اندر حرکت کرنے لگتا ہے اور دس روز اسپر اور زیادہ کئے گئے تاکہ وہ حرکت پورے طور پر ظاہر ہو جائے اور نیز یہ مدت حمل معتاد کی نصف مدت ہے جسمیں حمل پورے طور پر ظاہر ہو جاتا ہے کہ ہر شخص دیکھکر اسکو پہچان سکتا ہے اور مطلقہ کی عدت طہر یا حیض کے ساتھ اور بیوہ چار مہینہ دس روز کے ساتھ اسلئے مقرر کی گئی کہ مطلقہ میں خیار یعنی خاوند اپنے اختیار پر قائم ہوتا ہے جو نسب کی مصلحت اور قرائن کو جانتا ہے پس ممکن ہے کہ عورت کو اس چیز کا حکم دیا جائے جو اس کے لئے خاص ہے اور خاوند پر وہ امین سمجھی جائے اور اور لوگ اس عورت کا حال معلوم نہیں کر سکتے جبتک کہ وہ خود نہ بیان کرے اور بیوہ کے اندر خاوند موجود نہیں ہوتا اور دوسرا شخص اسکا باطنی حال اور اسکا قریب نہیں پہچان سکتا جس طرح خاوند پہچان سکتا ہے پس ضروری ہوا کہ اسکی عدت ایسا ظاہری امر مقرر کیا جائے جس کے معلوم کرنے میں سب قریب و بعید برابر ہوں اور حیض کو بھی وہ ثابت کرے کیونکہ غالباً یا دائماً طہر اسقدر بڑا نہیں ہوتا اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے لا توطیٰ حامل حتی تضع ولا غیر ذات حمل حتی تحیض حیضۃ۔ حاملہ عورت سے صحبت نہ کی جائے جبتک اسکا وضع حمل نہ ہو اور نہ غیر حاملہ سے جبتک کہ اسکو ایک حیض نہ آجائے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے لا یحل لامرئ یؤمن باللہ والیوم الآخر ان یستخدم وھو لا یحل لہ۔ باوجودیکہ اسکے لئے وہ حاملہ حلال نہیں ہے پھر کس لئے اس سے خدمت لیتا ہے یا باوجودیکہ اس کے لئے حلال نہیں ہے کس طرح اسکو درثہ دیسکتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ استبراء کے اندر یہ راز ہے کہ رحم کا خالی ہونا اس سے معلوم ہو جاتا ہے اور نسب کا اختلاط بھی نہیں ہوتا پس جب عورت حاملہ ہو تو تجربہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ایسی ہی صورت میں وہ بچہ دونوں کے مشابہ ہوتا ہے جس کے نطفہ سے ہے اس کے ساتھ بھی اسکو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشابہت ہوتی ہے اور جس شخص نے ایام حمل میں اسکی ماں کے ساتھ صحبت کی ہے اسکے ساتھ اس کو مشابہت ہے حضرت عمرؓ کے قول سے یہ بات معلوم ہوتی ہے اور آنحضرت صلعم نے بھی اسکی طرف اشارہ فرمایا ہے اور فرمایا ہے الحلال مریومن باللہ والیوم الآخر ان یسقی ماءہ بزرع غیرہ کسی کو خدا اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے یہ بات حلال نہیں ہے کہ دوسرے کی کھیتی اپنے پانی سے سیراب کرے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا ہے کیف یستخدمہ اس کے یہ معنی ہیں کہ حاملہ کے ساتھ جو جماع کرنے سے بچہ پیدا ہوتا ہے اسکو دونوں شخصوں کی مشابہت ہوتی ہے اور ہر مشابہت کا حکم دوسری مشابہت کے خلاف ہوتا ہے پہلی کے ساتھ مشابہت کا منشا یہ ہے کہ وہ بچہ غلام ہو اور دوسری کی مشابہت چاہتی ہے کہ وہ اس کا بیٹا ہو اور پہلی مشابہت کا حکم غلام ہونا اور مولا کے لئے اسپر خدمت کا واجب ہونا ہے اور دوسرے کا حکم حریت اور استحقاق میراث ہے پس جماع کے سبب سے اس بچہ کے اندر احکام شرعیہ کا التباس لازم آتا ہے اسلئے جماع کرنے سے ممانعت کیگئی واللہ اعلم۔

اولاد اور غلام ولونڈی کی پرورش کے بیان میں

معلوم کرو کہ نسب منجملہ ان امور کے ہے جنکی محافظت آدمی کی سرشت میں داخل ہے پس اقالیم صالحہ میں سے کسی اقلیم کے اندر جہاں آدمی پیدا ہوتے ہیں کسی انسان کو کبھی نہ دیکھوگے مگر یہ بات اس کو محبوب ہوگی کہ اس کے باپ دادا کی طرف اسکو منسوب کریں اور یہ بات اسکو ناگوار معلوم ہوتی ہے کہ انکو انکی طرف نسبت کرنے میں کوئی عیب لگایا جاوے یا رخدایا مگر نسب کی ذمامت یا ضرر کے دفع کرنے یا نفع کے حاصل کرنے وغیرہ کی غرض سے اور نیز اسکو یہ بات بھی محبوب ہوتی ہے کہ اسکی اولاد کو اسکی طرف منسوب کریں اور اس کے بعد اسکی قائم مقام ہو پھر بسا اوقات اولاد کے طلب کرنے میں بے انتہا کوشش کیا کرتے ہیں اور اپنی تمام طاقت اسکے حاصل کرنے میں خرچ کرتے ہیں پس تمام لوگوں کا اتفاق اس خصلت پر ایک ہی معنی کے سبب سے ہے جو انکی خلقت میں داخل ہیں اور شرائع الٰہی کا مبنا ان مقاصد کے باقی رکھنے پر ہے کہ جو قائم مقام جبلت کے ہوتے ہیں اور جنکے اندر نزاع و حرص جاری ہوتی ہے اور نیز حقدار کے ان مقاصد سے حق دلانے اور باہمی ظلم سے روکنے پر انکا مبنی ہے پس اسلئے شارع کو نسب سے بحث کرنا ضروری ہوا آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے الولد للفراش وللعاہر الحجر۔ لڑکا عورت کے لئے اور مرد زناکار کو پتھر بعض نے اس سے سنگساری مراد لی ہے اور بعض نے نامرادی میں کہتا ہوں اہل جاہلیت بہت سے طریقوں سے جنکو قوانین شرعی ثابت نہیں کرتے اولاد طلب کیا کرتے اور بعض ان طریقوں کو حضرت عائشہ صدیقہؓ نے بیان فرمایا ہے پس جب آنحضرت صلعم مبعوث ہوئے تو یہ باب بند کر دیا گیا اور زناکار کی امید منقطع کیگئی اسلئے منجملہ ان مصالح ضروریہ کے جنپر نوع انسانی کا بقا موقوف ہے مرد کا اپنی بیوی کے ساتھ مختص ہونا بھی ہے تاکہ ایک عورت پر کئی مردوں کے جمع ہونے کا باب مسدود کیا جائے لہذا مناسب ہوا کہ جو شخص اس سنت راشدہ کے برخلاف کرے اور بغیر اس خصوصیت کے اولاد طلب کرے اسکو نامراد کیا جاوے تاکہ اسکی ذلت اور اس کا کچھ بس نہ چلے اور آئندہ کو بھی ایسا قصد نکرے وللعاہر الحجر سے اگر نامرادی کے معنی مقصود ہیں جیسے بیدہ التراب اور بیدہ الحجر کہا کرتے ہیں تو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسمیں اسکی طرف اشارہ ہے اور نیز جب حقوق کا مقابلہ ہوا اور ہر شخص اپنے لئے اُس حق کا مدعی ہے تو ضرور ہوا کہ جسکے پاس ایسی ظاہری حجت ہے جسکو تمام لوگ سُن سکتے ہیں اُسکو ترجیح دیجائے اور جسکے پاس ایسی حجت ہے جو اُسپر شامت کے زیادہ ہونے کے سبب سے اور وہ حد کے مارنیکا باب مفتوح کرتا ہے یا اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ اُس نے خدا کی نافرمانی کی ہے اور باایں ہمہ وہ ایک پوشیدہ امر ہے جو اُس کے صرف کہنے سے معلوم ہوتا ہے پس اُس شخص کے لئے یہ بات نامناسب ہے کہ اُسکو محروم اور کالعدم کیا جائے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسے ہی معنی کا لحاظ فرما کر لعان کے قصے میں فرمایا ہے ان کذبت علیہا فہو بعد لک۔ اگر تو اُس پر جھوٹ بولتا ہے تو وہ (یعنی مہر) کا تیری طرف عود کرنا تجھے بہت دور ہے۔ اور دلعاہا لھا سے اگر سنگساری مراد ہے تو اسمیں اسی کیطرف اشارہ ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ نے فرمایا ہے من ادعی الی غیر ابیہ وہو یعلم انہ غیر ابیہ فالجنۃ علیہ حرام۔ جو شخص اپنے باپ کے سوا کسی اور کیطرف اپنی نسبت کرے اور اُسکو یہ بات معلوم ہو کہ وہ اسکا باپ نہیں ہے جنت اُس پر حرام ہے میں کہتا ہوں کہ بعض لوگ مقاصد دینہ کا خیال کر کے اپنے باپ کو چھوڑ کر دوسرے شخص کیطرف اپنی نسبت کر دیتے ہیں اور یہ بڑا ظلم اور نافرمانی ہے کیونکہ اسمیں باپ کی امید کا قطع کرنا ہے اسلئے کہ اُسنے اپنی نسل کا بقا جو اُس کی طرف منسوب اور اُس سے پیدا ہے چاہا ہے اور اسمیں باپ کی نعمت کی ناشکری اور اُسکے ساتھ بدسلوکی ہے اور نیز نصرت اور معاونت قبائل اور شہروں کے انتظام کیلئے ضروری چیز ہے اور اگر باپ سے انقطاع نسبت کا باب مفتوح کر دیا جائے تو یہ مصلحت متروک ہوتی ہے اور تمام قبائل کے نسب مختلط ہوئے جاتے ہیں اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے ایما امرأۃ ادخلت علی قوم من لیس منہم فلیست من اللہ فی شئے ولن یدخلہا اللہ الجنۃ وایما رجل جحد ولدہ وہو ینظر الیہ احتجب اللہ منہ وفضحہ علی رؤس الخلائق۔ جو بی عورت کسی قوم میں اُس شخص کو داخل کر دے کہ وہ اسمیں نہیں ہے تو خدا کے ہاں اُس کا کچھ نصیبہ نہیں اور کبھی خدا تعالےٰ اُس کو جنت میں داخل کریگا اور جو شخص اپنے ولد کا انکار کرے حالانکہ وہ اُس کی طرف نظر کرتا ہے تو خدا تعالےٰ اپنے دیدار سے اُس کو محروم کریگا اور تمام خلائق کے روبرو اُسکو فضیحت کریگا میں کہتا ہوں جبکہ عورت عدت وغیرہ کے اندر امانتدار اور اس بات پر مامور ہے کہ اُنکے نساب کو اُنپر مشتبہ نہ ہونے دے تو یہ بات ضروری ہے کہ وہ اس سے ڈرائی جائے اور اس امر میں اُسپر عذاب دیے جانے کی یہ وجہ ہے کہ اسمیں جہان کی مصلحت کے باطل کرنے میں سعی اور حیلت نوع کے ساتھ مناقضت ہے اور یہ بغض ملاء اعلےٰ کی جانب سے کیونکہ وہ اصلاح نوع کے دعا کرنے پر مامور ہیں اور علاوہ بریں اسمیں اُسکے ولد کے لئے نامرادی اور تنگی ہے اور دوسروں پر اپنی اولاد کا بار ڈالنا ہے اور جب کوئی شخص اپنے بچہ کا انکار کرے تو البتہ اُسکو ذلت دائمی اور بے انتہا عار کے لئے پیش کیا اس لئے کہ اُس نے نسب کو ضائع کر دیا اور اُسکی جان کو گم کر دیا۔ کیونکہ کوئی اُسکا خرچ اٹھانیوالا نہیں اور یہ صورت مروجہ قتل اولاد کی مشابہ ہو گئی اور اُس کی ماں کو بھی مدت العمر کیلئے دقت اور عار میں ڈالدیا۔

عقیقہ کے بیان میں

عرب اپنی اولاد کا عقیقہ کیا کرتے تھے اور عقیقہ میں بہت سی مصلحتیں تھیں جن کا رجوع مصلحت ملیہ اور مدنیہ اور نفسیہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیطرف تھا تو آنحضرت صلعم نے اسکو برقرار رکھا اور آپ نے بھی اسپر عمل کیا اور اوروں کو بھی اسکی ترغیب دی منجملہ ان مصلحتوں کے یہ ہے کہ عقیقہ میں نہایت خوبی کیساتھ اولاد کے نسب کی شاعت ہوتی ہے اور شاعت نسب ایک ضروری امر ہے تاکہ کوئی شخص اسکی نسبت کوئی ناپسندیدہ بات نہ کہے اور یہ بات نامناسب تھی کہ اسکا باپ گلی کوچوں میں پکارتا پھرتا کہ میرے اولاد ہوئی ہے پس اشاعت کیلئے یہی طریقہ بہت مناسب ہوا اور از انجملہ عقیقہ کے اندر سخاوت کے معنی کا اتباع اور بخل کی ضعف کا عیان پایا جاتا ہے اور از انجملہ یہ ہے کہ نصاری میں جب کسی کے بچہ پیدا ہوتا تھا تو اسکو زرد پانی سے رنگا کرتے تھے اور اسکو عمودیہ کہتے تھے اور انکا قول تھا کہ اسکے سبب سے وہ بچہ نصرانی ہوجاتا ہے اسی نام کے ساتھ مشابکت کے طور پر اپنے کو صبغۃ اللہ ومن احسن اللہ صبغۃ مناسب ہوا کہ حنیفیہ یعنی دین محمدی میں بھی انکے اس فعل کے مقابل میں بھی کوئی ایسا فعل پایا جائے جس سے اس فرزند کا حنیفی اور ملت ابراہیمی و اسمعیلی کا تابع ہونا معلوم ہو اور جس قدر افعال حضرت ابراہیم و اسمعیل علیہما السلام کے ساتھ مختص تھے اور برابر انکی اولاد میں چلے آتے ہیں انمیں سے سب سے زیادہ مشہور حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اپنے بیٹے کے ذبح کرنے پر آمادہ ہونا اور پھر خدا تعالے کا اسکے فدیہ میں ذبح عظیم کے ساتھ انعام کرنا ہے اور ان دونوں شرائع میں سے زیادہ مشہور حج ہے جسکے اندر سر منڈانا اور ذبح کرنا ہوتا ہے پس ان باتوں میں انکے ساتھ مشابہت پیدا کرنا ملت حنیفی پر آگاہ کرنا اور اس بات پر متنبہ کردینا ہے کہ اس فرزند کے ساتھ اس ملت کا بڑا ہونا کیا گیا ہے اور از انجملہ یہ ہے کہ اسکے شروع ولادت میں اسکے ساتھ فعل کرنے سے اسکے خیال میں یہ بات پیدا ہوتی ہے کہ گویا اس نے اپنے فرزند کو خدا کی راہ میں دیدیا ہے جیسے ابراہیم علیہ السلام نے کیا تھا اور اسمیں سلسلہ احسان اور نیازمندی و فرمانبرداری کو حرکت دینا ہے جیسا کہ صفا و مروہ کے مابین سعی کرنے میں ہم نے بیان کیا ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے مع الغلام عقیقۃ فاہریقوا عنہ دما وامیطوا عنہ الاذی۔ لڑکے کے ساتھ عقیقہ ہے پس اسکی طرف سے خون بہاؤ اور اسکی طرف سے اسکے آزار کو دفع کرو۔ اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے الغلام مرتہن بعقیقۃ یذبح عنہ یوم السابع ویسمی ویحلق۔ لڑکا اپنے عقیقہ میں مرہون ہوتا ہے اسلئے اسکے بدلہ ساتویں دن ذبح کیجاے اور نام رکھا جائے اور سر منڈایا جائے۔ میں کہتا ہوں عقیقہ کے حکم دینے کا سبب وہی ہے جو مذکور ہوا۔ پھر ساتویں روز کی تخصیص اسلئے ہے کہ ولادت و عقیقہ میں کچھ فاصلہ ہونا ضروری ہے کیونکہ سب کنبہ اس زچہ اور بچہ کی خبر گیری میں اول اول مصروف رہتا ہے پس ایسے وقت میں مناسب نہیں ہے کہ ان کو عقیقہ کا حکم دیکر انکا شغل اور زیادہ کیا جائے اور نیز بہت سے لوگوں کو اسیوقت بکری دستیاب نہیں ہوسکتی بلکہ تلاش کرنے کی حاجت ہوتی ہے پس اگر پہلے ہی روز عقیقہ مسنون کیا جائے تو لوگوں کو دقت ہو لہذا سات روز کا فاصلہ ایک کافی اور معتدبہ مدت ہے اور زیادہ نہیں ہے اور لیکن اماطتہ الاذی میں حجاج کے ساتھ مشابہت ہے اور ہم بیان کرچکے ہیں اور ساتویں دن نام رکھنے کی یہ وجہ ہے کہ اس سے پہلے لڑکے کے نام رکھنے کی کیا حاجت ہے اور آنحضرت صلعم نے حضرت حسن رض کی طرف سے ایک بکری کے ساتھ عقیقہ کیا اور فرمایا اے فاطمہ انکے سر کو منڈوا دو اور ہموزن ان کے بالوں کے چاندی خیرات کردو میں کہتا ہوں کہ چاندی کے خیرات کرنے کا یہ سبب ہے کہ بچہ کی حالت جنینیہ سے نقل ہوکر طفلیت کی طرف خدا تعالے کی نعمت ہے تو اسپر شکر واجب ہے اور بہترین شکر یہ ہے کہ اسکے بدلہ کچھ دیا جائے اور جنین کے بال نشاۃ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جنینہ کے بقیہ تھے انکا دور ہونا نشانات طفلیہ کے اعتدال کی نشانی ہے اسلئے مامور ہونا واجب ہوا کہ انکے بدلے چاندی دیجائے اور چاندی کی خصوصیت یہ ہے کہ سونا گراں ہے سوائے امرا کے اور کسی کو دستیاب نہیں ہوتا اور چیزیں علاوہ اسکے ایسی نہیں ہیں کہ مولود کے بالوں کے برابر ہو سکیں۔ اور آنحضرت صلعم نے حضرت حسن بن علی کے کان میں نماز کی سی اذان جب حضرت فاطمہ انکو جنی تھیں پڑھی تھی میں کہتا ہوں اس میں بھی راز ہے جو عقیقہ کے اندر مصلحت طبیہ ہم بیان کر چکے ہیں اسلئے کہ اذان شعائر اسلام اور علامات دین محمدی سے ہے پھر ضروری ہے خصوصیت مولود کی اس اذان کی ساتھ اور وہ بھی بانیطور کہ مولود کے کان میں آواز سے اسکو کہا جاوے اور علاوہ ازیں یہ بھی معلوم ہے کہ اس اذان کی یہ خصوصیت ہے کہ شیطان اس سے بھاگتا ہے اور اول اسکے پیدا ہوتے ہی شیطان اسکو ایذا دیتا ہے چنانچہ حدیث میں وارد ہے کہ مولود کا چلانا اسی سبب سے ہوتا ہے آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے عن الغلام شاتان وعن الجاریۃ شاۃ کہ لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری ہے میں کہتا ہوں کہ جو شخص دو بکریوں کو پائے اسکو مستحب ہے کہ لڑکے کیطرف سے ذبح کرے اور اسکا یہ سبب ہے کہ لوگوں کے نزدیک بہ نسبت لڑکیوں کے لڑکوں کا نفع زیادہ تر ہے لہذا دو کا ذبح کرنا زیادتی شکر اور اسکی عظمت کی مناسب ہے آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے احب الاسماء عند اللہ عبد اللہ وعبد الرحمن۔ کہ خدا تعالے کے نزدیک محبوب ترین ناموں کے عبد اللہ اور عبد الرحمن ہیں معلوم کرو کہ مقاصد شرعیہ میں سب سے بڑھکر یہ بات ہے کہ انکے ارتفاقات ضروریہ میں خدا کا ذکر داخل ہو تاکہ یہ ایک زبان ہو کر خدا کے برحق کیطرف بلائیں اور مولود کے اس قسم کے نام رکھنے میں توحید کیطرف اشارہ ہے اور نیز عرب وغیرہ اپنی اولاد کے وہی نام رکھتے تھے جسکی وہ عبادت کرتے تھے اور آنحضرت صلعم جب مبعوث کئے گئے مراسم توحید کے قائم کرنے کیلئے لہذا یہ بات واجب ہوئی کہ نام رکھنے میں بھی مثل اسکے مسنون کیا جائے اور انہیں دونوں کا محبوب ہونا بہ نسبت اور تمام ناموں کا جنمیں لفظ عبد کا خدا کے ناموں سے کسی نام کیطرف منسوب ہو کیوں ہوا اسلئے کہ یہ دونوں نام سب ناموں سے زیادہ مشہور ہیں اور نیز یہ دونوں نام سوائے ذات خدا تعالے کے کسی پر نہیں بولے جاتے ہیں بخلاف اور ناموں کے اور ہمارے اس بیان سے لڑکے کا نام احمد و محمد رکھنے کے استحباب کی حکمت کو معلوم کر سکتا ہے اسلئے کہ تمام لوگ ہمیشہ سے اپنی اولاد کا نام ان گذشتہ لوگوں کے نام پر رکھتے چلے آئے ہیں جو انکے نزدیک بزرگ تھے اور اسمیں دین پر آگاہ کرنا اور گویا اس بات کا اقرار کرنا ہے کہ وہ فرزند دین کا اہل ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے اخنی الاسماء یوم القیمۃ عند اللہ رجل یسمی ملک الاملاک۔ بدترین ناموں کا خدا تعالے کے نزدیک قیامت کے دن وہ شخص ہوگا جس کا نام ملک الاملاک ہو میں کہتا ہوں اس کا یہ سبب ہے کہ دین کا اصل اصول خدا تعالے کی تعظیم اور اس کے ساتھ کسی کو برابر نہ کرنا ہے۔ اور کسی چیز کی تعظیم کرنا اس کے نام کے تعظیم کو مستلزم ہے لہذا واجب ہوا کہ خدا کے نام پر کسی کا نام نہ رکھا جائے خاصکر یہ نام جو بے انتہا درجہ کی تعظیم پر دلالت کرتا ہے اللہ پاک فرماتا ہے والوالدات یرضعن اولادہن حولین کاملین۔ اور مائیں اپنی اولاد کو پورے دو برس دودھ پلائیں۔ میں کہتا ہوں جب خدا تعالے کو بطور تناسل کے نوع انسانی کا باقی رکھنا منظور ہوا اور اسکا حکم بقاء کے اندر جاری ہو گیا اور عادت کے اعتبار سے بچہ جبتک اسکے ماں باپ اسکی زندگی کے اسباب میں معاونت نہ کریں زندہ نہیں رہ سکتا اور یہ ایک جبلی امر ہے جو لوگوں کی سرشت میں داخل ہے کہ اسکی مخالفت خلق الہی کی تغییر اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس چیز کے بگاڑنے میں کوشش کرتا ہے جسکی حکمت الٰہی مقتضی ہے لہذا شرع کو اس سے بحث کرنا ضروری ہوا کہ ان دونوں خاوند بیوی پر جسقدر رسدی ان چیزوں کو مقرر کرے جو ان دونوں سے بسہولت ادا ہوسکیں اور اس سے یہ بات ہوسکتی ہے کہ اسکو دودھ پلائے اور اس کی تربیت کرے پس اسپر ہی واجب کیا گیا اور باپ سے ہوسکتا ہے کہ اپنے عہدہ کے موافق بچہ کا خرچ اٹھائے کیونکہ خاوند نے اسکو تمام مشاغل اور مکاسب سے روک کر بچہ اسکی پرورش میں دیا ہے اور وہ اسکی پرورش میں محنت کرتی ہے پس انصاف کا مقتضی ہے کہ خاوند اس کا خرچ اٹھائے اور چونکہ بہت سے لوگ جلد دودھ چھڑاتے ہیں اور اکثر اوقات بچے کو اس سے ضرر پہنچتا ہے لہذا خدا تعالےٰ نے اسکی ایک ایسی حد مقرر فرمادی جسکے بعد دودھ چھڑانے سے غالبا بچہ صحیح و سالم رہسکتا ہے اور وہ پورے دو سال ہیں اور اس سے کم میں بھی دودھ چھڑانے کی اجازت دی ہے بشرطیکہ وہ دونوں اسمیں مصلحت سمجھکر اس بات کو تجویز کریں کیونکہ بسا اوقات اس مدت سے پہلے بچہ کھانے پینے کے قابل ہوجاتا ہے مگر یہ بات سوچنے اور فکر کرنے سے معلوم ہوسکتی ہے اور اس کے اندر فکر کرنے کیلئے ماں باپ ہی زیادہ تر مناسب ہیں اور اس بچے کی خصلت سے وہی خوب واقف ہیں پھر خدا تعالےٰ نے جانبین سے ضرر رسانی کو بھی حرام کیا اسلئے کہ اسمیں وقت تھی جس سے بچہ کو بیحد نقصان لازم آتا تھا پس اگر لوگوں کو بچے کی ماں کے ضعیف یا مریض ہونے کے سبب سے دودھ پلوانے کی حاجت پڑے یا خاوند بیوی میں فرقت ہوگئی اور اس کو دودھ پلانے کی خوشی نہ ہو یا اور کوئی سبب ہو تو کسی اور سے دودھ پلوانے میں کچھ مضائقہ نہیں ہے اور ایسے وقت میں جانبین سے ایفاء حق کا ضروری ہے اور کسی شخص نے آنحضرت صلعم سے عرض کیا کہ حق رضاع سے کس چیز کو دیکر میں بری ہوسکتا ہوں آپنے فرمایا غرہ عبد او امۃ ایک غلام یا ایک باندی معلوم کر دکہ دایہ حقیقی ماں کے بعد ایک ماں ہوتی ہے اور ماں کے ساتھ سلوک کرنے کے بعد اسکے ساتھ سلوک کرنا واجب ہے حتی کہ آنحضرت صلعم نے اپنی مرضعہ (دایہ) کیلئے اپنی چادر مبارک کو انکی عزت کے سبب سے بچھا دیا اور بسا اوقات وہ اس چیز سے راضی نہیں ہوسکتی جو بطور ہدیہ کے اسکو دیجائے اگرچہ وہ بہت ہو اور اکثر اوقات دودھ پلانے والا اتنے وقت تھوڑی سی چیز کو بہت سمجھ سکتا ہے اور اسمیں ایک قسم کا اشتباہ تھا لہذا آنحضرت صلعم سے اسکی حد مقرر کرنیکا سوال کیا گیا تو آپ نے ایک باندی یا غلام کے ساتھ اسکی حد معین فرمائی اسوجہ سے کہ مرضعہ جو اسکے ذمہ ثابت ہونے کی وجہ اسکے بنیہ کا قائم کرنا اور اس کا انسان کامل بنانا اور اسکی پرورش کرنا اور اسکی محنت اٹھانا ہے اسکی پوری پوری جزا یہ ہے کہ رضیع دودھ پلانے والا اسکو آدمی عطا کرے جو اسکے لئے تدابیر ضروریہ کے ارادہ کرنے میں بمنزلہ اعضاء کے ہو اور اس مرضعہ کے کام و کاج کا بار اٹھائے اور یہ ایک حد استحبابی ہے نہ ضروری اور ہند نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ابوسفیان ایک بخیل شخص ہے اسکے مال سے بغیر اسکی اجازت کے جو کچھ میں لیلوں دے لیتی ہوں ورنہ وہ مجھے کچھ نہیں دیتا تو آنحضرت صلعم نے فرمایا جسقدر تیرے اور تیری اولاد کیلئے کافی ہوسکے اس سے حسب دستور اسقدر لیلیا کر میں کہتا ہوں چونکہ اولاد اور بیوی کا نفقہ منضبط ہونا ایک دشوار امر تھا اسلئے آنحضرت صلعم نے اسکی رائے پر اسکو چھوڑ دیا اور اس کے لینے میں دستور کی قید لگادی اور قاضی کیطرف رجوع کرنے کی حاجت باقی نہیں رہی کیونکہ ایسے وقت میں اسمیں وقت تھی اور نبی صلعم نے فرمایا ہے۔ مروا اولادکم بالصلوۃ وہم ابناء سبع سنین۔ الحدیث۔ جب تمہاری اولاد سات سات برس کی ہوجائے تو ان سے نماز کیلئے کہو اسکے اسرار پہلے بیان ہوچکے ہیں۔ اس باب میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آنحضرت صلعم نے لڑکے کی پرورش کرنے میں مختلف حکم دیئے ہیں اسلئے کہ آپنے اس بات کا لحاظ کیا ہے جو اولاد اور ماں باپ کے لئے مناسب ہے اور انسانی ہے اور جو شخص ضرر رسانی کا قصد کرے اور مصلحت کا لحاظ نہ کرے آپنے لحاظ نہیں کیا کیونکہ حسد اور ضرر رسانی اتباع کے قابل نہیں ہوتی چنانچہ ایک عورت آپکی خدمت شریف میں ایک عورت نے حاضر ہوکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلعم میرا یہ بیٹا میرے ہی تو پیٹ میں رہا اور میرے ہی پستان کا اسنے دودھ پیا اور میرے ہی گود میں رہا اور اس کے باپ نے مجھے طلاق دیدی ہے اور مجھ سے ہی چھیننا چاہتا ہے تو آپ نے اس سے فرمایا انت احق بہ مالم تنکحی۔ تو جبتک نکاح نہ کرے تو ہی اسکی مستحق ہے میں کہتا ہوں اسکا یہ سبب ہے کہ اس پرورش کرنا خوب جانتی ہے اور بچے پر شفیق ہوتی ہے اور نکاح کرنے کے بعد وہ دوسرے خاوند کی مملوکہ ہوجاتی ہے اور وہ ایک اجنبی شخص ہے اور بھلائی کرنے کی اس سے امید نہیں اور ایک لڑکے کو آپ نے اختیار دیا کہ وہ خواہ باپ کے پاس رہے یا ماں کے پاس اور یہ جب ہے کہ جب وہ برائی بھلائی کی تمیز کرنے لگے معلوم کرو کہ انسان مدنی الطبع پیدا کیا گیا ہے اور باہمی معاونت کے بغیر اسکی زندگی قائم نہیں ہوسکتی اور معاونت بغیر باہمی الفت اور شفقت کے نہیں ہوسکتی اور الفت بغیر غمخواری و ہمدردی کے جانبین سے خاطرداری کے بغیر نہیں ہوسکتی اور معاونت کا کوئی مرتبہ مقرر نہیں بلکہ اسکے مختلف مرتبے ہیں جنکے اختلاف سے بھلائی اور صلہ بھی مختلف ہوا کرتا ہے ادنے مرتبہ اسکا ارتباط ہے جو باہم مسلمانوں کے ہوتا ہے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کی باہم بھلائی کو پانچ چیزوں میں محدود کیا ہے اور فرمایا حق المسلم علی المسلم خمس ردالسلام واعادۃ المریض واتباع الجنایز واجابت الدعوت وتشمیت العاطس۔ وفی روایۃ ستۃ السادس واذا استنصحک فانصح لہ۔ مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں سلام کا جواب دینا اور بیمار کی عیادت اور جنازہ سے پیچھے چلنا اور چھینکنے والے کے لئے دعا دینا اور ایک روایت میں چھ ہیں چھٹا یہ ہے کہ جب تجھ سے خیر خواہی چاہے تو تو اسکی خیر خواہی کرے۔ اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے اطعموا الجائع وفکوا العانی۔ بھوکے کو کھانا کھلاؤ اور قیدی کو چھوڑاؤ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ان پانچ یا چھ چیزوں میں لوگوں کو کچھ ایسی دقت نہیں ہوتی اور ان سے باہمی الفت ہوجاتی ہے اور اسکے بعد وہ ارتباط ہے جو ایک قبیلہ یا ہمجوار کے اندر یا اقارب میں ہوتا ہے پس ان لوگوں میں یہ چیزیں بھی ضرور ہوتی ہیں اور تعزیت و تہنیت اور آمد و رفت اور باہمی تحفہ و تحائف بھی ضروری ہے اور آنحضرت صلعم نے انکے لئے ایسے امور واجب کئے جس کے وہ پابند ہوں خواہ انکے وہ طالب ہوں یا منکر جیسا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من ملک ذا رحم محرم فھو حر۔ جو شخص اپنے ذی رحم محرم کا مالک ہو پس وہ حر ہے اور جیسے کہ دیتوں کے باب میں پھر وہ میل جول کہ ابین کنبہ کے ہوتا ہے جیسے بیوی و غلام لونڈی لیکن بیوی کے متعلق بھلائی تو ہم اسکو بیان کرچکے لیکن غلام و لونڈی کے متعلق بھلائی تو اسکے اپنے مرتبے گروانین ایک واجب جس کا کرنا انکو ضروری ہو خواہ چاہیں یا نہ چاہیں اور دوسرے درجہ کی بھلائی یہ ہے کہ اس کا کرنا انکو بہتر ہے ضروری نہیں لیکن پہلا مرتبہ وہ ہے جو آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے للمملوک طعامہ وکسوتہ ولا یکلف من العمل مالا یطیق۔ غلام کے لئے اس کا کھانا اور کپڑا ہے اور جو کام اس کے مقدور سے باہر ہو وہ اس سے نہ لیا جاوے اور اسکا کپڑا کھانا اسلئے ہے کہ وہ سید کی خدمت کے سبب سے اپنے کسب کرنے سے مجبور ہے لہذا ضروری ہوا کہ غلام کا لباس و طعام اسپر واجب ہو اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من قذف مملوکہ وھو بری مما قال جلد یوم القیمۃ جو شخص اپنے غلام پر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تہمت لگائے حالانکہ وہ اُسکے فعل سے بری ہے قیامت کے دن اُسپر کوڑے لگائے جائینگے اور نیز آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من جدع عبدہ فاعبد حر علیہ جو شخص اپنے غلام کے ناک کان کاٹے پس اُسپر اُسکا غلام آزاد ہے۔ میں کہتا ہوں اسمیں یہ بات ہے کہ اسمیں اُسکے اوپر بکلیت جاتے رہنے سے اُس مولا کے اُس فعل سے جو اُسنے کیا ہے زجر و توبیخ ہے اور رسول اللہ صلعم فرماتے ہیں لا یجلد فوق عشر جلدات الا فی حد من حدود اللہ۔ دس سے زیادہ وہ کوڑے نہ مارا جائیگا بجز کسی حد حدود خدا تعالےٰ سے میں کہتا ہوں اسمیں دروازہ ظلم کا مسدود کر دینا ہے۔ یا اس سے مراد یہ ہے کہ اُس ذات کے متعلق دس کوڑوں سے زیادہ عذاب دینے سے نہی ہے جیسے کہ مامور بہ کو ترک کرنے وغیرہ کے اور مراد حد سے وہ گناہ ہے جس کی شرع کے حق میں نہی آئی ہے اور جیسا کہ کسی قائل کا یہ قول ہے کہ تو حد کو پہونچ گیا اور میرے گمان میں یہ وجہ قریب تر بفہم ہے اس لئے کہ خلفاے راشدین حقوق شرع کے اندر دس سے زیادہ تعزیر کیا کرتے تھے اور دوسرا مرتبہ بھلائی کا وہ ہے جو آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے اذا صنع لاحدکم خادمہ طعامہ ثم جاء بہ وقد ولی حرہ دخانہ فلیقعدہ معہ فلیاکل فان کان الطعام مشفوہا قلیلا فلیضع فی یدہ منہ اکلۃ او اکلتین۔ جب تم میں سے کسی کا خادم کھانا پکائے پھر وہ اُس کے پاس کھانا ایسی حالت میں لائے کہ اُس کو اُس کا دھوان و حرارت لگا ہے پس اُس کو مناسب ہے کہ اُس کو اپنے پاس بٹھاوے اور اُس کے ساتھ کھانا کھاوے اور اگر تھوڑا سا ہے تو ایک یا دو لقمہ اُس کھانے میں سے اُسکے ہاتھ پر رکھدے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من ضرب غلاما لہ احدا لم یاتہ او لطمہ فان کفارتہ ان یعتقہ۔ جو شخص اپنے غلام کو بلا کسی حد کے جس کا وہ مرتکب ہوا مارے یا اُس کے طمانچہ دگائے تو اُس کا یہ کفارہ ہے کہ اس کو آزاد کر دے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے اذا ضرب احدکم خادمہ قد کرہ اللہ فلیمسک۔ تم میں سے جب کوئی شخص اپنے خدمتگار کو مارے اور وہ خدا تعالےٰ کا نام زبان پر لاوے تو اُس کو رک جانا چاہئے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من اعتق رقبۃ مسلما اعتق اللہ بکل عضو منہ عضوا من النار۔ جو شخص کسی مسلمان باندی غلام کو آزاد کر دے تو خدا تعالےٰ اُس کے ہر عضو کے مقابل میں اُس کے عضو کو آگ سے آزاد کر دیگا۔ میں کہتا ہوں آزاد کرنے کے اندر مسلمانوں کی جماعت کا اکٹھا کرنا قید سے رہا کر دینا ہے پس اس کی پوری پوری جزا دیا جائیگا اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من اعتق شقصا فی عبد اعتق کلہ ان کان لہ مال۔ جس شخص کا ایک غلام میں کچھ حصہ ہو اور وہ اُسے آزاد کر دے تو اگر اُس کے پاس مال ہے تو وہ سب آزاد ہو جائیگا۔ میں کہتا ہوں اس کا سبب وہی ہے جسکی نفس حدیث میں تصریح واقع ہوئی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خدا تعالےٰ کا کوئی شریک نہیں ہے اس سے مراد یہی ہے کہ آزاد کر دینا فی الواقع خدا تعالےٰ کی ملک میں اُس کا دے دینا ہے اور یہ بات خلاف ادب ہے کہ خدا کے ساتھ کسی کی ملک باقی رہے۔ اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من ملک ذا رحم محرم فھو حر۔ میں کہتا ہوں اس کا سبب صلہ رحم ہے پس خدا نے صلہ رحم کی ایک قسم کو اُن پر واجب کر دیا خواہ اُن کی مرضی ہو یا نہ ہو اور واجب کرنے کے لیے اس قسم کے صلہ رحم کو اس لئے خاص کیا کہ اپنے قریب کا مالک ہو جانا اور اُس پر تصرف کرنا اور غلاموں کی سی اُس سے خدمت لینا اُس پر بڑا ظلم ہے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا وارث امۃ الرجل منہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غیر معتقہ عن دبر منہ۔ جب ایک شخص کی لونڈی کی اسی شخص سے کچھ اولاد پیدا ہو تو وہ اُس کے مرنے کے بعد آزاد ہو گی میں کہتا ہوں اُس کا یہ راز ہے کہ اولاد کے ساتھ سلوک کرنا ہے تاکہ کوئی غیر شخص بیچ اسکے باپ کے اسکی ماں کا مالک نہ ہو جسکے سبب سے اسکو عار لاحق ہو اور شارع نے غلام پر مولا کی خدمت واجب کی اور بھاگنا اُس پر حرام کیا اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے ایما عبد ابق فقد برئی من الذمۃ حتی یرجع۔ جو غلام بھاگ گیا پس البتہ وہ اسلام کے عہد سے الگ ہو گیا یہانتک واپس نہ آئے اور آزاد کئے ہوئے پر شارع نے اس بات کو حرام کیا کہ بیچ اپنے موالی کے کسی اور کو اپنا والی نہ بنائے اور سب سے بڑھکر صلہ رحم والدین کے حقوق کی حرمت و عزت ہے رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے من اکبر الکبائر عقوق الوالدین۔ سب کبائر میں بڑھکر گناہ کبیرہ والدین کی نافرمانی ہے۔ اور والدین کے ساتھ سلوک کرنا چند امور سے پورا ہوتا ہے اُن کو کھلانا اور لباس دینا اور اگر اُن کو خدمت کی حاجت ہو تو خدمت کرنا اور جب وہ بلائیں تو اُنکا جواب دینا اور جب کسی بات کا بشرطیکہ وہ تعبیلہ معصیت سے نہ ہو حکم دیں اطاعت کرنا اور کثرت سے اُن کے پاس آمد رفت رکھنا اور نرمی کے ساتھ اُن سے بات چیت کرنا اور اُنسے ہوں تک نہ کہنا اور اُن کو نام لے کر نہ پکارنا اور اُنکے پیچھے پیچھے چلنا اور اگر اُنکا کوئی عیب کرے یا کوئی دکھ پہونچائے اُسکی مدافعت کرنا اور نشست و برخاست میں اُنکا وقار کرنا اور اُنکے لئے مغفرت کی دعا کرنا۔ واللہ اعلم۔

یہ باب سیاست شہروں کے اندر ہے

معلوم کرو کہ مسلمانوں کی جماعت کے اندر مصلحتوں کیلئے ایک خلیفہ کا ہونا ضروری ہے اسلئے کہ مصالح بغیر اُس کے پورے نہیں ہو سکتے اور وہ مصلحتیں اگرچہ کثرت سے ہوتی ہیں مگر دو قسموں میں منحصر ہوتی ہیں ایک تو یہ ہے کہ جس کا نتیجہ سیاست مدنیہ ہے یعنی اُن لشکروں سے مدافعت کرنا کہ جو اُن سے لڑے اور اُنکو مقہور کرنا اور ظالم کو مظلوم سے روکنا اور قضیے جھگڑوں کو فیصل کرنا اور علاوہ ان کے اور ہیں اور ان حوائج کی پیشتر ہم تشریح کر چکے ہیں اور دوسری قسم جسے مقصود بالذات کی اصلاح کرنی ہوتی ہے اور اُس کا بیان یہ ہے کہ دین اسلام کی عظمت تمام ادیان پر جب ہی ہو سکتی ہے کہ جب اہم مسلمانوں کے کوئی خلیفہ ہو جو دین سے خارج ہونیوالے اور اُس چیز کے مرتکب ہونے والے کو جسکی حرمت منصوص ہے یا اُس چیز کے ترک کرنیوالے کو جسکی فرضیت نص سے ثابت ہے سخت طور پر ممانعت اور انکار کرے اور باقی تمام ادیان کے لوگوں کو مطیع کر دے اور اُن سب پر باوجود اکثر سب سے خراج لیا کرے ورنہ وہ مرتبہ میں برابر ہونگے اور ایک فرقہ کو دوسرے فرقہ پر ترجیح ظاہر نہ ہو گی اور کوئی چیز سرکشی سے انکو روکنے والی نہ ہو گی رسول خدا صلعم نے تمام اُن حوائج کو چار باب کے اندر منحصر کر دیا ہے باب مظالم۔ باب حدود۔ باب قضا۔ باب جہاد۔ پھر ان ابواب کے کلیات منضبط کرنے اور جزئیات کے ائمہ کی رائے پر چھوڑ دینے اور اُنکو مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ پھیلانے کی نصیحت کرنے کی ضرورت ہوئی اور اُسکے کئی اسباب ہیں از انجملہ یہ ہے کہ جو شخص خلیفہ بنتا ہے وہ اکثر ظالم اور ستمگار اور اپنی خواہش نفسانی کا تابع ہوتا ہے اور حتی کہ تابعداری نہیں کرتا اسلئے رعایا میں فساد ڈالدیتا ہے اور اُس کا یہ فساد دو صلحتوں سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بدرجہا زیادہ ہوتا ہے جسکے لئے خلافت ہوتی ہے اور وہ خلیفہ اپنے افعال میں یہ حجت پیش کرتا ہے کہ وہ حق کے تابع ہے اور اسی بات میں اُسنے مصلحت سمجھی ہے پس ایسے کلیات کا ہونا ضروری ہے کہ جو شخص اُنکی مخالفت کرے اُسکو روکا جائے اور اُن کلیات کے ساتھ اُس سے مواخذہ کیا جائے اور اُن کلیات کے ذریعہ سے لوگ اُس خلیفہ پر حجت قائم کرسکیں اور از انجملہ یہ ہے کہ خلیفہ پر یہ بات واجب ہے کہ لوگوں کے سامنے ظالم کے ظلم کو ثابت کرے اور نیز یہ بات ثابت کرے کہ سزا حاجت سے زیادہ نہیں ہے اور قضیوں کے فیصلہ کرنیمیں اس بات کو ثابت کرے کہ اُس نے ٹھیک ٹھیک فیصلہ کیا ہے اور اگر یہ بات نہ ہوگی تو لوگ اُسکی خلافت میں اختلاف کرینگے اور جس کو ضرر پہنچا ہے اُسکے اور نیز اُسکے قرابت کے دلمیں خلیفہ کی طرف سے غصہ و جوش پیدا ہوگا جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ عذر کر بیٹھینگے اور اُنکے دلوں میں خلیفہ کیطرف سے بغض پیدا ہو جائیگا اور یہ سمجھینگے کہ حق اُنکی جانب ہے اور فساد عظیم کا سبب ہے، اور از انجملہ یہ ہے کہ بہت سے لوگ اس بات کو نہیں جانتے کہ سیاستِ مدن میں حق کیا ہوتا ہے پس وہ اجتہاد کرتے ہیں اور یمین و یسار حق کے راستہ سے پھر جاتے ہیں بعض آدمی تو نہایت سخت ہوتا ہے کہ وہ نہایت درجہ کی زجر و توبیخ ادنی خیال کرتا ہے اور بعض آدمی ایسا نرم ہوتا ہے کہ ادنی کو بھی بہت سمجھتا ہے اور بہت سے لوگ ایسے کانوں کے کچے ہوتے ہیں کہ جیسا مدعی نے کہا اُسکو سچ سمجھنے لگتے ہیں اور بعض ایسے سخت و ضدی ہوتے ہیں کہ خواہ مخواہ لوگوں کی نسبت بدظنی کرتے رہتے ہیں اور اُسکا احاطہ ناممکن تھا کیونکہ بمنزلہ تکلیف بالمحال کے ہے پس ضروری ہوا کہ اصول منضبط کئے جاویں اسلئے کہ اصول کے اندر اتنا خلاف نہیں ہے کہ جسقدر فروعات میں ہوتا ہے، اور از انجملہ یہ ہے کہ جب وہ قوانین شروع سے پیدا ہوئے ہیں تو وہ قربت الٰہی کے پیدا کرنے اور لوگوں کے اندر حق کا ذکر پائے جانے میں نماز روزہ کے مثل ہیں، الحاصل جو لوگ قوتِ شہوانیہ یا سبعیہ کے تابع ہوتے ہیں بالکل اُنکو اختیار دیدینا ناممکن ہے اور خلفاے میں عصمت اور ظلم سے محفوظ رہنا متمیز نہیں ہوسکتا اور جن مصلحتوں کا ہم نے تشریع اور ضبط مقدار کے اندر بیان کیا ہے سب وہ وہاں موجود ہے واللہ اعلم،

خلافت کا بیان

معلوم کرو کہ خلیفہ میں عاقل بالغ آزاد مرد شجاع، ذیہوش اور گویا ہونا اور اُن لوگوں میں سے ہونا شرط ہے کہ لوگ اُسکی اور اُسکی قوم کی شرافت مانتے ہوں اور اُسکی فرمانبرداری سے عار نہ کرتے ہوں اور یہ بات جانتے ہوں کہ سیاستِ مدنی میں یہ حق کا اتباع کریگا یہ سب باتیں عقل سے معلوم ہوسکتی ہیں اور یہ ایسے امور ہیں کہ تمام مختلف ملکوں اور مختلف ادیان کے لوگوں کا خلیفہ کے اندر ان باتوں کی شرط ہونے کا اتفاق ہے اس لئے کہ سب لوگ اس بات کو جانتے ہیں کہ خلیفہ کے مقرر کرنے سے جو مصلحت مقصود ہے وہ بغیر ان امور کے تمام نہیں ہوسکتی اور ان امور میں سے کوئی امر بھی اگر بجا نہ لاسے تو لوگ اُسکو نامناسب خیال کرتے ہیں اور اُن کے دلوں میں اس کا خلیفہ ہونا ناگوار گذرتا ہے اور اگرچہ وہ بظاہر سکوت کر بیٹھتے ہیں مگر اُن کے دلوں میں ناخوشی ہوتی ہے چنانچہ لک فارس ہیں جب لوگوں نے ایک عورت کو اپنا بادشاہ بنایا تو رسول صلعم نے فرمایا جس قوم نے عورت کو اپنے اوپر حاکم بنایا وہ ہرگز فلاح کو نہ پہونچیگی اور ملت محمدیہ نے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علاوہ ان امور کے نبی کے خلیفہ ہونیمیں چند اور امور کا بھی اعتبار کیا جنمیں اسلام اور علم اور عدالت بھی ہے اسلئے کہ دینی مصالح بدون ان امور کے تمام نہیں ہوتے اسلئے کہ تمام مسلمانوں نے اسی پر اتفاق کیا ہے اور اسکی حجت یہ آیت ہے وعد اللہ الذین امنوا منکم وعملوا الصلحت لیستخلفنھم فی الارض کما استخلف الذین من قبلھم سے فاولئک ھم الفاسقون تک تم میں سے جو لوگ ایمان لائے ہیں اور اچھے کام کئے ہیں ان سے خدا تعالےٰ نے وعدہ کرلیا ہے کہ وہ بلاشبہ انکو زمین میں خلیفہ بنائیگا اور ازانجملہ اسکا قریشی ہونا چاہئے کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے الائمہ من قریش۔ ائمہ قریش میں سے ہونگے اور اس کا سبب یہ ہے کہ حق جسکو خدا تعالےٰ نے اپنے نبی صلعم کی زبان پر ظاہر کیا ہے وہ قریش کی زبان میں اور انہیں کی عادت کے موافق نازل ہوا ہے اور اکثر مقادیر اور حدود کی تعیین انہیں چیزوں کیساتھ کیگئی ہے جو انہیں میں موجود تھیں اور بہت سے احکام انہیں کے معاملات کے متعلق نازل ہوئے ہیں پس سب سے زیادہ ان احکام کو قائم کرنیوالے اور انسے دلیل کرنیوالے وہی لوگ ہیں اور نیز قریش آنحضرت صلعم کی قوم اور آپ کا گروہ ہیں اور ان کا سارا فخر دین محمدی کے بلند ہونیمیں ہے پس انکی غیرت دینی و نسبی دونوں پائی جاتی ہیں پس وہی لوگ شرائع کے قائم کرنے اور انسے استدلال کرنیکے قابل ہیں اور نیز خلیفہ کو ایسا شریف النسب والحسب ہونا چاہئے جسکی فرمانبرداری سے لوگ عار نہ کرسکیں اسلئے کہ جس شخص کا نسب عمدہ نہیں ہوتا ہے اسکو حقیر و ذلیل جانتے ہیں اور نیز خلیفہ ان لوگونمیں سے ہونا چاہئے جنمیں قدیم سے ریاست و شرافت اور لوگوں کے جمع کرنے اور قتال کے قائم کرنے کا مادہ اور ملکہ چلا آیا ہے اور نیز اسکی قوم کے لوگ قوی ہونے چاہئے جو اسکی حمایت و مدد کرسکیں اور اسکی خاطر اپنی جانیں دیسکیں اور یہ سب امور بجز قریش کے کسی قوم کے نہیں پائے جاتے خاصکر جب رسول خدا صلعم مبعوث ہوئے اور قریش کا درجہ اور بے انتہا بلند ہوگیا حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اسکی طرف اشارہ کیا ہے اور فرمایا خلافت کا امر بجز قریش کے ہرگز کسی کیلئے نہیں معلوم ہوتا وہ تمام عرب میں خاندان کے اعتبار سے درمیان میں واقع ہوئے ہیں اور خلیفہ کا مثلاً ہاشمی ہونا بدو وجہ شرط نہیں کیا گیا ایک تو یہ کہ لوگونکو اس سے شک واقع نہ ہو اور یہ کہنے کی گنجائش نہ ہو کہ نبی کو اپنے گھرانے کی بادشاہت مقصود ہے جسطرح بادشاہ ہونکو ہوتی ہے اور یہ بات انکے ارتداد کا سبب ہوا اور یہی وجہ تھی کہ رسول خدا صلعم نے عباس بن عبدالمطلبؓ کو بیت اللہ کی کنجی عطا نہیں فرمائی اور دوسری وجہ یہ ہے کہ خلافت کے اندر نہایت ضروری امر خلیفہ سے لوگونکا راضی ہونا اور اسپر اتفاق کرنا اور اسکی توقیر کرنا اور خلیفہ کا لوگوں پر حدود کا قائم کرنا اور دین کی خاطر قتال کرنا اور احکام نافذ کرنا ہے اور یہ سب امور کسی نہ کسی شخص میں جمع ہوسکتے ہیں اس بات کی شرط کرنیمیں کہ خلیفہ ایک خاص قبیلہ سے ہو لوگونکو وقت اور حرج ہے کیونکہ بسا اوقات ہوسکتا ہے کہ اس قبیلہ میں کوئی شخص ان اوصاف کا جامع نہ پایا جائے اور دوسرے قبیلہ میں ایسا شخص موجود ہو اسیوجہ سے فقہا کہتے ہیں کہ چھوٹی سی بستی حاکم ہونے کیلئے اس شخص کی سب سے نزدیک مسلم ہونا شرط نہیں ہے اور بڑی بستی ہی شرط ہے اور خلافت کے انعقاد کی کئی صورتیں ہیں ایک تو اہل حل وعقد یعنے علماء اور رؤسا اور لشکر کے افسروں کا دملی ہذا القیاس ان لوگونکا بیعت کرلینا جنکی عقل کو مسلمانوں کی خیر خواہی میں دخل ہے جسطرح حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت منعقد ہوئی اور ایک صورت یہ ہے کہ خود خلیفہ ہی لوگوں کو دوسرے کے خلیفہ کرنے کی وصیت کرے جسطرح حضرت عمرؓ کی خلافت ہوئی یا خلافت کی بابت قوم کے اندر کسی خاص شخص کیلئے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشورہ کیا جائے جسطرح حضرت عثمان بلکہ حضرت علی رضی اللہ عنہما کی خلافت کا انعقاد ہوا۔ یا کوئی شخص جو ان اوصاف کا جامع ہو لوگوں پر استیلاء اور تسلط کر کے خلیفہ ہو جائے جسطرح خلافت نبوت کے بعد اور خلفاء کی خلافت ہے پھر اگر کوئی ایسا شخص جو ان اوصاف کا جامع نہ ہو لوگوں پر غلبہ حاصل کرے تو اسکی مخالفت پر بھی جرات نہ کرنی چاہئے اسلئے کہ غالباً اب وہ شخص بغیر لڑائیوں اور جھگڑوں کے خلافت سے معزول نہیں ہو سکتا ہے اور یہ فساد بہ نسبت اس مصلحت کے بہت بڑا ہے خلافت سے جو مقصود ہوتی ہے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کسی نے عرض کیا ہم ان ائمہ سے قتال نکریں آپ نے فرمایا نہیں جبتک وہ تمہارے اندر نماز کو قائم رکھیں اور فرمایا مگر جس صورت میں تم صریح کفر دیکھو اور خدا کی طرف سے تمہارے پاس اسکی دلیل موجود ہو۔ الحاصل جب خلیفہ ضروریات دین میں سے کسی ضروری حکم کا منکر ہو کر کافر ہو جائے تو اس کے ساتھ قتال کرنا درست بلکہ واجب ہے ورنہ نہیں اس واسطے کہ کفر کے وقت میں اسکو خلیفہ کرنے سے جو مصلحت مقصود تھی وہ فوت ہو گئی بلکہ لوگوں میں اسکے فساد پھیلانے کا اندیشہ ہے پس اس کے ساتھ قتال کرنا خدا کی راہ میں جہاد کرنا ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے السمع والطاعۃ علی المرء المسلم فیما احب وکرہ مالم یؤمر بمعصیۃ واذا امر بمعصیۃ فلا سمع ولا طاعۃ مانا اور سچا آدمی کرنا مرد مسلمان پر ان چیزوں میں جنکو وہ پسند کرے اور ناپسند کرے جبتک ہے کہ اسکو معصیت کا حکم نہ دیا جائے اور جب معصیت کا حکم دیا جائے تو نہ ماننا چاہئے نہ سننا چاہئے میں کہتا ہوں امام دو قسم کی مصلحتوں کے لئے جن سے دین اور ملک کا انتظام مقرر ہوتا ہے اور رسول خدا صلعم بھی انہیں دونوں مصلحتوں کی غرض سے مبعوث ہوئے تھے اور امام آنحضرت صلعم کا نائب اور آپ کے حکم نافذ کرنیوالا ہے لہذا اسکی فرمانبرداری رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری اور اس کی نافرمانی آپ کی نافرمانی ہے مگر جب امام معصیت کا حکم دے تو یہ بات ظاہر ہے کہ اسکی فرمانبرداری خدا تعالیٰ کی فرمانبرداری نہیں ہے اور وہ شخص آپ کا نائب نہیں ہے اسی لئے رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے ومن یطع الامیر فقد اطاعنی ومن عصی الامیر فقد عصانی۔ اور جو شخص امیر کی اطاعت کرے اس نے میری اطاعت کی اور جو اسکی نافرمانی کرے اس نے میری نافرمانی کی اور فرمایا ہے انما الامام جنۃ یقاتل من ورائہ ویتقی بہ فان امر بتقوی اللہ وعدل فان لہ بذلک اجرا وان قال بغیرہ فان علیہ منہ۔ امام تو ایک ڈھال ہے جسکی پناہ لیکر قتال کیا جاتا ہے اور جس کے سبب سے لوگوں کو بچاؤ ہوتا ہے پھر اگر امام خدا کے خوف اور ہدایت کا حکم کرے تب تو اس کے لئے اس کا اجر ہے اور اگر کچھ کہے تو اسپر جو کچھ ہے اس کی طرف سے ہے۔ میں کہتا ہوں کہ امام کو بمنزلہ ڈھال کے اسلئے فرمایا کہ امام کے سبب سے سب مسلمان ایک زبان ہو جاتے ہیں اور انپر کوئی آفت نہیں آسکتی اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من رای من امیرہ شیئا یکرہہ فلیصبر فانہ لیس احد یفارق الجماعۃ شبرا فیموت الا مات میتۃ جاہلیۃ۔ جو شخص اپنے امیر سے کوئی ناپسند بات دیکھے تو اسکو اسپر صبر کرنا چاہئے کیونکہ کوئی شخص ایسا نہیں جو جماعت سے بالشت بھر بھی جدا ہو کر مر جائے مگر جاہلیت کی موت مریگا۔ میں کہتا ہوں اسلام جاہلیت سے انہیں دو وجہ سے ممتاز ہے اور خلیفہ ان دونوں مصلحتوں میں نائب رسول ہوتا ہے پس جب کسی شخص نے ان مصلحتوں کے نافذ کرنے اور ان کے قائم کرنیوالے سے مخالفت کی تو وہ جاہلیت کے مشابہ ہو گیا اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من عبد یستر عیہ اللہ رعیۃ فلم یحطہا بنصیحۃ الا لم یجد رائحۃ الجنۃ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کوئی بندہ ایسا نہیں جسکو خدا تعالےٰ کسی رعیت کا اسکو حاکم بنائے اور خیر خواہی کے ساتھ وہ اسکی حفاظت نہ کرے مگر جنت کی بو اسکو نہ ملیگی میں کہتا ہوں چونکہ خلیفہ کا مقرر کرنا مصلحتوں کے قائم کرنے کے لئے تھا لہذا ضروری ہوا کہ جیسے لوگوں کو خلیفہ کی فرمانبرداری کا حکم کیا گیا ہے اسیطرح خلیفہ کو بھی ان مصلحتوں کے ایفاء کا حکم کیا جائے تاکہ جانبین سے مصلحتیں پوری ہوسکیں پھر چونکہ امام سے یہ بات نہیں ہوسکتی کہ خود صدقات کو بھی وصول کرے اور عشر بھی لے لہذا تمام اطراف کے مقدمات فیصل کرے لہذا اعمال و قضاۃ کا بھیجنا ضروری ہوا اور چونکہ وہ سب کام چھوڑ کر مصالح عامہ میں سے ایک کام میں مشغول ہوئے لہذا بیت المال میں انکا روزینہ مقرر کرنا ضروری ہوا چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق جب خلیفہ ہوئے تو انہوں نے اسکی طرف اشارہ فرمایا ہے اور فرمایا کہ میری قوم جانتی ہے کہ میری تجارت میرے کنبہ کا خرچ اٹھانے سے عاجز نہ تھی اور میں مسلمانوں کے کام میں مشغول ہوگیا لہذا اب ابوبکرؓ کی اولاد اس مال سے یعنے بیت المال سے کھائیگی۔ اور وہ یعنی ابوبکر مسلمانوں کے لئے محنت کریگا پھر ضروری ہوا کہ عامل کو سہولت سے کام لینے کا حکم دیا جائے اور فریب و رشوت سے اسکو منع کیا جائے اور لوگوں کو اسکی فرمانبرداری کا حکم کیا جائے تاکہ مصلحت پورے طور سے حاصل ہو چنانچہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان رجالا یخوضون فی مال اللہ بغیر حق فلھم النار یوم القیمۃ۔ بعد لوگ خدا تعالےٰ کے مال میں بغیر حق کے تصرف کرتے ہیں پس قیامت کے دن انکے لئے آگ ہے اور فرمایا ہے من استعملناہ علی عمل فرزقناہ رزقا فما اخذ بعد ذلک فھو غلول۔ جس کسی کو ہم کسی کام کے لئے مقرر کریں اور اس کو کچھ قوت دیں پھر بعد اسکے بھی اگر وہ لے تو خیانت ہے اور آنحضرت صلعم نے راشی اور مرتشی پر لعنت کی ہے اور اسکی وجہ یہ ہے کہ رشوت کا لینا دینا مصلحت مقصودہ کے منافی اور باب مفاسد کے مفتوح ہونے کا سبب ہے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لانستعمل من طلب العمل۔ جو شخص عامل ہونا چاہے ہم اسکو عامل نہ کرینگے میں کہتا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ مال ہونے کی خواستگاری اکثر خواہش نفسانی سے خالی نہ ہوگی اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے اذا جاء کم العامل فلیصدر وھو عنکم راض۔ جب تمہارے پاس عامل آئے تو مناسب ہے کہ وہ تم سے خوش ہو کر واپس ہو پھر یہ ضرور ہوا کہ عمال کو انکے عمل کے بدلہ میں جو کچھ دیا جائے اس کا اندازہ ہونا چاہیے تاکہ امام اسمیں کمی و بیشی نہ کریں اور نہ عامل خود اس میں کچھ زیادتی کرسکے۔ پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا من کان لنا عاملا فلیکتسب زوجۃ فان لم یکن لہ خادم فلیکتسب خادما فان لم یکن لہ مسکن فلیکتسب مسکنا۔ جو شخص ہمارا عامل ہو اسکو چاہیے کہ ایک بیوی کرے پھر اگر اس کے پاس خدمتگار نہ ہو تو ایک خدمتگار رکھے پھر اگر اسکے پاس گھر نہ ہو تو ایک گھر لیلے۔ پس جب امام عامل کو سال بھر کے صدقات تحصیل کرنے کو بھیجے تو اسکو مناسب ہے کہ ان صدقات میں سے اسکو اتنا مقرر کردے کہ جو اسکے خرچ کو بھی کافی ہوجائے اور اسقدر بچ بھی رہے کہ ان حوائج میں سے کسی حوائج کو پورا کرسکے کیونکہ زیادہ کی کوئی حد نہیں ہے اور بدون زیادتی کے صرف خرچ کیلئے کافی ہوجانے کی خاطر عامل عمل کی محنت گوارا نہ کریگا۔ اور نہ اسکی طرف توجہ کریگا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مظالم کا بیان

معلوم کرو کہ جن مقاصد کے لئے انبیاء علیہم السلام مبعوث کئے گئے ہیں انمیں سے ایک مقصود اعظم یہ ہے کہ لوگوں سے باہمی مظالم دور ہو جائیں کیونکہ انمیں باہم ظلم کا ہونا اُن کی حالت کے خراب ہونے اور دنیا کے واقع ہونے کا سبب ہے اور یہ بات مستغنی عن البیان ہے؛ اور مظالم کی تین قسمیں ہیں؛ جان پر تعدی کرنا؛ اور لوگوں کے اعضاء پر تعدی کرنا؛ اور انکے مالوں پر تعدی کرنا؛ پس حکمت الٰہی کا مقتضیٰ ہوا کہ ان اقسام میں سے ہر قسم کی نہایت تاکید کے ساتھ پوری سزا کی جائے جسکی سبب سے دوبارہ اُن کے مرتکب ہونے سے باز رہیں؛ اور یہ بات نامناسب تھی کہ سب سزائیں ایک درجہ کی ہوتیں اسلئے کہ قتل کرنا ہاتھ یا پیر کے کاٹنے کے برابر نہیں ہو سکتا ہے اور نہ ہاتھ و پیر وغیرہ مال کے ہلاک کرنے کے برابر ہو سکتا ہے اور جن خواہشوں سے یہ مظالم پیدا ہوتے ہیں اُنکے مراتب مختلف ہوں پس یہ بات ظاہر ہے کہ کسی شخص کا عمداً قتل کرنا ایسا نہیں ہے جیسے تساہل جو کوئی خطا کا سبب ہو جائے پس سب سے بڑھکر ظلم قتل ہے اور تمام اہل ادیان کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قتل سب گناہوں میں بڑھکر گناہ ہے کیونکہ اسمیں خواہش غضب میں نفس کی اطاعت ہے اور لوگوں میں فساد ڈالنے کا بڑا سبب ہے اور اسمیں خلق الٰہی کے تغیر اور بنیاد الٰہی کا منہدم کرنا ہے؛ اور خدا تعالیٰ نے اپنے بندوں سے جو نوع انسانی کا پھیلانا چاہا ہے اسمیں اُسکی مخالفت پائی جاتی ہے اور قتل کے تین قسم ہیں قصداً خطاءً مشابہ قصداً قتل عمد اُس قتل کا نام ہے جس ایسی چیز سے جان کا نکالنا قاتل کا مقصود ہو جو اکثر خواہ اپنی تیزی سے خواہ اپنے بوجھ سے مار ڈالنے والی ہو۔ اور قتل خطا اس قتل کا نام ہے جسمیں اس انسان کا مارنا مقصود نہیں ہوتا مگر اتفاق سے وہ چیز اُس تک پہونچکر اُس کو قتل کر دے مثلاً کوئی شخص دوسرے شخص پر گر پڑے اور وہ مر جائے یا کسی درخت کیطرف کوئی تیر وغیرہ چلاوے اور کسی انسان کے وہ تیر لگ کر اُسکو ہلاک کر دے؛ اور مشابہ بالعمد کی صورت یہ ہے کہ کسی شخص کو ایسی چیز سے مارے جو غالباً ہلاک نہیں کرتی مگر وہ شخص اُس سے ہلاک ہو جائے جیسے کوئی شخص کسی کے کوڑا یا لاٹھی مارے اور وہ مر گیا اور قتل کی تین قسمیں اسلئے کی گئیں کہ ہم پہلے اشارہ کر چکے ہیں کہ سزا ایسی ہونی چاہیئے جو داعیۂ نفسانی اور مفسدہ کی معاومت کر سکے اور داعیہ اور فساد کی مراتب مختلف ہیں پس چونکہ قتل عمد میں فساد زیادہ ہے اور اُس کا داعیہ بھی قوی ہے لہذا اُس میں سخت سزا کا دینا مناسب ہوا تاکہ پورے طور پر اُسکے ارتکاب سے روکے اور قتل خطاء میں چونکہ فساد بھی کم ہے اور داعیہ بھی ضعیف ہے لہذا ضروری ہوا کہ اُسکی سزا میں تخفیف کی جائے اور رسول خدا صلعم نے عمد اور خطا کے مابین ایک اور قسم کا استنباط فرمایا ہے اس لئے کہ وہ دونوں کے مابین واسطہ ہے اور دونوں کے ساتھ اُسکو مشابہت ہے پس ان دونوں میں سے ایک میں اُسکا داخل ہونا نامناسب ہے قتل عمد کے باب میں یہ آیت نازل ہوئی ہے ومن یقتل مومنا متعمدا فجزاءہ جہنم خالدا فیہا وغضب اللہ علیہ واعد لہ عذابا عظیما۔ اور جو کوئی کسی مومن کو عمداً قتل کر ڈالے تو اُس کی جزا جہنم ہے درانحالیکہ وہ اُس میں ہمیشہ رہیگا اور اُس پر خدا تعالیٰ کا غضب اور اُس کی لعنت ہوگی اور خدا تعالیٰ نے اُس کے لئے عذاب عظیم تیار کر رکھا ہے ظاہر اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس قاتل کی کبھی مغفرت

مکتبہ فلاں وہرایں سے مزید ممنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہ ہوگی اور حضرت ابن عباسؓ کا مذہب یہی ہے مگر ظاہر سنت سے یہ معلوم ہوتا ہے اور جمہور کا بھی یہی مذہب ہے کہ اسکا حال بھی اور گناہوں کا سا ہے اور یہ تشدیدات زجر کے طور پر ہیں اور اسکے جہنم میں مدت دراز تک رہنے کو خلود کیساتھ تشبیہ پائی جاتی ہے اور اسکے کفارہ میں اختلاف ہے کیونکہ خدا تعالیٰ نے قتل عمد کے مسئلہ میں کفارہ کی تصریح نہیں فرمائی اور اللہ پاک نے فرمایا ہے یاایہا الذین امنوا کتب علیکم القصاص فی القتلی الحر بالحر والعبد بالعبد والانثی بالانثی۔ اے ایمان والوں مقتولوں میں تم پر قصاص لکھا گیا حر کے بدلہ میں حر غلام کے بدلہ میں غلام اور عورت کے بدلہ میں عورت اخیر تک۔ یہ آیت عرب کے قبائل میں سے دو قبیلوں کے باب میں نازل ہوئی ہے ایک قبیلہ انمیں سے نسبت دوسرے کے شریف تھا پس گھٹیا قبیلہ کے لوگوں نے اس شریف قبیلہ کے کچھ لوگوں کو قتل کر ڈالا تو شریف قبیلہ نے کہا کہ ہم بدلے غلام کے حر اور عورت کے بدلہ مرد ہلاک کرینگے اور ہم میں سے جو زخمی ہوا ہے اسکے بدلہ میں دوچند زخمی کرینگے اور آیت کے معنی واللہ اعلم یہ ہیں کہ مقتولین میں صفات خاصہ کا مثل عقل اور جمال اور صغیر و کبیر اور شریف یا مالدار ہونیکا اعتبار نہیں ہے وعلیٰ ہذا القیاس بلکہ صرف نام اور مظان کلیہ کا اعتبار ہے اسلئے ہر عورت دوسری عورت کے برابر ہے لہذا سب عورتوں کی دیت ایک ہے مقرر کی گئی ہے اگرچہ اوصاف میں تفاوت ہو اور اسی طرح ہر حر دوسرے حر کا مثل اور ہر غلام دوسرے غلام کا مانند ہے پس قصاص کے معنی برابری اور اس بات کے ہیں کہ دو شخص ایک ہی درجے میں سمجھے جائیں اور ایک کو دوسرے پر فضیلت نہ دیجائے قصاص کے معنی اسکے بدلہ میں قتل کرینگے ہرگز نہیں ہیں۔ پھر سنت سے یہ بات ثابت ہوئی کہ مسلمان کافر کے عوض میں قتل نہ کیا جائیگا اور نہ حر غلام کے بدلہ مگر مرد عورت کے بدلے قتل کیا جائیگا اسلئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بادی کے بدلے یہودی کو قتل کیا اور آنحضرت صلعم نے ہمدان کی حکام کیطرف جو نامہ روانہ فرمایا اسمیں یہ لکھا ہوا تھا کہ عورت کے بدلے مرد قتل کیا جائے اور اسکا سبب یہ ہے کہ قیاس اس صورت میں مختلف ہے کیونکہ مرد و عورت تو پیر بزرگ اور حاکم ہونے کا تو یہ مقتضی ہے کہ عورتوں کے بدلہ مرد سے قصاص نہ لیا جائے اور دونوں کی جنس ایک ہی ہے صرف فرق صغیر و کبیر اور قوی الجثہ اور ضعیف کا سا ہے اور اس قسم کی رعایت کرنا ایک دشوار بات ہے اور بہت سی عورتیں باعتبار عمدہ عادات کے مردوں سے بہتر ہوتی ہیں اس کا مقتضی یہ ہے کہ عورتوں کے بدلے انسے قصاص لیا جائے پس ضروری ہوا کہ دونوں قیاسوں پر عمل کیا جائے اور عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ قتل میں قصاص کا اعتبار کیا گیا نہ دیت میں اور یہ اسلئے کیا گیا کہ عمداً قتل کرنیوالے نے اسکی جان کا قصد کیا اور اسپر تعدی کا قصد کیا اور جو شخص قصداً تعدی کرنیوالا ہو تو اس تعدی کو اس سے پورے طور پر دفع کرنا چاہیئے عورت صاحب شوکت نہیں ہے اور اسکے قتل کرنیمیں کوئی دقت واقع نہیں ہوتی بخلاف مردوں کے قتل کرنے کے کہ ایک مرد دوسرے سے قتال کرتا ہے لہذا یہ صورت قصاص واجب کرنیکے لئے زیادہ مناسب ہوئی تاکہ پھر دوبارہ ایسے کام سے باز رہے اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے کہ لایقتل مسلم بکافر کہ کافر کے بدلے مسلمان قتل کیا جائے میں کہتا ہوں کہ اسکی یہ وجہ ہے شرع کا مقصود اعظم ملت محمدی کا بلند کرنا ہے اور یہ بات سوقت حاصل ہو سکتی ہے کہ مسلمان کو کافر پر فضیلت دیجائے اور انمیں باہم برابری نہ کیجائے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لایقاد الوالد بالولد بیٹے کے بدلہ ماں باپ سے قصاص نہ لیا جائے گا اسکا سبب یہ ہے کہ والدین کی محبت اور شفقت اولاد پر نہایت ہوتی ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں والدین کا قتل پر اقدام کرنیمیں ایسی بات کا ظن غالب ہوتا ہے کہ انہوں نے قتل کا قصد نہیں کیا اگرچہ قصد کرنے کی علامات پائی جائیں یا وہ قتل کسی ایسے سبب سے ہوا ہے جس نے قتل کو مباح کر دیا اور جس طرح ایسے آلہ کا استعمال کرنا جو غالباً قتل نہیں کرتا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ قاتل نے جان سے مار ڈالنے کا قصد نہیں کیا والدین کا مارنا بھی اس بات پر اس سے کم دلالت نہیں کرتا اور اس قتل میں جو مشابہ بالعمد آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من قتل فی عمیۃ فی رمی یکون قسمہ بالحجارۃ اور جلد بالسیاط او ضرب بعصا فھو خطاء وعقلہ عقل الخطاء۔ جو شخص کسی فتنہ میں مارا جاے جسکے اندر لوگوں میں پتھر یا کوڑہ یا لٹھ چلے تو وہ قتل خطا ہے اور اسکی دیت وہی ہے جو قتل خطا کی ہوتی ہے۔ میں کہتا ہوں اسکے یہ معنی ہیں کہ وہ خطاء کے مشابہ ہے اور وہ قصد نہیں ہے اور اسکی دیت فی الحقیقت اسی کی دیت ہے اور امتیاز صرف صفت کے اعتبار سے ہے یا یہ معنی ہیں کہ قتل خطا اور اسمیں سونا وچاندی کے اعتبار سے کچھ فرق نہیں اور دیت متعلظہ میں روائتیں مختلف ہیں ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ دیت متعلظہ میں چار قسم کے اونٹ دینے چاہئیں۔ پچیس جذعہ اور پچیس حقہ اور پچیس بنت لبون اور پچیس بنت مخاض اور آنحضرت صلعم سے ایک روایت ہے کہ اگر کوڑے یا لاٹھی سے قصداً خطاء سے قتل ہو جاے تو سو اونٹ آتے ہیں جنمیں سے چالیس گابھن اونٹنیاں ہوں اور ایک روایت میں تیس حقے اور تیس جذعے اور چالیس گابھن اونٹنیاں آتی ہیں اور اگر اپنے طور پر رضامندی سے جو کچھ کم وبیشی کرے تو جائز ہے اور قتل خطا میں دیت مخففہ آتی ہے جسمیں پانچ قسم کے اونٹ دینے آتے ہیں ۲۰ بنت مخاض ۲۰ ابن مخاض ۲۰ بنت لبون ۲۰ حقے ۲۰ جذعے ان دونوں قسموں میں عاقلہ پر تین برس کے اندر دیت دینی واجب ہوتی ہے اور چونکہ ان اقسام کی مراتب مختلف ہیں اسلئے کئی وجہ سے تخفیف وتغلیظ کا قتل کے اندر لحاظ کیا گیا ایک تو یہ کہ قاتل کو مار ڈالنے کا حکم صرف قتل عمد میں دیا گیا اور باقی دو قسموں میں دیت کا حکم دیا گیا اور یہود کی شریعت میں بجز قصاص کے کچھ اور نہ تھا لہذا خدا تعالےٰ نے اس امت کی لئے تخفیف کی پس قتل عمد کا بدلہ دو باتوں میں سے ایک مقرر کیا قتل یا مال کیونکہ بسا اوقات مال وارثوں کیلئے انتقام لینے سے زیادہ تر مفید ہوتا ہے اور نیز اسمیں ایک مسلمان کی جان بچتی ہے اور ایک قتل عمد میں خود قاتل سے دیت لیجاتی ہے اور ان دو قسموں میں عاقلہ سے دیت لیجاتی ہے تاکہ اسمیں سخت ممانعت پائی جاے اور قاتل کیلئے ابتلاے عظیم ہو جس سے پورے طور پر اسکے مال پر صدمہ پہنچے اور غیر عمد میں عاقلہ (محلہ والوں) سے اسلئے دیت لیجاتی ہے کہ کسی کا خون کرنا نہایت فساد عظیم ہے اور مصیبت زدوں کے قلوب کی تسلی شرع کو مقصود ہے ایسے وقت میں قاتل سے تساہل کرنا گناہ عظیم ہے جسمیں اسکو تنگ کرنا ضروری ہے پھر چونکہ ذوی الارحام پر صلہ رحم واجب ہے اس لئے حکمت الٰہیہ کا مقتضیٰ ہوا کہ اسمیں سے کچھ خواہ مخواہ اپنے اوپر واجب کیا جاے اور دو سبب سے یہ بات متعین ہوئی ایک تو یہ کہ خطا پر اگرچہ تساہل کیوجہ سے مواخذہ کرنا چاہئے مگر انتہا درجہ کا مواخذہ کرنا مناسب ہوا پس لوگوں نے پنے ذوی رحم کیطرف سے جو چیز واجب کیجاے وہ ایسی چیز ہونی چاہئے جسمیں اسپر تخفیف ضروری ہے اور دوسری یہ کہ عرب کے لوگ مصیبت کیوقت جان ومال سے اپنے ساتھ کے آدمی کی مدد کرنیکو مستعد ہو جاتے تھے اور اسکو ایک صلہ ضروری اور لازمی حق سمجھتے تھے اور اسکے ترک کو بڑی نافرمانی اور قطع رحم خیال کرتے تھے پس انکی اس عادات کا مقتضیٰ ہوا کہ یہ امر انکے لئے مقرر کیا جاوے اور ازانجملہ یہ ہے کہ قتل عمد کی دیت سال بھر کے اندر اندر واجب کرتی اور غیر عمد کی تین برس تک مہلت دینے میں ایک قسم کی تخفیف پائی جاتی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جسکو ہم بیان کر چکے ہیں اور دیت میں اصل یہ ہے کہ اسمیں بہت سا مال واجب ہونا چاہیئے جسکا لوگوں پر بار گذرے اور انکے کمی پڑے اور لوگوں کے نزدیک اسکی قدر ہو اور اسقدر مال ہونا چاہیئے کہ جسکو بہت محنت اٹھا کر ادا کر سکیں تاکہ زجر کے معنی اسمیں پائے جاویں اور یہ مقدار اشخاص کے مختلف ہونے سے مختلف ہوتی ہے اور اہل جاہلیت نے دیت میں دس اونٹ مقرر کر رکھے تھے پس عبدالمطلب نے جب یہ دیکھا کہ اسقدر مال ادا کرنے سے لوگ قتل سے باز نہیں رہتے تو سو اونٹ دیت میں مقرر کر دیئے اور آنحضرت صلعم نے بھی اسکو برقرار رکھا اسواسطے کہ ان دنوں عرب میں اونٹوں کی کثرت تھی مگر آنحضرت صلعم نے جب اس بات کو معلوم کیا کہ آپکی شریعت تمام عرب اور عجم بلکہ تمام دنیا پر لازم ہے اور تمام ملکوں میں اونٹوں کی کثرت نہیں ہوتی لہذا آپ نے سونے سے ہزار دینار اور چاندی سے بارہ ہزار درہم دیت کے لیئے مقرر فرمائے اور گائے بیل سے دو سو اور بکریوں سے دو ہزار دیت لینے مقرر فرمائے اور اسکا سبب یہ ہے کہ تین برس کے اندر سو مردوں پر اگر ہزار دینار تقسیم کئے جاویں تو ایک سال میں فی آدمی تین دینار سے کچھ زیادہ ہوتے ہیں اور دراہم سے کچھ اگلے تیس درہم ہوتے ہیں اور یہ اتنی مقدار ہے کہ اس سے کم کے ادا کرنیمیں لوگونکو کچھ پرواہ نہیں ہوتی اور قبائل متفاوت ہوتے ہیں کوئی بڑا کوئی چھوٹا۔ پس چھوٹے کا اندازہ پچاس آدمیوں سے کیا گیا ہے اسلئے کہ کم از کم اتنے آدمیوں سے قریہ آباد ہوتا ہے اسلئے کہ قسامت میں پچاس قسمیں مقرر ہوئیں جو پچاس شخصوں پر منقسم ہوتی ہیں اور بڑے قبیلہ کا اندازہ پچاس سے دوچند کیا گیا اسلئے دیت میں سو اونٹ مقرر کئے گئے تاکہ ہر شخص ایک اونٹ یا دو اونٹ یا ایک سے کچھ زیادہ اکثر قبائل میں اگر وہ مستوی الحال ہوں ادا کریں اور جن احادیث سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ جب اونٹوں کی ارزانی ہوتی تھی تو دیت میں کمی فرماتے تھے اور اگر انکی گرانی ہوتی تھی تو آپ بڑھا دیا کرتے تھے میرے نزدیک اسکے یہ معنی ہیں کہ آپکا یہ ارشاد انہیں لوگونکے ساتھ خاص تھا جہاں اونٹوں کی پیداواری ہوتی تھی اور اگر تم اکثر شہروں کی تفتیش کرو گے تو لوگونکی یہ قسمیں نکلینگی ایک اہل تجارت واموال اور یہ لوگ شہری ہوتے ہیں اور ایک اہل مویشی اور وہ دیہاتی ہوتے ہیں اور اکثر لوگوں کا حال اس سے خالی نہیں ہوتا اللہ پاک فرماتا ہے۔ ومن قتل مومنا خطاء فتحریر رقبۃ مومنۃ۔ جو شخص خطاءً مومن کو قتل کر ڈالے تو اسکو ایک بردہ مومن کا آزاد کرنا چاہیئے میں کہتا ہوں کفارہ میں مسلمان بردہ کا آزاد کرنا یا ساٹھ مساکین کو کھانا کھلانا اسلئے واجب ہوا تاکہ فیما بینہ وبین اللہ قربت کا سبب ہوتا ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے کہ جو شخص مسلمان ہے اور اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ بجز خدا تعالے کے کوئی معبود نہیں اور میں اسکا رسول ہوں تو اس شخص کا خون کرنا حلال نہیں ہوتا مگر تین باتوں میں سے ایک بات کیساتھ جان کے بدلے جان اور بیوی والا زنا کار اور تارک دین وجماعت کا میں کہتا ہوں تمام ادیان میں یہ قاعدہ متفق علیہ ہے کہ قتل اسی مصلحت کلیہ کے سبب سے درست ہوتا ہے جو بغیر قتل کے حاصل نہیں ہوتی اور اس مصلحت کا ترک قتل سے بھی زیادہ خرابی کا سبب ہوتا ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے والفتنۃ اشد من القتل۔ فتنہ قتل سے بڑھکر ہے اور رسول خدا صلعم نے جب احکام مقرر فرمائے اور حدود کی تعیین کی تو ضروری ہوا کہ اس مصلحت کلیہ کا جو قتل کو جائز کر دیتی ہے انضباط کیا جائے اور اگر اسکا انضباط نہ کیا جاتا اور مہمل چھوڑ دیے جاتے تو قتل کرنیوالا ایسے شخص کو مصلحت کلیہ سمجھکر قتل کر سکتا تھا کہ جس کے قتل میں مصلحت کلیہ نہ ہوتی پس رسول خدا صلعم نے تین چیزوں سے اسکا انضباط فرمایا۔ ایک تو قصاص کہ وہ زجر کا سبب ہوتا ہے اور اسمیں بہت اسباب ہیں اللہ پاک نے بھی ان کی طرف اس آیت میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس آیت میں اشارہ فرمایا ہے ولکم فی القصاص حیوۃ یا اولی الالباب۔ اور تمہارے لئے اے عقلمندوں قصاص کے اندر زندگی ہے اور وہ شخص جو بیوی والا ہو کر زنا کرے اسلئے کہ زنا تمام ادیان میں اکبر الکبائر سے ہے اور یہی جبلت انسانی کا اصل مقتضیٰ ہے کیونکہ انسان بشرطیکہ اُسکا مزاج سالم ہو اُسکی خلقت میں اس بات سے غیرت داخل ہوتی ہے کہ کوئی شخص اُس کی موطوءہ پر مداخلت کرے جیسے اور بہائم میں ہوتا ہے مگر انسان کے لئے یہ بات ضروری تھی کہ جس سے باہمی انتظام قائم ہو سکے وہ بات اُسکو معلوم ہو لہٰذا انپر یہ بات واجب کی گئی تیسرے مرتد کہ اُسنے خدا تعالےٰ اور اُسکے دین پر جرات کی اور دین کے قائم کرنے اور رسولوں کے بھیجنے کی جو مصلحت ملحوظ تھی اس شخص نے اُسکی مخالفت کی اور ان تین کے ماسوا جسکی امت قائل ہے اور محاربہ کرنیوالا بلا اس بات کے کہ کسی کو قتل کرے جو شخص محارب کی سزا میں تخییر کا قائل ہے تو اُسکا رجوع ان اصول میں سے کسی کیطرف ممکن ہے اور معلوم کرو کہ اہل جاہلیت بھی قسامت کا حکم کرتے تھے اور اول جس نے قسامت کا حکم دیا ہے وہ ابوطالب ہیں چنانچہ ابن عباسؓ نے بیان کیا ہے اسلئے کہ قتل بسا اوقات ایسے پوشیدہ مقامات اور تاریک شبوں میں ہوتا ہے کہ جہاں پر بینہ نہیں قائم ہو سکتی پھر اگر اس قسم کے قتل کی کچھ باز پرس نہ کیجاے تو لوگوں کو اُسپر جرات ہو اور فساد زیادہ ہو اور اگر بلا دلیل مقتول کے وارثوں کا دعوے مسموع ہو تو لوگ تمام اپنے دشمنوں کا نام لے دیا کریں۔ لہٰذا رسول خدا صلعم نے اُسکا حکم کرکے ثابت و برقرار رکھا اب فقہا میں اُس علت کے اندر اختلاف ہوا جس پر قسامت کا مدار ہے بعض کے نزدیک اُسکی علت ایک مقتول کا جسمیں زخم یعنی چوٹ یا گلا گھونٹنے کا اثر موجود ہو کسی ایسے مقام میں پایا جانا جو ایک قوم کی حفاظت میں ہے جیسے محلہ اور مسجد اور مکان اور یہ علت عبداللہ بن سہل کے قصہ سے ماخوذ ہے کہ انہوں نے ایک مقتول کو خیبر کے اندر تڑپتا ہوا دیکھا اور بعض کے نزدیک اُسکی علت ایک مقتول کا پایا جانا اور کسی پر قتل کے شبہ کا قائم ہونا خواہ مقتول کے بیان کرنے سے یا نصاب کم کسی کی گواہی دینے سے وعلی ہذا القیاس اور یہ اس قسامت کے قصہ سے ماخوذ ہے جس کا ابوطالب نے حکم دیا تھا اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے دیۃ الکافر نصف دیۃ المسلم۔ کہ کافر کا خونبہا مسلمان کے خونبہا سے نصف ہے میں کہتا ہوں کہ اسکا سبب وہی ہے جو ہم بیان کر چکے کہ ملت اسلامیہ کی عظمت اور مسلمان کو کافر پر فضیلت دینا ضروری ہے اور نیز کافر کے قتل کرنے سے مسلمانوں کے اندر چندان فساد نہیں پڑتا اور کافر کے قتل کرنیکا گناہ بھی کم ہے اسلئے کہ وہ کافر اور مباح الاصل ہے اور اُسکے قتل کرنے سے کفر کا ایک شعبہ دور ہوتا ہے مگر بایں ہمہ اُسکا قتل کرنا گناہ اور خطا اور ملک میں فساد پھیلانے سے خالی نہیں لہٰذا مناسب ہوا کہ اُسکی دیت میں تخفیف کیجاے اور اگر کوئی شخص کسی عورت کا حمل گرا دے تو رسول خدا صلعم نے ایک بردہ غلام یا باندی کے آزاد کرنیکا حکم دیا ہے معلوم کرو کہ جنین کے اندر دو باتیں پائی جاتی ہیں ایک یہ کہ وہ نفوس بشریہ میں سے ایک نفس ہے اور اُسکا مقتضیٰ ہے کہ اُسکی بدلے میں بھی ایک نفس واجب ہو اور ایک یہ کہ وہ اپنی ماں کا ایک ٹکڑا اور ایک عضو ہے جو بغیر اُس کے قائم نہیں رہ سکتا اور اُسکا مقتضیٰ یہ ہے کہ مال کا حکم دینے میں اُسکا حال اور زخموں کا سا ہو۔ پس دونوں باتوں کا لحاظ کرکے اُسکی دیت ایک مال جو آدمی ہے گروائی گئی اور یہ نہایت انصاف ہے اور انسان کے اعضاء پر تعدی کرنے کا حکم کئی اصول پر مبنی ہے ایک تو یہ اُسمیں سے جو عمداً ہو تو اُسمیں برابر بدلا لیا جائے مگر جس صورت میں برابر بدلہ لینے سے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہو تو اُس میں برابر بدلہ لینے سے مانع ہو گا چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

النفس بالنفس والعین بالعین والانف بالانف والاذن بالاذن والسن بالسن والجروح قصاص۔ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور کان کے بدلے کان اور ناک کے بدلے ناک اور دانت کے بدلے دانت اور زخم برابر ہیں۔ پس آنکھ کے بدلہ میں آنکھ گرم آئینہ سے زائل کرنی چاہیئے اور دانت کے بدلہ دانت ریتی سے تراشنا چاہیئے اور اکھاڑنا نہیں چاہیئے اسلئے کہ اکھاڑنے میں زیادہ تکلیف کا اندیشہ ہے اور زخم اگر اسقدر ہو کہ جس سے ہڈی نظر آنے لگے تو بقدر اسکی گہرائی کے چھری سے ناپ کر اسی جگہ سے زخم کریں اور اگر ہڈی ٹوٹ جائے تو اسکا بدلہ نہیں ہے اسلئے کہ اسکے عوض لینے میں ہلاکت کا خوف ہے اور بعض تابعین نے طمانچہ کے بدلے میں طمانچہ اور چٹکی کے بدلے چٹکی لینا مروی ہے۔ اور دوسرے یہ کہ جس چیز میں انسان کی کسی قسم پنجگانہ کی قوت کا زائل ہونا جیسے پکڑنا اور چلنا اور دیکھنا اور سننا اور سمجھنا اور جماع کرنا اور جسکے سبب سے انسان لوگوں کے اوپر بار ہو جائے اور اپنی معاش بلاد دوسرے کی استعانت کے حاصل نہ کر سکے اور لوگوں میں اسکے سبب سے عار لاحق ہو اور اسکا ازالہ مشکل کرنا ہو جس سے خلق الٰہی کی تغییر لازم آتی ہے اور مدت العمر تک اسکا اثر جسم میں باقی رہے تو اسمیں پوری دیت واجب ہوتی ہے اسلئے کہ اسمیں ظلم عظیم اور خلق اللہ کی تغییر اور مثلہ کرنا اور عار کا لاحق کرنا ہوتا ہے اور چونکہ لوگ اس قسم کے مظلوم کی مدد کیلئے ایسے نہیں ہوتے جیسے قتل کے بارے میں اسکی مدد کرتے ہیں اور خود وہ ظالم اور نیز حکام اور ظالم اور مظلوم کا گروہ ان باتوں کو کوئی بڑا امر نہیں سمجھتے لہذا ضروری ہوا کہ شارع اسمیں تاکید کرے اور انتہا درجہ اسمیں زجر کرے اور اصل اسمیں یہ حدیث ہے کہ جب حضور نبوی صلعم نے اہل یمن کو نامہ روانہ فرمایا تو اسمیں یہ بھی لکھا تھا فی الانف اذا اوعب ناک جب جڑ سے کاٹ لیجائے تو اسمیں دیت ہے اور دانتوں و لبوں و خصیتین و ذکر و پشت و چشموں میں دیت ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے فی القتل الدیۃ۔ کہ عقل میں دیت ہے پھر جسمیں اس منفعت میں سے نصف منفعت کا تلف کرنا ہو تو اسمیں نصف دیت ہے پھر ایک پیر میں نصف دیت اور ایسے ہی ایک ہاتھ میں نصف دیت ہے اور جسمیں اس منفعت کے دسویں حصہ کا تلف ہونا پایا جاوے مثلاً ہاتھ یا پیر کی انگلیوں میں ایک انگلی کا کاٹ ڈالنا ہو تو اسمیں دسواں حصہ ہے اور ہر دانت میں بیسواں حصہ ہے اسلئے کہ دانت اٹھائیس یا چھبیس ہوتے ہیں اور کسر کا اس عدد کے اعتبار سے ایک کے مقابل نکالنا پوشیدہ امر ہے جسمیں حساب کے اندر تعمق کی ضرورت ہے لہذا ہم نے بیس کا عدد مقرر کر لیا اور دیت کا بیسواں حصہ بدلا ہر دانت کے مقرر کر دیا اور تیسرے یہ کہ جن زخموں میں نہ کسی پوری قوت کا باطل کرنا ہو اور نہ نصف کا اور نہ اسمیں مثلہ ہو بلکہ وہ صرف زخم ہو جو چند روز میں بھر سکتا ہے تو اس زخم کا بمنزلہ جان یا بمنزلہ ہاتھ پیر کے گردانکر نصف دیت کا واجب کرنا مناسب نہیں ہے اور نہ یہ مناسب ہے کہ اس سے کوئی چیز واجب کیجائے پس زخم کا مرتبہ کم از کم موضحہ ہو اسلئے کہ جو اس سے کم ہے اسکو خراش وغیرہ کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں زخم نہیں کہتے اور موضحہ اس زخم کو کہتے ہیں جسمیں ہڈی نظر آنے لگے اور اسمیں دیت کا بیسواں حصہ ہے اسلئے کہ بیسواں حصہ ان حصوں میں سے کمتر وہ حصہ ہے جو بلا غیر کیئے حساب میں معلوم ہو جاتا ہے اور شرائع کا مبنی ان حصص پر ہے جن کی مقدار محاسب و غیر محاسب سب جانتے ہیں اور جس زخم میں ہڈی ٹوٹ جائے اور اپنی جگہ سے جدا ہو جائے تو اسمیں پندرہ اونٹ آتے ہیں اسلئے کہ ایک تو اسمیں ہڈی تک زخم پہونچایا دوسرے ہڈی ٹوٹ گئی تیسرے وہ ہڈی اپنی جگہ سے ہٹ گئی پس وہ زخم بمنزلہ تین موضحہ زخموں کے ہے اور جائفہ اوامہ یعنی وہ زخم جو سر یا پیٹ کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اندر تک پہنچ جائے اور وہ زخم جو یا فوخ تک ہو یہ دونوں بہت بڑے زخم ہیں پس انمیں سے ہر ایک میں تہائی دیت واجب ہونی چاہئے اسلئے کہ نصف سے کم کا اندازہ ثلث سے ہو سکتا ہے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذہ وذہ سواء یہ اور یعنی مخنصر و زنگشت برابر ہیں اور فرمایا ہے الثنیۃ والضرس سواء یعنی اگلا دانت اور داڑھ برابر ہیں۔ میں کہتا ہوں اسکا سبب یہ ہے کہ ہر ہر عضو کیساتھ جو منافع مقصود ہیں انکا انضباط و شوار ہے لہذا نام اور نوع پر حکم کا مدار کرنا ضروری ہوا معلوم کرو کہ بعض دفع قتل اور زخم ہدر ہوتا ہے یعنی وہ ضائع ہوتا ہے اسکا بدلہ کچھ نہیں کیا جاتا اور اسکی دو صورتیں ہیں یا تو وہ قتل و زخم کسی شر کے دفع کرنے سے ہو جو انسان کو لاحق ہوتا ہے اور اسکی دلیل یہ حدیث ہے کہ ایک شخص نے رسول خدا صلعم سے عرض کیا کہ اگر کوئی شخص میرا مال چھیننے کے قصد سے آئے تو آپ اسمیں کیا فرماتے ہیں آپ نے فرمایا تو اسکو اپنا مال مت دے اس نے عرض کیا اور جو وہ مجھ سے مقاتلہ کرنے لگے تو آپ کیا فرماتے ہیں آپنے فرمایا تو اس سے مقاتلہ کر پھر اسنے عرض کیا اگر وہ مجھے قتل کر ڈالے آپنے فرمایا تو شہید ہے اسنے عرض کیا کہ اگر میں اسکو قتل کر ڈالوں تو آپ کیا فرماتے ہیں آپنے فرمایا تو وہ دوزخ میں جائیگا اور ایک آدمی نے ایک آدمی کے کاٹا اور جس کے کاٹا تھا اسنے کاٹنے والے کے منہ میں سے اپنا ہاتھ کھینچا تو اسکا ایک دانت بھی اسکے ساتھ کھنچ لیا تو آپنے اس دانت کا قصاص نہ دلوایا۔ الحاصل اگر کوئی شخص کسی کی جان یا اسکے عضو یا مال پر حملہ کرے تو جس طرح سے ممکن ہو اسکا دفعہ کرنا درست ہے حتی کہ اگر قتل کی بھی نوبت پہونچے تو کچھ گناہ نہیں اسلئے کہ درندہ صفت لوگ اکثر ملک میں تغلب کرتے ہیں پھر اگر انکی مدافعت نہ کیجائے تو لوگوں کی حالت بہت تنگ ہو رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے لو اطلع فی بیتک احد ولم تاذن لہ لحذفتہ بحصات فقات عینہ ما کان علیک من جناح۔ اگر تیرے گھر میں کوئی جھانکے اور تو نے اسکو اجازت نہ دی ہو اور تو اسکی طرف کنکر پھینک کر اسکی آنکھ پھوڑ دے تو تجھ پر کوئی گناہ نہیں ہے اور اور ایک صورت قصاص نہ لینے کی یہ ہے کہ وہ قتل یا زخم ایسے سبب سے ہو جسمیں کسی طرف سے تعدی نہیں پائی جاتی بلکہ وہ بمنزلہ آفت سماوی کے ہو اور اسکی دلیل یہ حدیث ہے العجماء جبار والمعدن جبار والبیر جبار۔ بہیمہ ہدر ہے اور معدن ہدر ہے اور کنوان ہدر ہے میں کہتا ہوں اسکا سبب یہ ہے کہ بہائم چرنے کیلئے چھوڑ دیئے جاتے ہیں اگر کسی کو زخمی کر دیں تو وہ انکے مالک کا فعل نہ سمجھا جائیگا۔ اسی طرح اگر کوئی شخص کنوئیں میں گر پڑے یا کان کے نیچے دب جائے تو وہ بھی اسکے مالک کا فعل نہیں ہے پھر رسول خدا صلعم نے اسپر احتیاط کرنا لازم کر دیا تاکہ کسی کو انمیں سے خطا سے ضرر نہ لاحق ہو کہ مرض کی قریب ہونے سے جان کے تلف ہونیکا خطرہ ہے اور اسی لئے رسول خدا صلعم نے اینٹ پتھر پھینکنے سے نہی فرمائی اور فرمایا ہے لا یصاد بہ صید ولا ما بہ عدد ولکنہا قد تکسر السن وتفقاء العین۔ اس سے شکار نہ کیا جائے اور نہ اس سے کسی دشمن کو زخمی کیا جائے لیکن اس سے دانت ٹوٹ جاتا ہے اور آنکھ پھوٹ جاتی ہے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا مر احدکم فی مسجدنا او فی سوقنا ومعہ نبل فلیمسک علی نصالہا ان یصیب احدا من المسلمین منہا شئ تم میں سے جس کسی کا ہماری مسجد یا بازار میں گذر ہو اور اسکے پاس تیر ہو تو اسکو پر کی طرف سے تھامے رہے تاکہ مسلمانوں میں سے کسیکو اس سے ضرر نہ پہونچے اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے لا یشیر احدکم الی اخیہ بالسلاح فانہ لا یدری لعل الشیطان ینزع من یدہ فیقع فی حفرۃ من النار۔ تم میں سے کوئی شخص اپنے بھائی کیطرف ہتھیار سے اشارہ نکرے اسلئے کہ اسکو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معلوم نہیں کہ شاید شیطان اُسکے ہاتھ سے چھین لے پھر وہ شخص آگ کے گڑھے میں جا پڑے اور آپنے فرمایا ہے من حمل علینا السلاح فلیس منا۔ جو کوئی ہم پر ہتھیار اُٹھاوے وہ ہم میں سے نہیں ہے اور فرمایا ہے کہ ننگی تلوار رکھی جاوے اور اس بات سے منع فرمایا ہے کہ دو انگلیوں سے لسن کو پکڑ کر تراشے۔ اور لوگوں کے مال پر تعدی کرنے کی چند قسمیں ہیں غصب کرنا اور ہلاک کرنا اور چرانا اور لوٹنا چوری اور لوٹ کا حال تجھ کو عنقریب معلوم ہوگا اور غصب کے معنی غیر کے مال پر ایک واہی شبہہ پر بھروسہ کر کے جسکو شرع ثابت نہیں کرتی یا اس بھروسہ پر حکام کو حقیقت حال ظاہر نہ ہوئی یا اسیطرح کسی اور اعتماد پر تسلط کرنا پس غصب اس قابل ہے کہ اُسکو معاملات میں شمار کیا جاوے اور حدود اُسپر مبنی نہ کیجائیں اسی لئے ہزار درہم کے غصب کرنے سے تو ہاتھ کاٹنا واجب نہیں ہوتا اور تین درہم کی چوری سے واجب ہو جاتا ہے اور مال کے تلف کرنے کی تین صورتیں ہیں عمداً اور خطاء اور شابہہ بالعمد مگر چونکہ اموال کا درجہ جان سے کم ہے اسلئے ہر مال کا جداگانہ حکم مقرر نہیں کیا گیا اور تاوان سب مالوں کا بدلہ زجر کیلئے کافی ہو گیا اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے من اخذ شبرا من الارض ظلما طوقہ یوم القیمۃ من سبع ارضین۔ جو شخص ظلم سے بقدر ایک بالشت کے زمین لیلیگا قیامت کے دن ساتوں زمین طوق کر کے اُسکی ڈالی جائیگی۔ میں کہتا ہوں چند مرتبہ تم کو یہ بات معلوم ہو چکی کہ جس فعل میں مصلحت مدنیہ کی مخالفت اور ایذا و تعدی پائی جاوے وہ فعل ملا اعلے کی لعنت کا مستوجب ہوتا ہے اور عذاب عمل کی صورت یا اُسکے قریب قریب صورت میں متمثل ہوتا ہے اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے علی الید ما اخذت۔ ہاتھ پر وہ چیز واجب ہے جو اُس نے لی۔ میں کہتا ہوں۔ غصب اور عاریت کے باب میں یہ حدیث اصل ہے پس بعینہ اُس چیز کا واجب کرنا ہے اگر بعینہ اُسکا واپس کرنا متعذر ہو تو اُسکے مثل کا دینا واجب ہوتا ہے اور کسی شخص کی ایک رکابی ٹوٹ گئی تو آپنے اُسکے بدلہ ایک رکابی دیدی اور ٹوٹی ہوئی کو رہنے دیا۔ میں کہتا ہوں اتلاف کے باب میں یہ حدیث اصل ہے اور ظاہر سنت سے معلوم ہوتا ہے کہ منقولات میں تاوان لینا جسکو عام و خاص کہدیں کہ یہ اُسکے مثل ہے درست ہے جیسے رکابی کے بدلے رکابی اور حضرت عثمانؓ نے صحابہؓ کے سامنے مغرور پر اس بات کا حکم دیا کہ اپنی اولاد کے مثل فدیہ دے۔ اور مغرور وہ شخص ہے جسکو کوئی عورت یہ دھوکہ دیکر کہ میں حرہ ہوں اُس سے نکاح کرے اور فی الحقیقت وہ کسی کی باندی ہو اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے من وجد عین مالہ عند رجل فھو احق بہ ویتبع البیع من باعہ۔ جو شخص بعینہ اپنا مال کسی کے پاس پائے تو وہ اُسکا حقدار ہے اور خریدنیوالا اس شخص کا پیچھا کرے جس نے اُسکے ہاتھ فروخت کیا ہے میں کہتا ہوں اس حکم کا سبب اور مقتضی یہ ہے کہ جب یہ صورت واقع ہو تو ہر جانب میں ضرر اور ظلم کا اعتبار ہے پس جب کوئی شخص اپنا مال کسی کے پاس دیکھے ایسے وقت میں اگر یہ قاعدہ مقرر کیا جاتا کہ جبتک اُسکا بائع نہ ملے اسوقت تک یہ شخص لیکے مال کو نہ لینگے تو اصل مالک کا اسمیں ضرر عظیم تھا اس لئے کہ غاصب یا سارق کی جب خیانت معلوم ہوتی ہے تو غالباً اپنی جان بچانے کی غرض سے وہ یہ حجت پیش کر سکتا تھا کہ میں نے ایک شخص سے اُسکو خریدا تھا اور اکثر ایسا ہوتا کہ سارق و غاصب اپنے اور نیز بائع کے بچاؤ کیلئے کسی شخص کو بیع کا وکیل کر دیا کرتا اور اسمیں لوگوں کی حق تلفی کا دروازہ کھولنا تھا اور اکثر اوقات بائع اسوقت ملتا کہ جب وہ مشتری موجود نہ ہوتا پس مالک اُس سے مطالبہ کرتا اور اُسکے پاس کچھ نہ پاتا اور نا امید ہو کر سکوت کر لیتا اور اگر یہ حکم ہوتا تو اسوقت اپنی چیز پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قبضہ کرلیتا تو اُسمیں مشتری کا ضرر تھا کیونکہ بسا اوقات خریدنیوالا بازار میں سے کوئی چیز خریدتا ہے اور نہیں جانتا کہ بائع کا نام ونشان کیا ہے پھر اُسکے مال میں کسی کا حق نکلتا ہے اور بائع کا اُسکو پتہ نہیں لگتا اور نا امید ہوکر سکوت کرلیتا ہے اور بسا اوقات اُسکو اُس چیز کی حاجت ہوتی ہے اور حقدار کے اُسپر قبضہ کرنے اور بائع کے اُسپر حوالہ کردینے میں وہ حاجت فوت ہوجاتی ہے پس جبکہ امر درمیان دو ضرر کے دائر ہوا اور ایک کا پایا جانا اُن دونوں میں خواہ مخواہ ضروری ہوا تو ایسے ضروری امر کی طرف رجوع کرنا ضروری ہوا جسکو بلاشبہ لوگوں کی عقل قبول کرے اور وہ اجگہ یہ ہے کہ جس چیز کیساتھ متعلق ہوگیا اور عین اُس عین کے معاوضہ جسکے متعلق ہے روک لیا جاوے بشرطیکہ مبیعہ قائم ہو اور اشکال مرتفع ہوجاوے اور قضیوں کا اسیطرح اعتبار کرنا مناسب ہے؛ اور رسول خدا صلعم نے نابیوں پر حکم دیا کہ دن میں باغوں کی نگہبانی کریں اور مویشی جو نقصان کریں اُسکا تاوان مویشی والوں پر ہے میں کہتا ہوں اس حکم دینے کا سبب یہ ہے کہ جب مویشی نے لوگوں کے باغ کا نقصان کیا تو ہر ایک کے ساتھ ظلم وغدر ہے مویشی والا تو یہ حجت کرسکتا ہے کہ اُسکو چرنے کیلئے مویشی کا چھوڑنا ضروری ہے ورنہ مویشی بھوکے مرجاوینگے اور ہر مویشی کے ساتھ ساتھ رہنا اور اُسکی حفاظت کرنا تدابیر ضروریہ میں خلل انداز ہوتا ہے اور اور مویشی نے جو نقصان کیا ہے اُس میں اُسکا کچھ بس نہیں ہے اور وہ کہہ سکتا ہے کہ مالی نے خود اپنے مال کی حفاظت میں کوتاہی کی اور اُسکو بلا نگرانی کے چھوڑ دیا اور مالی یہ حجت پیش کرسکتا ہے کہ باغ شہر سے باہر ہوا کرتے ہیں اُنکی نگرانی اور انمیں کسی کو نہ آنے دینا اور اُسکے انتظام میں رہنا اُسکی حالت کے خراب ہونے کا سبب ہے اور مالک مویشی نے یا تو خود اُسکو باغ میں چھوڑا ہے یا خود اُسکی نگرانی میں کوتاہی کی ہے پس جب یہ امر باہم دونوں کے دائر ہوا اور ہر ایک کیطرف سے جور وغدر ممکن ہوا تو ضرور ہوا کہ اُس دستور پر نظر کیجائے جو ہمیشہ سے اُن سب میں جاری ہے اور اس دستور سے تجاوز کرنے پر جو رکی بنا کی جائے اور دستور یہ ہے کہ دن میں ہر باغ میں کوئی شخص باغ کے کاروبار اور اُسکی درستی وحفاظت کے لئے رہتا ہے اور شب میں باغات کو خالی چھوڑکر قریوں وشہروں میں شب باشی کرتے ہیں اور مالکانِ مویشی شب میں گھروں میں مویشی کو جمع کرلیتے ہیں اور پھر دن کو چرنے کیلئے چھوڑدیتے ہیں پس اُن کے اس دستورِ عام سے تجاوز کرنا ظلم سمجھا گیا اور آنحضرت صلعم سے کسی شخص نے اس پھل کی نسبت جو محفوظ نہ ہو دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ جو کوئی شخص محتاج اُسکو منہ سے کھالے اور جو دونہ بنائے تو اُسپر کچھ مطالبہ نہیں معلوم کرو کہ لوگوں میں باہمی نزاع کے دفع کرنے کی یہی صورت ہے کہ جو کوئی کسی کو ضرر پہونچائے اور تعدی کرے اُس کا ہاتھ پکڑا جاوے نہ یہ کہ اُنکے حرص وکینہ کی اقتدا کیجاوے پس اس پھل کھانے میں جو معلق اور غیر محفوظ اور تھوڑا سا پھل ہے اگر کوئی محتاج آدمی اُسکو پیٹ بھر کے کھالے تو اُس سے مالک کو ملال نہیں گذرتا بشرطیکہ وہ آدمی دستور کی حد سے تجاوز نہ کرے اور جو دونہ باندھے اور نہ اینٹ پتھر سے پھلوں کو جھاڑے کیونکہ عرف کا مقتضیٰ ایسے امور میں مسامحت کرنا ہے اور انہیں باتوں کا جو شخص دعوے کرے تو یہ اُسکا بخل اور حرص اور لوگوں کو تکلیف دینی ہے لہذا اُسکے دعوے کی پروا نہ کیجاوے اور اگر وہ پھل کوئی شخص کھا جائے جو محفوظ رکھا ہوا ہے یا جو دو بھرے یا اینٹ پتھر سے پھل جھاڑے یا اور کسی طرح سے حد سے تجاوز کرے تو اُسمیں تعزیر اور تاوان آتا ہے اور مواشی کا دودھ دینے میں قیاسات متعارض ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُسکا بیان فرمایا ہے پس کبھی حضور نبوی صلعم نے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسکو اُس مال پر قیاس کیا جو گھر میں حفاظت سے رکھا ہو اسواسطے اُسکے دوہنے سے منع فرمایا اور کبھی شہر معلق اور غیر محفوظ چیزوں پر اسکو قیاس فرما کر اسکو بقدر حاجت مباح فرمایا ہے اگر مالک نہ ملے جس سے اجازت لیجاسے اور احادیث کے اندر جو اختلاف ہے اور علتیں آگئی ظاہر ہوگئی ہیں انمیں اصل یہی ہے کہ ان علتوں کے اعتبار سے اُنکی تطبیق دیجاسے پس اگر ایسی چیز کے خرچ کرنے اور اُسکی کچھ پروا نکرنے کا دستور ہو اور اسمیں لوگوں کو کچھ دقت نہ ہو اور حاجت ہو تو اُسکا کام میں لانا درست ہے ورنہ درست نہیں ہے اور علی ہذا القیاس بیوی کا خاوند کے مال میں اور غلام کا سیدہ کے مال میں تصرف کرنا ہے۔

حدود کا بیان

معلوم کرو کہ بعض معاصی میں خدا تعالےٰ نے حد مقرر فرمائی ہے اور وہ ایسے معاصی ہیں جنمیں فساد کی کئی صورتیں پائی جاتی ہیں ایک تو انمیں ملک کا فساد اور لوگوں کی آسایش کا قطع کرنا ہوتا ہے اور اُنکے لئے بنی آدم کے نفوس کے اندر داعیہ ہوتا ہے ہمیشہ اُس کا ہیجان ہوتا رہتا ہے اور اُنکے لئے عادت ہوجاتی ہے جبکہ اُس سے اُنکے قلوب پھر جاتے ہیں تو اُس سے باز رہنا اُنکے بس میں نہیں رہتا ہے اور اسمیں اکثر اوقات ایسا ضرر ہوتا ہے کہ مظلوم اپنی طرف سے اُسکے دفع کرنیمیں بے بس ہوجاتا ہے اور یہ آدمیوں کے مابین اکثر واقع ہوتا رہتا ہے تو اس قسم کے معاصی میں صرف آخرت کا ڈرانا کافی نہیں ہوسکتا ہے بلکہ آدمیوں کے سامنے اس قسم کے معاصی پر نہایت ملامت اور زجر کا پہونچانا چاہیئے تاکہ جس گناہ کا وہ ارادہ کرتے تھے اُس سے باز رہیں جیسے زنا ہے کہ وہ عورتوں کے حسن و جمال کیطرف رغبت و حرص کی خواہش دلاتا ہے اور اُسکے اہل کیلئے اُسکے اندر نہایت درجہ کی عار ہے اور ایک موطوءہ پر آدمیوں کے جمع ہونے سے حیلت انسانیہ کی تغیر ہے اور اُسکے سبب سے اُنکے مابین لڑائیوں اور کشت خون کا مظنہ ہے اور زنا اکثر زانیہ اور زانی کی رضامندی سے ہوا کرتا ہے اور تنہائی کیوجہ سے صرف بعض لوگ ہی اسپر مطلع ہوتے ہیں پھر اگر حد نہ مشروع کیجاتی تو روک ٹوک کیونکر حاصل ہوسکتی تھی اور جیسے سرقہ اسلئے کہ انسان اکثر اوقات کسب صالح نہیں پاتا ہے تو چوری کیطرف میل کرتا ہے اور سرقہ کیلئے اُنکے نفسوں کے اندر عادت ہوتی ہے اور سرقہ بدوں دیکھے آدمیوں کے ہوتا ہے بخلاف غصب کے اُس میں ایک ایسی دلیل اور شبہہ ہوتا ہے کہ جسکو شرع نہیں ثابت کرتی ہے اور مابین آدمیوں کے اور اکثر و بیشتر اس قسم کے معاملات ہوتے رہتے ہیں اسی لئے غصب منجملہ اور معاملات کے ایک معاملہ ہے اور جیسے رہزنی اسلئے کہ مظلوم اپنی جان اور مال بچانے کی اُس سے طاقت نہیں رکھتا ہے اور رہزنی مسلمانوں کے بلاد میں نہیں ہوسکتی ہے کیونکہ وہ اپنی حکومت اور قوت کیوجہ سے اُسکی مدافعت کرسکتے ہیں تو ایسے افعال کی جزا و سزا زیادہ مقرر ہونا چاہیئے اور جیسے شراب کا پینا اسلئے کہ اسمیں بھی نہایت حرص ہوتی ہے اور اُسکی وجہ سے ملک میں فساد اور اُنکی عقول کا زوال ہوتا ہے اور جنکے سبب سے اُنکی معاش و معاد کی اصلاح ہوتی ہے اور جیسے قذف تہمت زنا کی لگانا کیونکہ جسکو تہمت لگائی جاتی ہے وہ نہایت درجہ کی تکلیف و رنج پاتا ہے اور اُسکے دفع کرنے پر قتل وغیرہ کے ساتھ بے بس ہوجاتا ہے کیونکہ اگر وہ مار ڈالے تو خود بھی اُسکے سبب سے مارا جاسے اور اگر پیٹے تو اُسکی وجہ سے پیٹا جاسے لہذا ایسے جرم میں کوئی زجر عظیم ہونا چاہیئے پھر جو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قتل ہے اور یہ ایسی سزا ہے کہ اسکے اوپر کوئی اور سزا نہیں ہے۔ دوسرے کسی عضو کا کاٹ ڈالنا ہے اسمیں نہایت درجہ کی تکلیف پہونچانا اور اسکی قوت کا زائل کر دینا ہے کہ جس کے بغیر مدت العمر تک معاش حاصل کرنیکے لائق بلا مدد دوسرے کے نہیں ہو سکتا اور نیز یہ شئلہ در عار ہے جس کا اثر آدمیوں کے سامنے ظاہر ہے جو قتم نہیں ہوتا اسلئے کہ نفس دو سبب سے متاثر ہوتا ہے ایک تو وہ نفس ہے جو قوت بہیمیہ کے اندر منہمک ہوا سکو الم پہونچانا بری چیز سے باز رکھتا ہے مثل بیل وا ونٹ اور جس نفس کے اندر جاہ ہوتی ہے اسکو تکلیف جسمانی سے بھی زیادہ عار ایک کام سے روکدیتی ہے عار سزائے جسمانی سے زیادہ اسکو روکتی ہے پھر ان دونوں وجہوں کا حدود کے اندر اکٹھا ہونا لازم ہوا اور ایک حد کی صورت یہ ہے جو قطع سے کم ہو جیسے صرف اریٹ سے ہی تکلیف کا پہونچانا مقصود ہے جسمیں علو ہو اور اسکا اثر ظاہر ہو مثلاً جلا وطن کرنا اور شہادت کا قبول نہ کرنا اور طپانچہ وغیرہ مار دینا اور معلوم کرو کہ شرائع سابقہ میں قتل کی سزا قصاص اور زنا کے سنگسار کرنا اور سرقہ کے عضو کا کاٹنا تھی پس یہ سزائیں شریعت سماویہ میں متوارث چلی آتی تھیں اور تمام انبیاء اور انکی امتیں اسپر متفق تھیں تو ضرور ہوا کہ انکو خوب مضبوطی سے پکڑنا چاہئے اور کبھی انکو ترک نہ کرنا چاہئے مگر شریعت مصطفویہ نے اسمیں ایک اور قسم کا تصرف کیا ہے اور ہر ایک کی سزا کی دو قسمیں کی ہیں ایک تو بڑی بھاری سزا ہے کہ اس سے زیادہ اور متصور نہیں اور یہ سزا وہاں دینی چاہئے جہاں گناہ بھی بڑا بھاری ہو اور دوسری وہ ہے جو پہلی سے کم ہے اور یہ وہاں ہوگی جہاں معصیت بھی پہلی معصیت سے کم ہو پس قتل کی سزا قصاص اور دیت ہے اور اسکی دلیل یہ آیت ہے ذلک تخفیف من ربکم کہ اسمیں تمہارے پروردگار کیطرف سے تخفیف ہے ابن عباس فرماتے ہیں کہ اہل جاہلیت میں قتل کی سزا صرف قصاص تھی نہ دیت: اور زنا میں کوڑے مارنا تھا اور یہودیوں کی جب شوکت جاتی رہی اور شکساری پر انکا بس نہ چلا تو انہوں نے تجبیہ و تسخیم کرنا ایجاد کیا (تجبیہ کے یہ معنی ہیں کہ زانی کو و زانیہ کو گدھے پر الٹا سوار کر کے لوگوں کے سامنے پھراویں تسخیم منہ کالا کر دینے کو کہتے ہیں) تو اسمیں شرائع سابقہ کی تحریف ہوئی مگر ہمارے ہاں دونوں شرائع کا لحاظ کیا گیا شرائع سماویہ دابتداعیہ کا اور اسمیں ہمارے لئے نہایت رحمت ہے اور سرقہ میں عذاب دینا اور اس سے دوچند تاوان لینا چاہئے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے اور نیز اس شریعت میں ظلم کے چند اقسام کو مثل قذف اور شرب خمر کو اضافہ کیا اور انکے لئے بھی حد مقرر کی کیونکہ یہ بھی بمنزلہ انہیں معاصی کے ہیں اور رہزنی کی سزا زیادہ مقرر کی اور معلوم کرو کہ لوگوں کے دو درجے اور ہر درجہ کی سیاست کا خاص طریقہ ہے ایک وہ لوگ ہیں جو بذات خود مستقل اور مختار ہیں اور انکی سیاست کا یہ طریقہ ہے کہ لوگوں کے سامنے گرفتار کئے جائیں اور ان کو تکلیف پہونچائی جاوے جس سے انکو نہایت سخت عار لاحق ہو اور ان کی اہانت اور ذلت پائی جائے اور ایک وہ لوگ ہیں جو دوسروں کے قبضہ میں ہیں اور ان کے پاس بمنزلہ قیدیوں کے ہیں اور ان کی سیاست کا یہ طریقہ ہے کہ ان کے مالکوں کو حکم کیا جاوے کہ بری باتوں سے انکی نگرانی رکھیں اس میں ان کے لئے ایسا طریقہ ظاہر ہوگا جو ان کو ان کے ان افعال سے باز رکھیگا چنانچہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا زنت امۃ احدکم فلیضرب الحدیث۔ تم میں سے جب کسی کی باندی زنا کرے تو اس کو مارنا چاہئے اور فرمایا ہے۔ اذا سرق عبد احدکم فبعوہ ولو بحبل۔ پس یہ دونوں درجہ کے لوگ ایک ظاہری وصف سے منضبط کئے گئے پہلے درجے کے لوگ حر اور دوسرے درجے کے غلام ہیں۔ پھر یہ بھی احتمال تھا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ سید اپنے غلام پر ظلم کرتا اور کہدیتا کہ اسنے زنا یا چوری وغیرہ کی ہے پس ضرور ہوا کہ غلام کی سزا حر سے کم مقرر کی جائے تاکہ جور رفع ہو جائے اور نیز یہ ضرور ہوا کہ قتل کرنے اور قطع کرنے کا انکو اختیار نہ دیا جائے اور اس سے کم سزا کا اختیار انکو دیا جائے اور حد دو وجہ سے گناہ کا کفارہ ہوتی ہے چنانچہ حدیث شریف میں ماعز بن مالک کی نسبت ارشاد ہے لقد تاب توبت لو قسمت علی امۃ محمد لوسعتہم۔ اسنے وہ توبہ کی ہے کہ اگر محمد صلعم کی تمام امت پر تقسیم کی جائے تو انکو کافی ہے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اسمیں تکلیف پہونچانا اور اسکو اس فعل سے روکنا مقصود ہوتا ہے اور اسمیں یہ راز ہے کہ حکمت الٰہی کا مقتضے ہے کہ اس شخص کی جان یا مال سے اس عمل کی سزا دیجائے پس حد کا قائم کرنا جزا دینے میں خدا تعالےٰ کا نائب ہے فقد برء اللہ پاک فرماتا ہے الزانیۃ والزانی فاجلدو کل واحد منہما مائۃ جلدۃ۔ زانیہ اور زانی کو ہر ایک کے دو نہیں سو سو کوڑے مارو۔ اور حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ خدا تعالےٰ نے محمد صلعم کو حق دیکر بھیجا اور انپر کتاب نازل فرمائی جسمیں آیت رجم بھی تھی۔ چنانچہ رسول خدا صلعم نے سنگسار کیا اور ہم نے بھی آپکے بعد سنگسار کیا اور جو شخص زنا کرے اور محصن ہو خواہ مرد ہو یا عورت کتاب الٰہی میں اسکا سنگسار کرنا حق ہے میں کہتا ہوں محصن کی حد سنگسار کرنا اور غیر محصن کے درے لگانا اس لئے مقرر کئے گئے کہ جس طرح پندرہ برس کی عمر وغیرہ سے آدمی بالغ ہو کر پورا پورا مکلف ہوتا ہے اور اس سے قبل پورا پورا مکلف نہیں ہوتا اسلئے کہ اسکی عقل اور جسم اور جولیت کا کمال اس سے پہلے نہیں ہوتا ہے اسطرح اس عقوبت میں بھی تفاوت ہونا چاہئے جو کمال عقل اور مرد کامل اور مستقلال سمجھا اور خود مختاری کے سبب سے پورا پورا مکلف ہوتا ہے اور اسلئے کہ محصن کامل ہے اور غیر محصن ناقص ہے پس غیر محصن حر کامل اور غلام کے مابین واسطہ ہوا اور صرف سنگسار ہونے میں اس واسطہ کا اعتبار کیا گیا اسلئے کہ وہ حق الٰہی کے اندر جو جو سزا مقرر کی گئی ہے ان سب میں سخت ہے اور قصاص چونکہ حق العباد میں سے ہے اور انکو اپنے حقوق لینے کی حاجت ہے اسلئے انکی حق تلفی نہ کی جائیگی اور حد سرقہ وغیرہ بمنزلہ سنگساری کے نہیں ہے اور نیز اس شخص سے گناہ صادر ہوا جس پر خدا تعالےٰ نے انعام کیا ہے اور بہت سی مخلوقات پر اسکو فضیلت دی ہے زیادہ تر قبیح و شنیع ہے اسلئے کہ وہ نہایت نافرمانی ہے پس اسمیں سزا کا بڑھانا مناسب ہوا اور کوڑے اور کواری کی حد سو درے مقرر کئے گئے اسلئے کہ عدد سو کا بڑی اور منضبط مقدار ہے جس سے زجر و تکلیف بخوبی حاصل ہو سکتی ہے اور جلاوطن کی سزا اسلئے دی گئی کہ سزا کا اثر دو طرح پر ہوتا ہے ایک تو جسمانی تکلیف کے اعتبار سے اور ایک حیا و شرمندگی اور عار کے لاحق کرنے اور مالوف چیز کے علٰحدہ کرنے سے پہلی سزا تو جسمانی اور دوسری نفسانی ہے اور پوری پوری سزا یہی ہے کہ دونوں جمع کئے جائیں اللہ پاک فرماتا ہے فاذا احصن فان آتین بفاحشۃ فعلیہن نصف ما علی المحصنات من العذاب۔ جب احصان کے بعد اون سے فحش ظاہر ہو تو محصنات سے انکو نصف عذاب دیا جائیگا میں کہتا ہوں کہ غلاموں پر نصف سزا کے مقرر کرنے کی یہ وجہ ہے کہ غلاموں کا حال سید کے اختیار میں ہوتا ہے پس اگر کامل درجہ کی زجر انکے لئے مقرر کیجائے تو اس سے باب الظلم مفتوح ہوتا ہے بانیکہ سید اپنے غلام کو قتل کر ڈالے اور یہ کہدے کہ وہ زنا کار تھا اور پھر اس سے مواخذہ کرنے کی کوئی صورت نہ ہو اسلئے کہ باندی و غلام کی حد اسقدر کی مقرر کی گئی کہ جس سے انکی توبت نہیں آتی اور محصن و غیر محصن کا فرق جو ہم نے بیان کیا ہے وہ یہاں بھی پایا جاتا ہے اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خذوا عني خذوا عني قد جعل اللہ لھن سبیلا۔ البکر بالبکر جلد مائۃ وتغریب عام والثیب بالثیب جلد مائۃ والرجم۔ مجھ سے سیکھو مجھ سے سیکھو خدا تعالیٰ نے عورتوں کے لئے راستہ مقرر کیا ہے کوارہ کواری کے ساتھ زنا کرے تو اسکا حکم سو دُرّے لگانا اور سال بھر کے لئے جلاوطن کرنا اور بیاہا ہوا بیاہی کے ساتھ اگر زنا کرے تو اسکا حکم سو دُرّے لگانا اور سنگسار کرنا ہے حضرت علیؓ نے اس حدیث پر عمل کیا ہے میں کہتا ہوں لوگوں کو اس حدیث میں اشتباہ ہوا اور اس حدیث کو رسول خدا صلعم کے شیب کو سنگسار کرنے اور اسکے دُرّے نہ لگانے کیساتھ مخالف سمجھا میرے نزدیک یہ حدیث آپکے فعل کے متناقض نہیں ہے اور یہ حکم عام ہے مگر امام کو رجم اور سو دُرّوں کے واجب ہونے کی صورت میں صرف رجم پر اقتصار کرنا مسنون ہے اور اسکا حال ایسا ہے جیسا سفر میں قصر کرنا کہ اگر پوری نماز پڑھے تو بھی جائز ہے مگر قصر کرنا سنت ہے اور یہ واسطے مقرر کیا گیا کہ رجم بڑی پوری سزا ہے اور اُس سے جو کم سزا ہے وہ اسمیں شامل ہے اور اس بیان سے اس حدیث اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے اسپر عمل کرنے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور اکثر آپ کے خلفاء کے فعل میں تطبیق ہو سکتی ہے کہ انہوں نے رجم پر اقتصار کیا ہے اور حضرت جابرؓ کی حدیث سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ آپ نے دُرّے لگانے کا حکم دیا پھر کسی نے اسکا محصن ہونا بیان کیا تو آپ نے سنگسار کرنیکا حکم دیا اور سنگسار کر دیا گیا کیونکہ دُرّے لگانے پر اقدام کرنے سے ثابت ہوتا ہے کہ ہر زانی کے دُرّے لگانا واجب ہے اور میرے نزدیک جلاوطن کرنے میں عفو کا احتمال ہے اور آثار میں تطبیق کی یہی صورت ہے اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب ماعز بن مالک نے آنحضرت صلعم کے حضور میں حاضر ہو کر عرض کیا میں نے زنا کیا ہے آپ مجھے پاک کر دیجئے تو حضور نبوی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شاید تو نے بوسہ لیا ہوگا یا ہاتھ سے اسکو پکڑا ہوگا یا اسکی طرف دیکھا ہوگا تو ماعز نے عرض کیا یا رسول اللہ نہیں تو آپ نے فرمایا کیا تو نے اسکے ساتھ دخول کیا تو ماعز نے جواب دیا ہاں پس آپ نے ماعز کے سنگسار کرنے کا حکم کیا۔ میں کہتا ہوں حد مارنے میں احتیاط کا مقام ہے اور زنا کا اطلاق شرمگاہ کے سوا پر بھی آیا کرتا ہے جیسا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ زبان کا زنا یہ ہے اور پیر کا زنا یہ ہے لہذا ایسی صورت میں اسکا ثابت کرنا اور اس کی تحقیق ضروری ہوئی معلوم کرو کہ جو شخص زنا کا اقرار کرتا ہے اور حد قائم کرنے کیلئے اپنی جان کو سپرد کرتا ہے اور گناہوں سے توبہ کرنے والا اصل بیگناہ کی ہے اسپر حد لگانی مناسب تھی مگر یہاں کئی سبب اسپر حد قائم کرنے کے مقتضی ہیں ایک تو یہ ہے کہ اگر توبہ کے ظاہر کرنے اور اقرار لینے سے حد دفع ہو جاتی ہے تو ہر زانی امام کے مواخذہ کی خبر پا کر اقرار کے حیلہ سے حد کو دفع کر سکتا تھا اور اس میں مصلحت کا مناقضہ ہے دوسرے یہ ہے کہ توبہ کامل طور سے اسوقت ہوتی ہے جو ایک فعل سے جو نہایت شاق ہو کہ بجز مخلص کے کسی سے عمل میں نہ آسکے اس توبہ کی تقویت پائی جائے لہذا جب ماعز نے اپنی جان کو سنگسار کرنے کے لئے حوالہ کر دیا تو تو رسول خدا صلعم نے فرمایا لقد تاب توبۃ لو قسمت بین امۃ محمد لوسعتھم اور غامد کے ایک قبیلہ کی نسبت آپ نے فرمایا لقد تابت توبۃ لو تابھا صاحب مکس لغفر لہ۔ اسنے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر صاحب مکس بھی توبہ کرتا تو بخشا جاتا اور ربا اینہمہ گناہ کا پردہ کرنا مناسب ہے چنانچہ آپ نے ہزال سے فرمایا لو ستر تہ بثوبک لکان خیرا لک۔ کہ اگر اپنے کپڑے سے اسکو چھپاتا تو تیرے لئے بہتر ہوتا اور نیز یہ بات مناسب ہے کہ اسکو فی مابینہ وبین اللہ تعالیٰ توبہ کرنے اور حد کے دفع کرنے کیلئے حیلہ کرنے کا حکم دیا جائے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے اذا زنت امۃ احدکم فتبین زناھا فلیجلد الحد ولا یثرب علیھا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثم ان زنت فاجلدوها الحد ولا یثرب علیہا تم میں سے جب کسی کی کنیز زنا کرے اور اُس کا زنا ظاہر ہو جائے تو اسکو باندی پر حد لگانا چاہئے اور صرف اُسکی توبیخ نہ کرے پھر اگر زنا کرے تو اُسپر حد لگائے اور توبیخ پر اکتفا نہ کرے میں کہتا ہوں اسکا سبب یہ ہے کہ انسان کو شرعاً اپنے حرم پر معاصی کر کے دور کرنے کا حکم ہے اور یہ بات انسان کی سرشت میں داخل ہے اور اگر امام ہی کے سامنے حد مقرر ہوتی تو بہت سی صورتوں میں سید حد کو قائم نہ کر سکتا اور مال و ہباب کی حفاظت نہ ہو سکتی اور اگر حد کی کوئی مقدار مقرر نہ ہوتی تو ظالم ہاکت تک نوبت پہونچا سکتا تھا یا حد سے زیادہ تکلیف دیسکتا تھا اسلئے رسول خدا صلعم نے فرمایا اقیلوا ذوی الہیات عثراتہم الا الحدود۔ ذوی الہیات سے حدود کے سوا اور لغزشیں معاف کر دیا کرو۔ میں کہتا ہوں ذوی الہیات سے صاحب مروت لوگ مراد ہیں یا تو بالبطور کسی شخص سے صلاح دین کی امید ہوتی ہے اور اُس شخص سے ملامت کے خلاف لغزش کے طور پر کسی امر میں کوتاہی ہو جاتی ہے پھر اسکو ندامت ہوتی ہے پس ایسی صورت میں اُس سے درگذر کرنا مناسب ہے یا وہ شخص خاندانی اور لوگوں میں معزز اور صاحب رعب ہوتا ہے پس اگر یہ چھوٹے بڑے گناہ میں اسکو سزا دیجائے تو ہیبت اور لوگوں کی بغاوت اور لام میں اختلاف کرنیکا دروازہ مفتوح کرنا ہے کیونکہ بہت سے لوگ اسکے متحمل نہیں ہوتے مگر اس قابل نہیں ہیں کہ انکی باز پرس کیجائے بجز اس صورت کے کہ کوئی سبب شرعی جس سے مدمند فع ہوتی ہے پائی جاتی ہے اور اگر حدود کے اندر ہی درگذر کیجائے تو مصلحت فوت ہوتی ہے اور حدود کا فائدہ فوت ہوتا ہے اور رسول خدا صلعم نے اس شخص کے باب میں جو پیدائش کے اعتبار سے نحیف الجثہ ہو اور زنا کرے فرمایا ہے حدوا عبدکم الخ فاضربوہ ضربۃ اسلئے لئے ایک بڑی سی ڈالی جسمیں کیسو قسمیاں ہوں لیکر ایک مرتبہ اسکو مار دو معلوم کرو کہ جو کوئی نحیف الجثہ ہونے کے سبب سے اتنی طاقت نہیں رکھتا کہ اُسپر حد قائم کی جائے اگر ایسے شخص سے بالکل باز پرس نکی جائے تو حدود کے استحکام میں نقص لازم آتا ہے اسلئے کہ شرائع الٰہی جنکو خدا تعالےٰ نے بنی نوع خلق امور کے مقرر کیا ہے اُن کی شان سے یہ بات ہے کہ وہ موثر بالذات حیثیت کی طرح مجھی جاویں اور لوگ نہایت مضبوطی سے انکو مانیں اور نیز جس چیز میں تھوڑی سی تکلیف اور آسانی ہے اُسکے چھوڑنے کی ضرورت نہیں ہے لواطت کی حد میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک وہ زنا کی قسم ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اسکی سزا قتل ہے اس لئے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ تم لوط کی قوم کا کام کرتے دیکھو تو فاعل اور مفعول دونوں کو قتل کر دو اللہ پاک فرماتا ہے

والذین یرمون المحصنت ثم لم یاتوا باربعۃ شہداء فاجلدوہم ثمانین جلدۃ ولا تقبلوا لہم شہادۃ ابدا واولئک ہم الفاسقون الا الذین تابوا من بعد ذلک واصلحوا فان اللہ غفور رحیم۔ جو لوگ کہ پاکباز عورتوں کو تہمت بالزنا کرتے ہیں پھر وہ تم لوگ چار گواہ پیش نہ کر سکیں تو اُن کے اسی کوڑے مارو اور آئندہ کو کبھی اُن کی گواہی مت قبول کرو اور وہی تو فاسق لوگ ہیں مگر ہاں جن لوگوں نے اُس کے بعد توبہ کی اور اچھی باتیں اختیار کیں تو بلاشک خدا تعالےٰ غفور اور رحیم ہے اور اس پر اجماع ہے کہ محصن مردوں کو بھی محصنات کا حکم ہے اور محصن کی تعریف یہ ہے کہ حر ہو اور مکلف اور مسلمان اور ایسے جماع سے پاک ہو جس پر حد قائم کی جاتی ہے۔ معلوم کرو کہ یہاں دو باتیں متعارض پائی جاتی ہیں اور وہ یہ ہے کہ زنا ایک عظیم گناہ ہے جس کا مٹانا اور اُس پر حد قائم کرنا اور اُس پر مواخذہ کرنا ضروریات سے ہے اور اسی طرح زنا کی طرف منسبت کرنا بھی ایک بڑا گناہ ہے اور اُس کے اندر ایک بڑی عار کا لاحق کرنا ہوتا ہے جس پر حد کا قائم کرنا ضروری ہے اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چونکہ قذف کو زنا پر شہادت دینے کیساتھ مشابہت ہے پس اگر کسی قاذف کو قائم کرنے کے لئے گرفتار کیا جائے تو وہ کہہ سکتا ہے کہ میں زنا کا گواہ ہوں اور اس میں قذف کا بطلان لازم آتا ہے اور جو شخص زنا کا گواہ ہے مشہود علیہ یہ کہکر اس سے پیچھا چھڑا سکتا ہے کہ یہ زنا کی تہمت لگاتا ہے اور خود یہ حد کا مستحق ہے پس جب سیاست امت کے وقت ان دونوں حدوں میں سے فی الجملہ تعارض ہوا تو ایک ظاہری امر سے ان دونوں کی تمیز ضروری ہوئی اور وہ امر مخبرین کی کثرت کہ جب مخبرین کی کثرت ہوئی تو گواہی اور راست گوئی کا گمان قوی ہوا اور تہمت کا گمان ضعیف ہوگیا اسلئے کہ تہمت میں دو باتوں کا اجتماع ہوتا ہے ایک تو دین کے اندر ضعف اور دوسرے مقذوف کے ساتھ عداوت کا ہونا اور ان دونوں صفتوں کا مسلمانوں کی ایک جماعت میں جمع ہونا بعید ہے اور شاید یہی علول پر اکتفا کیا گیا اس لئے کہ عدالت تمام حقوق میں معتبر ہے پس تعارض کا کوئی اثر ظاہر نہ ہوا اور کثرت کا نصاب شہادت سے دو چند کے ساتھ انضباط کیا گیا اور حد قذف اسی درے مقرر کئے گئے اس لئے کہ زنا سے بہرحال اس کی معصیت کم ہے اسلئے کہ ایک گناہ کا مشہور کرنا بمنزلہ اس کے کرنے کے نہیں ہے اور حد زنا میں ایک مقدار ظاہری سے کمی کا انضباط کیا گیا یعنی بیس سے کیونکہ وہ عدد سو کا پانچواں حصہ ہے اور اس حد کا تتمہ ہمیشہ کے لئے گورہیگا قبول نہ کرنا اسلئے مقرر کیا کہ سابقاً بھی ہم بیان کر چکے ہیں کہ تکلیف کی دو قسمیں جسمانی اور نفسانی اور شرع نے جملہ حدود میں انکے جمع کرنیکا لحاظ کیا مگر حد زنا کے ساتھ جلاوطن کرنے کا اعتبار کیا گیا اس لئے کہ زنا حکام کی حکومت اور اولیاء کی غیرت کیوقت میں اسیوقت متصور ہوسکتا ہے کہ ان دونوں میں باہم میل جول اور اتحاد اور الفت ہو تو اس کے مناسب سزا یہی ہے کہ اس نقطہ کے مقام سے زانی کو نکالدیا جائے اور حد قذف کے ساتھ عدم قبول شہادت کو جمع کیا گیا اسلئے کہ قذف میں بھی ایک جزو دینا ہوتا ہے پس قاذف کو اسی عار سے سزا دی گئی جو اس کی معصیت کے قبیلہ سے ہے اسلئے کہ قاذف کی شہادت نہ قبول کرنا اسکے لئے ایک سزا ہے اور باقی گنہگاروں سے بسبب عدالت اور رضامندی کے فوت ہونے کے سبب سے نہیں قبول ہوتی اور تیز ہم بیان کر چکے ہیں کہ قاذف کہہ سکتا ہے کہ میں گواہ ہوں پس تہمت کا باب اسیطرح مسدود ہوسکتا ہے کہ جس چیز سے اسنے حجت کی تھی ایسی ہی چیز سے اسکو سزا دینی چاہئے اور حد خمر میں توبیخ بھی مقرر کی گئی ہے اور آیت الا الذین میں اختلاف ہے کہ یہ استثناء عدم قبول شہادت کیطرف راجع ہے یا نہیں اور ہمارے بیان سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ جب فسق کی انتہا ہوئی تو اس کا اثر اور اس کی سزا بھی منتہی ہونی چاہئے اور خلاف حد زنا کے اندر غلاموں کے لئے نصف سزا دینے میں اس کا اعتبار کیا ہے اللہ پاک فرماتا ہے السارق والسارقۃ فاقطعوا ایدیہما جزاء بما کسبا نکالا من اللہ واللہ عزیز حکیم۔ چرانے والے اور چرانے والی کا ہاتھ کاٹ دو یہی جزا ہے ان کے کئے کی عذاب خدا تعالیٰ کی طرف سے اور خدا تعالیٰ غالب اور حکمت والا ہے۔ معلوم کرو کہ رسول خدا صلعم وحی کے بیان کرنے کے لئے مبعوث کئے گئے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے لتبینہ للناس۔ البتہ بیان کرو گے تم اسکو لوگوں کے لئے اور مال غیر کے لینے کی کئی صورتیں ہیں چوری۔ رہزنی۔ اچکنا۔ خیانت۔ کسی کی پڑی ہوئی چیز اٹھا لینا۔ غصب۔ اور ایک وہ جسکو قلت مبالات کم احتیاطی کہتے ہیں پس ضرور ہوا کہ رسول خدا صلعم چوری کی حقیقت کا بیان فرمائیں تاکہ ان امور سے تمیز حاصل ہو پس تمیز کا طریقہ یہ ہے کہ ان تمام چیزوں کی ذاتیات کیطرف نظر کی جائے جو چوری میں نہیں پائی جاتیں اور لوگوں کے عرف میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس سے امتیاز حاصل ہوتی ہے پھر چند امور منضبطہ معلومہ کیساتھ چوری کی حقیقت کا انضباط کیا جائے جسکے سبب سے سب سے اسکو تمیز ہو جائے پس رہزنی اور غارتگری اور مرہ بہ کرنا یہ سب ایسے امور ہیں جو بہ نسبت مظلوم کے ظالم کو اپنی قوت پر اعتماد اور ایسے مکان یا زمانہ کے اختیار کرنے کی خبر دیتے ہیں جہاں وہ مظلوم مسلمانوں کی جماعت سے فریاد نہیں کر سکتے اور اچکا کودنا روبرو اور آنکھ دیکھتے کسی چیز کے لیجانے کی خبر دیتا ہے اور خیانت میں یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ ان دونوں میں پہلے شرکت یا بے تکلفی اور باہمی ایک دوسرے کے مال میں بھی تصرف وغیرہ رہا ہے اور پڑی چیز کے اٹھا لینے سے ایسی چیز کا اٹھا لینا معلوم ہوتا ہے جو کسی کی حفاظت میں نہ تھی اور غصب میں مظلوم پر ظالم کا ایسا غلبہ معلوم ہوتا ہے جس کا مدار بھاگنے یا لڑنے پر نہیں ہوتا بلکہ زبان زوری اور اس بات کے گمان پر اسکا مدار ہوتا ہے کہ یہ مقدمہ حکام تک نہ پہونچیگا اور حقیقت حال اُنپر ظاہر نہ ہوگی اور قلت مبالات اور بے احتیاطی کا اطلاق ان ادنے ادنے چیزوں کے استعمال پر ہوتا ہے عرف میں جن کے برتنے اور باہمی معاونت کا ان چیزوں میں دستور جاری ہے جیسے پانی و ایندھن وغیرہ لہذا رسول خدا صلعم نے ان سب کے ذاتیات سے امتیاز کا انضباط فرمایا ہے اور فرمایا لا قطع ید السارق الا فی ربع دینار۔ کہ چور کا ہاتھ نہ کاٹا جائے مگر ربع دینار میں اور ایک روایت میں آیا ہے لا قطع فیما بلغ ثمن المجن۔ یعنی مال مسروقہ اتنا ہو جو ڈھال کا ثمن ہو سکے تو ہاتھ کا قطع کرنا چاہئے اور ایک روایت میں ہے کہ رسول خدا صلعم نے ایک ڈھال کے چرانے میں جس کا ثمن تین درہم تھا چور کا ہاتھ قطع کیا اور حضرت عثمان نے بیک انزاح میں جسکی قیمت تین درہم تھی ہاتھ قطع کروایا تھا اور حاصل یہ ہے کہ یہ تینوں مقداریں آپکے زمانہ میں ایک ہی چیز پر منطبق تھیں پھر آپ کے بعد انمیں اختلاف ہوا اور ڈھال غیر منضبط ہونیکے سبب سے کوئی قابل اعتبار چیز نہیں ہے پس باقی دونوں حدیثوں میں امت میں اختلاف ہوئی بعض ربع دینار کے قائل ہوئے اور بعض میں درہم کے اور بعض نے اس مقدار کا اسطرح پر انضباط کیا کہ ان دونوں مقداروں میں سے کسی مقدار تک مال پہنچ جائے اور میرے نزدیک یہی زیادہ تر ظاہر ہے اور اس مقدار کو رسول خدا صلعم نے ادنے والے چیز میں فرق کرکے مقرر فرمایا ہے اسلئے کہ کوئی جنس خاص اندازہ کرنے کی قابلیت نہیں رکھتی کیونکہ مختلف بلاد میں ایک چیز کا نرخ مختلف ہوتا ہے اور نیز اختلاف بلاد کے لحاظ سے نفاست و خساست میں مختلف ہوتی ہیں پس جو چیز ایک قوم کے نزدیک مباح و ادنے چیز ہے دوسروں کے نزدیک وہی چیز ایک قابل قدر مال ہوتا ہے لہذا ثمن کے اعتبار سے اندازہ کا لحاظ کرنا ضروری ہوا اور بعض کہتے ہیں دونوں کے اندازہ کا اعتبار کرنا چاہئے اور لکڑی میں چور کا ہاتھ قطع کرنا چاہئے اگرچہ لکڑیوں کی قیمت دس درہم ہو اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے لا قطع فی ثمر معلق و لا حریسۃ جبل فاذا آواہ المراح او الجرین فالقطع فیما بلغ ثمن المجن۔ جو ثمار معلق ہیں اس میں قطع نہیں ہے اور نہ ان مویشی میں جو پہاڑ کے اندر رہتی ہیں پس جب مویشی باڑہ میں آجاویں اور جب ثمار کا ڈھیر لگا دیا جائے تو اگر ان کی قیمت ڈھال کے ثمن کو پہونچ جائے تو انمیں بھی قطع ہے میں کہتا ہوں آنحضرت صلعم نے اس بات کو جتلا دیا کہ قطع کرنیمیں حفاظت شرط ہے اور جو اسکا یہ سبب ہے کہ جو چیز غیر محفوظ ہے اسکے لینے کو التقاط کہتے ہیں پس اس سے بھی پرہیز کرنا ضروری ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے لیس علی خائن ولا منتہب ولا مختلس قطع۔ خائن پر قطع نہیں ہے اور نہ لوٹنے والے کے اور نہ اچکنے والے پر میں کہتا ہوں رسول خدا صلعم نے اس بات کو سمجھا دیا کہ چوری کے اندر پوشیدہ طور پر مال لینا شرط ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ورنہ لوٹ کر نایا اٹھکتا ہوتا ہے اور نیز شرط ہے کہ پہلے سے اُنمیں شرکت یا کوئی اور حق لازم نہ ہو ورنہ وہ خیانت یا اپنے حق کا استیفار ہوگا۔ اور صحابہ سے مروی ہے کہ اگر غلام اپنے مولا کا مال چرا لے تو وہ فرماتے ہیں انما ہو مال بعضہ فی بعض کہ وہ تیرا ہی مال ہے بعض بعض کے اندر اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے چور کے باب میں فرمایا ہے اقطعوہ ثم احسموہ۔ کہ اُسکا ہاتھ قطع کرو پھر اُسکو تیل میں داغ دیدو۔ میں کہتا ہوں داغ دینے کا حکم اسلئے ہے کہ قطع کرنے کا حکم اثر نہ کرے اور وہ شخص ہلاک نہ ہو اسلئے کہ داغ دینے سے زخم سرایت نہیں کرتا اور رسول خدا صلعم نے چور کے لئے حکم کیا کہ اُسکا ہاتھ اُس کی گردن میں لٹکا دیا جائے چنانچہ ایسا ہی کیا میں کہتا ہوں یہ شہرت دینے کے لئے کیا گیا تا کہ لوگ اسکا چور ہونا معلوم کرلیں اور ظلم اور صد کے قطع کرنیمیں فرق ہو جاوے اور رسول خدا صلعم نے اُس چوری میں جو نصاب سے کم ہو اُسکو سزا دینے اور دوچند تاوان دینے کا حکم فرمایا ہے میں کہتا ہوں دوچند تاوان دینے کا حکم اسلئے دیا کہ چور کو اُس کے اس فعل سے باز رکھنا اور اُسکو مالی و بدنی سزا دینا ضرور ہے اسلئے کہ انسان کو بسا اوقات جسمانی تکلیف سے مالی تکلیف زیادہ تر باز رکھتی ہے اور بسا اوقات اسکے عکس ہوتا ہے اسلئے دونوں تکلیفیں جمع کی گئیں پھر اگر مال مسروقہ کے برابر تاوان کا حکم ہوتا تو چوری کرنا دو نہ کرنا برابر ہوتا اور کچھ سزا نہ ہوتی اس لئے دوچند تاوان دینے کا حکم کیا گیا تا کہ آیندہ کو کبھی چوری کا قصد نہ کرے اور رسول خدا صلعم کے پاس ایک چور پکڑا ہوا آیا اور اُس نے چرانے کا اقرار کیا مگر اُس کے پاس مال مسروقہ برآمد نہ ہوا تو رسول خدا صلعم نے اُس سے فرمایا کہ میرے خیال میں تو نے چوری نہیں کی ہے اُسنے کہا کیوں نہیں تو آپ نے دو مرتبہ یا تین مرتبہ اُس سے یہی ارشاد فرمایا تب آپ نے اُسکے ہاتھ قطع کرنے کا حکم دیا۔ اور ایک مرتبہ ایک مجرم گرفتار ہو کر آیا تو آپ نے فرمایا لعلک میں خدا سے مغفرت چاہتا ہوں اور اُسکی طرف توبہ کرتا ہوں اُسنے کہا میں خدا سے مغفرت چاہتا ہوں اور اُس سے توبہ چاہتا ہوں تو آپ نے تین مرتبہ خدا تعالے سے یہ دعا کی اللھم تب علیہ میں کہتا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ جب گنہگار اپنے گناہ کا اقرار کرتا ہے اور وہ اُسپر نادم ہے تو مناسب ہے کہ کسی حیلے سے حد اُسپر دور کر دیجاے اور ہم اُسکا حال پہلے بیان کر چکے ہیں۔ اللہ پاک فرماتا ہے انما جزاء الذین یحاربون اللہ ورسولہ۔ الآیہ۔ میں کہتا ہوں محاربت کا مدار ایک جماعت مظلومہ سے قتال کرنے پر ہوتا ہے اور چوری کی حد سے اس حد کے مقرر کرنے کا سبب زیادہ تر قوی ہے اور وہ یہ ہے کہ بنی آدم کے مجمع میں خواہ مخواہ کچھ ایسے لوگ ہوتے ہیں جنمیں خصلت سبعی کا غلبہ ہوتا ہے اور اُن لوگوں میں سخت جرات اور قتال اور اجتماع کا مادہ ہوتا ہے اور قتل کرنے اور غارتگری میں بیباک ہوتے ہیں اور اُس کا فساد چوری کے فساد سے زیادہ ہے کیونکہ لوگ چوروں سے اپنے مالوں کو محفوظ رکھ بھی سکتے ہیں مگر رستوں کے چلنے والے رہزنوں سے محفوظ نہیں رہ سکتے اور نہ حکام لوگ اور مسلمانوں کی جماعت اس مکان اور اُسوقت میں اُنکی مدد بآسانی کر سکتی ہے اور نیز قطاع الطریق کو جو ارادہ اُن کے فعل پر آمادہ کرتا ہے وہ زیادہ تر سخت و مستحکم ہوتا ہے اسلئے کہ رہزن وہی شخص ہوتا ہے جو بڑا دلیر اور قوی الجثہ شخص ہو اور نیز اُن لوگوں کا باہم اجتماع و اتفاق رہتا ہے بخلاف چوروں کے لہذا ضروری ہوا کہ رہزن کی سزا چور کی سزا سے زیادہ تر سخت مقرر کیجاے اور اکثر کے نزدیک سزا میں ترتیب کرنی چاہئے اور وہ قول اس حدیث کے موافق ہے لا یقتل المومن الا احدی ثلث۔ الحدیث۔ اور بعض کے نزدیک سزا کے اندر اختیار ہے اور یہ قول لفظ او کے مناسب ہے اور میرے

محکمہ داخلہ و ہوا پی سے فری فنوع ومفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نزدیک جو آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے الفارق للجماعۃ۔ اسمیں دو علتوں کے جمع کر دینے کا احتمال پایا جاتا ہے اور مراد یہ ہے کہ ان دونوں میں سے ہر علت حکم کے مفید ہے جس طرح رسول خدا صلعم نے اس حدیث میں دو علتوں کو جمع کیا ہے لایخرج الرجلان یضربان الغائط کاشفین عن عورتھما یخدثان۔ دو شخص پاخانہ کے لئے اپنا ستر کھولے ہوئے باتیں کرتے ہوئے باہر نہ جائیں۔ پس ستر کا کھولنا لعنت کا سبب ہے اور باتیں کرنا بھی ایسی حالت میں اللہ پاک فرماتا ہے یا ایہا الذین آمنوا انما الخمر والمیسر والانصاب والازلام رجس من عمل الشیطان فاجتنبوہ لعلکم تفلحون انما یرید الشیطان ان یوقع بینکم العداوۃ والبغضاء فی الخمر والمیسر ویصدکم عن ذکر اللہ وعن الصلوۃ فھل انتم منتھون۔ اے ایمان والوں شراب و جوا اور بت اور تیر ناپاک چیزیں ہیں شیطان کے کام سے پس اس سے پرہیز کرو شاید کہ تم فلاح پاجاؤ شیطان کا یہی ارادہ ہے کہ تم میں شراب اور جوے کے اندر عداوت اور بغض ڈالے اور خدا تعالےٰ کے ذکر اور نماز سے باز رکھے پھر کیا تم باز رہنے والے ہو میں کہتا ہوں کہ خدا تعالےٰ نے اس بات کو بیان فرمادیا کہ شراب میں دو قسم کی برائی ہے ایک تو لوگوں کے لئے برائی ہے کہ شارب الخمر لوگوں سے لڑتا جھگڑتا اور انکو ستاتا ہے اور ایک برائی کا انجام اسکی تہذیب نفس کیطرف رجوع کرتا ہے کیونکہ شارب الخمر حالت بیہمی کے اندر غرق ہوجاتا ہے اور اسکی عقل جسپر نیکی کا مدار ہے زائل ہوجاتی ہے اور چونکہ تھوڑی شراب بہت سی شراب کا شوق دلاتی ہے لہذا سیاست امت کے لحاظ سے ضرور ہوا کہ حرمت کا مدار اسکے نشہ آور ہونے پر کیا جاوے اور فی الحال نشہ کے موجود ہونے کا لحاظ کیا جاوے پھر آنحضرت صلعم نے بیان فرمایا کہ شراب کیا چیز ہے اور فرمادیا کل مسکر خمر وکل مسکر حرام۔ ہر چیز نشہ آور شراب ہے اور ہر چیز نشہ آور حرام ہے اور فرمایا کہ شراب ان دو درختوں سے ہوتی ہے چھوارہ و انگور اور ان دونوں کی اس ملک کیحالت کے اعتبار سے ہے اور رسول خدا صلعم سے ضرر اور تبع کی نسبت دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ ہر نشہ اور ہر چیز حرام ہے (مزابل یمن کی شراب ہے جو جوار سے بنتی ہے اور تبع اس شراب کو کہتے ہیں کہ جو نبیذ عسل سے تیار کیجاتی ہے) اور آپ نے فرمایا ہے ما اسکر کثیرہ فقلیلہ حرام۔ جو چیز بہت سی نشہ آور ہو وہ تھوڑی بھی حرام ہے۔ میں کہتا ہوں یہ سب احادیث مستفیضہ ہیں اور میں اس بات کو نہیں جانتا کہ شراب انگوری اور کسی اور شراب میں کیا فرق ہے کیونکہ شراب کی حرمت اُن مفاسد کے سبب سے نازل ہوئی ہے جنکی قرآن پاک میں تصریح کی ہے اور وہ مفاسد سب قسم کے شرابوں میں بدستور پائی جاتی ہیں اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے من شرب الخمر فی الدنیا فمات وھو یدمنھا لم یتب لم یشربھا فی الاخرۃ جس کسی نے دنیا میں شراب پی اور شراب کا عادی ہو کر بغیر توبہ کئے مر گیا تو آخرت میں شراب نہ پئے گا میں کہتا ہوں اس کا یہ سبب ہے کہ جو کوئی صفت بہیمی میں غرق ہوگیا اور صفت احسان سے اسنے بالکل پشت پھیر لی جنت کے لذائذ سے وہ شخص محروم رہیگا پس شراب کا پینا اور اسکا عادی ہوجانا اور اس سے تائب نہ ہونا قوت بہیمی میں مستغرق ہونے کا سبب گردان کر اسپر حکم جاری کر دیا گیا اور جنت کے لذائذ میں سے شراب کو مخصوص کیا گیا تاکہ ظاہر میں دونوں لذتوں کی مخالفت محسوس ہوجائے اور نیز جب نفس کو لذت بہیمی کے اندر کسی فعل کے ضمن میں انہماک ہوتا ہے تو وہی فعل اس لذت کا اس شخص کے نزدیک صورت مثالیہ ہوجاتا ہے جس کے یاد کرنے سے اسکو یاد کر لیتا ہے پس وہ شخص اس بات کا مستحق نہیں ہے کہ احسان کی لذت اسکے لئے ظاہر ہو اور نیز عمل کی سزا اسکے مناسب ہوا کرتی ہے پس جس شخص نے ایک چیز پر اقدام کیا ہے اسکی سزا یہ ہے کہ اسکی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خواہش اور امید کیوقت اُس لذت کے معدوم کرنے سے اُسکو تکلیف دیجائے اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے ان علی اللہ عہدا لمن شرب المسکران یسقیہ من طینۃ الخبال عصارۃ اہل النار۔ خدا یتعالے پر اس بات کا عہد ہے کہ جو شخص نشہ پیئے گا اُس کو خدا طینۃ الخبال پلائیگا دوزخیوں کا نچوڑ ہے میں کہتا ہوں اُسکی یہ وجہ ہے کہ پیپ اور خون اشیا بہنی والوں میں سے بدترین اور حقیر ترین اور سخت ترین اشیا ہیں باعتبار نفرت طبیعت سلیمہ کے اور شراب بہنے والی چیز ہے اور مشابہ پیپ کے ہے صورت خیالیہ میں جیسا کہ منکر نکیر کے باب میں علماء نے فرمایا ہے کہ انکی رنگتیں نیلگون ہوتی ہیں اسلئے کہ عرب اس رنگت سے بیزار ہیں جیسا کہ خواب میں بعض چیزیں انسان کو دکھائی دیتی ہیں اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے من شرب الخمر لم یقبل اللہ لہ صلوۃ اربعین صباحا فان تاب تاب اللہ علیہ۔ شارب الخمر کی چالیس دن کی صبح کی نماز خدا یتعالے نہیں قبول کرتا ہے پس اگر وہ توبہ کرے تو اللہ پاک بھی اُسکی توبہ قبول کرتا ہے میں کہتا ہوں کہ اسکی نماز قبول نہ ہونے میں یہ راز ہے کہ صفت بہیمیہ کا ظاہر ہو جانا اور ملکیہ پر معصیت الہی کے مرتکب ہونے سے اُسکا غالب ہو جانا خدا یتعالے پر جرات کرنا اور اپنے نفس کا ایک حالت خوار یہیں جو صفت احسان کے بالکل منافی اور مخالف ہے مستغرق کر دینا ہے جس کے سبب سے نماز کا نفع اُس کے حق میں جاتا رہتا ہے اور جب شراب پینے والا آنحضرت صلعم کے پاس گرفتار ہو کر آتا تھا تو آپ اُس کے مارنے کا حکم دیتے تھے اور جوتیوں اور کپڑہ اور ہاتھ سے اُسکو پیٹ کیجاتی تھی یہانتک کہ چالیس ضربہ اُسکے لگتے تھے پھر آپ فرماتے تھے کہ اسکو ڈانٹ بتاؤ تو لوگ اُسکی طرف متوجہ ہوتے تھے تو ایسی ایسی باتیں کہتے تھے کہ تو نے خدا کا خوف نہیں کیا تو تو خدا سے نڈر ہو گیا اور تو نے رسول خدا سے کچھ حیا نہ کی اور ایک روایت میں ہے کہ آنحضرت صلعم نے زمین سے خاک اٹھا کر اُسکے منہ پر ماری۔ میں کہتا ہوں بہ نسبت اور حدود کے اس حد کے کم ہونے کا سبب یہ ہے کہ اور معاصی میں اسیوقت فوراً خرابی موجود ہوتی ہے مثلاً وہ شخص کسی کا مال چراتا ہے یا زنا کرتا ہے یا چوری کرتا ہے یا کسی کو زنا کی طرف منسوب کرتا ہے اور شراب پینے میں فساد کا احتمال ہے مگر بالفعل فساد موجود نہیں ہوتا اسواسطے سو سے کم شراب کی حد مقرر کی گئی اور آنحضرت صلعم چالیس دُرّہ اسواسطے مارتے تھے کہ اسمیں قذف کا احتمال ہے اور جو ایک چیز کا منظا ہوتا ہے وہ اُس شے سے بمنزلہ الضعف کے ہوتا ہے پھر جب فساد زیادہ ہو گیا تو صحابہ رضی اللہ عنہم نے اسی دُرّہ شراب کی حد مقرر کیے یا تو اسواسطے کہ کتاب الہی میں جسقدر حدود مذکور ہیں اسی کی مقدار اُن سب میں ادنی درجہ کی ہے پس جس حد کی قرآن کے اندر تصریح نہیں کی گئی ادنے درجہ کی حد سے وہ حد کم نہ ہونی چاہیئے یا اسواسطے کہ شراب پینے والا اگر خود زنا یا قتل نہیں کرتا ہے تو اوروں کو اکثر زنا کی طرف منسوب کرتا ہے اور اکثر کو حکم یقین کا ہوتا ہے اور توبیخ کرنے کا بعید ہم پہلے بیان کر چکے ہیں اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے تم سے پیشتر لوگ اسیواسطے ہلاک ہو گئے کہ جب اُنمیں سے کوئی معزز شخص چوری کرتا تو اُسکو چھوڑ دیتے اور اگر ناتوان آدمی چوری کرتا تو اُسپر حد قائم کرتے تھے اور خدا کی قسم اگر فاطمہ محمد صلعم کی بیٹی چوری کرے تو بلاشبہ میں اُس کا ہاتھ کاٹ ڈالوں۔ اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے جس شخص کی سفارش حدود الٰہی میں سے کسی حد کی نسبت پائی گئی اُس شخص نے خدا یتعالے کی مخالفت کی۔ میں کہتا ہوں آنحضرت صلعم کو یہ بات معلوم تھی کہ خاندانی لوگوں کی عزت کا محفوظ رکھنا اور اُن کے ساتھ درگذر کرنا اور اُن کو بچانا اور اُن کے حق میں سفارش کرنا ہمیشہ سے امتوں میں چلا آتا ہے اور تمام اولین اور آخرین

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس بات کے پیرو ہیں لہذا آنحضرت صلعم نے اسکی نسبت بہت تاکید اور اہتمام کیا اسواسطے کہ شرفار کی سفارش اور اُنسے درگذر کرنا اُن حدود کی مخالفت کرنا ہے جنکو خدا تعالےٰ نے مقرر فرمایا ہے اور آنحضرت صلعم نے محدود پر لعنت کرنی اور اُسمیں واقع ہونے سے نہی فرمائی ہے تاکہ اس سبب سے حد کے قائم کرنے سے لوگ باز نہ رہیں اور اسواسطے کہ حد گناہ کا کفارہ ہے اور جب ایک شے کا کفارہ متدارک ہوگیا تو وہ شے کالعدم ہوگئی چنانچہ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے والذی نفسی بیدہ ای بقی انہار الجنۃ متفجس بہا قسم اُس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے بلاشبہ وہ جنت کی نہروں میں ڈوبا ہوا ہے اور حدود کے ساتھ دو قسم کی زجر اور بھی ہوتی ہیں ایک تو دین کی ہتک عزت کی سزا اور ایک امامت سے روکنا پہلے کی دلیل یہ حدیث ہے من بدل دینہ فاقتلوہ۔ جو شخص اپنا دین بدل دے اُسکو قتل کر ڈالو اُس کی وجہ یہ ہے کہ دین سے باہر ہونے کی سزا میں سخت ملامت کا قائم کرنا ضروری ہے ورنہ دین کی ہتک کا دروازہ مفتوح ہوتا ہے اور خدا کو یہ منظور ہے کہ ملت آسمانی بمنزلہ جبلی امر کے ہوجائے جو جدا نہیں ہوسکتا اور ارتداد اسی بات سے ثابت ہوتا ہے جسمیں خدا تعالےٰ یا رسولوں کی نفی یا کسی رسول کی تکذیب پر دلالت ہو یا ایسا فعل جس سے دین کے ساتھ صراحتاً استہزا مقصود ہو اور اسیطرح ضروریات دین کے انکار سے ارتداد ثابت ہوتا ہے اللہ پاک فرماتا ہے وطعنوا فی الدین۔ اور اُنہوں نے دین کے اندر عیب نکالا۔ اور ایک یہودیہ رسول خدا صلعم کو کچھ برا بھلا کہا کرتی تھی تو ایک شخص نے اُسکا گلا دبا دیا حتی کہ وہ مرگئی آپ نے یہ خبر سنکر اُسکے خون کو ہدر کردیا اسلئے کہ دین اسلام میں عیب جوئی اور مسلمانوں کی ظاہری ایذا رسانی سے عہد منقطع ہوجاتا ہے اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے انا بری من کل مسلم مقیم بین اظہر المشرکین لا یتراءیا نارا ہما۔ جو مسلمان مشرکین کے اندر بسے میں اُس سے بیزار ہوں۔ وہ دونوں ایک دوسرے کی آگ نہ دیکھنے پائیں میرے نزدیک اُسکا سبب یہ ہے کہ کفار کے ساتھ اختلاط کرنا اور اُنکے گروہ کو بڑھانا بھی ایک قسم کی مدد ہے پھر آنحضرت صلعم نے کفار کی بستیوں سے دور رہنے کو اسطرح پر ضبط فرمایا کہ اگر ایک فریق کے شہر یا محلہ میں اگر کسی بلند جگہ پر آگ روشن کی جائے تو دوسرے فریق کو ظاہر نہ ہو اور دوسرے کی دلیل یہ آیت ہے وان لبغت احدہما علی الاخری فقاتلوا التی تبغی حتی تفیٔ الی امر اللہ۔ پھر ایک گروہ نے دوسرے پر بغاوت کی پھر جسنے بغاوت کی ہے اسپر مقاتلہ کرو اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے اذا بویع الی الخلیفتین فاقتلوا الآخر منہما۔ اگر دو خلیفوں کی بیعت کی جائے تو اُن دونوں میں سے دوسرے خلیفہ کو مار ڈالو۔ میں کہتا ہوں اسکا سبب یہ ہے کہ امامت ایسی چیز ہے کہ انسان کی طبیعت کا میلان اُسکی طرف ہوتا ہے اور مختلف ولایتوں میں لوگوں کے اندر کوئی نہ کوئی ایسا شخص پیدا ہوتا ہے جو امامت کی خاطر قتال پر اُسکو جرات ہوتی ہے اور کچھ لوگ اُسکے بھی مددگار ہوتے ہیں پس اُسکو اگر علی حالہ چھوڑ دیا جائے تو قتل نہ کیا جائے تو وہ ضرور خلیفہ کو قتل کرے پھر کوئی اور اُس سے قتال کرے اور وہ اُسکو قتل کرے وعلی ہذا القیاس مسلمانوں میں فساد عظیم برپا ہو پس اس مفسدہ کے انسداد کی یہی صورت ہے کہ مسلمانوں میں اُسکے متعلق ایک طریقہ مقرر کیا جائے کہ جب ایک شخص خلیفہ مقرر ہوجائے پھر دوسرا شخص اُسمیں جھگڑا کرنے کیلئے آمادہ ہو تو اُس کا قتل روا ہے اور اُسکے مقابل میں خلیفہ کی مدد کرنا مسلمانوں کو ضروری ہے پھر اسکے بعد وہ شخص ہے جو اپنی ذات یا کنبہ سے کسی ظلم کے دفع کرنے کا ارادہ ہے بتاویل شرعی خلیفہ پر خروج کرے یا خلیفہ کے اندر کوئی نقصان ثابت کرے اور دلیل شرعی سے اُسپر حجت کرے اور جمہور مسلمانوں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نزدیک وہ دلیل مسلم نہ ہو اور نہ وہ خدا کا ایسا حکم ہو جو برہان قطعی سے ثابت ہو جسکا انکار نہ کر سکیں پس اس شخص کا حال اس شخص سے کم درجہ پر ہے جو ملک میں فساد پھیلانے کی غرض سے خروج کرے اور شرع کو چھوڑ کر تلوار کو حکم قرار دے یہ دونوں شخص ایک مرتبے کے نہ ہونے چاہئیں اسلئے امام کو لازم ہے کہ اُس مفسد کیطرف کسی دانا عالم کو نصیحت کے لئے بھیجے تاکہ اس شبہ کو دور کرے یا اُس سے ظلم کو دفع کرے جسطرح امیر المومنین حضرت علیؓ نے عبداللہ بن عباس کو ہرمزیہ کو روانہ کیا۔ پس اگر وہ شخص مسلمانوں کی جماعت کیطرف رجوع کرے فبہا ورنہ امام کو اُس سے قتال کرنا چاہئے مگر ان میں سے جو شخص بھاگ جائے اُسکا تعاقب کر کے قتل نہ کرنا چاہئے اور نہ اُنکے قیدی قتل کرنے چاہئیں اور جو شخص زخمی ہو جائے اُس کو بھی پھر قتل نہ کرنا چاہئے اسلئے کہ مقصود دفع شر اور اُنکی جماعت کا پراگندہ کرنا تھا وہ حاصل ہو گیا اور دوسرا شخص محاربین میں سے ہے اور اُسکا حکم محارب کا حکم ہے۔

قضاء کا بیان

معلوم کرو کہ جن حاجات کا بکثرت وقوع ہوتا ہے اور جن کا فساد سخت ہوتا ہے وہ لوگوں کے باہمی مناقشات ہیں وہی مناقشات عداوت اور بغض اور باہمی فساد کے باعث ہوتے ہیں اور انہیں سے حق تلف کرنے اور دلیل کے نہ ماننے کی خواہش پیدا ہوتی ہے پس ضرور ہوا کہ ہر طرف میں ایک ایسا شخص مقرر کیا جائے جو شرع کے موافق انکے مقدمات کو فیصل کرے اور اُس فیصلہ پر عمل کرنے پر خواہ مخواہ انکو مجبور کرے یہی وجہ ہے کہ آنحضرت صلعم کو قضات کے بھیجنے کا نہایت اہتمام رہا پھر آپ کے بعد آپکے خلفاء اور تمام مسلمانوں میں اس بات کا اہتمام رہا پھر چونکہ لوگوں کے فیصلہ کرنے میں ظلم اور جور کا احتمال ہے لہذا ضروری ہوا کہ لوگوں کو فیصلہ کے اندر ناانصافی کرنے سے خوف دلایا جائے جن کلیات کیطرف احکام کا رجوع ہوتا ہے وہ منضبط کئے جائیں اور رسول خدا صلعم نے فرمایا من جعل قاضیا بین الناس فقد ذبح بغیر سکین جو شخص لوگوں کے اندر قاضی مقرر کیا گیا بلاشبہ بغیر چھری کے ذبح کیا گیا میں کہتا ہوں اس سے رسول خدا صلعم نے اس بات کو بیان کیا کہ قضاء نہایت بھاری بوجھ ہے اور اُس پر اقدام کرنے میں ہلاکت کا خطرہ ہے الا ماشاء اللہ اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے من ابتغی القضاء وسئل وکل الی نفسہ ومن اکرہ علیہ انزل الیہ ملکا یسددہ۔ جو شخص قضاء کا طالب ہوا اور اُس کی درخواست کرے تو وہ شخص اپنی ذات پر چھوڑ دیا جاتا ہے اور جو شخص زبردستی قاضی بنایا جاتا ہے تو خدا تعالیٰ اس پر ایک فرشتہ نازل کرتا ہے کہ جو اُس کی اصلاح کرتا رہتا ہے میں کہتا ہوں اس میں یہ راز ہے کہ جو شخص حکومت کا طالب ہوتا ہے غالباً مال یا جاہ کی خواہش یا کسی دشمن سے بدلہ لینے کی قدرت کا حاصل ہونا وغیرہ اس کا منشاء پڑتا ہے پس اُس شخص سے خلوص نیت جو نزول برکات کا سبب ہے نہیں پائی جاتی اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے القضات ثلثۃ احد فی الجنۃ واثنان فی النار۔ الحدیث۔ قاضیوں کی تین قسم میں ایک جنتی اور دو دوزخی ہیں۔ جنتی وہ شخص ہے جو حق کو پہچانے اور اُسی کے موافق حکم دے اور جو شخص حق کو پہچان کر حکم دینے میں ظلم کرے وہ دوزخی ہے اور وہ شخص جو جاہل ہو کر حکم دے وہ بھی دوزخی ہے۔ میں کہتا ہوں اس

صفحہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حدیث سے یہ بات ثابت ہوئی کہ قاضی ہونے کے قابل وہ شخص ہے جو عادل ہو اور ظلم اور کسی کیطرف میلان سے پاک ہو اور اسکی یہ بات لوگوں میں مشہور ہو اور نیز وہ شخص عالم ہو جو احکام متعلقہ فاصلہ مسائل قضاء سے واقف ہو اور اس کا سبب ظاہر ہے اور وہ یہی سبب ہے کہ قاضی کرنے سے جو مصلحت مقصود ہے وہ بغیر ان باتوں کے غیر متصور ہے اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے لا یقضین حکم بین اثنین وہو غضبان۔ کوئی پیچ غصہ کی حالت میں دو شخصوں کے مابین فیصلہ نہ کرے میں کہتا ہوں اس کا یہ سبب ہے کہ جب ایک شخص کا دل غصہ کی حالت میں مشغول ہے تو وہ شخص دلائل اور قرائن کے معلوم کرنے میں پورے طور پر غور نہ کریگا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا حکم الحاکم فاجتہد فاصاب فلہ اجران واذا حکم فاجتہد فاخطاء فلہ اجر واحد۔ جب کوئی حاکم فیصلہ کرے اور اسمیں اجتہاد کرے پس اس کا اجتہاد ٹھیک جا پڑے تب تو اس کے لئے دو اجر ہیں اور اگر فیصلہ کرے اور اجتہاد کرنے میں وہ چوک جائے تو اسکے لئے ایک اجر ہے اور اجتہاد کے معنی حتی الوسع دلیل کی تلاش کرنے میں کوشش کرنے کے ہیں اسکی وجہ یہ ہے کہ تکلیف بقدر وسع کے ہے اور انسان کی وسع میں صرف اسقدر ہے کہ حتی المقدور دلیل تلاش کرے باقی رہا حق کو پہنچ جانا سو یہ ہرگز اسکے بس میں نہیں ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا ہے اذا تقاضی الیک رجلان فلا تقض للاول حتی تسمع کلام الآخر فانہ اخری ان تبین لک القضاء۔ جب دو شخص تیرے پاس کوئی مقدمہ لائیں تو جبتک تو دوسرے کی بات نہ سن لے اسوقت تک پہلے کے موافق فیصلہ مت کر کیونکہ دونوں کی بات سننے سے حکم اچھی طرح ظاہر ہو سکتا ہے۔ میں کہتا ہوں اسواسطے کہ دونوں کی دلیل کو ملاحظہ کرنے سے ترجیح ظاہر ہو سکتی ہے اور معلوم کرو کہ قضاء کے دو درجہ ہیں اول تو مدعی مدعا علیہ کے مقدمہ کی حقیقت حال کا معلوم کرنا اسکے بعد اس مقدمہ میں انصاف سے حکم دینا اور قاضی کو کبھی تو دونوں کی ضرورت ہوتی ہے اور کبھی صرف ایک کی مثلاً اگر دو شخص ہیں اور ہر ایک اس بات کا دعوے کرتا ہے کہ یہ جانور میری ملک ہے اور میری ہی ملک میں پیدا ہوا ہے یا یہ پتھر میں نے پہاڑ سے اٹھایا ہے تو یہاں کچھ اشکال نہیں ہے کیونکہ یہ بات ظاہر ہے اور حضرت علیؓ اور زید اور جعفر رضی اللہ عنہم کے مابین حضرت حمزہؓ کی لڑکی کی پرورش کے باب میں جو مقدمہ پیش تھا وہاں وہ مقدمہ ظاہر تھا صرف حکم دینا باقی تھا اور اگر ایک شخص دوسرے پر غصب کا دعوے کرے اور مال کی صورت متغیر ہو اور دوسرا انکار کرے تو اولاً حقیقت حال معلوم کرنے کی ضرورت ہوگی کہ وہاں غصب ہے یا نہیں اور اسکے بعد حکم دینے کی ضرورت ہوگی کہ بعینہٖ اس شے کے واپس کرنیکا حکم دیا جائے یا اس کی قیمت دینے کا اور رسول خدا صلعم نے قضاء کے دونوں مقام کو فوائد کلیہ سے منضبط فرمایا ہے مقام اول میں تو گواہی اور قسم سے زیادہ مناسب کوئی چیز نہیں ہے کیونکہ حقیقت الحال بجز اس صورت کے نہیں معلوم ہو سکتی کہ یا تو کوئی شخص جو اس واقع میں موجود تھا اس کی خبر دے یا خود وہی مقدمہ والا ایسی تاکید سے اس کو بیان کرے کہ جس کے ساتھ کذب ہونیکا ظن نہ پایا جائے اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے لو یعطی الناس بدعوہم لادعی ناس دماء رجال واموالہم ولکن البینۃ علی المدعی والیمین علی المدعی علیہ۔ اگر لوگوں کو صرف دعوے کرنے سے دلایا جائے تو بلاشبہ لوگ آپسمیں خون و مال کا دعوے کرنے لگیں مگر مدعی کے لئے بینہ اور مدعا علیہ پر قسم لازم ہے پس جس وہ شخص ہوتا ہے جو ظاہر کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خلاف دعوٰی کرے ایک نئی بات ثابت کرتا ہے اور مدعا علیہ اصل کا پابند اور ظاہر سے دلیل پکڑتا ہے پس ایسی صورت میں بجز ایک بات کے کوئی صورت انصاف کی نہیں ہے کہ مدعی سے بینہ کا اعتبار کیا جائے اور جو ظاہر سے استدلال کرتا ہے اور اپنے آپ کو بچاتا ہے وہ صورت مدعی کے پاس بینہ نہ ہونے کے اس شخص سے قسم لیجاے اور رسول خدا صلعم نے اس قاعدہ کے مقرر ہونیکا سبب اشارتاً اس حدیث میں بیان فرمایا ہے یعطی الناس بدعوٰھم الخ یعنی یہ تظلم کا سبب ہے تو ایسی صورت میں حجت کا ہونا ضروری ہے پھر گواہ میں اس صفت کا ہونا معتبر ہے کہ لوگوں کے نزدیک وہ پسندیدہ ہو چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے ممن ترضون من الشھداء۔ گواہوں میں سے جس کو تم پسند کرو۔ اور یہ صفت عقل اور بلوغ اور اس معاملہ کے ضبط اور گویائی اور اسلام اور عدالت اور مروت اور عدم تہمت سے ہوتی ہے۔ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے لا یجوز شھادۃ خائن ولا خائنۃ ولا زان ولا زانیۃ۔ ولا ذی غمر علی اخیہ ویرد شھادۃ القانع لاھل البیت۔ کہ نہیں درست ہے گواہی خیانت کرنے والے کی۔ اور نہ خیانت کرنے والی کی۔ نہ زانی اور زانیہ کی اور نہ اس شخص کی جو اپنے بھائی سے بغض رکھتا ہو اور جو شخص کسی کے گھر کا نوکر ہو اس کی گواہی رد کی جائیگی اور اللہ جل جلالہ نے قذف کرنے والے کی نسبت فرمایا ہے ولا تقبلوا لھم شھادۃ ابداً واولئک ھم الفاسقون الا الذین تابوا الآیہ۔ اور باقی کبائر کو بھی زنا اور قذف کا ہی حکم ہے اس واسطے کہ خبر میں فی نفسہ صدق اور کذب کا احتمال ہوتا ہے اور ان دونوں میں سے ایک کو کسی قرینہ سے ترجیح ہوتی ہے اور وہ قرینہ یا تو مخبر میں ہوتا ہے یا اس میں جس سے خبر دیجاتی ہے یا کسی اور میں۔ اور ان قرائن میں سے انضباط کے قابل جس پر حکم کا مدار کیا جائے بجز صفات مخبر کے کوئی چیز نہیں ہے البتہ ظاہر حال ملکیت اور ابقاء ماکان علے ماکان قابل انضباط ہے مگر مدعی کے لئے بینہ اور مدعا علیہ کے لئے قسم مقرر ہونے میں اس کا اعتبار ہو چکا ہے اب رہی گواہوں کی تعداد ان اطوار مختلفہ کے اعتبار سے مقرر کی گئی جنکو شارع نے مختلف حقوق کے اندر رکھا ہے پس زنا کا ثبوت چار گواہوں سے ہو سکتا ہے یہ آیت اسکی دلیل ہے والذین یرمون المحصنت ثم لم یاتوا باربعۃ شھداء الآیہ اور ہم سابق میں اسکی مشروعیت کا سبب بیان کر چکے ہیں اور قصاص و حدود میں صرف مردوں کی گواہی کا اعتبار کیا جاتا ہے اور اس کی دلیل زہری رحمۃ اللہ کا یہ قول ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے برابر یہ دستور جاری ہے کہ حدود میں صرف مردوں کی گواہی معتبر ہوتی ہے اور حقوق باللہ میں ایک مرد اور دو عورت کی گواہی کا بھی اعتبار ہوتا ہے بحکم آیہ فان لم یکونا رجلین فرجل وامرأتان۔ پس اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں گواہی دیں اور جناب باری تعالٰے نے بجاے ایک مرد کے دو عورتوں کے مقرر کرنے کی وجہ بھی بیان فرمادی کہ ان تضل احدٰھما فتذکر احدٰھما الاخرٰے اگر ان دونوں میں سے ایک چوک جاے تو ان میں سے ایک دوسری کو یاد دلادے یعنی عورتیں ناقصات العقل ہوتی ہیں پس عدد بڑھا کر اس کمی کا پورا کرنا ضروری ہوا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ایکمرتبہ ایک شاہد اور ایک قسم سے حکم دیا اسواسطے کہ شاہد عدل کے ساتھ اگر قسم بھی پائی جاے تو وہ امر ثابت ہو جاتا ہے اور گواہوں کے امر میں توسعہ ضروری ہے اور برابر سنت جاری ہے کہ اگر شاہدین میں قاضی کو کسی قسم کا تردد ہو تو بطور خود انکا تزکیہ کرنے اسواسطے کہ انکی گواہی کا اعتبار انکی صفات کیوجہ سے ہے باعث سے انکے صدق کو کذب پر ترجیح ہے پس انکے صفات کا ظاہر ہونا ضروری ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور یہ بھی برابر سنت جاری ہے کہ اگر شک ہو تو قسم کو زمانہ اور مکان اور لفظ سے خوب مضبوط کیا جائے اسواسطے کہ قسم صدق خبر کی دلیل اسی قرینہ کی وجہ سے ہوتی ہے جسکے ساتھ خبر دینے والا کذب پر اقدام نہیں کرسکتا پس مناسب ہوا اگر زیادہ شک ہو تو قرائن کو قوی کیا جائے لفظ کے اعتبار سے مضبوط کرنے کی یہ صورت ہے کہ اسماء وصفات زیادہ بیان کئے جائیں اسکی دلیل یہ حدیث ہے احلف باللہ الذی لا الہ الا ہو عالم الغیب والشہادہ۔ اور زمانہ سے تاکید کی یہ صورت ہے کہ بعد العصر حلف کرے بحکم آیہ تحبسونہما من بعد الصلوٰۃ۔ اور جگہ سے تاکید کی یہ صورت ہے کہ اگر مکہ معظمہ میں ہو تو رکن اور مقام کے درمیان میں کھڑا کر کے اس سے اظہار لیں اور اگر مدینہ منورہ میں ہو تو حضور نبوی کے منبر کے پاس کھڑا کر کے اس سے گواہی لیں اور اور شہروں میں مساجد کے منبر کے پاس کے کھڑا کریں کیونکہ ان مقامات کی فضیلت شرع سے ثابت ہے اور خصوصاً ان مقامات میں جھوٹ کہنے کا سخت گناہ ہے پھر اس بات کی حاجت پڑی کہ لوگوں کو اس بات سے نہایت خوف دلایا جائے کہ خدا تعالےٰ کے ان احکام کی مخالفت کریں جنکو خدا تعالےٰ نے ان کے مقدمات کے فیصل کرنے اور حقیقت حال کے معلوم ہونے کیلئے مقرر فرمایا ہے اور ان ترہیبات میں اصل تین چیزیں ہیں ایک تو یہ کہ جس فعل سے خدا تعالےٰ نے نہایت شدت سے نہی فرمائی ہے اس پر اقدام کرنا قلت ورع اور خدا تعالےٰ کے روبرو جرات کرنے کی دلیل ہے پس ان اشیاء پر جرات کرنے کا حکم جاری کیا گیا اور جرات کا اثر مثل وجوب دخول نار اور تحریم جنت وغیرہ کے اس پر وارد کیا گیا۔ دوسرے یہ کہ اسمیں ظلم کی کوشش پائی جاتی ہے اور اس کا حال سرقہ اور رہزنی یا چور کو چوری کیطرف رہبری کرنے یا رہزن کو رہزنی پر آمادہ کرنے کے مثل ہے لہذا خدا تعالےٰ اور ملائکہ اور لوگوں کی لعنت جو زمین میں فساد ڈالنے والوں کے متعلق ہوا کرتی ہے اس عاصی کی طرف متوجہ ہوئی اسلئے دوزخ کا مستحق ہوا اور تیسرے یہ کہ اسمیں ان احکام کی جنکو خدا تعالیٰ نے اپنے عباد کیلئے مشروع کیا ہے مخالفت اور مرضی الٰہی کے موافق انکے نہ جاری ہونیمیں کوشش کرنا ہے کیونکہ قسم حق ظاہر کرنے کیلئے اور بینہ حقیقت حال بیان کرنے کیلئے مشروع کیا گیا ہے پس اگر جھوٹی گواہی اور جھوٹی قسموں کا دستور جاری ہو جائے تو مصلحت مقصود کا دروازہ بند ہوتا ہے پس ازانجملہ گواہی کا چھپانا ہے اسکی نسبت اللہ تعالےٰ فرماتا ہے ومن یکتمہا فانہ آثم قلبہ۔ اور جو شخص اسکو چھپائے تو اس کا دل گنہگار ہے۔ اور ازانجملہ جھوٹی گواہی ہے۔ آنحضرت صلعم نے اس کو کبائر میں شمار کیا ہے اور ازانجملہ جھوٹی قسم ہے حدیث شریف میں آیا ہے من حلف علی یمین صبر وہو فیہا فاجر لیقطع بہا حق امرء مسلم لقی اللہ تعالےٰ یوم القیمۃ وہو علیہ غضبان۔ جو شخص جس کی قسم پر حلف کرے اور وہ اس میں جھوٹا ہو اور اس کا مقصود اس سے کسی مسلمان کا حق تلف کرنا ہو تو وہ خدا تعالےٰ سے قیامت کے دن ایسی حالت پر ملیگا کہ خدا تعالےٰ اس پر غضبناک ہوگا۔ اور ازانجملہ جھوٹا دعوے ہے حدیث شریف میں آیا ہے جو شخص ایسی چیز کا دعوے کرے جو اسکی نہ ہو تو وہ ہم میں سے نہیں ہے اور اسکو دوزخ میں اپنے لئے جگہ ڈھونڈھنی چاہئے۔ اور ازانجملہ بلاحق بحکم قاضی کسی چیز کا لے لینا ہے حدیث شریف میں آیا ہے انما بشر مثلکم وانکم تختصمون۔ الحدیث۔ اور ازانجملہ مقدمہ بازی کی عادت ڈال لینا ہے یہ بھی باہم فساد ڈالنے سے خالی نہیں ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے ان ابغض الرجال الی اللہ الالد الخصم۔ مبغوض ترین لوگوں کا عند اللہ وہ شخص ہے جو بڑا جھگڑالو ہے۔ اور جو شخص حق اور باطل میں بالکل

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مخاصمت نہ کرے تو وہ شخص صفت سماحت کا پابند ہے اور آنحضرت صلعم نے ترک مخاصمت کی رغبت دلائی ہے اور نیز بسا اوقات حقیقت میں ایک شخص کا حق نہیں ہوتا اور اُس کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ میرا حق ہے پس یقیناً عہدہ سے اسی وقت باہر ہو سکتا ہے کہ مخاصمت کو بالکل ترک کر دے خواہ حق سے ہو یا ناحق ہو اور حدیث شریف میں وارد ہے کہ دو شخصوں نے ایک حیوان میں دعوے کیا اور ہر ایک نے اس بات پر بینہ قائم کر دی کہ وہ جانور اُسی کے ہاں پیدا ہوا ہے پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے وہ جانور اُس شخص کو دلایا جس کے قبضہ میں تھا۔ میں کہتا ہوں اُس میں یہ راز ہے کہ جب دونوں حجتوں میں تعارض ہوا تو دونوں ساقط ہو گئیں اور جس کا قبضہ ہے اُس کے پاس وہ شے باقی رہی کیونکہ اُس کے رد کرنے کا کوئی سبب نہیں پایا گیا یا ہم یہ کہتے ہیں کہ دونوں دلیلوں میں سے ایک دلیل کو قرینہ ظاہری یعنی قبضہ سے رد ملگئی لہذا اُسکو ترجیح دیگئی۔ اب رہا قضا کا مقام ثانی پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے چند اصول فرمائے ہیں جن کی طرف اس مقام کا رجوع ہوتا ہے اور مجملاً اُسکا بیان یہ ہے کہ حقیقت حال معلوم ہو گئی تو اب نزاع ایسی شے میں جو اصل میں مباح ہے اور ہر شخص اُس کا دعوے کرتا ہے ایسے وقت میں اُس کا حکم ترجیح کا ظاہر کرنا ہے خواہ وہ ترجیح کسی ایسی صفت سے ہو جس میں مسلمانوں کو اور نیز اُس شے کو نفع ہو یا ترجیح کی یہ صورت ہو کہ اُن دونوں میں سے ایک کا قبضہ بہ نسبت دوسرے کے پیشتر ہو یا قرعہ اندازی سے وہ ترجیح حاصل ہو جائے اُس کی مثال ایک تو زید و علی و جعفر رضی اللہ عنہم کا قصہ ہے حضرت حمزہؓ کی بیٹی کی پرورش کے متعلق کہ آنحضرت صلعم نے جعفر رضی اللہ عنہ کے واسطے پرورش کا حکم دیا اور فرمایا الخالۃ ام خالہاں ہے۔ دوسرے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اذاں کے متعلق فرمایا ہے کہ اگر لوگو نکو اذاں اور صف اول کا ثواب معلوم ہو اور اُس ثواب کو قرعہ اندازی کے بغیر حاصل نہ کر سکیں تو قرعہ اندازی کیا کریں اور نیز رسول خدا صلعم جب کسی سفر کا ارادہ فرماتے تھے ازواج مطہرات میں قرعہ اندازی فرمایا کرتے تھے اور ایک ترجیح کی صورت یہ ہے کہ بطور عقد یا غصب کے کسی کا قبضہ چلا آتا ہو اور ہر ایک اس بات کا دعوے کرے کہ میں اُس کا حقدار ہوں اور اُسمیں ہر ایک کو شبہ ہو اور اُس کا حکم یہ ہے کہ لوگوں میں جو دستور و عرف جاری ہے اس کا اتباع کیا جائے اور اقرار اور عقود کے الفاظ کی تفسیر انہیں معنی سے کیجاتی ہے جو جمہور کے نزدیک اُس کے معنی ہیں اور ضرر رسانی وغیرہ انہیں کے دستور سے معلوم ہو سکتی ہے اُسکی مثال براء بن عازب کا قصہ ہے کہ اُنکی اونٹنی کسی باغ میں جا پڑی اور اُس نے باغ کا کچھ نقصان کر دیا اور ہر شخص اس بات کا مدعی ہوا کہ میں معذور ہوں پس رسول خدا صلعم نے اُن کی عادت کے موافق اُس مقدمہ میں حکم دیا اور عادت و دستور یہ ہے کہ مالی دن میں اپنے مال کی حفاظت کیا کرتے ہیں اور مویشی کے پالنے والے شب میں مواشی کی حفاظت رکھتے ہیں اور جن قواعد پر بہت سے احکام مبنی ہیں اُن میں سے ایک یہ بھی قاعدہ ہے کہ نفع تاوان کے ساتھ ہوتا ہے اور اُسکی اصل وہ ہے کہ آنحضرت صلعم نے حکم دیا ہے کہ آمدنی تاوان کے ساتھ ہے اس لئے کہ منافع کا انضباط دشوار ہے اور جاہلیت کے قسامات اور خون اور جو کچھ زمانہ جاہلیت میں اُس سے کچھ تعرض نہ کیا جاوے گا اور جاہلیت کے بعد از سر نو احکام قائم کئے جاوینگے اور قبضہ بلا کسی دوسری دلیل کے نہ توڑا جاویگا اور استصحاب یعنی ابقاء ما کان علی ما کان کی اصل یہی ہے اور یہ کہ اگر تفتیش کا طریقہ مسدود ہو جاوے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

توحکم وہ ہوگا جو مال والا چاہیگا یا دونوں واپس لینگے اور اسکی اصل یہ حدیث ہے البیعان ان اختلفا والسلعۃ قائمۃ الحدیث اور ہر عقد میں اصل یہ ہے کہ ہر ایک کے لئے پورا پورا حق دلایا جاے اور عقد سے جو شخص جس چیز کا التزام کرے وہ اس پر لازم ہے بجز اس عقد کے جس سے شارع نے منع فرمایا ہے چنانچہ حدیث شریف میں آیا ہے المسلمون علی شروطھم الا شرطا احل حراما او حرم حلالا۔

یہ قدرے ان احکام کا بیان ہوا جنکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مقام ثانی کے متعلق مشروع فرمایا ہے اور وہ قضایا جنمیں حضور نبوی صلعم نے حکم فرمائے ہیں یہ ہیں منجملہ ازاں ایک قضیہ بنت حمزہؓ کی پرورش کے باب میں ہے جیسا کہ حضرت علیؓ نے فرمایا بنت اخی رانا اخذ تہا۔ اور جعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا بنت عمی وخالتہا تحتی۔ اور زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے بنت اخی اور کہا کہ خالہ تو بمنزلہ ماں کے ہوتی ہے اور ایک قضیہ ابن ولیدہ زمعہ کا دعوت کے باب میں ہے جیسا کہ سعدؓ نے کہا ہے کہ میرے بھائی نے اس میں البتہ میرے ساتھ عہد کیا ہے اور عبد ابن زمعہ ابن ولیدہ نے کہا کہ میرا باپ تو اسکے بستر پر پیدا ہوا ہے۔ پس آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اے زمعہ وہ تیرے لئے ہے الولد للفراش وللعاہر الحجر۔ اور ازانجملہ زبیرؓ اور ایک انصاری کا قضیہ پانی کے گول کے باب میں ہے پس آپ نے ایسا حکم دیا کہ جس میں دونوں کے لئے وسعت تھی کہ اے زبیر اول تم اس میں پانی لیلو پھر اپنے ہمسایہ کو چھوڑ دو پھر انصاری غصہ ہوگیا پھر زبیر کے لئے اسکا حق پورا کر دیا فرمایا کہ اتنا پانی لے کہ دیواروں کی جڑ تک پہنچے۔ اور ازانجملہ براء بن عازبؓ کی اونٹنی کا قضیہ ہے کہ وہ ایک باغ میں گھس گئی اور اس کا نقصان کیا تو آپ نے یہ حکم دیا کہ مالی لوگ دن میں اپنے باغ کی حفاظت کریں اور مواشی پالنے والے رات میں اپنے مواشی کی حفاظت کریں اور آپ نے شفعہ کا جب اس شے کی تقسیم نہ ہوئی ہو حکم دیا اور حدود پڑ جانے کی اور راستے علیحدہ علیحدہ ہو جائیں تو اسمیں شفعہ نہیں ہے اور ان مقدمات کے وجوہ ہم قبل بیان کر چکے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا اختلفتم فی الطریق جعل عرضہ سبعۃ اذرع۔ جب تم راستے میں اختلاف کرو تو اس کی چوڑائی سات ذرع کیجائے میں کہتا ہوں اسکی یہ وجہ ہے کہ جب لوگ کسی مباح زمین کو آباد کرتے ہیں اور وہ شہر ہو جاتا ہے اور راستے میں جگہ مل واقع ہوتا ہے بعض تو چاہتے ہیں کہ راستہ کو تنگ کریں اور اسمیں اپنے مکانات بنائیں اور بعض اس بات سے مانع ہوتے ہیں اور کہتے ہیں لوگوں کے لئے فراخ راستہ ہونا چاہئے لہذا حکم دیا گیا کہ راستہ کا عرض سات ذرع کا ہونا چاہئے اور اسکی یہ وجہ ہے کہ اونٹوں کی دو قطاریں ضرور اس راستے سے گذر سکیں بانیطور کہ ایک ایک جانب سے اور دوسری دوسری جانب سے تو ایسی صورت میں اس بات کی ضرورت ہے کہ انکے واسطے بخوبی نکلنے کا راستہ ہو ورنہ دقت لازم آتی ہے اور اسکا اندازہ سات ذرع ہے اور نیز آپ نے فرمایا ہے جو کوئی شخص کسی کی زمین بلا اسکی اجازت کے کھیتی کرے تو اسکو بجز اسکی حق محنت کے اور کچھ نہ ملیگا پس آنحضرت صلعم نے اسکو بمنزلہ کمیری کے گردانا کہ مالک زمین کیلئے اسنے محنت کر دی۔ واللہ اعلم۔

جہاد کا بیان

معلوم کرو کہ تمام شرائع میں زیادت کامل اور تمام وہ شریعت ہے جسمیں جہاد کا حکم پایا جاے اس واسطے کہ خدا تعالے کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے بندوں کا اوامر و نواہی کے ساتھ مکلف کرنا ایسا ہے کہ جیسے ایک شخص کے غلام مریض ہو رہے ہیں اور اُس نے اپنے خاص لوگوں سے ایک شخص کو یہ حکم دیا کہ انکو کوئی دوا پلائے پھر اگر وہ شخص انکو مجبور کر کر کے انکے منہ میں دوا ڈالے تو یہ بات نامناسب ہوگی مگر رحمت کا مقتضیٰ ہے کہ اول اُن غلاموں سے اُس دوا کے فوائد بیان کر دے تاکہ خوشی کے ساتھ اُس دوا کو پی لیں اور نیز اُس دوا میں کوئی شیریں چیز مثلاً شہد شامل کر دے تاکہ رغبت طبعی اور نیز رغبت عقلی اُس کی معین ہو جائے پھر اکثر لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں کہ ریاستوں کی محبت اور اُن کا شوق اور شہوات دنیہ اور اخلاق سبعی اور وساوس شیطانی اُنپر غالب ہوتے ہیں اور اُنکے آباواجداد کے رسوم اُنکے قلوب میں متمکن ہو جاتے ہیں تو اُن فوائد پر وہ کان نہیں دھرتے اور جس چیز کا حضور نبوی صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ہے اُسمیں وہ فکر نہیں کرتے اور نہ اُسکی خوبی میں اُنکو غور ہوتا ہے تو اُن لوگوں کے حق میں رحمت کا مقتضیٰ یہ نہیں ہے کہ صرف اثبات حجت کا اُنپر اقتدا کیا جائے بلکہ رحمت اُن کے حق میں یہی ہے کہ اُنپر جبر کیا جائے تاکہ خواہ مخواہ ایمان اُنپر ڈالا جائے جس طرح تلخ دوا کے پلانے پر مجبور کیا جاتا ہے اور مغلوب کرنے کی یہی صورت ہے کہ جن لوگوں کی زیادہ تر ایذا رسانی اور اُنکو زیادہ ترقوت ہے قتل کیا جائے یا اُن کی قوت کو متفرق کیا جائے اور اُن کے مال چھین لئے جائیں تاکہ وہ بالکل بے بس ہو جاویں ایسے وقت اُن کے اتباع اور ذریات خوشی اور اطاعت کے ساتھ ایمان میں داخل ہو سکتے ہیں لہٰذا رسول خدا صلعم نے قیصر کو لکھ بھیجا کہ تجھ پر خادموں کا وبال ہے اور بسا اوقات اُن کا مقید و مغلوب کرنا اُن کے ایمان کا سبب ہوتا ہے اسی کی طرف آپ نے اس حدیث میں ارشاد فرمایا ہے عجب اللہ من قوم یدخلون الجنۃ فی السلاسل۔ جو لوگ جنت میں زنجیروں سے بندھے ہوئے داخل ہونگے خدا کو وہ اچھے معلوم ہونگے اور نیز انسان کی رحمت بہ نسبت بشر کی رحمت تامہ کاملہ یہی ہے کہ خدا تعالےٰ اُن کو احسان کی طرف ہدایت کرے اور اُن کو ظالموں سے چھڑائے اور اُن کے ارتفاقات اور ان کی تدبیر منزلی اور اُن کی سیاست مدنی کی اصلاح فرمائے پس اُن کے مدن فاسدہ وہی ہیں جن پر نفوس سبعیہ کا غلبہ ہوتا ہے اور اُن کے لئے نہایت درجہ کی قوت ہوئی ہے اور یہ بمنزلہ مرض آکلہ کے ہوتی ہے جو بدن انسان میں پیدا ہوتا ہے کہ بغیر اُس کے قطع کئے اُسکی صحت ہی ممکن نہیں تو جو شخص اُسکے مزاج کی اصلاح اور اُسکی طبیعت کے قائم کرنے کی طرف توجہ کرے تو اُسپر لازم ہے کہ اُسکو قطع کرے اور تھوڑی سی قباحت جس سے خیر کثیر حاصل ہو اُسکا کرنا ضروری ہے اور تجکو غیرت حاصل کرنا چاہئے قریش کے حال سے اور جو عرب میں کہ تمام خدائی میں احسان کے اعتبار سے سب سے بعید ترین تھے اور ضعیفوں پر ظالم ترین تھے اور باہم اُن کے شدید مقاتلے ہوتے تھے اور بعض بعض کو قیدی بناتے تھے اور اکثر ایسے تھے کہ حجت میں تامل نہیں کرتے تھے صرف دلیل کو دیکھ لیا کرتے تھے تو حضور نبوی صلعم نے اُنسے جہاد کیا اور اُنکے سرکشوں کو جو نہایت مضبوط اور شریر تھے قتل کیا حتیٰ کہ امر الٰہی ظاہر ہو گیا اور آپ کے لوگ فرمانبردار ہو گئے اور بعد ازاں وہ اہل احسان ہو گئے اور اُنکے تمام کام بنگئے پس اگر ان لوگوں پر شریعت کے اندر جہاد نہ ہوتا تو یہ رحمت اُنکے حق میں کیونکر حاصل ہوتی اور نیز خدا تعالےٰ نے جب عرب و عجم سے ناخوش ہو گیا اور اُنکی دولت اور ملک زائل کرنے کا حکم دیدیا پس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے قلب پر بالذات اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے قلوب پر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپکے واسطہ سے یہ بات القا فرمائی کہ اسکی راہ میں لڑیں تاکہ امر جو مقصود ہے حاصل ہو پس وہ اس بات میں ملائکہ کی مانند ہوگئے کہ خدا تعالیٰ کے احکام پورا کرنیمیں کوشش کرتے رہتے ہیں اتنا فرق ہے کہ ملائکہ بالتقرر کسی قاعدہ کلیہ کی کوشش کرتے ہیں اور مسلمان بندے ایک قاعدہ کلیہ کے موافق جسکو خدا تعالیٰ نے اُن کے لئے مقرر فرمایا ہے لڑتے ہیں اور انکا یہ عمل سب اعمال سے بڑھکر ہے اور قتل اُن کی طرف منسوب نہیں ہوتا بلکہ اُسکی نسبت حاکم کی طرف ہوتی ہے جیسے کسی مجرم کے قتل کی نسبت امیر کیطرف کیجاتی ہے نہ جلاد کی طرف چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے فلم تقتلوہم ولکن اللہ قتلہم پس تم نے اُن کو قتل نہیں کیا اور لیکن خدا تعالیٰ نے اُنکو قتل کیا۔ اور اسی رائے کی طرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اشارہ فرمایا ہے کہ ہلکت عرب ثم عجم۔ الحدیث۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا کسری ولا قیصر۔ نہ کسری ہے نہ قیصر ہے یعنی وہ لوگ دین جاہلیت پر تھے اور جہاد کے فضائل کا مرجع چند اصول کیطرف ہے از انجملہ ایک یہ ہے کہ جہاد میں تدبیر الٰہی اور اُسکے الہام کے ساتھ اتفاق ہے پس اُسکے تمام کرنے میں کوشش کرنا شمول رحمت کا باعث ہے اور اس کے ابطال میں کوشش کرنا شمول رحمت کا باعث ہو اور اس زمانہ میں جہاد کا ترک کرنا خیر کثیر کا ہاتھ سے فوت کرنا ہے اور از انجملہ یہ ہے کہ جہاد ایک دشوار عمل ہے کہ اسمیں سخت تکلیف کے گوارا کرنے اور جان و مال کے خرچ کرنے اور وطن اور ضروریات سے علیحدہ ہونے کی ضرورت ہوتی ہے پس ایسی عبادت شاقہ پر وہی شخص مشیدستی کر سکتا ہے جو خدا تعالیٰ کے دین پر خلوص کے ساتھ یقین رکھتا ہے اور آخرت کو دنیا کے مقابلہ میں اُسنے اختیار کر لیا ہے اور خدا تعالیٰ پر اُسکو ٹھیک ٹھیک بھروسا ہے اور از انجملہ یہ ہے کہ ایسی خواہش کا قلب میں واقع ہونا اسیوقت ہو سکتا ہے کہ اُس شخص کو تشبیہ بالملائکہ حاصل ہو اور اُس کمال سے اُسکو پورا حصہ ہو۔ اور شرور بہیمیہ سے اُسکو بعد ہو اور رول سے رسوخ دین کیطرف اُسکو پورا پورا میلان ہو ایسا شخص اپنی سلامتی قلب پر خود دلیل ہوگا۔

یہ تمام باتیں اسیوقت حاصل ہو سکتی ہیں کہ جہاد شرائط کے ساتھ پایا جاوے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جب سوال کیا گیا کہ کوئی شخص اپنی شجاعت سے مقاتلہ کرتا ہے اور کوئی شخص حمیت کے اعتبار سے مقاتلہ کرتا ہے پس ان دونوں میں سے خدا تعالیٰ کی راہ میں قتال کرنیوالا کونسا ہے تو حضور نبوی صلعم نے فرمایا جو شخص خدا تعالیٰ کی راہ میں لڑے جس سے خدا تعالیٰ کی بات اُسکو اونچی رکھنی مقصود ہو پس وہی شخص خدا کی راہ میں قتال کرنیوالا ہے۔ اور از انجملہ یہ ہے کہ قیامت کے روز جزا اعمال کی صورت میں متمثل ہوگی چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا یکلم احد فی سبیل اللہ واللہ اعلم بمن یکلم فی سبیل الا جاء یوم القیامۃ وجرحہ یثعب وما اللون لون الدم والریح ریح المسک۔ کوئی شخص ایسا نہ ہوگا جو خدا تعالیٰ کی راہ میں زخمی ہو اور یہ بات خدا تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ اُس کی راہ میں کون زخمی ہوتا ہے مگر قیامت کے روز جب وہ آئیگا اُس کے زخم سے خون جاری ہوگا رنگ تو اُس کا خون کا رنگ اور اُسکی بو مشک کی بو ہوگی اور از انجملہ یہ ہے کہ جہاد خدا تعالیٰ کے نزدیک ایک پسندیدہ امر ہے اور دستور کے اعتبار سے بغیر خرچ کرنے اور گھوڑوں کے جمع کرنے اور تیر اندازی وغیرہ کے پورا نہیں ہوتا پس ضرور ہوا کہ خدا تعالیٰ کی رضامندی ان چیزوں کی طرف بھی چونکہ یہ اصل مطلوب کے اسباب میں ہیں پہنچ جاوے اور از انجملہ یہ ہے کہ جہاد کیونکہ سنت کی تکمیل اور اسکی عزت دینا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور لوگوں کیلئے جہاد ایک لازمی چیز کیلئے مقرر کیا گیا ہے جب تم نے یہ اصول دریافت کر لئے تو اب تم کو ان احادیث کی حقیقت جو فضائل جہاد میں وارد ہیں منکشف ہو جائیگی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان فی الجنۃ مائۃ درجۃ اعد اللہ للمجاہدین۔ الحدیث۔ جنت کے اندر سو درجے ہیں جنکو خدا تعالیٰ نے مجاہدین کے لئے تیار کیا ہے۔ میں کہتا ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ دار الجزا میں مکان کا بلند ہونا خدا تعالیٰ کے نزدیک بلندی مرتبہ کی صورت مثالیہ ہے اس واسطے کہ جیرو قیت پر اطلاع یابی وغیرہ سے نفس کو سعادت حاصل ہوتی ہے اور نیز اس کا یہ سبب ہے کہ جہاد شعائر الٰہی اور اس کے دین اور تمام ان چیزوں کی جنکی مشہور ہونیمیں خدا تعالیٰ کی رضامندی ہے شہرت دین کا سبب ہے اور اسی لئے وہ اعمال جنمیں ان دونوں صفت کا مظنہ ہے انکی جزا جنت میں درجات کا حاصل ہونا ہی چنانچہ قرآن کی تلاوت کرنیوالے کے حق میں وارد ہوا ہے کہ اس سے کہا اقرء وارتق ورتل کما کنت ترتل فی الدنیا۔ اور جہاد کے بارہ میں وارد ہوا ہے کہ یہ درجات کی بلند ہونیکا سبب ہے اسلئے کہ اسکو عملیں لانے سے دین میں رفعت حاصل ہوتی ہے تو اسکی جزا بھی مثل عمل کے ہوگی پھر درجہ کے بلند ہونے کی بھی بہت سی وجہیں ہیں اور ہر ایک وجہ جنت میں درجہ کے اعتبار سے متمثل ہوگی اور ہر درجہ مثل مابین السماء والارض ہوگا کہ یہ بعد فوقانی باعتبار برتری علوم کے اندر غایت بعد ہے تو جیسا کہ ان کے علوم میں یہ تمکن تھا ویسا ہی دار الجزا میں بھی متمثل ہوگا۔ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے المجاہد فی سبیل اللہ کمثل الصائم القائم۔ کہ خدا تعالیٰ کے راستہ پر جہاد کرنیوالا ایسا ہے۔ جیسے قائم اللیل صائم الدہر میں کہتا ہوں اسمیں یہ راز ہے کہ قائم اللیل صائم الدہر کو اپنے غیر پر اسلئے فضیلت ہوئی کہ وہ خدا تعالیٰ کی مرضی کی غرض سے اس فعل دشوار کو عمل میں لایا اور یہ شخص اس فعل کی وجہ سے بمنزلہ ملائکہ کے ہو گئے اور ان کے ساتھ اس نے تشبہ حاصل کر لیا اور مجاہد جبکہ موافق شرع کے جہاد کرے تو اسکو ہر طرح سے قانت اور صائم کے ساتھ مشابہت ہے سوائے اسکے کہ طاعتوں میں کوشش کرنے سے اسکے فضل کو سب لوگ مان لیتے ہیں اور اس کو خاص خاص لوگ جانتے ہیں لہذا قانت و صائم کے ساتھ اس کو مشابہت دی تاکہ اسکا حال منکشف ہو جائے پھر ترغیب دینے میں ان مقدمات جہاد کی طرف حاجت پڑی کہ جہاد عادت و رسم میں بغیر ان کے ممکن نہیں کہ حاصل ہو مثل رباط اور رمی وغیرہ کے اس لئے کہ خدا تعالیٰ جبکہ کسی چیز کا حکم دے اور اسکے کرنے سے راضی ہوا۔ اور اس بات کو جانتا ہے کہ وہ چیز بغیر ان مقامات کے حاصل نہ ہوگی تو ضروری ہے کہ انکا بھی حکم فرماوے اور انسے راضی ہو رباط کے باب میں آیا ہے کہ یہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے اور نیز ایک مہینہ کے روزے اور اسکے قیام سے بھی بہتر ہے اور جو شخص مرجائے تو جو عمل کرتے ہوئے مرا ہے وہی اسپر جاری کیا جائیگا اور اسپر اس کا رزق جاری کیا جائیگا اور فتان سے محفوظ رہیگا۔ میں کہتا ہوں اس کا دنیا مافیہا سے بہتر ہونے کا یہ سبب ہے کہ اس میں ثمرہ ہے کہ قیامت میں باقی رہیگا اور دنیا کی جو نعمت ہے اس کو خواہ مخواہ زوال ہوتا ہے اور ایک مہینے کے روزے اور اس کے قیام سے بہتر ہونے کی یہ وجہ ہے کہ وہ ایک نہایت شاق عمل ہے جو قوت بہیمی پر نہایت گراں ہوتا ہے اور یہ عمل صرف خدا تعالیٰ کے لئے اور اس کی راہ میں ہوتا ہے جس طرح صیام و قیام اور اس کا عمل جاری رکھنے میں یہ راز ہے کہ جہاد کا ایک جزو مرے جزو پر مبنی ہوتا ہے جس طرح عمارت میں دیوار کا قیام بنیاد پر اور چھت کا دیوار پر ہوتا ہے اس لئے کہ اول مہاجرین اور انصار قریش وغیرہ کے اسلام میں داخل

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہونے کا سبب پڑے پھر خدا تعالیٰ نے قریش کے ہاتھ پر عراق و شام کو فتح کیا پھر اُن کے ہاتھ پر فارس و روم کو پھر فارس و روم کے ہاتھ پر ہند اور ترکستان اور سوڈان کو فتح کیا پس جہاد پر جو نفع مترتب ہوتا ہے وہ وقتاً فوقتاً ظہور ہوتا رہتا ہے اور اُس کا اوقاف اور باطات اور صدقات جاریہ کا سا ہوتا ہے اور فتان یعنی منکر نکیر سے امن میں رہنے کی یہ وجہ ہے کہ منکر نکیر سے وہی شخص ہلاکت کی جگہ میں ہوتا ہے کہ جس کے قلب کو دین محمدی پر اطمینان نہیں ہے اور نہ وہ کبھی دین کی مدد کے لئے اٹھا ہے اور جو شخص جہاد کے لئے شرائط پورا کرنے کا التزام رکھتا ہے وہ شخص دل سے دین کی تصدیق کرتا ہے اور نور الٰہی کے ساتھ ساتھ چلنے میں اُس کا ارادہ پختہ ہے اور حدیث شریف میں آیا ہے من جہز غازیاً فی سبیل اللہ فقد غزا۔ جو شخص مجاہد فی سبیل اللہ کو سامان دیدے تو اُس کو ثواب جہاد کے مثل ہوگا اور جو مجاہد کے پیچھے اُس کے گھر کی خبر گیری کرتا رہا تو اُس نے بھی جہاد کیا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بہترین صدقہ خدا کی راہ میں سایہ کے لئے خیمہ دینا ہے اور علیٰ ہذا القیاس میں کہتا ہوں اُس میں یہ راز ہے کہ یہ کام مسلمانوں کے نفع کا ہے جس کا انجام اُن کی مدد ہے اور جہاد اور صدقہ میں مسلمانوں کا نفع ہی مقصود ہوتا ہے اور حدیث شریف میں آیا ہے لایکلم اللہ احداً فی سبیل اللہ۔ الحدیث۔ میں کہتا ہوں عمل کا نفس کے ساتھ بہیئۃ وصورۃ اتصال ہوا کرتا ہے اور اُس عمل کے اعتبار سے زیادتی کے معنی نفس میں پیدا ہو جاتے ہیں اور جزا و سزا کا مبنیٰ لذت و راحت کی صورت قریبہ میں متمثل ہونے پر ہوتا ہے پس قیامت کے دن جب شہید پیش ہوگا اُس کا عمل اُس پر ظاہر ہوگا اور عمل کی صورت سے اُس پر انعام کیا جائیگا۔ اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کی تفسیر میں ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ اموا تا بل احیاء عند ربہم یرزقون۔ الآیہ۔ جو لوگ خدا کی راہ میں قتل کئے گئے ہیں اُن کو مردے مت سمجھ بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے خدا کے ہاں رزق حاصل کرتے رہتے ہیں فرمایا ہے ارواحہم فی جوف طیر خضر لہا قنادیل معلقۃ بالعرش تسرح فی الجنۃ حیث شاءت ثم تاوی الی تلک القنادیل۔ ان کی ارواح سبز جانوروں کے جوف میں ہیں جن کے لئے عرش میں قندیلیں لٹکی ہوئی ہیں جہاں چاہتے ہیں جنت میں چگتے ہیں پھر ان قندیلوں میں واپس آ جاتے ہیں۔ میں کہتا ہوں جو شخص خدا کی راہ میں مارا جاتا ہے اُس میں دو باتیں جمع ہوتی ہیں ایک تو یہ کہ اُس کی جان کامل اور وافر ہوتی ہے اور اُس کے علوم جن کے اندر دنیاوی زندگانی میں جان مستغرق رہتی ہے اُن علوم میں کسی قسم کا نقصان نہیں آتا بلکہ اس شخص کا حال ایسا ہوتا ہے جیسے کوئی شخص اپنے کاروبار میں مصروف ہو اور اسی اثنا میں وہ سو جائے بخلاف اُس میت کے جس نے بہت سے مرض کی تکلیف اٹھائی اور اُس کا مزاج صحت کی حالت سے بدل گیا اور بہت سے علوم سے اُس کو نسیان ہو گیا دوسرے یہ کہ وہ رحمت الٰہی جس سے خطیرۃ القدس اور ملاء اعلےٰ کے قلوب لبریز ہو رہے ہیں جو انتظام عالم کی طرف متوجہ رہتی ہے پھر اس شخص کو شامل ہو جاتی ہے پس جب اس شخص کی روح نکلتی ہے اور دین الٰہی کے قائم کرنے کا شوق اُس میں بھرا ہوتا ہے تو ایک نہایت وسیع راستہ اُس شخص میں اور خطیرۃ القدس میں مفتوح ہو جاتا ہے اور وہاں سے اُنس اور راحت اور نعمت کا نزول اس شخص پر ہوتا رہتا ہے اور خطیرۃ القدس کو اس شخص کی طرف ایک توجہ شمالی ہوتی ہے اور اُس کے عمل کے موافق اُس کی جزا متمثل ہو جاتی ہے پھر ان دونوں صلتوں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے اجتماع سے عجیب وغریب امور پیدا ہوتے ہیں۔ ازانجملہ یہ ہے کہ اُس کا نفس کسی وجہ سے عرش میں معلق ہو کر متمثل ہوتا ہے اس لئے کہ وہ شخص حاملین عرش سے ہو جاتا ہے اور اُس کی ہمت اُسی طرف متوجہ رہتی ہے اور ازانجملہ یہ ہے کہ اُس کے لئے سبز جانور کا جسم متمثل ہوتا ہے، سبز پرند ہونے کے بعد یہ ہے کہ وہ شخص ملائکہ کے اندر اجمالاً احکام جنسی کے ظاہر ہو نہیں ایسا رہتا ہے جیسے چارپایوں میں پرند اور سبز ہونے کی وجہ یہ ہے کہ سبزی نگاہ کو اچھی معلوم ہوتی ہے اور ازانجملہ یہ ہے کہ اُس کی نعمت اور راحت رزق کی صورت میں ظاہر اور متمثل ہوتی ہے جس طرح دنیا میں نعمت میوہ جات وغیرہ کی صورت میں متمثل ہوتی ہے پھر اس بات کی ضرورت ہوئی کہ جو چیز نفس کو شائستہ کرتی ہے وہ چیز اُس چیز سے جو نفس کو شائستہ نہیں کرتی متمیز کی جائے اور اسمیں اشتباہ ہے اسلئے کہ شرع کے اندر دو باتیں ہیں ایک تو قبائل اور شہروں اور دین کا انتظام اور ایک نفوس کی تکمیل کسی شخص نے آپ سے عرض کیا کہ کوئی شخص غنیمت کی خاطر لڑتا ہے اور کوئی شہرت کی خاطر اور کوئی اظہار شجاعت کے خاطر پس ان میں سے خدا کی راہ میں کون شخص لڑتا ہے تو حضور نبوی صلعم نے فرمایا جو شخص خدا تعالےٰ کی بات ہی بلند کرنے کی خاطر لڑے وہ خدا تعالےٰ کی راہ میں لڑتا ہے میں کہتا ہوں اس کی وہی وجہ ہے جو ہم بیان کر چکے کہ اعمال اجساد ہیں اور اُن کی روح نیت ہے اور اعمال کا مدار نیت پر ہے اور جسم کا بغیر روح کے اعتبار نہیں اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ صرف نیت ہی عمل کا فائدہ دیجاتی ہے اگرچہ اُس کے ساتھ عمل کا اقتران نہ ہو یہ جب ہوتا ہے کہ اُس عمل کا فوت ہونا اُسکی کوتاہی سے نہ ہو بلکہ کسی آسمانی عارضہ کے پیش ہونے سے ہو چنانچہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے ان بالمدینۃ اقواما ما سرتم سیرا ولا قطعتم وادیا الا کانوا معکم حبسھم العذر مدینہ میں ایسے ایسے گروہ ہیں کہ تم کسی جگہ کو نہ چلے ہو گے اور کوئی جنگل تم نے نہ قطع کیا ہوگا جو وہ تمہارے ساتھ نہ رہے ہوں عذر کے سبب وہ اب رک گئے ہیں۔ اور اگر وہ عمل ایسے شخص کی کوتاہی سے فوت ہوا ہو تو اُس کی نیت ہی ناتمام رہی جن پر اجر مترتب ہوتا ہے اور فرمایا ہے الخیر فی نواصی الخیل۔ کہ برکت گھوڑوں کی پیشانی میں ہے اور فرمایا ہے الخیل معقود فی نواصیھا الخیر الی یوم القیمۃ الاجر والغنیمۃ۔ گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت تک بھلائی برقرار ہے اجر اور غنیمت۔ معلوم کرو کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو خدا تعالےٰ نے خلافت عامہ کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے اور آپ کے دین کو تمام ادیان پر جہاد کرنے اور سامان جنگ تیار رکھنے سے غلبہ ہو سکتا ہے اور جب جہاد چھوڑ دیا اور بیلوں کی دُم کے پیچھے ہو لئے تو لامحالہ ہر طرف سے اُن کو ذلت احاطہ کر لیگی اور تمام اہل ادیان اُن پر غالب آجائینگے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من احتبس فرسا فی سبیل اللہ ایمانا باللہ وتصدیقا بوعدہ فان شبعہ وریہ وروثہ وبولہ فی میزانہ یوم القیمۃ۔ جو شخص خدا پر یقین رکھکر اور اُس کے وعدہ کو سچا سمجھکر اُس کی راہ میں ایک گھوڑا باندھے پس البتہ اُس کا پیٹ بھرنا اور پانی پلانا اور اُس کی لید و پیشاب کی تکلیف گوارہ کرے گا۔ تو اُس کا یہ عمل اُسی چیز کی صورت میں ظاہر ہوگا جس کی تکلیف گوارا کی ہے پس قیامت کے دن یہ سب چیزیں اپنی اپنی صورت میں ظاہر ہونگی اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان اللہ یدخل بالسھم الواحد ثلثۃ نفر الجنۃ صانعہ یحتسب فی صنعتہ والرامی بہ ومبلہ کہ خدا تعالےٰ ایک تیر کی وجہ سے تین شخصوں کو جنت میں داخل کریگا۔ ایک جس نے ثواب

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی نیت سے اُس کو بنایا ہے اور ایک چلانے والے کو اور ایک تیر کے دینے والے کو اور آپ نے فرمایا من رمی بسہم فی سبیل اللہ فھو لہ عدل محرر۔ کہ جو شخص خدا کی راہ میں ایک تیر پھینکیگا تو یہ مثل غلام کے آزاد کرنے کے ہوگا۔ میں کہتا ہوں جبکہ خدا تعالےٰ کے علم میں یہ بات تھی کہ کفار کا سرنگون و مغلوب ہونا بغیر ان چیزوں کے نہیں پورا ہو سکتا لہذا خدا تعالےٰ کی رضامندی کفر و ظلم کے دور کرنے میں ان چیزوں کی طرف بھی منتقل ہوئی اللہ پاک فرماتا ہے لیس علے الاعمی حرج ولا علے الاعرج حرج ولا علے المریض حرج۔ کہ نابینا پر کچھ مضائقہ ہے اور نہ لنگڑے و مریض پر کچھ مضائقہ ہے۔ اور نیز اللہ پاک فرماتا ہے لیس علے الضعفاء ولا علے المرضیٰ ولا علے الذین لا یجدون ما ینفقون حرج کہ ضعیف اور مریضوں پر کچھ حرج نہیں ہے اور نہ ان لوگوں پر جو خرچ کرنے کو کچھ نہیں پاتے ہیں اور آنحضرت صلعم نے کسی سے فرمایا الک والدان قال نعم قال ففیھما فجاھد۔ کیا تیرے ماں باپ ہیں اُس نے عرض کیا ہاں تو آپ نے فرمایا ان میں ہی جہاد کر میں کہتا ہوں چونکہ سب لوگوں کا جہاد کرنا انکی تدابیر ضروریہ کی خرابی کا سبب تھا لہذا ضرور ہوا کہ اُن سب میں سے بعض لوگ جہاد کو قائم کریں اور وہ بعض وہ لوگ ہیں جو ان علتوں سے خالی ہیں اس لئے کہ جن میں یہ علتیں پائی جاتی ہیں اُنپر جہاد کرنے میں وقت ہیں اور نہ اسلام کو اُن کے جہاد کرنے سے قابل اعتبار نفع ہے بلکہ بسا اوقات اُن سے ضرر کا خطرہ ہے اللہ پاک فرماتا ہے الآن خفف اللہ عنکم وعلم ان فیکم ضعفاء۔ اب تم سے خدا تعالےٰ نے تخفیف کر دی اور جان لیا کہ تم میں ناتوانی ہے۔ میں کہتا ہوں اعلاء کلمۃ اللہ اسی طرح ممکن ہے کہ مسلمان لوگ اپنی جانوں کو ثبات اور دلیری اور قتال کی مشقتوں پر صبر کرنے پر قرار دیں اور اگر یہ دستور جاری ہوتا۔ کہ اگر مشقت معلوم کریں تو بھاگ جائیں تو مقصود نہ حاصل ہوتا بلکہ بسا اوقات ذلت کی نوبت پہونچتی اور نیز بھاگنا بزدلی اور کمزوری کی دلیل ہے اور یہ بدترین اخلاق میں سے ہے پھر ضرور ہوا کہ اُس کی حد بیان کی جائے جس سے واجب اور غیر واجب میں فرق ہو جائے اور دلیری و شجاعت اسی وقت پائی جاتی ہے کہ شکست کے اسباب غلبہ کے اسباب سے زیادہ ہوں لہذا اولاد کی مثل سے اُس کا اندازہ کیا گیا ہے اس واسطے کہ کفر اُس وقت کثرت سے تھا اور مسلمان بہت تھوڑے سے تھے پس اگر گریز کرنے کی انکو اجازت دیجاتی تو جہاد کبھی نہ ہوتا پھر مسلمانوں پر تخفیف کی گئی دو چند کی اس لئے کہ ثبات و دلیری اس سے کم میں نہیں ممکن ہے پھر جہاد چونکہ اعلاء کلمۃ اللہ کی وجہ سے واجب کیا گیا تو وہ چیز بھی واجب ہوئی کہ جس کے بغیر اعلاء کلمۃ اللہ نہ ہو سکے اور اسی وجہ سے قلعوں کا بنانا اور مقاتلہ کے لئے آمادہ رہنا اور تمام اطراف و قلعوں میں افسروں کا مقرر کرنا امام پر ضروری اور دستور قدیمی مقرر ہوا اور رسول خدا صلعم اور آپ کے خلفاء نے اس باب میں بہت سے طریقہ مقرر فرمائے اور رسول خدا صلعم جب کسی لشکر یا فوج پر کسی کو سردار مقرر کرتے تھے تو خاص اُس شخص کو خدا تعالےٰ سے خوف کرنے اور ساتھ کے مسلمانوں کو بھلائی کی نصیحت فرمایا کرتے تھے اور فرماتے تھے خدا کی راہ میں خدا تعالےٰ کے نام سے جہاد کرو اور منکرین خدا تعالےٰ سے مقاتلہ کرو اور جہاد کرو اور خیانت مت کرو الحدیث۔ خیانت کرنے سے آپ نے اس لئے منع فرمایا کہ خیانت کرنے سے مسلمانوں کی شکست ہوگی اور باہم انمیں اختلاف واقع ہوگا اور قتال چھوڑ کے لوٹ ڈالینگے اور اس سے بسا اوقات شکست ہوگی اور عذر کرنے سے آپ نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

منع فرمایا کہ امن و امان اُنکے عہد و ذمہ سے مرتفع نہ ہو اور اگر امن جاتی رہے تو سب سے بڑی اور اقرب فتح یعنی ذمہ اُنکے ہاتھوں سے جاتا رہا اور مثلہ سے آپ نے منع فرمایا کیونکہ اسمیں خلق اللہ کی تغییر ہے اور بچوں کے قتل سے منع فرمایا اسلئے کہ اسمیں مسلمانوں کا ہرج اور اُن کا ضرر ہے اسلئے کہ اگر زندہ رہے تو مسلمانوں کے قبضہ میں آکر اُنکے غلام بنینگے اور جن مسلمانوں کے پاس رہینگے اسلام میں اُنکے تابع رہینگے اور نیز بچے اپنے دشمن کو نہ خود ضرر پہونچا سکتے ہیں اور نہ اپنے گروہ کو کر سکتے ہیں اور ہدایہ شریف میں تین خصلتوں کی طرف ترتیب وار بلانے کا حکم ہے اُنمیں سے پہلی خصلت اسلام ہے ہجرت و جہاد کے ساتھ اور اُس وقت میں اس شخص کے لئے مجاہدین کے برابر فی اور غنیمت میں حصہ ہے دوسری خصلت اسلام ہے بلا ہجرت و جہاد کے سوا اسے اُس صورت کے کہ جہاں نفیر عام ہو اور اس وقت غنیمت اور فی میں اُس شخص کا حصہ نہیں ہے اور اُس کی وجہ یہ ہے کہ فی کے صرف کرنیکا وہاں موقع ہے جہاں نہایت ضرورت ہو اور عادت اس بات پر حکم کرتی ہے کہ بیت المال میں اسقدر گنجائش نہیں ہوتی کہ جو لوگ سوائے مجاہدین کے شہروں میں رہتے ہیں اُن کا خرچ اٹھائے پس اس میں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس قول میں کچھ مخالفت نہیں ہے کہ اگر میں زندہ رہا تو بلاشبہ چرانیوالے کو بھی غنیمت میں سے حصہ پہونچیگا اگرچہ وہ خیبر کے کسی ٹیلہ پر رہتا ہو اور جسکی پیشانی پر اُس غنیمت کے حاصل کرنے میں پسینہ تک نہ آیا ہو انتہی۔ یعنی جب بادشاہوں کے خزانے فتح کیے جاوینگے اور کثرت سے فراخ آئے اور مقاتلین وغیرہ کے حصہ کے بعد باقی رہ جائے تو پھر اور لوگوں کا حصہ ہے تیسرے یہ ہے کہ وہ لوگ اہل ذمہ ہوں اور سب کے سب دیکر جزیہ عطا کریں پس پہلی خصلت میں دو مصلحتیں حاصل ہوتی ہیں ایک تو ملک کا انتظام اور باہمی نظام کا رفع دفع اور دوسرے تہذیب نفس کہ وہ دوزخ سے نجات پائیں اور حکم الٰہی کی پیروی میں کوشش کریں اور دوسری خصلت میں دوزخ سے نجات کا حاصل ہونا ہے مگر مجاہدین کے درجہ سے وہ لوگ محروم ہیں۔ اور تیسری خصلت میں کفار کی شوکت کا زائل ہونا اور مسلمانوں کی شوکت کا ظاہر ہونا ہے اور آنحضرت صلعم انہیں مصالح کے قائم کرنے کے لئے مبعوث ہوئے اور امام پر واجب ہے کہ مسلمانوں کی شوکت ظاہر ہونے اور کفار کے بے بس کرنے کے اسباب میں غور اور اجتہاد اور تامل کرے اور جو اُسکا اجتہاد حکم کرے اُسپر عمل کرے بشرطیکہ وہ یا اُس کی نظیر رسول خدا صلعم یا آپ کے خلفاء سے ثابت ہو اسلئے کہ امام مصلحتوں کے قائم کرنے کیلئے مقرر کیا گیا ہے اور وہ اسکے بغیر تمام نہیں ہوتیں اور اصل اس باب میں رسول خدا صلعم کی سیرت ہے اور ہم اب ان احادیث کا حاصل بیان کرتے ہیں جو اس باب میں وارد ہیں۔ پس ہم کہتے ہیں کہ امام پر واجب ہے کہ مسلمانوں کی قلعوں کو اسقدر فوج سے جو اُن کے گرد کے دشمنوں کو کافی ہو سکے درست رکھیں اور کسی ایسے شخص کو اُنپر حاکم مقرر کر دے۔ جو مسلمانوں کا خیر خواہ اور دانشمند اور بہادر شخص ہو اور خندق کے کھودنے یا قلعہ کے بنانے کی حاجت ہو تو اُسکو بنائے یا کھودے چنانچہ آنحضرت صلعم نے خندق کے دن ایسا کیا ہے اور جب کسی پلٹن کو روانہ کرے تو ایک شخص کو اُنپر سپہ سالار کر دے جو ان سب میں افضل اور مسلمانوں کے حق میں نفع رسان ہو اور اُس کو خود اُسکے حق میں اور مسلمانوں کے ساتھ بھلائی کی نصیحت کرے چنانچہ آنحضرت صلعم ایسا ہی کیا کرتے تھے اور جب جہاد کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے خروج کا ارادہ کرے تو اپنی فوج کا معائنہ کرے اور پیادہ و سوار کو درست کرے اور پندرہ سال سے کم عمر کا آدمی فوج میں بھرتی کرے چنانچہ رسول خدا صلعم کا یہی دستور تھا اور نہ اس شخص کو فوج میں بھرتی کرے جو مخزل ہو یعنی اور لوگوں کو بھی جہاد سے تھکائے اور نہ اس شخص کو جو مرجف ہو یعنی کفار کی قوت کا ذکر کرتا رہے اسکی دلیل یہ آیت ہے کرہ اللہ انبعاثھم فثبطھم وقیل اقعد مع القاعدین لو خرجوا فیکم مازادوکم الا خبالا۔ ناگوار ہوا خدا تعالےٰ کو ان کا اٹھنا پس انکو روک دیا کہدیا گیا کہ تم بیٹھ جاؤ بیٹھنے والوں کے ساتھ اگر وہ تمہارے ساتھ خروج کرتے تو بجز فساد کے اور کچھ نہ بڑھاتے اور نہ مشرک کو فوج میں بھرتی کرے اس لئے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے انا لا نستعین بمشرک۔ کہ ہم بلاشبہ کسی مشرک سے مدد نہیں چاہتے البتہ جس صورت میں ضرورت ہو اور اس پر اعتماد ہو اور نہ جوان عورت کو جس سے فتنہ کا خوف ہو فوج میں بھرتی کرے کھنچی ہوئی عمر کی عورت کو اجازت دیدی کیونکہ رسول خدا صلعم ام سلیم اور انصار کی چند عورتوں کے ساتھ جہاد کیا کرتے تھے اور یہ عورتیں فوج کو پانی پلاتی تھیں اور زخموں کی مرہم پٹی کرتی تھیں اور امام کو چاہیئے کہ فوج کے دو حصے یمین و یسار کرے اور ہر گروہ کا ایک جھنڈا اور ہر طائفہ کے لئے ایک سردار اور لڑانیوالا مقرر کرے جیسا کہ آنحضرت صلعم نے فتح کے دن کیا تھا کیونکہ اس میں دشمنوں پر بھی زیادہ خوف ہوتا ہے اور فوج پر بھی قابو رہتا ہے اور نیز اسکو چاہیئے کہ ان کیلئے کچھ شعائر مقرر کرے کہ شبخون کرتے وقت باہم اسکو بولا کریں تاکہ کوئی کسی کو آپس میں قتل نہ کر ڈالے آپ ایسا ہی کیا کرتے تھے اور جمعرات یا پیر کے روز جہاد کے لئے خروج کرے کیونکہ ان دونوں میں اعمال پیش ہوتے ہیں اور پہلے اسکو ہم بیان کر چکے ہیں اور انکو اس قدر راستہ چلنے کا حکم دے کہ ناتوان لوگ بھی اسکی طاقت رکھتے ہوں البتہ اگر ضرورت ہو تو اسکے موافق حکم دے اور انکے لئے وہ ایسا مقام تجویز کرے جو سب مقامات میں عمدہ و بہتر ہو اور پانی کی وہاں کثرت ہو۔ اور اگر دشمن کا خوف ہو تو اسکو چاہیئے کہ پہرہ مقرر کرے اور کسی بلند جگہ پر کچھ لوگوں کو مقرر کر دے جو دشمن کو دور سے دیکھتے رہیں اور حتی الامکان اپنے حال پوشیدہ رکھیں مگر جو لوگ خچر خاکہ علمند ہیں انسے پوشیدہ نہ رکھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا تقطع الایدی فی الغزو۔ جہاد میں ہاتھ نہ قطع کئے جاویں (حدیث) اور اسمیں وہی راز ہے جو حضرت عمرؓ نے بیان فرمایا ہے کہ اسمیں اس شخص کو غیرت شیطانی کے لاحق ہونے اور کفار میں شامل ہو جانے کا اندیشہ ہے اور اسی لئے کہ اس سے بسا اوقات لوگوں میں نزاع واقع ہو جاتا ہے اور اس سے مصلحت میں خلل پڑ جاتا ہے اور امام کو اہل کتاب و مجوس سے مقاتلہ کرنا چاہیئے کہ یا تو وہ اسلام لائیں یا ادا جزیہ قبول کریں اور کسی بچے یا عورت یا بہت بوڑھے آدمی کو قتل نہ کریں مگر ضرورت کے وقت مثل شبخون کے اور درخت نہ کاٹیں اور آگ نہ لگا دیں اور مواشی کو ہلاک نہ کریں مگر جسوقت کہ مصلحت اسمیں متعلق ہے جیسے بنی نضیر کے قریہ میں کیا گیا اور امام کو چاہیئے کہ نقض عہد نہ کرے اور سفیر کو قید نہ کرے کیونکہ اسمیں باہمی خط و کتابت کا انقطاع کرنا ہے اور چاہیئے کہ لڑائی میں دھوکہ دیا کرے کیونکہ لڑائی دھوکہ کا نام ہے اور بیخبری میں غیر ہجوم کرے اور گولہ پھینکنے اور ان کا محاصرہ کرے اور انکو تنگ کرے آنحضرت صلعم سے یہ سب باتیں ثابت ہیں اسلئے کہ ظاہر ہے ان باتوں کے بغیر قتال نہیں ہوتا اور جس شخص کو اپنی ذات پر اعتماد ہو امام کے حکم سے اسکو لڑنا درست ہے جیسے کہ حضرت علی اور حضرت حمزہ نے کیا اور مسلمانوں کو دیا نے چارہ وناچار ہاتھ لگے اسمیں تصرف کرنا درست ہے اور اسمیں سے خمس نہ لیا جائیگا لئے کہ [illegible]

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اجازت نہ دیجائے تو لوگوں کو دقت ہو اور جب کفار قید ہو کر آئیں تو چار باتوں میں سے امام کو ہر بات کا اختیار ہے چاہے قتل کرے چاہے فدیہ لے چاہے احسان رکھکر چھوڑ دے، چاہے آزاد کر دے، انمیں سے جس بات میں نفع زیادہ دیکھے وہی عمل میں لائے اور امام کو جائز ہے کہ انمیں سے کسی کو امن دیدے اور اس کی دلیل یہ آیت ہے وان احد من المشرکین استجارک فاجرہ۔ اور اگر مشرکین میں سے کوئی پناہ مانگے تو اسکو پناہ دے اور یہ اسلئے کہ انکا اسلام میں داخل ہونا مسلمانوں کے ساتھ اختلاط کرنے اور ان کے دلائل اور ان کی سیرت معلوم کرنے سے ہوتا ہے اور نیز بسا اوقات تجار وغیرہ کی آمد رفت کی حاجت ہوتی ہے اور امام کو جائز ہے کہ اگر ضرورت ہو تو انسے صلح کرے خواہ مال لیکر خواہ بغیر مال کے کیونکہ مسلمانوں کو بسا اوقات کفار کے ساتھ لڑنے کی طاقت نہیں ہوتی اور صلح کی حاجت ہوتی ہے اور بسا اوقات قوت حاصل کرنے کے لئے مال کی ضرورت ہے اور بسا اوقات اس بات کی ضرورت ہوتی ہے کہ ایک قوم کے شر سے بچکر دوسری قوم سے لڑنے کی حاجت ہوتی ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا الا لیفنی احدکم یجیء یوم القیامۃ علی رقبتہ بعیر لہ رغاء یقول یا رسول اللہ اغثنی فاقول لا املک لک شیئا قد بلغتک۔ میں تم میں سے کسی کو ہرگز ایسا نہ پاؤں کہ قیامت کے دن آئے کہ اس کی گردن پر اونٹ ہو اور وہ اونٹ چلاتا ہو اور وہ شخص کہتا ہو کہ یا رسول اللہ میری خبر لیجئے تو میں اس سے کہوں مجھے تیرے کسی بات کا اختیار نہیں ہے میں تجھ پر تبلیغ کر چکا اور اسی کے مثل حدیث شریف میں آیا ہے علی رقبتہ فرس لہ حمحمۃ وشاۃ لہا یعار و نفس لہا یساح و رقاع تخفق۔ کہ اس کی گردن پر گھوڑا ہنہناتا ہوا ہوگا اور بکری میاتی ہوئی اور کوئی شخص چلاتا ہوا ہوگا اور کپڑوں کے پارچہ اڑتے ہوئے ہونگے۔ میں کہتا ہوں اس کی اصل یہ ہے کہ جس چیز میں گناہ واقع ہوا ہے اسی کی صورت میں وہ متمثل ہوگا اور اس کا اٹھانا اسکا بار اور اسکے ساتھ تکلیف پانا ہے اور اس کا آواز دینا لوگوں پر اس گناہ کو مشہور کرکے اسکو سزا دینا ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے اذا وجدتم الرجل قد غل فاحرقوا متاعہ کلہ فاضربوہ جب تم کسی شخص کو دیکھو کہ اس نے خیانت کی تو اس کا سب اسباب جلا دو اور مارو۔ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما نے اس پر عمل کیا میں کہتا ہوں اسمیں اس خائن کو زجر کرنا اور لوگوں کو ایسے فعل سے باز رکھنا ہے اور معلوم کر دو کہ کفار سے جو مال لئے جاتے ہیں ان کی دو قسمیں ہیں ایک تو وہ مال ہے جو گھوڑوں اور اونٹوں کے دوڑانے اور قتال کے صدمات اٹھانے سے حاصل ہوتا ہے اس کا نام غنیمت ہے اور ایک وہ مال جو بغیر قتال کے انسے حاصل ہوتا ہے مثلاً جزیہ و خراج و عشور جو ان کے تجار سے لئے جاتے ہیں اور وہ مال جو صلح کرنے میں وہ خرچ کرتے ہیں یا وہ پریشان ہو کر اسکو چھوڑ بھاگتے ہیں غنیمت میں خمس نکالا جاتا ہے اور وہ خمس ان مواضع میں صرف کرنا چاہئے جن کا خدا تعالےٰ نے قرآن پاک میں ذکر فرمایا ہے۔ واعلموا انما غنمتم من شیء فان للہ خمسہ وللرسول والذی القربی والیتمی والمساکین وابن السبیل۔ اور اس بات کو جان لو کہ تم نے جو کچھ مال غنیمت حاصل کیا ہے پس خدا تعالےٰ اور رسول اور اقارب اور یتیموں اور مسکین اور مسافر کے لئے ہے پس آنحضرت صلعم کے بعد آپ کا حصہ مسلمانوں کے مصالح میں بترتیب خرچ کرنا چاہئے اور ذی القربی کا حصہ بنی ہاشم اور بنی مطلب پر خواہ محتاج ہوں یا غنی مرد ہوں یا عورت خرچ کرنا چاہئے اور میرے نزدیک مقادیر کے تعین کرنے میں امام کو اختیار ہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ آل رسول کیلئے بیت المال سے زیادہ حصہ دیا کرتے تھے اور انمیں سے جو لوگ قرضدار اور فقیر اور حاجتمند ہوا کرتے تھے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انکی اعانت کیا کرتے تھے اور یتیموں کا حصہ چھوٹے چھوٹے بچوں کو جن کا باپ نہ ہو دیا جاتا تھا اور فقراء و مساکین کا حصہ فقراء و مساکین کو دینا چاہیئے مگر امام کو اسکا اختیار ہے کہ اپنے اجتہاد و رائے کے موافق اسکی تعیین کرے اور اہم فالاہم کو مقدم کرے اور اپنے اجتہاد کے موافق عمل کرے اور پانچ حصوں میں سے باقی چار حصے غانمین میں تقسیم کرے اور اول لشکر کے حال میں اسکو اجتہاد کرنا چاہیئے پس جسکو زیادہ دینا مسلمانوں کی مصلحت کے مناسب ہو اسکو زیادہ دے اور اسکی تین صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ مثلاً امام دار الحرب میں داخل ہوا اور اسنے کسی قریہ کے لوٹنے کو کچھ فوج روانہ کی تو خمس کے بعد ربع یا ثلث اس کو مقرر کردے پس وہ فوج جسقدر مال لیکر آئے اسکا خمس تو علیحدہ کرے اور باقی کا ربع یا ثلث اس فوج کو دیکر اس سے جو باقی رہے وہ غنیمت میں شامل کردے دوسری یہ صورت ہے کہ امام اس شخص کے لئے ایسے کام کے بدلہ جسمیں مسلمانوں کا نفع ہو کچھ مقرر کردے۔ مثلاً امام کہدے کہ جو شخص اس قلعہ پر چڑھ جاوے تو اسکے لئے اسقدر مال یا جاویگا یا جو کسی کو قید کر لائے تو اسکو اسقدر مال دیا جاویگا یا جو کسی کو قتل کرے تو اسکا اسباب اسکو دیا جاویگا پس اگر مسلمانوں کے مال میں سے یہ مقرر کیا ہے تب تو اسمیں دے اور اگر غنیمت میں سے شرط کیا ہے تو خمس نکالنے کے بعد جو باقی رہا ہے تو اسمیں دے اور تیسری صورت یہ ہے کہ امام خاص بعد غانمین کو کچھ مال دیدے اسلئے کہ دشمنوں کو اس سے خوف زیادہ ہو اور مسلمانوں کا اس سے نفع زیادہ ہو جسطرح آنحضرت صلعم نے سلمہ بن الاکوع کو جنگ ذی قرود میں سوار و پیدل کا حصہ عطا فرمایا اسلئے کہ انکی ذات سے مسلمانوں کو بہت نفع پہونچا تھا اور میرے نزدیک اصح یہ بات ہے کہ مقتول کے اسباب کا قاتل مستحق ہوتا ہے خواہ قبل از قتل امام کے مقرر کرنے سے خواہ بعد کو نفل کے طور پر دینے سے اور امام کو چاہیئے کہ حصہ سے کم کسیقدر مال ان عورتوں کے لئے جو مریضوں کی دوا دارو کرتی ہیں اور کھانا پکاتی ہیں اور مجاہدین کا کام کرتی ہیں اور غلاموں اور بچوں اور اہل ذمہ کیلئے جنکو امام نے اجازت دیدی ہے جدا کردیں اگر مجاہدین کو اسنے نفع پہونچا ہو اگر امام کو معلوم ہو کہ مال غنیمت میں سے کچھ مال کسی مسلمان کا ہے جسکو کفار ظفریاب ہو کر لیگئے تھے بغیر کچھ لئے وہ مال اسکو دیدے اور باقی مال کو تمام ان لوگوں پر تقسیم کردے جو لڑائی میں موجود تھے اس طرح کہ سوار کو تین حصے اور پیدل کو ایک حصہ اور میرے نزدیک اگر مناسب سمجھے اور شتر سوار یا تیر انداز کو کچھ زیادہ حصہ دے یا گھوڑے کے سوار کو بیل وغیرہ کے سوار پر ترجیح دے تو اسکو یہ اختیار حاصل ہے مگر اہل رائے سے اسکو ایسے امر میں مشورہ کرلینا چاہیئے تاکہ اسکی وجہ سے لوگ اسکی امامت میں مختلف نہ ہوجائیں۔ اور حضور صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ کی سیرت میں اس باب کے اندر جو کچھ اختلاف ہے اسمیں تطبیق کی وجہ یہی ہے اور جس شخص کو امام لشکر کی کسی مصلحت سے روانہ کرے اسکو بھی حصہ دے اگرچہ وہ لڑائی میں موجود نہ ہو مثلاً قاصد طلیعہ یا جاسوس جس طرح جنگ بدر میں حضرت عثمانؓ کو غنیمت میں حصہ دیا گیا۔ اور جو مال بطور فئی کے حاصل ہو اس کو ان مواضع میں صرف کرنا چاہیئے جس کا خدا تعالےٰ نے اس آیت میں بیان فرمایا ہے ما افاء اللہ علےٰ رسولہ من اہل القریٰ فللہ وللرسول ولذی القربیٰ والیتمیٰ والمساکین وابن السبیل الی قولہ رؤف رحیم۔ اور جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس آیت کو پڑھا فرمایا کہ اسنے تمام مسلمانوں کا احاطہ کرلیا اسسے اہم فالاہم کیطرف صرف کرتے تھے اور فئی صرف کرنے کے اندر مسلمانوں کی مصلحتوں کی طرف غور فرماتے تھے نہ اپنی کسی خاص مصلحت کی طرف اور فئی کی تقسیم کرنے کی کیفیت بھی مختلف طریقہ ہیں آنحضرت صلعم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

توجس رضی اللہ عنہ آتی اسی روز اسکو تقسیم کر دیتے تھے بیوی والے کو دو حصے اور غیر اہل والے کو ایک حصہ اور حضرت ابوبکر صدیق حر اور غلام دونوں میں تقسیم کرتے تھے اور انکو کفایت حاجت کا لحاظ تھا اور حضرت عمرؓ نے سوابق اور حاجتوں پر دیوان مقرر کیا تھا۔

اور اصل یہیں یہ ہے کہ باہمی انکے یہ اختلافات جو واقع ہوئے وہ اس بات پر محمول ہیں کہ ہر ایک نے اپنے اجتہاد کے موافق ایسا کیا تو موافق اپنی مصلحت وقت کے ہر ایک نے کوشش کی اور جن اراضیات پر مسلمان غالب آگئے انمیں امام کو اختیار ہے چاہے باہم غانمین کے انکو تقسیم کر دے چاہے مجاہدین پر انکو وقف کر دے جیسا کہ آنحضرت صلعم نے خیبر میں کیا کہ نصف اسمیں کی تقسیم کر کے نصف کو وقف کر دیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارض سواد کو وقف کیا تھا اور اگر امام چاہے تو اراضیات کو ہمارے کفار ذمیوں کے لئے روک رکھے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے معاذ رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ ہر بالغ سے دینار یا اسکے برابر یمنی کپڑا اخذ کریں اور حضرت عمرؓ نے متمولین پر اڑتالیس درہم اور متوسطین پر چوبیس درہم اور غریب پر جو مزدوری کرتا ہو بارہ درہم مقرر کئے۔ اور اسی جگہ سے معلوم کرنا چاہئے کہ اس کا اندازہ امام کی رائے پر ہے جو اس کی مصلحت کا مقتضی ہو عمل میں لائے اور اسی لئے انکی سیرتوں اور عادتوں میں اختلاف ہے اور میرے نزدیک خراج کے مقادیر میں بھی یہی حکم ہے اور تمام ان امور میں جنمیں رسول خدا صلعم اور آپکے تمام خلفا کی عادات مختلف ہیں اور خدا تعالے اسے ہم پر غنیمت اور فئی کے مباح کرنے کی یہی وجہ ہے جو آنحضرت صلعم نے بیان فرمائی ہے جیسا کہ آپنے فرمایا ہے کہ ہم سے پہلے کسی کیلئے غنیمت نہیں حلال کی گئی کیونکہ جب خدا تعالے نے ہمارے اندر ضعف اور عجز دیکھا تو غنائم کو ہمارے لئے حلال کیا اور آپنے فرمایا کہ خدا تعالے نے میری امت کو سب امتوں پر فضیلت عطا فرمائی اور ہمارے لئے غنیمتوں کو حلال گردانا اور قسم اول میں ہم نے اسکی تشریح کر دی ہے پس یہاں اسکے اعادہ کی حاجت نہیں۔ اور مصارف کی اصل یہ ہے کہ بلاشبہ اصول مقاصد کے چند امور ہیں۔ از انجملہ ان آدمیوں کا باقی رکھنا جو کسی چیز پر قادر نہیں ہیں خواہ اپاہج ہونے کیوجہ سے خواہ تنگدست ہونے کی وجہ سے خواہ اس سبب سے کہ انکو اپنے مال سے بعد ہو گیا ہے اور از انجملہ شہر کی سرحدیں قائم کر کے اور لشکر اور ہتھیاروں اور گھوڑوں کا خرچ اٹھا کر کفار سے محفوظ رکھنا ہے اور از انجملہ شہر کا انتظام اور بندوبست کرنا اور پاسبانوں اور قضات اور محتسبوں کا مقرر کرنا اور حدود کا قائم کرنا۔ اور از انجملہ دین کی حفاظت کیلئے خطبا اور واعظین اور ائمہ اور مدرسین کا مقرر کرنا اور از انجملہ منافع مشترکہ میں مثلاً نہروں کا نکالنا اور پل بنانا وغیرہ دوسرے یہ کہ شہر دو قسم کے ہیں ایک تو وہ شہر ہیں جنکے باشندے صرف مسلمان ہیں مانند ملک حجاز کے یا مسلمان انمیں اور قوموں کی نسبت زیادہ رہتے ہیں دوسرے وہ شہر ہیں جنکے اکثر باشندے کفار لوگ ہیں اور بزور شمشیر یا صلح کر کے مسلمانوں نے ان شہروں پر قبضہ کیا ہے دوسری قسم کے شہروں کیلئے فوج اور ہتھیاروں اور پاسبانوں اور قضات اور عمال کی ضرورت ہے اور پہلی قسم کے شہروں میں ان چیزوں کی زیادہ حاجت نہیں ہے اور شرع کو یہ منظور ہے کہ بیت المال میں جو مال مجتمع ہے وہ ان شہروں پر مناسب طریقہ سے تقسیم کیا جائے پس زکوٰۃ اور عشر کا مصرف وہ مقرر کیا گیا جسمیں اوروں کی نسبت محتاجوں کی زیادہ تر رفع ضرورت ہے اور غنیمت کا مصرف وہ لوگ مقرر کئے گئے جنسے لڑائی کا انتظام اور دین کی حفاظت اور شہر کا انتظام زیادہ تر ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لہٰذا غنیمت میں سے یتیم اور مسکین اور فقیر کا حصہ بہ نسبت صدقات کے حصہ کے کم مقرر کیا گیا اور مجاہدین کا حصہ بہ نسبت صدقات کے غنیمت میں سے زیادہ مقرر کیا گیا۔ اور چونکہ غنیمت گھوڑے اور اونٹ اور لشکر کی مشقت سے حاصل ہوتی ہے پس جبتک لوگوں کو غنیمت سے حصہ نہ دیا جاوے وہ راضی نہیں ہو سکتے اور شرائع کلیہ میں جو لوگوں پر مقرر کی گئی ہیں انکے اندر اکثر خلقت کے حال کا لحاظ رکھنا اور رغبت عقلی کے ساتھ رغبت طبعی کا جمع کرنا ضروریات سے ہے اور انکی رغبت طبعی اسی طریقہ سے حاصل ہو سکتی ہے کہ قتال کے عوض میں انکو کچھ مال دیا جاوے لہٰذا پانچ حصوں میں چار حصے اہل غنیمت میں غانمین کیلئے مقرر کئے گئے اور فی یعنی وہ غنیمت جو بلا مشقت قتال کے صرف رعب کیوجہ سے حاصل ہوتی ہے چونکہ وہ بلا مشقت حاصل ہوتی ہے لہٰذا اسکا خاص قسم کے لوگوں میں تقسیم کرنا ضروری نہ ہوا اور اہم فالاہم کی تقدیم کی گئی اور خمس کی اصل یہ ہے کہ ایام جاہلیت میں ربع کا قدیمی دستور تھا جو شخص قوم کا رئیس اور انکا پشت پناہ ہوتا تھا وہ اس ربع کو لیلیا کرتا تھا یہ بات انکے دلوں میں قرار پا چکی تھی اور یہ احتمال نہ تھا کہ اس کے نکالنے سے انکے دل میں ناگواری پیدا ہو اسی کے بیان میں ایک شاعر کہتا ہے شعر

وان لنا المرباع من کل غارۃ ۔۔۔ تکون بنجدا او بارض التہائم

ہر لوٹ میں ہمارا چہارم حصہ ہے خواہ وہ نجد میں ہو خواہ تہائم کے ملک میں۔ پس خدا تعالےٰ نے خمس کو انکے قدیمی دستور کے قریب قریب شہر اور دین کی ضروریات کے لئے مقرر فرمایا جس طرح خدا تعالےٰ نے انبیاء پر انکے دستور کے موافق آیات نازل فرمائی ہیں اور وہ ربع اس شخص کو ملا کرتا تھا جو ان کا سردار اور پشت پناہ ہوتا تھا تاکہ اسمیں اسکی عظمت اور عزت ثابت ہو اور علاوہ بریں وہ شخص سب کے کام میں مصروف ہوتا ہے اور اسکو بہت خرچ کی حاجت رہتی ہے پس خدا تعالےٰ نے وہ خمس آنحضرت صلعم کیلئے مقرر فرمائی اسواسطے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو لوگوں کے کام میں مشغول ہونے کیوجہ سے اتنی کہاں فرصت تھی جو اپنے اہل و عیال کے لئے کسب کرتے لہٰذا ضرور ہوا کہ آپکا نفقہ مسلمانوں کے مال میں مقرر ہو اور علاوہ بریں نصرت اور مدد الٰہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت اور آپ کے رعب کیوجہ سے جو آپکو اللہ پاک نے عنایت فرمایا تھا۔ حاصل ہوئی ہے پس آپکا حال ایسا ہوا کہ گویا آپ ہر جنگ کے اندر موجود رہے اور دوسری خمس ذوی القربیٰ کے لئے خدا تعالےٰ نے مقرر فرمائی کیونکہ سب لوگوں سے زیادہ آنحضرت کے ذوی القربیٰ کو حمایت اسلامی ہے اسواسطے کہ انمیں حمایت دینی اور حمایت نسبی دونوں موجود ہیں کیونکہ انکا سارا فخر دین محمدی کے بلند ہونیمیں ہے۔ اور نیز انمیں اہل بیت نبی صلعم کی تعظیم پائی جاتی ہے اور اس مصلحت کا نتیجہ دین کی طرف راجع ہوتا ہے۔ اور جبکہ علماء اور قراء کی تعظیم میں دین کی تعظیم ہے تو ذوی القربیٰ کی تعظیم میں بطریق اولیٰ دین کی تعظیم ہوگی۔ اور ایک محتاجوں کے لئے مقرر کیا گیا اور خدا تعالےٰ نے محتاجوں کا لفظ بانواع مساکین اور فقراء اور یتامےٰ کے ساتھ فرمایا اور حدیث شریف سے ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خمس میں سے مولفۃ القلوب وغیرہم کو بھی عطا فرماتے تھے۔ اس تقدیر پر آیت کے اندر پانچ مصارف خاص کا ذکر کرنا ان مصارف کے مہتم بالشان ہونے کیوجہ سے اور اس بات کی تاکید کرنے کے لئے ہے کہ خمس اور فئی کو یکے بعد دیگرے اغنیا لوگ محتاجوں کی پروا نہ کر کے نہ لیلیا کریں اور تاکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اقارب کیطرف کسی کو بدگمانی کرنے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا موقع نہ مل سکے۔ اور افعال اور انعامات اسواسطے مقرر کئے گئے کہ بسا اوقات انسان بغیر طمع کے جان جوکھوں کی بگ میں اپنے آپکو نہیں ڈالتا ہے اور یہ ایسی خصلت اور پیدائشی بات ہے جس کی رعایت ضروریات سے ہے اور گھوڑے کے سوار کو پیدل کے حصہ سے سرچند اسواسطے مقرر کیا گیا کہ سوار سے مسلمانوں کو زیادہ تر قوت اور نفع پہونچتا ہے اور اسکو زیادہ تر مشقت کرنی پڑتی ہے اگر تم لشکروں کا حال دیکھو تو اس بات کا تم کو یقین ہو سکتا ہے کہ اگر سوار کو پیدل کے حصے سے سرچند نہ دیا جائے اور کچھ کمی کی جائے تو وہ راضی نہیں ہو سکتا اور اسکی محنت کے اعتبار سے وہ ناکافی ہوتا ہے تمام عرب و عجم باوجود اختلاف احوال و عادات کے اس بات پر متفق ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لئن عشت ان شاء اللہ لاخرجن الیہود والنصاری من جزیرۃ العرب واعمی باخراج المشرکین منہا۔ اگر انشاء اللہ تعالیٰ میں زندہ رہا تو بلاشبہ یہود و نصاری کو جزیرہ عرب سے نکالدونگا اور مشرکوں کو وہاں سے نکالدینے کی میں وصیت کرتا ہوں میں کہتا ہوں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات معلوم تھی کہ زمانہ کا حال ایک سا نہیں رہتا پس ایک وقت ایسا ہوگا کہ اسلام میں ضعف آجائیگا۔ اور اسکی جمعیت منتشر ہو جائیگی پس اگر ایسے وقت میں دشمنان دین کا جزیرہ عرب میں جو اسلام کا اصل اصول ہے قیام رہا تو ضرور حرمات الٰہی کا ہتک و قطع ہوگا لہذا آپنے دار العلم کو حوالی اور محل بیت اللہ سے نکالنے کا حکم دیا اور نیز کفار کے ساتھ اختلاط کرنے میں دین کے بگڑنے اور قلوب کے بدلنے کا اندیشہ ہے اور چونکہ یہ بات محال تھی کہ تمام ملکوں سے بخوف مخالطت انکو نکالدیا جاتا لہذا صرف حرمین شریفین کو انکے پاک کرنیکا حکم فرمایا اور نیز آخر زمانہ میں جو دین کا حال ہونیوالا تھا آپ پر وہ ظاہر کر دیا گیا چنانچہ آپنے فرمایا ہے ان الدین لیارز الی المدینہ الخ اور پوری پوری حفاظت کی یہی صورت ہے کہ وہاں مسلمانوں کے سوا کوئی قوم نہ رہے۔ واللہ اعلم۔

معیشت کا بیان

معلوم کرو کہ تمام اقالیم صالحہ کے باشندوں کا کھانے پینے اور پہننے اور قیام اور نشست اور تمام ہیات اور احوال میں آداب کے لحاظ رکھنے پر اتفاق ہے اور یہ ایک ایسا امر ہے کہ بشرط سلامت مزاج اور ظہور مقتضاء نوعی کے باہمی اجتماع اور دیکھا دیکھی کے لحاظ سے گویا ہر ایک جبلت میں داخل ہے اور ان آداب کی رعایت میں لوگوں کے طریقے مختلف ہیں بعض فرقے حکمت طبع کے قواعد کے موافق ان آداب کی رعایت کرتے ہیں اور تمام احوال و افعال میں ان آداب کا بیان کرتے ہیں کہ طب اور تجربہ کے اعتبار سے انمیں نفع ہی کی امید ہوتی ہے اور ضرر کا خوف نہیں ہوتا۔ اور بعض فرقے قوانین احسان کے موافق یعنی جس طرح انکا دین انکو حکم کرتا ہے ان آداب کو عمل میں لاتے ہیں اور بعض فرقوں کو اپنے بادشاہوں اور حکماء اور درویشوں کے سے آداب عمل میں لانے مقصود ہوتے ہیں اور بعض لوگ اور طریقوں کے موافق انکا برتاؤ کرتے ہیں۔ چونکہ انمیں سے بعض آداب میں منافع مترتب ہوتے ہیں۔ لہذا انپر آگاہ کرنا اور ان منافع کے لحاظ سے انکا حکم دینا ضروری ہوا۔ اور بعض آداب میں مفاسد پیدا ہوتے ہیں لہذا ضروری ہوا کہ ان سے منع کی جاوے اور لوگوں کو ان آداب پر آگاہ کیا جاوے اور بعض آداب میں دونوں باتوں سے ایک بات بھی نہیں پائی جاتی۔ لہذا ضروری ہوا کہ ان کو مباح چھوڑا جائے اور انکی اجازت دیجاوے پس آداب کی تنقیح و تفتیش بھی منجملہ ان مصالح کے ٹھہری جن کے پورا کرنے کے لئے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آنحضرت صلعم کو مبعوث کیا ہے اور اصل اسکے اندر چند باتیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ ان اشغال میں مصروف ہونے سے ذکر الٰہی سے نسیان ہوتا ہے اور قلب کی صفائی میں کدورت پیدا ہوتی ہے پس ضروری ہوا کہ اس سم کا کسی تریاق سے علاج کیا جائے اور وہ تریاق یہ ہے کہ ان اشغال میں مشغول ہونے سے قبل اور بعد اور حالت اشتغال میں کچھ اذکار مقرر کئے جائیں تاکہ قلب کو ان اشغال کے اندر پورا پورا انہماک نہ ہو جائے اور ان اذکار میں منعم حقیقی کا ذکر اور جانب قدس کی طرف میلان فکر نہ پایا جاوے۔ اور ایک یہ ہے کہ بعض افعال و ہیئات کو مزاج شیطانی سے مناسبت ہوتی ہے اسطور پر کہ اگر کسی کے خواب یا بیداری میں شیطان متمثل ہو کر نظر آویں لامحالہ ان افعال میں سے کسی نہ کسی فعل کے ساتھ وہ متلبس ہوتے ہیں پس انسان کو ایسے افعال کے ساتھ متلبس ہونا شیاطین کے ساتھ نفرت اور شیاطین کے اوصاف قبیحہ کے اس شخص کے دل میں منقش ہونیکا سبب ہیں پس ضرور ہوا کہ ان افعال سے خواہ کراہۃ خواہ تحریماً بمقتضائے مصلحت کے موافق نہی کی جائے اور وہ افعال یہ ہیں کہ مثلاً ایک جوتہ پہنکر چلنا اور بائیں ہاتھ سے کھانا وغیر ذلک۔ اور بعض افعال صفات انسان کو شیاطین سے دور اور ملائکہ سے قریب ہونیکا سبب ہوتے ہیں۔ مثلاً گھر میں داخل ہوتے اور نکلتے وقت خدا تعالیٰ کا ذکر کرنا اس قسم کے افعال پر رغبت دلانا ضروری ہوا اور ایک ان ہیات سے اجتناب کرنا جنسے بحکم تجربہ لوگوں کی ایذا رسانی ہوتی ہے۔ مثلاً مکان کی چھت پر بغیر پردہ کے سونا اور سوتے وقت چراغ کا گل نہ کرنا چنانچہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے کہ چوہا گھر کو جلا دیتا ہے۔ اور از انجملہ عجمیوں کے ساتھ ان عادت میں مخالفت کرنا ہے جنکے وہ لوگ عادی ہیں مثلاً ہر چیز میں نہایت درجہ کا تکلف کرنا اور نہایت بیفکری سے دنیا کے اندر منہمک ہونا کیونکہ یہ امور یاد الٰہی سے غافل کرتے ہیں اور کثرت سے دنیا کے طلب کرنے اور قلوب کے اندر دنیا کے لذائذ متمثل ہونے کا سبب ہے پس ضروری ہوا کہ ان سب میں سے ان امور کو خاصکر حرام کیا جائے جو سب تکلفات میں بڑھکر ہے۔ مثلاً حریر اور رقیق اور مہاشر اور ارجوان اور وہ کپڑے جنمیں حیوانات کی صورتیں بنی ہوئی ہوں اور سونے چاندی کے برتن اور معصفر یعنی کسم کے رنگے ہوئے کپڑے اور خلوق وغیرہ اور باقی اور عادات کو عام طور پر مکروہ کیا ہے اور اور عیش کی اکثر چیزوں کا ترک کرنا مستحب ہے اور از انجملہ ان ہیات سے اجتناب چاہیئے جو منافی وقار کے ہیں اور نیز ان ہیات سے جو انسان کو دیہاتیوں میں لاحق کر دیتی ہے ان لوگوں میں سے جو احکام نوع کے لئے ہیں فارغ ہوتے ہیں تاکہ افراط اور تفریط میں میانہ روی حاصل ہو۔

کھانے اور پینے کی چیزوں کا بیان

معلوم کرو جبکہ انسان کی سعادت انہیں اخلاق اربعہ کے اندر ہے جنکو ہم ذکر کر چکے ہیں اور اس کی شقاوت ان کے اضداد کے اندر ہے لہذا حفظ صحت انسانیہ اور دفع ہونے امراض نفسانیہ کے لئے واجب ہوا کہ ان اسباب سے جو مزاج انسانی کو دو جانبوں میں سے کسی ایک کی طرف بدلدیتے ہیں بیان کئے ہیں از انجملہ وہ افعال ہیں جنکے ساتھ نفس متصف ہو جاتا ہے اور اسکی نفس ذات میں داخل ہو جاتے ہیں ان افعال کا ہم کافی بیان کر چکے ہیں اور ایک وہ امور ہیں جنسے نفس میں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفات دنیہ جو شیاطین کے ساتھ مشابہت اور ملائکہ سے بُعد پیدا ہونے کا سبب ہوتے ہیں اور اخلاق صالحہ کے خلاف صفات کو پیدا کرتے ہیں خواہ اُس شخص کو اس بات کی حس ہو یا نہ ہو پس جو نفوس ملحق بملاء اعلے اور الواث بہیمیہ سے جدا ہیں خطیرۃ القدس سے ان امور کی بدمزگی کا ادراک اس طرح سے ہوتا ہے جسطرح طبیعت کو تلخی اور بدمزگی ناگوار ہونیکا ادراک ہوتا ہے۔ ایسے امور کی نسبت خدا تعالےٰ کے الطاف اور اُسکی رحمت کا مقتضےٰ ہوتا ہے کہ ان امور کے اصول اور چیزوں کے ساتھ جنسے وہ امور منضبط ہیں اور اُن کا اثر ظاہر ہے کسی پرکشیدہ نہیں ہے لوگوں کو مکلف کیا جاے اور چونکہ تغیر بدن اور اخلاق کے تغیر کے اسباب میں سے زیادہ تر قوی سبب غذا ہے لہٰذا ضروری ہوا کہ وہ اصول غذا کے لحاظ سے ہوں پس ان سب سے زیادہ تر قوی الاثر ایسے جانور کا کھانا ہے جسکی صورت میں کوئی قوم مسخ کی گئی ہے اسلئے کہ جب خدا تعالےٰ کی لعنت اور اُس کا غضب کسی انسان کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو اُس کے سبب سے انسان کے اندر ایک ایسا مزاج پیدا ہو جاتا ہے جو صحت انسانی سے اسقدر بعید ہوتا ہے کہ وہ شخص انسان کی صورت نوعیہ سے بالکل خارج ہو جاتا ہے بدن انسانی کے عذاب دینے کی صورتوں میں سے ایک صورت ہے اور ایسے وقت میں اس کا مزاج انسانی صورت سے نکلکر کسی خبیث جانور کی صورت پکڑ جاتا ہے جس سے طبیعت سلیمہ کو نفرت ہوتی ہے ایسے وقت میں کہا جاتا ہے کہ خدا تعالےٰ نے اُس شخص کو مسخ کرکے بندر یا خنزیر بنا دیا پس خطیرۃ القدس میں اُسکے متعلق یہ علم متمثل ہو جاتا ہے کہ اس قسم کے جانور اور انسان کے مغضوب علیہ اور رحمت الٰہی سے بعید ہوتے ہیں ایک مناسبت خفیہ سے اُسمیں اور اُس طبیعت سلیمہ میں جو اپنی فطرت پر باقی ہے نہایت درجہ کا بعد ہے پس لامحالہ ایسے جانور کا کھانا اور اُسکو اپنے بدن کا جزو گردانتا نجاست کیساتھ اختلاط کرنے اور اُن افعال کے عمل میں لانے سے جو غضب کو ہیجان میں لاتے ہیں زیادہ تر بُرا ٹھہریگا لہٰذا ہمیشہ سے خطیرۃ القدس کے ترجمان یعنی حضرت نوح کے وقت سے تمام انبیاء علیہم السلام خنزیر کو حرام کرتے اور لوگوں کو اُس سے بعید رہنے کا حکم کرتے چلے آئے ہیں حتیٰ کہ عیسیٰ علیہ السلام اُسکو نازل ہو کر قتل ہی کر ڈالینگے اور غالباً خنزیر کو کوئی فرقہ کھایا کرتا تھا لہٰذا شرائع میں نہایت شدت کیساتھ نہی کی گئی اور اُس کے ترک کرنے کا حکم دیا گیا اور بندر و چوہا ایسے جانور ہیں کہ انکو ہرگز کوئی قوم نہیں کھاتی اسلئے اُن سے نہی کرنے میں تاکید شدید کی ضرورت نہ ہوئی جناب رسول خدا صلعم نے گوہ کی نسبت فرمایا ہے کہ خدا تعالےٰ نے بنی اسرائیل کے کسی قبیلہ پر جب غصہ ہو گیا تو انکو چہارپایوں کی صورت میں جو زمین پر چلتے ہیں مسخ کر دیا نہیں معلوم کہ شاید گوہ بھی انہیں میں سے ہو اور خدا تعالےٰ فرماتا ہے جعل منہم القردۃ والخنازیر وعبد الطاغوت کر دیا انہیں سے بندر اور خنزیر اور پرستش کرنے والے شیطان کے اور اسی کی مثل یہ ہے کہ جس زمین میں خسف یا عذاب نازل ہوا ہو اُس میں سے مچھر نا مکروہ ہے اور مغضوب علیہم کے ہیات بنانا مکروہ ہے کیونکہ ان اشیاء کے ساتھ اختلاط کرنا نجاسات کے ساتھ اختلاط کرنے سے کم نہیں ہے اور اشیاء کے ساتھ ملتبس ہونیکا اثر اُن ہیات کے ساتھ ملتبس ہونے کے اثر سے کم نہیں ہے جو مزاج شیطانی کا مقتضےٰ ہے اور اُنکے بعد اُس جانور کا کھانا ہے جس کی سرشت میں ایسے افعال داخل ہیں جو اُن اخلاق کے مضاد ہیں جو انسان سے مطلوب ہیں حتیٰ کہ وہ ضرورت کیوجہ سے اُنکی طرف طبیعت نرمتی ہے اور وہ ضرب المثل ہو گیا ہے اور طبائع سلیمہ اُس کو خبیث جانتی ہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اُس کے کھانے سے اعراض کرتی ہیں مگر بار خدایا وہ گروہ جو قابل اعتبار کے نہیں ہیں اور وہ جانور جسمیں اس معنی کا کمال ہو گیا۔ اور اُس کا ظہور بین ہو گیا اور تمام عرب و عجم نے اُسکو مان لیا وہ چند ہیں از انجملہ ایک وہ حیوان سبعی ہیں جن کی خلقت میں حدت یعنی چھیلنا پنجوں وغیرہ سے اور زخم اور دبدبہ اور قساوت جبلی ہے: اسی لئے رسول خدا صلعم نے بھیڑیے کو باب میں فرمایا ہے اویاکلہ۔ کیا اس کو کوئی کھاتا ہے: اور از انجملہ وہ حیوانات ہیں جن کی خلقت میں آدمیوں کو تکلیف پہونچانا اور اُن سے کسی چیز کا چھین لیجانا اور تہ و بالا کرنے کی غرض سے فرصت کے منتظر رہتے ہیں اور اس میں الہام شیطانی کا قبول کرنا ہے جیسے کوا اور چیل اور چھپکلی اور مکھی اور سانپ اور بچھو وغیرہ۔ اور از انجملہ وہ حیوانات ہیں جن کی خلقت میں ذلت اور گڑھوں میں چھپا رہنا ہے مثل چوہے اور حشرات الارض کے اور از انجملہ وہ حیوانات ہیں جو نجاستوں اور پاکیوں میں اپنی زندگی بسر کرتے ہیں اور اُسمیں رہتے ہیں اور وہی کھاتے پیتے ہیں یہانتک کہ اُن کے بدن اُسمیں بھرے رہتے ہیں: اور از انجملہ گدھا ہے اور وہ بلاشبہ ذلت اور حماقت میں ضرب المثل ہے اور اکثر اہل عرب جنگلی طبائع سلیمہ تھیں اُس کو حرام سمجھتے تھے اور شیاطین کے ساتھ اسکو مشابہت دیتے تھے جیسا کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے اذا سمعتم نہیق الحمار فتعوذوا باللہ من الشیطان فانہ رای شیطانا۔ جبکہ تم گدھے کا رینگنا سنو تو خدا تعالے کی درسے شیطان سے پناہ مانگو اس لئے کہ اُسنے شیطان کو دیکھا ہے: اور تمام اطبا نے اتفاق کر لیا ہے کہ یہ سب جانور بلاشبہ مزاج نوع انسان کے مخالف ہیں لہذا طب کے اعتبار سے بھی اُنکا کھانا نہ چاہیئے اور معلوم کرو کہ اس جگہ چند امور پوشیدہ ہیں اُنکے حدود کو ضبط کرنے اور مشکل کی تمیز کرنے کی حاجت پڑی: از انجملہ یہ ہے کہ مشرکین بلاشبہ اپنے معبودوں اور ٹھاکروں کیلئے اُن کو ذبح کر کے اُن کی طرف اسکا تقرب کیا کرتے تھے اور اسمیں ایک نوع کا شرک تھا۔ لہذا حکمت الہیہ کا مقتضے ہوا کہ اس اشتراک سے منع کیجاے پھر اُس تحریم کی اسطرح تاکید کیجاے کہ اطاعت کیلئے جو جانور ذبح کیا جاے اُس کے کھانے سے تو تو کو ممانعت کر دیجائے تاکہ اُس فعل سے باز رہیں اور نیز ذبح کرنے کی قباحت اُس مذبوح میں بھی سرایت کر جاتی ہے اسکی وجہ بحصہ قبل میں بیان کر چکے ہیں پھر ذبیحہ للطواغیب چونکہ ایک امر مسلم تھا اسلئے شارع نے ما اہل لغیر اللہ بہ اور ما ذبح علی النصب۔ اور اُس جانور کے ساتھ جسکو مسلمان اور اہل کتاب کے سوا کسی ملت کا کوئی شخص جسکے دین میں خدا تعالے کے نام کے سوا ذبح کرنیکی حرمت نہیں ہے ذبح کرے الضحایا فرمایا اسلئے لازم ہوا کہ ذبح کے وقت خدا کے نام کا ذکر کرنا واجب ہو کیونکہ حلال و حرام میں ظاہر تمیز کی یہی صورت ہے اور نیز جب حکمت الہیہ نے انسان کے لئے اُن حیوانات کو جو حیات میں اسی کے مثل ہیں مباح کر دیا اور اُن حیوانات پر اُسکو قدرت عطا فرمائی لہذا واجب ہوا کہ ان حیوانات کی جان نکالتے وقت اس نعمت سے غافل نہ ہوں اور غافل نہ ہونے کی یہی صورت ہے کہ خدا کا نام اُنپر ذکر کریں چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے لیذکروا اسم اللہ علی ما رزقہم من بہیمۃ الانعام۔ تاکہ خدا کا نام ذکر کریں زبان سے اُس چیز پر جو خدا تعالے نے اُنپر عطا فرمائی ہے بہیمۃ چارپایوں سے اور از انجملہ یہ ہے کہ تمام اہل حقہ و باطلہ میں مردار جانور حرام ہیں کل حقہ کا اس بات پر اس واسطے اتفاق ہے کہ خبیثہ النفاس ہے اُن ملت والوں کو اس بات پر تلقی ہوئی ہے کہ وہ چیزیں خبیث ہیں اور مذاہب باطلہ کا اسواسطے اتفاق ہے کہ اُن کے علم میں اکثر مردار چیزوں میں اثر سمی ہوتا ہے۔ مردار جانور کے بدن میں مرتے وقت اخلاط سمیہ پھیل جاتے ہیں

محکمہ داخلہ و برانچیں سے مرتبہ شدہ و منظور کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جبلّو انسانی مزاج سے منافات ہوتی ہے پھر ان باتوں کی حرمت ہوئی کہ مردار کو غیر مردار سے جدا کیا جائے پس اس کا انضباط بایں طور کیا گیا کہ غیر مردار وہ ہے جسکی جان کھانے کی غرض سے نہ نکالی جائے اس باعث سے اس جانور کا کھانا حرام ہو گیا جو سینگ لگ کر یا کہیں سے گر کر مر جائے یا کوئی درندہ اسکو کھائے کیونکہ یہ سب خبائث اور موذی چیزیں ہیں اور از انجملہ یہ ہے کہ عرب اور یہود تو ذبح اور نحر کیا کرتے تھے اور مجوس گلا مروڑ کر یا پیٹ پھاڑ کر کھایا کرتے تھے اور ذبح اور نحر انبیاء علیہ السلام کا ہمیشہ سے طریقہ چلا آتا تھا اور اسکے اندر رحمت ہی مصلحتیں تھیں ایک تو یہ کہ اسمیں ذبیحہ کو زیادہ تر تکلیف نہیں ہوتی کیونکہ جان نکالنے کا سب سے آسان طریقہ یہی ہے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فلیرح ذبیحتہ۔ پس چاہیئے کہ اپنے ذبیحہ کو آرام دیوے۔ اور شریعۃ الشیطان یعنی تیز نبل کر کے چھوڑ دینے سے جو آپ نے منع فرمائی اسمیں یہی راز ہے اور ایک یہ ہے کہ خون منجملہ نجاسات کے ہے جن کے لگجانے سے کپڑے کو دھوڈالتے ہیں اور بدن سے بچتے رہتے ہیں اور ذبح کرنے میں ذبیحہ کا اس نجاست سے پاک کرنا ہوتا ہے بخلاف گلا مروڑنے اور پیٹ چاک کرنے کے اسمیں وہ جانور متلطخ بالنجاست ہو جاتا ہے اور ایک یہ بات ہے کہ ذبح کرنا ملت ابراہیمی کے شعائر میں ہے جس کی وجہ سے اس دین کا آدمی اور دین والوں سے متمیز ہو سکتا ہے پس ذبح کرنا ختنہ اور خصال فطرت کے مانند ٹھہرا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو چونکہ خدا تعالیٰ نے ملت ابراہیمی کے قائم کرنے کیلئے مبعوث فرمایا ہے اس واسطے آپ کے اوپر اس کا محفوظ رکھنا ضرور ہوا پھر گلا مروڑنے اور پیٹ چاک کرنے سے نہی ضروری ہوئی اور اسکی یہی صورت ہے کہ کسی تیز چیز سے کاٹنا اور وہ بھی حلق اور گردن کی جڑ میں یہ وہ چیزیں ہیں جنکے صحت انسانی کے محفوظ رکھنے اور مصلحت دینی کے قائم کرنے کیلئے منع کیا اور وہ چیزیں جنسے صحت بدنی کو نقصان پہونچتا ہے مثل سموم اور مضرات اسنے ممانعت کرنیکا حال ظاہر ہے اور جب یہ اصول ممہد ہو چکے تو اب ہم مفصل طور پر بیان کرتے ہیں پس ہم کہتے ہیں کہ جس چیز کو ماکولات سے خدا تعالیٰ نے منع فرمایا ہے اسکی دو قسمیں ہیں ایک تو وہ قسم ہے کہ خدا تعالیٰ نے اس قسم کی جانور کو کسی صفت کیجہ سے جو اس قسم میں پائی جاتی ہے حرام فرمایا ہے اور دوسری وہ قسم ہے جس کو ذبح کی شرط نہ پائے جانے سے حرام کیا ہے اب حیوانات کی کئی قسمیں ہیں ایک تو گھریلو جانوروں میں سے اونٹ و گائے بیل بھیڑ بکری مباح کئے گئے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے احلت لکم بہیمۃ الانعام۔ اسکی یہ وجہ ہے کہ یہ جانور پاک اور معتدل المزاج اور مزاج انسانی کے موافق ہوتے ہیں اور خیبر کے دن گھوڑے کے کھانے کی اجازت دیگئی اور گدھے کے کھانے سے نہی کی گئی اسلئے کہ تمام عرب و عجم گھوڑے کو پسند کرتے ہیں اور تمام حیوانات میں گھوڑے کو فضیلت دیتے ہیں اور انسان کے ساتھ اسکو مشابہت ہے اور گدھا اپنی وقت اور رذالت میں ضرب المثل ہے اور اسکی خاصیت ہے کہ شیطان کو دیکھکر رینگتا ہے اور عرب کے پاکیزہ اور ذکی الفطرت لوگ اسکو حرام جانتے تھے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مرغی کا گوشت تناول فرمایا ہے اور مرغابی اور بطہ بھی مرغی کے مثل ہے اسلئے کہ یہ بھی پاک چیزیں ہیں اور مرغ کی خاصیت ہے کہ فرشتہ کو دیکھکر بانگ کہتا ہے اور کتا اور بلی حرام کئے گئے اس لئے کہ یہ دونوں درندوں میں داخل ہیں اور حرام چیزوں کو کھاتے ہیں اور کتا شیطان ہوتا ہے اور دوسری قسم وحشی یعنی جنگلی جانور ہیں ان جانوروں میں سے جو جانور نام و صفت میں بہیمۃ الانعام کے مشابہ ہیں مثلاً ہرن اور نیل گائے اور شتر مرغ اور ایکبار یہ رسول خدا صلعم کو کسی نے بطور ہدیہ کے گورخر کا گوشت بھیجا تو آپ نے اسکو تناول فرمایا اور کسی شخص نے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خرگوش کا گوشت آپ کو بھیجا تب بھی آپ نے اسکو قبول فرمایا: اور ایک مرتبہ آپ کے دسترخوان پر لوگوں نے گوہ کا گوشت کھایا اسلئے کہ عرب لوگ ان چیزوں کو پاک طیب جانتے تھے اور ایکمرتبہ آنحضرت صلعم نے گوہ کے نہ کھانے کی نسبت یہ عذر کیا کہ میری قوم کے ملک میں یہ نہیں تھی اسلئے مجھے اچھی نہیں معلوم ہوتی اور ایک مرتبہ احتمال مسخ کے ساتھ معذرت فرمائی اور ایک مرتبہ اس سے بھی فرمائی اور میرے نزدیک انمیں کچھ تناقض نہیں ہے کیونکہ اسمیں دونوں وجہیں پائی جاتی ہیں کہ غذا کے لئے ہر ایک کافی ہے مگر شبہ چیز کا ترک کرنا تورع میں داخل ہے پر وہ چیز حرام نہیں ہوتی اور نہی سے آپکی مراد کراہت تنزیہ ہے اور آپنے تمام درندوں کے کھانے سے نہی فرمائی ہے اسلئے کہ انکی طبیعت اعتدال سے خارج اور انکی عادات بد اور انکے دلمیں رحمت نہیں ہوتی اور پرندوں میں کبوتر اور چڑیا کو مباح کیا اسلئے کہ یہ پاک جانور ہیں: اور ہر شکاری پرند کے کھانے سے نہی فرمائی اور بعض جانوروں کو آپ نے فاسق سے تعبیر فرمائی لہذا اسکا کھانا بھی ناجائز ہے اور جو جانور مردار اور نجاست کھاتا ہے یا عرب کے لوگ اسکو خبیث جانتے ہیں اسکا کھانا مکروہ ہے: اللہ پاک فرماتا ہے ویحرم علیہم الخبائث اور حرام کیں اوپر خبیث چیزیں اور آنحضرت صلعم کے زمانہ میں ٹڈی کو کھایا کرتے تھے کیونکہ عرب اس کو پاک جانتے تھے اور ایک قسم دریائی جانوروں میں انمیں سے جن کو عرب پاک جانتے ہیں انکا کھانا مباح کیا گیا ہے مثلاً مچھلی اور عنبر اور جس کو وہ ناپاک سمجھتے ہیں اور حرام جانور سے اسکا نام لیتے ہیں مثلاً خنزیر تو آیتیں اور حدیثیں جو متعارض ہیں مگر اجتناب اولے ہے اور ایک مرتبہ آنحضرت صلعم سے کسی نے گھی کی نسبت جسمیں چوہا مر گیا تھا سوال کیا تو آپ نے فرمایا اس چوہے اور اس کے آس پاس کے گھی کو نکال ڈالو اور باقی کو کھالو۔ اور ایک روایت میں آیا ہے کہ اگر گھی میں چوہا گر پڑے پس اگر وہ گھی جما ہوا ہے تب تو اس چوہے اور اسکے آس پاس کے گھی کو نکال ڈالیں اور اگر پگلا ہوا ہو تو اس کے گرد نہ پھٹکو۔ میں کہتا ہوں مراد اور وہ چیز جسمیں مردار کا اثر ہو جائے تمام مثلوں اور امثلوں میں خبیث ہو جاتی ہے پس اگر وہ خبیث دوسری پاک چیز سے ممیز ہو تو اس پاک کو کھالیا جائے اور ناپاک کو پھینکدیا جائے اور اگر ممیز نہ ہو تو وہ سب حرام ہو جاتی ہے اور حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ ہر نجاست اور ہر وہ چیز جسمیں نجاست پڑی ہو حرام ہو جاتی ہے اور رسول خدا صلعم نے اس جانور کے کھانے اور اسکے دودھ پینے سے منع فرمایا ہے جو نجاست کھاتا ہے۔ میں کہتا ہوں اسکی یہ وجہ ہے کہ اس کے اعضا نے نجاست کو جذب کر لیا اور اسکے اجزاء میں پھیل گئی تو اسکا حکم مثل نجاست یا اس جانور کے ہو گیا جو نجاست میں اپنی زندگی بسر کرتا ہے: رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے احلت لنا میتتان ودمان اما المیتتان الحوت والجراد والدمان الکبد والطحال۔ ہمارے لئے دو میتیں اور دو خون حلال کئے گئے ہیں لیکن دو میت تو مچھلی اور ٹڈی ہیں اور دو خون جگر اور تلی ہیں: میں کہتا ہوں کبد اور طحال دو عضو ہیں اعضاء و بدن بہیمیہ سے مگر یہ دونوں خون کے مشابہ نہیں تو آپ نے ان کے اندر جو شبہ تھا اسکو دور کر دیا اور مچھلی و ٹڈی میں دم مسفوح یعنی بہتا ہوا خون ہی نہیں ہے لہذا ان کے اندر ذبح مشروع نہیں کیا گیا: اور آنحضرت صلعم نے گرگٹ کے مار ڈالنے کا حکم فرمایا اور آپ نے اس کا نام فاسق رکھا اور فرمایا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آگ پر یہ پھونک مارتا تھا اور آپ نے فرمایا ہے من قتل وزغا فی اول ضربۃ کتب لہ کذا وکذا وفی الثانیۃ دون ذلک وفی الثالثۃ دون ذلک۔ جو شخص گرگٹ کو پہلے ہی حربہ میں مار

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دے تو اُسکے لئے ایسا اور ایسا لکھا جاویگا یعنی سو نیکیاں لکھی جاوینگی اور دوسری مرتبہ میں اس سے کم اور تیسری مرتبہ میں اُس سے کم۔ میں کہتا ہوں بعض حیوان کی خلقت میں یہ بات داخل ہوتی ہے کہ اُن سے افعال اور ہیات شیطانیہ صادر ہوتی ہیں اور وہ حیوانات میں قریب تر شیطان کے ہوتے ہیں اور وسوسہ کے اعتبار سے وہ اُس کے تابع ہوتے ہیں اور رسول خدا صلعم نے معلوم کر لیا تھا کہ گرکٹ بھی انہیں حیوانات میں سے ہے اور اس بات پر آپ نے تنبیہ فرمائی کہ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آگ کو پھونکتا تھا اُسکے کرنے کے لئے یہ اُسکا مقتضای طبعی تھا شیطان کے وسوسے کے سبب سے اگرچہ اُس کی پھونکنے کا آگ کے اندر کچھ اثر نہ تھا اور اُس کے قتل کرنے میں آپ نے دو وجہ سے رغبت دلائی ایک تو یہ کہ اس میں نوع انسانی کی ایذا کا وقع ہے تو اُس کا حال ایسا ہو گیا جیسے شہروں سے درختوں سمی کو قطع کرتے ہیں اور سوائے اُسکے جس میں خصلت پائی جائے دوسری وجہ یہ ہے کہ اسمیں لشکر شیطانی کا توڑنا ہے اور اُس کے وسوسہ کا دور کرنا ہے اور یہ بات اللہ تعالےٰ اور ملائکہ مقربین کے نزدیک پسندیدہ ہے اُس کا مار ڈالنا اول ضربہ میں دوسری مرتبہ مارنے سے اس لئے افضل ہے کہ اسمیں سرعت اور سرعت الی الخیر پائی جاتی ہے واللہ اعلم اللہ پاک نے فرمایا ہے حرمت علیکم المیتۃ والدم ولحم الخنزیر وما اوھل بہ لغیر اللہ والمنخنقۃ والموقوذۃ والمتردیۃ والنطیحۃ وما اکل السبع الا ما ذکیتم وما ذبح علی النصب و ان تستقسموا بالازلام ذلکم فسق۔ میں کہتا ہوں کہ میتہ یعنی مردار اور خون کے مردار ہونے کی یہ وجہ ہے کہ یہ دونوں نجس ہیں اور خنزیر کی یہ وجہ ہے کہ یہ ایسا جانور ہے کہ اُس کی صورت میں ایک قوم مسخ ہو چکی ہے وما اھل لغیر اللہ بہ اور جو اصنام کے نام پر ذبح کئے جاتے ہیں اسمیں قطعی شرک ہے اور اس لئے کہ فعل کی برائے مفعول ہیں سرایت کرتی ہے والمنخنقہ وہ جانور ہے کہ جسکا گلا مروڑا جاوے اور وہ مر جاوے اور موقوذہ وہ جانور ہے جو لکڑی کے مارا جاوے مثل لکڑی اور پتھر سے اور متردیہ وہ جانور ہے جو اوپر سے نیچے کی طرف گر پڑے اور نطیحہ وہ جانور ہے جو سینگ کا کر مر جاوے وما اکل السبع یعنی درندے کے کھانے سے جو بچ رہے یہ سب حرام ہیں اسواسطے کہ ذبیحہ طیبہ کا انضباط شارع نے اس صفت کے ساتھ فرمایا ہے کہ جس کے حلق یا گردن پر کسی تیز چیز کا جان نکالنے کے قصد سے استعمال کیا جاوے پس اس سے لازم ہوا کہ ان سب صورتوں میں جو اس کے سوا ہیں وہ جانور حرام ہو اور ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ان صورتوں میں اس جانور کا بہتا ہوا خون اُس کے تمام بدن میں پھیل جاتا ہے اور اُس کی وجہ سے اُس کا تمام گوشت ناپاک ہو جاتا ہے الا ما ذکیتم یعنی مگر وہ جانور کہ جس کو اس طرح چوٹ لگے یا زخم پہونچ جائے اور ہنوز وہ زندہ ہو اور پھر تم اُس کو ذبح کر لو اور جان کا نکلنا ذبح کرنے کی وجہ سے ہو تو وہ حلال ہے۔ وان تستقسموا بالازلام یعنی تمہاری قسمت میں جو برائی یا بھلائی ہے جوے کے تیروں سے تم اسکا معلوم کرنا چاہو۔ جاہلیت میں ایسا کیا کرتے تھے کہ کسی بات کے معلوم کرنے کو وہ تیر پھینکا کرتے تھے ایک تیر میں افعل یعنی کر اور ایک میں لا تفعل یعنی مت کر اور ایک میں غفل یعنی خالی لکھا ہوتا تھا۔ اور اس کے اندر خدا تعالےٰ پر افترا اور اپنے جہل پر اعتماد پایا جاتا تھا اس واسطے خدا تعالےٰ نے اُس سے نہی فرمائی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے نہی فرمائی ہے کہ نشانہ بازی کے لئے کسی جانور کو زندہ باندھ دیا جائے اور پھر نشانے لگا کر اُس کو مار ڈالیں اور اُس کا گوشت کھانے سے بھی منع فرمایا ہے۔ میں کہتا ہوں اہل جاہلیت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جانوروں کو باندھکر اُس سے نشانہ بازی کیا کرتے تھے اور اسمیں بلا ضرورت اس جانور کو ستانا تھا اور نہ خدا تعالےٰ کے لئے قربانی یا کسی نعمت کا شکریہ ہوتا تھا اس واسطے اس سے نہی کی گئی۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ خدا تعالےٰ نے ہر چیز پر لکھا ہے پس جب تم قتل کرو تو اچھی طور پر قتل کرو اور جب تم ذبح کرو تو اچھی طور پر ذبح کرو چاہیئے تم میں سے کوئی ہو اُس کو چاہیئے کہ اپنی چھری کو تیز کر لیا کرو اور اپنے ذبیحہ کو آرام لینے دیا کرو میں کہتا ہوں قریب تر طریقہ جان کے نکالنے کے اختیار کرنے میں داعیہ رحمت کا اتباع ہے اور یہ وہ حالت ہے جس سے پروردگار عالم راضی ہوتا ہے اور اسپر اکثر مصالح منزلیہ اور مدنیہ موقوف ہیں اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے کہ جو کسی جانور کا عضو کاٹا جاوے اور حالانکہ وہ زندہ ہو تو اسکو مردہ کا حکم ہے میں کہتا ہوں وہ لوگ اونٹوں کے کوہان اور دنبیوں کی چکدیاں کاٹ لیا کرتے تھے اور اسمیں عذاب دینا تھا اور جو طریقہ خدا تعالےٰ نے ذبح کا مشروع کیا تھا اُس کے خلاف تھا تو آپ نے اُس سے نہی فرمائی۔ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے جو شخص چڑیا یا اُس سے بڑے جانور کو ناحق مار ڈالے تو اللہ عزوجل اُسکے قتل سے استفسار فرمائیگا آپ سے عرض کیا گیا کہ یا رسول اللہ صلعم اور اُس کا حق کیا ہے آپ نے فرمایا اُس کا حق یہ ہے کہ اسکو ذبح کرے اور اُسکو کھائے اور یہ نہ کرے کہ اُسکے سر کو قطع کر دے پھر اسکو پھینک دے۔ میں کہتا ہوں کہ اس جگہ دو چیزیں مشتبہ ہیں پس ہم انکی تمیز ضروری سمجھتے ہیں ایک تو یہ ہے کہ ذبح کرنا حاجت کیوجہ سے ہو اور مصلحت نوع انسانی کے داعیہ کا اتباع ہو اور دوسرا یہ ہے کہ ملک میں نوع حیوانی کے فاسد کرنے میں سعی ہو اور قساوت قلبی یعنی بیرحمی کے داعیہ کا اتباع ہو اور معلوم کرو کہ شکار بازی عرب کی عادت اور انکی عورت فاشیہ تھی حتی کہ شکار بازی منجملہ اُن کے اُن پیشوں کے جن پر انکی معاش موقوف ہے ایک پیشہ تھا پس آنحضرت صلعم نے اسکو مباح کر دیا اور اس کی کثرت میں جو برائی تھی اُس کو اپنے اس قول کے ساتھ ظاہر کر دیا من اتبع الصید لہی جس شخص نے شکار کا پیچھا کیا اُس نے لہو کا کام کیا۔ اور شکار کے احکام اس بات پر مبنی ہیں کہ تمام شرعوں میں شکار کرنا ذبح کرنے پر محمول ہے بجز اُس شرط کے کہ جس کا بجھانا دشوار ہے اور اُس کے لگانے میں اکثر کوشش شکار کرنے میں بیکار جاتی ہے لہذا شکاری جانور کے چھوڑتے یا تیر پھینکتے وقت خدا کا نام لینا شرط کیا گیا اور شکار کرنے والے کی پیٹ شرط کی گئی اور ذبح کرنا اور حلق یا گردن شرط نہ کیا گیا اور ایک اس بات پر مبنی ہے کہ شکار کرنے کی ذاتیات اس میں پائی جائیں مثلاً سکھائے ہوئے جانور کا قصد شکار پر چھوڑنا اور اگر یہ بات نہ ہوئی تو اتفاق سے اُس شکار کا دبا لینا ہوگا۔ اور شکار کرنا نہ ہوگا اور ایک یہ کہ اُس شکاری جانور نے اُس شکار کو کھا نہ لیا ہو اور کچھ کھا لیا ہے تو اُس کی دو صورتیں ہیں یا تو وہ زندہ ملگیا ہو اور اُس نے اُس کو ذبح کر لیا ہو تب تو وہ حلال ہے ورنہ حرام ہے تاکہ معلم کے معنی پائے جائیں اور ما اکل السبع سے تنزیہ ہو جاوے اور آنحضرت صلعم سے جب شکار اور ذبائح کے احکام دریافت کئے گئے تو آپ نے انہیں اصول کے موافق جواب ارشاد فرمائے کسی نے عرض کیا کہ ہم اہل کتاب کے ملک کے باشندے ہیں کیا ہم اُن کے برتنوں میں کھا لیا کریں اور ہم شکار کے ملک میں رہتے ہیں اپنی کمان اور اپنے کتے معلم و غیر معلم سے شکار کرتے ہیں تو ہم کو کیا بات مناسب ہے رسول خدا صلعم نے فرمایا کہ اہل کتاب کے برتنوں کا جو تو نے حال بیان کیا پس اگر تم کو اور برتن میسر ہوں تب تو ان برتنوں میں کھاؤ اور اگر میسر نہ ہوں تو انہیں کو دھو کر کھا لیا کرو اور خدا تعالےٰ کا نام لے کر اپنی کمان سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو تو شکار کرے اُسے کھالیا کر اور خدا کا نام لیکر اپنے سدھائے ہوئے کتے سے جو تو شکار کرے اُسکو کھالیا کر اور جو غیر سدھائے کتے سے شکار کرے اور اُس شکار کو زندہ پائے اُسکو ذبح کر کے کھالے۔ رسول خدا صلعم نے یہ جو فرمایا ہے کہ اگر تم کو دو برتن ہم پہونچیں تو اُن میں مت کھایا کرو میں کہتا ہوں اسمیں پسندیدہ بات کا قصد کرنا اور وساوس سے دل کا مطمئن کرنا ہے اور کسی نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلعم ہم سدھائے ہوئے کتوں کو چھوڑا کرتے ہیں تو آپ نے فرمایا کہ جب تو اپنے کتے کو چھوڑے تو خدا کا نام لیلیا کر پس اگر وہ کتا شکار کو تیرے لیے پکڑ رکھے اور تو پہونچکر اُس شکار کو زندہ پائے تب تو اس کو ذبح کرے اور اگر تو اسکو جا کر مرا ہوا پائے اور کتے نے اسکو نہ کھایا ہو تو اسکو کھالے اور اگر کتے نے اُس کو کھالیا ہو تو مت کھا کیونکہ کتے نے وہ شکار اپنے لیے پکڑا تھا اور اگر تو اپنے کتے کے پاس جا کر اور کوئی کتا دیکھے اور شکار مرگیا ہو تو اسکو مت کھا کیونکہ تجکو اس بات کی خبر نہیں کہ ان دونوں میں سے کس نے اسکو مارا ہے۔ اور کسی نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلعم میں شکار کیطرف تیر پھینکتا ہوں اور پھر کل کو وہ تیر اُس شکار میں گھسا ہوا مجکو ملتا ہے تو آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جب تجکو یقین ہو کہ تیرے تیر سے وہ مرا ہے اور کسی درندہ کا اثر تجھے اسمیں نہ معلوم ہو تو اسکو کھالے اور ایک روایت میں پایا ہے کہ جب تو اپنے تیر کو پھینکے تو خدا کا نام لیلیا کر پھر اگر ایک دن تک وہ شکار تجکو نہ ملے اور پھر اُسکے بعد شکار صرف تو اپنے ہی تیر کا اثر دیکھے تو اگر تو چاہے تو اسکو کھالے اور اگر شکار کو پانی میں ڈوبا ہوا دیکھے تو اُس کو مت کھا۔ اور کسی نے عرض کیا کہ میرا گھوڑا وحشی ہے جسمیں بھاگ اور پرہوں مارتے ہیں تو آپنے فرمایا کہ جو جانور زخمی ہوجائے اسکو کھالے اور جو جانور تیری چوڑائی سے چوٹ لگ کر مرجائے تو وہ جانور موقوذہ ہے اُس کو مت کھا اور کسی نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلعم یہاں چند قومیں نومسلم ہیں اور ہمارے پاس گوشت لاتے ہیں اور ہم کو نہیں معلوم کہ آیا اُنپر وہ خدا کا نام لیتے ہیں یا نہیں تو آپ نے فرمایا کہ تم خود خدا کا نام لے کر اسکو کھالیا کرو میں کہتا ہوں اُنکی اصل یہ ہے کہ حکم ظاہر پر ہوتا ہے اور کسی نے آپ سے عرض کیا کہ ہم کل دشمن سے مقابلہ کرنیوالے ہیں اور ہمارے پاس چھری نہیں ہے کیا ہم بانس سے ذبح کرلیا کریں فرمایا جو چیز خون کو بہادے اور اُس پر خدا کا نام لیا جاوے اسکو کھالے بجز دانت و ناخون کے اور اُن کا حال میں ابھی تجھ سے بیان کرتا ہوں دانت تو ایک ہڈی ہے اور ناخون حبشہ کی چھری ہے۔ اور ایک مرتبہ ایک اونٹ بھاگ گیا اور ایک شخص نے تیر مار کر اُس کو روک لیا تو آپ نے فرمایا اس اونٹ کو وحشی جانوروں کی طرح آدمیوں سے نفرت ہوتی ہے پس اگر اُن کی کوئی بات تم کو مجبور کرے تو اُس کے ساتھ ایسا ہی کرو۔ میں کہتا ہوں چونکہ وہ وحشی ہوگیا تو اُس کا حکم مثل حکم شکار کے ہوگیا اور ایک شخص نے بکری کے باب میں آپ سے سوال کیا گیا کہ جس کو ایک بھیڑیے نے دیکھا کہ اُس پر آثار موت کے طاری ہورہے ہیں تو اُس نے ایک پتھر کو توڑ کر اُسکو ذبح کیا آپ نے اُس کے کھانے کا حکم فرمایا لکھا گیا ہے کہ کھانوں میں سے بعض کھانے ایسے ہوتے ہیں کہ جس سے آپ حج سمجھتے ہیں فرمایا کہ اپنے دل میں کسی بات کا اختیار نہ کر۔ میں نصرانیت کی شباہت تو نے عرض کیا گیا یا رسول اللہ صلعم اونٹ کو نحر اور گائے بکری کو ذبح کرتے ہیں ہم اور اُن کے مٹیوں میں ہم بوٹی پاتے ہیں اُسکو پھینکدیں یا کھالیں آپ نے فرمایا اگر تمہارا دل چاہے تو اسکو کھالو اُس کا ذبح وہی ہے جو اُس کی ماں کا ذبح ہے۔

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کھانے کے آداب کا بیان

معلوم کرو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کھانے کے اندر آداب سکھائے ہیں جنکو امت کے لوگ عمل میں لایا کریں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے برکۃ الطعام الوضوء قبلہ والوضوء بعدہ کھانے کی برکت کھانے سے پہلے کلی کرنی اور اس کے بعد کلی کرنیں ہے اور نیز آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے کہ یکفی طعام الکم یا برک لکم اپنے غلہ کو ناپ لیا کرو تمہارے لئے برکت دیجائیگی۔ اور فرمایا ہے اذا اکل احدکم طعاما فلا یاکل من اعلی الصحفۃ ولکن یاکل من سفلہا فان البرکۃ تنزل من اعلاہا۔ جسمیں سے جب کوئی کھانا کھائے تو رکابی کے اوپر سے نہ کھائے بلکہ اسکے نیچے سے کھائے کیونکہ برکت اس کے اوپر سے نازل ہوتی ہے۔ میں کہتا ہوں برکت کے یہ معنی ہیں کہ نفس سیر ہو جائے اور آنکھوں کو سرور ہو اور دل کو تسلی ہو اور زیادہ حرص نہ ہو جیسے کوئی کھاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا اس مفصل بیان یہ ہے کہ بسا اوقات ایسا ہوا کرتا ہے کہ دو شخص ہیں اور انمیں سے ہر ایک کے پاس سو درہم ہیں مگر ان میں سے ایک کو تو اپنے تنگدست ہو جانیکا اندیشہ لگا رہتا ہے اور لوگوں کے مال میں اسکو طمع رہتی ہے اور اپنے مال کے خرچ کرنیں موقع محل نہیں دیکھتا تاکہ اسکو دین یا دنیا کا کچھ نفع ہو اور دوسرا ایک محتاط آدمی ہے اور جاہل لوگ جانتے ہیں یہ دولتمند آدمی ہے اور میانہ روی سے زندگی بسر کرتا ہے اور اسکا دل مطمئن رہتا ہے پس دوسرے شخص کے مال میں برکت دیگئی اور پہلے کے مال میں برکت نہ دیگئی اور برکت کے یہ معنی ہیں کہ ایک شخص اپنی کسی چیز کو اپنی ضرورت میں صرف کرے تو وہ شے اسکے لئے بہ نسبت اپنے مثل کے زیادہ تر کافی ہوگی۔ اسکی تفصیل یہ ہے کہ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ دو شخص ہیں اور ہر ایک انمیں سے ایک رطل کھانا کھاتا ہے مگر ایک کی طبیعت غذا کو جزو بدن کر لیتی ہے اور دوسرے کے معدہ میں کچھ آفت ہوتی ہے اور اسکا کھانا اسکے لئے مفید نہیں ہوتا بلکہ مضر ہوتا ہے اور بسا اوقات دو شخصوں کے پاس مال ہوتا ہے مگر ایک شخص اس مال کو ایسے اسباب کے خریدنے میں صرف کرتا ہے جسمیں اسکا زیادہ تر نفع ہے اور تدبیر زندگانی میں موقع محل کا لحاظ رکھتا ہے اور دوسرا شخص اپنے مال کو فضول صرف کرتا ہے اور اسکی ضرورت میں وہ مال کچھ کام نہیں آتا اور ہیئات نفسانیہ اور عقائد نفسانیہ کو برکت کے ظاہر ہونے میں ایک قسم کا اثر ہوتا ہے چنانچہ رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے فمن اخذہا باشراف نفس لم یبارک لہ فیہ و کان کالذی یاکل ولا یشبع پس جس شخص نے اسکو حرص نفسانی کے ساتھ لیا اس میں اسکو برکت نہ دیجاویگی اور وہ ایسا ہوگا کہ جیسے کوئی کھاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ اگر ہوا میں کسی لکڑی کو ٹیک لگا کر رکھدیا جائے تو اس پر سے چلنے والے کا پیر پھسل جاتا ہے اور اگر اسی لکڑی کو زمین پر رکھدیا جائے تو نہیں پھسلتا پس جب ایک شخص کسی چیز کی طرف قصد کرتا ہے اور اسکو یہ مقصود ہوتا ہے کہ وہ چیز اس کے لئے کافی ہو جائے اور اس بات پر اپنے نفس کو مطمئن کر دیتا ہے تو اسکی خوشی اور اطمینان خاطر اور قناعت کا سبب ہو جاتا ہے اور بسا اوقات یہ امر طبیعت کے اندر سرایت کرتا ہے اور وہ طبیعت ضروریات میں اس کو صرف کرتی ہے پس جب ایک شخص نے کھانے سے پہلے اپنے ہاتھ دھوئے اور جو پسینہ نے آکر لمحہ دکر دیا اور باطمینان خاطر بیٹھ گیا تو ان باتوں کا اس نے خوب لحاظ کیا اور خدا کا

مکتبہ روحانیہ کا ہر کتاب سے پہلے شروع ومصنف کتاب پر مفصل مفت ان لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زبان سے نام لیا تو اُس پر برکت کا فیضان ہو جاتا ہے اور جب کوئی شخص غذا اپ کر اُسکی مقدار اسکو معلوم ہوتی ہے اور میانہ روی کیساتھ اُسکو اپنی ذات پر صرف کرتا ہے تو کم از کم اسکو اتنا غلہ کافی ہو سکتا ہے جو دوسروں کے لئے کافی نہیں ہو سکتا۔ اور جب غلہ کو بے احتیاطی کیساتھ ڈالدیتا ہے اُس سے دلیں اسکی بیقدری ہو جاتی ہے اور اُسکی سبب سے وہ ایک بیقدر چیز ہو جاتا ہے اور کم از کم غلہ جو اُسکے لئے کافی ہو سکتا ہے وہ اُس غلہ سے جو اور دوسروں کے لئے کافی ہو سکتا ہے زیادہ ہونا چاہئے اور میرے گمان میں یہ بات ضروری ہے کہ کسی پر پوشیدہ نہیں ہے کہ انسان بسا اوقات ایک بدنی حاجت سے زیادہ کھا جاتا ہے یا چلتے پھرتے اور باتیں کرتے اُسکو کھا لیتا ہے اور اُس کے کھانے کا کچھ اثر نہیں ہوتا ہے اور نہ وہ اُسکو بدن میں جزو بدن ہوتا معلوم ہوتا ہے اور نہ اُس سے اُسکی نیت سیر ہوتی ہے اگرچہ معدہ بھر جائے اور بسا اوقات ایک رطل کے قدر اندازہ سے لیا جاتا ہے پس حقیقت میں جو ایک رطل سے زیادہ ہے اُنکے وجود و عدم یکساں ہوا اور وہ کسی کام میں نہ آیا مگر کچھ مدت کے بعد جب اُس غلہ کو دیکھا تو اُسکو معلوم ہوئی۔ الحاصل برکت کے پائے جانے اور نہ پائے جانے کے اندر اسباب خفی ہیں جنکے ضمن میں کوئی فرشتہ بزرگ یا شیطان مردود مدد کرتا رہتا ہے اور ان اسباب کی صورتیں روح ملکی یا شیطانی پھونک دیجاتی ہے واللہ اعلم۔ اور کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ کے دھونے کی یہ وجہ ہے کہ اسمیں میل و وسخ ہو جاتا ہے اور کھانے کے بعد ہاتھ دھونے سے کھانے کی بو اور دسومت زائل ہو جاتی ہے اور اس بات کا اندیشہ جاتا رہتا ہے کہ لقموں سے اُسکے کپڑے خراب ہوں یا کوئی درندہ اُس کے ہاتھ کو چاب ڈالے یا سانپ بچھو وغیرہ کاٹ لے چنانچہ حدیث شریف میں آیا ہے من بات و فی یدہ غمر لم یغسلہ فاصابہ شیئ فلا یلومن الا نفسہ۔ جس شخص کا ہاتھ کھانے میں سنا ہوا ہو اور اسکو بغیر دھوئے ہوئے سو جائے اور پھر اُسکو کچھ تکلیف پہونچے تو اُس کو چاہئے کہ اپنی ہی ذات کو ملامت کرے۔ اور حدیث شریف میں آیا ہے اذا اکل احدکم طعاما فلیاکل بیمینہ واذا شرب فلیشرب بیمینہ۔ تم میں سے جب کوئی کھانے تو داہنے ہاتھ سے کھائے اور جب پیئے تو داہنے ہاتھ سے پیئے اور حدیث شریف میں آیا ہے لا یاکل احدکم بشمالہ فان الشیطان یاکل بشمالہ ویشرب بشمالہ۔ تم میں سے کوئی شخص بائیں ہاتھ سے نہ کھائے اور بائیں ہاتھ سے نہ پیئے کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے اور پیتا ہے۔ اور حدیث شریف میں آیا ہے ان الشیطان یستحل الطعام ان لا یذکر اسم اللہ علیہ کھانے پر خدا کا نام لینے سے شیطان اُسکو حلال کر لیتا ہے اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ تم میں سے جب کوئی کھانے پر خدا کا نام لینا بھول جائے اور کھانے تو اُسکو یہ کہنا چاہئے بسم اللہ اولہ و آخرہ اور آنحضرت صلعم نے ایسے شخص کے لئے فرمایا ہے کہ شیطان برابر اُس کے ساتھ کھاتا رہتا ہے اور جب یہ خدا کا نام لیتا ہے تو جو کچھ اُسکے پیٹ میں ہوتا ہے قے کر دیتا ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے تم میں سے ہر ایک کے ساتھ اُس کے تمام حالات میں شیطان ساتھ رہتا ہے حتی کہ کھانے کے وقت بھی اُسکے پاس آکر موجود ہوتا ہے بس جب تم میں سے کسی کے پاس لقمہ گر پڑے تو شیطان کے لئے اُسکو نہ چھوڑے اور اس لقمہ کو خاک سے صاف کر کے کھالے۔ میں کہتا ہوں مجملہ اُن علوم کے جو خدا تعالےٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرمائے ہیں ملائکہ اور شیاطین اور اُنکے زمین کے اوپر منتشر رہنے کا علم بھی انہیں سے ہے اُنکا کام ہے کہ ملاء اعلیٰ سے عمدہ باتوں کا فیضان الہام کے طور پر حاصل کر لیتے ہیں اور پھر بنی آدم سے اُن الہامات کو بیان کر دیتے ہیں اور شیاطین کے مزاج میں آراء فاسدہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پیدا ہوتے رہتے ہیں جن کا میلان انتظامات فاضلہ کے گاڑنے اور حکم وقار اور طبیعت سلیمہ کے تقضی کی مخالفت کرنے پر ہوتا ہے وہ ان الہامات کو حاصل کر کے بنی آدم کیطرف جو انکے پیرو ہیں بیان کر دیتے ہیں منجملہ شیاطین کے حالات کے یہ بھی ہے کہ خواب یا بیداری میں جب وہ کسی کو متشکل ہوتے ہیں تو ایسی ہیئت میں انکا ظہور ہوتا ہے جس سے طبیعت سلیمہ کو نفرت ہوتی ہے مثلاً بائیں ہاتھ سے کھانے یا ننگے وغیرہ کی صورت میں۔ اور منجملہ ان احوال کے یہ بھی شیاطین کے نفس میں ان صفات دنیہ کا انتقاش ہوتا ہے جو بنی آدم کے اندر قوت بہیمیہ کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں مثلاً بھوک شہوت جماع وغیرہ جب یہ صفات انکے اندر پیدا ہوتے ہیں پھر ان صفات کے پیدا ہونیکے بعد ان کو ان حوائج کے ساتھ اختلاط اور تلبس اور انسان کو ان حوائج کے وقت جو کام کرنا پڑتا ہے اسی کام کے نقل کرنے کی ضرورت پڑتی ہے اور اپنے خیال میں ان افعال کیساتھ وہ شیاطین اپنی قضائے حاجت کرتے ہیں اس اعتبار سے جو اولاد ایسے جماع سے پیدا ہوتی ہے جس میں شیاطین کی شرکت ہوتی ہے اور اسمیں وہ شیاطین اپنی بھی قضائے شہوت کرتے ہیں قلیل البرکت ہوتی ہے اور شیطنت کی طرف اس کو میلان ہوتا ہے اور اسی طرح جس کھانے میں شیاطین کا اشتراک اور انکی ضرورت کا پورا کرنا ہوتا ہے اس کھانے میں بھی برکت کم ہوتی ہے اس کھانے سے لوگوں کو نفع نہیں حاصل ہوتا بلکہ بسا اوقات وہ مضر ہو جاتا ہے اور خدا کا نام لینا اور پناہ انکنا بالطبع انکی مخالفت کرتا ہے یہی سبب ہے کہ جو شخص خدا کو یاد کرے اور اسکی پناہ مانگے شیاطین اس سے ہٹ جاتے ہیں۔ اور ہم کو ایکروز ایسا اتفاق ہوا کہ ہمارا ایک دوست ملاقات کے لئے آیا اور کچھ کھانا اس کے سامنے پیش کیا اسکے کھانے کا ایک ٹکڑا اسکے ہاتھ میں سے گر پڑا اور زمین میں لڑھک گیا وہ شخص اٹھکر اسکے اٹھانے کو چلا تو وہ چلتا تھا وتنا ہی وہ اس سے دور ہوتا جاتا تھا یہانتک کہ حاضرین کو بیحد تعجب ہوا اور اسکو بھی اسکے پکڑنے میں کسی قدر محنت کرنی پڑی پھر وہ اسکو اٹھا کر کھا گیا۔ پھر چند روز کے بعد ایک شخص پر شیطان یعنی جن آگیا اور وہ جن اس شخص کی زبان سے کلام کرنے لگا اثناء کلام میں اس نے یہ بھی بیان کیا کہ فلاں شخص پر میرا گذر ہوا وہ کھا رہا تھا تو مجکو وہ کھانا اچھا معلوم ہوا اور اس نے مجکو کچھ نہیں کھلایا تو اس کے ہاتھ میں سے میں نے اسکو چھین لیا تو اس نے مجھ سے بیحد جھگڑا کیا کہ آخیر کو وہ مجھسے چھین لیگیا۔ اور ایک مرتبہ ہمارے گھر کے آدمی گاجریں کھا رہے تھے ناگاہ کوئی گاجر انمیں سے گر کر لڑھک گئی جھٹ پٹ ایک شخص اسکو اٹھا کر کھا گیا پھر اسکے سینہ و پیٹ میں ورد شروع ہوا اور اسپر جن آکر بولنے لگا اسنے بیان کیا کہ میں نے وہ گری ہوئی گاجر لی تھی۔ اور اس قسم کی بہت سی باتیں ہمارے کان میں پڑی ہیں جنسے ہم کو یقین ہو گیا کہ یہ احادیث اپنے معنی حقیقی پر محمول ہیں ان احادیث کے قبیلے سے نہیں جنمیں معنی مجازی مراد ہیں واللہ اعلم اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا وقع الذباب فی اناء احدکم فلیغمسہ کلہ ثم لیطرحہ فان فی احد جناحیہ شفاء وفی الآخر داء وفی روایۃ وانہ یتقی بجناحہ الذی فیہ الداء۔ جبکہ تمہارے کسی کے برتن میں مکھی گر پڑے تو سب کھی کو ڈبا کر پھر اسکو پھینکدے کیونکہ اس کے ایک پر میں شفا اور دوسرے میں بیماری ہے اور ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ وہ مکھی اس پر سے بچتی ہے جسمیں بیماری ہے معلوم کرو کہ خدا تعالیٰ نے حیوان کے اندر اسکی طبیعت کو تدبیر بدن کیلئے پیدا کیا ہے وہ طبیعت بسا اوقات مواد موذیہ کو جو جزو بدن ہونیکی قابلیت نہیں رکھتے اعماق بدن سے اطراف بدن کیطرف دور کر دیتے ہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہی سبب ہے کہ طبا بجانوروں کی دم کھانے سے منع کرتے ہیں اور کبھی ایسا اوقات خراب غذا جو جزو بدن ہونیکی صلاحیت نہیں رکھتی کھائی رہتی ہے اور اسکی طبیعت اس مادہ فاسد کو اسکے عضو خسیس کے یعنی پر کی طرف پھینکتی ہے پھر وہ عضو جس میں یہ مادہ سمیہ ہوتا ہے تالو کیطرف دفع ہوتا ہے اور یہی عضو دقت ہجوم تنگیوں کے مقدم ترین اعضا کا ہوتا ہے اور خدا کی یہ حکمت ہے کہ جس چیز میں ہم رکھا ہے تو اسمیں اسکا تریاق بھی رکھا ہے تاکہ اسکے سبب سے وجود انسان کا ہلاکت سے محفوظ رہے اور اگر ہم اس بحث تکلیفی کو بیان کریں تو کلام دراز ہو جائیگا اور حاصل کلام کا یہ ہے کہ مکھی کے کاٹے کا زہر بعض انسانوں اور بعض غذاؤں کے کھاتے وقت محسوس اور معلوم ہوتا ہے اور جس عضو کیطرف یہ مادہ دفع ہوتا ہے اس کا حرکت کرنا معلوم ہوتا ہے اور طبیعت جنکے اندر دو چیز جو ان مواد موذیہ کی مقاومت و مقابلہ کرے پوشیدہ ہوتی ہے معلوم ہوتی ہے پس کون سی چیز ہے جو اس بحث سے مستثنیٰ ہے اور آنحضرت صلعم نے خوان پر تناول نہیں فرمایا اور نہ پیالے کے اندر اور کبھی باریک چپاتی آپ کیلئے پکائی گئی اور نہ کبھی بھنی ہوئی بکری کو دیکھا اور نہ کبھی یہ لگا کر آپنے کھایا اور نہ کبھی چلتی دیکھی بلا بھوسی اور بغیر چھنے ہوئے جو نوش فرماتے تھے معلوم کر دکہ رسول خدا صلعم عرب میں مبعوث کئے گئے اور ان کی عادات دنیاوی عادات تھی اور عجمیوں کے سے تکلفات نہیں کرتے تھے اور ان کا اختیار کرنا عمدہ بات ہے اور ادنیٰ اسکا یہ ہے کہ دنیا میں نہ تعلق کریں اور خدا تعالےٰ کی یاد سے نہ اعراض کریں اور نیز صاحبان ملت کیلئے یہ بات پسندیدہ نہیں کہ اپنے امام کے کم اور زیادہ میں پیروی کریں۔ آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے ان المومن یاکل فی معا واحد والکافر یاکل فی سبعۃ امعاء بلاشک مومن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کہتا ہوں اسکے یہ معنی ہیں کہ کافر کا قصد تو پیٹ کا بھر لینا ہے اور مومن کا قصد اپنی آخرت ہے تو مومن کو یہی سزاوار ہے کہ کھانے میں کمی کرے اور اس کا کھانے میں کمی کرنا منجملہ خصال ایمان کے ایک خصلت ہے اور کھانے میں شدید الحرص ہونا منجملہ خصال کفر کے ایک خصلت ہے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہی فرمائی ہے کہ ایک شخص دو چھواروں کو کھانے میں جمع نہ کرے۔ میں کہتا ہوں نہی دو چھواروں کو جمع کرنے کی کئی معنی کی محتمل ہے از انجملہ ایک یہ ہے کہ دو چھواروں کے جمع کرنے میں مضغ یعنی چبانا اچھی طرح سے نہ ہوگا اور یہ صورت سب سے کم ہے کہ خوب ضبط نہ ہونے کیوجہ سے وہ گٹھلیاں اسکو تکلیف دینگی بخلاف اس کے جب ایک ہی گٹھلی ہو اور ایک یہ ہے کہ یہ ہیئت منجملہ ہیئت شدت و حرص کے ہے اور ایک یہ ہے کہ اسمیں اپنے آپکو دوستوں پر اختیار کر لینا ہے اور اس بات کا احتمال ہے کہ اسکے مصاحب اس بات کو برا سمجھیں مگر ہاں جبکہ وہ اپنے مصاحبوں سے اس بات میں اجازت لیلے تو کچھ مضائقہ نہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا یجمع اہل بیت عندہم التمر جنکے ہاں چھوارے ہیں انکے گھر کے لوگ بھوکے نہ مرینگے اور نیز فرمایا ہے بیت لا تمر جیاع اہلہ جس گھر میں چھوارے نہیں اسکے گھر والے بھوکے مرینگے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے نعم الادام الخل۔ کہ بہتر سالنوں کا سرکہ ہے۔ میں کہتا ہوں کہ تدبیر منزل اسمیں ہے کہ اپنے گھر میں کچھ چیز جمع کرے جو بازار میں ارزاں ہو جیسے مدینہ میں چھوارے اور ہمارے ملک کے دیہات میں گاجروں کی بڑیاں وغیرہ پس اگر کھانا اسکی طرف طبیعت رغبت کرتی ہے پائے نہاور نہ جو چیز اس کے پاس ہو وہی اسکی روزی اور ستر ہو جائیگا پھر اگر وہ ایسا نہ کرینگے تو بھوک کیوقت تکلیف اٹھائینگے اور یہی حال سالنوں کا ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من اکل فوتا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور بصلا لیعنی لہسن یا پیاز کھائے تو وہ ہم سے جدا رہے اور ایک ہانڈی آپکے سامنے پیش کی گئی جسمیں سبزی ترکاریاں تھیں جنمیں بو آتی تھی تو آپ نے ایک صحابی سے فرمایا کہ تم کھاؤ میں اسکو نجات دیتا ہوں جس کو تو نہیں دیتا۔ میں کہتا ہوں کہ طہارت اور پاکیزگی کو محبوب جانتے ہیں اور ہر ایک اس چیز کو جو عادت پاکیزہ کو برانگیختہ کرے اور اسکے خلاف سے نفرت کرتے ہیں اور آنحضرت صلعم نے درمیان شریعت محمدیہ کے جنمیں انوار ملکیت کے چمکتے رہتے ہیں اور ان کے غیر کے فرق کر دیا ہے آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے کہ خدا تعالےٰ اس بندہ سے جو ایک لقمہ کھائے اور اسپر خدا کا شکر کرے اور ایک گھونٹ پانی پیئے اور اسپر خدا کا شکر کرے راضی ہوتا ہے اس کا راز سابقاً گذر چکا ہے اور تمدن کے باب میں چند طریقہ مروی ہیں جو ہمنے بجا لایا اس نے سنت کو ادا کر دیا از انجملہ یہ ہے الحمد للہ حمدا کثیرا طیبا مبارکا فیہ غیر مکفی ولا موّدع ولا مستغنا عنہ ربنا اور از انجملہ یہ ہے الحمد للہ الذی اطعمنا و اسقانا و جعلنا مسلمین اور از انجملہ یہ ہے الحمد للہ الذی اطعم وسقی و سوغہ و جعل لہ مخرجا۔ اور ہر ماہ مہمانی کرنا منجملہ اسباب جوانمردی کے ایک باب ہے اور عادات مدنیہ کے جمع کرنے کیلئے ایک سبب ہے اس کی وجہ سے مابین آدمیوں کے دوستی ہوتی ہے اور مسافر لوگ کچھ خرچ نہیں پاتے ہیں تو اس کا باب زکوٰۃ میں شمار کرنا ضروری ہوا اور ضروری ہے کہ اسمیں رغبت اور حرص دلائی جائے آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من کان یومن باللہ والیوم الآخر فلیکرم ضیفہ۔ جو شخص خدا تعالےٰ اور روز آخرت پر ایمان لائے تو چاہیئے کہ اپنے مہمان کی خاطر کرے اب یہ حاجت لاحق ہوئی کہ مہمان نوازی کی مدت معین کی جائے تاکہ مہمان کے سبب سے میزبان کو دقت نہ واقع ہو یا مہمان تھوڑے کو بہت نہ شمار کرے لہذا ایک رات دن اسکی خاطر داری کی مدت مقرر کی گئی اور وہ بمنزلہ صلہ کے ہے اور منتہا مدت تین روز مقرر کئے گئے۔

مُسکرات کا بیان

معلوم کرو کہ کسی نشہ آور چیز کے کھانے سے عقل کا زائل کرنا لامحالہ عند العقل ایک قبیح فعل ہے اسلئے کہ اسمیں نفس کو ورطہ بہیمیہ میں ڈالدینا اور ملکیت سے نہایت درجہ بعید ہو جانا ہے اور نیز اسمیں خلق الٰہی کی تغییر ہے اسلئے کہ اس شخص نے اپنی عقل کو جس کیساتھ خدا تعالےٰ نے نوع انسان کو مخصوص و ممنون کیا ہے بگاڑ دیا اور نیز اسمیں مصلحت منزلیہ اور مدنیہ کا بگاڑنا اور مال کا ضائع کرنا اور بہیمات قبیحہ کا اپنے اوپر طاری کرنا اور مضحکہ اطفال بننا ہے لہذا تعالےٰ نے ان سب باتوں کو صراحتاً اور اشارتاً اس آیت کریمہ میں جمع فرمایا ہے انما یرید الشیطان ان یوقع بینکم العداوۃ الآیۃ۔ یہی سبب ہے کہ تمام اہل ملل و نحل کا یقیناً اس کی قباحت پر اتفاق ہے اور بعض فاقد البصیرت لوگ جو یہ گمان کرتے ہیں کہ حکمت عملیہ کے اعتبار سے وہ ایک عمدہ چیز ہے کیونکہ طبیعت کی تقویت ہوتی ہے ان کا یہ گمان حکمت طبیہ کی حکمت عملیہ کیساتھ اشتباہ کے قبیلہ سے ہے اور تحقیق یہ ہے کہ وہ دونوں متغائر ہیں اور اکثر اوقات ان دونوں میں کشاکشی اور تنازع پیدا ہو جاتا ہے مثلاً قتال ایسی چیز ہے کہ طب کے اعتبار سے منع ہے کیونکہ اسمیں بدن انسانی کا قطع کرنا ہے طب کے اعتبار سے جسکی حفاظت واجب اور ضروری ہے اور اصلاح ملک یا عارضہ شدید کے دور کرنے کی غرض سے حکمت عملیہ یا اوقات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خود ہی جانتی ہے اسی طرح جماع ایک ایسی چیز ہے کہ غلبۂ شہوت اور اُسکے چھوڑنے سے ضرر کے اندیشہ کی صورت میں حکمت بلیغہ اسکو واجب کرتی ہے اور بسا اوقات عادۃً کے لائق ہونے یا سنت راشدہ کی مخالفت پائے جانے سے حکمت عملیہ اُسکو حرام سمجھتی ہے اور ہر فرقہ اور ہر قرن کے دانشمند لوگوں کے نزدیک مصلحت کو طب پر ترجیح ہے اور یہ عقلاء لوگ اس شخص کو جو مصلحت سے نفع نہ حاصل کرے اور صحت جسمانی حاصل کرنے کے لئے اُسکی پابندی چھوڑ دے بالاتفاق فاسق و فاجر اور بد کردار جانتے ہیں۔ خدا تعالےٰ نے ہم کو اس آیت میں اس بات کی تعلیم فرمائی ہے فیہما اثم کبیر و منافع للناس و اثمہما اکبر من نفعہما۔ اون دونوں میں گناہ عظیم ہے اور لوگوں کیلئے منافع ہیں اور اُنکا گناہ اُنکے نفع سے زیادہ بڑا ہے۔ البتہ نشہ آور چیز کے استعمال کی نہیں جس صورت کے اندر حد سکر کو نہ پہنچے اور اُس پر مفاسد مترتب نہ ہوں عقلاء کا اختلاف ہے اور شریعت مستحکمہ محمدیہ جو سیاست امت و فساد کے اسباب بند کرنے اور احتمال تحریف کے قطع کرنے میں درجہ کمال کا رکھتی ہے اُس نے اس بات کا لحاظ فرمایا کہ تھوڑی شراب بہت سی کیطرف پہنچاتی ہے اور جبتک نفس کو شراب سے نہی نہ کیجائے مفاسد سے نہی کرنا کچھ موثر نہیں ہے اس کے لئے مجوس وغیرہ کا پورا حال شاہد ہے اور نیز اگر بعض شراب کی اجازت کا دروازہ مفتوح کر دیا جائے تو سیاست یہ کا انتظام ہرگز نہیں ہو سکتا لہذا مطلق شراب کے ساتھ حرمت متعلق کی گئی خواہ قلیل ہو یا کثیر حدیث شریف میں آیا ہے لعن اللہ الخمر و شاربہا و ساقیہا و بائعہا و مبتاعہا و عاصرہا و معتصرہا و حاملہا و محمولۃ الیہ۔ شراب پر اور اُسکے پینے والے اور پلانے والے اور بیچنے والے اور خریدنیوالے اور نچوڑنیوالے اور نچڑوانیوالے اور منگوانیوالے پر خدا تعالےٰ کی لعنت ہے میں کہتا ہوں جب ایک چیز کے حرام کرنے اور اُسکے نیست و نابود کرنیمیں مصلحت قرار پائی اور اُسکی بابت حکم الٰہی نازل ہو گیا تو ضرور ہوا کہ تمام اُن چیزوں سے نہی کی جائے جنسے اُسکی قدر اور لوگوں میں دستور اور رغبت پائی جاتی ہے کیونکہ اس میں اس مصلحت کی مخالفت اور شرع کے ساتھ عداوت ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہؓ سے بہت سی احادیث بیشمار طریقوں اور مختلف عبارتوں سے منقول ہیں چنانچہ آپ نے فرمایا ہے الخمر من ہاتین الشجرتین النخلۃ و العنبۃ۔ شراب ان دو درختوں سے بنتی ہے کھجور کے درخت اور انگور کا درخت اور ایک شخص نے اپنے تیج اور مرز وغیرہ کی بابت دریافت کیا تو آپ نے فرمایا جو نشہ لائے وہ حرام ہے اور آپ نے فرمایا ہے ہر نشہ آور شراب ہے اور نشہ آور حرام ہے۔ اور جو چیز بہت سا نشہ لائے وہ تھوڑی سی بھی حرام ہے اور جس کا ایک پیالہ نشہ لائے اُس کا ایک چلو بھی حرام ہے اور جن لوگوں نے نزول آیت کا مشاہدہ کیا ہے اُنکا قول ہے کہ جب شراب کی حرمت نازل ہوئی ہے اُسوقت میں شراب پانچ چیزوں سے بنا کرتی تھی انگور۔ کھجوارہ۔ گیہوں۔ جو۔ شہد۔ اور خمر یعنی شراب اُس چیز کا نام ہے جو عقل کو مخمور کر دے اور نیز انہیں کا قول ہے کہ جب شراب حرام کی گئی ہے تو شراب انگوری بہت کم میسر ہوتی تھی اور اکثر شراب گدر کھجواروں یا خشک کھجوارونکی ہوا کرتی تھی اور جب آیت کا نزول ہوا ہے تو لوگوں نے شراب کے مٹکے جو گدر کھجواروں کے بنے ہوئے تھے پھوڑ ڈالے اور قوانین شرع کا یہی مقتضیٰ ہے کہ مطلق شراب حرام ہو اسلئے کہ شراب انگوری کے خاص ہونیکے کیا معنی ہو سکتے ہیں حرام ہونے کی وجہ صرف عقل کا زائل کرنا اور قلیل کا کثیر کیطرف داعی ہونا ہے لہذا مطلق شراب کی حرمت کا قائل ہونا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضروری ہوا اور اس زمانہ میں کسی شخص کو جائز نہیں کہ جو شراب انگور سے بنائی جاوے یا خرما سے کم استعمال کیجائے
اسکی حلت کا قائل ہوا البتہ چند صحابہؓ اور تابعین کو شروع شروع میں یہ حدیث نہ پہنچی تھی اسلئے وہ معذور تھے اور جب حدیث
تمام میں پہونچگئی اور نصف النہار کے مانند یہ بات ظاہر اور عیاں ہوگئی اور یہ حدیث صحت کے درجہ کو پہونچگئی لیشربن ناس
من امتی الخمر یسمونہا بغیر اسمہا۔ بالشبہ میری امت کے لوگ شراب پیا کرینگے اور شراب کے سوا اور کچھ اس کا نام رکھینگے تو
اب کوئی عذر باقی نہیں رہا والحمد للہ تعالے والمسلمین من ذلک۔ اور آنحضرت صلعم سے کسی شخص نے شراب سے
سرکہ بنانے کی نسبت سوال کیا تو آپ نے اسکو منع فرمایا اس سائل نے کہا میں دوا کے لئے اسکو بناتا ہوں تو آپنے
فرمایا وہ دوا نہیں ہے بلکہ بیماری ہے میں کہتا ہوں چونکہ لوگ شراب کے مریض تھے اور اسکے پینے کے لئے حیلے کیا
کرتے تھے اسلئے مصلحت تامہ اسمیں تھی کہ بہرحال اس سے منع کیجائے تاکہ کسی کو کوئی حیلہ اور عذر باقی نہ رہے اور آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم نے خبیذ تمر اور زبیب یعنی گدر چھوارے اور خبیذ کشمش اور چھوارے اور خبیذ زہو اور رطب سے منع فرمایا ہے اور
زہو اس گدر چھوارہ کو کہتے ہیں جنمیں سرخی نمودار ہوجائے اور رطب تازہ پکے ہوئے چھوارہ کو کہتے ہیں میں کہتا ہوں اسکی یہ
وجہ ہے کہ ملانے کے سبب سے مزہ بدلنے سے پہلے ہی ان چیزوں میں نشا پیدا ہوجاتا ہے جسکے سبب سے پینے والے کو گمان ہوتا ہے
کہ وہ مسکر نہیں ہے حالانکہ وہ مسکر ہوتا ہے اور رسول خدا صلعم جب کسی چیز کو پیا کرتے تھے تو تین سانسوں سے پیا کرتے تھے
اور فرماتے تھے کہ اس سے سیرابی خوب ہوتی ہے اور کچھ تکلیف نہیں ہوتی اور طبیعت کو خوب گوارہ ہوتا ہے میں کہتا ہوں
اسکی یہ وجہ ہے کہ معدہ میں جب تھوڑا تھوڑا پانی پہونچتا ہے تو طبیعت جہاں اسکو ضروری سمجھتی ہے اچھی طرح صرف کرتی ہے
اور جب دفعتاً بہت سا پانی اسپر غلبہ کرتا ہے تو اسکے اندر صرف کرنے میں متحیر ہوجاتی ہے بارد المزاج آدمی کے معدہ میں جب بہت سا
پانی دفعتاً پہونچتا ہے تو مقدار کثیر کی مزاحمت واقع ہونے سے اسکی قوت ضعیف ہوجاتی ہے اور اس شخص کی برودت اور
زیادہ ہوجاتی ہے بخلاف اس صورت کے کہ بتدریج بمقدار پانی پہونچے اور حار المزاج آدمی کے معدہ میں جب دفعتاً پانی پہونچتا
ہے تو ان دونوں میں مدافعت ہوتی ہے اور برودت پورے طور پر حاصل نہیں ہوتی تاکہ عمدہ طور پر اسکی سیرابی ہو اور جبکہ
بتدریج پانی پیتا ہے تو اول مزاحمت ہوتی ہے اور بعد کو پھر برودت کو غلبہ ہوجاتا ہے اور آنحضرت صلعم پانی کے برتن
سے منہ لگاکر پانی پینے سے اور مشک وغیرہ کے دہانے اور ہونے کے پانی پینے سے منع فرمایا ہے میں کہتا ہوں اسکی یہ
وجہ ہے کہ جب مشک کا منہ ہر کر کے کوئی شخص اس سے پانی پیئے تو پانی اسمیں سے اچھلکر دفعتاً اس کی حلق میں پہونچیگا
اور اس سے درد جگر پیدا ہوجاتا ہے اور معدہ کو ضرر پہنچتا ہے اور نیز پانی کے دفعتاً منہ میں آنے سے تنگا وغیرہ متصور نہیں ہوتا
اور منقول ہے کہ ایک شخص نے مشک کو منہ لگاکر پانی پیا تھا تو ایک سانپ اس کے حلق میں پانی کے ساتھ ساتھ چلا گیا اور
رسول خدا صلعم نے کھڑے ہوکر پانی پینے سے منع فرمایا ہے اور ایک روایت میں آیا ہے کہ آپ نے کھڑے ہوکر پانی پیا۔
میں کہتا ہوں کہ یہ نہی ادب اور ارشاد کے لئے ہے کیونکہ بہترین صورت بیٹھکر پینا ہے اور سیرابی اور نفس کو سیری اس سے عمدہ طرح
حاصل ہوتی ہے اور طبیعت کی اس پانی کو مل پر صرف کرنے کی بہترین صورت یہی ہے اور آنحضرت صلعم کا فعل بیان جواز کیلئے اور
آپ نے فرمایا ہے الایمن فالایمن۔ داہنی طرف کا پس داہنی طرف کا ہے۔ میں کہتا ہوں اس سے آپکی مراد قطع منازعت ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سلئے کہ اگر افضل کا مقدم کرنا مقرر کیا جاتا تو اکثر ایسا ہوتا کہ ایک شخص کی فضیلت کو سب لوگ نہ مانتے اور بسا اوقات ایک کے مقدم کرنے سے دوسرے کو ملال پہونچتا اور آنحضرت صلعم نے برتن میں سانس لینے یا اسمیں پھونک مارنے سے منع فرمایا ہے میں کہتا ہوں اسکی یہ وجہ ہے کہ پھونکنے یا سانس لینے سے منہ یا ناک سے کسی ناگوار چیز کے گرنے کا خیال ہوتا ہے جسکے سبب سے ایک ہیئت قبیحہ پیدا ہوتی ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سموا ذا انتم شربتم واحمدوا اذا انتم رفعتم جب کوئی چیز پیو تو بسم اللہ پڑھا کرو اور جب کھانا کھا چکو تو خدا تعالے کا شکر کیا کرو اس کا ذکر ہم بیان کر چکے ہیں۔

لباس اور زینت اور ظروف وغیرہ کا بیان

معلوم کرو کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے عجم کی عادات اور لذائذ دنیاوی کے اندر منہمک ہونے انکے تکلفات پر نظر ڈالی تو انمیں سے جو سب کی جڑ اور سب کی اصل ہیں انکو حرام کیا اور جو اتنے کم درجہ کے تکلفات ہیں انکو مکروہ کیا اسلئے کہ آپ جانتے تھے کہ یہ چیزیں دار آخرت کی بھلا نیوالی اور طلب دنیا کی کثرت سے مستلزم ہیں منجملہ ان اصول کے لباس فاخرہ ہے کیونکہ سب سے زیادہ انکو اسی کا اہتمام ہوتا ہے اور اسی سے انکو بڑا فخر ہوتا ہے اور اس سے کئی طرح بحث کی گئی ہے از انجملہ کرتہ اور ازار کا بہت نیچا کرنا ہے کیونکہ اس سے ستر اور زیبائش جو لباس سے مقصود ہوتی ہے انکو مقصود نہیں ہوتی بلکہ صرف فخر اور اپنی تونگری وغیرہ دکھانا مقصود ہوتا ہے اور زیبائش صرف اسی قدر میں ہے۔ جو بدن کے برابر ہو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا ینظر اللہ یوم القیمۃ الی من جر ازارہ بطرا۔ جو شخص اترانے کی غرض سے اپنی ازار کو کھینچتا چلے تو قیامت کے دن اللہ پاک اسکی طرف نظر نہ کریگا۔ اور نیز فرمایا ہے ازرۃ المومن الی انصاف ساقیہ لا جناح علیہ فیما بینہ وبین الکعبین وما اسفل من ذلک ففی النار۔ مومن کی ازار اس کی پنڈلیوں کے نصف نصف تک ہوتی ہے نصف اور ٹخنوں کے مابین جو کچھ ہو اسمیں مضائقہ نہیں ہے اور جو اس سے نیچی ہے تو وہ آگ میں ہے اور از انجملہ نہایت نادر اور نازک قسم کے کپڑے ہیں اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے من لبس الحریر فی الدنیا لم یلبسہ یوم القیمۃ۔ جس نے دنیا میں حریر پہن لیا تو وہ قیامت کے دن اسکو نہ پہنے گا اسکی وجہ وہی ہے جو ہم شراب میں بیان کر چکے حریر اور دیبا کے پہننے اور قسی اور میاثر ارجوان کے پہننے سے منع فرمایا ہے اور بقدر دو انگشت یا تین کے اجازت دی ہے کیونکہ اسقدر استعمال کرنا پہننے میں داخل نہیں ہے قسی وہ کپڑا ہے جو کتان و حریر سے بنا جاتا ہے اور میاثر مثیرہ کی جمع ہے مثیر ایک چھوٹا تکیہ ہوتا ہے جسکو سوار اپنے نیچے رکھ لیتا ہے شاید اس سے یہاں وہ تکیہ مراد ہے جو حریر سے بنا ہوا ہو یا اتنی تکلف سے ہے۔ ارجوان ایک سرخ رنگ ہے اور یہاں سرخ کپڑا مراد ہے اور آنحضرت صلعم نے حضرت زبیر اور حضرت عبدالرحمن بن عوف کو حریر کے پہننے کی اجازت عطا فرمائی اسلئے کہ انکے بدن میں خارش ہو گئی تھی اور اس کے پہننے سے ترفع مقصود نہ تھا بلکہ خارش کا جاتا رہنا مقصود تھا۔ اور از انجملہ وہ کپڑا ہے جو کسی ایسے رنگ سے رنگا ہوا ہو جس سے سرور و فخر پیدا ہوتا ہے اور اسمیں دکھاوا پایا جاتا ہے اسلئے آنحضرت صلعم نے کسم کا رنگے ہوئے اور زعفرانی کپڑے سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نبی فرمایا اور فرمایا کہ درختوں کے لباس میں سے ہے اور نیز آپ نے فرمایا الطیب الرجال ریح لا لون لہ وطیب النساء لون لا ریح لہ۔ خبردار رہو جائز کپڑوں کی خوشبو وہ بو ہے جس میں رنگ نہ ہو اور عورتوں کی خوشبو وہ رنگ ہے جسمیں خوشبو نہ ہو اور رسول خدا صلعم کے ان ارشادات میں کہ ان السبذاذہ من الایمان۔ زینت کا ترک کرنا ایمان سے ہے اور من لبس ثوب شہرۃ فی الدنیا البسہ اللہ ثوب مذلتہ یوم القیمۃ۔ جس نے شہرت کے لئے دنیا میں کپڑا پہنا قیامت کے دن خدا تعالےٰ اُس کو ذلت کا کپڑا پہنائیگا اور ان ارشادات میں کچھ مخالفت نہیں ہے کہ ان اللہ یحب ان یری اثر نعمۃ علی عبدہ خدا تعالےٰ کو یہ بات پسندیدہ ہے کہ اُسکی نعمت کا اثر اُس کے بندہ پر نظر آئے اور آنحضرت صلعم نے ایک شخص کے سر پر پراگندہ بال دیکھا تو آپ نے فرمایا کہ اسکو ایسی چیز نہیں ملتی جس سے کہ بالوں کو درست کرے اور اور ایک شخص کو میلے کپڑے پہنے ہوئے دیکھا تو آپ نے فرمایا کہ اسکو ایسی چیز نہیں ملتی جس سے اپنے کپڑے کو دھوئے اور آپ نے فرمایا ہے کہ جب خدا تعالےٰ بندے کو مال دے تو مناسب ہے کہ اُسکا انعام واکرام تیرے اوپر نظر آئے۔ ان احادیث میں اختلاف نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہاں دو امر ہیں اور وہ فی الحقیقت مختلف ہیں مگر بظاہر ان میں اشتباہ ہوتا ہے انمیں سے ایک تو صفت مذمومہ ہے اور ایک شارع کو مطلوب اور مقصود ہے مطلوب تو بخل کا ترک کرنا ہے اور لوگوں کے درجات مختلف ہونے سے اسمیں بھی اختلاف ہوتا ہے مثلاً جو چیز لوک کے اعتبار سے بخل میں داخل ہوتی ہے فقراء کے اعتبار سے وہ اسراف میں داخل ہوتی ہے اور نیز شارع کو جنگلی اور غیر بہائم کی عادات کا ترک کرنا اور پاکیزگی اور پسندیدہ اخلاق کا اختیار کرنا مطلوب ہے اور مذموم تکلفات اور دکھاوے کیلئے کپڑا پہننا اور کپڑوں سے باہم فخر کرنا اور فقراء کی دلشکنی کرنا وغیرہ امور ہیں اور الفاظ حدیث میں ان معانی کیطرف اشارے واقع ہوئے ہیں جیسا کہ تامل پر واضح ہے اور جزاء کا مدار واسطہ کبر اور فخر کے اتباع سے نفس کے باز رکھنے پر ہے اور آنحضرت صلعم جب کوئی جدید لباس پہنتے تھے اُسکا نام عمامہ یا کرتہ یا چادر لیکر فرماتے تھے اللھم لک الحمد کما کسوتنیہ اسالک خیرہ وخیر ما صنع لہ واعوذ بک من شرہ وشر ما صنع لہ۔ اسکی وجہ پہلے بیان ہو چکی ہے اور منجملہ اُن اصول کے اعلیٰ درجہ کا زیور ہے اور یہاں دو اصل ہیں ایک تو یہ ہے کہ سونا ایک ایسی چیز ہے جسپر عجمی لوگ فخر کرتے ہیں اور اگر سونے کے زیور پہننے کا دستور جاری ہو تو کثرت سے طلب دنیا کی ضرورت پڑے بخلاف چاندی کے اسلئے آنحضرت صلعم نے سونے کی بابت تشدد فرمایا اور فرمایا ولیکن علیکم بالفضۃ فالعبوا بہا۔ مگر تم چاندی کو اختیار کرو پس اُس سے کھیلا کرو۔ دوسری اصل یہ ہے کہ عورتوں کو آرائش کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے تاکہ اُنکے خاوند وں کو رغبت ہو یہی سبب ہے کہ تمام عرب وعجم میں بہ نسبت مردوں کے عورتوں کی آرائش کا زیادہ تر دستور ہے اسلئے ضروری ہوا کہ عورتوں کو بہ نسبت مردوں کے زیادہ تر زینت کی اجازت دیجائے لہذا حضور نبوی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ احل الذہب والحریر لاناث من امتی وحرم علی ذکورہا۔ سونا اور حریر میری امت کی عورتوں کو حلال اور مردوں کو حرام کیا گیا۔ ایک شخص کے ہاتھ میں حضرت صلعم نے سونے کی انگوٹھی دیکھکر فرمایا تم میں سے کوئی شخص آگ کے انگارہ کا ارادہ کرکے اُسکو اپنے ہاتھ میں کرلیتا ہے چاندی کی انگوٹھی کو مردوں کے لئے بھی آپنے اجازت عطا فرمائی ہے خاصکر یہ صاحب حکومت کیلئے اور فرمایا کہ برابر ایک مثقال کے اس کو مت پورا کر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور آنحضرت صلعم نے عورتوں کو سونے غیر منقطع سے منع فرمایا اور غیر منقطع وہ ہے جو ایک ہی ٹکڑے سے بنی ہو اور آنحضرت صلعم نے فرمایا اور جو کوئی اپنے دوست کو آگ کا حلقہ پہنانا چاہے تو وہ اسکو سونے کا حلقہ پہنائے من احب ان یحلق حبیبہ حلقۃ من النار فلیحلقہ حلقۃ من ذہب ۔ اور اسی قاعدہ پر پنہلی اور کنگن کو ذکر کیا اور اسی طرح سونے کے ہار اور نیز سونے کی کان کی بالیوں اور سونے کے توڑے کے باب میں تصریح آئی ہے اور آنحضرت صلعم نے اس حکم کی وجہ بیان فرمائی ہے اور فرمایا ہے کہ آگاہ ہو جاؤ تم میں سے کوئی عورت دکھانے کے لئے زیور نہیں پہنتی مگر اسی زیور سے وہ عذاب دی جاویگی حضرت ام سلمہؓ کے پاس سونے ایک ہنسلی تھی اور ظاہر یہ ہے کہ وہ منقطع کے قبیلہ سے تھی اور آنحضرت صلعم نے جو فرمایا ہے کہ عورتوں کے لئے سونا حلال ہے اس کے یہی معنی ہیں کہ فی الجملہ حلال ہے یہ جو کچھ کہ ہم نے بیان کیا ان احادیث کا مفہوم ہے اور مجکو ان احادیث کا کوئی معارض نہیں ملا اور فقہاء کا جو اسمیں مذہب ہے وہ معلوم و مشہور ہے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال ۔

اور از انجملہ بالوں کی زینت ہے اسکے اندر لوگوں کے مختلف طریقے تھے ۔ مجوس تو اپنی داڑھیوں کو تراشتے اور مونچھوں کو بڑھاتے تھے اور انبیاء علیہم السلام کا طریقہ اسکے خلاف تھا اسلئے آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے خالفوا المشرکین او فروا اللحی واحفوا الشوارب ۔ مشرکین کی مخالفت کرو داڑھیوں کو بڑھاؤ اور مونچھوں کو خوب ترشواؤ ۔ اور کچھ لوگ پراگندہ حال رہنے اور ذلت اور بیکیت رہنے کو پسند کرتے تھے اور آرایش و زینت سے ان کو نفرت تھی اور کچھ لوگ آرایش میں نہایت تکلف کرتے تھے اور اس کو ایک فخر کی بات سمجھتے تھے اور دوسرے لوگوں کو ذلیل سمجھتے تھے پس ان سب کے طریقوں کا نیست و نابود کرنا بمقاصد شرعیہ کے تھا کیونکہ شرائع کا مبنیٰ افراط اور تفریط کے بین حالت پر اور ان دونوں مصلحتوں کے جمع کرنے پر ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے الفطرۃ خمس الختان والاستحداد وقص الشارب وتقلیم الاظفار ونتف الابط فطرۃ ۔ پانچ چیزیں ہیں ختنہ کرنا اور موے زیر ناف لینا اور مونچھ کا ترشوانا اور ناخنوں کا ترشوانا اور بغل کے بالوں کا اکھاڑنا ۔ پھر اس کے معین کرنے کی ضرورت پڑی تاکہ اس طریقے کے مخالف انکار متوجہ ہو سکے اور ایسا نہ ہو کہ متنوع لوگ ہر روز بال مونڈا کریں اور اکھیڑا کریں اور متعاون لوگ سال سال بھر تک خبر نہ ہوا کریں لہذا مونچھوں کے اور ناخنوں کے ترشوانے اور بغل کے بال اکھاڑنے اور زیر ناف کے بال مونڈنے کی یہ مدت مقرر کی گئی کہ چالیس روز سے زیادہ دیر نہ کرے اور رسول خدا صلعم نے فرمایا ہے ۔ ان الیہود والنصاریٰ لا یصبغون فخالفوہم ۔ یہود و نصاریٰ نہیں رنگتے ہیں پس تم ان کی مخالفت کرو یعنی تم حنا سے رنگا کرو اور اہل کتاب سدل کیا کرتے تھے اور مشرک لوگ فرق کیا کرتے تھے پس آنحضرت صلعم نے اول سدل کیا اور بعد کو فرق کیا سدل کے معنی پیشانی کے بالوں کا منہ پر چھوڑ رکھنا ہے اور یہ ایک بیکیتی کی صورت ہے اور فرق بالوں کے دو حصے کر کے ہر حصہ کو کنپٹی کی طرف پہونچا دینے کو کہتے ہیں اور آنحضرت صلعم نے چھوٹے رکھنے سے منع فرمایا کیونکہ یہ ہیئت شیطانی اور ایک قسم کا مثلہ ہے جسکو تمام نفوس بجز انکے جو اسکے عادی ہو کر رؤف ہو گئے ہیں مکروہ جانتے ہیں اور آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے من کان لہ شعر فلیکرمہ جس کسی کے بال ہوں تو انکی عزت کرنی چاہئے اور آنحضرت صلعم نے کنگھی کرنے سے بجز تیسرے روز کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

منع فرمایا ہے اس سے آپکی مراد افراط و تفریط میں توسط ہے اور نیز آپ نے فرمایا ہے لعن اللہ الواشمات والمتوشمات والمتنصات والمتفلجات للحسن المغیرات خلق اللہ۔ گودنے والیوں اور گدوانے والیوں اور منہ کے بال اکھڑوانے والیوں اور خوبصورتی کے لئے دانتوں کے رتوانے والیوں پر جو خلق الٰہی کو بدلتی ہیں خدا تعالیٰ کی لعنت ہے اور اسی طرح آنحضرت صلعم نے زنانے مردوں اور مردانی عورتوں پر لعنت کی ہے میں کہتا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے ہر نوع اور ہر صنف کو اس کے بدن میں ظہور احکام کا مقتضی بنایا ہے مثلاً مردوں کے اندر داڑھی وغیرہ کا شوق اور عورتوں کے اندر خوشی اور سرور کی باتیں سننے کی رغبت پیدا کی ہے پس اپنی استعداد کے اعتبار سے جو اسکے مادہ میں پائی جاتی ہے کچھ احکام کا مقتضی ہونا بعینہٖ ان احکام کی اضداد سے نفرت کرنا ہوتا ہے لہٰذا ہر نوع اور ہر صنف کا اسکے مقتضا سے فطرت کے موافق باقی رہنا پسندیدہ ہوا اور تغییر خلق اللہ لعنت کا سبب ٹھہرا یہی وجہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خچر پیدا ہونے کیلئے گھوڑے کو گدھے سے گابن کرانے سے منع فرمائی ہے گو بعض قسم کی آرایش تو ایسی ہوتی ہے جس میں طبیعت کے فعل کی تقویت اور اسکی تائید اور اس کی پیروی ہوتی ہے مثلاً سرمہ لگانا اور کنگھی کرنا اور یہ آرایش پسندیدہ چیز ہے اور بعض قسم کی آرایش فعل طبیعت کے مخالف ہوتی ہے جیسے انسان کو حیوانات کی ہیئت بنانا اور بعض قسم کی وہ زینت ہے جسمیں تکلف کرکے نئی نئی چیزوں کا ایجاد دیا جائے طبیعت جنکی مقتضی نہیں ہے اس قسم کی آرایش بھی ناپسندیدہ ہے اگر انسان کو اس کی فطرت کے ساتھ چھوڑ دیا جاتا تو انسان ضرور اسکو شملہ خیال کرتے اور ازاں جملہ کپڑوں اور دیوار اور فرش میں تصاویر کا بنانا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے نہی فرمائی ہے اور اس نہی کا مدار دو باتوں پر ہے ایک تو یہ کہ اسمیں تزئین اور آرایش کی صورت ہے سوا اسکے کہ وہ لوگ تصاویر سے فخر کیا کرتے تھے اور مال کثیر اسمیں صرف کیا کرتے تھے پس اسکا حال بھی حریر کے مانند ہوا اور یہ امر درخت وغیرہ کی تصویر میں بھی موجود ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ تصاویر میں مشغول رہنا اور انکا بنانا اور ان کی طرف رغبت کرنے کا دستور جاری ہونا ایسا امر ہے کہ اس سے بت پرستی کا دروازہ مفتوح ہوتا ہے اور اسمیں بتوں کی عظمت اور بت پرستوں کیلئے انکی یاد دہانی اور اکثر امتوں میں بت پرستی کے جاری ہونے کا منشا یہی واقع ہوا ہے اور یہ بات صرف حیوانات کی تصویر میں پائی جاتی ہے اسی واسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مورتوں کے سر کاٹنے کا حکم دیا ہے تاکہ وہ درخت کی صورت پر ہو جائیں اور درختوں کی تصویر میں اسقدر قباحت نہیں لازم آتی اور فرمایا ہے ان بیت الذی فیہ الصورۃ لا تدخلہ الملائکۃ۔ جس گھر میں تصویر ہوتی ہے اس میں فرشتے نہیں آتے اور فرمایا ہے کل مصور فی النار یجعل لہ بکل صورۃ صورہا نفسا فیعذبہ فی جہنم۔ ہر مصور آگ میں ہے جو جو تصویر اس نے بنائی ہے ہر ایک کے بدلہ میں اسکے لئے ایک نفس مقرر کیا جائیگا۔ وہ نفس اسکو جہنم کے اندر عذاب دیگا۔ اور فرمایا ہے من صور صورۃ عذب وکلف ان ینفخ فیہ ولیس بنافخ۔ جس نے کوئی مورت بنائی ہے اسکو عذاب دیے جائینگے اور کہتے جائینگے کہ اسمیں جان ڈال اور وہ جان نہ ڈال سکیگا یہ اس لئے ہوا ہے چونکہ تصاویر کے اندر بتوں کے معنی پائے جاتے ہیں اور ملاء اعلیٰ میں بتوں اور بت پرستوں پر لعنت اور غضب کا اقتضا پایا جاتا ہے تو ضرور ہے کہ ملائکہ کو ان سے نفرت ہو اور جب تمام لوگ قیامت کے روز اپنے اپنے اعمال کے ساتھ اٹھائے جائینگے تو اس روز

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مصور کا عمل اُن نفوس کی صورت میں متمثل ہو جائیگا تصویر بناتے وقت جنکا اسنے تصور کیا تھا اور اُسنے نقل بنانی چاہی تھی اسواسطے کہ انھیں نفوس کی صورتیں ظاہر ہونا نہایت مناسب ہے اور اُس مصور نے اُن حیوانات کی نقل بنانے پر جو اقدام کیا ہے اور اس بات میں کوشش کی ہے کہ نقل بنانے میں کمال کے مرتبے کو پہنچا دے قیامت کے روز اسکا ظہور اس طرح پر ہوگا کہ اُس سے کہا جائیگا اس تصویر میں جان ڈال اور وہ نہ ڈال سکیگا اور ازانجملہ غلط کرنیوالی چیزوں میں مشغول رہنا ہے یہ ایسی چیزیں ہوتی ہیں جنکی وجہ سے نفس کو دنیا و آخرت سے یتیمی ہو جاتی ہے اور اوقات ضائع ہوتی ہے مثلاً مغرف اور شطرنج اور کبوتر بازی اور جانوروں کا لڑانا وغیرہ علی ہذا القیاس کیونکہ انسان جب ان چیزوں میں مشغول ہوتا ہے پھر اسکو کھانے اور پینے اور ضروریات کی خبر نہیں رہتی بلکہ بسا اوقات پیشاب پاخانہ روکے بیٹھا رہتا ہے اور وہاں سے نہیں ٹلتا پھر اگر ایسی چیزوں میں مشغول رہنے کا دستور عام ہو جائے تو تمام شہر والے شہر پر بھاری پڑ جائیں اور اپنی جان کی درستی کی انکو خبر نہ رہے معلوم کر و کہ راگ اور دف دلیمہ وغیرہ کے اندر تمام عرب و عجم کی عادات اور خصلت میں داخل ہے اسواسطے کہ یہ سرور اور خوشی کے حال کا مقتضی ہے اور اُن چیزوں میں سے نہیں ہے جس سے دنیا و دین خراب ہو جائے اور ان چیزوں میں باہا تمیاز یہ ہے کہ جو چیزیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تمام ملک حجاز اور تمام آباد بستیوں میں فرح اور سرور سے جو ایک مطلوب چیز ہیں زائد ہوں وہ چیزیں ممنوع اور دنیا و عاقبت کی خراب کرنے والی ہیں مثلاً مزامیر۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من لعب بالنرد فکانما صبغ یدہ فی لحم خنزیر ودمہ۔ جس نے شطرنج کھیلا گویا اُس نے اپنا ہاتھ خنزیر کے گوشت اور اُس کے خون میں رنگا اور حدیث شریف میں آیا ہے لیکونن من امتی اقوام یستحلون الحر والحریر والخمر والمعازف۔ میری امت میں بلاشبہ کچھ گروہ ایسے ہونگے جو فرج اور حریر اور شراب اور کھیل کی چیزوں کو حلال سمجھینگے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ اعلنوا النکاح واضربوا علیہ بالدف۔ نکاح کا اعلان کرو اور اُس پر دف بجاؤ۔ پس ملاہی دو قسم کی ہیں ایک حرام یہ وہ کھیل کی چیزیں ہیں جو طرب اور سرور پیدا کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہیں مثلاً مزامیر اور ایک مباح وہ دلیمہ وغیرہ میں اظہار سرور کی غرض سے دف بجانا اور گانا ہے۔ اور حدی اصل میں تو وہ ہوتی ہے جو اونٹوں کے اندر جولانی کرنے کی غرض سے پڑھی جاتی ہے مگر یہاں مطلق خوش الحانی اور گھٹا بڑھاؤ کے ساتھ کسی چیز کا پڑھنا مراد ہے وہ بھی مباح ہے اسواسطے کہ یہ کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس سے دنیا و آخرت سے بیفکری ہو جائے بلکہ وہ حلال دور کرنے والی چیز ہے اور آلات جنگ سے بازی کرنا مثلاً تیر بازی کرنا گھوڑے کا پلٹانا یا نیزہ بازی کرنا تو فی الحقیقت یہ چیزیں کھیل میں داخل نہیں ہیں کیونکہ ان سے مقصود شرعی حاصل ہوتا ہے اور آنحضرت صلعم کے روبرو آپ کے ہی مسجد شریف میں ایک مرتبہ حبشیوں نے پٹا کھیلا ہے۔ اور ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی شخص کو کبوتر کے پیچھے پیچھے جاتا دیکھا تو آپ نے فرمایا ایک شیطان ہے جو اپنے شیطان کے پیچھے جا رہا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جانوروں کے لڑانے سے نہی فرمائی ہے اور ازانجملہ حاجت سے زیادہ صرف دکھانے اور فخر کرنے کے لئے سواریوں اور فرش فروش کا اکٹھا کرنا ہے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فرش للرجل وفرش لامراتہ وثالث للضیف والرابع للشیطان۔ ایک بستر تو مرد کے لئے ہوتا ہے اور ایک اسکی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیوی کے لئے اور تیسرا مہمان کے لئے اور چوتھا شیطان کے لئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یکون اہل للشیاطین و بیوت للشیاطین یعنی اونٹ شیاطین کے لئے اور بعضے گھر شیاطین کے لئے ہوتے ہیں۔ ابوہریرہؓ فرماتے ہیں شیاطین کیلئے اونٹ تو میں نے دیکھے ہیں تم میں سے کوئی شخص عمدہ عمدہ اُنیسوں کو فربہ کرکے اپنے ساتھ لیکر نکلتا ہے اور انہیں سے کسی پر سوار نہیں ہوتا اور راستہ میں اسکو کوئی بھالی مسلمان ملتا ہے جسکے پاس سواری وغیرہ نہیں ہوتی تو وہ اسکو بھی نہیں سوار کرتا۔ اور اہل جاہلیت کو کتے پالنے کا بھی بڑا شوق تھا اور کتا ایک ملعون جانور ہے جس سے ملائکہ مقربین کو تکلیف پہونچتی ہے کیونکہ اسکو شیاطین کے ساتھ مشابہت ہے جیسا کہ پچھلی کے اندر ہم نے بیان کیا ہے لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس کے گھر میں رکھنے سے منع فرمایا اور فرمایا من اتخذ کلبا الا کلب ماشیتہ او صید و زرع انتقص من اجرہ کل یوم قیراط و فی روایۃ قیراطان۔ جو شخص کتا رکھے بجز اُس کتے کے جو مواشی یا شکار یا کھیتی کے ہو ہر روز اُس کے اجر میں سے ایک قیراط گھٹتا رہتا ہے اور ایک روایت میں دو قیراط آیا ہے اور بندر اور خنزیر کے پالنے کا بھی حکم کتے کے پالنے کے مانند ہے۔ میں کہتا ہوں اجر کے کم ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اُس سے قوت بہیمی کو مدد پہونچتی ہے اور ملکیت مغلوب ہوتی رہتی ہے اور قیراط کی مقدار کو تمثیل کے طور پر ذکر فرمایا ہے اور اُس سے بڑا قلیل مراد ہے لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک قیراط اور دو قیراط کے ساتھ بیان کرنے میں کچھ منافات نہ ہوئی۔ اور از انجملہ سونے چاندی کے ظروف کا استعمال کرنا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الذی یشرب فی اناء الفضۃ انما یجرجر فی بطنہ نار جہنم۔ جو شخص چاندی کے برتن سے پیتا ہے بلاشبہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ بھرتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا تشربوا فی انیۃ الذہب والفضۃ ولا تاکلوا فی صحافہا فانہا لہم فی الدنیا ولکم فی الآخرۃ۔ سونے اور چاندی کے برتن میں مت پیو اور نہ اُس کی رکابیوں میں کھاؤ کیونکہ اُن کے لئے تو وہ دنیا میں ہیں اور تمہارے لئے وہ آخرت میں ہیں۔ اور سابقاً ہم جو بیان کر چکے ہیں اُس سے اسکی وجہ صاف صاف معلوم ہو سکتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے غمروا الآنیۃ واوکوا الاسقیۃ واجیفوا الابواب واکفتوا صبیانکم عند العشاء فان للجن انتشارا وخطفۃ واطفئوا المصابیح عند الرقاد فان الفویسقۃ ربما اجرت الفتیلۃ فاحرقت اہل البیت۔ شام کے ہوتے ہی برتنوں کو ڈھانک دیا کرو اور مشکیزوں کے دہانے باندھ دیا کرو۔ اور دروازوں کو بند کر دیا کرو اور اپنے بچوں کو اکٹھا کر لیا کرو کیونکہ جن پھیلے رہتے ہیں اور اُچکتے پھرتے ہیں اور سوتے وقت چراغوں کو گل کر دیا کرو اس واسطے کہ فویسقہ یعنی چوہا اکثر فتیلے کو کھینچ لیتا ہے اور گھر والوں کو پھونک دیتا ہے اور ایک روایت میں اُس کے ساتھ یہ بھی آیا ہے فان الشیطان لا یحل شقفا ولا یفتح بابا ولا یکشف اناء۔ کیونکہ شیطان مشک کو نہیں کھولتا اور نہ دروازہ کو کھولتا ہے اور نہ برتن کو کھولتا ہے اور ایک روایت میں آیا ہے فانہ فی السنۃ لیلۃ ینزل فیہا وبار لا یمر بانا لیس علیہ غطاء او سقاء لیس علیہ وکاء الا نزل فیہ من ذلک وبار۔ کیونکہ سال بھر میں ایک رات ایسی ہوتی ہے جس میں وبا نازل ہوتی ہے پھر اس وبا کا جس کسی برتن بغیر ڈھکے یا بغیر بندھی ہوئی مشک پر گذر ہوتا ہے ضرور اُس میں اس وبا میں سے کچھ نازل ہوتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ شام کے وقت جنات کے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پھیلجانے کا یہ سبب ہے کہ وہ اصل فطرت کے اعتبار سے ظلماتی ہیں پس جہاں میں تاریکی پھیلنے سے اُن کو ہجت اور سرور حاصل ہوتا ہے اور وہ جہان میں منتشر ہوجاتے ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو یہ فرمایا ہے کہ شیطان بند چیز کو نہیں کھولتا تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اکثر ہم نے دیکھا ہے کہ شیاطین کا اثر افعال طبیعہ کے ضمن میں ہوا کرتا ہے مثلاً کسی گھر میں ہوا کا گذر ہوتا ہے تو جنات اکثر اُسکے ساتھ گھر میں گھس جاتے ہیں یا کسی پتھر کو اوپر سے دھکیلا جائے اور اُس کے لڑھکانے میں کوشش کی جائے تو مقتضائے مادت سے زیادہ وہ جنات کے اثر سے لڑھک جاتا ہے وعلیٰ ہذا القیاس اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ جو فرمایا ہے کہ سال بھر میں ایک شب ایسی ہوتی ہے جسمیں بلا کا نزول ہوتا ہے اُس کے یہ معنی ہیں کہ مدت دراز کے بعد ایک ایسا وقت پیدا ہوجاتا ہے جسمیں ہوا بگڑ جاتی ہے اور میں نے ایک مرتبہ اُس کا مشاہدہ کیا ہے اُسکی یہ صورت ہوئی کہ مجھے ایک خراب ہوا چلتی ہوئی معلوم ہوئی جس سے اسی وقت میرے سر میں درد پیدا ہوگیا اور از انجملہ بلند بلند مکان بنانا اور اُنکی زیبٹ زینت کرنا ہے اس بات میں بھی لوگ نہایت تکلف کرتے تھے اور مال کثیر اُسمیں صرف کردالتے تھے پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے نہایت سخت حکم سنا کر اُسکا علاج کیا اور فرمایا ما انفق المومن من نفقۃ الا اوجر فیھا الا نفقۃ فی ھذا التراب۔ مومن کوئی خرچ ایسا نہیں کرتا جس میں اُسکو اجر نہ دیا جائیگا بجز اُس خرچ کے جو اس مٹی میں کرتا ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کل بناء وبال علی صاحبہ الا ما لا الا ما لا یعنی الا ما لا بد منہ ہر عمارت اپنے بنانے والے پر وبال ہے مگر ما لا عما لا یعنی جس کے بغیر چارہ نہ ہو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لیس لی ولا لبنی ان یدخل بیتا مزوقا۔ یہ بے نقش جائز نہیں یا کسی نبی کیلئے جائز نہیں ہر گھر میں داخل ہوا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان اللہ لم یامرنا ان نکسو الحجارۃ والطین۔ خدا تعالیٰ نے ہم کو اس بات کا حکم نہیں دیا ہے کہ پتھروں اور مٹی کو کپڑے پہنا دیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے پیشتر لوگوں کا دستور تھا کہ اپنے امراض اور مصائب میں طب اور منتر سے کام لیا کرتے تھے اور کسی آئندہ چیز کے معلوم کرنے میں فال اور شگون اور خطوط سے کام لیا کرتے تھے اُس کا نام رمل ہے اور نیز کہانت اور نجوم اور تعبیر خواب سے کام لیتے تھے اور اُنکے اندر بعض ناسزا دا رامور تھے لہذا اُن سے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمادیا اور باقی کو مباح کہا۔ پس طب کی حقیقت ادویہ حیوانیہ یا نباتیہ یا معدنیہ کے طبائع کے موافق عمل کرنا اور اخلاط کے اندر تصرف کرکے اُن میں کمی بیشی کرنا ہے اور قواعد شرعیہ سے اُنکا ثبوت ہوتا ہے اس واسطے کہ ان میں شرک کی آمیزش نہیں ہے اور نہ اُن میں دین و دنیا کا کچھ نقصان ہے بلکہ اُسمیں بہت منفعت اور لوگوں کی جماعت کا مجتمع کرنا ہے مگر شراب سے علاج کرنا ممنوع کیا گیا ہے اس واسطے کہ شراب کی جس کو چاٹ لگجاتی ہے پھر اُس کا جانا دشوار ہوتا ہے اسی طرح خبیث ادویہ یعنی سمیات سے حتی الامکان علاج کرنا منع ہے کیونکہ بسا اوقات اُن سے جان جاتی رہتی ہے اور حتی الامکان داغ دینا بھی منع ہے کیونکہ آگ سے جلانا ایسی چیز ہے جس سے ملائکہ کو نفرت ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے جو معالجات مروی ہیں اُنکی اصل وہی تجربات ہیں جو عرب کے نزدیک تھے اور منتر کی حقیقت اُن کلمات کا استعمال کرنا ہے عالم مثال میں جن کے تحقق اور اثر

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ملتا ہے اگر وہ کلمات شرک سے خالی ہوں تو قواعد شرعیہ انکو رد نہیں کرتی خصوصاً جب کہ وہ کلمات قرآن و حدیث سے ہوں جنمیں تضرع الی اللہ تعالے کے معنی پائے جاتے ہیں اور نظر حق ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اور نظر حقیقت میں اس اثر اور صدمہ کا نام ہے جو دیکھنے والے کی تاثیر نفس سے اسکو صدمہ پہنچتا ہے جسکو نظر لگائی جائے کسی چیز کے اندر پیدا ہوتا ہے اور یہی جنات کے نظر کا حال ہے اور جن احادیث میں منتر اور تعویذ اور حب کے عمل وغیرہ سے نہی وارد ہوئی ہے وہ انہیں صورتوں کے ساتھ متعلق ہے جنمیں شرک یا سبب کے اندر اسقدر انہماک کے معنی پائے جاتے ہوں جسکی وجہ سے باری تعالے سے غفلت ہو جاے اور تکون بہ یا تکون نیک کی حقیقت یہ ہے کہ ملا اعلے میں جب کسی امر کا حکم دیدیا جاتا ہے تو بسا اوقات وہ واقعات جو اپنی جبلت کے اعتبار سے ہر چیز کا عکس سرعت کیساتھ قبول کر لیتے ہیں اس امر کا رنگ پکڑ لیتے ہیں وہ واقعات ایک تو دلوں کے خواطر اور خیالات ہیں اور ایک الفاظ ہیں جو مقصود الیہ بالذات ہوتے ہیں اور ایک وقائع جویہ یعنی وہ واقعات جو زمین و آسمان کے بامین فضا میں ظاہر ہوتے رہتے ہیں کیونکہ طبیعت کے اعتبار سے ان واقعات کے اسباب بہت ضعیف ہوا کرتے ہیں اور انکا ایک صورت کے ساتھ خاص ہونا اور دوسری کے ساتھ نہ ہونا اسباب فلکیہ یا ملاء اعلی میں کسی امر کے ثابت ہو جانے کیوجہ سے ہوتا ہے اور عرب کے لوگ ان باتوں سے واقعات آیندہ پر استدلال کیا کرتے تھے چونکہ اسبات میں صرف تخمین کو دخل ہوتا تھا اور وہم کا اسمیں برانگیختہ کرنا بلکہ بسا اوقات کفر اور اس بات کا اندیشہ تھا کہ خدا تعالے سے اُن کی توجہ ہٹ جائے لہذا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بدشگونی سے بالکل منع فرمادیا کہ خیرہا الفال بہتر انہیں فال ہے یعنی کوئی نیک کلمہ جو نیک آدمی کی زبان سے نکلے کیونکہ وہ ان قباحات سے پاک ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے عدوی یعنی ایک کی بیماری دوسرے کو لگجانے سے انکار فرمایا ہے نہ یا یعنی کہ وہ بالکل ایک بے اصل چیز ہے بلکہ عرب کے لوگ اسکو ایک سبب مستقل خیال کرتے تھے اور توکل کو بالکل بھول جاتے تھے اور حق بات یہ ہے کہ ان اسباب کی سببیت اسیوقت تک ثابت رہتی ہے جبتک انکو خلاف خدا تعالے کا حکم ثابت نہ ہو اسواسطے کہ حکم الہی کے منعقد ہو جانے کے بعد خدا تعالے اسکو پورا کر دیتا ہے اور نظام بھی بدستور قائم رہتا ہے زبان شرع سے اس نکتہ کو اس طرح بیان کر سکتے ہیں کہ یہ اسباب عقلیہ نہیں ہیں بلکہ اسباب عادیہ ہیں اور ہامہ اجانور جو قبر میں پیدا ہو جاتا ہے زمانہ جاہلیت کے اوہام کے موافق ہے) اور غول سے شر کا دروازہ کھلتا ہے اس واسطے ان امور کے اندر مشغول ہونے سے انکو منع کیا گیا نہ اسواسطے کہ یہ بالکل بے حقیقت چیزیں ہیں یہ نہیں ہو سکتا اس واسطے کہ احادیث متظاہرہ سے جنات اور جہان میں انکے منتشر رہنے اور عدوی کا ثبوت ہوتا ہے اور نیز احادیث سے عورت اور گھوڑے اور مکان کے اندر نحوست کی اصل کا ثبوت ہوتا ہے پس لامحالہ انکی نفی یا یہ معنی ہوگی کہ انکے اندر کا خون رہنا منع ہے اور اسمیں مخاصمت نہیں ہو سکتی پس اگر کوئی شخص کسی پر دعوے کرے کہ اسنے اپنا بیمار اونٹ میرے اونٹ کے پاس کر کے اسکو بیمار کر دیا یا مار ڈالا وعلی ہذا القیاس اُس کا دعوے مسموع نہ ہوگا اور یہ چیزیں بالکل بے اصل ہو بھی نہیں سکتیں تم جانتے ہو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہانت یعنی جنات کی خبر دینے سے نہایت سختی سے منع فرمایا ہے اور جو شخص کاہن کے پاس جائے اس سے آپ نے بری الذمہ ہونا بیان فرمایا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پھر جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کاہنوں کا حال دریافت کیا گیا تو آپ نے بیان فرمایا کہ ہوا کے جو میں ملائکہ کا نزول ہوتا ہے اور وہ اُس امر کا باہم ذکر کرتے ہیں آسمان میں جس کا حکم دیا جاتا ہے تو شیاطین خفیہ طور پر وہاں سننے کیلئے جا پہنچتے ہیں اور اُسکو سن آتے ہیں۔ اور کاہنوں کو آکر کہدیتے ہیں اور وہ اُس کے ساتھ ایک میں سو جھوٹ ملا دیتے ہیں یعنی ملاء اعلےٰ میں جب کوئی امر ثابت ہو جاتا ہے تو ملائکہ سافلہ پر جو الہام کی قابلیت رکھتے ہیں اسکا القا ہوتا ہے۔ پھر بعض بعض جنات جو ہوشیار اور زکی ہوتے ہیں ملائکہ سے اُسکو معلوم کر لیتے ہیں پس اس بات کا یقین کرو کہ ان امور کے ساتھ جو نبی متعلق ہے اُس کا مدار اس بات پر نہیں ہے کہ نفس الامر میں وہ چیزیں نہیں پائی جاتیں بلکہ اسواسطے اُنسے نہی کیگئی ہے کہ ان سب میں خطا اور شرک اور فساد کا اندیشہ ہے چنانچہ اللہ پاک فرماتا ہے قل فیھما اثم کبیر ومنافع للناس واثمھما اکبر من نفعھما۔ کہدے کہ اُن دونوں میں گناہ عظیم ہے اور لوگوں کے لئے منفعتیں ہیں اور اُن کا گناہ اُن کے نفع سے زیادہ بڑا ہے باقی رہے تنائے تو یہ بات بعید نہیں ہے کہ انکی بھی کچھ اصل ہو کیونکہ شرع نے صرف انکے اندر مشغول ہونے سے نہی فرمائی ہے ان کی حقیقت کی نفی بالکلیہ نہیں کی ہے اور اسی طرح سلف صالح سے ان چیزوں میں مشغول نہ ہونا اور مشتغلین کی مذمت اور اُن تاثیرات کا قبول نہ کرنا تو برابر چلا آیا ہے مگر اُن سے ان چیزوں کا معدوم ہونا ثابت نہیں ہوتا۔ علاوہ بریں ان میں سے بعض اشیاء ایسی ہیں جو یقین کے درجہ میں بدیہات اولی کے درجے کو پہونچ چکی ہیں مثلاً شمس و قمر کے حالات مختلف ہونے سے فصول کا مختلف ہونا وعلی ہذا القیاس اور بعض باتیں فکر یا تجربہ یا رصد سے ثابت ہوتی ہیں جسطرح تجربہ وغیرہ سے مثلاً سونٹھ کی حرارت اور کافور کی برودت ثابت ہوتی ہے اور غالباً انکی تاثیر دو طریقہ سے ہوتی ہے ایک طریقہ تو طبیعت کے قریب قریب یعنی جسطرح ہر نوع کے لئے طبائع مختلف ہوتی ہیں جو اُسی نوع کے ساتھ مختص ہوا کرتی ہیں یعنی حرارت و برودت اور رطوبت و یبوست اور امراض کے دفع کرنے میں جنمیں طبائع سے کام لیا جاتا ہے اسیطرح افلاک اور کواکب کے لئے بھی طبائع خاص اور جدا جدا خواص ہیں مثلاً آفتاب کیلئے حرارت اور اور چاند کیلئے رطوبت اور جب ان کواکب کا اپنے اپنے محل میں گذر ہوتا ہے زمین پر اُنکی قوت کا ظہور ہوتا ہے۔ دیکھو کہ عورتوں کیلئے جو عادات اور اخلاق مخصوص ہیں اُنکا منشا عورتوں کی طبیعت ہی ہوا کرتی ہے اگرچہ اُسکا ادراک ہر طبیعت پر نہ ہو سکے اور مرد کیساتھ جو اوصاف مختص ہیں مثلاً جرات آواز کا بھاری ہونا اسکا منشا بھی اُسکی کیفیت مزاجی ہوا کرتی ہے پس تم اس بات سے انکار مت کرو کہ جس طرح ان طبائع خفیہ کا اثر ہوتا ہے اسی طرح زہرہ اور مریخ وغیرہ کے قوائے زمین میں حلول کر کے اپنا اثر ظاہر کریں اور دوسرا طریقہ قوت روحانیہ اور طبیعت کے باہم ترکیب کے قریب قریب ہے اسکی مثال ایسی ہے کہ جسطرح جنین کے اندر ماں اور باپ کیطرف سے قوت نفسانی حاصل ہوتی ہے اور آسمان و زمین کیساتھ ان عناصر ثلثہ کا حال ایسا ہی ہے جو ماں باپ کے ساتھ جنین کا حال ہوا کرتا ہے پس یہی قوت جہان کو اولاً صورت حیوانیہ اور بعد ازاں صورت انسانیہ کے قبول کرنے کے قابل بناتی ہے اور اتصالات فلکی کے اعتبار سے ان قوی کا حلول کئی طرح ہوتا ہے اور ہر قسم کے خواص مختلف ہوتے ہیں جب کچھ لوگوں نے اسکے اندر غور کرنا شروع کیا تو اُن کو ستاروں کا علم یعنی علم نجوم حاصل ہو گیا اور اُسکے ذریعہ سے آیندہ واقعات اُنکو معلوم ہونے لگے مگر جب مقتضائے الٰہی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُسکے خلاف مقرر ہوجاتی ہے تو ستاروں کی قوت ایک دوسری صورت میں جو اُسی صورت کے قریب ہوتی ہے متصور ہوجاتی ہے اور خدا تعالےٰ کا حکم پورا ہوکر رہتا ہے اور کواکب کے خواص کا نظام بھی قائم رہتا ہے اور شرع میں اس نکتہ کو اسطرح پر تعبیر کیا جاتا ہے کہ کواکب کے خواص میں لزوم عقلی نہیں ہے بلکہ عادت الٰہی اسطرح جاری ہے اور یہ خواص بمنزلہ امارات اور علامت کے ہیں مگر جب کثرت سے لوگوں کو اس علم میں توغل ہوگیا اور بہت سے اُسمیں مشغول ہو گئے تو اس واسطے اسمیں کفر اور خدا تعالےٰ پر ایمان کے قائم نہ رہنے کا احتمال پیدا ہوا کیونکہ جو شخص اس علم میں مشغول ہورہا ہے وہ تو دل سے کیونکر یہ بات کہہ سکتا ہے کہ خدا تعالےٰ کے فضل اور اُسکی رحمت سے یہ مینہ برسا ہے بلکہ وہ تو خواہ مخواہ یہی کہیگا کہ فلان ستارے کیوجہ سے برسا ہے لہذا یہ امر اُس کو اُس ایمان سے جو نجات کا دار مدار ہے ضرور مانع ہوگا اور اگر کسی شخص کو اس علم سے ناواقفیت ہو تو اُسکی یہ ناواقفیت کچھ مضر نہیں کیونکہ خدا تعالےٰ خود تمام عالم کا مقتضائے حکمت کی موافق انتظام کرتا ہے خواہ کوئی اُس سے واقف ہو یا نہ ہو پس ضرور ہوا کہ شرع میں ایسا علم منسیت و نابود کردیا جاوے اور لوگوں کو اُس کے سیکھنے سے ممانعت کردی جاوے اور یہ بات ظاہر کردی جائے کہ جسنے نجوم سیکھا اُس نے جادو کا ایک شعبہ حاصل کیا جس قدر زیادہ سیکھے اسیقدر اُسکا وبال ہوگا اس کا حال توریت و انجیل کا سا حال ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس شخص کے ساتھ نہایت تشدد کیا ہے جو اُنکے دیکھنے کا قصد کرے کیونکہ ان دونوں میں تحریف ہوگئی ہے اور اُنکے دیکھنے میں احتمال ہے کہ آدمی اُنکو دیکھکر قرآن عظیم کی فرمانبرداری ترک کردے اس واسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے نہی فرمادی۔ یہ جو کچھ بیان کیا ہماری طرف سے ہے اور ہمارے تفحص کا نتیجہ ہے پس اگر سنت سے اسکے خلاف کچھ ثابت ہو تو جو سنت سے ثابت ہو وہی بات ٹھیک ہے۔

خواب کا بیان

خواب کی پانچ قسم ہیں ایک خواب بشارت الٰہی ہوتی ہے اور ایک اُن حوادث اور رذایل کے متمثل ہونے سے جو ملکی طریقہ پر نفس کے اندر مندرج ہوتے ہیں۔ اور ایک صرف تخویف شیطانی ہوتی ہے اور ایک صرف تخیلات نفسانی ہوتے ہیں حالت بیداری میں جن کا نفس عادی ہوتا ہے قوت متخیلہ میں وہ خیالات محفوظ رہتے ہیں اور وہ خیالات مجتمعہ حس مشترک میں ظاہر ہوجاتے ہیں اور ایک خیالات طبیعیہ جو غلبۂ اخلاط اور نفس کو ان اخلاط سے ایذا پہونچنے پر تنبیہ حاصل ہونے سے پیدا ہوتے ہیں۔ پہلی قسم کی خواب یعنی بشارت الٰہی کی حقیقت یہ ہے کہ نفس ناطقہ کو مجردات بدنی سے بذریعہ اسباب خفیہ کے جو بلا تامل معلوم نہیں ہوسکتے جب فرصت حاصل ہوتی ہے تو اسمیں اس بات کی قابلیت پیدا ہوجاتی ہے جس قسم کے علوم اُسکے پاس مخزون اور مجتمع ہوتی ہیں اور یہ خواب تعلیم الٰہی ہوا کرتی ہے جس طرح آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب میں معراج ہوئی اور خدا تعالےٰ کو ایک بہت عمدہ صورت میں آپ نے دیکھا اور خدا تعالےٰ نے آپ کو کفارات اور درجات تعلیم فرمائی اور ایک مرتبہ اور آپ کو خواب میں معراج ہوئی اور دنیاوی زندگی سے لیکر ابد تک مردوں کا جو جو حال ہوتا ہے وہ آپ پر ظاہر ہوا چنانچہ جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تو دنیا کے واقعات آئندہ کا جو کچھ علم ہوا وہ بھی اسی قبیلہ سے تھا اور خواب ملکی کی حقیقت یہ ہے کہ انسان کے اندر دو قسم کے ملکات ہیں حسنہ اور قبیحہ مگر ان ملکات کے حسن و قبح سے وہی شخص واقف ہوتا ہے جسکو صورت ملکی کیطرف تجرد حاصل ہوتا ہے پس تجرد حاصل ہونے کے بعد اُسکو اپنے حسنات اور سیئات صورت مثالیہ میں ظاہر ہو جاتے ہیں ایسا شخص کبھی خدا تعالےٰ کے دیدار سے خواب میں مشرف ہوتا ہے اور اُسکی وجہ یہ ہوتی ہے کہ وہ شخص خدا تعالےٰ کا فرمانبردار ہوتا ہے، اور کبھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دیدار سے مشرف ہوتا ہے اور اسکی وجہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا اتباع اور فرمانبرداری ہوتی ہے اور وہ فرمانبرداری اُس کے دل میں مرکوز ہوتی ہے، اور کبھی وہ شخص خواب میں انوار کا مشاہدہ کرتا ہے اور اُسکی اصل وہ عبادات مکتسبہ ہوتی ہیں جو اُس کے سینہ اور اعضا میں مرکوز ہو رہی ہیں یہی عبادات انوار اور پاکیزہ پاکیزہ چیزوں کی صورت میں مثل شہد اور گھی اور دودھ کے ظاہر ہوتی ہیں۔ پس جو شخص خواب کے اندر خدا تعالےٰ یا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم یا ملائکہ علیہم السلام کو بُری صورت یا غضب کی حالت میں دیکھے تو اُس کو سمجھنا چاہئے کہ اُسکا عقیدہ ناقص اور ضعیف ہے اور اُس کا نفس کامل نہیں ہوا اسیطرح طہارت کیوجہ سے جو انوار حاصل ہوتے ہیں کبھی وہ شمس و قمر کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں اور جو خواب تخویف شیطانی ہوتی ہے اُسکی اصل حیوانات موذیہ سے اس شخص کا ڈرانا ہوتا ہے مثلاً بندر اور ہاتھی اور کتے یا کالے کالے آدمیوں کا خواب میں دیکھنا انسان کو چاہئے کہ جب خواب میں ایسی چیزیں دیکھے تو خدا کی پناہ مانگے یعنی اعوذ باللہ پڑھے اور اپنی بائیں طرف تین مرتبہ تھوک دے اور جس کروٹ سے وہ لیٹا ہے وہ کروٹ بدلدے۔ اور جو خواب بشارت الٰہی کے قبیلہ سے ہوتی ہے اُسکے لئے تعبیر ہوا کرتی ہے اور تعبیر کا بہتر طریقہ خیالات کا معلوم کرنا ہے کہ کس چیز میں کس چیز کا مظنہ ہوتا ہے اور اُس سے کیا مقصود ہوا کرتا ہے پس کبھی تو ایسا ہوتا ہے کہ سننے سے اسم کی طرف ذہن منتقل ہو جاتا ہے جس طرح ایک مرتبہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خواب میں اپنے آپکو عقبہ بن رافع کے گھر میں دیکھا اور اُسی خواب میں آپ کے پاس کوئی ابن طاب کے تازہ تازہ چھوارے لایا (ابن طاب ایک قسم کے خاص چھوارے ہوتے ہیں) پس آنحضرت صلعم نے فرمایا میں نے اس خواب کی یہ تعبیر لی ہے کہ ہم دنیا میں رفعت یعنی سرفرازی اور آخرت میں عافیت کے ساتھ رہینگے اور ہمارا دین طیب یعنی پاکیزہ ہو گیا۔ اور کبھی دو چیزوں میں التزام ہوتا ہے اور ملزوم سے لازم کی طرف ذہن منتقل ہو جاتا ہے۔ مثلاً کوئی شخص خواب میں تلوار کو دیکھے تو اُس کی تعبیر قتال ہوگی اور کبھی ایک وصف سے ایک ذات کی طرف جو اُس وصف کے مناسب ہوتی ہے ذہن منتقل ہوتا ہے جس طرح آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دو شخص کو جن پر مال کی محبت غالب تھی خواب میں سونے کے دو کنگن کی صورت میں دیکھا الحاصل ایک چیز سے دوسری چیز کیطرف ذہن کے منتقل ہونے کی مختلف صورتیں ہیں اور یہ خواب نبوت کے شعبوں میں سے ایک شعبہ ہے اسواسطے کہ وہ ایک قسم کا فیضان غیبی اور خدا تعالےٰ کی خلق کے ساتھ ایک خاص تقرب کا اثر ہے اور نبوت کی اصل یہی ہے اور خواب کے اقسام باقیہ کی کچھ تعبیر نہیں ہوا کرتی ۰

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آداب صحبت کا بیان

معلوم کرو کہ منجملہ اُن امور کے جنکو فطرت سلیمہ اور اشخاص انسانی میں باہم حاجات کا دائر ہونا اور اتفاقات واجب کرتے ہیں ایک آداب ہیں جنکا بنی آدم کے افراد باہم برتاؤ کریں۔ اکثر یہ آداب تو ایسے ہیں کہ تمام عرب و عجم کے مختلف گروہ اُن کے اصول پر متفق ہیں اگرچہ صرف صورتوں اور اشخاص میں اُن کے اندر اختلاف ہے لہذا اُن آداب سے بحث کرنا اور اُن اداب میں سے آداب صالحہ اور آداب فاسدہ کو تمیز کرنا اُن مصلحتوں میں داخل ہوا جن کو پورا کرنے کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم خلق کی طرف مبعوث ہوئے ہیں۔ از انجملہ ایک تحیہ ہے کہ بعض بعض کیلئے اُسکو عمل میں لایا کریں کیونکہ لوگوں کو باہم خوشی اور بشاشت کے اظہار اور اس بات کی ضرورت ہوا کرتی ہے کہ بعض بعض کے ساتھ لطافت اور مواسات کریں اور چھوٹے بڑوں کو اپنا بزرگ سمجھیں اور بڑے چھوٹوں پر شفقت کریں اور آپس میں بھائی بھائی اور دوست ہو کر رہیں اس واسطے کہ اگر یہ بات نہیں تو صحبت اور دوستی کا فائدہ اور نتیجہ حاصل نہ ہو اور اگر اس خوشی کے اظہار کیلئے کوئی لفظ مقرر نہ کیا جائے تو وہ ایک اندرونی چیز ہے جو بدون قرائن سے استنباط کئے معلوم نہ ہو سکے لہذا ہمیشہ سے ہر گروہ کے سلف کا طریقہ اپنی اپنی رائے کے موافق باہم تحیہ کے برتاؤ کا چلا آتا ہے پھر ہوتے ہوتے انکی ملت کا شعار اور اپنی ملت کے آدمیوں کو پہچاننے کا طریقہ ہو گیا تھا مشرک تو عند الملاقات ایک دوسرے سے یہ کہا کرتے تھے انعم اللہ بک عینا اور انعم اللہ بک صباحا۔ اور مجوس کہا کرتے تھے۔ ہزار سال نہری۔ اور قانون شرعی کا تقضیٰ تھا کہ اس میں اُس طریقہ کو اختیار کیا جائے جو انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے اور اُنہوں نے ملائکہ سے اس طریقہ کو سیکھا ہے اور وہ طریقہ دعا اور ذکر الٰہی کے قبیلہ سے ہے دنیاوی زندگانی میں دل لگانے کے قبیلہ سے نہیں ہے مثلاً درازی عمر اور دولت کی تمنا کرنا اور نہ اُسمیں کثرت سے تعظیم ہے جو آدمی کو شرک کے قریب کرنے جیسے طرح سجدہ کرنے اور زمین بوسی میں اور وہ سلام ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لما خلق اللہ آدم قال اذہب فسلم علی اولئک النفر وہم نفر من الملائکۃ۔ الحدیث۔ خدا تعالےٰ نے جب آدم علیہ السلام کو پیدا کیا فرمایا جا تو پس سلام کر اور اُس گروہ کے اور وہ ملائکہ کا گروہ بیٹھا ہوا تھا پس تو سُن کہ کس چیز سے تیرا تحیہ کرتے ہیں پس آدم علیہ السلام نے جا کر کہا السلام علیکم پس فرشتوں نے کہا السلام علیک ورحمۃ اللہ فرمایا آپ نے پس زیادہ کیا فرشتوں نے ورحمۃ اللہ۔ اللہ پاک نے جو یہ فرمایا کہ اُنپر سلام کر واللہ اعلم اس کے یہ معنی ہیں کہ تحیہ کرنوالے کے ساتھ اپنی رائے کے موافق پس ہمیں اُنکی رائے سوا ہوئی اور اُنہوں نے کہا السلام علیکم اور اللہ پاک نے جو یہ فرمایا کہ یہ تحیہ تیرا ہے یعنی وجوبا اسواسطے کہ اُنہوں نے معلوم کیا کہ خیرۃ القدس سے اسکا القا ہوا ہے اور خدا تعالےٰ نے جنت کے بیان میں فرمایا ہے سلام علیکم طبتم فادخلوہا خلدین سلام تمہارے اوپر خوش ہو تم اور ہمیشہ کے لئے جنت میں داخل ہو۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا تدخلون الجنۃ الحدیث۔ نہ داخل ہو گے تم جنت میں جبتک ایمان نہ لاؤ گے اور ایمان نہ لاؤ گے جبتک باہم محبت نہ کرو کیا میں تم کو ایسی چیز نہ بتلا دوں کہ جب تم اُس کو عمل میں لاؤ تو آپس میں دوست ہو جاؤ باہم سلام کا رواج ڈالو۔ میں کہتا ہوں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سے سلام کا فائدہ اور اسکی مشروعیت کا سبب بیان فرمایا کیونکہ باہم محبت پیدا ہونا ایسی خصلت ہے جس سے خدا تعالےٰ کی رضامندی ہے پس سلام کا افشا محبت پیدا کرنے کو کافی ذریعہ ہے۔ اور اسیطرح مصافحہ اور دست بوسی وغیرہ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یسلم الصغیر علی الکبیر اچھوٹا بڑے کو سلام کرے اور گذرنیوالا بیٹھے ہوئے کو اور تھوڑے لوگ بہت سے لوگوں کو سلام کریں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ سوار پیادہ چلنے والے کو سلام کرے۔ میں کہتا ہوں۔ کہ لوگوں کا دستور ہے کہ جو کوئی کسی کے گھر آتا ہے تو وہ گھر والے کو سلام کرتا ہے اور ادنےٰ درجہ کا اعلیٰ درجہ والیکو سلام کرتا ہے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایکمرتبہ لڑکوں پر گذر ہوا اور انکو سلام کیا اور عورتوں پر آپ کا گذر ہوا تو آپ نے انکو سلام کیا اس واسطے کہ آپ نے معلوم کیا کہ انسان کا اس شخص کو بزرگ سمجھنا جو اس سے بڑا اور شرف ہو جماعات ملک کا جمع کرنا ہے اور اس میں ایک طرح کی خود پسندی ہے لہذا آپ نے بڑوں کا طریقہ تواضع اور خوردوں کا طریقہ یہ مقرر کیا کہ بزرگوں کی توقیر کریں چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من لم یرحم صغیرنا الخ۔ جو شخص خوردوں پر رحم نہ کرے اور بزرگی عظمت نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے اور سوار کے لئے یہ طریقہ کہ پیادہ پاکو سلام کرے اس واسطے مقرر فرمایا کہ سوار عند الناس بالہیت اور اپنی ذات کے اعتبار سے بڑا ہے اسواسطے اس کے لئے تواضع کا طریقہ معین فرمایا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لاتبدؤا الیہود والنصاریٰ بالسلام الخ۔ کہ تم یہود و نصاریٰ کو سلام مت کرو اور جب انمیں سے تم کو کوئی راستہ میں ملجائے تو اسکو تنگ راستہ کیطرف مجبور کرو۔ میں کہتا ہوں اسکی یہ وجہ ہے کہ منجملہ مصلحتوں کے جن کے اتمام کے لئے حضور نبوی کی بعثت ہوئی ہے ملت اسلامیہ کی عظمت اور تمام ملل سے اسکو اعلےٰ اور اعظم گردانتا ہے اور یہ بات اسی طرح پائی جاسکتی ہے کہ مسلمانوں کو تمام ملت والوں پر قدرت اور فضیلت ہو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کے السلام علیکم عشر الخ السلام علیکم کی دس نیکیاں ہیں اور جو شخص ورحمۃ اللہ کہے بیس نیکیاں اور جو شخص وبرکاتہ بھی کہے تیس نیکیاں ہیں اور جو مغفرتہ بھی زیادہ کرے تو چالیس درجہ ثواب ہے اور فرمایا اسی طرح فضیلتیں ہوا کرتی ہیں یعنی جس قدر الفاظ زیادہ ہوتے ہیں اسیقدر ثواب زیادہ ہوتا ہے۔ میں کہتا ہوں زیادتی ثواب کیوجہ اور اسکا مدار یہ ہے کہ اسمیں اس چیز کا تمام کرنا ہے جسکو خدا تعالےٰ نے مشروع کیا ہے اور وہ بشاشت والفت اور دوستی اور دعا اور ذکر اور خدا تعالےٰ پر کام کا حوالہ کرنا ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یجزی عن الجماعۃ الخ جماعت کے لئے جب وہ ہو کر گذریں اسقدر کافی ہے کہ انمیں ایک شخص سلام کرے اور بیٹھے ہوئے لوگوں کو اسقدر کافی ہے کہ ان میں سے ایک شخص سلام کا جواب دے میں کہتا ہوں اسکی یہ وجہ ہے کہ جماعت حقیقت کے اعتبار سے ایک چیز ہے اور اسمیں ایک کا سلام کرنا باہمی نفرت کو دور کر دیتا ہے اور باہم الفت پیدا کر دیتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا انتہی احدکم الی مجلس الخ تم میں سے جب کوئی شخص کسی جلسہ کیطرف پہونچے تو اگر اس کے دل میں بیٹھنے کا قصد ہے تو بیٹھ جائے۔ اور جب کھڑا ہو تو اسکو چاہئے کہ سلام کرے پس پہلا سلام کرنا دوسری مرتبہ سلام کرنے سے زیادہ تر سزاوار اور اولیٰ نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں حضرت کیوقت سلام کرنے میں چند فوائد ہیں منجملہ ان کے ایک یہ ہے کہ اسکی وجہ سے کراہت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور بعد سے کھڑے ہونے نہ ہونے میں تمیز ہو جاتی ہے اور معلوم ہو جاتا ہے کہ ضرورت کیوجہ سے قیام کیا ہے اور پھر جو کوئی بات سننے کو باقی رہجاتی ہے اسکو پورا کرے اور منجملہ ان فوائد کے یہ ہے کہ اس کا جانا مخفیہ طور پر نہ ہو اور مصافحہ کرنے اور مرحبا کہنے اور معانقہ وغیرہ کرنے میں یہ رازہے کہ مصافحہ وغیرہ سے محبت بڑھتی ہے اور خوشی پیدا ہوتی اور باہمی دشمنی اور نفرت دور ہوتی ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا التقی المسلمان فتصافحا وحمدا اللہ تعالیٰ غفر لھما یعنی جب دو مسلمان ملیں اور مصافحہ کریں اور خدا تعالیٰ کی حمد کریں اور خدا تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی مغفرت مانگیں تو ان دونوں کی مغفرت ہو جاتی ہے میں کہتا ہوں یہ اسواسطے ہے کہ مسلمانوں میں خوشی پیدا ہو اور انمیں محبت اور مہربانی کا پایا جانا اور خدا تعالیٰ کے ذکر کا انمیں جاری ہونا خدا تعالیٰ کی رضامندی کا سبب ہے اور قیام میں احادیث مختلف ہیں پس آپ نے فرمایا من سرہ ان یتمثل لہ الرجال قیاما فلیتبوأ مقعدہ من النار۔ جسکو یہ بات پسند ہو کہ اسکی خدمت میں کوئی شخص کھڑا رہے تو اسکو اپنا ٹھکانا جہنم میں بنانا چاہیئے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا تقوموا کما یقوم الاعاجم یعظم بعضھم بعضا۔ مت کھڑے ہو تم جس طرح کھڑے ہوتے ہیں عجمی بعض بعض کی تعظیم کے لئے اور فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعدؓ کے قصہ میں قوموا الی سیدکم۔ کھڑے ہو تم طرف سردار اپنے کے اور حضرت فاطمہؓ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا کرتی تھیں تو آپ ان کے لئے کھڑے ہو جایا کرتے تھے اور ان کا ہاتھ پکڑ کر بوسہ دیتے تھے اور اپنی جگہ انکو بٹھلاتے تھے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہؓ کے پاس جاتے تھے تو حضرت فاطمہؓ کھڑی ہو جایا کرتی تھیں اور آپکا دست مبارک پکڑ کر چومتی تھیں اور اپنی جگہ آپ کو بٹھاتی تھیں میں کہتا ہوں ہمیں فی الحقیقت اختلاف نہیں ہے اور جس معنی پر امر و نہی کا مدار ہے وہ مختلف ہے اسواسطے کہ کبھی لوگ انکا قائم رہنا اس لئے کرتے تھے کہ انکے خدمتگار انکے سامنے کھڑے رہا کرتے تھے اور رعایا بادشاہ کے روبرو کھڑی رہا کرتی تھی۔ اور وہ ان کی تعظیم میں افراط تھی یہانتک کہ شرک میں واقع ہونیکا احتمال تھا لہذا اس سے ممانعت کی گئی اور اسی کی طرف اس حدیث میں اشارہ واقع ہوا ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کما یقوم الاعاجم۔ اور من سرہ ان یتمثل۔ کہا کرتے ہیں مثل میں یہ یہ مثلاً جب خدمت کے لئے سیدھا کھڑا ہوتا ہے اور جو کھڑا ہونا اسلئے خوشی مومن کے واسطے اور اسکا اکرام اور اس کے دل کی خوشنودی منظور ہو تو یہ بات کہ اسکے سامنے خدمت کیلئے کھڑا ہو تو اسمیں مضایقہ نہیں اس لئے کہ اس میں شرک کی آمیزش نہیں ہے اور کسی نے عرض کیا اے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جب کوئی شخص ہم میں سے اپنے بھائی سے ملے آیا اسکے واسطے جھک جائے فرمایا نہیں اور اسکا سبب یہ ہے کہ یہ جھکنا رکوع نماز کے مشابہ ہے پس وہ بمنزلہ سجدہ تحیہ کے ہے اور اللہ پاک فرماتا ہے یا ایہا الذین آمنوا لا تدخلوا بیوتا غیر بیوتکم الخ اے ایمان والو گھر میں نہ جاؤ اپنے گھروں کے داخل مت ہو یہانتک کہ اجازت لو اور سلام کرو ان گھر والوں پر اور اللہ پاک فرماتا ہے یا ایہا الذین آمنوا لیستاذنکم الذین ملکت ایمانکم الخ اے ایمان والو چاہیے کہ وہ لوگ جو تمہارے ہاتھوں کے مملوک ہوئے ہیں تم سے اجازت لیں اور وہ لوگ جو تم میں سے بلوغ کو نہیں پہونچے الی قولہ کما استاذن الذین من قبلھم۔ پس خدا تعالیٰ کا تستانسوا تستاذنوا کے معنی میں ہے میں کہتا ہوں استیذان اسی واسطے مقرر کیا گیا ہے کہ یہ بات تم کو ناپسندیدہ ہے کہ لوگ آدمیوں کی شرمگاہوں پر محیط ہوں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور وہ چیز جو انکو گوارا نہ ہو دیکھیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ استیذان بینائی کے لئے مقرر کیا گیا ہے پس مناسب ہے کہ لوگوں کے مختلف ہونے سے وہ بھی مختلف ہو پس بعض ان میں سے اجنبی ہیں کہ اس سے اور ان سے میل جول نہیں ہے اور اسکے لئے مناسب ہے کہ جبتک آواز دیکر اجازت نہ مانگے اور آواز سے اسکو اجازت نہ مل جاے داخل نہ ہو اسواسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کلدہ بن حنبل اور بنی عامر کے ایک شخص کو تعلیم فرمایا کہ یہ کہے السلام علیکم او دخل۔ اور فرمایا کہ استیذان تین مرتبہ ہے پس اگر تجکو اذن دیا جاوے فبہا وگرنہ لوٹ آ اور بعض ان میں محرم ہیں اگرچہ محارم نہیں ہیں مگر آپسمیں میل جول اور دوستی ہے پس انکا اجازت لینا ان کے استیذان سے کمتر ہے اسی واسطے آپ نے عبداللہ بن مسعودؓ سے فرمایا تیرا اذن میرے اوپر یہ ہے کہ تو پردہ کو اٹھاوے اور یہ کہ سنے تو میرے کلام کی آواز یہانتک کہ میں تجکو منع کروں اور بعض انمیں سے لڑکے اور غلام ہیں کہ ان سے پردہ فرض نہیں ہے لہذا ان کے لئے استیذان کی ضرورت نہیں ہے مگر ان اوقات میں کہ عادتاً کپڑے اتار دیے جاتے ہیں اور خدا تعالے نے ان تین اوقات کو اس واسطے خاص کیا ہے کہ وہ اوقات لڑکوں اور غلاموں کے آنے کے ہیں بخلاف آدھی رات کے مثلاً اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے رسول الرجل الی الرجل اذنہ۔ آدمی کی طرف آدمی کا قاصد اسکا اذن ہے اسواسطے کہ اس نے معلوم کر لیا اس چیز کو جسکی طرف وہ بھی بھیجا گیا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا دستور تھا کہ جب کسی قوم کے دروازے پر تشریف لاتے تھے تو دروازے کے سامنے سے نہ آتے تھے پس فرماتے تھے السلام علیکم اور یہ اسواسطے تھا کہ ان لوگوں کے گھروں کے سامنے پردے نہ تھے اور منجملہ آداب کے بیٹھنے اور سونے اور سفر کرنے کے آداب ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لایقیم الرجل الرجل من مجلسہ۔ کوئی شخص کسی کو اسکی جگہ سے اٹھا کر نہ بیٹھے بلکہ کہے کشادہ ہو کر اور کھل کر بیٹھو میں کہتا ہوں یہ اسواسطے ہے کہ کسی کو اٹھا کر بیٹھنا غرور اور خود پسندی کی بات ہے اور دوسرے کے دلمیں اس سے رنج اور کینہ پیدا ہوتا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من قام من مجلسہ الخ جو شخص اپنی جگہ سے کھڑا ہوا اور پھر وہیں آیا تو اسکا وہ سزاوار زیادہ ہے میں کہتا ہوں جو شخص پہلے بیٹھ گیا اور وہ جگہ اسکے لئے مباح تھی خواہ مسجد ہو یا خانقاہ یا گھر پس اسکا حق اس سے متعلق ہو گیا پس جبتک اسکو اس جگہ کی حاجت ہو اسوقت تک اسکو برگشتہ نہ کیا جاے اور اسکا مثال تیجر زمین کا سا ہے کہ جو کوئی بنجر کو توڑ کر کھیتی کرے وہی اسکا مستحق ہے اور پہلے اسکا حال گذر چکا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لایحل لرجل ان یفرق بین اثنین الا باذنہا کسی شخص کو روا نہیں کہ دو شخصوں کے بیچ میں انکو علحدہ کر کے بیٹھے مگر انکی اجازت سے میں کہتا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ دو شخص اکثر اوقات باہم خوشنودی اور مسرت کی باتیں کرنے کے لئے پاس پاس بیٹھ جاتے ہیں پس ان دونوں کے بیچ میں بیٹھ جانا ان کے دل کو مکدر کرنا اور کبھی وہ باہم محبت کرنے کی باتیں کرتے ہیں پس ان کے درمیان میں بیٹھنا انکو متنفر کرنا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لیتلقین احدکم الخ تم میں سے چت لیٹ کر ایک پیر کو دوسرے پیر پر نہ رکھے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو لوگوں نے چت لیٹے ہوئے اور ایک قدم کو دوسرے پر رکھے ہوئے دیکھا ہے میں کہتا ہوں لوگ لنگی باندھا کرتے تھے اور لنگی باندھنے والا جب ایک پیر کو دوسرے پر رکھتا ہے تو وہ شرمگاہ کو کھلنے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے معمول نہیں ہوتا پس اگر پاجامہ پہنے ہوئے ہو یا شرمگاہ کے کھلنے سے مامون ہو تو اسطرح بیٹھنے میں مضائقہ نہیں ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے جو اٹا پڑا اتھا فرمایا یہ ایسا ہے جو خدا تعالے کو ناگوار ہے میں کہتا ہوں اسکی یہ وجہ ہے کہ یہ تنہا ایک منکر اور قبیح ہیئت ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے من بات علی ظہر بیت لیس لہ جو شخص گھر کی چھت پر رات کو سوئے اور اس چھت پر کوئی آڑ نہ ہو تو اس سے ذمہ بری ہے میں کہتا ہوں اسکی یہ وجہ ہے کہ یہ اپنے جان کے ہلاک کرنیکا سامان کیا اور اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالا اور خدا تعالے فرماتا ہے لا تلقوا بایدیکم الی التہلکۃ اپنے ہاتھوں کو ہلاکت میں مت ڈالو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ملعون علی لسان محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی زبان پر جو شخص عاقہ کے بیچ میں بیٹھے ملعون ہے بعض کے نزدیک اس سے ماجن مراد ہے جو اپنے آپ کو سخرہ پن میں ڈالتا ہے تاکہ اس سے مسخرا پن کریں اور شیطانی کام ہے اور ممکن ہے کہ یہ معنی ہوں کہ ایک گروہ کیطرف پشت اور دوسرا کیطرف منہ کرے اور اس سے لوگوں کے دل کو ناگوار گذرے اور ایکمرتبہ مرد و عورت ملے بیٹھے تھے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے عورتوں سے فرمایا استاخرن انہ لیس لکن ان تحققن الطریق پیچھے کو ہٹو تم کو روا نہیں ہے کہ راستہ کے درمیان میں بیٹھو بلکہ تم کو لازم ہے کہ راستے سے ادھر ادھر ہٹ کر بیٹھو پس عورتیں دیوار سے لگکر بیٹھنے لگیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے بھی منع فرمایا ہے کہ کوئی مرد و عورتوں کے بیچ میں ہو کر گذرے میں کہتا ہوں اس میں اندیشہ ہوتا ہے کہ مرد عورت سے لگ جائے اور وہ عورت غیر محرم ہے یا اسکی طرف دیکھے اور فرمایا ہے اذا عطس احدکم فلیقل الحمد للہ تم میں سے جب کوئی چھینکے تو اسکو الحمد للہ کہنا چاہیے اور اسکے بھائی کو یا اسکے صاحب کو یرحمک اللہ کہنا چاہیے اور پھر اسکو یہدیکم اللہ ویصلح بالکم کہنا چاہیے اور ایک روایت میں ہے اور وہ اگر الحمد للہ نہ کہے تو اسکو جواب مت دو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تحمد اخاک ثلاثا فان زاد فہو مزکوم اپنے بھائی کی چھینک کا تین مرتبہ جواب دو اور جو زیادہ ہو تو وہ زکام ہے میں کہتا ہوں چھینکتے وقت حمد کا واسطے مقرر کی گئی ہے کہ ایک تو وہ دلیل شفا ہے اور اس سے دماغ کی انجرہ نلیاں کھل جاتے ہیں دوسرے یہ کہ وہ حضرت آدم علیہ السلام کی سنت ہے اور حمد کرنے سے معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ شخص تابع سنن انبیا علیہم السلام ہے اور مثل انبیا پرہیزگار ہے اور اسواسطے جواب دینا واجب ہوا اور وہ حقوق اسلام سے ہوا اور جواب دینے والے کیلئے جواب دینا اسواسطے مقرر کیا گیا کہ تسمین مبادلۃ الاحسان بالاحسان ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا تثاءب احدکم فلیرد ما استطاع فان احدکم اذا تثاءب ضحک منہ الشیطان جب تم میں سے کوئی جماہی لیتا تو شیطان کے ہی طرف سے ہے پس تم میں سے جب کوئی جماہی لے تو جہانتک اس سے ہو سکے اس کو روکے اور تم میں سے جب کوئی جماہی لیتا ہے تو اس سے شیطان ہنستا ہے میں کہتا ہوں جماہی سستی طبع اور غلبہ بلغم سے پیدا ہوتی ہے اور شیطان کو اسمیں موقع ملتا ہے اور منہ کھولے اور ہا ہا کی آواز سے شیطان ہنستا ہے اسواسطے کہ وہ ایک قبیح ہیئت ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے فاذا تثاءب احدکم فلیضع یدہ علی فیہ فان الشیطان یدخل جب تم میں سے جب کوئی جماہی لے تو اسکو چاہیے کہ اپنے منہ پر ہاتھ رکھے اسواسطے کہ شیطان داخل ہوتا ہے میں کہتا ہوں شیطان کھیں اور پھروں کو اڑا کر اسکے منہ میں گھسا دیتا ہے اور اکثر اوقات منہ کے عضلات سکڑ جاتے ہیں اور جسنے ایسا دیکھا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لو یعلم الناس ما فی الوحدۃ ما اعلم راکبا باللیل اگر لوگوں کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معلوم ہو کہ دعوت میں لیبات ہے جو میں جانتا ہوں تو سوار رات کو تنہا نہ چلے۔ میں کہتا ہوں اس سے آپکی مراد یہ ہے کہ مہلکات میں پڑ جانا اور اُنکی دلیری کرنا باضرورت ایک ناپسندیدہ امر ہے لیکن آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو حضرت زبیر کو مقدمۃ الجیش کر کے تنہا بھیجا تھا تو اُسکی ضرورت تھی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا تصحب الملائکۃ الخ نہیں ساتھ ہوتے فرشتے اُن رفیقوں کے جنمیں کتا اور گھنٹہ ہو اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الجرس مزامیر الشیطان۔ گھنٹہ شیطان کے مزامیر ہیں۔ میں کہتا ہوں جو آواز تیز اور سخت ہو شیطان اور اُس کے ذریات کے موافق ہے اور ملائکہ کو اُس سے نفرت ہے اور اُن دونوں کے جیلی مزاج کا مقتضے ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے سافروا فی الخصب۔ الخ جب تم ارزانی میں سفر کیا کرو تو اونٹ کو اُسکا حق ادا کیا کرو جو زمین میں ہے اور جب تم قحط میں سفر کرو تو اُسکو جلد جلد چلاؤ اور جب اخیر رات میں آؤ تو راستہ سے بچو کیونکہ وہ رات کیوقت دواب کا رہگذر ہے اور حشرات کا ماوا ہیں۔ میں کہتا ہوں یہ سب ظاہر ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے السفر قطعۃ من العذاب۔ سفر عذاب کا ایک ٹکڑا ہے تم میں سے ایک کو نیند اور کھانے و پینے سے باز رکھتا ہے پس جب کہ پورا کر چکے اپنی حاجت کو جو اُس کے سامنے ہے تو اُس کو چاہیئے کہ اپنے اہل کو جلدی سے چلا آئے میں کہتا ہوں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس بات کو مکروہ سمجھا کہ آدمی حقیر چیزوں کے پیچھے پڑا رہے اور اُن کی وجہ سے اُسکو زیادہ روز تک سفر کرنا پڑے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اذا اطال احدکم الغیبۃ الخ جب تم میں سے کوئی غیبت کو دراز کرے تو اُسکو چاہیئے کہ رات کو اپنے گھر نہ آوے میں کہتا ہوں بسا اوقات انسان کو پیب پراگندہ ہونے بالوں وغیرہ کے نفرت ہو جاتی ہے اور وہ ان دونوں کے تکدر حال کا باعث ہوتی ہے۔

از انجملہ کلام کرنے کے آداب ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اخنی الاسماء یوم القیامۃ عند اللہ جل الخ یعنی بدترین ناموں کا خدا تعالےٰ کے نزدیک قیامت کے روز وہ شخص ہے جس کا نام ملک الاملاک ہو اور فرمایا آپ نے کہ نہیں بادشاہ مگر خدا تعالےٰ۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ابوالحکم کنیت رکھنے سے منع فرمایا ہے ان اللہ ہو الحکم کہ حکم خدا تعالےٰ ہی ہے اور اُسی کی طرف حکم ہے۔ میں کہتا ہوں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کنیت سے اسواسطے منع فرمایا کہ اسمیں تعظیم کبریت پائی جاتی ہے اور وہ شرک کے قریب آتی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا تسمین غلامک یسارا الخ اپنے لڑکے کا نام یسار ہرگز مت رکھو اور نہ رباح اور نہ نجیح اور نہ افلح پس تو کہتا ہے کہ یسار اُس جگہ ہے پس نہیں ہوتا پس کہا جاتا ہے نہیں۔ اور جابر نے فرمایا ہے آنحضرت صلے اللہ کا مقصود اس بات سے منع کرنا تھا کہ نام رکھا جاوے ساتھ بعلے اور برکت اور نافع وغیرہ کے پھر میں نے آپ کو دیکھا کہ اُس منع کرنے سے خاموش ہو رہے پھر آپ کی وفات ہو گئی اور اُس سے منع نہیں کیا میں کہتا ہوں ان نامونکا مکروہ ہونا اسواسطے ہے کہ وہ ایک ہیئت منکرہ کی طرف پہونچاتے ہیں کہ وہ ہیئت اقوال میں ایسی ہے جیسے اجدع وغیرہ افعال میں۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الاجدع شیطان۔ نکٹا شیطان ہے۔ اور احادیث میں تطبیق بایں طور ہے کہ آپ نے نہی میں تاکید نہیں کی مگر ارشاد کے طور پر بمنزلہ مشورہ کے اس سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

منع فرمایا یا نہی کے علامات آپکو ظاہر ہوئے پس راوی نے کہا یہ ازروے اجتہاد کے منع کیا جسنے اسکو محفوظ کیا حجت ہے اس شخص پر جسنے محفوظ نہیں کیا۔ اور میرے نزدیک یہ وجہ صحابہؓ کے فعل کے موافق ہے اسواسطے کہ وہ ہمیشہ اس قسم کے نام رکھا کرتے تھے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سموا باسمی الا میرے نام پر نام رکھو اور میری کنیت پر کنیت مت کرو اور فرمایا آپ نے نہیں گردانا گیا میں قاسم مگر اسوجہ سے کہ تم میں تقسیم کرتا ہوں۔ کہتا ہوں اگر کسی کا نام نبی کے نام پر ہوتا تو اس گمان کا موقع تھا کہ احکام میں اشتباہ واقع ہوتا اور ان احکام کی نسبت اور رفع کرنے میں تلبیس واقع ہوتی اور جب کہا جاتا کہا ابوالقاسم نے یہ گمان ہوتا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ حکم ہے اور بسا اوقات مراد کوئی اور ہوتا اور بسا اوقات آدمی کو نام لیکر کوئی گالی دیتا ہے اور لڑائی جھگڑوں میں اس کے لقب سے ذم کیجاتی ہے پس اگر نبی کے نام پر نام ہو تو اسمیں ایک ہیئت منکرہ پائی جاتی ہے پھر یہ بات کنیت کے اعتبار سے اکثر پائی جاتی ہے بہ نسبت علم کے بدو وجہ ایک تو یہ وجہ ہے کہ لوگو کو شرعاً اس بات سے ممانعت تھی اور سعادت کے اعتبار سے اس بات سے باز رہتے تھے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو نام لیکر ندا کریں اور مسلمان یا رسول اللہ کہکر ندا کرتے تھے اور ذمی لوگ کہتے تھے یا ابا القاسم۔ دوسرے یہ کہ عرب نام لیکر بزرگی یا حقارت کا قصد نہ کیا کرتے تھے بلکہ کنیت سے بزرگی یا حقارت کا قصد کیا کرتے تھے جیسے ابوالحکم اور ابوجہل کہ اول میں تشریف اور دوسری میں تحقیر مقصود ہے وعلی ہذا القیاس اور آپ کی کنیت ابوالقاسم اسواسطے ہوئی کہ آپ قاسم تھے پس دوسرے کی یہ کنیت رکھنا ایسا ہوا جیسے آپ سے برابری کرنا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو اس بات کی رخصت کہ آپکے بعد اپنے لڑکے کا نام آپ کے نام پر رکھیں اور آپکی کنیت پر اسکی کنیت کریں اسیواسطے دی کہ التباس رفع ہوگیا کیونکہ آپ کا زمانہ گذر گیا۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لایقولن احدکم عبدی وامتی۔ الخ چاہئے کہ تم میں سے کوئی نہ کہے عبد میرا اور امت میری بلکہ تم سب خدا ہی کے بندے ہو اور تمہاری سب عورتیں خدا تعالےٰ کی بندیاں ہیں بلکہ اسکو یہ کہنا چاہئے کہ غلام میرا اور لونڈی میری اور جوان میرا اور جوان میری اور غلام کو چاہئے کہ یہ نہ کہے رب میرا بلکہ اسکو یہ کہنا چاہئے کہ میرا آقا میں کہتا ہوں کلام میں دراز کرنی اور لوگوں کو حقیر سمجھنے کا سبب کبر اور خود پسندی ہے اور اسمیں لوگوں کی دلشکنی ہے اور نیز چونکہ کتب آسمانی میں اس نسبت کو جو خالق اور مخلوق کے اندر پائی جاتی ہے عبدیت اور ربوبیت کیساتھ تعبیر فرمایا ہے لہذا لوگو کو باہم اسکا استعمال کرنا بے ادبی ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے انگور کی نسبت فرمایا ہے کہ کرم مت کہا کرو بلکہ عنب اور حبلہ کہا کرو اور یہ مت کہو یا خیبۃ الدہر یعنی اے زمانہ کی بے نصیبی کیونکہ خدا تعالےٰ تو دہر ہے اور اللہ پاک نے فرمایا ہے کہ دہر کو برا کہکر ابن آدم مجکو ایذا دیتا ہے دہر تو میں ہی ہوں میرے ہاتھ میں ہی امر میں ہی رات و دن کو لوٹتا پوٹتا رہتا ہوں۔ میں کہتا ہوں کہ جب خدا سے پاک نے شراب سے نہی فرما دی اور وہ ایک اتری ہوئی چیز ہوگئی تو مناسب ہوا کہ جس بات میں اسکی عظمت پائی جائے اور جس بات سے اسکی عمدگی کا خیال ہوسکے اس سے بھی ممانعت فرمائی جائے اور انگور شراب کی اصل اور مادہ ہے اور عرب کا دستور تھا کہ اکثر اوقات شراب کو نسبت کرم کہکر تعبیر کیا کرتے تھے اور اسی نام سے اسکو مشہور کرتے تھے اور اہل جاہلیت کا

محکمہ کاکل ویرایش سے مزین مشروع وسفارشی کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قاعدہ تھا کہ واقعات کو دہر یعنی زمانہ کی طرف منسوب کیا کرتے تھے اور یہ ایک قسم کا شرک تھا اور نیز اکثر دہر سے مقلب دہر انکو مراد ہوا کرتا تھا بہرحال دہر کے برا کہنے کا مآل خدا تعالیٰ سے ناخوشی کیطرف تھا اگرچہ اسکی عنوان میں وہ خطا کرتے تھے غلط تھا اور حدیث شریف میں آیا ہے تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میرا نفس خبیث ہوگیا بلکہ اسکو یہ کہنا چاہئے کہ میرا نفس بگڑ گیا میں کہتا ہوں کہ اکثر خباثت کا استعمال کتب آسمانی میں خباثت باطنی اور بدطینتی پر آیا ہے لہذا یہ کلمہ بمنزلہ ہیات شیطانیہ کے ٹھہرا۔ اور اگر کوئی شخص کسی بات کو اس طرح پر بیان کرے کہ لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ یہ بات اسطرح ہے تو اسکی نسبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بئس مطیۃ الرجل۔ برا ذریعہ آدمی کا ہے یعنے صرف لوگوں کے گمان کرنے سے کسی بات کا بیان کردینا برا ہے میں کہتا ہوں اس حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی یہ مراد ہے کہ کہو یہ بات ناگوار ہے کہ کوئی شخص بلا ثبوت کسی بات کو ذکر کرے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے لا تقولوا ما شاء اللہ وشاء فلان الخ یہ بات مت کہو کہ جو خدا نے چاہا اور فلان نے چاہا اور یہ کہو کہ جو خدا نے چاہا پھر فلان نے چاہا میں کہتا ہوں برابر برابر ذکر کرنے سے رتبہ کے اندر برابری کا وہم ہوتا ہے لہذا اس قسم کے لفظ کا زبان سے نکالنا سوء ادبی ٹھہرا اور معلوم کرو کہ بے فائدہ باتوں میں غور کرنا اور کاوش کرنی اور فصاحت وبلاغت میں انہماک اور اشعار اور مزاح کی کثرت اور قصہ کہانیوں میں وقت کا گذارنا یہ سب امور منجملہ اُن امور کے ہیں جو انسان کو دنیا و دین سے بیخبر کرتے ہیں اور جن کا مدار باہمی تفاخر اور غرور پر ہوتا ہے لہذا انکا حال عادت اہل عجم کا سا حال ہوا اسواسطے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے انکو ناپسند فرمایا اور انکے نقصانات بیان فرمائے مگر جس قدر میں کراہت کے معنی نہیں پائے جاتے اسقدر کی اجازت عطا فرمائی اگرچہ بادی الرائے میں انکے اندر اشتباہ پایا جاوے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہلک المتنطعون۔ فضول باتوں میں غور کرنے والے برباد ہوگئے تین مرتبہ اس کلمہ کو ارشاد فرمایا اور فرمایا ہے الحیاء والعی شعبتان من الایمان والبذاء والبیان شعبتان من النفاق۔ حیا اور رک رک کر بات کرنا ایمان کے دو شعبے ہیں اور بیحیائی اور بیان بیدھڑک تقریر کرنا چاہے زبان سے کچھ نکلجائے۔ نفاق کے دو شعبے ہیں۔ میں کہتا ہوں اس سے آپکی مراد بیحیائی اور تحقق اور تطاول کلام کا ترک کرنا ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان احبکم الی واقربکم منی یوم القیامۃ احاسنکم اخلاقا الحدیث تم میں سے مجکو زیادہ تر پسندیدہ اور بروز قیامت تم میں سے مجھ سے زیادہ تر قریب وہ لوگ ہیں جن کے اخلاق عمدہ ہیں اور تم میں سے مجکو زیادہ تر مبغوض اور مجھ سے زیادہ تر دور تم میں سے وہ لوگ ہیں جو بداخلاق اور بڑے باتون اور کلہ دراز اور متکبر ہیں۔ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں نے جانا یا حکم دیا کہ گفتگو میں اعتدال اور اختصار بقدر کفایت کرنا بہتر ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تمہارا شکم پیپ سے پر ہو جس کو تم دیکھتے ہو اس سے بہتر ہے کہ وہ شعروں سے بھرا ہوا ہو۔ حضرت حسان سے آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جب تک تو مشرکین کے مقابلہ میں خدا اور رسول کی جانب سے مخاصمت کریگا کفار کا مقابلہ اور روح القدس ہمیشہ تیری مدد کریگا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مسلمان اپنی تلوار اور زبان سے جہاد کیا کرتا ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ تمہارے اشعار مشرکین کی بجو میں تیر مارنے کا حکم رکھتے ہیں مصنف کے باب میں جہاں ہم نے آیات ربانی کے اصول و قواعد بیان کئے ہیں وہاں وہ حدیثیں ظاہر کردی ہیں جہاں سے حفظ لسان ہوتا ہے جیسے آنحضرت نے فرمایا ہے کہ جسکو خدا اور آخرت پر ایمان ہے اسکو چاہئے کہ نیک بات کہے ورنہ خاموش رہے۔ اور آنحضرت نے فرمایا مسلمانوں کو برا کہنا فسق ہے اور اس سے لڑنا فسق ہے اور آنحضرت نے فرمایا تم جانتے ہو غیبت کیا چیز ہے غیبت اسبات کا بیان کرنا ہے جو تیرے بھائی کو ناگوار ہو۔ اس پر تم سے عرض کیا گیا کہ اگر میرے بھائی میں وہ بات موجود ہو جو میں کہتا ہوں کیا یہ بھی غیبت ہے فرمایا وہ بات کہنا جو اس میں ہے یہی تو غیبت ہے اور اگر تو نے وہ بات کسی جو اس میں نہیں ہے تو تو نے اس پر بہتان کیا۔

علما کا قول ہے کہ ۶ موقع غیبت سے چھ امور مستثنے ہیں اول اپنا ظلم ظاہر کرنا۔ خدا فرماتا ہے خدا بری بات کے ظاہر کرنے کو پسند نہیں فرماتا مگر جو شخص مظلوم ہے۔ دوسرے کسی ایسی حالت میں کہ برائی ظاہر کرنے سے کسی امر منکر کا بدل دینا منظور ہو۔ اور عاصی کو بہتری کی طرف لوٹانے کا قصد کیا جائے۔ جیسے زید بن ارقم نے عبداللہ بن ابی کا قول آنحضرت صلعم سے نقل کر دیا تھا اور عبداللہ بن مسعود نے حنین کی غنیمتوں کے متعلق انصار کا قول بیان کر دیا تھا۔ تیسرے کسی فتوے لینے میں جیسے ہند نے کہا کہ ابوسفیان بخیل آدمی ہے۔ چوتھے مسلمانوں کو کسی شر سے محفوظ کرنا جیسے آنحضرت نے فرمایا۔ اس خاندان کا بھائی برا ہے یا جیسے حدیث میں زخمیوں کا زخمی کرنا آیا ہے۔ اور جیسے آنحضرت نے فرمایا کہ معاویہ تنگدست ہیں اور ابوجہم اپنے کندھے سے عصا کو نہیں اتارتا۔ پانچویں فاسق کے شر سے متنفر کرنا۔ آنحضرت نے فرمایا ہے کہ میں فلان فلان شخصوں کو نہیں جانتا ہوں کہ ہمارے حال سے کچھ بھی واقف ہیں چھٹی کسی کی حالت بیان کرنا جیسے فلان شخص اعمش ہے یا لنگڑا ہے۔

اور علما نے یہ بھی کہا ہے کہ جب کوئی مقصود شے بغیر کذب کے حاصل ہی نہ ہو سکتی ہو تو وہاں کذب جائز ہے آنحضرت نے فرمایا ہے وہ شخص کذاب نہیں ہے جو لوگوں میں اصلاح کرنے کیلئے کسی نیک کو ظاہر کرے یا کوئی نیک بات کہدے۔

اسی مبحث کے متعلق نذروں اور قسموں کے احکام ہیں

اسمیں مختصر امر یہ ہے کہ نذریں مقرر کرنا اور قسمیں کھانا لوگوں کی عادات میں سے ہے عرب ہوں یا عجم کسی فرقہ اور امت کو تم نہ پاؤ گے کہ اپنے موقعوں پر انکا استعمال نہ کرتے ہوں اسواسطے انکے مباحث کی ضرورت ہوئی یہ نذریں اور قسمیں نیکی کے اصول سے نہیں ہیں لیکن جب کسی نے اپنے اوپر ایک شے واجب قرار دے لی اور خدا کا نام اس کے لئے ذکر کیا تو یہ ضروری ہوا کہ خدا کی عظمت میں اور اس شے میں جس پر خدا کا نام ذکر کیا گیا ہے کوتاہی نہ کی جائے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے نذریں مت مقرر کیا کرو اس لئے کہ نذر سے کوئی امر مقدر نہیں دور ہو سکتا ہے ان کے سبب سے بخیل کی جانب سے کوئی شے نکل جایا کرتی ہے یعنی انسان جب کسی حالت میں گھر جاتا ہے تو اسوقت اس کو کسی نذر میں کرنا آسان معلوم ہوا کرتا ہے جب خدا اس کو تنگی سے نجات دیدیتا ہے تو گویا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی تکلیف نے اسکو کبھی چھوا بھی نہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھا۔ اس لئے ضرور ہے کہ جس شے کو اُس نے اپنے اوپر لازم کر لیا تھا اُسکو دل سے باہر کر دے اس سے قصد و عزیمت میں پختگی اور استحکام ہوتا ہے۔

قسم کی چار قسمیں ہیں اول یمین منعقدہ یا اس قسم کا نام ہے جو کسی آئندہ شے کے لئے کھائی جائے وہ شے ممکن بھی ہو۔ اور دل میں اُس کے متعلق فیصلہ کر لیا ہو اُس کو خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ خدا تم سے اُن قسموں کا مواخذہ کریگا جو تم نے منعقد کی ہونگی دوسرے لغو الیمین جیسے کہ لوگ بلا قصد کہدیا کرتے ہیں۔ واللہ باللہ بلے واللہ یا ایسی شے پر قسم کھا بیٹھیں جسکے ہونے کا گمان ہو اور بعد کو اس کے خلاف ثابت ہو۔ اسمیں خدا تعالےٰ کا قول ہے کہ خدا لغو قسموں میں مواخذہ نہیں کرتا۔ تیسری یمین غموس کہ قصداً جھوٹی قسم اس لئے کھائی جائے کہ اس سے ناحق کسی مسلمان کا مال ہضم کر لیا جائے۔ یہ قسم کبائر میں سے ہے۔ چوتھی وہ قسم جو کسی محال عقلی سے کھائی جائے۔ جیسے یہ کہنا کہ گذشتہ کل کا روزہ رکھونگا یا دو ضدوں کا جمع کرنا یا کسی محال عادی پر قسم کھائی جائے مثلاً مردہ کو زندہ کرنا یا اشیاء کی حقیقت بالکل بدل دینا اور ان دونوں قسموں میں جن میں لغو وارد نہیں ہے یہ اختلاف ہے کہ ان میں قسم کا کھانا آتا ہے یا نہیں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اپنے باپ دادوں کی قسمیں نہ کھایا کرو جس کو قسم کھانی ہو وہ خدا کی قسم کھائے یا خموش رہے اور نیز آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے جس نے خدا کے سوا دوسرے کی قسم کھائی اُس نے شرک کیا۔

میں کہتا ہوں کہ کسی کے نام کی قسم جب ہی کھائی جاتی ہے کہ اسمیں عظمت اور بزرگی کا اعتقاد ہو اس کے نام میں برکت خیال کی جائے اسمیں کوتاہی اور جس امر کے لئے وہ نام ذکر کیا گیا ہے اس کو فروگذشت کرنا گناہ تصور کیا جائے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص قسم کھائے اور قسم میں لات والعزیٰ ملے کہے تو اُسکو چاہئے کہ اُس کے بعد لا الہ الا اللہ کہے اور جو اپنے رفیق سے کہے آؤ قمار بازی کریں تو اس کو چاہئے کہ صدقہ کرے میں کہتا ہوں کہ زبان دل کی ترجمان ہوا کرتی ہے اور اس کی مقدمہ ہوتی ہے دلی تہذیب جبتک حاصل نہیں ہو سکتی کہ زبان کی محافظت کا لحاظ کیا جائے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب کوئی شخص قسم کھائے اس کے بعد دوسرے سے اُس کو بہتر معلوم ہو تو قسم کا کھانا دیکر اُسی بہتر شے کو عمل میں لانا چاہئے۔ آنحضرت نے فرمایا ہے تم قسم کھا کر اپنے اہل میں اُس کے امضاء کا اصرار کیا کرتے ہو اسمیں خدا کے نزدیک اس سے زیادہ گناہ ہے کہ اُس کا کفارہ جو خدا نے اس پر فرض کیا ہے ادا کیا جائے میں کہتا ہوں اکثر لوگ کسی بات پر قسم کھا بیٹھتے ہیں پھر اپنے نفس پر اور لوگوں پر سختی اور تنگی سے اُسکو پورا کرتے ہیں اور یہ امر مصلحت کے خلاف ہے اور کفارہ صرف اس واسطے مقرر کیا گیا ہے کہ مکلف کی نفسانی حالت کو روک دے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تیری قسم اسی حالت پر رہیگی کہ تیرا مقابل یعنی مدعی اُسکی تصدیق کرے میں کہتا ہوں کہ کسی مسلمان کے مال ہضم کرنے کے لئے حیلہ کیا جاتا ہے اور قسم میں تاویل کی جاتی ہے۔ مثلاً یوں قسم کھاتا ہے کہ واللہ میرے ہاتھ میں تیرے مال کا کوئی حصہ نہیں ہے اس سے قصد یہ ہوتا ہے کہ خاص میرے ہاتھ میں نہیں ہے اگرچہ میرے قبض و تصرف میں ہو۔ ظلم اس پر آمادہ کرتا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص قسم کھائے اور انشاء اللہ کہدے۔ وہ حانث نہیں ہے میں کہتا ہوں کہ اس وقت میں دل کا قطعی فیصلہ اور قصد مصمم نہیں ہوا کرتا۔ اور کفارہ کے لئے اسی کی ضرورت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوتی ہے۔

خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ خدا لغو قسموں میں تم سے مواخذہ نہیں کرتا ہے لیکن جن قسموں کا تم نے بصم قصد کرلیا ہے اُنکا کفارہ یہ ہے کہ دس مسکینوں کو اوسط درجہ کا کھانا کھلا دیا جائے۔ جو تم اپنے اہل کو کھلاتے ہو یا انکا لباس یا ایک بردہ آزاد کرنا اور جس کو اُس کی قدرت نہ ہو وہ تین روزے رکھ لے۔ تمہاری قسموں کا یہ کفارہ ہے جب تم قسم کھاؤ۔ کفارہ واجب ہونے کا راز پہلے گذر چکا ہے۔ فتدبر۔

نذر کی چند قسمیں ہیں (۱) نذر مبہم۔ اسمیں آنحضرت کا ارشاد ہے کہ اگر نذر معین نہ ہو تو اُس کا کفارہ اور قسم کا کفارہ ایک ہی ہے (۲) نذر مباح۔ اسکے متعلق آپ نے فرمایا نذر کو پورا کرلیکن پورا کرنا واجب نہیں ہے ابو اسرائیل کا قصہ اس کے متعلق ہو آگے آنیوالا ہے (۳) کسی خاص جگہ اور خاص صورت میں کسی طاعت ادا کرنے کے لئے نذر کی جائے اُس کے متعلق ابو اسرائیل کا قصہ ہے اُنہوں نے نذر کی تھی کہ میں کھڑا رہونگا نہ بیٹھونگا نہ سایہ کی آڑ لونگا نہ بولونگا اور روزہ رکھونگا اس پر رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُس کو حکم کرو کہ باتیں کرے اور سایہ میں رہے اور اپنا روزہ پورا کرلے اور ایک شخص نے نذر کی تھی کہ مقام بواتہ میں جہاں نہ کوئی بت تھا نہ اہل جاہلیت کا میلہ وغیرہ ایک اونٹ ذبح کرونگا تو آپ نے فرمایا اپنی نذر پوری کر لے (۴) نذر معصیت آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے جو شخص کسی معصیت کی نذر کریگا اُس کا کفارہ وہی ہے جو یمین کا ہے (۵) نذر محال۔ آنحضرت نے فرمایا ہے جو شخص ایسی چیز کی نذر کرے جس کو ادا نہ کرسکے اُسکا کفارہ بھی یمین کا سا ہے۔ نذر کے باب میں قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ کفارہ اس لئے مشروع ہوا ہے کہ گناہ کا لوث اُس سے جاتا رہے اُس کے سینہ میں جو چیز اڑ رہی ہے وہ دور ہو جاوے اس لئے جو شخص کسی طاعت کی نذر کرے وہ پورا کرے اور جو غیر طاعت کی نذر کرے اور دل میں تنگی دیکھے تو کفارہ واجب ہے۔ واللہ اعلم۔

مختلف ابواب

جن امور کے بیان کرنے کا ہم نے اس کتاب میں قصد کیا تھا اُس سے ہم فارغ ہو گئے والحمد للہ رب العالمین جو اس میں ذکر کیا گیا ہے اُس سے ان تمام اسرار شریعت کا استیعاب نہیں ہوا ہے جو ہمارے سینوں میں مخفی ہیں اسلئے کہ دل میں ہر وقت یہ تقاضی نہیں ہوتی کہ اسرار کا انکشاف کردیا کرے زبان ہمیشہ دلی رازوں کا اظہار نہیں کرتی ہے اور عوام اس قابل ہی نہیں ہوتے کہ ہر ایک نکتہ کا ان کو مخاطب کریں اور ہر شے اس قابل نہیں ہوتی کہ بغیر تمہید و مقدمات کے اُسکو معرض بیان میں لائیں اور یہ امر بھی نہیں ہے کہ جو راز ہمارے دلوں میں ہیں وہ ان علوم کے برابر ہو سکیں جو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے دل پر نازل کئے گئے ہیں۔ اس درجہ والے کو جس پر وحی اور قرآن نازل ہوتا تھا اپنی امت کے ایک شخص سے کیا نسبت ہو سکتی ہے۔ ہیہات ذلک ان دونوں کی حالت میں بڑا فرق ہے اور یہ امر بھی نہیں ہے کہ جن علوم کو خدا تعالیٰ نے اپنے نبی کے دل میں مکمل طور پر جمع کیا تھا وہ اُن حکمتوں اور مصلحتوں کا پورا مجموعہ ہوں جو احکام الٰہی میں ملحوظ رکھے گئے ہیں۔ اس نسبت کو خضر علیہ السلام نے واضح طور پر بیان کیا ہے کہ میرے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور تیرے (حضرت موسیٰ) علم کو خدا کے علم سے ایسی نسبت ہے جیسے اس سمندر کے ساتھ اس نمی کو جو چڑیا کی چونچ میں ہے ان مثالوں سے معلوم ہو سکتا ہے کہ ان مصلحتوں کا کتنا پایہ بلند ہے جنکا احکام شریعت میں لحاظ کیا گیا ہے یقیناً انکی کوئی نہایت نہیں ہے جتنا ان کا ذکر کیا جائے ان مصلحتوں کا حق پورا ادا نہیں ہو سکتا ہے ورنہ انکی پوری واقفیت کے لئے کافی ہو سکتا ہے کان ما لا یدرک کلہ لا یترک کلہ۔

اب ہم سیغہ اجمالی طور پر ایک حصہ سیرت اور فضائل اور مناقب کا بیان کرتے ہیں۔ استیعاب سے بیان کرنا ہم کو مقصود نہیں ہے واللہ الموفق والمعین وعلیہ المرجع والمآب۔

رسالت مآب محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سیرت کا بیان

ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا سلسلہ نسب یہ ہے۔ محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصے آپ تمام عرب میں بزرگ خاندان اور نسب سے پیدا ہوئے شجاعت اور بہادری میں سب سے زیادہ توانا۔ سب سے زیادہ فیاض۔ سب سے زیادہ خوش بیان۔ سب سے زیادہ آپ کا دل صاف اور پاک تھا ایسے ہی تمام انبیا اپنے خاندان میں عالی نسب ہوا کرتے ہیں اسلئے کہ آدمی ایسے ہوتے ہیں جیسے کانیں سونے اور چاندی کی۔ اور اخلاق کی خوبی آدمی کو اپنے آباؤ اجداد سے ورثہ میں ملا کرتی ہے اور نبوت کا استحقاق انہیں لوگوں کو حاصل ہوا کرتا ہے جنکے اخلاق کامل ہوں۔ انبیا کی بعثت سے خدا کی مراد یہ ہوتی ہے کہ سچائی اور حق ظاہر ہو جائے اور کوئی فرقہ کجرو درست ہو جائے۔ خدا انکو لوگوں کا پیشوا بناتا ہے اور ان مناصب کے لئے زیادہ موزوں وہی ہوا کرتے ہیں جو معتبر خاندان سے ہوں۔ خدا تعالےٰ فرماتا ہے۔ خدا خوب جانتا ہے جہاں رسالت کو رکھتا ہے اللہ یعلم حیث یجعل رسالتہ آپ کے خلق اور خلق میں اعتدال تھا۔ میانہ قد تھے نہ زیادہ دراز قد۔ نہ کوتاہ۔ موے مبارک نہ بالکل گھونگروالے تھے نہ چھوٹے ہوئے بلکہ بین بین چہرہ مبارک میں گولائی تھی۔ سر بڑا۔ ریش مبارک دراز۔ شانے اور قدم پر گوشت چہرہ کا رنگ سرخی مائل تھا۔ اعضا میں فربہی تھی سب سے زیادہ طبیعت میں نرمی تھی لب لہجہ میں سب سے زیادہ پرصداقت جو شخص فوراً آپ کو دیکھتا آپ کی عزت کرتا اور جانکر جو آپ سے ملتا جلتا تو آپ پر فدا ہو جاتا۔ بزرگ نفسی کے ساتھ نہایت خاکسار۔ اپنے اہل بیت پر نہایت نرم دل تھے۔ حضرت انس نے دس سال تک آپکی خدمت کی لیکن کبھی اُف تک نہ کہا اور کبھی نہیں کہا کہ یہ کام تم نے کیوں کیا یا کیوں نہیں کیا۔ اہل مدینہ کی کوئی کنیز تک خدمت میں حاضر ہوتی اور جہاں چاہتی لے جاتی اپنے اہل کی خدمت خود کر دیا کرتے تھے۔ فحش امر یا لعنت کرنا یا بدگوئی کرنا آپ کی عادت نہ تھی۔ اپنی کفش کو خود سی لیا کرتے۔ کثیر اخود سی لیتے بکری کا خود دوہ لیا کرتے حالانکہ بڑے اولوالعزم تھے کوئی شے آپکو مغلوب نہ کر سکتی تھی اور کوئی مصلحت آپ سے فوت نہ ہوتی تھی سب سے زیادہ فراخ دل تھے تکلیف برداشت کرنے میں سب سے زیادہ مستقل اور ثابت قدم لوگوں پر نہایت ہی مہربان کسی کو آپکی ذات سے برائی نہیں پہنچتی تھی۔ نہ ہاتھ سے نہ زبان سے مگر جب خدا کی راہ میں جہاد کرتے تھے۔ تدبیر سنبھالی کی درستی کا بڑا اہتمام کرتے اپنے اصحاب کا بڑا لحاظ کرتے بیباکوں کے بڑے نگران کہیں سے زیادہ متصور نہیں ہو سکتا ہے ہر شے کا اندازہ سے واقف علم ملکوت کی مانند ہمیشہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

منسوب ذکر الٰہی کے ذریعہ آپ کی گفتگو، اور تمام حالات سے ذکر الٰہی کے آثار نمایاں رہتے تھے۔ ہمیشہ غیب سے آپکی اعانت اور تائید ہوتی۔ دعا آپ کی قبول ہوتی۔ خزینۃ القدس سے علوم کا فیضان ہوتا رہتا تھا۔ معجزات ظاہر ہوتے رہتے مثلاً دعاؤں کی قبولیت آئندہ واقعات کی پیشین گوئی جس شے میں برکت کی درخواست کرتے اسمیں برکت ہوتی ایسے ہی تمام انبیاء علیہم السلام کی سرشت میں یہ اوصاف ہوا کرتے ہیں۔ نئی فطرت ہی ان امور کی جانب انکو جھکا دیا کرتی ہے۔ اپنی دعا میں حضرت ابراہیم نے آپ کا ذکر کیا تھا اور آپ کے بعثت رتبہ کی بشارت دی تھی۔

حضرت موسےٰ اور حضرت عیسےٰ علیہم السلام نے آپکے وجود باجود کی پیشین گوئی کی تھی اور باقی انبیاء کرام صلوات اللہ علیہم نے آپ کی اطلاع دی تھی۔ آپ کی والدہ نے خواب میں دیکھا کہ ان کے اندر سے روشنی نکلی اور تمام زمین اس سے نورانی ہو گئی۔ اس کی تعبیہ دیگئی کہ ایک پر برکت لڑکا پیدا ہوگا جس کا دین مشرق سے مغرب تک پھیل جائیگا جنوں نے آپکے پیدائش کی خبریں دیں۔ کاہنوں اور نجومیوں نے آپ کی پیدائش اور ترقیات کی خبر دی اور واقعات جو نے آپ کی اعزاز و سربلندی کی جانب رہنمائی کی جیسے ایوان کسریٰ کے کنگرے ریزہ ریزہ ہو گئے نبوت کی دلیلیں آپ کے اندر جمع ہو گئیں جیسے کہ ہرقل قیصر روم نے انکی خبر دی آپ کی پیدائش اور شیر خوارگی کے زمانے میں لوگوں نے برکت کے آثار مشاہدہ کئے فرشتوں نے ظاہر ہو کر آپ کے قلب میں چیرہ دیا اور ایمان و حکمت سے اسکو بھر دیا۔ عالم مثال اور عالم شہود کے بین بین یہ واقعہ ظہور پذیر ہوا اسلئے چیرہ دینے سے ہوش کا خطرہ پیش نہیں آیا اور رشتہ کا اثر باقی رہا جو واقعات عالم مثال اور عالم شہادت کی آمیزش سے پیش آیا کرتے ہیں ان کی حالت ایسی ہی ہوا کرتی ہے جب ابو طالب سفر شام میں آپ کو اپنے ہمراہ لے گئے تو راہب نے آپ کے اندر نبوت کی علامتیں دیکھکر نبوت کا اقرار کیا جب شباب شروع ہوا تو فرشتوں سے تناسب اور تعلق ظاہر ہونے لگا کبھی غیبی آواز کے ذریعہ سے کبھی فرشتے بدلی صورت میں ظاہر ہوتے تھے۔ خدا تعالےٰ نے ظاہری حوائج کی بندش اسطرح فرمادی کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو آپ کے ساتھ ہمدردی کا خیال پیدا ہو گیا۔ یہ قریش کی عورتوں میں سے باثروت تھیں جب خدا کسی کو دوست رکھتا ہے تو اپنے بندوں ہی میں سے کسی کو اسکا ساز بنا دیتا ہے جب دو مہروں کے ساتھ تعمیر میں شریک تھے اور عادات عرب کے موافق اپنے ازار کو دوش مبارک پر ڈال لیا تھا اس سے آپ بے ستر ہو گئے اور بے ستر ہوتے ہی بے ہوش ہو کر زمین پر گر پڑے اور غشی کی حالت میں ہی منع فرمایا کہ کہیں ستر مگا ظاہر نہ ہو جائے۔ یہ نبوت کی ایک طاقت تھی نفس کے مواخذہ کرنے کی یہ بھی ایک قسم ہے۔

اس کے بعد آپ خلوت کو پسند فرمانے لگے مقام حرا میں چند راتوں تک خلوت گزیں رہتے تھے پھر دولت خانہ کو تشریف لاکر وہیں چند روز کی تدارک فرما لیتے تھے [illegible] نے دنیا سے آپ کی توجہ کو ہٹا دیا تھا اور جو کچھ آپ کا کام تھا خلق کی جانب پھیرا تھا اس پر خدا تعالےٰ نے نور کو پیدا کیا ہے۔ اول آغاز رویائے صالحہ سے ہوا آپ کوئی خواب نہ دیکھتے مگر اسکا ایسا ظہور ہوتا جیسے صبح کا سپیدہ۔ یہ بھی نبوت کی طاقت کا ظہور تھا اس کے بعد تمام عمر میں صداقت یعنی حضرت جبرائیل اور وحی کا نزول شروع ہوا اور غلبہ نکہت کے وقت طبیعت کا تقاضا ہے کہ اسمیں حیرت اور پریشانی پیدا ہوتی ہے اس لئے [illegible] حضرت خدیجہ آپ کو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ورقہ بن نوفل کے پاس لیگئیں اور یہ حالت بیان کی۔ انھوں نے کہا ھوالناموس الذی نزل علے موسےٰ۔ یہ وہی فرشتہ ہے جو موسےٰ پر نازل ہوا تھا۔ اس کے بعد چند روز تک وحی منقطع ہوگئی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ انسان میں دو مختلف طاقتیں جمع ہوتی ہیں۔ ایک بشری دوسری ملکی جب تاریکیوں سے نور کی جانب خروج ہوتا ہے تو مختلف مزاحمتیں اور اڑچنیں پیش آتے ہیں۔ یہانتک کہ جو خدا کی مرضی ہے وہ پوری ہوجاتی ہے آپ فرشتہ کو کبھی آسمان و زمین میں بیٹھا ہوا دیکھتے تھے کبھی حرم میں کھڑے ہوئے کہ اس نے اغار باندھنے کی جگہ کعبہ تک ممتد ہوتی تھی۔ دنحو ذلک اس کا راز یہ ہے کہ جن نفوس میں نبوت کی استعداد ہوتی ہے تو ملکیت اسکی روح کے سامنے مستحضر ہوجاتی ہے بدنی مشاغل سے آزادی ہوتی ہے اسکے سامنے ملکی کیلی درخشان ہونے لگتی ہے جیسا وقت کا اقتضا ہوتا ہے ویسے ہی یہ حالت پیدا ہوتی ہے جیسے عوام لوگوں کو آزادی کی حالت میں خواب کے ذریعہ سے بعض امور کا انکشاف ہوتا ہے۔ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ آپ پر نزول وحی کس طرح ہوتا ہے۔ آپ نے فرمایا کبھی گھنٹہ کی جھنکار کی طرح اسکی مجھ پر زیادہ گرانی ہوتی ہے اس آواز کے جدا ہوتے ہی میں اس کی بات کو محفوظ کرلیتا ہوں اور کبھی مجھ کو فرشتہ کی صورت تعرآتی ہے وہ کہتا جاتا ہے اور میں یاد کرتا جاتا ہوں۔ میں کہتا ہوں اس آواز کی حقیقت یہ تھی کہ جب کوئی پر زور تاثیر حواس سے ٹکراتی ہے تو ان میں ایک تشویش اور شورش پیدا ہوجایا کرتی ہے بینائی میں تشویش اسطرح پیدا ہوتی ہے کہ مختلف رنگ کی چیزیں سرخ زرد۔ سبز وغیرہ نظر آتی ہیں اور شنوائی میں اسطرح اس کا ظہور ہوتا ہے کہ بے معنی آوازیں جیسے بھنبھناہٹ جھنکار وغیرہ محسوس ہوتی ہیں جب یہ اثر ختم ہوجاتے ہیں تو علم حاصل ہوجایا کرتا ہے اور فرشتہ کا صورت میں نظر آنا ایسے موقع پر ہوا کرتا ہے جہاں عالم مثال اور عالم شہود دونوں کے احکام اور اثر یکجا جمع ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ فرشتوں کو بعض لوگ دیکھتے تھے بعض نہیں دیکھتے تھے۔

ان حالات کے بعد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا گیا کہ دعوت اسلام کریں اور مخفی طور پر آپ نے اسلام کی تعلیم شروع کی۔ اس کا یہ اثر ہوا کہ حضرت خدیجہ اور حضرت ابوبکر صدیق وغیرہما رضی اللہ عنہم نے اسلام قبول کیا۔

پھر ارشاد ہوا فاصدع بما تؤمر جو حکم تم کو دیا جاتا ہے اس کی آشکارا تعمیل کرو اور فرمایا گیا وانذر عشیرتک الاقربین اپنے قریب رشتہ داروں کو ڈراؤ اب آپ نے علانیہ دعوت اور شرک کی رسموں کو باطل کرنا شروع کردیا۔ اس وجہ سے تمام لوگ بگڑ گئے نہایت سختی سے پیش آنے لگی۔ زبان اور ہاتھ سے برابر تکلیفیں دینے لگے مذبوحہ جانوروں کی جھلی آپ پر ڈالتے تھے۔ آپ کا گلا گھونٹ دیتے تھے لیکن آنحضرت صلعم نہایت استقلال کے ساتھ ان شدتوں کو جھیلتے تھے اور برابر مسلمانوں کو فتح کا مژدہ دیتے تھے اور کافروں کو شکست اور بربادی کا خوف دلاتے رہے جیسے خدا تعالےٰ فرماتا ہے قوم ماہنالک مہزوم من الاحزاب یہاں کے لوگ جماعتوں سے بھاگ جائینگے۔ اب انھوں نے اور بھی زیادہ تنگ کرنا شروع کیا۔ اور قسمیں کھا کھا کر باہم معاہدہ کرایا مسلمانوں کو اور ہاشمی اور مطلبیوں کو جو مسلمانوں کے ہمدرد ہیں خوب تبویخ کریں اس وقت مسلمانوں کو رہبری ہوئی کہ حبشہ کی جانب ہجرت کرجائیں۔ اس سے وسعت کبرنے سے پہلے کسی قدر وسعت اور کشادگی ہوگئی۔ جب حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور ابو طالب آپ کے چچا کا انتقال ہو گیا اور ہاشمیوں کی جماعت اور قوت منتشر ہو گئی تو اس کی وجہ سے آپ کو بے اطمینانی پیش آئی اور یہ امر اجمالی طور پر آپ کے قلب میں القا کیا گیا تھا کہ ہجرت سے کامیابی حاصل ہو گی۔ اس لئے اپنے خیال و فکر سے ہجرت کا آپ نے قصد فرمایا۔ اولاً طایف۔ ہجر۔ یمامہ کی جانب توجہ اور میلان ہوا اور مختلف طریقے سوچے لیکن عجلت کر کے طایف تشریف لیگئے وہاں آپ کو نہایت سخت تکلیف ہوئی۔ اس کے بعد بنی کنانہ کی طرف تشریف فرما ہوئے یہاں بھی کوئی خوشکن امر پیش نہ آیا اسلئے زمعہ کے زمانے میں مکہ کو مراجعت کی اور آیت نازل ہوئی وما ارسلنا من رسول الا اذا تمنی القی الشیطان فی امنیتہ۔ جب ہم نے کوئی رسول بھیجا ہے تو اسکی یہ حالت ہوئی کہ جب اس نے کسی امر کی تمنا کی تو شیطان نے اسکی آرزو میں کوئی شے ملا دی ہے آپ کی تمنا یہ تھی کہ جن امور کو اپنے دل میں غور کرتے تھے ان سے خدا کے وعدوں کے پورے ہونے کی خواہش رکھتے تھے اور شیطان کا اس میں ملا دینا یہ ہوا کہ ارادۂ الٰہی کے خلاف امور پیش آئے اور اصلی حالت پر ایک نقاب حائل ہو گیا۔

اسی اثنا میں مسجد اقصےٰ کی سیر کرائی گئی اور وہاں سے سدرۃ المنتہےٰ اور جو جو خدا کی مرضی تھی وہاں تک سیر واقع ہوئی۔ یہ تمام امور بدن کے ذریعہ سے ہوئے بیداری کی حالت میں لیکن ایسے موقع میں جو عالم مثال و شہود میں برزخ کی طرح واقع ہے سب کے احکام اس میں جمع تھے۔ بدن پر تمام روح کے احکام طاری ہوئے۔ روح اور روحانی امور بدنوں کی صورت میں پیش آئے۔ اسواسطے ان واقعات میں ہر ایک واقع کی ایک تعبیر ہے حضرت خلیل اور حضرت موسےٰ وغیرہ انبیا علیہم السلام کو بھی ایسے ہی واقعات پیش آ چکے تھے۔ اولیاے امت کو ایسے امور پیش آتے ہیں تاکہ ان کے برتر مقامات کیجانب ایسی ہو جیسے خواب میں دوسروں کے حالات ہوا کرتے ہیں واللہ اعلم۔ شق صدر اور ایمان سے اس کے بھر دینے کے معنی یہ ہیں کہ ملکی طاقت کے انوار آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر غالب ہو گئے اور بہیمیت کی آگ فرو ہو گئی اور طبیعت اس قابل ہو گئی کہ جن علوم کا خیرۃ القدس سے افاضہ کیا جاے انکو طبیعانہ اخذ کر سکے اور براق پر سوار ہونے کی حقیقت یہ ہے کہ آپ کے نفس پر جسمیں کمال حیوانی ہوتا ہے نفس ناطقہ کا استیلا اور غلبہ ہو گیا براق پر مضبوط ہو کر سوار ہونے یعنی بہیمیت پر نفس ناطقہ کے احکام مسلط ہو گئے اور مسجد اقصےٰ کیطرف سیر کرنا اسطرح ہوا کہ وہ مسجد شعاير الٰہیہ کے ظاہر ہونے کا موقع ہے۔ ملاء اعلےٰ کی ہمتیں اس سے متعلق رہتی ہیں۔ انبیا علیہم السلام کی توجہ کا وہ آماجگاہ ہے یا وہ ملکوت کے لئے ایک روشندان ہے۔

انبیاء علیہم السلام سے ملاقات کرنا اور ان سے مفاخرت کرنا اسکی حقیقت یہ ہے کہ خیرۃ القدس کے ارتباط اور تعلق سے سب کا اجماع ہوا اور ان سب میں کمالات نبوت کے اوصاف میں آپ کی خصوصیت اور فضیلت ظاہر ہوئی۔

اور آسمان پر ترتیب ایک شے دوسرے پر صعود کرنیکے معنی یہ ہیں کہ خاص قرارگاہ جلالت اور الوہیت تک منزل بمنزل آپ نے ترقی کی۔ ملائکہ سے تعارف ہوا جو وہاں مقرر ہیں ان بزرگ روحانیوں سے اتحاد ہوا۔ جو آدمیوں میں سے فرشتوں میں منسلک ہو گئے ہیں ان تدابیر کا اب علم حاصل ہوا۔ جن کی وہاں وحی کی گئی اس خصوصیت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو دریافت کیا جو اُن منازل میں حاصل ہوتی ہے اور حضرت موسےٰ علیہ السلام کا لقا کرنا بدن سے نہ تھا بلکہ وہ اُس حالت کی مثال تھی جو دعوت عامہ کے جاتے رہنے سے اُن کو پیش آئی اور جس کمال کے وہ خواستگار تھے اُس کے پورا ہونے میں ایک حصہ کی کمی رہگئی ۔

سدرۃ المنتہےٰ سے وجود ما درخت مراد ہے جس کے حصوں میں ترتیب ہوتی ہے اور اس کی تمام طاقتیں ایک ہی تدبیر میں جمع ہوتی ہیں جیسے قوت غاذیہ نامیہ وغیرہما کی سب قوتیں صورت شجری میں جمع ہوا کرتی ہیں اور اس حالت کو جس میں مجموعی اور اجمالی تدبیر کیطرف اشارہ ہو اور اُس کے تمام افراد میں عموم اور کلیت ہو زیادہ تر مشابہت درخت سے ہے نہ حیوان سے ۔ حیوان میں تفصیلی طاقتیں ہوتی ہیں اور ارادہ حیوانی طبیعت کے قوانین کو مصرح اور ظاہر حالت میں کر دیا کرتا ہے ۔ اُس درخت کی جڑیں نہروں سے مراد وہ عالم ملکوت کی رحمت ہے جہاں سے فیضان مسلسل رہتا ہے ۔ عالم شہادت کی جانب وہ جاری اور ساری رہتی ہے اُسکا اثر ہے زندہ رکھنا اور زندگی کو بالیدہ کرنا ہے ۔ اسی لئے وہاں بعض نافع امور کی تعیین کی گئی جیسے نیل و فرات ۔ اور جو انوار اس درخت کو تغشیہ کئے ہوئے ہیں ۔ وہ الٰہی انتظامات اور رحمانی تدبیریں ہیں جنکی عالم شہادت میں ہر شے کی استعداد کے موافق چمک دمک رہتی ہے ۔ اور بیت المعمور تجلی الٰہی کا نام ہے ۔ اسی کی جانب آدمیوں کے سجدہ اور سجدے کی عاجزانہ حالتیں متوجہ رہتی ہیں ۔ اُسکی تشبیہ بیت کے ساتھ کعبہ اور بیت المقدس کی مثال پر دی گئی ہے ۔

ان امور کے بعد معراج میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک ظرف دودھ کا اور ایک شراب کا پیش کیا گیا ۔ آپ نے دودھ والا پسند فرمایا ۔ تب حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کہا آپ فطرت کی جانب رہنما کئے گئے ۔ اگر شراب کا پسند کرتے تو آپ کی اُمت گمراہ ہو جاتی ۔ اسلئے کہ دودھ میں اشارہ تھا کہ آپ کی اُمت فطرت کو پسند کریگی اور شراب میں اشارہ تھا کہ دنیوی لذتوں کو پسند کرے گی اور معراج ہی میں پنجگانہ نمازیں فرض کی گئیں اور ثواب کے لحاظ سے وہ پچاس ہیں ۔ آہستہ آہستہ خداوند کریم نے اُس پچاس کی تعداد کو ظاہر فرمایا تاکہ معلوم ہو جائے کہ نعمت بھی کامل ہو گئی اور تکلیف بھی رفع ہو گئی ۔ اور اس معنی کو حضرت موسےٰ کی جانب اسواسطے منسوب کیا کہ تمام انبیا میں وہ اُمت کی اصلاح اور سیاست سے زیادہ واقف تھے معراج کے بعد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم قبائل عرب سے تقویت اور امداد طلب کرتے رہے لیکن انصار کو خدا نے اسلام کی توفیق دی اور انہوں نے دو بار بیعت کی ۔ ایک عقبہ اولےٰ میں دوسری عقبہ ثانیہ میں ۔ اور اس کے بعد اسلام مدینہ شریف کے ہر ایک گھر میں داخل ہو گیا اور خدا تعالےٰ نے اپنے نبی پر صاف طور پر ظاہر کر دیا کہ دین کی ترقی جب ہی ہو گی کہ مدینہ کیطرف ہجرت کی جائے اسلئے ہجرت کا پورا قصد فرما لیا ۔ اب قریش میں غصہ کی آگ اور زیادہ جوشزن ہوئی اور مختلف منصوبے کرنے لگے کہ آپکو قتل کر دیں یا ٹھیرائے رکھیں یا کہیں کو نکال دیں لیکن آپ خدا کے محبوب برکت والے تھے خدا نے آپکے غالب ہونیکا فیصلہ کر دیا تھا اس لئے چند معجزات کا ظہور ہوا جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ غار میں داخل ہوئے تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاؤں میں سانپ نے کاٹا اور آنحضرت نے برکت کی دعا کی اور فوراً انکو آرام ہو گیا ۔ کفار جب غار کے منہ پر آکھڑے ہوئے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تو خدا تعالیٰ نے انکی آنکھوں کو اندھا کر دیا اور اُن کے خیالات کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی جانب سے ہٹا لیا۔ جب سراقہ بن مالک نے دونوں حضرات کا تعاقب کیا تو آپ نے اس پر بد دعا کی جس کے اثر سے اس کا گھوڑا شکم تک سنگلاخ زمین میں دھس گیا زمین خدا کی قدرت سے پھٹ گئی۔ سراقہ نے اس پر یہ کہا کہ میں آپ دونوں کو دشمن سے روکتا رہوں گا اس کے بعد وہ رہا ہو گیا جب امام مسجد کے خیمہ پر آپ کا گذر ہوا تو اُم معبد نے دودھ دیا جس کا دودھ بالکل خشک تھا اور دودھ کے قابل نہ تھی جب مدینہ شریف میں تشریف فرما ہوئے تو عبداللہ بن سلام نے آکر تین مسئلے دریافت کئے جس کا جواب سوائے نبی کے اور کوئی نہیں جانتا ہے۔ اول یہ کہ قیامت کی پہلی علامت کیا ہوگی۔ دوسری جنت کا پہلا کھانا کیا ہوگا۔ تیسری کیا وجہ ہے کہ بچہ کبھی باپ کے مشابہ ہوتا ہے کبھی ماں کے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اول علامت قیامت کی آگ ہے جو شرق سے غرب تک لوگوں پر پھیل جائیگی اور پہلا کھانا اہل جنت کا مچھلی کے جگر کا ٹکڑا ہوگا اور جب مرد کا نطفہ رحم میں پہلے پہنچتا ہے تو بچہ باپ کے مشابہ ہوتا ہے اور عورت کا نطفہ پہلے پہنچتا ہے تو اسکے مشابہ ہوتا ہے۔ اس پر عبداللہ بن سلام نے اسلام قبول کر لیا اور تمام ملمائے یہود میں خاموشی پیدا ہو گئی۔ اس کے بعد آپ نے یہودیوں سے صلح کر لی اور اُن کے شر سے نجات مل گئی مسجد کی تعمیر شروع کی اور لوگوں کو نماز اور اوقات نماز کی تعلیم دینے لگے اور اس میں مشورہ کیا کہ نماز کی اطلاع کس چیز سے دیجائے۔ عبداللہ بن زید نے اپنی خواب میں اذان کے کلمات سیکھے فرشتہ سے فیضان غیبی کا انتظار آنحضرت صلعم کو تھا۔ عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ واسطہ ہو گئے۔ لوگوں کو جماعت، جمعہ، روزہ پیادہ کیا زکوٰۃ کا حکم دیا اور زکوٰۃ کے حدود کی تعلیم دی۔ لوگوں کو علانیہ دعوت اسلام دینی شروع کی اور اُن کو راغب کیا کہ اپنے اپنے وطنوں سے ہجرت کریں اسلئے کہ اُن کے وطن دار الکفر تھے۔ وہاں حدود اسلام کا قائم کرنا ممکن نہ تھا اور تمام مسلمانوں کی جمعیت کو مؤاخاۃ سے نہایت مستحکم کر دیا۔ اس مواخات نے مسلمانوں میں صلہ اور مصارف میں ایک دوسرے کی امداد اور باہم ایک دوسرے کا وارث ہونا لازم کر دیا تاکہ اس سے اُن میں وحدت پیدا ہو جائے اور اس قابل ہو جائیں کہ مجموعی طاقت سے جہاد کر سکیں اور اپنے دشمنوں کے حملوں کو روک سکیں۔ پہلے اہل عرب میں دستور تھا کہ ایک خاندان دوسرے خاندان سے مدد لیا کرتے تھے جب خدا نے دیکھا کہ مسلمانوں میں وحدت اور قوت جمع ہو گئی ہے تو اپنے نبی کو جہاد کی وحی بھیجی کہ کفار کی خوب ہوشیاری سے دیدبانی کریں۔

جب بدر واقع ہوئی تو مسلمانوں کے پاس پانی نہ تھا۔ خدا نے وہاں خوب مینہ برسایا۔ لوگوں سے آنحضرت نے مشورہ کیا کہ قافلہ کا قصد کرتے ہو یا لشکر سے مقابلہ کا تو آنحضرت صلعم کی رائے سے صحابہ رضی اللہ عنہ کی رائیوں میں مدد دیگئی اور سب نے مقابلہ کا اہتمام کیا۔ پہلے ایسے مقابلے کا گمان بھی نہ تھا۔ جب آپ نے دشمن کی کثرت کو ملاحظہ کیا تو خدا کی حضور میں نہایت عاجزی کی۔ اور آپ کو فتح کا مژدہ دیا گیا اور وحی سے اُن مواقع کی اطلاع دیگئی جہاں مخالف مقتول ہو کر گریں گے آپ نے فرمایا فلاں شخص مرا پڑا ہوگا اور فلاں جگہ میں وہ شخص۔ آپ اپنا ید مبارک رکھکر فرماتے جاتے تھے کہ یہاں وہ ہوگا اور یہاں وہ ہوگا پس کوئی ایسا نہ تھا کہ سرمو اُس جگہ سے ہٹا ہو جو آپ نے اپنے ہاتھ سے تعیین کر دی تھی اس روز لوگوں کی آنکھوں کے سامنے نظر آتے تھے تاکہ مومنین کے دل پختہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوجائیں۔ اور مشرکوں کے دل تھرا جائیں۔ اس لڑائی میں مسلمانوں کی عظیم الشان فتح ہوئی۔ اس جنگ نے انکو غنی بنا دیا اور شرک کی طاقت کو پس پا کر دیا۔ قریش کے منتخب لوگ اور جگر گوشے ہلاک ہوگئے اسی واسطے اس جنگ کا نام فرقان ہے اور خدا تعالےٰ کی مرضی تھی کہ شرک کی بیخکنی ہو جائے اور صحابہؓ نے اپنی رائے سے فدیہ لینے کی طرف میلان کیا۔ اس سے مورد عتاب ہوگئے لیکن اخیر میں اُن کی معافی ہوگئی۔ اس کے بعد یہود کے جلائے وطن کرنے کی ترتیب پیش آئی۔ یہودی جب تک مدینہ کے جوار میں رہتے دین الٰہی کے خالص اور مطمئن ہونے کی کوئی صورت نہ تھی۔ انہوں نے عہد شکنی کی اس لئے آنحضرت صلعم نے بنی نضیر اور بنی قینقاع کو جلا وطن کر دیا اور کعب بن اشرف کو قتل کروا دیا۔ اور اُن کے دلوں پر ایسا رعب چھایا کہ انہوں نے اُن لوگوں کی جانب رخ نہ کیا جنہوں نے مدد دینے کے وعدے کئے تھے اور خوب اُن کے دلوں کو بڑھایا تھا۔ اُن کے مالوں کو خدا نے اپنے نبی کی طرف پھیر دیا اور اول دولت میں فراخی مسلمانوں کو اسی سے حاصل ہوئی۔ اور ابو رافع حجاز کا تاجر مسلمانوں کو بہت تکلیفیں پہنچایا کرتا اُس کی طرف آنحضرت صلعم نے عبداللہ بن عتیک کو روانہ فرمایا۔ انہوں نے آسانی سے اُسے قتل کر دیا۔ جب عبداللہ اس کے گھر سے باہر آرہے تھے تو انکی ٹانگ ٹوٹ گئی۔ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اپنا پاؤں پھیلا دو۔ آپ نے اُس پر ہاتھ پھیر دیا وہ ایسا صحیح وسالم ہوگیا گویا کبھی کوئی شکایت ہی نہ ہوئی تھی +

جب اسباب سماوی کا اقتضا ہوا کہ جنگ اُحد میں مسلمانوں کی شکست ہو تو اس موقع پر چند طریقوں میں رحمت الٰہی کا ظہور ہوا کہ اس واقعہ سے بڑی مذہبی بصیرت اور بیداری پیدا ہوئی۔ اس لئے کہ شکست کی وجہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کی مخالفت ہوئی۔ آپ نے فرمایا تھا کہ درہ پر جمے رہیں اور لوگوں کا وہاں سے ہٹنا تھا کہ حملہ آوروں کا کام پورا ہوگیا اور خدا نے اجمالی طور پر اپنے نبی کو شکست پر آگاہ کر دیا تھا۔ آپ کو خواب میں شکستہ تلوار اور ذبح کی ہوئی گائے دکھا دی گئی تھی۔ شکست اور صحابہ کا شہید ہونا اسی کی تعبیر تھی۔ یہ جنگ سنہ طالوت کی نظیر ہوگئی جس میں باخلاص لوگ غیروں سے متمیز ہوگئے۔ اس میں رہبری ہوگئی کہ حد مناسب سے زیادہ کسی پر اعتماد نہ کیا جائے۔ اور جب حضرت عاصم رضی اللہ عنہ اور انکے رفقا شہید ہوئے تو بزدلوں نے انکو چاروں طرف سے گھیر لیا اور دشمن اپنے ارادہ کو پورا نہ سکے +

جب قراء صحابہ بیر معونہ میں شہید ہوگئے تو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نماز میں قاتلوں پر بددعا کرنے لگے اور اسمیں ایک قسم کی عجلت تھی جو بشریت کے اقتضا سے ہوا کرتی ہے۔ خدا نے اس پر تنبیہ فرمادی کہ رسالت کے تمام امور فی اللہ اور محض خالصۃً للہ ہونے چاہئیں۔ انمیں کوئی لوث بشری نہ ہو +

جب عرب کے بڑے قبائل نے مدینہ طیبہ کا محاصرہ کر لیا اور خندق کھودی گئی تو بھی مختلف عنوانوں سے رحمت الٰہیہ کا ظہور ہوا۔ خدا نے کفاروں کے مکروں کو کامیاب نہ ہونے دیا اور مسلمانوں کو کسی قسم کی مضرت نہ پہونچی اور حضرت جابرؓ کے کھانے میں اتنی برکت ہوئی کہ ایک صاع جو اور ایک بزغالہ سے قریب ایک ہزار آدمیوں کے خوب سیر ہوگئی کسرے اور قیصر کے ایوانات پتھر کی ضربوں سے جو شرارہ اڑا تھا اُس میں نظر آئے اور اُن کے فتح ہونے کی آپ نے بشارت دی اور شب تاریک میں ایسی سخت ہوا کو جنبش ہوئی کہ کفار کے دل مرعوب ہوگئے اور وہ بھاگ نکلے۔ بنی قریظہ کا محاصرہ کیا گیا اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت سعدؓ کے فیصلہ کے موافق وہ اپنے قلعوں سے نیچے آئے تو حضرت سعدؓ نے حکم دیا کہ انہیں سے جو لڑنے کی طاقت رکھتے ہیں قتل کر دئے جائیں اور انکے بال بچے قید کر لئے جائیں۔ اسیں انکی رائے حق بجانب تھی۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی جانب طبعی میلان تھا اور اس میں ایک مذہبی مصلحت تھی کہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ ابوالعاص کی بیوی بیویوں کے لئے درست ہے اس لئے خدا تعالےٰ نے اس کا انجام یوں کیا کہ ان کے خاوند کو مسلمان کر کے ان کو واپس دے دی اور خدا نے ان کا نکاح آنحضرت صلعم سے کروا دیا۔ ایک دفعہ جمعہ کے روز آپ خطبہ پڑھ رہے تھے کہ ایک اعرابی نے کھڑے ہو کر کہا یا رسول اللہ ھلک المال وجاع العیال فاستسق۔ اے رسول مویشی ہلاک ہو گئے اور کنبہ بھوکا مرتا ہے آپ بارش کی دعا فرمایئے اس وقت آسمان پر ابر کا ایک ٹکڑہ بھی نہ تھا۔ ہاتھ اٹھا کر آپ دعا مانگنے لگے ابھی آپ نے ہاتھوں کو نیچے نہ کیا تھا کہ بادلوں کے دل پر دل پہاڑوں کی طرح گھر گئے اور سات روز تک بارش کی جھڑی لگ گئی۔ اتنا پانی پڑا کہ لوگوں کو نقصان کا اندیشہ ہونے لگا تب آپ نے فرمایا حوالینا ولا علینا۔ ہماری اطراف میں پڑے نہ ہم پر۔ کوئی سمت نہ تھی کہ اسطرف بادل ہٹنے کا اشارہ فرماتے ہوں اور بادل نہ ہٹ جاتا ہو۔

جس شے میں آپ نے برکت کی خواہشگاری فرمائی ہے بارہا اس میں برکت ہوئی۔ جیسے حضرت جابرؓ کا انبار خرما۔ اور ام سلیمؓ کی روٹیاں ونحو ذلک۔

بنی مصطلق کی لڑائی میں ملائکہ ظاہر آنمودار ہوئے اور دشمن پر خوف طاری ہو گیا۔ اسی جنگ میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ پر تہمت لگائی گئی اور خدا کی رحمت سے آپ کی برات ثابت ہوئی۔ اور جس نے ایسی شناعت کو آپ کی جانب سے شائع کیا تھا اس پر حد قذف قائم کی گئی۔ ایک بار سورج گرہن ہوا تو آپ نے اس نے بارگاہ عزونیاز میں عجز و نیاز کیا کہ ایسا انقلاب خدا کے نشانات میں سے ایک نشان تھا۔ ایسے وقت میں برگزیدہ لوگوں کے دل میں خوف طاری ہوا کرتا ہے۔ اسی نماز میں آپ نے اپنے اور دیوار قبلہ کے مابین جنت اور دوزخ کا مشاہدہ کیا۔ یہ مشاہدہ اسی طرح تھا کہ عالم مثال کے احکام کسی موقع خاص پر ظاہر ہوا کرتے ہیں اور خواب میں جناب الٰہی نے آپ کو مطلع کیا کہ فتح کے ساتھ کہ میں حلق اور قصر کے بعد داخل ہونگے بلا خوف و ہراس۔ اس نے لوگوں نے عمرہ کا قصد کیا اور ابھی تک عمرہ کا وقت نہیں آیا تھا اور یہی تقریب صلح کی ہو گئی جو بڑے بڑے فتوحات کا مقدمہ تھی۔ لوگوں کے وہم و خیال میں بھی یہ بات نہ تھی۔

اس موقع پر نبوت کے چند نشانات ظاہر ہو گئے۔ لوگ پیاسے تھے اور پانی صرف ایک برتن میں موجود تھا۔ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنا ید مبارک اس ظرف میں رکھدیا اور آپ کی انگلیوں میں سے پانی کی دھار نکلنے لگی۔ حدیبیہ کا تمام پانی صحابہ نے کھینچ لیا تھا اس میں ایک قطرہ باقی نہ رہا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی فرمائی تب تمام لوگ سیراب ہوئے۔

اور مخلصین کے اخلاص کی جانچ کے لئے بیعۃ الرضوان واقع ہوئی۔ اس کے بعد اللہ تعالےٰ نے خیبر کو فتح کیا۔ اس سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کو اتنا مال غنیمت ملا جس سے جہاد کی طاقت بڑھا سکیں۔ اس سے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خلافت کے منتظم ہونے کی بنیاد پڑ گئی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم زمین پر خلیفۃ اللہ ہو گئے اور یہاں بہت سے معجزات ظاہر ہوئے آپ کے کھانے میں یہودیوں نے زہر ملا دیا اور خدا تعالےٰ نے آپ کو اس پر آگاہ کر دیا اسی جنگ میں سلمہ بن اکوع کے چوٹ لگ گئی تھی۔ آپ نے کئی بار اس ضرب پر دم کر دیا پھر کبھی انہوں نے دوسرے کی شکایت نہ کی۔ آپ نے قضائے حاجت کا ارادہ فرمایا کوئی شے ستر کی نہ تھی اس وقت آپ نے دو درختوں کو بلایا وہ اس اونٹ کی طرح جس کے ناک میں نکیل ہو مطیعانہ کھینچے چلے آئے۔ جب آپ فارغ ہو گئے تو ان کو اپنی جگہ واپس کر دیا۔ جب محاربی نے ارادہ کیا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر غالب ہو جائے تو خدا نے اس کے دل پر رعب بٹھا دیا آپ نے اس کے ہاتھ باندھ دیئے۔

اور جس امر کا ملاء اعلےٰ میں فیصلہ ہو گیا تھا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دل میں اس کا القاء ہوا کہ تمام بڑے بڑے سرکش ملعون ہوں ان کی اصولت زائل ہو جائے ان کی رسمیں نابود ہو جائیں اس لئے اس میں سعی فرما کر خدا کی بارگاہ میں تقرب حاصل کیا۔ قیصر اور کسریٰ اور تمام معاند سرکشوں کو نامے تحریر فرمائے کسریٰ نے نامے سے سوء ادبی کی۔ اس لئے آپ نے اس پر بد دعا کی اور اس کو خدا نے ریزہ ریزہ کر دیا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید اور حضرت جعفر اور حضرت انس بن رواحہ رضی اللہ عنہم موتہ (مقام ملک شام میں) کو روانہ فرمایا اور ان پر وہاں جو حالت گزری وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر ظاہر ہو گئی۔ آپ نے اس سے پیشتر کہ کوئی خبر وہاں سے پہنچی ہو ان کی وفات کی خبر دی۔ آنحضرت صلعم جب تمام قبائل عرب کے جہاد سے فارغ ہو گئے اور قریش نے عہد شکنی کی اور کورانہ روش اختیار کی تو آپ نے فتح مکہ کا اہتمام فرمایا اور حاطب بن بلتعہ صحابی نے اہل مکہ کو آپ کے ارادہ پر مطلع کرنا چاہا تو خدا نے اپنے رسول کو اس پر آگاہ کر دیا اور آپ نے مکہ کو فتح کیا و لکو کرہ الکافرون اہل مکہ میں اس طریقے سے اسلام پھیل گیا کہ اس کا وہم و گمان بھی نہ تھا۔

جنگ حنین میں جب مسلمانوں اور کافروں کی مٹ بھیڑ ہوئی اور کفار نے جولانی کی تو رسول خدا صلعم اور آپ کے اہل خاندان نے نہایت ہی استقلال ظاہر فرمایا آپ نے ان کی جانب کنکریاں پھینکیں یہ اعجاز تھا کہ کوئی شخص نہیں بچا جس کی آنکھ میں وہ کنکریاں نہ پہنچی ہوں اسی وجہ سے وہ لوٹ گئے اس کے بعد خدا تعالےٰ نے مسلمانوں کے دلوں میں جمعیت اور اطمینان پیدا کیا اور سب نے مل کر نہایت سخت کوشش کی اور فتح کر لیا۔ آپ نے ایک شخص کی نسبت جو مدعی اسلام تھا اور اس نے بہت ہی سخت مقابلہ کیا تھا فرمایا کہ وہ دوزخی ہے۔ قریب تھا کہ بعض لوگوں کو آپ کے ارشاد میں شک پیدا ہو لیکن بعد میں ظاہر ہو گیا کہ اس نے خودکشی کر لی ہے۔

اور آپ پر جادو کیا گیا آپ نے خدا سے دعا مانگی کہ اصلی حالت ظاہر ہو جائے تو خواب میں دو شخصوں نے آپ کو جادو اور جادو کرنے والے کی کیفیت ظاہر کر دی۔ اور ذوالخویصرہ نے اگر کہا یا رسول اللہ انصاف سے تقسیم فرمایئے اس پر آنحضرت صلعم کو اس شخص کا اور اس کی قوم کا انجام منکشف ہو گیا کہ یہ لوگوں میں سے ایک بہترین فرقہ سے جنگ کریں گے ان کی شناخت آدمی سے کی جائے گی جس کا رنگ سیاہ ہو گا اور اس کا ایک بازو ایسا ہو گا جیسے عورت کا پستان۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت علیؓ نے ان سے معاملہ کیا اور جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا ویسے ہی اس کی صفت آپ نے پائی حضرت ابوہریرہؓ کے لئے آپ نے دعا فرمائی اور وہ اسی روز ایمان لے آئے۔ ایک روز آپ نے فرمایا کہ جب تک کہ میں اپنی اس تقریر کو ختم کروں جو شخص اپنا کپڑا پھیلا کر اپنے سینہ سے نکالیگا وہ کبھی اپنی بات نہ بھولیگا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنا کپڑا بچھا کر سینہ سے لگا لیا۔ پھر کبھی ان کو اپنے قول میں نسیان نہ ہوا۔

آنحضرت صلعم نے ایک روز اپنا ید مبارک جریر کے سینہ پر مار کر فرمایا بار خدایا اس کو جما دے رکھ اس کے بعد پھر کبھی وہ گھوڑے سے نہیں گرے اور پہلے وہ گھوڑے پر خوب نہیں جم سکتے تھے۔ ایک شخص مرتد ہو گیا تھا تو اسکو زمین نے قبول نہیں کیا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ایک شاخ پر سہارا دیکر خطبہ پڑھا کرتے تھے جب ممبر بن گیا اور اس پر قیام فرمایا تو اس شاخ میں گریہ و گداز پیدا ہو گیا یہانتک کہ آپ نے اس کو پکڑ کر چمٹا لیا۔

ایک مرتبہ آنحضرت صلعم ایک سست گھوڑے پر سوار ہو کر فرمانے لگے ہم نے تمہارے گھوڑے کو رفتار میں بحر کی طرح پایا اس کے بعد سے کوئی گھوڑا اسکا مقابلہ نہیں کرتا تھا۔

ان امور کے بعد خدا نے اپنے دین کو خوب مستحکم کر دیا اور ایلچیوں کی پیاپے آمد و رفت شروع ہو گئی اور متواتر فتوحات ہونے لگیں تمام قبائل عرب پر حکام و عمال کا تقرر فرمایا شہروں میں قاضی مقرر کر دئے گئے اور خلافت مکمل حالت میں ہو گئی۔ اس اطمینان کے بعد آپ کے قلب مبارک میں القاء کیا گیا کہ مقام تبوک کی طرف مہم فرمائی جاوے تاکہ رومیوں پر آپ کی شوکت و جلالت ظاہر ہو اور ان اطراف کی طاقتیں مطیع ہو جائیں۔ یہ جنگ نہایت گرمی اور تنگی کے زمانہ میں واقع ہوئی تھی۔ اس کی وجہ سے خدا نے خالص اور منافق میں تمیز کروا دی۔ آنحضرت صلعم ایک عورت کے باغیچہ پر گزرے جو وادی القریٰ میں تھا اس باغیچہ کا اندازہ آپ نے بھی فرمایا اور دیگر صحابہ نے بھی فرمایا لیکن جیسے آپ نے ارشاد کیا تھا اسی کے موافق برآمد ہوا۔ جب دیار حجر کے قریب پہونچے تو لوگوں کو اس کے پانیوں سے ممانعت فرما دی تاکہ موقع لعنت سے لوگ متنفر رہیں۔ ایک دفعہ شب کو آپ نے ممانعت فرما دی کہ کوئی شخص باہر نہ جاوے۔ اتفاقاً ایک شخص باہر چلا گیا تو اس کو ہوا نے طے کی پہاڑیوں میں پھینکدیا۔ ایک مرتبہ آنحضرت صلعم کا اونٹ گم ہو گیا تو ایک منافق کہنے لگا کہ اگر نبی ہوتے تو اپنے اونٹ کا حال معلوم کر لیتے کہ کہاں ہے اس پر خدا تعالےٰ نے آپ کو اس منافق کے قول اور مقام اونٹ سے آگاہ کر دیا اور بعض مخلصین نے زلہ اور غلطی کی وجہ سے رفاقت نبوی سے تخلف کیا تھا لیکن بعد میں زمین ان پر تنگ ہو گئی وہ نہایت ہی نادم ہوئے اس لئے ان کا قصور معاف کر دیا گیا اور شاہ ایلہ کو حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے قید کر لیا جس کا پہلے سے گمان بھی نہ تھا۔ جب اسلام میں پوری طاقت آگئی اور خدا کے دین میں گروہ کے گروہ داخل ہونے لگے تو خدا تعالےٰ نے اپنی وحی سے آپ کو حکم فرمایا کہ مشرکین سے جو معاہدے ہیں ان کو خیرباد کہدینا چاہئے اور سورہ برأت کا نزول ہوا۔ نجران کے عیسائیوں سے آپ نے مباہلہ کا ارادہ کیا لیکن انہوں نے عاجز ہو کر جزیہ قبول کر لیا۔

اس کے بعد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم حج کو تشریف لے گئے آپ کی معیت میں ایک لاکھ چوبیس ہزار صحابہؓ تھے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مناسک حج انکو بتائے اور زمانہ شرک کی تحریفات کو دور کر دیا جب تمام احکام اسلام کی تکمیل ہو چکی اور وفات کا زمانہ قریب ہوا تو خدا تعالے نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو آدمی کی شکل میں بھیجا۔ سب لوگ اُن کو دیکھتے تھے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آپسے دریافت کیا کہ ایمان و اسلام اور احسان کی حقیقت کیا ہے اور قیامت کا حال دریافت کیا آپ بیان فرماتے رہے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام اسکی تصدیق کرتے گئے یہ گویا دین کا تتمہ و تکملہ تھا۔

جب آپ مریض ہوئے تو برابر رفیق اعلے کو یاد کرتے رہے اور ملاء اعلے کی جانب اظہار شوق اور کشش فرماتے رہے یہانتک کہ خدا نے آپکو وفات دی اور آپ کی حفاظت دین کا متکفل ہو گیا ایسے لوگوں کو اُس نے قائم کیا جو کسی ملامت کرنیوالے کی ملامت سے خوف نہیں کرتے تھے انہوں نے مدعیان نبوت اور روم و عجم سے جنگ آزمائیاں کیں کہ اس کے حکم کی تکمیل ہو گئی اور اُس کا وعدہ پورا ہو گیا۔ صلے اللہ علیہ و علے آلہ و علے اصحابہ وسلم۔

الفتن فتنوں کے بیان میں

معلوم کرنا چاہیئے کہ فتنوں کے مختلف اقسام ہیں (۱) ذاتی فتنہ اس طرح پر کہ آدمی کے دل میں قساوت اور سختی آجائے اسکو طاعت میں کچھ حلاوت اور مناجات میں کوئی لذت محسوس نہ ہو۔ انسانی زندگی کے تین معنی ہیں اول دل وہ تمام حالات انسانی عنتہ۔ دلیری حیا بیم و رجا۔ انقباض و انبساط وغیرہ کا مبدا ہے۔ دوسرے عقل جو تمام ان علوم کا مبدا ہے جنپر حواس کی انتہا ہوتی ہے مثلاً وہ بدیہی احکام جو تجربہ اور حدس وغیرہ سے معلوم ہوں یا علوم نظری جو دلیل خطابیات وغیرہ سے مستفاد ہوں تیسرے طبیعت جو کہ تمام نفسانی رغبتوں کا مبدا ہے خواہ وہ رغبتیں قیام بدن کے لئے خود ضروری ہوں یا انکی جنس کی ضرورت ہو مثلاً وہ خواہشیں جو کھانے پینے خواب ہم بستری کی وجہ سے پیدا ہوا کرتی ہیں جب عقل پر بہیمی خصلتیں غالب ہو جاتی ہیں تو اُس کے تمام ارادے انقباض و انبساط کے متعلق ایسے ہی ہونگے جیسے بہائم کے جو طبیعت اور اوہام کی تحریک سے پیدا ہوتے ہیں ایسے دل کو بہیمی کہتے ہیں اور جب دل شیطانیت سے بیداری اور خواب میں شیطانی وسوسوں کو قبول کرنے لگے تو ایسے انسان کو شیطان الانس کہتے ہیں اور جب دل پر فرشتوں کے سے صفات غالب ہوں تو اُس کو قلب انسانی کہتے ہیں اس وقت اُس کے تمام جذبات خوف و رغبت وغیرہ اعتقادات حقہ کی جانب مائل ہوا کرتے ہیں جنکو اُس نے حاصل کیا تھا جب قلب کی حالت نہایت صاف اور اُس کی نورانیت اور لمعان کامل ہو جاتی ہے تو قلب روح ہو جاتا ہے تب اُس میں بغیر انقباض کے ہمیشہ انبساط رہتا ہے اور بغیر اضطراب و بیچینی کے اطمینان اور سکون ہوتا ہے تمام ملکی خاصیتیں اُس کی عادت اور طبیعت ہو جاتے ہیں اور وہ ایسی نہیں ہوتیں جیسے مکتسب چیزیں ہوتی ہیں اور جب بہیمی عادات عقل پر غالب ہوتے ہیں تو وہ سبک ہو جاتا ہے نفسانی جنبشوں میں مبتلا رہتا ہے طبیعت کے دواعی کی طرف اُسکی کشش رہتی ہے اگر خواہش نفس کی جنبش پیدا ہوتی ہے تو مجامعت کے خیال میں رہتا ہے بھوک معلوم ہونے لگے تو کھانے کے خیال میں پڑا رہتا ہے وعلی ہذا اور شیطانی وسوسوں سے جب وہ مغلوب ہوتا ہے تو اعلے قسم کے جو انتظامات ہیں اُن کے ابطال اور تشویش میں سعی کرتا ہے جسے اعتقادات میں شبہات پیدا کرتا

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے اور ان بد نما افعال کی جانب اس کو کشش رہتی ہے جس سے نفوس سلیمہ متنفر رہتے ہیں اگر ملکی خصائل کا فی الجملہ قوی اثر ہوتا ہے تو عقل کے لوازم سے ہوتا ہے کہ جن علوم کی تقدیق ضروری ہے اسکی تصدیق کی جاتی ہے جنکا تعلق تدابیر دافع اور ان تدابیر سے ہوتا ہے جو درجہ احسان سے متعلق ہیں انکا ثبوت بدیہی ہو یا فطری طور پر۔

اور جب اس کی نورانیت اور انجلا میں اور ترقی ہوتی ہے تو نفس کی حالت کو سر کہتے ہیں۔ اسوقت میں وہ مختلف طریقوں سے خواب نداست کشف۔ آواز غیبی وغیرہ کے ذریعہ سے ان علوم کا ادراک کرتا ہے جنکا فیضان عالم غیب سے ہوتا ہے اور جب اسکا میلان ان موجودات کی طرف ہوتا ہے جو زمانہ اور مکان سے برتر ہیں تو نفس کو خفی کہتے ہیں۔

اور نفس کی کشش جب طبعی مادات میں محصور ہو جاتی ہے تو اسوقت اسکا نفس امارہ نام ہوتا ہے اور قوائے بہیمی اور ملکی میں جب اسکی مذبذب حالت ہو اور شیطانوں کا فیصلہ کبھی اس جانب ہو کبھی اس جانب تو اسکو نفس لوامہ کہتے ہیں۔

اور جب نفس شریعت کا پورا پابند ہو اسکی حکومت سے بغاوت نہ کرے اسکی ہر ایک جنبش شریعت کے موافق ہی ہو اسکو نفس مطمئنہ کہتے ہیں ھذا ما عندی من معرفۃ لطائف الانسان واللہ اعلم۔

ایک انسانی فتنہ وہ ہے جس کا تعلق اس کے اہل سے ہوتا ہے یعنی تدابیر منزلی کا ابتر ہو جانا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے قول میں اسی کی طرف اشارہ ہے کہ ابلیس اپنا تخت پانی پر بچھاتا ہے۔ یہانتک کہ آپ نے فرمایا کہ ایک شیطان اسکے پاس آکر کہتا ہے کہ میں نے فلاں شخص کو نہیں چھوڑا حتیٰ کہ اسمیں اور اسکی بیوی میں جدائی نکردی اس شیطان کو ابلیس اپنے نزدیک بلا کر کہتا ہے تو بہت ہی اچھا ہے۔

اور ایک فتنہ وہ ہے جو دریائے مواج کیطرف موجزن اور متلاطم ہوتا ہے وہ تمدن کی تدابیر کا برباد ہونا ہے اور لوگوں کا خلاف حق خلافت میں طمع کرنا آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ شیطان مایوس ہو گیا ہے کہ جزیرہ عرب میں نماز پڑھنے والے اس کی پرستش کریں لیکن وہ ان میں فساد ڈلوا تا رہیگا ایک فتنہ مذہبی ہے کہ صحابہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم میں سے حواری فنا ہو جائیں اور نااہل لوگ مذہب کے معتمد علیہ بنیں علماء اور درویش مذہبی امور میں زیادہ تعمق کریں اور سلاطین و جاہل دین میں تہاون اور کسل ظاہر کریں کوئی نیکی کا رہنما اور بدی سے روکنے والا نہ رہے اور زمانہ جاہلیت کے زمانہ سے ہمرنگ ہو جائے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہر نبی کیلئے حواری ہوتے رہے الی آخر الحدیث۔

اور ایک فتنہ وہ ہے جو افراق میں پھیل جاتا ہے کہ لوگ انسانیت کے ملی نظام اور مقتضائے انسانی سے بالکل ٹل جائیں سب میں ازکی اور اعلیٰ درجے کا زاہد تو بہیمیت کے جذبات کو بالکل ترک کر دیں۔ انکی اصلاح اور تنظیم کی طرف توجہ نہ کریں۔ اپنے آپ کو مجردات کے مشابہ کسی نہ کسی طرح سے کریں اور عوام خالص بہیمیت میں جذب ہو جائیں کچھ لوگ دونوں کے درمیانی حالت میں ہوں۔ لا الی ھؤلاء ولا الی ھؤلاء۔

اور ایک فتنہ وہ آفات جو سے متعلق ہے جنمیں عام تباہی اور بربادی کی تہدید اور تخویف ہوا کرتی ہے مثلاً ہولناک قاتون کا ظاہر ہونا دبا کا پھیلنا زمین کا دھس جانا دور تک اطراف عالم میں آتشزدگی کا ہونا مثل دنک۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اکثر فتنوں کی تفصیل اور تشریح بیان فرمائی ہے آپ نے فرمایا ہے کہ تم اگلے لوگوں کے

مسلمہ حاضر و دوایں سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تمام طریقوں میں ایسی ہی پیروی کروگے جیسے بالشت بالشت کے ساتھ اور گز گز کے برابر کرتا ہے حتی کہ انمیں سے اگر کوئی سوسمار کے سوراخ میں داخل ہوا ہو تو تم بھی اسکی پیروی کروگے اور آنحضرت صلعم نے ارشاد فرمایا ہے کہ نیک لوگ درجہ بدرجہ فنا ہوتے جائینگے اور بیقدر سبک طبع ایسے باقی رہتے جائینگے جیسے جو کی بھوسی خدا تعالےٰ کو ان کی کچھ بھی پروا نہ ہوگی میں کہتا ہوں آنحضرت صلعم کو معلوم ہوگیا تھا کہ جب نبوت کا زمانہ منقرض اور ختم ہوجائیگا اور آپ کے صحابہؓ میں حواریوں کے درجہ کے لوگ باقی نہ رہینگے اور نااہل لوگ معتمد علیہ بنائے جائینگے۔ تو ضرور ہے کہ نفسانی اور شیطانی تحریکات اور دواعی کے موافق رسمیں پھیل جائینگی اور وہ الا ماشاء اللہ سب میں سرایت کرجائینگے ۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اسلام کی ہدایت نبوت اور رحمت سے ہوئی ہے۔ اس کے بعد خلافت اور رحمت کا زمانہ آئیگا پھر اس کے بعد گزندہ حکومت ہوگی۔ اس حکومت کے بعد ظلم سرکشی اور زمین پر فساد ہوگا ریشم شراب اور شراب کو لوگ جائز اور درست سمجھینگے اسی حالت پر انکو رزق دیا جائیگا ان کی مدد کی جائیگی جبتک کہ وہ خدا سے ملیں ۔

میں کہتا ہوں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات سے نبوت کا اختتام ہوگیا اور وہ خلافت جسمیں ہم مسلمانوں میں تلوار نہ تھی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت سے ختم ہوئی اور اصل خلافت حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی معزولی سے ختم ہوگئی اور ملک عضوض یعنے گزندہ کا وہ زمانہ ہے جس میں بنی امیہ سے صحابہؓ کی لڑائیاں رہیں اور بنی امیہ سختیاں کرتے رہے یہانتک کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی حکومت قائم ہوگئی وہ جبر و سرکشی کا زمانہ عباسیوں کا ہے اسلئے کہ انہوں نے کسرے اور قیصر کی رسم و آئین کے موافق خلافت کی بنیاد ڈالی تھی ۔

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ فتنے دلوں پر پیش ہونگے وہ دلوں کو گھیر لینگے جیسے چٹائی کی بناوٹ میں ایک جز دوسری جز میں گچھا ہوا ہوتا ہے جن دلوں میں وہ فتنہ سرایت کرجائینگے ان میں ایک سیاہ نقطہ پیدا ہوجائیگا اور جو قلوب اُن سے بیگانہ رہینگے اُن میں سپید نقطہ پیدا ہوگا اس طرح دو قسم کے دل ہوجائینگے ایک سپید چٹان کیطرح صاف و بے داغ اس کو کوئی فتنہ مضرت نہ پہنچا سکیگا جب تک زمین آسمان قائم ہیں۔ دوسرے سیاہ گرد آلود جیسے ٹیڑھا کوزہ نہ نیکی کی شناخت کرتا ہے نہ بدی کی بجز اپنی خواہش کے جو دل میں سرایت کرگئی ہے ۔

میں کہتا ہوں جب فتنے برپا ہوتے ہیں تو نفسانی اور شیطانی ولولوں کی دل میں جنبش ہوتی ہے بداعمالیاں دلوں کو گھیر لیتی ہیں کوئی ہادی نہیں ہوتا جو حق پر آمادہ کرے اس واسطے انہیں دلوں کو ان فتنوں سے علحدگی اور بیگانگی ہوا کرتی ہے جو ان کی مخالف اور بدنما ہیئت سے ناآشنائے محض ہوتے ہیں باقی اور سبھوں پر ان کا عام اثر ہوا کرتا ہے ۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ امانت اصل طبیعت میں پیدا ہوا کرتی ہے پھر اس کا علم قرآن و حدیث کے ذریعہ سے ہوجاتا ہے اور امانت کے جاتے رہنے کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یوں بیان فرمایا کہ آہستہ آہستہ امانت کا اثر دل سے زائل ہوتا ہے اول اول اوسکا نور زائل ہوکر کسی قدر تیزگی سی رہجاتی ہے پھر اثر

محکمہ جاتی پورا پیس سے مزید مفید دینی کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خلافت کا دیرپا ہو جانا ہے۔

میں کہتا ہوں جب خدا تعالےٰ نے ارادہ کیا کہ اسلام کو غلبہ ہو تو ایک قوم کو اُس نے پسند کیا اور اطاعت و جان نثاری کا انکو مریض اور مشتاق بنایا بحکم الٰہی کے موافق اُن کی ہمت اور عزم کو جمع کیا پھر اسی اجمالی فرمان پذیری کی احکام کی قرآن و حدیث میں پوری تفصیل کر دیگئی۔ اس کے بعد رفتہ رفتہ غفلت اور بے پرواہی بوھتی جاتی ہے اس وقت نہایت ہوشمندی اور فراست میں دیکھا جاتا ہے کہ اُس کے دل میں دین الٰہی اور لوگوں کے باہمی تعلقات اور معاملات میں ادنےٰ حصہ تدین اور امانت کا نہیں ہوا کرتا ہے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ جیسے اسلام سے پیشتر تاریکی پھیلی تھی کیا بعد کو بھی ہو جائیگی آپ نے فرمایا ہاں ایسی ہی ہو جائیگی میں نے کہا اُس سے نجات کیسے حاصل ہوگی آپ نے فرمایا تلوار نجات دے سکیگی میں نے کہا بعد تلوار کے بھی کچھ تاریکی باقی رہیگی آپ نے فرمایا ہاں۔ ناخوشی اور ناگواری سے حکومت قائم ہوگی اور مکر و فساد سے صلح ہوگی میں نے عرض کیا پھر کیا ہوگا فرمایا گمراہی کی طرف لوگ بلائینگے اگر اس وقت میں کوئی خلیفہ موجود ہو جو امور باطل پر تیرے پیٹ پر دے لگائے اور تجھ سے مال وصول کرے تو اُس کی اطاعت کرنا ورنہ افسوس و غم کی حالت میں مرجانا۔

میں کہتا ہوں وہ زمانہ جس میں نجات تلوار سے حاصل ہوئی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا عہد خلافت تھا جس میں اہل عرب مرتد ہو گئے تھے اور ناخوشی کی حکومت وہ باہمی نزاع تھی جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں پیش آئے اور مکر و فساد کی وہ صلح تھی جو حضرت معاویہؓ اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے زمانے میں واقع ہوئی اور گمراہی کی طرف بلانا۔ اُن میں سے ملک شام میں یزید تھا اور عراق میں مختار وغیرذلک یہانتک کہ عبدالملک بن مروان کی حکومت مستقل ہو گئی۔

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فتنہ اخلاس کا ذکر فرمایا آپ سے عرض کیا گیا کہ اسمیں کیا ہوگا آپ نے فرمایا بھاگنا اور جنگ کرنا پھر آپ نے فرمایا کہ اس کے بعد فتنہ سراء ہوگا اُس کا ظہور ایسے شخص کے قدموں کے نیچے سے ہوگا جو کہیگا کہ مجھ میں سے ہے حالانکہ مجھ میں سے نہ ہوگا یقیناً مجھ میں سے قریب متقی لوگ ہیں اُس کے بعد تمام لوگ ایک شخص سے صلح کر لینگے لیکن اس کی حالت کچھ منتظم نہ ہوگی اور اُسکے بعد فتنہ دہماء ہوگا کوئی شخص اس امت کا اُسکے طمانچے سے محفوظ نہ رہیگا جب لوگ کہینگے کہ اب اسکی انتہا ہو گئی اُس میں اور امتداد ہو جائیگا۔ میں کہتا ہوں کہ فتنہ افلاس واللہ اعلم وہ ہوا جس میں اہل شام نے حضرت عبداللہ بن زبیر سے جنگ کی تھی وہ جب مدینہ سے بھاگ کر مکہ میں آگئے تھے اور فتنہ سراء سے مراد یا تو مختار کا غالب آکر اس دعوے سے کہ میں اہل بیت کا قصاص لیتا ہوں قتل و غارت کرنا ہے آنحضرت صلعم کا یہ فرمانا کہ وہ کہیگا کہ مجھ میں ہوگا اسکے ایک معنی یہ ہیں کہ اہل بیت کے ایک گروہ اور انصار میں سے ہوگا اس کے بعد مروان اور اولاد مروان پر صلح ہو گئی تھی یا اس فتنہ سے ابومسلم خراسانی کا عباسیوں کے مقابلہ کیلئے خروج کرنا مراد ہے اُس کا بھی یہی قول تھا کہ میں اہل بیت کی خلافت کرنا چاہتا ہوں اُس کے بعد سفاح پر صلح ہو گئی اور فتنہ دہیماء سے چنگیزیوں کا مسلمانوں پر غالب آجانا مراد ہے اُنہوں نے ممالک اسلام میں خوب

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فائدگری کی۔

اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت کے علامات بیان فرمائے ہیں۔ ان علامات کی انتہا بھی انہیں مختلف فتنوں پر ہوتی ہے جنکا اوپر ذکر ہو چکا۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے علامات سے ہے کہ علم اٹھ جائیگا جہل کی کثرت ہوگی زنا اور شراب کی زیادتی ہو جائیگی مرد کم ہو جائینگے عورتیں زیادہ ہو جائینگی پچاس پچاس عورتوں پر ایک شخص کی حکومت ہوگی۔

زبان شریعت میں حشر کے دو معنی ہوتے ہیں ایک لوگوں کا ملک شام میں جمع ہونا قیامت سے پیشتر یہ واقع ہوگا جب زمین پر لوگوں کی قلت ہو جائیگی تو بعض لوگ مختلف تقریبوں کی وجہ سے اور بعض لوگ آگ کی وجہ سے وہاں جمع ہونگے دوسری حشر کے معنی ہیں بعد موت کے زندہ ہونا اس سے پیشتر ہم معاد کے اسرار بیان کر چکے ہیں واللہ اعلم

جن بڑے بڑے فتنوں کی رسول خدا صلعم نے خبر دی ہے وہ چار ہیں :-

اول فتنہ ناگوار حکومت کا یہ فتنہ اس حالت پر صادق آتا ہے جس میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد صحابہ میں شورشیں پیدا ہوئیں یہانتک کہ حضرت معاویہ کی خلافت قائم ہوگئی مدتہ علی وقتن اسی خلافت کی طرف اشارہ ہے حضرت معاویہ کے ہی متعلق ہے یعرف امرہ وینکر کہ ان کے حکم کی تعمیل بھی کی جائیگی اور اس سے انکار بھی کیا جاوے گا اس لئے کہ ان کی سیرت سلاطین کی طرز پر تھی نہ خلفا کے روش پر"

دوسرا فتنہ: ہلاس ہے جسمیں لوگ جہنم کے دروازوں کی طرف بلائینگے یہ اس زمانہ پر صادق ہے کہ حضرت معاویہ کے انتقال کے بعد لوگوں میں اختلاف ہوا اور خلافت کی تمنا میں انہوں نے جنگ آزمائیاں کیں یہانتک کہ عبدالملک کی حکومت قائم ہوگئی۔

تیسرا فتنہ سراء ہے جو دسرکشی کا زمانہ ہے جس میں عباسیوں نے بنی امیہ پر خروج کیا یہانتک کہ خلافت عباسیہ کی بنیاد قائم ہوگئی عباسیوں نے سلاطین عجم کی سی ٹھاٹ قائم کی اور زبردستی حاکم بن بیٹھے۔

چوتھے جو عام طور پر سب کو طمانچہ لگائیگا جب کہینگے کہ اب ختم ہوگیا ہے وہ اور ممتد ہو جائیگا اور لوگ دو حصوں میں منقسم ہو جائینگے دجلہ خیز ترکوں کا بلاخیز حملہ تھا جنہوں نے عباسی خلافت کو پاش پاش کر دیا۔

اور جو حدیثیں فتنوں کے باب میں وارد ہیں۔ ان میں سے دس پہلے بیان ہو چکی ہیں۔

آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے اسلام کی آسیا تیس یا چھتیس سال تک گردش کرتی رہیگی پس اگر لوگ ہلاک ہو جائیں تو ان کی ہلاکی ایسی ہی ہوگی جیسی اگلوں کی ہوئی اور اگر انکا دین ثابت اور مستقیم رہا تو ستر برس باقی رہیگا راوی نے کہا یہ ستر سال کی آئندہ سے ہے یا گذشتہ سالوں کو ملا کر آپ نے فرمایا ان گذشتہ کو ملا کر اس قول کے کہ اسلام کی آسیا گردش کرتی رہیگی معنی یہ ہیں کہ اسلام کی پوری قوت ان سالوں میں ہوگی صدور قائم ہونگے جہاد تمام امت میں ہوگا اور یہ حالت جہاد کی ابتدا اوائل ہجرت سے جب تک باقی رہے کہ سیدنا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید ہوئے اور مدت میں تعداد کے لحاظ سے جو شبہ ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ اس کے متعلق اجمالی وحی کی گئی ہے اور آپ کا یہ فرمانا کہ اگر سب ہلاک ہو جائیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کے معنی یہ ہیں کہ اسقدر دشواریاں اور دقتیں پیش آئینگی کہ دیکھنے والے کو شک ہوگا کہ مبادا کہ تمام امت تباہ ہو جائے اور تمام ان کے امور نابود نہ ہو جائیں اور ستر برس سے ابتدائے بعثت سے حضرت معاویہؓ کی استقلال تک کا زمانہ مراد ہے اسکے بعد فتنہ دعاۃ الضلال کا قائم ہوگیا۔

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم سے وہ لوگ لڑینگے جنکی آنکھیں چھوٹی چھوٹی ہونگی ان سے ترک مراد ہیں وہ تم کو تین مرتبہ ہٹائینگے یہانتک کہ جزیرۂ عرب سے تم مل جاؤ گے پہلی دفعہ جو بھاگیگا وہ بچ جائیگا دوسری مرتبہ کچھ بچینگے کچھ ہلاک ہونگے تیسری مرتبہ وہ بالکل استیصال کر دینگے اسکے معنے یہ ہیں کہ اہل عرب ان سے لڑینگے اور غالب آجائینگے اس کی وجہ سے باہم ان میں عداوتیں اور رنجشیں پیدا ہونگی جنکا انجام یہ ہوگا کہ وہ اپنے شہروں سے عرب کو دور کر دینگے اور اس پر بھی قناعت نہ کرینگے بلکہ خود بلاد عرب کے اندر آجائینگے حتی تلقوہ بجزیرۃ العرب سے یہی مراد ہے ان کے اول بار کی جنبش میں بھاگنے والے کو نجات مل جائیگی یعنی جو مقابلہ نہ کریگا وہ بچ جائیگا اور یہ پیشینگوئی چنگیزیوں کے جنگ پر صادق ہوئی جو عباسی بغداد میں تھے ہلاک ہو گئے اور جو مصر کو بھاگ گئے تھے محفوظ رہے۔ دوسری مرتبہ فرمایا گیا کہ بعض بچینگے بعد ہلاک ہونگے یہ امیر تیمور کے حملے پر صادق ہے جس نے ملک شام کو پایمال کر دیا اور عباسیوں کو تہ و بالا کر دیا اور تیسری بار سب کا استیصال کر دینگے یہ عثمانیہ حکومت پر صادق ہے یہ تمام دائرہ حکومت پر غالب آگئے واللہ اعلم۔

المناقب

صحابہ رضی اللہ عنہم کے مناقب چند امور پر مبنی ہیں اول یہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ان کی وہ نفسانی ہیئت اور حالت معلوم ہوئی جس کی وجہ سے آدمی جنت میں داخل ہونے کے قابل ہو جایا کرتا ہے جیسے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی نسبت آپ کو معلوم ہوا کہ ان میں نمائش نہیں ہے اور انہوں نے ان اوصاف کو مکمل کر لیا ہے جن کی صورت مثالی جنت کے دروازے ہوتے ہیں تب آپ نے فرمایا مجھ کو امید ہے کہ تو ان لوگوں میں سے ہے یعنی ان لوگوں میں سے جو جنت کے تمام دروازوں سے بلائے جائینگے۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تم کو کبھی راستہ میں چلتا ہوا شیطان نہیں ملا مگر وہ تمہارا راستہ چھوڑ کر دوسرے سو ہو لیتا ہے اور نیز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری امت میں اگر کوئی محدث اور ملہم بالغیب ہے تو وہ عمرؓ ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ خواب کے ذریعہ سے کسی کا راسخ فی الدین ہونا آپ کو معلوم ہو جائے جیسے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو آپ نے خواب میں دیکھا کہ جنت ان کا استقبال کرتی ہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نسبت آپ نے خواب میں دیکھا کہ جنت میں ان کا ایک محل ہے اور بڑی لمبی چوڑی قمیض پہنے ہوئے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے انکو اپنے دودھ سے اتنیہ علمیہ فرمایا ہے جس کی تعبیر یہ ہوئی کہ علم اور دین سے انکو کافی حصہ ملیگا۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تیسری صورت یہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ان سے اپنی محبت ظاہر فرمائیں اُن کی توقیر کریں اُن کے ساتھ مواسات اور ہمدردی کریں اسلام کے پہلے خدمات اور ابتدائی اوصاف اُن میں پائے جاتے ہوں ان سب امور سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ سب امور اسی لئے متحقق ہونے کہ ان کے دل نور ایمانی سے منور تھے۔

معلوم کرنا چاہئے کہ بعض زمانوں کی بعض پر فضیلت اور فوقیت مشکل الوجود نہیں ہو سکتی ہے اسی واسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ میری اُمت کی صفت بارش کی سی ہے میں نہیں جانتا کہ پہلا مینہ اچھا ہے یا اخیر مثل امتی کمثل المطر لا ادری اولہ خیر ام اخرہ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تم میرے صحابہ ہو اور میرے بھائی وہ ہیں جو میرے بعد آئینگے انتم اصحابی و اخوانی الذین یاتون بعدی اس کی وجہ یہی ہے کہ مختلف اعتبارات اور مختلف وجہیں ہر زمانہ میں موجود ہوا کرتی ہیں۔

اور یہ بھی ممکن نہیں ہے کہ عمدہ اور بزرگ زمانے کے ہر شخص کو دوسرے مفضول زمانہ پر فوقیت و فضیلت ہو یہ کیسے ہو سکتا ہے جو قرون بالاتفاق عمدہ اور بزرگ تھے اُن میں بعض گروہ فاسق اور منافق بھی تھے انہیں زمانوں میں حجاج۔ یزید بن معاویہ مختار ہیں اور قریش کے نوجوان جو لوگوں کو ہلاک کرنے والے تھے اور ان کے علاوہ اور جن کی بداعمالیوں کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ہے لیکن اس میں شک نہیں ہے کہ قرن اول کے جمہور لوگ قرن دوم کے جمہور لوگوں سے افضل اور بہتر تھے اور مذہب کا ثبوت اور وجود نقل سے ہوا کرتا ہے کہ ایک دوسرے کا وارث ہوتا چلا جاتا ہے اور توارث جب ہی ممکن ہے کہ اُن لوگوں کی تعظیم و توقیر کی جائے جنہوں نے وحی کے موقعوں کا معائنہ کیا تھا اُن کی تفسیر اور تاویل اُنکو معلوم تھی۔ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی سیرت کو آنکھ سے دیکھا تھا اس میں تعمق اور سستی کو مخلوط نہیں کیا تھا دوسرے مذہب کی آمیزش سے اُسکو پاک صاف رکھا تھا۔

اور تمام اُن لوگوں کا جو اُمت محمدیہ میں شمار اور اعتبار کے قابل ہیں اس پر اتفاق ہے کہ تمام اُمت میں سب سے افضل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں اُن کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اسلئے کہ نبوت میں دو حصے ہوا کرتے ہیں علوم کو خدا کی جانب سے حاصل کرنا اور لوگوں میں اُن کی اشاعت کرنا پہلے حصے میں نبی کا کوئی ہمسر اور شریک نہیں ہوا کرتا اور ان علوم کا شائع کرنا۔ انتظام تالیف قلوب سے حاصل ہوا کرتا ہے اور اس میں کچھ شک و شبہ نہیں ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں اور آپ کے بعد کوئی شخص اس امت محمدیہ علی صاحبہا التحیہ والسلام میں ایسا نہیں ہے کہ اس حصہ میں شیخین رضی اللہ عنہما سے اُسکو سبقت اور فوقیت حاصل ہو واللہ اعلم۔

ولیکن هذا آخرما اردنا ایراده فی کتاب حجة الله البالغة والحمد لله تعالی اولاً واخراً وظاهراً و باطناً وصلی الله تعالی علی خیر خلقه محمد وآله وصحبه اجمعین۔

المکتبۃ الرحمانیۃ
۹۹-۔۔۔ جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور
www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ